بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

من یطع الرسول فقد اطاع اللہ (النساء)

جس نے رسول کا حکم مانا درحقیقت اس نے اللہ کا حکم مانا

# مشکوٰۃ شریف

مترجم اردو

## جلد اوّل


مؤلف

امام ولی الدین محمد بن عبد اللہ الخطیب رحمۃ اللہ تعالیٰ (متوفی ۷۴۲ھ)

مترجم

جناب مولانا عبد العلیم علوی



ناشران

تاج کمپنی لمیٹڈ

کراچی، لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ (النساء ۸۰)

جس نے رسول کا حکم مانا تو یقیناً اس نے اللہ کا حکم مانا

# مشکوٰۃ شریف

مترجم اردو

جلد اوّل


مؤلفہ

امام ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب رحمہ اللہ تعالیٰ (متوفی ۷۴۲ھ)

مترجم

جناب مولانا عبدالعلیم علوی



ناشران

تاج کمپنی لمیٹڈ

کراچی - لاہور - راولپنڈی

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

# پیش لفظ

زیرِ نظر کتاب **مشکوٰۃ المصابیح** مترجم ہدیہ قارئین ہے۔ شرق و غرب کے اہلِ علم طبقے میں یہ کتاب اپنی تدوین کے یومِ اوّل ہی سے یکساں طور پر مقبول ہے۔ اس کی غایت درجہ علمی افادیت کے پیشِ نظر اسے نہ صرف ہمارے دینی مدارس کے قدیم نصاب درس میں شامل کیا گیا ہے بلکہ اس کے بعض اجزاء سرکاری کلیات و جامعات میں بھی شاملِ نصاب ہیں۔

کتبِ حدیث کے ضخیم اور مطوّل ذخیروں سے ایک عام قاری کے لئے براہِ راست استفادہ بہت مشکل تھا۔ چنانچہ عام مسلمان طبقے کو مصابیح کے نورِ ہدایت سے مستفیض کرنے کے لئے مشکوٰۃ المصابیح ترتیب دی گئی۔ یہ کتاب احادیثِ نبویہ (علیٰ صاحبہا الف الف تحیہ) کا ایک بہترین انتخاب ہے جو صحاح ستّہ اور دیگر متداول کتب احادیث کی جملہ خصوصیات کو اپنے دامن میں لئے ہوئے ہے یہی وجہ ہے کہ درسِ نظامی میں صحاح ستّہ کی تعلیم و تدریس سے پیشتر مشکوٰۃ المصابیح کی تدریس لازمی قرار دی گئی ہے۔ گویا مشکوٰۃ المصابیح کتب حدیث کا ایک عمومی تعارف بھی ہے اور احادیث نبویہ کا ایک عمومی مطالعہ بھی۔

مشکوٰۃ المصابیح کی جمع و تدوین میں دو بزرگوں کی علمی کاوشوں کو دخل حاصل ہے۔ ابتداء میں "مصابیح" کے نام سے محی السنّہ امام ابو محمّد حسین بن مسعود فراء بغوی ؒ نے احادیث کی چودہ کتابوں کا ایک مجموعہ مدون کیا۔ مصابیح کے ہر باب کے تحت دو فصلوں کا التزام کیا گیا۔ فصل اوّل کے لئے صحیحین (بخاری و مسلم) سے احادیث منتخب کی گئیں جب کہ فصل ثانی میں دیگر بارہ جوامع و مسانید کا انتخاب درج کیا گیا۔ "مصابیح" میں درج شدہ احادیث کی سند کا ذکر مفقود تھا جبکہ علمائے حدیث کے ہاں مراتب حدیث سے واقفیت کے لئے سند حدیث کا ذکر نہایت ضروری ہے۔ چنانچہ شیخ ولی الدّین محمّد بن عبد اللہ خطیب عمری ؒ نے اس علمی ضرورت کی شدّت کا احساس کرتے ہوئے "مصابیح" کی ہر حدیث کی سند کا بحوالہ ماخذ ذکر کیا اور ساتھ ہی ہر باب میں فصل ثالث کا اضافہ کیا جس میں بخاری و مسلم کے علاوہ دیگر

besturdubooks.wordpress.com

کتب احادیث کا انتخاب درج کیا گیا ہے اس نو ترمیم شدہ مجموعے کو انہوں نے "مشکوٰۃ المصابیح" کے نام سے موسوم کیا۔

نوٹ :- تاج کمپنی اس سے پہلے **بخاری شریف** مکمل نو جلدوں میں شائع کر چکی ہے جنہیں قارئین میں خدا کے فضل و کرم سے بہت مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ اور قارئین کے اصرار پر اب ہم بخاری شریف کے بعد احادیث کی اس مقبول ترین کتاب **مشکوٰۃ شریف** کی اشاعت شروع کر رہے ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ تین جلدوں میں مکمل ہوگی۔

پہلی جلد ہدیۂ ناظرین ہے۔ ناظرین دعا فرمائیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ بقیہ دو جلدوں کو بھی جلد مکمل کرا دیں۔

ہمیں خوشی ہے کہ مشکوٰۃ شریف بھی جناب **مولانا فضل خالق** صاحب ہی کے زیر نگرانی طبع ہو رہی ہے۔ جنہوں نے اس سے پہلے بخاری شریف کی طباعت انتہائی احتیاط اور صحت کے ساتھ کرائی ہے۔

وَمَا تَوْفِيقِيْ إِلَّا بِاللّٰه

تاج کمپنی لمیٹڈ

besturdubooks.wordpress.com



# فہرست مضامین

## مشکوٰۃ شریف مترجم

## (جلد اوّل)


| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| مقدمہ در مصطلحات حدیث از : | |
| ۔ شیخ عبدالحقؒ محدث دہلوی۔ | ۱ |
| خطبۂ کتاب اور سبب تالیف کتاب | ۱۷ |
| **کِتَابُ الْاِیْمَانُ** | |
| ایمان کے مسائل۔ | ۱ |
| کبیرہ گناہوں اور نفاق کی نشانیوں کا بیان۔ | ۱۹ |
| وسوسہ اور اس کے علاج کا بیان۔ | ۲۳ |
| تقدیر پر ایمان لانے کا بیان۔ | ۲۸ |
| عذابِ قبر کا بیان۔ | ۴۵ |
| کتاب و سُنّت کو مضبوطی سے پکڑنے کا بیان۔ | ۵۴ |
| **کِتَابُ الْعِلْمُ** | ۷۳ |
| علم کی خوبیاں اور اس کی فضیلت کا بیان۔ | ″ |
| **کتابُ الطّھارت** | ۹۵ |
| طہارت کے مسائل کا بیان۔ | ″ |
| کن کن باتوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ | ۱۰۲ |
| پاخانہ جانے اور اس کیلئے بیٹھنے کے آداب۔ | ۱۰۹ |

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| مسواک کرنے کی فضیلت۔ | ۱۱۹ |
| وضو کی سُنتوں کا بیان۔ | ۱۲۳ |
| غسل کے مسائل کا بیان۔ | ۱۳۳ |
| جنبی کے ساتھ اختلاط اور اُس کیساتھ کھانے پینے کا بیان | ۱۳۸ |
| پانی کے احکام۔ | ۱۴۴ |
| نجاستوں کے پاک کرنے کا بیان۔ | ۱۴۹ |
| موزوں پر مسح کرنا۔ | ۱۵۵ |
| تیمم کے مسائل۔ | ۱۵۸ |
| غسل مسنون کا بیان۔ | ۱۶۲ |
| حیض کے مسائل۔ | ۱۶۴ |
| جس عورت کو استحاضہ کی بیماری ہو وہ نماز کس طرح ادا کرے | ۱۶۸ |
| **کتابُ الصّلوٰۃ** | ۱۷۱ |
| نماز کے ابواب۔ | ″ |
| نماز کے اوقات۔ | ۱۷۶ |
| اوّل وقت نماز پڑھنے کا بیان۔ | ۱۸۰ |
| فضائل نماز۔ | ۱۸۹ |
| اذان کا بیان۔ | ۱۹۲ |

besturdubooks.wordpress.com




| عنوانات | نمبر |
|---|---|
| اذان کی فضیلت اور اس کے جواب کا طریقہ۔ | ۱۹۷ |
| اذان کے بعض ضروری احکام کا بیان۔ | ۲۰۵ |
| **مساجد کا بیان** | ۲۰۹ |
| آدابِ مساجد۔ | ۲۲۰ |
| ستر ڈھانکنے کے مسائل۔ | ۲۲۸ |
| سُترہ کے مسائل۔ | ۲۳۲ |
| نماز پڑھنے کی کیفیت اور اس کے ارکان کا بیان۔ | ۲۳۷ |
| جو کچھ تکبیر تحریمہ کے بعد پڑھا جاتا ہے اس کا بیان۔ | ۲۵۲ |
| نماز میں قرأت کا بیان۔ | 〃 |
| رکوع کا بیان۔ | ۲۶۵ |
| سجدہ اور اس کی فضیلت کا بیان۔ | ۲۷۱ |
| تشہد (التحیات) کا بیان۔ | ۲۷۶ |
| درود شریف اور اس کے ہر وقت پڑھنے کی فضیلت۔ | ۲۸۰ |
| التحیات اور درود شریف کے بعد جو دعائیں پڑھی جاتی ہیں ان کا بیان۔ | ۲۸۶ |
| نماز کے بعد جن اذکار کا پڑھنا مستحب ہے ان کا بیان۔ | ۲۹۱ |
| نماز میں ناجائز اور جائز امور کا بیان۔ | ۲۹۹ |
| سجدۂ سہو کا بیان۔ | ۳۰۸ |
| تلاوت کے سجدوں کا بیان۔ | ۳۱۲ |
| اوقاتِ ممنوعہ کا بیان۔ | ۳۱۶ |
| جماعت اور اس کی فضیلت کا بیان۔ | ۳۲۲ |
| صفوں کے سیدھا اور برابر کرنے کی تاکید۔ | ۳۳۱ |
| امام کے کھڑے ہونے کا طریقہ۔ | ۳۳۶ |

| عنوانات | نمبر |
|---|---|
| امامت کا بیان۔ | ۳۴۰ |
| امام پر جو چیزیں لازم ہیں ان کا بیان۔ | ۳۴۴ |
| مقتدی کو امام کی پیروی کرنے اور مسبوق کا حکم۔ | ۳۴۶ |
| دوبارہ نماز پڑھنے کا بیان۔ | ۳۵۲ |
| سُنّت مؤکدہ اور ان کی فضیلت۔ | ۳۵۵ |
| تہجد کی نماز۔ | ۳۶۳ |
| رات کے وقت اُٹھنے کی دُعاء۔ | ۳۷۱ |
| نماز تہجد کی ترغیب و تاکید۔ | ۳۷۵ |
| اعمال میں میانہ روی کا بیان | ۳۸۱ |
| وِتر کا بیان۔ | ۳۸۴ |
| قنوت کا بیان۔ | ۳۹۳ |
| قیامِ رمضان (تراویح) کا بیان۔ | ۳۹۵ |
| نماز چاشت کا بیان۔ | ۴۰۱ |
| نوافل کا بیان۔ | ۴۰۴ |
| نماز تسبیح کا بیان۔ | ۴۰۷ |
| سفر کی نماز کا بیان۔ | ۴۰۹ |
| جمعہ کی فضیلت کا بیان۔ | ۴۱۴ |
| جمعہ کی فرضیت کا بیان۔ | ۴۲۱ |
| نمازِ جمعہ کے لئے سویرے جانے کا بیان۔ | ۴۲۳ |
| جمعہ کے خطبہ اور اس کی نماز کا بیان۔ | ۴۲۸ |
| نمازِ خوف کا بیان۔ | ۴۳۳ |
| عید الفطر اور عید الاضحیٰ کا بیان | ۴۳۷ |
| قربانی کا بیان۔ | ۴۴۴ |
| عقیقہ کا بیان۔ | ۴۵۰ |

besturdubooks.wordpress.com




| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| نماز خسوف (گہن) کا بیان۔ | ۴۵۱ |
| سجدۂ شکر کا بیان۔ | ۴۵۷ |
| استسقاء کی نماز کا بیان۔ (طلبِ باراں) | ۴۵۸ |
| ہواؤں کا بیان۔ | ۴۶۳ |
| **کتابُ الجنائز** | ۴۶۶ |
| بیمار کی عیادت اور بیماری کے ثواب کا بیان۔ | 〃 |
| موت کو یاد کرنے کا بیان۔ | ۴۸۷ |
| قریب الموت کو کلمۂ توحید تلقین کرنے کا بیان۔ | ۴۹۳ |
| رُوح نکلنے کا بیان۔ | ۵۰۰ |
| میت کو نہلانے اور تجہیز و تکفین کا بیان۔ | ۵۰۴ |
| جنازہ کیساتھ جانے اور نماز جنازہ پڑھنے کا بیان۔ | ۵۰۷ |
| میت کو دفن کرنے کا بیان۔ | ۵۱۹ |
| میت پر رونے کا بیان۔ | ۵۲۶ |
| قبروں کی زیارت کا بیان۔ | ۵۴۰ |
| **کتابُ الزکوٰۃ** | ۵۴۳ |
| زکوٰۃ کا بیان۔ | 〃 |
| کس مال پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے۔ | ۵۵۳ |
| صدقۂ فطر۔ | ۵۶۱ |
| کس قسم کے لوگوں کو زکوٰۃ کا مال لینا حلال نہیں۔ | ۵۶۳ |
| کس قسم کے لوگوں کو سوال کرنا جائز ہے اور کن کن کو جائز نہیں۔ | ۵۶۷ |

| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| مال خرچ کرنے کی فضیلت اور بخل کی مذمت۔ | ۵۷۵ |
| صدقہ اور خیرات کرنے کی فضیلت۔ | ۵۸۶ |
| بہترین صدقہ کرنے کا بیان۔ | ۵۹۹ |
| عورت اگر خاوند کے مال سے خرچ کرے تو اس کا کیا حکم ہے۔ | ۶۰۴ |
| صدقہ دے کر اس کو واپس نہ لینے کا بیان۔ | ۶۰۷ |
| **کتابُ الصوم** | ۶۰۸ |
| روزوں کا بیان۔ | 〃 |
| چاند دیکھنے کا بیان۔ | ۶۱۳ |
| سحری کا بیان۔ | ۶۱۶ |
| روزہ میں جن چیزوں سے پرہیز لازمی ہے۔ انکا بیان۔ | ۶۲۰ |
| مسافر کے روزوں کا بیان۔ | ۶۲۵ |
| روزہ کی قضا کن صورتوں میں ہے۔ | ۶۲۸ |
| نفلی روزوں کا بیان۔ | ۶۳۰ |
| شب قدر کا بیان۔ | ۶۴۲ |
| اعتکاف کا بیان۔ | ۶۴۷ |
| فضائلِ قرآن کا بیان۔ | ۶۴۹ |
| تلاوتِ قرآن کا بیان۔ | ۶۷۴ |
| اختلافِ قرأت اور قرآن کے جمع کرنے کا بیان۔ | ۶۸۰ |
| دُعاؤں کا بیان۔ | ۶۸۸ |
| اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اُس کا قرب حاصل کرنیکا بیان۔ | ۶۹۹ |
| اسماء الحسنیٰ کی فضیلت کا بیان۔ | ۷۰۷ |
| سُبحان اللہ اور الحمدللہ اور لا الٰہ الا اللہ اور اللہ اکبر کہنے | |

besturdubooks.wordpress.com




| عنوانات | نمبر |
|---|---|
| کی فضیلت کا بیان۔ | ۷۱۱ |
| استغفار اور توبہ کا بیان۔ | ۷۲۰ |
| رحمتِ الٰہی کی وسعت کا بیان۔ | ۷۳۵ |
| صبح اور شام اور سونے کے وقت کی دعائیں۔ | ۷۴۱ |
| مختلف اوقات کی دعائیں۔ | 〃 |
| کن کن چیزوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پناہ مانگتے تھے؟ ان کا بیان۔ | ۷۶۹ |
| جامع دعائیں جو دارین کے فائدوں پر مشتمل ہیں۔ ان کا بیان۔ | ۷۷۶ |
| **کتاب المناسک** | ۷۸۵ |
| افعالِ حج کا بیان۔ | 〃 |
| احرام باندھنے اور لبیک پکارنے کا بیان۔ | ۷۹۳ |

| عنوانات | نمبر |
|---|---|
| حجۃ الوداع کا بیان۔ | ۷۹۶ |
| دخول مکہ اور طواف کعبہ کا بیان۔ | ۸۰۶ |
| میدانِ عرفات میں ٹھہرنے کا بیان۔ | ۸۱۴ |
| عرفات اور مزدلفہ سے واپسی کا بیان۔ | ۸۱۸ |
| رمی جمار (کنکر مارنے) کا بیان۔ | ۸۲۲ |
| ہدی کا بیان۔ | ۸۲۵ |
| قربانی ذبح کرنے کے بعد حلق کا بیان۔ | ۸۲۹ |
| نحر کے دن خطبہ اور طوافِ وداع کا بیان۔ | ۸۳۳ |
| ممنوعاتِ احرام کا بیان۔ | ۸۳۹ |
| محرم کو شکار کی ممانعت۔ | ۸۴۲ |
| محرم کے روکے جانے اور حج کے فوت ہونے کا بیان۔ | ۸۴۶ |
| حرمِ مکہ کا بیان۔ | ۸۴۹ |
| حرمِ مدینہ کا بیان۔ | ۸۵۳ |

besturdubooks.wordpress.com



# مُقدّمہ در مُصطلحاتِ حدیث

از شیخ عبدالحق مُحدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

********************

جمہور محدثین کی اصطلاح میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول، فعل اور تقریر کو حدیث کہا جاتا ہے (قول و فعل کا مطلب تو واضح ہے۔ تقریر کے معنی یہ ہیں کہ آپ کی موجودگی میں کسی شخص نے کوئی کام کیا یا کچھ کہا اور آپ نے اس پر نہ انکار کیا نہ اس سے روکا بلکہ سکوت اختیار فرما کر اس کی توثیق کر دی۔

اسی طرح صحابی اور تابعی کے قول و فعل اور تقریر پر بھی حدیث کا اطلاق ہوتا ہے۔

جو حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچے اسے مرفوع اور جس کی سند صحابی تک پہنچے اُسے موقوف کہتے ہیں جیسے کہا جائے: قَالَ ابْنُ عَبَّاس یا فَعَلَ ابْنُ عَبَّاس یا قَرَّرَ ابْنُ عَبَّاس یا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَوْقُوْفًا یا مَوْقُوْفٌ عَلَی ابْنِ عَبَّاسٍ۔

اور جس حدیث کی سند صرف تابعی تک پہنچے اُسے مقطوع کہا جاتا ہے۔

بعض لوگوں نے حدیث کو مرفوع اور موقوف تک ہی مخصوص رکھا ہے (مقطوع کو حدیث میں شمار نہیں کرتے) اس لئے کہ مقطوع کو (حدیث نہیں) اثر کہا جاتا ہے اور بعض دفعہ مرفوع حدیث پر بھی اثر کا اطلاق ہوتا ہے۔ جس طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول دعاؤں کو ادعیۂ ماثورہ کہا جاتا ہے اور جیسا کہ امام طحاوی نے اپنی کتاب کا نام "شرح معانی الآثار" رکھا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث اور آثارِ صحابہؓ پر مشتمل ہے اور بقول امام سخاوی، امام طبرانی کی ایک کتاب کا نام "تہذیب الآثار" ہے حالانکہ وہ مرفوع حدیثوں کے لئے خاص ہے اور اس میں موقوف روایات محض ضمنی طور پر ہی لائے ہیں اور خبر اور حدیث ایک ہی معنی میں مشہور ہیں۔ بعض لوگ حدیث صرف اس کو کہتے ہیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ اور تابعین سے منقول ہو اور خبر اس کو کہتے ہیں جو ملوک و سلاطین اور گذشتہ زمانوں کے حالات و واقعات پر مشتمل ہو اسی وجہ سے ان لوگوں کو جو سُنّت میں مشغول ہوئے محدّث اور ان کو جو خبر میں مشغول

besturdubooks.wordpress.com

ہوئے اخباری کہا جاتا ہے رَفْعٌ یعنی حدیث کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچانا کبھی صریحًا ہوتا ہے اور کبھی حکمًا قولی حدیث میں صریحًا کی مثال جیسے کسی صحابی کا کہنا کہ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سنا یا صحابی وغیر صحابی کا یہ کہنا کہ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح فرمایا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے اس طرح فرمایا اور فعلی میں صریحًا کی مثال جیسے صحابی کا یہ کہنا کہ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَعَلَ کَذَا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح کرتے ہوئے دیکھا یا اس طرح کیا۔ یا کسی صحابیؓ سے مرفوعًا روایت ہے یا اس کو مرفوع کیا ہے کہ آپ نے اس طرح کیا اور تقریری میں صریحًا کی مثال جیسے صحابی یا غیر صحابی کا یہ کہنا کہ فلاں شخص نے یا کسی شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں اس طرح کیا اور اس پر آپ کے انکار کا ذکر نہ کرے اور حکمًا کی مثال جیسے صحابی کا گذشتہ حالات کے متعلق خبر دینا جس میں اجتہاد کی گنجائش نہ ہو اور وہ صحابیؓ اگلی کتابوں سے بھی بے خبر ہو۔ جیسے انبیاء کرامؑ کی خبریں، پیشین گوئیاں، احوالِ قیامت اور فتنوں کے متعلق یا کسی فعل پر خاص جزا وسزا مرتب ہونے کی خبر دینا کہ ان میں بجز اس کے کوئی صورت نہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہوگا یا صحابی کوئی ایسا فعل کرے جس میں اجتہاد کی گنجائش نہ ہو یا صحابی یہ خبر دے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اس طرح کرتے تھے اس لئے کہ ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع ہوگی اور ویسے بھی وہ وحی کا زمانہ تھا (جس میں غلط کام پر فوراً اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی کا نزول ہو جاتا تھا) یا صحابہ کہیں وَمِنَ السُّنَّۃِ کَذَا۔ "سنت اس طرح ہے"۔ اس لئے کہ یہ بھی ظاہر ہے کہ سنت سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔ بعض کے خیال میں (مطلق) سنت کے لفظ سے سنتِ صحابہؓ اور سنتِ خلفائے راشدین بھی مراد ہو سکتی ہے کیونکہ ان پر بھی سنت کا اطلاق ہو سکتا ہے۔

**فصل:** سند طریقِ حدیث کا نام ہے یعنی وہ لوگ جنہوں نے اُسے روایت کیا۔ اسناد بھی اسی معنیٰ میں ہے اور کبھی یہ سند کے ذکر اور طریقِ متن کے ذکر کے معنیٰ میں بھی استعمال ہوتا ہے اور متن وہ ہے جس پر سند کا سلسلہ منتہی ہو۔

اگر درمیان سے کوئی راوی ساقط نہ ہو تو وہ حدیث متصل ہے۔ عدمِ سقوط کو ہی اتصال کہا جاتا ہے اور اگر ایک یا ایک سے زیادہ راوی ساقط ہوں تو وہ حدیث منقطع ہے اس سقوط کا نام ہی انقطاع ہے اگر یہ سقوط سند کی ابتداء ہی میں ہو تو اُسے معلّق کہتے ہیں اور اس اسقاط کا نام تعلیق ہے اور ساقط ہونے والا کبھی ایک ہوتا ہے اور کبھی ایک سے زیادہ کبھی پوری سند حذف کر دی جاتی ہے جیسا کہ عام مصنفین

besturdubooks.wordpress.com

کی عادت ہے وہ اس طرح روایت کرتے ہیں: " قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ " کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تراجم صحیح بخاری میں بکثرت تعلیقات ہیں لیکن یہ سب تعلیقات اتصال کے حکم میں ہیں اس لئے کہ امام بخاری نے اپنی اس کتاب میں صحیح احادیث ہی لانے کا التزام کیا ہے لیکن ان تعلیقات کے سوا جن کی سند اپنی کتاب میں دوسری جگہ بیان کر دی ہے۔ یہ تعلیقات اُن کے مسانید کے درجہ کی نہیں ہیں اور بعض لوگوں نے اس میں یہ فرق کیا ہے کہ جس کو امام بخاری نے جزم اور یقین کے صیغے کے ساتھ بیان کیا ہے اور وہ دلالت کرتا ہو اس بات پر کہ اس کی سند امام بخاری کے نزدیک ثابت ہے تو وہ قطعاً صحیح ہے جیسے امام صاحبؒ کا یہ کہنا قَالَ فُلَانٌ اَوْ ذَکَرَ فُلَانٌ۔ فلاں نے کہا یا فلاں نے ذکر کیا۔ اور اگر صیغۂ تمریض و مجہول کے ساتھ بیان کیا ہو جیسے قِیْلَ یا یُقَالُ یا ذُکِرَ یعنی کہا گیا یا کہا جاتا ہے یا ذکر کیا جاتا ہے تو اس کی صحت میں ان کے نزدیک کلام ہے لیکن جب وہ اپنی کتاب میں لائے ہیں تو اس کی اصل ان کے نزدیک ثابت ہے اس لئے محدثین کا قول ہے کہ بخاری کی تعلیقات متصل اور صحیح ہیں۔

اگر سقوط سند کے آخر میں اور تابعی کے بعد ہو تو وہ حدیث مرسل ہے اور اس فعل کا نام اِرسال ہے جس طرح کوئی تابعی کہے قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ " رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" کبھی محدثین کے نزدیک مرسل اور منقطع کا ایک ہی مفہوم ہوتا ہے لیکن پہلی اصطلاح زیادہ مشہور ہے۔

جمہور علماء کے نزدیک مرسل روایات کا حکم توقف ہے اس لئے کہ یہ غیر معلوم ہے کہ ساقط ہونے والا ثقہ ہے یا غیر ثقہ۔ علاوہ ازیں تابعی دوسرے تابعی سے روایت کرتا ہے اور تابعین میں ثقات و غیر ثقات دونوں ہی ہیں۔

امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک مرسل مطلقاً مقبول ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ ارسال کرنے والے نے کمال وثوق اور اعتماد کی بناء پر ارسال کیا ہوگا کیونکہ گفتگو ثقہ راوی سے متعلق ہے اگر وہ تابعی ارسال کرنے والے کے نزدیک صحیح نہ ہوتا تو وہ ارسال ہی نہ کرتا اور نہ یہ کہتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

امام شافعیؒ کے نزدیک مرسل اور سند اگرچہ ضعیف ہوتا ہم اس کی تائید کسی اور وجہ سے حاصل ہو جائے تو وہ مقبول ہو جاتی ہے۔ اور امام احمدؒ سے اس بارے میں دو قول منقول ہیں۔ یہ اختلاف صرف اس صورت میں ہے جب یہ معلوم ہو کہ تابعی کی عادت صرف ثقات ہی سے ارسال کرنے کی ہے اور اگر اس کی عادت بغیر کسی امتیاز کے ثقات و غیر ثقات دونوں سے ارسال کرنے کی ہو تو پھر بالاتفاق اس کا

besturdubooks.wordpress.com

حکم توقف کا ہے اس میں اور بھی بہت سی تفصیلات ہیں جن کو سخاویؒ نے شرح الفیہ میں ذکر کیا ہے۔

اگر سقوط سند کے درمیان ہو اور پے در پے دو راوی درمیان سے ساقط ہوں تو ایسی حدیث کو مُعْضَل (بفتح الضاد) کہتے ہیں۔ اگر ایک راوی ساقط ہو یا ایک سے زیادہ ہوں لیکن پے در پے نہیں) مختلف جگہوں سے ہوں تو اُسے منقطع کہتے ہیں۔ اس معنی میں منقطع غیر متصل حدیث کی ایک قسم بن جاتی ہے اور کبھی منقطع مطلقاً غیر متصل کے معنیٰ میں استعمال ہوتا ہے۔ جو تمام اقسام کو شامل ہے اس صورت میں یہ ایک مقسم بن جائے گا۔

الانقطاع اور سقوطِ راوی کا علم، راوی اور مروی عنہ کے درمیان عدمِ ملاقات سے ہوتا ہے اور عدمِ ملاقات ہمعصر نہ ہونے یا اجتماع نہ ہونے کے سبب سے ہوگی یا اس وجہ سے کہ روایتِ حدیث کی اجازت نہ ملی ہو اور ان سب چیزوں کا علم راویوں کی تاریخِ ولادت، ان کی تاریخِ وفات، ان کے طلبِ علم اور سفر کے اوقات کی تعیین ہی سے ہو سکتا ہے اسی لئے محدثین کے نزدیک علمِ تاریخ بھی ایک بنیادی اور ضروری علم ہے۔

منقطع حدیث کی ایک قسم مُدَلَّس (بضم میم و فتح لام مشددہ) ہے۔ اس فعل کا نام تدلیس اور اس کا مرتکب مُدَلِّس (بکسر لام) ہے اس کی صورت یہ ہے کہ ایک راوی اپنے اس شیخ (اُستاذ) کا نام تو نہ لے جس سے اس نے حدیث سنی ہے البتہ اس کے اوپر کے راوی سے ایسے الفاظ میں روایت کرے جس سے یہ وہم ہوتا ہو کہ اس نے (اسی) اُوپر والے راوی سے سُنا ہے۔ جیسے عَنْ فُلَانٍ یا قَالَ فُلَانٌ کہے تدلیس کے لغوی معنی فروختنی سامان کے عیب کو بیع کے وقت چھپانے کے ہیں۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ دَلَس سے مشتق ہے جس کے معنی گھمبیر تاریکی کے چھا جانے کے ہیں۔ حدیث کو مُدَلِّس اس لئے کہا گیا کہ اس میں بھی اسی طرح خفاء (تاریکی) ہے ــــ شیخ (حافظ ابن حجر عسقلانی) کہتے ہیں کہ جس سے تدلیس ثابت ہو اس کا حکم یہ ہے کہ اس سے حدیث قبول نہ کی جائے گی الا یہ کہ وہ تحدیث کی صراحت کر دے۔ شمنیؒ کہتے ہیں کہ ائمہ فن کے نزدیک تدلیس حرام ہے امام وکیعؒ کے نزدیک جب تدلیس کپڑوں میں جائز نہیں تو حدیث میں کس طرح جائز ہو سکتی ہے اور شعبہ نے تو اس کی بہت زیادہ مذمت کی ہے۔

مُدَلِّس کی روایت قبول کرنے میں علماء کا اختلاف ہے اہلحدیث و فقہ کے ایک گروہ کے نزدیک یہ تدلیس جرح (عیب) ہے اور جس شخص کے متعلق معلوم ہو جائے کہ وہ تدلیس کرتا ہے اس کی حدیث مطلقاً غیر مقبول ہے اور بعض کے خیال میں مقبول ہے۔ جمہور کا قول یہ ہے کہ اس شخص کی تدلیس قابلِ قبول ہے جس کے متعلق معلوم ہو کہ وہ ثقہ ہی سے تدلیس کرتا ہے جیسے ابن عیینہ ہیں اور اس کی تدلیس مردود ہے جو ضعیف اور غیر ضعیف سب سے تدلیس کرتا ہے یہاں تک کہ وہ الفاظِ سماع سَمِعْتُ یا حَدَّثَنَا

besturdubooks.wordpress.com

یا اَخْبَرَنَا کے ذریعے سے سماعت کی صراحت نہ کردے۔

تدلیس کے مختلف اسباب ہیں۔ بعض دفعہ اس کے پس پردہ کوئی غرض فاسد ہوتی ہے جیسے کوئی راوی اپنے شیخ (استاذ) کی نوعمری کے باعث اس سے اپنے سماع کو چھپانے کی کوشش کرے یا اس وجہ سے کہ وہ (شیخ) لوگوں میں کوئی خاص شہرت یا مقام و مرتبہ نہیں رکھتا اور بعض اکابر سے جو تدلیس واقع ہوئی ہے تو اس کی حیثیت یہ نہیں ہے۔ اس کی وجہ تو صرف یہ ہے کہ انہیں حدیث کی صحت پر کامل اعتماد تھا۔ اور شہرت وغیرہ سے وہ بے نیاز تھے۔ شمنیؒ کہتے ہیں یہ بھی احتمال ہے کہ ثقات کی ایک جماعت سے حدیث سُنی ہو اور اس شخص سے بھی، اس لئے اس کے ذکر نے دیگر لوگوں کے ذکر سے مستغنی کر دیا۔ جیسا کہ مرسل میں ہوتا ہے۔

اگر اسناد یا متن میں راویوں کا اختلاف تقدیم و تاخیر یا کمی بیشی کے ذریعے ہو یا ایک راوی کی جگہ دوسرا راوی یا ایک متن کی جگہ دُوسرا متن ہو یا اسمائے سند یا اجزائے متن میں تصحیف ہو یا اختصار ہو یا حذف ہو یا اسی طرح کی دیگر چیزیں ہوں تو حدیث مضطرب ہے اگر ان کے درمیان جمع و توفیق ممکن ہو تو وہ مقبول ہے ورنہ اس کا حکم توقف ہے۔

اگر راوی نے کسی حدیث میں اپنا یا کسی صحابی و تابعی کا کلام اس غرض سے درج کر دیا کہ اس طرح لغت کے مفہوم یا معنیٰ کی وضاحت یا مطلق کی تقیید ہو جائے گی تو وہ حدیث مُدرَج کہلائے گی۔

**فصل:** تنبیہ۔ اس بحث سے ایک اور بحث حدیثوں کی روایت بالمعنی کی پیدا ہوتی ہے اس میں کافی اختلاف ہے اکثر اس بات کے قائل ہیں کہ ایسا اس شخص کے لئے جائز ہے جو عربی زبان کا عالم اسلوب کلام کا ماہر ترکیبوں کے خواص اور خطاب کے مفہومات سے واقف ہو تاکہ زیادتی اور کمی کے ذریعے غلطی نہ کر سکے۔ بعض کہتے ہیں یہ مفرد الفاظ میں جائز ہے مرکبات میں نہیں۔ بعض کے نزدیک اُس کے لئے جائز ہے جس کو حدیث کے الفاظ زبانی یاد ہوں تاکہ اس میں تصرّف پر وہ پُوری طرح قادر ہو۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اس کے لئے جائز ہے جسے حدیث کے معانی تو یاد ہوں لیکن الفاظ بھُول گیا ہو کیونکہ ایسا کرنا تحصیلِ احکام کی بناء پر ضروری ہے اور جسے الفاظِ حدیث یاد ہوں اس کے لئے روایت بالمعنیٰ جائز نہیں اس لئے کہ اس کو اس کی ضرورت ہی نہیں ہے یہ اختلاف جواز اور عدمِ جواز میں ہے۔ جہاں تک بغیر کسی تصرّف کے الفاظِ حدیث روایت کرنے کا تعلق ہے تو اس کی افضلیت میں سب کا اتفاق ہے اس لئے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: "اللہ تعالےٰ اس شخص کو سرسبز و شاداب رکھے جس نے میری باتیں سنیں انہیں یاد رکھا اور اس کو دُوسروں تک پہنچایا جس طرح مجھ سے سُنا" روایت بالمعنیٰ صحاح ستّہ اور دیگر کتبِ حدیث میں بکثرت موجود ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

**عَنْعَنَہ** ۔عن فلان عن فلان کے الفاظ کے ساتھ حدیث بیان کرنے کو کہتے ہیں اور **مُعَنْعَنْ** وہ حدیث ہے جو عَنْعَنَہ کے طور پر بیان کی جائے۔ عَنْعَنَہ میں امام مسلمؒ کے نزدیک معاصرت (ہم زمانہ ہونا) امام بخاریؒ کے نزدیک ملاقات اور دوسرے لوگوں کے نزدیک اخذ شرط ہے۔ امام مسلمؒ نے دونوں فریقوں کا بڑے شدّ و مد سے ردّ کیا ہے۔ مُدلّس کا عنعنہ غیر مقبول ہے۔

**مُسْنَد** ہر وہ مرفوع حدیث جس کی سند متصل ہو مُسند ہے۔ مُسند کی یہی مشہور اور معتمد علیہ تعریف ہے بعض کے نزدیک ہر متصل السند مُسند ہے چاہے موقوف ہو یا مقطوع۔ اور بعض کے خیال میں ہر مرفوع مُسند ہے چاہے وہ مُرسل ہو، مُنقطع ہو یا منقطع۔

**فصل :** شاذ، مُنکر اور معلّل بھی حدیث کی قسمیں ہیں۔ شاذ لغت میں اس شخص کو کہتے ہیں جو جماعت سے الگ ہو گیا اور اس سے نکل گیا ہو اور اصطلاحِ محدثین میں اس حدیث کو کہتے ہیں جو ثقہ راویوں کی روایت کے خلاف ہو۔ اگر اس کے راوی ثقہ نہیں تو وہ مردود ہے اور اگر ثقہ ہیں تو اس کو حفظ و ضبط، کثرتِ تعداد اور دیگر وجوہِ ترجیحات کے مطابق ترجیح دی جائے گی۔ راجح کا نام محفوظ اور مرجوح کا نام شاذ ہے۔

**مُنکر** وہ حدیث ہے جسے کوئی ضعیف راوی روایت کرے اور وہ اپنے سے بھی ضعیف تر راوی کی روایت کے خلاف ہو۔ مُنکر کا مقابل معروف ہے۔ مُنکر اور معروف دونوں روایتوں کے راوی ضعیف ہوتے ہیں لیکن ایک، دُوسرے سے زیادہ ضعیف ہوتا ہے۔ اور شاذ اور محفوظ میں راوی قوی ہوتے ہیں لیکن ایک، دُوسرے سے زیادہ قوی ہوتا ہے۔ شاذ اور مُنکر مرجوح اور محفوظ و معروف راجح ہوتے ہیں۔

اور بعض نے شاذ اور مُنکر میں کسی دُوسرے راوی کی مخالفت کی قید نہیں لگائی، چاہے وہ ضعیف ہو یا قوی، اور انہوں نے کہا کہ شاذ وہ حدیث ہے جسے ثقہ روایت کرنے میں متفرد ہو اور اس کی موافقت اور حمایت میں کوئی اصل بھی نہ ہو اور یہ صحیح و ثقہ پر بھی صادق آتا ہے اور بعض نے ثقہ اور مخالفت کا اعتبار نہیں کیا اسی طرح منکر ہے کہ وہ اسے صورتِ مذکورہ کے ساتھ خاص نہیں کرتے اور اس شخص کی حدیث کو بھی مُنکر کہتے ہیں جو فسق، فرطِ غفلت اور کثرتِ اغلاط کے ساتھ مطعون ہو۔ یہ اصطلاحات ہیں جن میں کوئی مضائقہ نہیں۔

**مُعَلَّل** (بفتح لام) وہ اسناد ہے جس میں صحتِ حدیث کو مجروح کرنے والے علل اور خفی اسباب پائے جاتے ہوں جس پر علمِ حدیث کے ماہرین ہی خبردار ہو سکتے ہیں جیسے موصول کا مرسل کر دینا اور مرفوع کا موقوف کر دینا۔

کبھی **مُعِلّ** (بکسرِ لام) کی عبارت اپنے دعویٰ پر دلیل قائم کرنے میں قاصر رہتی ہے جس طرح دینار و

besturdubooks.wordpress.com

دراہم کے پرکھنے میں صرّاف اپنے دعوے پر دلیل نہیں پیش کرسکتا۔

ایک راوی اگر کوئی حدیث بیان کرے اور دُوسرا راوی دُوسری حدیث بیان کرے جو اس کے موافق ہو تو اس حدیث کو مُتَابِعْ (بصیغۂ اسم فاعل) کہتے ہیں۔ اور محدثین جو کہتے ہیں تَابَعَهٗ فُلَانٌ اور امام بخاریؒ جو اپنی "صحیح" میں اکثر فرماتے ہیں اور اکثر محدثین بھی کہتے ہیں کہ "وَلَهٗ مُتَابِعَاتٌ" تو اس کے معنی یہی ہیں۔ متابعت تقوّیت اور تائید کو واجب کرتی ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ متابع مرتبہ میں اصل کے برابر ہو۔ متابع کم مرتبہ رکھنے کے باوجود متابعت کی صلاحیت رکھتا ہے۔ متابعت کبھی نفس راوی میں ہوتی ہے اور کبھی اس شیخ میں جو اس سے اوپر ہوتا ہے۔ پہلا دُوسرے سے اکمل واتم ہے۔ اس لئے کہ کمزوری اکثر اوّل اسناد میں ہوتی ہے۔

متابع اگر لفظوں میں اصل کے موافق ہو تو مِثْلٌ اور اگر لفظوں میں نہیں صرف معنی میں موافقت ہو تو نَحْوٌ کہا جاتا ہے متابعت میں یہ شرط ہے کہ دونوں روایتیں ایک ہی صحابیؓ سے ہوں۔ اگر دو صحابیوں سے ہوں تو اُسے شَاهِدْ کہتے ہیں جیسے کہا جائے لَهٗ شَاهِدٌ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ یا کہا جائے لَهٗ شَوَاهِدُ یا يَشْهَدُ بِهٖ حَدِيْثُ فُلَانٍ۔ اور بعض لوگ متابعت کو صرف لفظوں میں موافقت اور شاہد کو معنوی موافقت کے ساتھ خاص کرتے ہیں خواہ وہ ایک صحابیؓ سے منقول ہوں یا دو صحابیوں سے اور کبھی شَاهِدْ اور مُتَابِعْ ایک ہی معنیٰ میں استعمال ہوتے ہیں وجہ اس کی ظاہر ہے۔ مُتَابِعْ اور شَاهِدْ کے جاننے کی غرض سے طُرقِ حدیث اور اسکے اسناد کے تتبّع اور تلاش کو اعتبار کہا جاتا ہے۔

**فصل:** حدیث کی اصل قسمیں تین ہیں: صحیحْ، حسنْ اور ضعیفْ۔ صحیح سب سے اعلیٰ مرتبہ ہے ضعیف ادنیٰ ہے اور حسن متوسط درجہ ہے۔ تمام وہ قسمیں جو پہلے گذر چکی ہیں وہ انہی تین قسموں میں داخل ہیں۔

**صحیح** حدیث وہ ہے جس کا نقل کرنے والا عادل تامّ الضبط ہو جو نہ معلّل ہو نہ شاذ۔ اگر یہ صفات علی وجہ الکمال پائی جائیں تو وہ صحیح لذاتہٖ ہے اور اگر اس میں کسی قسم کا نقص ہو لیکن کثرتِ طُرق سے اس نقصان کی تلافی ہو جائے تو وہ صحیح لغیرہٖ ہے۔ اور اگر اس نقص کی تلافی کرنے والی کوئی چیز نہ ہو تو وہ حسن لذاتہٖ ہے۔

**ضعیف** حدیث وہ ہے کہ جس میں وہ شرائط کلّی طور پر یا جزوی طور پر مفقود ہوں جو صحیح کے لئے معتبر ہیں اگر ضعیف حدیث متعدد طرق سے مروی ہو اور اس کے ضعف کی تلافی ہو جاتی ہو تو وہ حسن لغیرہٖ ہے۔ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ صفات جو صحیح کے لئے ضروری ہیں وہ حسن میں ناقص ہوتی ہیں۔ لیکن تحقیق یہ ہے کہ حسن میں جس نقصان کا اعتبار کیا گیا ہے وہ صرف خِفّتِ ضبط ہے ورنہ باقی صفات اپنی

besturdubooks.wordpress.com

جگہ بحال رہتی ہیں۔

عدالت اس ملکہ کا نام ہے جو انسان کو تقویٰ اور مروّت کے التزام پر آمادہ کرتا ہے اور تقویٰ سے مُراد شرک فسق، اور بدعات جیسے بُرے اعمال سے بچنا ہے۔ گناہِ صغیرہ سے اجتناب کے بارے میں اختلاف ہے۔ مختار مذہب یہ ہے کہ یہ شرط نہیں اس لئے کہ اس سے بچنا انسانی طاقت سے باہر ہے بجُز اس صُورت کے کہ صغیرہ گناہ پر اصرار کیا جائے کہ اس طرح وہ بھی کبیرہ گناہ بن جاتا ہے اور مروّت سے مُراد ان بعض خسیس اور چھوٹی باتوں سے بچنا ہے جو گو مباح ہیں مگر ہمت اور مروّت (مردانگی) کے خلاف ہیں۔ جیسے بازار میں اکل و شرب اور راستے میں پیشاب کرنا وغیرہ۔

معلوم رہنا چاہیئے کہ روایت کی عدالت شہادت کی عدالت سے عام ہے اس لئے کہ عدلِ شہادت آزاد کے لئے مخصوص ہے اور عدلِ روایت آزاد اور غلام دونوں کو شامل ہے اور ضبط سے مُراد سُنی ہوئی چیز کو خلل اور ضیاع سے بایں طور محفوظ رکھنا کہ اس کو حاضر کرنا ممکن ہو۔ اس ضبط کی دو قسمیں ہیں: ضبطِ صدر اور ضبطِ کتاب دل میں محفوظ کرنے اور یاد رکھنے کا نام ضبطِ صدر ہے۔ دوسرے تک پہنچانے کے وقت تک اس کو محفوظ رکھنے کا نام ضبطِ کتاب ہے۔

**فصل:** عدالت سے متعلق طعن کے وجوہ پانچ ہیں: کذب[1]، اتہام کذب[2]، فسق[3]، جہالت[4]، بدعت[5]

کذب راوی سے مُراد یہ ہے کہ حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کا جھوٹ بولنا ثابت ہو گیا ہو۔ یہ ثبوتِ کذب یا تو خود حدیث گھڑنے والے کے اقرار سے ہو یا دیگر قرائن سے۔ ایسے مطعون بالکذب راوی کی حدیث موضوع کہلاتی ہے۔ جس شخص کے متعلق یہ ثابت ہو جائے کہ اس نے حدیث میں عمداً جھوٹ سے کام لیا ہے گو اس نے پوری عمر میں ایک مرتبہ ہی ایسا کیا ہو اور پھر اس سے تائب بھی ہو گیا ہو، تاہم اس کی حدیث کبھی قابلِ قبول نہ ہو گی۔ بخلاف جھوٹے گواہ کے کہ جب وہ توبہ کرلے (تو اس کے بعد اس کا قول مقبول ہو جاتا ہے) پس محدثین کی اصطلاح میں موضوع حدیث سے مُراد یہی ہے (جس کا ذکر کیا گیا ہے) نہ کہ اس راوی کی حدیث جس کا کذب ثابت ہو گیا ہو۔ اور اس کا بطور خاص اس حدیث کا گھڑنا معلوم ہو اور یہ مسئلہ ظنی ہے۔

وضع اور افتراء کا حکم ظنِ غالب پر ہوتا ہے اس میں قطع اور یقین ممکن نہیں اس لئے کہ جھوٹے سے بھی کبھی کبھی سچ کا صدور ہو جاتا ہے اس سے اس قول کا بھی ردّ ہو جاتا ہے کہ وضعِ حدیث کا علم واضع کے اقرار کی بناء پر ہو اس لئے کہ ممکن ہے وہ اس اقرار میں بھی کاذب ہو اس کا سچا ہونا ظنِ غالب کی بناء پر سمجھا جائے گا۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو قتل کا اقرار کرنے والے کا قتل اور زنا کا اعتراف کرنے والے کا رجم جائز نہ ہوتا۔ راوی کے کذب کے ساتھ متہم ہونے کی صُورت یہ ہے کہ لوگوں کے ساتھ عام گفتگو میں اس کا جھوٹا ہونا مشہور و معروف ہو۔ تاہم حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کا کذب ثابت نہ ہو۔ اسی

besturdubooks.wordpress.com

حکم میں اس شخص کی روایت بھی داخل ہے جو شریعت کے قواعدِ ضروریہ معلومہ کے خلاف ہو اسی قسم کے راوی کا نام متروک ہے جیسے کہا جائے "اس کی حدیث متروک ہے" اور "فلاں متروک الحدیث ہے"۔ اگر اس شخص نے صدقِ دل سے توبہ کر لی ہو اور صدق کی علامات اس کے طرزِ عمل سے ظاہر ہوں تو اس سے حدیث کا سماع جائز ہے اور وہ شخص جس سے حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ گفتگو میں کبھی کبھی کذب واقع ہو تو یہ اس کی حدیث کو موضوع یا متروک کہنے کے لئے کافی نہ ہوگا اگرچہ (عام گفتگو میں کسی وقت بھی کذب بیانی) معصیت ہے۔

فسق سے مُراد عملی فسق ہے۔ اعتقادی فسق نہیں۔ اعتقادی فسق تو بدعت میں داخل ہے اکثر بدعت کا استعمال اعتقاد ہی میں ہوتا ہے۔ اور کذب اگرچہ فسق میں داخل ہے لیکن اس کو علیحدہ مستقل اصل شمار کیا ہے اس لئے کہ کذب انتہائی شدید طعن ہے۔

راوی کی جہالت بھی حدیث میں طعن کا سبب ہے اس لئے کہ جب راوی کا نام اور اس کی ذات معلوم نہ ہو تو اس کے حالات بھی معلوم نہ ہوں گے نہ اس کے ثقہ اور غیر ثقہ ہونے کا پتہ چلے گا جیسے کوئی شخص کہے حَدَّثَنِیْ رَجُلٌ یا اَخْبَرَنِیْ شَیْخٌ (مجھ سے کسی آدمی نے حدیث بیان کی یا مجھے شیخ نے خبر دی) تو اس کا نام مبہم ہے اور حدیث مبہم غیر مقبول ہے۔ الا یہ کہ راوی صحابی ہو۔ اس لئے کہ صحابہؓ سب کے سب عدول ہیں۔ اگر تعدیل کے لفظ کے ساتھ بیان کیا جائے جس طرح کوئی کہے اَخْبَرَنِیْ عَدْلٌ یا حَدَّثَنِیْ ثِقَۃٌ تو اس میں اختلاف ہے۔ لیکن صحیح تر بات یہی ہے کہ نامقبول ہے اس لئے کہ ممکن ہے کہ راوی کے خیال میں تو عادل ہو لیکن نفس الامر میں عادل نہ ہو۔ البتہ کوئی امام حاذق بیان کرے تو مقبول ہے۔

بدعت سے مُراد یہ ہے کہ دین کی معروف باتوں کے خلاف اور اس کے خلاف جو رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے صحابہ کرامؓ سے منقول ہیں، کسی امرِ محدَث (نو ایجاد کام) کا اعتقاد شبہ اور تاویل کی بنا پر کرنا، بطریق جحُود و انکار نہیں اس لئے کہ ایسا انکار تو کفر ہے اور بدعتی کی حدیث جمہور کے نزدیک مردُود ہے اور بعض کے نزدیک مقبول ہے بشرطیکہ صدق لہجہ اور زبان کی حفاظت کے ساتھ متصف ہو اور بعض کہتے ہیں کہ اگر وہ کسی ایسے تواترِ شرعی کا انکار کرے جس کے متعلق یقینی علم ہو کہ وُہ امر دین میں سے ہے، تو وہ مردُود ہے اور اگر اس طرح پر نہ ہو تو وہ مقبول ہے گو مخالفین اس کی تکفیر کریں۔ بشرطیکہ اس میں ضبط و ورع، تقویٰ و احتیاط اور صیانت کی صفات پائی جائیں۔ بدعتی کے بارے میں مذہب مختار یہ ہے کہ اگر وہ بدعت کا داعی اور اس کا رائج کرنے والا ہو تو وہ مردُود ہے ورنہ مقبول ہے بشرطیکہ وہ ایسی چیز روایت نہ کرتا ہو جس سے اس کی بدعت کو تقویت پہنچتی ہو کیونکہ اس صورت میں وہ قطعاً مردُود

besturdubooks.wordpress.com

ہے۔ مختصر یہ کہ اہل بدعت وہوا اور باطل مذاہب والوں سے حدیث اخذ کرنے میں اختلاف ہے۔ صاحبِ جامع الاصول نے کہا ہے کہ محدثین کی ایک جماعت نے خوارج، قدریہ، رافضی وشیعہ اور دیگر اصحاب بدعت سے حدیثیں اخذ کی ہیں اور ایک دوسری جماعت نے احتیاط سے کام لیا ہے اور ان تمام بدعتی فرقوں سے اخذِ حدیث میں اجتناب کیا۔ ان میں سے ہر ایک کی اپنی اپنی نیت ہے۔" بلاشبہ ان فرقوں سے حدیثوں کا اخذ کرنا بہت زیادہ تلاش وجستجو کے بعد ہوتا ہے تاہم پھر بھی احتیاط اسی میں ہے کہ اُن سے حدیث اخذ نہ کی جائے اس لئے کہ یہ بات ثابت شدہ ہے کہ یہ فرق مبتدعہ اپنے مذاہب کی ترویج کے لئے حدیثیں گھڑا کرتے تھے اور توبہ ورجوع کے بعد اس کا اقرار کر لیتے تھے (واللہ اعلم)۔

**فصل:** ضبط سے متعلق بھی وجوہِ طعن پانچ ہیں: فرطِ غفلت[1]، کثرتِ غلط[2]، مخالفتِ ثقات[3]، وہم[4] سوءِ حافظہ[5]۔ فرطِ غفلت اور کثرتِ غلط دونوں قریب المعنیٰ ہیں۔ غفلت کا تعلق سماع اور تحصیلِ حدیث سے اور غلط کا تعلق بیان کرنے اور پہنچانے سے ہے اسناد یا متن میں ثقات کی مخالفت چند طریقوں پر ہوتی ہے جو شذوذ کا باعث ہوتی ہے اور اسے ضبط سے متعلق وجوہِ طعن میں اس لئے شمار کیا گیا ہے کہ ثقات کی مخالفت کا سبب عدم ضبط وحفظ اور تغیر وتبدل سے محفوظ نہ ہونا ہے۔ اور طعن وہم اور نسیان کے سبب ہوتا ہے کہ راوی ان دونوں کی وجہ سے غلطی کر کے وہم کے طور پر روایت کرتا ہے اس وہم کی اطلاع اگر ایسے قرائن سے ہو جائے جو اس کی غفلت اور قدح کے اسباب وعلل پر دلالت کرتے ہوں تو وہ حدیث معلّل ہوگی اور علمِ حدیث میں یہ سب سے زیادہ دقیق اور غامض مسئلہ ہے اس کو وہی لوگ سمجھ سکتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے فہم ثاقب اور وسیع حافظہ عطا کیا ہو اور وہ اسانید ومتون کے احوال اور رُواۃ کے مراتب کی معرفتِ تامہ رکھتے ہوں۔ جیسے متقدمین میں اس فن کے ارباب کمال ہیں جن کا سلسلہ امام دارقطنی تک پہنچ کر ختم ہو جاتا ہے کہ ان کے بعد اس فن میں ایسا صاحبِ کمال کوئی پیدا نہیں ہوا۔ (واللہ اعلم)۔

سوءِ حفظ سے مراد محدثین کے نزدیک یہ ہے کہ راوی کی اصابت اس کی خطا پر غالب نہ ہو اور اس کا حفظ واتقان سہو ونسیان سے زیادہ نہ ہو۔ یعنی اگر خطاء ونسیان اس کے صواب واتقان کے مساوی ہو یا غالب ہو تو یہ سوءِ حفظ میں داخل ہوگا۔ پس معتمد علیہ صواب واتقان اور ان کی کثرت ہے۔ حافظہ کی خرابی (سوءِ حفظ) اگر ہر وقت مدت العمر راوی کے شاملِ حال رہی ہو تو اس کی حدیث غیر معتبر ہوگی۔ بعض محدثین کے نزدیک یہ بھی شاذ میں داخل ہے۔

اگر سوءِ حفظ کسی عارض کے سبب ہو جیسے کبر سنی۔ بینائی کے جاتے رہنے یا کتابوں کے ضائع ہو جانے کے سبب حافظہ میں خلل پیدا ہو جائے تو اُسے مختلط کہا جائے گا۔ پس ایسے راوی کی اختلاط

besturdubooks.wordpress.com

و اختلال سے قبل روایت کردہ حدیثیں مقبول ہوں گی بشرطیکہ وہ روایات اس حالت کے طاری ہونے کے بعد کی روایتوں سے ممتاز ہوں اگر ممتاز نہ ہوں تو توقف کیا جائے گا۔ اگر مشتبہ ہو تو تب بھی یہی حکم ہے۔ اور اگر ایسے مختلط راوی کی بیان کردہ حدیثوں کے لئے متابعات اور شواہد ہوں تو پھر وہ بجائے مردود ہونے کے قبولیت و رجحان کا درجہ پائیں گی اور یہی حکم مستور، مدلس اور مرسل حدیثوں کا ہے۔

**فصل:** صحیح حدیث کے مختلف مراتب و درجات ہیں۔ اگر اس کا راوی ایک ہے تو وہ غریب ہے، دو راوی ہوں تو وہ حدیث عزیز ہے اور اگر دو سے زیادہ ہوں تو وہ مشہور یا مستفیض ہے اور کسی حدیث کے رواۃ کی کثرت اگر اس حد کو پہنچ جائے کہ ان کا کذب پر متفق ہونا محال ہو تو اس حدیث کو متواتر کہیں گے اور غریب کا ایک نام فرد بھی ہے اور مراد اس سے راوی کا کسی جگہ ایک ہونا ہے۔ اگر اسناد میں کسی ایک جگہ میں ہو تو اسے فرد نسبی کہتے ہیں اور اگر ہر جگہ میں ہو تو فرد مطلق۔ اور دو ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ہر جگہ ایسا ہی ہو۔ اگر صرف ایک جگہ میں ہو تو وہ حدیث عزیز نہیں۔ غریب ہوگی۔ اسی طرح حدیث مشہور میں کثرت کے معنیٰ یہ ہیں کہ ہر جگہ دو سے زیادہ راوی ہوں اور یہی مطلب ہے محدثین کے اس قول کا کہ اس فن میں "اقل اکثر پر حاکم ہے"۔

اس بحث سے یہ معلوم ہوا کہ غرابت صحت کے منافی نہیں اور یہ ممکن ہے کہ حدیث صحیح غریب ہو بایں طور کہ اس کے سب راوی ثقہ ہوں اور غریب کبھی شاذ کے معنیٰ میں مستعمل ہوتا ہے یعنی وہ شذوذ جو حدیث میں طعن کے اقسام میں سے ہے۔ یہی (شذوذ) مراد ہے صاحب المصابیح کے اس قول سے "هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ" جبکہ وہ بطریق طعن بیان کریں اور بعض نے ثقات کی مخالفت کا لحاظ کئے بغیر (جیسا کہ پہلے گذر چکا ہے) شاذ کی تفسیر مفرد راوی کے ساتھ کی ہے اور وہ کہتے ہیں کہ (یہ حدیث) صحیح شاذ اور صحیح غیر شاذ ہے۔ پس شذوذ اس معنی کے لحاظ سے بھی غرابت کی طرح صحت کے منافی نہیں ہے۔ البتہ جب مقام طعن میں ذکر کیا جائے تو وہاں ثقات کی مخالفت معتبر ہوگی (اس لئے کہ وہ صحت کے منافی ہے)۔

**فصل:** ضعیف حدیث وہ ہے جس میں وہ شرائط، جن کا اعتبار صحیح اور حسن حدیثوں میں کیا جاتا ہے کل کے کل یا ان میں سے بعض مفقود ہوں۔ اور اس کے راوی کی شذوذ و نکارت یا کسی علت کی وجہ سے مذمت کی گئی ہو۔ اس اعتبار سے ضعیف حدیث کی متعدد قسمیں ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح صحیح لذاتہ اور صحیح لغیرہ، حسن لذاتہ اور حسن لغیرہ ان کمال صفات میں مختلف مراتب و درجات کی حامل ہوں گی جن کا ان دونوں کے مفہوم میں اعتبار کیا جاتا ہے درآں حالیکہ اصل صحت اور حسن

besturdubooks.wordpress.com

میں ان کے مابین اشتراک ہے۔

محدثین نے مراتب صحت کا انضباط اور اس کی تعیین کر دی ہے اور اسناد میں اس کی مثالیں دی ہیں وہ کہتے ہیں کہ عدالت اور ضبط تمام رجال حدیث کو شامل ہے۔ تاہم بعض بعض پر فوقیت رکھتے ہیں۔

مطلقاً کسی خاص سند کو اصح الاسانید (سب سے زیادہ صحیح سند) کہنے میں اختلاف ہے۔ بعض نے "زَيْنُ الْعَابِدِيْنَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ" کو اصح الاسانید کہا ہے۔ بعض نے "مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ" کو اور بعض نے زہری عن سالم عن ابن عمر" کو، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ کسی ایک مخصوص سند پر اصح ہونے کا مطلقاً حکم لگا دینا ٹھیک نہیں کیونکہ صحت میں بہت سے مراتب ہیں اور بہت سی اسناد اس میں داخل ہوتی ہیں۔ البتہ اس میں اس انداز کی قید لگا دی جائے کہ یہ فلاں شہر میں اصح الاسانید ہے۔ یا فلاں باب یا فلاں مسئلے میں اصح الاسانید ہے تو صحیح ہے (واللہ اعلم)۔

**فصل:** امام ترمذیؒ کی عادت ہے کہ وہ اپنی جامع ترمذی میں ایک ایک حدیث پر بیک وقت کئی کئی حکم لگا دیتے ہیں مثلاً "یہ حدیث حسن صحیح ہے"۔ "یہ غریب حسن ہے"۔ "یہ حدیث حسن غریب اور صحیح ہے"۔ اس کی توجیہ یہ ہے کہ حسن اور صحیح کے اجتماع کے جواز میں بالاتفاق شبہ نہیں ہو سکتا کہ کوئی حدیث حسن لذاتہ اور صحیح لغیرہ ہو۔ اسی طرح غرابت اور صحت کے اجتماع میں بھی شبہ نہیں البتہ غرابت اور حسن کے اجتماع میں لوگوں نے کچھ اشکال محسوس کیا ہے اس لئے کہ امام ترمذیؒ نے حسن میں تعدد طرق کا اعتبار کیا ہے پھر وہ غریب کیونکر ہو سکتی ہے (غریب میں تو طرق متعدد نہیں ہو سکتے) اس کا جواب محدثین یہ دیتے ہیں کہ حسن میں تعدد طرق کا اعتبار علی الاطلاق نہیں ہے بلکہ اس کی ایک قسم میں ہے اور جب حسن اور غرابت کے اجتماع کا حکم لگایا جائے تو اس سے مراد دوسری قسم ہوگی اور بعض نے اس کی توجیہ یہ پیش کی ہے کہ امام ترمذیؒ نے اس طرح اختلاف طرق کی طرف اشارہ کیا ہے کہ بعض طریقوں میں یہ غریب ہے اور بعض طریقوں میں حسن۔ اور بعض کے نزدیک وَاوْ اَوْ کے معنی میں ہے یعنی انہیں اس بارے میں یقینی علم نہ ہونے کی وجہ سے شک اور تردد ہے کہ آیا یہ حدیث غریب ہے یا حسن ہے اور بعض نے یہ کہا ہے کہ یہاں حسن سے اس کے اصطلاحی معنی نہیں بلکہ لغوی معنی مراد ہیں یعنی جس کی طرف طبیعت مائل ہو لیکن یہ قول بہت مستبعد ہے۔

**فصل:** حدیث صحیح کا احکام میں حجت ہونا سب کے نزدیک متفق علیہ ہے۔ اسی طرح عام علماء کے نزدیک حسن لذاتہ ہے کہ وہ بھی قابل حجت ہونے میں صحیح کے ساتھ ملحق ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

گو رتبہ میں وہ صحیح سے کم ہے ایسے ہی اس حدیثِ ضعیف کے قابلِ احتجاج ہونے میں بھی اتفاق ہے جو تعدُّدِ طُرق کی وجہ سے حسن لغیرہٖ کے درجے کو پہنچ جائے۔

یہ جو مشہور ہے کہ "حدیث ضعیف فضائلِ اعمال میں معتبر ہے اس کے ماسوا میں نہیں"۔ تو اس سے مُراد مفرد احادیث ہیں نہ کہ وہ احادیث جو متعدّد طُرق سے مروی ہوں اس لئے کہ ایسی احادیث تو ضعیف میں نہیں بلکہ حسن کے درجہ میں داخل ہیں۔ اس کی صراحت آئمہ حدیث نے کردی ہے بعض کہتے ہیں کہ اگر ضعیف سُوءِ حفظ یا اختلاط یا تدلیس کی وجہ سے ہو گو اس کا راوی صدق و دیانت سے متصف ہو تو اس کی تلافی تعدُّدِ طُرق سے ہو جائے گی اور اگر اس کا ضعف اتہامِ کذب یا شذوذ یا خطائے فاحش کی بناء پر ہو تو تعدُّدِ طُرق سے اس کی تلافی ممکن نہیں ایسی حدیث ضعیف ہی قرار پائے گی جو صرف فضائل اعمال میں ہی کارآمد ہو گی۔ یہی حکم محدّثین کے اس مقولے کے لئے بھی ہو گا کہ "ضعیف کا ضعیف کے ساتھ ملنا قوّت کے لئے مفید نہیں"۔ یعنی اس سے بھی وہی ضعیف روایات مراد ہیں جن کے ضعف کی تعدُّدِ طُرق سے تلافی نہیں ہوتی اگر یہ مطلب نہ لیا جائے تو محدّثین کا یہ قول لغو قرار پائے گا۔ فتدبّر!

**فصل:** جب مراتبِ صحیح میں تفاوت ہے کہ بعض، بعض سے زیادہ صحیح ہیں تو معلوم ہونا چاہیئے کہ جمہور محدّثین کے نزدیک یہ طے شدہ امر ہے کہ صحیح بخاری حدیث کی تمام تصنیف شدہ کتابوں میں مقدم ہے یہاں تک کہ ان کا قول ہے کہ اَصَحُّ الْکُتُبِ بَعْدَ کِتَابِ اللّٰہِ صَحِیْحُ الْبُخَارِیِّ۔ "کتاب اللہ کے بعد صحیح ترین کتاب صحیح بخاری ہے"۔ البتہ بعض مغاربہ نے صحیح مسلم کو صحیح بخاری پر ترجیح دی ہے۔ جمہور کہتے ہیں کہ ایسے لوگوں نے صرف حسنِ بیان، وضع و ترتیب کی خوبی۔ دقیق اشارات کی رعایت اور اسناد میں نکات کی خوبیوں کو ہی پیشِ نظر رکھا ہے حالانکہ اس بناء پر ترجیح وغیر ترجیح خارج از بحث ہے۔ اصل گفتگو صحت و قوت اور اس سے تعلق رکھنے والی چیزوں میں ہے اور اس لحاظ سے کوئی کتاب ان شرائط اور کمال صفات کی بناء پر صحیح بخاری کے برابر نہیں جن کا امام بخاریؒ نے صحت کے متعلق رجالِ حدیث میں خیال رکھا ہے اور بعض نے ان دونوں میں سے ایک دُوسرے پر ترجیح دینے میں توقف کیا ہے لیکن پہلا مسلک صحیح ہے (جس کی رُو سے صحیح بخاری کو ترجیح حاصل ہے)۔

وہ حدیث جس کی تخریج میں امام بخاریؒ و امام مسلمؒ متفق ہوں اُسے (متفق علیہ) کہا جاتا ہے شیخ (حافظ ابن حجرؒ) کہتے ہیں بشرطیکہ وہ ایک ہی صحابیؓ سے ہوں۔ محدّثین نے کہا ہے کہ متفق علیہ احادیث دو ہزار تین سو چھبیس ہیں مختصر یہ کہ جس پر شیخین (امام بخاریؒ و امام مسلمؒ) متفق ہوں وہ دُوسری

besturdubooks.wordpress.com

حدیثوں پر مقدم ہیں۔ دُوسرے نمبر پر وہ احادیث ہیں جنہیں صرف امام بخاریؒ نے روایت کیا پھر وہ جسے امام مسلمؒ نے روایت کیا اس کے بعد ان احادیث کا نمبر ہے جو بخاریؒ و مسلمؒ کی شرطوں کیمطابق ہیں۔ اس کے بعد وہ جو صرف امام بخاریؒ کی شرط پر ہوں پھر وہ جو صرف امام مسلمؒ کی شرط کے مطابق ہوں اس کے بعد ان کے علاوہ ان آئمہ کی روایت کردہ حدیثیں ہیں جنہوں نے صحت کا التزام کیا ہے۔ اور ان کی تصحیح کی ہے اس طرح یہ سات قسمیں ہُوں گی۔

بخاریؒ و مسلمؒ کی شرط سے مراد یہ ہے کہ رجال حدیث ان صفات کے ساتھ متصف ہُوں جن کے ساتھ بخاریؒ و مسلمؒ کے رجال ضبط و عدالت عدم شذوذ و نکارت اور عدم غفلت میں متصف ہیں اور بعض کے نزدیک شرط بخاریؒ و مسلمؒ سے مراد یہ ہے کہ اس کے رجال وہی ہوں جو بخاری و مسلم کے ہیں۔ بہرحال یہ ایک طویل بحث ہے جس کو ہم نے مقدمہ شرح سفر السعادۃ میں بیان کیا ہے۔

**فصل :** صحیح احادیث صرف بخاری و مسلم میں ہی محصور نہیں ہیں۔ نہ ان دونوں نے صحیح احادیث کا استقصاء ہی کیا ہے۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ ان میں جو احادیث ہیں وہ سب صحیح ہیں اور بہت سی ایسی احادیث ہیں جو اُن کے نزدیک صحیح تھیں اور اُن کی شرائط کے مطابق بھی تھیں لیکن اس کے باوجود وہ اپنی کتابوں میں نہیں لائے چہ جائیکہ ایسی احادیث لاتے جو اُن کے علاوہ دُوسروں کے نزدیک صحیح تھیں۔ امام بخاریؒ نے کہا کہ " میں اپنی اس کتاب (جامع صحیح) میں صرف صحیح احادیث ہی لایا ہوں اور بہت سی صحیح احادیث چھوڑ دی ہیں " امام مسلمؒ کا قول ہے کہ میں اپنی اس کتاب میں جو احادیث لایا ہوں وہ سب صحیح ہیں۔ تاہم میں یہ نہیں کہتا کہ جن احادیث کو میں نے چھوڑ دیا ہے وہ ضعیف ہیں البتہ اس ترک و اخذ میں وجوہِ صحت اور دیگر مقاصد کو سامنے رکھا گیا ہے اور انہیں کے مطابق ایسا کیا گیا ہے۔

امام حاکم ابوعبداللہ نیسابوری نے ایک کتاب تصنیف کی ہے جس کا نام " مستدرک " ہے جن صحیح حدیثوں کو بخاریؒ و مسلمؒ نے چھوڑ دیا ہے ان کو انہوں نے اپنی اس کتاب میں بیان کر کے اس کی تلافی کی ہے۔ ان کے علاوہ بعض وہ احادیث بھی بیان کی ہیں جو ان دونوں کی شرطوں یا ان میں سے کسی ایک کی شرط کے مطابق ہیں اور کچھ ایسی احادیث بھی اس میں لائے ہیں جو شیخین کے علاوہ دیگر آئمہ کی شرائط پر ہیں۔ امام حاکم نے اپنی کتاب کے آغاز میں کہا ہے کہ امام بخاریؒ و مسلمؒ نے یہ فیصلہ کبھی نہیں دیا کہ ان کی کتابوں میں بیان کردہ احادیث کے علاوہ جو احادیث ہیں وہ صحیح نہیں ہیں۔ امام حاکم نے کہا کہ ہمارے اس زمانہ میں بدعتیوں کا ایک فرقہ پیدا ہو گیا ہے جنہوں نے آئمہ دین پر زبان طعن دراز کی کہ ان احادیث کی تعداد دس ہزار تک بھی نہیں پہنچتی اور امام بخاریؒ

besturdubooks.wordpress.com

سے منقول ہے کہ انہوں نے کہا مجھے ایک لاکھ صحیح احادیث اور دو لاکھ غیر صحیح حدیثیں یاد تھیں اس صحیح سے ان کی مراد بظاہر (واللہ اعلم) وہ صحیح ہے جو ان کی شرطوں کے مطابق ہو۔

اس کتاب یعنی (مستدرک حاکم) میں تکرار کے ساتھ بیان کی ہوئی احادیث کی تعداد سات ہزار دو سو پچیس اور حذفِ تکرار کے بعد چار ہزار (۴۰۰۰) ہیں۔ دوسرے کئی آئمہ نے بھی صحاح تصنیف کی ہیں جیسے "صحیح ابن خزیمہ" انہیں امام الائمہ کہا جاتا ہے اور ابن حبان کے شیخ (اُستاذ) ہیں۔ ابن حبان نے ان کی تعریف میں کہا ہے کہ میں نے روئے زمین پر کوئی ایسا آدمی نہیں دیکھا جو علمِ حدیث میں ان سے بڑھ کر ہو اور حدیث کے صحیح الفاظ ان سے زیادہ یاد رکھنے والا ہو گویا تمام احادیث ان کی نظروں کے سامنے تھیں۔ اور جیسے ان (ابن خزیمہ) کے شاگرد ابن حبان کی صحیح ہے جو ثقہ، ثابت، فاضل اور فہیم امام ہیں۔ امام حاکم نے کہا ہے کہ ابن حبان علم، لغت، حدیث اور وعظ کا خزینہ تھے اور اپنے زمانے کے عقلاء میں شمار کئے جاتے تھے اور جیسے امام حاکم ابو عبداللہ نیسابوری جو حافظ و ثقہ ہیں، کی صحیح ہے جس کا نام مستدرک ہے ان کی اس کتاب میں کچھ تساہلِ راہ پایا گیا ہے جس پر لوگوں نے گرفت کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ابن خزیمہ اور ابن حبان حاکم سے زیادہ قوی و مستند اور اسانید و متون میں زیادہ بہتر اسلوب کے حامل ہیں۔ اور جیسے حافظ ضیاء مقدسی کی مختارہ (مجموعہ حدیث) ہے جس میں انہوں نے وہ صحیح حدیثیں بیان کی ہیں جو بخاریؒ و مسلمؒ میں نہیں ہیں۔ اور محدثین نے ان کی کتاب "مختارہ" کو مستدرک سے اچھا قرار دیا ہے اور جیسے ابن عوانہ اور ابن السکن کی صحیح اور ابن جارود کی المنتقی ہے یہ بھی وہ کتابیں ہیں جن میں بطور خاص صحیح احادیث کا اہتمام کیا گیا ہے۔ تاہم بعض لوگوں نے ان کتابوں پر غلط یا صحیح تنقید بھی کی ہے۔ وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ۔ ہر صاحبِ علم سے بڑھ کر صاحبِ علم ہے۔

**فصل:** وہ چھ کتابیں جو مشہور ہیں اور اہل اسلام میں پڑھی پڑھائی جاتی ہیں۔ ان کو صحاح ستہ کہا جاتا ہے اور وہ ہیں صحیح بخاریؒ، صحیح مسلمؒ، جامع ترمذیؒ، سنن ابی داؤدؒ، نسائیؒ، سنن ابن ماجہؒ۔ اور بعض کے نزدیک چھٹی کتاب ابن ماجہ کی جگہ موطا امام مالک ہے صاحبِ جامع الاصول نے بھی موطا ہی کو اختیار کیا ہے اور (بخاری و مسلم کے علاوہ دیگر) چار کتابوں میں صحیح حسن اور ضعیف ہر قسم کی حدیثیں ہیں لیکن ان سب کا نام "صحاح ستہ" تغلیب کے طور پر ہے۔ صاحب المصابیح نے صحیحین کی حدیثوں کے علاوہ دیگر کتابوں کی احادیث کا نام حسن رکھا ہے جو اسی طریق تغلیب اور معنی لغوی کے قریب یا یہ اُن کی اپنی کوئی نئی اصطلاح ہے اور بعض کے خیال میں دارمیؒ کو چھٹی کتاب شمار کیا جانا زیادہ مناسب اور لائق ہے۔ اس لئے کہ اس کے رجال میں

besturdubooks.wordpress.com

ضعف کم اور اس کی احادیث میں منکر و شاذ حدیثیں نادر ہیں اس کی سندیں عالی ہیں اور اس کی ثلاثیات بخاری کی ثلاثیات سے زیادہ ہیں۔

یہ مذکورہ کتب وہ ہیں جو سب سے زیادہ مشہور ہیں تاہم ان کے علاوہ اور بھی کئی کتابیں شہرت کی حامل ہیں۔ امام سیوطیؒ نے اپنی کتاب "جمع الجوامع" میں بہت سی کتابوں سے حدیثیں لی ہیں۔ جن کی تعداد پچاس سے متجاوز ہے اور جو صحیح و حسن و ضعیف حدیثوں پر مشتمل ہے۔ اور امام سیوطیؒ نے یہ بھی کہا ہے کہ میں اس کتاب میں ایسی کوئی حدیث نہیں لایا جو وضع کے ساتھ موسوم ہو۔ اور جس کے ردّ اور ترک پر محدثین کا اتفاق ہو اور صاحب المشکوٰۃ نے اپنی کتاب کے دیباچے میں کئی آئمہ متقنین کا ذکر کیا ہے جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں: بخاریؒ، مسلمؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمد بن حنبل، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، دارمی، دارقطنی، بیہقی اور رزین رحمہم اللہ۔ ان کے علاوہ دوسرے آئمہ کا ذکر اجمالاً کیا ہے۔ ہم نے ان سب آئمہ کے حالات الگ ایک کتاب "الاکمال بذکرِ اسماء الرجال" میں لکھے ہیں۔

وَمِنَ اللّٰهِ التَّوْفِيْقُ وَهُوَ الْمُسْتَعَانُ فِي الْمَبْدَأِ وَالْمَعَادِ

besturdubooks.wordpress.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# خطبۂ کتاب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ شَهَادَةً تَكُوْنُ لِلنَّجَاةِ وَسِيْلَةً وَّلِرَفْعِ الدَّرَجَاتِ كَفِيْلَةً وَّ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهُ الَّذِيْ بَعَثَهٗ وَطُرُقُ الْاِيْمَانِ قَدْ عَفَتْ اٰثَارُهَا وَخَبَتْ اَنْوَارُهَا وَوَهَنَتْ اَرْكَانُهَا وَ جُهِلَ مَكَانُهَا فَشَيَّدَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَامُهٗ مِنْ مَّعَالِمِهَا مَا عَفٰى وَشَفٰى مِنَ الْعَلِيْلِ فِيْ تَاْيِيْدِ كَلِمَةِ التَّوْحِيْدِ مَنْ كَانَ عَلٰى شَفَا وَاَوْضَحَ سَبِيْلَ الْهِدَايَةِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّسْلُكَهَا وَاَظْهَرَ كُنُوْزَ السَّعَادَةِ لِمَنْ قَصَدَ اَنْ يَّمْلِكَهَا اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ التَّمَسُّكَ بِهَدْيِهٖ لَا يَسْتَتِبُّ اِلَّا بِالْاِقْتِفَآءِ لِمَا صَدَرَ مِنْ مِّشْكٰوتِهٖ وَالْاِعْتِصَامَ بِحَبْلِ اللّٰهِ لَا يَتِمُّ اِلَّا بِبَيَانِ كَشْفِهٖ وَكَانَ كِتَابُ الْمَصَابِيْحِ الَّذِيْ صَنَّفَهُ الْاِمَامُ مُحْيِ

سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے ہم اس کی تعریف کرتے ہیں اور اس سے مدد چاہتے ہیں اور اس سے بخشش مانگتے ہیں۔ ہم پناہ مانگتے ہیں اس سے اپنے نفس کی شرارتوں اور اپنے بُرے اعمال سے جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت کر دے اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں اور جس کو وہ گمراہ کر دے اُسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ایسی گواہی جو نجات کا وسیلہ اور بلندیٔ درجات کی ضامن ہو اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں ایسے رسول کہ اللہ تعالیٰ نے اُنہیں ایسے وقت میں بھیجا کہ ایمان کے راستوں کے آثار مٹ گئے تھے ان کی روشنی بجھ گئی تھی اور اس کے رکن کمزور اور سست ہو گئے تھے اور ان کا مکان نامعلوم ہو چکا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو نشان مٹ گئے تھے ان کو مضبوط کیا اور کلمۂ توحید کی تائید میں ایسے بیمار کو شفا بخشی جو ہلاکت کے کنارے پر تھا راہِ ہدایت

besturdubooks.wordpress.com

السُّنَّةِ قَامِعُ الْبِدْعَةِ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحُسَيْنُ بْنُ مَسْعُوْدِ الْفَرَّاءُ الْبَغَوِيُّ رَفَعَ اللّٰهُ دَرَجَتَهٗ اَجْمَعَ كِتَابٍ صُنِّفَ فِيْ بَابِهٖ وَاَضْبَطَ لِشَوَارِدِ الْاَحَادِيْثِ وَ اَوَابِدِهَا وَلَمَّا سَلَكَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ طَرِيْقَ الْاِخْتِصَارِ وَ حَذَفَ الْاَسَانِيْدَ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ النُّقَّادِ وَ اِنْ كَانَ نَقْلُهٗ وَ اِنَّهٗ مِنَ الثِّقَاتِ كَالْاِسْنَادِ لٰكِنْ لَيْسَ مَا فِيْهِ اَعْلَامٌ كَالْاَغْفَالِ فَاسْتَخَرْتُ اللّٰهَ تَعَالٰى وَاسْتَوْفَقْتُ مِنْهُ فَاَعْلَمْتُ مَا اَغْفَلَهٗ فَاَوْدَعْتُ كُلَّ حَدِيْثٍ مِنْهُ فِيْ مَقَرِّهٖ كَمَا رَوَاهُ الْاَئِمَّةُ الْمُتْقِنُوْنَ وَالثِّقَاتُ الرَّاسِخُوْنَ مِثْلُ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيِّ وَ اَبِي الْحُسَيْنِ مُسْلِمِ بْنِ الْحَجَّاجِ الْقُشَيْرِيِّ وَ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ الْاَصْبَحِيِّ وَ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ اِدْرِيْسَ الشَّافِعِيِّ وَ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ الشَّيْبَانِيِّ وَ اَبِيْ عِيْسٰى مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى التِّرْمِذِيِّ وَ اَبِيْ دَاوٗدَ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ السِّجِسْتَانِيِّ وَ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَحْمَدَ بْنِ شُعَيْبٍ النَّسَائِيِّ وَ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ

واضح کی اس شخص کے لئے جو اس پر چلنا چاہتا ہے اور نیک بختی کے خزانے ظاہر کر دیئے اس کے لئے جو اُن کا مالک بننا چاہتا ہے حمد و صلوٰۃ کے بعد تحقیق پیغمبر خدا کے طریق کو اختیار کرنا نہیں دُرست ہوتا ہے مگر اس چیز کی پیروی کرنے سے جو سینۂ مبارک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ظاہر ہوئی ہے اور اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے تھامے رکھنا پورا نہیں ہوتا ہے مگر آپ کے خوب کھول کر بیان کر دینے سے اور کتاب مصابیح جسے امام محی السنہ (سنّت کے زندہ کرنے والے) قامع البدعۃ (بدعت کو دُور کرنے والے) ابو محمد حسین بن مسعود الفراء بغوی نے تصنیف کیا ہے (اللہ ان کے درجات بلند کرے) جامع ترین کتاب تھی جو اپنے باب میں تصنیف کی گئی ہے اور متفرق اور منتشر احادیث کو خوب قریب کرنے والی تھی اور جبکہ امام محی السُّنّۃ نے اختصار کی راہ اختیار کی ہے اور اسانید کو حذف کر دیا ہے بعض ناقدین نے اس بارہ میں کلام کیا اگرچہ آپ کا نقل کر دینا ہی سند کی طرح ہے کیونکہ آپ ثقہ عالم ہیں۔ لیکن نشان والی چیز بے نشان کی طرح نہیں ہو سکتی۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے استخارہ (طلب خیر) کیا اس سے توفیق چاہی میں نے بے نشان پر نشان لگا دیا ہے اور ہر حدیث کو اس کے ٹھکانے پر رکھ دیا ہے جس طرح اُسے ائمہ ہدیٰ اور ثقہ و محکم محدثین جیسے ابو عبداللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری، ابو الحسین مسلم بن حجاج قشیری،

besturdubooks.wordpress.com

يَزِيْدَ بْنِ مَاجَةَ الْقَزْوِيْنِيِّ وَ اَبِيْ
مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ
الدَّارِمِيِّ وَ اَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ
عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيِّ وَ اَبِيْ بَكْرٍ اَحْمَدَ
بْنِ حُسَيْنِ الْبَيْهَقِيِّ وَ اَبِي الْحَسَنِ
رَزِيْنِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْعَبْدَرِيِّ وَ
غَيْرِهِمْ وَقَلِيْلٌ مَّا هُوَ وَ اِنِّيْ اِذَا
نَسَبْتُ الْحَدِيْثَ اِلَيْهِمْ كَاَنِّيْ
اَسْنَدْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّهُمْ قَدْ فَرَغُوْا مِنْهُ
وَ اَغْنَوْنَا عَنْهُ وَسَرَدْتُّ الْكُتُبَ
وَالْاَبْوَابَ كَمَا سَرَدَهَا وَاقْتَفَيْتُ
اَثَرَهٗ فِيْهَا وَقَسَمْتُ كُلَّ بَابٍ غَالِبًا
عَلٰى فُصُوْلٍ ثَلٰثَةٍ اَوَّلُهَا مَا اَخْرَجَهُ
الشَّيْخَانِ اَوْ اَحَدُهُمَا وَاكْتَفَيْتُ
بِهِمَا وَاِنِ اشْتَرَكَ فِيْهِ الْغَيْرُ
بِعُلُوِّ دَرَجَتِهِمَا فِي الرِّوَايَةِ وَثَانِيْهَا
مَا اَوْرَدَهٗ غَيْرُهُمَا مِنَ الْاَئِمَّةِ
الْمَذْكُوْرِيْنَ وَ ثَالِثُهَا مَا اشْتَمَلَ
عَلٰى مَعْنَى الْبَابِ مِنْ مُّلْحَقَاتٍ مُّنَاسِبَةٍ
مَّعَ مُحَافَظَةٍ عَلَى الشَّرْطِ وَ اِنْ
كَانَ مَاْثُوْرًا عَنِ السَّلَفِ وَالْخَلَفِ
شُعَّ اِنَّكَ اِنْ فَقَدْتَّ حَدِيْثًا فِيْ
بَابٍ فَذٰلِكَ عَنْ تَكْرِيْرِ اُسْقِطَهٗ
وَاِنْ وَجَدْتَّ اٰخَرَ بَعْضُهٗ مَتْرُوْكًا
عَلٰى اخْتِصَارٍ اَوْ مَضْمُوْمًا اِلَيْهِ

ابو عبداللہ مالک بن انس اصبحی، ابو عبداللہ محمد بن ادریس شافعی، ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی، ابو عیسٰے محمد بن عیسٰے ترمذی، ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی، ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی، ابو عبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ قزوینی، ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن دارمی، ابوالحسن علی بن عمر دارقطنی، ابو بکر احمد بن حسین بیہقی، ابوالحسن رزین بن معاویہ عبدری وغیرہم نے روایت کیا ہے اور وہ کم ہیں جب میں نے کوئی حدیث ان کی طرف منسوب کردی گویا میں نے اس کی سند نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچادی۔ کیونکہ وہ سند کے بیان کرنے سے فارغ ہوچکے ہیں اور ہم کو اس سے بے پرواہ کردیا ہے میں نے کتب اور ابواب کو اس طرح بیان کیا ہے جیسے صاحب مصابیح نے بیان کیا ہے اور میں نے اس بارہ میں اُن کے نقش قدم کی پیروی کی ہے۔ اکثر میں نے ہر باب کو تین فصلوں پر تقسیم کیا ہے پہلی فصل میں وہ احادیث ہیں جن کو شیخین یا ان دونوں میں سے ایک نے روایت کیا ہے میں نے ان دونوں کے ساتھ ہی کفایت کی ہے اگرچہ روایت حدیث میں ان دونوں کے علاوہ دُوسرے بھی شریک ہوں۔ ان کے بلند درجہ ہونے کی وجہ سے۔ دُوسری فصل میں وہ احادیث ہیں جن کو بخاری ومسلم کے علاوہ مذکور ائمہ میں سے کسی نے بیان کیا ہے۔ تیسری فصل میں وہ احادیث ہیں جو معنی باب پر مشتمل ہیں اور مناسب ملحقات رکھتی ہیں اور شرط مذکور کی بھی

besturdubooks.wordpress.com

تَمَامُهٗ فَعَنْ دَاعِيْ اِهْتِمَامٍ اَتْرُكُهٗ
وَالْحِقُهٗ وَاِنْ عَثَرْتَ عَلٰى اخْتِلَافٍ
فِي الْفَصْلَيْنِ مِنْ ذِكْرِ غَيْرِ الشَّيْخَيْنِ
فِي الْاَوَّلِ وَ ذِكْرِهِمَا فِي الثَّانِيْ فَاعْلَمْ
اَنِّيْ بَعْدَ تَتَبُّعِيْ كِتَابَيِ الْجَمْعِ بَيْنَ
الصَّحِيْحَيْنِ لِلْحُمَيْدِيِّ وَجَامِعِ
الْاُصُوْلِ اعْتَمَدْتُ عَلٰى صَحِيْحَيِ
الشَّيْخَيْنِ وَ مَتْنَيْهِمَا وَاِنْ رَاَيْتَ
اخْتِلَافًا فِيْ نَفْسِ الْحَدِيْثِ فَذَالِكَ
مِنْ تَشَعُّبِ طُرُقِ الْاَحَادِيْثِ وَ تَعَلِّيْ
مَا اطَّلَعْتُ عَلٰى تِلْكَ الرِّوَايَةِ
الَّتِيْ سَلَكَهَا الشَّيْخُ رَضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُ وَقَلِيْلًا مَّا تَجِدُ اَقُوْلُ مَا
وَجَدْتُ هٰذِهِ الرِّوَايَةَ فِيْ كُتُبِ
الْاُصُوْلِ اَوْ وَجَدْتُ خِلَافَهَا فِيْهَا فَاِذَا
وَقَفْتَ عَلَيْهِ فَانْسُبِ الْقُصُوْرَ اِلَيَّ
لِقِلَّةِ الدِّرَايَةِ لَا اِلٰى جَنَابِ الشَّيْخِ
رَفَعَ اللّٰهُ قَدْرَهٗ فِي الدَّارَيْنِ
حَاشَا لِلّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ رَحِمَ اللّٰهُ
مَنْ اِذَا وَقَفَ عَلٰى ذٰلِكَ نَبَّهَنَا عَلَيْهِ
وَاَرْشَدَنَا طَرِيْقَ الصَّوَابِ وَلَمْ
يُجْهِدْنَا فِي التَّنْقِيْرِ وَالتَّفْتِيْشِ
بِقَدْرِ الْوُسْعِ وَالطَّاقَةِ وَ نَقَلْتُ ذٰلِكَ
الْاِخْتِلَافَ كَمَا وَجَدْتُ وَمَا اَشَارَ
اِلَيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ غَرِيْبِ

روایت کی ہے۔ اگرچہ صحابیؓ اور تابعی سے منقول ہو۔ پھر اگر تو کسی حدیث کو کسی باب میں گم پائے تو تکرار کی وجہ سے میں نے اُسے ساقط کر دیا ہے اور اگر تو پاوے کہ حدیث کا بعض حصّہ چھوڑ دیا گیا ہے اختصار پر یا بقیہ حدیث کا حصّہ اس کی طرف ملا دیا گیا ہے تو اہتمام کے باعث میں نے چھوڑا یا ملایا ہے اور اگر دونوں فصلوں میں اختلاف معلوم ہو (اطلاع پائے یا خبردار ہو) کہ غیر شیخین کا فصل اوّل میں ذکر ہے اور شیخین کا دوسری فصل میں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے جمع بین الصحیحین جو امام حمیدی کی ہے اور جامع الاصول میں حدیث تلاش کرنے کے بعد شیخین کی صحیحین اور ان کے متن پر اعتماد کیا ہے اگر نفسِ حدیث میں تجھے اختلاف نظر آئے تو اس کی وجہ حدیث کی مختلف اسناد ہیں اور شاید کہ میں اس حدیث پر مطلع نہیں ہو سکا جسے شیخ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے اور بہت کم جگہوں پر تو پائے گا کہ میں نے کہہ دیا ہے کہ یہ روایت کتب اصول میں میں نے نہیں پائی یا اس کے خلاف روایت موجود ہے جب کسی ایسے اختلاف پر تو اطلاع پائے تو قصور کی نسبت میری طرف کر میری کم مائگی کی وجہ سے، نہ جناب شیخ کی طرف اللہ تعالیٰ دارین میں ان کا مرتبہ بلند کرے۔ پاکی ہے واسطے اللہ کے اس سے۔ اللہ اس شخص پر رحم کرے جب وہ اس سے واقف ہو تو ہمیں اس سے خبردار کر دے اور درست راہ بتلا دیوے۔ اور میں نے

besturdubooks.wordpress.com

أَوْ ضَعِيفٍ أَوْ غَيْرِ هِمَا بَيَّنْتُ وَجْهَهُ غَالِبًا وَمَا لَمْ يُشِرْ إِلَيْهِ مِمَّا فِي الْأُصُولِ فَقَدْ قَفَّيْتُهُ فِي تَرْكِهِ إِلَّا فِي مَوَاضِعَ لِغَرَضٍ وَرُبَّمَا تَجِدُ مَوَاضِعَ مُهْمَلَةً وَذَالِكَ حَيْثُ لَمْ أَطَّلِعْ عَلَى رَاوِيهِ فَتَرَكْتُ الْبَيَاضَ فَإِنْ عَثَرْتَ عَلَيْهِ فَأَلْحِقْهُ بِهِ أَحْسَنَ اللّٰهُ جَزَاءَكَ وَسَمَّيْتُ الْكِتَابَ بِمِشْكٰوةِ الْمَصَابِيحِ وَأَسْأَلُ اللّٰهَ التَّوْفِيقَ وَالْإِعَانَةَ وَالْهِدَايَةَ وَالصِّيَانَةَ وَتَيْسِيرَ مَا أَقْصُدُهُ وَأَنْ يَنْفَعَنِي فِي الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ وَجَمِيعَ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ۔

حدیث کی تحقیق و تلاش میں کسی قسم کی کوشش میں کوتاہی نہیں کی۔ وسعت اور طاقت کے مطابق۔ اور میں نے اختلاف جس طرح پایا ہے اسی طرح نقل کر دیا ہے اور شیخ رضی اللہ عنہ نے جس حدیث کے غریب اور ضعیف ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے میں نے اس کا سبب بیان کر دیا ہے۔ اور جس کی طرف انہوں نے اشارہ نہیں کیا میں نے بھی اصول میں اس کے چھوڑ دینے میں ان کی پیروی کی ہے مگر چند ایک جگہوں میں کسی غرض خاص سے ایسا نہیں کیا بعض جگہ تو پائے گا کہ حدیث بیان کرنے کے بعد کتاب کا نام ذکر نہیں کیا گیا تو یہ اس وجہ سے کہ میں اس کے راوی پر مطلع نہیں ہو سکا اس لیے سفید جگہ چھوڑ دی ہے اگر تو خبردار ہو (اور تجھے اس کا پتہ چل جائے) اس حدیث کو اس کے ساتھ ملا دے اللہ تجھے اچھا بدلہ دے۔ میں نے اس کتاب کا نام مشکوٰۃ المصابیح رکھا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ سے توفیق، مدد کرنے، ہدایت اور خطا سے بچانے کا سوال کرتا ہوں اور سوال کرتا ہوں کہ جس کام کا میں نے ارادہ کیا ہے اُسے آسان بنا دے اور زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد مجھے نفع دے۔ سب مسلمان مردوں اور عورتوں کو بھی نفع دے اللہ مجھ کو کافی ہے اور اچھا کارساز ہے گناہوں سے بچنے اور نیکی کرنے کی مجھ میں طاقت نہیں ہے مگر اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو غالب اور حکمت والا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ وَإِنَّمَا لِامْرِئٍ مَّا نَوٰى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ إِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَهِجْرَتُهٗ إِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ إِلٰى دُنْيَا يُصِيْبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَّنْكِحُهَا فَهِجْرَتُهٗ إِلٰى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عمرؓ بن خطاب سے روایت ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے اور ہر شخص کے لئے وہی ہے جس کی نیت کرے جس شخص کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہے اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہے اور جس شخص کی ہجرت دنیا کی طرف ہے کہ اسے پہنچے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کی غرض ہے تو اس کی ہجرت اس چیز کی طرف ہے جس کے لئے اس نے ہجرت کی ہے۔

(متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

# كِتَابُ الْإِيمَانِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

+ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ اِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا رَجُلٌ شَدِيْدُ بَيَاضِ الثِّيَابِ شَدِيْدُ سَوَادِ الشَّعْرِ لَا يُرٰى عَلَيْهِ اَثَرُ السَّفَرِ وَلَا يَعْرِفُهٗ مِنَّا اَحَدٌ حَتّٰى جَلَسَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْنَدَ رُكْبَتَيْهِ اِلٰى رُكْبَتَيْهِ وَوَضَعَ كَفَّيْهِ عَلٰى فَخِذَيْهِ وَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اَخْبِرْنِيْ عَنِ الْاِسْلَامِ قَالَ اَلْاِسْلَامُ اَنْ تَشْهَدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَتُقِيْمَ الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِيَ الزَّكٰوةَ وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ وَتَحُجَّ الْبَيْتَ اِنِ اسْتَطَعْتَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا قَالَ صَدَقْتَ فَعَجِبْنَا لَهٗ يَسْاَلُهٗ وَيُصَدِّقُهٗ قَالَ فَاَخْبِرْنِيْ عَنِ الْاِيْمَانِ قَالَ اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَتُؤْمِنَ بِالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ قَالَ صَدَقْتَ قَالَ فَاَخْبِرْنِيْ عَنِ الْاِحْسَانِ قَالَ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرٰىكَ قَالَ فَاَخْبِرْنِيْ عَنِ السَّاعَةِ

# ایمان کا بیان

## پہلی فصل

حضرت عمر بن خطابؓ سے روایت ہے۔ اُس نے کہا ہم ایک دفعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے۔ اچانک ایک شخص ہم پر ظاہر ہوا جس کے کپڑے نہایت سفید تھے اور بال بہت زیادہ سیاہ تھے۔ اس پر سفر کا نشان معلوم نہ ہوتا تھا۔ اور نہ ہم میں سے اسے کوئی جانتا تھا۔ یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر بیٹھ گیا۔ اپنے دونوں زانوؤں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں زانوؤں سے لگا دیئے۔ اور اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں زانوؤں پر رکھ لئے۔ اور کہا۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اسلام کی خبر دیجیے۔ آپ نے فرمایا۔ اسلام یہ ہے۔ کہ تو اس بات کی گواہی دے۔ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور محمد اللہ کے رسول ہیں۔ اور تو نماز پڑھے۔ اور زکوٰۃ دے۔ اور رمضان کے روزے رکھے۔ بیت اللہ شریف کا حج کرے جبکہ تو اُس کی طرف راہ کی طاقت رکھے۔ اُس نے کہا۔ آپ نے سچ فرمایا۔ ہم نے تعجب کیا۔ کہ آپ سے پوچھتا ہے اور تصدیق کرتا ہے۔ اُس نے کہا۔ مجھے ایمان کے متعلق خبر دیں۔ آپ نے فرمایا۔ تو اللہ تعالیٰ پر۔ فرشتوں پر اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر۔ آخرت کے دن پر ایمان لائے۔ اور تقدیر اس کی بھلائی اور اس کی برائی پر بھی تیرا ایمان ہو۔ اس نے کہا۔ آپ نے سچ فرمایا۔ اس نے کہا۔ کہ احسان کے متعلق مجھ کو خبر دیں۔ فرمایا۔ تو اللہ کی اسطرح بندگی کرے کہ تو اسکو دیکھتا ہے۔ اگر نہیں دیکھ سکتا۔ پس وہ دیکھتا ہے تجھ کو۔ اس نے کہا۔ پس قیامت کے متعلق مجھے خبر دو۔ آپ نے فرمایا۔

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ قَالَ فَاَخْبِرْنِیْ عَنْ اَمَارَاتِهَا قَالَ اَنْ تَلِدَ الْاَمَةُ رَبَّتَهَا وَاَنْ تَرَی الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الْعَالَةَ رِعَآءَ الشَّآءِ یَتَطَاوَلُوْنَ فِی الْبُنْیَانِ قَالَ ثُمَّ انْطَلَقَ فَلَبِثْتُ مَلِیًّا ثُمَّ قَالَ لِیْ یَا عُمَرُ اَتَدْرِیْ مَنِ السَّائِلُ قُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّهٗ جِبْرِیْلُ اَتٰکُمْ یُعَلِّمُکُمْ دِیْنَکُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَرَوَاهُ اَبُوْهُرَیْرَةَ مَعَ اخْتِلَافٍ۔ وَفِیْهِ اِذَا رَاَیْتَ الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الصُّمَّ الْبُکْمَ مُلُوْکَ الْاَرْضِ فِیْ خَمْسٍ لَا یَعْلَمُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ قَرَاَ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَیُنَزِّلُ الْغَیْثَ۔ اَلْاٰیَةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

جس سے تو پوچھ رہا ہے۔ وہ پوچھنے والے سے زیادہ جاننے والا نہیں ہے۔ اس نے کہا۔ پس مجھ کو اس کی علامتوں کے متعلق خبر دو۔ آپ نے فرمایا۔ لونڈی اپنے مالک کو جنے گی۔ اور تو دیکھے۔ ننگے پاؤں والے ننگے بدنوں والے مفلسوں بکریوں کے چرواہوں کو کہ عمارتوں میں فخر کریں گے۔ راوی نے کہا۔ پھر وہ شخص چلا گیا۔ میں دیر تک ٹھہرا رہا۔ پھر آپ نے مجھے فرمایا۔ اے عمرؓ! تو جانتا ہے۔ وہ سوالات پوچھنے والا کون تھا۔ میں نے کہا۔ اللہ اور اس کا رسول زیادہ جاننے والا ہے۔ فرمایا۔ تحقیق وہ جبریلؑ تھا۔ تمہارے پاس دین سکھلانے کیلئے آیا تھا (مسلم) ابوہریرہؓ نے تھوڑے سے اختلاف الفاظ کیساتھ اسے بیان کیا ہے۔ اور اسکے الفاظ یہ ہیں۔ جب وقت تو ننگے پاؤں والوں اور ننگے جسموں والوں بہروں اور گونگوں کو زمین کا بادشاہ دیکھے۔ پانچ چیزیں ہیں۔ کہ انکو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ پھر یہ آیت پڑھی۔ تحقیق اللہ کے نزدیک علم ہے قیامت کا۔ اور مینہ برساتا ہے اخیر تک (متفق علیہ)

۲/۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِیْتَآءِ الزَّکٰوةِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمَضَانَ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے۔ اس کی گواہی دینا۔ کہ اللہ تعالےٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور تحقیق حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔ اور نماز کا اچھی طرح پڑھنا زکوٰۃ ادا کرنا۔ حج کرنا۔ رمضان کے روزے رکھنا۔ (متفق علیہ)

۳/۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْاِیْمَانُ بِضْعٌ وَّسَبْعُوْنَ شُعْبَةً وَّاَفْضَلُهَا قَوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَدْنَاهَا اِمَاطَةُ الْاَذٰی عَنِ الطَّرِیْقِ وَالْحَیَآءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْاِیْمَانِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایمان کی چند اوپر ستر شاخیں ہیں۔ ان میں افضل لا الٰہ الا اللہ کہنا ہے۔ اور کمتر یہ ہے کہ دور کر دینا ایذاء کی چیز کا راستہ سے۔ اور حیا ایمان کی ایک شاخ ہے (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۴/۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَلِلْمُسْلِمِ قَالَ اِنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْمُسْلِمِ خَيْرٌ قَالَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔

عبداللہ بن عمر رضؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کامل مسلمان وُہ ہے کہ مسلمان اُس کی زُبان اور اس کے ہاتھ سے سلامت رہیں۔ اور کامل مہاجر (ہجرت کرنے والا) وہ ہے۔ جو اس چیز کو چھوڑ دے جسے اللہ نے منع کیا ہے۔ یہ لفظ بخاری کے ہیں۔ اور مسلم میں ہے۔ کہ ایک آدمی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا مسلمانوں میں کون بہتر ہے آپ نے فرمایا۔ وہ جس کی زُبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان سلامت رہیں۔

۲۱/۲۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضؓ سے روایت ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی مؤمن نہیں ہو سکتا۔ یہاں تک میں اس کیطرف اس کے باپ اور اسکی اولاد اور سب آدمیوں سے زیادہ پیارا ہو جاؤں۔ (متفق علیہ)

۵/۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ مَّنْ كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ بِهِنَّ حَلَاوَةَ الْاِيْمَانِ مَنْ كَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا وَمَنْ اَحَبَّ عَبْدًا لَا يُحِبُّهٗ اِلَّا لِلّٰهِ وَمَنْ يَّكْرَهُ اَنْ يَّعُوْدَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ اَنْ اَنْقَذَهُ اللّٰهُ كَمَا يَكْرَهُ اَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور انس رضؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تین چیزیں ہیں۔ جس میں وہ ہوں گی۔ ایمان کی حلاوت پالے گا۔ جو شخص کہ اللہ اور اس کا رسولؐ اس کی طرف سب سے بڑھ کر محبوب ہو۔ اور جو کسی دوسرے شخص کو صرف اللہ تعالیٰ کی خاطر دوست رکھتا ہے۔ اور جو شخص کفر میں لوٹ جانے کو اس طرح بُرا سمجھے جبکہ اللہ نے اُسے اس سے نکال لیا ہے۔ جس طرح آگ میں جانا بُرا سمجھتا ہے۔ (متفق علیہ)

۶/۶ وَعَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاقَ طَعْمَ الْاِيْمَانِ مَنْ رَّضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور عباس ابن عبدالمطلب سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس شخص نے ایمان کا ذائقہ چکھ لیا۔ جو راضی ہو گیا۔ اللہ تعالےٰ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر۔ اور حضرت محمدؐ کے رسول ہونے پر۔ (مسلم)

۷/۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ

ابوہریرۃ رضؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

besturdubooks.wordpress.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَا يَسْمَعُ بِيْ اَحَدٌ مِّنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ يَهُوْدِيٌّ وَّلَا نَصْرَانِيٌّ ثُمَّ يَمُوْتُ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِالَّذِيْ اُرْسِلْتُ بِهٖ اِلَّا كَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

نے فرمایا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے۔ میرے مبعوث ہونے کو اس امت سے کوئی نہیں سنے وہ یہودی ہو۔ یا عیسائی۔ پھر اس حالت میں مرے۔ کہ ایمان نہ لایا ہو۔ اس چیز پر جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں۔ مگر وہ دوزخیوں میں سے ہے۔ (مسلم)

۴ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَهُمْ اَجْرَانِ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ اٰمَنَ بِنَبِيِّهٖ وَاٰمَنَ بِمُحَمَّدٍ وَّالْعَبْدُ الْمَمْلُوْكُ اِذَا اَدّٰى حَقَّ مَوَالِيْهِ وَرَجُلٌ كَانَتْ عِنْدَهٗ اَمَةٌ يَطَاُهَا فَاَدَّبَهَا فَاَحْسَنَ تَاْدِيْبَهَا وَعَلَّمَهَا فَاَحْسَنَ تَعْلِيْمَهَا ثُمَّ اَعْتَقَهَا فَتَزَوَّجَهَا فَلَهٗ اَجْرَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابو موسیٰ اشعری رضؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تین شخص ہیں۔ اُن کے لئے دو ثواب ہیں۔ ایک وہ شخص جو اہل کتاب میں سے ہے۔ اپنے نبی پر ایمان لایا۔ اور محمدؐ کے ساتھ ایمان لایا۔ اور دوسرا غلام مملوک جب ادا کرے حق اللہ کا اور حق اپنے مالکوں کا۔ اور تیسرا شخص وہ ہے۔ کہ اس کی ایک لونڈی تھی جس سے صحبت کرتا تھا۔ اس نے اسے ادب سکھلایا۔ پس اچھا ادب سکھلایا۔ اور اسے علم (دین) سکھلایا۔ اچھی طرح تعلیم سکھلائی پھر اسکو آزاد کر دیا۔ اور اس سے نکاح کر لیا پس اس کیلئے دو چند ثواب ہے (متفق علیہ)

۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَصَمُوْا مِنِّيْ دِمَآءَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّ الْاِسْلَامِ وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) اِلَّا اَنَّ مُسْلِمًا لَمْ يَذْكُرِ اِلَّا بِحَقِّ الْاِسْلَامِ۔

ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے حکم دیا گیا ہے۔ کہ میں لوگوں کے ساتھ لڑوں۔ یہاں تک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔ اور وہ نماز پڑھیں۔ اور زکوٰۃ دیں۔ پس جس وقت وہ ایسا کر لیں۔ انہوں نے مجھ سے اپنے خون اور اپنے مال بچا لئے۔ مگر اسلام کے حق سے اور اُن کا حساب اللہ تعالیٰ پر ہے۔ مگر مسلم نے الا بحق الاسلام کے الفاظ ذکر نہیں کئے۔ (متفق علیہ)

۱۰ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى صَلٰوتَنَا وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا وَاَكَلَ

اور انس رضؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص ہماری طرح نماز پڑھے اور ہمارے قبلہ کی طرف متوجہ ہو۔ اور ہمارا ذبیحہ کھالے پس یہ مسلمان ہے۔ کہ اس کے لئے ذمہ اللہ تعالیٰ کا اور

besturdubooks.wordpress.com

ذِمَّتِنَا فَذٰلِكَ الْمُسْلِمُ الَّذِيْ لَهٗ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهٖ فَلَا تُخْفِرُوا اللّٰهَ فِيْ ذِمَّتِهٖ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔ پس اس کے ذمہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے خیانت نہ کرو۔ (بخاری)

۱۱/۱۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَتٰى اَعْرَابِيٌّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ اِذَا عَمِلْتُهٗ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ قَالَ تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا وَّتُقِيْمُ الصَّلٰوةَ الْمَكْتُوْبَةَ وَتُؤَدِّي الزَّكٰوةَ الْمَفْرُوْضَةَ وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا اَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا شَيْئًا وَّلَا اَنْقُصُ مِنْهُ فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک اعرابی آگنوار آیا۔ اس نے کہا۔ مجھے ایک ایسا عمل بتلاؤ۔ جب میں اسے کرلوں۔ تو جنت میں داخل ہوں۔ آپؐ نے فرمایا۔ اللہ کی عبادت کر۔ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرا۔ اور فرض نماز پڑھ۔ اور فرض زکوٰۃ ادا کر۔ رمضان شریف کے روزے رکھ۔ اس نے کہا۔ اس ذات کی قسم۔ جس کے قبضے میں میری جان ہے۔ نہ میں اس پر کچھ زیادتی کروں گا۔ اور نہ اس سے کم کروں گا۔ جب وہ پھرا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ وہ ایک جنتی آدمی کو دیکھے وہ اس کیطرف دیکھ لے۔ (متفق علیہ)

۱۲/۱۲ وَعَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قُلْ لِّيْ فِي الْاِسْلَامِ قَوْلًا لَّا اَسْاَلُ عَنْهُ اَحَدًا بَعْدَكَ وَفِيْ رِوَايَةٍ غَيْرَكَ قَالَ قُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سفیان بن عبداللہ سے روایت ہے۔ میں نے کہا۔ اے اللہ کے رسولؐ! اسلام میں آپ مجھے ایک ایسی بات فرمائیں۔ کہ آپ کے بعد میں کسی سے نہ پوچھوں ایک روایت غیرک کے لفظ کے ساتھ ہے۔ آپ نے فرمایا۔ تو کہہ میں اللہ پر ایمان لایا۔ پھر اس پر قائم رہ۔ (مسلم)

۱۳/۱۳ وَعَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَهْلِ نَجْدٍ ثَائِرَ الرَّاْسِ نَسْمَعُ دَوِيَّ صَوْتِهٖ وَلَا نَفْقَهُ مَا يَقُوْلُ حَتّٰى دَنَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا هُوَ يَسْاَلُ عَنِ الْاِسْلَامِ فَقَالَ

طلحہ بن عبیداللہ سے روایت ہے۔ اس نے کہا۔ کہ ایک آدمی اہل نجد کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا جس کے سر کے بال پراگندہ تھے۔ اس کی آواز کی گنگناہٹ ہم سنتے تھے اور سمجھتے نہیں تھے۔ کہ وہ کیا کہتا ہے۔ یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب آگیا۔ ناگہاں وہ اسلام کے متعلق پوچھ رہا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پانچ

besturdubooks.wordpress.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسُ صَلَوَاتٍ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ فَقَالَ هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهُنَّ فَقَالَ لَا إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ فَقَالَ هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهُ قَالَ لَا إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ وَذَكَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الزَّكٰوةَ فَقَالَ هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا فَقَالَ لَا إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ قَالَ فَأَدْبَرَ الرَّجُلُ وَهُوَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَا أَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا وَلَا أَنْقُصُ مِنْهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْلَحَ الرَّجُلُ إِنْ صَدَقَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نمازیں رات دن میں۔ اُس نے کہا۔ ان کے سوا مجھ پر اور بھی ہیں آپ نے فرمایا۔ نہیں مگر یہ کہ تو نفل پڑھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اور رمضان المبارک کے مہینے میں روزے رکھنا۔ اس نے کہا۔ ان کے سوا اور بھی مجھ پر ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ نہیں مگر یہ کہ تو نفل رکھے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ کا ذکر کیا۔ اس نے کہا۔ کہ اس کے سوا اور مجھ پر ہے۔ آپ نے فرمایا۔ نہیں مگر یہ کہ تو نفل صدقہ دیوے راوی نے کہا۔ اس آدمی نے پیٹھ پھیری۔ اور کہتے جاتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی قسم! نہ میں اس پر زیادہ کروں گا۔ اور نہ میں اس سے کم کروں گا۔ فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ مراد پائی اس شخص نے اگر سچا ہے۔

(متفق علیہ)

۱۴/۱۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ لَمَّا أَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ الْقَوْمُ أَوْ مَنِ الْوَفْدُ قَالُوْا رَبِيْعَةُ قَالَ مَرْحَبًا بِالْقَوْمِ أَوْ بِالْوَفْدِ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا نَدَامٰى قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا لَا نَسْتَطِيْعُ أَنْ نَأْتِيَكَ إِلَّا فِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ وَبَيْنَنَا وَبَيْنَكَ هٰذَا الْحَيُّ مِنْ كُفَّارِ مُضَرَ فَمُرْنَا بِأَمْرٍ فَصْلٍ نُخْبِرُ بِهٖ مَنْ وَرَاءَنَا وَنَدْخُلُ بِهِ الْجَنَّةَ وَسَأَلُوْهُ عَنِ الْأَشْرِبَةِ فَأَمَرَهُمْ بِأَرْبَعٍ وَنَهَاهُمْ عَنْ أَرْبَعٍ أَمَرَهُمْ بِالْإِيْمَانِ بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ قَالَ أَتَدْرُوْنَ مَا الْإِيْمَانُ بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ أَعْلَمُ

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ عبدالقیس کا وفد جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ کونسی قوم ہے یا یہ کون سا وفد ہے۔ انہوں نے کہا۔ ہم ربیعہ ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس جماعت یا وفد کو خوش آمدید ہو۔ اس حالت میں کہ نہ رسوا ہو۔ اور نہ پشیمان۔ انہوں نے کہا۔ اے اللہ کے رسول! ہم آپ کے پاس حرمت والے مہینوں کے علاوہ آنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ ہمارے اور تمہارے درمیان مضر کا کافر قبیلہ ہے۔ پس آپ ہمیں ایک حکم کے ساتھ امر فرما دیں کہ فرق کر دے۔ ہم اسکی اُن لوگوں کو خبر دیں۔ جو ہمارے پیچھے ہیں۔ اور ہم اسکے سبب جنت میں داخل ہو جائیں انہوں نے آپ سے پینے کے برتنوں کے متعلق دریافت کیا آپ نے انکو چار چیزوں کا حکم دیا اور چار چیزوں سے روکا۔ انکو ایک اللہ کے ساتھ ایمان لانے کا حکم دیا آپ نے فرمایا کہ تم جانتے ہو ایک اللہ کے ساتھ ایمان لانے کا کیا معنیٰ ہے انہوں نے

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ شَهَادَةُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَاِقَامُ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءُ الزَّكٰوةِ وَصِيَامُ رَمَضَانَ وَاَنْ تُعْطُوْا مِنَ الْمَغْنَمِ الْخُمُسَ وَنَهٰهُمْ عَنْ اَرْبَعٍ عَنِ الْحَنْتَمِ وَالدُّبَّآءِ وَالنَّقِيْرِ وَالْمُزَفَّتِ وَقَالَ احْفَظُوْهُنَّ وَاَخْبِرُوْا بِهِنَّ مَنْ وَّرَآءَكُمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُ لِلْبُخَارِيِّ)

کہا۔ اللہ اور اُس کا رسول خوب جانتا ہے۔ آپ نے فرمایا۔ اس بات کی گواہی دینا۔ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور بیشک محمد اللہ کے رسول ہیں۔ نماز قائم کرنا۔ زکوٰۃ کا دینا۔ اور رمضان کے روزے رکھنا۔ اور فرمایا۔ کہ تم غنیمت سے پانچواں حصہ دو۔ اور چار قسم کے برتنوں سے انہیں روکا۔ ٹھلیاں لاکھی۔ اور تونبے کدو کے۔ اور جڑ درخت کے باسن۔ اور باسن روغن دار کے۔ اور فرمایا۔ کہ یاد رکھو۔ ان کو اور جو تمہارے پیچھے ہیں۔ اُن کو خبر دو۔ (متفق علیہ)

۱۵/۱۵ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَوْلَهٗ عِصَابَةٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ بَايِعُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ لَّا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ وَلَا تَاْتُوْا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَاَرْجُلِكُمْ وَلَا تَعْصُوْا فِيْ مَعْرُوْفٍ فَمَنْ وَّفٰى مِنْكُمْ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعُوْقِبَ بِهٖ فِي الدُّنْيَا فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا ثُمَّ سَتَرَهُ اللّٰهُ فَهُوَ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَآءَ عَفَا عَنْهُ وَاِنْ شَآءَ عَاقَبَهٗ فَبَايَعْنَاهُ عَلٰى ذٰلِكَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبادہ بن صامت رضؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس حالت میں کہ اُن کے گرد صحابہؓ کی ایک جماعت تھی میرے ہاتھ پر بیعت کرو۔ کہ تم اللہ تعالےٰ کیساتھ کسی کو شریک نہیں کروگے اور نہ چوری کروگے اور نہ زنا کروگے اور نہ مار ڈالوگے اپنی اولاد کو اور نہ اٹھاؤ گے بہتان کہ باندھ لیا ہو۔ تم نے اسے اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان۔ اور نیک بات میں نافرمانی نہ کروگے۔ جو شخص اس وعدہ کو پورا کرے گا۔ اس کا اجر اللہ پر ہے۔ اور جو اُن چیزوں میں سے کسی کو پہنچا پس دنیا میں اس کی سزا بھی دیا گیا۔ وہ اس کا کفارہ ہے۔ اور جو کوئی پہنچا۔ اُن میں سے کسی چیز کو۔ پھر اللہ تعالےٰ نے اُسے ڈھانک لیا۔ وہ اللہ کے سپرد ہے۔ اگر چاہے بخشے۔ اگر چاہے سزا دیوے۔ ہم نے اس پر آپ سے بیعت کی۔ (متفق علیہ)

۱۶/۱۶ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَضْحًى اَوْ فِطْرٍ اِلَى الْمُصَلّٰى فَمَرَّ عَلَى النِّسَآءِ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ النِّسَآءِ تَصَدَّقْنَ فَاِنِّيْ اُرِيْتُكُنَّ اَكْثَرَ اَهْلِ النَّارِ فَقُلْنَ وَبِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ وَ

ابو سعید خدری رضؓ سے روایت ہے۔ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر یا عید الاضحےٰ کے لئے عیدگاہ کیطرف نکلے۔ عورتوں کے پاس گزرے۔ پس فرمایا۔ اے عورتوں کی جماعت! خیرات کرو۔ میں اہل نار میں سے تم کو زیادہ دکھلایا گیا ہوں۔ ان عورتوں نے کہا کس لئے اے اللہ کے رسولؐ! آپ نے فرمایا۔ تم لعنت بہت کرتی ہو۔ اور خاوند کی ناشکری

besturdubooks.wordpress.com

تَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ مَا رَأَيْتُ مِنْ نَّاقِصَاتِ عَقْلٍ وَّدِيْنٍ أَذْهَبَ لِلُبِّ الرَّجُلِ الْحَازِمِ مِنْ إِحْدَاكُنَّ قُلْنَ وَمَا نُقْصَانُ دِيْنِنَا وَعَقْلِنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ أَلَيْسَ شَهَادَةُ الْمَرْأَةِ مِثْلَ نِصْفِ شَهَادَةِ الرَّجُلِ قُلْنَ بَلٰى قَالَ فَذٰلِكِ مِنْ نُقْصَانِ عَقْلِهَا قَالَ أَلَيْسَ إِذَا حَاضَتْ لَمْ تُصَلِّ وَلَمْ تَصُمْ قُلْنَ بَلٰى قَالَ فَذٰلِكِ مِنْ نُقْصَانِ دِيْنِهَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کرتی ہو۔ میں نے نہیں دیکھا کہ ایک ناقص عقل رکھنے والی اور ناقص دین والی مرد ہوشیار کی عقل کو تم سے بڑھ کر کھو دے عورتوں نے کہا۔ اور ہمارے دین کا نقصان کیا ہے اور ہماری عقل کا نقصان کیا ہے۔ اے اللہ کے رسول! آپ نے فرمایا۔ کیا عورت کی گواہی مرد کی آدھی گواہی کے برابر نہیں ہے انہوں نے کہا کیوں نہیں۔ آپ نے فرمایا۔ یہ اسکی عقل کا نقصان ہے۔ فرمایا۔ کیا عورت جب حیض والی ہوتی ہے نہ نماز پڑھتی ہے۔ نہ روزہ رکھتی ہے عورتوں نے کہا کیوں نہیں ایسا ہی ہے۔ آپ نے فرمایا۔ یہ اس کے دین کا نقصان ہے (متفق علیہ)

۱۷/ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى كَذَّبَنِيْ ابْنُ آدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ ذٰلِكَ وَشَتَمَنِيْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ ذٰلِكَ فَأَمَّا تَكْذِيْبُهٗ إِيَّايَ فَقَوْلُهٗ لَنْ يُّعِيْدَنِيْ كَمَا بَدَأَنِيْ وَلَيْسَ أَوَّلُ الْخَلْقِ بِأَهْوَنَ عَلَيَّ مِنْ إِعَادَتِهٖ وَأَمَّا شَتْمُهٗ إِيَّايَ فَقَوْلُهٗ اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا وَّأَنَا الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ أَلِدْ وَلَمْ أُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لِّيْ كُفُوًا أَحَدٌ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّأَمَّا شَتْمُهٗ إِيَّايَ فَقَوْلُهٗ لِيْ وَلَدٌ وَّسُبْحَانِيْ أَنْ أَتَّخِذَ صَاحِبَةً أَوْ وَلَدًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ مجھ کو بیٹا آدم کا جھٹلاتا ہے۔ اور یہ بات اس کے لئے لائق نہیں۔ اور مجھ کو برا کہتا ہے۔ اور اس کو یہ لائق نہیں۔ اسے پر۔ اس کا مجھ کو جھٹلانا اس کا یہ کہنا ہے۔ کہ مرنے کے بعد مجھے ہرگز زندہ نہ کرے گا۔ جیسے پیدا کیا مجھ کو پہلی بار۔ اور پہلی بار پیدا کرنا اس کے زندہ کرنے سے سہل تر نہیں ہے اور اس کا مجھ کو برا کہنا۔ اس کا یہ کہنا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی اولاد پکڑی ہے۔ اور حال یہ ہے۔ کہ میں ایک ہوں۔ بے پرواہ ہوں۔ وہ ذات کہ نہ جنا میں نے۔ اور نہ جنا گیا۔ اور نہیں میرے واسطے ہمسر کوئی۔ ابن عباس رضؓ کی ایک روایت میں ہے۔ اس کا برا کہنا اس کا یہ کہنا ہے۔ کہ میرا فرزند ہے اور میں اس بات سے پاک ہوں۔ کہ کسی کو اپنی بیوی یا فرزند ٹھہراؤں۔ (بخاری)

۱۸/ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يُؤْذِيْنِيْ ابْنُ آدَمَ يَسُبُّ الدَّهْرَ وَأَنَا الدَّهْرُ بِيَدِيَ الْأَمْرُ أُقَلِّبُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ آدم کا بیٹا مجھے ایذا دیتا ہے۔ وہ زمانے کو گالی دیتا ہے۔ اور میں زمانہ ہوں۔ میرے ہاتھ میں حکم ہے۔ رات اور دن کو میں بدلتا ہوں۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com



۱۹/۱۹ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَحَدٌ اَصْبَرُ عَلٰی اَذًی یَّسْمَعُہٗ مِنَ اللّٰہِ یَدَّعُوْنَ لَہُ الْوَلَدَ ثُمَّ یُعَافِیْھِمْ وَ یَرْزُقُھُمْ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابوموسیٰ اشعری رضؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی ایک جو ایذا کو سنتا ہے۔ اس پر اللہ سے بڑھ کر صبر کرنے والا نہیں ہے۔ لوگ اس کے لئے لڑکا ثابت کرتے ہیں۔ پھر وہ ان کو عافیت دیتا ہے اور اُن کو رزق دیتا ہے۔ (متفق علیہ)

۲۰/۲۰ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ کُنْتُ رِدْفَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی حِمَارٍ لَیْسَ بَیْنِیْ وَبَیْنَہٗ اِلَّا مُؤْخِرَۃُ الرَّحْلِ فَقَالَ یَا مُعَاذُ ھَلْ تَدْرِیْ مَا حَقُّ اللّٰہِ عَلٰی عِبَادِہٖ وَمَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلَی اللّٰہِ قُلْتُ اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ حَقَّ اللّٰہِ عَلَی الْعِبَادِ اَنْ یَّعْبُدُوْہُ وَلَا یُشْرِکُوْا بِہٖ شَیْئًا وَّحَقُّ الْعِبَادِ عَلَی اللّٰہِ اَنْ لَّا یُعَذِّبَ مَنْ لَّا یُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَفَلَا اُبَشِّرُ بِہِ النَّاسَ قَالَ لَا تُبَشِّرْھُمْ فَیَتَّکِلُوْا (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

معاذ رضؓ سے روایت ہے۔ کہ میں ایک مرتبہ گدھے کی سواری پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھا تھا میرے اور آپ کے درمیان زین کی پچھلی لکڑی تھی۔ آپ نے فرمایا۔ اے معاذ! کیا تو جانتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا حق بندوں پر کیا ہے اور بندوں کا اللہ تعالیٰ پر کیا حق ہے۔ میں نے کہا۔ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول زیادہ جانتا ہے۔ آپ نے فرمایا۔ تحقیق۔ اللہ کا حق بندوں پر یہ ہے۔ کہ اس کی عبادت کریں۔ اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں۔ اور بندوں کا حق اللہ پر یہ ہے کہ جو شخص اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرے۔ اس کو وہ عذاب نہ دے۔ میں نے کہا۔ اے اللہ کے رسول! میں اس بات کی لوگوں کو خوشخبری نہ دوں۔ آپ نے فرمایا۔ ان کو خوشخبری نہ پہنچا۔ پس بھروسہ کریں گے۔ (متفق علیہ)

۲۲/۲۲ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمُعَاذٌ رَدِیْفُہٗ عَلَی الرَّحْلِ قَالَ یَا مُعَاذُ قَالَ لَبَّیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَسَعْدَیْکَ قَالَ یَا مُعَاذُ قَالَ لَبَّیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَسَعْدَیْکَ قَالَ یَا مُعَاذُ قَالَ لَبَّیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَسَعْدَیْکَ ثَلٰثًا قَالَ مَا مِنْ اَحَدٍ یَّشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ صِدْقًا

انس رضؓ سے روایت ہے۔ بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جبکہ معاذ رضؓ آپ کی سواری میں آپ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ نے فرمایا اے معاذ رضؓ! اس نے کہا میں حاضر ہوں۔ اے اللہ کے رسولؐ اور حاضر ہوں خدمت میں فرمایا اے معاذ رضؓ! پھر کہا۔ حاضر ہوں میں اے اللہ کے رسولؐ اور حاضر ہوں خدمت میں۔ پھر فرمایا۔ اے معاذ! اس نے کہا۔ حاضر ہوں میں اللہ کے رسول اور حاضر ہوں خدمت میں تین بار اسی طرح فرمایا۔ انس رضؓ نے کہا۔ پھر فرمایا۔ کوئی آدمی ایسا نہیں۔ جو

besturdubooks.wordpress.com

مِّنْ قَلْبِهٖ اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا اُخْبِرُ بِهٖ النَّاسَ فَيَسْتَبْشِرُوْا قَالَ اِذًا يَّتَّكِلُوْا فَاَخْبَرَ بِهَا مُعَاذٌ عِنْدَ مَوْتِهٖ تَاَثُّمًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سچے دل سے اِس بات کی گواہی دے۔ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور تحقیق محمدؐ اللہ کے رسول ہیں مگر اللہ اس پر آگ حرام کر دیتا ہے۔ معاذؓ نے کہا۔ یا رسول اللہ! لوگوں کو اس بات کی خبر نہ کر دوں پس وہ خوش ہوں۔ فرمایا۔ اس وقت وہ اعتماد کریں گے معاذؓ نے گناہ سے بچنے کیخاطر مرتے وقت اس بات کی خبر دی۔ (متفق علیہ)

۲۳/۲۳ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ اَبْيَضُ وَهُوَ نَائِمٌ ثُمَّ اَتَيْتُهٗ وَقَدِ اسْتَيْقَظَ فَقَالَ مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ مَاتَ عَلٰى ذٰلِكَ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ قُلْتُ وَاِنْ زَنٰى وَاِنْ سَرَقَ قَالَ وَاِنْ زَنٰى وَاِنْ سَرَقَ قُلْتُ وَاِنْ زَنٰى وَاِنْ سَرَقَ قَالَ وَاِنْ زَنٰى وَاِنْ سَرَقَ قُلْتُ وَاِنْ زَنٰى وَاِنْ سَرَقَ قَالَ وَاِنْ زَنٰى وَاِنْ سَرَقَ عَلٰى رَغْمِ اَنْفِ اَبِيْ ذَرٍّ وَكَانَ اَبُوْ ذَرٍّ اِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا قَالَ وَاِنْ رَغِمَ اَنْفُ اَبِيْ ذَرٍّ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوذرؓ سے روایت ہے۔ کہا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ آپؐ کے اُوپر سفید کپڑا تھا۔ آپؐ سوئے ہوئے تھے۔ میں پھر آپؐ کے پاس آیا۔ آپؐ اُس وقت بیدار تھے۔ فرمایا نہیں کوئی بندہ جو کہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ پھر اس پر وُہ مرے۔ مگر جنت میں داخل ہوگا میں نے کہا۔ اگرچہ زنا کرے اور چوری کرے۔ فرمایا۔ اگرچہ زنا کرے اور چوری کرے۔ میں نے کہا اگرچہ زنا کرے اور چوری کرے فرمایا۔ اگرچہ زنا کرے اور چوری کرے۔ میں نے کہا۔ اگرچہ زنا کرے اور چوری کرے۔ فرمایا۔ اگرچہ زنا کرے اور چوری کرے۔ ابوذر کی ناک کے خاک آلود ہونے کے باوجود ابوذرؓ جس وقت یہ حدیث بیان کرتے۔ فرماتے۔ اگرچہ ابوذرؓ کا ناک خاک آلود ہو۔ (متفق علیہ)

۲۴/۲۴ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَهِدَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاَنَّ عِيْسٰى عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ وَابْنُ اَمَتِهٖ وَكَلِمَتُهٗ اَلْقٰهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ وَالْجَنَّةُ وَالنَّارُ حَقٌّ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ عَلٰى مَا كَانَ مِنَ الْعَمَلِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے کہا۔ فرمایا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص گواہی دے کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ تعالےٰ کے جو اکیلا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور تحقیق حضرت محمدؐ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اور تحقیق عیسیٰؑ اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہے۔ اور اسکی لونڈی کا بیٹا اور اس کا کلمہ ہے۔ کہ ڈالا اس نے مریم کی طرف اور رُوح ہے اسکی طرف سے اور جنت اور دوزخ برحق ہے اللہ اسکو جنت میں داخل کریگا۔ وہ خواہ اُوپر کسی عمل کے ہو۔ (متفق علیہ)

۲۵/۲۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ

عمرو بن العاصؓ سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم صلی

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِبْسُطْ یَمِیْنَکَ فَلِاُبَایِعْکَ فَبَسَطَ یَمِیْنَہٗ فَقَبَضْتُ یَدِیْ فَقَالَ مَالَکَ یَا عَمْرُو قُلْتُ اَرَدْتُّ اَنْ اَشْتَرِطَ قَالَ تَشْتَرِطُ مَاذَا قُلْتُ اَنْ یُّغْفَرَ لِیْ قَالَ اَمَا عَلِمْتَ یَا عَمْرُو اَنَّ الْاِسْلَامَ یَھْدِمُ مَا کَانَ قَبْلَہٗ وَاَنَّ الْھِجْرَۃَ تَھْدِمُ مَا کَانَ قَبْلَھَا وَاَنَّ الْحَجَّ یَھْدِمُ مَا کَانَ قَبْلَہٗ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَالْحَدِیْثَانِ الْمَرْوِیَّانِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَنَا اَغْنَی الشُّرَکَآءِ عَنِ الشِّرْکِ وَالْاٰخَرُ اَلْکِبْرِیَآءُ رِدَآئِیْ سَنَذْکُرُھُمَا فِیْ بَابِ الرِّیَآءِ وَالْکِبْرِ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے کہا۔ اپنا داہنا ہاتھ آگے بڑھایئے تاکہ میں بیعت کروں آپ نے اپنا داہنا ہاتھ پھیلایا میں نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا۔ فرمایا۔ اے عمرو! تجھے کیا ہے میں نے کہا۔ میں ایک شرط کرنا چاہتا ہوں۔ فرمایا۔ تو کیا شرط کرتا ہے میں نے کہا شرط یہ ہے۔ کہ مجھ کو بخشدیا جاوے۔ فرمایا۔ اے عمرو! تجھے علم نہیں کہ اسلام اُن گناہوں کو دُور کر دیتا ہے۔ جو اس سے پہلے ہوتے ہیں۔ اور ہجرت اُن گناہوں کو دُور کر دیتی ہے جو اس سے پہلے ہوتے ہیں۔ اور حج اُن گناہوں کو دُور کر دیتا ہے۔ جو اس سے پہلے کئے ہوتے ہیں۔ (مسلم) اور وہ دونوں حدیثیں جو ابُوہریرہ سے روایت کی گئی ہیں۔ پہلی حدیث کے الفاظ ہیں۔ اَنَا اَغْنَی الشُّرَکَآءِ عَنِ الشِّرْکِ۔ اور دوسری کے الفاظ ہیں۔ اَلْکِبْرِیَآءُ رِدَائِیْ۔ ہم ان کو باب ریاء اور باب کبر میں بیان کریں گے۔ انشاء اللہ

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۲۶/۲۶ عَنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَخْبِرْنِیْ بِعَمَلٍ یُّدْخِلُنِی الْجَنَّۃَ وَیُبَاعِدُنِیْ مِنَ النَّارِ قَالَ لَقَدْ سَاَلْتَ عَنْ عَظِیْمٍ وَاِنَّہٗ لَیَسِیْرٌ عَلٰی مَنْ یَّسَّرَہُ اللّٰہُ عَلَیْہِ تَعْبُدُ اللّٰہَ وَلَا تُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا وَّتُقِیْمُ الصَّلٰوۃَ وَتُؤْتِی الزَّکٰوۃَ وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ وَتَحُجُّ الْبَیْتَ ثُمَّ قَالَ اَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی اَبْوَابِ الْخَیْرِ اَلصَّوْمُ جُنَّۃٌ وَّالصَّدَقَۃُ تُطْفِیُٔ الْخَطِیْئَۃَ کَمَا یُطْفِیُٔ الْمَآءُ النَّارَ وَصَلٰوۃُ الرَّجُلِ فِیْ جَوْفِ اللَّیْلِ ثُمَّ تَلٰی تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ حَتّٰی

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ میں نے کہا۔ اے اللہ کے رسول! مجھ کو ایک ایسے عمل کی خبر دیں جو مجھ کو جنت میں داخل کر دے۔ اور آگ سے دُور رکھے فرمایا تو نے ایک بڑے کام سے پوچھا ہے اور تحقیق البتہ یہ آسان ہے جس پر اللہ آسان کر دے۔ وہ یہ ہے کہ تو اللہ کی عبادت کر اور اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کر۔ نماز قائم کر اور زکوٰۃ ادا کر۔ رمضان کے رُوزے رکھ اور بیت اللہ کا حج کر۔ پھر فرمایا۔ کیا میں تجھ کو خیر کے دروازے نہ بتلاؤں۔ روزہ ڈھال ہے۔ اور صدقہ گناہ بُجھا دیتا ہے۔ جس طرح پانی آگ کو بجھا دیتا ہے۔ اور آدمی کا آدھی رات کے وقت نماز پڑھنا۔ پھر یہ آیت پڑھی۔ تتجافی جنوبھم عن المضاجع یہاں تک کہ یعملون تک

besturdubooks.wordpress.com

بَلَغَ يَعْمَلُوْنَ ثُمَّ قَالَ اَلَا اَدُلُّكَ بِرَأْسِ الْاَمْرِ وَعَمُوْدِهٖ وَذِرْوَةِ سَنَامِهٖ قُلْتُ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ رَأْسُ الْاَمْرِ الْاِسْلَامُ وَعَمُوْدُهُ الصَّلٰوةُ وَذِرْوَةُ سَنَامِهِ الْجِهَادُ ثُمَّ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكَ بِمِلَاكِ ذٰلِكَ كُلِّهٖ قُلْتُ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَخَذَ بِلِسَانِهٖ وَقَالَ كُفَّ عَلَيْكَ هٰذَا فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ وَاِنَّا لَمُؤَاخَذُوْنَ بِمَا نَتَكَلَّمُ بِهٖ قَالَ ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ يَا مُعَاذُ وَهَلْ يَكُبُّ النَّاسَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اَوْ عَلٰى مَنَاخِرِهِمْ اِلَّا حَصَائِدُ اَلْسِنَتِهِمْ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

پہنچے۔ پھر فرمایا۔ کیا تجھ کو بتلاؤں سر امر کا ستون اس کا اور اس کی کوہان کی بلندی۔ میں نے کہا۔ بتلایئے۔ آپ نے فرمایا۔ سر کام کا اسلام ہے۔ اس کا ستون نماز ہے۔ اور بلندی کوہان اسکی جہاد ہے پھر فرمایا۔ کیا نہ خبر دوں میں تجھ کو ایک ایسے کام کی جس پر اس کا مدار ہے۔ میں نے کہا کیوں نہیں۔ بتلایئے اے نبی خدا۔ آپ نے اپنی زبان پکڑلی۔ آپ نے فرمایا اس کو تو بند کرلے میں نے کہا اے اللہ کے نبی۔ ہم اس چیز کے ساتھ پکڑے جاویں گے۔ جو بولتے ہیں۔ فرمایا۔ گم کرے تجھ کو تیری ماں اے معاذ۔ لوگوں کو آگ میں ان کے منہ کے بل یا ناک کے بل اُن کی زبان کی باتیں ہی گرائیں گی۔

(احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

۲۷/۲۷ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ لِلّٰهِ وَاَبْغَضَ لِلّٰهِ وَاَعْطٰى لِلّٰهِ وَمَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْاِيْمَانَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ مَعَ تَقْدِيْمٍ وَّتَاْخِيْرٍ وَّفِيْهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ اِيْمَانَهٗ

ابو امامہ رضؓ سے روایت ہے۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص محبت رکھے اللہ تعالیٰ کی وجہ سے اور بغض رکھے واسطے اللہ کے۔ اور دے واسطے اللہ تعالیٰ کے۔ اور نہ دے واسطے اللہ کے۔ پس پورا کیا اس نے اپنے ایمان کو (ابوداؤد) اور ترمذیؒ اس حدیث کو معاذ بن انس رضؓ سے روایت کیا ہے اور اس میں کچھ تقدیم و تاخیر ہے اور اس میں ہے پس اس نے اپنے ایمان کو کامل کیا۔

۲۸/۲۸ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ اَلْحُبُّ فِي اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوذر رضؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بہترین عمل ہے۔ دوستی رکھنا اللہ تعالیٰ کی راہ میں۔ اور دشمنی رکھنا اللہ تعالیٰ کی راہ میں۔

(ابوداؤد)

۲۹/۲۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَالْمُؤْمِنُ مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ عَلٰى دِمَآئِهِمْ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کامل مسلمان وہ ہے کہ مسلمان اس کی زبان اور اس کے ہاتھ سے سلامت رہیں۔ اور پورا مومن وہ ہے۔ کہ امن میں رہیں لوگ اُس سے اپنے خون اور اپنے مالوں

besturdubooks.wordpress.com

وَاَمْوَالِهِمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ بِرِوَايَةٍ فِضَالَةَ وَالْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ فِي طَاعَةِ اللّٰهِ وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ الْخَطَايَا وَالذُّنُوْبَ۔

پر۔ ترمذی، نسائی، بیہقی نے شعب الایمان میں فضالہ سے روایت کیا ہے۔ کہ کامل جہاد کرنے والا وہ ہے جس نے اپنے نفس کو مشقت میں ڈالا۔ اللہ کی فرمانبرداری میں۔ اور اصل ہجرت کرنے والا وہ ہے۔ جو چھوٹے اور بڑے گناہوں کو چھوڑ دے۔

۳۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَلَّمَا خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَالَ لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَّا اَمَانَةَ لَهٗ وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَّا عَهْدَ لَهٗ۔ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

انس رضہ سے روایت ہے۔ کم خطبہ دیتے ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مگر اس میں فرماتے۔ اس شخص کا ایمان کامل نہیں جس کے واسطے امانت نہیں اور اس شخص کا پورا دین نہیں۔ جس کا عہد نہیں۔ بیہقی نے شعب الایمان میں اسے روایت کیا ہے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۳۱ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ شَهِدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبادہ بن صامت رضہ سے روایت ہے۔ میں نے سنا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے۔ جو شخص گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس پر آگ حرام کر دی ہے۔ (مسلم)

۳۲ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عثمان بن عفان رضہ سے روایت ہے۔ کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو کوئی مرے۔ اور وہ یہ جانتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں جنت میں داخل ہوگا۔ (مسلم)

۳۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثِنْتَانِ مُوْجِبَتَانِ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْمُوْجِبَتَانِ قَالَ مَنْ مَّاتَ يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ النَّارَ وَمَنْ مَّاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا

جابر رضہ سے روایت ہے۔ کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دو چیزیں ہیں جو (جنت اور دوزخ) کو واجب کر دینی ہیں۔ ایک شخص نے کہا۔ اے اللہ کے رسول! دو چیزیں واجب کرنے والی کون سی ہیں۔ فرمایا۔ جو شخص مر گیا اللہ کے ساتھ شرک کرتا ہے۔ آگ میں داخل ہوگا۔ اور جو شخص

besturdubooks.wordpress.com

دَخَلَ الْجَنَّةَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۳۴/۳۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ كُنَّا قُعُوْدًا حَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَنَا اَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ فِیْ نَفَرٍ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَيْنِ اَظْهُرِنَا فَاَبْطَاَ عَلَيْنَا وَخَشِيْنَا اَنْ يُّقْتَطَعَ دُوْنَنَا وَفَزِعْنَا وَقُمْنَا فَكُنْتُ اَوَّلَ مَنْ فَزِعَ فَخَرَجْتُ اَبْتَغِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَتَيْتُ حَائِطًا لِّلْاَنْصَارِ لِبَنِی النَّجَّارِ قَدُرْتُ بِهٖ هَلْ اَجِدُ لَهٗ بَابًا فَلَمْ اَجِدْ فَاِذَا رَبِيْعٌ يَّدْخُلُ فِیْ جَوْفِ حَائِطٍ مِّنْ بِئْرٍ خَارِجَةٍ وَالرَّبِيْعُ الْجَدْوَلُ قَالَ فَاحْتَفَزْتُ فَدَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ فَقُلْتُ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَا شَاْنُكَ قُلْتُ كُنْتَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا فَقُمْتَ فَاَبْطَاْتَ عَلَيْنَا فَخَشِيْنَا اَنْ تُقْتَطَعَ دُوْنَنَا فَفَزِعْنَا فَكُنْتُ اَوَّلَ مَنْ فَزِعَ فَاَتَيْتُ هٰذَا الْحَائِطَ فَاحْتَفَزْتُ كَمَا يَحْتَفِزُ الثَّعْلَبُ وَهٰؤُلَآءِ النَّاسُ وَرَآئِیْ فَقَالَ يَا اَبَاهُرَيْرَةَ وَاَعْطَانِیْ نَعْلَيْهِ فَقَالَ اذْهَبْ بِنَعْلَیَّ هَاتَيْنِ فَمَنْ لَّقِيْتَ مِنْ وَّرَآءِ هٰذَا الْحَائِطِ يَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُسْتَيْقِنًا بِهَا قَلْبُهٗ فَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَكَانَ اَوَّلُ مَنْ لَّقِيْتُ عُمَرَ فَقَالَ مَا هَاتَانِ النَّعْلَانِ يَا

مرے۔ اللہ سے شرک نہ کرتا ہو جنت میں داخل ہوگا۔ (مسلم)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ ہم نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے گرد بیٹھے ہوئے تھے۔ اور ہمارے ساتھ ابوبکرؓ اور عمرؓ بھی جماعت میں تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان سے اُٹھ کھڑے ہوئے۔ آپؐ نے ہم پر دیر لگا دی۔ ہم ڈرے کہ ہمارے بغیر ایذا پہنچائے جائیں۔ ہم گھبرائے اور اُٹھ کھڑے ہوئے۔ سب سے پہلے میں گھبرایا۔ اور میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کرنے کے لئے نکلا۔ یہاں تک کہ میں باغ کے پاس آیا۔ جو بنو نجار کے انصار کا تھا۔ میں اس کے گرد پھرا۔ کہ اس کا دروازہ پاؤں۔ میں نے اس کا دروازہ نہ پایا۔ ناگہاں ایک نالی باہر کے ایک کنوئیں سے باغ کے اندر داخل ہوتی تھی۔ ربیع کا معنی جدول ہے۔ ابوہریرہ رضؓ نے کہا۔ میں سمٹ گیا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس داخل ہوا۔ حضرتؐ نے فرمایا۔ تو ابوہریرہؓ ہے۔ میں نے کہا۔ ہاں اے اللہ کے رسولؐ! فرمایا۔ تیرا کیا حال ہے۔ میں نے کہا۔ آپ ہمارے درمیان تھے۔ آپؐ کھڑے ہوئے۔ پس آپؐ نے ہم پر دیر لگا دی۔ ہم ڈرے کہ ہمارے بغیر آپؐ ایذا پہنچائے جاویں۔ ہم گھبرائے۔ میں لوگوں میں سب سے پہلے گھبرایا۔ میں اس باغ کے پاس آیا۔ میں سمٹا جس طرح لومڑی سمٹتی ہے۔ لوگ میرے پیچھے آرہے تھے۔ پس فرمایا اے ابوہریرہؓ! آپؐ نے مجھے اپنی دونوں جوتیاں دیں۔ اور فرمایا۔ یہ میری دونوں جوتیاں لے جاؤ۔ اس باغ کے ورے تجھے جو شخص ملے جو گواہی دیتا ہو۔ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس حال میں کہ اس کا دل یقین رکھتا ہو۔ اس کو جنت کی بشارت دو سب سے پہلے جسے میں ملا عمرؓ تھے۔ کہا۔ اے ابوہریرہؓ! یہ دونوں جوتیاں کیسی ہیں۔ میں نے کہا۔ یہ دونوں جوتیاں

besturdubooks.wordpress.com

يَا اَبَا هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ هَاتَانِ نَعْلَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنِيْ بِهِمَا مَنْ لَقِيْتُ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُسْتَيْقِنًا بِهَا قَلْبُهُ بَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ فَضَرَبَ عُمَرُ بَيْنَ ثَدْيَيَّ فَخَرَرْتُ لِاِسْتِيْ فَقَالَ ارْجِعْ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ فَرَجَعْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَجْهَشْتُ بِالْبُكَآءِ وَرَكِبَنِيْ عُمَرُ وَاِذَا هُوَ عَلٰى اَثَرِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَكَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ قُلْتُ لَقِيْتُ عُمَرَ فَاَخْبَرْتُهُ بِالَّذِيْ بَعَثْتَنِيْ بِهٖ فَضَرَبَ بَيْنَ ثَدْيَيَّ ضَرْبَةً خَرَرْتُ لِاِسْتِيْ فَقَالَ ارْجِعْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عُمَرُ مَا حَمَلَكَ عَلٰى مَا فَعَلْتَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ بَعَثْتَ اَبَا هُرَيْرَةَ بِنَعْلَيْكَ مَنْ لَّقِيَ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُسْتَيْقِنًا بِهَا قَلْبُهُ بَشَّرَهُ بِالْجَنَّةِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَلَا تَفْعَلْ فَاِنِّيْ اَخْشٰى اَنْ يَّتَّكِلَ النَّاسُ عَلَيْهَا فَخَلِّهِمْ يَعْمَلُوْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَلِّهِمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہیں۔ آپ نے مجھے دے کر بھیجا ہے۔ کہ جس شخص کو میں ملوں۔ جو اس بات کی گواہی دے۔ کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس کا دل یقین رکھتا ہو۔ میں اُسے جنت کی بشارت دُوں۔ حضرت عمرؓ نے میری چھاتی کے درمیان مارا۔ میں پیچھے کے بل گر پڑا۔ پس کہا۔ اے ابوہریرہؓ! واپس لوٹ جا۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لوٹ آیا۔ اور رُونے کے ساتھ اپنی آواز بلند کی۔ حضرت عمرؓ بھی میرے پیچھے چلے آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے ابوہریرہؓ تجھے کیا ہوا ہے۔ میں نے کہا۔ میں عمرؓ کو ملا تھا۔ میں نے اسے اس بات کی خبر دی۔ جس کے ساتھ آپ نے مجھے بھیجا تھا۔ اُس نے میری چھاتی کے درمیان مارا۔ اور میں پچھاڑی کے بل گر پڑا۔ اور کہا۔ کہ لوٹ جا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے عمرؓ! تجھے کس بات نے اکسایا۔ جو کچھ تو نے کیا ہے۔ انہوں نے کہا۔ اے اللہ کے رسول میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ آپ نے اپنی دونوں جوتیاں دے کر ابوہریرہؓ کو بھیجا تھا۔ کہ جس شخص کو ملے۔ جو گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس کا دل اس بات کے ساتھ یقین رکھتا ہو اُسے جنت کی بشارت دے۔ آپ نے فرمایا۔ ہاں۔ عمرؓ نے کہا۔ آپ ایسا نہ کریں۔ میں ڈرتا ہوں۔ کہ لوگ بھروسہ کریں گے۔ پس انہیں چھوڑ دیجئے عمل کریں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پس چھوڑ دے۔

(مسلم)

۳۵ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَفَاتِيْحُ الْجَنَّةِ شَهَادَةُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جنت کی کنجیاں اس بات کی گواہی دینا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

(احمد)

besturdubooks.wordpress.com

۳۶/۳۶ وَعَنْ عُثْمَانَ قَالَ اِنَّ رِجَالًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تُوُفِّيَ حَزِنُوْا عَلَيْهِ حَتّٰى كَادَ بَعْضُهُمْ يُوَسْوِسُ قَالَ عُثْمَانُ وَكُنْتُ مِنْهُمْ فَبَيْنَا اَنَا جَالِسٌ مَرَّ عَلَيَّ عُمَرُ وَسَلَّمَ فَلَمْ اَشْعُرْ بِهٖ فَاشْتَكٰى عُمَرُ اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ ثُمَّ اَقْبَلَا حَتّٰى سَلَّمَا عَلَيَّ جَمِيْعًا فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ مَّا حَمَلَكَ عَلٰى اَنْ لَّا تَرُدَّ عَلٰى اَخِيْكَ عُمَرَ سَلَامَهٗ قُلْتُ مَا فَعَلْتُ فَقَالَ عُمَرُ بَلٰى وَاللّٰهِ لَقَدْ فَعَلْتَ قَالَ قُلْتُ وَاللّٰهِ مَا شَعَرْتُ اَنَّكَ مَرَرْتَ وَلَا سَلَّمْتَ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ صَدَقَ عُثْمَانُ قَدْ شَغَلَكَ عَنْ ذٰلِكَ اَمْرٌ فَقُلْتُ اَجَلْ قَالَ مَا هُوَ قُلْتُ تَوَفّٰى اللّٰهُ تَعَالٰى نَبِيَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ نَّسْاَلَهٗ عَنْ نَّجَاةِ هٰذَا الْاَمْرِ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ قَدْ سَاَلْتُهٗ عَنْ ذٰلِكَ فَقُمْتُ اِلَيْهِ وَقُلْتُ لَهٗ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ اَنْتَ اَحَقُّ بِهَا قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا نَجَاةُ هٰذَا الْاَمْرِ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَبِلَ مِنِّي الْكَلِمَةَ الَّتِيْ عَرَضْتُ عَلٰى عَمِّيْ فَرَدَّهَا فَاِنَّهَا لَهٗ نَجَاةٌ (رواہ احمد)

عثمان رضؓ سے روایت ہے۔ کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت سے صحابہ کرام نے جب آپ فوت ہوئے۔ آپ پر غم کیا۔ یہاں تک کہ قریب تھا کہ بعض وسواس میں مبتلا ہو جائیں۔ عثمان رضؓ نے کہا۔ میں بھی اُن میں تھا۔ میں ایک مرتبہ بیٹھا ہوا تھا حضرت عمر رضؓ میرے پاس سے گزرے۔ اور سلام کہا۔ مجھے پتہ نہ چلا۔ حضرت عمر رضؓ نے اس بات کی شکایت حضرت ابوبکر رضؓ سے کی۔ پھر وہ دونوں میرے پاس آئے۔ اور دونوں نے اکٹھا سلام کیا۔ ابوبکر رضؓ نے کہا۔ کیا باعث ہے کہ تو نے اپنے بھائی عمر رضؓ کے سلام کا جواب نہیں دیا۔ میں نے کہا۔ میں نے تو ایسا نہیں کیا۔ عمر رضؓ کہنے لگے۔ ہاں بخدا تو نے ایسا کیا ہے عثمانؓ نے کہا۔ کہ میں نے کہا۔ اللہ کی قسم! مجھے پتہ نہیں چلا۔ کہ تو گزرا ہے اور تو نے سلام کہا۔ حضرت ابوبکر رضؓ نے کہا۔ عثمان رضؓ نے سچ کہا ہے تم کو کسی کام نے اس سے باز رکھا۔ میں نے کہا۔ ہاں حضرت ابوبکر رضؓ نے کہا۔ وہ کیا ہے؟ میں نے کہا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فوت کر لیا ہے۔ اس سے پہلے کہ ہم آپ سے اس امر کی نجات کے متعلق پوچھیں۔ حضرت ابوبکر رضؓ نے کہا۔ میں نے آپ سے اس کے متعلق پوچھ لیا تھا۔ میں اس کی طرف اُٹھ کھڑا ہوا اور میں نے کہا۔ میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں تم اس بات کے ساتھ زیادہ لائق تھے۔ حضرت ابوبکر رضؓ نے کہا۔ میں نے کہا۔ اے اللہ کے رسول! اس کام کی نجات کیا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے مجھ سے وہ کلمہ قبول کر لیا۔ جو میں نے اپنے چچا پر پیش کیا تھا۔ اور اُس نے اُسے قبول نہ کیا۔ وہ کلمہ اُس کیلئے نجات ہے۔ (احمد)

۳۷/۳۷ وَعَنِ الْمِقْدَادِ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَبْقٰى عَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ بَيْتُ مَدَرٍ وَّلَا وَبَرٍ اِلَّا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ كَلِمَةَ الْاِسْلَامِ بِعِزِّ عَزِيْزٍ

مقداد رضؓ سے روایت ہے۔ اُس نے سُنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے۔ زمین کی پیٹھ پر کوئی مٹی کا بنا ہوا گھر یا خیمہ باقی نہیں رہے گا۔ مگر اللہ تعالیٰ اس میں اسلام کو داخل کر دے گا۔ عزیز کے عزت دینے اور ذلیل کے ذلت دینے

besturdubooks.wordpress.com



وَّذُلٌّ ذَلِيْلٍ اِمَّا يُعِزُّهُمُ اللّٰهُ فَيَجْعَلُهُمْ مِّنْ اَهْلِهَا اَوْ يُذِلُّهُمْ فَيَدِيْنُوْنَ لَهَا قُلْتُ فَيَكُوْنُ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

کے ساتھ۔ یا اللہ تعالیٰ اُن کو عزت دے گا۔ اُن کو اس کلمہ کا اہل کر دے گا۔ یا اُن کو ذلیل کرے گا۔ پس اس کے لئے فرمانبردار ہو جائیں گے۔ مَیں نے کہا۔ پس تمام دین اللہ کیلئے ہو جائے گا۔ (احمد)

۳۸/۳۸ وَعَنْ وَّهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ قِيْلَ لَهٗ اَلَيْسَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِفْتَاحَ الْجَنَّةِ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لَيْسَ مِفْتَاحٌ اِلَّا لَهٗ اَسْنَانٌ فَاِنْ جِئْتَ بِمِفْتَاحٍ لَّهٗ اَسْنَانٌ فُتِحَ لَكَ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَرْجَمَةِ الْبَابِ)

وہب بن منبہ سے روایت ہے۔ اُسے کہا گیا۔ کہ کیا لا الٰہ الا اللہ جنت کی کنجی نہیں ہے کہا۔ کیوں نہیں۔ لیکن ہر کنجی کے دندان ہوتے ہیں اگر تو ایسی کنجی لائے جس کے دندان ہوں تو تیرے لئے کھل جاوے گا (وگرنہ نہ کھولا جائے گا)

(بخاریؒ نے ترجمۃ الباب میں روایت کیا)

۳۹/۳۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَحْسَنَ اَحَدُكُمْ اِسْلَامَهٗ فَكُلُّ حَسَنَةٍ يَّعْمَلُهَا تُكْتَبُ لَهٗ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا اِلٰى سَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ وَّكُلُّ سَيِّئَةٍ يَّعْمَلُهَا تُكْتَبُ بِمِثْلِهَا حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ ایک تمہارا جس وقت اپنے اسلام کو اچھا کرے۔ پس جو نیکی کرے وہ اس کے لئے دس گنا لکھی جاتی ہے۔ سات سو گنا تک۔ اور جو برائی وہ کرتا ہے۔ وہ اس کی مانند ہی لکھی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے۔ (متفق علیہ)

۴۰/۴۰ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا الْاِيْمَانُ قَالَ اِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَتُكَ وَسَاءَتْكَ سَيِّئَتُكَ فَاَنْتَ مُؤْمِنٌ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا الْاِثْمُ قَالَ اِذَا حَاكَ فِيْ نَفْسِكَ شَيْءٌ فَدَعْهُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابوامامہؓ سے روایت ہے۔ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ ایمان کیا ہے۔ فرمایا۔ جس وقت تجھے تیری نیکی خوش کرے۔ اور تیری برائی تجھے ناخوش کرے۔ تو تم مؤمن ہے۔ کہا گناہ کیا ہے۔ فرمایا۔ جس وقت کوئی چیز تیرے دل میں تردّد کرے۔ تو اُسکو چھوڑ دے۔ (احمد)

۴۱/۴۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ مَّعَكَ عَلٰى هٰذَا الْاَمْرِ قَالَ حُرٌّ وَّعَبْدٌ قُلْتُ مَا الْاِسْلَامُ قَالَ طِيْبُ الْكَلَامِ وَاِطْعَامُ الطَّعَامِ قُلْتُ مَا

عمرو بن عبسہؓ سے روایت ہے۔ کہا۔ مَیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ مَیں نے کہا۔ اے اللہ کے رسولؐ۔ اس دین پر آپؐ کے ساتھ کون تھا۔ فرمایا۔ ایک آزاد اور ایک غلام۔ مَیں نے کہا۔ اسلام کیا ہے۔ فرمایا۔ اچھا کلام کرنا اور کھانا کھلانا۔ مَیں نے کہا۔ ایمان کیا ہے۔ آپ نے فرمایا۔ کہ

besturdubooks.wordpress.com

الْاِيْمَانُ قَالَ الصَّبْرُ وَالسَّمَاحَةُ قَالَ قُلْتُ اَيُّ الْاِسْلَامِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ قَالَ قُلْتُ اَيُّ الْاِيْمَانِ اَفْضَلُ قَالَ خُلُقٌ حَسَنٌ قَالَ قُلْتُ اَيُّ الصَّلٰوةِ اَفْضَلُ قَالَ طُوْلُ الْقُنُوْتِ قَالَ قُلْتُ اَيُّ الْهِجْرَةِ اَفْضَلُ قَالَ اَنْ تَهْجُرَ مَا كَرِهَ رَبُّكَ قَالَ فَقُلْتُ فَاَيُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ عُقِرَ جَوَادُهٗ وَاُهْرِيْقَ دَمُهٗ قَالَ قُلْتُ اَيُّ السَّاعَاتِ اَفْضَلُ قَالَ جَوْفُ اللَّيْلِ الْاٰخِرُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

صبر کرنا۔ اور سخاوت کرنا۔ میں نے کہا۔ کون سا اسلام (مسلمان) افضل ہے۔ فرمایا۔ وہ کہ سلامت رہیں۔ دوسرے مسلمان اس کی زبان اور اس کے ہاتھ سے۔ میں نے کہا۔ ایمان میں کون سی بات بہتر ہے۔ آپ نے فرمایا۔ کہ نیک خلق۔ میں نے کہا۔ نماز میں کون سی چیز بہتر ہے۔ آپ نے فرمایا۔ کھڑا رہنا دیر تک۔ کہا۔ میں نے کہا۔ کون سی ہجرت بہتر ہے۔ آپ نے فرمایا۔ کہ تو اس چیز کو چھوڑ دے جسے تیرا رب مکروہ سمجھے کہا۔ میں نے کہا۔ کون سا جہاد افضل ہے۔ آپ نے فرمایا۔ جو شخص کہ مارا جاوے اس کا گھوڑا۔ اور بہایا جاوے اس کا خون میں نے کہا۔ کون سی ساعت بہتر ہے۔ آپ نے فرمایا رات کا اخیر درمیان۔ (احمد)

۴۲ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ لَا يُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا وَّيُصَلِّي الْخَمْسَ وَيَصُوْمُ رَمَضَانَ غُفِرَ لَهٗ قُلْتُ اَفَلَا اُبَشِّرُهُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ دَعْهُمْ يَعْمَلُوْا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

اور معاذ بن جبل رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ فرماتے تھے۔ جو شخص اللہ سے ملاقات کرے اس حال میں کہ اس کیساتھ کسی کو شریک نہ کرتا ہو۔ اور پانچوں نمازیں پڑھتا ہو۔ رمضان کے روزے رکھتا ہو اسے بخش دیا جاوے گا میں نے کہا۔ میں اس کی بشارت لوگوں کو نہ دوں۔ فرمایا۔ چھوڑ دے ان کو وہ عمل کریں۔ (احمد)

۴۳ وَعَنْهُ اَنَّهٗ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَفْضَلِ الْاِيْمَانِ قَالَ اَنْ تُحِبَّ لِلّٰهِ وَتُبْغِضَ لِلّٰهِ وَتُعْمِلَ لِسَانَكَ فِيْ ذِكْرِ اللّٰهِ قَالَ وَمَاذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاَنْ تُحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ وَتَكْرَهَ لَهُمْ مَا تَكْرَهُ لِنَفْسِكَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

اور اسی رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان کی بہترین خصلتوں کے متعلق پوچھا آپ نے فرمایا۔ کہ تو اللہ کے لئے دوستی رکھے۔ اور اللہ کیلئے دشمنی رکھے۔ اور اللہ کی یاد میں زبان کو جاری رکھے۔ پھر کیا ہے اے اللہ کے رسول؟ فرمایا۔ تو لوگوں کے لئے اس چیز کو دوست رکھے۔ جسے تو اپنے نفس کیلئے دوست رکھتا ہے۔ اور ان کیلئے مکروہ رکھے اس چیز کو جسے تو اپنے لئے مکروہ رکھتا ہے (احمد)

besturdubooks.wordpress.com



# بَابُ الْكَبَآئِرِ وَعَلَامَاتِ النِّفَاقِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۴۴ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الذَّنْبِ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ قَالَ اَنْ تَدْعُوَ لِلّٰهِ نِدًّا وَّهُوَ خَلَقَكَ قَالَ ثُمَّ اَيٌّ قَالَ اَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ اَنْ يَّطْعَمَ مَعَكَ قَالَ ثُمَّ اَيٌّ قَالَ اَنْ تُزَانِيَ حَلِيْلَةَ جَارِكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى تَصْدِيْقَهَا وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ - اَلْاٰيَةَ - (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۴۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَبَآئِرُ اَلْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ وَقَتْلُ النَّفْسِ وَالْيَمِيْنُ الْغَمُوْسُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ رِوَايَةِ اَنَسٍ وَّشَهَادَةُ الزُّوْرِ بَدَلَ الْيَمِيْنِ الْغَمُوْسِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۴۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْتَنِبُوا السَّبْعَ الْمُوْبِقَاتِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا هُنَّ قَالَ اَلشِّرْكُ بِاللّٰهِ وَالسِّحْرُ وَقَتْلُ النَّفْسِ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَكْلُ الرِّبٰوا وَاَكْلُ مَالِ الْيَتِيْمِ وَالتَّوَلِّيْ

# کبیرہ گناہوں اور علامتِ نفاق کا بیان

## پہلی فصل

عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے۔ کہا۔ ایک آدمی نے کہا۔ اے اللہ کے رسولؐ! اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت بڑا گناہ کون سا ہے۔ آپؐ نے فرمایا یہ کہ تو اللہ کا شریک ٹھہرائے حالانکہ اس نے تجھ کو پیدا کیا ہے کہا پھر کون سا۔ فرمایا یہ کہ تو اپنی اولاد کو اس ڈر سے مار ڈالے۔ کہ وہ تیرے ساتھ کھاوے گی۔ کہا پھر کون سا۔ فرمایا یہ کہ تو اپنے ہمسایہ کی بیوی سے زنا کرے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے مطابق یہ آیت نازل فرمائی۔ اور جو لوگ اللہ کے ساتھ معبود نہیں پکارتے۔ اور نہ اُس جان کو قتل کرتے ہیں۔ جسے اللہ نے حرام کیا ہے۔ مگر حق کے ساتھ۔ اور زنا نہیں کرتے۔ تا آخر آیت۔ (متفق علیہ)

عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے۔ کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کبیرہ گناہ یہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا۔ اور والدین کی نافرمانی کرنا۔ اور جان کا قتل کرنا۔ اور جھوٹی قسم کھانا۔ (بخاری)
اور انسؓ کی روایت میں الیمین الغموس کی جگہ شہادۃ الزور ہے۔ (متفق علیہ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ سات ہلاک کرنے والی چیزوں سے بچو۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا۔ اے اللہ کے رسولؐ! وہ کیا ہیں۔ فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا۔ اور جادو کرنا۔ اور قتل کرنا اس جان کا جسے اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے۔ مگر حق کے ساتھ اور سود کا کھانا۔ اور یتیم کا مال کھانا۔ اور

besturdubooks.wordpress.com

يَوْمَ الزَّحْفِ وَقَذْفُ الْمُحْصَنَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ الْغَافِلَاتِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

لڑائی کے دن پیٹھ پھیر کر بھاگنا اور ایمان دار، بے خبر پاک دامن عورتوں پر تہمت لگانا۔ (متفق علیہ)

۴۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزْنِي الزَّانِي حِيْنَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَّلَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِيْنَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَّلَا يَقْرَبُ الْخَمْرَ حِيْنَ يَقْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَّلَا يَنْتَهِبُ نُهْبَةً يَرْفَعُ النَّاسُ إِلَيْهِ فِيْهَا أَبْصَارَهُمْ حِيْنَ يَنْتَهِبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَّلَا يَغُلُّ أَحَدُكُمْ حِيْنَ يَغُلُّ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَإِيَّاكُمْ إِيَّاكُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّلَا يَقْتُلُ حِيْنَ يَقْتُلُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ قَالَ عِكْرِمَةُ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ كَيْفَ يُنْزَعُ الْإِيْمَانُ مِنْهُ قَالَ هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ ثُمَّ أَخْرَجَهَا قَالَ فَإِنْ تَابَ عَادَ إِلَيْهِ هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ وَقَالَ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ لَا يَكُوْنُ هٰذَا مُؤْمِنًا تَامًّا وَّلَا يَكُوْنُ لَهُ نُوْرُ الْإِيْمَانِ۔ هٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ

اور اُسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے۔ کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ زانی نہیں زنا کرتا۔ کہ وہ مؤمن ہو اور چور نہیں چوری کرتا۔ کہ وہ مؤمن ہو۔ شرابی نہیں شراب پیتا۔ کہ اس وقت وہ مؤمن ہو۔ اور نہیں لوٹ ڈالتا۔ کہ لوگ اپنی آنکھیں اس کی طرف اٹھاویں۔ کہ وہ مؤمن ہو۔ اور نہیں خیانت کرتا۔ ایک تمہارا جس وقت خیانت کرتا ہے۔ کہ وہ مؤمن ہو۔ پس تم بچو۔ تم بچو۔ (متفق علیہ) ابن عباسؓ کی ایک روایت میں ہے۔ کہ نہیں قتل کرتا جس وقت وہ قتل کرتا ہے۔ اور وہ مؤمن ہو۔ عکرمہؓ نے کہا۔ میں نے ابن عباسؓ سے کہا۔ ایمان اس سے کس طرح نکالا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا۔ اس طرح اور اپنی انگلیوں میں پیچ دیا۔ پھر اُن کو نکالا۔ انہوں نے کہا۔ اگر توبہ کرتا ہے۔ ایمان اس کی طرف اس طرح لوٹ آتا ہے۔ اور پھر اپنی انگلیوں کو پیچ دیا۔ ابوعبداللہ نے کہا۔ ایسا شخص کامل مؤمن نہیں ہوتا۔ اور اس کے لئے ایمان کا نور نہیں ہوتا۔

(یہ لفظ بخاری کے ہیں)

۴۵ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلٰثٌ زَادَ مُسْلِمٌ وَّإِنْ صَامَ وَصَلّٰى وَزَعَمَ أَنَّهُ مُسْلِمٌ ثُمَّ اتَّفَقَا إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ۔

ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ منافق کی تین علامتیں ہیں مسلم نے زیادہ کیا ہے۔ اگرچہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے اور مسلمان ہونے کا دعویٰ کرے۔ پھر دونوں متفق ہو گئے ہیں جب بات کرے جھوٹ بولے جب وعدہ کرے خلاف ورزی کرے جب اس کے پاس امانت رکھی جائے خیانت کرے

besturdubooks.wordpress.com

۲۹/۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعٌ مَّنْ كُنَّ فِيْهِ كَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا وَّمَنْ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِّنْهُنَّ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِّنَ النِّفَاقِ حَتّٰى يَدَعَهَا اِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ وَاِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَاِذَا عَاهَدَ غَدَرَ وَاِذَا خَاصَمَ فَجَرَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ چار باتیں جس شخص میں ہوں گی۔ وہ خالص منافق ہوگا۔ اور جس میں کوئی ایک بات ہوگی۔ اُس میں نفاق والی ایک بات ہوگی۔ یہاں تک کہ اُسے چھوڑ دے جب امانت سونپی جاوے خیانت کرے اور جب بات کرے۔ جھوٹ بولے۔ جب عہد کرے۔ توڑ دے اور جب جھگڑا کرے۔ بد کہے (متفق علیہ)

۵/۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُنَافِقِ كَالشَّاةِ الْعَائِرَةِ بَيْنَ الْغَنَمَيْنِ تَعِيْرُ اِلٰى هٰذِهٖ مَرَّةً وَّاِلٰى هٰذِهٖ مَرَّةً رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اور ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ منافق کی مثال اس بکری کی مانند ہے۔ جو دو ریوڑوں کے درمیان پھرتی ہے کبھی ایک طرف میل کرتی ہے کبھی دوسری طرف۔ (مسلم)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۵/۸ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ قَالَ يَهُوْدِيٌّ لِّصَاحِبِهٖ اِذْهَبْ بِنَا اِلٰى هٰذَا النَّبِيِّ فَقَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ لَا تَقُلْ نَبِيٌّ اِنَّهٗ لَوْ سَمِعَكَ لَكَانَ لَهٗ اَرْبَعُ اَعْيُنٍ فَاَتَيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَاهُ عَنْ تِسْعِ اٰيَاتٍ بَيِّنٰتٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا تَمْشُوْا بِبَرِيْٓءٍ اِلٰى ذِيْ سُلْطَانٍ لِّيَقْتُلَهٗ وَلَا تَسْحَرُوْا وَلَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوا وَلَا تَقْذِفُوْا مُحْصَنَةً وَّلَا تُوَلُّوا لِلْفِرَارِ

صفوان بن عسال سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ ایک یہودی نے دوسرے یہودی سے کہا۔ میرے ساتھ اس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف چل۔ اس کے دوست نے اُسے کہا۔ اُسے نبی نہ کہہ۔ اگر اس نے سُن لیا۔ تو اس کی آنکھیں چار ہوں گی۔ وہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ اور آپ سے نو احکام ظاہر پوچھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالےٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ اور چوری نہ کرو۔ اور زنا نہ کرو۔ اور اس جان کو نہ مارو۔ جسے اللہ تعالےٰ نے حرام کیا ہے مگر حق کے ساتھ اور کسی بے گناہ کو بادشاہ کے پاس نہ لے جاؤ۔ کہ وہ اُسے قتل کر دے۔ اور جادو نہ کرو۔ اور سود نہ کھاؤ۔ اور پاک دامن عورت پر تہمت نہ لگاؤ۔ اور لڑائی کے دن بھاگنے کیلئے پیٹھ نہ پھیرو

besturdubooks.wordpress.com

يَوْمَ الزَّحْفِ وَعَلَيْكُمْ خَاصَّةً أَلَّا يَعْدُوا فِي السَّبْتِ قَالَ فَقَبَّلَا يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ قَالَا نَشْهَدُ أَنَّكَ نَبِيٌّ قَالَ فَمَا يَمْنَعُكُمْ أَنْ تَتَّبِعُونِي قَالَا إِنَّ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ دَعَا رَبَّهُ أَنْ لَا يَزَالَ مِنْ ذُرِّيَّتِهِ نَبِيٌّ وَإِنَّا نَخَافُ إِنْ تَبِعْنَاكَ أَنْ يَقْتُلَنَا الْيَهُودُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

اور تم پر اے یہود خاص طور پر واجب ہے۔ کہ ہفتہ کے دن زیادتی نہ کرو۔ راوی نے کہا۔ اُن دونوں نے آپ کے ہاتھ اور پاؤں چوم لئے۔ اور کہا ہم دونوں گواہی دیتے ہیں۔ کہ بیشک آپ اللہ کے نبی ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ تم کو میری پیروی کرنے سے کون سی چیز منع کرتی ہے۔ اُن دونوں نے کہا۔ داؤد علیہ السلام نے اپنے رب سے دُعا کی تھی۔ کہ نبوت ہمیشہ اسکی اولاد میں رہے اور تحقیق ہم ڈرتے ہیں اگر ہم نے آپکی پیروی کی تو یہودی ہم کو مار ڈالیں گے (ابوداؤد، ترمذی، نسائی)

۵۲ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ مِنْ أَصْلِ الْإِيمَانِ الْكَفُّ عَمَّنْ قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ لَا تُكَفِّرْهُ بِذَنْبٍ وَلَا تُخْرِجْهُ مِنَ الْإِسْلَامِ بِعَمَلٍ وَالْجِهَادُ مَاضٍ مُنْذُ بَعَثَنِي اللَّهُ إِلَى أَنْ يُقَاتِلَ آخِرُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ الدَّجَّالَ لَا يُبْطِلُهُ جَوْرُ جَائِرٍ وَلَا عَدْلُ عَادِلٍ وَالْإِيمَانُ بِالْأَقْدَارِ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تین چیزیں ایمان کی اصل ہیں بندہ رہنا اس شخص سے جس نے کہا۔ لا الٰہ الا اللہ۔ کسی گناہ کے سبب اُسے کافر نہ کہو۔ اور کسی کام کے سبب سے اُسے اسلام سے نہ نکالو۔ اور جہاد جاری رہنے والا ہے جب سے اللہ نے مجھے مبعوث فرمایا ہے۔ یہاں تک کہ اس امت کا آخر دجال کو قتل کرے گا۔ کسی ظالم کا ظلم یا عادل کا عدل اسے باطل نہیں کرے گا۔ اور تقدیر کے ساتھ ایمان لانا۔

(ابوداؤد)

۵۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا زَنَى الْعَبْدُ خَرَجَ مِنْهُ الْإِيمَانُ فَكَانَ فَوْقَ رَأْسِهِ كَالظُّلَّةِ فَإِذَا خَرَجَ مِنْ ذٰلِكَ الْعَمَلِ رَجَعَ إِلَيْهِ الْإِيمَانُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب بندہ زنا کرتا ہے۔ تو ایمان اس سے نکل جاتا ہے۔ اور اس کے سر پر سائبان کی طرح چھا جاتا ہے جب اس عمل سے فارغ ہوتا ہے ایمان اس کی طرف لوٹ آتا ہے۔

(ترمذی، ابوداؤد)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۵۴ عَنْ مُعَاذٍ قَالَ أَوْصَانِي رَسُولُ اللَّهِ

حضرت معاذ رضؓ سے روایت ہے۔ اس نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَشْرِ كَلِمَاتٍ قَالَ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّإِنْ قُتِلْتَ وَحُرِّقْتَ وَلَا تَعُقَّنَّ وَالِدَيْكَ وَإِنْ أَمَرَاكَ أَنْ تَخْرُجَ مِنْ أَهْلِكَ وَمَالِكَ وَلَا تَتْرُكَنَّ صَلٰوةً مَّكْتُوْبَةً مُّتَعَمِّدًا فَإِنَّ مَنْ تَرَكَ صَلٰوةً مَّكْتُوْبَةً مُّتَعَمِّدًا فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَلَا تَشْرَبَنَّ خَمْرًا فَإِنَّهُ رَأْسُ كُلِّ فَاحِشَةٍ وَّإِيَّاكَ وَالْمَعْصِيَةَ فَإِنَّ بِالْمَعْصِيَةِ حَلَّ سَخَطُ اللّٰهِ وَإِيَّاكَ وَالْفِرَارَ مِنَ الزَّحْفِ وَإِنْ هَلَكَ النَّاسُ وَإِذَا أَصَابَ النَّاسَ مَوْتٌ وَّأَنْتَ فِيْهِمْ فَاثْبُتْ وَأَنْفِقْ عَلٰى عِيَالِكَ مِنْ طَوْلِكَ وَلَا تَرْفَعْ عَنْهُمْ عَصَاكَ أَدَبًا وَّأَخِفْهُمْ فِي اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دس باتوں کے ساتھ وصیت فرمائی۔ کسی کو اللہ کے ساتھ شریک نہ ٹھہرا۔ اگرچہ تو قتل کیا جاوے۔ اور جلا دیا جاوے۔ اور اپنے ماں باپ کی نافرمانی نہ کر۔ اگرچہ تجھے حکم کریں۔ کہ تو اپنے اہل اور مال سے الگ ہو جائے۔ اور جان بوجھ کر فرض نماز نہ چھوڑ اسلئے کہ جس نے فرض نماز جان بوجھ کر چھوڑ دی۔ اللہ تعالیٰ کا ذمہ اس سے بری ہو گیا۔ اور شراب نہ پی۔ یہ تمام برائیوں کا سر ہے۔ اور تو گناہ سے بچ۔ کیونکہ گناہ سے اللہ تعالیٰ کا غضب اترتا ہے۔ اور تو لڑائی میں بھاگنے سے بچ۔ اگرچہ لوگ مرتے ہوں اور جب موت لوگوں کو پہنچے۔ اور تو ان میں ہے۔ تو ٹھہرا رہ ان میں اور اپنی طاقت کے مطابق اپنی اولاد پر خرچ کر۔ ان سے ادب کی لاٹھی نہ اٹھا۔ اور ان کو اللہ تعالیٰ کے بارے میں ڈراتے رہو۔ (احمد)

۵۵/۱۲ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ إِنَّمَا النِّفَاقُ كَانَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَّا الْيَوْمَ فَإِنَّمَا هُوَ الْكُفْرُ أَوِ الْإِيْمَانُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حذیفہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ نفاق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تھا۔ آج سوائے اس کے نہیں کفر ہے یا ایمان۔ (بخاری)

## بَابُ فِي الْوَسْوَسَةِ

## وسوسہ کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

### پہلی فصل

۵۶/۱۳ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ عَنْ أُمَّتِي مَا وَسْوَسَتْ بِهٖ صُدُوْرُهَا مَا لَمْ تَعْمَلْ بِهٖ أَوْ تَتَكَلَّمْ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری امت کے دلوں میں جو وسوسے آتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف کر دیا ہے۔ جب تک عمل نہ کریں۔ یا اس کے ساتھ کلام نہ

besturdubooks.wordpress.com

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۵۷/۱۴ وَعَنْهُ قَالَ جَاءَ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلُوْهُ اِنَّا نَجِدُ فِيْ اَنْفُسِنَا مَا يَتَعَاظَمُ اَحَدُنَا اَنْ يَّتَكَلَّمَ بِهٖ قَالَ اَوَقَدْ وَجَدْتُّمُوْهُ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ ذَاكَ صَرِيْحُ الْاِيْمَانِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کریں۔ (متفق علیہ)

اور اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں چند صحابہؓ حاضر ہوئے۔ آپؐ سے پوچھا۔ ہم اپنے دلوں میں ایسے وسوسے پاتے ہیں۔ کہ ہمارے میں سے ایک برا سمجھتا ہے۔ کہ زبان پر لاوے۔ فرمایا۔ آیا تحقیق تم نے اسے پایا ہے انہوں نے کہا۔ ہاں۔ فرمایا یہ صریح ایمان ہے۔

(مسلم)

۵۸/۱۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِي الشَّيْطَانُ اَحَدَكُمْ فَيَقُوْلُ مَنْ خَلَقَ كَذَا مَنْ خَلَقَ كَذَا حَتّٰى يَقُوْلَ مَنْ خَلَقَ رَبَّكَ فَاِذَا بَلَغَهٗ فَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ وَلْيَنْتَهِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایک تمہارے کے پاس شیطان آتا ہے۔ کہتا ہے یہ کس نے پیدا کیا۔ یہ کس نے پیدا کیا ہے۔ یہاں تک کہ کہتا ہے۔ تیرے رب کو کس نے پیدا کیا ہے۔ جب اس تک یہ پہنچے۔ تو پناہ پکڑے اللہ تعالےٰ کے ساتھ۔ اور باز رہے۔ (متفق علیہ)

۵۹/۱۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ النَّاسُ يَتَسَاءَلُوْنَ حَتّٰى يُقَالَ هٰذَا خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ فَمَنْ وَّجَدَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَلْيَقُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگ ہمیشہ ایک دوسرے سے پوچھتے رہیں گے۔ حتیٰ کہ کہا جائے گا۔ یہ اللہ تعالےٰ نے مخلوقات پیدا کی ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا ہے۔ پس جو شخص اس سے کچھ پاوے۔ وہ کہے میں اللہ تعالےٰ اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا۔ (متفق علیہ)

۶۰/۱۷ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اِلَّا وَقَدْ وُكِّلَ بِهٖ قَرِيْنُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَقَرِيْنُهٗ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ قَالُوْا وَاِيَّاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاِيَّايَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَعَانَنِيْ عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ فَلَا يَاْمُرُنِيْ

اور ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی ایک نہیں۔ مگر اس کے ساتھ اس کا ایک ہمنشین جنوں سے اور ایک ہمنشین فرشتوں سے مقرر کیا گیا ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا۔ اور آپؐ کے لئے بھی اے اللہ کے رسولؐ! آپؐ نے فرمایا۔ میرے لئے بھی۔ لیکن مجھے اس پر اللہ نے مدد دی ہے

besturdubooks.wordpress.com

إِلَّا بِخَيْرٍ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

پس میں سلامت رہتا ہوں وہ مجھے حکم نہیں کرتا مگر بھلائی کیساتھ۔ (مسلم)

۶۱/۱۸ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِيْ مِنَ الْإِنْسَانِ مَجْرَى الدَّمِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ شیطان انسان کے جسم میں خون کے جاری ہونے کی جگہ جاری رہتا ہے۔ (متفق علیہ)

۶۲/۱۹ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ بَنِيْ آدَمَ مَوْلُوْدٌ إِلَّا يَمَسُّهُ الشَّيْطَانُ حِيْنَ يُوْلَدُ فَيَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِّنْ مَّسِّ الشَّيْطَانِ غَيْرَ مَرْيَمَ وَابْنِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آدم علیہ السلام کا کوئی بیٹا پیدا نہیں کیا گیا۔ مگر اس کو شیطان جس وقت وہ پیدا ہوتا ہے چھوتا ہے۔ پس آواز کرتا ہے بلند شیطان کے چھونے سے۔ سوا مریم علیہا السلام اور اس کے بیٹے کے۔ (متفق علیہ)

۶۳/۲۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِيَاحُ الْمَوْلُوْدِ حِيْنَ تَقَعُ نَزْغَةٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پیدا ہونے کے وقت لڑکے کا چلانا شیطان کے چوکہ مارنے کے سبب سے ہے۔ (متفق علیہ)

۶۴/۲۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ إِبْلِيْسَ يَضَعُ عَرْشَهُ عَلَى الْمَاءِ ثُمَّ يَبْعَثُ سَرَايَاهُ يَفْتِنُوْنَ النَّاسَ فَأَدْنَاهُمْ مِّنْهُ مَنْزِلَةً أَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً يَجِيْءُ أَحَدُهُمْ فَيَقُوْلُ فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا فَيَقُوْلُ مَا صَنَعْتَ شَيْئًا قَالَ ثُمَّ يَجِيْءُ أَحَدُهُمْ فَيَقُوْلُ مَا تَرَكْتُهُ حَتّٰى فَرَّقْتُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ امْرَأَتِهِ قَالَ فَيُدْنِيْهِ مِنْهُ فَيَقُوْلُ نِعْمَ أَنْتَ قَالَ الْأَعْمَشُ أُرَاهُ قَالَ فَيَلْتَزِمُهُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تحقیق ابلیس پانی پر اپنا تخت رکھتا ہے۔ پھر اپنی فوجیں لوگوں کو گمراہ کرنے کے لئے بھیجتا ہے۔ اس لشکر میں سے ابلیس کے نزدیک تر وہ ہے۔ جس کا فتنہ بہت بڑا ہے۔ اُن میں سے ایک آتا ہے۔ اور وہ کہتا ہے۔ میں نے ایسا ایسا کام کیا ہے۔ ابلیس کہتا ہے تو نے کچھ بھی نہیں کیا۔ پھر اُن میں سے ایک آتا ہے۔ پس کہتا ہے۔ میں نے اس کو نہیں چھوڑا۔ یہاں تک کہ اس کے اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی ڈال دی۔ حضرت نے فرمایا۔ وہ اس کو اپنے قریب کر لیتا ہے۔ کہتا ہے کہ ہاں بس تو نے کام کیا ہے اعمش نے کہا میرے خیال میں جابرؓ نے کہا کہ اسے گلے لگا لیتا ہے۔ (مسلم)

besturdubooks.wordpress.com

۶۵/۴۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ اَيِسَ مِنْ اَنْ يَّعْبُدَهُ الْمُصَلُّوْنَ فِيْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ وَلٰكِنْ فِي التَّحْرِيْشِ بَيْنَهُمْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور اسی (جابرؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ شیطان اس بات سے ناامید ہو چکا ہے۔ کہ جزیرہ عرب میں نمازی اس کی بندگی کریں۔ لیکن آپس میں ورغلانے سے (ناامید نہیں ہوا) (مسلم)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۶۶/۴۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ اِنِّيْ اُحَدِّثُ نَفْسِيْ بِالشَّيْءِ لَاَنْ اَكُوْنَ حُمَمَةً اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَتَكَلَّمَ بِهٖ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ رَدَّ اَمْرَهٗ اِلَى الْوَسْوَسَةِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے۔ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی آیا۔ اس نے کہا۔ میں اپنے دل میں ایک چیز پاتا ہوں۔ البتہ یہ کہ میں کوئلہ ہو جاؤں۔ تو میرے لیئے بہت بہتر ہے اس سے کہ میں اس کے ساتھ کلام کروں۔ آپ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے لئے حمد ہے۔ جس نے اس کے امر کو وسوسہ کی طرف پھیر دیا۔ (ابوداؤد)

۶۷/۴۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلشَّيْطَانِ لَمَّةً بِابْنِ اٰدَمَ وَلِلْمَلَكِ لَمَّةً فَاَمَّا لَمَّةُ الشَّيْطَانِ فَاِيْعَادٌ بِالشَّرِّ وَتَكْذِيْبٌ بِالْحَقِّ وَاَمَّا لَمَّةُ الْمَلَكِ فَاِيْعَادٌ بِالْخَيْرِ وَتَصْدِيْقٌ بِالْحَقِّ فَمَنْ وَّجَدَ ذٰلِكَ فَلْيَعْلَمْ اَنَّهٗ مِنَ اللّٰهِ فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ وَمَنْ وَّجَدَ الْاُخْرٰى فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ ثُمَّ قَرَاَ اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاءِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ شیطان کے لئے ابن آدم پر تصرف ہے۔ اور فرشتے کے لئے تصرف ہے۔ شیطان کا تصرف برائی کا وعدہ اور حق کو جھٹلانا ہے۔ اور فرشتے کا تصرف نیکی کا وعدہ اور حق کی تصدیق کرنا ہے۔ جو کوئی اس کو پائے۔ پس جانے کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے۔ پس چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد کرے اور جو دوسرا پائے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شیطان سے پناہ پکڑے۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی۔ شیطان تم کو فقر کا وعدہ دیتا ہے۔ اور بے حیائی کا حکم کرتا ہے۔ ترمذی نے کہا۔ یہ حدیث غریب ہے۔ (ترمذی)

۶۸/۴۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ کہا۔ رسول اللہ صلی

besturdubooks.wordpress.com



صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَزَالُ النَّاسُ يَتَسَاءَلُوْنَ حَتّٰى يُقَالَ هٰذَا خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ فَاِذَا قَالُوْا ذٰلِكَ فَقُوْلُوا اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ثُمَّ لِيَتْفُلْ عَنْ يَّسَارِهٖ ثَلٰثًا وَّلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگ ایک دوسرے سے سوال کرتے رہیں گے۔ حتیٰ کہ کہا جائے گا۔ یہ مخلوق اللہ تعالےٰ نے پیدا کی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا ہے۔ پس جس وقت یہ کہیں۔ پس کہو۔ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ بے نیاز ہے۔ نہ اُس نے کسی کو جنا ہے۔ اور نہ وہ کسی سے جنا گیا۔ اور نہیں اس کے واسطے کوئی برابر۔ پھر تین بار اپنی بائیں طرف تھوک دے۔ اور شیطان مردود سے اللہ تعالےٰ کے ساتھ پناہ پکڑے۔ (ابوداؤد)

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ عَمْرِو بْنِ الْاَحْوَصِ فِيْ بَابِ خُطْبَةِ يَوْمِ النَّحْرِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

اور عمرو بن احوص رضؓ کی روایت ہم خطبہ یوم النحر کے باب میں ذکر کریں گے۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۹/۲۶ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يَّبْرَحَ النَّاسُ يَتَسَاءَلُوْنَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا هٰذَا اللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَلِمُسْلِمٍ قَالَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ اُمَّتَكَ لَا يَزَالُوْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا كَذَا مَا كَذَا حَتّٰى يَقُوْلُوْا هٰذَا اللّٰهُ خَلَقَ الْخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ۔

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگ ہمیشہ ایک دوسرے سے سوال کرتے رہیں گے۔ یہاں تک کہ کہیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز پیدا کی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا ہے۔ (بخاری) اور مسلم کے لئے ہے۔ انہوں نے کہا۔ اللہ عزوجل نے فرمایا۔ تیری اُمت کے (لوگ) ہمیشہ کہتے رہیں گے۔ یہ کیا ہے۔ یہ کیا ہے۔ یہاں تک کہ کہیں گے۔ یہ اللہ تعالیٰ نے مخلوقات پیدا کی ہے۔ پس اللہ عزوجل کو کس نے پیدا کیا ہے۔

۳۰/۲۷ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ حَالَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ صَلٰوتِيْ وَبَيْنَ قِرَاءَتِيْ يُلَبِّسُهَا عَلَيَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عثمان بن ابی العاص رضؓ سے روایت ہے کہا میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسولؐ! شیطان میرے اور میری نماز اور میرے پڑھنے کے درمیان حائل ہو گیا مجھے شبہ ڈالتا رہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس شیطان کا نام خنزب

besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ شَيْطَانٌ يُقَالُ لَهُ خِنْزَبٌ فَإِذَا أَحْسَسْتَهُ فَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنْهُ وَاتْفُلْ عَلَى يَسَارِكَ ثَلٰثًا فَفَعَلْتُ ذٰلِكَ فَأَذْهَبَهُ اللّٰهُ عَنِّيْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ہے۔ پس جس وقت تو اس کو محسوس کرے۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس سے پناہ پکڑ۔ اور بائیں طرف تین بار تھوک دے۔ میں نے ایسا کیا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے اس کو دُور کر دیا۔ (مسلم)

۲۸/۱ وَعَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَهُ فَقَالَ إِنِّيْ أَهِمُّ فِيْ صَلٰوتِيْ فَيُكْبُرُ ذٰلِكَ عَلَيَّ فَقَالَ لَهُ امْضِ فِيْ صَلٰوتِكَ فَإِنَّهُ لَنْ يَّذْهَبَ ذٰلِكَ عَنْكَ حَتّٰى تَنْصَرِفَ وَأَنْتَ تَقُوْلُ مَا أَتْمَمْتُ صَلٰوتِيْ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

قاسمؒ بن محمد سے روایت ہے۔ ایک آدمی نے اس سے پوچھا۔ اور کہا۔ میں اپنی نماز میں وہم کرتا ہوں۔ مجھ پر یہ گراں گزرتا ہے۔ اُس نے کہا۔ تو اپنی نماز میں گزرتا چلا جا پس شان یہ ہے۔ تجھ سے ہرگز یہ نہیں جائے گا۔ یہاں تک کہ تو پھرے اور تو کہتا ہو۔ میں نے اپنی نماز مکمل نہیں کی۔ (مالکؒ)

# بَابُ الْإِيْمَانِ بِالْقَدَرِ

# تقدیر پر ایمان رکھنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۲/۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اللّٰهُ مَقَادِيْرَ الْخَلَائِقِ قَبْلَ أَنْ يَّخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِخَمْسِيْنَ أَلْفَ سَنَةٍ قَالَ وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کی تقدیریں زمین اور آسمان پیدا کرنے سے پچاس ہزار سال پہلے لکھ دیں۔ اور اس کا عرش پانی پر تھا (مسلم)

۲/۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ شَيْءٍ بِقَدَرٍ حَتَّى الْعَجْزُ وَالْكَيْسُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہر چیز تقدیر کے ساتھ ہے۔ حتیٰ کہ نادانی بھی اور دانائی بھی۔ (مسلم)

۲/۳ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَّ آدَمُ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آدمؑ اور موسیٰؑ

وَمُوْسٰى عِنْدَ رَبِّهِمَا فَحَجَّ اٰدَمُ مُوْسٰى قَالَ مُوْسٰى اَنْتَ اٰدَمُ الَّذِيْ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهٖ وَنَفَخَ فِيْكَ مِنْ رُّوْحِهٖ وَاَسْجَدَ لَكَ مَلٰٓئِكَتَهٗ وَاَسْكَنَكَ فِيْ جَنَّتِهٖ ثُمَّ اَهْبَطْتَ النَّاسَ بِخَطِيْئَتِكَ اِلَى الْاَرْضِ قَالَ اٰدَمُ اَنْتَ مُوْسَى الَّذِي اصْطَفٰكَ اللّٰهُ بِرِسَالَتِهٖ وَبِكَلَامِهٖ وَاَعْطَاكَ الْاَلْوَاحَ فِيْهَا تِبْيَانُ كُلِّ شَيْءٍ وَّقَرَّبَكَ نَجِيًّا فَبِكَمْ وَجَدْتَّ اللّٰهَ كَتَبَ التَّوْرٰىةَ قَبْلَ اَنْ اُخْلَقَ قَالَ مُوْسٰى بِاَرْبَعِيْنَ عَامًا قَالَ اٰدَمُ فَهَلْ وَجَدْتَّ فِيْهَا وَعَصٰى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى قَالَ نَعَمْ قَالَ اَفَتَلُوْمُنِيْ عَلٰى اَنْ عَمِلْتُ عَمَلًا كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيَّ اَنْ اَعْمَلَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَنِيْ بِاَرْبَعِيْنَ سَنَةً قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَجَّ اٰدَمُ مُوْسٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اپنے رب کے پاس جھگڑے۔ آدمؑ موسیٰؑ پر غالب آگئے موسیٰؑ نے کہا۔ تو وہ آدم ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے پیدا کیا۔ اور اپنی روح تم میں پھونکی۔ اپنے فرشتوں سے تجھے سجدہ کروایا۔ اپنی جنت میں تجھے رکھا۔ پھر تو نے اپنی خطا کے ساتھ لوگوں کو زمین کی طرف اُتارا۔ آدم علیہ السلام نے فرمایا۔ تو وہ موسیٰؑ ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ نے اپنی رسالت اور کلام کے ساتھ چن لیا۔ تم کو وہ تختیاں عطا فرمائیں۔ اُن میں ہر چیز کا بیان ہے۔ سرگوشی کرتے ہوئے تجھ کو اپنے قریب کیا۔ پس کتنی مدت پایا تو نے اللہ تعالیٰ کو کہ اس نے لکھی توریت اس سے پہلے کہ میں پیدا کیا جاؤں۔ موسیٰؑ نے کہا چالیس برس۔ آدم نے کہا۔ کیا تو نے اس میں پایا ہے۔ اس آیت کا مضمون کہ آدم نے اپنے رب کی نافرمانی کی پس بہک گیا۔ اس نے کہا۔ ہاں۔ آدم نے کہا۔ کیا تو مجھے ایک ایسے عمل پر ملامت کرتا ہے۔ جسے اللہ نے لکھ دیا ہے۔ کہ میں وہ کروں۔ مجھے پیدا کرنے سے چالیس سال پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ آدم علیہ السلام موسیٰؑ پر غالب آگئے (مسلم)

۴۵ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ اِنَّ خَلْقَ اَحَدِكُمْ يُجْمَعُ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا نُطْفَةً ثُمَّ يَكُوْنُ عَلَقَةً مِّثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِّثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ اِلَيْهِ مَلَكًا بِاَرْبَعِ كَلِمَاتٍ فَيَكْتُبُ عَمَلَهٗ وَاَجَلَهٗ وَرِزْقَهٗ وَشَقِيٌّ اَوْ سَعِيْدٌ ثُمَّ يُنْفَخُ فِيْهِ الرُّوْحُ فَوَالَّذِيْ

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو حدیث بیان کی۔ اور وہ سچے ہیں۔ سچے کئے گئے ہیں۔ ایک تمہارے کی پیدائش یہ ہے۔ کہ چالیس دن نطفہ ماں کے پیٹ میں جمع کیا جاتا ہے۔ پھر جما ہوا خون ہوتا ہے اس کی مانند۔ پھر اس کی مانند گوشت کا ٹکڑا ہوتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ اس کی طرف چار باتوں کے ساتھ فرشتہ کو بھیجتا ہے۔ وہ اس کا عمل اور اُس کی موت اور اس کا رزق اور بدبخت ہونا یا نیک بخت ہونا لکھتا ہے۔ پھر اس میں روح پھونکی جاتی ہے۔ اس ذات

besturdubooks.wordpress.com

لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَآ اِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُهَا وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَآ اِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا (متفق علیہ)

کی قسم جس کے سوا معبود نہیں۔ ایک تمہارا اہل جنت کے کام کرتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کے اور جنت کے درمیان ہاتھ بھر کا فاصلہ رہ جاتا ہے۔ اس پر نوشت غلبہ کرتی ہے۔ وہ دوزخیوں کے کام کرتا ہے اور اس میں داخل ہو جاتا ہے اور تحقیق ایک تمہارا دوزخیوں والے کام کرتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور دوزخ کے درمیان ہاتھ بھر کا فاصلہ رہ جاتا ہے۔ نوشت اس پر غلبہ کرتی ہے۔ پس جنتیوں کے کام کرتا ہے پس اس میں داخل ہو جاتا ہے۔ (متفق علیہ)

۷۵ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ النَّارِ وَاِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَيَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ النَّارِ وَاِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيْمِ۔

سہل بن سعد رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تحقیق بندہ دوزخیوں والے کام کرتا ہے۔ اور وہ جنتی ہو جاتا ہے اور جنتیوں والے کام کرتا ہے۔ اور وہ دوزخیوں میں سے ہو جاتا ہے۔ سوائے اس کے نہیں اعمال کا اعتبار خاتمہ کے ساتھ ہے۔

۷۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دُعِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى جَنَازَةِ صَبِيٍّ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ طُوْبٰى لِهٰذَا عُصْفُوْرٌ مِّنْ عَصَافِيْرِ الْجَنَّةِ لَمْ يَعْمَلِ السُّوْٓءَ وَلَمْ يُدْرِكْهُ فَقَالَ اَوَغَيْرَ ذٰلِكِ يَا عَائِشَةُ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ لِلْجَنَّةِ اَهْلًا خَلَقَهُمْ لَهَا وَهُمْ فِيْٓ اَصْلَابِ اٰبَآئِهِمْ وَخَلَقَ لِلنَّارِ اَهْلًا خَلَقَهُمْ لَهَا وَهُمْ فِيْٓ اَصْلَابِ اٰبَآئِهِمْ۔ (رواہ مسلم)

اور حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو انصار کے ایک بچے کے جنازے کی طرف بلایا گیا۔ میں نے کہا۔ اے اللہ کے رسولؐ! اس کے لئے خوشحالی ہے۔ جنت کی چڑیوں میں سے ایک چڑیا ہے۔ کبھی برائی نہیں کی اور نہ اسے پہنچا۔ آپؐ نے فرمایا اس کے سوا کوئی اور بات بھی ہے۔ اے عائشہؓ! اللہ تعالیٰ نے جنت کیلئے کچھ لوگ پیدا کئے۔ اُن کو اس کے لئے پیدا کیا۔ اور وہ اپنے باپوں کی پشتوں میں تھے۔ اور دوزخ کے لئے کتنے لوگ پیدا کئے۔ اور وہ اپنے باپوں کی پشتوں میں تھے (مسلم)

۷۷ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اِلَّا

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص

besturdubooks.wordpress.com

وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ وَمَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ قَالُوا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَفَلَا نَتَّكِلُ عَلٰى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ قَالَ اعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ أَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَسَيُيَسَّرُ لِعَمَلِ السَّعَادَةِ وَأَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ فَسَيُيَسَّرُ لِعَمَلِ الشَّقَاوَةِ ثُمَّ قَرَأَ فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَاتَّقٰى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى۔ اَلْآيَةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نہیں مگر اس کا ٹھکانا دوزخ سے اور اس کا ٹھکانا جنت سے لکھ دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا اے اللہ کے رسول! ہم اپنے لکھے پر بھروسہ نہ کریں۔ اور عمل کرنا چھوڑ دیں۔ آپ نے فرمایا عمل کرو۔ ہر ایک آسان کیا گیا ہے۔ ہر اس چیز کے واسطے جس کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ جو شخص کہ ہو اہل نیک بختی سے آسان کیا جاتا ہے۔ نیک بختی کے عمل کے لئے۔ اور جو شخص کہ ہو اہل بدبختی سے۔ آسان کیا جاتا ہے واسطے عمل بدبختی کے پھر یہ آیت پڑھی۔ پس جس شخص نے دیا۔ اور پرہیزگاری کی۔ اور سچا جانا اچھی بات کو۔ اخیر آیت تک۔ (متفق علیہ)

۷۹/۸ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلٰى ابْنِ آدَمَ حَظَّهُ مِنَ الزِّنَا أَدْرَكَ ذٰلِكَ لَا مَحَالَةَ فَزِنَا الْعَيْنِ النَّظَرُ وَزِنَا اللِّسَانِ الْمَنْطِقُ وَالنَّفْسُ تَمَنّٰى وَتَشْتَهِيْ وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ ذٰلِكَ وَيُكَذِّبُهُ، مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ كُتِبَ عَلٰى ابْنِ آدَمَ نَصِيْبُهُ مِنَ الزِّنَا مُدْرِكٌ ذٰلِكَ لَا مَحَالَةَ الْعَيْنَانِ زِنَاهُمَا النَّظَرُ وَالْأُذُنَانِ زِنَاهُمَا الْاِسْتِمَاعُ وَاللِّسَانُ زِنَاهُ الْكَلَامُ وَالْيَدُ زِنَاهَا الْبَطْشُ وَالرِّجْلُ زِنَاهَا الْخُطٰى وَالْقَلْبُ يَهْوٰى وَيَتَمَنّٰى وَيُصَدِّقُ ذٰلِكَ الْفَرْجُ وَيُكَذِّبُهُ۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے ابن آدم پر اس کا زنا کا حصہ لکھ دیا ہے۔ پہنچے گا اس کو لامحالہ پس آنکھ کا زنا دیکھنا ہے۔ اور زبان کا زنا بولنا ہے۔ اور جان آرزو اور خواہش کرتی ہے۔ اور شرم گاہ اس کو سچا یا جھوٹا کرتی ہے (متفق علیہ) اور مسلم کی روایت میں ہے۔ آدم کے بیٹے پر اس کا زنا کا حصہ لکھ دیا گیا ہے۔ پانے والا ہے۔ اس کو ضرور۔ دونوں آنکھیں۔ کہ ان کا زنا دیکھنا ہے۔ اور دونوں کان۔ کہ ان کا زنا سننا ہے۔ اور زبان کا زنا بولنا ہے۔ اور ہاتھ کا زنا پکڑنا ہے۔ اور پاؤں کا زنا چلنا ہے۔ اور دل خواہش کرتا ہے۔ اور آرزو کرتا ہے۔ اور شرمگاہ اس کی تصدیق یا تکذیب کرتی ہے۔

۷۹/۹ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَجُلَيْنِ مِنْ مُزَيْنَةَ قَالَا يَا رَسُوْلَ

عمران بن حصین سے روایت ہے۔ مزینہ کے دو شخصوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا۔ آپ خبر

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰہِ اَرَءَیْتَ مَا یَعْمَلُ النَّاسُ الْیَوْمَ وَ یَکْدَحُوْنَ فِیْہِ اَشَیْءٌ قُضِیَ عَلَیْہِمْ وَمَضٰی فِیْہِمْ مِّنْ قَدَرٍ سَبَقَ اَوْ فِیْمَا یَسْتَقْبِلُوْنَ بِہٖ مِمَّا اَتَتْہُمْ بِہٖ نَبِیُّہُمْ وَثَبَتَتِ الْحُجَّۃُ عَلَیْہِمْ فَقَالَ لَا بَلْ شَیْءٌ قُضِیَ عَلَیْہِمْ وَمَضٰی فِیْہِمْ وَ تَصْدِیْقُ ذٰلِکَ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰہَا فَاَلْہَمَہَا فُجُوْرَہَا وَتَقْوٰہَا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

دیں۔ لوگ آج کے دن جو عمل اور محنت کرتے ہیں۔ کیا ایک چیز اُن کے لئے مقدر کی گئی ہے اور اُن میں گزر چکی ہے تقدیر پہلے یا آگے ہونے والی ہے اس چیز سے کہ لایا ہے اُن کے پاس ان کا نبی اور دلیل اُن پر ثابت ہوگئی۔ آپؐ نے فرمایا۔ نہیں۔ بلکہ ایک چیز مقدر ہو چکی۔ اور اُن میں گزر گئی۔ اور اس کی تصدیق اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ہے قسم ہے جان کی اور اس ذات کی کہ برابر کیا جس نے اس کو پس جی میں ڈالی اس کی بدکاری اور پرہیزگاری (مسلم)

۸۱/۱۰ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ رَجُلٌ شَابٌّ وَّاَنَا اَخَافُ عَلٰی نَفْسِی الْعَنَتَ وَلَا اَجِدُ مَا اَتَزَوَّجُ بِہِ النِّسَاءَ کَاَنَّہٗ یَسْتَاْذِنُہٗ فِی الْاِخْتِصَاءِ قَالَ فَسَکَتَ عَنِّیْ ثُمَّ قُلْتُ مِثْلَ ذٰلِکَ فَسَکَتَ عَنِّیْ ثُمَّ قُلْتُ مِثْلَ ذٰلِکَ فَسَکَتَ عَنِّیْ ثُمَّ قُلْتُ مِثْلَ ذٰلِکَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا اَبَا ہُرَیْرَۃَ جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا اَنْتَ لَاقٍ فَاخْتَصِ عَلٰی ذٰلِکَ اَوْ ذَرْ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ میں نے کہا۔ اے اللہ کے رسولؐ! میں جوان آدمی ہوں اور اپنے نفس پر زنا سے ڈرتا ہوں۔ اور اس قدر نہیں پاتا۔ کہ عورتوں سے نکاح کروں۔ گویا آپؐ سے خصی ہونے کی اجازت مانگتے تھے۔ آپؐ خاموش رہے۔ پھر میں نے اس کے مانند کہا۔ آپؐ خاموش رہے۔ میں نے پھر وہی عرض کیا۔ آپؐ چپ رہے۔ میں نے پھر عرض کیا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوہریرہ رضؓ! قلم خشک ہوگیا ہے۔ ساتھ اس چیز کے جس کو تو ملنے والا ہے پس خصی ہو اوپر اس کے یا چھوڑ دے۔ (بخاری)

۸۲/۱۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ قُلُوْبَ بَنِیْ اٰدَمَ کُلَّہَا بَیْنَ اِصْبَعَیْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ کَقَلْبٍ وَّاحِدٍ یُصَرِّفُہٗ کَیْفَ یَشَاءُ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰہُمَّ

اور عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بنی آدم کے سب دل رحمٰن کی دو انگلیوں کے درمیان ہیں۔ مانند ایک دل کے۔ اُس کو جس طرف چاہتا ہے۔ پھیرتا ہے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے اللہ دلوں کے پھیرنے والے ہمارے دلوں کو اپنی بندگی

besturdubooks.wordpress.com

مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

پر پھیر دے۔ (مسلم)

۸۳/۱۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ اِلَّا یُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ یُهَوِّدَانِهٖ اَوْ یُنَصِّرَانِهٖ اَوْ یُمَجِّسَانِهٖ كَمَا تُنْتَجُ الْبَهِیْمَةُ بَهِیْمَةً جَمْعَاءَ هَلْ تُحِسُّوْنَ فِیْهَا مِنْ جَدْعَاءَ ثُمَّ یَقُوْلُ فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی بچہ نہیں۔ مگر وہ فطرت پر پیدا کیا جاتا ہے۔ اس کے ماں باپ اُسے یہودی کر دیتے ہیں۔ یا نصرانی کر دیتے ہیں۔ یا مجوسی کر دیتے ہیں جیسے چار پایہ پورا بچہ جنتا ہے۔ کیا اس میں نقصان معلوم کرتے ہو۔ پھر فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کی پیدائش ہے۔ لوگوں کو اس پر پیدا کیا ہے۔ نہیں بدلنا۔ اللہ تعالیٰ کی پیدائش کے لئے یہ ہے دین درست۔ (متفق علیہ)

۸۴/۱۳ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰى قَالَ قَامَ فِیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَنَامُ وَلَا یَنْبَغِیْ لَهٗ اَنْ یَّنَامَ یَخْفِضُ الْقِسْطَ وَیَرْفَعُهٗ یُرْفَعُ اِلَیْهِ عَمَلُ اللَّیْلِ قَبْلَ عَمَلِ النَّهَارِ وَعَمَلُ النَّهَارِ قَبْلَ عَمَلِ اللَّیْلِ حِجَابُهُ النُّوْرُ لَوْ كَشَفَهُ لَاَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْهِهٖ مَا انْتَهٰى اِلَیْهِ بَصَرُهٗ مِنْ خَلْقِهٖ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوموسیٰ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ باتوں کے ساتھ خطبہ فرمایا۔ آپ نے فرمایا۔ تحقیق اللہ تعالیٰ نہیں سوتا۔ اور نہ سونا اس کے لئے لائق ہے۔ ترازو کو پست کرتا ہے۔ اور بلند کرتا ہے۔ رات کے عمل دن کے عمل سے پہلے اس کی طرف اٹھائے جاتے ہیں۔ اور دن کے عمل رات کے عمل سے پہلے اس کا پردہ نور کا ہے۔ اگر اسکو کھول دے تو اسکی ذات پاک کا نور جہاں تک اس کی نگاہ پہنچے۔ اس کی مخلوقات کو جلا دے۔ (مسلم)

۸۵/۱۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدُ اللّٰهِ مَلْاٰى لَا تَغِیْضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّاءُ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ اَرَاَیْتُمْ مَّا اَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمَاءَ وَالْاَرْضَ فَاِنَّهٗ لَمْ یَغِضْ مَا فِیْ یَدِهٖ وَكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَاءِ وَ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کا ہاتھ بھرا ہوا ہے۔ رات اور دن کا خرچ کرنا اُسے کم نہیں کرتا۔ کیا دیکھا تم نے جب سے زمین اور آسمان اس نے پیدا کیا ہے کس قدر خرچ کیا۔ پس تحقیق خرچ کرنے نے وہ چیز جو اس کے ہاتھ میں ہے کم نہیں کی۔ اور اس کا عرش پانی پر تھا

بِيَدِهِ الْمِيْزَانُ يَخْفِضُ وَيَرْفَعُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ بِيَمِيْنِ اللّٰهِ مَلْأٰى قَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ مَلَآنُ سَحَّاءُ لَا يَغِيْضُهَا شَيْءٌ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ۔

ترازو اُس کے ہاتھ میں ہے۔ پست کرتا ہے اور بلند کرتا ہے (متفق علیہ) مسلم کی ایک روایت میں ہے۔ اللہ تعالیٰ کا دایاں ہاتھ بھرا ہوا ہے۔ ابن نمیرؓ نے کہا۔ بھرا ہوا ہے ہمیشہ دینے والا ہے کوئی چیز رات اور دن میں اسکو کم نہیں کرتی۔

۸۶/۱۵ وَعَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَرَارِيِّ الْمُشْرِكِيْنَ قَالَ اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کی اولاد کے متعلق پوچھا گیا فرمایا اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے۔ ساتھ اس چیز کے کہ عمل کرنے والے ہیں (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۸۷/۱۶ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ الْقَلَمَ فَقَالَ لَهُ اُكْتُبْ قَالَ مَا أَكْتُبُ قَالَ اُكْتُبِ الْقَدَرَ مَا كَانَ وَمَا هُوَ كَائِنٌ إِلَى الْأَبَدِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ إِسْنَادًا)

عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے جو چیز پیدا کی۔ وہ قلم ہے۔ اس کے واسطے کہا۔ لکھ۔ اُس نے کہا۔ کیا لکھوں۔ کہا۔ تقدیر لکھ۔ اس نے جو چیز کہ ہو چکی تھی۔ اور جو ہونے والی تھی آئندہ لکھ دی (ترمذی نے کہا۔ یہ حدیث غریب ہے)

۸۸/۱۷ وَعَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ سُئِلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَنْ هٰذِهِ الْآيَةِ وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْ آدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ الْآيَةَ قَالَ عُمَرُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْأَلُ عَنْهَا فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ آدَمَ ثُمَّ مَسَحَ ظَهْرَهُ بِيَمِيْنِهِ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً فَقَالَ خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلْجَنَّةِ وَبِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ يَعْمَلُوْنَ ثُمَّ مَسَحَ

مسلم بن یسار سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ حضرت عمر بن الخطاب رضؓ سے اس آیت کے متعلق پوچھا گیا۔ اور جس وقت تیرے پروردگار نے بنی آدم سے اُن کی پیٹھوں سے اُن کی اولاد کو پکڑا۔ حضرت عمرؓ نے کہا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ آپ سے اس کے متعلق پوچھا جا رہا تھا۔ آپ نے فرمایا۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ پھر اپنا دایاں ہاتھ اس کی پیٹھ پر پھیرا۔ اس میں سے اولاد نکالی۔ اور فرمایا۔ یہ لوگ میں نے جنت کے لئے پیدا کئے ہیں۔ اور جنتیوں کے کام کریں گے پھر اسکی

besturdubooks.wordpress.com

ظَهْرَهٗ بِيَدِهٖ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً فَقَالَ خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلنَّارِ وَبِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ يَعْمَلُوْنَ فَقَالَ رَجُلٌ فَفِيْمَ الْعَمَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اِذَا خَلَقَ الْعَبْدَ لِلْجَنَّةِ اسْتَعْمَلَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَمُوْتَ عَلٰى عَمَلٍ مِّنْ اَعْمَالِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيُدْخِلَهُ بِهِ الْجَنَّةَ وَ اِذَا خَلَقَ الْعَبْدَ لِلنَّارِ اسْتَعْمَلَهٗ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰى يَمُوْتَ عَلٰى عَمَلٍ مِّنْ اَعْمَالِ اَهْلِ النَّارِ فَيُدْخِلَهُ بِهِ النَّارَ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

پیٹھ پر ہاتھ پھیرا۔ اس سے اس کی اولاد نکالی۔ اور فرمایا۔ یہ لوگ میں نے دوزخ کے لئے پیدا کئے ہیں۔ اور دوزخیوں کے کام کریں گے۔ ایک آدمی نے کہا پس کس واسطے ہے۔ عمل کرنا اے اللہ کے رسول۔ فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ بیشک اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کو جنت کے لئے پیدا کرتا ہے۔ تو اس سے جنتیوں کے کام کرواتا ہے یہاں تک کہ وہ جنتیوں کے عملوں میں سے کسی ایک عمل پر مرے گا۔ اس کے سبب اس کو جنت میں داخل کردے گا۔ اور جب کسی بندہ کو دوزخ کے لئے پیدا کرتا ہے۔ اس سے دوزخیوں کے کام کرواتا ہے۔ یہاں تک کہ دوزخیوں کے عملوں میں سے کسی ایک عمل پر مرتا ہے۔ اس کے سبب اسکو دوزخ میں داخل کرے گا۔ (مالک، ترمذی، ابوداؤد)

۸۹/۱۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ يَدَيْهِ كِتَابَانِ فَقَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا هٰذَانِ الْكِتَابَانِ قُلْنَا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا اَنْ تُخْبِرَنَا فَقَالَ لِلَّذِيْ فِيْ يَدِهِ الْيُمْنٰى هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ فِيْهِ اَسْمَاءُ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَسْمَاءُ اٰبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ ثُمَّ اُجْمِلَ عَلٰى اٰخِرِهِمْ فَلَا يُزَادُ فِيْهِمْ وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُمْ اَبَدًا ثُمَّ قَالَ لِلَّذِيْ فِيْ شِمَالِهٖ هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ فِيْهِ اَسْمَاءُ اَهْلِ النَّارِ وَاَسْمَاءُ اٰبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ ثُمَّ اُجْمِلَ عَلٰى اٰخِرِهِمْ فَلَا يُزَادُ فِيْهِمْ وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُمْ اَبَدًا فَقَالَ اَصْحَابُهٗ فَفِيْمَ الْعَمَلُ

اور عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے۔ اور آپ کے دونوں ہاتھوں میں دو کتابیں تھیں۔ فرمایا۔ تم جانتے ہو یہ دونوں کتابیں کون سی ہیں۔ ہم نے کہا نہیں اے اللہ کے رسول! مگر آپ ہمیں اس کے متعلق خبر دیں۔ فرمایا۔ اس کتاب کے لئے جو آپ کے دائیں ہاتھ میں تھی۔ یہ رب العالمین کیطرف سے کتاب ہے۔ اس میں اہل جنت کے نام ہیں۔ ان کے باپوں اور قبیلوں کے نام ہیں۔ پھر اُن کے آخر تک اُن کو جمع کیا گیا ہے۔ نہ اُن میں زیادہ کئے جائیں گے۔ اور نہ اُن سے کم کئے جائیں گے۔ پھر اس کتاب کے لئے فرمایا۔ جو آپ کے بائیں ہاتھ میں تھی۔ یہ رب العالمین کیطرف سے کتاب ہے اس میں دوزخیوں کے نام ہیں۔ اُن کے باپوں اور اُن کے قبیلوں کے نام ہیں۔ پھر اُن کے آخر تک ان کو جمع کیا گیا۔ نہ اُن میں زیادہ کئے جائیں گے۔ اور نہ اُن سے کم کئے جائیں گے۔ آپ

besturdubooks.wordpress.com

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنْ كَانَ أَمْرٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ فَقَالَ سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا فَإِنَّ صَاحِبَ الْجَنَّةِ يُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَإِنْ عَمِلَ أَيَّ عَمَلٍ وَإِنَّ صَاحِبَ النَّارِ يُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ وَإِنْ عَمِلَ أَيَّ عَمَلٍ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيْهِ فَنَبَذَهُمَا ثُمَّ قَالَ فَرَغَ رَبُّكُمْ مِنَ الْعِبَادِ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

کے صحابہ رضؓ نے عرض کیا۔ پس کس واسطے ہے عمل کرنا اے اللہ کے رسولؐ! اگر امر ایسا ہے کہ فراغت کی گئی اس سے فرمایا بخوب مضبوط کرو۔ اور نزدیکی ڈھونڈو۔ پس تحقیق جنتی ختم کیا جاتا ہے۔ اس کے لئے جنتیوں کے عمل پر اگرچہ کیسے عمل کرے۔ اور بے شک دوزخی ختم کیا جاتا ہے اس کیلئے دوزخیوں کے عمل سے اگرچہ کیسے عمل کرے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اشارہ کیا۔ پس رکھ دیا ان کو۔ پھر فرمایا۔ تمہارا پروردگار بندوں سے فارغ ہو چکا ہے۔ ایک جماعت جنت میں اور ایک دوزخ میں۔ (ترمذی)

۹/۱۹ وَعَنْ أَبِي خُزَامَةَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ رُقًى نَسْتَرْقِيْهَا وَدَوَاءً نَتَدَاوٰى بِهٖ وَتُقَاةً نَتَّقِيْهَا هَلْ تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ شَيْئًا قَالَ هِيَ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوخزامہ رضؓ اپنے باپ سے روایت کرتا ہے۔ کہا۔ میں نے کہا۔ اے اللہ کے رسولؐ! آپ خبر دیں کہ منتر جنہیں ہم پڑھواتے ہیں۔ اور دوا جس سے ہم علاج کرتے ہیں۔ اور بچاؤ کی چیز کہ ہم اس سے بچتے ہیں۔ کیا اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے کچھ پھیر دیتی ہیں آپ نے فرمایا۔ یہ چیزیں بھی اللہ کی تقدیر سے ہیں۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

۹/۲۰ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَنَازَعُ فِي الْقَدَرِ فَغَضِبَ حَتّٰى احْمَرَّ وَجْهُهٗ حَتّٰى كَأَنَّمَا فُقِئَ فِي وَجْنَتَيْهِ حَبُّ الرُّمَّانِ فَقَالَ أَبِهٰذَا أُمِرْتُمْ أَمْ بِهٰذَا أُرْسِلْتُ إِلَيْكُمْ إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حِيْنَ تَنَازَعُوْا فِي هٰذَا الْأَمْرِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ أَنْ لَّا تَتَنَازَعُوْا فِيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهٗ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم پر نکلے۔ اور ہم تقدیر میں بحث کر رہے تھے۔ آپؐ ناراض ہو گئے۔ یہاں تک کہ آپؐ کا چہرۂ مبارک سرخ ہو گیا۔ یہاں تک کہ (ایسا معلوم ہوتا تھا) آپؐ کے رخساروں میں انار کے دانے نچوڑے گئے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا۔ کیا تمہیں اس بات کا حکم دیا گیا ہے کیا اس کے ساتھ میں تمہاری طرف بھیجا گیا ہوں۔ تم سے پہلے لوگ جب انہوں نے اس معاملہ میں جھگڑا کیا ہلاک ہو گئے میں تمہیں قسم دیتا ہوں۔ پھر میں تمہیں قسم دیتا ہوں۔ کہ اس میں بحث نہ کرو۔ ترمذی ابن ماجہ نے عمرو بن شعیب عن ابیہ

besturdubooks.wordpress.com

عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ۔

عن جدہ کی سند سے روایت کی ہے۔

۹۲/۲۱ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ مِنْ قَبْضَةٍ قَبَضَهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَرْضِ فَجَآءَ بَنُوْ اٰدَمَ عَلٰی قَدْرِ الْاَرْضِ مِنْهُمُ الْاَحْمَرُ وَالْاَبْیَضُ وَالْاَسْوَدُ وَبَیْنَ ذٰلِكَ وَالسَّهْلُ وَالْحَزْنُ وَالْخَبِیْثُ وَالطَّیِّبُ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

ابوموسیٰ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ فرما رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو ایک مٹھی سے پیدا کیا۔ جسے سب زمین سے لیا تھا۔ آدم علیہ السلام کے بیٹے زمین کے موافق پیدا ہوئے۔ اُن میں بعض سُرخ ہیں بعض سفید اور بعض سیاہ اور اسی طرح بعض نرم خُو ہیں۔ اور بعض سخت خُو۔ بعض ناپاک اور بعض پاک۔

(احمد، ترمذی، ابوداؤد)

۹۲/۲۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ خَلْقَهٗ فِیْ ظُلْمَةٍ فَاَلْقٰی عَلَیْهِمْ مِّنْ نُّوْرِهٖ فَمَنْ اَصَابَهٗ مِنْ ذٰلِكَ النُّوْرِ اهْتَدٰی وَمَنْ اَخْطَاَهٗ ضَلَّ فَلِذٰلِكَ اَقُوْلُ جَفَّ الْقَلَمُ عَلٰی عِلْمِ اللّٰهِ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ آپ فرماتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی خلقت کو اندھیرے میں پیدا کیا۔ اس پر اپنا کچھ نور ڈالا۔ جسے اس کے نور سے کچھ پہنچا۔ اس نے راہ پائی۔ اور جس کو نور نہ پہنچا۔ گمراہ ہوگیا۔ اس لئے میں کہتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے علم پر قلم خشک ہوا۔

(احمد، ترمذی)

۹۴/۲۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُكْثِرُ اَنْ یَّقُوْلَ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ فَقُلْتُ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ اٰمَنَّا بِكَ وَبِمَا جِئْتَ بِهٖ فَهَلْ تَخَافُ عَلَیْنَا قَالَ نَعَمْ اِنَّ الْقُلُوْبَ بَیْنَ اِصْبَعَیْنِ مِنْ اَصَابِعِ اللّٰهِ یُقَلِّبُهَا كَیْفَ یَشَآءُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کلمات بہت فرمایا کرتے تھے اے دلوں کے پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ۔ میں نے کہا اے اللہ کے نبی۔ ہم آپ کے ساتھ اور اس چیز کے ساتھ جسے آپ لائے ہیں۔ ایمان لائے۔ کیا ہم پر ڈرتے ہیں فرمایا ہاں تحقیق دل اللہ تعالیٰ کی دو انگلیوں کے درمیان ہیں۔ اُن کو جس طرف چاہتا ہے۔ پھیر دیتا ہے

(ترمذی، ابن ماجہ)

۹۵/۲۴ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْقَلْبِ

ابوموسیٰ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دل کی مثال پر کیطرح

besturdubooks.wordpress.com

كَرِيشَةٍ بِأَرْضٍ فَلَاةٍ يُقَلِّبُهَا الرِّيَاحُ ظَهْرًا لِبَطْنٍ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ہے۔ جو میدان میں پڑا ہوا ہے۔ ہوائیں اُسے پیٹھ سے پیٹ کیطرف پھیرتی ہے۔ (احمد)

۹۶/۲۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِأَرْبَعٍ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ بَعَثَنِي بِالْحَقِّ وَيُؤْمِنُ بِالْمَوْتِ وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَيُؤْمِنُ بِالْقَدَرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا۔ جب تک چار چیزوں پر ایمان نہ لائے۔ اس بات کی گواہی دے۔ کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور تحقیق میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں۔ اُس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے۔ موت کے ساتھ ایمان لائے۔ اور موت کے بعد اٹھنے کے ساتھ ایمان رکھے اور تقدیر کیساتھ اسکا ایمان ہو۔ (ترمذی ابن ماجہ)

۹۷/۲۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِنْفَانِ مِنْ أُمَّتِي لَيْسَ لَهُمَا فِي الْإِسْلَامِ نَصِيبٌ الْمُرْجِئَةُ وَالْقَدَرِيَّةُ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ۔

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری امت میں سے دو فرقے ہیں۔ جن کا اسلام میں کچھ حصہ نہیں ہے مرجئہ اور قدریہ (ترمذی نے کہا۔ یہ حدیث غریب ہے)

۹۸/۲۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَكُونُ فِي أُمَّتِي خَسْفٌ وَمَسْخٌ وَذٰلِكَ فِي الْمُكَذِّبِينَ بِالْقَدَرِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهُ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ آپ فرماتے تھے۔ میری امت میں دھنس جانا۔ اور صورت کا بدل جانا ہوگا۔ اور ایسا اُن لوگوں میں ہوگا جو تقدیر کو جھٹلاتے ہیں (ابوداؤد، ترمذی نے بھی ایسا ہی روایت کیا۔)

۹۹/۲۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَدَرِيَّةُ مَجُوسُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ إِنْ مَرِضُوا فَلَا تَعُودُوهُمْ وَإِنْ مَاتُوا فَلَا تَشْهَدُوهُمْ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ)

اور اسی (ابن عمرؓ) سے روایت کیا۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قدریہ فرقہ اس امت کے مجوسی ہیں۔ اگر وہ بیمار ہوں۔ اُن کی عیادت نہ کرو۔ اگر مر جائیں تو اُن کے جنازے پر حاضر نہ ہو۔ (احمد، ابوداؤد)

۱۰۰/۲۹ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُجَالِسُوا أَهْلَ الْقَدَرِ

حضرت عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ فرقہ قدریہ کیساتھ

besturdubooks.wordpress.com

وَلَا تُفَاتِحُوْهُمْ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

نہ بیٹھو۔ اور نہ حکومت لے جاؤ ان کی طرف۔ (ابوداؤد)

۱۰۱/۳۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةٌ لَعَنْتُهُمْ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ وَكُلُّ نَبِيٍّ يُّجَابُ الزَّائِدُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ وَالْمُكَذِّبُ بِقَدَرِ اللّٰهِ وَالْمُتَسَلِّطُ بِالْجَبَرُوْتِ لِيُعِزَّ مَنْ اَذَلَّهُ اللّٰهُ وَيُذِلَّ مَنْ اَعَزَّهُ اللّٰهُ وَالْمُسْتَحِلُّ لِحَرَمِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَحِلُّ مِنْ عِتْرَتِيْ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَالتَّارِكُ لِسُنَّتِيْ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الْمَدْخَلِ وَرَزِيْنٌ فِيْ كِتَابِهٖ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ چھ طرح کے شخص ہیں۔ میں نے اُن پر لعنت کی ہے۔ اور اللہ نے اُن پر لعنت کی ہے۔ اور ہر نبی مستجاب ہے۔ اللہ کی کتاب میں زیادتی کرنیوالا۔ اور اللہ کی تقدیر کو جھٹلانیوالا۔ زبردستی غالب آجانیوالا تاکہ جسے اللہ نے ذلیل کیا ہے اُسے عزت دے۔ اور جسے اللہ نے عزت دی ہے اسے ذلیل کرے۔ اور اللہ کے حرام کو حلال سمجھنے والا اور میری اولاد سے حلال جانے اس چیز کو جسے اللہ نے حرام کیا ہے اور میری سنت کو چھوڑ دینے والا (بیہقی نے مدخل میں اور رزین نے اپنی کتاب میں روایت کیا ہے)

۱۰۲/۳۱ وَعَنْ مُّطَرِّبِ بْنِ عُكَامِسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَضَى اللّٰهُ لِعَبْدٍ اَنْ يَّمُوْتَ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَهٗ اِلَيْهَا حَاجَةً (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

مطرب بن عکامسؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے لئے ایک زمین میں مرنے کا فیصلہ کرتا ہے اسے اسکی طرف کوئی حاجت کر دیتا ہے۔ (احمد، ترمذی)

۱۰۳/۳۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ذَرَارِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ مِنْ اٰبَائِهِمْ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِلَا عَمَلٍ قَالَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ قُلْتُ فَذَرَارِيُّ الْمُشْرِكِيْنَ قَالَ مِنْ اٰبَائِهِمْ قُلْتُ بِلَا عَمَلٍ قَالَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے کہا۔ اے اللہ کے رسول! مسلمانوں کی اولاد کا کیا حکم ہے۔ فرمایا۔ وہ اپنے آباء سے ہیں۔ میں نے کہا اے اللہ کے رسول! بغیر کسی عمل کے ہی فرمایا۔ اللہ خوب جانتا ہے جو وہ عمل کرتے ہیں۔ میں نے کہا مشرکوں کی اولاد کا کیا حکم ہے۔ فرمایا۔ وہ اپنے آباء سے ہیں۔ میں نے کہا۔ بغیر کسی عمل کے۔ فرمایا۔ اللہ خوب جانتا ہے۔ جو وہ عمل کرتے ہیں۔ (ابوداؤد)

۱۰۴/۳۳ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْوَائِدَةُ وَالْمَوْءُوْدَةُ فِي النَّارِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ زندہ گاڑنے والی اور جس کو گاڑا گیا۔ دونوں دوزخ میں جائینگی۔ (ابوداؤد)

besturdubooks.wordpress.com



## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۰۵/۳۴ عَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ فَرَغَ اِلٰی کُلِّ عَبْدٍ مِّنْ خَلْقِہٖ مِنْ خَمْسٍ مِّنْ اَجَلِہٖ وَعَمَلِہٖ وَمَضْجَعِہٖ وَاَثَرِہٖ وَرِزْقِہٖ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

ابُو الدرداء رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ عزوجل اپنی مخلوق میں سے ہر بندے کی پانچ باتوں سے فارغ ہو چکا ہے اس کے اجل سے۔ اس کے عمل سے۔ اس کے رہنے کی جگہ سے۔ اسکے پھرنے کی جگہ سے اور اسکے رزق سے۔ (احمد)

۱۰۶/۳۵ وَعَنْ عَآئِشَۃَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ تَکَلَّمَ فِیْ شَیْءٍ مِّنَ الْقَدَرِ سُئِلَ عَنْہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَمَنْ لَّمْ یَتَکَلَّمْ فِیْہِ لَمْ یُسْئَلْ عَنْہُ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ مَیں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ آپ فرماتے تھے۔ جس شخص نے تقدیر میں کلام کیا۔ اس سے پُوچھا جائے گا۔ اور جس نے کلام نہ کیا۔ قیامت کے دن اس سے نہ پوچھا جائے گا۔ (ابن ماجہ)

۱۰۷/۳۶ وَعَنِ ابْنِ الدَّیْلَمِیِّ قَالَ اَتَیْتُ اُبَیَّ ابْنَ کَعْبٍ فَقُلْتُ لَہٗ قَدْ وَقَعَ فِیْ نَفْسِیْ شَیْءٌ مِّنَ الْقَدَرِ فَحَدِّثْنِیْ لَعَلَّ اللّٰہَ اَنْ یُّذْھِبَہٗ مِنْ قَلْبِیْ فَقَالَ لَوْ اَنَّ اللّٰہَ عَذَّبَ اَھْلَ سَمٰوٰتِہٖ وَاَھْلَ اَرْضِہٖ عَذَّبَھُمْ وَھُوَ غَیْرُ ظَالِمٍ لَّھُمْ وَلَوْ رَحِمَھُمْ کَانَتْ رَحْمَتُہٗ خَیْرًا لَّھُمْ مِّنْ اَعْمَالِھِمْ وَلَوْ اَنْفَقْتَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَھَبًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ مَا قَبِلَہُ اللّٰہُ مِنْکَ حَتّٰی تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ وَتَعْلَمَ اَنَّ مَآ اَصَابَکَ لَمْ یَکُنْ لِّیُخْطِئَکَ وَاَنَّ مَآ اَخْطَاَکَ لَمْ یَکُنْ لِّیُصِیْبَکَ وَلَوْ مُتَّ عَلٰی غَیْرِ ھٰذَا لَدَخَلْتَ النَّارَ قَالَ ثُمَّ اَتَیْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِکَ قَالَ ثُمَّ اَتَیْتُ حُذَیْفَۃَ بْنَ

ابُو الدرداء رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ عزوجل اپنی مخلوق میں سے ہر بندے کی پانچ باتوں سے فارغ ہو چکا ہے اس کے اجل سے۔ اس کے عمل سے۔ اس کے رہنے کی جگہ سے۔ اسکے پھرنے کی جگہ سے اور اسکے رزق سے۔ (احمد)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ مَیں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ آپ فرماتے تھے۔ جس شخص نے تقدیر میں کلام کیا۔ اس سے پُوچھا جائے گا۔ اور جس نے کلام نہ کیا۔ قیامت کے دن اس سے نہ پوچھا جائے گا۔ (ابن ماجہ)

ابن دیلمی رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ میں اُبی بن کعبؓ کے پاس آیا۔ مَیں نے کہا میرے دل میں تقدیر کے متعلق کچھ شبہ ہے۔ مجھے کوئی حدیث بیان کر۔ شاید اللہ تعالیٰ میرے دل سے اس شبہ کو دُور کر دے۔ اُس نے کہا۔ اگر اللہ تعالیٰ آسمانوں کے رہنے والوں اور زمین کے رہنے والوں کو عذاب کرے۔ تو وہ اُن پر ظلم کرنے والا نہیں ہوگا۔ اور اگر اُن پر رحم کرے تو اس کی رحمت اُن کے لئے اعمال سے بہتر ہے۔ اگر تو احد پہاڑ کی مانند سونا اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرے اسے قبول نہیں کیا جائے گا جب تک تو تقدیر پر ایمان نہ لائے۔ اور جان لے۔ جو چیز تجھے پہنچی ہے۔ وہ تجھ سے خطا نہ کرنے والی تھی۔ اور جس چیز نے تجھ سے خطا کی۔ وہ تجھے پہنچنے والی نہ تھی۔ اگر تو اس عقیدے پر نہیں مرے گا آگ میں داخل ہوگا۔ اُس نے کہا۔ پھر مَیں عبداللہ بن مسعود رضؓ کے پاس آیا۔ اُس نے بھی ایسا ہی کہا۔ پھر مَیں حذیفہ بن یمان کے پاس

besturdubooks.wordpress.com

الْيَمَانِ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ اَتَيْتُ زَيْدَ ابْنَ ثَابِتٍ فَحَدَّثَنِيْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

آیا۔ اس نے بھی ایسا ہی کہا۔ پھر میں زید بن ثابت کے پاس آیا۔ اس نے بھی مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح کی حدیث بیان کی ہے۔

(ابوداؤد، احمد، ابن ماجہ)

۱۰۸/۳۴ وَعَنْ نَّافِعٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَى ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ اِنَّ فُلَانًا يُّقْرِئُكَ السَّلَامَ فَقَالَ اِنَّهٗ بَلَغَنِيْ اَنَّهٗ قَدْ اَحْدَثَ فَاِنْ كَانَ قَدْ اَحْدَثَ فَلَا تُقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَكُوْنُ فِيْ اُمَّتِيْ اَوْ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ خَسْفٌ وَّمَسْخٌ اَوْ قَذْفٌ فِيْ اَهْلِ الْقَدَرِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ۔

نافع رضہ سے روایت ہے۔ ایک آدمی ابن عمر رضہ کے پاس آیا۔ اور کہا۔ فلاں آدمی آپ کو سلام کہتا ہے عبداللہ بن عمر رضہ نے کہا۔ مجھے اس کے متعلق خبر پہنچی ہے۔ کہ اس نے (دین میں) نئی بات نکالی ہے۔ پس اگر اس نے بدعت نکالی ہے۔ تو میرا اسکو سلام مت کہہ۔ تحقیق میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ آپ فرماتے تھے میری اُمت میں یا آپ نے فرمایا۔ اس امت میں دھنس جانا اور صورتوں کا تبدیل ہو جانا۔ یا پتھروں کا برسنا ہوگا۔ جو اہل قدر میں ہوگا۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ) ترمذی نے کہا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے)

۱۰۹/۳۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَاَلَتْ خَدِيْجَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَّلَدَيْنِ مَاتَا لَهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمَا فِي النَّارِ قَالَ فَلَمَّا رَاَى الْكَرَاهَةَ فِيْ وَجْهِهَا قَالَ لَوْ رَاَيْتِ مَكَانَهُمَا لَاَبْغَضْتِهِمَا قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَوَلَدِيْ مِنْكَ قَالَ فِي الْجَنَّةِ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَوْلَادَهُمْ فِي الْجَنَّةِ وَاِنَّ الْمُشْرِكِيْنَ وَاَوْلَادَهُمْ فِي النَّارِ ثُمَّ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ

حضرت علی رضہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ حضرت خدیجہ رضہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے دو بچوں کے متعلق سوال کیا۔ جو جاہلیت میں مر گئے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ وہ آگ میں ہیں۔ حضرت علی رضہ نے کہا جب آپ نے اس کے چہرے پر ناخوشی دیکھی۔ آپ نے فرمایا۔ اگر تو اُن کا حال دیکھے۔ تو اُن کو بُرا سمجھے پھر عرض کیا۔ میری اولاد جو آپ سے ہے۔ آپ نے فرمایا جنت میں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق مؤمن اور اُن کی اولاد جنت میں ہے۔ اور مشرک اور اُن کی اولاد دوزخ میں ہے۔ پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور اُن کی اولاد نے اُن کی پیروی کی۔

besturdubooks.wordpress.com

ذُرِّيَّتَهُمْ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

(احمد)

۱۱۱/۳۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ مَسَحَ ظَهْرَهُ فَسَقَطَ عَنْ ظَهْرِهِ كُلُّ نَسَمَةٍ هُوَ خَالِقُهَا مِنْ ذُرِّيَّتِهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَجَعَلَ بَيْنَ عَيْنَيْ كُلِّ إِنْسَانٍ مِنْهُمْ وَبِيصًا مِنْ نُورٍ ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى آدَمَ فَقَالَ أَيْ رَبِّ مَنْ هٰؤُلَاءِ قَالَ ذُرِّيَّتُكَ فَرَأَى رَجُلًا مِنْهُمْ فَأَعْجَبَهُ وَبِيصُ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ قَالَ أَيْ رَبِّ مَنْ هٰذَا قَالَ دَاوُدُ قَالَ أَيْ رَبِّ كَمْ جَعَلْتَ عُمُرَهُ قَالَ سِتِّينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ زِدْهُ مِنْ عُمُرِي أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا انْقَضَى عُمُرُ آدَمَ إِلَّا أَرْبَعِينَ جَاءَهُ مَلَكُ الْمَوْتِ فَقَالَ آدَمُ أَوَلَمْ يَبْقَ مِنْ عُمُرِي أَرْبَعُونَ سَنَةً قَالَ أَوَلَمْ تُعْطِهَا ابْنَكَ دَاوُدَ فَجَحَدَ آدَمُ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ وَنَسِيَ آدَمُ فَأَكَلَ مِنَ الشَّجَرَةِ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ وَخَطِئَ آدَمُ وَخَطِئَتْ ذُرِّيَّتُهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب اللہ تعالیٰ نے آدمؑ کو پیدا کیا۔ اس کی پشت پر ہاتھ پھیرا۔ اس کی پشت سے ہر جان گر پڑی جس کو اللہ تعالیٰ نے قیامت تک پیدا کرنا تھا۔ ہر آدمی کی آنکھوں کے درمیان نور کی ایک چمک رکھ دی۔ پھر ان کو آدم علیہ السلام کے سامنے کیا۔ اُس نے کہا اے میرے پروردگار یہ کون لوگ ہیں۔ فرمایا۔ تیری اولاد ہے۔ پس ایک آدمی اُن میں دیکھا۔ اس کی آنکھوں کے درمیان کی چمک بہت بھلی معلوم ہوئی۔ کہا۔ اے میرے پروردگار! یہ کون ہے۔ فرمایا۔ یہ داؤد ہے۔ کہا اے پروردگار۔ تو نے اس کی عمر کتنی مقرر کی ہے۔ فرمایا۔ ساٹھ برس۔ کہا اے میرے رب! میری عمر کے چالیس سال اس کی عمر میں زیادہ کر دے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آدمؑ کی ساری عمر ختم ہوگئی۔ اور چالیس برس رہ گئے۔ اس کے پاس موت کا فرشتہ آیا۔ آدمؑ نے کہا۔ میری عمر کے چالیس کیا باقی نہیں رہتے۔ اس نے کہا کیا وہ تو نے اپنے بیٹے داؤدؑ کو نہیں دیدیئے تھے۔ آدم علیہ السلام نے انکار کر دیا۔ تو اس کی اولاد بھی انکار کرتی ہے۔ آدم علیہ السلام بھول گئے درخت کھا لیا۔ اس کی اولاد بھی بھول جاتی ہے۔ آدم علیہ السلام نے خطا کی۔ اس کی اولاد بھی خطا کرتی ہے۔ (ترمذی)

۱۱۲/۴۰ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ حِينَ خَلَقَهُ فَضَرَبَ كَتِفَهُ الْيُمْنٰى فَأَخْرَجَ ذُرِّيَّةً بَيْضَاءَ كَأَنَّهُمُ الذَّرُّ وَضَرَبَ كَتِفَهُ الْيُسْرٰى فَأَخْرَجَ ذُرِّيَّةً سَوْدَاءَ

ابوالدرداء رضؓ سے روایت ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے جب آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ اس کے دائیں کندھے کو مارا۔ اس سے سفید اولاد نکالی۔ گویا کہ وہ چیونٹیاں ہیں۔ پھر بائیں کندھے پر مارا۔ اس سے سیاہ اولاد نکالی۔ گویا کہ وہ کوئلہ ہیں۔ اس اولاد کے لئے

besturdubooks.wordpress.com

كَانَهُمُ الْحُمَمُ فَقَالَ لِلَّذِيْ فِيْ يَمِيْنِهٖ اِلَى الْجَنَّةِ وَلَا اُبَالِيْ وَقَالَ لِلَّذِيْ فِيْ كَتِفِهِ الْيُسْرٰى اِلَى النَّارِ وَلَا اُبَالِيْ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

کہا جو دائیں طرف تھی کہ یہ جنت میں جائیں گے اور میں پرواہ نہیں کرتا۔ اور اس اولاد کے لئے کہا جو بائیں کندھے سے نکلی تھی۔ یہ آگ میں جائیں گے اور میں پرواہ نہیں کرتا۔ (احمد)

۱۱۳/۴۱ وَعَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهٗ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ دَخَلَ عَلَيْهِ اَصْحَابُهٗ يَعُوْدُوْنَهٗ وَهُوَ يَبْكِيْ فَقَالُوْا لَهٗ مَا يُبْكِيْكَ اَلَمْ يَقُلْ لَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْ مِنْ شَارِبِكَ ثُمَّ اَقِرَّهٗ حَتّٰى تَلْقَانِيْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَبَضَ بِيَمِيْنِهٖ قَبْضَةً وَّاُخْرٰى بِالْيَدِ الْاُخْرٰى وَقَالَ هٰذِهٖ لِهٰذِهٖ وَهٰذِهٖ لِهٰذِهٖ وَلَا اُبَالِيْ وَلَا اَدْرِيْ فِيْ اَيِّ الْقَبْضَتَيْنِ اَنَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابو نضرہ رضؓ سے روایت ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام میں سے ایک آدمی ابو عبداللہ تھا۔ اس کے دوست عیادت کرنے کے لئے اس کے پاس گئے اور وہ رونے لگا۔ انہوں نے کہا۔ تو کیوں روتا ہے۔ کیا تیرے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا تھا کہ اپنے لبوں کے بال لے۔ پھر اس پر ٹھہرا رہ۔ حتیٰ کہ مجھ سے ملاقات کرے۔ کہا۔ کیوں نہیں۔ لیکن میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ آپ فرماتے تھے۔ اللہ تعالےٰ نے ایک مٹھی اپنے دائیں ہاتھ میں لی۔ ایک دوسرے ہاتھ میں۔ دائیں ہاتھ والی کو کہا۔ یہ جنتی ہیں۔ اور دوسری کو کہا۔ کہ یہ دوزخی ہیں۔ اور میں پرواہ نہیں کرتا۔ اور میں نہیں جانتا کہ میں کس مٹھی سے ہوں (احمد)

۱۱۴/۴۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَخَذَ اللّٰهُ الْمِيْثَاقَ مِنْ ظَهْرِ اٰدَمَ بِنَعْمَانَ يَعْنِيْ عَرَفَةَ فَاَخْرَجَ مِنْ صُلْبِهٖ كُلَّ ذُرِّيَّةٍ ذَرَاَهَا فَنَثَرَهُمْ بَيْنَ يَدَيْهِ كَالذَّرِّ ثُمَّ كَلَّمَهُمْ قُبُلًا قَالَ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى شَهِدْنَا اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ اَوْ تَقُوْلُوْا اِنَّمَا اَشْرَكَ اٰبَاؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْ بَعْدِهِمْ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ۔

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالےٰ نے میثاق آدم کی پشت سے نعمان یعنی عرفہ میں لیا تھا۔ اسکی پشت سے اس کی کل ذریت جسے پیدا کرنا تھا۔ نکالی۔ اور اس کے سامنے چیونٹیوں کی مانند پھیلا دیا۔ پھر روبرو ان سے باتیں کیں۔ فرمایا۔ کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں۔ سب نے کہا کیوں نہیں۔ ہم گواہی دیتے ہیں۔ قیامت کے دن یہ نہ کہنا۔ کہ ہم اس سے غافل تھے۔ یا یہ نہ کہنا۔ کہ شرک ہمارے آبا نے کیا۔ اور ہم اولاد تھے۔ اُن کی۔ کیا تو ہم کو ہلاک کرے گا۔ اس کے سبب جو باطل پرستوں نے کیا۔

besturdubooks.wordpress.com

(رواہ احمد)

۱۱۴/۴۳ وَعَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ فِیْ قَوْلِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّکَ مِنْ بَنِیْ اٰدَمَ مِنْ ظُھُوْرِھِمْ ذُرِّیَّتَھُمْ قَالَ جَمَعَھُمْ فَجَعَلَھُمْ اَزْوَاجًا ثُمَّ صَوَّرَھُمْ فَاسْتَنْطَقَھُمْ فَتَکَلَّمُوْا ثُمَّ اَخَذَ عَلَیْھِمُ الْعَھْدَ وَ الْمِیْثَاقَ وَاَشْھَدَھُمْ عَلٰی اَنْفُسِھِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ قَالُوْا بَلٰی قَالَ فَاِنِّیْ اُشْھِدُ عَلَیْکُمُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعَ وَ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعَ وَاُشْھِدُ عَلَیْکُمْ اَبَاکُمْ اٰدَمَ اَنْ تَقُوْلُوْا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ لَمْ نَعْلَمْ بِھٰذَا اِعْلَمُوْا اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ غَیْرِیْ وَلَا رَبَّ غَیْرِیْ وَلَا تُشْرِکُوْا بِیْ شَیْئًا اِنِّیْ سَاُرْسِلُ اِلَیْکُمْ رُسُلِیْ یُذَکِّرُوْنَکُمْ عَھْدِیْ وَمِیْثَاقِیْ وَاُنْزِلُ عَلَیْکُمْ کُتُبِیْ قَالُوْا شَھِدْنَا بِاَنَّکَ رَبُّنَا وَاِلٰھُنَا لَا رَبَّ لَنَا غَیْرُکَ وَلَا اِلٰہَ لَنَا غَیْرُکَ فَاَقَرُّوْا بِذٰلِکَ وَرُفِعَ عَلَیْھِمْ اٰدَمُ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَنْظُرُ اِلَیْھِمْ فَرَاَی الْغَنِیَّ وَالْفَقِیْرَ وَ حَسَنَ الصُّوْرَۃِ وَدُوْنَ ذٰلِکَ فَقَالَ رَبِّ لَوْلَا سَوَّیْتَ بَیْنَ عِبَادِکَ قَالَ اِنِّیْ اَحْبَبْتُ اَنْ اُشْکَرَ وَرَاَی الْاَنْبِیَآءَ فِیْھِمْ مِثْلَ السُّرُجِ عَلَیْھِمُ النُّوْرُ خُصُّوْا بِمِیْثَاقٍ اٰخَرَ فِی الرِّسَالَۃِ وَالنُّبُوَّۃِ وَ ھُوَ قَوْلُہٗ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَھُمْ اِلٰی قَوْلِہٖ عِیْسَی بْنِ

ابی بن کعبؓ سے روایت ہے۔ کہا۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں کہ جب تیرے رب نے آدمؑ کے بیٹوں سے اُن کی پشتوں سے اُن کی اولاد نکالی۔ راوی نے کہا۔ اُن سب کو جمع کیا۔ اُن کو قسم قسم بنا دیا۔ پھر اُن کو صورت بخشی۔ پھر اُن کو گویا کیا۔ سب بولے۔ پھر اُن سے عہد اور میثاق لیا۔ اور اُن کو اُن کی جانوں پر گواہ بنایا۔ کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں۔ انہوں نے کہا۔ کیوں نہیں۔ فرمایا۔ میں تم پر ساتوں زمینوں اور ساتوں آسمانوں اور تمہارے باپ آدم علیہ السلام کو گواہ بناتا ہوں کہ قیامت کے دن تم یہ نہ کہہ دو۔ کہ ہم نہیں جانتے۔ جان لو۔ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور میرے سوا کوئی پروردگار نہیں۔ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا۔ میں تمہاری طرف اپنے رسول بھیجوں گا۔ وہ میرا عہد اور میثاق تم کو یاد کرائیں گے۔ میں اپنی کتابیں تم پر نازل کروں گا۔ انہوں نے کہا۔ ہم گواہی دیتے ہیں کہ تو ہمارا پروردگار ہے اور ہمارا معبود ہے تیرے سوا ہمارا کوئی پروردگار نہیں۔ اور نہ کوئی معبود ہے۔ انہوں نے اس بات کا اقرار کیا۔ حضرت آدم علیہ السلام اُن پر بلند کئے گئے۔ وہ اُن کو دیکھتے تھے۔ انہوں نے غنی، فقیر خوب صورت اور بدصورت سب کو دیکھا۔ کہا۔ اے میرے رب! تو نے اپنے بندوں کو ایک جیسا کیوں نہیں پیدا کیا۔ فرمایا۔ میں پسند کرتا ہوں کہ میرا شکر ادا کیا جائے انبیاء کرام کو اُن میں دیکھا۔ وہ اُن میں چراغوں کی مانند ہیں۔ اُن پر ایک خاص قسم کا نور ہے۔ رسالت اور نبوت کے متعلق اُن سے ایک الگ عہد لیا گیا۔ جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں ہے۔ اور جب ہم نے نبیوں سے وعدہ لیا۔ اللہ تعالیٰ کے

besturdubooks.wordpress.com

مَرْيَمَ كَانَ فِي تِلْكَ الْأَرْوَاحِ فَأَرْسَلَهُ إِلَى مَرْيَمَ عَلَيْهَا السَّلَامُ فَحُدِّثَ عَنْ أُبَيٍّ أَنَّهُ دَخَلَ مِنْ فِيهَا (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

فرمان عیسیٰ بن مریم تک حضرت عیسیٰ بھی ان روحوں میں تھے اللہ تعالیٰ نے انکو حضرت مریم کیطرف بھیج دیا۔ اُبی سے حدیث بیان کی گئی کہ انکی روح مریم کے منہ کیطرف سے داخل ہوئی۔ (احمد)

۱۱۵/۴۴ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَتَذَاكَرُ مَا يَكُونُ إِذْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعْتُمْ بِجَبَلٍ زَالَ عَنْ مَكَانِهِ فَصَدِّقُوهُ وَإِذَا سَمِعْتُمْ بِرَجُلٍ تَغَيَّرَ عَنْ خُلُقِهِ فَلَا تُصَدِّقُوا بِهِ فَإِنَّهُ يَصِيرُ إِلَى مَا جُبِلَ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ابُوالدرداء رضؓ سے روایت ہے۔ ایک دفعہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے۔ اور ہم آئندہ ہونے والی چیز کا تذکرہ کر رہے تھے۔ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم ایک پہاڑ کے متعلق سنو۔ کہ وہ اپنی جگہ سے ٹل گیا ہے۔ اس کو سچ مان لو۔ اور جب تم سنو۔ کہ کوئی آدمی اپنی خلق سے بدل گیا ہے اس کو سچ نہ مانو۔ کیونکہ وہ اس چیز کی طرف ہو جاتا ہے۔ جس پر پیدا کیا گیا ہے۔ (احمد)

۱۱۶/۴۵ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَا يَزَالُ يُصِيبُكَ فِي كُلِّ عَامٍ وَجَعٌ مِنَ الشَّاةِ الْمَسْمُومَةِ الَّتِي أَكَلْتَ قَالَ مَا أَصَابَنِي شَيْءٌ مِنْهَا إِلَّا وَهُوَ مَكْتُوبٌ عَلَيَّ وَآدَمُ فِي طِينَتِهِ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ام سلمہ رضؓ سے روایت ہے۔ اُس نے کہا۔ اے اللہ کے رسول۔ ہمیشہ ہر سال زہر ڈالی ہوئی بکری کھانے کی وجہ سے بیماری آپ کو پہنچتی ہے آپ نے فرمایا۔ جو تکلیف مجھے پہنچتی ہے۔ وہ میرے لئے لکھ دی گئی تھی اور ابھی آدم اپنی مٹی میں تھے۔ (ابن ماجہ)

# بَابُ إِثْبَاتِ عَذَابِ الْقَبْرِ

# عذابِ قبر کے ثبوت کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۱۷/۱ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ إِذَا سُئِلَ فِي الْقَبْرِ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ

براء بن عازبؓ سے روایت ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مسلمان سے جس وقت قبر میں سوال کیا جاتا ہے۔ وہ گواہی دیتا ہے۔ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں یہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ ایمان داروں کو ثابت رکھتا ہے محکم بات کیساتھ۔ دنیا کی زندگی میں اور آخرت

besturdubooks.wordpress.com

وَفِي رِوَايَةٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ نَزَلَتْ فِيْ عَذَابِ الْقَبْرِ يُقَالُ لَهٗ مَنْ رَّبُّكَ فَيَقُوْلُ رَبِّيَ اللّٰهُ وَنَبِيِّيْ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

میں بھی۔ ایک روایت میں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آیت کریمہ یُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ عذاب قبر کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ اُسے قبر میں کہا جاتا ہے تیرا رب کون ہے۔ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے اور میرا نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ (متفق علیہ)

۱۱۸/۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا وُضِعَ فِيْ قَبْرِهٖ وَتَوَلّٰى عَنْهُ اَصْحَابُهٗ اِنَّهٗ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ اَتَاهُ مَلَكَانِ فَيُقْعِدَانِهٖ فَيَقُوْلَانِ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَّا الْمُؤْمِنُ فَيَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنَّهٗ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ فَيُقَالُ لَهٗ اُنْظُرْ اِلٰى مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ قَدْ اَبْدَلَكَ اللّٰهُ بِهٖ مَقْعَدًا مِّنَ الْجَنَّةِ فَيَرَاهُمَا جَمِيْعًا وَاَمَّا الْمُنَافِقُ وَالْكَافِرُ فَيُقَالُ لَهٗ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ لَا اَدْرِيْ كُنْتُ اَقُوْلُ مَا يَقُوْلُ النَّاسُ فَيُقَالُ لَهٗ لَا دَرَيْتَ وَلَا تَلَيْتَ وَيُضْرَبُ بِمَطَارِقَ مِنْ حَدِيْدٍ ضَرْبَةً فَيَصِيْحُ صَيْحَةً يَّسْمَعُهَا مَنْ يَّلِيْهِ غَيْرُ الثَّقَلَيْنِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُ لِلْبُخَارِيِّ)

انس رضی سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق بندہ جس وقت قبر میں رکھ دیا جاتا ہے اور اس کے ساتھی واپس لوٹتے ہیں وہ ان کی جوتیوں کی آواز سنتا ہے۔ دو فرشتے اس کے پاس آتے ہیں۔ اُس کو بٹھلاتے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ اس شخص یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق تو کیا کہتا ہے۔ مؤمن شخص کہتا ہے میں گواہی دیتا ہوں۔ کہ وہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اُسے کہا جاتا ہے۔ اپنے دوزخ کے ٹھکانے کو دیکھ۔ اللہ تعالیٰ نے جنت کے ٹھکانے سے تبدیل کر دیا ہے وہ اُن دونوں کو دیکھتا ہے۔ اور منافق اور کافر سے کہا جاتا ہے۔ کہ تو اس شخص کے متعلق کیا کہتا تھا۔ پس وہ کہتا ہے۔ میں نہیں جانتا۔ جو کچھ لوگ کہتے تھے۔ میں بھی کہتا تھا۔ پس کہا جاتا ہے۔ نہ تو نے جانا نہ پڑھا اور لوہے کے گرزوں سے اُسے مارا جاتا ہے۔ وہ چلاتا ہے۔ جسے اس کے نزدیک جنوں اور انسانوں کے سوا سب سنتے ہیں۔ (متفق علیہ اور لفظ بخاری کے ہیں)

۱۱۹/۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا مَاتَ عُرِضَ عَلَيْهِ مَقْعَدُهٗ

عبداللہ بن عمر رضی سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی شخص جس وقت مرتا ہے۔ صبح اور شام اس کا ٹھکانا اُس

besturdubooks.wordpress.com

بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ إِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَإِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَمِنْ أَهْلِ النَّارِ فَيُقَالُ هٰذَا مَقْعَدُكَ حَتّٰى يَبْعَثَكَ اللّٰهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اگر جنتی ہے۔ تو جنتیوں کا ٹھکانا اور اگر دوزخی ہے۔ تو دوزخیوں کا ٹھکانا پیش کیا جاتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے۔ یہ تیرا ٹھکانا ہے۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کی طرف تجھے اٹھائے گا۔ (متفق علیہ)

۱۲۰/۴ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ يَهُودِيَّةً دَخَلَتْ عَلَيْهَا فَذَكَرَتْ عَذَابَ الْقَبْرِ فَقَالَتْ لَهَا أَعَاذَكِ اللّٰهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَسَأَلَتْ عَائِشَةُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَقَالَ نَعَمْ عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ قَالَتْ عَائِشَةُ فَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدُ صَلّٰى صَلٰوةً إِلَّا تَعَوَّذَ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے۔ ایک یہودی عورت اس کے پاس آئی۔ عذاب قبر کا اس نے ذکر کیا۔ اس نے حضرت عائشہ رضہ کو کہا۔ اللہ تعالیٰ تجھے عذاب قبر سے بچائے۔ حضرت عائشہ رضہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عذاب قبر کے متعلق دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا۔ ہاں۔ قبر کا عذاب حق ہے۔ حضرت عائشہ رضہ فرماتی ہیں۔ اس کے بعد میں نے نہیں دیکھا۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کوئی نماز پڑھی ہو۔ مگر اس میں اللہ تعالیٰ سے عذاب قبر سے پناہ مانگتے۔ (متفق علیہ)

۱۲۱/۵ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَائِطٍ لِبَنِي النَّجَّارِ عَلٰى بَغْلَةٍ لَّهُ وَنَحْنُ مَعَهُ إِذْ حَادَتْ بِهِ فَكَادَتْ تُلْقِيهِ وَإِذَا أَقْبُرٌ سِتَّةٌ أَوْ خَمْسَةٌ فَقَالَ مَنْ يَّعْرِفُ أَصْحَابَ هٰذِهِ الْأَقْبُرِ قَالَ رَجُلٌ أَنَا قَالَ فَمَتٰى مَاتُوا قَالَ فِي الشِّرْكِ فَقَالَ إِنَّ هٰذِهِ الْأُمَّةَ تُبْتَلٰى فِي قُبُورِهَا فَلَوْلَا أَنْ لَّا تَدَافَنُوا لَدَعَوْتُ اللّٰهَ أَنْ يُّسْمِعَكُمْ مِّنْ عَذَابِ الْقَبْرِ الَّذِي أَسْمَعُ مِنْهُ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ فَقَالَ تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ

حضرت زید بن ثابت رضہ سے روایت ہے۔ ایک دفعہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بنو نجار کے باغ کے پاس تھے۔ آپ ایک خچر پر سوار تھے۔ اس نے آپ کے ساتھ شوخی کی۔ قریب تھا۔ کہ وہ آپ کو گرا دے۔ اور ناگہاں پانچ یا چھ قبریں تھیں۔ آپ نے فرمایا۔ کسی کو ان قبر والوں کے متعلق علم ہے۔ ایک آدمی نے کہا۔ میں جانتا ہوں آپ نے فرمایا۔ کب مرے تھے۔ اس نے کہا۔ شرک میں۔ آپ نے فرمایا۔ یہ امت قبروں میں آزمائی جاتی ہے۔ اگر اس بات کا ڈر نہ ہو۔ کہ تم دفن نہ کرو گے۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا۔ کہ تم کو قبر کا عذاب سنائے۔ جو میں سن رہا ہوں پھر آپ نے اپنا منہ (مبارک) ہماری طرف کر لیا۔ فرمایا۔ اللہ کیساتھ قبر کے عذاب سے پناہ پکڑو۔ انہوں نے کہا۔ ہم اللہ کیساتھ قبر کے

besturdubooks.wordpress.com

قَالُوا نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ قَالَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ قَالُوْا نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ قَالَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ قَالُوْا نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ قَالَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ قَالُوْا نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عذاب سے پناہ پکڑتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا۔ اللہ کیساتھ قبر کے عذاب سے پناہ پکڑو۔ انہوں نے کہا۔ ہم اللہ کیساتھ قبر کے عذاب سے پناہ پکڑتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا۔ فتنوں سے جو ظاہر ہیں اور چھپے ہوئے ہیں۔ اُن سے پناہ پکڑو۔ انہوں نے کہا ہم اللہ سے پناہ پکڑتے ہیں۔ اُن فتنوں سے جو ظاہر ہیں اور جو چھپے ہوئے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا۔ اللہ کیساتھ دجال کے فتنہ سے پناہ پکڑو۔ انہوں نے کہا ہم اللہ کے ساتھ دجال کے فتنہ سے پناہ پکڑتے ہیں۔ (مسلم)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۱۳۲ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُقْبِرَ الْمَیِّتُ اَتَاهُ مَلَكَانِ اَسْوَدَانِ اَزْرَقَانِ یُقَالُ لِاَحَدِهِمَا الْمُنْكَرُ وَلِلْاٰخَرِ النَّكِیْرُ فَیَقُوْلَانِ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِیْ هٰذَا الرَّجُلِ فَاِنْ كَانَ مُؤْمِنًا فَیَقُوْلُ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ فَیَقُوْلَانِ قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْلُ هٰذَا ثُمَّ یُفْسَحُ لَهٗ فِیْ قَبْرِهٖ سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فِیْ سَبْعِیْنَ ثُمَّ یُنَوَّرُ لَهٗ فِیْهِ ثُمَّ یُقَالُ لَهٗ نَمْ فَیَقُوْلُ اَرْجِعُ اِلٰی اَهْلِیْ فَاُخْبِرُهُمْ فَیَقُوْلَانِ نَمْ كَنَوْمَةِ الْعَرُوْسِ الَّذِیْ لَا یُوْقِظُهٗ اِلَّا اَحَبُّ اَهْلِهٖ اِلَیْهِ حَتّٰی یَبْعَثَهُ اللّٰهُ مِنْ مَضْجَعِهٖ ذٰلِكَ وَاِنْ كَانَ مُنَافِقًا قَالَ سَمِعْتُ النَّاسَ یَقُوْلُوْنَ قَوْلًا فَقُلْتُ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب میت کو قبر میں اُتارا جاتا ہے۔ اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں جن کا رنگ سیاہ اور آنکھیں نیلگوں ہوتی ہیں۔ ایک کو منکر اور دوسرے کو نکیر کہا جاتا ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ تو اس شخص کے متعلق کیا کہتا تھا۔ اگر وہ ایماندار ہے۔ تو وہ کہتا ہے۔ وہ اللہ کا بندہ اور اس کا رسولؐ ہے اور میں گواہی دیتا ہوں۔ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمدؐ اس کے بندے اور اُس کے رسول ہیں وہ کہتے ہیں ہم جانتے تھے۔ کہ تو اس طرح کہے گا۔ پھر اس کے لئے ستر ستر گز تک قبر فراخ کر دی جاتی ہے پھر اُس کے لئے اس میں روشنی کر دی جاتی ہے۔ پھر اُسے کہا جاتا ہے۔ تو سو جا وہ کہتا ہے۔ میں اپنے گھر والوں کے پاس جاتا ہوں۔ تاکہ انکو خبر دوں۔ وہ کہتے ہیں۔ سو جا جس طرح دُلہن سو جاتی ہے جس کو نہیں جگاتا۔ مگر زیادہ پیارا لوگوں کا اُس کی طرف۔ یہاں تک کہ اللہ اُسکو اس کے سونے کی جگہ سے جگائے گا۔ اگر منافق ہوتا ہے۔ وہ (فرشتوں کے جواب میں) کہتا ہے۔ میں نے لوگوں

besturdubooks.wordpress.com

مِثْلَهٗ لَا اَدْرِیْ فَیَقُوْلَانِ قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْلُ ذٰلِكَ فَيُقَالُ لِلْاَرْضِ الْتَئِمِیْ عَلَيْهِ فَتَلْتَئِمُ عَلَيْهِ فَتَخْتَلِفُ اَضْلَاعُهٗ فَلَا يَزَالُ فِيْهَا مُعَذَّبًا حَتّٰى يَبْعَثَهُ اللّٰهُ مِنْ مَّضْجَعِهٖ ذٰلِكَ (رواہ الترمذی)

سے سنا۔ وہ ایک بات کہتے تھے۔ میں نے اسکی مثل کہہ دی۔ میں نہیں جانتا۔ وہ کہتے ہیں ہم جانتے تھے کہ تو اسطرح کہے گا پھر زمین کیلئے کہا جاتا ہے۔ اس پر مل جا۔ وہ اُس پر مل جاتی ہے تو مختلف ہو جاتی ہیں اسکی پسلیاں۔ ہمیشہ رہتا ہے اسمیں عذاب کیا گیا۔ یہانتک کہ اللہ اسکو اسکی قبر سے اٹھائیگا۔ (ترمذی)

۱۳۳ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَاْتِيْهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهٖ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَنْ رَّبُّكَ فَيَقُوْلُ رَبِّيَ اللّٰهُ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا دِيْنُكَ فَيَقُوْلُ دِيْنِيَ الْاِسْلَامُ فَيَقُوْلَانِ مَا هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِيْ بُعِثَ فِيْكُمْ فَيَقُوْلُ هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ وَمَا يُدْرِيْكَ فَيَقُوْلُ قَرَاْتُ كِتَابَ اللّٰهِ فَاٰمَنْتُ بِهٖ وَصَدَّقْتُ فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ الْاٰيَةَ قَالَ فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ اَنْ صَدَقَ عَبْدِيْ فَاَفْرِشُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَاَلْبِسُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَافْتَحُوْا لَهٗ بَابًا اِلَى الْجَنَّةِ فَيُفْتَحُ قَالَ فَيَاْتِيْهِ مِنْ رَّوْحِهَا وَطِيْبِهَا وَيُفْسَحُ لَهٗ فِيْهَا مَدَّ بَصَرِهٖ وَاَمَّا الْكَافِرُ فَذَكَرَ مَوْتَهٗ قَالَ وَيُعَادُ رُوْحُهٗ فِيْ جَسَدِهٖ وَيَاْتِيْهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهٖ فَيَقُوْلَانِ مَنْ رَّبُّكَ فَيَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ لَا اَدْرِيْ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا دِيْنُكَ فَيَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ لَا اَدْرِيْ فَيَقُوْلَانِ مَا هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِيْ بُعِثَ

اور براء بن عازبؓ سے روایت ہے۔ اُس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا۔ فرمایا۔ میت کے پاس دو فرشتے آتے ہیں۔ وہ اس کو بٹھاتے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ تیرا رب کون ہے۔ وہ کہتا ہے۔ میرا رب اللہ ہے۔ وہ کہتے ہیں تیرا دین کیا ہے۔ وہ کہتا ہے۔ میرا دین اسلام ہے۔ وہ کہتے ہیں یہ شخص کون ہے۔ جس کو تمہاری طرف بھیجا گیا تھا۔ وہ کہتا ہے وہ اللہ کا رسول ہے۔ وہ اُسے کہتے ہیں تجھے اس بات کا علم کیسے ہوا۔ وہ کہتا ہے۔ میں نے اللہ کی کتاب پڑھی۔ اس کے ساتھ ایمان لایا۔ اس کو سچا جانا۔ اس سے مُراد ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان۔ کہ اللہ ثابت رکھتا ہے ان لوگوں کو جو ایمان لائے۔ ثابت بات کے ساتھ۔ الآیۃ۔ آسمان سے ایک پکارنیوالا پکارتا ہے۔ میرے بندے نے سچ کہا۔ اس کو جنت کا بچھونا بچھا دو اور جنت کی پوشاک پہنا دو۔ جنت کیطرف دروازہ کھول دو۔ اس کے لئے کھولا جاتا ہے۔ اس کے پاس ہوا اور خوشبو آتی ہے۔ اور بقدر نگاہ کی درازی کے اس کی قبر کھول دی جاتی ہے۔ اور جو کافر ہوتا ہے۔ اس کی موت کا ذکر کیا۔ فرمایا پھر اس کی رُوح اس کے جسم میں ڈالی جاتی ہے۔ دو فرشتے آتے ہیں اسے بٹھاتے ہیں۔ اور کہتے ہیں تیرا رب کون ہے۔ وہ کہتا ہے۔ ہاہ ہاہ میں نہیں جانتا۔ وہ کہتے ہیں تیرا دین کیا ہے۔ وہ کہتا ہے۔ ہاہ ہاہ میں نہیں جانتا۔ وہ کہتے ہیں۔ وہ شخص کون ہے۔ جسے تمہاری طرف بھیجا گیا۔ وہ کہتا ہے۔ ہاہ ہاہ میں نہیں

besturdubooks.wordpress.com

فِيكُمْ فَيَقُولُ هَاهَا لَا أَدْرِي فَيُنَادِي مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ أَنْ كَذَبَ فَأَفْرِشُوهُ مِنَ النَّارِ وَأَلْبِسُوهُ مِنَ النَّارِ وَافْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى النَّارِ قَالَ فَيَأْتِيهِ مِنْ حَرِّهَا وَسَمُومِهَا قَالَ وَيُضَيَّقُ عَلَيْهِ قَبْرُهُ حَتَّى تَخْتَلِفَ فِيهِ أَضْلَاعُهُ ثُمَّ يُقَيَّضُ لَهُ أَعْمَى أَصَمُّ مَعَهُ مِرْزَبَةٌ مِنْ حَدِيدٍ لَوْ ضُرِبَ بِهَا جَبَلٌ لَصَارَ تُرَابًا فَيَضْرِبُهُ بِهَا ضَرْبَةً يَسْمَعُهَا مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ إِلَّا الثَّقَلَيْنِ فَيَصِيرُ تُرَابًا ثُمَّ يُعَادُ فِيهِ الرُّوحُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ)

جانتا۔ آسمان سے ایک پکارنے والا پکارتا ہے۔ یہ جھوٹا ہے۔ پس آگ سے اس کا بچھونا بچھا دو۔ اور آگ کا لباس پہنا دو۔ اور دوزخ کی طرف ایک دروازہ کھول دو۔ کہا اس کی لُو اور گرمی آتی ہے۔ فرمایا حضرت نے اس کی قبر اس پر تنگ کی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ اس کی پسلیاں مختلف ہو جاتی ہیں۔ پھر ایک اندھا اور بہرا فرشتہ مقرر کر دیا جاتا ہے۔ اس کے پاس لوہے کا ایک گرز ہوتا ہے۔ اگر وہ پہاڑ پر مارا جائے۔ تو وہ بھی مٹی بن جائے۔ اور اس کو گرز کے ساتھ مارتا ہے۔ جن اور انس کے سوا مشرق اور مغرب کے درمیان جو ہے۔ اس کی آواز سنتا ہے۔ وہ مٹی ہو جاتا ہے۔ پھر اس میں روح لوٹا دی جاتی ہے (احمد، ابوداؤد)

۱۲۴/۸ عَنْ عُثْمَانَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا وَقَفَ عَلَى قَبْرٍ بَكَى حَتَّى يَبُلَّ لِحْيَتَهُ فَقِيلَ لَهُ تُذْكَرُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ فَلَا تَبْكِي وَتَبْكِي مِنْ هٰذَا فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْقَبْرَ أَوَّلُ مَنْزِلٍ مِنْ مَنَازِلِ الْآخِرَةِ فَإِنْ نَجَا مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَيْسَرُ مِنْهُ وَإِنْ لَمْ يَنْجُ مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَشَدُّ مِنْهُ قَالَ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَأَيْتُ مَنْظَرًا قَطُّ إِلَّا وَالْقَبْرُ أَفْظَعُ مِنْهُ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ۔

حضرت عثمان رضؓ سے روایت ہے جب وہ قبر پر کھڑے ہوتے۔ روتے۔ یہاں تک کہ اپنی ڈاڑھی تر کرتے انہیں کہا گیا۔ تو جنت اور دوزخ کا ذکر کرتا ہے پس روتے نہیں۔ اور اس جگہ کھڑے ہونے سے روتے ہیں۔ انہوں نے کہا۔ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قبر آخرت کی منازل میں سے پہلی منزل ہے۔ اگر اس سے نجات پائی پس اس کے بعد جو ہے۔ وہ آسان ہے۔ اگر نجات نہ پائی۔ اس سے۔ پس اس کے بعد جو ہے۔ اس سے سخت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ میں نے کوئی جگہ نہیں دیکھی۔ مگر قبر سخت ہے اس سے۔ ترمذی اور ابن ماجہ۔ ترمذی نے کہا۔ یہ حدیث غریب ہے۔

۱۲۵/۹ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا فَرَغَ مِنْ دَفْنِ الْمَيِّتِ

اور اسی (عثمان رضؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب میت کو دفن کرنے سے فارغ

besturdubooks.wordpress.com

وَقَفَ عَلَيْهِ فَقَالَ اسْتَغْفِرُوْا لِاَخِيْكُمْ ثُمَّ سَلُوْا لَهٗ بِالتَّثْبِيْتِ فَاِنَّهٗ الْاٰنَ يُسْئَلُ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ہوتے۔ اس پر ٹھہرتے اور فرماتے اپنے بھائی کے لئے بخشش کی دُعا کرو پھر اس کیلئے ثابت قدم رہنے کی دُعا مانگو۔ کیونکہ اب اس سے سوال کیا جاتا ہے۔ (ابوداؤد)

۱۲۶/۱۰ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُسَلَّطُ عَلَى الْكَافِرِ فِيْ قَبْرِهٖ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ تِنِّيْنًا تَنْهَسُهٗ وَتَلْدَغُهٗ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ لَوْ اَنَّ تِنِّيْنًا مِّنْهَا نَفَخَ فِي الْاَرْضِ مَا اَنْبَتَتْ خَضِرًا۔ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهٗ وَقَالَ سَبْعُوْنَ بَدَلَ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ۔

ابوسعید رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کافر پر اس کی قبر میں ننانوے سانپ مسلط کئے جاتے ہیں۔ جو اس کو کاٹتے ہیں۔ اور ڈستے ہیں۔ یہاں تک کہ قائم ہو قیامت۔ اگر ایک سانپ زمین پر پھونک مار دے۔ تو سبزہ نہ اگا دے۔ (دارمی) اور ترمذی نے بھی اسی طرح روایت کیا ہے۔ اس نے ننانوے کی بجائے ستر کہا ہے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۲۷/۱۱ عَنْ جَابِرٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى سَعْدِ ابْنِ مُعَاذٍ حِيْنَ تُوُفِّيَ فَلَمَّا صَلّٰى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُضِعَ فِيْ قَبْرِهٖ وَسُوِّيَ عَلَيْهِ سَبَّحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَبَّحْنَا طَوِيْلًا ثُمَّ كَبَّرَ فَكَبَّرْنَا فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَ سَبَّحْتَ ثُمَّ كَبَّرْتَ قَالَ لَقَدْ تَضَايَقَ عَلٰى هٰذَا الْعَبْدِ الصَّالِحِ قَبْرُهٗ حَتّٰى فَرَّجَهُ اللّٰهُ عَنْهُ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت جابر رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سعد بن معاذ رضؓ کے جنازے کی طرف نکلے۔ جب وہ فوت ہوئے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کا جنازہ پڑھا۔ اور انہیں قبر میں رکھ دیا گیا۔ اور اُس پر مٹی ڈالی گئی۔ تسبیح کہی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور تسبیح کہی ہم نے بہت دیر تک۔ پھر تکبیر کہی آپؐ نے۔ اور تکبیر کہی ہم نے۔ آپؐ سے کہا گیا اے اللہ کے رسولؐ۔ آپؐ نے کیوں تسبیح کی اور پھر تکبیر کہی۔ آپؐ نے فرمایا۔ اس نیک بندے پر قبر تنگ ہوئی۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے کھول دی (احمد)

۱۲۸/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الَّذِيْ

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ وہ شخص ہے جس کے

تَحَرَّكَ لَهُ الْعَرْشُ وَفُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَشَهِدَهُ سَبْعُونَ أَلْفًا مِّنَ الْمَلَائِكَةِ لَقَدْ ضُمَّ ضَمَّةً ثُمَّ فُرِّجَ عَنْهُ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

لئے عرش نے حرکت کی۔ اور آسمان کے دروازے کھولے گئے۔ اور ستر ہزار فرشتوں نے اُن کا جنازہ پڑھا۔ تحقیق قبر بھینچی گئی بھینچنا۔ پھر کشادہ کی گئی قبر اس کی۔ (نسائی)

۱۲۹/۱۳ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ قَالَتْ قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيبًا فَذَكَرَ فِتْنَةَ الْقَبْرِ الَّتِي يُفْتَنُ فِيهَا الْمَرْءُ فَلَمَّا ذَكَرَ ذٰلِكَ ضَجَّ الْمُسْلِمُونَ ضَجَّةً رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ هٰكَذَا فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَزَادَ النَّسَائِيُّ حَالَتْ بَيْنِي وَبَيْنَ أَنْ أَفْهَمَ كَلَامَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا سَكَنَتْ ضَجَّتُهُمْ قُلْتُ لِرَجُلٍ قَرِيبٍ مِّنِّي أَيْ بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ مَاذَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي آخِرِ قَوْلِهِ قَالَ قَالَ قَدْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّكُمْ تُفْتَنُونَ فِي الْقُبُورِ قَرِيبًا مِّنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ۔

اسماء بنت ابی بکر رضہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ کے لئے کھڑے ہوئے آپ نے فتنہ قبر کا ذکر کیا جس کے لئے آدمی مبتلا کیا جاتا ہے جب آپ نے اس کا ذکر کیا۔ چلائے مسلمان چلانا۔ بخاری نے روایت کیا۔ نسائی نے زیادہ کیا۔ کہ وہ چلانا میرے اور رسول اللہ کی آواز کے درمیان حائل ہو گیا میں سمجھ نہ سکی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کو جب اُن کا چلانا رک گیا۔ میں نے اپنے نزدیک والے شخص کو کہا۔ کہ اے فلاں۔ اللہ تعالیٰ تجھ میں برکت کرے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر میں کیا فرمایا ہے۔ اس نے کہا کہ آپ نے فرمایا۔ کہ وحی کی گئی ہے میری طرف۔ کہ تم قبروں میں مبتلا کئے جاؤ گے۔ دجال کے فتنہ کے قریب۔

۱۳۰/۱۴ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُدْخِلَ الْمَيِّتُ الْقَبْرَ مُثِّلَتْ لَهُ الشَّمْسُ عِنْدَ غُرُوبِهَا فَيَجْلِسُ يَمْسَحُ عَيْنَيْهِ وَيَقُولُ دَعُونِي أُصَلِّي۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

جابر رضہ سے روایت ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا۔ جب میت کو قبر میں اُتارا جاتا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے۔ اس کے لئے کہ سورج غروب ہونے کے قریب ہے۔ وہ بیٹھتا ہے۔ اپنی آنکھیں ملتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ مجھے چھوڑو۔ میں نماز پڑھوں (ابن ماجہ)

۱۳۱/۱۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْمَيِّتَ يَصِيرُ إِلَى الْقَبْرِ فَيَجْلِسُ الرَّجُلُ فِي قَبْرِهِ غَيْرَ فَزِعٍ وَّلَا مَشْعُوبٍ ثُمَّ يُقَالُ لَهُ فِيمَ

ابوہریرہ رضہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ کہا میت قبر کی طرف پہنچتی ہے۔ آدمی اپنی قبر میں بیٹھ جاتا ہے۔ نہ کچھ خوف زدہ ہوتا ہے۔ اور نہ گھبرایا ہوا پھر اسے کہا جاتا ہے۔ تو کس دین پر تھا۔ وہ کہتا ہے اسلام میں

besturdubooks.wordpress.com

كُنْتَ فَيَقُوْلُ كُنْتُ فِي الْإِسْلَامِ فَيُقَالُ مَا هٰذَا الرَّجُلُ فَيَقُوْلُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ جَآءَنَا بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ فَصَدَّقْنٰهُ فَيُقَالُ لَهٗ هَلْ رَاَيْتَ اللّٰهَ فَيَقُوْلُ مَا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ اَنْ يَّرَى اللّٰهَ فَيُفَرَّجُ لَهٗ فُرْجَةٌ قِبَلَ النَّارِ فَيَنْظُرُ اِلَيْهِ يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا فَيُقَالُ لَهٗ اُنْظُرْ اِلٰى مَا وَقَاكَ اللّٰهُ ثُمَّ يُفَرَّجُ لَهٗ فُرْجَةٌ قِبَلَ الْجَنَّةِ فَيَنْظُرُ اِلٰى زَهْرَتِهَا وَمَا فِيْهَا فَيُقَالُ لَهٗ هٰذَا مَقْعَدُكَ عَلَى الْيَقِيْنِ كُنْتَ وَعَلَيْهِ مُتَّ وَعَلَيْهِ تُبْعَثُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَيَجْلِسُ الرَّجُلُ السَّوْءُ فِيْ قَبْرِهٖ فَزِعًا مَّشْعُوْبًا فَيُقَالُ لَهٗ فِيْمَ كُنْتَ فَيَقُوْلُ لَآ اَدْرِيْ فَيُقَالُ لَهٗ مَا هٰذَا الرَّجُلُ فَيَقُوْلُ سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ قَوْلًا فَقُلْتُهٗ فَيُفَرَّجُ لَهٗ فُرْجَةٌ قِبَلَ الْجَنَّةِ فَيَنْظُرُ اِلٰى زَهْرَتِهَا وَمَا فِيْهَا فَيُقَالُ لَهٗ اُنْظُرْ اِلٰى مَا صَرَفَ اللّٰهُ عَنْكَ ثُمَّ يُفَرَّجُ لَهٗ فُرْجَةٌ اِلَى النَّارِ فَيَنْظُرُ اِلَيْهَا يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا فَيُقَالُ لَهٗ هٰذَا مَقْعَدُكَ عَلَى الشَّكِّ كُنْتَ وَعَلَيْهِ مُتَّ وَعَلَيْهِ تُبْعَثُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

کہا جاتا ہے یہ کون شخص تھا۔ وہ کہتا ہے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول تھے۔ اللہ کے ہاں سے ظاہر دلیلیں لے کر آئے تھے۔ ہم نے آپ کی تصدیق کی۔ اُسے کہا جاتا ہے۔ کیا تو نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے پس وہ کہتا ہے کسی کے لئے لائق نہیں کہ اللہ تعالیٰ کو دیکھے۔ آگ کی طرف ایک روشندان کھول دیا جاتا ہے۔ وہ اس کی طرف دیکھتا ہے۔ کہ اس کا بعض بعض کو توڑ رہا ہے۔ پس کہا جاتا ہے۔ کہ دیکھ اس چیز کی طرف کہ اللہ تعالیٰ نے تجھ کو بچا لیا ہے۔ پھر اس کے لئے جنت کی طرف ایک روشندان کھول دیا جاتا ہے۔ وہ اس کی تروتازگی کی طرف دیکھتا ہے۔ اور جو کچھ اس میں ہے۔ کہا جاتا ہے۔ یہ تیرا ٹھکانا ہے۔ تو یقین پر تھا۔ اور اس پر تو مرا۔ اور اس پر اٹھایا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور بُرا آدمی اپنی قبر میں ڈرا ہوا۔ اور گھبرایا ہوا بیٹھتا ہے۔ اُسے کہا جاتا ہے تو کس دین میں تھا۔ وہ کہتا ہے۔ میں نہیں جانتا۔ اُسے کہا جاتا ہے۔ وہ شخص کون تھا۔ وہ کہتا ہے۔ میں نے لوگوں کو سُنا۔ وہ ایک بات کہتے تھے۔ میں نے بھی کہہ دی۔ اس کے لئے جنت کی طرف ایک روشندان کھول دیا جاتا ہے۔ وہ اس کی تروتازگی اور جو کچھ اُس میں ہے دیکھتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ دیکھ اس چیز کی طرف کہ اللہ تعالیٰ نے پھیر دیا ہے تجھ سے۔ پھر دوزخ کی طرف روشندان کھول دیا جاتا ہے۔ وہ اس کی طرف دیکھتا ہے۔ کہ اس کا بعض بعض کو توڑتا ہے پس کہا جاتا ہے۔ یہ تیرا ٹھکانا ہے۔ تو شک پر تھا۔ اور اس پر تو مرا۔ اور اس پر تو اٹھایا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(ابن ماجہ)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ الْاِعْتِصَامِ بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ

# کتاب اور سنت کو مضبوطی کیساتھ پکڑنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۳۲/۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْدَثَ فِيْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے نئی بات نکالی ہمارے اس دین میں جو اس میں نہ تھی۔ وہ مردود ہے۔ (متفق علیہ)

۱۳۳/۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ خَيْرَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَخَيْرَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ وَّشَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بعد حمد و ثنا کے بہترین بات اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔ اور بہترین راہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے۔ اور بدترین چیز وہ ہے جو نئی نکالی گئی ہو۔ اور ہر بدعت گمراہی ہے۔ (مسلم)

۱۳۴/۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْغَضُ النَّاسِ اِلَى اللّٰهِ ثَلٰثَةٌ مُلْحِدٌ فِي الْحَرَمِ وَمُبْتَغٍ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ وَمُطَّلِبُ دَمِ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ بِغَيْرِ حَقٍّ لِيُهْرِيْقَ دَمَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تین شخص اللہ تعالیٰ کی طرف نہایت مبغوض ہیں حرم محترم میں کج روی کرنے والا۔ اور اسلام میں جاہلیت کا طریقہ ڈھونڈنے والا۔ اور مسلمان آدمی کا ناحق خون طلب کرنے والا۔ کہ اس کا خون بہائے۔ (بخاری)

۱۳۵/۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ اُمَّتِيْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ اَبٰى قِيْلَ وَمَنْ اَبٰى قَالَ مَنْ اَطَاعَنِيْ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَمَنْ عَصَانِيْ فَقَدْ اَبٰى۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری سب امت جنت میں داخل ہوگی۔ مگر جس نے قبول نہ کیا۔ آپ سے کہا گیا کس نے قبول نہ کیا۔ فرمایا جس نے میری اطاعت کی۔ جنت میں داخل ہوا جس نے نافرمانی کی پس اس نے قبول نہ کیا۔ (بخاری)

۱۳۶/۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَتْ مَلٰٓئِكَةٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ

جابر رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرشتے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آئے۔ آپ سوئے ہوئے

besturdubooks.wordpress.com

نَائِمٌ فَقَالُوْا اِنَّ لِصَاحِبِكُمْ هٰذَا مَثَلًا فَاضْرِبُوْا لَهٗ مَثَلًا قَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّهٗ نَائِمٌ وَّقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّ الْعَيْنَ نَائِمَةٌ وَّالْقَلْبُ يَقْظَانُ فَقَالُوْا مَثَلُهٗ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنٰى دَارًا وَّجَعَلَ فِيْهَا مَاْدُبَةً وَّبَعَثَ دَاعِيًا فَمَنْ اَجَابَ الدَّاعِيَ دَخَلَ الدَّارَ وَاَكَلَ مِنَ الْمَاْدُبَةِ وَمَنْ لَّمْ يُجِبِ الدَّاعِيَ لَمْ يَدْخُلِ الدَّارَ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنَ الْمَاْدُبَةِ فَقَالُوْا اَوِّلُوْهَا لَهٗ يَفْقَهْهَا فَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّهٗ نَائِمٌ قَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّ الْعَيْنَ نَائِمَةٌ وَّالْقَلْبُ يَقْظَانُ فَقَالُوا الدَّارُ الْجَنَّةُ وَالدَّاعِيْ مُحَمَّدٌ فَمَنْ اَطَاعَ مُحَمَّدًا فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصٰى مُحَمَّدًا فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَمُحَمَّدٌ فَرْقٌ بَيْنَ النَّاسِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

تھے۔ انہوں نے کہا۔ تمہارے اس صاحب کی ایک مثال ہے۔ وہ بیان کرو۔ بعض نے کہا۔ وہ سوئے ہوئے ہیں۔ بعض نے کہا۔ آنکھ سوتی ہے۔ اور دل بیدار ہے۔ انہوں نے کہا۔ آپ کی مثال ایک آدمی کی طرح ہے جس نے گھر بنایا۔ اور اس میں کھانا تیار کیا ہے۔ اور بلانے والے کو بھیجا ہے۔ جس نے بلانے والے کو مانا۔ گھر میں داخل ہوا۔ اور کھانا کھا لیا۔ اور جس نے بلانے والے کو قبول نہ کیا۔ گھر میں داخل نہ ہوا۔ اور کھانا نہ کھایا۔ فرشتوں نے کہا۔ اس کو بیان کرو۔ تاکہ سمجھے۔ بعض نے کہا۔ وہ سوئے ہوئے ہیں۔ بعض نے کہا۔ آنکھ سوتی ہے۔ اور دل جاگتا ہے۔ پھر کہا۔ کہ گھر سے مراد جنت ہے۔ اور بلانے والے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ جس نے محمد کی اطاعت کی۔ اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔ جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی۔ اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی۔ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے درمیان فرق کرنے والے ہیں۔ (بخاری)

۱۳۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَاءَ ثَلٰثَةُ رَهْطٍ اِلٰى اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْئَلُوْنَ عَنْ عِبَادَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اُخْبِرُوْا بِهَا كَاَنَّهُمْ تَقَالُّوْهَا فَقَالُوْا اَيْنَ نَحْنُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ فَقَالَ اَحَدُهُمْ اَمَّا اَنَا فَاُصَلِّي اللَّيْلَ اَبَدًا وَّقَالَ الْاٰخَرُ اَنَا اَصُوْمُ النَّهَارَ اَبَدًا وَّلَا اُفْطِرُ وَقَالَ الْاٰخَرُ اَنَا اَعْتَزِلُ النِّسَاءَ فَلَا اَتَزَوَّجُ

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں کے پاس تین آدمی آئے۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کے متعلق پوچھا۔ جب ان کو خبر دی گئی۔ انہوں نے اس کو کم جانا۔ اور کہنے لگے۔ ہماری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیا نسبت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے پہلے اور پچھلے سب گناہ بخش دیئے ہیں۔ ایک کہنے لگا۔ میں ہمیشہ ساری رات نماز پڑھا کروں گا اور دوسرے نے کہا۔ میں ہمیشہ دن کو روزہ رکھوں گا۔ اور افطار نہ کروں گا۔ تیسرے نے کہا۔ میں عورتوں سے الگ رہوں گا کبھی نکاح نہ کروں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

besturdubooks.wordpress.com

اَبَدًا فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِمْ فَقَالَ اَنْتُمُ الَّذِيْنَ قُلْتُمْ كَذَا وَكَذَا اَمَا وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَاَتْقَاكُمْ لَهٗ لٰكِنِّيْ اَصُوْمُ وَاُفْطِرُ وَاُصَلِّيْ وَاَرْقُدُ وَاَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ فَمَنْ رَّغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن کے پاس آئے۔ پس فرمایا۔ تم نے ایسی باتیں کہی ہیں۔ خبردار! اللہ کی قسم۔ میں تمہاری نسبت اللہ تعالےٰ سے بہت ڈرتا اور تقویٰ کرتا ہوں۔ لیکن میں روزہ بھی رکھتا ہوں۔ اور افطار بھی کرتا ہوں۔ نماز بھی پڑھتا ہوں۔ اور سوتا بھی ہوں۔ اور عورتوں سے نکاح بھی کیا ہے جس نے میرے طریقے سے اعراض کیا۔ وہ مجھ سے نہیں ہے۔ (متفق علیہ)

۱۳۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَرَخَّصَ فِيْهِ فَتَنَزَّهَ عَنْهُ قَوْمٌ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ فَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ قَالَ مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَتَنَزَّهُوْنَ عَنِ الشَّيْءِ اَصْنَعُهٗ فَوَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَعْلَمُهُمْ بِاللّٰهِ وَاَشَدُّهُمْ لَهٗ خَشْيَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کام کیا۔ اس میں آپ نے رخصت دی۔ کئی شخصوں نے اس سے پرہیز کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات پہنچی۔ پس آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا۔ اللہ تعالےٰ کی تعریف کی پھر فرمایا لوگوں کا کیا حال ہے کہ ایک چیز سے جسے میں کرتا ہوں پرہیز کرتے ہیں۔ پس اللہ کی قسم۔ میں اُن کی نسبت اللہ تعالےٰ کو بہت زیادہ جانتا ہوں۔ اور اس سے بہت زیادہ ڈرنے والا ہوں۔ (متفق علیہ)

۱۳۹ وَعَنْ رَّافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ قَدِمَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَهُمْ يُؤَبِّرُوْنَ النَّخْلَ فَقَالَ مَا تَصْنَعُوْنَ قَالُوْا كُنَّا نَصْنَعُهٗ قَالَ لَعَلَّكُمْ لَوْ لَا تَفْعَلُوْا كَانَ خَيْرًا فَتَرَكُوْهُ فَنَقَصَتْ قَالَ فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اِذَا اَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِّنْ اَمْرِ دِيْنِكُمْ فَخُذُوْا بِهٖ وَاِذَا اَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِّنْ رَّاْيِيْ فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رافع بن خدیج رضہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے۔ وہ کھجوروں کو تابیر کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا تم کیا کرتے ہو۔ انہوں نے کہا۔ ہم ایسا ہی کرتے ہیں (اپنی عادت کے موافق) آپ نے فرمایا۔ شاید کہ اگر تم نہ کرو۔ بہتر ہو انہوں نے چھوڑ دیا۔ میوہ کم ہو گیا۔ صحابہ کرام نے یہ بات آپ سے ذکر کی۔ آپ نے فرمایا۔ سوائے اس کے نہیں۔ میں ایک آدمی ہوں جب میں تمہیں کسی دین کی بات کا حکم دوں۔ تم اُسے قبول کرو۔ اور جس وقت اپنی عقل سے کسی کام کا حکم دوں۔ تو سوائے اس کے نہیں میں ایک آدمی ہوں۔ (مسلم)

besturdubooks.wordpress.com



۱۴۰/۹ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا مَثَلِیْ وَمَثَلُ مَا بَعَثَنِیَ اللّٰہُ بِہٖ کَمَثَلِ رَجُلٍ اَتٰی قَوْمًا فَقَالَ یَا قَوْمِ اِنِّیْ رَاَیْتُ الْجَیْشَ بِعَیْنَیَّ وَاِنِّیْ اَنَا النَّذِیْرُ الْعُرْیَانُ فَالنَّجَاءَ النَّجَاءَ فَاَطَاعَہٗ طَائِفَۃٌ مِّنْ قَوْمِہٖ فَاَدْلَجُوْا فَانْطَلَقُوْا عَلٰی مَہْلِہِمْ فَنَجَوْا وَکَذَّبَتْ طَائِفَۃٌ مِّنْہُمْ فَاَصْبَحُوْا مَکَانَہُمْ فَصَبَّحَہُمُ الْجَیْشُ فَاَہْلَکَہُمْ وَاجْتَاحَہُمْ فَذٰلِکَ مَثَلُ مَنْ اَطَاعَنِیْ فَاتَّبَعَ مَا جِئْتُ بِہٖ وَمَثَلُ مَنْ عَصَانِیْ وَکَذَّبَ مَا جِئْتُ بِہٖ مِنَ الْحَقِّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابوموسیٰ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری مثال اور اس چیز کی مثال جس کو دے کر مجھے اللہ تعالےٰ نے بھیجا ہے ایک آدمی کی مانند ہے۔ جو ایک قوم کے پاس آکر کہتا ہے کہ میں نے ایک بہت بڑا لشکر اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ اور میں ڈرانے والا ہوں۔ ننگا پس جلدی کرو۔ جلدی کرو۔ قوم میں سے ایک جماعت نے اس کی بات مان لی۔ وہ راتوں رات چلے گئے آہستگی پر۔ پس وہ نجات پا گئے۔ اور اُن میں سے ایک جماعت نے اس بات کو جھٹلا دیا۔ وہ اپنی جگہ پر رہے۔ صبح کے وقت لشکر نے اُن پر حملہ کر دیا۔ اور جڑ سے ان کو اکھاڑ پھینکا یہ اُس شخص کی مثال ہے۔ جس نے میری اطاعت کی۔ اور جس چیز کو میں لیکر آیا ہوں اسکی پیروی کی۔ اور اس شخص کی مثال ہے جس نے میری نافرمانی کی اور جس چیز کو میں لیکر آیا ہوں اسکی تکذیب کی۔ (متفق علیہ)

۱۴۱/۱۰ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَثَلِیْ کَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا اَضَاءَتْ مَا حَوْلَہَا جَعَلَ الْفَرَاشُ وَہٰذِہِ الدَّوَابُّ الَّتِیْ تَقَعُ فِی النَّارِ یَقَعْنَ فِیْہَا وَجَعَلَ یَحْجُزُہُنَّ وَیَغْلِبْنَہٗ فَیَتَقَحَّمْنَ فِیْہَا فَاَنَا اٰخِذٌ بِحُجَزِکُمْ عَنِ النَّارِ وَاَنْتُمْ تَقَحَّمُوْنَ فِیْہَا۔ ہٰذِہٖ رِوَایَۃُ الْبُخَارِیِّ وَلِمُسْلِمٍ نَحْوُہَا وَقَالَ فِیْ اٰخِرِہَا قَالَ فَذٰلِکَ مَثَلِیْ وَمَثَلُکُمْ اَنَا اٰخِذٌ بِحُجَزِکُمْ عَنِ النَّارِ ہَلُمَّ عَنِ النَّارِ ہَلُمَّ عَنِ النَّارِ فَتَغْلِبُوْنِیْ تَقْتَحِمُوْنَ فِیْہَا (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری مثال اس شخص کی مانند ہے۔ جس نے آگ جلائی۔ جب اُس نے اپنا گرد روشن کیا۔ پروانوں اور اُن جانوروں نے جو آگ میں گرتے ہیں۔ آگ میں گرنا شروع کیا۔ اُس نے اُن کو روکنا شروع کیا۔ وہ اس پر غالب آتے ہیں۔ اور آگ میں داخل ہو رہے ہیں۔ میں تمہاری کمریں پکڑ کر آگ میں داخل ہونے سے روکتا ہوں اور تم اس میں داخل ہوتے ہو۔ (بخاری)

اور مسلم کی روایت میں ہے۔ اور اس کے آخر میں آپ نے فرمایا۔ میری اور تمہاری مثال ایسی ہے۔ کہ میں تمہاری کمریں پکڑتا ہوں۔ آگ سے بچانے کے لئے اور کہتا ہوں میری طرف آؤ۔ آگ سے بچو۔ میری طرف آؤ۔ آگ سے بچو اور تم مجھ پر غالب آتے ہو۔ اور اسمیں داخل ہوتے ہو۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۱۴۲ وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ مَا بَعَثَنِيَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْهُدٰى وَالْعِلْمِ كَمَثَلِ الْغَيْثِ الْكَثِيرِ أَصَابَ أَرْضًا فَكَانَتْ مِنْهَا طَائِفَةٌ طَيِّبَةٌ قَبِلَتِ الْمَاءَ فَأَنْبَتَتِ الْكَلَأَ وَالْعُشْبَ الْكَثِيرَ وَكَانَتْ مِنْهَا أَجَادِبُ أَمْسَكَتِ الْمَاءَ فَنَفَعَ اللّٰهُ بِهَا النَّاسَ فَشَرِبُوا وَسَقَوْا وَزَرَعُوا وَأَصَابَ مِنْهَا طَائِفَةً أُخْرٰى إِنَّمَا هِيَ قِيعَانٌ لَا تُمْسِكُ مَاءً وَلَا تُنْبِتُ كَلَأً فَذٰلِكَ مَثَلُ مَنْ فَقُهَ فِي دِينِ اللّٰهِ وَنَفَعَهُ مَا بَعَثَنِيَ اللّٰهُ بِهِ فَعَلِمَ وَعَلَّمَ وَمَثَلُ مَنْ لَمْ يَرْفَعْ بِذٰلِكَ رَأْسًا وَلَمْ يَقْبَلْ هُدَى اللّٰهِ الَّذِي أُرْسِلْتُ بِهِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوموسیٰ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس چیز کی مثال جس کو دے کر مجھے اللہ تعالےٰ نے بھیجا ہے۔ ہدایت اور علم سے۔ بہت بارش کی طرح ہے۔ جو زمین کو پہنچی اس زمین کا ایک ٹکڑا اچھا تھا۔ اس نے پانی قبول کیا۔ اور گھاس اگائی بہت سی اور تر گھاس بہت زیادہ۔ اور ایک ٹکڑا سخت تھا کہ اس نے پانی ٹھہرا رکھا۔ اللہ تعالےٰ نے لوگوں کو اس سے نفع بخشا۔ انہوں نے پیا اور پلایا۔ اور کھیتی کی۔ اور زمین کے ایک اور ٹکڑے کو پہنچا سو اسے اس کے نہیں وہ میدان ٹپڑ تھا۔ نہ اس نے پانی کو روکا۔ اور نہ گھاس اگایا۔ یہ اس شخص کی مثال ہے جس کو اللہ تعالیٰ کے دین کی سمجھ نصیب ہوئی۔ اور جس چیز کے ساتھ مجھے اللہ تعالےٰ نے بھیجا ہے۔ اس کے ساتھ نفع حاصل کیا پس سیکھا اور سکھایا اور اس شخص کی مثال جس نے اس کے ساتھ اپنا سر نہ اٹھایا۔ اور اس ہدایت کو قبول نہ کیا۔ جسے دے کر میں بھیجا گیا ہوں۔ (متفق علیہ)

۱۴۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَلَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ وَقَرَأَ إِلٰى وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُوا الْأَلْبَابِ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا رَأَيْتَ وَعِنْدَ مُسْلِمٍ رَأَيْتُمُ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ فَأُولٰئِكَ الَّذِينَ سَمَّاهُمُ اللّٰهُ فَاحْذَرُوهُمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی۔ اللہ تعالےٰ وہ ہے جس نے آپ پر کتاب اتاری۔ اس میں آیات ہیں محکم اور آخر تک پڑھی۔ کہ نہیں نصیحت پکڑتے۔ مگر عقل والے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب دیکھے۔ اور مسلم میں ہے جب تم دیکھو۔ ان لوگوں کو کہ متشابہ آیات کے پیچھے پڑتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کا اللہ تعالےٰ نے نام رکھا ہے۔ ان سے بچو۔ (متفق علیہ)

۱۴۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ هَجَّرْتُ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ ایک دن دوپہر کے وقت میں رسول اللہ صلے اللہ

besturdubooks.wordpress.com

سَلَّمَ يَوْمًا فَسَمِعَ أَصْوَاتَ رَجُلَيْنِ اخْتَلَفَا فِي آيَةٍ فَخَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْرَفُ فِي وَجْهِهِ الْغَضَبُ فَقَالَ إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِاخْتِلَافِهِمْ فِي الْكِتَابِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

علیہ وسلم کے پاس گیا۔ آپ نے دو آدمیوں کی آواز سنی کہ ایک آیت میں اختلاف کر رہے تھے۔ پس آپ ہم پر نکلے۔ آپ کا چہرہ مبارک سے غصہ پہچانا جاتا تھا۔ آپ نے فرمایا۔ تم سے پہلے لوگ اللہ تعالیٰ کی کتاب میں اختلاف کرنے کی وجہ سے ہلاک ہو گئے۔ (متفق علیہ)

۱۴۵/۱۴ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَعْظَمَ الْمُسْلِمِينَ فِي الْمُسْلِمِينَ جُرْمًا مَنْ سَأَلَ عَنْ شَيْءٍ لَمْ يُحَرَّمْ عَلَى النَّاسِ فَحُرِّمَ مِنْ أَجْلِ مَسْأَلَتِهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سعد بن ابی وقاص رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مسلمانوں میں سے سب سے بڑھ کر مجرم وہ ہے جس نے ایک چیز کے متعلق دریافت کیا۔ جو حرام نہیں تھی۔ لیکن اس کے سوال کرنے کی وجہ سے حرام ہو گئی۔ (متفق علیہ)

۱۴۶/۱۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ دَجَّالُونَ كَذَّابُونَ يَأْتُونَكُمْ مِنَ الْأَحَادِيثِ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوا أَنْتُمْ وَلَا آبَاؤُكُمْ فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ لَا يُضِلُّونَكُمْ وَلَا يَفْتِنُونَكُمْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آخر زمانہ میں فریب دینے والے جھوٹے ہوں گے۔ تمہارے پاس ایسی ایسی حدیثیں لائیں گے۔ جن کو تم نے سنا نہیں۔ اور نہ تمہارے آباء نے۔ ان سے بچو۔ اور اپنے آپ کو بچاؤ وہ تم کو گمراہ نہ کر دیں۔ اور فتنہ میں نہ ڈال دیں (مسلم)

۱۴۷/۱۶ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ أَهْلُ الْكِتَابِ يَقْرَءُونَ التَّوْرَاةَ بِالْعِبْرَانِيَّةِ وَيُفَسِّرُونَهَا بِالْعَرَبِيَّةِ لِأَهْلِ الْإِسْلَامِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُصَدِّقُوا أَهْلَ الْكِتَابِ وَلَا تُكَذِّبُوهُمْ وَقُولُوا آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا۔ الْآيَةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ اہل کتاب تورات عبرانی زبان میں پڑھتے تھے۔ اور مسلمانوں کے لئے عربی میں اس کا ترجمہ کرتے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اہل کتاب کو نہ سچا جانو۔ اور نہ جھوٹا۔ اور کہو۔ ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور جو ہماری طرف کتاب نازل کی گئی ہے۔ اس پر ایمان لائے۔ (بخاری)

۱۴۸/۱۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

اور اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت کیا۔ انہوں نے کہا۔

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَفٰى بِالْمَرْءِ كَذِبًا اَنْ يُّحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آدمی کو یہی جھوٹ کافی ہے کہ بیان کردے جو بھی سنے۔ (مسلم)

۱۴۹/۱۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ نَّبِيٍّ بَعَثَهُ اللّٰهُ فِيْ اُمَّةٍ قَبْلِيْ اِلَّا كَانَ لَهٗ فِيْ اُمَّتِهٖ حَوَارِيُّوْنَ وَاَصْحَابٌ يَّاْخُذُوْنَ بِسُنَّتِهٖ وَيَقْتَدُوْنَ بِاَمْرِهٖ ثُمَّ اِنَّهَا تَخْلُفُ مِنْ بَعْدِهِمْ خُلُوْفٌ يَّقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ وَيَفْعَلُوْنَ مَا لَا يُؤْمَرُوْنَ فَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِيَدِهٖ فَهُوَ مُؤْمِنٌ وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِلِسَانِهٖ فَهُوَ مُؤْمِنٌ وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِقَلْبِهٖ فَهُوَ مُؤْمِنٌ وَّلَيْسَ وَرَآءَ ذٰلِكَ مِنَ الْاِيْمَانِ حَبَّةُ خَرْدَلٍ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھ سے پہلے اپنی امت میں کوئی نبی نہیں بھیجا گیا۔ مگر اس کے لئے اُس کی امت میں مددگار ہوتے تھے اور اصحاب اس کے طریقہ کو پکڑتے اور اس کے حکم کی پیروی کرتے۔ پھر پیدا ہو جاتے اُن کے ناخلف۔ وہ کہتے۔ جو نہ کرتے۔ اور کرتے جس کا حکم نہ دیئے جاتے۔ جو شخص اُن کے ساتھ ہاتھ سے جہاد کرے۔ وہ مؤمن ہے۔ جو اُن سے اپنی زبان سے جہاد کرے۔ وہ بھی مؤمن ہے۔ اور جو اُن سے اپنے دل کے ساتھ جہاد کرے۔ وہ بھی مؤمن ہے۔ اور نہیں اس کے سوا رائی کے دانہ برابر بھی ایمان۔ (مسلم)

۱۵۰/۱۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَعَا اِلٰى هُدًى كَانَ لَهٗ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلُ اُجُوْرِ مَنْ تَبِعَهٗ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا وَمَنْ دَعَا اِلٰى ضَلَالَةٍ كَانَ عَلَيْهِ مِنَ الْاِثْمِ مِثْلُ اٰثَامِ مَنْ تَبِعَهٗ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اٰثَامِهِمْ شَيْئًا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے ہدایت کی طرف بُلایا۔ اس کو اُن سب لوگوں جتنا ثواب ہوگا۔ جو اس کی پیروی کریں گے۔ یہ بات ان کے ثواب سے کچھ کم نہ کرے گی۔ اور جس نے گمراہی کی طرف بُلایا۔ اس کو اُن لوگوں کے برابر گناہ ہوگا۔ جنہوں نے اس کی پیروی کی۔ یہ بات اُن کے گناہوں سے کچھ کم نہیں کرے گی۔ (مسلم)

۱۵۱/۲۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَاَ الْاِسْلَامُ غَرِيْبًا وَّسَيَعُوْدُ كَمَا بَدَاَ فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَآءِ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اسلام شروع ہوا غریب اور اسی طرح ہو جائے گا۔ جس طرح شروع ہوا۔ پس مبارک ہو غرباء کے لئے۔ (مسلم)

۱۵۲/۲۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

اور اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْاِيْمَانَ لَيَاْرِزُ اِلَى الْمَدِيْنَةِ كَمَا تَاْرِزُ الْحَيَّةُ اِلٰى جُحْرِهَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کہا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایمان مدینہ کی طرف سمٹ آئے گا جس طرح سانپ اپنے بل کی طرف سمٹ آتا ہے۔ (متفق علیہ)

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ذَرُوْنِيْ مَا تَرَكْتُكُمْ فِيْ كِتَابِ الْمَنَاسِكِ وَحَدِيْثَيْ مُعَاوِيَةَ وَجَابِرٍ لَا يَزَالُ مِنْ اُمَّتِيْ وَلَا يَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِيْ فِيْ بَابِ ثَوَابِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

اور ہم ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ذرونی ما ترکتکم کتاب المناسک میں اور دو حدیثیں حضرت معاویہ رضہ اور حضرت جابر رضہ کی ایک کے الفاظ ہیں۔ لا یزال من امتی اور دوسری کے لا یزال طائفۃ من امتی۔ باب ثواب ہذہ الامۃ میں ذکر کریں گے۔ انشاء اللہ العزیز۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۵۳/۲۲ عَنْ رَّبِيْعَةَ الْجُرَشِيِّ قَالَ اُتِيَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيْلَ لَهٗ لِتَنَمْ عَيْنُكَ وَلْتَسْمَعْ اُذُنُكَ وَلْيَعْقِلْ قَلْبُكَ قَالَ فَنَامَتْ عَيْنَايَ وَسَمِعَتْ اُذُنَايَ وَعَقَلَ قَلْبِيْ قَالَ فَقِيْلَ لِيْ سَيِّدٌ بَنٰى دَارًا فَصَنَعَ فِيْهَا مَاْدُبَةً وَّاَرْسَلَ دَاعِيًا فَمَنْ اَجَابَ الدَّاعِيَ دَخَلَ الدَّارَ وَاَكَلَ مِنَ الْمَاْدُبَةِ وَرَضِيَ عَنْهُ السَّيِّدُ وَمَنْ لَّمْ يُجِبِ الدَّاعِيَ لَمْ يَدْخُلِ الدَّارَ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنَ الْمَاْدُبَةِ وَسَخِطَ عَلَيْهِ السَّيِّدُ قَالَ فَاللّٰهُ السَّيِّدُ وَمُحَمَّدٌ الدَّاعِيْ وَالدَّارُ الْاِسْلَامُ وَالْمَاْدُبَةُ الْجَنَّةُ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

ربیعہ جرشی رضہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ خواب آیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو۔ پس کہا گیا کہ چاہیئے تیری آنکھ سوئے۔ اور تیرا کان سنے۔ اور تیرا دل سمجھے پس کہا۔ سوئیں میری آنکھیں۔ اور سنا میرے کانوں نے اور سمجھا میرے دل نے۔ آپ نے کہا۔ پس میرے لئے کہا گیا۔ ایک سردار نے گھر بنایا۔ اس میں کھانا تیار کیا۔ اور بلانے والا بھیجا۔ جس نے بلانے والے کو قبول کیا گھر میں داخل ہوا۔ اور کھانے سے کھا لیا۔ اور سردار اس سے راضی ہوگا۔ اور جس نے بلانے والے کو قبول نہ کیا گھر میں داخل نہ ہوا۔ اور کھانے میں سے نہ کھایا۔ اور سردار اس پر ناراض ہوا۔ آپ نے فرمایا۔ پس اللہ تعالیٰ سردار ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم بلانے والے ہیں۔ اور گھر اسلام اور کھانا جنت ہے۔ (دارمی)

۱۵۴/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

اور ابورافع رضہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ مُتَّكِئًا عَلٰى أَرِيكَتِهٖ يَأْتِيهِ الْأَمْرُ مِنْ أَمْرِي مِمَّا أَمَرْتُ بِهٖ أَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ فَيَقُولُ لَا أَدْرِي مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ اتَّبَعْنَاهُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ۔)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں ایک کو تم میں سے نہ پاؤں۔ کہ تکیہ لگائے ہوئے اپنے چھپر کھٹ پر اس کے پاس میرے احکام میں سے ایک حکم آتا ہے۔ جو میں نے حکم کیا ہے اس کا یا اس سے روکا ہے۔ پس وہ کہے۔ میں نہیں جانتا ہم جو اللہ تعالیٰ کی کتاب میں پائیں گے۔ اس کی پیروی کریں گے۔ (احمد، ابوداؤد، ترمذی ابن ماجہ، بیہقی نے دلائل النبوت میں روایت کیا ہے)

۱۵۹/۲۴ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا إِنِّي أُوتِيتُ الْقُرْآنَ وَمِثْلَهٗ مَعَهٗ أَلَا يُوشِكُ رَجُلٌ شَبْعَانُ عَلٰى أَرِيكَتِهٖ يَقُولُ عَلَيْكُمْ بِهٰذَا الْقُرْآنِ فَمَا وَجَدْتُمْ فِيهِ مِنْ حَلَالٍ فَأَحِلُّوهُ وَمَا وَجَدْتُمْ فِيهِ مِنْ حَرَامٍ فَحَرِّمُوهُ وَإِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ كَمَا حَرَّمَ اللّٰهُ أَلَا لَا يَحِلُّ لَكُمُ الْحِمَارُ الْأَهْلِيُّ وَلَا كُلُّ ذِي نَابٍ مِنَ السَّبُعِ وَلَا لُقَطَةُ مُعَاهِدٍ إِلَّا أَنْ يَسْتَغْنِيَ عَنْهَا صَاحِبُهَا وَمَنْ نَزَلَ بِقَوْمٍ فَعَلَيْهِمْ أَنْ يَقْرُوهُ فَإِنْ لَمْ يَقْرُوهُ فَلَهٗ أَنْ يُعْقِبَهُمْ بِمِثْلِ قِرَاهُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَرَوَى الدَّارِمِيُّ نَحْوَهٗ وَكَذَا ابْنُ مَاجَةَ إِلٰى قَوْلِهٖ كَمَا حَرَّمَ اللّٰهُ۔)

مقدام بن معدیکرب سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خبردار تحقیق میں قرآن اور مثل اس کی اس کے ساتھ دیا گیا ہوں۔ قریب ہے ایک شخص پیٹ بھرا اپنے چھپر کھٹ پر کہے گا۔ تم اس قرآن کو لازم پکڑو۔ اس میں جو حلال پاؤ۔ اس کو حلال جانو۔ اور جو حرام پاؤ۔ اس کو حرام جانو۔ اور بیشک اللہ کے رسول نے بھی حرام کیا ہے۔ مانند اس چیز کے جو اللہ تعالیٰ نے حرام کی ہے۔ خبردار ہو۔ کہ گھریلو گدھا تمہارے لئے حلال نہیں۔ اور نہ درندوں میں سے کچلی والا۔ اور نہ عہد والے کا لقطہ۔ مگر جب کہ اس کا مالک بے پرواہ ہو۔ اور جو شخص کسی قوم کا مہمان بنے۔ ان پر لازم ہے کہ اس کی مہمانی کریں۔ پس اگر نہ مہمانی کریں۔ اس کے لئے جائز ہے کہ اپنی مہمانی ان سے لے۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور دارمی نے بھی اسی طرح روایت کیا ہے۔ اسی طرح ابن ماجہ نے حرم اللہ تک۔

۱۶۰/۲۵ وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَيَحْسَبُ أَحَدُكُمْ مُتَّكِئًا عَلٰى أَرِيكَتِهٖ يَظُنُّ أَنَّ اللّٰهَ لَمْ يُحَرِّمْ شَيْئًا إِلَّا مَا فِي

عرباض بن ساریہ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے۔ پس فرمایا۔ کیا گمان کرتا ہے۔ ایک تمہارا تکیہ لگائے ہوئے چھپر کھٹ اپنی پردہ خیال کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ

besturdubooks.wordpress.com



هٰذَا الْقُرْاٰنِ اَلَا وَاِنِّیْ وَاللّٰهِ قَدْ اَمَرْتُ وَوَعَظْتُ وَنَهَيْتُ عَنْ اَشْيَاءَ اِنَّهَا لَمِثْلُ الْقُرْاٰنِ اَوْ اَكْثَرُ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمْ يُحِلَّ لَكُمْ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ اَهْلِ الْكِتَابِ اِلَّا بِاِذْنٍ وَّلَا ضَرْبَ نِسَآئِهِمْ وَلَا اَكْلَ ثِمَارِهِمْ اِذَا اَعْطَوْكُمُ الَّذِيْ عَلَيْهِمْ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَفِيْ اِسْنَادِهٖ اَشْعَثُ بْنُ شُعْبَةَ الْمَصِيْصِيُّ قَدْ تُكُلِّمَ فِيْهِ۔

نے کوئی چیز حرام نہیں کی۔ مگر وہ جو اس قرآن میں ہے۔ خبردار! تحقیق قسم ہے اللہ کی تحقیق میں نے حکم کیا۔ اور نصیحت کی اور منع کیا کئی ایک چیزوں سے تحقیق وہ قرآن کی مانند ہیں بلکہ زیادہ اور اللہ نے تمہارے لئے جائز نہیں کیا۔ کہ اہل کتاب کے گھروں میں جاؤ۔ مگر اُن کی اجازت سے۔ اور نہ اُن کی عورتوں کو مارو۔ اور نہ اُن کے پھل کھاؤ جب کہ وہ چیز جو اُن کے ذمہ ہے۔ تمہیں ادا کریں۔ ابو داؤد نے روایت کیا ہے۔ اس کی سند میں اشعث بن شعبہ مصیصی ہے۔ اس میں کلام کیا گیا ہے۔

۱۸۷/۲۶ وَعَنْهُ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَاَنَّ هٰذِهٖ مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَاَوْصِنَا فَقَالَ اُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَاِنْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا فَاِنَّهٗ مَنْ يَّعِشْ مِنْكُمْ بَعْدِيْ فَسَيَرٰى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ تَمَسَّكُوْا بِهَا وَعَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَاِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَّكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ اِلَّا اَنَّهُمَا لَمْ يَذْكُرَا الصَّلٰوةَ۔

اسی (عرباض) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ ایک دن ہم کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی پھر اپنے منہ کے ساتھ ہماری طرف متوجہ ہوئے ہم کو ایک بلیغ اثر نصیحت کی۔ آنکھیں اس سے بہہ پڑیں۔ اور دل ڈر گئے۔ ایک شخص نے کہا اے اللہ کے رسول! گویا یہ نصیحت ہے رخصت کرنے والے کی۔ پس ہمیں وصیت کریں۔ آپ نے فرمایا۔ میں تم کو وصیت کرتا ہوں۔ اللہ تعالےٰ کے تقوی کے ساتھ اور سننے اور بجالانے کی۔ اگرچہ حبشی غلام جو شخص زندہ رہا۔ میرے بعد تم میں سے وہ بہت اختلاف دیکھے گا۔ لازم پکڑو میرے طریقہ کو۔ اور ہدایت کئے گئے خلفاء راشدین کے طریقہ کو۔ اس کے ساتھ بھروسہ کرو۔ اور دانتوں سے اسے مضبوط پکڑلو۔ نئی نئی باتوں سے بچو۔ پس تحقیق نئی بات بدعت ہے۔ اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

(احمد، ابو داؤد، ترمذی ابن ماجہ نے روایت کیا۔ مگر ترمذی، ابن ماجہ نے نماز کا ذکر نہیں کیا۔)

besturdubooks.wordpress.com

۱۵۸/۲۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ خَطَّ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطًّا ثُمَّ قَالَ هٰذَا سَبِيْلُ اللّٰهِ ثُمَّ خَطَّ خُطُوْطًا عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ وَقَالَ هٰذِهٖ سُبُلٌ عَلٰى كُلِّ سَبِيْلٍ مِّنْهَا شَيْطَانٌ يَّدْعُوْ اِلَيْهِ وَقَرَأَ وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ اَلْاٰيَةَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ۔

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لئے ایک خط کھینچا۔ پھر آپؐ نے فرمایا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا راستہ ہے پھر کئی خطوط اس کے دائیں اور بائیں کھینچے۔ اور آپؐ نے فرمایا۔ یہ راستے ہیں۔ ہر راستہ پر ایک شیطان ہے۔ جو اس کی طرف بلاتا ہے اور یہ آیت پڑھی تحقیق یہ راہ میری ہے۔ سیدھی اس کی پیروی کرو۔ اخیر آیت تک۔ (احمد، نسائی، دارمی)

۱۵۹/۲۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يَكُوْنَ هَوٰىهُ تَبَعًا لِّمَا جِئْتُ بِهٖ۔ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَقَالَ النَّوَوِيُّ فِيْ اَرْبَعِيْنِهٖ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ رُوَيْنَاهُ فِيْ كِتَابِ الْحُجَّةِ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ۔

اور عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے اس وقت تک کوئی کامل مومن نہیں ہوتا جب تک کہ اس کی خواہش اس چیز کے تابع نہ ہو۔ جو میں لایا ہوں۔ شرح السنہ میں اس کو روایت کیا۔ نووی رحؒ نے کہا اپنی اربعین میں یہ حدیث صحیح ہے۔ کتاب الحجۃ میں۔ ہم کو صحیح سند کیساتھ روایت کی گئی ہے۔

۱۶۰/۲۹ وَعَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْيٰى سُنَّةً مِّنْ سُنَّتِيْ قَدْ اُمِيْتَتْ بَعْدِيْ فَاِنَّ لَهٗ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلَ اُجُوْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّنْقُصَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا وَمَنِ ابْتَدَعَ بِدْعَةً ضَلَالَةً لَا يَرْضَاهَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ كَانَ عَلَيْهِ مِنَ الْاِثْمِ مِثْلُ اٰثَامِ مَنْ عَمِلَ بِهَا لَا يُنْقِصُ ذٰلِكَ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْئًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ كَثِيْرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْهِ عَنْ

بلالؓ بن حارث مزنی سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے میری ایک سنت کو زندہ کیا۔ جو میرے بعد چھوڑ دی گئی تھی۔ اس کے لئے ثواب ہے۔ مانند ان لوگوں کے جنہوں نے اس کے ساتھ عمل کیا۔ بغیر اس کے کہ کم کیا جائے۔ اُن کے ثواب سے کچھ۔ اور جس نے گمراہی کی بدعت نکالی۔ اللہ اور اس کا رسول اس سے راضی نہیں اُوپر اس کے گناہ ہے۔ اُن تمام لوگوں کے گناہوں کی مانند۔ جنہوں نے اس پر عمل کیا۔ بغیر اس کے کہ اُن کے گناہوں سے کچھ کم کیا جائے (ترمذی) ابن ماجہ نے اسے کثیر بن عبداللہ بن عمرو رضؓ سے۔ اس نے اپنے باپ سے۔ اس نے

besturdubooks.wordpress.com

جَدِّہٖ۔

کثیر کے دادا سے روایت کیا ہے۔

۱۶۱/۳۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الدِّیْنَ لَیَاْرِزُ اِلَی الْحِجَازِ کَمَا تَاْرِزُ الْحَیَّۃُ اِلٰی جُحْرِھَا وَلَیَعْقِلَنَّ الدِّیْنُ مِنَ الْحِجَازِ مَعْقِلَ الْاُرْوِیَّۃِ مِنْ رَأْسِ الْجَبَلِ اِنَّ الدِّیْنَ بَدَأَ غَرِیْبًا وَّسَیَعُوْدُ کَمَا بَدَأَ فَطُوْبٰی لِلْغُرَبَاءِ وَھُمُ الَّذِیْنَ یُصْلِحُوْنَ مَا اَفْسَدَ النَّاسُ مِنْ بَعْدِیْ مِنْ سُنَّتِیْ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

عمرو بن عوفؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ البتہ دین حجاز کی طرف سمٹ آئیگا جس طرح سانپ اپنے بل کیطرف سمٹ آتا ہے۔ اور جگہ پکڑے گا حجاز میں دین۔ جیسے پہاڑی بکری پہاڑ کی چوٹی پر جگہ پکڑتی ہے۔ دین ابتداء میں غریب شروع ہوا تھا۔ اور ہو جائے گا۔ جس طرح شروع ہوا تھا۔ خوشخبری عالی ہے غربا کے لئے اور یہ وہ لوگ ہیں۔ جو درست کریں گے میرے بعد میری سنّت کو جسے لوگ بگاڑ دیں گے۔ (ترمذی)

۱۶۲/۳۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیَاْتِیَنَّ عَلٰی اُمَّتِیْ کَمَا اَتٰی عَلٰی بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ حَتّٰی اِنْ کَانَ مِنْھُمْ مَّنْ اَتٰی اُمَّہٗ عَلَانِیَۃً لَکَانَ فِیْ اُمَّتِیْ مَنْ یَّصْنَعُ ذٰلِکَ وَاِنَّ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ تَفَرَّقَتْ عَلٰی ثِنْتَیْنِ وَسَبْعِیْنَ مِلَّۃً وَّتَفْتَرِقُ اُمَّتِیْ عَلٰی ثَلٰثٍ وَّسَبْعِیْنَ مِلَّۃً کُلُّھُمْ فِی النَّارِ اِلَّا مِلَّۃً وَّاحِدَۃً قَالُوْا مَنْ ھِیَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ مَا اَنَا عَلَیْہِ وَاَصْحَابِیْ۔ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَحْمَدَ وَاَبِیْ دَاوٗدَ عَنْ مُّعَاوِیَۃَ ثِنْتَانِ وَسَبْعُوْنَ فِی النَّارِ وَوَاحِدَۃٌ فِی الْجَنَّۃِ وَھِیَ الْجَمَاعَۃُ وَاِنَّہٗ سَیَخْرُجُ فِیْ اُمَّتِیْ اَقْوَامٌ تَتَجَارٰی بِھِمْ تِلْکَ الْاَھْوَآءُ کَمَا یَتَجَارَی الْکَلْبُ بِصَاحِبِہٖ لَا یَبْقٰی مِنْہُ

عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری اُمت پر ایک زمانہ آئے گا۔ جیسے بنی اسرائیل پر آیا تھا۔ جیسے ایک جوتا دوسرے جوتے کے برابر ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر اُن میں سے کوئی اپنی ماں کے پاس ظاہر آیا تھا۔ میری امت میں بھی ہوگا۔ جو اس طرح کرے گا۔ اور بیشک بنی اسرائیل بہتّر گروہوں میں بٹے تھے۔ اور میری امت تہتّر فرقوں میں متفرق ہوگی۔ سب دوزخ میں جائیں گے۔ مگر ایک گروہ۔ صحابہ کرام نے عرض کیا۔ وہ کونسا گروہ ہے اے اللہ کے رسولؐ۔ فرمایا جس پر میں ہوں اور میرے اصحابؓ (ترمذی نے روایت کیا ہے) احمد، ابوداؤد نے معاویہ سے بیان کیا ہے۔ بہتّر دوزخ میں ہوں گے اور ایک جنت میں۔ اور وہ گروہ ہے جماعت۔ اور میری امت میں سے کئی قومیں نکلیں گی جن میں نفسانی خواہشات سرایت کر جائیں گی۔ جس طرح ہڑک ہڑک والے میں سرایت کر جاتی ہے۔ کوئی رگ اور کوئی جوڑ باقی نہیں رہتا۔

besturdubooks.wordpress.com

عِرْقٌ وَّلَا مَفْصِلٌ اِلَّا دَخَلَهٗ۔

۱۶۳/۳۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَجْمَعُ اُمَّتِيْ اَوْ قَالَ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ عَلٰى ضَلَالَةٍ وَّيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ وَمَنْ شَذَّ شُذَّ فِي النَّارِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

۱۶۴/۳۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِتَّبِعُوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ فَاِنَّهٗ مَنْ شَذَّ شُذَّ فِي النَّارِ۔ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ مِنْ حَدِيْثِ اَنَسٍ وَّابْنِ عَاصِمٍ فِيْ كِتَابِ السُّنَّةِ

۱۶۵/۳۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا بُنَيَّ اِنْ قَدَرْتَ اَنْ تُصْبِحَ وَتُمْسِيَ وَلَيْسَ فِيْ قَلْبِكَ غِشٌّ لِّاَحَدٍ فَافْعَلْ ثُمَّ قَالَ يَا بُنَيَّ وَذٰلِكَ مِنْ سُنَّتِيْ وَمَنْ اَحَبَّ سُنَّتِيْ فَقَدْ اَحَبَّنِيْ وَمَنْ اَحَبَّنِيْ كَانَ مَعِيَ فِي الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

۱۶۶/۳۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَمَسَّكَ بِسُنَّتِيْ عِنْدَ فَسَادِ اُمَّتِيْ فَلَهٗ اَجْرُ مِائَةِ شَهِيْدٍ۔ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ كِتَابِ الزُّهْدِ لَهٗ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ۔

۱۶۷/۳۶ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اَتَاهُ عُمَرُ فَقَالَ اِنَّا نَسْمَعُ اَحَادِيْثَ مِنْ يَّهُوْدَ تُعْجِبُنَا اَفَتَرٰى

گر اس میں سرایت کر جاتی ہے۔

ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ میری امت کو یا فرمایا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو گمراہی پر جمع نہیں کرے گا۔ اور اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے۔ اور جو جماعت سے جدا ہوا تنہا ڈالا جائے گا آگ میں۔ (ترمذی)

اسی (ابن عمرؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بڑی جماعت کی پیروی کرو۔ کیونکہ شان یہ ہے۔ جو تنہا ہوا جماعت سے۔ تنہا ڈالا جائیگا آگ میں۔ روایت کیا ہے ابن ماجہ نے انس اور ابن عاصم کی روایت سے۔ کتاب السنہ میں۔

انسؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا۔ اے میرے بیٹے! اگر تو قدرت رکھتا ہے۔ کہ تو صبح کرے اور شام اور تیرے دل میں کسی کا کینہ نہ ہو۔ پس تو کر۔ پھر فرمایا اے میرے بیٹے اور یہ میری سنت ہے۔ جس نے میری سنت کو دوست رکھا اس نے مجھ کو دوست رکھا۔ اور جس نے مجھ کو دوست رکھا جنت میں میرے ساتھ ہوگا۔ (ترمذی)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے میری سنت کے ساتھ دلیل پکڑی۔ میری امت کے بگڑنے کے وقت اس کے لئے سو شہید کا ثواب ہے۔ روایت کی ہے بیہقی نے۔ کتاب الزہد میں۔ ابن عباسؓ کی حدیث سے۔

اور جابرؓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ جبکہ اُن کے پاس حضرت عمرؓ آئے۔ پس کہا۔ ہم یہودیوں سے حدیثیں سنتے ہیں۔ ہم کو وہ اچھی لگتی ہیں پس

besturdubooks.wordpress.com

أَنْ نَكْتُبَ بَعْضَهَا فَقَالَ أَمُتَهَوِّكُونَ أَنْتُمْ كَمَا تَهَوَّكَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى لَقَدْ جِئْتُكُمْ بِهَا بَيْضَاءَ نَقِيَّةً وَلَوْ كَانَ مُوسَى حَيًّا مَا وَسِعَهُ إِلَّا اتِّبَاعِي رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ۔

آپ کا کیا خیال ہے۔ ہم ان میں سے بعض لکھ لیں۔ فرمایا۔ کیا تم حیران ہو جس طرح یہود و نصاریٰ حیران ہیں۔ میں تمہارے پاس روشن اور صاف شریعت لے کر آیا ہوں اور اگر موسیٰ زندہ ہوتے۔ تو لائق نہ تھی۔ ان کو مگر میری اتباع ہی۔ (احمد، بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا)

۱۶۸ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَكَلَ طَيِّبًا وَعَمِلَ فِي سُنَّةٍ وَأَمِنَ النَّاسُ بَوَائِقَهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ هٰذَا الْيَوْمَ لَكَثِيرٌ فِي النَّاسِ قَالَ وَسَيَكُونُ فِي قُرُونٍ بَعْدِي (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت کیا۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے حلال کھایا۔ اور سنت کے مطابق عمل کیا۔ اور لوگ اس کی زیادتی سے محفوظ رہیں۔ جنت میں داخل ہوگا۔ ایک شخص نے کہا۔ اے اللہ کے رسول۔ آج کے دن ایسے لوگ بہت ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ میرے پیچھے بعد کے زمانہ میں بھی ہوں گے۔ (ترمذی)

۱۶۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكُمْ فِي زَمَانٍ مَنْ تَرَكَ مِنْكُمْ عُشْرَ مَا أُمِرَ بِهِ هَلَكَ ثُمَّ يَأْتِي زَمَانٌ مَنْ عَمِلَ مِنْهُمْ بِعُشْرِ مَا أُمِرَ بِهِ نَجَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم ایسے زمانہ میں ہو۔ جس نے دسواں حصہ اس چیز کا چھوڑ دیا جس کا حکم دیا گیا ہے۔ ہلاک ہوگیا۔ پھر ایک ایسا زمانہ آئے گا۔ کہ جس شخص نے دسویں حصہ کے ساتھ عمل کیا جس کا حکم دیا گیا ہے۔ نجات پائے گا۔ (ترمذی)

۱۷۰ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا ضَلَّ قَوْمٌ بَعْدَ هُدًى كَانُوا عَلَيْهِ إِلَّا أُوتُوا الْجَدَلَ ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْآيَةَ مَا ضَرَبُوهُ لَكَ إِلَّا جَدَلًا بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوامامہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی قوم ہدایت کے بعد جو اُسے دی گئی تھی۔ گمراہ نہیں ہوئی۔ مگر وہ جھگڑا دیئے گئے۔ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ نہیں بیان کرتے اس کو تیرے لئے۔ مگر جھگڑنے کے لئے بلکہ وہ قوم ہیں جھگڑالو۔

(احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

۱۷۱ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ لَا تُشَدِّدُوْا عَلٰی اَنْفُسِکُمْ فَیُشَدِّدَ اللّٰہُ عَلَیْکُمْ فَاِنَّ قَوْمًا شَدَّدُوْا عَلٰی اَنْفُسِہِمْ فَشَدَّدَ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ فَتِلْکَ بَقَایَاہُمْ فِی الصَّوَامِعِ وَالدِّیَارِ رَہْبَانِیَّۃَ نِ ابْتَدَعُوْہَا مَا کَتَبْنَاہَا عَلَیْہِمْ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے۔ اپنی جانوں پر سختی نہ کرو۔ پس اللہ تعالیٰ سختی کرے گا تم پر۔ ایک قوم نے سختی کی تھی اپنی جانوں پر۔ تو اللہ تعالیٰ نے اُن پر سختی کی یہ جماعت صومعوں میں اُن کا بقایا ہے اور دیار میں رہبانیت تھی۔ انہوں نے اُسے نکالا تھا۔ ہم نے اُن پر فرض نہیں کی تھی۔ (ابوداؤد)

۱۷۲/۴۱ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَزَلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰی خَمْسَۃِ اَوْجُہٍ حَلَالٌ وَّحَرَامٌ وَّمُحْکَمٌ وَّمُتَشَابِہٌ وَّاَمْثَالٌ فَاعْمَلُوْا الْحَلَالَ وَاجْتَنِبُوا الْحَرَامَ وَاعْمَلُوْا بِالْمُحْکَمِ وَاٰمِنُوْا بِالْمُتَشَابِہِ وَاعْتَبِرُوْا بِالْاَمْثَالِ۔ ہٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِیْحِ وَرَوَی الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَلَفْظُہٗ فَاعْمَلُوْا بِالْحَلَالِ وَاجْتَنِبُوا الْحَرَامَ وَاتَّبِعُوا الْمُحْکَمَ۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پانچ طرح پر قرآن شریف نازل ہوا ہے۔ حلال اور حرام، محکم اور متشابہ اور امثال۔ پس حلال کو حلال جانو۔ اور حرام کو حرام جانو۔ اور محکم کے ساتھ عمل کرو۔ اور متشابہ کے ساتھ ایمان لاؤ۔ اور امثال کے ساتھ عبرت پکڑو۔ یہ مصابیح کے لفظ ہیں۔ بیہقی نے شعب الایمان میں اُسے ذکر کیا ہے۔ اس کے الفاظ ہیں حلال کے ساتھ عمل کرو۔ حرام سے بچو۔ اور محکم کی پیروی کرو۔

۱۷۳/۴۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْاَمْرُ ثَلٰثَۃٌ اَمْرٌ بَیِّنٌ رُشْدُہٗ فَاتَّبِعْہُ وَاَمْرٌ بَیِّنٌ غَیُّہٗ فَاجْتَنِبْہُ وَاَمْرٌ اُخْتُلِفَ فِیْہِ فَکِلْہُ اِلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ امر تین طرح پر ہے ایک امر اس کی ہدایت ظاہر ہے۔ اس کی پیروی کرو۔ ایک امر ہے اس کی گمراہی ظاہر ہے۔ اس سے بچو۔ ایک امر اسمیں اختلاف کیا گیا ہے اسکو اللہ کے سپرد کرو۔ (احمد)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۷۴/۴۳ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّیْطٰنَ ذِئْبُ الْاِنْسَانِ کَذِئْبِ الْغَنَمِ

معاذ بن جبل رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تحقیق شیطان آدمی کا بھیڑیا ہے۔ جس طرح بکریوں کا بھیڑیا ہوتا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

يَأْخُذُ الشَّاذَّةَ وَالْقَاصِيَةَ وَالنَّاحِيَةَ وَإِيَّاكُمْ وَالشِّعَابَ وَعَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ وَالْعَامَّةِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

کہ وہ پکڑ لیتا ہے۔ بھاگنے والی کو۔ اور دُور کی بکری کو۔ اور کنارے والی بکری کو۔ اور تم پہاڑ کے درروں سے بچو۔ اور جماعت اور مجمع کو لازم پکڑو۔ (احمد)

۱۷۵/۴۴ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْإِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ)

ابوذر رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص جماعت سے ایک بالشت علیحدہ ہوا۔ اس نے اسلام کا پٹہ اپنی گردن سے نکال دیا۔ (احمد، ابوداؤد)

۱۷۶/۴۵ وَعَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكْتُ فِيكُمْ أَمْرَيْنِ لَنْ تَضِلُّوْا مَا تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ رَسُوْلِهٖ (رَوَاهُ فِي الْمُوَطَّا)

مالک بن انس رضؓ سے مرسل روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر چلا ہوں۔ تم گمراہ نہیں ہو گے جب تک مضبوطی سے اُن کو پکڑے رکھو گے۔ یعنی اللہ کی کتاب اور اس کے رسولؐ کی سنّت (مؤطا)

۱۷۷/۴۶ وَعَنْ عُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ الثُّمَالِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَحْدَثَ قَوْمٌ بِدْعَةً إِلَّا رُفِعَ مِثْلُهَا مِنَ السُّنَّةِ فَتَمَسُّكٌ بِسُنَّةٍ خَيْرٌ مِنْ إِحْدَاثِ بِدْعَةٍ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

عُضَیف بن حارث ثمالی سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کسی قوم نے کوئی بدعت نہیں نکالی۔ مگر اُس کی مانند سنّت اٹھائی جاتی ہے۔ سنّت کو مضبوطی سے پکڑنا بدعت نکالنے سے بہتر ہے۔ (احمد)

۱۷۸/۴۷ وَعَنْ حَسَّانَ قَالَ مَا ابْتَدَعَ قَوْمٌ بِدْعَةً فِي دِينِهِمْ إِلَّا نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ سُنَّتِهِمْ مِثْلَهَا ثُمَّ لَا يُعِيدُهَا إِلَيْهِمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حسان رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کسی قوم نے اپنے دین میں بدعت نہیں نکالی۔ مگر اللہ تعالیٰ اُن کی سنّت سے اس کی مثل نکال لیتا ہے۔ پھر قیامت تک وہ اُن کی طرف نہیں لوٹتی۔ (دارمی)

۱۷۹/۴۸ وَعَنْ إِبْرٰهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَقَّرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ فَقَدْ أَعَانَ عَلٰى هَدْمِ الْإِسْلَامِ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ مُرْسَلًا)

اور ابراہیم بن میسرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص صاحبِ بدعت کی تعظیم کرے۔ اس نے اسلام کے گرانے پر مدد کی۔ بیہقی نے شعب الایمان میں اسے مرسل روایت کیا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

۱۸۰/۴۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَنْ تَعَلَّمَ كِتَابَ اللّٰهِ ثُمَّ اتَّبَعَ مَا فِيهِ هَدَاهُ اللّٰهُ مِنَ الضَّلَالَةِ فِي الدُّنْيَا وَوَقَاهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ سُوْءَ الْحِسَابِ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ مَنِ اقْتَدٰى بِكِتَابِ اللّٰهِ لَا يَضِلُّ فِي الدُّنْيَا وَلَا يَشْقٰى فِي الْاٰخِرَةِ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ جس نے اللہ تعالیٰ کی کتاب سیکھی۔ پھر اس میں جو ہے اس کی پیروی کی۔ اللہ اُسے گمراہی سے ہدایت دے گا دنیا میں اور قیامت کے دن بُرے حساب سے بچائے گا۔ ایک روایت میں ہے۔ کہا۔ جس نے اللہ تعالیٰ کی کتاب کی پیروی کی۔ دنیا میں نہ گمراہ ہوگا۔ اور نہ آخرت میں بدبخت ہوگا۔ پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی۔ جس نے میری ہدایت کی پیروی کی۔ نہ گمراہ ہوگا۔ نہ بدبخت۔ (رزین)

۱۸۱/۵۰ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا وَعَنْ جَنْبَتَيِ الصِّرَاطِ سُوْرَانِ فِيْهِمَا اَبْوَابٌ مُّفَتَّحَةٌ وَّعَلَى الْاَبْوَابِ سُتُوْرٌ مُّرْخَاةٌ وَّعِنْدَ رَاْسِ الصِّرَاطِ دَاعٍ يَّقُوْلُ اسْتَقِيْمُوْا عَلَى الصِّرَاطِ وَلَا تَعْوَجُّوْا وَفَوْقَ ذٰلِكَ دَاعٍ يَّدْعُوْا كُلَّمَا هَمَّ عَبْدٌ اَنْ يَّفْتَحَ شَيْئًا مِّنْ تِلْكَ الْاَبْوَابِ قَالَ وَيْحَكَ لَا تَفْتَحْهُ فَاِنَّكَ اِنْ تَفْتَحْهُ تَلِجْهُ ثُمَّ فَسَّرَهُ فَاَخْبَرَ اَنَّ الصِّرَاطَ هُوَ الْاِسْلَامُ وَاَنَّ الْاَبْوَابَ الْمُفَتَّحَةَ مَحَارِمُ اللّٰهِ وَاَنَّ السُّتُوْرَ الْمُرْخَاةَ حُدُوْدُ اللّٰهِ وَاَنَّ الدَّاعِيَ عَلٰى رَاْسِ الصِّرَاطِ هُوَ الْقُرْاٰنُ وَاَنَّ الدَّاعِيَ مِنْ فَوْقِهٖ هُوَ وَاعِظُ اللّٰهِ فِيْ قَلْبِ كُلِّ مُؤْمِنٍ۔ رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ وَكَذَا التِّرْمِذِيُّ

ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے ایک مثال بیان کی ہے۔ ایک سیدھی راہ ہے۔ اور راہ کے دونوں طرف دو دیواریں ہیں۔ اُن میں کھلے ہوئے دروازے ہیں۔ دروازوں پر پردے پڑے ہوئے ہیں۔ راہ کے سرے پر ایک پکارنے والا پکارتا ہے۔ راہ پر سیدھے رہو۔ اور کج مت چلو۔ اس کے اوپر ایک اور پکارنے والا ہے جب کوئی آدمی ان دروازوں میں سے کسی کو کھولنے کا ارادہ کرتا ہے وہ کہتا ہے۔ تیرے لئے افسوس ہو۔ اس کو مت کھول۔ اس لئے کہ اگر تو نے اس کو کھول دیا۔ اس میں داخل ہوگا۔ پھر آپؐ نے اس کی تفسیر بیان کی پس خبر دی۔ کہ راہ سے مراد اسلام ہے۔ اور کھلے ہوئے دروازوں سے مراد اللہ کی حرام کردہ چیزیں ہیں۔ بیشک لٹکے ہوئے پردوں سے مراد اللہ کی حدیں ہیں۔ اور راستے کے سرے پر پکارنے والا قرآن ہے۔ اس کے اُوپر پکارنیوالا۔ وہ نصیحت دینے والا ہے اللہ کی طرف سے ہر مؤمن کے دل میں۔ رزین، احمد، بیہقی نے شعب الایمان میں نواس بن سمعان سے روایت کیا ہے۔ اسی طرح ترمذی نے اس سے مختصر ذکر کیا ہے

besturdubooks.wordpress.com



عَنْهُ اِلَّا اَنَّهٗ ذَكَرَ اَخْصَرَ مِنْهُ۔

۱۸۲/۵۱ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ مَنْ كَانَ مُسْتَنًّا فَلْيَسْتَنَّ بِمَنْ قَدْ مَاتَ فَاِنَّ الْحَيَّ لَا تُؤْمَنُ عَلَيْهِ الْفِتْنَةُ اُولٰٓئِكَ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوْٓا اَفْضَلَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبَرَّهَا قُلُوْبًا وَّاَعْمَقَهَا عِلْمًا وَّاَقَلَّهَا تَكَلُّفًا اِخْتَارَهُمُ اللّٰهُ لِصُحْبَةِ نَبِيِّهٖ وَلِاِقَامَةِ دِيْنِهٖ فَاعْرِفُوْا لَهُمْ فَضْلَهُمْ وَاتَّبِعُوْهُمْ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ وَتَمَسَّكُوْا بِمَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ اَخْلَاقِهِمْ وَسِيَرِهِمْ فَاِنَّهُمْ كَانُوْا عَلَى الْهُدَى الْمُسْتَقِيْمِ۔

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ جو شخص پیروی کرنا چاہے۔ اُسے ان لوگوں کی پیروی کرنا چاہئے جو مر گئے ہیں۔ کیونکہ زندہ پر فتنوں سے امن نہیں کیا جاتا۔ اور وہ لوگ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرامؓ ہیں۔ جو اس امت کے بہت نیک تھے باعتبار دل کے اور بہت کامل تھے علم میں۔ اور بہت کم تھے تکلف میں۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کو اپنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت اور دین قائم کرنے کے لئے چن لیا۔ پس اُن کی فضیلت پہچانو۔ ان کے نقش قدم کی پیروی کرو۔ ان کے اخلاق اور سیرت کو جس قدر ہو سکے پکڑے رکھو۔ کیونکہ وہ سیدھی راہ پر تھے۔ (رزین)

۱۸۳/۵۲ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنُسْخَةٍ مِّنَ التَّوْرٰىةِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهٖ نُسْخَةٌ مِّنَ التَّوْرٰىةِ فَسَكَتَ فَجَعَلَ يَقْرَأُ وَوَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَغَيَّرُ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ ثَكِلَتْكَ الثَّوَاكِلُ مَا تَرٰى بِوَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ عُمَرُ اِلٰى وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَغَضَبِ رَسُوْلِهٖ رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت جابر رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ بیشک حضرت عمر بن الخطابؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تورات کا ایک نسخہ لے کر آئے۔ پس کہا اے اللہ کے رسولؐ! یہ تورات کا نسخہ ہے۔ آپؐ چپ رہے حضرت عمرؓ نے پڑھنا شروع کیا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ متغیر ہوتا تھا۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا۔ گم کریں تجھکو گم کرنیوالیاں۔ کیا نہیں دیکھتا۔ تو اس چیز کو۔ جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ میں ہے۔ حضرت عمرؓ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ اطہر کی طرف دیکھا۔ پس کہا میں پناہ پکڑتا ہوں۔ اللہ کے ساتھ۔ اللہ تعالیٰ کے غضب سے اور اس کے رسولؐ کے غضب سے۔ ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ راضی ہوئے۔ رب ہونے پر۔ اور اسلام کے ساتھ دین ہونے پر۔ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نبی ہونے

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْ بَدَا لَكُمْ مُوْسٰى فَاتَّبَعْتُمُوْهُ وَتَرَكْتُمُوْنِيْ لَضَلَلْتُمْ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ وَلَوْ كَانَ مُوْسٰى حَيًّا وَّاَدْرَكَ نُبُوَّتِيْ لَاتَّبَعَنِيْ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

پر۔ رسول اللہ نے فرمایا۔ اس ذات کی قسم! کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان اس کے قبضہ میں ہے۔ اگر ظاہر ہو جائیں۔ موسیٰ ؑ اور تم مجھ کو چھوڑ کر اس کی پیروی کرو۔ تو سیدھی راہ سے گمراہ ہو جاؤ گے۔ اگر حضرت موسیٰ ؑ زندہ ہوتے اور میری نبوت کا زمانہ پاتے البتہ میری پیروی کرتے۔ (دارمی)

۱۸۴/۵۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلَامِيْ لَا يَنْسَخُ كَلَامَ اللّٰهِ وَكَلَامُ اللّٰهِ يَنْسَخُ كَلَامِيْ وَكَلَامُ اللّٰهِ يَنْسَخُ بَعْضُهٗ بَعْضًا۔

اور اسی (جابرؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میرا کلام اللہ تعالیٰ کے کلام کو منسوخ نہیں کرتا۔ اور اللہ کا کلام میرے کلام کو منسوخ کر دیتا ہے۔ اور اللہ کا کلام اس کا بعض بعض کو منسوخ کرتا ہے

۱۸۵/۵۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَادِيْثَنَا يَنْسَخُ بَعْضُهَا بَعْضًا كَنَسْخِ الْقُرْاٰنِ۔

ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تحقیق ہماری حدیثیں ایک دوسرے کو منسوخ کر دیتی ہیں۔ قرآن کے نسخ کی مانند

۱۸۶/۵۵ وَعَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ فَرَضَ فَرَآئِضَ فَلَا تُضَيِّعُوْهَا وَحَرَّمَ حُرُمَاتٍ فَلَا تَنْتَهِكُوْهَا وَحَدَّ حُدُوْدًا فَلَا تَعْتَدُوْهَا وَسَكَتَ عَنْ اَشْيَآءَ مِنْ غَيْرِ نِسْيَانٍ فَلَا تَبْحَثُوْا عَنْهَا رَوَى الْاَحَادِيْثَ الثَّلَاثَةَ الدَّارُ قُطْنِيُّ۔

ابو ثعلبہ خشنی سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے فرائض فرض کئے ہیں۔ اُن کو ضائع مت کرو۔ اور کتنی چیزوں کو حرام کیا ہے۔ اُن کے نزدیک نہ جاؤ۔ اور حدیں مقرر کی ہیں۔ اُن سے تجاوز نہ کرو۔ اور بہت سی اشیاء سے بغیر بھول جانے کے سکوت فرمایا ہے۔ اس سے بحث نہ کرو۔ تینوں حدیثیں دار قطنی نے روایت کی ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

# كِتَابُ الْعِلْمِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۸۷/۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ اٰيَةً وَّحَدِّثُوْا عَنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ وَلَا حَرَجَ وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

۱۸۸/۲ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ وَالْمُغِيْرَةِ ابْنِ شُعْبَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَدَّثَ عَنِّيْ بِحَدِيْثٍ يُّرٰى اَنَّهٗ كَذِبٌ فَهُوَ اَحَدُ الْكَاذِبِيْنَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۱۸۹/۳ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ وَاِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَّاللّٰهُ يُعْطِيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۹۰/۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسُ مَعَادِنُ كَمَعَادِنِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْاِسْلَامِ اِذَا فَقِهُوْا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۱۹۱/۵ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَسَدَ اِلَّا

# علم کی فضیلت کا بیان

## پہلی فصل

عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری طرف سے پہنچا دو۔ اگرچہ ایک آیت ہو۔ اور بنی اسرائیل سے حدیث بیان کرو۔ کوئی گناہ نہیں ہے۔ جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا۔ پس چاہیئے کہ پکڑے اپنا ٹھکانا دوزخ میں۔ (بخاری)

سمرہ بن جندب رضؓ اور مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے۔ کہا اُن دونوں نے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے مجھ سے کوئی حدیث بیان کی۔ اور وہ گمان رکھتا ہے۔ کہ وہ جھوٹ ہے۔ پس وہ ایک ہے جھوٹوں میں سے۔ (مسلم)

معاویہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرے۔ اسے دین میں سمجھ دیتا ہے۔ سوائے اس کے نہیں ہوں بانٹتا ہوں اور اللہ دیتا ہے (متفق علیہ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگ کان ہیں۔ جیسے سونے اور چاندی کی کان ہوتی ہے۔ جاہلیت میں اُن کے بہتر اسلام میں بہتر ہیں جبکہ سمجھیں۔ (مسلم)

ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حسد نہیں۔ مگر دو

besturdubooks.wordpress.com

فِي اثْنَيْنِ رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَسَلَّطَهُ عَلٰى هَلَكَتِهٖ فِي الْحَقِّ وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْحِكْمَةَ فَهُوَ يَقْضِيْ بِهَا وَيُعَلِّمُهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

شخصوں میں۔ ایک وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے مال دیا۔ اور حق میں اُسے خرچ کرنے کی توفیق دی اور دوسرا وہ شخص کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو حکمت دی۔ پس وہ اس کے ساتھ حکم کرتا ہے۔ اور سکھاتا ہے۔ (متفق علیہ)

۱۹۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَاتَ الْاِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهٗ اِلَّا مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ اَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهٖ اَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُوْ لَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب آدمی مرجاتا ہے۔ اس کے عمل کا ثواب موقوف ہوجاتا ہے۔ مگر تین عملوں کا ثواب باقی رہتا ہے۔ صدقہ جاریہ یا علم کہ نفع لیا جائے اس کے ساتھ۔ یا صالح اولاد جو اس کیلئے دعا کرے۔ (مسلم)

۱۹۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِّنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِّنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ يَسَّرَ عَلٰى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ فِيْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِيْ عَوْنِ اَخِيْهِ وَمَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَلْتَمِسُ فِيْهِ عِلْمًا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهٗ بِهٖ طَرِيْقًا اِلَى الْجَنَّةِ وَمَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِيْ بَيْتٍ مِّنْ بُيُوْتِ اللّٰهِ يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَيَتَدَارَسُوْنَهٗ بَيْنَهُمْ اِلَّا نَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَحَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهٗ وَمَنْ بَطَّاَ بِهٖ عَمَلُهٗ لَمْ يُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص کسی مسلمان سے دنیا کی سختی دُور کر دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے قیامت کی سختیوں کو دُور کرے گا۔ جس نے تنگدست پر آسان کر دیا۔ اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کے لئے آسان کر دے گا۔ اور جس نے مسلمان کی پردہ پوشی کی۔ اللہ تعالےٰ اس کی پردہ پوشی دنیا اور آخرت میں کرے گا۔ اور اللہ تعالےٰ بندے کی مدد میں ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں ہے۔ اور جو شخص علم حاصل کرنے کے لئے کسی راستہ پر چلا۔ اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیگا۔ اور کوئی قوم اللہ تعالیٰ کے گھروں میں سے کسی گھر میں جمع نہیں ہوئی۔ کہ اللہ تعالیٰ کی کتاب پڑھتے ہوں۔ اور اس کے معنے بیان کرتے ہوں آپس میں۔ مگر اُن پر تسکین اُترتی ہے۔ اور رحمت اُن کو ڈھانکتی ہے۔ اور فرشتے اُن کو گھیر لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اُن کا ذکر فرشتوں میں کرتا ہے۔ جو اس کے پاس ہیں۔ اور جس کو اس کا عمل پیچھے کرے اس کا نسب اسکو آگے نہیں کرے گا (مسلم)

besturdubooks.wordpress.com



۱۹۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوَّلَ النَّاسِ يُقْضٰى عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَجُلٌ اِسْتُشْهِدَ فَاُتِيَ بِهٖ فَعَرَّفَهٗ نِعَمَهٗ فَعَرَفَهَا فَقَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِيْهَا قَالَ قَاتَلْتُ فِيْكَ حَتّٰى اسْتُشْهِدْتُّ قَالَ كَذَبْتَ وَلٰكِنَّكَ قَاتَلْتَ لِاَنْ يُّقَالَ جَرِيٌّ فَقَدْ قِيْلَ ثُمَّ اُمِرَ بِهٖ فَسُحِبَ عَلٰى وَجْهِهٖ حَتّٰى اُلْقِيَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ وَعَلَّمَهٗ وَقَرَاَ الْقُرْاٰنَ فَاُتِيَ بِهٖ فَعَرَّفَهٗ نِعَمَهٗ فَعَرَفَهَا قَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِيْهَا قَالَ تَعَلَّمْتُ الْعِلْمَ وَعَلَّمْتُهٗ وَقَرَاْتُ فِيْكَ الْقُرْاٰنَ قَالَ كَذَبْتَ وَلٰكِنَّكَ تَعَلَّمْتَ الْعِلْمَ لِيُقَالَ اِنَّكَ عَالِمٌ وَّقَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ لِيُقَالَ هُوَ قَارِئٌ فَقَدْ قِيْلَ ثُمَّ اُمِرَ بِهٖ فَسُحِبَ عَلٰى وَجْهِهٖ حَتّٰى اُلْقِيَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ وَّسَّعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَعْطَاهُ مِنْ اَصْنَافِ الْمَالِ كُلِّهٖ فَاُتِيَ بِهٖ فَعَرَّفَهٗ نِعَمَهٗ فَعَرَفَهَا قَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِيْهَا قَالَ مَا تَرَكْتُ مِنْ سَبِيْلٍ تُحِبُّ اَنْ يُّنْفَقَ فِيْهَا اِلَّا اَنْفَقْتُ فِيْهَا لَكَ قَالَ كَذَبْتَ وَلٰكِنَّكَ فَعَلْتَ لِيُقَالَ هُوَ جَوَادٌ فَقَدْ قِيْلَ ثُمَّ اُمِرَ بِهٖ فَسُحِبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ثُمَّ اُلْقِيَ فِي النَّارِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگوں میں سب سے پہلے جس کا فیصلہ کیا جائے گا۔ قیامت کے دن وہ شخص ہوگا۔ جو شہید کیا گیا۔ اُسے لایا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اُس کو اپنی نعمتیں معلوم کرائے گا۔ وہ اُن کو جان لے گا۔ پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ تو نے اُن میں کیا عمل کیا کہے گا میں تیری راہ میں لڑا۔ یہاں تک کہ شہید کر دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ فرمائیگا۔ تو جھوٹا ہے۔ لیکن تو اس لئے لڑا تھا کہ تجھے بہادر کہا جائے۔ پس کہا گیا۔ پھر حکم کیا جائیگا۔ اُسے منہ کے بل کھینچ کر آگ میں ڈالا جائیگا۔ اور ایک وہ شخص کہ اُس نے علم سیکھا۔ اسکو سکھایا۔ قرآن پاک پڑھا۔ اس کو لایا جائے گا۔ اس کو اپنی نعمتیں معلوم کرائے گا۔ وہ معلوم کر لیگا فرمائے گا۔ تو نے کیا عمل کیا اُن میں کہے گا میں نے علم سیکھا۔ اور اسکو سکھایا۔ اور تیری راہ میں میں نے قرآن پڑھا۔ فرمائیگا۔ تو جھوٹا ہے تو نے علم اس لئے سیکھا کہ تجھے عالم کہا جاوے۔ اور تو نے قرآن اس لئے پڑھا۔ کہ تجھے قاری کہا جائے۔ پس تحقیق کہا گیا۔ پھر حکم کیا جائے گا اور منہ کے بل کھینچ کر اسے آگ میں ڈال دیا جائے گا۔ اور ایک شخص وہ ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اُسے مال دار کیا اور اس کو قسم قسم کا مال دیا۔ اسے لایا جائے گا۔ اُسے اپنی نعمتیں معلوم کرائے گا۔ وہ معلوم کر لیگا۔ فرمائیگا۔ تو نے کیا عمل کیا کہے گا۔ میں نے کوئی راہ نہ چھوڑی جس میں تو پسند کرتا ہے۔ کہ خرچ کیا جائے مگر میں نے تیرے لئے خرچ کیا۔ فرمائے گا۔ تو جھوٹا ہے۔ تو نے اُسے اس لئے خرچ کیا۔ تاکہ کہا جائے کہ وہ سخی ہے۔ پس تحقیق کہا گیا۔ پھر اس کے ساتھ حکم کیا جائے گا۔ اور منہ کے بل کھینچ کر آگ میں ڈال دیا جائے گا۔

(مسلم)

۱۹۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ

عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهٗ مِنَ الْعِبَادِ وَلٰكِنْ يَّقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَآءِ حَتّٰى اِذَا لَمْ يَبْقَ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُءُوْسًا جُهَّالًا فَسُئِلُوْا فَاَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالےٰ علم کو اس طرح نہیں اُٹھائے گا کہ بندوں سے اُسے نکال لے۔ لیکن اُسے اٹھائے گا علماء کے اٹھانے کے ساتھ یہاں تک کہ جب کسی عالم کو باقی نہیں رکھے گا۔ لوگ جاہلوں کو سردار بنالیں گے۔ اُن سے مسائل پوچھیں گے۔ وُہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے پس گمراہ ہوں گے اور گمراہ کرینگے۔ (متفق علیہ)

۱۹۶ وَعَنْ شَقِيْقٍ قَالَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ مَسْعُوْدٍ يُذَكِّرُ النَّاسَ فِيْ كُلِّ خَمِيْسٍ فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَوَدِدْتُّ اَنَّكَ ذَكَّرْتَنَا فِيْ كُلِّ يَوْمٍ فَقَالَ اَمَا اِنَّهٗ يَمْنَعُنِيْ مِنْ ذٰلِكَ اَنِّيْ اَكْرَهُ اَنْ اُمِلَّكُمْ وَاِنِّيْ اَتَخَوَّلُكُمْ بِالْمَوْعِظَةِ كَمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَوَّلُنَا بِهَا مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور شقیق رضہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ عبداللہ بن مسعودؓ ہر جمعرات لوگوں کو نصیحت کرتے تھے ایک آدمی نے کہا۔ اے ابوعبدالرحمٰن میں دوست رکھتا ہوں۔ کہ ہر روز ہمیں نصیحت کیا کریں۔ فرمایا۔ خبردار! مجھ کو اس سے یہ بات رُوکے ہوئے ہے۔ کہ میں مکروہ سمجھتا ہوں۔ کہ تمہیں تنگ کروں۔ اور میں خبرگیری رکھتا ہوں۔ نصیحت کے ساتھ۔ جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہماری خبرگیری رکھتے تھے۔ ہم پر اکتانے کے خوف سے (متفق علیہ)

۱۹۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ اَعَادَهَا ثَلَاثًا حَتّٰى تُفْهَمَ عَنْهُ وَاِذَآ اَتٰى عَلٰى قَوْمٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ ثَلَاثًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انس رضہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کلام فرماتے تھے۔ تو تین دفعہ دُہراتے تھے۔ تاکہ ہم اچھی طرح سمجھ لیں۔ اور جب کسی قوم پر آتے تو انہیں تین بار سلام کہتے (بخاری)

۱۹۸ وَعَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدِ نِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّهٗ اَبْدَعَ بِيْ فَاحْمِلْنِيْ فَقَالَ مَا عِنْدِيْ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا اَدُلُّهٗ عَلٰى مَنْ يَّحْمِلُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابومسعود رضہ انصاری سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ اور کہا۔ میری سواری نہیں چل سکتی۔ پس مجھے سواری دو۔ آپ نے فرمایا۔ میرے پاس سواری نہیں۔ ایک شخص نے کہا۔ اے اللہ کے رسول! میں اس کو بتلاتا ہوں۔ ایک شخص جو اسکو سواری دے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

besturdubooks.wordpress.com

مَنْ دَلَّ عَلٰى خَيْرٍ فَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

فرمایا۔ جو شخص بھلائی پر آگاہ کردے۔ اس کو بھلائی کرنے والے کی مانند ثواب ہے۔ (مسلم)

۱۹۹/۱۳ وَعَنْ جَرِيْرٍ قَالَ كُنَّا فِيْ صَدْرِ النَّهَارِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَآءَهٗ قَوْمٌ عُرَاةٌ مُجْتَابِي النِّمَارِ اَوِ الْعَبَآءِ مُتَقَلِّدِي السُّيُوْفِ عَامَّتُهُمْ مِنْ مُّضَرَ بَلْ كُلُّهُمْ مِّنْ مُّضَرَ فَتَمَعَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَا رَاٰى بِهِمْ مِّنَ الْفَاقَةِ فَدَخَلَ ثُمَّ خَرَجَ فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ وَاَقَامَ فَصَلّٰى ثُمَّ خَطَبَ فَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا وَالْاٰيَةَ الَّتِيْ فِي الْحَشْرِ اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ تَصَدَّقَ رَجُلٌ مِّنْ دِيْنَارِهٖ مِنْ دِرْهَمِهٖ مِنْ ثَوْبِهٖ مِنْ صَاعِ بُرِّهٖ مِنْ صَاعِ تَمْرِهٖ حَتّٰى قَالَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ قَالَ فَجَآءَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ بِصُرَّةٍ كَادَتْ كَفُّهٗ تَعْجِزُ عَنْهَا بَلْ قَدْ عَجَزَتْ ثُمَّ تَتَابَعَ النَّاسُ حَتّٰى رَاَيْتُ كَوْمَيْنِ مِنْ طَعَامٍ وَّثِيَابٍ حَتّٰى رَاَيْتُ وَجْهَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَهَلَّلُ كَاَنَّهٗ مُذْهَبَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهٗ اَجْرُهَا وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ

جریرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا ہم ایک دن اوّل النہار میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے ایک قوم ننگے بدن والی کمبل یا عبا کو پہنے تلواریں گلے میں ڈالے آئی۔ اُن کے اکثر مضر قبیلے سے تھے۔ بلکہ سب ہی مضر کے تھے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ مبارک متغیر ہوگیا۔ بسبب اس کے کہ اُن پر فاقہ کا اثر دیکھا۔ آپؐ گھر کے اندر داخل ہوئے۔ پھر باہر نکلے۔ حضرت بلالؓ کو حکم دیا۔ اُس نے اذان کہی۔ اور پھر تکبیر کہی۔ پھر نماز پڑھی۔ پھر خطبہ ارشاد فرمایا۔ اور یہ آیت پڑھی۔ اے لوگو! ڈرو اپنے پروردگار سے جس نے ایک جان سے تم کو پیدا کیا۔ آخر آیت تک تحقیق اللہ تعالےٰ تم پر نگہبان ہے اور وہ آیت جو سورۂ حشر میں ہے۔ اللہ تعالےٰ سے ڈرو۔ اور چاہئے کہ نظر کرے۔ اس چیز کو جو آگے بھیجی ہے۔ کل کے لئے۔ آدمی اپنے درہم اور دینار اپنے کپڑے اپنے گندم کے پیمانے اور کھجور کے پیمانے سے صدقہ اور خیرات کرے اور یہاں تک کہ فرمایا۔ اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہو۔ راوی نے کہا انصار کا ایک آدمی تھیلی لایا۔ قریب تھا کہ اس کی ہتھیلی اس کے اٹھانے سے عاجز آجاوے۔ بلکہ عاجز آگئی۔ پھر لوگ پے در پے صدقہ لائے۔ یہاں تک کہ میں نے کھانے اور کپڑے کی دو ڈھیریاں دیکھیں۔ حتیٰ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور کو دیکھا۔ کہ چمکتا ہے گویا کہ سونا بھرا ہوا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو اسلام میں نیک طریق رواج دے۔ اس کے لئے اس کا ثواب ہے۔ اور اس شخص

besturdubooks.wordpress.com

بَعْدِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّنْقُصَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْءٌ وَّمَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّنْقُصَ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کا ثواب جس نے اس کے بعد اس پر عمل کیا۔ اس کے بغیر کہ ان کے ثواب میں کمی ہو۔ اور جس نے بُرے طریقہ کو رواج دیا۔ اُس پر اس کا گناہ ہے۔ اور ان لوگوں کا گناہ جو اس کے بعد اس پر عمل کریں گے۔ اس کے بغیر کہ ان کے گناہوں میں کمی ہو۔ (مسلم)

۲۰۰/۱۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا اِلَّا كَانَ عَلَى ابْنِ اٰدَمَ الْاَوَّلِ كِفْلٌ مِّنْ دَمِهَا لِاَنَّهٗ اَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی جان قتل نہیں کی جاتی۔ ظلماً۔ مگر آدم کے پہلے بیٹے پر ایک حصہ ہے۔ اس کے خون سے اس لئے کہ وہ پہلا شخص ہے جس نے قتل کا طریقہ نکالا۔ (متفق علیہ)

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ مُعَاوِيَةَ لَا يَزَالُ مِنْ اُمَّتِيْ فِيْ بَابِ ثَوَابِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

اور ہم ذکر کریں گے۔ حدیث معاویہ کی۔ جس کے لفظ ہیں۔ لَا يَزَالُ مِنْ اُمَّتِيْ باب ثواب هٰذِهِ الْاُمَّةِ میں انشاء اللہ تعالیٰ۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۰۱/۱۵ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَعَ اَبِي الدَّرْدَاءِ فِيْ مَسْجِدِ دِمَشْقَ فَجَاءَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ يَا اَبَا الدَّرْدَاءِ اِنِّيْ جِئْتُكَ مِنْ مَّدِيْنَةِ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَدِيْثٍ بَلَغَنِيْ اَنَّكَ تُحَدِّثُهٗ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا جِئْتُ لِحَاجَةٍ قَالَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَّطْلُبُ فِيْهِ عِلْمًا سَلَكَ اللّٰهُ بِهٖ طَرِيْقًا مِّنْ

کثیر بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں دمشق کی مسجد میں ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا اُن کے پاس ایک آدمی آیا۔ اور کہا اے ابوالدرداء میں تیرے پاس پیغمبر خدا کے شہر سے آیا ہوں۔ ایک حدیث کے لئے جس کی مجھے خبر پہنچی ہے۔ کہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتا ہے۔ میں کسی اور حاجت کے لئے نہیں آیا۔ ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے کہا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے۔ آپ فرماتے تھے جو علم حاصل کرنے کے لئے ایک راہ پر چلے۔ اللہ تعالیٰ اُسے جنت کے راستوں میں سے ایک راستہ پر چلاتا

besturdubooks.wordpress.com

طُرُقِ الْجَنَّةِ وَإِنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ لَتَضَعُ أَجْنِحَتَهَا رِضًا لِطَالِبِ الْعِلْمِ وَإِنَّ الْعَالِمَ لَيَسْتَغْفِرُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ وَالْحِيتَانُ فِي جَوْفِ الْمَاءِ وَإِنَّ فَضْلَ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ عَلٰى سَائِرِ الْكَوَاكِبِ وَإِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْأَنْبِيَاءِ وَإِنَّ الْأَنْبِيَاءَ لَمْ يُوَرِّثُوا دِينَارًا وَلَا دِرْهَمًا وَإِنَّمَا وَرَّثُوا الْعِلْمَ فَمَنْ أَخَذَهٗ أَخَذَ بِحَظٍّ وَّافِرٍ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَسَمَّاهُ التِّرْمِذِيُّ قَيْسَ بْنَ كَثِيْرٍ۔

ہے۔ اور فرشتے اپنے بازو طالب علم کی رضامندی کیلئے رکھتے ہیں۔ اور بیشک عالم کے لئے استغفار کرتی ہے ہر وہ چیز جو آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے۔ اور مچھلیاں پانی کے اندر۔ اور عالم کی فضیلت عابد پر اس قدر ہے۔ جس قدر چودھویں رات کے چاند کی تمام ستاروں پر۔ تحقیق علماء انبیاء علیہم السلام کے وارث ہیں۔ تحقیق انبیاء کرام دینار اور درہم اپنے ورثہ میں نہیں چھوڑ گئے۔ انہوں نے علم کا ورثہ چھوڑا ہے جس نے اسے حاصل کیا۔ اس نے کامل حصہ لیا۔ (احمد، ترمذی ابوداؤد، ابن ماجہ، دارمی، ترمذی نے راوی کا نام قیس بن کثیر بتایا ہے۔)

۲۰۲/۱۹ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ ذُكِرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَانِ أَحَدُهُمَا عَابِدٌ وَّالْآخَرُ عَالِمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِي عَلٰى أَدْنَاكُمْ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ وَأَهْلَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ حَتَّى النَّمْلَةَ فِي جُحْرِهَا وَحَتَّى الْحُوْتَ لَيُصَلُّوْنَ عَلٰى مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَيْرَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنْ مَّحْفُوْظٍ مُّرْسَلًا وَّلَمْ يَذْكُرْ رَجُلَيْنِ وَقَالَ فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِي عَلٰى أَدْنَاكُمْ ثُمَّ

اور ابوامامہ باہلی سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دو شخصوں کا ذکر کیا گیا۔ اُن میں سے ایک عابد ہے۔ اور دوسرا عالم ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے۔ جیسے میری فضیلت تمہارے ایک ادنیٰ پر۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ اس کے فرشتے اہل آسمان اور اہل زمین حتیٰ کہ بلوں میں چیونٹیاں اور حتیٰ کہ مچھلیاں بھی لوگوں کو خیر کی تعلیم دینے والے کے لئے دعائے خیر کرتی ہیں ترمذی اور دارمی نے محفوظ سے مرسلاً روایت کیا ہے اور دو شخصوں کا ذکر نہیں کیا ہے اور فرمایا عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے۔ جیسے میری فضیلت تمہارے ایک ادنیٰ پر ہے۔ اور پھر آپ صلی

besturdubooks.wordpress.com

تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا وَسَرَدَ الْحَدِيْثَ اِلٰى اٰخِرِهٖ۔

اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ سوائے اس کے نہیں کہ ڈرتے ہیں اللہ تعالیٰ سے اس کے بندوں میں سے جو کہ عالم ہوں اور بیان کی حدیث شریف آخیر تک۔

۲۰۳/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ النَّاسَ لَكُمْ تَبَعٌ وَّاِنَّ رِجَالًا يَّاْتُوْنَكُمْ مِّنْ اَقْطَارِ الْاَرْضِ يَتَفَقَّهُوْنَ فِى الدِّيْنِ فَاِذَا اَتَوْكُمْ فَاسْتَوْصُوْا بِهِمْ خَيْرًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابو سعید خدری رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق لوگ تمہارے تابع ہیں۔ اور تحقیق لوگ تمہارے پاس دین حاصل کرنے کے لئے آئیں گے جب وہ تمہارے پاس آئیں تو ان کے حق میں میری وصیت قبول کرو بھلائی کی۔ (ترمذی)

۲۰۴/۱۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَلِمَةُ الْحِكْمَةُ ضَالَّةُ الْحَكِيْمِ فَحَيْثُ وَجَدَهَا فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَّاِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْفَضْلِ الرَّاوِيْ يُضَعَّفُ فِى الْحَدِيْثِ۔

ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بات دانائی کی مطلوب ہے۔ دانا آدمی کی۔ پس جہاں پر اس کو پاوے اس کا زیادہ حقدار ہے (ترمذی ابن ماجہ ترمذی نے کہا) یہ حدیث غریب ہے۔ اور اس میں ابراہیم بن فضل راوی ضعیف ہے۔

۲۰۵/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيْهٌ وَّاحِدٌ اَشَدُّ عَلَى الشَّيْطَانِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابن عباس رضہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایک فقیہہ شیطان پر ایک ہزار عابد سے سخت تر ہے۔ (ترمذی، ابن ماجہ نے روایت کیا ہے)

۲۰۶/۲۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ وَّوَاضِعُ الْعِلْمِ عِنْدَ غَيْرِ اَهْلِهٖ كَمُقَلِّدِ الْخَنَازِيْرِ الْجَوْهَرَ وَاللُّؤْلُؤَ وَالذَّهَبَ۔ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ

انس رضہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ علم کا طلب کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ اور علم نا اہل کو سکھلانے والا ایسا ہے جیسے کوئی خنزیر کو جواہر اور موتیوں اور سونے کے ہار پہناوے۔ ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اور بیہقی

زمین کے اطراف سے

وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ إِلَى قَوْلِهِ مُسْلِمٍ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ مَتْنُهُ مَشْهُورٌ وَإِسْنَادُهُ ضَعِيفٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ أَوْجُهٍ كُلُّهَا ضَعِيفَةٌ۔

نے شعب الایمان میں مسلم کے لفظ تک روایت کی ہے۔ اور انہوں نے کہا۔ اس حدیث کا متن مشہور ہے اور اس کی سند ضعیف ہے۔ اور کئی طرح سے یہ روایت کی گئی ہے۔ اور سب طرق اس کے ضعیف ہیں۔

۲۰۷/۲۱ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَصْلَتَانِ لَا تَجْتَمِعَانِ فِي مُنَافِقٍ حُسْنُ سَمْتٍ وَلَا فِقْهٌ فِي الدِّينِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دو خصلتیں منافق میں جمع نہیں ہوتیں۔ حسن خلق اور دین میں سمجھ! روایت کیا اس کو ترمذی نے۔

۲۰۸/۲۲ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَرَجَ فِي طَلَبِ الْعِلْمِ فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَرْجِعَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص علم طلب کرنے کے لئے نکلے وہ خدا کی راہ میں ہے یہاں تک کہ لوٹ آوے۔ روایت کیا اس کو ترمذی اور دارمی نے۔

۲۰۹/۲۳ وَعَنْ سَخْبَرَةَ الْأَزْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ كَانَ كَفَّارَةً لِمَا مَضٰى رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ ضَعِيفُ الْإِسْنَادِ وَأَبُو دَاوُدَ الرَّاوِي يُضَعَّفُ۔

سخبرہ ازدی رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص علم طلب کرتا ہے۔ یہ کفارہ بن جاتا ہے۔ اُن گناہوں کا جو اس نے پہلے کئے ہوتے ہیں۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے اور دارمی نے۔ ترمذی نے کہا۔ یہ حدیث سند کے اعتبار سے ضعیف ہے۔ ابوداؤد راوی اس میں ضعیف ہے۔

۲۱۰/۲۴ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يَشْبَعَ الْمُؤْمِنُ مِنْ خَيْرٍ يَسْمَعُهُ حَتّٰى يَكُونَ مُنْتَهَاهُ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوسعید خدری سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مؤمن خیر سے سیر نہیں ہوتا کہ اس کو سنتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کی انتہا جنت ہوتی ہے۔

(روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۱۱/۲۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ عَلِمَهُ ثُمَّ كَتَمَهُ أُلْجِمَ يَوْمَ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس سے علم کی بات پوچھی گئی۔ پھر اُس نے اس کو چھپا لیا۔ قیامت کے

besturdubooks.wordpress.com



الْقِيٰمَةِ بِلِجَامٍ مِّنْ نَّارٍ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ اَنَسٍ۔

دن آگ کی لگام پہنایا جائے گا۔ روایت کیا اس کو احمد اور ابوداؤد اور ترمذی نے اور روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے انس سے۔

۲۱۲/۲۶ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ لِيُجَارِيَ بِهِ الْعُلَمَآءَ اَوْ لِيُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَآءَ اَوْ يَصْرِفَ بِهٖ وُجُوْهَ النَّاسِ اِلَيْهِ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ النَّارَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ۔

اور کعب بن مالک سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص علم کو طلب کرے۔ کہ اس کے ساتھ علماء سے فخر کرے یا بیوقوفوں سے جھگڑا کرے۔ یا اس کے ساتھ لوگوں کے منہ اپنی طرف متوجہ کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کو دوزخ میں داخل کرے گا۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے ابن عمرؓ سے۔

۲۱۳/۲۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا مِّمَّا يُبْتَغٰى بِهٖ وَجْهُ اللّٰهِ لَا يَتَعَلَّمُهٗ اِلَّا لِيُصِيْبَ بِهٖ عَرَضًا مِّنَ الدُّنْيَا لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَعْنِيْ رِيْحَهَا۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ۔

ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو کوئی علم سیکھے ایسا جس سے اللہ تعالیٰ کی رضامندی کی تلاش کی جاتی ہے وہ نہیں سیکھتا اس کو۔ مگر اس لئے کہ دنیا کے اسباب کو پالے۔ قیامت کے دن جنت کی عرف یعنی اس کی بو بھی نہ پائے گا۔ روایت کیا اس کو احمد، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔

۲۱۴/۲۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَضَّرَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِيْ فَحَفِظَهَا وَوَعَاهَا وَاَدّٰهَا فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ غَيْرُ فَقِيْهٍ وَّرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ ثَلٰثٌ لَّا يَغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُسْلِمٍ اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ وَالنَّصِيْحَةُ لِلْمُسْلِمِيْنَ وَلُزُوْمُ جَمَاعَتِهِمْ فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ تُحِيْطُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ۔ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَ

ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تازہ رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس بندے کو جس نے سنا کہنا میرا۔ اس کو یاد رکھا۔ اور ہمیشہ یاد رکھا۔ اور اس کو پہنچایا۔ پس بعض فقہ کو اٹھانے والے غیر فقیہہ ہوتے ہیں۔ اور بعض فقہ کے اٹھانے والے ہوتے ہیں اس شخص کی طرف جو زیادہ فقیہہ ہے تین چیزیں ہیں جن میں مسلمان آدمی کا دل خیانت نہیں کرتا۔ عمل کا خالص اللہ کے لئے کرنا۔ اور مسلمانوں کی خیر خواہی کرنا۔ اور ان کی جماعت کو لازم پکڑنا تحقیق ان کی دعا گھیرے ہوئے ہے۔ ان کے پیچھے سے

besturdubooks.wordpress.com

البیہقی فی المدخل ورواہ احمد والترمذی وابوداؤد وابن ماجۃ والدارمی عن زید بن ثابت الا ان الترمذی وابا داؤد لم یذکرا ثلث لا یغل علیہن الی آخرہ۔

روایت کیا اس کو شافعی اور بیہقی نے مدخل میں اور روایت کیا۔ احمد اور ترمذی اور ابوداؤد، ابن ماجہ، دارمی نے مگر ترمذی اور ابوداؤد نے حدیث کے الفاظ ثلاث لا یغل علیہن آخر حدیث تک ذکر نہیں کئے۔

۲۱۵/۲۹ وعن ابن مسعود قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول نضر اللہ امرأ سمع منا شیئا فبلغہ کما سمعہ فرب مبلغ اوعی لہ من سامع۔ رواہ الترمذی وابن ماجۃ ورواہ الدارمی عن ابی الدرداء۔

ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ فرماتے تھے۔ اللہ تعالیٰ اس شخص کو تر و تازہ رکھے جس نے مجھ سے کوئی حدیث سنی۔ اس کو پہنچا دیا جیسا کہ سنا تھا پس اکثر پہنچائے گئے۔ اسکو بہت یاد رکھنے والے ہوتے ہیں سننے والے سے (ترمذی، ابن ماجہ) روایت کیا اسکو دارمی نے ابوالدرداء سے

۲۱۶/۳۰ وعن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتقوا الحدیث عنی الا ما علمتم فمن کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار رواہ الترمذی ورواہ ابن ماجۃ عن ابن مسعود وجابر ولم یذکرا اتقوا الحدیث عنی الا ما علمتم۔

ابن عباسؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھ سے حدیث بیان کرنے سے بچو۔ مگر اس چیز کو کہ تمہیں اس کا علم ہے جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا۔ وہ اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنالے روایت کیا اسے ترمذی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے ابن مسعودؓ اور جابرؓ سے۔ اور انہوں نے ان لفظوں کو ذکر نہیں کیا۔ اتقوا الحدیث عنی الا ما علمتم۔

۲۱۷/۳۱ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قال فی القرآن برأیہ فلیتبوأ مقعدہ من النار وفی روایۃ من قال فی القرآن بغیر علم فلیتبوأ مقعدہ من النار۔ (رواہ الترمذی)

اور اسی (ابن عباسؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے قرآن مجید میں اپنی عقل کے ساتھ کہا۔ پس چاہیئے کہ اپنا ٹھکانا آگ میں بنالے۔ اور ایک روایت میں ہے۔ آپؐ نے فرمایا۔ جس نے قرآن میں بغیر علم کے بات کہی۔ وہ اپنا ٹھکانا آگ میں کرلے۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے۔

۲۱۸/۳۲ وعن جندب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قال فی

جندبؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے قرآن میں

besturdubooks.wordpress.com

الْقُرْاٰنِ بِرَأْيِهٖ فَاَصَابَ فَقَدْ اَخْطَأَ
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

اپنی عقل سے کہا۔ پس موافق واقع ہوا تحقیق اُس نے خطا کی
روایت کیا اس کو ترمذی اور ابو داؤد نے۔

۲۱۹/۳۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمِرَآءُ فِی الْقُرْاٰنِ كُفْرٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قرآن شریف میں جھگڑا کرنا کفر ہے۔ روایت کیا اس کو احمد اور ابو داؤد نے۔

۲۲۰/۳۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمًا يَتَدَارَءُوْنَ فِی الْقُرْاٰنِ فَقَالَ اِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِهٰذَا ضَرَبُوْا كِتَابَ اللّٰهِ بَعْضَهٗ بِبَعْضٍ وَاِنَّمَا نَزَلَ كِتَابُ اللّٰهِ يُصَدِّقُ بَعْضُهٗ بَعْضًا فَلَا تُكَذِّبُوْا بَعْضَهٗ بِبَعْضٍ فَمَا عَلِمْتُمْ مِّنْهُ فَقُوْلُوْا وَمَا جَهِلْتُمْ فَكِلُوْهُ اِلٰى عَالِمِهٖ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن شعیبؒ اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کو سُنا۔ قرآن شریف میں جھگڑا کرتے ہیں۔ پس آپؐ نے فرمایا۔ سوائے اس کے نہیں تم سے پہلے لوگ اسی (جھگڑا) کی وجہ سے ہلاک ہو گئے انہوں نے کتاب اللہ کے بعض کو بعض کیساتھ مارا سوائے اسکے نہیں اللہ نے کتاب اُتاری جس کا بعض بعض کی تصدیق کرتا ہے تم اسکے بعض کو بعض کیساتھ نہ جھٹلاؤ پس جو تم جانو پس وہ کہو۔ جو نہ جانو اُسکو اُسکے جاننے والے کیطرف سونپ دو (ابن ماجہ، احمد)

۲۲۱/۳۵ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ لِكُلِّ اٰيَةٍ مِّنْهَا ظَهْرٌ وَّبَطْنٌ وَّلِكُلِّ حَدٍّ مُّطَّلَعٌ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قرآن شریف سات طریقوں پر اُتارا گیا ہے۔ ہر آیت کا ظاہر اور باطن ہے اور واسطے ہر حد کے خبردار ہونے کی جگہ ہے۔
(روایت کیا اس کو شرح السنہ میں)

۲۲۲/۳۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعِلْمُ ثَلٰثَةٌ اٰيَةٌ مُّحْكَمَةٌ اَوْ سُنَّةٌ قَائِمَةٌ اَوْ فَرِيْضَةٌ عَادِلَةٌ وَّمَا كَانَ سِوٰى ذٰلِكَ فَهُوَ فَضْلٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ علم تین ہیں۔ آیت مضبوط یا سنت قائم یا فریضہ عادلہ پس جو چیز اس سے زائد ہے۔ وہ فضل ہے روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور ابو داؤد نے۔

۲۲۳/۳۷ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ اِلْاَشْجَعِيِّ

عوف بن مالک اشجعی سے روایت ہے انہوں

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُصُّ اِلَّا اَمِيْرًا اَوْ مَاْمُوْرًا اَوْ مُخْتَالٌ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ وَفِيْ رِوَايَتِهٖ اَوْ مُرَآءٍ بَدَلَ اَوْ مُخْتَالٌ۔

نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نہ قصہ بیان کرے گا۔ مگر حاکم یا محکوم یا تکبر کرنے والا۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔ اور روایت کیا اس کو دارمی نے عمرو ابن شعیب عن ابیہ عن جدہ سے۔ اور اس کی روایت میں۔ اَوْ مُرَآءٍ ہے بدلے اَوْ مُخْتَالٌ کے۔

۲۲۴/۳۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اُفْتِيَ بِغَيْرِ عِلْمٍ كَانَ اِثْمُهٗ عَلٰى مَنْ اَفْتَاهُ وَمَنْ اَشَارَ عَلٰى اَخِيْهِ بِاَمْرٍ يَعْلَمُ اَنَّ الرُّشْدَ فِيْ غَيْرِهٖ فَقَدْ خَانَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اور ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو بغیر علم کے فتوٰی دیا گیا۔ اس کا گناہ اس کو فتوٰی دینے والے پر ہوگا اور جس نے اپنے بھائی کو ایسے کام کا مشورہ دیا۔ اور وہ جانتا ہے۔ کہ بھلائی اس کے غیر میں ہے۔ اس نے اس کے ساتھ خیانت کی روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔

۲۲۵/۳۹ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْاُغْلُوْطَاتِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

معاویہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے مغالطہ دینے سے۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔

۲۲۶/۴۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوا الْفَرَآئِضَ وَالْقُرْاٰنَ فَاِنِّيْ مَقْبُوْضٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ علم فرائض اور قرآن شریف کا علم سیکھو۔ اور لوگوں کو سکھلاؤ۔ کیونکہ میں قبض کیا جاؤں گا۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۲۷/۴۱ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَآءِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَخَصَ بِبَصَرِهٖ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ قَالَ هٰذَا اَوَانُ يُخْتَلَسُ فِيْهِ الْعِلْمُ مِنَ النَّاسِ حَتّٰى لَا يَقْدِرُوْا مِنْهُ عَلٰى شَيْءٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوالدرداء رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ آپؐ نے اپنی نگاہ آسمان کی طرف اٹھائی۔ پھر آپؐ نے فرمایا۔ کہ یہ وقت ہے کہ علم لوگوں سے جاتا رہے گا۔ یہاں تک کہ علم سے کسی چیز پر طاقت نہیں رکھیں گے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۲۸/۴۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رِوَايَةً يُوْشِكُ اَنْ يَّضْرِبَ النَّاسُ اَكْبَادَ الْاِبِلِ يَطْلُبُوْنَ

ابوہریرہ رضؓ سے بطور روایت کے ہے۔ فرمایا۔ قریب ہے۔ کہ لوگ اونٹوں کے جگر علم طلب کرنے کے

besturdubooks.wordpress.com

الْعِلْمَ فَلَا يَجِدُوْنَ اَحَدًا اَعْلَمَ مِنْ عَالِمِ الْمَدِيْنَةِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِيْ جَامِعِهٖ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ اِنَّهٗ مَالِكُ ابْنُ اَنَسٍ وَمِثْلُهٗ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ قَالَ اِسْحَاقُ بْنُ مُوْسٰى وَسَمِعْتُ ابْنَ عُيَيْنَةَ اَنَّهٗ قَالَ هُوَ الْعُمَرِيُّ الزَّاهِدُ وَاسْمُهٗ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ۔

لئے ماریں۔ وہ مدینہ کے عالم سے بڑھ کر کسی کو عالم نہ پائیں گے۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے اپنی جامع میں۔ ابن عیینہ نے کہا۔ اس سے مراد مالک بن انسؓ ہیں۔ اس کی مانند عبدالرزاق سے منقول ہے۔ اسحاق بن موسیٰ نے کہا میں نے ابن عیینہؒ سے سنا انہوں نے کہا کہ وہ عالم عمری زاہد ہے اور اس کا نام عبدالعزیز بن عبداللہ ہے۔

۲۲۹/۴۳ وَعَنْهُ قَالَ فِيْمَا اَعْلَمُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ عَلٰى رَاْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَّنْ يُّجَدِّدُ لَهَا دِيْنَهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اور اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ جو میں جانتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل اس اُمت کے لئے ہر سو برس بعد ایک آدمی بھیجتا ہے۔ جو اس کے اس کا دین تازہ کرتا ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۳۰/۴۴ وَعَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعُذْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْمِلُ هٰذَا الْعِلْمَ مِنْ كُلِّ خَلَفٍ عُدُوْلُهٗ يَنْفُوْنَ عَنْهُ تَحْرِيْفَ الْغَالِيْنَ وَانْتِحَالَ الْمُبْطِلِيْنَ وَتَاْوِيْلَ الْجَاهِلِيْنَ۔ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ كِتَابِهِ الْمَدْخَلِ مِنْ حَدِيْثِ بَقِيَّةَ بْنِ الْوَلِيْدِ عَنْ مُعَانِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعُذْرِيِّ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ جَابِرٍ فَاِنَّمَا شِفَاءُ الْعِيِّ السُّؤَالُ فِيْ بَابِ التَّيَمُّمِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

ابراہیم بن عبدالرحمٰن عذری سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس علم کو ہر جماعت آئندہ سے نیک لوگ لیں گے۔ جو اس علم سے حد سے بڑھ جانے والوں کا تغیر دُور کریں گے۔ اور باطل والوں کا جھوٹ باندھنا۔ اور جاہلوں کی تاویل کرنا۔ روایت کیا اس کو بیہقی نے اپنی کتاب مدخل میں بقیہ بن ولید کی حدیث سے اس نے معان بن رفاعہ سے اُس نے ابراہیم بن عبدالرحمٰن عذری سے۔ اور ذکر کریں گے ہم جابرؓ کی حدیث جس کے لفظ ہیں۔ انما شفاء العی السؤال باب التیمم میں۔ اگر اللہ نے چاہا۔

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۳۱/۴۵ عَنِ الْحَسَنِ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَآءَهُ الْمَوْتُ وَهُوَ يَطْلُبُ الْعِلْمَ لِيُحْيِيَ بِهِ الْاِسْلَامَ فَبَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّبِيِّيْنَ دَرَجَةٌ وَّاحِدَةٌ فِي الْجَنَّةِ۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حسن رضؓ سے مرسلاً روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو موت آئی جبکہ وہ علم کو تلاش کر رہا ہے تاکہ اس کے ساتھ اسلام زندہ کرے۔ اس کے درمیان اور انبیاء علیہم السلام کے درمیان جنت میں ایک درجہ کا فرق ہوگا۔

(روایت کیا اس کو دارمی نے)

۲۳۲/۴۶ وَعَنْهُ مُرْسَلًا قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَّجُلَيْنِ كَانَا فِيْ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ اَحَدُهُمَا كَانَ عَالِمًا يُّصَلِّي الْمَكْتُوْبَةَ ثُمَّ يَجْلِسُ فَيُعَلِّمُ النَّاسَ الْخَيْرَ وَالْاٰخَرُ يَصُوْمُ النَّهَارَ وَيَقُوْمُ اللَّيْلَ اَيُّهُمَا اَفْضَلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضْلُ هٰذَا الْعَالِمِ الَّذِيْ يُصَلِّي الْمَكْتُوْبَةَ ثُمَّ يَجْلِسُ فَيُعَلِّمُ النَّاسَ الْخَيْرَ عَلَى الْعَابِدِ الَّذِيْ يَصُوْمُ النَّهَارَ وَيَقُوْمُ اللَّيْلَ كَفَضْلِيْ عَلٰى اَدْنَاكُمْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اور اسی (حسن بصریؒ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے دو آدمیوں کے متعلق پوچھا گیا۔ وہ دونوں بنی اسرائیل میں سے تھے۔ ایک ان میں عالم تھا۔ وہ فرض نماز پڑھتا۔ پھر لوگوں کو علم سکھلانے کے لئے بیٹھ جاتا۔ اور دوسرا دن کو روزہ رکھتا۔ اور رات کو قیام کرتا۔ اُن میں سے کون افضل ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ نے فرمایا۔ اس عالم کی فضیلت جو فرض نماز پڑھتا ہے۔ پھر لوگوں کو علم سکھلانے کے لئے بیٹھ جاتا ہے۔ اس عابد پر جو دن کو روزہ رکھتا ہے۔ اور رات کو قیام کرتا ہے۔ اس قدر ہے۔ جیسے مجھے تمہارے ایک ادنےٰ پر فضیلت حاصل ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۳۳/۴۷ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ الْفَقِيْهُ فِي الدِّيْنِ اِنِ احْتِيْجَ اِلَيْهِ نَفَعَ وَاِنِ اسْتُغْنِيَ عَنْهُ اَغْنٰى نَفْسَهُ۔

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اچھا ہے دین میں سمجھ رکھنے والا شخص اگر اس کی طرف محتاج ہوا جائے تو وہ نفع دیتا ہے اگر اس سے بے پروائی کی جائے۔ تو وہ بے پرواہ کر لیتا ہے اپنے نفس کو۔ (روایت کیا اسکو رزین نے)

۲۳۴/۴۸ وَعَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ

اور عکرمہ رضؓ سے روایت ہے۔ کہ ابن عباسؓ نے فرمایا

besturdubooks.wordpress.com

حَدِّثِ النَّاسَ كُلَّ جُمُعَةٍ مَرَّةً فَإِنْ أَبَيْتَ فَمَرَّتَيْنِ فَإِنْ أَكْثَرْتَ فَثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَلَا تُمِلَّ النَّاسَ هٰذَا الْقُرْآنَ وَلَا أُلْفِيَنَّكَ تَأْتِي الْقَوْمَ وَهُمْ فِي حَدِيثٍ مِنْ حَدِيثِهِمْ فَتَقُصُّ عَلَيْهِمْ فَتَقْطَعُ عَلَيْهِمْ حَدِيثَهُمْ فَتُمِلُّهُمْ وَلٰكِنْ أَنْصِتْ فَإِذَا أَمَرُوكَ فَحَدِّثْهُمْ وَهُمْ يَشْتَهُونَهُ وَانْظُرِ السَّجْعَ مِنَ الدُّعَاءِ فَاجْتَنِبْهُ فَإِنِّي عَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ لَا يَفْعَلُونَ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

لوگوں کو ہر جمعہ میں ایک بار حدیث بیان کر۔ اگر تو اس سے انکار کرے۔ تو دو بار۔ اگر زیادہ کرے۔ تو تین مرتبہ اور لوگوں کو اس قرآن شریف سے تنگ نہ کر۔ اور میں تجھ کو نہ پاؤں کہ تو لوگوں کے پاس آتے۔ وہ اپنی باتوں میں مشغول ہوں۔ تو انہیں وعظ کہنا شروع کر دے۔ اور ان کی باتیں منقطع ہو جائیں تو اُن کو تنگ کرے گا لیکن چپ رہ پس جس وقت وہ فرمائش کریں تو ان کو حدیث بیان کر۔ حالانکہ وہ اس کی رغبت کرتے ہوں اور موقوف کر تو مقفیٰ کلام بنانا دعا میں پس اُس سے بچ۔ کیونکہ میں جانتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام ایسا نہیں کرتے تھے۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۳۵ وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ فَأَدْرَكَهُ كَانَ لَهُ كِفْلَانِ مِنَ الْأَجْرِ فَإِنْ لَمْ يُدْرِكْهُ كَانَ لَهُ كِفْلٌ مِنَ الْأَجْرِ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

اور واثلہؓ بن اسقع سے روایت کیا انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے علم طلب کیا۔ اور حاصل کر لیا اس کو دو بہر ثواب ہے۔ اگر اس نے نہ حاصل کیا تو اس کو ایک حصہ ہے ثواب سے۔ (روایت کیا۔ اس کو دارمی نے)

۲۳۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِمَّا يَلْحَقُ الْمُؤْمِنَ مِنْ عَمَلِهِ وَحَسَنَاتِهِ بَعْدَ مَوْتِهِ عِلْمًا عَلَّمَهُ وَنَشَرَهُ وَوَلَدًا صَالِحًا تَرَكَهُ أَوْ مُصْحَفًا وَرَّثَهُ أَوْ مَسْجِدًا بَنَاهُ أَوْ بَيْتًا لِابْنِ السَّبِيلِ بَنَاهُ أَوْ نَهْرًا أَجْرَاهُ أَوْ صَدَقَةً أَخْرَجَهَا مِنْ مَالِهِ فِي صِحَّتِهِ وَحَيَاتِهِ تَلْحَقُهُ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهِ۔ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ۔

ابو ہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اس قسم کے عمل سے جو مومن کو مرنے کے بعد پہنچتا ہے علم ہے کہ اُسے سکھایا اور رواج دیا۔ اور اولاد نیک بخت چھوڑ گیا۔ یا قرآن چھوڑا اپنے وارثوں کو۔ یا مسجد کو بنایا۔ یا سرائے مسافروں کے لئے بنوائی۔ یا نہر جاری کر گیا۔ یا صدقہ جسے اپنے مال سے تندرستی اور زندگی میں نکالا پہنچتا ہے اس کو اس کی موت کے بعد۔ (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔)

besturdubooks.wordpress.com

۲۳۷/۵۱ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَوْحٰى اِلَيَّ اَنَّهٗ مَنْ سَلَكَ مَسْلَكًا فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ سَهَّلْتُ لَهٗ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ وَمَنْ سَلَبْتُ كَرِيْمَتَيْهِ اَثَبْتُهٗ عَلَيْهِمَا الْجَنَّةَ وَفَضْلٌ فِي الْعِلْمِ خَيْرٌ مِّنْ فَضْلٍ فِي عِبَادَةٍ وَمِلَاكُ الدِّيْنِ الْوَرَعُ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے فرماتے تھے بیشک اللہ عزوجل نے میری طرف وحی کی ہے جو شخص علم حاصل کرنے کے لئے ایک راہ پر چلا میں اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دوں گا۔ اور جس کی میں دونوں آنکھیں لے لوں بدلہ دوں گا میں اس کو جنت کا۔ اور علم میں زیادتی عبادت میں زیادتی سے بہتر ہے اور دین کی جڑ پرہیزگاری ہے۔ (روایت کیا اس کو شعب الایمان میں)

۲۳۸/۵۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ تَدَارُسُ الْعِلْمِ سَاعَةً مِّنَ اللَّيْلِ خَيْرٌ مِّنْ اِحْيَائِهَا۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

ابن عباس رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رات کو تھوڑی دیر علم کا درس کہنا رات کے زندہ رکھنے سے بہتر ہے۔ (روایت کیا۔ اس کو دارمی نے)

۲۳۹/۵۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِمَجْلِسَيْنِ فِيْ مَسْجِدِهٖ فَقَالَ كِلَاهُمَا عَلٰى خَيْرٍ وَّاَحَدُهُمَا اَفْضَلُ مِنْ صَاحِبِهٖ اَمَّا هٰؤُلَاءِ فَيَدْعُوْنَ اللّٰهَ وَيَرْغَبُوْنَ اِلَيْهِ فَاِنْ شَاءَ اَعْطَاهُمْ وَاِنْ شَاءَ مَنَعَهُمْ وَاَمَّا هٰؤُلَاءِ فَيَتَعَلَّمُوْنَ الْفِقْهَ اَوِ الْعِلْمَ وَيُعَلِّمُوْنَ الْجَاهِلَ فَهُمْ اَفْضَلُ وَاِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا ثُمَّ جَلَسَ فِيْهِمْ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

اور عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مسجد کی دو مجلسوں کے پاس سے گزرے آپ نے فرمایا دونوں ہی بھلائی کے کام پر ہیں۔ اور ایک ان دونوں میں افضل ہے دوسرے سے یہ لوگ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں اور اس کی طرف رغبت کرتے ہیں اگر چاہے تو ان کو دے اگر چاہے تو روک لے اور یہ لوگ فقہ یا علم سیکھتے ہیں اور جاہل کو سکھلاتے ہیں پس ان سے یہ بہتر ہیں۔ اور سوائے اس کے نہیں کہ میں معلم بنا کر بھیجا گیا ہوں پھر ان میں بیٹھ گئے۔ (روایت کیا اس کو دارمی نے)

۲۴۰/۵۴ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا حَدُّ الْعِلْمِ الَّذِيْ اِذَا بَلَغَهُ الرَّجُلُ كَانَ فَقِيْهًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ابو الدرداء رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا۔ کہ علم کی مقدار کیا ہے کہ جس وقت آدمی اس کو حاصل کر لے وہ فقیہ بن جاتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو

besturdubooks.wordpress.com

وَسَلَّمَ مَنْ حَفِظَ عَلٰی اُمَّتِیْ اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا فِیْ اَمْرِ دِیْنِهَا بَعَثَهُ اللّٰهُ فَقِیْهًا وَّكُنْتُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ شَافِعًا وَّ شَهِیْدًا۔

میری امت پر چالیس حدیثیں یاد کرلے جو اس کے دین کے معاملہ میں ہوں اللہ تعالیٰ اس کو فقیہہ اٹھائے گا اور میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کرنے والا اور گواہ ہوں گا۔

۲۴۱/۵۵ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَنْ اَجْوَدُ جُوْدًا قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ اللّٰهُ اَجْوَدُ جُوْدًا ثُمَّ اَنَا اَجْوَدُ بَنِیْ اٰدَمَ وَاَجْوَدُهُمْ مِّنْ بَعْدِیْ رَجُلٌ عَلَّمَ عِلْمًا فَنَشَرَهٗ یَاْتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَمِیْرًا وَّحْدَهٗ اَوْ قَالَ اُمَّةً وَّاحِدَةً۔

اور انس بن مالکؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم جانتے ہو سخاوت کرنے میں سب سے زیادہ سخی کون ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول خوب جانتا ہے۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ سب سے بڑا سخی ہے پھر تمام بنی آدم میں سے میں سخی ہوں۔ اور میرے بعد وہ شخص سخی ہے جس نے علم سیکھا پھر اسے پھیلایا قیامت کے دن آئے گا وہ اکیلا ہی امیر ہوگا۔ یا فرمایا کہ اکیلا ہی امت ہوگا۔

۲۴۲/۵۶ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْهُوْمَانِ لَا یَشْبَعَانِ مَنْهُوْمٌ فِی الْعِلْمِ لَا یَشْبَعُ مِنْهُ وَمَنْهُوْمٌ فِی الدُّنْیَا لَا یَشْبَعُ مِنْهَا۔ رَوَی الْبَیْهَقِیُّ الْاَحَادِیْثَ الثَّلٰثَةَ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَقَالَ قَالَ الْاِمَامُ اَحْمَدُ فِیْ حَدِیْثِ اَبِی الدَّرْدَاءِ هٰذَا مَتْنٌ مَّشْهُوْرٌ فِیْمَا بَیْنَ النَّاسِ وَلَیْسَ لَهٗ اِسْنَادٌ صَحِیْحٌ

اور اسی (انسؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دو حریص ہیں کہ ان کا پیٹ نہیں بھرتا۔ علم میں حرص کرنے والا کہ اس سے اس کا پیٹ نہیں بھرتا۔ اور دنیا میں حرص کرنے والا کہ اس سے اس کا پیٹ نہیں بھرتا۔ تینوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں ذکر کیا۔ اور کہا کہ فرمایا امام احمد نے ابوالدرداء کی حدیث کے متعلق کہ اس کا متن مشہور ہے لوگوں میں اور اس کی سند صحیح نہیں ہے۔

۲۴۳/۵۷ وَعَنْ عَوْنٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ مَنْهُوْمَانِ لَا یَشْبَعَانِ صَاحِبُ الْعِلْمِ وَصَاحِبُ الدُّنْیَا وَلَا یَسْتَوِیَانِ اَمَّا صَاحِبُ الْعِلْمِ فَیَزْدَادُ رِضًا لِّلرَّحْمٰنِ وَاَمَّا صَاحِبُ الدُّنْیَا فَیَتَمَادٰی فِی الطُّغْیَانِ ثُمَّ قَرَاَ عَبْدُ اللّٰهِ كَلَّآ اِنَّ

عون رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ عبداللہ بن مسعود رضؓ نے کہا دو حریص ہیں کہ سیر نہیں ہوتے ایک صاحب العلم اور دوسرا صاحب دنیا اور دونوں برابر نہیں ہیں۔ صاحب علم خدا کی رضامندی میں زیادہ ہوتا ہے اور صاحب دنیا وہ سرکشی زیادہ کرتا ہے۔ پھر عبداللہ نے یہ آیت پڑھی تحقیق آدمی سرکشی کرتا ہے۔ اس لئے کہ اس نے

besturdubooks.wordpress.com

الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰى اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى قَالَ وَ قَالَ الْاٰخَرُ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

اپنے تئیں دیکھا بے پرواہ۔ عون نے کہا اور دوسرے کے متعلق یہ آیت پڑھی سولے اس کے نہیں کہ اللہ سے اس کے بندوں میں سے عالم ڈرتے ہیں۔ (روایت کیا اسکو دارمی نے)

۲۴۴/۵۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُنَاسًا مِّنْ اُمَّتِيْ سَيَتَفَقَّهُوْنَ فِي الدِّيْنِ وَ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ يَقُوْلُوْنَ نَاْتِي الْاُمَرَآءَ فَنُصِيْبُ مِنْ دُنْيَاهُمْ وَنَعْتَزِلُهُمْ بِدِيْنِنَا وَلَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ كَمَا لَا يُجْتَنٰى مِنَ الْقَتَادِ اِلَّا الشَّوْكُ كَذٰلِكَ لَا يُجْتَنٰى مِنْ قُرْبِهِمْ اِلَّا قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ كَاَنَّهٗ يَعْنِي الْخَطَايَا (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

اور ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت کے کچھ لوگ دین میں سمجھ حاصل کریں گے اور قرآن پڑھیں گے وہ کہیں گے ہم امراء کے پاس جائیں گے اور اُن کی دُنیا سے پہنچیں اور اپنے دین کو اُن سے یکسو رکھیں گے۔ اور ایسا نہیں ہو سکتا جس طرح خاردار درخت سے نہیں چُنا جاتا مگر کانٹا اسی طرح اُن کی نزدیکی سے نہیں چنے جاتے مگر محمد بن صباح نے کہا گویا کہ وہ گناہوں کو مُراد رکھتے تھے (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۲۴۵/۵۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَوْ اَنَّ اَهْلَ الْعِلْمِ صَانُوا الْعِلْمَ وَوَضَعُوْهُ عِنْدَ اَهْلِهٖ لَسَادُوْا بِهٖ اَهْلَ زَمَانِهِمْ وَلٰكِنَّهُمْ بَذَلُوْهُ لِاَهْلِ الدُّنْيَا لِيَنَالُوْا بِهٖ مِنْ دُنْيَاهُمْ فَهَانُوْا عَلَيْهِمْ سَمِعْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ جَعَلَ الْهُمُوْمَ هَمًّا وَّاحِدًا هَمَّ اٰخِرَتِهٖ كَفَاهُ اللّٰهُ هَمَّ دُنْيَاهُ وَمَنْ تَشَعَّبَتْ بِهِ الْهُمُوْمُ اَحْوَالُ الدُّنْيَا لَمْ يُبَالِ اللّٰهُ فِيْ اَيِّ اَوْدِيَتِهَا هَلَكَ۔ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِنْ قَوْلِهٖ مَنْ جَعَلَ الْهُمُوْمَ اِلٰى اٰخِرِهٖ۔

عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا اگر اہلِ علم اپنے علم کی حفاظت کریں اور اس کو اس کے اہل کے نزدیک رکھیں اس کے ساتھ زمانہ والوں کے سردار بن جائیں۔ لیکن انہوں نے اسکو اہلِ دنیا کے لئے خرچ کیا تاکہ اس کے سبب اُن کی دنیا حاصل کریں وہ دنیا داروں پر ذلیل ہو گئے۔ میں نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ فرماتے تھے جس نے اپنے تمام مقصود کو صرف آخرت کا مقصد بنالیا اللہ تعالیٰ دنیا کے مقصود سے اس کو کفایت کرتا ہے اور جس کے قصد پراگندہ ہو گئے کہ حالات دنیا کے ہیں اللہ تعالیٰ پرواہ نہیں کرتا کہ دنیا کے کس جنگل میں وہ ہلاک ہو۔ روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور روایت کیا ہے بیہقی نے شعب الایمان میں ابن عمر سے اُن کے قول۔ من جعل الہموم الی آخرہ تک۔

۲۴۶/۶۰ وَعَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

اور اعمش رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ وَاِضَاعَتُهٗ اَنْ تُحَدِّثَ بِهٖ غَيْرَ اَهْلِهٖ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ مُرْسَلًا)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ علم کی آفت بھولنا ہے۔ اور ضائع کرنا اس کا یہ ہے کہ تو نااہل کے روبرو اسے بیان کرے۔ (روایت کیا اس کو دارمی نے مرسل)

۲۴۷/۶۱ وَعَنْ سُفْيَانَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ لِكَعْبٍ مَّنْ اَرْبَابُ الْعِلْمِ قَالَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ بِمَا يَعْلَمُوْنَ قَالَ فَمَا اَخْرَجَ الْعِلْمَ مِنْ قُلُوْبِ الْعُلَمَاءِ قَالَ الطَّمَعُ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

اور سفیان رضؓ سے روایت ہے۔ کہ حضرت عمر بن الخطاب نے کعبؓ سے کہا صاحب علم کون ہے۔ انہوں نے کہا جو عمل کریں اس چیز کے موافق کہ جانیں۔ کہا کون سی چیز علم کو علماء کے دلوں سے نکال دیتی ہے۔ انہوں نے کہا طمع (روایت کیا اس کو دارمی نے۔)

۲۴۸/۶۲ وَعَنِ الْاَحْوَصِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشَّرِّ فَقَالَ لَا تَسْئَلُوْنِيْ عَنِ الشَّرِّ وَسَلُوْنِيْ عَنِ الْخَيْرِ يَقُوْلُهَا ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ اَلَا اِنَّ شَرَّ الشَّرِّ شِرَارُ الْعُلَمَاءِ وَاِنَّ خَيْرَ الْخَيْرِ خِيَارُ الْعُلَمَاءِ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

احوصؓ بن حکیم نے اپنے باپ سے روایت کیا ہے انہوں نے کہا ایک آدمی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے شر سے متعلق سوال کیا۔ آپ نے فرمایا مجھ سے شر کے متعلق سوال نہ کرو بلکہ مجھ سے خیر کے متعلق دریافت کرو تین بار آپ نے یہ کلمات فرمائے پھر فرمایا خبردار بُروں کے بدترین بُرے علماء ہیں۔ اور بھلوں کے بہترین بھلے علماء ہیں۔ (روایت کیا اس کو دارمی نے)

۲۴۹/۶۳ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ اِنَّ مِنْ اَشَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَالِمٌ لَا يَنْتَفِعُ بِعِلْمِهٖ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

ابوالدرداءؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا بدترین لوگوں کے قیامت کے دن اللہ کے نزدیک مرتبہ میں ایسا عالم ہے جس نے اپنے علم سے نفع حاصل نہ کیا۔ (دارمی)

۲۵۰/۶۴ وَعَنْ زِيَادِ بْنِ حُدَيْرٍ قَالَ قَالَ لِيْ عُمَرُ هَلْ تَعْرِفُ مَا يَهْدِمُ الْاِسْلَامَ قُلْتُ لَا قَالَ يَهْدِمُهٗ زَلَّةُ الْعَالِمِ وَجِدَالُ الْمُنَافِقِ بِالْكِتَابِ وَحُكْمُ الْاَئِمَّةِ الْمُضِلِّيْنَ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

زیاد بن حدیر سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ حضرت عمرؓ نے مجھ سے کہا کیا تو جانتا ہے اسلام کو کون سی چیز گرا دیتی ہے میں نے کہا نہیں فرمایا اُسے گرا دیتا ہے عالم کا پھسلنا اور منافق کا جھگڑنا کتاب اللہ کیساتھ اور گمراہ سرداروں کا حکم کرنا (روایت کیا اس کو دارمی نے)

۲۵۱/۶۵ وَعَنِ الْحَسَنِ قَالَ الْعِلْمُ عِلْمَانِ فَعِلْمٌ فِي الْقَلْبِ فَذَاكَ الْعِلْمُ النَّافِعُ وَعِلْمٌ عَلَى اللِّسَانِ فَذَاكَ حُجَّةُ اللّٰهِ عَزَّوَ

حسنؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا علم دو ہیں ایک علم دل میں ہے یہ علم نافع ہے اور ایک علم زبان پر ہے یہ ابن آدم پر اللہ عزوجل کی حجت ہے

besturdubooks.wordpress.com



جَلَّ عَلَى ابْنِ اٰدَمَ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

روایت کیا اس کو دارمی نے)

۲۵۲/۶۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ حَفِظْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وِعَآئَيْنِ فَاَمَّآ اَحَدُهُمَا فَبَثَثْتُهٗ فِيْكُمْ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَلَوْ بَثَثْتُهٗ قُطِعَ هٰذَا الْبُلْعُوْمُ يَعْنِيْ مَجْرَى الطَّعَامِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے علم کے دو برتن یاد رکھے ہیں۔ اُن میں سے ایک میں نے تم میں پھیلا دیا ہے اور دوسرا اگر پھیلاؤں تو یہ گلا کاٹ دیا جائے یعنی جگہ جاری ہونے طعام کی (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۵۳/۶۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ يَآ اَيُّهَا النَّاسُ مَنْ عَلِمَ شَيْئًا فَلْيَقُلْ بِهٖ وَمَنْ لَّمْ يَعْلَمْ فَلْيَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ فَاِنَّ مِنَ الْعِلْمِ اَنْ تَقُوْلَ لِمَا لَا تَعْلَمُ اَللّٰهُ اَعْلَمُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِنَبِيِّهٖ قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا اے لوگو جو شخص جانے کچھ پس اُس کو کہے اور جو نہ جانے پس کہے اللہ تعالیٰ زیادہ جانتا ہے۔ پس تحقیق علم سے ہے یہ کہنا تو جسے نہیں جانتا کہہ دے کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیؐ کے لئے فرمایا ہے کہ کہہ میں اُوپر اس قرآن کے کچھ بدلہ تم سے نہیں مانگتا اور نہیں ہوں میں تکلف کرنے والوں سے (متفق علیہ)

۲۵۴/۶۸ وَعَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ اِنَّ هٰذَا الْعِلْمَ دِيْنٌ فَانْظُرُوْا عَمَّنْ تَاْخُذُوْنَ دِيْنَكُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور ابن سیرین رحؒ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق یہ علم دین ہے پس دیکھو کس شخص سے لیتے ہو تم اپنے دین کو (روایت اس کو مسلم رحؒ نے)

۲۵۵/۶۹ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ يَا مَعْشَرَ الْقُرَّآءِ اسْتَقِيْمُوْا فَقَدْ سُبِقْتُمْ سَبْقًا بَعِيْدًا وَاِنْ اَخَذْتُمْ يَمِيْنًا وَّشِمَالًا لَّقَدْ ضَلَلْتُمْ ضَلَالًا بَعِيْدًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اور حذیفہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا اے قاریوں کے گروہ سیدھا رہو تم دُور کی پیش دستی دیئے گئے ہو۔ اگر تم دائیں بائیں ہو جاؤ گے تو تم گمراہ ہو گے گمراہ ہونا دُور کا (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۵۶/۷۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ جُبِّ الْحُزْنِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا جُبُّ الْحُزْنِ قَالَ وَادٍ فِيْ جَهَنَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنْهُ جَهَنَّمُ كُلَّ يَوْمٍ اَرْبَعَمِائَةَ مَرَّةٍ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ جُبُّ الحزن سے پناہ پکڑو۔ صحابہ کرام رضؓ نے عرض کیا اللہ کے رسولؐ جُبُّ الحزن کیا ہے۔ فرمایا جہنم میں ایک وادی ہے جہنم اُس سے ہر روز چار سو مرتبہ پناہ مانگتی

besturdubooks.wordpress.com

قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَنْ يَّدْخُلُهَا قَالَ الْقُرَّآءُ الْمُرَآءُوْنَ بِاَعْمَالِهِمْ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَكَذَا ابْنُ مَاجَةَ وَزَادَ فِيْهِ وَاِنَّ مِنْ اَبْغَضِ الْقُرَّآءِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى الَّذِيْنَ يَزُوْرُوْنَ الْاُمَرَآءَ قَالَ الْمُحَارِبِيُّ يَعْنِي الْجَوَرَةَ۔

ہے۔ صحابہ رضؓ نے کہا اے اللہ کے رسولؐ اس میں کون داخل ہوں گے۔ فرمایا پڑھنے والے اپنے اعمال کا دکھلاوا کرنے والے۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے اور اسی طرح ابن ماجہ نے روایت کیا اور اس میں زیادہ کیا کہ اللہ کے نزدیک بہت برے قاریوں میں سے وہ ہیں جو اُمراء کی مُلاقات کرتے ہیں محاربی نے کہا اس سے ظالم اُمراء مُراد ہیں

۲۵۷/۴۷ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ اَنْ يَّاْتِيَ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَّا يَبْقٰى مِنَ الْاِسْلَامِ اِلَّا اسْمُهٗ وَلَا يَبْقٰى مِنَ الْقُرْاٰنِ اِلَّا رَسْمُهٗ مَسَاجِدُهُمْ عَامِرَةٌ وَّهِيَ خَرَابٌ مِّنَ الْهُدٰى عُلَمَآءُهُمْ شَرُّ مَنْ تَحْتَ اَدِيْمِ السَّمَآءِ مِنْ عِنْدِهِمْ تَخْرُجُ الْفِتْنَةُ وَفِيْهِمْ تَعُوْدُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قریب ہے لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے نہیں باقی رہے گا اسلام مگر نام اُس کا۔ اور نہ باقی رہے گا قرآن مگر رسم اُس کی۔ اُن کی مسجدیں آباد ہوں گی اور حقیقت میں ہدایت سے خالی ہونگی اُن کے علماء آسمان کے نیچے بدترین مخلوق ہیں اُن کے نزدیک سے فتنہ نکلے گا اور اُن میں لوٹ آئیگا (روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

۲۵۸/۴۷ وَعَنْ زِيَادِ بْنِ لَبِيْدٍ قَالَ ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَقَالَ ذَاكَ عِنْدَ اَوَانِ ذَهَابِ الْعِلْمِ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ يَذْهَبُ الْعِلْمُ وَنَحْنُ نَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ وَنُقْرِئُهٗ اَبْنَآءَنَا وَيُقْرِئُهٗ اَبْنَآءُنَا اَبْنَآءَهُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَقَالَ ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ زِيَادُ اِنْ كُنْتُ لَاَرَاكَ مِنْ اَفْقَهِ رَجُلٍ بِالْمَدِيْنَةِ اَوَلَيْسَ هٰذِهِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى يَقْرَءُوْنَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ لَا يَعْمَلُوْنَ بِشَيْءٍ مِّمَّا فِيْهِمَا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ

زیاد بن لبید سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی چیز کا ذکر کیا فرمایا یہ علم کے جاتے رہنے کے وقت ہو گا۔ میں نے کہا اے اللہ کے رسولؐ علم کیسے جاتا رہے گا جب کہ ہم قرآن پڑھتے ہیں اور اپنے بیٹوں کو پڑھاتے ہیں ہمارے بیٹے اپنے بیٹوں کو پڑھائیں گے قیامت کے دن تک۔ آپؐ نے فرمایا تیری ماں تجھ کو گم کرے زیاد میں تجھ کو مدینہ کا سمجھدار آدمی گمان کرتا تھا۔ یہ یہودی اور عیسائی تورات اور انجیل پڑھتے ہیں لیکن اُن میں جو کچھ ہے اُس پر عمل نہیں کرتے۔ روایت کیا اس کو احمد نے اور ابن ماجہ نے۔ اور ترمذی نے بھی

besturdubooks.wordpress.com



وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ عَنْهُ نَحْوَهُ وَكَذَا الدَّارِمِيُّ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ۔

اس کو روایت کیا ہے۔ اور اسی طرح دارمی نے ابو امامہ سے روایت کیا ہے۔

۲۵۹/۴۳ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ وَعَلِّمُوهُ النَّاسَ تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوهَا النَّاسَ تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ وَعَلِّمُوهُ النَّاسَ فَإِنِّي امْرُؤٌ مَقْبُوضٌ وَالْعِلْمُ سَيُنْقَصُ وَيَظْهَرُ الْفِتَنُ حَتّٰى يَخْتَلِفَ اثْنَانِ فِي فَرِيضَةٍ لَا يَجِدَانِ أَحَدًا يَفْصِلُ بَيْنَهُمَا۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَالدَّارَقُطْنِيُّ)

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میرے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ علم سیکھو اور لوگوں کو اس کی تعلیم دو۔ علم فرائض سیکھو اور لوگوں کو اس کی تعلیم دو۔ قرآن سیکھو اور لوگوں کو اس کی تعلیم دو تحقیق میں ایک شخص ہوں قبض کیا جاؤں گا۔ اور علم بھی قبض ہو جائے گا۔ فتنے ظاہر ہوں گے یہاں تک کہ دو شخص فرض چیز میں جھگڑا کریں گے اور کسی کو نہ پائیں گے جو ان کے درمیان فیصلہ کرے۔

(روایت کیا اس کو دارمی اور دارقطنی نے)

۲۶۰/۴۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ عِلْمٍ لَا يُنْتَفَعُ بِهِ كَمَثَلِ كَنْزٍ لَا يُنْفَقُ مِنْهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ)

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ علم جس سے نفع حاصل نہ کیا جاوے اس خزانے کی مثل ہے جسے اللہ کی راہ میں خرچ نہ کیا جائے (روایت کیا اسکو دارمی اور احمد نے)

# كِتَابُ الطَّهَارَةِ

# پاکیزگی کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۶۱/۱ عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطُّهُورُ شَطْرُ الْإِيمَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَأُ الْمِيزَانَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَآنِ أَوْ تَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَالصَّلٰوةُ نُورٌ وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ وَالصَّبْرُ ضِيَاءٌ وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ أَوْ عَلَيْكَ كُلُّ النَّاسِ

ابو مالک اشعری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پاک رہنا آدھا ایمان ہے۔ اور الحمد للہ کہنا میزان کو بھر دیتا ہے۔ سبحان اللہ اور الحمد للہ بھر دیتے ہیں یا فرمایا بھر دیتا ہے اس چیز کو کہ زمین اور آسمان کے درمیان ہے۔ اور نماز نور ہے۔ اور صدقہ کرنا دلیل ہے۔ اور صبر کرنا روشنی ہے۔ اور قرآن حجت ہے تیرے لئے یا تجھ پر۔ ہر شخص صبح کرتا

besturdubooks.wordpress.com

يَغْدُوْا فَبَائِعٌ نَفْسَهٗ فَمُعْتِقُهَا اَوْ مُوْبِقُهَا۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّفِيْ رِوَايَةٍ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ تَمْلَاٰنِ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَمْ اَجِدْ هٰذِهِ الرِّوَايَةَ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَلَا فِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ وَلَا فِي الْجَامِعِ وَلٰكِنْ ذَكَرَهَا الدَّارِمِيُّ بَدَلَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ۔

ہے پس بیچتا ہے اپنی جان کو پس آزاد کرتا ہے یا اس کو ہلاک کرتا ہے روایت کیا اس کو مسلم نے۔ ایک روایت میں ہے لا الٰہ الا اللہ اور اللہ اکبر کہنا زمین اور آسمان کے درمیان کو بھر دیتے ہیں۔ میں نے یہ روایت صحیحین اور حمیدی کی کتاب میں اور جامع الاصول میں نہیں پائی لیکن اس کو دارمی نے ذکر کیا ہے سبحان اللہ اور الحمد للہ کی جگہ۔

۲۶۲/۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَا يَمْحُو اللّٰهُ بِهِ الْخَطَايَا وَيَرْفَعُ بِهِ الدَّرَجَاتِ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ عَلَى الْمَكَارِهِ وَكَثْرَةُ الْخُطٰى اِلَى الْمَسَاجِدِ وَانْتِظَارُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ فَذٰلِكُمُ الرِّبَاطُ وَفِيْ حَدِيْثِ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ فَذٰلِكُمُ الرِّبَاطُ فَذٰلِكُمُ الرِّبَاطُ رَدَّدَ مَرَّتَيْنِ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ ثَلٰثًا۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تم کو نہ بتلاؤں جس سے اللہ تعالیٰ گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور اس کے سبب درجات بلند کرتا ہے صحابہ کرامؓ نے عرض کیا ہاں اے اللہ کے رسول! آپ نے فرمایا پورا کرنا وضو کا مشقت کے وقت اور کثرت سے رکھنا قدموں کا مسجدوں کی طرف۔ اور انتظار کرنا نماز کا بعد نماز کے پس یہ ہے رباط مالک بن انسؓ کی روایت میں ہے پس یہ ہے رباط پس یہ ہے رباط دو بار لوٹایا۔ روایت کیا اس کو مسلم نے۔ اور ترمذی کی روایت میں تین بار ہے۔

۲۶۳/۳ وَعَنْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ جَسَدِهٖ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَظْفَارِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور عثمانؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص نے وضو کیا پس اچھا وضو کیا اس کے جسم سے گناہ نکل جاتے ہیں یہاں تک کہ اس کے ناخنوں کے نیچے سے بھی نکل جاتے ہیں (متفق علیہ)

۲۶۴/۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَوَضَّاَ الْعَبْدُ الْمُسْلِمُ اَوِ الْمُؤْمِنُ فَغَسَلَ وَجْهَهٗ خَرَجَ مِنْ وَّجْهِهٖ كُلُّ خَطِيْئَةٍ نَظَرَ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب مسلمان آدمی وضو کرتا ہے یا مؤمن پس اپنا چہرہ دھوتا ہے۔ اس کے چہرے سے ہر گناہ نکل جاتا ہے جس کی طرف اپنی دونوں آنکھوں

إِلَيْهَا بِعَيْنِيهِ مَعَ الْمَاءِ أَوْ مَعَ آخِرِ قَطْرِ الْمَاءِ فَإِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ خَرَجَ مِنْ يَدَيْهِ كُلُّ خَطِيئَةٍ كَانَ بَطَشَتْهَا يَدَاهُ مَعَ الْمَاءِ أَوْ مَعَ آخِرِ قَطْرِ الْمَاءِ فَإِذَا غَسَلَ رِجْلَيْهِ خَرَجَ كُلُّ خَطِيئَةٍ مَشَتْهَا رِجْلَاهُ مَعَ الْمَاءِ أَوْ مَعَ آخِرِ قَطْرِ الْمَاءِ حَتَّى يَخْرُجَ نَقِيًّا مِنَ الذُّنُوبِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کے ساتھ دیکھا تھا پانی کیساتھ یا فرمایا پانی کے آخری قطرہ کے ساتھ جس وقت دھولیتا ہے اپنے دونوں ہاتھ اس کے ہاتھوں سے ہر گناہ نکل جاتا ہے کہ اس کو پکڑا تھا اس کے ہاتھوں نے پانی کیساتھ یا فرمایا پانی کے آخری قطرہ کے ساتھ۔ پس جب دھوتا ہے پاؤں نکلتا ہے ہر گناہ جس کیطرف اس کے پاؤں چلے تھے پانی کے ساتھ یا فرمایا پانی کے آخری قطرہ کے ساتھ یہاں تک کہ نکل آتا ہے پاک گناہوں سے۔ (روایت کیا اسکو مسلم نے)

۲۶۵/۵ وَعَنْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنِ امْرِئٍ مُسْلِمٍ تَحْضُرُهُ صَلَاةٌ مَكْتُوبَةٌ فَيُحْسِنُ وُضُوءَهَا وَخُشُوعَهَا وَرُكُوعَهَا إِلَّا كَانَتْ كَفَّارَةً لِمَا قَبْلَهَا مِنَ الذُّنُوبِ مَا لَمْ يُؤْتَ كَبِيرَةً وَذٰلِكَ الدَّهْرَ كُلَّهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عثمانؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی شخص مسلمان نہیں کہ اس کو فرض نماز آوے پس اچھا وضو کرے اور اس کا خشوع اور اس کا رکوع مگر یہ نماز اس کے پہلے گناہوں کا کفارہ ہوتی ہے جب تک کبیرہ گناہوں کا ارتکاب نہ کرے اور یہ ہمیشہ ایسا ہوتا رہتا ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۲۶۶ وَعَنْهُ أَنَّهُ تَوَضَّأَ فَأَفْرَغَ عَلَى يَدَيْهِ ثَلَاثًا ثُمَّ تَمَضْمَضَ وَاسْتَنْثَرَ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى إِلَى الْمِرْفَقِ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ الْيُسْرٰى إِلَى الْمِرْفَقِ ثَلَاثًا ثُمَّ مَسَحَ بِرَأْسِهِ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَهُ الْيُمْنٰى ثَلَاثًا ثُمَّ الْيُسْرٰى ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوئِي هٰذَا ثُمَّ قَالَ مَنْ تَوَضَّأَ وُضُوئِي هٰذَا ثُمَّ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ لَا يُحَدِّثُ نَفْسَهُ فِيهِمَا بِشَيْءٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ

اسی (عثمانؓ) سے روایت ہے اس نے وضو کیا اپنے ہاتھوں پر تین مرتبہ پانی ڈالا پھر کلی کی اور ناک کو جھاڑا تین بار پھر اپنا چہرہ تین بار دھویا پھر اپنا داہنا ہاتھ کہنی تک تین بار دھویا پھر بایاں ہاتھ کہنی تک پھر مسح کیا اپنے سر کا پھر اپنا دایاں پاؤں تین بار دھویا اور پھر بایاں پاؤں تین بار دھویا پھر کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ میری مانند وضو کیا پھر فرمایا جو شخص میری طرح وضو کرے پھر دو رکعت نماز پڑھے اُن دونوں میں اپنے نفس سے بات نہ کرے۔ بخشا جاتا ہے اس کے لئے وہ گناہ جو پہلے ہوتے ہیں (متفق علیہ اور اس کے لفظ بخاری کے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com



مِنْ ذَنْبِهٖ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُ الْبُخَارِيِّ

۲۶۷/۷ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ وُضُوْءَهٗ ثُمَّ يَقُوْمُ فَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ مُقْبِلٌ عَلَيْهِمَا بِقَلْبِهٖ وَوَجْهِهٖ إِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۶۸/۸ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ يَتَوَضَّأُ فَيُبْلِغُ أَوْ فَيُسْبِغُ الْوُضُوْءَ ثُمَّ يَقُوْلُ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ إِلَّا فُتِحَتْ لَهٗ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةُ يَدْخُلُ مِنْ أَيِّهَا شَاءَ۔ هٰكَذَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ فِيْ صَحِيْحِهٖ وَالْحُمَيْدِيُّ فِيْ أَفْرَادِ مُسْلِمٍ وَّكَذَا ابْنُ الْأَثِيْرِ فِيْ جَامِعِ الْأُصُوْلِ وَذَكَرَ الشَّيْخُ مُحْيِي الدِّيْنِ النَّوَوِيُّ فِيْ آخِرِ حَدِيْثِ مُسْلِمٍ عَلٰى مَا رَوَيْنَاهُ وَزَادَ التِّرْمِذِيُّ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ وَالْحَدِيْثُ الَّذِيْ رَوَاهُ مُحْيِي السُّنَّةِ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِي الصِّحَاحِ مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ إِلٰى آخِرِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ فِيْ جَامِعِهٖ بِعَيْنِهٖ إِلَّا

عقبہؓ بن عامر سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں کوئی مسلمان جو وضو کرے پس اچھا وضو کرے پھر کھڑے ہو کر دو رکعت نماز پڑھے متوجہ ہو اُن دونوں پر اپنے دل کے ساتھ اور اپنے چہرے کے ساتھ مگر اس کے لئے جنت واجب ہو جاتی ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

حضرت عمر بن خطاب سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی ایک نہیں جو وضو کرے پس نہایت کو پہنچا دے یا فرمایا پس پورا وضو کرے پھر کہے اشہد اَن لا الٰہ الا اللہ واشہد اَن محمدًا عبدہٗ ورسولہٗ۔ اور ایک روایت میں ہے اشہد اَن لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہٗ واشہد اَن محمدًا عبدہٗ ورسولہٗ۔ مگر اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھولے جاتے ہیں کہ داخل ہو اُن میں سے جس سے چاہے اسی طرح روایت کیا ہے اس کو مسلم نے اپنی صحیح میں۔ اور حمیدی نے افراد مسلم میں۔ اور اسیطرح ابن اثیر نے جامع الاصول میں اور ذکر کیا شیخ محی الدین نووی نے مسلم کی حدیث کے آخر میں جیسے کہ ہم نے روایت کیا۔ اور ترمذی نے زیادہ کیا ہے کہ یہ دعا بھی پڑھے اے اللہ کر دے تو مجھ کو توبہ کرنے والوں میں اور کر دے تو مجھ کو پاکیزہ رہنے والوں میں۔ اور وہ حدیث جس کو محی السنہؒ نے بیان کیا ہے صحاح میں کہ جس نے وضو کیا پس اچھا وضو کیا اخیر تک روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اپنی جامع میں بعینہٖ مگر کلمہ اشہد کا پہلے اَن محمدًا

besturdubooks.wordpress.com

كَلِمَةَ اَشْهَدُ قَبْلَ اَنَّ مُحَمَّدًا۔

سے ذکر نہیں کیا ہے۔

۲۶۹/۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُمَّتِیْ يُدْعَوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ غُرًّا مُّحَجَّلِيْنَ مِنْ اٰثَارِ الْوُضُوْءِ فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يُّطِيْلَ غُرَّتَهٗ فَلْيَفْعَلْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اُمت قیامت کے دن روشن پیشانی سفید اعضاء پکاری جائے گی وضو کے آثار کی وجہ سے جو تم میں طاقت رکھے کہ اپنی پیشانی کی روشنی زیادہ کرے پس چاہیئے کہ وہ کرے۔ (متفق علیہ)

۲۷۰/۱۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبْلُغُ الْحِلْيَةُ مِنَ الْمُؤْمِنِ حَيْثُ يَبْلُغُ الْوُضُوْءُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور اُسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مؤمن کا زیور پہنچے گا جہاں تک وضو کا پانی پہنچتا ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۲۷۱/۱۱ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَقِيْمُوْا وَلَنْ تُحْصُوْا وَاعْلَمُوْا اَنَّ خَيْرَ اَعْمَالِكُمُ الصَّلٰوةُ وَلَا يُحَافِظُ عَلَى الْوُضُوْءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَّاَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ۔

ثوبان رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سیدھے رہو اور تم سیدھے رہنے کی ہرگز طاقت نہ رکھ سکو گے۔ اور جان لو کہ تمہارے عملوں میں سے بہترین عمل نماز ہے اور نہیں حفاظت کرتا وضو پر مگر مومن (روایت کیا اس کو مالک، احمد، ابن ماجہ اور دارمی نے)

۲۷۲/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ عَلٰى طُهْرٍ كُتِبَ لَهٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

اور ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص وضو کرے اُوپر وضو کے اس کے لئے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ (روایت اس کو ترمذی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۷۳/۱۳ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلٰوةُ

حضرت جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت کی کنجی

besturdubooks.wordpress.com

وَمِفْتَاحُ الصَّلٰوةِ الطُّهُوْرُ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

نماز ہے۔ اور نماز کی کنجی وضو ہے۔ (احمد)

۲۷۴/۱۴ وَعَنْ شَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ رَوْحٍ عَنْ رَّجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى صَلٰوةَ الصُّبْحِ فَقَرَاَ الرُّوْمَ فَالْتَبَسَ عَلَيْهِ فَلَمَّا صَلّٰى قَالَ مَا بَالُ اَقْوَامٍ يُّصَلُّوْنَ مَعَنَا لَا يُحْسِنُوْنَ الطُّهُوْرَ وَاِنَّمَا يَلْبِسُ عَلَيْنَا الْقُرْاٰنَ اُولٰٓئِكَ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

اور شبیب بن ابی روح نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت کیا ہے۔ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز پڑھی۔ اس میں سورۂ رُوم تلاوت فرمائی۔ پس متشابہ ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر۔ جب نماز پڑھ چکے۔ آپ نے فرمایا۔ لوگوں کا کیا حال ہے۔ ہمارے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔ اچھا وضو نہیں کرتے۔ یہ لوگ ہم پر قرآن میں اشتباہ ڈالتے ہیں۔ (روایت کیا اس کو نسائی نے)

۲۷۵/۱۵ وَعَنْ رَّجُلٍ مِّنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ قَالَ عَدَّهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ يَدِيْ اَوْ فِيْ يَدِهٖ قَالَ التَّسْبِيْحُ نِصْفُ الْمِيْزَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمْلَاُهُ وَالتَّكْبِيْرُ يَمْلَاُ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَالصَّوْمُ نِصْفُ الصَّبْرِ وَالطُّهُوْرُ نِصْفُ الْاِيْمَانِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ)

بنی سلیم کے ایک شخص سے روایت ہے۔ کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان باتوں کو شمار کیا۔ میرے ہاتھ میں یا اپنے ہاتھ میں۔ آپ نے فرمایا۔ سُبحان اللہ کہنا بھر دیتا ہے۔ آدھے ترازو کو۔ اور الحمد للہ اس کو بھر دیتا ہے۔ اور اللہ اکبر کہنا بھر دیتا ہے اس چیز کو کہ درمیان آسمان اور زمین کے ہے۔ اور روزہ آدھا صبر ہے اور پاک رہنا آدھا ایمان ہے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن ہے۔)

۲۷۶/۱۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الصُّنَابِحِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَوَضَّاَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ فَمَضْمَضَ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ فِيْهِ وَاِذَا اسْتَنْثَرَ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ اَنْفِهٖ وَاِذَا غَسَلَ وَجْهَهٗ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ وَّجْهِهٖ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَشْفَارِ عَيْنَيْهِ وَاِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ يَدَيْهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَظْفَارِ يَدَيْهِ وَاِذَا مَسَحَ بِرَاْسِهٖ خَرَجَتِ الْخَطَايَا

عبداللہ صُنابحی سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب مومن بندہ وضو کرتا ہے۔ پس کلی کرتا ہے۔ اس کے منہ سے گناہ نکل جاتے ہیں۔ جس وقت ناک صاف کرتا ہے۔ اس کی ناک سے گناہ نکل جاتے ہیں۔ جس وقت منہ دھوتا ہے اس کے منہ سے گناہ نکل جاتے ہیں۔ اُس کے پلکوں کے نیچے سے بھی۔ جس وقت دونوں ہاتھ دھوتا ہے۔ اس کے دونوں ہاتھوں سے گناہ نکل جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ اس کے دونوں ہاتھوں کے ناخنوں سے بھی گناہ نکل

besturdubooks.wordpress.com

مِنْ رَّأْسِهٖ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ اُذُنَيْهِ فَاِذَا غَسَلَ رِجْلَيْهِ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ رِّجْلَيْهِ حَتّٰى تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَظْفَارِ رِجْلَيْهِ ثُمَّ كَانَ مَشْيُهٗ اِلَى الْمَسْجِدِ وَ صَلٰوتُهٗ نَافِلَةً لَّهٗ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالنَّسَائِيُّ)

جاتے ہیں۔ جب سر کا مسح کرتا ہے اس کے سر سے گناہ نکل جاتے ہیں یہاں تک اس کے دونوں کانوں سے بھی گناہ نکل جاتے ہیں۔ جب دونوں پاؤں دھوتا ہے اس کے پاؤں سے گناہ نکل جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ دونوں پاؤں کے ناخنوں سے بھی گناہ نکل جاتے ہیں۔ پھر اس کا مسجد کی طرف چلنا اور نماز پڑھنا اس کیلئے زیادتی ہوتی ہے (روایت کیا اسکو مالک اور نسائی نے)

۲۷۷/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَى الْمَقْبَرَةَ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ وَدِدْتُّ اَنَّا قَدْ رَاَيْنَا اِخْوَانَنَا قَالُوْا اَوَلَسْنَا اِخْوَانَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَنْتُمْ اَصْحَابِيْ وَاِخْوَانُنَا الَّذِيْنَ لَمْ يَاْتُوْا بَعْدُ فَقَالُوْا كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ لَّمْ يَاْتِ بَعْدُ مِنْ اُمَّتِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ اَرَاَيْتَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا لَّهٗ خَيْلٌ غُرٌّ مُّحَجَّلَةٌ بَيْنَ ظَهْرَيْ خَيْلٍ دُهْمٍ بُهْمٍ اَلَا يَعْرِفُ خَيْلَهٗ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَاِنَّهُمْ يَاْتُوْنَ غُرًّا مُّحَجَّلِيْنَ مِنَ الْوُضُوْءِ وَاَنَا فَرَطُهُمْ عَلَى الْحَوْضِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قبرستان کی طرف آئے پھر فرمایا سلام ہے اے مؤمن جماعت کے گھر اور ہم تحقیق اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں میں آرزو رکھتا ہوں کہ اپنے بھائیوں کو دیکھوں صحابہ کرام رضؓ نے عرض کیا کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں اے اللہ کے رسول آپ نے فرمایا تم میرے صحابی ہو اور میرے بھائی وہ ہیں جو ابھی نہیں آئے صحابہ کرام رضؓ نے عرض کیا آپ کس طرح پہچان لیں گے اپنی امت میں سے جو ابھی تک نہیں آئے۔ آپ نے فرمایا خبر دو کہ اگر ایک شخص کے گھوڑے سے سفید پیشانی اور سفید ہاتھ پاؤں والے ہوں نہایت سیاہ گھوڑوں کے درمیان کیا وہ اُن کو نہیں پہچان لے گا صحابہ کرام نے عرض کیا کیوں نہیں اے اللہ کے رسول آپ نے فرمایا پس وہ وضو کے اثر سے سفید پیشانی اور سفید ہاتھ پاؤں والے آئیں گے میں اُن کا میر سامان ہوں حوض کوثر پر (مسلم)

۲۷۸/۱۸ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوَّلُ مَنْ يُّؤْذَنُ لَهٗ بِالسُّجُوْدِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ يُّؤْذَنُ لَهٗ اَنْ يَّرْفَعَ رَاْسَهٗ فَاَنْظُرُ اِلٰى مَا بَيْنَ يَدَيَّ فَاَعْرِفُ اُمَّتِيْ

ابوالدرداء رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں پہلا شخص ہوں جسے قیامت کے دن سجدہ کرنے کی اجازت دی جائیگی اور میں پہلا ہوں جسے اجازت دی جائے گی کہ اپنا سر اٹھاؤں میں اپنے آگے دیکھوں گا امتوں کے درمیان پس اپنی امت

besturdubooks.wordpress.com

مِنْ بَيْنِ الْاُمَمِ وَمِنْ خَلْفِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ وَعَنْ يَّمِيْنِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ وَعَنْ شِمَالِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ فَقَالَ رَجُلٌ يَّا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَعْرِفُ اُمَّتَكَ مِنْ بَيْنِ الْاُمَمِ فِيْمَا بَيْنَ نُوْحٍ اِلٰى اُمَّتِكَ قَالَ هُمْ غُرٌّ مُّحَجَّلُوْنَ مِنْ اَثَرِ الْوُضُوْءِ لَيْسَ اَحَدٌ كَذٰلِكَ غَيْرُهُمْ وَاَعْرِفُهُمْ اَنَّهُمْ يُؤْتَوْنَ كُتُبَهُمْ بِاَيْمَانِهِمْ وَاَعْرِفُهُمْ تَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ ذُرِّيَّتُهُمْ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

کو پہچان لوں گا اور دیکھوں گا پیچھے اپنے مانند اس کے اور اپنے دائیں جانب اور اپنے بائیں جانب مانند اس کے ایک شخص نے کہا اے اللہ کے رسول آپ اُمتوں کے درمیان سے اپنی اُمت کو کیسے پہچان لیں گے حضرت نوح سے لے کر اپنی اُمت تک آپ نے فرمایا وہ سفید پیشانی اور سفید ہاتھ پاؤں والے ہوں گے اُن کے سوا ایسا کوئی بھی نہیں ہوگا اور میں اُن کو پہچان لوں گا کہ اُن کے اعمال نامے دائیں ہاتھوں میں دیئے جاویں گے اور میں اُن کو پہچان لوں گا کہ اُن کے آگے ان کی اولاد دوڑتی ہوگی

(روایت کیا اس کو احمد نے)

## بَابُ مَا يُوْجِبُ الْوُضُوْءَ

## وضو واجب کرنیوالی چیزوں کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۲۷۹/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقْبَلُ صَلٰوةُ مَنْ اَحْدَثَ حَتّٰى يَتَوَضَّاَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے وضو آدمی کی نماز قبول نہیں کی جاتی یہاں تک کہ وضو کرے۔

(متفق علیہ)

۲۸۰/۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقْبَلُ صَلٰوةٌ بِغَيْرِ طُهُوْرٍ وَّلَا صَدَقَةٌ مِّنْ غُلُوْلٍ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بغیر طہارت کے نماز قبول نہیں ہوتی نہ ہی مالِ حرام سے خیرات قبول ہوتی ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۸۱/۳ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كُنْتُ رَجُلًا مَّذَّاءً فَكُنْتُ اَسْتَحْيِيْ اَنْ اَسْاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَكَانِ ابْنَتِهٖ فَاَمَرْتُ الْمِقْدَادَ فَسَاَلَهٗ فَقَالَ

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں بہت مذی ڈالنے والا شخص تھا میں حیا کرتا کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھوں اُن کی بیٹی کی وجہ سے میں نے مقداد کو حکم دیا اُس نے پوچھا آپ نے فرمایا

besturdubooks.wordpress.com

يَغْسِلُ ذَكَرَهُ وَيَتَوَضَّأُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

دھو ڈالے اپنے ستر کو اور وضو کرے۔ (متفق علیہ)

۲۸۲/۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ تَوَضَّأُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ قَالَ الشَّيْخُ الْإِمَامُ الْأَجَلُّ مُحْيِي السُّنَّةِ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ هٰذَا مَنْسُوخٌ بِحَدِيثِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكَلَ كَتِفَ شَاةٍ ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے اس چیز کے کھانے کے بعد وضو کرو جسے آگ پہنچی ہے اس کو مسلم نے روایت کیا۔ امام بزرگ شیخ محی السنہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کی ان پر رحمت ہو یہ حکم منسوخ ہے ابن عباس رضؓ کی اس حدیث شریف کے ساتھ کہ بیشک نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے بکری کا شانہ کھایا اور وضو نہیں کیا۔ (متفق علیہ)

۲۸۳/۵ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْغَنَمِ قَالَ إِنْ شِئْتَ فَتَوَضَّأْ وَإِنْ شِئْتَ فَلَا تَتَوَضَّأْ قَالَ أَنَتَوَضَّأُ مِنْ لُحُومِ الْإِبِلِ قَالَ نَعَمْ فَتَوَضَّأْ مِنْ لُحُومِ الْإِبِلِ قَالَ أُصَلِّي فِي مَرَابِضِ الْغَنَمِ قَالَ نَعَمْ قَالَ أُصَلِّي فِي مَبَارِكِ الْإِبِلِ قَالَ لَا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر بن سمرہ سے روایت ہے ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا ہم بکری کے گوشت سے وضو کریں آپ نے فرمایا اگر چاہے تو وضو کر لے اگر چاہے وضو نہ کر۔ کہا کیا ہم وضو کریں اونٹ کے گوشت سے۔ آپ نے فرمایا ہاں اونٹ کے گوشت سے وضو کر لے۔ کہا بکریوں کے باڑہ میں نماز پڑھوں۔ آپ نے فرمایا ہاں۔ کہا۔ اونٹوں کے باندھنے کی جگہ پر نماز پڑھ لوں آپ نے فرمایا نہیں۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۸۴/۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وَجَدَ أَحَدُكُمْ فِي بَطْنِهِ شَيْئًا فَأَشْكَلَ عَلَيْهِ أَخَرَجَ مِنْهُ شَيْءٌ أَمْ لَا فَلَا يَخْرُجَنَّ مِنَ الْمَسْجِدِ حَتّٰى يَسْمَعَ صَوْتًا أَوْ يَجِدَ رِيحًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت پائے ایک تمہارا اپنے پیٹ میں کوئی چیز پس شک کرے کہ نکلی ہے اس سے کوئی چیز یا نہیں پس نہ نکلے مسجد سے یہاں تک کہ سنے آواز یا معلوم کرے بو۔ (روایت کیا اسکو مسلم نے)

۲۸۵/۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبداللہ بن عباس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ

شَرِبَ لَبَنًا فَمَضْمَضَ وَقَالَ اِنَّ لَهٗ دَسَمًا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نوش فرمایا پس کلی کی اور آپ نے فرمایا واسطے اس کے چکنائی ہے۔ (متفق علیہ)

۲۸۶ وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الصَّلَوَاتِ يَوْمَ الْفَتْحِ بِوُضُوْءٍ وَّاحِدٍ وَّمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ لَقَدْ صَنَعْتَ الْيَوْمَ شَيْئًا لَّمْ تَكُنْ تَصْنَعُهٗ فَقَالَ عَمَدًا صَنَعْتُهٗ يَا عُمَرُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

بریدہ رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن ایک وضو سے کئی نمازیں پڑھیں اور موزوں پر مسح کیا حضرت عمرؓ نے کہا آج آپ نے ایک عمل کیا ہے کہ اس سے پہلے نہیں کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا اے عمرؓ میں نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۸۷ وَعَنْ سُوَيْدِ بْنِ النُّعْمَانِ اَنَّهٗ خَرَجَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ حَتّٰى اِذَا كَانُوْا بِالصَّهْبَاءِ وَهِيَ مِنْ اَدْنٰى خَيْبَرَ صَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ دَعَا بِالْاَزْوَادِ فَلَمْ يُؤْتَ اِلَّا بِالسَّوِيْقِ فَاَمَرَ بِهٖ فَثُرِّيَ فَاَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَكَلْنَا ثُمَّ قَامَ اِلَى الْمَغْرِبِ فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا ثُمَّ صَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّاْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سوید بن نعمان رضؓ سے روایت ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خیبر کے سال نکلے۔ یہاں تک کہ صہباء میں پہنچے جو خیبر کے نزدیک ہے عصر کی نماز پڑھی۔ پھر توشہ منگوایا پس حاضر نہ کیا گیا مگر ستو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا۔ پس وہ ستو گھولے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھایا اور ہم نے بھی کھایا پھر مغرب کی نماز کی طرف کھڑے ہوئے آپ نے کلی کی اور ہم نے بھی کلی کی پھر نماز پڑھی اور وضو نہ کیا۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۸۸ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وُضُوْءَ اِلَّا مِنْ صَوْتٍ اَوْ رِيْحٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے وضو کرنا لازم آتا مگر آواز سے یا بدبو سے۔ (روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی نے)

۲۸۹ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَذْيِ فَقَالَ مِنَ الْمَذْيِ الْوُضُوْءُ وَمِنَ الْمَنِيِّ الْغُسْلُ

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا مذی کے متعلق آپ نے فرمایا مذی نکلنے سے وضو آتا ہے اور

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

منی نکلنے سے غسل۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۹۰/۱۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِفْتَاحُ الصَّلٰوةِ الطُّهُوْرُ وَتَحْرِيْمُهَا التَّكْبِيْرُ وَتَحْلِيْلُهَا التَّسْلِيْمُ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْهُ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ۔

اسی (حضرت علیؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز کی کنجی وضو ہے۔ اور تحریم اس کی تکبیر ہے۔ اور تحلیل اس کی سلام پھیرنا ہے۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد، ترمذی اور دارمی نے۔ اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے علیؓ اور ابوسعید سے۔

۲۹۱/۱۳ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ طَلْقٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَسَا اَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّاْ وَلَا تَاْتُوا النِّسَاءَ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ۔

علیؓ بن طلق سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا حدث کرے پس چاہئے کہ وضو کرے اور عورتوں کو ان کی مقعدوں میں نہ آؤ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

(روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے)

۲۹۲/۱۴ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا الْعَيْنَانِ وِكَاءُ السَّهِ فَاِذَا نَامَتِ الْعَيْنُ اسْتُطْلِقَ الْوِكَاءُ۔

معاویہ بن ابی سفیان سے روایت ہے تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آنکھیں سُرین کا سربند ہے۔ جس وقت سو جاتی ہیں آنکھیں سربند کھل جاتا ہے (روایت کیا اس کو دارمی نے)

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

۲۹۳/۱۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وِكَاءُ السَّهِ الْعَيْنَانِ فَمَنْ نَامَ فَلْيَتَوَضَّاْ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ الشَّيْخُ الْاِمَامُ مُحْيِي السُّنَّةِ رَحِمَهُ اللّٰهُ هٰذَا فِيْ غَيْرِ الْقَاعِدِ لِمَا صَحَّ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْتَظِرُوْنَ الْعِشَاءَ حَتّٰى تَخْفِقَ رُءُوْسُهُمْ ثُمَّ يُصَلُّوْنَ وَلَا يَتَوَضَّاُوْنَ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ

حضرت علیؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سُرین کی سربند دونوں آنکھیں ہیں۔ جو شخص سو گیا پس چاہئے کہ وضو کرے روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔ شیخ محی السنہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا یہ حکم بیٹھنے والے کے سوا ہے کیونکہ حضرت انسؓ سے صحیح ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرامؓ نماز عشاء کا انتظار کرتے تھے یہاں تک کہ ان کے سر جھک جاتے تھے پھر نماز پڑھتے تھے اور وضو نہیں کرتے تھے۔ روایت کیا

besturdubooks.wordpress.com

إِلَّا أَنَّهُ ذَكَرَ فِيهِ يَنَامُونَ بَدَلَ يَنْتَظِرُونَ الْعِشَاءَ حَتَّى تَخْفِقَ رُءُوسُهُمْ۔

اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے۔ لیکن ترمذی نے لفظ ینتظرون العشاء حتی تخفق رؤسہم کے بدل ینامون ذکر کیا ہے۔

۲۹۴/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْوُضُوءَ عَلَى مَنْ نَامَ مُضْطَجِعًا فَإِنَّهُ إِذَا اضْطَجَعَ اسْتَرْخَتْ مَفَاصِلُهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ)

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وضو اس شخص پر لازم آتا ہے جو لیٹ کر سو جائے۔ اس لئے کہ جس وقت وہ سوتا ہے ڈھیلے ہو جاتے ہیں اس کے جوڑ (روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے)

۲۹۵/۱۷ وَعَنْ بُسْرَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا مَسَّ أَحَدُكُمْ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ۔

بسرہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ اس نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ایک تمہارا اپنے ستر کو ہاتھ لگائے پس چاہئے کہ وضو کرے۔ روایت کیا اس کو مالک، احمد، ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے۔

۲۹۶/۱۸ وَعَنْ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَسِّ الرَّجُلِ ذَكَرَهُ بَعْدَ مَا يَتَوَضَّأُ قَالَ وَهَلْ هُوَ إِلَّا بَضْعَةٌ مِنْهُ۔ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهُ وَقَالَ الشَّيْخُ الْإِمَامُ مُحْيِي السُّنَّةِ رَحِمَهُ اللّٰهُ هٰذَا مَنْسُوخٌ لِأَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَسْلَمَ بَعْدَ قُدُومِ طَلْقٍ وَقَدْ رَوَى أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَفْضَى أَحَدُكُمْ بِيَدِهِ إِلَى ذَكَرِهِ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا شَيْءٌ فَلْيَتَوَضَّأْ۔ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنْ بُسْرَةَ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا شَيْءٌ

طلق بن علی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آدمی کے اپنے ستر کو چھونے کے متعلق سوال کیا گیا جب کہ اس نے وضو کیا ہوا ہے فرمایا نہیں ہے وہ مگر ایک ٹکڑا اس کے بدن کا روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد، ترمذی اور نسائی نے اور روایت کیا ہے ابن ماجہ نے اسی طرح۔ اور کہا شیخ محی السنہ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث منسوخ ہے کیونکہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ طلق رضی اللہ عنہ کے آنے کے بعد مسلمان ہوئے ہیں۔ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے جس وقت ایک تمہارا اپنا ہاتھ اپنے ستر کو پہنچا دے کہ اس کے درمیان اور اس کے ستر کے درمیان کوئی چیز نہ ہو پس چاہئے کہ وضو کرے۔ روایت کیا اسکو شافعی اور دارقطنی نے۔ اور روایت کیا اسکو نسائی نے بسرہ سے مگر اس میں یہ الفاظ ذکر نہیں کئے ولیس بینہ وبینہا شیء

besturdubooks.wordpress.com

۲۹۷/۱۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ بَعْضَ أَزْوَاجِهِ ثُمَّ يُصَلِّي وَلَا يَتَوَضَّأُ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ لَا يَصِحُّ عِنْدَ أَصْحَابِنَا بِحَالٍ إِسْنَادُ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَأَيْضًا إِسْنَادُ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْهَا وَقَالَ أَبُوْدَاوٗدَ وَهٰذَا مُرْسَلٌ وَإِبْرَاهِيمُ التَّيْمِيُّ لَمْ يَسْمَعْ عَنْ عَائِشَةَ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بعض بیویوں کا بوسہ لیتے پھر نماز پڑھتے اور وضو نہ کرتے روایت کیا اس کو ابوداؤد، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ نے۔ اور ترمذی نے کہا۔ ہمارے اصحاب کے نزدیک صحیح نہیں ہے کسی حال سے سند عروہ کی عائشہ رضی اللہ عنہا سے۔ اور اسی طرح سند ابراہیم تیمی کی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اور ابوداؤد نے کہا یہ حدیث مرسل ہے اور ابراہیم تیمی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نہیں سنا ہے۔

۲۹۸/۲۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتِفًا ثُمَّ مَسَحَ يَدَهُ بِمِسْحٍ كَانَ تَحْتَهُ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ۔

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شانہ بکری کا کھایا پھر ٹاٹ کے ساتھ اپنا ہاتھ پونچھا جو آپ کے نیچے تھا پھر کھڑے ہوئے پس نماز پڑھی۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

۲۹۹/۲۱ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّهَا قَالَتْ قَرَّبْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَنْبًا مَشْوِيًّا فَأَكَلَ مِنْهُ ثُمَّ قَامَ إِلَى الصَّلٰوةِ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب میں نے بھنا ہوا بکری کا پہلو پیش کیا۔ آپ نے اس سے کھایا پھر نماز کی طرف کھڑے ہوئے اور وضو نہ کیا۔ (روایت کیا اس کو احمد نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۳۰۰/۲۲ عَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ أَشْهَدُ لَقَدْ كُنْتُ أَشْوِي لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَطْنَ الشَّاةِ ثُمَّ صَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بکری کا گوشت بھونا پھر آپ نے تناول فرمایا اور آپ نے نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۳۰۱/۲۳ وَعَنْهُ قَالَ أُهْدِيَتْ لَهُ شَاةٌ فَجَعَلَهَا فِي الْقِدْرِ فَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا هٰذَا

اور اسی (ابورافع رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا اس کے لئے ایک بکری (گوشت) تحفہ بھیجی گئی پس ڈالا اس کو ہنڈیا میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

besturdubooks.wordpress.com



يَا أَبَا رَافِعٍ فَقَالَ شَاةٌ أُهْدِيَتْ لَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَطَبَخْتُهَا فِي الْقِدْرِ قَالَ نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ يَا أَبَا رَافِعٍ فَنَاوَلْتُهُ الذِّرَاعَ ثُمَّ قَالَ نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ الْآخَرَ فَنَاوَلْتُهُ الذِّرَاعَ الْآخَرَ ثُمَّ قَالَ نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ الْآخَرَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّمَا لِلشَّاةِ ذِرَاعَانِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا إِنَّكَ لَوْ سَكَتَّ لَنَاوَلْتَنِي ذِرَاعًا فَذِرَاعًا مَا سَكَتَّ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَتَمَضْمَضَ فَاهُ وَغَسَلَ أَطْرَافَ أَصَابِعِهِ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى ثُمَّ عَادَ إِلَيْهِمْ فَوَجَدَ عِنْدَهُمْ لَحْمًا بَارِدًا فَأَكَلَ ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰى وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ إِلٰى آخِرِهٖ۔

تشریف لائے اور فرمایا اے ابورافعؓ یہ کیا ہے میں نے کہا بکری تحفہ بھیجی گئی ہے واسطے ہمارے اے اللہ کے رسولؐ میں نے پکایا اس کو ہنڈیا میں فرمایا دے مجھے دست میں نے آپ کو دست دیا پھر فرمایا اور مجھ کو دست دے میں نے اور دست دیا پھر فرمایا اور مجھے دست دے پس کہا اے اللہ کے رسولؐ بکری کے دو ہی دست ہوتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبردار تحقیق اگر تو چپکا رہتا دیتا تو مجھ کو دست پر دست جب تک تو چپکا رہتا۔ پھر آپ نے پانی منگوایا پس کلی کی اور اپنی انگلیوں کے پورے دھوئے پس کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی۔ پھر ان کی طرف گئے ان کے ہاں ٹھنڈا گوشت پایا پھر کھایا پھر مسجد میں داخل ہوئے نماز پڑھی۔ اور پانی کو ہاتھ نہیں لگایا۔ روایت کیا اس کو احمدؒ نے اور روایت کیا ہے دارمی نے ابوعبید سے۔ مگر یہ نہیں ذکر کیا ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ اخیر تک۔

۳۰۲/۲۴ وَعَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنْتُ أَنَا وَأُبَيٌّ وَأَبُو طَلْحَةَ جُلُوسًا فَأَكَلْنَا لَحْمًا وَخُبْزًا ثُمَّ دَعَوْتُ بِوَضُوْءٍ فَقَالَا لِمَ تَتَوَضَّأُ فَقُلْتُ لِهٰذَا الطَّعَامِ الَّذِي أَكَلْنَا فَقَالَا أَتَتَوَضَّأُ مِنَ الطَّيِّبَاتِ لَمْ يَتَوَضَّأْ مِنْهُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

انس بن مالکؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ میں، اُبیؓ اور ابوطلحہؓ بیٹھے ہوئے تھے ہم نے گوشت اور روٹی کھائی پھر میں نے وضو کے لئے پانی منگوایا وہ دونوں کہنے لگے تم کیوں وضو کرتے ہو میں نے کہا کہ اس کھانے کی وجہ سے جو ہم نے کھایا ہے۔ اُن دونوں نے کہا کیا تم پاکیزہ چیز کے کھانے سے وضو کرتے ہو اس سے اس شخص نے وضو نہیں کیا جو تجھ سے بہتر تھا۔ (احمد)

۳۰۳/۲۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ قُبْلَةُ الرَّجُلِ امْرَأَتَهُ وَجَسُّهَا بِيَدِهٖ مِنَ الْمُلَامَسَةِ وَمَنْ قَبَّلَ امْرَأَتَهُ أَوْ جَسَّهَا بِيَدِهٖ فَعَلَيْهِ الْوُضُوْءُ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالشَّافِعِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہا کرتے تھے آدمی کا اپنی بیوی کا بوسہ لینا اور چھونا ملامست سے ہے جو اپنی بیوی کا بوسہ لے یا اپنے ہاتھ سے اُسے چھوئے اُس پر وضو لازم آتا ہے۔ (روایت کیا اسکو مالک، شافعی نے)

besturdubooks.wordpress.com

۳۰۴/۲۶ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ كَانَ يَقُوْلُ مِنْ قُبْلَةِ الرَّجُلِ امْرَاَتَهُ الْوُضُوْءُ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے وہ کہا کرتے تھے اپنی بیوی کا بوسہ لینے سے وضو آتا ہے روایت کیا اس کو مالک نے۔

۳۰۵/۲۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ اِنَّ الْقُبْلَةَ مِنَ اللَّمْسِ فَتَوَضَّاُوْا مِنْهَا۔

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے عورت کا بوسہ لینا لمس ہے اس سے وضو کرو۔

۳۰۶/۲۸ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ تَمِيْمِ الدَّارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْوُضُوْءُ مِنْ كُلِّ دَمٍ سَائِلٍ رَوَاهُمَا الدَّارُ قُطْنِيُّ وَقَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ وَلَا رَاٰهُ وَيَزِيْدُ بْنُ خَالِدٍ وَّ يَزِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ مَجْهُوْلَانِ۔

اور عمر بن عبد العزیز رحؒ تمیم داری رضؓ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر بہنے والے خون سے وضو لازم ہے۔ روایت کیا ہے ان دونوں کو دار قطنی نے اور دار قطنی نے کہا عمر بن عبد العزیز رحؒ نے تمیم داری سے نہ سنا ہے اور نہ اُن کو دیکھا ہے۔ اور اس کی سند میں یزید بن خالد اور یزید بن محمد دونوں مجہول ہیں۔

## بَابُ اٰدَابِ الْخَلَاءِ

## پائخانہ کے آداب کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۳۰۷/۱ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتَيْتُمُ الْغَائِطَ فَلَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوْهَا وَلٰكِنْ شَرِّقُوْا اَوْ غَرِّبُوْا۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ قَالَ الشَّيْخُ الْاِمَامُ مُحْيِ السُّنَّةِ رَحِمَهُ اللّٰهُ هٰذَا الْحَدِيْثُ فِي الصَّحْرَاءِ وَاَمَّا فِي الْبُنْيَانِ فَلَا بَاْسَ لِمَا رُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ ارْتَقَيْتُ فَوْقَ بَيْتِ حَفْصَةَ لِبَعْضِ

ابو ایوب انصاری رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم پائخانہ کے لئے جاؤ۔ پس نہ قبلہ کی طرف منہ کرو۔ اور نہ پیٹھ دو۔ لیکن مشرق کی طرف یا مغرب کی طرف (متفق علیہ) شیخ امام محی السنہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حدیث جنگل کے بارے میں ہے۔ اور عمارتوں میں کوئی ڈر نہیں ہے اس لئے کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے کہ میں (ام المؤمنین) حضرت حفصہ رضؓ کے گھر کی چھت پر کسی کام کے لئے چڑھا

besturdubooks.wordpress.com

حَاجَتِیْ فَرَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقْضِیْ حَاجَتَہٗ مُسْتَدْبِرَ الْقِبْلَۃِ مُسْتَقْبِلَ الشَّامِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

پس میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ قبلہ کی طرف پیٹھ کر کے پاخانہ کر رہے ہیں سامنے شام کے۔ (متفق علیہ)

۳۰۸/۲ وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ نَھَانَا یَعْنِیْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ نَّسْتَقْبِلَ الْقِبْلَۃَ لِغَائِطٍ اَوْ بَوْلٍ اَوْ نَسْتَنْجِیَ بِالْیَمِیْنِ اَوْ اَنْ نَّسْتَنْجِیَ بِاَقَلَّ مِنْ ثَلٰثَۃِ اَحْجَارٍ اَوْ اَنْ نَّسْتَنْجِیَ بِرَجِیْعٍ اَوْ بِعَظْمٍ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

سلمان رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو منع کیا ہے کہ ہم پاخانہ یا پیشاب کرتے وقت قبلہ کیطرف منہ کریں۔ یا دائیں ہاتھ سے استنجا کریں۔ یا تین پتھروں سے کم کے ساتھ استنجا کریں۔ یا ہم لید اور ہڈی سے استنجا کریں۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۳۰۹/۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو فرماتے اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ پلید جنوں اور پلید جنیوں سے۔ (متفق علیہ)

۳۱۰/۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِقَبْرَیْنِ فَقَالَ اِنَّھُمَا لَیُعَذَّبَانِ وَمَا یُعَذَّبَانِ فِیْ کَبِیْرٍ اَمَّا اَحَدُھُمَا فَکَانَ لَا یَسْتَتِرُ مِنَ الْبَوْلِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِمُسْلِمٍ لَا یَسْتَنْزِہُ مِنَ الْبَوْلِ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَکَانَ یَمْشِیْ بِالنَّمِیْمَۃِ ثُمَّ اَخَذَ جَرِیْدَۃً رَطْبَۃً فَشَقَّھَا بِنِصْفَیْنِ ثُمَّ غَرَزَ فِیْ کُلِّ قَبْرٍ وَّاحِدَۃً قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لِمَ صَنَعْتَ ھٰذَا فَقَالَ لَعَلَّہٗ اَنْ یُّخَفَّفَ عَنْھُمَا مَا لَمْ یَیْبَسَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے پاس سے گزرے فرمایا۔ یہ دونوں عذاب کئے جاتے ہیں اور نہیں عذاب کئے جاتے کسی بڑی چیز میں ان میں سے ایک پیشاب سے نہیں بچتا تھا مسلم کی روایت میں لَا یَسْتَنْزِہُ کے لفظ ہیں اور دوسرا چغلی کیا کرتا تھا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تازہ شاخ منگوائی اس کو نصف سے چیر دیا پھر ہر قبر میں ایک ایک گاڑ دی صحابہ کرامؓ نے عرض کیا اے اللہ کے رسولؐ آپ نے ایسا کیوں کیا ہے آپ نے فرمایا شاید کہ تخفیف ہو ان سے عذاب کی جب تک خشک نہ ہوں۔ (متفق علیہ)

۳۱۱/۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اتَّقُوا اللَّاعِنَیْنِ

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو کاموں سے بچو

besturdubooks.wordpress.com

قَالُوْا وَمَا اللَّاعِنَانِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الَّذِيْ يَتَخَلّٰى فِيْ طَرِيْقِ النَّاسِ اَوْ فِيْ ظِلِّهِمْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جو لعنت کا سبب ہو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول وہ کیا ہیں آپ نے فرمایا جو لوگوں کے راستہ میں پاخانہ کرے یا لوگوں کے سایہ میں (روایت کیا اسکو مسلم نے)

۳۱۲ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا شَرِبَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَتَنَفَّسْ فِي الْاِنَاءِ وَاِذَا اَتَى الْخَلَاءَ فَلَا يَمَسَّ ذَكَرَهٗ بِيَمِيْنِهٖ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کوئی تم میں سے پانی پیئے برتن میں سانس نہ لے اور جب پاخانہ میں آئے اپنے ستر کو دائیں ہاتھ سے نہ چھوئے۔ (متفق علیہ)

۳۱۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ فَلْيَسْتَنْثِرْ وَمَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوْتِرْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص وضو کرے پس چاہیئے کہ ناک جھاڑے اور جو استنجا کرے چاہیئے کہ طاق ڈھیلے استعمال کرے (متفق علیہ)

۳۱۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ الْخَلَاءَ فَاَحْمِلُ اَنَا وَغُلَامٌ اِدَاوَةً مِّنْ مَّاءٍ وَّعَنَزَةً يَسْتَنْجِيْ بِالْمَاءِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء میں داخل ہوتے میں اور ایک چھوٹا لڑکا پانی کا لوٹا اور برچھی اٹھاتے آپ پانی کے ساتھ استنجا کرتے (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۳۱۵ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ نَزَعَ خَاتَمَهٗ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ وَقَالَ اَبُوْدَاوٗدَ وَهٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ وَفِيْ رِوَايَتِهٖ وَضَعَ بَدَلَ نَزَعَ۔

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو اپنی انگوٹھی اُتار لیتے۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی اور ترمذی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ ابوداؤد نے کہا یہ حدیث منکر ہے اور اس کی روایت میں نَزَعَ کی جگہ وَضَعَ کا لفظ ہے۔

۳۱۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ الْبَرَازَ انْطَلَقَ

جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت پاخانہ کا ارادہ کرتے جاتے

besturdubooks.wordpress.com

حَتّٰی لَا یَرَاہُ اَحَدٌ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

یہاں تک کہ اُن کو کوئی نہ دیکھتا۔ (روایت کیا اسکو ابوداؤد نے)

۳۱۷/۱۱ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ کُنْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ فَاَرَادَ اَنْ یَّبُوْلَ فَاَتٰی دَمِثًا فِیْ اَصْلِ جِدَارٍ فَبَالَ ثُمَّ قَالَ اِذَا اَرَادَ اَحَدُکُمْ اَنْ یَّبُوْلَ فَلْیَرْتَدْ لِبَوْلِہٖ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوموسیٰ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں ایک دن نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشاب کرنا چاہا تو دیوار کی جڑ کے پاس نرم زمین میں آئے پھر پیشاب کیا اور فرمایا جب تم میں سے کوئی پیشاب کرنا چاہے پس چاہیئے کہ پیشاب کے لئے نرم جگہ تلاش کرے۔ (روایت اس کو ابوداؤد نے)

۳۱۸/۱۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ الْحَاجَۃَ لَمْ یَرْفَعْ ثَوْبَہٗ حَتّٰی یَدْنُوَ مِنَ الْاَرْضِ

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

اور انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت استنجا کرنے کا ارادہ کرتے اپنا کپڑا نہ اُٹھاتے یہاں تک کہ قریب ہوتے زمین کے (روایت کیا اس کو ترمذی، ابوداؤد، دارمی نے)

۳۱۹/۱۳ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا اَنَا لَکُمْ مِثْلُ الْوَالِدِ لِوَلَدِہٖ اُعَلِّمُکُمْ اِذَا اَتَیْتُمُ الْغَائِطَ فَلَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَۃَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوْھَا وَاَمَرَ بِثَلٰثَۃِ اَحْجَارٍ وَّنَھٰی عَنِ الرَّوْثِ وَالرِّمَّۃِ وَنَھٰی اَنْ یَّسْتَطِیْبَ الرَّجُلُ بِیَمِیْنِہٖ۔

(رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہارے لئے والد کی مانند ہوں میں تم کو سکھلاتا ہوں۔ جس وقت تم پاخانہ کے لئے آؤ قبلہ کیطرف منہ نہ کرو۔ اور نہ پیٹھ کرو۔ اور آپ نے تین پتھروں کے استعمال کرنے کا حکم دیا اور لید اور ہڈی کے ساتھ استنجا کرنے سے منع فرمایا۔ اور اس بات سے منع کیا کہ کوئی آدمی اپنے دائیں ہاتھ سے استنجا کرے (روایت کیا اس کو ابن ماجہ اور دارمی نے)

۳۲۰/۱۴ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَتْ یَدُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْیُمْنٰی لِطَھُوْرِہٖ وَطَعَامِہٖ وَکَانَتْ یَدُہُ الْیُسْرٰی لِخَلَائِہٖ وَمَا کَانَ مِنْ اَذًی۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دایاں ہاتھ وضو کرنے کے لئے اور کھانا کھانے کے لئے تھا۔ اور بایاں ہاتھ استنجا کرنے اور ایسی چیز کرنے کے لئے تھا۔ جو مکروہ ہے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔)

۳۲۱/۱۵ وَعَنْھَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَھَبَ اَحَدُکُمْ

اور اُسی (عائشہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک

besturdubooks.wordpress.com

اِلَى الْغَائِطِ فَلْيَذْهَبْ مَعَهٗ بِثَلٰثَةِ اَحْجَارٍ يَّسْتَطِيْبُ بِهِنَّ فَاِنَّهَا تُجْزِئُ عَنْهُ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

تم میں سے پاخانہ کے لئے جاوے اپنے ساتھ تین پتھر لے جاوے اُن کے ساتھ استنجا کرے پس یہ پتھر اس سے کفایت کر جائیں گے (روایت کیا اس کو احمد، ابوداؤد، نسائی، اور دارمی نے)

۳۲۲/۱۶ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسْتَنْجُوْا بِالرَّوْثِ وَلَا بِالْعِظَامِ فَاِنَّهَا زَادُ اِخْوَانِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ زَادُ اِخْوَانِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ۔

ابن مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لید اور ہڈی کے ساتھ استنجا نہ کرو کیونکہ ہڈی تمہارے بھائی جنوں کا توشہ ہے روایت کیا ہے اس کو ترمذی اور نسائی نے۔ مگر نسائی نے یہ ذکر نہیں کیا زاد اخوانکم من الجن

۳۲۳/۱۷ وَعَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رُوَيْفِعُ لَعَلَّ الْحَيٰوةَ سَتَطُوْلُ بِكَ بَعْدِيْ فَاَخْبِرِ النَّاسَ اَنَّ مَنْ عَقَدَ لِحْيَتَهٗ اَوْ تَقَلَّدَ وَتَرًا اَوِ اسْتَنْجٰى بِرَجِيْعِ دَابَّةٍ اَوْ عَظْمٍ فَاِنَّ مُحَمَّدًا مِّنْهُ بَرِيْءٌ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

رویفعؓ بن ثابت سے روایت ہے انہوں نے کہا میرے لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے رویفعؓ شاید میرے بعد تیری زندگی دراز ہو۔ تو لوگوں کو بتلانا جس نے داڑھی میں گرہ لگائی یا تانت کا ہار ڈالا یا جانور کی نجاست یا ہڈی سے استنجا کیا تحقیق محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس سے بیزار ہیں۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۳۲۴/۱۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اكْتَحَلَ فَلْيُوْتِرْ مَنْ فَعَلَ فَقَدْ اَحْسَنَ وَمَنْ لَّا فَلَا حَرَجَ وَمَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوْتِرْ مَنْ فَعَلَ فَقَدْ اَحْسَنَ وَمَنْ لَّا فَلَا حَرَجَ وَمَنْ اَكَلَ فَمَا تَخَلَّلَ فَلْيَلْفِظْ وَمَا لَاكَ بِلِسَانِهٖ فَلْيَبْتَلِعْ مَنْ فَعَلَ فَقَدْ اَحْسَنَ وَمَنْ لَّا فَلَا حَرَجَ وَمَنْ اَتَى الْغَائِطَ فَلْيَسْتَتِرْ فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ اِلَّا اَنْ يَّجْمَعَ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سُرمہ لگاوے پس چاہیئے کہ طاق سلائیاں لگاوے جس نے کیا پس اچھا کام کیا اور جس نے نہ کیا پس کوئی گناہ نہیں۔ اور جو شخص استنجا کرے پس طاق ڈھیلے لیوے جس نے ایسا کام کیا اس نے اچھا کیا جس نے نہ کیا پس کوئی گناہ نہیں ہے۔ اور جس نے کھایا پس اس چیز کو نکالا خلال سے پس چاہیئے کہ پھینک دیوے اور جو نکالے اپنی زبان سے پس چاہیئے کہ نگل لیوے جس نے کیا اچھا کام کیا اور جس نے نہ کیا اس

besturdubooks.wordpress.com

كَثِيبًا مِّنْ رَّمْلٍ فَلْيَسْتَدْبِرْهُ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَلْعَبُ بِمَقَاعِدِ بَنِيْ آدَمَ مَنْ فَعَلَ فَقَدْ أَحْسَنَ وَمَنْ لَّا فَلَا حَرَجَ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

نے کوئی گناہ نہیں کیا۔ جو پاخانہ کیلئے آئے پس چاہئے کہ پردہ کرے پس اگر نہ پائے مگر یہ کہ جمع کرے ریت کا تودہ پس چاہئے کہ کرے اس تودہ کو اپنے پیچھے کیونکہ شیطان بنی آدم کی شرمگاہ کیساتھ کھیلتا ہے جس نے کیا اچھا کیا اور جس نے نہ کیا پس کوئی گناہ نہیں ہے۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ اور دارمی)

۳۲۵/۱۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ فِيْ مُسْتَحَمِّهٖ ثُمَّ يَغْتَسِلُ فِيْهِ أَوْ يَتَوَضَّأُ فِيْهِ فَإِنَّ عَامَّةَ الْوَسْوَاسِ مِنْهُ. رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ إِلَّا أَنَّهُمَا لَمْ يَذْكُرَا ثُمَّ يَغْتَسِلُ فِيْهِ أَوْ يَتَوَضَّأُ فِيْهِ.

عبداللہ بن مغفل سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص غسل خانہ میں پیشاب نہ کرے پس غسل کرے گا اس میں یا وضو کرے گا اس لئے کہ اکثر وسواس اس سے پیدا ہوتے ہیں۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد، ترمذی نسائی نے۔ مگر ترمذی اور نسائی نے ثُمَّ يَغْتَسِلُ فِيْهِ أَوْ يَتَوَضَّأُ فِيْهِ کے الفاظ نقل نہیں کئے۔

۳۲۶/۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ فِيْ جُحْرٍ. (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عبداللہ بن سرجس سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص سوراخ میں پیشاب نہ کرے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی نے)

۳۲۷/۲۱ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّقُوا الْمَلَاعِنَ الثَّلَاثَةَ الْبَرَازَ فِي الْمَوَارِدِ وَقَارِعَةَ الطَّرِيْقِ وَالظِّلِّ. (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

معاذ رضی سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین کاموں سے بچو جو لعنت کا سبب ہیں گھاٹوں پر پاخانہ کرنا۔ اور راستہ میں پاخانہ کرنا۔ اور سائے میں پاخانہ کرنا (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۳۲۸/۲۲ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَخْرُجُ الرَّجُلَانِ يَضْرِبَانِ الْغَائِطَ كَاشِفَيْنِ

ابوسعید رضی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو آدمی پاخانہ کے لئے نہ نکلیں کھولنے والے دونوں اپنی

besturdubooks.wordpress.com

عَنْ عَوْرَتِهِمَا يَتَحَدَّثَانِ فَإِنَّ اللّٰهَ يَمْقُتُ عَلٰى ذٰلِكَ (رَوَاهُمَا أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

شرمگاہ کو اور باتیں کرتے ہوں تحقیق اللہ تعالیٰ اُن سے ناراض ہوتا ہے (روایت کیا ان دونوں کو احمد، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۳۲۹/۲۳ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ هٰذِهِ الْحُشُوْشَ مُحْتَضَرَةٌ فَإِذَا أَتٰى أَحَدُكُمُ الْخَلَاءَ فَلْيَقُلْ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

زید بن ارقم رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پاخانہ کی جگہ حاضر ہونے کی ہے جب ایک تمہارا پاخانے کے لئے نکلے تو کہے پناہ پکڑتا ہوں میں اللہ کی ناپاک جنوں اور ناپاک جنیوں سے (روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۳۳۰/۲۴ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتْرُ مَا بَيْنَ أَعْيُنِ الْجِنِّ وَعَوْرَاتِ بَنِيْ آدَمَ إِذَا دَخَلَ أَحَدُهُمُ الْخَلَاءَ أَنْ يَّقُوْلَ بِسْمِ اللّٰهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ فَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَّإِسْنَادُهُ لَيْسَ بِقَوِيٍّ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنوں کی آنکھوں اور بنی آدم کی شرمگاہ کے درمیان پردہ یہ ہے جس وقت بیت الخلاء میں داخل ہونے لگے تو بسم اللہ کہے روایت کیا اس کو ترمذی نے۔ اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور اس کی سند قوی نہیں ہے۔

۳۳۱/۲۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ قَالَ غُفْرَانَكَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلاء سے نکلتے فرماتے غُفْرَانَكَ (روایت کیا اس کو ترمذی، ابن ماجہ اور دارمی نے)

۳۳۲/۲۶ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَى الْخَلَاءَ أَتَيْتُهُ بِمَاءٍ فِيْ تَوْرٍ أَوْ رَكْوَةٍ فَاسْتَنْجٰى ثُمَّ مَسَحَ يَدَهُ عَلَى الْأَرْضِ ثُمَّ أَتَيْتُهُ بِإِنَاءٍ آخَرَ فَتَوَضَّأَ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَى الدَّارِمِيُّ وَالنَّسَائِيُّ مَعْنَاهُ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت پاخانہ کے لئے آتے تھے میں آپ کے پاس پیالے یا چھاگل میں پانی لاتا پس آپ استنجا کرتے پھر اپنا ہاتھ زمین پر ملتے۔ پھر میں دوسرے برتن میں آپ کے پاس پانی لاتا پس وضو کرتے (روایت کیا اس کو ابوداؤد دارمی اور نسائی نے اس کا معنیٰ)

۳۳۳/۲۷ وَعَنِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَالَ

حکم بن سفیان رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیشاب کرتے وضو

besturdubooks.wordpress.com

تَوَضَّأَ وَنَضَحَ فَرْجَهُ۔
(رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

کرتے اور اپنی شرمگاہ کو چھینٹا دیتے (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی نے)

۳۳۴/۲۸ وَعَنْ أُمَيْمَةَ بِنْتِ رُقَيْقَةَ قَالَتْ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدَحٌ مِّنْ عِيْدَانٍ تَحْتَ سَرِيْرِهٖ يَبُوْلُ فِيْهِ بِاللَّيْلِ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

امیمہؓ بنت رقیقہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لکڑی کا ایک پیالہ تھا جو آپ کی چارپائی کے نیچے (پڑا رہتا) رات کو اس میں پیشاب کرتے (روایت کیا اسکو ابوداؤد اور نسائی نے)

۳۳۵/۲۹ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ رَأَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبُوْلُ قَائِمًا فَقَالَ يَا عُمَرُ لَا تَبُلْ قَائِمًا فَمَا بُلْتُ قَائِمًا بَعْدُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ قَالَ الشَّيْخُ الْإِمَامُ مُحْيِي السُّنَّةِ رَحِمَهُ اللّٰهُ قَدْ صَحَّ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ أَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ قِيْلَ كَانَ ذٰلِكَ لِعُذْرٍ۔

حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ میں ایک مرتبہ کھڑا ہو کر پیشاب کر رہا تھا اور مجھ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھ لیا اور آپ نے فرمایا اے عمرؓ کھڑے ہو کر پیشاب نہ کرو اس کے بعد میں نے کھڑے ہو کر پیشاب نہیں کیا۔ روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور کہا شیخ امام محی السنہؒ نے حذیفہؓ سے یہ روایت ثابت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قوم کے کوڑے کرکٹ کی جگہ پر آئے اور آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا (متفق علیہ) کہا گیا ہے کہ آپ نے عذر کی وجہ سے اس طرح کیا تھا۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۳۳۶/۳۰ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَنْ حَدَّثَكُمْ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَبُوْلُ قَائِمًا فَلَا تُصَدِّقُوْهُ مَا كَانَ يَبُوْلُ إِلَّا قَاعِدًا۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جو شخص تمہیں بیان کرے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر پیشاب کرتے تھے اس کو سچا نہ جانو آپ بیٹھ کر پیشاب کرتے تھے (روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی اور نسائی نے)

۳۳۷/۳۱ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ جِبْرَئِيْلَ أَتَاهُ فِيْ أَوَّلِ مَا أُوْحِيَ إِلَيْهِ فَعَلَّمَهُ الْوُضُوْءَ وَالصَّلٰوةَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنَ

زید بن حارثہؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جبرئیل علیہ السلام اوّل اوّل جب وحی کی گئی ہے آپ کے پاس آئے آپ کو وضو کرنا سکھایا اور نماز پڑھنا جب وضو سے فارغ ہوئے

besturdubooks.wordpress.com

الْوُضُوْءِ اَخَذَ غَرْفَةً مِّنَ الْمَآءِ فَنَضَحَ بِهَا فَرْجَهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالدَّارَقُطْنِيُّ)

پانی کا ایک چلو لیا اور شرمگاہ پر چھینٹا مارا روایت کیا اس کو احمد اور دارقطنی نے۔

۳۳۸/۳۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَآءَنِيْ جِبْرَئِيْلُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِذَا تَوَضَّاْتَ فَانْتَضِحْ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَّسَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَعْنِي الْبُخَارِيَّ يَقُوْلُ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْهَاشِمِيُّ الرَّاوِيْ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے پس کہا اے محمدؐ جب تو وضو کرے پس چھڑک لے پانی (روایت کیا اس کو ترمذی نے) اور ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے اور میں نے محمد یعنی بخاری سے سنا فرماتے تھے حسن بن علی راوی منکر الحدیث ہے

۳۳۹/۳۳ وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ بَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ عُمَرُ خَلْفَهٗ بِكُوْزٍ مِّنْ مَّآءٍ فَقَالَ مَا هٰذَا يَا عُمَرُ فَقَالَ مَآءٌ تَتَوَضَّاُ بِهٖ قَالَ مَا اُمِرْتُ كُلَّمَا بُلْتُ اَنْ اَتَوَضَّاَ وَلَوْ فَعَلْتُ لَكَانَتْ سُنَّةً۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا اللہ کے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشاب کیا حضرت عمر رضؓ پانی کا لوٹا لے کر آپؐ کے پیچھے کھڑے ہوئے آپؐ نے فرمایا اے عمر رضؓ یہ کیا ہے کہا پانی ہے اس سے وضو کرلیں آپؐ نے فرمایا مجھے اس بات کا حکم نہیں ہے کہ جب بھی پیشاب کروں وضو کروں اگر کرتا تو البتہ یہ سنت ہوتا (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۳۴۰/۳۴ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ وَجَابِرٍ وَّاَنَسٍ اَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ لَمَّا نَزَلَتْ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَثْنٰى عَلَيْكُمْ فِي الطُّهُوْرِ فَمَا طُهُوْرُكُمْ قَالُوْا نَتَوَضَّاُ لِلصَّلٰوةِ وَنَغْتَسِلُ مِنَ الْجَنَابَةِ وَنَسْتَنْجِيْ بِالْمَآءِ قَالَ فَهُوَ ذَاكَ فَعَلَيْكُمُوْهُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابوایوب رضؓ جابر رضؓ اور انس رضؓ سے روایت ہے کہ یہ آیت جس وقت نازل ہوئی اس میں مرد ہیں جو دوست رکھتے ہیں کہ خوب پاک رہیں اور اللہ تعالیٰ پاک رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے گروہ انصار اللہ تعالیٰ نے پاکیزگی کی وجہ سے تمہاری تعریف کی ہے تمہاری طہارت کیا ہے انہوں نے کہا ہم نماز کے لئے وضو کرتے ہیں جنابت کا غسل کرتے ہیں۔ اور پانی کیساتھ استنجا کرتے ہیں فرمایا یہی ہے پس اس کو لازم پکڑو (روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے)

besturdubooks.wordpress.com

۳۴۱/۳۵ وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ بَعْضُ الْمُشْرِكِيْنَ وَهُوَ يَسْتَهْزِئُ إِنِّيْ لَأَرَى صَاحِبَكُمْ يُعَلِّمُكُمْ حَتَّى الْخِرَاءَةَ قُلْتُ أَجَلْ أَمَرَنَا أَنْ لَّا نَسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ وَلَا نَسْتَنْجِيَ بِأَيْمَانِنَا وَلَا نَكْتَفِيَ بِدُوْنِ ثَلٰثَةِ أَحْجَارٍ لَّيْسَ فِيْهَا رَجِيْعٌ وَّلَا عَظْمٌ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّأَحْمَدُ وَاللَّفْظُ لَهٗ)

سلمان رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا مجھے ایک مشرک نے بطور استہزاء کہا میں دیکھتا ہوں تمہارا صاحب تمہیں ہر چیز سکھلاتا ہے یہاں تک کہ پاخانہ بیٹھنا بھی۔ میں نے کہا ہاں آپ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ قبلہ کی طرف منہ نہ کریں۔ اپنے دائیں ہاتھ سے استنجا نہ کریں۔ اور تین پتھروں سے کم کے ساتھ کفایت نہ کریں اُن میں نجاست اور ہڈی نہ ہو روایت کیا اس کو مسلم اور احمد نے۔ اور لفظ حدیث کے احمد کے ہیں

۳۴۲/۳۶ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَسَنَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ يَدِهِ الدَّرَقَةُ فَوَضَعَهَا ثُمَّ جَلَسَ فَبَالَ إِلَيْهَا فَقَالَ بَعْضُهُمْ انْظُرُوْا إِلَيْهِ يَبُوْلُ كَمَا تَبُوْلُ الْمَرْأَةُ فَسَمِعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَيْحَكَ أَمَا عَلِمْتَ مَا أَصَابَ صَاحِبَ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ كَانُوْا إِذَا أَصَابَهُمُ الْبَوْلُ قَرَضُوْهُ بِالْمَقَارِيْضِ فَنَهَاهُمْ فَعُذِّبَ فِيْ قَبْرِهٖ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى النَّسَائِيُّ عَنْهُ عَنْ أَبِيْ مُوْسٰى۔

عبدالرحمٰن بن حسنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے آپ کے ہاتھ میں ڈھال تھی۔ آپ نے اُسے رکھا۔ پھر اس کی طرف پیشاب کیا ایک مشرک نے کہا اُن کی طرف دیکھو پیشاب کرتے ہیں جیسے عورت پیشاب کرتی ہے اس کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سُن لیا آپ نے فرمایا تیرے لئے افسوس ہو کیا تو جانتا نہیں اس چیز کو جو بنی اسرائیل کے صاحب کو پہنچی جس وقت اُن کو پیشاب پہنچتا قینچی سے کاٹ دیتے تھے اُس نے اُن کو روک دیا تو قبر میں عذاب کیا گیا روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت کیا ہے نسائی نے۔ عبدالرحمٰن سے اس نے ابوموسیٰ سے۔

۳۴۳/۳۷ وَعَنْ مَّرْوَانَ الْأَصْفَرِ قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ أَنَاخَ رَاحِلَتَهٗ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ ثُمَّ جَلَسَ يَبُوْلُ إِلَيْهَا فَقُلْتُ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَلَيْسَ قَدْ نُهِيَ عَنْ هٰذَا قَالَ بَلٰى إِنَّمَا نُهِيَ عَنْ ذٰلِكَ فِي الْفَضَاءِ فَإِذَا كَانَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ

مروانؒ اصفر سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے ابن عمرؓ کو دیکھا کہ اپنی اونٹنی بٹھائی قبلہ کے سامنے پھر بیٹھ کر اس کی طرف پیشاب کیا میں نے کہا اے ابوعبدالرحمٰن کیا ہم کو قبلہ کی طرف منہ کرنے سے منع نہیں کیا گیا انہوں نے کہا ہاں منع کیا گیا ہے جنگل میں جس وقت تیرے اور قبلے کے درمیان کوئی چیز پردہ کرے

besturdubooks.wordpress.com

شَيْءٌ يَسْتُرُكَ فَلَا بَأْسَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

۳۴۴/۳۸ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذٰى وَعَافَانِيْ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

۳۴۵/۳۹ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ وَفْدُ الْجِنِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّهُ أُمَّتُكَ أَنْ يَسْتَنْجُوْا بِعَظْمٍ أَوْ رَوْثَةٍ أَوْ حُمَمَةٍ فَإِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ لَنَا فِيْهَا رِزْقًا فَنَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

کچھ مضائقہ نہیں ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت بیت الخلاء سے نکلتے تو یہ دعا پڑھتے سب تعریف اللہ کے لئے جس نے مجھ سے ایذا مجھ سے دور کی اور مجھ کو عافیت دی (ابن ماجہ)

ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب جنوں کی جماعت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی انہوں نے کہا اپنی امت کو منع کر دیں کہ استنجا کریں ہڈی کیساتھ یا لید کیساتھ یا کوئلے کیساتھ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے ہمارے لئے اُن چیزوں میں رزق تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے روک دیا (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

# بَابُ السِّوَاكِ

# مسواک کرنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۳۴۶/۱ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ لَأَمَرْتُهُمْ بِتَأْخِيْرِ الْعِشَاءِ وَبِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں اپنی امت پر مشکل نہ جانتا البتہ حکم کرتا ان کو عشاء کی تاخیر کرنے اور ہر نماز کے ساتھ مسواک کرنے کا (متفق علیہ)

۳۴۷/۲ وَعَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ بِأَيِّ شَيْءٍ كَانَ يَبْدَأُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ قَالَتْ بِالسِّوَاكِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

شریح رحمہ اللہ بن ہانی سے روایت ہے کہا میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کس چیز کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شروع کرتے تھے جب گھر میں داخل ہوتے کہا شروع کرتے مسواک کیساتھ (مسلم)

۳۴۸/۳ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ لِلتَّهَجُّدِ

حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت رات کو تہجد کے

besturdubooks.wordpress.com

مِنَ اللَّيْلِ يَشُوصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

لئے کھڑے ہوتے اپنے منہ کو مسواک سے ملتے (متفق علیہ)

۳۷۹/۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرٌ مِّنَ الْفِطْرَةِ قَصُّ الشَّارِبِ وَإِعْفَاءُ اللِّحْيَةِ وَالسِّوَاكُ وَاسْتِنْشَاقُ الْمَاءِ وَقَصُّ الْأَظْفَارِ وَغَسْلُ الْبَرَاجِمِ وَنَتْفُ الْإِبِطِ وَحَلْقُ الْعَانَةِ وَانْتِقَاصُ الْمَاءِ يَعْنِي الْاِسْتِنْجَاءَ قَالَ الرَّاوِيْ وَنَسِيْتُ الْعَاشِرَةَ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ الْمَضْمَضَةَ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ الْخِتَانُ بَدَلَ إِعْفَاءِ اللِّحْيَةِ لَمْ أَجِدْ هٰذِهِ الرِّوَايَةَ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَلَا فِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ وَلٰكِنْ ذَكَرَهَا صَاحِبُ الْجَامِعِ وَكَذَا الْخَطَّابِيُّ فِيْ مَعَالِمِ السُّنَنِ عَنْ أَبِيْ دَاوٗدَ بِرِوَايَةِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ۔

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دس چیزیں فطرت سے ہیں لبوں کا کم کرنا داڑھی کا بڑھانا مسواک کرنا۔ ناک میں پانی ڈالنا۔ ناخن ترشوانا۔ جوڑوں کی جگہ دھونا اور بغلوں کے بال دور کرنے زیر ناف بال مونڈنے اور کم کرنا پانی کا یعنی پانی کیساتھ استنجا کرنا۔ راوی نے کہا دسویں بات میں بھول گیا ہوں مگر میرے خیال میں کلی کرنا ہے روایت کیا اس کو مسلم نے اور ایک روایت میں ختنہ کرنا ہے بدلے داڑھی بڑھانے کے میں نے یہ روایت صحیحین اور کتاب حمیدی میں نہیں پائی۔ لیکن صاحب جامع الاصول نے اور اسی طرح خطابی نے معالم السنن میں اسے ذکر کیا ہے ابوداؤد سے عمار بن یاسرؓ کی روایت سے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۳۸۰/۱۵ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلسِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِّلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِّلرَّبِّ۔ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَأَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ بِلَا إِسْنَادٍ۔

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسواک منہ کی پاکیزگی اور اللہ تعالےٰ کی رضامندی کا باعث ہے روایت کیا اس کو شافعی، احمد، دارمی، اور نسائی نے۔ اور روایت کیا اسکو بخاری نے اپنی صحیح میں بغیر سند کے

۳۸۱/۱۶ وَعَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعٌ مِّنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِيْنَ الْحَيَاءُ وَيُرْوَى الْخِتَانُ

ابوایوبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار چیزیں رسولوں کی سنت ہیں حیا کرنا اور روایت کیا گیا ہے ختنہ کرنا۔

besturdubooks.wordpress.com

وَالتَّعَطُّرُ وَالسِّوَاكُ وَالنِّكَاحُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

خوشبو لگانا مسواک کرنا اور نکاح کرنا (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۳۵۲/۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْقُدُ مِنَ اللَّيْلِ وَلَا نَهَارٍ فَيَسْتَيْقِظُ إِلَّا يَتَسَوَّكُ قَبْلَ أَنْ يَتَوَضَّأَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات اور دن کو نہ سوتے مگر وضو کرنے سے پہلے مسواک کرتے۔ روایت کیا اس کو احمد اور ابوداؤد نے)

۳۵۳/۸ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاكُ فَيُعْطِينِي السِّوَاكَ لِأَغْسِلَهُ فَأَبْدَأُ بِهِ فَأَسْتَاكُ ثُمَّ أَغْسِلُهُ وَأَدْفَعُهُ إِلَيْهِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

اور اسی (حضرت عائشہ رضہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کرتے مجھے دھونے کے لئے دیتے میں شروع کرتی اور مسواک کرتی پھر میں دھو کر آپ کو دیتی (روایت کیا اسکو ابوداود نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۳۵۴/۹ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَرَانِي فِي الْمَنَامِ أَتَسَوَّكُ بِسِوَاكٍ فَجَاءَنِي رَجُلَانِ أَحَدُهُمَا أَكْبَرُ مِنَ الْآخَرِ فَنَاوَلْتُ السِّوَاكَ الْأَصْغَرَ مِنْهُمَا فَقِيلَ لِي كَبِّرْ فَدَفَعْتُهُ إِلَى الْأَكْبَرِ مِنْهُمَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمر رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مسواک کر رہا ہوں۔ میرے پاس دو آدمی آئے کہ ایک بڑا تھا اور دوسرا چھوٹا میں نے چھوٹے کو مسواک دینا چاہا پس کہا گیا بڑے کو مقدم کر میں نے مسواک بڑے کو دے دی (متفق علیہ)

۳۵۵/۱۰ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا جَاءَنِي جِبْرَئِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَطُّ إِلَّا أَمَرَنِي بِالسِّوَاكِ لَقَدْ خَشِيتُ أَنْ أُحْفِيَ مُقَدَّمَ فِيَّ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ابوامامہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں آئے میرے پاس جبریل علیہ السلام کبھی بھی مگر مسواک کرنے کا حکم دیا مجھے تحقیق میں ڈرا کہ چھیل لوں گا۔ اپنے منہ کے اگلے حصے کو (روایت کیا اس کو احمد رح نے)

۳۵۶/۱۱ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ أَكْثَرْتُ عَلَيْكُمْ فِي السِّوَاكِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انس رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق بہت بیان کیا میں نے تم پر مسواک کے بارہ میں (بخاری)

besturdubooks.wordpress.com

۳۵۷/۱۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَنُّ وَعِنْدَهٗ رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا اَكْبَرُ مِنَ الْاٰخَرِ فَاُوْحِيَ اِلَيْهِ فِيْ فَضْلِ السِّوَاكِ اَنْ كَبِّرْ اَعْطِ السِّوَاكَ اَكْبَرَهُمَا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کرتے تھے اور آپ کے پاس دو آدمی تھے ان دونوں میں ایک بڑا تھا دوسرے سے پس وحی کی گئی آپ کی طرف مسواک کی فضیلت میں کہ بڑے کو مقدم کر دے تو مسواک بڑے کو

(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۳۵۸/۱۳ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَفْضُلُ الصَّلٰوةُ الَّتِيْ يُسْتَاكُ لَهَا عَلَى الصَّلٰوةِ الَّتِيْ لَا يُسْتَاكُ لَهَا سَبْعِيْنَ ضِعْفًا۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

اور اسی (حضرت عائشہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فضیلت میں بڑھ جاتی ہے وہ نماز جس کے لئے مسواک کی گئی ہے اس نماز پر جس کیلئے مسواک نہیں کی گئی ستر درجہ

(روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

۳۵۹/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ نِ الْجُهَنِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِيْ لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَّلَاَخَّرْتُ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ قَالَ فَكَانَ زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ يَشْهَدُ الصَّلَوَاتِ فِي الْمَسْجِدِ وَسِوَاكُهٗ عَلٰى اُذُنِهٖ مَوْضِعَ الْقَلَمِ مِنْ اُذُنِ الْكَاتِبِ لَا يَقُوْمُ اِلَى الصَّلٰوةِ اِلَّا اسْتَنَّ ثُمَّ رَدَّهٗ اِلٰى مَوْضِعِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ وَلَاَخَّرْتُ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

ابوسلمہ زید بن خالد جہنیؓ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے اگر یہ بات نہ ہو کہ میں مشقت میں ڈال دوں گا اپنی امت کو تو ان کو ہر نماز کے لئے مسواک کرنے کا حکم کرتا۔ اور عشاء کی نماز ایک تہائی رات تک مؤخر کرتا انہوں نے کہا پس زید بن خالدؓ جب نماز کے لئے آتے مسجد میں اس کا مسواک کان پر رکھا ہوا ہوتا جس طرح لکھنے والا قلم رکھ لیتا ہے۔ نہ کھڑے ہوتے نماز کی طرف مگر مسواک کرتے پھر رکھ لیتے اس کو اس کی جگہ پر۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے۔ مگر ابوداؤد نے ذکر نہیں کیا ولاخرت صلوۃ العشاء الی ثلث اللیل اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

besturdubooks.wordpress.com



# بَابُ سُنَنِ الْوُضُوْءِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۳۶۰/۱ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَیْقَظَ اَحَدُکُمْ مِنْ نَوْمِهٖ فَلَا یَغْمِسْ یَدَهٗ فِی الْاِنَاءِ حَتّٰی یَغْسِلَهَا ثَلَاثًا فَاِنَّهٗ لَا یَدْرِیْ اَیْنَ بَاتَتْ یَدُهٗ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

۳۶۱/۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَیْقَظَ اَحَدُکُمْ مِنْ مَنَامِهٖ فَتَوَضَّاَ فَلْیَسْتَنْثِرْ ثَلَاثًا فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یَبِیْتُ عَلٰی خَیْشُوْمِهٖ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

۳۶۲/۳ وَقِیْلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَیْدِ بْنِ عَاصِمٍ کَیْفَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَتَوَضَّاُ فَدَعَا بِوَضُوْءٍ فَاَفْرَغَ عَلٰی یَدَیْهِ فَغَسَلَ یَدَیْهِ مَرَّتَیْنِ مَرَّتَیْنِ ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْثَرَ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهٗ ثَلَاثًا ثُمَّ غَسَلَ یَدَیْهِ مَرَّتَیْنِ مَرَّتَیْنِ اِلَی الْمِرْفَقَیْنِ ثُمَّ مَسَحَ رَاْسَهٗ بِیَدَیْهِ فَاَقْبَلَ بِهِمَا وَاَدْبَرَ بَدَاَ بِمُقَدَّمِ رَاْسِهٖ ثُمَّ ذَهَبَ بِهِمَا اِلٰی قَفَاهُ ثُمَّ رَدَّهُمَا حَتّٰی رَجَعَ اِلَی الْمَکَانِ الَّذِیْ بَدَاَ مِنْهُ ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَیْهِ

# وضو کی سنتوں کا بیان

## پہلی فصل

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے ایک اپنی نیند سے بیدار ہو اپنے ہاتھ کو برتن میں نہ ڈالے یہاں تک کہ اُس کو تین مرتبہ دُھو لے۔ تحقیق وہ نہیں جانتا کہ کہاں رات گزاری ہے اُس کے ہاتھ نے

(متفق علیہ)

اور اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا نیند سے بیدار ہو پس وضو کرے تو اپنی ناک کو تین مرتبہ جھاڑے پس تحقیق شیطان رات گزارتا ہے اس کی بانس پر۔

(متفق علیہ)

اور کہا گیا عبداللہ بن زید بن عاصم کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح وضو کرتے تھے اس نے پانی منگوایا اپنے دونوں ہاتھوں پر ڈالا اور دو مرتبہ اُن کو دُھویا۔ پھر کلی کی اور ناک جھاڑی تین بار۔ پھر اپنا چہرہ تین بار دُھویا۔ پھر اپنے دونوں ہاتھ دو دو بار دھوئے کہنیوں تک پھر دونوں ہاتھوں سے سر کا مسح کیا۔ پس آگے سے لے گئے پیچھے تک اور پیچھے سے آگے۔ سر کی اگلی جانب سے شروع کیا پھر دونوں ہاتھوں کو گُدی تک لے گئے پھر پھیرا اُن کو یہاں تک کہ پھر آئے اس جگہ جہاں سے شروع کیا تھا۔ پھر دونوں پاؤں دھوئے

روایت کیا اس کو مالک، نسائی اور ابوداؤد نے ذکر کیا

besturdubooks.wordpress.com

رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالنَّسَائِيُّ وَلِاَبِيْ دَاوٗدَ نَحْوَهٗ
ذَكَرَهٗ صَاحِبُ الْجَامِعِ وَفِي الْمُتَّفَقِ
عَلَيْهِ قِيْلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَاصِمٍ
تَوَضَّاْ لَنَا وُضُوْءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا بِاِنَاءٍ فَاَكْفَاَ مِنْهُ
عَلٰى يَدَيْهِ فَغَسَلَهُمَا ثَلٰثًا ثُمَّ اَدْخَلَ
يَدَهٗ فَاسْتَخْرَجَهَا فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ
مِنْ كَفٍّ وَّاحِدَةٍ فَفَعَلَ ذٰلِكَ ثَلٰثًا
ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهٗ فَاسْتَخْرَجَهَا فَغَسَلَ
وَجْهَهٗ ثَلٰثًا ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهٗ فَاسْتَخْرَجَهَا
فَغَسَلَ يَدَيْهِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ مَرَّتَيْنِ
مَرَّتَيْنِ ثُمَّ اَدْخَلَ يَدَهٗ فَاسْتَخْرَجَهَا
فَمَسَحَ بِرَاْسِهٖ فَاَقْبَلَ بِيَدَيْهِ وَاَدْبَرَ
ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ثُمَّ
قَالَ هٰكَذَا كَانَ وُضُوْءُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاَقْبَلَ
بِهِمَا وَاَدْبَرَ بَدَاَ بِمُقَدَّمِ رَاْسِهٖ ثُمَّ
ذَهَبَ بِهِمَا اِلٰى قَفَاهُ ثُمَّ رَدَّهُمَا حَتّٰى
رَجَعَ اِلَى الْمَكَانِ الَّذِيْ بَدَاَ مِنْهُ ثُمَّ
غَسَلَ رِجْلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَمَضْمَضَ وَ
اسْتَنْشَقَ وَاسْتَنْثَرَ ثَلٰثًا بِثَلٰثِ غَرَفَاتٍ
مِّنْ مَّاءٍ وَّفِيْ اُخْرٰى فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ
مِنْ كَفَّةٍ وَّاحِدَةٍ فَفَعَلَ ذٰلِكَ
ثَلٰثًا وَّفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ فَمَسَحَ رَاْسَهٗ
فَاَقْبَلَ بِهِمَا وَاَدْبَرَ مَرَّةً وَّاحِدَةً ثُمَّ
غَسَلَ رِجْلَيْهِ اِلَى الْكَعْبَيْنِ وَفِيْ اُخْرٰى

اس کی مانند ذکر کیا اس کو جامع الاصول والے نے۔ اور
بخاری اور مسلم میں ہے عبداللہ بن زید بن عاصم کے لئے
کہا گیا وضو کرو ہمارے لئے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کا سا۔ پس منگوایا برتن اُس نے اور
اپنے دونوں ہاتھوں پر جھکا دیا اور اُن کو تین مرتبہ
دھویا۔ پھر اپنا ہاتھ داخل کیا پس نکالا اُس کو پھر کلی
کی اور ناک میں پانی ڈالا ایک چلّو سے۔ اس طرح
تین دفعہ کیا۔ پھر اپنا ہاتھ داخل کیا پس نکالا اس کو اور
تین بار منہ کو دھویا۔ پھر اپنا ہاتھ داخل کیا پھر نکالا اس کو
دونوں ہاتھ کہنیوں تک دو دو مرتبہ دھوئے پھر
داخل کیا اپنے ہاتھ کو پس نکالا اس کو اور اپنے سر کا مسح
کیا پس آگے سے پیچھے لے گئے دونوں ہاتھ اور پیچھے
سے آگے۔ پھر دھوئے اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں
تک پھر کہا اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کا وضو تھا۔ ایک روایت میں ہے آگے سے لے
گئے اپنے ہاتھوں کو پیچھے کی طرف اور پیچھے سے آگے
کی طرف لائے۔ شروع کیا سر کی اگلی جانب سے پھر
لے گئے اپنی گدی کی طرف پھر لوٹایا اُن دونوں کو طرف
اس جگہ کے کہ شروع کیا تھا اس سے پھر اپنے دونوں پاؤں
دھوئے۔ ایک روایت میں ہے کلی کی ناک میں
پانی دیا اور ناک جھاڑی تین مرتبہ پانی کے تین چلّوؤں سے
اور دوسری روایت میں ہے کلی کی اور ناک میں پانی
ڈالا ایک چلّو سے تین بار ایسا کیا۔ بخاری کی ایک روایت
میں ہے پس اپنے سر کا مسح کیا آگے سے لے گئے
دونوں ہاتھ پیچھے اپنے۔ اور پیچھے سے آگے لائے ایک بار۔
پھر دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھوئے۔ بخاری شریف

besturdubooks.wordpress.com

لَهٗ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْثَرَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ مِّنْ غُرْفَةٍ وَّاحِدَةٍ۔

کی ایک روایت میں ہے کلی کی اور ناک جھاڑی تین مرتبہ ایک چلو سے۔

۳۶۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ تَوَضَّأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَزِدْ عَلٰى هٰذَا (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

عبداللہ بن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایک بار وضو کیا اس سے زیادہ نہیں کیا (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۳۶۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

عبداللہ بن زید رضؓ سے روایت ہے بیشک وضو کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دو بار۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۳۶۵ وَعَنْ عُثْمَانَ اَنَّهٗ تَوَضَّأَ بِالْمَقَاعِدِ فَقَالَ اَلَا اُرِيْكُمْ وُضُوْءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَوَضَّأَ ثَلٰثًا ثَلٰثًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عثمان رضؓ سے روایت ہے تحقیق اس نے مقاعد میں وضو کیا انہوں نے کہا کیا میں تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو نہ دکھلاؤں پس تین تین بار وضو کیا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۳۶۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَجَعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَّكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِمَاءٍ بِالطَّرِيْقِ تَعَجَّلَ قَوْمٌ عِنْدَ الْعَصْرِ فَتَوَضَّأُوْا وَهُمْ عِجَالٌ فَانْتَهَيْنَا اِلَيْهِمْ وَاَعْقَابُهُمْ تَلُوْحُ لَمْ يَمَسَّهَا الْمَاءُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْلٌ لِّلْاَعْقَابِ مِنَ النَّارِ اَسْبِغُوا الْوُضُوْءَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ سے مدینہ کی طرف لوٹے جس وقت ہم راستہ میں ایک پانی پر پہنچے ایک جماعت نے وضو کرنے میں جلدی کی عصر کی نماز کا وقت تھا انہوں نے وضو کیا اور وہ جلد باز لوگ تھے ہم ان کے پاس پہنچے ان کی ایڑیاں چمکتی تھیں ان کو پانی نہیں پہنچا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہلاکت ہے ایڑیوں کے لئے آگ سے پورا وضو کرو۔ (روایت کیا مسلم نے)

۳۶۷ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ فَمَسَحَ بِنَاصِيَتِهٖ وَعَلَى الْعِمَامَةِ وَعَلَى الْخُفَّيْنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

مغیرہؓ بن شعبہ سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور اپنی پیشانی کے بالوں اور پگڑی اور دونوں موزوں پر مسح کیا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۳۶۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ التَّيَمُّنَ مَا اسْتَطَاعَ فِي شَأْنِهِ كُلِّهِ فِي طُهُورِهِ وَ تَرَجُّلِهِ وَتَنَعُّلِهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب تک ممکن ہوتا دائیں طرف سے شروع کرنا پسند فرماتے تھے اپنے سب کاموں میں، اپنی طہارت میں اپنے کنگھا کرنے میں اور جوتی پہننے میں (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۳۶۹ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَبِسْتُمْ وَ اِذَا تَوَضَّاْتُمْ فَابْدَءُوْا بِاَيَامِنِكُمْ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم لباس پہنو اور جب وضو کرو دائیں طرف سے شروع کرو (روایت کیا اس کو احمد اور ابوداؤد نے)

۳۷۰ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَّمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَ الدَّارِمِيُّ عَنْ اَبِي سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ وَزَادُوْا فِيْ اَوَّلِهٖ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَّا وُضُوْءَ لَهٗ۔

اور سعید بن زید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص کا وضو نہیں ہے جو ذکر نہیں کرتا اس پر اللہ تعالیٰ کا نام۔ روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اس کو احمد اور ابوداؤد نے ابوہریرہ رضؓ سے۔ اور دارمی نے ابوسعید خدری رضؓ سے اس نے اپنے باپ سے۔ اور زیادہ کیا احمد وغیرہ نے اس کے اوّل میں کہ نہیں نماز اس شخص کے لئے جس کا وضو نہیں۔

۳۷۱ وَعَنْ لَقِيْطِ بْنِ صَبِرَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِيْ عَنِ الْوُضُوْءِ قَالَ اَسْبِغِ الْوُضُوْءَ وَخَلِّلْ بَيْنَ الْاَصَابِعِ وَبَالِغْ فِي الْاِسْتِنْشَاقِ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ اِلٰى قَوْلِهٖ بَيْنَ الْاَصَابِعِ۔

اور لقیط بن صبرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسولؐ مجھے وضو کے متعلق خبر دیں۔ آپؐ نے فرمایا پورا کر وضو کو اور انگلیوں کے درمیان خلال کر۔ اور ناک میں اچھی طرح پانی پہنچا مگر یہ کہ تیرا روزہ ہو روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے اور روایت کیا ہے ابن ماجہ اور دارمی نے بین الاصابع تک۔

۳۷۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

اور ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأْتَ فَخَلِّلْ أَصَابِعَ يَدَيْكَ وَرِجْلَيْكَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهُ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو وضو کرے تو اپنے ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کر روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے اس کی مانند اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے۔

۳۷۳/۱۴ وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأَ يَدْلُكُ أَصَابِعَ رِجْلَيْهِ بِخِنْصَرِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

اور مستورد بن شداد سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جب وضو کرتے اپنے پاؤں کی انگلیوں کو چھنگلی انگلی کے ساتھ ملتے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۳۷۴/۱۵ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأَ أَخَذَ كَفًّا مِّنْ مَّاءٍ فَأَدْخَلَهُ تَحْتَ حَنَكِهٖ فَخَلَّلَ بِهٖ لِحْيَتَهٗ وَقَالَ هٰكَذَا أَمَرَنِيْ رَبِّيْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت وضو کرتے پانی کا ایک چلو لیتے اور اسے ٹھوڑی کے نیچے داخل کرتے پس خلال کرتے اس کے ساتھ اپنی داڑھی کا اور فرمایا اس طرح مجھ کو میرے رب نے حکم دیا ہے (روایت کیا اسکو ابوداؤد نے)

۳۷۵/۱۶ وَعَنْ عُثْمَانَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُخَلِّلُ لِحْيَتَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی داڑھی کا خلال کرتے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور دارمی نے)

۳۷۶/۱۷ وَعَنْ أَبِيْ حَيَّةَ قَالَ رَأَيْتُ عَلِيًّا تَوَضَّأَ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ حَتّٰى أَنْقَاهُمَا ثُمَّ مَضْمَضَ ثَلٰثًا وَّاسْتَنْشَقَ ثَلٰثًا وَّغَسَلَ وَجْهَهٗ ثَلٰثًا وَّذِرَاعَيْهِ ثَلٰثًا وَّمَسَحَ بِرَأْسِهٖ مَرَّةً ثُمَّ غَسَلَ قَدَمَيْهِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ثُمَّ قَامَ فَأَخَذَ فَضْلَ طَهُوْرِهٖ فَشَرِبَهٗ وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ قَالَ أَحْبَبْتُ أَنْ أُرِيَكُمْ كَيْفَ كَانَ طَهُوْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ابوحیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے وضو کیا دونوں ہاتھ دھوئے یہاں تک کہ ان کو صاف کر دیا۔ پھر تین بار کلی کی تین بار ناک میں پانی ڈالا۔ تین بار منہ دھویا۔ دونوں ہاتھ کہنیوں تک تین بار دھوئے۔ ایک بار اپنے سر کا مسح کیا پھر دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھوئے۔ پھر کھڑے ہوئے بچا ہوا پانی لیا اور اس کو کھڑے ہو کر پی لیا۔ پھر کہا میں نے پسند کیا میں تم کو دکھاؤں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو کیسے تھا۔

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

(روایت کیا اس کو ترمذی اور نسائی نے)

۳۷۷/۱۸ وَعَنْ عَبْدِ خَيْرٍ قَالَ كُنَّا جُلُوسًا نَنْظُرُ إِلَى عَلِيٍّ حِينَ تَوَضَّأَ فَأَدْخَلَ يَدَهُ الْيُمْنَى فَمَلَأَ فَمَهُ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَنَثَرَ بِيَدِهِ الْيُسْرَى فَعَلَ هٰذَا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى طُهُورِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهٰذَا طُهُورُهُ۔

اور عبد خیر رح سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ ہم بیٹھے ہوئے حضرت علی رض کے وضو کی طرف دیکھ رہے تھے۔ جس وقت وضو کیا۔ اپنا دایاں ہاتھ داخل کیا اپنا منہ بھرا۔ پس کلی کی۔ اور ناک میں پانی ڈالا۔ اور بائیں ہاتھ سے ناک جھاڑی۔ تین مرتبہ اس طرح کیا۔ پھر فرمایا۔ جس کو خوش لگے۔ کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کی طرف دیکھے۔ پس یہ آپ کا وضو ہے (روایت کیا اس کو دارمی نے)

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

۳۷۸/۱۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ مِنْ كَفٍّ وَّاحِدٍ فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلٰثًا۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

اور عبداللہ بن زید رض سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپ نے کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا۔ ایک چلو سے تین بار اس طرح کیا۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ترمذی نے)

۳۷۹/۲۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ بِرَأْسِهِ وَأُذُنَيْهِ بَاطِنِهِمَا بِالسَّبَّاحَتَيْنِ وَظَاهِرِهِمَا بِإِبْهَامَيْهِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

ابن عباس رض سے روایت ہے۔ تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سر اور اپنے کانوں کے اندر شہادت کی دونوں انگلیوں سے اور کانوں کے باہر کے حصے کا دونوں انگوٹھوں سے مسح کیا۔ (روایت کیا اس کو نسائی نے)

۳۸۰/۲۱ وَعَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ أَنَّهَا رَأَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ قَالَتْ فَمَسَحَ رَأْسَهُ مَا أَقْبَلَ مِنْهُ وَمَا أَدْبَرَ وَصُدْغَيْهِ وَأُذُنَيْهِ مَرَّةً وَّاحِدَةً وَفِي رِوَايَةٍ أَنَّهُ تَوَضَّأَ فَأَدْخَلَ إِصْبَعَيْهِ فِي جُحْرَيْ أُذُنَيْهِ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ الرِّوَايَةَ الْأُولٰى وَأَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ الثَّانِيَةَ۔

ربیع بنت معوذ سے روایت ہے اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ کہ وضو کرتے ہیں۔ اس نے کہا۔ آپ نے اپنے سر کا مسح کیا۔ اگلی جانب سے اور پچھلی جانب سے اور اپنی کنپٹیوں کا اور دونوں کانوں کا۔ ایک مرتبہ اور ایک روایت میں ہے۔ آپ نے وضو کیا اور اپنی دونوں انگلیاں کانوں کے سوراخ میں ڈالیں۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ترمذی نے۔ پہلی روایت کو اور احمد اور ابن ماجہ نے دوسری کو۔

۳۸۱/۲۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهُ رَأَى

اور عبداللہ بن زید سے روایت ہے۔ اس نے

besturdubooks.wordpress.com

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ وَأَنَّهُ مَسَحَ رَأْسَهُ بِمَاءٍ غَيْرِ فَضْلِ يَدَيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ مَعَ زَوَائِدَ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے وضو کیا اور مسح کیا اپنے سر کا اس پانی سے جو ہاتھوں سے بچا ہوا نہ تھا روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت کیا مسلم نے کچھ زیادتی سے۔

۳۸۲/۲۳ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ ذَكَرُوا وُضُوْءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَكَانَ يَمْسَحُ الْمَاقَيْنِ وَقَالَ الْأُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ۔ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَذَكَرَا قَالَ حَمَّادٌ لَا أَدْرِي الْأُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ مِنْ قَوْلِ أَبِي أُمَامَةَ أَمْ مِنْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

اور ابوامامہ رضؓ سے روایت ہے ذکر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا کہا اور آپ مسح کرتے تھے آنکھوں کے کونوں کو۔ اور کہا کان سر میں سے ہیں روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور ان دونوں نے ذکر کیا حماد نے کہا میں نہیں جانتا کہ الاذنان من الرأس ابوامامہ رضؓ کا قول ہے۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے۔

۳۸۳/۲۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُهُ عَنِ الْوُضُوْءِ فَأَرَاهُ ثَلٰثًا ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا الْوُضُوْءُ فَمَنْ زَادَ عَلٰى هٰذَا فَقَدْ أَسَاءَ وَتَعَدّٰى وَظَلَمَ۔ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوٰى أَبُوْدَاوُدَ مَعْنَاهُ۔

عمرو بن شعیب اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا ایک اعرابی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ سے وضو کے متعلق دریافت کرتا تھا آپ نے اسے تین تین بار اعضاء کا دھونا سکھایا پس کہا وضو اس طرح ہے جو شخص زیادہ کرے اس پر تحقیق اس نے برا کام کیا اور تعدی کی اور ظلم کیا روایت کیا اسکو نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا ابوداؤد نے معنی اسکا۔

۳۸۴/۲۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَهُ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْقَصْرَ الْأَبْيَضَ عَنْ يَمِيْنِ الْجَنَّةِ قَالَ أَيْ بُنَيَّ سَلِ اللّٰهَ الْجَنَّةَ وَتَعَوَّذْ بِهِ مِنَ النَّارِ فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّهُ سَيَكُوْنُ فِيْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ قَوْمٌ يَعْتَدُوْنَ فِي الطُّهُوْرِ

اور عبداللہ بن مغفل سے روایت ہے کہ اس نے سنا اپنے بیٹے کو کہہ رہا ہے اے اللہ میں تجھ سے سفید محل جو جنت کے دائیں جانب ہو۔ مانگتا ہوں کہا کہ اے بیٹے اللہ تعالیٰ سے جنت مانگ اور اس کے ساتھ آگ سے پناہ پکڑ۔ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے تھے تحقیق اس امت میں ایک جماعت ہوگی جو طہارت اور دعا میں زیادتی

besturdubooks.wordpress.com

وَالدُّعَاءِ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

کریں گے۔ (روایت کیا اس کو احمد اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۳۸۵/۲۶ وَعَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِلْوُضُوْءِ شَيْطَانًا يُقَالُ لَهُ الْوَلَهَانُ فَاتَّقُوْا وَسْوَاسَ الْمَاءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَّلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ لِأَنَّا لَا نَعْلَمُ أَحَدًا أَسْنَدَهُ غَيْرُ خَارِجَةَ وَهُوَ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ عِنْدَ أَصْحَابِنَا۔

اور ابی بن کعب رضؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا کہ وضو کا ایک شیطان ہے جس کا نام ولہان ہے پانی کے وسواس سے بچو۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے اہل حدیث کے نزدیک اس کی سند قوی نہیں ہے اس لئے کہ ہم کسی کو نہیں جانتے کہ خارجہ کے سوا اس کو کسی نے مرفوع بیان کیا ہو اور وہ محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے۔

۳۸۶/۲۷ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأَ مَسَحَ وَجْهَهُ بِطَرَفِ ثَوْبِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اور معاذ بن جبل رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جس وقت وضو فرماتے اپنے چہرۂ مبارک کو کپڑے کے کنارے سے پونچھتے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۳۸۷/۲۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِرْقَةٌ يُّنَشِّفُ بِهَا أَعْضَاءَهُ بَعْدَ الْوُضُوْءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَّيْسَ بِالْقَائِمِ وَأَبُوْ مُعَاذٍ الرَّاوِيْ ضَعِيْفٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ۔

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک کپڑا تھا اس کے ساتھ وضو کے بعد اپنے اعضا مبارک پونچھتے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور انہوں نے کہا یہ حدیث قوی نہیں ہے ابو معاذ راوی اہل حدیث کے نزدیک ضعیف ہے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۳۸۸/۲۹ عَنْ ثَابِتِ بْنِ أَبِيْ صَفِيَّةَ قَالَ قُلْتُ لِأَبِيْ جَعْفَرٍ هُوَ مُحَمَّدُ الْبَاقِرُ

ثابتؓ بن ابی صفیہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے ابو جعفر محمد باقر سے پوچھا کیا جابرؓ نے

besturdubooks.wordpress.com

حَدَّثَكَ جَابِرٌ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ مَرَّةً مَرَّةً وَّمَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ وَثَلٰثًا ثَلٰثًا قَالَ نَعَمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

تم کو حدیث بیان کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار اور دو دو بار اور تین تین بار وضو کیا انہوں نے کہا ہاں (روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے)

۳۸۹/۳۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ وَقَالَ هُوَ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ۔

اور عبداللہ بن زید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دو مرتبہ وضو کیا اور فرمایا یہ نور ہے اوپر نور کے۔

۳۹۰/۳۱ وَعَنْ عُثْمَانَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ ثَلٰثًا ثَلٰثًا وَّقَالَ هٰذَا وُضُوْئِيْ وَوُضُوْءُ الْاَنْبِيَاءِ قَبْلِيْ وَوُضُوْءُ اِبْرَاهِيْمَ۔ رَوَاهُمَا رَزِيْنٌ وَالنَّوَوِيُّ ضَعَّفَ الثَّانِيَ فِيْ شَرْحِ مُسْلِمٍ۔

اور حضرت عثمان رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین تین مرتبہ وضو فرمایا اور آپ نے فرمایا یہ میرا وضو ہے اور مجھ سے پہلے انبیاء کا وضو ہے اور وضو ہے ابراہیم علیہ السلام کا۔ (روایت کیا ان دونوں کو رزین نے اور نووی نے دوسری کو شرح مسلم میں ضعیف کہا ہے)

۳۹۱/۳۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ لِكُلِّ صَلٰوةٍ وَّكَانَ اَحَدُنَا يَكْفِيْهِ الْوُضُوْءُ مَا لَمْ يُحْدِثْ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

اور انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لئے وضو فرماتے تھے اور تھا ایک ہمارا کفایت کرتا اس کو وضو جب تک وضو نہ ٹوٹتا۔ (روایت کیا اس کو دارمی نے)

۳۹۲/۳۳ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ حَبَّانَ قَالَ قُلْتُ لِعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَرَاَيْتَ وُضُوْءَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ لِكُلِّ صَلٰوةٍ طَاهِرًا كَانَ اَوْ غَيْرَ طَاهِرٍ عَمَّنْ اَخَذَهٗ فَقَالَ حَدَّثَتْهُ اَسْمَاءُ بِنْتُ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِيْ عَامِرٍ الْغَسِيْلِ حَدَّثَهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ

محمد بن یحییٰ بن حبان سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے عبید اللہ بن عبداللہ بن عمر رضؓ سے کہا خبر دے کہ عبداللہ بن عمر رضؓ ہر نماز کے لئے وضو کرتے ہیں وضو ہو یا نہ ہو یہ کس سے نقل ہے پس کہا اس کو اسماء بنت زید بن خطاب نے خبر دی کہ عبداللہ بن حنظلہ بن ابی عامر غسیل نے اس سے حدیث بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر نماز کے لئے وضو کرنے کا حکم دیا گیا تھا خواہ باوضو ہوں یا بے وضو جب آپ پر یہ مشکل ہوا

besturdubooks.wordpress.com

أُمِرَ بِالْوُضُوْءِ لِكُلِّ صَلٰوةٍ طَاهِرًا كَانَ أَوْ غَيْرَ طَاهِرٍ فَلَمَّا شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرَ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَّوُضِعَ عَنْهُ الْوُضُوْءُ إِلَّا مِنْ حَدَثٍ قَالَ فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَرٰى أَنَّ بِهٖ قُوَّةً عَلٰى ذٰلِكَ فَفَعَلَهٗ حَتّٰى مَاتَ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

آپ کو ہر نماز کے لئے مسواک کرنے کا حکم دیا گیا اور وضو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے موقوف کر دیا گیا مگر بے وضو ہونے کے وقت کہا عبید اللہ نے پس عبد اللہ گمان کرتے تھے کہ اُن کو اس پر قوت ہے پس آپ اس طرح کرتے رہے یہاں تک کہ وفات پائی۔

(روایت کیا اس کو احمد نے)

۳۹۳/۳۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِسَعْدٍ وَّهُوَ يَتَوَضَّأُ فَقَالَ مَا هٰذَا السَّرَفُ يَا سَعْدُ قَالَ أَفِي الْوُضُوْءِ سَرَفٌ قَالَ نَعَمْ وَإِنْ كُنْتَ عَلٰى نَهْرٍ جَارٍ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سعدؓ کے پاس سے گزرے اور وہ وضو کرتے تھے فرمایا اے سعدؓ یہ کیا اسراف ہے سعدؓ نے کہا کیا وضو میں بھی اسراف ہے آپ نے فرمایا ہاں اگرچہ تو جاری نہر پر بھی ہو (روایت کیا اس کو احمد نے اور ابن ماجہ نے)

۳۹۴/۳۵ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَّابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَوَضَّأَ وَذَكَرَ اسْمَ اللّٰهِ فَإِنَّهٗ يُطَهِّرُ جَسَدَهٗ كُلَّهٗ وَمَنْ تَوَضَّأَ وَلَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ لَمْ يُطَهِّرْ إِلَّا مَوْضِعَ الْوُضُوْءِ

ابو ہریرہؓ اور ابن مسعودؓ اور ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے آپ نے فرمایا جس نے وضو کیا اور اللہ تعالےٰ کا نام لیا تحقیق اُس نے اپنے سارے جسم کو پاک کر لیا اور جس نے وضو کیا اور اللہ تعالےٰ کا نام نہیں لیا نہ پاک کیا اُس نے مگر اعضائے وضو کو۔

۳۹۵/۳۶ وَعَنْ أَبِيْ رَافِعٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأَ وُضُوْءَ الصَّلٰوةِ حَرَّكَ خَاتَمَهٗ فِيْ إِصْبَعِهٖ۔ رَوَاهُمَا الدَّارَقُطْنِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ الْأَخِيْرَ۔

ابو رافعؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے نماز کا وضو اپنی انگوٹھی کو اپنی انگلی میں ہلاتے روایت کیا ان دونوں کو دار قطنی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے فقط دوسری حدیث کو۔

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ الْغُسْلِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۳۹۶/۱ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَلَسَ اَحَدُکُمْ بَیْنَ شُعَبِهَا الْاَرْبَعِ ثُمَّ جَهَدَهَا فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ وَاِنْ لَّمْ یُنْزِلْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

۳۹۷/۲ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْمَآءُ مِنَ الْمَآءِ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ قَالَ الشَّیْخُ الْاِمَامُ مُحْیِ السُّنَّةِ رَحِمَهُ اللّٰهُ هٰذَا مَنْسُوْخٌ وَّقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِنَّمَا الْمَآءُ مِنَ الْمَآءِ فِی الْاِحْتِلَامِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَلَمْ اَجِدْهُ فِی الصَّحِیْحَیْنِ۔

۳۹۸/۳ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ اُمُّ سُلَیْمٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَحْیِیْ مِنَ الْحَقِّ فَهَلْ عَلَی الْمَرْاَةِ مِنْ غُسْلٍ اِذَا احْتَلَمَتْ قَالَ نَعَمْ اِذَا رَاَتِ الْمَآءَ فَغَطَّتْ اُمُّ سَلَمَةَ وَجْهَهَا وَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوَتَحْتَلِمُ الْمَرْاَةُ قَالَ نَعَمْ تَرِبَتْ یَمِیْنُكِ فَبِمَ یُشْبِهُهَا وَلَدُهَا۔ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ۔ وَزَادَ مُسْلِمٌ فِیْ رِوَایَةِ اُمِّ سُلَیْمٍ اَنَّ مَآءَ الرَّجُلِ غَلِیْظٌ اَبْیَضُ وَمَآءَ الْمَرْاَةِ رَقِیْقٌ

# غسل کا بیان

## پہلی فصل

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ایک تمہارا عورت کی چار شاخوں کے درمیان بیٹھے پھر کوشش کرے پس غسل واجب ہوگیا اگرچہ منی نہ نکلے۔ (متفق علیہ)

ابوسعید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوا اس کے نہیں پانی پانی سے ہے روایت کیا اس کو مسلم نے کہا شیخ امام محیٔ السنہ رحمہ اللہ نے کہ یہ منسوخ ہے اور ابن عباس رضؓ نے کہا سوا اس کے نہیں الماء من الماء کا تعلق احتلام سے ہے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور میں نے اس کو صحیحین میں نہیں پایا۔

ام سلمہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ام سلیم رضؓ نے کہا اے اللہ کے رسول بیشک اللہ تعالیٰ حق سے حیا نہیں کرتا پس کیا عورت پر غسل واجب ہے جب اس کو احتلام ہو آپ نے فرمایا ہاں جس وقت دیکھے پانی پس ام سلمہ رضؓ نے اپنا منہ ڈھانپ لیا اور کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسول کیا عورت کو بھی احتلام ہوتا ہے آپ نے فرمایا ہاں تیرا داہنا ہاتھ خاک آلود ہو پس کس کے سبب سے بچہ اس کے مشابہ ہوتا ہے (متفق علیہ) اور مسلم نے زیادہ بیان کیا ام سلیم رضؓ کی روایت سے کہ مرد کی منی گاڑھی سفید ہوتی ہے اور عورت کی منی پتلی اور زرد ہوتی ہے پس ان

besturdubooks.wordpress.com

أَصْفَرُ أَيُّهُمَا عَلَا أَوْ سَبَقَ يَكُونُ مِنْهُ الشَّبَهُ۔

دونوں میں سے جو غالب ہو یا سبقت کرے اس سے مشابہت ہوتی ہے۔

۳۹۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ بَدَأَ فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ كَمَا يَتَوَضَّأُ لِلصَّلٰوةِ ثُمَّ يُدْخِلُ أَصَابِعَهُ فِي الْمَاءِ فَيُخَلِّلُ بِهَا أُصُولَ شَعْرِهِ ثُمَّ يَصُبُّ عَلٰى رَأْسِهِ ثَلٰثَ غُرَفَاتٍ بِيَدَيْهِ ثُمَّ يُفِيضُ الْمَاءَ عَلٰى جِلْدِهِ كُلِّهِ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ يَبْدَأُ فَيَغْسِلُ يَدَيْهِ قَبْلَ أَنْ يُدْخِلَهُمَا الْإِنَاءَ ثُمَّ يُفْرِغُ بِيَمِينِهِ عَلٰى شِمَالِهِ فَيَغْسِلُ فَرْجَهُ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ۔

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جنابت کے غسل کا ارادہ کرتے دونوں ہاتھ دھوتے پھر وضو کرتے جیسا کہ نماز کے لئے وضو فرماتے پھر پانی میں اپنی انگلیاں داخل کرتے اور اپنے بالوں کی جڑوں کا خلال کرتے پھر اپنے سر پر پانی ڈالتے اپنے دونوں ہاتھوں سے تین چلو پھر اپنے تمام بدن پر پانی بہاتے (متفق علیہ) اور مسلم کی ایک روایت میں ہے شروع کرتے اپنے دونوں ہاتھ دھوتے برتن میں داخل کرنے سے پہلے پھر اپنے دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالتے اور اپنی شرمگاہ دھوتے۔ پھر وضو فرماتے۔

۴۰۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَتْ مَيْمُونَةُ وَضَعْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُسْلًا فَسَتَرْتُهُ بِثَوْبٍ وَصَبَّ عَلٰى يَدَيْهِ فَغَسَلَهُمَا ثُمَّ صَبَّ بِيَمِينِهِ عَلٰى شِمَالِهِ فَغَسَلَ فَرْجَهُ فَضَرَبَ بِيَدِهِ الْأَرْضَ فَمَسَحَهَا ثُمَّ غَسَلَهَا فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَغَسَلَ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ ثُمَّ صَبَّ عَلٰى رَأْسِهِ وَأَفَاضَ عَلٰى جَسَدِهِ ثُمَّ تَنَحّٰى فَغَسَلَ قَدَمَيْهِ فَنَاوَلْتُهُ ثَوْبًا فَلَمْ يَأْخُذْهُ فَانْطَلَقَ وَهُوَ يَنْفُضُ يَدَيْهِ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهُ لِلْبُخَارِيِّ۔

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ حضرت میمونہ رضؓ نے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے غسل کا پانی رکھا کپڑے کے ساتھ میں نے پردہ کیا آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں پر پانی ڈالا اُن کو دھویا اور پھر دائیں ہاتھ کے ساتھ بائیں ہاتھ پر پانی ڈالا اپنا ستر دھویا پھر زمین پر اپنا ہاتھ ملا پھر دھویا اُس کو پھر آپؐ نے کُلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنا چہرہ مبارک اور دونوں ہاتھ دھوئے۔ پھر اپنے سر پر پانی ڈالا اور اپنے جسم پر بہایا پھر ایک طرف ہوئے پھر دونوں پاؤں دھوئے میں نے آپؐ کو کپڑا پکڑایا آپؐ نے نہ لیا پس چلے اور جھاڑتے تھے اپنے دونوں ہاتھ (متفق علیہ اور لفظ اس کے بخاری کے ہیں)

۴۰۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ امْرَأَةً

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔

besturdubooks.wordpress.com

مِنَ الْاَنْصَارِ سَاَلَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ غُسْلِہَا مِنَ الْمَحِیْضِ فَاَمَرَہَا کَیْفَ تَغْتَسِلُ ثُمَّ قَالَ خُذِیْ فِرْصَۃً مِّنْ مِّسْکٍ فَتَطَہَّرِیْ بِہَا قَالَتْ کَیْفَ اَتَطَہَّرُ بِہَا فَقَالَ تَطَہَّرِیْ بِہَا قَالَتْ کَیْفَ اَتَطَہَّرُ بِہَا قَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ تَطَہَّرِیْ بِہَا فَاجْتَذَبْتُہَا اِلَیَّ فَقُلْتُ تَتَبَّعِیْ بِہَا اَثَرَ الدَّمِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

انصار کی ایک عورت نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے غسل حیض کے متعلق پوچھا آپ نے اُسے حکم دیا کیسے نہائے پھر فرمایا مشک کا ٹکڑا لے اور اُس کے ساتھ پاکی حاصل کر اُس نے کہا کیسے پاکی حاصل کروں میں آپ نے فرمایا پاکی حاصل کر اُس کے ساتھ اس نے کہا کیسے اس کے ساتھ پاکی حاصل کروں آپ نے فرمایا سبحان اللہ پاکی حاصل کر تو میں نے اُسے اپنی طرف کھینچ لیا میں نے کہا اس کو خون کی جگہ رکھدے (متفق علیہ)

۴۰۲ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَتْ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ امْرَاَۃٌ اَشُدُّ ضَفْرَ رَاْسِیْ اَفَاَنْقُضُہٗ لِغُسْلِ الْجَنَابَۃِ فَقَالَ لَا اِنَّمَا یَکْفِیْکِ اَنْ تَحْثِیْ عَلٰی رَاْسِکِ ثَلٰثَ حَثَیَاتٍ ثُمَّ تُفِیْضِیْنَ عَلَیْکِ الْمَاءَ فَتَطْہُرِیْنَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

اُمّ سلمہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسول میں عورت ہوں خوب گوندھتی ہوں اپنے سر کے بال کیا غسل جنابت کے وقت اُن کو کھول لوں آپ نے فرمایا نہیں تجھ کو یہی کافی ہے کہ اپنے سر پر تین لپیں پانی ڈال لے پھر اپنے جسم پر پانی بہا پس تو پاک ہو جائے گی (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۴۰۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَوَضَّاُ بِالْمُدِّ وَیَغْتَسِلُ بِالصَّاعِ اِلٰی خَمْسَۃِ اَمْدَادٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

انس رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مُد کے ساتھ وضو اور صاع سے لے کر پانچ مُد تک کے ساتھ غسل فرماتے تھے۔ (متفق علیہ)

۴۰۴ وَعَنْ مُعَاذَۃَ قَالَتْ قَالَتْ عَائِشَۃُ کُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ بَیْنِیْ وَبَیْنَہٗ فَیُبَادِرُنِیْ حَتّٰی اَقُوْلَ دَعْ لِیْ دَعْ لِیْ قَالَتْ وَہُمَا جُنُبَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

معاذہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا حضرت عائشہ رضہ نے کہا میں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک برتن سے نہاتے جو میرے اور آپ کے درمیان ہوتا پس جلدی کرتے مجھ سے حتیٰ کہ میں کہتی میرے لئے چھوڑیں میرے لئے چھوڑیں معاذہ نے کہا اور وہ دونوں جنبی ہوتے (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۴۰۵ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُوْلُ

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يَجِدُ الْبَلَلَ وَلَا يَذْكُرُ احْتِلَامًا قَالَ يَغْتَسِلُ وَعَنِ الرَّجُلِ الَّذِي يَرَى أَنَّهُ قَدِ احْتَلَمَ وَلَا يَجِدُ بَلَلًا قَالَ لَا غُسْلَ عَلَيْهِ قَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ هَلْ عَلَى الْمَرْأَةِ تَرَى ذٰلِكَ غُسْلٌ قَالَ نَعَمْ إِنَّ النِّسَاءَ شَقَائِقُ الرِّجَالِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَرَوَى الدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ إِلَى قَوْلِهِ لَا غُسْلَ عَلَيْهِ۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص کے متعلق سوال کیا گیا جو پاتا ہے تری کو اور احتلام کو یاد نہیں رکھتا آپ نے فرمایا غسل کرے اور ایک آدمی جو احتلام کو یاد رکھتا ہے اور نہیں پاتا تراوت آپ نے فرمایا اس پر غسل نہیں ہے اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے کہا کیا عورت پر بھی غسل واجب ہوتا ہے جس وقت دیکھے یہ آپ نے فرمایا ہاں عورتیں بھی مردوں کی مانند ہیں روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور روایت کیا دارمی اور ابن ماجہ نے اس کے قول لاغسل علیہ تک۔

۴۰۶/۱۱ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَاوَزَ الْخِتَانُ الْخِتَانَ وَجَبَ الْغُسْلُ فَعَلْتُهُ أَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاغْتَسَلْنَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

اسی (عائشہ رضی اللہ عنہا) سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تجاوز کر جائے محل ختنہ کا عورت کے محل ختنہ سے واجب ہوگا غسل کہا میں نے اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا پس نہائے ہم دونوں (روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے)

۴۰۷/۱۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ كُلِّ شَعْرَةٍ جَنَابَةٌ فَاغْسِلُوا الشَّعْرَ وَأَنْقُوا الْبَشَرَةَ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَالْحَارِثُ بْنُ وَجِيْهٍ الرَّاوِيُّ هُوَ شَيْخٌ لَيْسَ بِذٰلِكَ۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر بال کے نیچے جنابت ہے پس دھوؤ بالوں کو۔ اور پاک کرو بدن کو روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور حارث بن وجیہ راوی جو کہ ایک شیخ ہے اس قدر معتبر نہیں۔

۴۰۸/۱۳ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ مَوْضِعَ شَعْرَةٍ مِّنْ جَنَابَةٍ لَّمْ يَغْسِلْهَا فُعِلَ بِهَا كَذَا وَكَذَا مِنَ النَّارِ قَالَ عَلِيٌّ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ایک بال جتنی جگہ غسل جنابت سے چھوڑ دی اس کو نہ دھویا اس کے ساتھ ایسا اور ایسا آگ کے عذاب سے کیا جائے گا۔ علی رضی اللہ عنہ

besturdubooks.wordpress.com

فَمِنْ ثَمَّ عَادَيْتُ رَأْسِيْ فَمِنْ ثَمَّ عَادَيْتُ رَأْسِيْ فَمِنْ ثَمَّ عَادَيْتُ رَأْسِيْ ثَلٰثًا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَاَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ اِلَّا اَنَّهُمَا لَمْ يُكَرِّرَا فَمِنْ ثَمَّ عَادَيْتُ رَأْسِيْ۔

نے کہا۔ اس لیے میں نے اپنے سر کے ساتھ دشمنی کی۔ اسی لیے میں نے اپنے سر کے ساتھ دشمنی کی۔ اسی لیے میں نے اپنے سر کے ساتھ دشمنی کی تین بار فرمایا روایت کیا ہے۔ اس کو ابوداؤد نے۔ احمد اور دارمی نے مگر احمد اور دارمی نے فَمِنْ ثَمَّ عَادَيْتُ رَأْسِيْ تکرار کے ساتھ ذکر نہیں کیا۔

۴۰/۱۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَوَضَّأُ بَعْدَ الْغُسْلِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ۔

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل کے بعد وضو نہیں فرمایا کرتے تھے۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے۔ ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے۔

۴۱/۱۵ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْسِلُ رَأْسَهٗ بِالْخَطْمِيِّ وَهُوَ جُنُبٌ يُجْزِئُ بِذٰلِكَ وَلَا يَصُبُّ عَلَيْهِ الْمَاءَ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اور اسی (حضرت عائشہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر (مبارک) خطمی کے ساتھ دھویا کرتے تھے اور آپ جنبی ہوتے اسی پر کفایت کرتے۔ اور سر پر پانی نہیں ڈالتے تھے (روایت کیا ابوداؤد نے)

۴۲/۱۶ وَعَنْ يَعْلٰى قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا يَغْتَسِلُ بِالْبَرَازِ فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ حَيِيٌّ سِتِّيْرٌ يُحِبُّ الْحَيَاءَ وَالتَّسَتُّرَ فَاِذَا اغْتَسَلَ اَحَدُكُمْ فَلْيَسْتَتِرْ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَفِيْ رِوَايَتِهٖ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ سِتِّيْرٌ فَاِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَغْتَسِلَ فَلْيَتَوَارَ بِشَيْءٍ۔

بیشک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا کہ میدان میں نہا رہا ہے۔ پس آپ منبر پر چڑھے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد کی اور ثنا کی۔ پھر فرمایا۔ تحقیق اللہ تعالیٰ حیا والا بہت پردہ پوش ہے۔ حیا اور پردہ کو پسند کرتا ہے۔ جب تم میں سے کوئی نہائے۔ پس چاہیئے۔ کہ پردہ کرے۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔ اور نسائی نے۔ نسائی کی ایک روایت میں ہے آپ نے فرمایا۔ بیشک اللہ تعالیٰ بہت پردہ پوش ہے جس وقت تم میں سے کوئی نہانے کا ارادہ کرے پس چاہیئے کسی چیز کی آڑ کر کے پردہ کرے

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۴۳/۱۷ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ اِنَّمَا كَانَ الْمَاءُ مِنَ الْمَاءِ رُخْصَةً فِيْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ

اُبی بن کعبؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ سوائے اس کے نہیں کہ منی کے نکلنے سے نہانا اسلام

besturdubooks.wordpress.com

ثُمَّ نُهِيَ عَنْهَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

کے ابتداء میں رخصت تھی پھر اس سے منع کیا گیا روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے۔ اور دارمی نے۔

۴۱۳/۱۸ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي اغْتَسَلْتُ مِنَ الْجَنَابَةِ وَصَلَّيْتُ الْفَجْرَ فَرَأَيْتُ قَدْرَ مَوْضِعِ الظُّفْرِ لَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتَ مَسَحْتَ عَلَيْهِ بِيَدِكَ أَجْزَأَكَ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علیؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے کہا میں نے جنابت کا غسل کیا ہے اور فجر کی نماز پڑھی میں نے ایک ناخن کی مقدار جگہ دیکھی اس کو پانی نہیں پہنچا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تو اس پر اپنا ہاتھ پھیر دیتا تو تجھے کافی تھا۔

(روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۴۱۴/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتِ الصَّلٰوةُ خَمْسِيْنَ وَالْغُسْلُ مِنَ الْجَنَابَةِ سَبْعَ مَرَّاتٍ وَغَسْلُ الْبَوْلِ مِنَ الثَّوْبِ سَبْعَ مَرَّاتٍ فَلَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُ حَتّٰى جُعِلَتِ الصَّلٰوةُ خَمْسًا وَغُسْلُ الْجَنَابَةِ مَرَّةً وَغَسْلُ الثَّوْبِ مِنَ الْبَوْلِ مَرَّةً۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نمازیں پچاس فرض تھیں جنابت سے نہانا سات مرتبہ اور پیشاب سے کپڑے کا دھونا سات مرتبہ تھا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ سوال کرتے رہے یہاں تک کہ نمازیں پانچ جنابت سے غسل ایک بار پیشاب سے کپڑے کا دھونا ایک بار کر دیا گیا۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔

# بَابُ مُخَالَطَةِ الْجُنُبِ وَمَا يُبَاحُ لَهٗ

# جنبی آدمی سے میل جول اور اس کے لئے جائز امور کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۴۱۵/۱ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَقِيَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا جُنُبٌ فَأَخَذَ بِيَدِيْ فَمَشَيْتُ مَعَهٗ حَتّٰى قَعَدَ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ملے اور میں جنبی تھا آپ نے میرا ہاتھ پکڑا میں آپ کے ساتھ چلا یہاں تک کہ آپ بیٹھ گئے اور

besturdubooks.wordpress.com

فَانْسَلَلْتُ فَاَتَيْتُ الرَّحْلَ فَاغْتَسَلْتُ ثُمَّ جِئْتُ وَهُوَ قَاعِدٌ فَقَالَ اَيْنَ كُنْتَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ لَهٗ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَا يَنْجَسُ۔ هٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَلِمُسْلِمٍ مَّعْنَاهُ وَزَادَ بَعْدَ قَوْلِهٖ فَقُلْتُ لَهٗ لَقَدْ لَقِيتَنِي وَاَنَا جُنُبٌ فَكَرِهْتُ اَنْ اُجَالِسَكَ حَتّٰى اَغْتَسِلَ وَكَذَا الْبُخَارِيُّ فِي رِوَايَةٍ اُخْرٰى۔

میں چپکے سے نکل گیا پس میں مکان پر آیا۔ پس میں نہایا پھر آپؐ کے پاس آیا۔ آپ بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ نے فرمایا۔ اے ابوہریرہؓ تو کہاں تھا۔ میں نے آپ کے لئے ذکر کیا۔ پس آپ نے فرمایا۔ سبحان اللہ! مومن بیشک ناپاک نہیں ہوتا۔ یہ لفظ بخاری کے ہیں۔ اور مسلم میں ہے۔ اس کا معنے اور اُن کے قول فقلتُ لہ کے بعد زیادہ کیا۔ آپ جب مجھے ملے میں جنبی تھا۔ میں نے مکروہ سمجھا کہ آپ کے پاس بیٹھوں۔ یہاں تک کہ غسل کروں۔ اسی طرح بخاری شریف کی ایک روایت میں ہے۔

۴۱۶/۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ ذَكَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ تُصِيبُهُ الْجَنَابَةُ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاْ وَاغْسِلْ ذَكَرَكَ ثُمَّ نَمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت عمر بن الخطابؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا۔ کہ رات کے وقت ان کو جنابت پہنچتی ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وضو کر۔ اور اپنا ذکر دھو ڈال۔ اور پھر سو جا۔ (متفق علیہ)

۴۱۷/۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ جُنُبًا فَاَرَادَ اَنْ يَّاْكُلَ اَوْ يَنَامَ تَوَضَّاَ وُضُوْءَهٗ لِلصَّلٰوةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنبی ہوتے۔ پس ارادہ کرتے یہ کہ کھاویں یا سوئیں۔ وضو فرماتے۔ جیسا کہ نماز کے لئے وضو کیا جاتا ہے۔ (متفق علیہ)

۴۱۸/۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمْ اَهْلَهٗ ثُمَّ اَرَادَ اَنْ يَّعُوْدَ فَلْيَتَوَضَّاْ بَيْنَهُمَا وُضُوْءًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب کوئی تم میں سے اپنی بیوی کے پاس آئے پھر ارادہ کرے کہ دوبارہ آئے۔ پس چاہیئے کہ وضو کرے درمیان دونوں کے روایت کیا اس کو مسلم نے۔

۴۱۹/۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوْفُ عَلٰى نِسَآئِهٖ

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیویوں کے پاس ایک غسل کے

besturdubooks.wordpress.com

بِغُسْلٍ وَّاحِدٍ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۴۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ اَحْيَانِهٖ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

وَحَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ سَنَذْكُرُهٗ فِيْ كِتَابِ الْاَطْعِمَةِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

ساتھ آتے تھے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کو ہر وقت یاد کرتے تھے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

اور ابن عباس رضہ کی حدیث ہم کتاب الاطعمہ میں ذکر کریں گے انشاء اللہ تعالےٰ۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۴۲۷ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اغْتَسَلَ بَعْضُ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَفْنَةٍ فَاَرَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَوَضَّاَ مِنْهُ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ جُنُبًا فَقَالَ اِنَّ الْمَاءَ لَا يُجْنِبُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى الدَّارِمِيُّ نَحْوَهٗ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْهُ عَنْ مَّيْمُوْنَةَ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ۔

ابن عباس رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک بیوی نے ایک لگن میں غسل کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے وضو کرنے کا ارادہ کیا اس نے کہا اے اللہ کے رسول میں جنبی تھی تو آپ نے فرمایا تحقیق پانی جنبی نہیں ہوتا روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابو داؤد نے اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا ہے دارمی نے اس کی مانند اور شرح السنہ میں ابن عباس رضہ سے اس نے حضرت میمونہ رضہ سے روایت کیا ہے مصابیح کے لفظ کے ساتھ۔

۴۲۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْتَسِلُ مِنَ الْجَنَابَةِ ثُمَّ يَسْتَدْفِئُ فِيَّ قَبْلَ اَنْ اَغْتَسِلَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهٗ۔ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ۔

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل کرتے جنابت کا پھر میرے ساتھ گرمی حاصل کرتے اس سے پہلے کہ میں غسل کروں روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے اور روایت کیا ہے ترمذی نے اس کے مانند شرح السنہ میں مصابیح کے لفظ کے ساتھ۔

۴۲۹ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ مِنَ الْخَلَاءِ فَيُقْرِئُنَا الْقُرْاٰنَ وَيَاْكُلُ مَعَنَا اللَّحْمَ

حضرت علی رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء سے نکلتے ہم کو قرآن پڑھاتے ہمارے ساتھ گوشت کھا لیتے۔ آپ کو قرآن

besturdubooks.wordpress.com



وَلَمْ يَكُنْ يَحْجُبُهُ أَوْ يَحْجُزُهُ عَنِ الْقُرْآنِ شَيْءٌ لَيْسَ الْجَنَابَةَ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهُ۔

پڑھنے سے جنابت کے سوا کوئی چیز منع نہیں کرتی تھی یا روکتی نہ تھی۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور روایت کیا ہے ابن ماجہ نے اس کی مانند

۴۲۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقْرَأُ الْحَائِضُ وَلَا الْجُنُبُ شَيْئًا مِّنَ الْقُرْآنِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حائضہ اور جنبی قرآن شریف نہ پڑھیں (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۴۲۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجِّهُوْا هٰذِهِ الْبُيُوْتَ عَنِ الْمَسْجِدِ فَإِنِّيْ لَا أُحِلُّ الْمَسْجِدَ لِحَائِضٍ وَّلَا جُنُبٍ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ۔

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان گھروں کے دروازے مسجد سے پھیر لو میں مسجد کو حائضہ اور جنبی کے لئے حلال نہیں کرتا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۴۲۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَدْخُلُ الْمَلٰٓئِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ وَّلَا كَلْبٌ وَّلَا جُنُبٌ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت علیؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر ہو یا کتا ہو یا جنبی ہو روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے۔

۴۲۷ وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَا تَقْرَبُهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ جِيْفَةُ الْكَافِرِ وَالْمُتَضَمِّخُ بِالْخَلُوْقِ وَالْجُنُبُ إِلَّا أَنْ يَّتَوَضَّأَ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ۔

عمار بن یاسرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص ہیں کہ فرشتے اُن کے نزدیک نہیں جاتے۔ کافر کا لاشہ۔ اور خلوق لگانے والا۔ اور جنبی مگر یہ کہ وہ وضو کرے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۴۲۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ أَنَّ فِي الْكِتَابِ الَّذِيْ كَتَبَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمْرِو بْنِ حَزْمٍ أَنْ لَا يَمَسَّ الْقُرْآنَ إِلَّا طَاهِرٌ۔

عبداللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم سے روایت ہے بیشک وہ خط جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرو بن حزم کو لکھا تھا اُس میں یہ بھی لکھا ہوا تھا کہ قرآن شریف کو ہاتھ نہ لگاوے مگر پاک شخص (روایت کیا ہے اس کو مالکؒ اور

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالدَّارَقُطْنِيُّ)

(دارقطنی نے)

۴۲۹/۱۵ وَعَنْ نَّافِعٍ قَالَ انْطَلَقْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ فِيْ حَاجَةٍ فَقَضَى ابْنُ عُمَرَ حَاجَتَهٗ وَكَانَ مِنْ حَدِيْثِهٖ يَوْمَئِذٍ اَنْ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ فِيْ سِكَّةٍ مِّنَ السِّكَكِ فَلَقِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ خَرَجَ مِنْ غَائِطٍ اَوْ بَوْلٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ حَتّٰى اِذَا كَادَ الرَّجُلُ اَنْ يَّتَوَارٰى فِي السِّكَّةِ ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيْهِ عَلَى الْحَائِطِ وَمَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهٗ ثُمَّ ضَرَبَ ضَرْبَةً اُخْرٰى فَمَسَحَ ذِرَاعَيْهِ ثُمَّ رَدَّ عَلَى الرَّجُلِ السَّلَامَ وَقَالَ اِنَّهٗ لَمْ يَمْنَعْنِيْ اَنْ اَرُدَّ عَلَيْكَ السَّلَامَ اِلَّا اَنِّيْ لَمْ اَكُنْ عَلٰى طُهْرٍ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

نافع رضؓ سے روایت ہے کہ میں ایک دفعہ ابن عمرؓ کے ساتھ قضائے حاجت کے لئے چلا ابن عمرؓ نے فراغت حاصل کی اور اُس دن اُن کی حدیث سے یہ بھی ہے ایک شخص ایک گلی میں سے گزرا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس نے مُلاقات کی۔ آپؐ پاخانے یا پیشاب سے فارغ ہوئے تھے۔ اس نے آپؐ کو سلام کیا آپؐ نے اُسے جواب نہ دیا جب قریب ہوا کہ وہ آدمی گلی میں چھپ جائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ دیوار پر مارے۔ اور اُن دونوں سے اپنے چہرے (مبارک) کا مسح کیا پھر ہاتھ مارے اور اپنے دونوں ہاتھوں پر مسح کیا پھر اُس آدمی کو سلام کا جواب دیا اور فرمایا میں نے تیرے سلام کا جواب اس لئے نہیں دیا تھا کہ میں پاکی پر نہ تھا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۴۳۰/۱۶ وَعَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ اَنَّهٗ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبُوْلُ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ حَتّٰى تَوَضَّاَ ثُمَّ اعْتَذَرَ اِلَيْهِ فَقَالَ اِنِّيْ كَرِهْتُ اَنْ اَذْكُرَ اللّٰهَ اِلَّا عَلٰى طُهْرٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَى النَّسَائِيُّ اِلٰى قَوْلِهٖ حَتّٰى تَوَضَّاَ وَقَالَ فَلَمَّا تَوَضَّاَ رَدَّ عَلَيْهِ۔

مہاجر رضؓ بن قُنفذ سے روایت ہے کہا وُہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا آپؐ پیشاب کر رہے تھے پس اُس نے سلام کہا آپؐ نے اس کا جواب نہ دیا یہاں تک کہ آپؐ نے وضو کیا پھر اس کی طرف عذر بیان کیا اور آپ نے فرمایا میں نے بُرا جانا کہ میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کروں مگر پاکی پر (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے نسائی نے حتّٰی تَوَضَّاَ تک اور کہا جب وضو کیا تو جواب دیا۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۴۳۱/۱۷ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ

اُمّ سلمہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com



اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْنُبُ ثُمَّ يَنَامُ ثُمَّ يَنْتَبِهُ ثُمَّ يَنَامُ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنبی ہوتے پھر سوتے پھر بیدار ہوتے پھر سوتے۔ روایت کیا اس کو احمد نے۔

۴۳۲/۱۸ وَعَنْ شُعْبَةَ قَالَ إِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ كَانَ إِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ يُفْرِغُ بِيَدِهِ الْيُمْنَى عَلَى يَدِهِ الْيُسْرَى سَبْعَ مِرَارٍ ثُمَّ يَغْسِلُ فَرْجَهُ فَنَسِيَ مَرَّةً كَمْ أَفْرَغَ فَسَأَلَنِي فَقُلْتُ لَا أَدْرِي فَقَالَ لَا أُمَّ لَكَ وَمَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَدْرِيَ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ وُضُوءَهُ لِلصَّلٰوةِ ثُمَّ يُفِيضُ عَلَى جِلْدِهِ الْمَاءَ ثُمَّ يَقُولُ هٰكَذَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَطَهَّرُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

شعبہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیشک ابن عباس رضؓ جب جنابت کا غسل کرتے تو اپنے دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر ڈالتے سات بار پھر اپنا ستر دھوتے۔ ایک مرتبہ بھول گئے کہ کتنی مرتبہ پانی ڈالا ہے۔ مجھ سے پوچھا۔ میں نے کہا۔ میں نہیں جانتا انہوں نے کہا۔ تیری ماں نہ رہے۔ کس چیز نے منع کیا تجھ کو کہ تو جانے۔ پھر وضو کرتے۔ وضو نماز کے لئے۔ پھر اپنے جسم پر پانی بہاتے۔ پھر کہتے۔ اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طہارت کرتے تھے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔)

۴۳۳/۱۹ وَعَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى نِسَائِهِ يَغْتَسِلُ عِنْدَ هٰذِهِ وَعِنْدَ هٰذِهِ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلَا تَجْعَلُهُ غُسْلًا وَاحِدًا آخِرًا قَالَ هٰذَا أَزْكَى وَأَطْيَبُ وَأَطْهَرُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ)

ابو رافع رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز اپنی تمام بیویوں پر پھرے غسل کرتے اس کے پاس اور غسل کرتے اس کے پاس۔ میں نے کہا اے اللہ کے رسول! کیوں نہ غسل کیا آپ نے ایک اخیر میں۔ آپ نے فرمایا۔ یہ خوب پاک کرتا ہے۔ اور بہت خوش آئند ہے۔ اور بہت ستھرا کرتا ہے۔ روایت کیا ہے اس کو احمد اور ابوداؤد نے۔

۴۳۴/۲۰ وَعَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَتَوَضَّأَ الرَّجُلُ بِفَضْلِ طَهُورِ الْمَرْأَةِ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَزَادَ أَوْ قَالَ بِسُؤْرِهَا وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ۔

حکم بن عمرو سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ یہ کہ وضو کرے آدمی عورت کے بچے ہوئے پانی سے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے اور زیادہ کیا اس نے بقیہ پانی عورت کے سے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۳۵/۲۱ وَعَنْ حُمَيْدٍ الْحِمْيَرِيِّ قَالَ

حمید حمیری سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا

لَقِيْتُ رَجُلًا صَحِبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَ سِنِيْنَ كَمَا صَحِبَهٗ اَبُوْهُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَغْتَسِلَ الْمَرْاَةُ بِفَضْلِ الرَّجُلِ اَوْ يَغْتَسِلَ الرَّجُلُ بِفَضْلِ الْمَرْاَةِ زَادَ مُسَدَّدٌ وَّلْيَغْتَرِفَا جَمِيْعًا۔ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ اَحْمَدُ فِيْ اَوَّلِهٖ نَهٰى اَنْ يَّمْتَشِطَ اَحَدُنَا كُلَّ يَوْمٍ اَوْ يَبُوْلَ فِيْ مُغْتَسَلٍ۔ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسٍ۔

میں ایک آدمی سے ملا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت (اقدس) میں چار سال تک رہا جیسے ابوہریرہ رضؓ آپ کی صحبت میں رہے۔ اس نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ مرد عورت کے بچے ہوئے پانی سے یا عورت مرد کے بچے ہوئے پانی سے نہائے مسددؒ نے زیادہ کیا چاہیئے کہ چلو بھر بھر کر اکٹھا۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور زیادہ کیا احمد نے اس کے شروع میں۔ منع کیا کہ ایک ہمارا ہر روز کنگھی کرے یا غسل خانہ میں پیشاب کرے۔ روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے عبداللہ بن سرجس سے۔

# بَابُ اَحْكَامِ الْمِيَاهِ

# پانی کے احکامات کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۴۳۶ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ الَّذِيْ لَا يَجْرِيْ ثُمَّ يَغْتَسِلُ فِيْهِ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَ لَا يَغْتَسِلُ اَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ وَهُوَ جُنُبٌ قَالُوْا كَيْفَ يَفْعَلُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ يَتَنَاوَلُ تَنَاوُلًا۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی ٹھہرے ہوئے پانی میں جو جاری نہ ہو پیشاب نہ کرے پھر غسل کرے اس میں (متفق علیہ) مسلم کی ایک روایت میں ہے آپ نے فرمایا کوئی تم میں سے ٹھہرے ہوئے پانی میں غسل نہ کرے اس حال میں کہ وہ جنبی ہو لوگوں نے کہا کہ کیسے کرے اے ابوہریرہ رضؓ انہوں نے کہا علیحدہ لے۔

۴۳۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّبَالَ فِي الْمَاءِ الرَّاكِدِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرے۔ روایت کیا اس کو مسلم نے۔

besturdubooks.wordpress.com



۴۳۸/۳ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ ذَهَبَتْ بِيْ خَالَتِيْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ ابْنَ أُخْتِيْ وَجِعٌ فَمَسَحَ رَأْسِيْ وَدَعَا لِيْ بِالْبَرَكَةِ ثُمَّ تَوَضَّأَ فَشَرِبْتُ مِنْ وَضُوْئِهٖ ثُمَّ قُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهٖ فَنَظَرْتُ إِلٰى خَاتَمِ النُّبُوَّةِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ مِثْلَ زِرِّ الْحَجَلَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سائب بن یزید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میری خالہ مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے گئی اور کہا اے اللہ کے رسول میرا یہ بھانجا بیمار ہے آپ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور میرے لئے برکت کی دعا فرمائی آپ نے وضو کیا میں نے آپ کے وضو کے پانی سے پیا پھر میں آپ کی پشت کی طرف کھڑا ہوا میں نے آپ کی مہر نبوت کو دونوں کندھوں کے درمیان دیکھا وہ چھپر کھٹ کی گھنڈی کی مانند تھی۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۴۳۹/۴ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَاءِ يَكُوْنُ فِي الْفَلَاةِ مِنَ الْأَرْضِ وَمَا يَنُوْبُهٗ مِنَ الدَّوَابِّ وَالسِّبَاعِ فَقَالَ إِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ أُخْرٰى لِأَبِيْ دَاوٗدَ فَإِنَّهٗ لَا يَنْجُسُ۔

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس پانی کے متعلق سوال کیا گیا جو جنگل میں ہوتا ہے اور نوبت بنوبت چارپائے اور درندے اس میں آتے ہیں آپ نے فرمایا جس وقت پانی دو قلہ ہو ناپاکی کو نہیں اٹھاتا روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور نسائی نے اور دارمی نے اور ابن ماجہ نے ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے ناپاک نہیں ہوتا۔

۴۴۰/۵ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَنَتَوَضَّأُ مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ وَهِيَ بِئْرٌ تُلْقٰى فِيْهِ الْحِيَضُ وَلُحُوْمُ الْكِلَابِ وَالنَّتْنُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمَاءَ طَهُوْرٌ لَا يُنَجِّسُهٗ شَيْءٌ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ۔

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے کہا گیا اے اللہ تعالیٰ کے رسول کیا ہم بضاعہ کنویں سے وضو کریں اور وہ کنواں ہے اس میں حیض کے کپڑے کتوں کے گوشت ڈالے جاتے ہیں اور گندگی پھینکی جاتی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانی پاک ہے اس کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے۔

besturdubooks.wordpress.com



۴۴۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ رَّسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَرْکَبُ الْبَحْرَ وَنَحْمِلُ مَعَنَا الْقَلِیْلَ مِنَ الْمَآءِ فَاِنْ تَوَضَّاْنَا بِهٖ عَطِشْنَا اَفَنَتَوَضَّاُ بِمَآءِ الْبَحْرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هُوَ الطَّهُوْرُ مَآءُهٗ وَالْحِلُّ مَیْتَتُهٗ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَآئِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اور کہا اے اللہ کے رسول ہم سمندر پر سوار ہوتے ہیں اور اپنے ساتھ تھوڑا پانی اٹھا کر لے جاتے ہیں اگر ہم اس سے وضو کریں تو پیاسے رہیں کیا ہم وضو کریں سمندر کے پانی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ پاک کرنے والا ہے پانی اس کا اور حلال ہے مُردار اس کا۔ روایت کیا ہے اس کو مالکؒ نے ترمذی نے اور نسائی نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے۔

۴۴۲ وَعَنْ اَبِیْ زَیْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ لَیْلَةَ الْجِنِّ مَا فِیْ اَدَاوَتِكَ قَالَ قُلْتُ نَبِیْذٌ قَالَ تَمْرَةٌ طَیِّبَةٌ وَّمَآءٌ طَهُوْرٌ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَزَادَ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ فَتَوَضَّاَ مِنْهُ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ اَبُوْ زَیْدٍ مَّجْهُوْلٌ وَّصَحَّ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَمْ اَكُنْ لَّیْلَةَ الْجِنِّ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوزید رضؓ عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے جنوں کی رات فرمایا تیری چھاگل میں کیا ہے میں نے کہا نبیذ ہے آپؐ نے فرمایا کھجور پاک ہے اور پانی پاک کرنے والا ہے روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔ اور زیادہ کیا احمد اور ترمذی نے آپؐ نے اس سے وضو کیا اور ترمذی نے کہا ابوزید رضؓ مجہول ہے اور صحیح ثابت ہے علقمہ رضؓ سے وہ عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ میں جنوں کی رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہ تھا۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۴۴۳ وَعَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَكَانَتْ تَحْتَ ابْنِ اَبِیْ قَتَادَةَ اَنَّ اَبَا قَتَادَةَ دَخَلَ عَلَیْهَا فَسَكَبَتْ لَهٗ وَضُوْءً فَجَآءَتْ هِرَّةٌ تَشْرَبُ مِنْهُ فَاَصْغٰی لَهَا الْاِنَآءَ حَتّٰی شَرِبَتْ قَالَتْ كَبْشَةُ فَرَاٰنِیْ اَنْظُرُ اِلَیْهِ فَقَالَ اَتَعْجَبِیْنَ یَا ابْنَةَ اَخِیْ

کبشہ رضؓ بنت کعب بن مالک سے روایت ہے اور وہ ابن ابی قتادہ رضؓ کی بیوی تھی کہ ابوقتادہ رضؓ اس کے پاس آیا کبشہ رضؓ نے اُن کے لئے وضو کا پانی ڈالا ایک بلی آئی اور اس سے پینے لگی پس ٹیڑھا کیا اس کے لئے برتن یہاں تک کہ اُس سے پیا کبشہ رضؓ نے کہا ابوقتادہ رضؓ نے مجھ کو دیکھا کہ میں تعجب سے اُن کی طرف دیکھ رہی ہوں پس کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com



قَالَتْ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجَسٍ اِنَّهَا مِنَ الطَّوَّافِيْنَ عَلَيْكُمْ اَوِ الطَّوَّافَاتِ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّاَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

اے بھتیجی تو تعجب کرتی ہے میں نے کہا کہ ہاں کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تحقیق بلی پلید نہیں ہے وہ تم پر پھرنے والی ہے یا لفظ طوافات کہا۔ روایت کیا اس کو مالک رح نے اور احمد رح نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے۔

۴۳۴/۹ وَعَنْ دَاوٗدَ بْنِ صَالِحِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اُمِّهٖ اَنَّ مَوْلَاتَهَا اَرْسَلَتْهَا بِهِرِيْسَةٍ اِلٰى عَائِشَةَ قَالَتْ فَوَجَدْتُّهَا تُصَلِّيْ فَاَشَارَتْ اِلَيَّ اَنْ ضَعِيْهَا فَجَاءَتْ هِرَّةٌ فَاَكَلَتْ مِنْهَا فَلَمَّا انْصَرَفَتْ عَائِشَةُ مِنْ صَلَاتِهَا اَكَلَتْ مِنْ حَيْثُ اَكَلَتِ الْهِرَّةُ فَقَالَتْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجَسٍ اِنَّهَا مِنَ الطَّوَّافِيْنَ عَلَيْكُمْ وَاِنِّيْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ بِفَضْلِهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

داؤد بن صالح بن دینار اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں کہ اس کی مالکہ نے اُسے ہریسہ دے کر حضرت عائشہ رض کی طرف بھیجا اس نے کہا کہ میں نے انہیں پایا کہ وہ نماز پڑھ رہی ہیں میری طرف اشارہ کیا کہ اسے رکھ دے ایک بلی آئی اور اس سے کھانے لگی جب حضرت عائشہ رض اپنی نماز سے فارغ ہوئی کھایا جہاں سے بلی نے کھایا تھا اور کہنے لگیں کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بلی پلید نہیں ہے تحقیق وہ پھرنے والوں میں سے ہے تم پر اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ اس کے بچے ہوئے پانی سے وضو فرماتے ہیں۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۴۳۵/۱۰ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَتَوَضَّاُ بِمَا اَفْضَلَتِ الْحُمُرُ قَالَ نَعَمْ وَبِمَا اَفْضَلَتِ السِّبَاعُ كُلُّهَا۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

جابر رض سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ ہم وضو کریں اُس پانی سے جو بچا ہے گدھوں سے آپ نے فرمایا کہ ہاں اور اس پانی سے بھی جو درندوں کا جھوٹا ہے۔ روایت کیا ہے شرح السنہ میں۔

۴۳۶/۱۱ وَعَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتِ اغْتَسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ وَمَيْمُوْنَةُ فِيْ قَصْعَةٍ فِيْهَا اَثَرُ الْعَجِيْنِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

اُمّ ہانی رض سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حضرت میمونہ رض نے ایک ایسے پیالہ میں غسل کیا جس میں گندھے ہوئے آٹے کا نشان تھا (روایت کیا ہے اس کو نسائی اور ابن ماجہ نے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۴۴۷/۱۲ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ إِنَّ عُمَرَ خَرَجَ فِي رَكْبٍ فِيهِمْ عَمْرُو ابْنُ الْعَاصِ حَتّٰى وَرَدُوا حَوْضًا فَقَالَ عَمْرُو يَا صَاحِبَ الْحَوْضِ هَلْ تَرِدُ حَوْضَكَ السِّبَاعُ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَا صَاحِبَ الْحَوْضِ لَا تُخْبِرْنَا فَإِنَّا نَرِدُ عَلَى السِّبَاعِ وَتَرِدُ عَلَيْنَا۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَزَادَ رَزِينٌ قَالَ زَادَ بَعْضُ الرُّوَاةِ فِي قَوْلِ عُمَرَ وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَهَا مَا أَخَذَتْ فِي بُطُونِهَا وَمَا بَقِيَ فَهُوَ لَنَا طَهُورٌ وَشَرَابٌ۔

یحییٰ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک حضرت عمرؓ ایک قافلہ میں نکلے اُن میں عمرو بن عاص بھی تھے وہ ایک حوض پر آئے عمروؓ نے کہا اے حوض والے کیا تیرے حوض پر درندے آتے ہیں حضرت عمر بن خطاب نے کہا اے حوض والے ہم کو نہ بتلا کیونکہ بے شک ہم درندوں پر آتے ہیں اور درندے ہم پر آتے ہیں۔ روایت کیا ہے اس کو مالکؒ نے۔ اور زیادہ کیا رزین نے۔ رزین نے کہا بعض راویوں نے حضرت عمرؓ کا قول زیادہ روایت کیا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے آپؐ فرماتے تھے اُن درندوں کے لئے ہے جو وہ اپنے پیٹوں میں لے جاتے ہیں اور جو باقی رہے وہ ہمارے لئے پاک ہے اور قابل پینے کے ہے۔

۴۴۸/۱۳ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْحِيَاضِ الَّتِي بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ تَرِدُهَا السِّبَاعُ وَالْكِلَابُ وَالْحُمُرُ عَنِ الطُّهْرِ مِنْهَا فَقَالَ لَهَا مَا حَمَلَتْ فِي بُطُونِهَا وَلَنَا مَا غَبَرَ طَهُورٌ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اُن حوضوں کے متعلق سوال کیا گیا جو مکہ اور مدینہ کے درمیان ہیں اُن پر درندے آتے ہیں اور کُتّے اور گدھے بھی آتے ہیں اُن کی طہارت کے بارے میں آپؐ نے فرمایا اُن کے لئے ہے جو اُن کے پیٹوں نے اٹھایا اور جو باقی بچ رہا وہ ہمارے لئے پاک ہے (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۴۴۹/۱۴ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ لَا تَغْتَسِلُوا بِالْمَاءِ الْمُشَمَّسِ فَإِنَّهُ يُورِثُ الْبَرَصَ۔ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

عمر بن الخطابؓ سے روایت ہے فرمایا دھوپ کے ساتھ جو پانی گرم ہو اس سے غسل نہ کرو کیونکہ وہ برص کی بیماری کا موجب ہے (روایت کیا اس کو دارقطنی نے)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ تَطْهِيرِ النَّجَاسَاتِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۴۵۰/۱۵ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا شَرِبَ الْكَلْبُ فِیْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِیْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَ طَهُوْرُ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ اَنْ يَّغْسِلَهٗ سَبْعَ مَرَّاتٍ اُوْلٰهُنَّ بِالتُّرَابِ۔

۴۵۱/۱۶ وَعَنْهُ قَالَ قَامَ اَعْرَابِیٌّ فَبَالَ فِی الْمَسْجِدِ فَتَنَاوَلَهُ النَّاسُ فَقَالَ لَهُمُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعُوْهُ وَهَرِيْقُوْا عَلٰى بَوْلِهٖ سَجْلًا مِّنْ مَّاءٍ اَوْ ذَنُوْبًا مِّنْ مَّاءٍ فَاِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُّيَسِّرِيْنَ وَلَمْ تُبْعَثُوْا مُعَسِّرِيْنَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

۴۵۲/۱۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ فِی الْمَسْجِدِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَآءَ اَعْرَابِیٌّ فَقَامَ يَبُوْلُ فِی الْمَسْجِدِ فَقَالَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْ مَهْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُزْرِمُوْهُ دَعُوْهُ فَتَرَكُوْهُ حَتّٰى بَالَ ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

# نجاستوں کے پاک کرنے کا بیان

## پہلی فصل

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کسی کے برتن سے کتا پی لے تو اس کو سات مرتبہ دھوئے متفق علیہ۔ مسلم کی ایک روایت میں ہے۔ تمہارے ایک کے برتن کا پاک ہونا جس وقت اس میں کتا منہ ڈال جائے یہ ہے کہ اس کو سات مرتبہ دھوئے پہلی مرتبہ مٹی کے ساتھ۔

اور انہی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک اعرابی نے مسجد میں پیشاب کر دیا لوگ اس کے پیچھے پڑے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو کہا اس کو چھوڑ دو اور اس کے پیشاب پر ایک ڈول پانی بہا دو یا آپ نے ذنوبا من ماء فرمایا سو لے اس کے نہیں کہ تم آسانی کرنے والے بنا کر بھیجے گئے اور نہیں بھیجے گئے تم مشکل کرنے والے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ایک مرتبہ ہم مسجد میں تھے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک اعرابی آیا اور کھڑا ہو کر مسجد میں پیشاب کرنے لگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ نے کہا باز رہ رک جا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اس کا پیشاب بند نہ کرو اس کو چھوڑ دو اس کو چھوڑ دیا یہاں تک کہ اس نے پیشاب کیا پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بلایا اور آپ نے اس سے فرمایا

besturdubooks.wordpress.com



دَعَاهُ فَقَالَ لَهٗ اِنَّ هٰذِهِ الْمَسَاجِدَ لَا تَصْلُحُ لِشَیْءٍ مِّنْ هٰذَا الْبَوْلِ وَالْقَذَرِ اِنَّمَا هِیَ لِذِکْرِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةِ وَقِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ اَوْ کَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَاَمَرَ رَجُلًا مِّنَ الْقَوْمِ فَجَآءَ بِدَلْوٍ مِّنْ مَّآءٍ فَسَنَّهٗ عَلَیْهِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

یہ مسجدیں اس پیشاب اور گندگی کے لائق نہیں ہیں یہ اللہ تعالیٰ کے ذکر اور نماز اور قرآن شریف پڑھنے کے لئے ہیں یا اس کی مانند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں میں سے ایک آدمی کو حکم دیا وہ پانی کا ایک ڈول لایا اور اس کو پیشاب پر ڈالا۔

(متفق علیہ)

۴۵۳/۱۸ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ قَالَتْ سَاَلَتِ امْرَاَةٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَءَیْتَ اِحْدٰنَا اِذَا اَصَابَ ثَوْبَهَا الدَّمُ مِنَ الْحَیْضَةِ کَیْفَ تَصْنَعُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَصَابَ ثَوْبَ اِحْدٰکُنَّ الدَّمُ مِنَ الْحَیْضَةِ فَلْتَقْرُصْهُ ثُمَّ لِتَنْضَحْهُ بِمَآءٍ ثُمَّ لِتُصَلِّ فِیْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

اسماء بنت ابی بکر سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک عورت نے رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا پس کہا اس نے اے اللہ تعالیٰ کے رسول خبر دو کہ جس وقت ہم میں سے کسی کے کپڑے کو حیض کا خون لگ جاوے وہ کیا کرے؟ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم میں سے کسی کے کپڑے کو حیض کا خون لگ جاوے اس کو چٹکیوں سے ملے پھر پانی کے ساتھ دھو ڈالے پھر اس میں نماز پڑھ لے

(متفق علیہ)

۴۵۴/۱۹ وَعَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ قَالَ سَاَلْتُ عَآئِشَةَ عَنِ الْمَنِیِّ یُصِیْبُ الثَّوْبَ فَقَالَتْ کُنْتُ اَغْسِلُهٗ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَیَخْرُجُ اِلَی الصَّلٰوةِ وَاَثَرُ الْغَسْلِ فِیْ ثَوْبِهٖ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

سلیمانؒ بن یسار سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے حضرت عائشہ رضؓ سے منی کے متعلق سوال کیا جو کپڑے کو لگ جائے انہوں نے کہا میں نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے دھویا کرتی تھی آپ نماز کے لئے نکلتے اور دھونے کا نشان کپڑے پر ہوتا۔

(متفق علیہ)

۴۵۵/۲۰ وَعَنِ الْاَسْوَدِ وَهَمَّامٍ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ کُنْتُ اَفْرُكُ الْمَنِیَّ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِیْ رِوَایَةٍ عَلْقَمَةَ وَالْاَسْوَدِ

اسودؒ اور ہمامؒ دونوں حضرت عائشہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے منی رگڑتی۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے اور علقمہ اور اسود رضؓ سے بھی حضرت عائشہ رضؓ

besturdubooks.wordpress.com



عَنْ عَائِشَةَ نَحْوَهٗ وَفِيْهِ ثُمَّ يُصَلِّيْ فِيْهِ۔

سے اسی طرح روایت کیا ہے اور اس میں ہے۔ پھر اس میں نماز پڑھتے۔

۴۵۶/۲۱ وَعَنْ اُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ اَنَّهَا اَتَتْ بِابْنٍ لَّهَا صَغِيْرٍ لَّمْ يَاْكُلِ الطَّعَامَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَجْلَسَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجْرِهٖ فَبَالَ عَلٰى ثَوْبِهٖ فَدَعَا بِمَآءٍ فَنَضَحَهٗ وَلَمْ يَغْسِلْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام قیسؓ بنت محصن سے روایت ہے کہ وہ اپنے ایک چھوٹے بچے کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئی جو ابھی کھانا نہیں کھاتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے اپنی گود میں بٹھا لیا پس پیشاب کر دیا اس نے آپ کے کپڑے پر آپ نے پانی منگوایا اور اس پر چھینٹا مارا اور اس کو دُھویا نہیں۔ (متفق علیہ)

۴۵۷/۲۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا دُبِغَ الْاِهَابُ فَقَدْ طَهُرَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبداللہ بن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ فرماتے تھے جس وقت چمڑا (کچا) رنگ دیا جائے وہ پاک ہو جاتا ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۴۵۸/۲۳ وَعَنْهُ قَالَ تُصُدِّقَ عَلٰى مَوْلَاةٍ لِمَيْمُوْنَةَ بِشَاةٍ فَمَاتَتْ فَمَرَّ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هَلَّا اَخَذْتُمْ اِهَابَهَا فَدَبَغْتُمُوْهُ فَانْتَفَعْتُمْ بِهٖ فَقَالُوْٓا اِنَّهَا مَيْتَةٌ فَقَالَ اِنَّمَا حُرِّمَ اَكْلُهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انہی (ابن عباسؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا بریرہؓ پر جو کہ حضرت میمونہ رضؓ کی آزاد کردہ لونڈی تھی بکری صدقہ کی گئی پس وہ مر گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُس کے پاس سے گزرے پس آپ نے فرمایا کیوں نہ تم نے اس کا چمڑا اُتار لیا اس کو رنگ لیتے اس سے فائدہ اٹھاتے انہوں نے کہا وہ تو مُردار ہے فرمایا سوا اسکے نہیں اسکا کھانا حرام کیا گیا ہے (متفق علیہ)

۴۵۹/۲۴ وَعَنْ سَوْدَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ مَاتَتْ لَنَا شَاةٌ فَدَبَغْنَا مَسْكَهَا ثُمَّ مَا زِلْنَا نَنْبِذُ فِيْهِ حَتّٰى صَارَ شَنًّا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سودہ رضؓ جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیوی ہے سے روایت ہے انہوں نے کہا ہماری ایک بکری مر گئی ہم نے اس کے چمڑے کو رنگ لیا پھر ہم اُس میں نبیذ ڈالتے رہے یہاں تک کہ وہ پرانی مشک ہو گئی (بخاری)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۴۶۰/۲۵ عَنْ لُبَابَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ قَالَتْ

لبابہؓ بنت حارث سے روایت ہے انہوں نے

besturdubooks.wordpress.com

كَانَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ فِي حَجْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَالَ عَلٰى ثَوْبِهٖ فَقُلْتُ الْبَسْ ثَوْبًا وَّ اَعْطِنِيْ اِزَارَكَ حَتّٰى اَغْسِلَهٗ قَالَ اِنَّمَا يُغْسَلُ مِنْ بَوْلِ الْاُنْثٰى وَيُنْضَحُ مِنْ بَوْلِ الذَّكَرِ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّاَبِيْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيِّ عَنْ اَبِي السَّمْحِ قَالَ يُغْسَلُ مِنْ بَوْلِ الْجَارِيَةِ وَيُرَشُّ مِنْ بَوْلِ الْغُلَامِ۔

کہا حسین بن علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گود میں تھے اُس نے آپ کے کپڑے پر پیشاب کر دیا میں نے کہا آپ اور کپڑا پہن لیں اور اپنی چادر مجھ کو دیں کہ میں دھو ڈالوں آپ نے فرمایا سوائے اس کے نہیں لڑکی کے پیشاب کو دھویا جاتا ہے اور لڑکے کے پیشاب کو چھینٹے مارے جاتے ہیں۔ روایت کیا اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے۔ ابوداؤد اور نسائی کی ایک روایت میں ابو سمح سے ہے کہا لڑکی کے پیشاب سے دھویا جاتا ہے اور لڑکے کے پیشاب سے چھینٹا دیا جاتا ہے۔

۴۶۱/۲۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَطِئَ اَحَدُكُمْ بِنَعْلِهِ الْاَذٰى فَاِنَّ التُّرَابَ لَهٗ طَهُوْرٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَلِابْنِ مَاجَةَ مَعْنَاهُ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا اپنی جوتی کے ساتھ گندگی پر چلے پس تحقیق مٹی اس کیلئے پاک کر دینے والی ہے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ کے لئے اس کا معنی۔

۴۶۲/۲۷ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ لَهَا امْرَاَةٌ اِنِّيْ اُطِيْلُ ذَيْلِيْ وَاَمْشِيْ فِي الْمَكَانِ الْقَذِرِ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطَهِّرُهٗ مَا بَعْدَهٗ۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَّاَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَا الْمَرْاَةُ اُمُّ وَلَدٍ لِّاِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ۔

ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ اس کو ایک عورت نے کہا کہ میں اپنا دامن دراز رکھتی ہوں اور ناپاک جگہ میں چلتی ہوں ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو پاک کر دے گا مابعد اس کا۔ روایت کیا ہے اس کو مالک رح نے اور احمد نے اور ترمذی نے۔ اور ابوداؤد نے اور دارمی نے اور کہا ابوداؤد اور دارمی نے وہ عورت ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف کی اُم ولد تھی۔

۴۶۳/۲۸ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْكَرِبَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ جُلُوْدِ السِّبَاعِ وَ

مقدام بن معدیکرب سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے درندوں کے چمڑے پہننے اور اُن پر سوار ہونے سے منع کیا ہے

besturdubooks.wordpress.com

الرُّكُوبِ عَلَيْهَا۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی نے۔

۴۶۴/۲۹ وَعَنْ أَبِي الْمَلِيحِ بْنِ أُسَامَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ جُلُودِ السِّبَاعِ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ أَنْ تُفْتَرَشَ۔

ابوالملیح بن اسامہ اپنے باپ سے روایت کرتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے درندوں کے چمڑوں سے منع فرمایا ہے۔ روایت کیا اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے۔ اور زیادہ کیا ہے ترمذی اور دارمی نے یہ کہ بچھائے جائیں۔

۴۶۵/۳۰ وَعَنْ أَبِي الْمَلِيحِ أَنَّهُ كَرِهَ ثَمَنَ جُلُودِ السِّبَاعِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوالملیح رضؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے مکروہ رکھا ہے درندوں کے چمڑوں کی قیمت۔ روایت کیا ترمذی نے

۴۶۶/۳۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ قَالَ أَتَانَا كِتَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَّا تَنْتَفِعُوْا مِنَ الْمَيْتَةِ بِإِهَابٍ وَّلَا عَصَبٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

عبداللہ بن عکیم سے روایت ہے انہوں نے کہا ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خط (مبارک) آیا کہ مُردار کے چمڑے یا پٹھے سے فائدہ نہ اٹھاؤ۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے۔)

۴۶۷/۳۲ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ أَنْ يُّسْتَمْتَعَ بِجُلُودِ الْمَيْتَةِ إِذَا دُبِغَتْ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّأَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ مُردار کے چمڑے سے فائدہ اٹھایا جاوے جب کہ رنگ لیا جاوے۔ روایت کیا اس کو مالک نے اور ابوداؤد نے۔

۴۶۸/۳۳ وَعَنْ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِجَالٌ مِّنْ قُرَيْشٍ يَّجُرُّوْنَ شَاةً لَّهُمْ مِثْلَ الْحِمَارِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ أَخَذْتُمْ إِهَابَهَا قَالُوْا إِنَّهَا مَيْتَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطَهِّرُهَا الْمَاءُ وَالْقَرَظُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت میمونہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے قریش کے کچھ آدمی گزرے وہ ایک مُردہ بکری کو گدھے جیسی کھینچ رہے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو فرمایا کاش کہ تم اس کا چمڑا اُتار لیتے انہوں نے کہا کہ وہ مُردار ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو پانی اور کیکر کے پتے پاک کر دیتے ہیں (روایت کیا اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے)

۴۶۹/۳۴ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبَّقِ قَالَ

سلمہ بن محبق سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتٍ فَاِذَا قِرْبَةٌ مُّعَلَّقَةٌ فَسَاَلَ الْمَاءَ فَقَالُوْا لَهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا مَيْتَةٌ فَقَالَ دِبَاغُهَا طَهُوْرُهَا۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تبوک کی جنگ میں ایک شخص کے گھر تشریف لائے ایک مشک وہاں لٹکی ہوئی تھی آپ نے پانی مانگا انہوں نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسول یہ مُردار تھی آپ نے فرمایا دباغت اس کو پاک کرنے والی ہے۔ روایت کیا ہے اس کو احمد اور ابوداؤد نے

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۴۷۰/۳۵ عَنِ امْرَاَةٍ مِنْ بَنِيْ عَبْدِ الْاَشْهَلِ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لَنَا طَرِيْقًا اِلَى الْمَسْجِدِ مُنْتِنَةً فَكَيْفَ نَفْعَلُ اِذَا مُطِرْنَا قَالَتْ فَقَالَ اَلَيْسَ بَعْدَهَا طَرِيْقٌ هِيَ اَطْيَبُ مِنْهَا قُلْتُ بَلٰى قَالَ فَهٰذِهٖ بِهٰذِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

بنو عبدالاشہل کی ایک عورت روایت کرتی ہے انہوں نے کہا۔ میں نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسول۔ تحقیق مسجد کی طرف ہمارا راستہ گندا ہے۔ پس ہم کس طرح کریں جب مینہ برسائے جائیں۔ کہا اس عورت نے۔ آپ نے فرمایا۔ کیا اس کے بعد اس سے اچھا راستہ نہیں۔ میں نے کہا کیوں نہیں فرمایا یہ اس کے بدلے میں ہے۔ (ابوداؤد)

۴۷۱/۳۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا نُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا نَتَوَضَّاُ مِنَ الْمَوْطِئِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے تھے اور زمین پر چلنے سے وضو نہیں کرتے تھے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۴۷۲/۳۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتِ الْكِلَابُ تُقْبِلُ وَتُدْبِرُ فِي الْمَسْجِدِ فِيْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرُشُّوْنَ شَيْئًا مِّنْ ذٰلِكَ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کتے مسجد میں آتے اور جاتے تھے صحابہ کرام اس کی وجہ سے کسی چیز کو نہ دھوتے تھے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۴۷۳/۳۸ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا بَاْسَ بِبَوْلِ مَا يُؤْكَلُ لَحْمُهٗ وَفِيْ رِوَايَةِ جَابِرٍ قَالَ

براءؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے اُن کے پیشاب سے کوئی مضائقہ

besturdubooks.wordpress.com

مَا أُكِلَ لَحْمُهُ فَلَا بَأْسَ بِبَوْلِهِ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارَقُطْنِيُّ)

نہیں۔ جابرؓ کی روایت میں ہے وہ جانور جس کا گوشت کھایا جاتا ہے اُن کے پیشاب کا کوئی مضائقہ نہیں (احمد، دارقطنی)

# بَابُ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ

# موزوں پر مسح کرنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۴۷۴/۱ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ قَالَ سَأَلْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَ جَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ وَّلَيَالِيَهُنَّ لِلْمُسَافِرِ وَيَوْمًا وَّلَيْلَةً لِّلْمُقِيمِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

شریحؒ بن ہانی سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے علیؓ بن ابی طالب سے موزوں پر مسح کے متعلق دریافت کیا انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن اور تین رات مسافر کے لئے ایک دن اور ایک رات مقیم کے لئے مدت مقرر کی ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۴۷۵/۲ وَعَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ أَنَّهُ غَزَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوكَ قَالَ الْمُغِيرَةُ فَتَبَرَّزَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ الْغَائِطِ فَحَمَلْتُ مَعَهُ إِدَاوَةً قَبْلَ الْفَجْرِ فَلَمَّا رَجَعَ أَخَذْتُ أُهْرِيقُ عَلَى يَدَيْهِ مِنَ الْإِدَاوَةِ فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَهُ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ مِّنْ صُوفٍ ذَهَبَ يُحْسِرُ عَنْ ذِرَاعَيْهِ فَضَاقَ كُمُّ الْجُبَّةِ فَأَخْرَجَ يَدَيْهِ مِنْ تَحْتِ الْجُبَّةِ وَأَلْقَى الْجُبَّةَ عَلَى مَنْكِبَيْهِ وَغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ ثُمَّ مَسَحَ بِنَاصِيَتِهِ وَعَلَى الْعِمَامَةِ ثُمَّ أَهْوَيْتُ لِأَنْزِعَ خُفَّيْهِ فَقَالَ دَعْهُمَا فَإِنِّي أَدْخَلْتُهُمَا طَاهِرَتَيْنِ فَمَسَحَ

مغیرہؓ بن شعبہ سے روایت ہے کہ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ تبوک میں شمولیت کی مغیرہ رضؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجر سے پہلے نکلے پاخانہ کے لئے میں نے چھاگل اُٹھائی جب آپؐ واپس آئے میں چھاگل سے پانی آپ کے ہاتھوں پر ڈالنے لگا آپ نے اپنے دونوں ہاتھ اور منہ (مبارک) دھویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اُونی جُبّہ تھا ہاتھوں کو کھولنا شروع کیا جُبّہ کی آستینیں تنگ ہوگئیں آپ نے جُبّہ کے نیچے سے ہاتھ نکال لئے اور جُبّہ اپنے کندھے پر رکھ لیا اور دونوں بازو دھوئے پھر پیشانی کا مسح کیا اور پگڑی پر بھی مسح کیا پھر میں آپ کے موزے اتارنے کے لئے جھکا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کو چھوڑ دے میں نے ان کو پہنا تھا جب کہ یہ پاک تھے آپ نے اُن دونوں پر مسح کیا۔ پھر آپ سوار ہوئے میں بھی

besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْهِمَا ثُمَّ رَكِبَ وَرَكِبْتُ فَانْتَهَيْنَا إِلَى الْقَوْمِ وَقَدْ قَامُوا إِلَى الصَّلٰوةِ وَ يُصَلِّي بِهِمْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَّقَدْ رَكَعَ بِهِمْ رَكْعَةً فَلَمَّا أَحَسَّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَهَبَ يَتَأَخَّرُ فَأَوْمَى إِلَيْهِ فَأَدْرَكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِحْدَى الرَّكْعَتَيْنِ مَعَهُ فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقُمْتُ مَعَهُ فَرَكَعْنَا الرَّكْعَةَ الَّتِي سَبَقَتْنَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سوار ہوا ہم لوگوں کے پاس پہنچے وہ نماز کی طرف کھڑے ہو چکے تھے اور اُن کو عبدالرحمٰن بن عوف رضی نماز پڑھا رہا تھا اور ایک رکعت اُن کو پڑھا چکا تھا پس جب اُس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آنا معلوم کیا پیچھے ہٹنے کا ارادہ کیا آپ نے اُسے اشارہ کیا کہ یوں ہی کھڑا رہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رکعت پالی اس کے ساتھ جب اس نے سلام پھیرا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور میں بھی آپ کے ساتھ کھڑا ہوا ہم نے وہ ایک رکعت پڑھ لی جو ہم سے رہ گئی تھی (روایت کیا اس کو مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۴۷۶/۳ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ رَخَّصَ لِلْمُسَافِرِ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ وَلِلْمُقِيمِ يَوْمًا وَّلَيْلَةً إِذَا تَطَهَّرَ فَلَبِسَ خُفَّيْهِ أَنْ يَّمْسَحَ عَلَيْهِمَا۔ رَوَاهُ الْأَثْرَمُ فِي سُنَنِهِ وَابْنُ خُزَيْمَةَ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَقَالَ الْخَطَّابِيُّ هُوَ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ۔ هٰكَذَا فِي الْمُنْتَقٰى۔

ابوبکرہ رضی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے مسافر کو تین دن اور تین راتیں اور مقیم کو ایک دن اور ایک رات رخصت دی جس وقت وضو کیا ہو پس موزے پہن لے یہ کہ اُن پر مسح کر لے۔ روایت کیا اس کو اثرم نے اپنی سُنن میں اور ابن خزیمہ اور دارقطنی نے خطابی نے کہا وہ صحیح الاسناد ہے اسی طرح منتقی میں ہے

۴۷۷/۴ وَعَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا إِذَا كُنَّا سَفْرًا أَنْ لَّا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ وَّلَيَالِيَهُنَّ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ وَّلٰكِنْ مِّنْ غَائِطٍ وَّبَوْلٍ وَّنَوْمٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

صفوان بن عسال سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو حکم دیتے تھے جب ہم مسافر ہوں کہ اپنے موزے تین دن اور تین راتیں نہ اُتاریں مگر جنابت سے لیکن نہ اُتاریں پاخانہ اور پیشاب اور سونے سے (روایت کیا ہے ترمذی نے اور نسائی نے)

besturdubooks.wordpress.com

۴۷۸ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ وَضَّأْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ فَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَاَسْفَلِهٖ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ مَّعْلُوْلٌ وَّسَاَلْتُ اَبَا زُرْعَةَ وَمُحَمَّدًا يَعْنِي الْبُخَارِيَّ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَا لَيْسَ بِصَحِيْحٍ وَكَذَا ضَعَّفَهٗ اَبُوْدَاوٗدَ۔

مغیرہؓ بن شعبہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تبوک کے غزوہ میں وضو کرایا آپ نے موزے کے اوپر اور نیچے مسح کیا۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے کہا یہ حدیث معلول ہے میں نے ابوزرعہ اور محمدؒ یعنے بخاریؒ سے اس کے متعلق پوچھا ان دونوں نے کہا یہ صحیح نہیں ہے اسی طرح سے ابوداؤد نے اس کو ضعیف کہا ہے۔

۴۷۹ وَعَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ عَلٰى ظَاهِرِهِمَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

اسی (مغیرہؓ بن شعبہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ موزوں پر اوپر کی جانب سے مسح کرتے تھے روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے۔

۴۸۰ وَعَنْهُ قَالَ تَوَضَّأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَسَحَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

اسی (مغیرہؓ بن شعبہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو فرمایا اور جوربین پر نعلین کے ساتھ مسح کیا روایت کیا اس کو احمدؒ نے اور ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۴۸۱ عَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ مَسَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَسِيْتَ قَالَ بَلْ اَنْتَ نَسِيْتَ بِهٰذَا اَمَرَنِيْ رَبِّيْ عَزَّوَجَلَّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

مغیرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موزوں پر مسح کیا میں نے کہا اے اللہ تعالےٰ کے رسولؐ آپؐ بھول گئے ہیں آپؐ نے فرمایا نہیں بلکہ تو بھولا ہے میرے رب عزوجل نے مجھے اس بات کا حکم دیا ہے روایت کیا ہے احمد نے اور ابوداؤد نے۔

۴۸۲ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ قَالَ لَوْ كَانَ

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

الدِّيْنُ بِالرَّأْيِ لَكَانَ أَسْفَلُ الْخُفِّ أَوْلٰى بِالْمَسْحِ مِنْ أَعْلَاهُ وَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلٰى ظَاهِرِ خُفَّيْهِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَلِلدَّارِمِيِّ مَعْنَاهُ)

اگر دین عقل کے ساتھ ہوتا تو موزہ کی نیچے کی جانب پر مسح کرنا بنسبت اُوپر کے بہتر ہوتا اور میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ موزے کے اُوپر کی جانب مسح کرتے تھے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور دارمی نے معنیٰ اس کا۔

# بَابُ التَّيَمُّمِ

## تیمم کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

### پہلی فصل

۴۸۳/۱ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فُضِّلْنَا عَلَى النَّاسِ بِثَلٰثٍ جُعِلَتْ صُفُوْفُنَا كَصُفُوْفِ الْمَلٰٓئِكَةِ وَجُعِلَتْ لَنَا الْأَرْضُ كُلُّهَا مَسْجِدًا وَّجُعِلَتْ تُرْبَتُهَا لَنَا طَهُوْرًا إِذَا لَمْ نَجِدِ الْمَآءَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حذیفہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین باتوں کے ساتھ ہم لوگوں پر فضیلت دی گئی ہے ہماری صفیں فرشتوں کی صفوں کی مانند شمار کی گئی ہیں اور تمام زمین ہمارے لئے مسجد بنادی گئی ہے اور اس کی مٹی ہمارے لئے پاک کرنے والی ہے جس وقت ہم پانی نہ پاویں (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۴۸۴/۲ وَعَنْ عِمْرَانَ قَالَ كُنَّا فِيْ سَفَرٍ مَّعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ فَلَمَّا انْفَتَلَ مِنْ صَلٰوتِهٖ إِذَا هُوَ بِرَجُلٍ مُّعْتَزِلٍ لَّمْ يُصَلِّ مَعَ الْقَوْمِ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ يَا فُلَانُ أَنْ تُصَلِّيَ مَعَ الْقَوْمِ قَالَ أَصَابَتْنِيْ جَنَابَةٌ وَّلَا مَآءَ قَالَ عَلَيْكَ بِالصَّعِيْدِ فَإِنَّهٗ يَكْفِيْكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عمران رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے آپؐ نے لوگوں کو نماز پڑھائی جب اپنی نماز سے پھرے ایک آدمی کو دیکھا وہ الگ بیٹھا ہے اس نے لوگوں کے ساتھ نماز نہیں پڑھی آپؐ نے فرمایا۔ تجھے کس چیز نے روکا ہے اے فلاں آدمی کہ تو لوگوں کے ساتھ نماز پڑھے اس نے کہا مجھ کو جنابت پہنچی ہے اور پانی نہیں ہے آپؐ نے فرمایا لازم پکڑ تو مٹی پس وہ کافی ہے تجھ کو۔ (متفق علیہ)

۴۸۵/۳ وَعَنْ عَمَّارٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ

عمارؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک

besturdubooks.wordpress.com

إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ إِنِّي أَجْنَبْتُ فَلَمْ أُصِبِ الْمَاءَ فَقَالَ عَمَّارٌ لِعُمَرَ أَمَا تَذْكُرُ أَنَّا كُنَّا فِي سَفَرٍ أَنَا وَ أَنْتَ فَأَمَّا أَنْتَ فَلَمْ تُصَلِّ وَأَمَّا أَنَا فَتَمَعَّكْتُ فَصَلَّيْتُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ هٰكَذَا فَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَفَّيْهِ الْأَرْضَ وَنَفَخَ فِيهِمَا ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَلِمُسْلِمٍ نَحْوَهُ وَفِيهِ قَالَ إِنَّمَا يَكْفِيكَ أَنْ تَضْرِبَ بِيَدَيْكَ الْأَرْضَ ثُمَّ تَنْفُخُ ثُمَّ تَمْسَحُ بِهِمَا وَجْهَكَ وَكَفَّيْكَ۔

آدمی عمر بن الخطاب رضؓ کے پاس آیا پس کہا اُس نے تحقیق میں جنبی ہوا میں نے پانی نہ پایا عمارؓ نے عمر رضؓ کو کہا کیا آپ کو یاد نہیں ہم ایک مرتبہ سفر میں تھے میں اور آپ پس آپ نے نماز نہ پڑھی میں خاک میں لوٹا اور نماز پڑھی میں نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کی آپ نے فرمایا تجھ کو صرف اتنا ہی کافی تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھوں کو زمین پر مارا پھر اُن میں پھونک ماری پھر اپنے منہ (مبارک) اور دونوں ہاتھوں پر مسح فرمایا روایت کیا اس کو بخاری نے اور مسلم کے لئے اسی طرح ہے اور اس میں ہے تجھ کو کافی تھا کہ دونوں ہاتھوں کو زمین پر مارتا اور اپنے چہرہ اور ہاتھوں کا مسح کر لیتا۔

۴۸۶ وَعَنْ أَبِي الْجُهَيْمِ بْنِ الْحَارِثِ ابْنِ الصِّمَّةِ قَالَ مَرَرْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبُولُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ حَتّٰى قَامَ إِلٰى جِدَارٍ فَحَتَّهُ بِعَصًا كَانَتْ مَعَهُ ثُمَّ وَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى الْجِدَارِ فَمَسَحَ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ ثُمَّ رَدَّ عَلَيَّ وَلَمْ أَجِدْ هٰذِهِ الرِّوَايَةَ فِي الصَّحِيحَيْنِ وَلَا فِي كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ وَلٰكِنْ ذَكَرَهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ۔

ابو الجہیمؓ بن حارث بن صمہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا آپ پیشاب کر رہے تھے میں نے سلام کہا آپ نے سلام کا جواب نہ دیا یہاں تک کہ ایک دیوار کی طرف کھڑے ہوئے اُسے لاٹھی کے ساتھ کھرچا جو آپ کے پاس تھی پھر دیوار پر دونوں ہاتھ رکھے تو اپنے چہرہ (مبارک) اور ہاتھوں کا مسح کیا پھر مجھ کو سلام کا جواب دیا صاحب مشکوٰۃ نے کہا میں نے یہ حدیث صحیحین میں اور حمیدی کی کتاب میں نہیں پائی لیکن اس کو محی السنہ نے شرح السنہ میں ذکر کیا ہے اور کہا یہ حدیث حسن ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۴۸۷ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الصَّعِیْدَ الطَّیِّبَ وَضُوْءُ الْمُسْلِمِ وَاِنْ لَّمْ یَجِدِ الْمَآءَ عَشْرَ سِنِیْنَ فَاِذَا وَجَدَ الْمَآءَ فَلْیُمِسَّہٗ بَشَرَتَہٗ فَاِنَّ ذٰلِکَ خَیْرٌ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَی النَّسَآئِیُّ نَحْوَہٗ اِلٰی قَوْلِہٖ عَشْرَ سِنِیْنَ)

ابوذرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پاک مٹی مسلمان آدمی کی طہارت ہے اگرچہ دس سال تک اُسے پانی نہ ملے جس وقت پانی پائے اپنے بدن کو لگا دے پس تحقیق یہ بہتر ہے روایت کیا ہے اس کو احمدؒ نے اور روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو نسائی نے اس کی مانند عشر سنین تک۔

۴۸۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ خَرَجْنَا فِیْ سَفَرٍ فَاَصَابَ رَجُلًا مِّنَّا جَرٌ فَشَجَّہٗ فِیْ رَاْسِہٖ فَاحْتَلَمَ فَسَاَلَ اَصْحَابَہٗ ھَلْ تَجِدُوْنَ لِیْ رُخْصَۃً فِی التَّیَمُّمِ قَالُوْا مَا نَجِدُ لَکَ رُخْصَۃً وَّاَنْتَ تَقْدِرُ عَلَی الْمَآءِ فَاغْتَسَلَ فَمَاتَ فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُخْبِرَ بِذٰلِکَ قَالَ قَتَلُوْہُ قَتَلَھُمُ اللّٰہُ اَلَّا سَاَلُوْا اِذْ لَمْ یَعْلَمُوْا فَاِنَّمَا شِفَآءُ الْعِیِّ السُّؤَالُ اِنَّمَا کَانَ یَکْفِیْہِ اَنْ یَّتَیَمَّمَ وَیَعْصِبَ عَلٰی جُرْحِہٖ خِرْقَۃً ثُمَّ یَمْسَحُ عَلَیْھَا وَیَغْسِلُ سَآئِرَ جَسَدِہٖ۔ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ عَنْ عَطَآءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ۔

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ہم ایک سفر میں نکلے ایک شخص کو ہم میں سے سر پر پتھر لگا اور اُسے زخمی کر دیا اس کو نہانے کی حاجت ہوئی اُس نے اپنے ساتھیوں سے پوچھا کیا تم میرے لئے تیمم کرنے کی رخصت پاتے ہو انہوں نے کہا ہم رخصت نہیں پاتے جبکہ تو پانی پر قدرت رکھتا ہے اس نے غسل کیا پس وہ مر گیا جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے آپ کو خبر دی اُسکی آپ نے فرمایا انہوں نے اسے مار ڈالا اللہ تعالےٰ انہیں مارے اگر وہ نہیں جانتے تھے تو کیوں نہ پوچھ لیا نادانی کی بیماری کی شفا پوچھنا ہے اس کو کہنا تھا یہ کہ وہ تیمم کر لیتا اور اپنے زخم پر کپڑا باندھتا پھر اس پر مسح کر لیتا اور تمام جسم دھو لیتا روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے عطاء ابن ابی رباح عن ابن عباس رضؓ سے۔

۴۸۹ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے

besturdubooks.wordpress.com



خَرَجَ رَجُلَانِ فِي سَفَرٍ فَحَضَرَتِ الصَّلٰوةُ وَلَيْسَ مَعَهُمَا مَاءٌ فَتَيَمَّمَا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَصَلَّيَا ثُمَّ وَجَدَا الْمَاءَ فِي الْوَقْتِ فَاَعَادَ اَحَدُهُمَا الصَّلٰوةَ بِوُضُوْءٍ وَّلَمْ يُعِدِ الْاٰخَرُ ثُمَّ اَتَيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَا ذٰلِكَ فَقَالَ لِلَّذِيْ لَمْ يُعِدْ اَصَبْتَ السُّنَّةَ وَاَجْزَعَتْكَ صَلٰوتُكَ وَقَالَ لِلَّذِيْ تَوَضَّاَ وَاَعَادَ لَكَ الْاَجْرُ مَرَّتَيْنِ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَى النَّسَائِيُّ نَحْوَهٗ وَقَدْ رَوٰى هُوَ وَاَبُوْدَاوٗدَ اَيْضًا عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ مُّرْسَلًا۔

کہا دو آدمی سفر پر نکلے نماز کا وقت آیا اُن کے پاس پانی نہ تھا انہوں نے تیمم کیا مٹی پاک سے اور نماز پڑھ لی پھر وقت کے اندر ہی اُن کو پانی مل گیا ایک شخص نے وضو کر کے نماز دُہرالی اور دوسرے شخص نے نہ دُہرائی پھر دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور اس بات کا ذکر کیا آپ نے اس شخص کو فرمایا جس نے نماز نہیں دُہرائی تھی تو نے سنت پالی اور تیری نماز نے تجھ سے کفایت کی اور اُس شخص کے لئے فرمایا جس نے وضو کر کے نماز دُہرائی تھی تجھ کو دُوہرا اجر ہے روایت کیا اس کو ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت کیا نسائی نے اسی طرح اور روایت کیا ہے اسکو نسائی نے اور ابوداؤد نے عطاء بن یسار سے مُرسلاً۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۴۹۰/۸ عَنْ اَبِي الْجُهَيْمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الصِّمَّةِ قَالَ اَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَحْوِ بِئْرِ جَمَلٍ فَلَقِيَهٗ رَجُلٌ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَقْبَلَ عَلَى الْجِدَارِ فَمَسَحَ بِوَجْهِهٖ وَيَدَيْهِ ثُمَّ رَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوالجہیم بن حارث بن صمہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمل کنویں کی طرف سے تشریف لائے ایک آدمی آپ کو ملا اس نے سلام کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کا جواب نہ دیا یہاں تک کہ دیوار کے پاس آئے اپنے چہرہ (مبارک) اور ہاتھوں کا مسح کیا پھر سلام کا جواب دیا۔

(متفق علیہ)

۴۹۱/۹ وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ اَنَّهٗ كَانَ يُحَدِّثُ اَنَّهُمْ تَمَسَّحُوْا وَهُمْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّعِيْدِ لِصَلٰوةِ الْفَجْرِ فَضَرَبُوْا بِاَكُفِّهِمُ

عمار بن یاسر سے روایت ہے کہ صحابہ کرام نے مٹی سے تیمم کیا اس حال میں کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ نماز فجر کے لئے اپنے ہاتھ مٹی پر مار کے اپنے چہروں کا مسح کیا ایک مرتبہ پھر دوبارہ اپنے ہاتھ

besturdubooks.wordpress.com

الصَّعِيدَ ثُمَّ مَسَحُوا بِوُجُوهِهِمْ مَسْحَةً وَّاحِدَةً ثُمَّ عَادُوا فَضَرَبُوا بِأَكُفِّهِمُ الصَّعِيدَ مَرَّةً أُخْرَى فَمَسَحُوا بِأَيْدِيهِمْ كُلِّهَا إِلَى الْمَنَاكِبِ وَالْآبَاطِ مِنْ بُطُونِ أَيْدِيهِمْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

مٹی پر مارے پھر اپنے ہاتھوں پر کندھوں اور بغلوں تک مسح کیا ہاتھوں کی اندر کی جانب سے روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔

# بَابُ الْغُسْلِ الْمَسْنُونِ

# غسل مسنون کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۴۹۲/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آوے ایک تمہارا جمعہ کے لئے پس چاہیئے کہ غسل کرے (متفق علیہ)

۴۹۲/۲ وَعَنْ أَبِي سَعِيدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُسْلُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کے دن غسل کرنا ہر بالغ پر واجب ہے۔ (متفق علیہ)

۴۹۲/۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقٌّ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ أَنْ يَّغْتَسِلَ فِي كُلِّ سَبْعَةِ أَيَّامٍ يَوْمًا يَّغْسِلُ فِيهِ رَأْسَهُ وَجَسَدَهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان پر حق ہے کہ غسل کرے ہر سات دن کے بعد ایک دن اس میں اپنے سر اور بدن کو دھوئے۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۴۹۵/۴ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

سمرہ بن جندبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے جمعہ کے دن

besturdubooks.wordpress.com



تَوَضَّأَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَبِهَا وَنِعْمَتْ وَمَنِ اغْتَسَلَ فَالْغُسْلُ أَفْضَلُ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

وضو کیا پس فرض ادا کیا اور خوب فرض ہے اور جس نے غسل کیا پس غسل افضل ہے روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور نسائی نے اور دارمی نے۔

۴۹۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَلْيَغْتَسِلْ۔ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَزَادَ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَمَنْ حَمَلَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مردہ کو نہلائے پس چاہیئے کہ غسل کرے روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور زیادہ کیا احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور جو کوئی اُسے اٹھائے پس چاہیئے کہ وضو کرے۔

۴۹۷ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْتَسِلُ مِنْ أَرْبَعٍ مِنَ الْجَنَابَةِ وَيَوْمِ الْجُمُعَةِ وَمِنَ الْحِجَامَةِ وَمِنْ غُسْلِ الْمَيِّتِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا چار چیزوں سے غسل کرنے کا جنابت سے اور جمعہ کے دن اور سینگی لگوانے سے اور میت کے غسل دینے سے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۴۹۸ وَعَنْ قَيْسِ بْنِ عَاصِمٍ أَنَّهُ أَسْلَمَ فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَغْتَسِلَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

قیس رضؓ بن عاصم سے روایت ہے کہ وہ مسلمان ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو حکم دیا کہ بیری کے پتوں اور پانی کے ساتھ غسل کرے روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۴۹۹ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ إِنَّ نَاسًا مِنْ أَهْلِ الْعِرَاقِ جَاءُوْا فَقَالُوْا يَا ابْنَ عَبَّاسٍ أَتَرَى الْغُسْلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاجِبًا قَالَ لَا وَلٰكِنَّهُ أَطْهَرُ وَخَيْرٌ لِمَنِ اغْتَسَلَ وَمَنْ لَمْ يَغْتَسِلْ فَلَيْسَ عَلَيْهِ بِوَاجِبٍ وَسَأُخْبِرُكُمْ كَيْفَ بَدَأَ

عکرمہ رضؓ سے روایت ہے اہل عراق کے کچھ آدمی آئے اور کہنے لگے اے ابن عباس رضؓ کیا تیرے خیال میں جمعہ کے دن غسل کرنا واجب ہے انہوں نے کہا نہیں لیکن بہت پاک کرنے والا اور بہتر ہے جو شخص غسل کرے اور جو شخص غسل نہ کرے اس پر واجب نہیں ہے میں تمہیں بتلاتا ہوں کہ غسل کیسے شروع ہوا لوگ فقیر تھے

besturdubooks.wordpress.com

الْغُسْلُ كَانَ النَّاسُ يَجْهُودِيْنَ يَلْبَسُوْنَ الصُّوْفَ وَيَعْمَلُوْنَ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ وَكَانَ مَسْجِدُهُمْ ضَيِّقًا مُّقَارِبَ السَّقْفِ اِنَّمَا هُوَ عَرِيْشٌ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ يَوْمٍ حَارٍّ وَّعَرِقَ النَّاسُ فِيْ ذٰلِكَ الصُّوْفِ حَتّٰى ثَارَتْ مِنْهُمْ رِيَاحٌ اٰذٰى بِذٰلِكَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فَلَمَّا وَجَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الرِّيَاحَ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِذَا كَانَ هٰذَا الْيَوْمُ فَاغْتَسِلُوْا وَلْيَمَسَّ اَحَدُكُمْ اَفْضَلَ مَا يَجِدُ مِنْ دُهْنِهٖ وَطِيْبِهٖ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ثُمَّ جَاءَ اللّٰهُ بِالْخَيْرِ وَلَبِسُوْا غَيْرَ الصُّوْفِ وَكُفُوا الْعَمَلَ وَوُسِّعَ مَسْجِدُهُمْ وَذَهَبَ بَعْضُ الَّذِيْ كَانَ يُؤْذِيْ بَعْضُهُمْ بَعْضًا مِّنَ الْعَرَقِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اُون پہنتے تھے اپنی پیٹھوں پر کام کرتے تھے اُن کی مسجد تنگ اور قریب چھت والی تھی سوائے اس کے نہیں وہ چھپر ہی تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک گرمی کے دن نکلے اور لوگ اُونی کپڑوں میں پسینہ سے تر ہو گئے یہاں تک کہ اُن سے بُو پھیلی اُس کے سبب بعض نے بعض کو ایذا دی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بُو محسوس کی آپ نے فرمایا اے لوگو جب یہ دن آئے پس نہاؤ اور ایک تمہارا اپنی بہترین خوشبو لگاوے اور تیل استعمال کرے ابن عباس رضؓ نے کہا پھر اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور اُون کے علاوہ سُوتی کپڑے پہننے لگے اور کام سے کفایت کئے گئے مسجد بھی کُشادہ کر دی گئی اور وہ چیز جاتی رہی جو ایذا کا سبب بنتی تھی پسینہ وغیرہ سے (روایت کیا ہے اس کو ابو داؤد نے)

# بَابُ الْحَيْضِ

# حیض کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۵۰۰ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّ الْيَهُوْدَ كَانُوْا اِذَا حَاضَتِ الْمَرْاَةُ فِيْهِمْ لَمْ يُؤَاكِلُوْهَا وَلَمْ يُجَامِعُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ فَسَاَلَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّبِيَّ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَيَسْئَلُوْنَكَ

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق یہود جب اُن کی عورت حیض والی ہو جاتی نہ اُن کے ساتھ کھاتے اور نہ گھروں میں اُن کے ساتھ جمع رہتے صحابہ کرام رضؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی سوال کرتے ہیں آپ سے حیض کے

besturdubooks.wordpress.com

عَنِ الْمَحِيْضِ اٰلْاٰيَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اصْنَعُوْا كُلَّ شَيْءٍ اِلَّا النِّكَاحَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ الْيَهُوْدَ فَقَالُوْا مَا يُرِيْدُ هٰذَا الرَّجُلُ اَنْ يَّدَعَ مِنْ اَمْرِنَا شَيْئًا اِلَّا خَالَفَنَا فِيْهِ فَجَآءَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَّعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ فَقَالَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْيَهُوْدَ تَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا اَفَلَا نُجَامِعُهُنَّ فَتَغَيَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنْ قَدْ وَجَدَ عَلَيْهِمَا فَخَرَجَا فَاسْتَقْبَلَتْهُمَا هَدِيَّةٌ مِّنْ لَّبَنٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَرْسَلَ فِيْ اٰثَارِهِمَا فَسَقَاهُمَا فَعَرَفَا اَنَّهٗ لَمْ يَجِدْ عَلَيْهِمَا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

متعلق آخر آیت تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کرو تم سب کچھ سوائے جماع کے یہ خبر یہود کو پہنچی انہوں نے کہا نہیں ارادہ کرتا یہ شخص کہ ہمارے دین کے کسی امر کو چھوڑے مگر اس میں ہماری مخالفت کرتا ہے اُسید بن حضیر اور عباد بن بشر آئے اور کہا اُن دونوں نے کہ اے اللہ کے رسول یہود ایسا اور ایسا کہتے ہیں کیا ہم اُن سے جماع بھی نہ کریں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ (مبارک) متغیر ہو گیا یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ آپ ان پر خفا ہو گئے ہیں وہ دونوں نکلے اُن کو دودھ کا تحفہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سامنے آیا آپ نے اُن کے پیچھے بھیجا پس اُن کو پلایا پس ان دونوں نے جان لیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خفا نہیں ہوئے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۵۰۲/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَآءٍ وَّاحِدٍ وَّكِلَانَا جُنُبٌ وَّكَانَ يَاْمُرُنِيْ فَاَتَّزِرُ فَيُبَاشِرُنِيْ وَاَنَا حَائِضٌ وَّكَانَ يُخْرِجُ رَاْسَهٗ اِلَيَّ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فَاَغْسِلُهٗ وَاَنَا حَائِضٌ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہی برتن سے غسل کیا اور ہم دونوں جنبی تھے اور مجھ کو فرماتے میں تہ بند باندھ لیتی پس آپ مجھ سے مباشرت کرتے اور میں حائض ہوتی اور آپ اپنا سر (مبارک) میری طرف نکالتے اور آپ حالتِ اعتکاف میں ہوتے میں دھوتی اسکو اور میں حائض ہوتی

۵۰۲/۳ وَعَنْهَا قَالَتْ كُنْتُ اَشْرَبُ وَاَنَا حَائِضٌ ثُمَّ اُنَاوِلُهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ فَاهُ عَلٰى مَوْضِعِ فِيَّ فَيَشْرَبُ وَاَتَعَرَّقُ الْعَرْقَ وَاَنَا حَائِضٌ ثُمَّ اُنَاوِلُهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ فَاهُ عَلٰى مَوْضِعِ فِيَّ۔

اسی (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا) سے روایت ہے انہوں نے کہا میں پانی پیتی تھی اور میں حیض والی ہوتی پھر دیتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیتی آپ اپنا منہ (مبارک) رکھتے جس جگہ میں نے منہ رکھا تھا پس آپ پیتے اور میں ہڈی چوستی اور میں حائضہ ہوتی پھر دیتی وہ ہڈی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیتی آپ اپنا منہ اس جگہ رکھتے جہاں میں نے

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۵۰۳ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَّكِئُ فِي حَجْرِي وَأَنَا حَائِضٌ ثُمَّ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

لکھا تھا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

اور اُسی (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا) سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری گود میں تکیہ کرتے اور میں حائض ہوتی اور آپ قرآن شریف پڑھتے۔

(متفق علیہ)

۵۰۴ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاوِلِينِي الْخُمْرَةَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَقُلْتُ إِنِّي حَائِضٌ فَقَالَ إِنَّ حَيْضَتَكِ لَيْسَتْ فِي يَدِكِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُسی (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا) سے روایت ہے انہوں نے کہا مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ کو مسجد سے چھوٹا بوریا پکڑا میں نے کہا میں حائضہ ہوں آپ نے فرمایا تیرا حیض تیرے ہاتھ میں نہیں ہے۔ روایت کیا اس کو مسلم نے

۵۰۵ وَعَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي مِرْطٍ بَعْضُهُ عَلَيَّ وَبَعْضُهُ عَلَيْهِ وَأَنَا حَائِضٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چادر میں نماز پڑھتے اور اُس کا بعض حصہ مجھ پر ہوتا اور بعض آپ پر اور میں حائضہ ہوتی۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۵۰۶ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَتَى حَائِضًا أَوِ امْرَأَةً فِي دُبُرِهَا أَوْ كَاهِنًا فَقَدْ كَفَرَ بِمَا أُنْزِلَ عَلَى مُحَمَّدٍ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَفِي رِوَايَتِهِمَا فَصَدَّقَهُ بِمَا يَقُولُ فَقَدْ كَفَرَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ لَا نَعْرِفُ هٰذَا الْحَدِيثَ إِلَّا مِنْ حَكِيمٍ الْأَثْرَمِ عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اپنی عورت کے ساتھ حیض کی حالت میں یا پیچھے سے صحبت کرے یا کاہن کے پاس جائے اس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو اُتارا گیا ہے اُس کے ساتھ کفر کیا۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے ابن ماجہ نے دارمی نے اور ان دونوں کی روایت میں ہے کاہن جو کچھ کہتا ہے اس کی تصدیق کرے پس وہ کافر ہوا ترمذی نے کہا۔ ہم اس حدیث کو نہیں جانتے مگر حکیم اثرم عن ابی تمیمہ عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے۔

۵۰۷ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا يَحِلُّ لِي مِنِ امْرَأَتِي وَ

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسول میرے لئے میری عورت سے

besturdubooks.wordpress.com

هِيَ حَائِضٌ قَالَ مَا فَوْقَ الْإِزَارِ وَالتَّعَفُّفُ عَنْ ذٰلِكَ أَفْضَلُ۔ رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَقَالَ مُحْيِي السُّنَّةِ إِسْنَادُهُ لَيْسَ بِقَوِيٍّ۔

جب حیض والی ہو کیا حلال ہے آپ نے فرمایا وہ چیز جو تہبند کے اُوپر ہے اور اُس سے بچنا افضل ہے روایت کیا اس کو رزین نے محی السنہ نے کہا اس کی سند قوی نہیں ہے

۵۰۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وَقَعَ الرَّجُلُ بِأَهْلِهِ وَهِيَ حَائِضٌ فَلْيَتَصَدَّقْ بِنِصْفِ دِيْنَارٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرے جب وہ حیض والی ہو پس چاہیئے کہ آدھا دینار صدقہ کرے روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے نسائی نے اور دارمی نے اور ابن ماجہ نے

۵۰۹ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا كَانَ دَمًا أَحْمَرَ فَدِيْنَارٌ وَإِذَا كَانَ دَمًا أَصْفَرَ فَنِصْفُ دِيْنَارٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اور انہی (ابن عباس رضؓ) سے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ اگر خون حیض کا سُرخ ہے پس ایک دینار اور جب زرد ہو تو نصف دینار روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۵۱۰ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ قَالَ إِنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا يَحِلُّ لِيْ مِنِ امْرَأَتِيْ وَهِيَ حَائِضٌ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشُدُّ عَلَيْهَا إِزَارَهَا ثُمَّ شَأْنُكَ بِأَعْلَاهَا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالدَّارِمِيُّ مُرْسَلًا)

زید بن اسلم سے روایت ہے ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا پس کہا کیا چیز میرے لئے حلال ہے میری بیوی سے جب وہ حیض والی ہو پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس پر مضبوطی کے ساتھ تہبند باندھ لے پھر کام تیرا اُس کے اُوپر سے ہے (روایت کیا ہے اس کو مالک رحؒ نے اور دارمی نے مرسل)

۵۱۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ إِذَا حِضْتُ نَزَلْتُ عَنِ الْمِثَالِ عَلَى الْحَصِيْرِ فَلَمْ نَقْرَبْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ نَدْنُ مِنْهُ حَتّٰى نَطْهُرَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت میں حیض والی ہوتی میں اُترتی بچھونے سے بوریئے پر پس ہم رسول اللہ ﷺ کے قریب نہ ہوتیں اور آپ کے نزدیک نہ ہوتیں یہاں تک کہ پاک نہ ہو جاتیں (ابوداؤد)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ الْمُسْتَحَاضَةِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۵۱۲/۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِیْ حُبَیْشٍ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اِمْرَاَةٌ اُسْتَحَاضُ فَلَا اَطْهُرُ اَفَاَدَعُ الصَّلٰوةَ فَقَالَ لَا اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَّلَیْسَ بِحَیْضٍ فَاِذَا اَقْبَلَتْ حَیْضَتُكِ فَدَعِی الصَّلٰوةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِیْ عَنْكِ الدَّمَ ثُمَّ صَلِّیْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

## مُستحاضہ کا بیان

### پہلی فصل

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا فاطمہ بنت ابی حبیش نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں پس کہا اے اللہ کے رسول میں عورت ہوں کہ استحاضہ کی جاتی ہوں اور کبھی پاک نہیں ہوتی کیا میں نماز چھوڑ دوں آپ نے فرمایا یہ خون ایک رگ کا ہے حیض نہیں ہے جب تیرا حیض آئے نماز کو چھوڑ دے اور جس وقت جاتا رہے پس اپنے سے خون دھو پھر نماز پڑھ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۵۱۳/۲ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ اَبِیْ حُبَیْشٍ اَنَّهَا كَانَتْ تُسْتَحَاضُ فَقَالَ لَهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ دَمُ الْحَیْضِ فَاِنَّهٗ دَمٌ اَسْوَدُ یُعْرَفُ فَاِذَا كَانَ ذٰلِكِ فَاَمْسِكِیْ عَنِ الصَّلٰوةِ فَاِذَا كَانَ الْاٰخَرُ فَتَوَضَّئِیْ وَصَلِّیْ فَاِنَّمَا هُوَ عِرْقٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

### دوسری فصل

عروہ بن زبیر رضؓ فاطمہ بنت ابی حبیش سے روایت کرتے ہیں کہ اُسے استحاضہ آتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہا جس وقت حیض کا خون ہو تحقیق وہ خون سیاہ ہوتا ہے اور پہچانا جاتا ہے جب خون ایسا ہو تو نماز سے بند رہ اور جب دوسرا ہو پس وضو کر اور نماز پڑھ وہ خون رگ کا ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

۵۱۴/۳ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ اِنَّ امْرَاَةً كَانَتْ تُهْرَاقُ الدَّمَ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَفْتَتْ لَهَا اُمُّ سَلَمَةَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِتَنْظُرْ عَدَدَ اللَّیَالِیْ وَالْاَیَّامِ

ام سلمہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں خون ڈالتی تھی ام سلمہ رضؓ نے اس کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فتویٰ پوچھا آپ نے فرمایا وہ دنوں اور راتوں کی گنتی شمار کرے جن میں اُسے ہر مہینہ اُس

besturdubooks.wordpress.com

الَّتِي كَانَتْ تَحِيضُهُنَّ مِنَ الشَّهْرِ قَبْلَ أَنْ يُصِيبَهَا الَّذِي أَصَابَهَا فَلْتَتْرُكِ الصَّلٰوةَ قَدْرَ ذٰلِكَ مِنَ الشَّهْرِ فَإِذَا خَلَّفَتْ ذٰلِكَ فَلْتَغْتَسِلْ ثُمَّ لِتَسْتَثْفِرْ بِثَوْبٍ ثُمَّ لِتُصَلِّ۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَّأَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَى النَّسَائِيُّ مَعْنَاهُ

بیماری کے لگنے سے پہلے خون آتا تھا پس وہ اُس کا اندازہ ہر مہینہ میں نماز چھوڑ دے جب وقت گزر جائے تو غسل کرے پھر لنگوٹ باندھے پھر نماز پڑھے

(روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور روایت کیا ہے ابوداؤد نے اور دارمی نے اور روایت کیا ہے نسائی نے معنی اس کا۔

۵۱۴ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ جَدُّ عَدِيٍّ اِسْمُهٗ دِيْنَارٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهٗ قَالَ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ تَدَعُ الصَّلٰوةَ أَيَّامَ أَقْرَائِهَا الَّتِي كَانَتْ تَحِيضُ فِيْهَا ثُمَّ تَغْتَسِلُ وَتَتَوَضَّأُ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَّتَصُوْمُ وَتُصَلِّيْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ)

عدی بن ثابت اپنے باپ سے اس کا باپ عدی کے دادا سے روایت کرتا ہے یحییٰ بن معین نے کہا عدی کے دادا کا نام دینار تھا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتا ہے آپ نے استحاضہ والی عورت کے متعلق فرمایا اپنے حیض کے دن جن میں وہ حیض گزارتی ہے نماز چھوڑ دے پھر غسل کرے اور ہر نماز کے لئے وضو کرے اور روزے رکھے اور نماز پڑھے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے)

۵۱۵ وَعَنْ حَمْنَةَ بِنْتِ جَحْشٍ قَالَتْ كُنْتُ أُسْتَحَاضُ حَيْضَةً كَثِيْرَةً شَدِيْدَةً فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْتَفْتِيْهِ وَأُخْبِرُهٗ فَوَجَدْتُهٗ فِيْ بَيْتِ أُخْتِيْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ أُسْتَحَاضُ حَيْضَةً كَثِيْرَةً شَدِيْدَةً فَمَا تَأْمُرُنِيْ فِيْهَا قَدْ مَنَعَتْنِي الصَّلٰوةَ وَالصِّيَامَ قَالَ أَنْعَتُ لَكِ الْكُرْسُفَ فَإِنَّهٗ يُذْهِبُ الدَّمَ قَالَتْ هُوَ أَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ فَتَلَجَّمِيْ قَالَتْ هُوَ أَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ فَاتَّخِذِيْ ثَوْبًا قَالَتْ هُوَ أَكْثَرُ مِنْ

حمنہؓ بنت جحش سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ مجھے بہت زیادہ استحاضہ کا خون آتا تھا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت (اقدس) میں حاضر ہوئیں آپ سے فتویٰ پوچھتی تھی اور خبر دینا چاہتی تھی میں نے آپ کو اپنی بہن زینبؓ بنت جحش کے گھر میں پایا میں نے کہا اے اللہ کے رسولؐ مجھے سخت استحاضہ کا خون آتا ہے آپ مجھے اُس کے متعلق کیا حکم دیتے ہیں اس نے مجھ کو نماز اور روزے سے روک دیا ہے آپؐ نے فرمایا میں تیرے لئے روئی بیان کرتا ہوں تحقیق وہ لے جاتی ہے خون کو اُس نے کہا وہ اُس سے زیادہ ہے آپؐ نے فرمایا لگام کی مانند کپڑا باندھ اس نے کہا وہ اُس سے بھی زیادہ ہے۔ پس آپؐ نے فرمایا رکھ تو کپڑا اُس

besturdubooks.wordpress.com

ذٰلِكِ إِنَّمَا أَنْجُّ ثَجًّا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَآمُرُكِ بِأَمْرَيْنِ أَيَّهُمَا صَنَعْتِ أَجْزَأَ عَنْكِ مِنَ الْآخَرِ وَإِنْ قَوِيتِ عَلَيْهِمَا فَأَنْتِ أَعْلَمُ قَالَ لَهَا إِنَّمَا هٰذِهِ رَكْضَةٌ مِّنْ رَّكَضَاتِ الشَّيْطَانِ فَتَحَيَّضِي سِتَّةَ أَيَّامٍ أَوْ سَبْعَةَ أَيَّامٍ فِي عِلْمِ اللّٰهِ ثُمَّ اغْتَسِلِي حَتّٰى إِذَا رَأَيْتِ أَنَّكِ قَدْ طَهُرْتِ وَاسْتَنْقَأْتِ فَصَلِّي ثَلٰثًا وَّعِشْرِينَ لَيْلَةً أَوْ أَرْبَعًا وَّعِشْرِينَ لَيْلَةً وَّأَيَّامَهَا وَصُومِي فَإِنَّ ذٰلِكِ يُجْزِئُكِ وَكَذٰلِكِ فَافْعَلِي كُلَّ شَهْرٍ كَمَا تَحِيضُ النِّسَاءُ وَكَمَا يَطْهُرْنَ مِيقَاتَ حَيْضِهِنَّ وَطُهْرِهِنَّ وَإِنْ قَوِيتِ عَلٰى أَنْ تُؤَخِّرِي الظُّهْرَ وَتُعَجِّلِي الْعَصْرَ وَتَغْتَسِلِينَ وَتَجْمَعِينَ بَيْنَ الصَّلٰوتَيْنِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَتُؤَخِّرِينَ الْمَغْرِبَ وَتُعَجِّلِينَ الْعِشَاءَ ثُمَّ تَغْتَسِلِينَ وَتَجْمَعِينَ بَيْنَ الصَّلٰوتَيْنِ فَافْعَلِي وَتَغْتَسِلِينَ مَعَ الْفَجْرِ فَافْعَلِي وَصُومِي إِنْ قَدَرْتِ عَلٰى ذٰلِكِ. قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذَا أَعْجَبُ الْأَمْرَيْنِ إِلَيَّ.

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

نے کہا وہ اس سے زیادہ ہے سو لے اس کے تجھ میں ڈالتی ہوں اس خون کو ڈالنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تجھے دو باتوں کا حکم کرتا ہوں اُن میں سے جو تو کرے گی تجھے کفایت کرے گی اگر تو دونوں پر قدرت رکھے تو خوب جاننے والی ہے آپ نے فرمایا یہ شیطان کا لات مارنا ہے تو حیض کے چھ یا سات دن شمار کر اللہ تعالےٰ کے علم میں پھر غسل کر پھر جب تو دیکھے کہ تو پاک ہو چکی ہے اور صاف ہو گئی ہے تئیس دن اور رات نماز پڑھ یا چوبیس دن رات اور روزے رکھ یہ بات تجھ کو کفایت کرتی ہے اسی طرح ہر مہینے کیا کر جیسے عورتیں حائض ہوتی ہیں اور جس طرح پاک ہوتی ہیں اپنے حیض اور پاک ہونے کے وقت پر اور اگر تو قدرت رکھے یہ کہ تاخیر کر دے تو ظہر کو اور جلدی کرے نماز عصر کو پس غسل کر اور دونوں نمازوں کو جمع کر لے اور تاخیر کر تو مغرب میں اور جلدی کرے عشاء میں پھر غسل کر تو اور اُن دونوں نمازوں کو جمع کر لے پس اس طرح کر اور غسل کر تو فجر کی نماز کے لئے اور روزے رکھ اگر تجھے طاقت ہے اس پر اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دونوں حکموں میں سے یہ مجھے زیادہ پسند ہے۔

(روایت کیا ہے اس کو احمدؒ نے اور ابوداؤد نے اور ترمذی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۵۱۷ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ قَالَتْ

اسماء بنت عمیس سے روایت ہے انہوں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِيْ حُبَيْشٍ اِسْتُحِيْضَتْ مُنْذُ كَذَا وَكَذَا فَلَمْ تُصَلِّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذَا مِنَ الشَّيْطَانِ لِتَجْلِسْ فِيْ مِرْكَنٍ فَاِذَا رَاَتْ صُفَارَةً فَوْقَ الْمَاءِ فَلْتَغْتَسِلْ لِلظُّهْرِ وَالْعَصْرِ غُسْلًا وَّاحِدًا وَّتَغْتَسِلْ لِلْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ غُسْلًا وَّاحِدًا وَّتَغْتَسِلْ لِلْفَجْرِ غُسْلًا وَّاحِدًا وَّتَوَضَّأُ فِيْمَا بَيْنَ ذٰلِكَ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ رَوٰى مُجَاهِدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لَمَّا اشْتَدَّ عَلَيْهَا الْغُسْلُ اَمَرَهَا اَنْ تَجْمَعَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ۔

میں نے کہا اے اللہ کے رسول! فاطمہ بنت ابی حبیش کو استحاضہ کی بیماری ہے اس نے اتنی اتنی مدت سے نماز نہیں پڑھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سبحان اللہ تحقیق یہ شیطان کی طرف سے ہے ایک لگن میں بیٹھے جب پانی کے اوپر زردی دیکھے ظہر اور عصر کے لئے غسل کرے اور مغرب اور عشاء کے لئے ایک غسل کرے اور فجر کے لئے ایک غسل اور ان کے درمیان وضو کرے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور کہا کہ روایت کیا مجاہدؒ نے ابن عباس رضؓ سے جب اس پر غسل دشوار ہوا اس کو حکم دیا کہ دو نمازوں کو جمع کرلے

# كِتَابُ الصَّلٰوةِ

# نماز کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۵۱۸/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ وَالْجُمُعَةُ اِلَى الْجُمُعَةِ وَرَمَضَانُ اِلٰى رَمَضَانَ مُكَفِّرَاتٌ لِّمَا بَيْنَهُنَّ اِذَا اجْتُنِبَتِ الْكَبَائِرُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ نمازیں اور جمعہ سے لے کر جمعہ تک اور رمضان سے لے کر رمضان تک اُن گناہوں کا کفارہ ہیں جو اُن کے درمیان ہوتے ہیں جب کبیرہ گناہوں سے بچا جائے روایت کیا اس کو مسلم نے

۵۱۹/۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَاَيْتُمْ لَوْ اَنَّ نَهَرًا بِبَابِ اَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ فِيْهِ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسًا هَلْ يَبْقٰى مِنْ دَرَنِهٖ شَيْءٌ قَالُوْا

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبردو اگر تم میں سے کسی ایک کے دروازے کے سامنے نہر جاری گزرتی ہو اور وہ ہر روز پانچ مرتبہ اُس میں غسل کرے کیا اس کی میل

لَا يَبْقٰى مِنْ دَرَنِهٖ شَيْءٌ قَالَ فَذٰلِكَ مَثَلُ الصَّلَوٰتِ الْخَمْسِ يَمْحُو اللّٰهُ بِهِنَّ الْخَطَايَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

باقی رہ جائے گی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اس کی میل باقی نہ رہے گی آپ نے فرمایا یہ پانچوں نمازوں کی مثال ہے اللہ تعالیٰ اُن کے ساتھ گناہوں کو مٹا دیتا ہے (متفق علیہ)

۵۲۰/۳ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِنَّ رَجُلًا اَصَابَ مِنِ امْرَاَةٍ قُبْلَةً فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلٰى هٰذَا قَالَ لِجَمِيْعِ اُمَّتِيْ كُلِّهِمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ اُمَّتِيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص نے ایک عورت کا بوسہ لیا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور خبر دی اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور نماز کو قائم رکھ دن کے دونوں طرفوں میں اور چند ساعات رات کے تحقیق نیکیاں مٹا دیتی ہیں برائیاں اس آدمی نے کہا یہ میرے لئے خاص ہے (یا سب کے لئے) آپ نے فرمایا میری ساری امت کے لئے اور ایک روایت میں ہے میری امت سے جو اس پر عمل کرے گا (متفق علیہ)

۵۲۱/۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَصَبْتُ حَدًّا فَاَقِمْهُ عَلَيَّ قَالَ وَلَمْ يَسْئَلْهُ عَنْهُ وَحَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَصَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ قَامَ الرَّجُلُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَصَبْتُ حَدًّا فَاَقِمْ فِيَّ كِتَابَ اللّٰهِ قَالَ اَلَيْسَ قَدْ صَلَّيْتَ مَعَنَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ غَفَرَ لَكَ ذَنْبَكَ اَوْ حَدَّكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا اے اللہ کے رسول میں حد تک پہنچ چکا ہوں مجھ پر وہ قائم کرو آپ نے اس سے کچھ نہ پوچھا اور نماز کا وقت آگیا اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ چکے وہ آدمی کھڑا ہوا۔ اُس نے کہا اے اللہ کے رسول میں حد کو پہنچا ہوں اللہ تعالیٰ کا حکم مجھ پر قائم کرو آپ نے فرمایا ہمارے ساتھ نماز نہیں پڑھی تو نے اس نے کہا ہاں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تیرا گناہ معاف کر دیا ہے یا فرمایا کہ حد تیری۔ (متفق علیہ)

۵۲۲/۵ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى قَالَ الصَّلٰوةُ لِوَقْتِهَا

ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اللہ تعالیٰ کو کون سا عمل زیادہ محبوب ہے آپ نے فرمایا وقت

besturdubooks.wordpress.com

قُلْتُ ثُمَّ اَیٌّ قَالَ بِرُّ الْوَالِدَیْنِ قُلْتُ ثُمَّ اَیٌّ قَالَ الْجِهَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِیْ بِهِنَّ وَلَوِ اسْتَزَدْتُّهٗ لَزَادَنِیْ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

پر نماز پڑھنا میں نے کہا پھر کون سا عمل آپ نے فرمایا ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنا میں نے کہا پھر کون سا آپ نے فرمایا اللہ کے راستہ میں جہاد کرنا کہا عبداللہ نے مجھ کو یہ باتیں آپ نے بتلائیں اگر زیادہ پوچھتا زیادہ بتلاتے (متفق علیہ)

۵۲۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْنَ الْعَبْدِ وَبَیْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندے اور کفر کے درمیان نماز کا چھوڑ دینا ہے روایت کیا اس کو مسلم نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۵۲۴ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَمْسُ صَلَوَاتٍ اِفْتَرَضَهُنَّ اللّٰهُ تَعَالٰی مَنْ اَحْسَنَ وُضُوْءَهُنَّ وَصَلَّاهُنَّ لِوَقْتِهِنَّ وَاَتَمَّ رُكُوْعَهُنَّ وَخُشُوْعَهُنَّ كَانَ لَهٗ عَلَی اللّٰهِ عَهْدٌ اَنْ یَّغْفِرَ لَهٗ وَمَنْ لَّمْ یَفْعَلْ فَلَیْسَ لَهٗ عَلَی اللّٰهِ عَهْدٌ اِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهٗ وَاِنْ شَاءَ عَذَّبَهٗ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَرَوٰی مَالِكٌ وَّالنَّسَائِیُّ نَحْوَهٗ۔

عبادہؓ بن صامت سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ نمازیں ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کو فرض کیا ہے جو ان کا وضو اچھی طرح کرے اور وقت پر انہیں پڑھے اور اُن کا رکوع اور خشوع مکمل کرے اس کے لئے اللہ تعالیٰ پر عہد ہے کہ اُسے بخش دے اور جو کوئی نہ کرے اس کا اللہ تعالیٰ پر عہد نہیں ہے اگر چاہے اس کو بخش دے اور اگر چاہے اُسے عذاب دے روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور روایت کیا مالک رح نے اور نسائی نے اس کی مانند۔

۵۲۵ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلُّوْا خَمْسَكُمْ وَصُوْمُوْا شَهْرَكُمْ وَاَدُّوْا زَكٰوةَ اَمْوَالِكُمْ وَاَطِیْعُوْا اِذَا اَمَرَكُمْ تَدْخُلُوْا جَنَّةَ رَبِّكُمْ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

ابوامامہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی پانچ نمازیں پڑھو اپنے مہینے کے روزے رکھو اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرو اور اپنے حاکم کی تابعداری کرو اپنے رب کی جنت میں تم داخل ہو جاؤ گے (روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی نے)

۵۲۶ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرُوْا اَوْلَادَكُمْ بِالصَّلٰوةِ وَهُمْ اَبْنَاءُ سَبْعِ سِنِيْنَ وَاضْرِبُوْهُمْ عَلَيْهَا وَهُمْ اَبْنَاءُ عَشْرِ سِنِيْنَ وَفَرِّقُوْا بَيْنَهُمْ فِي الْمَضَاجِعِ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَكَذَا رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْهُ وَفِي الْمَصَابِيْحِ عَنْ سَبْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ۔

اپنی اولاد کو نماز پڑھنے کا حکم دو جبکہ وہ سات برس کے ہوں اور نماز نہ پڑھنے پر اُن کو مارو جبکہ وہ دس برس کے ہوں اور خواب گاہوں میں اُن کو الگ الگ کر دو۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اسی طرح روایت کیا اس کو شرح السنہ میں اسی سے اور مصابیح میں ہے سبرہ بن معبد سے)

۵۲۷ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعَهْدُ الَّذِيْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ الصَّلٰوةُ فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ عہد جو ہمارے اور منافقوں کے درمیان ہے نماز ہے پس جس نے اس کو چھوڑ دیا اُس نے کفر کیا۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۵۲۸ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ عَالَجْتُ امْرَاَةً فِيْ اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ وَاِنِّيْ اَصَبْتُ مِنْهَا مَا دُوْنَ اَنْ اَمَسَّهَا فَاَنَا هٰذَا فَاقْضِ فِيَّ مَا شِئْتَ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ لَقَدْ سَتَرَكَ اللّٰهُ لَوْ سَتَرْتَ عَلٰى نَفْسِكَ قَالَ وَلَمْ يَرُدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَقَامَ الرَّجُلُ فَانْطَلَقَ فَاَتْبَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا فَدَعَاهُ وَتَلَا عَلَيْهِ هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا پس کہا اس نے اے اللہ کے رسول مدینہ کے کنارے پر میں نے ایک عورت کو گلے لگایا اور میں اس سے پہنچا ہوں اس چیز کو کہ کم ہے کہ میں نے صحبت کی ہو اور میں یہ موجود ہوں جو میرے متعلق آپ چاہیں حکم لگائیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُسے کہا اللہ تعالیٰ نے تجھ پر پردہ ڈالا ہے تو بھی اپنے نفس پر پردہ ڈالتا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی جواب نہ دیا وہ شخص کھڑا ہوا اور چلا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پیچھے آدمی بھیجا اور اسے بلایا اور اس پر یہ آیت پڑھی اور نماز قائم کر دن کے دونوں طرفوں میں اور رات کی چند ساعات میں تحقیق نیکیاں برائی کو لے جاتی ہیں نصیحت حاصل کرنے والوں کے لئے یہ نصیحت

besturdubooks.wordpress.com

ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ هٰذَا لَكَ خَاصَّةً فَقَالَ بَلْ لِلنَّاسِ كَافَّةً۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ہے لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا اے اللہ کے نبی کیا یہ اس کے لئے خاص ہے آپ نے فرمایا نہیں سب لوگوں کے لئے ہے۔ روایت کیا اس کو مسلم نے۔

۵۲۹/۱۲ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ زَمَنَ الشِّتَاءِ وَالْوَرَقُ يَتَهَافَتُ فَاَخَذَ بِغُصْنَيْنِ مِنْ شَجَرَةٍ قَالَ فَجَعَلَ ذٰلِكَ الْوَرَقُ يَتَهَافَتُ قَالَ فَقَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ قُلْتُ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ الْعَبْدَ الْمُسْلِمَ لَيُصَلِّی الصَّلٰوةَ يُرِيْدُ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ فَتَهَافَتُ عَنْهُ ذُنُوْبُهٗ كَمَا تَهَافَتُ هٰذَا الْوَرَقُ عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابوذرؓ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موسم سرما میں باہر نکلے اور درختوں کے پتے جھڑتے تھے آپ نے ایک درخت کی دو شاخیں پکڑ کر انہیں ہلایا پتے اُن سے جھڑنے لگے کہا آپ نے فرمایا اے ابوذرؓ میں نے کہا میں حاضر ہوں اے اللہ کے رسول آپ نے فرمایا مسلمان بندہ اللہ نماز پڑھتا ہے ارادہ کرتا ہے اللہ تعالےٰ کی رضامندی کا اُس سے گناہ گر جاتے ہیں۔ جیسے پتے اس درخت سے جھڑتے ہیں (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

۵۳۰/۱۳ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ نِ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی سَجْدَتَيْنِ لَا يَسْهُوْ فِيْهِمَا غُفِرَ اللّٰهُ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِهٖ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

زید بن خالد سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے دو رکعت نماز پڑھی اُن میں سہو نہ کیا اللہ تعالےٰ اس کے پہلے گناہ معاف کر دے گا (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

۵۳۱/۱۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ ذَكَرَ الصَّلٰوةَ يَوْمًا فَقَالَ مَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَتْ لَهٗ نُوْرًا وَّ بُرْهَانًا وَّنَجَاةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ لَّمْ يُحَافِظْ عَلَيْهَا لَمْ تَكُنْ لَّهٗ نُوْرًا وَّلَا بُرْهَانًا وَّلَا نَجَاةً وَّكَانَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَعَ قَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَاُبَيِّ ابْنِ خَلَفٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ

عبداللہ بن عمرو بن عاص سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے ایک روز نماز کا ذکر کیا اور فرمایا جس نے اس کی محافظت کی وہ نماز اس کے لئے نورانیت کا سبب اور دلیل اور نجات کا ذریعہ قیامت کے دن ہوگی اور جو کوئی محافظت نہیں کرے گا اس کے لئے نور دلیل اور نجات کا سبب نہ ہوگی اور وہ قیامت کے دن قارون فرعون ہامان اور اُبی بن خلف کے ساتھ ہوگا۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور دارمی نے اور بیہقی نے

besturdubooks.wordpress.com

وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ۔

شعب الایمان میں۔

۵۳۲/۱۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرَوْنَ شَيْئًا مِّنَ الْأَعْمَالِ تَرْكُهُ كُفْرٌ غَيْرَ الصَّلٰوةِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عبداللہ بن شقیق سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کسی چیز کے اعمال میں چھوڑنے کو کفر نہیں خیال کرتے تھے سوائے نماز کے۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

۵۳۳/۱۶ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ أَوْصَانِي خَلِيلِي أَنْ لَّا تُشْرِكَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّإِنْ قُطِّعْتَ وَحُرِّقْتَ وَلَا تَتْرُكْ صَلٰوةً مَّكْتُوبَةً مُّتَعَمِّدًا فَمَنْ تَرَكَهَا مُتَعَمِّدًا فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ وَلَا تَشْرَبِ الْخَمْرَ فَإِنَّهَا مِفْتَاحُ كُلِّ شَرٍّ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابوالدرداء رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میرے دوست نے مجھ کو وصیت کی کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرا اگرچہ تو ٹکڑے ٹکڑے کیا جائے اور جلایا جائے اور فرض نماز نہ چھوڑ جان بوجھ کر جس نے جان بوجھ کر فرض نماز ترک کر دی اس سے ذمہ بری ہوا اور شراب نہ پی کیونکہ وہ ہر برائی کی کنجی ہے (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

# بَابُ الْمَوَاقِيتِ

# نماز کے اوقات کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۵۳۴/۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقْتُ الظُّهْرِ إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ وَكَانَ ظِلُّ الرَّجُلِ كَطُولِهِ مَا لَمْ يَحْضُرِ الْعَصْرُ وَوَقْتُ الْعَصْرِ مَا لَمْ تَصْفَرَّ الشَّمْسُ وَوَقْتُ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ مَا لَمْ يَغِبِ الشَّفَقُ وَوَقْتُ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ إِلٰى نِصْفِ اللَّيْلِ الْأَوْسَطِ وَوَقْتُ صَلٰوةِ الصُّبْحِ مِنْ طُلُوعِ الْفَجْرِ مَا لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ

عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ظہر کا وقت ہے جس وقت ڈھلے دوپہر اور آدمی کا سایہ اس کے طول کی مانند ہو جب تک عصر کا وقت نہ آئے اور عصر کا وقت ہے جب تک زرد نہ ہو سورج اور مغرب کی نماز کا وقت ہے جب تک شفق غائب نہ ہو اور عشاء کی نماز کا وقت آدھی رات تک ہے اور صبح کی نماز کا وقت طلوع فجر سے لے کر جب تک سورج طلوع نہ ہو جب سورج نکل آئے نماز سے رک جا کیونکہ وہ شیطان کے دو

besturdubooks.wordpress.com

فَإِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَأَمْسِكْ عَنِ الصَّلٰوةِ فَإِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سینگوں کے درمیان سے طلوع ہوتا ہے۔ روایت کیا اس کو مسلم نے۔

۵۳۵ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ إِنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَّقْتِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ لَهٗ صَلِّ مَعَنَا هٰذَيْنِ يَعْنِي الْيَوْمَيْنِ فَلَمَّا زَالَتِ الشَّمْسُ أَمَرَ بِلَالًا فَأَذَّنَ ثُمَّ أَمَرَهٗ فَأَقَامَ الظُّهْرَ ثُمَّ أَمَرَهٗ فَأَقَامَ الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ بَيْضَاءُ نَقِيَّةٌ ثُمَّ أَمَرَهٗ فَأَقَامَ الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ أَمَرَهٗ فَأَقَامَ الْعِشَاءَ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ ثُمَّ أَمَرَهٗ فَأَقَامَ الْفَجْرَ حِيْنَ طَلَعَ الْفَجْرُ فَلَمَّا أَنْ كَانَ الْيَوْمُ الثَّانِيْ أَمَرَهٗ فَأَبْرَدَ بِالظُّهْرِ فَأَبْرَدَ بِهَا فَأَنْعَمَ أَنْ يُّبْرِدَ بِهَا وَصَلَّى الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ أَخَّرَهَا فَوْقَ الَّذِيْ كَانَ وَصَلَّى الْمَغْرِبَ قَبْلَ أَنْ يَّغِيْبَ الشَّفَقُ وَصَلَّى الْعِشَاءَ بَعْدَ مَا ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ وَصَلَّى الْفَجْرَ فَأَسْفَرَ بِهَا ثُمَّ قَالَ أَيْنَ السَّائِلُ عَنْ وَّقْتِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ الرَّجُلُ أَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَقْتُ صَلٰوتِكُمْ بَيْنَ مَا رَأَيْتُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

بُریدہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک آدمی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز کے وقت کے متعلق سوال کیا آپ نے فرمایا ان دو دنوں میں ہمارے ساتھ نماز پڑھ جب سورج کا زوال ہوا آپ نے حضرت بلال رضؓ کو حکم دیا کہ آذان کہے پھر اُسے حکم دیا کہ ظہر کی اقامت کہے پھر اس کو حکم دیا کہ عصر کی نماز قائم کر جبکہ سورج بلند سفید اور صاف تھا پھر اسکو حکم دیا اس نے مغرب کی نماز قائم کی جب سورج غروب ہوا پھر اس کو حکم دیا اس نے عشاء کی نماز قائم کی جس وقت شفق غائب ہوئی پھر اس کو حکم دیا اُس نے فجر کی نماز قائم کی جب فجر نمودار ہوئی جب دوسرا دن ہوا بلال رضؓ کو حکم دیا کہ ٹھنڈا کرکے ظہر کی نماز کو اس نے اچھی طرح اس کو ٹھنڈا کیا اور عصر کی نماز پڑھی جبکہ آفتاب بلند تھا اور تاخیر کیا اس وقت سے جو اس کے لئے تھا اور مغرب کی نماز شفق غروب ہونے سے پہلے پڑھی اور عشاء کی نماز پڑھی جب کہ ایک تہائی رات گزر چکی تھی اور صبح کی نماز پڑھی اس کو روشن کیا پھر آپ نے فرمایا نماز کا وقت پوچھنے والا کہاں ہے اُس شخص نے کہا اے اللہ کے رسول میں حاضر ہوں آپ نے فرمایا تمہاری نماز کا وقت ان دو وقتوں کے درمیان ہے جس کو تم نے دیکھ لیا ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۵۳۶ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَّنِیْ جِبْرَئِیْلُ عِنْدَ الْبَیْتِ مَرَّتَیْنِ فَصَلّٰی بِیَ الظُّھْرَ حِیْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ وَکَانَتْ قَدْرَ الشِّرَاکِ وَصَلّٰی بِیَ الْعَصْرَ حِیْنَ صَارَ ظِلُّ کُلِّ شَیْءٍ مِّثْلَہٗ وَصَلّٰی بِیَ الْمَغْرِبَ حِیْنَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ وَصَلّٰی بِیَ الْعِشَآءَ حِیْنَ غَابَ الشَّفَقُ وَصَلّٰی بِیَ الْفَجْرَ حِیْنَ حَرُمَ الطَّعَامُ وَالشَّرَابُ عَلَی الصَّائِمِ فَلَمَّا کَانَ الْغَدُ صَلّٰی بِیَ الظُّھْرَ حِیْنَ کَانَ ظِلُّہٗ مِثْلَہٗ وَصَلّٰی بِیَ الْعَصْرَ حِیْنَ کَانَ ظِلُّہٗ مِثْلَیْہِ وَصَلّٰی بِیَ الْمَغْرِبَ حِیْنَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ وَصَلّٰی بِیَ الْعِشَآءَ اِلٰی ثُلُثِ اللَّیْلِ وَصَلّٰی بِیَ الْفَجْرَ فَاَسْفَرَ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَیَّ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ ھٰذَا وَقْتُ الْاَنْبِیَآءِ مِنْ قَبْلِکَ وَالْوَقْتُ مَا بَیْنَ ھٰذَیْنِ الْوَقْتَیْنِ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالتِّرْمِذِیُّ)

## دوسری فصل

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیت اللہ کے نزدیک جبریل علیہ السلام نے میری دو بار امامت کی مجھ کو ظہر کی نماز پڑھائی اور سورج کا سایہ تسمہ کے برابر تھا اور عصر کی نماز پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ اس کی مانند ہو گیا اور مغرب کی نماز پڑھائی جب روزہ دار افطار کرتا ہے اور عشاء کی نماز پڑھائی جب شفق غائب ہوئی اور فجر کی نماز پڑھائی جب کھانا اور پینا روزہ دار پر حرام ہوتا ہے جب دوسرا دن ہوا مجھ کو ظہر کی نماز پڑھائی جب اس کا سایہ اس کی مانند تھا اور عصر کی نماز پڑھائی جب اس کا سایہ دو مثل کی مانند ہوا اور مغرب کی نماز پڑھائی جب روزہ دار افطار کرتا ہے۔ اور عشاء کی نماز پڑھائی ایک تہائی رات گزرنے پر اور فجر کی نماز پڑھائی جب اچھی طرح روشنی ہوئی پھر میری طرف دیکھا اور کہا۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہ وقت تجھ سے پہلے انبیاء کا ہے اور وقت ان دونوں وقتوں کے درمیان ہے۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۵۳۷ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِیْزِ اَخَّرَ الْعَصْرَ شَیْئًا فَقَالَ لَہٗ عُرْوَۃُ اَمَا اِنَّ جِبْرَئِیْلَ قَدْ نَزَلَ فَصَلّٰی اَمَامَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَہٗ عُمَرُ اِعْلَمْ مَا تَقُوْلُ یَا عُرْوَۃُ

## تیسری فصل

ابن شہابؒ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے ایک دن عصر کی نماز تاخیر سے پڑھی عروہؓ نے اُسے کہا خبردار حضرت جبریل علیہ السلام اُترے اُس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے نماز پڑھی عمرؒ نے عروہؓ سے کہا تو جان کیا کہتا ہے اے عروہؓ اس نے کہا میں

besturdubooks.wordpress.com

فَقَالَ سَمِعْتُ بَشِيْرَ بْنَ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ يَّقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا مَسْعُوْدٍ يَّقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ نَزَلَ جِبْرَئِيْلُ فَاَمَّنِيْ فَصَلَّيْتُ مَعَهٗ ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَهٗ ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَهٗ ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَهٗ ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَهٗ يَحْسِبُ بِاَصَابِعِهٖ خَمْسَ صَلَوٰتٍ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نے بشیر بن ابی مسعود سے سُنا اس نے کہا میں نے ابو مسعود رضؓ سے سنا وہ کہتے تھے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ فرماتے تھے جبرئیلؑ اُترے پس میری امامت کی میں نے اس کے ساتھ نماز پڑھی پھر اس کے ساتھ نماز پڑھی پھر اس کے ساتھ نماز پڑھی پھر اس کے ساتھ نماز پڑھی پھر میں نے اُس کے ساتھ نماز پڑھی حضرتؐ اپنی انگلیوں سے حساب کرتے تھے پانچ نمازوں کا۔ (متفق علیہ)

۵۳۸ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ كَتَبَ اِلٰى عُمَّالِهٖ اِنَّ اَهَمَّ اُمُوْرِكُمْ عِنْدِيْ الصَّلٰوةُ مَنْ حَفِظَهَا وَحَافَظَ عَلَيْهَا حَفِظَ دِيْنَهٗ وَمَنْ ضَيَّعَهَا فَهُوَ لِمَا سِوَاهَا اَضْيَعُ ثُمَّ كَتَبَ اَنْ صَلُّوا الظُّهْرَ اِنْ كَانَ الْفَيْءُ ذِرَاعًا اِلٰى اَنْ يَّكُوْنَ ظِلُّ اَحَدِكُمْ مِثْلَهٗ وَالْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ بَيْضَاءُ نَقِيَّةٌ قَدْرَ مَا يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فَرْسَخَيْنِ اَوْ ثَلٰثَةً قَبْلَ مَغِيْبِ الشَّمْسِ وَالْمَغْرِبَ اِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ وَالْعِشَاءَ اِذَا غَابَ الشَّفَقُ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ فَمَنْ نَامَ فَلَا نَامَتْ عَيْنُهٗ فَمَنْ نَامَ فَلَا نَامَتْ عَيْنُهٗ فَمَنْ نَامَ فَلَا نَامَتْ عَيْنُهٗ وَالصُّبْحَ وَالنُّجُوْمُ بَادِيَةٌ مُّشْتَبِكَةٌ۔
(رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت عمرؓ بن الخطاب سے روایت ہے انہوں نے اپنے عاملوں کی طرف لکھا تحقیق تمہارے کاموں میں نہایت ضروری کام میرے نزدیک نماز ہے جس نے اس کی محافظت کی۔ اس نے حفاظت کی اپنے دین کی اور جس نے اس کو ضائع کر دیا وہ اس چیز کو جو نماز کے سوا ہے بہت ضائع کرنے والا ہے پھر لکھا ظہر کی نماز پڑھو جب سایہ زوال کا ایک گز ہو یہاں تک کہ ایک مثل ہو جائے۔ اور عصر اُس وقت پڑھو جب سُورج بلند سفید صاف ہو اندازہ اس کا کہ سوار چلے یا نو (۹) کوس سورج غروب ہونے سے پہلے سفر طے کرلے اور مغرب پڑھو جب سُورج غروب ہو اور عشاء جس وقت شفق غائب ہو ایک تہائی رات تک پس جو شخص سوئے اس کی آنکھیں نہ سوئیں پس جو شخص سوئے اس کی آنکھیں نہ سوئیں پس جو شخص سوئے اس کی آنکھیں نہ سوئیں اور صبح کی نماز پڑھو جبکہ ستارے ظاہر ہوں جمع ہو کر چمکنے والے (روایت کیا اسکو مالکؒ نے)

۵۳۹ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ قَدْرُ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرِ فِي الصَّيْفِ ثَلٰثَةَ اَقْدَامٍ

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ظہر کی نماز کا اندازہ گرمیوں میں تین قدم سے پانچ قدم تک اور سردیوں میں پانچ قدم

besturdubooks.wordpress.com

إِلَى خَمْسَةِ أَقْدَامٍ وَّفِي الشِّتَاءِ خَمْسَةَ أَقْدَامٍ إِلَى سَبْعَةِ أَقْدَامٍ۔
(رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

سے لے کے سات قدم تک۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے۔

# بَابُ تَعْجِيلِ الصَّلٰوةِ

## جلدی نماز پڑھنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۵۴۰ عَنْ سَيَّارِ بْنِ سَلَامَةَ قَالَ دَخَلْتُ أَنَا وَأَبِي عَلٰى أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ فَقَالَ لَهٗ أَبِي كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْمَكْتُوْبَةَ فَقَالَ كَانَ يُصَلِّي الْهَجِيْرَ الَّتِي تَدْعُوْنَهَا الْأُوْلٰى حِيْنَ تَدْحَضُ الشَّمْسُ وَيُصَلِّي الْعَصْرَ ثُمَّ يَرْجِعُ أَحَدُنَا إِلٰى رَحْلِهٖ فِي أَقْصَى الْمَدِيْنَةِ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ وَّنَسِيْتُ مَا قَالَ فِي الْمَغْرِبِ وَكَانَ يَسْتَحِبُّ أَنْ يُّؤَخِّرَ الْعِشَاءَ الَّتِي تَدْعُوْنَهَا الْعَتَمَةَ وَكَانَ يَكْرَهُ النَّوْمَ قَبْلَهَا وَالْحَدِيْثَ بَعْدَهَا وَكَانَ يَنْفَتِلُ مِنْ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ حِيْنَ يَعْرِفُ الرَّجُلُ جَلِيْسَهٗ وَيَقْرَأُ بِالسِّتِّيْنَ إِلَى الْمِائَةِ وَفِي رِوَايَةٍ وَّلَا يُبَالِي بِتَأْخِيْرِ الْعِشَاءِ إِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ وَلَا يُحِبُّ النَّوْمَ قَبْلَهَا وَالْحَدِيْثَ بَعْدَهَا
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سیار بن سلامہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں اور میرے باپ ابوبرزہ اسلمی پر داخل ہوئے میرے باپ نے اُسے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز کس طرح پڑھتے تھے اس نے کہا ظہر کی نماز جس کو تم پہلی نماز کہتے ہو جب دوپہر ڈھلتی اس وقت پڑھتے اور عصر کی نماز پڑھتے کہ ایک ہمارا مدینہ کے کنارے پر اپنے مکان میں آتا اس وقت سورج زندہ ہوتا اور مغرب کے متعلق جو کچھ کہا میں بھول گیا ہوں اور آپ عشاء کی نماز کو جس کو تم عتمہ کہتے ہو دیر سے پڑھنا پسند کرتے تھے اور آپ عشاء سے پہلے سونا اور بعد میں باتیں کرنا ناپسند فرماتے تھے اور صبح کی نماز سے فارغ ہوتے جس وقت کہ آدمی اپنے ہمنشین کو پہچان لیتا اور ساٹھ آیتوں سے لے کر سو آیتوں تک پڑھتے ایک روایت میں ہے آپ پرواہ نہیں کرتے تھے کہ عشاء کو ایک تہائی رات تک مؤخر کر دیں اور عشاء سے پہلے سونا اور بعد میں باتیں کرنا پسند نہیں فرماتے تھے۔
(متفق علیہ)

۵۴۱ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَأَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ

محمد بن عمرو بن حسن بن علی سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نے جابر بن عبداللہ سے نبی

besturdubooks.wordpress.com

عَنْ صَلٰوةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَانَ يُصَلِّي الظُّهْرَ بِالْهَاجِرَةِ وَ الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ وَالْمَغْرِبَ اِذَا وَجَبَتْ وَالْعِشَاءَ اِذَا كَثُرَ النَّاسُ عَجَّلَ وَاِذَا قَلُّوْا اَخَّرَ وَالصُّبْحَ بِغَلَسٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے متعلق دریافت کیا کہا آپ ظہر کی نماز دوپہر ڈھلے پڑھتے اور عصر کی نماز جب کہ سورج زندہ ہوتا اور مغرب جس وقت سورج غروب ہوتا۔ اور عشاء کی نماز اگر لوگ جلد اکٹھے ہو جاتے تو جلد پڑھ لیتے اور اگر دیر سے جمع ہوتے تو دیر سے پڑھتے اور صبح کی نماز اندھیرے میں پڑھتے (متفق علیہ)

۵۴۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنَّا اِذَا صَلَّيْنَا خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالظَّهَائِرِ سَجَدْنَا عَلٰى ثِيَابِنَا اتِّقَاءَ الْحَرِّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُ لِلْبُخَارِيِّ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم جس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ظہر کی نماز پڑھتے گرمی سے بچاؤ کے لئے اپنے کپڑوں پر سجدہ کرتے۔ متفق علیہ اور اس کے لفظ بخاری کے ہیں۔

۵۴۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَاَبْرِدُوْا بِالصَّلٰوةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ بِالظُّهْرِ فَاِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ وَاشْتَكَتِ النَّارُ اِلٰى رَبِّهَا فَقَالَتْ رَبِّ اَكَلَ بَعْضِيْ بَعْضًا فَاَذِنَ لَهَا بِنَفَسَيْنِ نَفَسٍ فِي الشِّتَاءِ وَنَفَسٍ فِي الصَّيْفِ اَشَدُّ مَا تَجِدُوْنَ مِنَ الْحَرِّ وَاَشَدُّ مَا تَجِدُوْنَ مِنَ الزَّمْهَرِيْرِ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ اَشَدُّ مَا تَجِدُوْنَ مِنَ الْحَرِّ فَمِنْ سَمُوْمِهَا وَاَشَدُّ مَا تَجِدُوْنَ مِنَ الْبَرْدِ فَمِنْ زَمْهَرِيْرِهَا۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب گرمی سخت ہو تو نماز کو ٹھنڈا کر لو بخاری کی ایک روایت میں ہے ابوسعیدؓ سے کہ نماز ظہر کو کیونکہ گرمی کی شدت دوزخ کے بھاپ کی وجہ سے ہے۔ اور آگ نے اپنے رب کی طرف شکایت کی کہ اے میرے رب میرے بعض نے بعض کو کھا لیا ہے اللہ تعالیٰ نے اُسے دو سانس لینے کا اذن دیا کہ ایک سانس سردیوں میں اور ایک سانس گرمی میں شدت اس چیز کی کہ تم پاتے ہو گرمی سے اور شدت اس چیز کی کہ تم پاتے ہو سردی سے متفق علیہ اور بخاری کی ایک روایت میں ہے شدت کی گرمی جو پاتے ہو یہ دوزخ کی گرمی کی وجہ سے ہے اور شدت کی سردی اس کے سرد سانس کی وجہ سے ہے۔

۵۴۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ حَيَّةٌ فَيَذْهَبُ

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز پڑھتے جب کہ سورج بلند اور زندہ ہوتا جانے والا احوال مدینہ کی طرف جاتا

besturdubooks.wordpress.com

الذَّاهِبُ إِلَى الْعَوَالِي فَيَأْتِيهِمْ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ وَبَعْضُ الْعَوَالِي مِنَ الْمَدِينَةِ عَلَى أَرْبَعَةِ أَمْيَالٍ أَوْ نَحْوِهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن کے پاس پہنچتا اور سورج بلند ہوتا مدینہ کے بعض عوالی چار کوس یا اس کے مانند فاصلہ پر تھے۔ (متفق علیہ)

۵۴۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ صَلٰوةُ الْمُنَافِقِ يَجْلِسُ يَرْقُبُ الشَّمْسَ حَتّٰى إِذَا اصْفَرَّتْ وَكَانَتْ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ قَامَ فَنَقَرَ أَرْبَعًا لَا يَذْكُرُ اللّٰهَ فِيهَا إِلَّا قَلِيلًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (انس رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ نماز منافق کی ہے کہ سورج کا انتظار کرتے ہوئے بیٹھا رہتا ہے یہاں تک کہ جب زرد ہو جاتا ہے اور شیطان کے دونوں سینگوں کے درمیان ہو جاتا ہے کھڑا ہوتا ہے پس چار ٹھونگیں مارتا ہے اللہ کا ذکر اُن میں نہیں کرتا مگر تھوڑا۔ روایت کیا اس کو مسلم نے

۵۴۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي تَفُوتُهُ صَلٰوةُ الْعَصْرِ فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کی عصر کی نماز فوت ہو گئی گویا اس کے اہل و عیال اور مال لوٹ لیا گیا۔ (متفق علیہ)

۵۴۷ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ صَلٰوةَ الْعَصْرِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

بریدہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے عصر کی نماز چھوڑ دی اس کے عمل باطل ہو گئے (روایت کیا ہے اس کو امام بخاریؒ نے)

۵۴۸ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي الْمَغْرِبَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَنْصَرِفُ أَحَدُنَا وَإِنَّهُ لَيُبْصِرُ مَوَاقِعَ نَبْلِهِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

رافع بن خدیج سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھتے تھے ہم میں ایک پھرتا اور وہ اپنے تیر کے گرنے کی جگہ دیکھتا۔ (متفق علیہ)

۵۴۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانُوا يُصَلُّونَ الْعَتَمَةَ فِيمَا بَيْنَ أَنْ يَغِيبَ الشَّفَقُ إِلَى ثُلُثِ اللَّيْلِ الْأَوَّلِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا صحابہ کرام رضؓ عشاء کی نماز شفق غائب ہونے سے لے کر ایک تہائی رات کے درمیان تک پڑھتے تھے۔ (متفق علیہ)

۵۵۰ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

اسی (حضرت عائشہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُصَلِّي الصُّبْحَ فَتَنْصَرِفُ النِّسَاءُ مُتَلَفِّعَاتٍ بِمُرُوطِهِنَّ مَا يُعْرَفْنَ مِنَ الْغَلَسِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز پڑھتے جب عورتیں اپنی چادروں میں لپٹی ہوئی پھرتیں اندھیرے کے سبب ان کو پہچانا نہ جاتا۔ (متفق علیہ)

۵۵۱/۱۲ وَعَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَزَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ تَسَحَّرَا فَلَمَّا فَرَغَا مِنْ سُحُورِهِمَا قَامَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الصَّلٰوةِ فَصَلّٰى قُلْنَا لِأَنَسٍ كَمْ كَانَ بَيْنَ فَرَاغِهِمَا مِنْ سُحُورِهِمَا وَدُخُولِهِمَا فِي الصَّلٰوةِ قَالَ قَدْرُ مَا يَقْرَأُ الرَّجُلُ خَمْسِينَ آيَةً۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

قتادہ رضؓ انس رضؓ سے روایت کرتے ہیں بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور زید بن ثابت رضؓ نے سحری کھائی جب سحری سے فارغ ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کیلئے کھڑے ہوئے پس ہم کو نماز پڑھائی ہم نے انس رضؓ کو کہا ان کے سحری سے فارغ ہو کر نماز میں داخل ہونے کے درمیان کتنا وقفہ تھا انہوں نے کہا اندازہ اتنے وقت کا کہ کوئی آدمی پچاس آیتیں پڑھ لے۔ روایت کیا ہے اس کو بخاری نے۔

۵۵۲/۱۳ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ أَنْتَ إِذَا كَانَتْ عَلَيْكَ أُمَرَاءُ يُمِيتُونَ الصَّلٰوةَ أَوْ يُؤَخِّرُونَ عَنْ وَقْتِهَا قُلْتُ فَمَا تَأْمُرُنِي قَالَ صَلِّ الصَّلٰوةَ لِوَقْتِهَا فَإِنْ أَدْرَكْتَهَا مَعَهُمْ فَصَلِّ فَإِنَّهَا لَكَ نَافِلَةٌ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوذر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا تیرا کیا حال ہوگا جب تجھ پر ایسے سردار مسلط ہوں گے جو نماز کو تاخیر سے پڑھیں گے یا اس کے وقت سے تاخیر کریں گے میں نے کہا آپ مجھ کو کیا حکم دیتے ہیں آپ نے فرمایا نماز اپنے وقت پر پڑھ لے اگر ان کے ساتھ نماز کو پائے پڑھ لے پس تحقیق وہ تیرے لئے نفل ہوگی۔ روایت کیا اس کو مسلم نے۔

۵۵۳/۱۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الصُّبْحِ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ أَدْرَكَ الصُّبْحَ وَمَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الْعَصْرِ قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَقَدْ أَدْرَكَ الْعَصْرَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے سورج نکلنے سے پہلے ایک رکعت پالی پس اس نے نماز صبح کی پالی اور جس نے ایک رکعت عصر کی سورج غروب ہونے سے پہلے پالی اس نے عصر کی نماز پالی۔ (متفق علیہ)

۵۵۴/۱۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَدْرَكَ أَحَدُكُمْ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے عصر کی نماز

سَجْدَةً مِّنْ صَلٰوةِ الْعَصْرِ قَبْلَ اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلٰوتَهٗ وَاِذَا اَدْرَكَ سَجْدَةً مِّنْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلٰوتَهٗ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

کی ایک رکعت پالی سورج غروب ہونے سے پہلے پس چاہیئے کہ وہ اپنی نماز کو مکمل کرے اور جب صبح کی نماز سے ایک رکعت پالے اس سے پہلے کہ سورج طلوع ہو وہ اپنی نماز کو پورا کرے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۵۵۵/۱۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّسِيَ صَلٰوةً اَوْ نَامَ عَنْهَا فَكَفَّارَتُهَا اَنْ يُّصَلِّيَهَا اِذَا ذَكَرَهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّا كَفَّارَةَ لَهَا اِلَّا ذٰلِكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص نماز بھول گیا یا اس سے سو گیا اس کا کفارہ یہ ہے کہ جب یاد آئے اسے پڑھ لے ایک روایت میں ہے اس کا کوئی کفارہ نہیں ہے مگر یہی۔ (متفق علیہ)

۵۵۶/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِي النَّوْمِ تَفْرِيْطٌ اِنَّمَا التَّفْرِيْطُ فِي الْيَقْظَةِ فَاِذَا نَسِيَ اَحَدُكُمْ صَلٰوةً اَوْ نَامَ عَنْهَا فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو قتادہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سو جانے میں کوئی قصور نہیں سوائے اس کے نہیں قصور بیداری میں ہے جس وقت ایک تمہارا نماز بھول جائے یا اس سے سو جائے اس کو پڑھ لے جب اس کو یاد آئے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اور قائم کر نماز میرے یاد کرنے کے وقت روایت کیا اس کو مسلم نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۵۵۷/۱۸ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَلِيُّ ثَلٰثٌ لَّا تُؤَخِّرْهَا الصَّلٰوةُ اِذَا اَنَتْ وَالْجَنَازَةُ اِذَا حَضَرَتْ وَالْاَيِّمُ اِذَا وَجَدْتَّ لَهَا كُفُوًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے علیؓ تین چیزوں میں دیر نہ کر نماز جس وقت اس کا وقت آئے اور جنازہ جس وقت تیار ہو اور عورت بیوہ جب تو اس کا ہم قوم پائے روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۵۵۸/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْوَقْتُ الْاَوَّلُ مِنَ الصَّلٰوةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ وَالْوَقْتُ

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز کا اوّل وقت اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کا ہے اور آخری وقت اللہ تعالیٰ کے معاف

besturdubooks.wordpress.com



الْاٰخِرُ عَفْوُ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

کر دینے کا سبب ہے روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

۵۵۹/۲۰ وَعَنْ اُمِّ فَرْوَةَ قَالَتْ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ الصَّلٰوةُ لِاَوَّلِ وَقْتِهَا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ لَا يُرْوٰى الْحَدِيْثُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ الْعُمَرِيِّ وَهُوَ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ

ام فروہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کونسا عمل افضل ہے آپ نے فرمایا نماز کو اول وقت پر پڑھنا روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے ترمذی نے کہا یہ حدیث روایت نہیں کی جاتی مگر عبداللہ بن عمر عمری رضؓ کی حدیث سے اور محدثین کے نزدیک وہ قوی نہیں ہے۔

۵۶۰/۲۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً لِوَقْتِهَا الْاٰخِرِ مَرَّتَيْنِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی آخر وقت پر دو بار نماز نہیں پڑھی یہاں تک کہ وفات دی آپ کو اللہ تعالیٰ نے۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے۔

۵۶۱/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ اُمَّتِيْ بِخَيْرٍ اَوْ قَالَ عَلَى الْفِطْرَةِ مَا لَمْ يُؤَخِّرُوا الْمَغْرِبَ اِلٰى اَنْ تَشْتَبِكَ النُّجُوْمُ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنِ الْعَبَّاسِ۔

ابوایوب رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت ہمیشہ بھلائی پر رہے گی یا آپ نے فرمایا فطرت پر جب تک مغرب کو مؤخر نہ کریں گے یہاں تک کہ بہت ہوں ستارے۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا دارمی نے ابن عباس رضؓ سے۔

۵۶۲/۲۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِيْ لَاَمَرْتُهُمْ اَنْ يُّؤَخِّرُوا الْعِشَاءَ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ اَوْ نِصْفِهٖ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں اپنی امت پر مشکل نہ جانتا میں حکم کرتا کہ تاخیر کریں عشاء کی نماز کو تہائی رات یا آدھی رات تک روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے۔

۵۶۳/۲۴ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتِمُوْا بِهٰذِهِ الصَّلٰوةِ فَاِنَّكُمْ قَدْ فُضِّلْتُمْ بِهَا عَلٰى سَائِرِ الْاُمَمِ وَلَمْ تُصَلِّهَا اُمَّةٌ

معاذ بن جبل رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نماز کو تاخیر سے پڑھو تحقیق تم اس کے ساتھ دوسری تمام امتوں پر فضیلت دیئے گئے ہو اور تم سے پہلے کسی امت نے یہ نماز نہیں پڑھی۔ روایت کیا اس

besturdubooks.wordpress.com

قَبْلَكُمْ. (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

کو ابوداؤد نے۔

۵۶۴/۲۵ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ أَنَا أَعْلَمُ بِوَقْتِ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ. (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

نعمانؓ بن بشیر سے روایت ہے انہوں نے کہا میں اس عشاء آخرہ کے وقت کو خوب اچھی طرح جانتا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کو پڑھتے تھے جس وقت تیسری رات کا چاند ڈوبتا۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے۔

۵۶۵/۲۶ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْفِرُوْا بِالْفَجْرِ فَإِنَّهٗ أَعْظَمُ لِلْأَجْرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ وَلَيْسَ عِنْدَ النَّسَائِيِّ فَإِنَّهٗ أَعْظَمُ لِلْأَجْرِ.

رافع بن خدیج سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روشنی میں پڑھو تم نماز فجر کو پس یہ بات بہت بڑی ہے واسطے اجر کے۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور دارمی نے اور نسائی نے نسائی نے یہ لفظ نقل نہیں کئے فانہ اعظم للاجر۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۵۶۶/۲۷ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي الْعَصْرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يُنْحَرُ الْجَزُوْرُ فَتُقْسَمُ عَشْرَ قِسَمٍ ثُمَّ تُطْبَخُ فَنَأْكُلُ لَحْمًا نَضِيْجًا قَبْلَ مَغِيْبِ الشَّمْسِ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

رافعؓ بن خدیج سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم عصر کی نماز پڑھتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر اونٹ ذبح کیا جاتا پھر دس حصوں میں تقسیم کیا جاتا پھر پکایا جاتا پھر ہم سورج کے غروب ہونے سے پہلے پکا ہوا گوشت کھا لیتے۔ (متفق علیہ)

۵۶۷/۲۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ مَكَثْنَا ذَاتَ لَيْلَةٍ نَنْتَظِرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ فَخَرَجَ إِلَيْنَا حِيْنَ ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ أَوْ بَعْدَهٗ فَلَا نَدْرِيْ أَشَيْءٌ شَغَلَهٗ فِيْ أَهْلِهٖ أَوْ غَيْرُ ذٰلِكَ

عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک رات ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پچھلی عشاء کی نماز کے لئے انتظار کرتے تھے پس اس وقت آپ ہماری طرف نکلے جس وقت تہائی رات گزر چکی تھی یا اس کے بعد ہم نہیں جانتے کہ گھر میں کسی مشغولیت کی وجہ سے آپ نہ آئے یا کوئی اور بات تھی آپ نے فرمایا جس وقت

besturdubooks.wordpress.com

فَقَالَ حِيْنَ خَرَجَ اِنَّكُمْ لَتَنْتَظِرُوْنَ صَلٰوةً مَّا يَنْتَظِرُهَا اَهْلُ دِيْنٍ غَيْرُكُمْ وَلَوْلَا اَنْ يَّثْقُلَ عَلٰى اُمَّتِيْ لَصَلَّيْتُ بِهِمْ هٰذِهِ السَّاعَةَ ثُمَّ اَمَرَ الْمُؤَذِّنَ فَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَصَلّٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

باہر تشریف لائے تم ایک ایسی نماز کا انتظار کر رہے ہو کہ تمہارے سوا کوئی اور دین والا اس کا انتظار نہیں کرتا اور اگر یہ بات نہ ہو کہ میری امت پر گراں گزرے گی تو میں اس وقت ان کو نماز پڑھاتا پھر مؤذن کو حکم دیا پس تکبیر کہی نماز کی اور نماز پڑھی (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۵۶۸/۲۹ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الصَّلَوَاتِ نَحْوًا مِّنْ صَلٰوتِكُمْ وَكَانَ يُؤَخِّرُ الْعَتَمَةَ بَعْدَ صَلٰوتِكُمْ شَيْئًا وَّكَانَ يُخَفِّفُ الصَّلٰوةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابرؓ بن سمرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری نمازوں کی مانند پڑھا کرتے تھے اور عشاء کی نماز کو تمہاری نماز سے کچھ دیر سے پڑھتے اور نمازیں سبک پڑھا کرتے تھے۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۵۶۹/۳۰ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ صَلَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْعَتَمَةِ فَلَمْ يَخْرُجْ حَتّٰى مَضٰى نَحْوٌ مِّنْ شَطْرِ اللَّيْلِ فَقَالَ خُذُوْا مَقَاعِدَكُمْ فَاَخَذْنَا مَقَاعِدَنَا فَقَالَ اِنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا وَاَخَذُوْا مَضَاجِعَهُمْ وَاِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوْا فِيْ صَلٰوةٍ مَّا انْتَظَرْتُمُ الصَّلٰوةَ وَلَوْلَا ضُعْفُ الضَّعِيْفِ وَسَقَمُ السَّقِيْمِ لَاَخَّرْتُ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ اِلٰى شَطْرِ اللَّيْلِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

ابوسعیدؓ سے روایت ہے ہم نے ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھی پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف نہ لائے یہاں تک کہ آدھی رات گزر گئی پس آپ نے فرمایا اپنی جگہوں کو لازم پکڑو ہم اپنی جگہوں پر بیٹھے رہے آپ نے فرمایا بیشک لوگوں نے نماز پڑھ لی ہے (اور سو گئے ہیں) اور اپنے سونے کی جگہ پکڑی ہے اور تحقیق تم ہمیشہ نماز میں ہو جب تک انتظار کرتے ہو نماز کا اگر ضعیف کا ضعف اور بیمار کی بیماری نہ ہو میں اس نماز کو آدھی رات تک دیر کرتا۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے

۵۷۰/۳۱ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشَدَّ تَعْجِيْلًا لِّلظُّهْرِ مِنْكُمْ وَاَنْتُمْ اَشَدُّ

ام سلمہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز تم سے جلد پڑھتے تھے اور تم عصر کی نماز ان سے جلدی پڑھتے ہو روایت کیا

besturdubooks.wordpress.com

تَعْجِيلًا لِلْعَصْرِ مِنْهُ)
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

ہے اس کو احمد نے اور روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

۵۷۱/۳۲ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ الْحَرُّ أَبْرَدَ بِالصَّلٰوةِ وَإِذَا كَانَ الْبَرْدُ عَجَّلَ
(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت گرمی ہوتی نماز کو ٹھنڈا کر کے پڑھتے اور جب سردی ہوتی جلد پڑھتے۔ روایت کیا اس کو نسائی نے۔

۵۷۲/۳۳ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا سَتَكُونُ عَلَيْكُمْ بَعْدِي أُمَرَاءُ يَشْغَلُهُمْ أَشْيَاءُ عَنِ الصَّلٰوةِ لِوَقْتِهَا حَتّٰى يَذْهَبَ وَقْتُهَا فَصَلُّوا الصَّلٰوةَ لِوَقْتِهَا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أُصَلِّي مَعَهُمْ فَقَالَ نَعَمْ۔
(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

عبادہؓ بن صامت سے روایت ہے انہوں نے کہا میرے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے بعد امراء ہوں گے ان کو بہت سی چیزیں مشغول رکھیں گی نماز سے یہاں تک کہ اس کا وقت جاتا رہے گا تم نماز وقت پر پڑھ لو ایک آدمی نے کہا اے اللہ کے رسول میں ان کے ساتھ نماز پڑھ لوں آپ نے فرمایا ہاں۔
روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔

۵۷۳/۳۴ وَعَنْ قَبِيصَةَ بْنِ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ مِنْ بَعْدِي يُؤَخِّرُونَ الصَّلٰوةَ فَهِيَ لَكُمْ وَهِيَ عَلَيْهِمْ فَصَلُّوا مَعَهُمْ مَا صَلَّوُا الْقِبْلَةَ۔
(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

قبیصہ بن وقاص سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے بعد تمہارے حاکم ہوں گے نماز کو تاخیر سے پڑھیں گے پس وہ تمہارے لئے فائدہ ہے اور اُن پر وبال ہے ان کے ساتھ نماز پڑھو جب تک وہ قبلہ کی طرف نماز پڑھیں۔
روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔

۵۷۴/۳۵ وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ أَنَّهُ دَخَلَ عَلٰى عُثْمَانَ وَهُوَ مَحْصُورٌ فَقَالَ إِنَّكَ إِمَامُ عَامَّةٍ وَنَزَلَ بِكَ مَا تَرٰى وَيُصَلِّي لَنَا إِمَامُ فِتْنَةٍ وَنَتَحَرَّجُ فَقَالَ الصَّلٰوةُ أَحْسَنُ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ فَإِذَا أَحْسَنَ النَّاسُ

عبید اللہ بن عدی بن خیار سے روایت ہے بیشک وہ عثمان پر داخل ہوا جب کہ وہ اپنے گھر میں بند تھے پس کہا تم امام ہو سب کے اور پہنچی ہے تم کو وہ مصیبت جو دیکھتے ہو اور ہمیں فتنہ کا امام نماز پڑھاتا ہے اور ہم گناہ سمجھتے ہیں آپ نے فرمایا نماز وہ اچھا عمل ہے جو لوگ کرتے ہیں جس وقت لوگ نیکی کریں تو بھی اُن کے ساتھ نیکی

besturdubooks.wordpress.com

فَاَحْسِنْ مَعَهُمْ وَاِذَا اَسَاءُوْا فَاجْتَنِبْ اِسَاءَتَهُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

کر اور جب برائی کریں تو اُن کی برائی سے الگ رہ۔ روایت کیا ہے اس کو بخاری نے۔

# بَابُ فِیْ فَضَائِلِ الصَّلٰوۃِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

# فضائل نماز کا بیان

## پہلی فصل

۵۷۵/۱ عَنْ عُمَارَۃَ بْنِ رُوَیْبَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَنْ یَّلِجَ النَّارَ اَحَدٌ صَلّٰی قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِھَا یَعْنِی الْفَجْرَ وَالْعَصْرَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

عمارہ بن رویبہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا فرماتے تھے وہ شخص ہرگز آگ میں داخل نہ ہوگا جس نے سورج طلوع ہونے اور غروب ہونے سے پہلے نماز پڑھی یعنے فجر کی اور عصر کی نماز۔ روایت کیا اس کو مسلم نے

۵۷۶/۲ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّی الْبَرْدَیْنِ دَخَلَ الْجَنَّۃَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابو موسیٰ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے دو نمازیں ٹھنڈے وقت کی پڑھیں جنت میں داخل ہوگا۔ (متفق علیہ)

۵۷۷/۳ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَعَاقَبُوْنَ فِیْکُمْ مَلٰٓئِکَۃٌ بِاللَّیْلِ وَمَلٰٓئِکَۃٌ بِالنَّھَارِ وَیَجْتَمِعُوْنَ فِیْ صَلٰوۃِ الْفَجْرِ وَصَلٰوۃِ الْعَصْرِ ثُمَّ یَعْرُجُ الَّذِیْنَ بَاتُوْا فِیْکُمْ فَیَسْاَلُھُمْ رَبُّھُمْ وَھُوَ اَعْلَمُ بِھِمْ کَیْفَ تَرَکْتُمْ عِبَادِیْ فَیَقُوْلُوْنَ تَرَکْنٰھُمْ وَھُمْ یُصَلُّوْنَ وَاَتَیْنٰھُمْ وَھُمْ یُصَلُّوْنَ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں رات اور دن کو فرشتے باری باری آتے ہیں اور وہ فجر اور عصر کی نماز میں جمع ہوتے ہیں پھر چڑھتے ہیں وہ فرشتے جنہوں نے تم میں رات گزاری ہوتی ہے اُن سے اُن کا رب پوچھتا ہے حالانکہ وہ اُن کو خوب جانتا ہے کس طرح چھوڑا ہے تم نے میرے بندوں کو وہ کہتے ہیں ہم نے اُن کو چھوڑا اس حال میں کہ وہ نماز پڑھتے تھے اور ہم اُن کے پاس گئے جبکہ وہ نماز پڑھتے تھے۔ (متفق علیہ)

۵۷۸/۴ وَعَنْ جُنْدُبٍ الْقَسْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی صَلٰوۃَ الصُّبْحِ فَھُوَ فِیْ ذِمَّۃِ اللّٰہِ

جندب قسری سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح کی نماز پڑھ لیتا ہے وہ اللہ تعالےٰ کے ذمہ میں ہے پس تم سے اللہ تعالےٰ

فَلَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللّٰهُ مِنْ ذِمَّتِهٖ بِشَيْءٍ فَاِنَّهٗ مَنْ يَّطْلُبْهُ مِنْ ذِمَّتِهٖ بِشَيْءٍ يُدْرِكْهُ ثُمَّ يَكُبُّهٗ عَلٰى وَجْهِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّفِيْ بَعْضِ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ الْقُشَيْرِيِّ بَدَلَ الْقَسْرِيِّ۔

اپنے ذمہ کے لئے کوئی چیز طلب نہ کرے اس لئے کہ اگر اس نے اپنے ذمہ کے لئے کسی چیز کے ساتھ طلب کرلیا اس کو پالے گا پھر اس کو منہ کے بل دوزخ میں ڈال دے گا۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے مصابیح کے بعض نسخوں میں قسری کی بجائے قشیری ہے۔

۵۷۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي النِّدَآءِ وَالصَّفِّ الْاَوَّلِ ثُمَّ لَمْ يَجِدُوْا اِلَّا اَنْ يَّسْتَهِمُوْا عَلَيْهِ لَاسْتَهَمُوْا وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي التَّهْجِيْرِ لَاسْتَبَقُوْا اِلَيْهِ وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي الْعَتَمَةِ وَالصُّبْحِ لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر لوگ معلوم کرلیں کہ آذان کہنے میں اور پہلی صف میں کھڑے ہونے میں کیا ثواب ہے پھر نہ پائیں کوئی وجہ ترجیح مگر یہ کہ قرعہ اندازی کریں اس پر البتہ قرعہ ڈالیں اور اگر جانیں ظہر کی طرف جلدی جانے میں کیا ہے البتہ جلدی کریں اس کی طرف اور اگر جان لیں نماز عشا اور صبح میں کیا ثواب ہے ضرور آئیں اگرچہ اپنی کہنیوں پر گھسٹ کر آئیں (متفق علیہ)

۵۸۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ صَلٰوةٌ اَثْقَلَ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ مِنَ الْفَجْرِ وَالْعِشَآءِ وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِيْهِمَا لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ منافقوں پر صبح اور عشاء سے بڑھ کر کوئی نماز بھاری نہیں ہے اور اگر وہ جان لیں کہ ان میں ثواب کیا ہے تو ضرور آئیں وہ اگرچہ اپنے مرینوں پر چل کر

(متفق علیہ)

۵۸۱ وَعَنْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى الْعِشَآءَ فِيْ جَمَاعَةٍ فَكَاَنَّمَا قَامَ نِصْفَ اللَّيْلِ وَمَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فِيْ جَمَاعَةٍ فَكَاَنَّمَا صَلَّى اللَّيْلَ كُلَّهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے عشاء کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھی گویا اس نے آدھی رات قیام کیا اور جس نے صبح کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھی اس نے ساری رات قیام کیا۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۵۸۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَغْلِبَنَّكُمُ الْاَعْرَابُ عَلٰى اسْمِ صَلٰوتِكُمُ الْمَغْرِبِ قَالَ وَيَقُوْلُ الْاَعْرَابُ هِيَ الْعِشَآءُ وَقَالَ

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گنوار تم پر نماز مغرب کا نام رکھنے میں غالب نہ آجائیں وہ اس کو عشاء کہتے ہیں اور فرمایا کہ گنوار تم پر عشاء کا نام رکھنے میں غالب نہ آجائیں اللہ تعالیٰ

besturdubooks.wordpress.com

لَا يَغْلِبَنَّكُمُ الْأَعْرَابُ عَلَى اسْمِ صَلٰوتِكُمُ الْعِشَاءِ فَإِنَّهَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ الْعِشَاءُ فَإِنَّهَا تُعْتِمُ بِحِلَابِ الْإِبِلِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کی کتاب میں اُس کا نام عشاء ہے اور وہ اونٹوں کو دوہنے کی وجہ سے دیر کرتے ہیں۔ روایت کیا اس کو مسلم نے۔

۵۸۳ وَعَنْ عَلِيٍّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ حَبَسُوْنَا عَنْ صَلٰوةِ الْوُسْطٰى صَلٰوةِ الْعَصْرِ مَلَأَ اللّٰهُ بُيُوْتَهُمْ وَقُبُوْرَهُمْ نَارًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خندق کے دن فرمایا کافروں نے ہم کو درمیانی نماز جو عصر کی نماز ہے سے روکے رکھا اللہ تعالےٰ اُن کے گھروں کو اور قبروں کو آگ سے بھر دے (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۵۸۴ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَّسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الْوُسْطٰى صَلٰوةُ الْعَصْرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابن مسعود رضؓ اور سمرہ بن جندب سے روایت ہے اُن دونوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نماز وسطیٰ عصر کی نماز ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۵۸۵ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى إِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا قَالَ تَشْهَدُهُ مَلٰٓئِكَةُ اللَّيْلِ وَمَلٰٓئِكَةُ النَّهَارِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے اللہ تعالےٰ کے اس فرمان میں بے شک قرآن فجر کا حاضر کیا گیا ہے فرمایا رات اور دن کے فرشتے اس میں حاضر ہوتے ہیں (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۵۸۶ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَّعَائِشَةَ قَالَا الصَّلٰوةُ الْوُسْطٰى صَلٰوةُ الظُّهْرِ۔ رَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ زَيْدٍ وَالتِّرْمِذِيُّ عَنْهُمَا تَعْلِيْقًا۔

زید بن ثابت رضؓ اور حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہا ان دونوں نے درمیانی نماز ظہر کی نماز ہے روایت کیا ہے اس کو مالک نے زید سے اور ترمذی نے دونوں سے تعلیقاً۔

۵۸۷ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ

زید بن ثابت رضؓ سے روایت ہے انہوں نے

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّی الظُّھْرَ بِالْھَاجِرَۃِ وَلَمْ یَکُنْ یُّصَلِّیْ صَلٰوۃً اَشَدَّ عَلٰی اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْھَا فَنَزَلَتْ حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی وَقَالَ اِنَّ قَبْلَھَا صَلٰوتَیْنِ وَبَعْدَھَا صَلٰوتَیْنِ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز سویرے پڑھتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ پر اس سے بڑھ کر سخت کوئی نماز نہ تھی پس یہ آیت اتری سب نمازوں کی حفاظت کرو اور درمیانی نماز کی اور کہا اس سے پہلے دو نمازیں ہیں اور اس کے بعد دو نمازیں ہیں۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے

۵۸۸/۱۴ وَعَنْ مَّالِکٍ بَلَغَہٗ اَنَّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ وَّعَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَبَّاسٍ کَانَا یَقُوْلَانِ الصَّلٰوۃُ الْوُسْطٰی صَلٰوۃُ الصُّبْحِ۔ رَوَاہُ فِی الْمُؤَطَّاِ وَرَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّابْنِ عُمَرَ تَعْلِیْقًا

مالک رح سے روایت ہے اُسے خبر پہنچی کہ علی بن ابی طالب رض اور عبداللہ بن عباس رض دونوں کہا کرتے تھے درمیانی نماز صبح کی نماز ہے روایت کیا ہے اس کو موطا میں اور روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے ابن عباس رض سے اور ابن عمر رض سے تعلیقاً۔

۵۸۹/۱۵ وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ غَدَا اِلٰی صَلٰوۃِ الصُّبْحِ غَدَا بِرَایَۃِ الْاِیْمَانِ وَمَنْ غَدَا اِلَی السُّوْقِ غَدَا بِرَایَۃِ اِبْلِیْسَ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

سلمان رض سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا فرماتے تھے جو کوئی علی الصبح صبح کی نماز کی طرف چلا وہ ایمان کا جھنڈا لے کر چلا اور جو صبح صبح بازار کی طرف چلا ابلیس کا جھنڈا لے کر چلا۔ روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے۔

# بَابُ الْاَذَانِ

# اذان کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۵۹۰/۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ ذَکَرُوا النَّارَ وَالنَّاقُوْسَ فَذَکَرُوا الْیَھُوْدَ وَالنَّصَارٰی فَاُمِرَ بِلَالٌ اَنْ یَّشْفَعَ الْاَذَانَ وَاَنْ یُّوْتِرَ الْاِقَامَۃَ قَالَ اِسْمَاعِیْلُ فَذَکَرْتُہٗ لِاَیُّوْبَ فَقَالَ اِلَّا الْاِقَامَۃَ۔

انس رض سے روایت ہے انہوں نے کہا صحابہ رض نے آگ اور ناقوس کا ذکر کیا پس انہوں نے یہود و نصاریٰ کا ذکر کیا پس بلال رض کو حکم کئے گئے کہ اذان کا کلمہ جفت کہیں اور اقامت اکہری کہیں اسماعیل نے کہا میں نے اس بات کا ذکر ایوب سے کیا تو انہوں نے کہا مگر قد قامت الصلوٰۃ

besturdubooks.wordpress.com

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

(متفق علیہ)

۵۹۱ وَعَنْ اَبِیْ مَحْذُوْرَةَ قَالَ اَلْقٰی عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّاْذِيْنَ هُوَ بِنَفْسِهٖ فَقَالَ قُلِ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ثُمَّ تَعُوْدُ فَتَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو محذورہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو اذان کہنا سکھلائی۔ خود اپنے نفس کے ساتھ۔ آپ نے فرمایا۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ گواہ ہوں میں اس کا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ گواہ ہوں میں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں اس کا گواہ ہوں کہ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔ گواہ ہوں میں کہ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔ پھر دوبارہ کہہ، میں گواہ ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں گواہ ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں گواہ ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ میں گواہ ہوں کہ محمدؐ اللہ تعالےٰ کے رسول ہیں۔ آؤ تم نماز پر۔ آؤ تم نماز پر۔ آؤ کامیابی پر۔ آؤ کامیابی پر۔ اللہ تعالےٰ بہت بڑا ہے۔ اللہ تعالیٰ بہت بڑا ہے۔ نہیں کوئی معبود مگر اللہ (روایت کیا ہے۔ اس کو مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۵۹۲ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ الْاَذَانُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ وَالْاِقَامَةُ مَرَّةً مَرَّةً غَيْرَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ اذان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دو دو بار اور تکبیر ایک ایک بار سوا اس کے کہ مؤذن کہتا قد قَامَتِ الصَّلٰوةُ۔ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ (دوبار) (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور دارمی نے)

۵۹۳ وَعَنْ اَبِیْ مَحْذُوْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَهُ الْاَذَانَ تِسْعَ عَشْرَةَ كَلِمَةً وَّالْاِقَامَةَ سَبْعَ عَشْرَةَ

ابو محذورہ رضؓ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اذان کے انیس کلمات سکھلائے اور تکبیر کے سترہ کلمات۔ روایت کیا ہے اس کو نسائی

besturdubooks.wordpress.com

كَلِمَةً۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

نے اور روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے دارمی نے اور ابن ماجہ نے۔

۵۹۴ وَعَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي سُنَّةَ الْأَذَانِ قَالَ فَمَسَحَ مُقَدَّمَ رَأْسِهِ قَالَ تَقُولُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ تَرْفَعُ بِهَا صَوْتَكَ ثُمَّ تَقُولُ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُولُ اللّٰهِ تَخْفِضُ بِهَا صَوْتَكَ ثُمَّ تَرْفَعُ صَوْتَكَ بِالشَّهَادَةِ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُولُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُولُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ فَإِنْ كَانَ صَلٰوةُ الصُّبْحِ قُلْتَ الصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ الصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

اسی (ابومحذورہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے کہا اے اللہ کے رسول مجھے اذان کا طریقہ سکھلائیں کہا پس میرے سر کے اگلے حصہ پر ہاتھ پھیرا کہا تو کہہ اللہ اکبر اللہ اکبر۔ اللہ اکبر۔ اللہ اکبر بلند کر تو اس کے ساتھ اپنی آواز کو پھر اشہد ان لا الٰہ الا اللہ۔ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ۔ اشہد ان محمد رسول اللہ۔ اشہد ان محمد رسول اللہ اس کے ساتھ اپنی آواز کو پست کر۔ پھر اپنی آواز کو بلند کر کلمات شہادت کے ساتھ یعنے کہہ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ۔ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ۔ اشہد ان محمد رسول اللہ۔ اشہد ان محمد رسول اللہ۔ حیّ علی الصلوٰۃ۔ حیّ علی الصلوٰۃ۔ حیّ علی الفلاح۔ حیّ علی الفلاح۔ اگر صبح کی نماز ہے۔ تو کہہ الصلوٰۃ خیر من النوم الصلوٰۃ خیر من النوم۔ اللہ اکبر۔ اللہ اکبر۔ لا الٰہ الا اللہ۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۵۹۵ وَعَنْ بِلَالٍ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُثَوِّبَنَّ فِي شَيْءٍ مِّنَ الصَّلٰوةِ إِلَّا فِي صَلٰوةِ الْفَجْرِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ أَبُو إِسْرَائِيلَ الرَّاوِيُّ لَيْسَ هُوَ بِذَاكَ الْقَوِيِّ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيثِ۔

حضرت بلالؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا کسی نماز میں بھی سوائے صبح کی نماز کے تثویب نہ کر روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے کہا ابواسرائیل راوی محدثین کے نزدیک ایسا قوی نہیں ہے

besturdubooks.wordpress.com

۵۹۶ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِبِلَالٍ اِذَا اَذَّنْتَ فَتَرَسَّلْ وَاِذَا اَقَمْتَ فَاحْدُرْ وَاجْعَلْ بَيْنَ اَذَانِكَ وَاِقَامَتِكَ قَدْرَ مَا يَفْرُغُ الْاٰكِلُ مِنْ اَكْلِهٖ وَالشَّارِبُ مِنْ شُرْبِهٖ وَالْمُعْتَصِرُ اِذَا دَخَلَ لِقَضَاءِ حَاجَتِهٖ وَلَا تَقُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْنِيْ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْمُنْعِمِ وَاِسْنَادُهٗ مَجْهُوْلٌ۔

جابرؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلالؓ کے لئے فرمایا جب تو اذان کہے پس ٹھہر ٹھہر کر کہہ اور جب تو تکبیر کہے۔ تو جلدی کہہ اور اپنی اذان اور تکبیر میں اسقدر ٹھہر کہ کھانا کھانیوالا کھانے سے اور پینے والا اپنے پینے سے فارغ ہو جائے اور استنجاء کرنیوالا جب قضائے حاجت کیلئے داخل ہوا ہے بیت الخلاء میں استنجاء سے فارغ ہو جائے اور جب تک مجھے نہ دیکھو کھڑے نہ ہو۔

روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا ہم اس حدیث کو نہیں پہچانتے مگر عبدالمنعم کی حدیث سے اور اس کی سند مجہول ہے۔

۵۹۷ وَعَنْ زِيَادِ بْنِ الْحَارِثِ الصُّدَائِيِّ قَالَ اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُؤَذِّنَ فِيْ صَلٰوةِ الْفَجْرِ فَاَذَّنْتُ فَاَرَادَ بِلَالٌ اَنْ يُّقِيْمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخَا صُدَاءٍ قَدْ اَذَّنَ وَمَنْ اَذَّنَ فَهُوَ يُقِيْمُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

زیاد بن حارث صدائی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے صبح کی نماز کے لئے اذان کا حکم دیا میں نے اذان کہی بلالؓ نے اقامت کہنا چاہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق صداء کے بھائی نے اذان کہی ہے اور جو شخص اذان کہے وہی تکبیر کہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے۔)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۵۹۸ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ الْمُسْلِمُوْنَ حِيْنَ قَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ يَجْتَمِعُوْنَ فَيَتَحَيَّنُوْنَ لِلصَّلٰوةِ وَلَيْسَ يُنَادِيْ بِهَا اَحَدٌ فَتَكَلَّمُوْا يَوْمًا فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ اتَّخِذُوْا مِثْلَ نَاقُوْسِ النَّصَارٰى وَقَالَ بَعْضُهُمْ قَرْنًا مِّثْلَ قَرْنِ الْيَهُوْدِ فَقَالَ عُمَرُ اَوَلَا تَبْعَثُوْنَ رَجُلًا يُّنَادِيْ بِالصَّلٰوةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ مسلمان جب مدینہ آئے نماز کے لئے وقت کا اندازہ لگایا کرتے تھے اور کوئی بھی نماز کے لئے بلاتا نہیں تھا ایک دن انہوں نے اس کے متعلق بات چیت کی بعض نے کہا نصاریٰ کی طرح ناقوس بناؤ اور بعض نے کہا یہودیوں کی مانند سینگ حضرت عمرؓ نے کہا تم ایک آدمی کیوں نہیں بھیجتے جو نماز کی آواز دے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلالؓ کے لئے فرمایا کھڑا ہو پس نماز کے

besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا بِلَالُ قُمْ فَنَادِ بِالصَّلٰوةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

لئے آواز دے۔ (متفق علیہ)

۶۹۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهٖ قَالَ لَمَّا اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاقُوْسِ يُعْمَلُ لِيُضْرَبَ بِهٖ لِلنَّاسِ لِجَمْعِ الصَّلٰوةِ طَافَ بِيْ وَاَنَا نَائِمٌ رَجُلٌ يَحْمِلُ نَاقُوْسًا فِيْ يَدِهٖ فَقُلْتُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَتَبِيْعُ النَّاقُوْسَ قَالَ وَمَا تَصْنَعُ بِهٖ قُلْتُ نَدْعُوْا بِهٖ اِلَى الصَّلٰوةِ قَالَ اَفَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى مَا هُوَ خَيْرٌ مِّنْ ذٰلِكَ فَقُلْتُ لَهٗ بَلٰى قَالَ فَقَالَ تَقُوْلُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اِلٰى اٰخِرِهٖ وَكَذَا الْاِقَامَةُ فَلَمَّا اَصْبَحْتُ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهٗ بِمَا رَاَيْتُ فَقَالَ اِنَّهَا لَرُؤْيَا حَقٌّ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَقُمْ مَّعَ بِلَالٍ فَاَلْقِ عَلَيْهِ مَا رَاَيْتَ فَلْيُؤَذِّنْ بِهٖ فَاِنَّهٗ اَنْدٰى صَوْتًا مِّنْكَ فَقُمْتُ مَعَ بِلَالٍ فَجَعَلْتُ اُلْقِيْهِ عَلَيْهِ وَيُؤَذِّنُ بِهٖ قَالَ فَسَمِعَ بِذٰلِكَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ فِيْ بَيْتِهٖ فَخَرَجَ يَجُرُّ رِدَاءَهٗ يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَقَدْ رَاَيْتُ مِثْلَ مَا اُرِيَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرِ الْاِقَامَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ

عبداللہ بن زید بن عبد ربہ سے روایت ہے کہا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ناقوس تیار کرنے کا حکم دیا تاکہ لوگوں کو نماز کے لئے جمع کرنے کے لئے مارا جائے مجھے خواب آئی میں سویا ہوا تھا ایک آدمی اپنے ہاتھ میں ناقوس اٹھائے ہوئے ہے میں نے کہا اے اللہ کے بندے تو ناقوس بیچے گا اس نے کہا تو اس کو لے کر کیا کرے گا میں نے کہا ہم نماز کے لئے بلائیں گے کہا میں تجھے ایسی بات نہ بتلاؤں جو اس سے بہتر ہے میں نے کہا کیوں نہیں پس اس نے کہا تو کہہ اللہ اکبر آخر تک اور اسی طرح تکبیر جب میں نے صبح کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور میں نے جو خواب دیکھا تھا بیان کیا آپ نے فرمایا تحقیق یہ خواب البتہ حق ہے اگر خدا نے چاہا بلال رضی اللہ عنہ کے ساتھ کھڑا ہو اور اس کو بتلا جو تو نے دیکھا ہے کیونکہ وہ تجھ سے بلند آواز ہے میں بلال رضی اللہ عنہ کے ساتھ کھڑا ہوا میں اس کو بتلانے لگا وہ اذان دیتے تھے کہا جب اس کو عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے سنا وہ اپنے گھر میں تھے باہر نکلے اپنی چادر کھینچتے تھے کہتے تھے اے اللہ تعالےٰ کے رسول اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے البتہ میں نے بھی اس کی مانند خواب دیکھا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پس اللہ تعالےٰ کے لئے تعریف ہے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور دارمی نے اور ابن ماجہ نے مگر اس نے تکبیر کا ذکر نہیں کیا ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے لیکن اس نے ناقوس کا قصہ بیان نہیں کیا۔

besturdubooks.wordpress.com

لٰكِنَّهٗ لَمْ يُصَرِّحْ قِصَّةَ النَّاقُوْسِ۔

۶۰۰/۱۱ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَلٰوةِ الصُّبْحِ فَكَانَ لَا يَمُرُّ بِرَجُلٍ اِلَّا نَادَاهُ بِالصَّلٰوةِ اَوْ حَرَّكَهٗ بِرِجْلِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوبکرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صبح کی نماز کے لئے نکلا آپ کسی شخص کے پاس سے نہ گزرتے تھے مگر اس کو نماز کے لئے بلاتے یا اس کے پاؤں کو ہلاتے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۶۰۱/۱۲ وَعَنْ مَالِكٍ بَلَغَهٗ اَنَّ الْمُؤَذِّنَ جَاءَ عُمَرَ يُؤْذِنُهٗ لِصَلٰوةِ الصُّبْحِ فَوَجَدَهٗ نَائِمًا فَقَالَ الصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ فَاَمَرَهٗ عُمَرُ اَنْ يَّجْعَلَهَا فِيْ نِدَاءِ الصُّبْحِ۔ (رَوَاهُ فِي الْمُوَطَّاِ)

مالکؒ سے روایت ہے کہا کہ مؤذن حضرت عمرؓ کو نماز کی اطلاع دینے کے لئے آیا ان کو پایا کہ وہ سوئے ہوئے تھے پس کہا الصلوٰۃ خیر من النوم تو حضرت عمرؓ نے اس کو حکم دیا کہ اس کو صبح کی اذان میں کہے۔ روایت کیا ہے اس کو مؤطا میں۔

۶۰۲/۱۳ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ مُؤَذِّنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِلَالًا اَنْ يَّجْعَلَ اِصْبَعَيْهِ فِيْ اُذُنَيْهِ وَقَالَ اِنَّهٗ اَرْفَعُ لِصَوْتِكَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

عبدالرحمٰن بن سعد بن عمار بن سعد جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن ہیں اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلالؓ کو حکم دیا کہ اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں ڈالے اور فرمایا یہ بات بہت بلند کرنے والی ہے تیری آواز کو۔ روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے

## بَابُ فَضْلِ الْاَذَانِ وَاِجَابَةِ الْمُؤَذِّنِ

## اذان اور اذان کا جواب دینے کی فضیلت کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۶۰۳/۱ عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْمُؤَذِّنُوْنَ اَطْوَلُ النَّاسِ اَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

معاویہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے قیامت کے دن اذان دینے والوں کی گردنیں لمبی

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۶۰۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوةِ اَدْبَرَ الشَّیْطَانُ لَهٗ ضُرَاطٌ حَتّٰی لَا یَسْمَعَ التَّاْذِیْنَ فَاِذَا قُضِیَ النِّدَآءُ اَقْبَلَ حَتّٰی اِذَا ثُوِّبَ بِالصَّلٰوةِ اَدْبَرَ حَتّٰی اِذَا قُضِیَ التَّثْوِیْبُ اَقْبَلَ حَتّٰی یَخْطُرَ بَیْنَ الْمَرْءِ وَنَفْسِهٖ یَقُوْلُ اُذْکُرْ کَذَا اُذْکُرْ کَذَا لِمَا لَمْ یَکُنْ یَذْکُرُ حَتّٰی یَظَلَّ الرَّجُلُ لَا یَدْرِیْ کَمْ صَلّٰی۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

ہوں گی۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب نماز کے لئے اذان کہی جاتی ہے پیٹھ پھیر کر شیطان بھاگ جاتا ہے اس کیلئے پاخانہ کی آواز ہوتی ہے یہاں تک کہ اذان نہیں سنتا جب اذان ختم ہو جاتی ہے تو آجاتا ہے جب تکبیر کہی جاتی ہے پیٹھ دے کر بھاگتا ہے جب تکبیر ختم ہو جاتی ہے تو آتا ہے یہاں تک کہ آدمی اور اس کے دل میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ کہتا ہے فلاں بات یاد کر فلاں بات یاد کر۔ جو اس کو پہلے یاد نہیں ہوتی یہاں تک کہ آدمی کو پتہ نہیں چلتا کہ اس نے کس قدر نماز پڑھی ہے۔ (متفق علیہ)

۶۰۵ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَسْمَعُ مَدٰی صَوْتِ الْمُؤَذِّنِ جِنٌّ وَّلَا اِنْسٌ وَّلَا شَیْءٌ اِلَّا شَهِدَ لَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں سنتے انتہا جن اور انسان اور نہ کوئی چیز مؤذن کی آواز کو مگر قیامت کے دن اس کے لئے گواہ ہوں گے (روایت کیا اس کو بخاری نے۔)

۶۰۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَا یَقُوْلُ ثُمَّ صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّهٗ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوةً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ بِهَا عَشْرًا ثُمَّ سَلُوا اللّٰهَ لِیَ الْوَسِیْلَةَ فَاِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِی الْجَنَّةِ لَا تَنْبَغِیْ اِلَّا لِعَبْدٍ مِّنْ عِبَادِ اللّٰهِ وَاَرْجُوْ اَنْ اَکُوْنَ اَنَا هُوَ فَمَنْ سَاَلَ لِیَ الْوَسِیْلَةَ حَلَّتْ عَلَیْهِ الشَّفَاعَةُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبداللہ بن عمرو بن عاص سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم مؤذن کو سنو پس کہو جس طرح مؤذن کہتا ہے پھر درود مجھ پر بھیجو اس لئے کہ جس نے ایک مرتبہ مجھ پر درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر دس بار رحمت بھیجتا ہے پھر اللہ تعالیٰ سے میرے لئے وسیلہ مانگو پس وہ بیشک جنت میں ایک درجہ ہے اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے ایک بندے کے لئے وہ لائق ہے اور مجھے امید ہے کہ وہ میں ہوں گا جس نے میرے لئے وسیلہ مانگا میری شفاعت اس پر واجب ہو گئی۔ روایت کیا اس کو مسلم نے۔

besturdubooks.wordpress.com

۶۰۷ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ فَقَالَ اَحَدُكُمْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ثُمَّ قَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ قَالَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ قَالَ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ قَالَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ثُمَّ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِنْ قَلْبِهٖ دَخَلَ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مؤذن کہے اللہ اکبر۔ اللہ اکبر تو کہے ہر ایک تم میں سے اللہ اکبر اللہ اکبر۔ پھر جب مؤذن کہے۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ پھر جب مؤذن کہے۔ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ تو کہے اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ پھر جب مؤذن کہے۔ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ تو کہے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پھر جب مؤذن کہے۔ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ تو کہے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ پھر جب مؤذن کہے۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ تو کہے اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔ جب مؤذن کہے۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تو کہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اپنے دل کے صدق سے تو جنت میں داخل ہوگا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۶۰۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ النِّدَآءَ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ حَلَّتْ لَهٗ شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہے جس وقت اذان سنتا ہے اے اللہ پروردگار اس پکار پوری کے اور نماز قائم کے دے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور بزرگی اور پہنچا ان کو مقام محمود پر جس کا تو نے وعدہ کیا ہے قیامت کے دن اس کیلئے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۶۰۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُغِيْرُ اِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ وَكَانَ يَسْتَمِعُ الْاَذَانَ فَاِنْ سَمِعَ اَذَانًا اَمْسَكَ وَاِلَّا اَغَارَ فَسَمِعَ رَجُلًا يَقُوْلُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت صبح ظاہر ہوتی حملہ کرتے آپ اذان سنتے اگر آپ اذان سن لیتے تو رک جاتے اور حملہ نہ کرتے وگرنہ حملہ کر دیتے ایک آدمی کو سنا کہہ رہا ہے اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْفِطْرَةِ ثُمَّ قَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَتْ مِنَ النَّارِ فَنَظَرُوْا اِلَيْهِ فَاِذَا هُوَ رَاعِيْ مِعْزًى (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

یہ اسلام پر ہے پھر اُس نے کہا۔ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو آگ سے نکل آیا تو صحابہ کرام نے اس کی طرف دیکھا وہ بکریوں کا چرواہا تھا۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۶۱۰/۸ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا غُفِرَ لَهٗ ذَنْبُهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سعدؓ بن ابی وقاص سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہے جس وقت اذان سنتا ہے اشہد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہٗ وان محمدًا عبدہٗ ورسولہٗ راضی ہوا میں اللہ تعالےٰ سے کہ وہ رب ہے اور حضرت محمدؐ سے کہ وہ رسول ہے اور اسلام سے کہ وہ دین ہے تو اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں (روایت کیا ہے اسکو مسلم نے)

۶۱۱/۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ كُلِّ اَذَانَيْنِ صَلٰوةٌ بَيْنَ كُلِّ اَذَانَيْنِ صَلٰوةٌ ثُمَّ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ لِمَنْ شَاءَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن مغفل سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر دو اذانوں کے درمیان نماز ہے ہر دو اذانوں کے درمیان نماز ہے پھر تیسری مرتبہ فرمایا ہر اس شخص کے لئے جو چاہے (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۶۱۲/۱۰ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاِمَامُ ضَامِنٌ وَّالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ اَللّٰهُمَّ اَرْشِدِ الْاَئِمَّةَ وَاغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِيْنَ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالشَّافِعِيُّ وَفِيْ اُخْرٰى لَهٗ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ۔

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا امام ضامن ہے اور مؤذن امانت دار ہے اے اللہ اماموں کو ہدایت کر اور مؤذنوں کو بخش دے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور احمدؒ نے اور ترمذی نے اور شافعی نے اور دوسری روایت شافعی مصابیح کے لفظ کے ساتھ ہے۔

۶۱۳/۱۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَذَّنَ سَبْعَ سِنِیْنَ مُحْتَسِبًا کُتِبَ لَہٗ بَرَآءَۃٌ مِّنَ النَّارِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے سات برس تک ثواب کی نیت سے اذان کہی اس کے لئے آگ سے خلاصی لکھ دی جاتی ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

۶۱۴ وَعَنْ عُقْبَۃَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعْجَبُ رَبُّکَ مِنْ رَّاعِیْ غَنَمٍ فِیْ رَاْسِ شَظِیَّۃٍ لِّلْجَبَلِ یُؤَذِّنُ بِالصَّلٰوۃِ وَیُصَلِّیْ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ انْظُرُوْا اِلٰی عَبْدِیْ ھٰذَا یُؤَذِّنُ وَیُقِیْمُ الصَّلٰوۃَ یَخَافُ مِنِّیْ قَدْ غَفَرْتُ لِعَبْدِیْ وَاَدْخَلْتُہُ الْجَنَّۃَ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

عقبہؓ بن عامر سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرا رب بکریوں کے چرواہے سے تعجب کرتا ہے پہاڑ کی چوٹی میں نماز کے لئے اذان کہتا ہے اور نماز پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے اس بندے کی طرف دیکھو مجھ سے ڈرتے ہوئے اذان کہتا ہے اور نماز پڑھتا ہے میں نے اپنے بندے کو بخش دیا اور میں نے اس کو جنت میں داخل کیا (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۶۱۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَۃٌ عَلٰی کُثْبَانِ الْمِسْکِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَبْدٌ اَدّٰی حَقَّ اللّٰہِ تَعَالٰی وَحَقَّ مَوْلَاہُ وَرَجُلٌ اَمَّ قَوْمًا وَّھُمْ بِہٖ رَاضُوْنَ وَرَجُلٌ یُّنَادِیْ بِالصَّلَوٰتِ الْخَمْسِ کُلَّ یَوْمٍ وَّلَیْلَۃٍ۔ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ۔

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص مشک کے ٹیلوں پر ہوں گے قیامت کے دن ایک غلام جس نے اللہ تعالیٰ کا حق ادا کیا اور اپنے مالک کا حق اور وہ شخص کہ قوم کا امام ہے اور وہ اس پر راضی ہیں اور تیسرا وہ شخص کہ اذان دیتا ہے ہر دن اور رات پانچوں نمازوں کے لئے۔

روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۶۱۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤَذِّنُ یُغْفَرُ لَہٗ مَدٰی صَوْتِہٖ وَیَشْھَدُ لَہٗ کُلُّ رَطْبٍ وَّیَابِسٍ وَّشَاھِدُ الصَّلٰوۃِ یُکْتَبُ لَہٗ خَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ صَلٰوۃً وَّیُکَفَّرُ عَنْہُ مَا بَیْنَھُمَا۔ رَوَاہُ اَحْمَدُ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اذان دینے والے شخص کے لئے اس کی آواز کے موافق بخشش کی جاتی ہے اور ہر تر اور خشک اس کے لئے گواہی دیتے ہیں اور نماز کے لئے حاضر ہونے والے کے لئے پچیس نمازیں لکھی جاتی ہیں اور دو نمازوں کے درمیان اس نے جو گناہ کئے ہوتے ہیں معاف کر دیئے

besturdubooks.wordpress.com

وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى النَّسَائِيُّ اِلٰى قَوْلِهٖ كُلُّ رَطْبٍ وَّيَابِسٍ وَّقَالَ وَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ صَلّٰى۔

جاتے ہیں روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا نسائی نے اس کے قول رطب ویابس تک اور کہا اس کے لئے ثواب مانند اس شخص کی جو نماز پڑھے۔

۶۱۷/۱۵ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اجْعَلْنِيْ اِمَامَ قَوْمِيْ قَالَ اَنْتَ اِمَامُهُمْ وَاقْتَدِ بِاَضْعَفِهِمْ وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَّا يَاْخُذُ عَلٰى اَذَانِهٖ اَجْرًا۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عثمانؓ بن ابی العاص سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسول مجھے میری قوم کا امام بنا دیں آپ نے فرمایا تو اُن کا امام ہے اور انکے ضعیف کے ساتھ اقتدا کر اور ایسا مؤذن مقرر کر جو اذان کہنے پر اجرت نہ لے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۶۱۸/۱۶ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقُوْلَ عِنْدَ اَذَانِ الْمَغْرِبِ اَللّٰهُمَّ هٰذَا اِقْبَالُ لَيْلِكَ وَاِدْبَارُ نَهَارِكَ وَاَصْوَاتُ دُعَاتِكَ فَاغْفِرْلِيْ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ۔

اُم سلمہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو سکھلایا کہ میں مغرب کی اذان کے وقت کہوں اے اللہ یہ تیری رات کے آنے اور دن کے جانے کا وقت ہے اور تیرے پکارنے والوں کا وقت ہے پس مجھ کو بخش دے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد اور بیہقی نے دعواتِ کبیر میں)

۶۱۹/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَوْ بَعْضِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ بِلَالًا اَخَذَ فِي الْاِقَامَةِ فَلَمَّا اَنْ قَالَ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقَامَهَا اللّٰهُ وَاَدَامَهَا وَقَالَ فِيْ سَائِرِ الْاِقَامَةِ نَحْوَ حَدِيْثِ عُمَرَ فِي الْاَذَانِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوامامہؓ سے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض اصحابؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا بلالؓ نے اقامت کہنا شروع کی جب اس نے قد قامت الصلوٰۃ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قائم رکھے اللہ تعالیٰ اسکو اور ہمیشہ رکھے باقی تکبیریں عمر کی حدیث کے مطابق فرمایا جو اذان کے بارہ میں ہے۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۶۲۰/۱۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُرَدُّ الدُّعَاءُ بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ۔

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اذان اور اقامت کے درمیان دُعا رد نہیں کی جاتی (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے

besturdubooks.wordpress.com

رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ)

اور ترمذی نے)

۶۲۱/۱۹ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثِنْتَانِ لَا تُرَدَّانِ اَوْ قَلَّمَا تُرَدَّانِ اَلدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَآءِ وَعِنْدَ الْبَاْسِ حِيْنَ يَلْحَمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا وَّفِیْ رِوَايَةٍ وَّتَحْتَ الْمَطَرِ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ وَتَحْتَ الْمَطَرِ۔

سہل بن سعد سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو دعائیں رد نہیں کی جاتیں یا فرمایا کم ہی رد کی جاتی ہیں اذان کے نزدیک اور دوسری لڑائی میں جس وقت بعض بعض کے ساتھ ملتے ہیں۔ ایک روایت میں ہے اور مینہ میں (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور دارمی نے مگر دارمی نے تحت المطر کا لفظ ذکر نہیں کیا۔

۶۲۲/۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْمُؤَذِّنِيْنَ يَفْضُلُوْنَنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْ كَمَا يَقُوْلُوْنَ فَاِذَا انْتَهَيْتَ فَسَلْ تُعْطَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک شخص نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسول مؤذن ہم سے فضیلت لے جائیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس طرح وہ کہتے ہیں تو بھی کہہ جس وقت تو فارغ ہو تو پس سوال کر دیا جائے گا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۶۲۳/۲۱ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الشَّيْطَانَ اِذَا سَمِعَ النِّدَآءَ بِالصَّلٰوةِ ذَهَبَ حَتّٰى يَكُوْنَ مَكَانَ الرَّوْحَآءِ قَالَ الرَّاوِیْ وَالرَّوْحَآءُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ عَلٰى سِتَّةٍ وَّثَلٰثِيْنَ مِيْلًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے تحقیق شیطان جس وقت نماز کی اذان سنتا ہے بھاگ جاتا ہے یہاں تک کہ روحاء مکان تک پہنچ جاتا ہے راوی نے کہا روحاء مدینہ سے چھتیس میل دور ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۶۲۴/۲۲ وَعَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ قَالَ اِنِّیْ لَعِنْدَ مُعَاوِيَةَ اِذْ اَذَّنَ مُؤَذِّنُهٗ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ كَمَا قَالَ مُؤَذِّنُهٗ حَتّٰى اِذَا قَالَ حَیَّ عَلَى الصَّلٰوةِ قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا

علقمہ بن وقاص سے روایت ہے انہوں نے کہا میں معاویہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ اس کے مؤذن نے اذان کہی معاویہ نے کہا جس طرح مؤذن کہتا تھا جب اس نے حی علی الصلوٰۃ کہا معاویہ نے لاحول ولا

وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ فَلَمَّا قَالَ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ وَقَالَ بَعْدَ ذٰلِكَ مَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذٰلِكَ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

قوۃ الا باللہ کہا جس وقت اُس نے حیّ علی الفلاح کہا تو معاویہؓ نے کہا لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اس کے بعد کہا جو مؤذن نے کہا تھا۔ پھر کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے اس طرح فرماتے تھے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

۶۲۵/۲۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ بِلَالٌ يُنَادِي فَلَمَّا سَكَتَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ مِثْلَ هٰذَا يَقِينًا دَخَلَ الْجَنَّةَ۔
(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے بلالؓ نے کھڑے ہو کر اذان کہی جس وقت وہ خاموش ہو گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے ایسا کہا یقین کے ساتھ جنت میں داخل ہوگا۔
(روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

۶۲۶/۲۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ يَتَشَهَّدُ قَالَ وَأَنَا وَأَنَا۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب مؤذن کو سنتے کہ شہادتین کہہ رہا ہے فرماتے اور میں بھی۔ اور میں بھی (روایت کیا ابوداؤد نے)

۶۲۷/۲۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَذَّنَ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَكُتِبَ لَهُ بِتَأْذِينِهِ فِي كُلِّ يَوْمٍ سِتُّونَ حَسَنَةً وَلِكُلِّ إِقَامَةٍ ثَلَاثُونَ حَسَنَةً
(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے بارہ سال اذان کہی جنت اس کیلئے واجب ہو جاتی ہے اور ہر روز اس کے اذان کہنے کی وجہ سے ساٹھ نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور تکبیر کے بدلے تیس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔
(روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۶۲۸/۲۶ وَعَنْهُ قَالَ كُنَّا نُؤْمَرُ بِالدُّعَاءِ عِنْدَ أَذَانِ الْمَغْرِبِ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي دَعَوَاتِ الْكَبِيرِ)

اسی (ابن عمرؓ) سے روایت ہے کہا ہم حکم دیئے گئے تھے ساتھ دُعا کے نزدیک مغرب کی اذان کے۔ روایت کیا اس کو بیہقی نے دعوات کبیر میں۔

besturdubooks.wordpress.com

# بَابٌ فِيهِ فَصْلَانِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۶۲۹/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ بِلَالًا يُّنَادِيْ بِلَيْلٍ فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يُنَادِيَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ قَالَ وَكَانَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ رَجُلًا اَعْمٰى لَا يُنَادِيْ حَتّٰى يُقَالَ لَهٗ اَصْبَحْتَ اَصْبَحْتَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۶۳۰/۲ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَمْنَعَنَّكُمْ مِّنْ سُحُوْرِكُمْ اَذَانُ بِلَالٍ وَّلَا الْفَجْرُ الْمُسْتَطِيْلُ وَلٰكِنَّ الْفَجْرَ الْمُسْتَطِيْرُ فِي الْاُفُقِ۔

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّلَفْظُهٗ لِلتِّرْمِذِيِّ۔

۶۳۱/۳ وَعَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِّيْ فَقَالَ اِذَا سَافَرْتُمَا فَاَذِّنَا وَاَقِيْمَا وَلْيَؤُمَّكُمَا اَكْبَرُكُمَا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

۶۳۲/۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِيْ اُصَلِّيْ وَاِذَا حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَلْيُؤَذِّنْ لَّكُمْ اَحَدُكُمْ ثُمَّ لِيَؤُمَّكُمْ

# اذان کے بعض احکام کا بیان

## پہلی فصل

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک بلالؓ رات سے اذان کہتا ہے پس کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ ابن اُمِّ مکتوم اذان کہے اور ابن اُمِّ مکتوم نابینا تھے۔ اس وقت تک اذان نہیں کہتے تھے جب تک کہ اُسے کہا جاتا تو نے صبح کردی تو نے صبح کردی۔

(متفق علیہ)

سمرہؓ بن جندب سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلالؓ کی اذان تم کو سحری کھانے سے نہ روکے اور نہ فجر دراز لیکن فجر پھیلی ہوئی کنارے میں۔

روایت کیا اس کو مسلم نے اور لفظ اس کے ترمذی کے ہیں۔

مالک بن حویرثؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا میں اور میرے چچا کا بیٹا آپ نے فرمایا جب تم سفر کرو تو اذان کہو اور تکبیر بھی کہو اور چاہیئے کہ امام بنے جو تم سے بڑا ہے۔

(روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

اسی (مالک بن حویرث) سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز پڑھو جس طرح مجھ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو اور جب نماز کا وقت ہو پس چاہیئے کہ تم میں سے ایک اذان کہے

besturdubooks.wordpress.com

أَكْبَرُكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پھر جو تم میں سے بڑا ہے امام بنے۔ (متفق علیہ)

۶۳۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَفَلَ مِنْ غَزْوَةِ خَيْبَرَ سَارَ لَيْلَةً حَتّٰى إِذَا أَدْرَكَهُ الْكَرٰى عَرَّسَ وَقَالَ لِبِلَالٍ اِكْلَأْ لَنَا اللَّيْلَ فَصَلّٰى بِلَالٌ مَّا قُدِّرَ لَهُ وَنَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ فَلَمَّا تَقَارَبَ الْفَجْرُ اسْتَنَدَ بِلَالٌ إِلٰى رَاحِلَتِهِ مُوَاجِهَ الْفَجْرِ فَغَلَبَتْ بِلَالًا عَيْنَاهُ وَهُوَ مُسْتَنِدٌ إِلٰى رَاحِلَتِهِ فَلَمْ يَسْتَيْقِظْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا بِلَالٌ وَّلَا أَحَدٌ مِّنْ أَصْحَابِهِ حَتّٰى ضَرَبَتْهُمُ الشَّمْسُ فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلَهُمْ اسْتِيْقَاظًا فَفَزِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَيْ بِلَالُ فَقَالَ بِلَالٌ أَخَذَ بِنَفْسِيَ الَّذِي أَخَذَ بِنَفْسِكَ قَالَ اقْتَادُوا فَاقْتَادُوا رَوَاحِلَهُمْ شَيْئًا ثُمَّ تَوَضَّأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَرَ بِلَالًا فَأَقَامَ الصَّلٰوةَ فَصَلّٰى بِهِمُ الصُّبْحَ فَلَمَّا قَضَى الصَّلٰوةَ قَالَ مَنْ نَسِيَ الصَّلٰوةَ فَلْيُصَلِّهَا إِذَا ذَكَرَهَا فَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِي۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب خیبر کی جنگ سے واپس آئے رات بھر چلے جب آپؐ کو اونگھ پہنچی اترے۔ اور بلال رضؓ کہا۔ ہماری حفاظت کر رات بھر بلال رضؓ نے نماز پڑھی جتنی اُن کے لیے مقدور کی گئی تھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام سو گئے) پس فجر جب نزدیک ہوئی بلال رضؓ فجر کی طرف منہ کر کے اپنے اونٹ کے ساتھ ٹیک لگائی۔ بلال رضؓ پر اس کی آنکھیں غالب آگئیں اور وہ اپنے اونٹ کا تکیہ لگائے ہوئے تھے نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہ بلال رضؓ اور نہ آپؐ کے صحابہ کرام میں سے کوئی بیدار ہوا یہاں تک کہ ان کو دھوپ پہنچی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے بیدار ہوئے۔ پس گھبرائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پس کہا اے بلال رضؓ! تجھے کیا ہوا بلال رضؓ نے کہا۔ میرے نفس پر وہ چیز غالب آگئی جو آپؐ کے نفس پر ہوئی آپؐ نے فرمایا کھینچ لے چلو۔ پس کھینچ لے گئے وہ اپنے اونٹ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو فرمایا بلال رضؓ کو حکم دیا اُس نے نماز کی تکبیر کہی آپؐ نے اُن کو صبح کی نماز پڑھائی جب نماز سے فارغ ہوئے آپؐ نے فرمایا جو شخص نماز بھول جائے اس کو پڑھ لے جب اس کو یاد آئے پس تحقیق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اور نماز کو قائم کر وقت یاد کرنے میرے۔

(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

۶۳۴/۶ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اُقِیْمَتِ الصَّلٰوۃُ فَلَا تَقُوْمُوْا حَتّٰی تَرَوْنِیْ قَدْ خَرَجْتُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابو قتادہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب نماز کی تکبیر کہی جائے۔ پس کھڑے نہ ہو۔ یہاں تک کہ مجھ کو دیکھو کہ میں نکل آیا ہوں (متفق علیہ)

۶۳۵/۷ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اُقِیْمَتِ الصَّلٰوۃُ فَلَا تَاْتُوْھَا تَسْعَوْنَ وَاْتُوْھَا تَمْشُوْنَ وَعَلَیْکُمُ السَّکِیْنَۃُ فَمَا اَدْرَکْتُمْ فَصَلُّوْا وَمَا فَاتَکُمْ فَاَتِمُّوْا۔ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ۔ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّمُسْلِمٍ فَاِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا کَانَ یَعْمِدُ اِلَی الصَّلٰوۃِ فَھُوَ فِی الصَّلٰوۃِ وَھٰذَا الْبَابُ خَالٍ عَنِ الْفَصْلِ الثَّانِیْ۔

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب وقت نماز کے لئے تکبیر کہی جائے۔ تو دوڑتے ہوئے نہ آؤ۔ اور تم چلتے ہوئے آؤ۔ اور لازم ہو تم پر وقار۔ پس جو تم پالو پس پڑھو۔ اور جو تم سے رہ جائے۔ پس پورا کرو۔ (متفق علیہ)

اور مسلم کی ایک روایت میں ہے۔ بے شک ایک تمہارا جب نماز کا قصد کرتا ہے وہ نماز میں ہے۔ اور یہ باب دوسری فصل سے خالی ہے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۶۳۶/۸ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ قَالَ عَرَّسَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْلَۃً بِطَرِیْقِ مَکَّۃَ وَوَکَّلَ بِلَالًا اَنْ یُّوْقِظَھُمْ لِلصَّلٰوۃِ فَرَقَدَ بِلَالٌ وَّرَقَدُوْا حَتّٰی اسْتَیْقَظُوْا وَقَدْ طَلَعَتْ عَلَیْھِمُ الشَّمْسُ فَاسْتَیْقَظَ الْقَوْمُ فَقَدْ فَزِعُوْا فَاَمَرَھُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّرْکَبُوْا حَتّٰی یَخْرُجُوْا مِنْ ذٰلِکَ الْوَادِیْ وَقَالَ اِنَّ ھٰذَا وَادٍ بِہٖ شَیْطَانٌ فَرَکِبُوْا حَتّٰی خَرَجُوْا مِنْ ذٰلِکَ الْوَادِیْ ثُمَّ اَمَرَھُمْ

زید بن اسلم سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ ایک رات مکہ کے راستے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُترے اور بلال رضؓ کو مقرر کیا۔ کہ نماز کے لیے اُن کو جگائے۔ بلال رضؓ سو گئے۔ اور وہ بھی سو گئے یہاں تک کہ جاگے۔ اور سورج ان پر طلوع ہو چکا تھا۔ پس لوگ بیدار ہوئے۔ اور وہ گھبرائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو حکم دیا کہ سوار ہوں اور اس وادی سے نکل جائیں۔ اور فرمایا کہ یہ وادی ہے جس میں شیطان ہے پس سوار ہوئے یہاں تک کہ اس وادی سے نکل گئے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اُترنے کا حکم دیا۔ اور یہ کہ وضو کریں۔ اور بلال رضؓ کو حکم دیا۔ کہ نماز کے لئے اذان کہے۔ یا تکبیر کہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھائی۔ پھر پھرے۔ اور دیکھا۔ کہ وہ گھبرائے ہوئے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا۔ اے لوگو!

besturdubooks.wordpress.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْزِلُوْا وَاَنْ يَّتَوَضَّأُوْا وَاَمَرَ بِلَالًا اَنْ يُّنَادِيَ لِلصَّلٰوةِ اَوْ يُقِيْمَ فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَدْ رَاٰى مِنْ فَزَعِهِمْ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ قَبَضَ اَرْوَاحَنَا وَلَوْ شَاءَ لَرَدَّهَا اِلَيْنَا فِيْ حِيْنٍ غَيْرِ هٰذَا فَاِذَا رَقَدَ اَحَدُكُمْ عَنِ الصَّلٰوةِ اَوْ نَسِيَهَا ثُمَّ فَزِعَ اِلَيْهَا فَلْيُصَلِّهَا كَمَا كَانَ يُصَلِّيْهَا فِيْ وَقْتِهَا ثُمَّ الْتَفَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَبِيْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ فَقَالَ اِنَّ الشَّيْطَانَ اَتٰى بِلَالًا وَّهُوَ قَائِمٌ يُّصَلِّيْ فَاَضْجَعَهٗ ثُمَّ لَمْ يَزَلْ يُهَدِّئُهٗ كَمَا يُهَدَّأُ الصَّبِيُّ حَتّٰى نَامَ ثُمَّ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا فَاَخْبَرَ بِلَالٌ رَّسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ الَّذِيْ اَخْبَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا بَكْرٍ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا)

اللہ تعالیٰ نے ہماری روحوں کو قبض کر لیا اور اگر وہ چاہتا اس وقت کے غیر میں پھیر دیتا۔ جس وقت ایک تمہارا نماز سے سو جائے یا اس کو بھول جائے پھر اس کی طرف گھبرائے پس چاہیئے کہ اس کو پڑھ لے جس طرح وقت میں پڑھتا ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کی طرف دیکھا اور آپ نے فرمایا شیطان بلال رضؓ کے پاس آیا اور وہ کھڑا ہوا نماز پڑھ رہا تھا اس کو لٹا دیا پھر اس کو تھپکتا رہا جس طرح بچے کو تھپکی دی جاتی ہے یہاں تک کہ وہ سو گیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال رضؓ کو بلایا پس بلال رضؓ نے اسی طرح خبر دی جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کو خبر دی تھی حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں۔

(روایت کیا ہے اس کو مالک نے مرسل)

۶۳۷/۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَصْلَتَانِ مُعَلَّقَتَانِ فِيْ اَعْنَاقِ الْمُؤَذِّنِيْنَ لِلْمُسْلِمِيْنَ صِيَامُهُمْ وَصَلَاتُهُمْ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو چیزیں مؤذنوں کی گردنوں میں لٹکی ہوئی ہیں مسلمانوں کے لئے اُن کی نماز اور اُن کے روزے (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ الْمَسَاجِدِ وَ مَوَاضِعِ الصَّلٰوةِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۶۳۸/۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيْتَ دَعَا فِيْ نَوَاحِيْهِ كُلِّهَا وَلَمْ يُصَلِّ حَتّٰى خَرَجَ مِنْهُ فَلَمَّا خَرَجَ رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ فِيْ قُبُلِ الْكَعْبَةِ وَقَالَ هٰذِهِ الْقِبْلَةُ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْهُ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ۔

# مسجدوں اور نماز کے مقامات کا بیان

## پہلی فصل

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ میں داخل ہوئے اس کے سب گوشوں میں دُعا کی اور نماز نہیں پڑھی یہاں تک کہ اس سے نکلے پس جس وقت نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتیں کعبہ کے سامنے پڑھیں اور فرمایا یہ قبلہ ہے۔ روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت کیا اس کو مسلم نے اسامہ بن زید سے۔

۶۳۹/۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ هُوَ وَاُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَّعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ الْحَجَبِيُّ وَبِلَالُ بْنُ رَبَاحٍ فَاَغْلَقَهَا عَلَيْهِ وَمَكَثَ فِيْهَا فَسَاَلْتُ بِلَالًا حِيْنَ خَرَجَ مَا صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ جَعَلَ عَمُوْدًا عَنْ يَّسَارِهٖ وَعَمُوْدَيْنِ عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَثَلٰثَةَ اَعْمِدَةٍ وَّرَاءَهٗ وَكَانَ الْبَيْتُ يَوْمَئِذٍ عَلٰى سِتَّةِ اَعْمِدَةٍ ثُمَّ صَلّٰى۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن عمر رضؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں داخل ہوئے وُہ اور اسامہ بن زیدؓ اور عثمان بن طلحہ الحجبی اور بلال بن رباح پس اس نے آپ پر کعبہ بند کر دیا اور اُس میں ٹھہرے جس وقت نکلے مَیں نے بلال سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا پس اس نے کہا ایک ستون بائیں جانب کیا دو ستون دائیں جانب اور تین ستون اپنے پیچھے اور ان دنوں بیت اللہ کے چھ ستون تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی۔ (متفق علیہ)

۶۴۰/۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةٌ فِيْ مَسْجِدِيْ هٰذَا خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ صَلٰوةٍ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اس مسجد میں نماز پڑھنا دوسری مساجد کی نسبت ہزار نماز کا ثواب ہے

besturdubooks.wordpress.com

فِيمَا سِوَاهُ إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سوائے مسجد الحرام کے

متفق علیہ

۶۴۱/۴ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَّا إِلَى ثَلٰثَةِ مَسَاجِدَ مَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْمَسْجِدِ الْأَقْصٰى وَمَسْجِدِي هٰذَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابو سعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کجاوے نہ باندھے جائیں مگر تین مسجدوں کی طرف مسجد حرام اور مسجد اقصےٰ اور میری یہ مسجد۔

(متفق علیہ)

۶۴۲/۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ بَيْتِي وَمِنْبَرِي رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ وَمِنْبَرِي عَلٰى حَوْضِي۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان (کا ٹکڑا زمین کا) ایک باغ ہے جنت کے باغوں میں سے اور میرا منبر میرے حوض پر ہے (متفق علیہ)

۶۴۳/۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِي مَسْجِدَ قُبَاءٍ كُلَّ سَبْتٍ مَّاشِيًا وَّرَاكِبًا فَيُصَلِّي فِيهِ رَكْعَتَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر ہفتہ کو مسجد قباء میں پیادے یا سوار ہو کر تشریف لاتے اور وہاں دو رکعتیں پڑھتے

(متفق علیہ)

۶۴۴/۷ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَبُّ الْبِلَادِ إِلَى اللّٰهِ مَسَاجِدُهَا وَأَبْغَضُ الْبِلَادِ إِلَى اللّٰهِ أَسْوَاقُهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مکانوں میں سب سے زیادہ محبوب اللہ کی طرف مسجدیں ہیں اور سب سے برے مکانوں میں اللہ کے نزدیک بازار ہیں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۶۴۵/۸ وَعَنْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَنٰى لِلّٰهِ مَسْجِدًا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عثمان رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالےٰ کے لئے مسجد بنائے اللہ تعالےٰ اس کا گھر جنت میں بناتا ہے

(متفق علیہ)

۶۴۶/۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ غَدَا إِلَى الْمَسْجِدِ أَوْ رَاحَ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُ نُزُلَهُ

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اول روز یا آخر روز مسجد کی طرف گیا اللہ تعالےٰ اس کی مہمانی

besturdubooks.wordpress.com

مِنَ الْجَنَّةِ كُلَّمَا غَدَا أَوْ رَاحَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جنت میں تیار کرتا ہے۔ جب بھی صبح صبح جاتا ہے یا پچھلے پہر
(متفق علیہ)

۶۴۷/۱۰ وَعَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْظَمُ النَّاسِ أَجْرًا فِي الصَّلٰوةِ أَبْعَدُهُمْ فَأَبْعَدُهُمْ مَمْشًى وَالَّذِي يَنْتَظِرُ الصَّلٰوةَ حَتّٰى يُصَلِّيَهَا مَعَ الْإِمَامِ أَعْظَمُ أَجْرًا مِنَ الَّذِي يُصَلِّي ثُمَّ يَنَامُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوموسیٰ اشعری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگوں میں بڑا اجر کے لحاظ سے ثواب کے نماز میں وہ شخص ہے۔ جو اُن کا دُور کا ہے پس دور کا ہے اجر کے لحاظ سے چلنے کے۔ اور جو شخص انتظار کرتا ہے نماز کی یہاں تک کہ امام کے ساتھ پڑھتا ہے۔ اس کو زیادہ ثواب ہے۔ بنسبت اس شخص کے جو نماز پڑھے اور سو رہے۔
(متفق علیہ)

۶۴۸/۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ خَلَتِ الْبِقَاعُ حَوْلَ الْمَسْجِدِ فَأَرَادَ بَنُو سَلِمَةَ أَنْ يَتَنَقَّلُوا قُرْبَ الْمَسْجِدِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُمْ بَلَغَنِي أَنَّكُمْ تُرِيدُونَ أَنْ تَنْتَقِلُوا قُرْبَ الْمَسْجِدِ قَالُوا نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدْ أَرَدْنَا ذٰلِكَ فَقَالَ يَا بَنِي سَلِمَةَ دِيَارَكُمْ تُكْتَبْ آثَارُكُمْ دِيَارَكُمْ تُكْتَبْ آثَارُكُمْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا، مسجد نبوی کے گرد سے کچھ مکان خالی ہوئے۔ بنو سلمہ نے ارادہ کیا کہ مسجد کے قریب منتقل ہو جاویں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات پہنچی۔ آپؐ نے فرمایا۔ مجھے خبر پہنچی ہے۔ کہ تم مسجد کے قریب منتقل ہونا چاہتے ہو؟ انہوں نے کہا، ہاں اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ ہم نے اس بات کا ارادہ کیا ہے آپؐ نے فرمایا۔ اے بنو سلمہ اپنے گھروں میں ٹھہرے رہو تمہارے نقش قدم لکھے جائیں گے۔ اپنے گھروں میں ٹھہرے رہو تمہارے نقش قدم لکھے جائیں گے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۶۴۹/۱۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِي ظِلِّهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلُّهُ إِمَامٌ عَادِلٌ وَشَابٌّ نَشَأَ فِي عِبَادَةِ اللّٰهِ وَرَجُلٌ قَلْبُهُ مُعَلَّقٌ بِالْمَسْجِدِ إِذَا خَرَجَ مِنْهُ حَتّٰى يَعُودَ إِلَيْهِ وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِي اللّٰهِ اجْتَمَعَا عَلَيْهِ وَتَفَرَّقَا عَلَيْهِ وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ وَرَجُلٌ دَعَتْهُ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ سات شخص ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے سایہ میں رکھے گا۔ کہ اس دن اس کے سوا کسی کا سایہ نہ ہوگا۔ امام عدل کرنے والا۔ اور جوان آدمی کہ اپنی جوانی اللہ تعالیٰ کی عبادت میں خرچ کرے۔ اور وہ شخص کہ اس کا دل مسجد کے ساتھ لٹکا ہوا ہے۔ جب اس سے نکل جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کی طرف پھر آوے۔ اور دو شخص کہ محبت رکھتے ہوں اللہ کیلئے اس پر اکٹھے ہوتے ہوں اور اس پر جُدا ہوتے ہوں۔ اور ایک وہ آدمی جو تنہائی میں اللہ تعالیٰ

besturdubooks.wordpress.com

امْرَأَةٌ ذَاتُ حَسَبٍ وَّجَمَالٍ فَقَالَ إِنِّيْ أَخَافُ اللّٰهَ وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَأَخْفَاهَا حَتّٰى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِيْنُهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کو یاد کرتا ہے پس اُس کی آنکھیں بہہ پڑتی ہیں۔ اور ایک وُہ آدمی کہ اس کو ایک صاحب حسب اور جمال عورت اپنی طرف بلاتی ہے وہ کہتا ہے میں اللہ تعالےٰ سے ڈرتا ہوں اور ایک وُہ آدمی جو اللہ کے لئے صدقہ کرتا ہے اُس کو چھپاتا ہے یہاں تک کہ اس کا بایاں ہاتھ نہ جانے کہ دائیں نے کیا خرچ کیا ہے (متفق علیہ)

۶۵۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الرَّجُلِ فِي الْجَمَاعَةِ تُضَعَّفُ عَلٰى صَلٰوتِهِ فِيْ بَيْتِهِ وَفِيْ سُوْقِهِ خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ ضِعْفًا وَّذٰلِكَ أَنَّهُ إِذَا تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ لَا يُخْرِجُهُ إِلَّا الصَّلٰوةُ لَمْ يَخْطُ خُطْوَةً إِلَّا رُفِعَتْ لَهُ بِهَا دَرَجَةٌ وَّحُطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةٌ فَإِذَا صَلّٰى لَمْ تَزَلِ الْمَلٰٓئِكَةُ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ مَا دَامَ فِيْ مُصَلَّاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ وَلَا يَزَالُ أَحَدُكُمْ فِيْ صَلٰوةٍ مَّا انْتَظَرَ الصَّلٰوةَ وَفِيْ رِوَايَةٍ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ كَانَتِ الصَّلٰوةُ تَحْبِسُهُ وَزَادَ فِيْ دُعَاءِ الْمَلٰٓئِكَةِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْهِ مَا لَمْ يُؤْذِ فِيْهِ مَا لَمْ يُحْدِثْ فِيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُسی (ابُوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی کا جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا پچیس درجہ زیادہ ہوتی ہے اس کے اپنے گھر یا بازار میں نماز پڑھنے سے اور یہ اس لئے کہ وضو کرتا ہے پس اچھا وضو کرتا ہے پھر مسجد کی طرف نکلتا ہے اس کو نہیں نکالتی مگر نماز نہیں رکھتا وُہ کوئی قدم مگر اس کا درجہ بلند کیا جاتا ہے اور اس کی وجہ سے اس کا گناہ گرایا جاتا ہے جس وقت نماز پڑھتا ہے ہمیشہ فرشتے اس کے لئے دُعا کرتے رہتے ہیں جب تک وہ اپنی نماز کی جگہ پر بیٹھا رہتا ہے (کہتے ہیں) یا اللہ اس پر رحمت کر اے اللہ اس پر رحم کر اور ہمیشہ ایک تمہارا نماز میں رہتا ہے جب تک وہ نماز کا انتظار کرتا ہے ایک روایت میں ہے جب مسجد میں داخل ہوتا ہے نماز اس کو رُوک لیتی ہے اور فرشتوں کی دُعا میں یہ الفاظ زیادہ نقل کئے اے اللہ اس کو بخش دے اے اللہ اس پر رجوع کر جب تک اس میں ایذا نہ دے جب تک اس میں بے وضو نہ ہو۔ (متفق علیہ)

۶۵۱ وَعَنْ أَبِيْ أُسَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَإِذَا خَرَجَ فَلْيَقُلِ

ابو اُسید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا مسجد میں داخل ہو پس چاہئے کہ کہے اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور جس وقت نکلے

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

پس چاہئے کہ کہے اے اللہ بیشک میں تجھ سے تیرا فضل مانگتا ہوں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۶۵۲/۱۵ وَعَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يَّجْلِسَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابو قتادہ رضؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا مسجد میں داخل ہونا چاہے پس چاہئے کہ دو رکعتیں پڑھے اس سے پہلے کہ اس میں بیٹھے۔ (متفق علیہ)

۶۵۳/۱۶ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْدَمُ مِنْ سَفَرٍ إِلَّا نَهَارًا فِي الضُّحٰى فَإِذَا قَدِمَ بَدَأَ بِالْمَسْجِدِ فَصَلّٰى فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ فِيْهِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کعبؓ بن مالک سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے واپس نہیں آتے تھے مگر دن کو چاشت کے وقت پس جس وقت تشریف لاتے مسجد میں پہلے جاتے اس میں دو رکعت پڑھتے پھر اس میں بیٹھتے۔ (متفق علیہ)

۶۵۴/۱۷ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمِعَ رَجُلًا يَّنْشُدُ ضَالَّةً فِي الْمَسْجِدِ فَلْيَقُلْ لَا رَدَّهَا اللّٰهُ عَلَيْكَ فَإِنَّ الْمَسَاجِدَ لَمْ تُبْنَ لِهٰذَا۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی کو سنے کہ کوئی گمشدہ چیز مسجد میں تلاش کر رہا ہے پس چاہئے کہ کہے اللہ تعالیٰ اس کو تجھ پر نہ پھیرے کیونکہ مسجدیں اس لئے نہیں بنائی گئیں۔
(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۶۵۵/۱۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَكَلَ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ الْمُنْتِنَةِ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا فَإِنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ تَتَأَذّٰى مِمَّا يَتَأَذّٰى مِنْهُ الْإِنْسُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اس بدبو دار درخت سے کھائے وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے کیونکہ فرشتے ایذاء پاتے ہیں اس چیز سے جس سے انسان ایذاء پاتے ہیں۔ (متفق علیہ)

۶۵۶/۱۹ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْبُزَاقُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيْئَةٌ وَّكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا۔

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ اس کا دفن کر دینا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۶۵۷/۲۰ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرِضَتْ عَلَيَّ اَعْمَالُ اُمَّتِيْ حَسَنُهَا وَسَيِّئُهَا فَوَجَدْتُّ فِيْ مَحَاسِنِ اَعْمَالِهَا الْاَذٰى يُمَاطُ عَنِ الطَّرِيْقِ وَوَجَدْتُّ فِيْ مَسَاوِيْ اَعْمَالِهَا النُّخَاعَةَ تَكُوْنُ فِي الْمَسْجِدِ لَا تُدْفَنُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

(متفق علیہ)

ابوذر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ پر میری امت کے اعمال پیش کئے گئے اس کے نیک اور اس کے بُرے میں نے اس کے نیک عملوں میں پایا ہے ایذا کہ دُور کی جائے راستہ سے اور میں نے اس کے بُرے اعمال میں پایا ہے تھوک کہ مسجد میں ہو جسے دفن نہیں کیا جاتا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۶۵۸/۲۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَلَا يَبْصُقْ اَمَامَهٗ فَاِنَّمَا يُنَاجِي اللّٰهَ مَا دَامَ فِيْ مُصَلَّاهُ وَلَا عَنْ يَّمِيْنِهٖ فَاِنَّ عَنْ يَّمِيْنِهٖ مَلَكًا وَّلْيَبْصُقْ عَنْ يَّسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ فَيَدْفِنُهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ لِاَبِيْ سَعِيْدٍ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا نماز کے لیئے کھڑا ہو اس میں اپنے آگے نہ تھوکے سوائے اس کے نہیں کہ وہ اللہ تعالےٰ سے سرگوشی کرتا ہے جب تک وہ نماز کی جگہ میں ہوتا ہے اور نہ اپنی دائیں جانب تھوکے اس لئے کہ اس کی دائیں جانب فرشتے ہیں اور چاہیئے کہ اپنے بائیں یا پاؤں کے نیچے تھوکے پھر اس کو دفن کرے ابوسعید کی ایک روایت میں ہے اپنے بائیں پاؤں کے نیچے۔ (متفق علیہ)

۶۵۹/۲۲ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ لَمْ يَقُمْ مِنْهُ لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَآئِهِمْ مَسَاجِدَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیماری میں فرمایا جس سے اُٹھے نہیں تھے اللہ تعالےٰ یہود و نصاریٰ پر لعنت کرے انہوں نے اپنے انبیاء کرام کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا۔ (متفق علیہ)

۶۶۰/۲۳ وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلَا وَاِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ كَانُوْا يَتَّخِذُوْنَ قُبُوْرَ اَنْبِيَآئِهِمْ وَصَالِحِيْهِمْ مَسَاجِدَ اَلَا

جندبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ فرماتے تھے خبردار تحقیق جو لوگ کہ تم سے پہلے تھے اپنے انبیاء اور نیک لوگوں کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیتے تھے خبردار پس

besturdubooks.wordpress.com

فَلَا تَتَّخِذُوا الْقُبُوْرَ مَسَاجِدَ اِنِّیْ اَنْهٰكُمْ عَنْ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

قبروں کو سجدہ گاہ نہ بناؤ۔ میں تم کو اس سے روکتا ہوں۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۶۶۱/۲۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلُوْا فِيْ بُيُوْتِكُمْ مِّنْ صَلٰوتِكُمْ وَلَا تَتَّخِذُوْهَا قُبُوْرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اپنے گھروں میں بھی نماز پڑھا کرو۔ اور ان کو قبریں نہ بناؤ۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۶۶۲/۲۵ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

ابوہریرۃ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مشرق اور مغرب کے درمیان قبلہ ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۶۶۳/۲۶ وَعَنْ طَلْقِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ خَرَجْنَا وَفْدًا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْنَاهُ وَصَلَّيْنَا مَعَهٗ وَاَخْبَرْنَاهُ اَنَّ بِاَرْضِنَا بِيْعَةً لَّنَا فَاسْتَوْهَبْنَاهُ مِنْ فَضْلِ طَهُوْرِهٖ فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ وَمَضْمَضَ ثُمَّ صَبَّهٗ لَنَا فِیْ اِدَاوَةٍ وَّاَمَرَنَا فَقَالَ اخْرُجُوْا فَاِذَا اَتَيْتُمْ اَرْضَكُمْ فَاكْسِرُوْا بِيْعَتَكُمْ وَانْضَحُوْا مَكَانَهَا بِهٰذَا الْمَاءِ وَاتَّخِذُوْهَا مَسْجِدًا قُلْنَا اِنَّ الْبَلَدَ بَعِيْدٌ وَّالْحَرُّ شَدِيْدٌ وَّالْمَاءُ يُنْشَفُ فَقَالَ مُدُّوْهُ مِنَ الْمَاءِ فَاِنَّهٗ لَا يَزِيْدُهٗ اِلَّا طِيْبًا۔ (رَوَاهُ النَّسَائِیُّ)

طلق بن علیؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت (اقدس) میں وفد بن کر حاضر ہوئے۔ ہم نے آپ کی بیعت کی۔ اور آپ کے ساتھ نماز پڑھی۔ اور آپ کو خبر دی کہ ہمارے علاقہ میں ہمارا ایک بیعہ ہے۔ ہم نے حضرت کا بچا ہوا پانی وضو کا مانگا۔ آپ نے پانی منگوایا۔ پس وضو کیا پھر کلی کی پھر اس کو ڈالا ہمارے لئے ایک چھاگل میں اور ہم کو حکم دیا۔ پس آپ نے فرمایا۔ جاؤ۔ جس وقت اپنی زمین میں پہنچو۔ اپنا بیعہ توڑ ڈالو۔ اور اس کی جگہ یہ پانی چھڑکو۔ اور اس کو مسجد بنالو۔ ہم نے کہا۔ تحقیق شہر دور ہے اور گرمی سخت ہے۔ اور پانی خشک ہو جائے گا۔ آپ نے فرمایا۔ اس میں اور پانی بڑھا دو۔ اس لئے کہ وہ نہیں زیادہ کرے گا اس کو مگر برکت میں۔ روایت کیا اس کو نسائی نے)

۶۶۴/۲۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اَمَرَ رَسُوْلُ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبِنَاءِ الْمَسْجِدِ فِي الدُّوْرِ وَاَنْ يُّنَظَّفَ وَيُطَيَّبَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے محلوں میں مسجدیں بنانے کا حکم دیا اور یہ کہ پاک کی جاویں اور ان کو خوشبو لگائی جائے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے۔

۶۶۵/۲۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اُمِرْتُ بِتَشْيِيْدِ الْمَسَاجِدِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَتُزَخْرِفُنَّهَا كَمَا زَخْرَفَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے مسجدوں کے بلند بنانے کا حکم نہیں دیا گیا ابن عباس رضؓ نے کہا البتہ تم زینت کرو گے اُن کی جیسے اُن کو مزین کیا یہود اور نصاریٰ نے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۶۶۶/۲۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ يَّتَبَاهَى النَّاسُ فِي الْمَسَاجِدِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کی علامتوں میں سے ہے کہ لوگ مسجدوں میں فخر کریں گے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور دارمی نے اور ابن ماجہ نے۔

۶۶۷/۳۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرِضَتْ عَلَيَّ اُجُوْرُ اُمَّتِيْ حَتَّى الْقَذَاةِ يُخْرِجُهَا الرَّجُلُ مِنَ الْمَسْجِدِ وَعُرِضَتْ عَلَيَّ ذُنُوْبُ اُمَّتِيْ فَلَمْ اَرَ ذَنْبًا اَعْظَمَ مِنْ سُوْرَةٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ اَوْ اٰيَةٍ اُوْتِيَهَا رَجُلٌ ثُمَّ نَسِيَهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

اسی (انس رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ پر میری امت کے ثواب پیش کیے گئے یہاں تک کہ ثواب کوڑے اور خاک کا جس کو آدمی مسجد سے نکالتا ہے اور روبرو کیے گئے مجھ پر میری اُمت کے گناہ پس نہیں دیکھا میں نے کوئی گناہ بہت بڑا قرآن شریف کی سورت سے یا آیت سے کہ دیا گیا ہو وہ ایک شخص پھر بھلا دیا (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے)

۶۶۸/۳۱ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَشِّرِ الْمَشَّائِيْنَ فِي الظُّلَمِ اِلَى الْمَسَاجِدِ بِالنُّوْرِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ رَوَاهُ

بریدہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اندھیروں میں مسجد کی طرف چل کر آنے والوں کو پورے نور کے ساتھ خوشخبری دے قیامت کے دن روایت کیا ہے اس کو ترمذی

besturdubooks.wordpress.com

التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ وَّأَنَسٍ۔

نے اور ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے سہل بن سعد اور انس رضی اللہ عنہ سے۔

۶۶۹/۳۲ وَعَنْ أَبِي سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَيْتُمُ الرَّجُلَ يَتَعَاهَدُ الْمَسْجِدَ فَاشْهَدُوْا لَهُ بِالْإِيْمَانِ فَإِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

ابوسعید خدری سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم کسی آدمی کو دیکھو کہ وہ مسجد کی خبرگیری کرتا ہے اس کے ایمان کی گواہی دو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے سوائے اس کے نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کو وہی شخص آباد کرتا ہے جو اللہ اور آخرت کے دن کے ساتھ ایمان لایا۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے۔

۶۷۰/۳۳ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لَّنَا فِي الْإِخْتِصَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ خَصَى وَلَا اخْتَصَى إِنَّ خِصَاءَ أُمَّتِي الصِّيَامُ فَقَالَ ائْذَنْ لَّنَا فِي السِّيَاحَةِ قَالَ إِنَّ سِيَاحَةَ أُمَّتِي الْجِهَادُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَالَ ائْذَنْ لَّنَا فِي التَّرَهُّبِ فَقَالَ إِنَّ تَرَهُّبَ أُمَّتِي الْجُلُوْسُ فِي الْمَسَاجِدِ انْتِظَارَ الصَّلٰوةِ۔

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

عثمان بن مظعون سے روایت ہے انہوں نے کہا اے اللہ کے رسول ہم کو خصی ہو جانے کی اجازت دیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم میں سے وہ نہیں ہے جو خصی کرے یا خصی ہو میری امت کا خصی ہونا روزہ رکھنا ہے۔ عرض کیا ہم کو سیاحت کی اجازت دیں آپ نے فرمایا میری اُمت کی سیاحت اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرنا ہے۔ عرض کیا اجازت دیں ہم کو راہب بننے کی آپ نے فرمایا میری امت کا راہب بننا نماز کے انتظار میں مسجدوں میں بیٹھنا ہے۔

(روایت کیا اس کو شرح السنہ میں)

۶۷۱/۳۴ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَائِشٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَيْتُ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ فِي أَحْسَنِ صُوْرَةٍ فَقَالَ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْأَعْلٰى قُلْتُ أَنْتَ أَعْلَمُ قَالَ فَوَضَعَ كَفَّهُ بَيْنَ كَتِفَيَّ فَوَجَدْتُ

عبدالرحمٰن بن عائش سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اللہ تعالیٰ کو نہایت اچھی صورت میں دیکھا پس آپ نے فرمایا ملاء اعلیٰ کے فرشتے کس چیز میں گفتگو کرتے ہیں۔ میں نے کہا تو خوب جانتا ہے۔ پس اُس نے اپنا ہاتھ میرے کندھوں کے درمیان رکھا میں نے اس کی سردی اپنے سینے میں

besturdubooks.wordpress.com

بَرْدَهَا بَيْنَ ثَدْيَيَّ فَعَلِمْتُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَتَلَا وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ۔ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ مُرْسَلًا وَّلِلتِّرْمِذِيِّ نَحْوُهٗ عَنْهُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّمُعَاذِ ابْنِ جَبَلٍ وَّزَادَ فِيْهِ قَالَ يَا مُحَمَّدُ هَلْ تَدْرِيْ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَاُ الْاَعْلٰى قُلْتُ نَعَمْ فِي الْكَفَّارَاتِ وَالْكَفَّارَاتُ الْمَكْثُ فِي الْمَسَاجِدِ بَعْدَ الصَّلَوَاتِ وَالْمَشْيُ عَلَى الْاَقْدَامِ اِلَى الْجَمَاعَاتِ وَاِبْلَاغُ الْوُضُوْءِ فِي الْمَكَارِهِ وَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ عَاشَ بِخَيْرٍ وَّمَاتَ بِخَيْرٍ وَّكَانَ مِنْ خَطِيْئَتِهٖ كَيَوْمٍ وَّلَدَتْهُ اُمُّهٗ وَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِذَا صَلَّيْتَ فَقُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ فَاِذَآ اَرَدْتَّ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً فَاقْبِضْنِيْ اِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ قَالَ وَالدَّرَجَاتُ اِفْشَاءُ السَّلَامِ وَاِطْعَامُ الطَّعَامِ وَ الصَّلٰوةُ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ وَّ لَفْظُ هٰذَا الْحَدِيْثِ كَمَا فِي الْمَصَابِيْحِ لَمْ اَجِدْهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِلَّا فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ۔

پائی میں نے جان لی وہ چیز کہ آسمانوں اور زمین میں تھی پھر آپ نے یہ آیت پڑھی اور اسی طرح دکھلایا ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو بادشاہت آسمانوں اور زمین کی تاکہ ہو جاوے وہ یقین کرنے والوں سے۔ روایت کیا ہے اس کو دارمی نے مرسل اور ترمذی کے لئے ہے اسی طرح اس سے اور ابن عباس رضؓ اور معاذ بن جبلؓ سے اور اس میں زیادہ کیا کہ فرمایا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیا تو جانتا ہے مقربین فرشتے کس چیز میں گفتگو کرتے ہیں میں نے کہا ہاں گفتگو کرتے ہیں کفارات میں اور گناہ جھڑتے ہیں نمازوں کے بعد مسجدوں میں بیٹھ رہنا اور جماعت کیلئے پیادہ پا چلنا اور تکلیف میں پورا وضو کرنا جس نے کیا اس طرح زندہ رہے گا بھلائی کے ساتھ اور مرے گا بھلائی کے ساتھ اور اپنے گناہوں سے پاک ہو جائے گا اُس دن کی مانند جس دن اُس کی ماں نے اس کو جنا اور فرمایا اے محمدؐ جب تو نماز پڑھ چکے۔ تو کہہ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں نیکی کرنے کا۔ برائیوں کے چھوڑنے کا اور مسکینوں کی دوستی کا اور جب تو اپنے بندوں کے ساتھ فتنہ کا ارادہ کرے مجھ کو اپنی طرف اٹھا لے بغیر فتنہ کے۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے درجات دیئے ہیں۔ پھیلانا سلام کا اور کھانا کھلانا اور رات کو نماز پڑھنا جبکہ لوگ سوئے ہوئے ہوں۔ اس حدیث کے لفظ جس طرح مصابیح میں ہیں میں نے نہیں پائے عبدالرحمٰن سے مگر شرح السنہؒ میں۔

۶۷۲/۳۵ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ كُلُّهُمْ

ابوامامہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص ہیں سب کا اللہ تعالیٰ

besturdubooks.wordpress.com



ضَامِنٌ عَلَى اللّٰهِ رَجُلٌ خَرَجَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَى اللّٰهِ حَتّٰى يَتَوَفَّاهُ فَيُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ أَوْ يَرُدَّهُ بِمَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيمَةٍ وَرَجُلٌ رَاحَ إِلَى الْمَسْجِدِ فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَى اللّٰهِ وَرَجُلٌ دَخَلَ بَيْتَهُ بِسَلَامٍ فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَى اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

نے ذمہ لیا ہے۔ ایک وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرنے کے لئے نکلا۔ وہ اللہ تعالیٰ کے ذمہ پر ہے۔ یہاں تک کہ وفات دے اس کو اللہ تعالیٰ پس جنت میں داخل کردے۔ یا اس کو لوٹائے ساتھ اس چیز کے کہ پہنچے اُس کو ثواب یا غنیمت اور ایک وہ شخص جو مسجد کی طرف گیا۔ وہ اللہ تعالیٰ کے ذمہ پر ہے اور ایک وہ شخص جو اپنے گھر میں سلام کے ساتھ داخل ہو وہ اللہ تعالیٰ کے ذمہ پر ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۶۷۳/۳۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ مُتَطَهِّرًا إِلَى صَلٰوةٍ مَكْتُوبَةٍ فَأَجْرُهُ كَأَجْرِ الْحَاجِّ الْمُحْرِمِ وَمَنْ خَرَجَ إِلٰى تَسْبِيحِ الضُّحٰى لَا يُنْصِبُهُ إِلَّا إِيَّاهُ فَأَجْرُهُ كَأَجْرِ الْمُعْتَمِرِ وَصَلٰوةٌ عَلٰى أَثَرِ صَلٰوةٍ لَا لَغْوَ بَيْنَهُمَا كِتَابٌ فِي عِلِّيِّينَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ)

اسی (ابوامامہ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص اپنے گھر سے باوضو فرض نماز کا قصد کرنے والا نکلا۔ اس کا اجر حج کرنے والے احرام باندھنے والے کی طرح ہے۔ اور جو ضحے کے نفلوں کی طرف نکلا۔ اس کو مشقت میں نہیں ڈالا۔ مگر اُس نے اُس کا ثواب عمرہ کرنے والے کی طرح ہے اور نماز پڑھنا بعد نماز پڑھنے کے۔ کہ اُن کے درمیان بیہودہ کلام نہ ہو۔ یہ ایسا عمل ہے جو علیین میں لکھا جاتا ہے (روایت کیا ابوداؤد نے اور احمد نے)

۶۷۴/۳۷ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا مَرَرْتُمْ بِرِيَاضِ الْجَنَّةِ فَارْتَعُوا قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا رِيَاضُ الْجَنَّةِ قَالَ الْمَسَاجِدُ قِيلَ وَمَا الرَّتْعُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم جنت کے باغوں کے پاس سے گزرو۔ پس میوہ کھاؤ کہا گیا آے اللہ تعالیٰ کے رسول! جنت کے باغ کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا مساجد اور کہا گیا۔ کہ میوہ کھانا کیا ہے۔ اے اللہ تعالیٰ کے رسول! آپ نے فرمایا۔ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ۔ واللہ اکبر۔

(روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۶۷۵/۳۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَتَى الْمَسْجِدَ لِشَيْءٍ فَهُوَ حَظُّهُ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص مسجد میں کسی چیز کے لئے آیا۔ وہ اس کا حصہ ہے۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۶۶۶/۳۹ وَعَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ عَنْ جَدَّتِهَا فَاطِمَةَ الْكُبْرٰى قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمَ وَقَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاِذَا خَرَجَ صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمَ وَقَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ رِوَايَتِهِمَا قَالَتْ اِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَكَذَا اِذَا خَرَجَ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ بَدَلَ صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ لَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِمُتَّصِلٍ وَّفَاطِمَةُ بِنْتُ الْحُسَيْنِ لَمْ تُدْرِكْ فَاطِمَةَ الْكُبْرٰى۔

فاطمہؓ بنت حسین اپنی دادی فاطمہ کبریٰ سے روایت کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت مسجد میں داخل ہوتے۔ درود بھیجتے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور سلام۔ اور کہتے اے میرے رب بخش دے مجھ کو میرے گناہ اور کھول دے میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے۔ اور جس وقت نکلتے درود وسلام بھیجتے اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے۔ اور فرماتے اے میرے رب مجھ کو میرے گناہ بخش دے۔ اور اپنے فضل کے دروازے میرے لئے کھول دے۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے۔ احمد اور ابن ماجہ نے اور ان دونوں کی روایت میں ہے۔ کہا جس وقت مسجد میں داخل ہوتے۔ اور اسی طرح جس وقت مسجد سے نکلتے۔ کہتے۔ اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ اور سلام ہو اللہ تعالیٰ کے رسول پر بجائے صل علی محمد وسلم کے۔ اور ترمذی نے کہا۔ اس کی سند متصل نہیں ہے۔ فاطمہ بنت حسین نے نہیں پایا۔ فاطمہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کو۔

۶۶۷/۴۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تَنَاشُدِ الْاَشْعَارِ فِي الْمَسْجِدِ وَعَنِ الْبَيْعِ وَالْاِشْتِرَاءِ فِيْهِ وَاَنْ يَّتَحَلَّقَ النَّاسُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَبْلَ الصَّلٰوةِ فِي الْمَسْجِدِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

عمرو بن شعیب اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے روایت بیان کرتا ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے۔ مسجد میں شعر پڑھنے سے۔ اور خرید وفروخت کرنے سے۔ اور یہ کہ لوگ جمعہ کے دن مسجد میں نماز سے پہلے حلقہ باندھ کر بیٹھیں۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۶۶۸/۴۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمْ مَنْ يَّبِيْعُ اَوْ يَبْتَاعُ فِي الْمَسْجِدِ فَقُوْلُوْا لَا اَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَكَ وَاِذَا رَاَيْتُمْ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس وقت تم دیکھو کسی شخص کو کہ وہ بیچتا ہے یا خریدتا ہے مسجد میں۔ تو کہو اللہ تعالیٰ تیری تجارت میں نفع نہ دیوے۔ اور اگر دیکھو تم کہ کوئی

besturdubooks.wordpress.com



مَنْ يَّنْشُدُ فِيْهِ ضَالَّةً فَقُوْلُوْا لَا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

شخص اپنی گمشدہ چیز مسجد میں تلاش کر رہا ہے تو کہو۔ اللہ تعالیٰ تجھ پر نہ لوٹائے (روایت کیا اس کو ترمذی اور دارمی نے)

۶۷۹/۴۲ وَعَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّسْتَقَادَ فِي الْمَسْجِدِ وَاَنْ يُّنْشَدَ فِيْهِ الْاَشْعَارُ وَاَنْ تُقَامَ فِيْهِ الْحُدُوْدُ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ فِيْ سُنَنِهٖ وَصَاحِبُ جَامِعِ الْاُصُوْلِ فِيْهِ عَنْ حَكِيْمٍ وَّفِي الْمَصَابِيْحِ عَنْ جَابِرٍ۔

حکیمؓ بن حزام سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ مسجد میں قصاص لیا جاوے اور یہ کہ اس میں اشعار پڑھے جاویں اور یہ کہ اس میں حدیں قائم کی جاویں روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اپنی سنن میں اور صاحب جامع الاصول نے جامع الاصول میں حکیم سے اور مصابیح میں جابرؓ سے۔

۶۸۰/۴۳ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ يَعْنِي الْبَصَلَ وَالثُّوْمَ وَقَالَ مَنْ اَكَلَهُمَا فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا وَقَالَ اِنْ كُنْتُمْ لَا بُدَّ اٰكِلِيْهِمَا فَاَمِيْتُوْهُمَا طَبْخًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

معاویہؓ بن قرہ سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں درختوں کے کھانے سے منع کیا ہے یعنی لہسن اور پیاز اور فرمایا جو شخص اُن دونوں کو کھائے ہماری مسجد کے قریب نہ آئے اور فرمایا اگر تم نے ضروری طور پر اُن کو کھانا ہے تو اُن کی بو کو پکا کر مار لو (روایت کیا ہے اِس کو ابوداؤد نے)

۶۸۱/۴۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاَرْضُ كُلُّهَا مَسْجِدٌ اِلَّا الْمَقْبَرَةَ وَالْحَمَّامَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

ابوسعیدؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زمین سب کی سب مسجد ہے سوائے قبرستان اور حمام کے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے ترمذی نے اور دارمی نے)

۶۸۲/۴۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّصَلِّيَ فِيْ سَبْعَةِ مَوَاطِنَ فِي الْمَزْبَلَةِ وَالْمَجْزَرَةِ وَالْمَقْبَرَةِ وَقَارِعَةِ الطَّرِيْقِ وَفِي الْحَمَّامِ وَفِيْ مَعَاطِنِ الْاِبِلِ وَفَوْقَ ظَهْرِ بَيْتِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سات جگہوں میں نماز پڑھنے سے نجاست پڑنے کی جگہ میں جانوروں کے ذبح ہونے کی جگہ میں مقبروں میں اور چوراہوں میں اور حمام میں اور اونٹوں کے بندھنے کی جگہ میں اور بیت اللہ شریف کی چھت کے اُوپر (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے)

besturdubooks.wordpress.com

۶۸۳/۴۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلُّوْا فِیْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ وَلَا تُصَلُّوْا فِیْ اَعْطَانِ الْاِبِلِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھو بکریوں کے باندھنے کی جگہ میں اور نماز نہ پڑھو اونٹوں کے باندھنے کی جگہ میں۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

۶۸۴/۴۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ وَالْمُتَّخِذِیْنَ عَلَیْهَا الْمَسَاجِدَ وَالسُّرُجَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی قبروں کی زیارت کرنے والی عورتوں پر اور جو قبروں پر مسجدیں بنائیں اور چراغ روشن کریں۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور نسائی نے۔

۶۸۵/۴۸ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ اِنَّ جِبْرًا مِّنَ الْیَهُوْدِ سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْبِقَاعِ خَیْرٌ فَسَكَتَ عَنْهُ وَقَالَ اَسْكُتُ حَتّٰی یَجِیْئَنِیْ جِبْرَئِیْلُ فَسَكَتَ وَجَاءَ جِبْرَئِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَسَاَلَ فَقَالَ مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ وَلٰكِنْ اَسْاَلُ رَبِّیْ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی ثُمَّ قَالَ جِبْرَئِیْلُ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ دَنَوْتُ مِنَ اللّٰهِ دُنُوًّا مَّا دَنَوْتُ مِنْهُ قَطُّ قَالَ وَكَیْفَ كَانَ یَا جِبْرَئِیْلُ قَالَ كَانَ بَیْنِیْ وَبَیْنَهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ حِجَابٍ مِّنْ نُّوْرٍ فَقَالَ شَرُّ الْبِقَاعِ اَسْوَاقُهَا وَخَیْرُ الْبِقَاعِ مَسَاجِدُهَا (رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ فِیْ صَحِیْحِهٖ عَنِ ابْنِ عُمَرَ)

ابوامامہ رضؓ سے روایت ہے کہ ایک یہودی عالم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ کون سی جگہ بہتر ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جواب دینے سے چپ رہے اور اپنے دل میں کہا کہ میں چپ رہوں گا یہاں تک کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے آپؐ چپ رہے اور حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے حضرتؐ نے پوچھا اس نے کہا جس سے پوچھا گیا ہے اس کو پوچھنے والے سے زیادہ علم نہیں لیکن میں اپنے رب تبارک وتعالیٰ سے سوال کروں گا پھر جبرئیل علیہ السلام نے کہا اے محمدؐ میں اللہ تعالیٰ کے اس قدر نزدیک نہیں ہوا کہ آج تک کبھی اتنا نزدیک نہیں ہوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کیسے اے جبرئیلؑ کہا میرے اور اس کے درمیان ستر ہزار نور کے پردے تھے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے بدترین جگہیں بازار ہیں اور بہترین جگہیں مسجدیں ہیں (روایت کیا ہے اس کو ابن حبان نے اپنی صحیح میں ابن عمرؓ سے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۶۸۶/۴۹ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ جَاءَ مَسْجِدِیْ هٰذَا لَمْ یَاْتِهِ اِلَّا لِخَیْرٍ یَتَعَلَّمُهٗ اَوْ یُعَلِّمُهٗ فَهُوَ بِمَنْزِلَةِ الْمُجَاهِدِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَمَنْ جَاءَ لِغَیْرِ ذٰلِكَ فَهُوَ بِمَنْزِلَةِ الرَّجُلِ یَنْظُرُ اِلٰی مَتَاعِ غَیْرِهٖ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

## تیسری فصل

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جو شخص میری اس مسجد میں آئے۔ نہیں آتا مگر کسی خیر کے لئے کہ اس کو سیکھتا ہے یا اس کو سکھائے وہ مجاہد کی مانند ہے جو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرتا ہے اور جو اس کے علاوہ کسی اور کام کے لئے آئے اس کی مثال اس شخص کی مانند ہے جو غیر کے اسباب کی طرف دیکھتا ہے (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں)

۶۸۷/۵۰ وَعَنِ الْحَسَنِ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَاْتِیْ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ یَكُوْنُ حَدِیْثُهُمْ فِیْ مَسَاجِدِهِمْ فِیْ اَمْرِ دُنْیَاهُمْ فَلَا تُجَالِسُوْهُمْ فَلَیْسَ لِلّٰهِ فِیْهِمْ حَاجَةٌ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حسن رضؓ سے مرسل روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں پر ایک زمانہ آئے گا ان کی باتیں مسجدوں میں ہوں گی دنیا کے متعلق اُن کے پاس نہ بیٹھو اُن میں اللہ تعالیٰ کو کچھ حاجت نہیں ہے۔ روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۵۸۸/۵۱ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ یَزِیْدَ قَالَ كُنْتُ نَائِمًا فِی الْمَسْجِدِ فَحَصَبَنِیْ رَجُلٌ فَنَظَرْتُ فَاِذَا هُوَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ اذْهَبْ فَاْتِنِیْ بِهٰذَیْنِ فَجِئْتُهٗ بِهِمَا فَقَالَ مِمَّنْ اَنْتُمَا اَوْ مِنْ اَیْنَ اَنْتُمَا قَالَا مِنْ اَهْلِ الطَّائِفِ قَالَ لَوْ كُنْتُمَا مِنْ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ لَاَوْجَعْتُكُمَا تَرْفَعَانِ اَصْوَاتَكُمَا فِیْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

سائبؓ بن یزید سے روایت ہے انہوں نے کہا میں مسجد میں سویا ہوا تھا مجھ کو ایک شخص نے کنکری ماری میں نے دیکھا اچانک وہ حضرت عمر بن الخطابؓ تھے کہا جا اُن دو شخصوں کو میرے پاس لاؤ میں اُن دونوں کو لایا پس کہا تم کن لوگوں میں سے ہو یا فرمایا تم دونوں کہاں کے ہو ان دونوں نے کہا ہم طائف کے رہنے والے ہیں فرمایا اگر تم مدینہ کے رہنے والے ہوتے میں تم کو تکلیف دیتا تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں آواز بلند کرتے ہو۔

(روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

besturdubooks.wordpress.com

۶۸۹/۵۲ وَعَنْ مَّالِكٍ قَالَ بَنٰى عُمَرُ رَحْبَةً فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ تُسَمّٰى الْبُطَيْحَاءَ وَقَالَ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ اَنْ يَّلْغَطَ اَوْ يُنْشِدَ شِعْرًا اَوْ يَرْفَعَ صَوْتَهٗ فَلْيَخْرُجْ اِلٰى هٰذِهِ الرَّحْبَةِ۔ (رَوَاهُ فِي الْمُوَطَّاِ)

مالکؒ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا حضرت عمرؓ نے ایک چبوترہ بنوایا تھا جس کا نام بطیحا تھا۔ اور فرمایا جو شخص بے معنی بات کرنا چاہے۔ یا شعر پڑھنا چاہے۔ یا اپنی آواز بلند کرنے کا ارادہ کرے۔ وہ اس چبوترے کی طرف نکل جائے (روایت کیا ہے اس کو مؤطا نے)

۶۹۰/۵۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ رَاَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُخَامَةً فِي الْقِبْلَةِ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِ حَتّٰى رُئِيَ فِيْ وَجْهِهٖ فَقَامَ فَحَكَّهٗ بِيَدِهٖ فَقَالَ اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا قَامَ فِي الصَّلٰوةِ فَاِنَّمَا يُنَاجِيْ رَبَّهٗ وَاِنَّ رَبَّهٗ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ فَلَا يَبْزُقَنَّ اَحَدُكُمْ قِبَلَ قِبْلَتِهٖ وَلٰكِنْ عَنْ يَّسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهٖ ثُمَّ اَخَذَ طَرَفَ رِدَآئِهٖ فَبَصَقَ فِيْهِ ثُمَّ رَدَّ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَقَالَ اَوْ يَفْعَلُ هٰكَذَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلہ کی جانب رینٹھ کو دیکھا۔ آپ پر یہ بات شاق گزری۔ یہاں تک کہ اس کا اثر آپ کے چہرے پر دیکھا گیا۔ آپ کھڑے ہوئے۔ اور اس کو اپنے ہاتھ کے ساتھ کھرچا۔ اور فرمایا جس وقت ایک تمہارا نماز میں کھڑا ہو سوائے اس کے نہیں۔ وہ اپنے رب سے سرگوشی کرتا ہے اور تحقیق اس کا رب اس کے اور قبلہ کے درمیان ہوتا ہے تم میں سے کوئی اپنے قبلہ کی جانب نہ تھوکے۔ لیکن اپنے بائیں جانب یا اپنے پاؤں کے نیچے۔ پھر آپ نے اپنی چادر کا کنارہ پکڑا۔ اس میں تھوکا۔ پھر اس کے بعض کو بعض سے ملا دیا۔ پس فرمایا۔ یا اس طرح کرے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۶۹۱/۵۴ وَعَنِ السَّآئِبِ بْنِ خَلَّادٍ وَّهُوَ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ رَجُلًا اَمَّ قَوْمًا فَبَصَقَ فِي الْقِبْلَةِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقَوْمِهٖ حِيْنَ فَرَغَ لَا يُصَلِّيْ لَكُمْ فَاَرَادَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَنْ يُّصَلِّيَ لَهُمْ فَمَنَعُوْهُ فَاَخْبَرُوْهُ بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سائب بن خلادؓ سے روایت ہے۔ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی ہے۔ انہوں نے کہا۔ ایک آدمی ایک قوم کا امام تھا۔ اس نے قبلہ کی طرف تھوکا۔ اور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم دیکھ رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت وہ فارغ ہوا۔ اس کی قوم کو کہا۔ یہ شخص تم کو نہ نماز پڑھائے اس کے بعد اس نے اُن کو نماز پڑھانے کا ارادہ کیا۔ انہوں نے اس کو روک دیا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی خبر دی۔ اُس نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کی۔ آپ نے فرمایا۔ ہاں اور میرا خیال ہے کہ آپ نے فرمایا۔ تو نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول

besturdubooks.wordpress.com

فَقَالَ نَعَمْ وَحَسِبْتُ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّكَ قَدْ اٰذَيْتَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔

صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا دی ہے۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۶۹۲/۵۵ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ اَحْتَبَسَ عَنَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ عَنْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ حَتّٰى كِدْنَا نَتَرَاءٰى عَيْنَ الشَّمْسِ فَخَرَجَ سَرِيْعًا فَثُوِّبَ بِالصَّلٰوةِ فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَجَوَّزَ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَلَمَّا سَلَّمَ دَعَا بِصَوْتِهٖ فَقَالَ لَنَا عَلٰى مَصَافِّكُمْ كَمَا اَنْتُمْ ثُمَّ انْفَتَلَ اِلَيْنَا ثُمَّ قَالَ اَمَا اِنِّيْ سَاُحَدِّثُكُمْ مَا حَبَسَنِيْ عَنْكُمُ الْغَدَاةَ اِنِّيْ قُمْتُ مِنَ اللَّيْلِ فَتَوَضَّاْتُ وَصَلَّيْتُ مَا قُدِّرَ لِيْ فَنَعَسْتُ فِيْ صَلٰوتِيْ حَتَّى اسْتَثْقَلْتُ فَاِذَا اَنَا بِرَبِّيْ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فِيْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ قُلْتُ لَبَّيْكَ رَبِّ قَالَ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَاُ الْاَعْلٰى قُلْتُ لَا اَدْرِيْ قَالَهَا ثَلٰثًا قَالَ فَرَاَيْتُهٗ وَضَعَ كَفَّهٗ بَيْنَ كَتِفَيَّ حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ اَنَامِلِهٖ بَيْنَ ثَدْيَيَّ فَتَجَلّٰى لِيْ كُلُّ شَيْءٍ وَّعَرَفْتُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ قُلْتُ لَبَّيْكَ رَبِّ قَالَ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَاُ الْاَعْلٰى قُلْتُ فِي الْكَفَّارَاتِ قَالَ وَمَا هُنَّ قُلْتُ مَشْيُ الْاَقْدَامِ اِلَى الْجَمَاعَاتِ وَالْجُلُوْسُ

معاذ بن جبل رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک دن صبح کی نماز میں ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیر کی قریب تھا کہ ہم سورج کی ٹکیہ دیکھ لیتے آپ جلد نکلے نماز کی تکبیر کہی گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی اور آپ نے اپنی نماز میں تخفیف کی جب سلام پھیرا اپنی آواز سے پکارا اور فرمایا اپنی اپنی صفوں پر بیٹھے رہو جس طرح کہ تم بیٹھے ہوئے ہو پھر ہماری طرف پھرے اور آپ نے فرمایا آگاہ رہو میں تم کو بیان کرتا ہوں مجھ کو کس چیز نے آج صبح تم سے روکا ہے میں رات کو کھڑا ہوا پس میں نے وضو کیا اور نماز پڑھی جو میرے مقدر میں تھی۔ میں اپنی نماز میں اونگھا یہاں تک کہ میں بھاری ہوا ناگہاں میں نے اپنے پروردگار بابرکت اور بلند قدر کو نہایت اچھی صورت میں دیکھا پس کہا اے محمدؐ میں نے کہا حاضر ہوں اے میرے پروردگار فرمایا مقربین فرشتے کس چیز میں گفتگو کر رہے ہیں میں نے کہا میں نہیں جانتا اللہ تعالیٰ نے یہ کلمہ تین دفعہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا کہ اس نے اپنا ہاتھ میرے کندھوں کے درمیان رکھا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی انگلیوں کی سردی میں نے اپنی چھاتی میں محسوس کی میرے لئے ہر چیز ظاہر ہو گئی اور میں نے پہچان لیا پس فرمایا اے محمدؐ میں نے کہا کہ حاضر ہوں میں اے میرے رب فرمایا مقربین فرشتے کس چیز میں گفتگو کرتے ہیں میں نے کہا کفارات میں کہا اور وہ کیا ہیں میں نے کہا قدموں کے ساتھ جماعت کی طرف چلنا نماز

besturdubooks.wordpress.com

فِي الْمَسَاجِدِ بَعْدَ الصَّلَوَاتِ وَإِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ حِيْنَ الْكَرِيْهَاتِ قَالَ ثُمَّ فِيْمَ قُلْتُ فِي الدَّرَجَاتِ قَالَ وَمَا هُنَّ قُلْتُ إِطْعَامُ الطَّعَامِ وَلِيْنُ الْكَلَامِ وَالصَّلٰوةُ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ قَالَ سَلْ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَأَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَإِذَا أَرَدْتَّ فِتْنَةً فِيْ قَوْمٍ فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ وَّأَسْأَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُنِيْ إِلٰى حُبِّكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا حَقٌّ فَادْرُسُوْهَا ثُمَّ تَعَلَّمُوْهَا۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَّسَأَلْتُ مُحَمَّدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ۔

کے بعد مسجدوں میں بیٹھ رہنا اور پورا کرنا وضو کراہت کے وقت فرمایا پھر کس چیز میں میں نے کہا درجات میں فرمایا وہ کیا ہیں میں نے کہا کھانا کھلانا اور بات میں نرمی کرنا اور رات کو نماز پڑھنا جس وقت لوگ سوئے ہوئے ہوں فرمایا سوال کر میں نے کہا اے اللہ تجھ سے نیکیوں کے کرنے کا برائیوں کے چھوڑنے کا مسکینوں کی دوستی کا سوال کرتا ہوں اور یہ کہ تو مجھ کو بخشدے اور مجھ پر رحم فرما اور جس وقت تو کسی قوم کے ساتھ فتنہ کا ارادہ کرے مجھ کو مارے بغیر فتنے کے اور سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیری محبت کا اور اس شخص کی محبت کا جو تجھ سے محبت رکھتا ہے اور اس عمل کی محبت کا جو مجھ کو تیری محبت کے قریب کردے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ خواب حق ہے۔ اس کو یاد رکھو اور لوگوں کو سکھلاؤ۔

روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور میں نے محمد بن اسمٰعیل سے اس حدیث کے متعلق سوال کیا پس کہا یہ حدیث صحیح ہے۔

۶۹۳/۵۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ قَالَ فَإِذَا قَالَ ذٰلِكَ قَالَ الشَّيْطَانُ حُفِظَ مِنِّيْ سَائِرَ الْيَوْمِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں داخل ہوتے تو فرماتے پناہ پکڑتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو بڑا ہے اور اس کی بزرگ ذات کے ساتھ اور اس کی قدیم سلطنت کے ساتھ شیطان مردود سے فرمایا جس وقت کوئی یہ کہتا ہے شیطان کہتا ہے محفوظ رہا میرے شر سے تمام دن۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۶۹۴/۵۷ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ قَبْرِيْ وَثَنًا يُعْبَدُ اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى قَوْمٍ اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا۔)

عطاء بن یسار سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے اللہ! میری قبر کو بت نہ بنا کہ اس کی پوجا کی جائے۔ سخت ہوا غضب اللہ تعالیٰ کا اس قوم پر جس نے اپنے نبیوں کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا لیا۔

(روایت کیا ہے اس کو مالک نے مرسل)

۶۹۵/۵۸ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَحِبُّ الصَّلٰوةَ فِي الْحِيْطَانِ قَالَ بَعْضُ رُوَاتِهٖ يَعْنِي الْبَسَاتِيْنَ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْحَسَنِ بْنِ اَبِيْ جَعْفَرٍ قَدْ ضَعَّفَهٗ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَّغَيْرُهٗ۔

معاذؓ بن جبل سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باغوں میں نماز پڑھنا پسند فرماتے تھے۔ حدیث کے بعض راویوں نے کہا ہے کہ حیطان کے معنی باغ ہیں۔ روایت کیا ہے اس کو احمد اور ترمذی نے۔ اور ترمذی نے کہا۔ یہ حدیث غریب ہے ہم اس کو نہیں پہچانتے مگر حسن بن ابی جعفر کی حدیث سے یحییٰ بن سعید وغیرہ نے اس کو ضعیف کہا ہے۔

۶۹۶/۵۹ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الرَّجُلِ فِيْ بَيْتِهٖ بِصَلٰوةٍ وَصَلٰوتُهٗ فِيْ مَسْجِدِ الْقَبَائِلِ بِخَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ صَلٰوةً وَصَلٰوتُهٗ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِيْ يُجَمَّعُ فِيْهِ بِخَمْسِ مِائَةِ صَلٰوةٍ وَصَلٰوتُهٗ فِي الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى بِخَمْسِيْنَ اَلْفَ صَلٰوةٍ وَصَلٰوتُهٗ فِيْ مَسْجِدِيْ بِخَمْسِيْنَ اَلْفَ صَلٰوةٍ وَصَلٰوتُهٗ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ بِمِائَةِ اَلْفِ صَلٰوةٍ

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

انسؓ بن مالک سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آدمی کی نماز گھر میں ایک نماز ہے۔ اور محلہ کی مسجد میں پچیس نمازوں کے برابر ہے اور اس کی نماز اس مسجد میں جس میں جمعہ ہوتا ہے پانچ سو نماز کے برابر ہے۔ اور اس کی نماز مسجد اقصیٰ میں پچاس ہزار نمازوں کے برابر ہے۔ اور اس کی نماز میری مسجد میں پچاس ہزار نمازوں کے برابر ہے۔ اور اس کی نماز مسجد حرام میں ایک لاکھ نمازوں کے برابر ہے۔

(روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۶۹۷/۶۰ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ مَسْجِدٍ وُّضِعَ فِي الْاَرْضِ اَوَّلُ قَالَ الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ قَالَ قُلْتُ

ابوذرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ میں نے کہا۔ اے اللہ کے رسول! سب سے پہلے کون سی مسجد زمین میں بنائی گئی۔ آپ نے فرمایا۔ مسجد حرام۔ میں نے

besturdubooks.wordpress.com

ثُمَّ اَیٌّ قَالَ الْمَسْجِدُ الْاَقْصٰی قُلْتَ کَمْ بَیْنَهُمَا قَالَ اَرْبَعُوْنَ عَامًا ثُمَّ الْاَرْضُ لَكَ مَسْجِدٌ فَحَیْثُمَا اَدْرَكَتْكَ الصَّلٰوةُ فَصَلِّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

کہا پھر کون سی فرمایا مسجد اقصیٰ میں نے کہا ان دونوں کے درمیان کتنی مدت تھی، آپ نے فرمایا چالیس سال[1] پھر ساری زمین تیرے لئے مسجد ہے جہاں تجھ کو نماز پاوے نماز پڑھ لے۔ (متفق علیہ)

# بَابُ السَّتْرِ

## ستر ڈھانکنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۶۹۸/۱ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ فِیْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ مُشْتَمِلًا بِهٖ فِیْ بَیْتِ اُمِّ سَلَمَةَ وَاضِعًا طَرَفَیْهِ عَلٰی عَاتِقَیْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

عمرو بن ابی سلمہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ ایک کپڑے میں اشتمال کئے ہوئے نماز پڑھ رہے ہیں ام سلمہ رضہ کے گھر میں اس کی دونوں طرفیں اپنے کندھوں پر رکھی ہوئی ہیں۔ (متفق علیہ)

۶۹۹/۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یُصَلِّیَنَّ اَحَدُكُمْ فِی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ لَیْسَ عَلٰی عَاتِقَیْهِ مِنْهُ شَیْءٌ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص تم میں سے ایک کپڑے میں نماز نہ پڑھے جبکہ اس کے کندھوں پر اس سے کوئی چیز نہ ہو۔ (متفق علیہ)

۷۰۰/۳ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ صَلّٰی فِیْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ فَلْیُخَالِفْ بَیْنَ طَرَفَیْهِ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

اسی (ابوہریرہ رضہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے جو شخص ایک کپڑے میں نماز پڑھے اس کو چاہیئے کہ اس کی دونوں طرفوں میں مخالفت کرے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۷۰۱/۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ خَمِیْصَةٍ لَّهَا اَعْلَامٌ فَنَظَرَ اِلٰی اَعْلَامِهَا نَظْرَةً فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ اذْهَبُوْا بِخَمِیْصَتِیْ هٰذِهٖ اِلٰی اَبِیْ جَهْمٍ وَاْتُوْنِیْ بِاَنْبِجَانِیَّةِ اَبِیْ جَهْمٍ فَاِنَّهَا اَلْهَتْنِیْ اٰنِفًا عَنْ

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک چادر میں نماز پڑھی جس میں دھاریاں تھیں آپ نے اس کی دھاریوں کو دیکھا جب آپ نماز سے پھرے فرمایا میری اس چادر کو ابوجہم کے پاس لے جاؤ اور ابوجہم کی انبجانی (چادر) میرے پاس لے آؤ اس نے مجھ کو نماز سے مشغول کر دیا ہے

[1] اس سے مراد بیت اللہ اور بیت المقدس کی پہلی تعمیر ہے کہ پہلی تعمیر کے لحاظ سے دونوں میں چالیس سال کا فاصلہ ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

صَلٰوتِیْ۔ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ، وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّلْبُخَارِیِّ قَالَ کُنْتُ اَنْظُرُ اِلٰی عَلَمِہَا وَاَنَا فِی الصَّلٰوۃِ فَاَخَافُ اَنْ یَّفْتِنَنِیْ

متفق علیہ۔ بخاری شریف کی ایک روایت میں ہے میں نے اس کی دھاریاں دیکھی ہیں۔ میں نماز میں تھا۔ میں ڈرتا ہوں کہ مجھ کو فتنہ میں ڈالے۔

۷۰۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ قِرَامٌ لِّعَائِشَۃَ سَتَرَتْ بِہٖ جَانِبَ بَیْتِہَا فَقَالَ لَہَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمِیْطِیْ عَنَّا قِرَامَکِ ھٰذَا فَاِنَّہٗ لَا یَزَالُ تَصَاوِیْرُہٗ تَعْرِضُ لِیْ فِیْ صَلٰوتِیْ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا حضرت عائشہ رضؓ کا ایک پردہ تھا جس کے ساتھ اپنے گھر کی ایک جانب کو ڈھانکا ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے کہا۔ اپنا یہ پردہ مجھ سے ہٹا دے۔ اس کی تصویریں نماز میں میرے سامنے آتی رہی ہیں۔

(روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۷۰۳ وَعَنْ عُقْبَۃَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ اُھْدِیَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَرُّوْجُ حَرِیْرٍ فَلَبِسَہٗ ثُمَّ صَلّٰی فِیْہِ ثُمَّ انْصَرَفَ فَنَزَعَہٗ نَزْعًا شَدِیْدًا کَالْکَارِہِ لَہٗ ثُمَّ قَالَ لَا یَنْبَغِیْ ھٰذَا لِلْمُتَّقِیْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

عقبہ بن عامر رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ریشمی قبا تحفہ میں بھیجی گئی۔ آپ نے اُسے پہنا۔ پھر اس میں نماز پڑھی پھر نماز سے پھرے۔ تو اس کو مکروہ سمجھنے والے کی طرح سختی سے اُتارا۔ پھر آپ نے فرمایا۔ یہ پرہیزگاروں کے لئے لائق نہیں۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۷۰۴ عَنْ سَلَمَۃَ بْنِ الْاَکْوَعِ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ رَجُلٌ اَصِیْدُ اَفَاُصَلِّیْ فِی الْقَمِیْصِ الْوَاحِدِ قَالَ نَعَمْ وَاَزْرُرْہُ وَلَوْ بِشَوْکَۃٍ۔ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَی النَّسَائِیُّ نَحْوَہٗ۔

سلمہ بن اکوع سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ میں نے کہا اے اللہ کے رسول! میں شکار کھیلتا ہوں۔ کیا ایک ہی قمیص میں نماز پڑھ لوں۔ آپ نے فرمایا۔ ہاں گھنڈی لگا لے اگرچہ کانٹے کے ساتھ۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔ اور روایت کیا نسائی نے مانند اس کی۔

۷۰۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ بَیْنَمَا رَجُلٌ یُّصَلِّیْ مُسْبِلٌ اِزَارَہٗ قَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اذْھَبْ فَتَوَضَّاْ فَذَھَبَ وَتَوَضَّاَ ثُمَّ جَاءَ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ ایک آدمی ایک مرتبہ اپنی چادر لٹکائے ہوئے نماز پڑھ رہا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جا اور وضو کر وہ گیا اور وضو کر کے آیا۔ ایک آدمی نے کہا۔ اے اللہ

besturdubooks.wordpress.com

فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَالَكَ اَمَرْتَهٗ اَنْ يَّتَوَضَّاَ فَقَالَ اِنَّهٗ كَانَ يُصَلِّيْ وَ هُوَ مُسْبِلٌ اِزَارَهٗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبَلُ صَلٰوةَ رَجُلٍ مُسْبِلٍ اِزَارَهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

کے رسولؐ آپؐ نے اس کو وضو کرنے کا کیوں حکم دیا ہے آپ نے فرمایا وہ نماز پڑھ رہا تھا اور اس نے ازار لٹکائی ہوئی تھی اور اللہ تعالےٰ اُس شخص کی نماز قبول نہیں کرتا جو چادر لٹکائے ہوئے نماز پڑھے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۷۰۶/۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقْبَلُ صَلٰوةُ حَائِضٍ اِلَّا بِخِمَارٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بالغہ عورت کی نماز اوڑھنی کے بغیر نہیں ہوتی۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے ترمذی نے

۷۰۷/۱۰ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا سَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتُصَلِّي الْمَرْاَةُ فِيْ دِرْعٍ وَّخِمَارٍ لَّيْسَ عَلَيْهَا اِزَارٌ قَالَ اِذَا كَانَ الدِّرْعُ سَابِغًا يُّغَطِّيْ ظُهُوْرَ قَدَمَيْهَا۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَذَكَرَ جَمَاعَةٌ وَّقَفُوْهُ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ۔

ام سلمہ رضؓ سے روایت ہے اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ کیا عورت کُرتے اور اُوڑھنی میں نماز پڑھ لے جبکہ اس پر تہبند نہ ہو آپؐ نے فرمایا جب کُرتا پورا ہو اور اس کے قدموں کی پُشت کو ڈھانکے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔ اور ایک جماعت محدثین کی بیان کی جنہوں نے اسے اُمِّ سلمہ رضؓ پر موقوف کیا ہے۔

۷۰۸/۱۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ السَّدْلِ فِي الصَّلٰوةِ وَاَنْ يُّغَطِّيَ الرَّجُلُ فَاهُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں سدل سے منع کیا ہے اور اس بات سے بھی منع کیا ہے کہ آدمی اپنا منہ ڈھانکے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد اور ترمذی نے)

۷۰۹/۱۲ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِفُوا الْيَهُوْدَ فَاِنَّهُمْ لَا يُصَلُّوْنَ فِيْ نِعَالِهِمْ وَلَا خِفَافِهِمْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

شدادؓ بن اوس سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مخالفت کرو یہود کی تحقیق وہ اپنی جوتیوں اور موزوں میں نماز نہیں پڑھتے۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۷۱۰/۱۳ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com



بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ بِاَصْحَابِهٖ اِذْ خَلَعَ نَعْلَيْهِ فَوَضَعَهُمَا عَنْ يَّسَارِهٖ فَلَمَّا رَاٰى ذٰلِكَ الْقَوْمُ اَلْقَوْا نِعَالَهُمْ فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوتَهٗ قَالَ مَا حَمَلَكُمْ عَلٰى اِلْقَآءِ كُمْ نِعَالَكُمْ قَالُوْا رَاَيْنَاكَ اَلْقَيْتَ نَعْلَيْكَ فَاَلْقَيْنَا نِعَالَنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ جِبْرِيْلَ اَتَانِيْ فَاَخْبَرَنِيْ اَنَّ فِيْهِمَا قَذَرًا اِذَا جَآءَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَنْظُرْ فَاِنْ رَاٰى فِيْ نَعْلَيْهِ قَذَرًا فَلْيَمْسَحْهُ وَلْيُصَلِّ فِيْهِمَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو نماز پڑھا رہے تھے کہ آپ نے اپنی جوتیاں اُتار لیں اور اُن کو اپنی بائیں جانب رکھا جب یہ لوگوں نے دیکھا انہوں نے اپنی جوتیاں نکال ڈالیں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پوری کی آپ نے فرمایا کیا باعث ہوا کہ تم نے اپنی جوتیاں اُتار دیں انہوں نے کہا ہم نے آپ کو دیکھا کہ آپ نے اپنی جوتی اُتار دی ہے ہم نے اپنی جوتیاں اُتار لیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جبریل میرے پاس آیا اور اُس نے مجھ کو خبر دی اُن میں نجاست ہے جس وقت ایک تمہارا مسجد میں آئے پس چاہیئے کہ دیکھے اگر جوتیوں کو نجاست وغیرہ لگی ہوئی ہو تو اس کو پونچھ ڈالے پھر اُن میں نماز پڑھ لے۔ روایت کیا ہے اِس کو ابوداؤد نے اور دارمی نے۔

۷۱۱/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلَا يَضَعْ نَعْلَيْهِ عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَلَا عَنْ يَّسَارِهٖ فَتَكُوْنَ عَنْ يَّمِيْنِ غَيْرِهٖ اِلَّا اَنْ لَّا يَكُوْنَ عَلٰى يَسَارِهٖ اَحَدٌ وَّلْيَضَعْهُمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَوْ لِيُصَلِّ فِيْهِمَا (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ مَعْنَاهُ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا نماز پڑھے اپنی جوتیاں اپنی دائیں جانب اور بائیں جانب نہ رکھے وہ دوسرے شخص کی دائیں جانب ہوگی مگر یہ کہ اس کی بائیں جانب کوئی نہ ہو اس کو اپنے پاؤں کے درمیان رکھے۔

ایک روایت میں ہے یا اُن کے سمیت نماز پڑھ لے (روایت کیا ہے ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے معنی اس کا)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۷۱۲/۱۵ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر داخل ہوا میں نے دیکھا کہ آپ

besturdubooks.wordpress.com

سَلَّمَ فَرَاَيْتُهٗ يُصَلِّيْ عَلٰى حَصِيْرٍ يَّسْجُدُ عَلَيْهِ قَالَ وَرَاَيْتُهٗ يُصَلِّيْ فِيْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ مُّتَوَشِّحًا بِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۷۱۳/۱۶ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ حَافِيًا وَّمُنْتَعِلًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

۷۱۴/۱۷ وَعَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ صَلّٰى بِنَا جَابِرٌ فِيْ اِزَارٍ قَدْ عَقَدَهٗ مِنْ قِبَلِ قَفَاهُ وَثِيَابُهٗ مَوْضُوْعَةٌ عَلَى الْمِشْجَبِ فَقَالَ لَهٗ قَائِلٌ تُصَلِّيْ فِيْ اِزَارٍ وَّاحِدٍ فَقَالَ اِنَّمَا صَنَعْتُ ذٰلِكَ لِيَرَانِيْ اَحْمَقُ مِثْلُكَ وَاَيُّنَا كَانَ لَهٗ ثَوْبَانِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

۷۱۵/۱۸ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ الصَّلٰوةُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ سُنَّةٌ كُنَّا نَفْعَلُهٗ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يُعَابُ عَلَيْنَا فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ اِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ اِذَا كَانَ فِي الثِّيَابِ قِلَّةٌ فَاَمَّا اِذَا وَسَّعَ اللّٰهُ فَالصَّلٰوةُ فِي الثَّوْبَيْنِ اَزْكٰى۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ایک چٹائی پر نماز پڑھ رہے ہیں اس پر سجدہ کرتے ہیں اور کہا کہ میں نے دیکھا ایک کپڑے میں نماز پڑھ رہے ہیں جس کو بغل سے نکال کر لپیٹا ہوا ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

عمرو بن شعیب اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے روایت کیا انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ نماز پڑھتے ہیں کبھی ننگے پاؤں اور کبھی جوتا پہن کر (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

محمد بن منکدر سے روایت ہے کہا ہم کو جابرؓ نے ایک ہی ازار میں نماز پڑھائی جس کو باندھا تھا گدی کی جانب اور اس کے کپڑے سرہانہ (کھونٹی) پر رکھے ہوئے تھے کسی نے جابرؓ کو کہا ایک تہبند میں نماز پڑھتے ہو پس کہا سوائے اس کے نہیں میں نے کیا ہے یہ تاکہ تجھ جیسا احمق مجھ کو دیکھ لے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ہم میں سے کس کے پاس دو کپڑے تھے۔

(روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

اُبی بن کعبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نماز ایک کپڑے میں سنت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک کپڑے میں نماز پڑھ لیتے تھے اور ہم پر عیب نہ لگایا جاتا تھا ابن مسعودؓ نے کہا یہ اس لئے تھا کہ کپڑوں کی قلت تھی لیکن جس وقت اللہ تعالیٰ نے کشادگی کر دی نماز دو کپڑوں میں افضل ہے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

## بَابُ السُّتْرَةِ

## سترہ کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### فصل اوّل

besturdubooks.wordpress.com



۷۱۶/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْدُوْ إِلَى الْمُصَلّٰى وَالْعَنَزَةُ بَيْنَ يَدَيْهِ تُحْمَلُ وَتُنْصَبُ بِالْمُصَلّٰى بَيْنَ يَدَيْهِ فَيُصَلِّيْ إِلَيْهَا (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح صبح عید گاہ کی طرف جاتے برچھی ان کے آگے اٹھائی جاتی اور عید گاہ میں آپؐ کے آگے گاڑی جاتی آپ اس کی طرف نماز پڑھتے۔

(روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۷۱۷/۲ وَعَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ وَهُوَ بِالْأَبْطَحِ فِيْ قُبَّةٍ حَمْرَاءَ مِنْ أَدَمٍ وَّرَأَيْتُ بِلَالًا أَخَذَ وَضُوْءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَأَيْتُ النَّاسَ يَبْتَدِرُوْنَ ذٰلِكَ الْوَضُوْءَ فَمَنْ أَصَابَ مِنْهُ شَيْئًا تَمَسَّحَ بِهٖ وَمَنْ لَّمْ يُصِبْ مِنْهُ أَخَذَ مِنْ بَلَلِ يَدِ صَاحِبِهٖ ثُمَّ رَأَيْتُ بِلَالًا أَخَذَ عَنَزَةً فَرَكَزَهَا وَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حُلَّةٍ حَمْرَاءَ مُشَمِّرًا صَلّٰى إِلَى الْعَنَزَةِ بِالنَّاسِ رَكْعَتَيْنِ وَرَأَيْتُ النَّاسَ وَالدَّوَابَّ يَمُرُّوْنَ بَيْنَ يَدَيِ الْعَنَزَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابُوجحیفہؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ مکہ میں ابطح میں تھے چمڑے کے ایک سُرخ خیمہ میں اور میں نے حضرت بلالؓ کو دیکھا کہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو سے بچا ہوا پانی لیا اور میں نے لوگوں کو دیکھا جلدی لیتے تھے اس پانی کو جس کو مل جاتا اپنے بدن پر مل لیتا اور جس کو نہ ملتا اپنے ساتھی کے ہاتھ سے تری لے لیتا پھر میں نے حضرت بلالؓ کو دیکھا کہ برچھی پکڑی اور اس کو گاڑ دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سُرخ جوڑے میں نکلے دامن اُٹھائے ہوئے تھے برچھی کی طرف منہ کر کے لوگوں کو دو رکعتیں پڑھائیں اور میں نے لوگوں کو دیکھا اور چوپایوں کو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے گزرتے تھے برچھی کے پرے سے۔

(متفق علیہ)

۷۱۸/۳ وَعَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَرِّضُ رَاحِلَتَهٗ فَيُصَلِّيْ إِلَيْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ الْبُخَارِيُّ قُلْتُ أَفَرَأَيْتَ إِذَا هَبَّتِ الرِّكَابُ قَالَ كَانَ يَأْخُذُ الرَّحْلَ فَيُعَدِّلُهٗ فَيُصَلِّيْ إِلٰى أَخِرَتِهٖ

نافعؒ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری کا اُونٹ بٹھاتے اور اس کی طرف نماز پڑھتے۔ (متفق علیہ) بخاری نے زیادہ کیا میں نے ابن عمرؓ سے کہا کہ جب اُونٹ پانی پینے اور چرنے کو جاتے تو کیا کرتے۔ کہا۔ آپؐ کجاوہ کو درست کر کے رکھ لیتے اور اس کی پچھلی لکڑی کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ لیتے۔

besturdubooks.wordpress.com

۷۱۹/۴ وَعَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وَضَعَ أَحَدُكُمْ بَيْنَ يَدَيْهِ مِثْلَ مُؤَخِّرَةِ الرَّحْلِ فَلْيُصَلِّ وَلَا يُبَالِ مَنْ مَرَّ وَرَاءَ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

طلحہؓ بن عبداللہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا اپنے آگے سترہ کجاوے کی پچھلی لکڑی کی مانند رکھے پس نماز پڑھے پھر پرواہ نہ کرے جو اس کے پرے گزرے (روایت کیا ہے مسلم نے)

۷۲۰/۵ وَعَنْ أَبِي جُهَيْمٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ يَعْلَمُ الْمَارُّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي مَاذَا عَلَيْهِ لَكَانَ أَنْ يَقِفَ أَرْبَعِيْنَ خَيْرًا لَّهُ مِنْ أَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ قَالَ أَبُو النَّضْرِ لَا أَدْرِيْ قَالَ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا أَوْ شَهْرًا أَوْ سَنَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوجہیم رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر نمازی کے آگے سے گزرنے والے کو علم ہو کہ اس کو کس قدر گناہ ہے تو اس کے لئے چالیس سال تک ٹھہرے رہنا اس سے بہتر ہے کہ وہ گزرے ابونضر نے کہا میں نہیں جانتا کہ چالیس دن یا چالیس مہینے یا چالیس برس فرمایا۔ (متفق علیہ)

۷۲۱/۶ وَعَنْ أَبِي سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلّٰى أَحَدُكُمْ إِلٰى شَيْءٍ يَسْتُرُهُ مِنَ النَّاسِ فَأَرَادَ أَحَدٌ أَنْ يَجْتَازَ بَيْنَ يَدَيْهِ فَلْيَدْفَعْهُ فَإِنْ أَبٰى فَلْيُقَاتِلْهُ فَإِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ هٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَلِمُسْلِمٍ مَعْنَاهُ۔

ابوسعید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم میں سے کوئی نماز پڑھے کسی چیز کی طرف کہ اس کو لوگوں سے ڈھانکے اور کوئی شخص اس کے آگے سے گزرنے کا ارادہ کرے۔ پس چاہیے کہ باز رکھے اگر نہ مانے اس سے لڑائی کرے سوائے اس کے نہیں وہ شیطان ہے یہ لفظ بخاری کے ہیں اور مسلم کے لئے ہے اس کا معنے۔

۷۲۲/۷ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقْطَعُ الصَّلٰوةَ الْمَرْأَةُ وَالْحِمَارُ وَالْكَلْبُ وَيَقِيْ ذٰلِكَ مِثْلُ مُؤَخِّرَةِ الرَّحْلِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نماز کو عورت گدھا اور کتا توڑ دیتا ہے اور بچاتا ہے کجاوے کی پچھلی لکڑی کی مانند کسی چیز کا سامنے رکھنا۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۷۲۳/۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو نماز پڑھتے اور میں آپ کے

besturdubooks.wordpress.com

وَأَنَا مُعْتَرِضَةٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ كَاعْتِرَاضِ الْجَنَازَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور قبلہ کے درمیان عرض میں لیٹی ہوتی مانند عرض میں ہونے جنازے کے۔ (متفق علیہ)

۷۲۴/۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَقْبَلْتُ رَاكِبًا عَلَى أَتَانٍ وَأَنَا يَوْمَئِذٍ قَدْ نَاهَزْتُ الْاِحْتِلَامَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِالنَّاسِ بِمِنًى إِلَى غَيْرِ جِدَارٍ فَمَرَرْتُ بَيْنَ يَدَيْ بَعْضِ الصَّفِّ فَنَزَلْتُ وَأَرْسَلْتُ الْأَتَانَ تَرْتَعُ وَدَخَلْتُ فِي الصَّفِّ فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيَّ أَحَدٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں گدھی پر سوار ہو کر آیا اور میں ان دنوں بلوغت کے قریب تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو منیٰ میں نماز پڑھا رہے تھے بغیر دیوار کے میں بعض صف کے آگے سے گزرا اور اترا میں نے گدھی چھوڑ دی چرتی تھی اور میں صف میں داخل ہو گیا اس بات کا مجھ پر کسی نے انکار نہیں کیا۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۷۲۵/۱۰ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ فَلْيَجْعَلْ تِلْقَاءَ وَجْهِهِ شَيْئًا فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيَنْصِبْ عَصَاهُ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ عَصًا فَلْيَخُطَّ خَطًّا ثُمَّ لَا يَضُرُّهُ مَا مَرَّ أَمَامَهُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کوئی تم میں سے نماز پڑھے وہ اپنے چہرہ کے سامنے کوئی چیز رکھے پس اگر نہ پائے کوئی چیز کھڑا کرے اپنا عصا اگر اس کے پاس عصا بھی نہ ہو پس چاہیے کہ خط کھینچے پھر اس کو جو بھی آگے سے گزرے گا ضرر نہ دے گا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

۷۲۶/۱۱ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ إِلَى سُتْرَةٍ فَلْيَدْنُ مِنْهَا لَا يَقْطَعُ الشَّيْطَانُ عَلَيْهِ صَلٰوتَهُ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

سہل بن ابی حثمہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کوئی تم میں سے سترہ کی طرف نماز پڑھے اس کے نزدیک کھڑا ہو تاکہ شیطان اس کی نماز کو اس پر قطع نہ کرے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۷۲۷/۱۲ وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

مقداد رضؓ بن اسود سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی کسی لکڑی

besturdubooks.wordpress.com

سَلَّمَ يُصَلِّيْ اِلٰى عُوْدٍ وَّلَا اِلٰى عَمُوْدٍ وَّ لَا شَجَرَةٍ اِلَّا جَعَلَهٗ عَلٰى حَاجِبِهِ الْاَيْمَنِ اَوِ الْاَيْسَرِ وَلَا يَصْمُدُ لَهٗ صَمْدًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

پاستون یا درخت کی طرف نماز پڑھتے ہوئے کبھی نہیں دیکھا مگر وہ اُس کو اپنے دائیں یا بائیں بھوں کی طرف کرتے۔ اور اس کی سیدھ کا قصد نہ کرتے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۷۲۸/۱۳ وَعَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِيْ بَادِيَةٍ لَّنَا وَمَعَهٗ عَبَّاسٌ فَصَلّٰى فِي الصَّحْرَآءِ لَيْسَ بَيْنَ يَدَيْهِ سُتْرَةٌ وَّحِمَارَةٌ لَّنَا وَكَلْبَةٌ تَعْبَثَانِ بَيْنَ يَدَيْهِ فَمَا بَالٰى بِذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَلِلنَّسَآئِيِّ نَحْوَهٗ)

فضلؓ ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے ہم اپنے جنگل میں تھے آپ کے ساتھ عباسؓ تھے۔ آپؐ نے جنگل میں نماز پڑھی۔ آپ کے آگے سُترہ نہ تھا۔ اور ہماری گدھی اور کُتیا آپ کے آگے کھیلتی تھیں۔ آپ نے اس کی پرواہ نہیں کی۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا نسائی نے اس کی مانند۔

۷۲۹/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْطَعُ الصَّلٰوةَ شَيْءٌ وَّادْرَءُوْا مَا اسْتَطَعْتُمْ فَاِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوسعیدؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نماز کو کوئی چیز نہیں توڑتی۔ اور نمازی کے آگے گزرنے سے جس قدر ہو سکے دُور کرو۔ سوائے اس کے نہیں وہ شیطان ہے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۷۳۰/۱۵ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَنَامُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَايَ فِيْ قِبْلَتِهٖ فَاِذَا سَجَدَ غَمَزَنِيْ فَقَبَضْتُ رِجْلَيَّ وَاِذَا قَامَ بَسَطْتُهُمَا قَالَتْ وَالْبُيُوْتُ يَوْمَئِذٍ لَيْسَ فِيْهَا مَصَابِيْحُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے سوتی تھی میرے پاؤں آپ کے قبلہ کی طرف ہوتے جس وقت آپ سجدہ کرتے مجھ کو ٹھوکتے۔ میں اپنے پاؤں سمیٹ لیتی اور جس وقت آپ کھڑے ہوتے۔ میں پاؤں پھیلا دیتی۔ انہوں نے کہا۔ ان دنوں گھروں میں چراغ نہیں ہوتے تھے۔ (متفق علیہ)

۷۳۱/۱۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ يَعْلَمُ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر ایک تمہارا جان لے

besturdubooks.wordpress.com

اَحَدُكُمْ مَّالَهٗ فِيْ اَنْ يَّمُرَّ بَيْنَ يَدَيْ اَخِيْهِ مُعْتَرِضًا فِي الصَّلٰوةِ كَانَ لَاَنْ يُّقِيْمَ مِائَةَ عَامٍ خَيْرٌ لَّهٗ مِنَ الْخُطْوَةِ الَّتِيْ خَطَا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

کہ اپنے نمازی بھائی کے آگے سے گزرنے میں کس قدر گناہ ہے۔ نماز میں سامنے آئے۔ البتہ یہ کہ سو برس ٹھہرے اس کے لئے اس قدم سے بہتر ہے۔ جو اُس نے اٹھایا (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے۔)

۷۳۲/۱۷ وَعَنْ كَعْبِ الْاَحْبَارِ قَالَ لَوْ يَعْلَمُ الْمَارُّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّيْ مَاذَا عَلَيْهِ لَكَانَ اَنْ يُّخْسَفَ بِهٖ خَيْرًا لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَهْوَنَ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

کعبؒ احبار سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ اگر نمازی کے آگے سے گزرنے والا جان لے۔ اس پر کیا گناہ ہے۔ البتہ ہو کہ دھنسا دیا جائے۔ اس سے بہتر ہے کہ اس کے آگے سے گزرے۔ ایک روایت میں ہے اس پر آسان ہے (روایت کیا اس کو مالک نے)

۷۳۳/۱۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ اِلٰى غَيْرِ السُّتْرَةِ فَاِنَّهٗ يَقْطَعُ صَلٰوتَهُ الْحِمَارُ وَالْخِنْزِيْرُ وَالْيَهُوْدِيُّ وَالْمَجُوْسِيُّ وَالْمَرْاَةُ وَتُجْزِئُ عَنْهُ اِذَا مَرُّوْا بَيْنَ يَدَيْهِ عَلٰى قَدْفَةٍ بِحَجَرٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس وقت ایک تمہارا سترہ کے بغیر نماز پڑھے۔ اس کی نماز گدھا اور خنزیر اور یہودی اور مجوسی اور عورت کاٹ دیتی ہے۔ اور اس کو کفایت کرتا ہے کہ پتھر پھینکنے پر سے گزریں۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

# بَابُ صِفَةِ الصَّلٰوةِ

## نماز کی صفتوں اور ارکان کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۷۳۴/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ فَصَلّٰى ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ اِرْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد کی ایک طرف بیٹھے ہوئے تھے۔ اس نے نماز پڑھی۔ پھر آیا پس آپ کو سلام کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اور تجھ پر سلام ہے۔ واپس جا نماز پڑھ۔ تو نے نماز نہیں پڑھی۔ وہ واپس گیا۔ نماز پڑھی۔ پھر آیا اور سلام کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

besturdubooks.wordpress.com

لَمْ تُصَلِّ فَرَجَعَ فَصَلّٰى ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ فَقَالَ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَقَالَ فِي الثَّالِثَةِ أَوْ فِي الَّتِي بَعْدَهَا عَلِّمْنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلٰوةِ فَأَسْبِغِ الْوُضُوْءَ ثُمَّ اسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ فَكَبِّرْ ثُمَّ اقْرَأْ بِمَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ ثُمَّ ارْكَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَسْتَوِيَ قَائِمًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا وَفِي رِوَايَةٍ ثُمَّ ارْفَعْ حَتّٰى تَسْتَوِيَ قَائِمًا ثُمَّ افْعَلْ ذٰلِكَ فِي صَلٰوتِكَ كُلِّهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نے فرمایا۔ اور تجھ پر سلام ہے۔ واپس جا۔ نماز پڑھ تو نے نماز نہیں پڑھی۔ تیسری مرتبہ یا تیسری مرتبہ کے بعد اس نے کہا۔ مجھ کو سکھلائیں سلے اللہ تعالےٰ کے رسول! آپ نے فرمایا جس وقت تو نماز کی طرف کھڑا ہو پس پورا وضو کر۔ پھر قبلہ کے سامنے کھڑا ہو۔ پس اللہ اکبر کہہ۔ پھر پڑھ جو آسان ہو تیرے ساتھ قرآن شریف سے۔ پھر رکوع کر یہاں تک کہ ٹھہرے تو رکوع میں۔ پھر اپنا سر اُٹھا یہاں تک کہ سیدھا کھڑا ہو۔ پھر سجدہ کر یہاں تک کہ مطمئن ہو۔ تو سجدہ کرنے والا۔ پھر سر اُٹھا۔ یہاں تک کہ مطمئن ہو تو بیٹھنے والا پھر سجدہ کر یہاں تک کہ مطمئن ہو تو سجدہ کرنے والا پھر سر اُٹھا یہاں تک کہ مطمئن ہو تو بیٹھنے والا۔ ایک روایت میں ہے۔ پھر اپنا سر اُٹھا۔ یہاں تک کہ سیدھا کھڑا ہو۔ پھر اپنی ساری نمازوں میں اسی طرح کر۔ (متفق علیہ)

۷۳۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَفْتِحُ الصَّلٰوةَ بِالتَّكْبِيرِ وَالْقِرَاءَةَ بِالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَكَانَ إِذَا رَكَعَ لَمْ يُشْخِصْ رَأْسَهُ وَلَمْ يُصَوِّبْهُ وَلٰكِنْ بَيْنَ ذٰلِكَ وَكَانَ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ لَمْ يَسْجُدْ حَتّٰى يَسْتَوِيَ قَائِمًا وَكَانَ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السَّجْدَةِ لَمْ يَسْجُدْ حَتّٰى يَسْتَوِيَ جَالِسًا وَكَانَ يَقُولُ فِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ التَّحِيَّةَ وَكَانَ يَفْرِشُ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَيَنْصِبُ رِجْلَهُ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز تکبیر کے ساتھ اور قرأت الحمد للہ رب العالمین کے ساتھ شروع کرتے۔ اور جب رکوع کرتے۔ نہ اپنے سر کو بلند کرتے۔ اور نہ پست کرتے۔ لیکن اس کے درمیان رکھتے اور جس وقت اپنا سر رکوع سے اُٹھاتے سجدہ نہ کرتے۔ یہاں تک کہ سیدھے کھڑے ہوتے۔ اور جس وقت اپنا سر سجدہ سے اُٹھاتے (دوسرا) سجدہ نہ کرتے۔ یہاں تک کہ سیدھا بیٹھ جاتے اور ہر دو رکعت کے بعد التحیات پڑھتے۔ اور اپنا بایاں پاؤں بچھاتے اور دایاں پاؤں کھڑا رکھتے۔ اور شیطان کے عقبہ سے منع کرتے تھے۔ اور منع فرماتے تھے۔ کہ آدمی دونوں

besturdubooks.wordpress.com

الْيُمْنٰى وَكَانَ يَنْهٰى عَنْ عُقْبَةِ الشَّيْطَانِ وَيَنْهٰى اَنْ يَّفْتَرِشَ الرَّجُلُ ذِرَاعَيْهِ افْتِرَاشَ السَّبُعِ وَكَانَ يَخْتِمُ الصَّلٰوةَ بِالتَّسْلِيْمِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کی طرح اپنے دونوں ہاتھ بچھائے۔ اور ختم کرتے نماز کو۔ سلام کے ساتھ۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۷۳۶ وَعَنْ اَبِيْ حُمَيْدِ السَّاعِدِيِّ قَالَ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَحْفَظُكُمْ لِصَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُهٗ اِذَا كَبَّرَ جَعَلَ يَدَيْهِ حِذَاءَ مَنْكِبَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ اَمْكَنَ يَدَيْهِ مِنْ رُّكْبَتَيْهِ ثُمَّ هَصَرَ ظَهْرَهٗ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ اِسْتَوٰى حَتّٰى يَعُوْدَ كُلُّ فَقَارٍ مَّكَانَهٗ فَاِذَا سَجَدَ وَضَعَ يَدَيْهِ غَيْرَ مُفْتَرِشٍ وَّلَا قَابِضِهِمَا وَاسْتَقْبَلَ بِاَطْرَافِ اَصَابِعِ رِجْلَيْهِ الْقِبْلَةَ فَاِذَا جَلَسَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ جَلَسَ عَلٰى رِجْلِهِ الْيُسْرٰى وَنَصَبَ الْيُمْنٰى فَاِذَا جَلَسَ فِي الرَّكْعَةِ الْاٰخِرَةِ قَدَّمَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَنَصَبَ الْاُخْرٰى وَقَعَدَ عَلٰى مَقْعَدَتِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابو حمید ساعدی رضؓ سے روایت ہے۔ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کی ایک جماعت میں کہا۔ میں تم سب سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز یاد رکھتا ہوں۔ میں نے آپ کو دیکھا ہے جس وقت اللہ اکبر کہتے۔ دونوں ہاتھ اپنے کندھوں کے مقابل لے جاتے اور جب رکوع کرتے۔ اپنے ہاتھوں سے گھٹنوں کو پکڑتے۔ پھر اپنی پیٹھ جھکاتے۔ جس وقت سر اٹھاتے۔ تو سیدھے کھڑے ہوتے۔ یہاں تک کہ ہر جوڑ اپنی جگہ پر آ جاتا جس وقت سجدہ کرتے۔ اپنے دونوں ہاتھوں کو زمین پر رکھتے۔ نہ بچھاتے اور نہ سکیڑتے۔ اپنے پاؤں کی انگلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف کرتے۔ جب دو رکعت کے بعد بیٹھتے اپنے بائیں پاؤں پر بیٹھتے اور دائیں کو کھڑا کرتے۔ جس وقت آخری رکعت میں بیٹھتے بایاں پاؤں آگے نکالتے اور دوسرے کو کھڑا کرتے۔ اور اپنی کولی پر بیٹھ لیتے۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۷۳۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ وَاِذَا كَبَّرَ لِلرُّكُوْعِ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ رَفَعَهُمَا كَذٰلِكَ وَقَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَبَّنَا لَكَ

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے۔ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ہاتھ کندھوں کے درمیان تک اٹھاتے۔ جب نماز شروع کرتے۔ اور جس وقت رکوع کی تکبیر کہتے اور جس وقت اپنا سر رکوع سے اٹھاتے اس طرح اٹھاتے اور کہتے۔ سمع اللہ لمن حمدہ ربنا لک الحمد اور سجدوں میں اس طرح نہ کرتے

besturdubooks.wordpress.com

لَكَ الْحَمْدُ وَكَانَ لَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي السُّجُوْدِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

(متفق علیہ)

۷۳۸/۵ وَعَنْ نَّافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ اِذَا دَخَلَ فِي الصَّلٰوةِ كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ رَفَعَ يَدَيْهِ وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَفَعَ يَدَيْهِ وَاِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ رَفَعَ يَدَيْهِ وَرَفَعَ ذٰلِكَ ابْنُ عُمَرَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

نافع رضؓ سے روایت ہے بیشک ابن عمرؓ جس وقت نماز میں داخل ہوتے تکبیر کہتے اور اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے اور جس وقت رکوع کرتے اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے اور جس وقت کہتے سمع اللہ لمن حمدہ اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے اور جس وقت دونوں رکعتوں سے اٹھتے اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے اور ابن عمرؓ نے اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوع کیا (روایت کیا بخاری نے)

۷۳۹/۶ وَعَنْ مَّالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَبَّرَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا اُذُنَيْهِ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ فَقَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَفِيْ رِوَايَةٍ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا فُرُوْعَ اُذُنَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

مالکؓ بن حویرث سے روایت ہے انہوں نے کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت تکبیر کہتے اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے یہاں تک کہ ان کو اپنے کانوں کے برابر لے جاتے اور جس وقت رکوع سے اپنا سر اٹھاتے پس کہتے سمع اللہ لمن حمدہ اسی طرح کرتے ایک روایت میں ہے یہاں تک کہ کانوں کے اوپر کی جانب کے برابر ہو جاتے۔

(متفق علیہ)

۷۴۰/۷ وَعَنْهُ اَنَّهٗ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فَاِذَا كَانَ فِيْ وِتْرٍ مِّنْ صَلٰوتِهٖ لَمْ يَنْهَضْ حَتّٰى يَسْتَوِيَ قَاعِدًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اسی (مالکؓ) سے روایت ہے کہ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا نماز پڑھتے جس وقت اپنی نماز کی طاق رکعت میں ہوتے نہ کھڑے ہوتے یہاں تک کہ سیدھے بیٹھتے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۷۴۱/۸ وَعَنْ وَّائِلِ بْنِ حُجْرٍ اَنَّهٗ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ يَدَيْهِ حِيْنَ دَخَلَ فِي الصَّلٰوةِ كَبَّرَ ثُمَّ الْتَحَفَ بِثَوْبِهٖ ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ

وائل بن حجرؓ سے روایت ہے تحقیق اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے جب نماز میں داخل ہوتے تکبیر کہتے پھر اپنے ہاتھ کپڑے میں ڈھانک لیتے پھر اپنا دایاں ہاتھ بائیں پر رکھتے جب رکوع کرنے کا ارادہ کرتے کپڑے سے اپنے

besturdubooks.wordpress.com

يُرَكِّعَ أَخْرَجَ يَدَيْهِ مِنَ الثَّوْبِ ثُمَّ رَفَعَهُمَا وَكَبَّرَ فَرَكَعَ فَلَمَّا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَفَعَ يَدَيْهِ فَلَمَّا سَجَدَ سَجَدَ بَيْنَ كَفَّيْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ہاتھ نکالتے پھر اُن کو اٹھاتے پھر تکبیر کہتے پس رکوع کرتے جس وقت سمع اللہ لمن حمدہ کہتے پس اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے جب سجدہ کرتے دونوں ہاتھ اپنی ہتھیلیوں کے درمیان رکھتے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۷۴۲ / ۹ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ كَانَ النَّاسُ يُؤْمَرُونَ أَنْ يَضَعَ الرَّجُلُ الْيَدَ الْيُمْنٰى عَلٰى ذِرَاعِهِ الْيُسْرٰى فِي الصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سہل بن سعد سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ لوگوں کو حکم دیا جاتا کہ آدمی رکھے اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر نماز میں۔

(روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۷۴۳ / ۱۰ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلٰوةِ يُكَبِّرُ حِينَ يَقُومُ ثُمَّ يُكَبِّرُ حِينَ يَرْكَعُ ثُمَّ يَقُولُ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ حِينَ يَرْفَعُ صُلْبَهُ مِنَ الرَّكْعَةِ ثُمَّ يَقُولُ وَهُوَ قَائِمٌ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ ثُمَّ يُكَبِّرُ حِينَ يَهْوِي ثُمَّ يُكَبِّرُ حِينَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ ثُمَّ يُكَبِّرُ حِينَ يَسْجُدُ ثُمَّ يُكَبِّرُ حِينَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ ثُمَّ يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي الصَّلٰوةِ كُلِّهَا حَتّٰى يَقْضِيَهَا وَيُكَبِّرُ حِينَ يَقُومُ مِنَ الثِّنْتَيْنِ بَعْدَ الْجُلُوسِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کی طرف کھڑے ہوتے تکبیر کہتے پھر تکبیر کہتے جس وقت رکوع کرتے پھر کہتے سمع اللہ لمن حمدہ جب رکوع سے اپنی پیٹھ اٹھاتے پھر کہتے جبکہ کھڑے ہوتے ربنا لک الحمد پھر تکبیر کہتے جس وقت جھکتے پھر تکبیر کہتے جس وقت سر اُٹھاتے پھر تکبیر کہتے جس وقت سجدہ کرتے پھر تکبیر کہتے جس وقت اپنا سر اُٹھاتے پھر اس طرح اپنی ساری نمازمیں کرتے یہاں تک کہ پورا کرتے اور تکبیر کہتے جس وقت دو رکعتوں کے بعد بیٹھ کر کھڑے ہوتے۔

(متفق علیہ)

۷۴۴ / ۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الصَّلٰوةِ طُولُ الْقُنُوتِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نمازوں میں بہتر وُہ ہے جو لمبے قیام والی ہو۔

(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۷۴۵، عَنْ اَبِیْ حُمَیْدِ نِ السَّاعِدِیِّ قَالَ فِیْ عَشَرَۃٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَا اَعْلَمُکُمْ بِصَلٰوۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالُوْا فَاعْرِضْ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اِلَی الصَّلٰوۃِ رَفَعَ یَدَیْہِ حَتّٰی یُحَاذِیَ بِھِمَا مَنْکِبَیْہِ ثُمَّ یُکَبِّرُ ثُمَّ یَقْرَأُ ثُمَّ یُکَبِّرُ وَیَرْفَعُ یَدَیْہِ حَتّٰی یُحَاذِیَ بِھِمَا مَنْکِبَیْہِ ثُمَّ یَرْکَعُ وَیَضَعُ رَاحَتَیْہِ عَلٰی رُکْبَتَیْہِ ثُمَّ یَعْتَدِلُ فَلَا یُصَبِّیْ رَاْسَہٗ وَلَا یُقْنِعُ ثُمَّ یَرْفَعُ رَاْسَہٗ فَیَقُوْلُ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ ثُمَّ یَرْفَعُ یَدَیْہِ حَتّٰی یُحَاذِیَ بِھِمَا مَنْکِبَیْہِ مُعْتَدِلًا ثُمَّ یَقُوْلُ اللّٰہُ اَکْبَرُ ثُمَّ یَھْوِیْ اِلَی الْاَرْضِ سَاجِدًا فَیُجَافِیْ یَدَیْہِ عَنْ جَنْبَیْہِ وَیَفْتَحُ اَصَابِعَ رِجْلَیْہِ ثُمَّ یَرْفَعُ رَاْسَہٗ وَیَثْنِیْ رِجْلَہُ الْیُسْرٰی فَیَقْعُدُ عَلَیْھَا ثُمَّ یَعْتَدِلُ حَتّٰی یَرْجِعَ کُلُّ عَظْمٍ اِلٰی مَوْضِعِہٖ مُعْتَدِلًا ثُمَّ یَسْجُدُ ثُمَّ یَقُوْلُ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَیَرْفَعُ وَیَثْنِیْ رِجْلَہُ الْیُسْرٰی فَیَقْعُدُ عَلَیْھَا ثُمَّ یَعْتَدِلُ حَتّٰی یَرْجِعَ کُلُّ عَظْمٍ اِلٰی مَوْضِعِہٖ ثُمَّ یَنْھَضُ ثُمَّ یَصْنَعُ فِی الرَّکْعَۃِ الثَّانِیَۃِ مِثْلَ ذٰلِکَ ثُمَّ اِذَا قَامَ مِنَ الرَّکْعَتَیْنِ کَبَّرَ وَرَفَعَ یَدَیْہِ حَتّٰی

ابو حمید ساعدی رضؓ سے روایت ہے۔ اُس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دس صحابہ میں کہا۔ مَیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز تم سب سے زیادہ جانتا ہوں۔ انہوں نے کہا۔ پس بیان کر۔ کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت نماز کی طرف کھڑے ہوتے۔ اپنے دونوں ہاتھ اُٹھاتے۔ یہاں تک کہ ان کو کندھوں کے برابر کرتے۔ پھر تکبیر کہتے پھر پڑھتے۔ پھر تکبیر کہتے۔ اور دونوں ہاتھ کندھوں کے برابر تک اٹھاتے۔ پھر رکوع کرتے۔ اپنی ہتھیلیاں گھٹنوں پر رکھتے پھر کمر سیدھی کرتے نہ اپنے سر کو جھکاتے۔ اور نہ بلند کرتے۔ پھر اپنا سر اُٹھاتے۔ اور کہتے۔ سمع اللہ لمن حمدہ۔ پھر اپنے دونوں ہاتھ اُٹھاتے۔ یہاں تک کہ اُن دونوں کو کندھوں کے برابر کرتے۔ اس حال میں کہ سیدھے کھڑے ہوتے پھر آپ فرماتے۔ اللہ اکبر۔ پھر سجدہ کرنے کے لئے زمین کی طرف جھکتے۔ اپنے دونوں ہاتھ اپنے پہلوؤں سے دُور رکھتے اپنے پاؤں کی انگلیاں کھولتے۔ پھر اپنا سر اٹھاتے۔ اور اپنا بایاں پاؤں موڑتے۔ پس اُس پر بیٹھتے۔ پھر سیدھے ہوتے یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنی جگہ پر آجاتی۔ اس حال میں کہ برابر ہوتے۔ پھر سجدہ کرتے۔ پھر کہتے۔ اللہ اکبر۔ اور اُٹھتے اور اپنا بایاں پاؤں موڑتے۔ پس آپ اس پر بیٹھتے پھر اعتدال کرتے۔ یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنی جگہ پر آجاتی۔ پھر آپ کھڑے ہوتے۔ پھر دوسری رکعت میں اس طرح کرتے۔ پھر جس وقت دو رکعت پڑھ کر کھڑے ہوتے اللہ اکبر کہتے۔ اور دونوں ہاتھ کندھوں تک اُٹھاتے۔ جیسے کہ انہوں نے تکبیر کہی تھی۔ نماز کے شروع کرنے کے

besturdubooks.wordpress.com

يُحَاذِيْ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ كَمَا كَبَّرَ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلٰوةِ ثُمَّ يَصْنَعُ ذٰلِكَ فِيْ بَقِيَّةِ صَلٰوتِهٖ حَتّٰى اِذَا كَانَتِ السَّجْدَةُ الَّتِيْ فِيْهَا التَّسْلِيْمُ اَخَّرَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَقَعَدَ مُتَوَرِّكًا عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْسَرِ ثُمَّ سَلَّمَ قَالُوْا صَدَقْتَ هٰكَذَا كَانَ يُصَلِّيْ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ مَعْنَاهُ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِاَبِيْ دَاوٗدَ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ حُمَيْدٍ ثُمَّ رَكَعَ فَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ كَاَنَّهٗ قَابِضٌ عَلَيْهِمَا وَوَتَرَ يَدَيْهِ فَنَحَّاهُمَا عَنْ جَنْبَيْهِ وَقَالَ ثُمَّ سَجَدَ فَاَمْكَنَ اَنْفَهٗ وَجَبْهَتَهُ الْاَرْضَ وَنَحّٰى يَدَيْهِ عَنْ جَنْبَيْهِ وَوَضَعَ كَفَّيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ وَفَرَّجَ بَيْنَ فَخِذَيْهِ غَيْرَ حَامِلٍ بَطْنَهٗ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَخِذَيْهِ حَتّٰى فَرَغَ ثُمَّ جَلَسَ فَافْتَرَشَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَاَقْبَلَ بِصَدْرِ الْيُمْنٰى عَلٰى قِبْلَتِهٖ وَوَضَعَ كَفَّهُ الْيُمْنٰى عَلٰى رُكْبَتِهِ الْيُمْنٰى وَكَفَّهُ الْيُسْرٰى عَلٰى رُكْبَتِهِ الْيُسْرٰى وَاَشَارَ بِاُصْبُعِهٖ يَعْنِي السَّبَّابَةَ وَفِيْ اُخْرٰى لَهٗ وَاِذَا قَعَدَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ قَعَدَ عَلٰى بَطْنِ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى وَنَصَبَ الْيُمْنٰى وَاِذَا كَانَ فِي الرَّابِعَةِ اَفْضٰى بِوَرِكِهِ الْيُسْرٰى اِلٰى

وقت پھر اپنی باقی نماز میں اسی طرح کرتے یہاں تک کہ جب وہ سجدہ ہوتا جس کے پیچھے سلام ہے اپنا بایاں پاؤں نکالتے اور کولہ پر بیٹھتے بائیں جانب پر پھر سلام پھیرتے انہوں نے کہا تو نے سچ کہا اسیطرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا کرتے تھے۔

روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور دارمی نے اور روایت کیا ہے ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اس کا معنے۔ اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے ابوداود کی ایک روایت میں ہے ابوحمید کی روایت سے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا پھر اپنے ہاتھ اپنے گھٹنوں پر رکھے گویا کہ اُن کو پکڑنے والے ہیں اور اپنے دونوں ہاتھوں کو چلے کی مانند کیا پس دُور رکھا کہنیوں کو اپنے پہلوؤں سے اور راوی نے کہا پھر سجدہ کیا اپنی ناک اور پیشانی کو زمین پر ٹھہرایا اور علیحدہ کیا دونوں ہاتھوں کو پہلوؤں سے اور اپنے دونوں ہاتھ کندھوں کے برابر رکھے اور دونوں رانوں کے درمیان کشادگی کی اپنے پیٹ کو اپنی رانوں پر لگانے والے نہیں تھے یہاں تک کہ فارغ ہوئے پھر بیٹھے اپنا بایاں پاؤں بچھایا اور دائیں پاؤں کی پشت قبلہ کیطرف کی اور دایاں ہاتھ دائیں گھٹنے پر اور بایاں ہاتھ بائیں گھٹنے پر اور اپنی انگلی کے ساتھ اشارہ کیا یعنے سبابہ انگلی سے۔

ایک دوسری روایت میں ہے جب دو رکعتوں پر بیٹھتے اپنے بائیں پاؤں کے تلوے پر بیٹھتے اور دایاں کھڑا کرتے اور جس وقت چوتھی رکعت میں ہوتے بایاں کو لا زمین پر لگاتے اور دونوں قدم ایک طرف نکال دیتے۔

besturdubooks.wordpress.com

الْاَرْضِ وَاَخْرَجَ قَدَمَيْهِ مِنْ نَاحِيَةٍ قَاحِدٍ۔

۷۴۶/۱۳ وَعَنْ وَّائِلِ بْنِ حُجْرٍ اَنَّهٗ اَبْصَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى كَانَتَا بِحِيَالِ مَنْكِبَيْهِ وَحَاذٰى اِبْهَامَيْهِ اُذُنَيْهِ ثُمَّ كَبَّرَ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ يَرْفَعُ اِبْهَامَيْهِ اِلٰى شَحْمَةِ اُذُنَيْهِ۔

وائل رضی اللہ عنہ بن حجر سے روایت ہے تحقیق اُس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جس وقت نماز کی طرف کھڑے ہوتے دونوں ہاتھ اُٹھاتے یہاں تک کہ دونوں کندھوں کے برابر ہو جاتے اور اُٹھاتے اپنے انگوٹھے کانوں کے برابر پھر تکبیر کہتے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ایک روایت میں ہے انگوٹھے اٹھاتے اپنے کانوں کی لوؤں تک۔

۷۴۷/۱۴ وَعَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ هُلْبٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَؤُمُّنَا فَيَاْخُذُ شِمَالَهٗ بِيَمِيْنِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

قبیصہ رضی اللہ عنہ بن ہلب سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہماری امامت کراتے پس اپنا بایاں ہاتھ دائیں سے پکڑتے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے)

۷۴۸/۱۵ وَعَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ فَصَلّٰى فِي الْمَسْجِدِ ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعِدْ صَلٰوتَكَ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَقَالَ عَلِّمْنِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ اُصَلِّيْ قَالَ اِذَا تَوَجَّهْتَ اِلَى الْقِبْلَةِ فَكَبِّرْ ثُمَّ اقْرَاْ بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ وَمَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ تَقْرَاَ فَاِذَا رَكَعْتَ فَاجْعَلْ رَاحَتَيْكَ عَلٰى رُكْبَتَيْكَ وَمَكِّنْ رُكُوْعَكَ وَامْدُدْ ظَهْرَكَ فَاِذَا رَفَعْتَ فَاَقِمْ صُلْبَكَ وَارْفَعْ رَاْسَكَ حَتّٰى تَرْجِعَ الْعِظَامُ اِلٰى

رفاعہ بن رافع سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک آدمی آیا پس اس نے مسجد میں نماز پڑھی پھر آیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا اپنی نماز دھرا لے تو نے نماز نہیں پڑھی پس اُس نے کہا مجھ کو سکھلا دیں اے اللہ تعالیٰ کے رسول میں کس طرح نماز پڑھوں۔ آپ نے فرمایا جس وقت تو قبلے کی طرف منہ کرے پس اللہ اکبر کہہ پھر سورۂ فاتحہ پڑھ اور جو اللہ تعالیٰ چاہے کہ تو پڑھے اور جس وقت تو رکوع کرے اپنے ہاتھوں کو اپنے گھٹنوں پر رکھ اور ٹھہر اپنے رکوع میں اور پھیلا اپنی کمر کو تو جس وقت اپنا سر اُٹھائے سیدھی کر اپنی پیٹھ اور اُٹھا اپنے سر کو یہاں تک کہ ہڈیاں اپنے جوڑوں کو پھر آویں جس وقت تو سجدہ کرے ٹھہرا اپنے سجدہ کے

besturdubooks.wordpress.com

مَفَاصِلَهَا فَإِذَا سَجَدْتَ فَمَكِّنْ لِلسُّجُودِ فَإِذَا رَفَعْتَ فَاجْلِسْ عَلَى فَخِذِكَ الْيُسْرَى ثُمَّ اصْنَعْ ذٰلِكَ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ وَسَجْدَةٍ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ۔ هٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِيحِ وَرَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَمَعَ تَغْيِيرٍ يَسِيرٍ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ مَعْنَاهُ وَفِي رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ قَالَ إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلٰوةِ فَتَوَضَّأْ كَمَا أَمَرَكَ اللّٰهُ بِهٖ ثُمَّ تَشَهَّدْ فَأَقِمْ فَإِنْ كَانَ مَعَكَ قُرْآنٌ فَاقْرَأْ وَإِلَّا فَاحْمَدِ اللّٰهَ وَكَبِّرْهُ وَهَلِّلْهُ ثُمَّ ارْكَعْ۔

جس وقت تو اپنا سر اٹھائے بائیں ران پر بیٹھ پھر اس طرح اپنی ہر رکعت میں کر اور سجدہ میں کر یہاں تک کہ تو اطمینان کرے یہ لفظ مصابیح کے ہیں اور روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے تھوڑی تبدیلی کے ساتھ۔ اور روایت کیا ہے ترمذی اور نسائی نے معنی اس کا۔

ترمذی کی ایک روایت میں ہے آپؐ نے فرمایا جس وقت تو نماز کی طرف کھڑا ہو وضو کر جس طرح تجھ کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے پھر کلمہ شہادت پڑھ پس اچھی طرح نماز ادا کر اگر تیرے ساتھ قرآن ہو پس پڑھ اگر نہ ہو الحمدللہ کہہ اللہ اکبر کہہ لا الٰہ الا اللہ کہہ پھر رکوع کر۔

۷۴۹ وَعَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةُ مَثْنٰى مَثْنٰى تَشَهَّدُ فِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ وَتَخَشَّعُ وَتَضَرَّعُ وَتَمَسْكَنُ ثُمَّ تُقْنِعُ يَدَيْكَ يَقُوْلُ تَرْفَعُهُمَا إِلٰى رَبِّكَ مُسْتَقْبِلًا بِبُطُوْنِهِمَا وَجْهَكَ وَتَقُوْلُ يَا رَبِّ يَا رَبِّ وَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَهُوَ كَذَا وَكَذَا وَفِي رِوَايَةٍ فَهُوَ خِدَاجٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

فضلؓ بن عباس سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز دو دو رکعت ہے ہر دو رکعت کے بعد تشہد ہے اور خشوع ہے اور عاجزی ہے اور مسکنت ظاہر کرنا ہے پھر تو اپنے ہاتھ اٹھائے فضلؓ کہتا ہے کہ اپنے پروردگار کی طرف ان کو بلند کر دونوں ہتھیلیاں اپنے منہ کے سامنے کر اور کہہ اے میرے رب اے میرے رب اور جس شخص نے نہ کیا پس وہ شخص ایسا ایسا ہے ایک روایت میں ہے پس وہ ناقص ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۷۵۰ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُعَلّٰى قَالَ صَلّٰى لَنَا أَبُوْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيُّ فَجَهَرَ بِالتَّكْبِيْرِ حِيْنَ

سعید بن حارث بن معلّٰی سے روایت ہے انہوں نے کہا ابوسعید خدری رضؓ نے ہم کو نماز پڑھائی پس پکار کر تکبیر کہی جس وقت اپنا سر سجدے سے اٹھایا اور جب

besturdubooks.wordpress.com

رَفَعَ رَأْسَهٗ مِنَ السُّجُوْدِ وَحِيْنَ سَجَدَ وَحِيْنَ رَفَعَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ وَقَالَ هٰكَذَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سجدہ کیا اور جب دو رکعتوں سے اُٹھے اور کہا اس طرح میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۷۵۱/۱۸ وَعَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ شَيْخٍ بِمَكَّةَ فَكَبَّرَ ثِنْتَيْنِ وَعِشْرِيْنَ تَكْبِيْرَةً فَقُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ إِنَّهٗ أَحْمَقُ فَقَالَ ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ سُنَّةُ أَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے مکہ میں ایک بوڑھے شخص کے پیچھے نماز پڑھی اس نے بائیس تکبیرات کہیں میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کو کہا یہ احمق ہے کہا ابن عباس نے تیری ماں تجھ کو گم کردے یہ ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۷۵۲/۱۹ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ مُرْسَلًا قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ فِي الصَّلٰوةِ كُلَّمَا خَفَضَ وَرَفَعَ فَلَمْ يَزَلْ تِلْكَ صَلٰوتُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

علی بن حسین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے مرسل طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہتے جب جھکتے اور اُٹھتے پس ہمیشہ آپ کی یہ نماز رہی صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تک کہ ملاقات کی اللہ تعالیٰ سے۔ (روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

۷۵۳/۲۰ وَعَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قَالَ لَنَا ابْنُ مَسْعُوْدٍ أَلَا أُصَلِّيْ بِكُمْ صَلٰوةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى وَلَمْ يَرْفَعْ يَدَيْهِ إِلَّا مَرَّةً وَّاحِدَةً ثُمَّ لَمْ يُعِدْ إِلَّا مِنْ تَكْبِيْرَةِ الْإِفْتِتَاحِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ أَبُوْدَاوٗدَ لَيْسَ هُوَ بِصَحِيْحٍ عَلٰى هٰذَا الْمَعْنٰى۔

علقمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ ہم کو کہا میں تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جیسی نماز پڑھاؤں پس نماز پڑھائی نہ اُٹھائے ہاتھ مگر ایک مرتبہ ہی افتتاح کے ساتھ۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور کہا ابوداؤد نے اس معنی میں یہ صحیح نہیں ہے۔

۷۵۴/۲۱ وَعَنْ أَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت نماز کی طرف

besturdubooks.wordpress.com

إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلٰوةِ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَقَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ۔
(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

کھڑے ہوتے قبلہ کی طرف منہ کرتے اور دونوں ہاتھ اُٹھاتے اور کہتے اللہ اکبر۔
(روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۵۵۵/۲۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ وَفِي مُؤَخَّرِ الصُّفُوْفِ رَجُلٌ فَأَسَاءَ الصَّلٰوةَ فَلَمَّا سَلَّمَ نَادٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا فُلَانُ أَلَا تَتَّقِي اللّٰهَ أَلَا تَرٰى كَيْفَ تُصَلِّي إِنَّكُمْ تُرَوْنَ أَنَّهُ يَخْفٰى عَلَيَّ شَيْءٌ مِمَّا تَصْنَعُوْنَ وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرٰى مِنْ خَلْفِي كَمَا أَرٰى مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی ظہر کی اور صفوں کے پیچھے ایک آدمی تھا جس نے بُری طرح نماز پڑھی جس وقت اس نے سلام پھیرا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو آواز دی اے فلاں شخص تو اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتا تو دیکھتا نہیں کس طرح نماز پڑھتا ہے تمہارا خیال ہے کہ تم جو کچھ کرتے ہو مجھ پر پوشیدہ رہتا ہے اللہ تعالیٰ کی قسم میں اپنے پیچھے سے دیکھتا ہوں جس طرح اپنے آگے سے دیکھتا ہوں۔ (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

## بَابُ مَا يُقْرَأُ بَعْدَ التَّكْبِيْرِ

## جو چیز تکبیر تحریمہ کے بعد پڑھی جائے اس کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

### پہلی فصل

۵۵۶/۱ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْكُتُ بَيْنَ التَّكْبِيْرِ وَبَيْنَ الْقِرَاءَةِ إِسْكَاتَةً فَقُلْتُ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِسْكَاتُكَ بَيْنَ التَّكْبِيْرِ وَبَيْنَ الْقِرَاءَةِ مَا تَقُوْلُ قَالَ أَقُوْلُ اللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اللّٰهُمَّ نَقِّنِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان چُپ رہتے میں نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسول میرے ماں اور باپ آپ پر قربان ہوں تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان آپ کیا کہتے ہیں آپ نے فرمایا میں کہتا ہوں اے اللہ دُوری ڈال میرے اور میرے گناہوں کے درمیان جس طرح تو نے مشرق اور مغرب میں دُوری رکھی ہے اے اللہ پاک کر مجھ کو گناہوں سے جیسے پاک کیا جاتا ہے سفید کپڑا میل سے اے اللہ دُھو ڈال میرے

besturdubooks.wordpress.com

اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

گناہوں کو برف اور اولوں کے پانی کے ساتھ۔

(متفق علیہ)

۵۹۴ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلٰوةِ وَفِي رِوَايَةٍ كَانَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ كَبَّرَ ثُمَّ قَالَ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا وَّمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ إِنَّ صَلَاتِي وَ نُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَنْتَ رَبِّي وَأَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِي وَ اعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي ذُنُوْبِي جَمِيْعًا إِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ وَاهْدِنِي لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ لَا يَهْدِي لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّي سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّي سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهٗ فِي يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ إِلَيْكَ أَنَا بِكَ وَإِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ إِلَيْكَ وَإِذَا رَكَعَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَلَكَ أَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِي وَ بَصَرِي وَمُخِّي وَعَظْمِي وَعَصَبِي فَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهٗ قَالَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت نماز کی طرف کھڑے ہوتے ایک روایت میں ہے۔ نماز شروع کرتے وقت اللہ اکبر کہتے۔ پھر فرماتے۔ متوجہ کیا میں نے اپنا چہرہ اس ذات کے لئے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ ایک طرف کا ہو کر۔ اور نہیں ہوں میں شرک کرنے والوں سے۔ بیشک میری نماز اور میری عبادت میرا زندہ رہنا۔ اور میرا مرنا اللہ کے واسطے ہے۔ جو سب جہانوں کے پالنے والا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور اس بات کا مجھے حکم دیا گیا ہے۔ اور میں ہوں مسلمانوں سے اے اللہ تو بادشاہ ہے۔ نہیں کوئی معبود مگر تو تو میرا پروردگار ہے اور میں تیرا بندہ ہوں۔ میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا۔ اور اقرار کرتا ہوں اپنے گناہوں کا پس بخش دے میرے گناہوں کو سب کو تحقیق شان یہ ہے۔ نہیں کوئی بخشنا گناہ مگر تو ہی اور ہدایت دے مجھ کو بہترین اخلاق کی نہیں راہ دکھلاتا بہترین اخلاق کی مگر تو۔ اور پھیر دے مجھ سے برے اخلاق۔ نہیں پھیرتا مجھ سے برے اخلاق مگر تو۔ حاضر ہوں میں تیری خدمت میں اور حکم بجا لانے کو تیرا خیر تمام کی تمام تیرے ہاتھ میں ہے۔ اور برائی کی نسبت تیری طرف نہیں ہے۔ میں تیری قوت کیساتھ قائم ہوں۔ اور تیری طرف رغبت رکھتا ہوں۔ تو برکت والا ہے اور بلند۔ تجھ سے بخشش مانگتا ہوں۔ اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔ اور جس وقت رکوع کرتے۔ کہتے۔ اے اللہ تیرے لئے میں نے رکوع کیا۔ اور تیرے ساتھ ایمان لایا۔ اور تیرے واسطے میں مطیع ہوا عاجزی کی تیرے لئے میرے کان نے۔ آنکھ نے۔ گودے نے

مِلْأَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمِلْأَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ وَإِذَا سَجَدَ قَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ أَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ تَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ثُمَّ يَكُوْنُ مِنْ آخِرِ مَا يَقُوْلُ بَيْنَ التَّشَهُّدِ وَالتَّسْلِيْمِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا أَسْرَفْتُ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّفِيْ رِوَايَةٍ لِّلشَّافِعِيِّ وَالشَّرُّ لَيْسَ إِلَيْكَ وَالْمَهْدِيُّ مَنْ هَدَيْتَ أَنَا بِكَ وَإِلَيْكَ لَا مَنْجَا مِنْكَ وَلَا مَلْجَأَ إِلَّا إِلَيْكَ تَبَارَكْتَ۔

ہڈی نے اور میرے پٹھے نے اور جس وقت سر اٹھاتے تو کہتے اے اللہ رب ہمارے تیرے لئے حمد ہے آسمانوں بھر اور زمین بھر اور جو ان دونوں کے درمیان ہے اور بھرائی اس چیز کی جو تو چاہے کسی چیز سے پیدا کرنا بعد اس کے اور جس وقت سجدہ کرتے کہتے اے اللہ تیرے لئے میں نے سجدہ کیا اور تیرے ساتھ ایمان لایا اور تیرے لئے میں مطیع ہوا سجدہ کیا میرے منہ نے اس ذات کیلئے جس نے اسکو پیدا کیا اور صورت دی اور کھولے کان اور آنکھیں بہت بابرکت ہے اللہ تعالیٰ بہترین ہے پیدا کرنیوالوں کا پھر آخر میں کہتے تشہد اور سلام کے درمیان اے اللہ مجھ کو بخشدے جو میں نے آگے گناہ کیے اور جو میں نے پیچھے گناہ کئے اور جو پوشیدہ کئے اور جو ظاہر کئے اور جو زیادتی کی میں نے اور وہ گناہ کہ تو انکو زیادہ جانتا ہے مجھ سے تو ہے آگے کرنیوالا اور تو ہے پیچھے کرنیوالا (اپنے بندوں کو جسے چاہے) نہیں کوئی معبود مگر تو (روایت کیا مسلم نے) ایک روایت میں ہے شافعی کیلئے اور شر کی نسبت تیری طرف نہیں اور ہدایت یافتہ وہ ہے جسکو تو ہدایت دے میں قائم ہوں تیری قوت کیساتھ رجوع کرتا ہوں تیری طرف نہیں نجات تجھ سے اور نہیں پناہ گاہ مگر تیری طرف بابرکت ہے تو

۵۹۳ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا جَاءَ فَدَخَلَ الصَّفَّ وَقَدْ حَفَزَهُ النَّفَسُ فَقَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوتَهٗ قَالَ أَيُّكُمُ الْمُتَكَلِّمُ بِالْكَلِمَاتِ فَأَرَمَّ الْقَوْمُ فَقَالَ أَيُّكُمُ الْمُتَكَلِّمُ بِالْكَلِمَاتِ فَأَرَمَّ الْقَوْمُ فَقَالَ أَيُّكُمُ الْمُتَكَلِّمُ بِهَا فَإِنَّهٗ لَمْ يَقُلْ بَأْسًا فَقَالَ رَجُلٌ جِئْتُ وَقَدْ حَفَزَنِي النَّفَسُ فَقُلْتُهَا

انس رضہ سے روایت ہے ایک آدمی آیا پس داخل ہوا صف میں اس کا دم چڑھا ہوا تھا اُس نے کہا اللہ اکبر سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے تعریف بہت زیادہ بہت پاکیزہ برکت کی گئی اس میں جس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نماز پوری کی آپ نے فرمایا ان کلمات کے ساتھ کون کلام کرنے والا ہے لوگ خاموش رہے آپ نے فرمایا ان کلمات کے ساتھ کس نے کلام کی ہے لوگ پھر خاموش رہے آپ نے فرمایا ان کلمات کے ساتھ کس نے کلام کی ہے اس نے کوئی بُری بات نہیں کہی تو اس آدمی نے کہا میں آیا تھا اور مجھے سانس چڑھا ہوا تھا

besturdubooks.wordpress.com

فَقَالَ لَقَدْ رَأَيْتُ اثْنَيْ عَشَرَ مَلَكًا يَبْتَدِرُوْنَهَا أَيُّهُمْ يَرْفَعُهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

میں نے یہ کلمات کہے۔ آپؐ نے فرمایا۔ میں نے بارہ فرشتے دیکھے ہیں جلدی کرتے تھے۔ کہ ان کلمات کو کون اُٹھا کر لے جاوے۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۷۵۹ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ قَالَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَارِثَةَ وَقَدْ تُكُلِّمَ فِيْهِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهٖ۔

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تو کہتے پاک ہے تو اے اللہ ساتھ اپنی تعریف کے۔ اور بابرکت ہے نام تیرا۔ اور بلند ہے شان تیری۔ نہیں کوئی معبود سوا تیرے۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔ اور ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے ابوسعید سے اور ترمذی نے کہا۔ ہم یہ حدیث نہیں جانتے۔ مگر حارثہ کی روایت سے اور بسبب حفظ کے اس میں کلام کی گئی ہے۔

۷۶۰ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ أَنَّهٗ رَأٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ صَلٰوةً قَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا اللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا اللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَأَصِيْلًا ثَلٰثًا أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ مِنْ نَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ وَهَمْزِهٖ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ إِلَّا أَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرِ الْحَمْدَ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَذَكَرَ فِيْ آخِرِهٖ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَقَالَ عُمَرُ نَفْخُهُ الْكِبْرُ وَنَفْثُهُ الشِّعْرُ وَهَمْزُهُ الْمُوْتَةُ۔

جبیرؓ بن مطعم سے روایت ہے اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔ آپؐ فرماتے تھے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ بہت ہی بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے بہت ہی بڑا ہے۔ اللہ بہت بڑا ہے بہت ہی بڑا ہے اور تعریف ہے واسطے اللہ تعالیٰ کے بہت اور تعریف ہے واسطے اللہ تعالیٰ کے بہت۔ اور تعریف ہے واسطے اللہ تعالیٰ کے بہت۔ اور پاکی بیان کرتا ہوں۔ واسطے اللہ کے صبح اور شام تین بار فرمایا پناہ مانگتا ہوں اللہ کے ساتھ شیطان سے۔ اس کے تکبر سے اس کے شعروں سے اس کے وسوسہ سے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے۔ مگر انہوں نے نہیں ذکر کیا۔ والحمد للہ کثیرًا کا۔ اور ذکر کیا آخر میں من الشیطان الرجیم۔ اور کہا عمرؓ نے نفخ شیطان کا کبر ہے اور اس کا نفث اس کا شعر ہے۔ اور ہمز اس کا جنون ہے۔

besturdubooks.wordpress.com



۷۶۱/۶ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّهٗ حَفِظَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكْتَتَيْنِ سَكْتَةً اِذَا كَبَّرَ وَسَكْتَةً اِذَا فَرَغَ مِنْ قِرَآءَةِ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ فَصَدَّقَهٗ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ۔ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ نَحْوَهٗ۔

سمرہ بن جندب رضؓ سے روایت ہے تحقیق اس نے یاد رکھے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دو سکتے ایک چپ رہنا جس وقت آپ تکبیر تحریمہ کہتے اور ایک چپ رہنا جس وقت غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہنے سے فارغ ہوتے اُبی بن کعب رضؓ نے اس کی تصدیق کی روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے مانند اس کی۔

۷۶۲/۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَهَضَ مِنَ الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ اِسْتَفْتَحَ الْقِرَآءَةَ بِالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَلَمْ يَسْكُتْ۔ هٰكَذَا فِيْ صَحِيْحِ مُسْلِمٍ وَّذَكَرَهُ الْحُمَيْدِيُّ فِيْ اَفْرَادِهٖ وَكَذَا صَاحِبُ الْجَامِعِ عَنْ مُّسْلِمٍ وَّحْدَهٗ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت دوسری رکعت سے کھڑے ہوتے قرأت الحمد للہ رب العالمین سے شروع فرماتے اور چپ نہ رہتے۔

اسی طرح ہے صحیح مسلم میں اور ذکر کیا ہے حمیدی نے کتاب افراد میں اور اسی طرح جامع الاصول نے اکیلے مسلم سے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۷۶۳/۸ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ كَبَّرَ ثُمَّ قَالَ اِنَّ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ لِاَحْسَنِ الْاَعْمَالِ وَاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِيْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَقِنِيْ سَيِّئَ الْاَعْمَالِ وَسَيِّئَ الْاَخْلَاقِ لَا يَقِيْ سَيِّئَهَا اِلَّا

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت نماز شروع کرتے اللہ اکبر کہتے پھر کہتے بیشک میری نماز میری عبادت اور میری زندگی اور میری موت اللہ کے لئے ہے جو پالنے والا ہے سب جہانوں کا اس کا کوئی شریک نہیں اور مجھ کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں پہلا مسلمان ہوں اے اللہ مجھ کو بہترین اعمال کی ہدایت دے اور بہترین خلقوں کی بہترین اخلاق اور اعمال کی کوئی ہدایت نہیں دے سکتا مگر تو اور مجھ کو برے عملوں اور برے خلقوں سے بچا برے عملوں اور برے خلقوں

besturdubooks.wordpress.com

أَنْتَ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

۷۶۴/۹ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ يُصَلِّي تَطَوُّعًا قَالَ اَللّٰهُ أَكْبَرُ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ مِثْلَ حَدِيثِ جَابِرٍ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ ثُمَّ يَقْرَأُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

سے کوئی نہیں بچا سکتا۔ مگر تو (روایت کیا اسکو نسائی نے)

محمد بن مسلمہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت نفل پڑھنے کے لئے کھڑے ہوتے آپ فرماتے اللہ اکبر متوجہ کیا میں نے اپنا منہ اس ذات کے لئے جس نے پیدا کیا زمین اور آسمان کو اس حال کہ توحید کرنے والا ہوں اور نہیں ہوں میں مشرکوں سے اور ذکر کیا حدیث کو مثل حدیث جابرؓ کی حدیث کے مگر یہ کہا و انا من المسلمین پھر کہتے اے اللہ تو بادشاہ ہے نہیں کوئی معبود مگر تو پاک ہے تو اور تعریف ہے تیری پھر پڑھتے۔

(روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

# بَابُ الْقِرَاءَةِ فِي الصَّلٰوةِ

# نماز میں قرأت کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۷۶۵/۱ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِأُمِّ الْقُرْآنِ فَصَاعِدًا۔

عبادہؓ بن صامت سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو سورۂ فاتحہ نہ پڑھے۔ (متفق علیہ)

اور مسلم کی ایک روایت میں ہے اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو الحمد اور زیادہ نہ پڑھے۔

۷۶۶/۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى صَلٰوةً لَمْ يَقْرَأْ فِيهَا بِأُمِّ الْقُرْآنِ فَهِيَ خِدَاجٌ ثَلٰثًا غَيْرُ تَمَامٍ فَقِيلَ لِأَبِي هُرَيْرَةَ إِنَّا نَكُونُ وَرَاءَ الْإِمَامِ قَالَ اقْرَأْ بِهَا فِي نَفْسِكَ فَإِنِّي سَمِعْتُ

ابو ہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص نے نماز پڑھی اور الحمد شریف نہیں پڑھی اس کی نماز ناقص ہے تین دفعہ کہا کہ پوری نہیں ہوتی ابو ہریرہؓ کو کہا گیا۔ تحقیق ہم امام کے پیچھے ہوتے ہیں انہوں نے کہا اس کو اپنے دل میں آہستہ سے پڑھ لے اس لئے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

besturdubooks.wordpress.com

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى قَسَمْتُ الصَّلٰوةَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ نِصْفَيْنِ وَلِعَبْدِيْ مَا سَأَلَ فَإِذَا قَالَ الْعَبْدُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى حَمِدَنِيْ عَبْدِيْ وَإِذَا قَالَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى أَثْنٰى عَلَيَّ عَبْدِيْ وَإِذَا قَالَ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ قَالَ مَجَّدَنِيْ عَبْدِيْ وَإِذَا قَالَ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ قَالَ هٰذَا بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ وَلِعَبْدِيْ مَا سَأَلَ فَإِذَا قَالَ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ قَالَ هٰذَا لِعَبْدِيْ وَلِعَبْدِيْ مَا سَأَلَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سے سُنا ہے آپ فرماتے تھے کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے میں نے نماز اپنے اور اپنے بندے کے درمیان تقسیم کردی ہے آدھوں آدھ اور میرے بندے کے لئے ہے جو اس نے سوال کیا جس وقت بندہ الحمد للہ رب العالمین کہتا ہے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے میرے بندے نے میری تعریف کی۔ اور جس وقت کہتا ہے الرحمٰن الرحیم اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے نے میری ثناء کہی۔ جس وقت کہتا ہے مالک یوم الدین اللہ تعالےٰ فرماتا ہے میرے بندے نے میری تعظیم کی اور جس وقت کہتا ہے ایاک نعبد وایاک نستعین اللہ تعالےٰ فرماتا ہے یہ میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے اور میرے بندے کیلئے ہے جس کا اس نے سوال کیا۔ جس وقت کہتا ہے اھدنا الصراط المستقیم۔ صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین اللہ تعالےٰ فرماتا ہے یہ میرے بندے کے لئے ہے اور میرے بندے کیلئے ہے جو اس نے مانگا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۷۶۷ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ كَانُوْا يَفْتَتِحُوْنَ الصَّلٰوةَ بِالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انس رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ نماز کو الحمد للہ رب العالمین کے ساتھ شروع کرتے تھے۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۷۶۸ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَمَّنَ الْإِمَامُ فَأَمِّنُوْا فَإِنَّهُ مَنْ وَّافَقَ تَأْمِيْنُهُ تَأْمِيْنَ الْمَلٰٓئِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ إِذَا قَالَ الْإِمَامُ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت امام آمین کہے تم بھی آمین کہو تحقیق جو شخص کہ موافق ہو اس کی آمین فرشتوں کی آمین کے تو اس کے پہلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں (متفق علیہ) ایک روایت میں ہے جس وقت امام غیر المغضوب علیھم ولا الضالین

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ فَقُوْلُوْا اٰمِيْنَ فَاِنَّهٗ مَنْ وَّافَقَ قَوْلُهٗ قَوْلَ الْمَلٰٓئِكَةِ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِهٖ هٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَلِمُسْلِمٍ نَحْوَهٗ وَفِيْ اُخْرٰى لِلْبُخَارِيِّ قَالَ اِذَآ اَمَّنَ الْقَارِئُ فَاَمِّنُوْا فَاِنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ تُؤَمِّنُ فَمَنْ وَّافَقَ تَاْمِيْنُهٗ تَاْمِيْنَ الْمَلٰٓئِكَةِ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِهٖ۔

کہے۔ تو تم آمین کہو۔ جس شخص کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق ہوگئی۔ اس کے پہلے گناہ معاف کر دئے جائیں گے یہ لفظ بخاری کے ہیں۔ اور مسلم کے لئے مانند اس کی۔ بخاری کی ایک روایت میں ہے۔ قرآن پڑھنے والا جس وقت آمین کہتا ہے۔ تم بھی آمین کہو۔ کیونکہ فرشتے بھی آمین کہتے ہیں جس کی آمین فرشتوں کی آمین سے موافق ہوگئی۔ اس کے پہلے گناہ بخش دئے جائیں گے۔

۷۶۹/۵ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّيْتُمْ فَاَقِيْمُوْا صُفُوْفَكُمْ ثُمَّ لِيَؤُمَّكُمْ اَحَدُكُمْ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَالَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ فَقُوْلُوْٓا اٰمِيْنَ يُجِبْكُمُ اللّٰهُ فَاِذَا كَبَّرَ وَرَكَعَ فَكَبِّرُوْا وَارْكَعُوْا فَاِنَّ الْاِمَامَ يَرْكَعُ قَبْلَكُمْ وَيَرْفَعُ قَبْلَكُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتِلْكَ بِتِلْكَ قَالَ وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ يَسْمَعُ اللّٰهُ لَكُمْ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَقَتَادَةَ وَاِذَا قَرَاَ فَاَنْصِتُوْا۔

ابو موسیٰ اشعری رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس وقت تم نماز پڑھو تو اپنی صفوں کو سیدھا کرو۔ پھر تم میں سے ایک تمہاری امامت کرائے۔ جس وقت اللہ اکبر کہے۔ تم بھی اللہ اکبر کہو۔ اور جس وقت غیر المغضوب علیھم ولا الضالین کہے تم آمین کہو۔ اللہ تعالیٰ تمہاری دعا قبول فرمائے گا جس وقت اللہ اکبر کہے اور رکوع کرے تم بھی اللہ اکبر کہو۔ اور رکوع کرو۔ پس تحقیق امام تم سے پہلے رکوع کرتا ہے۔ اور تم سے پہلے اُٹھتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پس یہ اس کے بدلے ہے۔ آپ نے فرمایا جس وقت امام کہے۔ سمع اللہ لمن حمدہ۔ تم کہو۔ اے اللہ! رب ہمارے واسطے تیرے تعریف ہے۔ سنتا ہے اللہ تعالیٰ حمد تمہاری۔

روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔ ایک روایت میں اس کے لئے ہے۔ ابو ہریرہ رضؓ اور قتادہ رضؓ سے۔ اور جس وقت وہ پڑھے تو تم چپ رہو۔

۷۷۰/۶ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ فِي الْاُوْلَيَيْنِ بِاُمِّ الْكِتَابِ وَسُوْرَتَيْنِ

ابو قتادہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی پہلی دو رکعت میں سورۂ فاتحہ اور دو سورتیں پڑھتے۔ اور پچھلی دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ پڑھتے

besturdubooks.wordpress.com

وَفِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُخْرَيَيْنِ بِأُمِّ الْكِتَابِ وَيُسْمِعُنَا الْآيَةَ أَحْيَانًا وَيُطَوِّلُ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى مَا لَا يُطِيلُ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ وَهٰكَذَا فِي الْعَصْرِ وَهٰكَذَا فِي الصُّبْحِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کبھی ہم کو آیت سناتے۔ پہلی رکعت میں قرأت لمبی کرتے اسقدر کہ دوسری میں لمبی نہ کرتے اور اسی طرح عصر میں اور اسی طرح صبح میں کرتے۔
(متفق علیہ)

۷۷۱ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كُنَّا نَحْزُرُ قِيَامَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فَحَزَرْنَا قِيَامَهُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ قَدْرَ قِرَاءَةِ الٓمٓ تَنْزِيلُ السَّجْدَةِ وَفِي رِوَايَةٍ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ قَدْرَ ثَلٰثِينَ آيَةً وَحَزَرْنَا قِيَامَهُ فِي الْأُخْرَيَيْنِ قَدْرَ النِّصْفِ مِنْ ذٰلِكَ وَحَزَرْنَا فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلٰى قَدْرِ قِيَامِهِ فِي الْأُخْرَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ وَفِي الْأُخْرَيَيْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ ذٰلِكَ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قیام کا اندازہ لگاتے تھے۔ ظہر اور عصر میں۔ پس ہم نے ظہر کی پہلی دو رکعتوں میں اندازہ لگایا ہے۔ الٓمٓ تنزیل سجدہ پڑھنے کی مقدار ایک روایت میں ہے ہر رکعت میں تیس آیتوں کی مقدار اور پچھلی دو رکعتوں میں ہم نے اندازہ لگایا ہے۔ اس سے آدھا۔ اور عصر کی پہلی دو رکعتوں میں ہم نے آپؐ کے قیام کا اندازہ لگایا ہے۔ ظہر کی پچھلی دو رکعتوں کی مقدار اور عصر کی پچھلی دو رکعتوں میں اس سے آدھی مقدار۔
(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۷۷۲ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الظُّهْرِ بِاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى وَفِي رِوَايَةٍ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى وَفِي الْعَصْرِ نَحْوَ ذٰلِكَ وَفِي الصُّبْحِ أَطْوَلَ مِنْ ذٰلِكَ
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابرؓ بن سمرہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر میں واللیل اذا یغشٰی۔ ایک روایت میں ہے سبح اسم ربک الاعلیٰ پڑھتے اور عصر میں اس کی مانند اور صبح میں اس سے لمبی سورتیں۔
(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۷۷۳ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

جبیرؓ بن مطعم سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ آپ

besturdubooks.wordpress.com

سَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

مغرب میں سورۂ والطور پڑھ رہے تھے۔ (متفق علیہ)

۷۷۴/۱۰ وَعَنْ أُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُمِّ فضل بنت حارث سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ مغرب میں سورۂ والمرسلات عرفًا پڑھ رہے تھے۔ (متفق علیہ)

۷۷۵/۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَأْتِي فَيَؤُمُّ قَوْمَهُ فَصَلَّى لَيْلَةً مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِشَاءَ ثُمَّ أَتَى قَوْمَهُ فَأَمَّهُمْ فَافْتَتَحَ بِسُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فَانْحَرَفَ رَجُلٌ فَسَلَّمَ ثُمَّ صَلَّى وَحْدَهُ وَانْصَرَفَ فَقَالُوْا لَهُ أَنَافَقْتَ يَا فُلَانُ قَالَ لَا وَاللّٰهِ وَلَآتِيَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَأُخْبِرَنَّهُ فَأَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا أَصْحَابُ نَوَاضِحَ نَعْمَلُ بِالنَّهَارِ وَإِنَّ مُعَاذًا صَلَّى مَعَكَ الْعِشَاءَ ثُمَّ أَتَى قَوْمَهُ فَافْتَتَحَ بِسُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فَأَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مُعَاذٍ فَقَالَ يَا مُعَاذُ أَفَتَّانٌ أَنْتَ اقْرَأْ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى وَسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا معاذ بن جبلؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے پھر آتے اور اپنی قوم کے امام ہوتے ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھی پھر اپنی قوم میں آئے اُن کی امامت کی پس سورۂ بقرہ شروع کی ایک شخص پھرا اس نے سلام پھیرا اور اکیلا نماز پڑھ کر چلا گیا لوگوں نے اُسے کہا تو منافق ہوگیا ہے اے فلاں شخص اس نے کہا نہیں اللہ تعالےٰ کی قسم میں ضرور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤں گا اور آپ کو خبر دُوں گا پس وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا پس کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ ہم اونٹوں والے ہیں دن کو ہم محنت کرتے ہیں اور معاذؓ (ابن جبل) آپ کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھتا ہے پھر اپنی قوم کے پاس آتا ہے پس سورۂ بقرہ شروع کردی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم معاذؓ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کیا تو فتنے میں ڈالنے والا ہے اے معاذؓ پڑھ والشمس وضحٰھا اور والضحیٰ اور واللیل اذا یغشیٰ اور سبح اسم ربک الاعلیٰ (متفق علیہ)

۷۷۶/۱۲ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ

براءؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْعِشَاءِ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ وَمَا سَمِعْتُ اَحَدًا اَحْسَنَ صَوْتًا مِّنْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا عشاء کی نماز میں والتین والزیتون پڑھ رہے تھے اور آپ سے زیادہ خوش آواز میں نے کسی کو نہیں سنا۔ (متفق علیہ)

۷۷۷/۱۳ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْفَجْرِ بِقٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ وَنَحْوِهَا وَكَانَتْ صَلٰوتُهُ بَعْدُ تَخْفِيْفًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر رضؓ بن سمرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز میں سورۂ ق والقرآن المجید اور اس جیسی سورتیں پڑھتے تھے اور آپ کی نماز ہلکی ہوتی تھی۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۷۷۸/۱۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْفَجْرِ وَاللَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عمرو بن حریث سے روایت ہے اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا فجر کی نماز میں واللیل اذا عسعس پڑھتے تھے۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۷۷۹/۱۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ صَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ بِمَكَّةَ فَاسْتَفْتَحَ سُوْرَةَ الْمُؤْمِنِيْنَ حَتّٰى جَاءَ ذِكْرُ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ اَوْ ذِكْرُ عِيْسٰى اَخَذَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَعْلَةٌ فَرَكَعَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبداللہ رضؓ بن سائب سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو صبح کی نماز (مکہ) میں پڑھائی آپ نے سورۂ مومنون شروع کی یہاں تک کہ حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ کا ذکر۔ یا حضرت عیسیٰؑ کا ذکر درپیش آیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کھانسی آنا شروع ہوگئی پس آپ نے رکوع کر دیا۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۷۸۰/۱۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِالٓمّٓ تَنْزِيْلُ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى وَفِي الثَّانِيَةِ هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز میں جمعہ کے دن الم تنزیل السجدہ پہلی رکعت میں اور ھل اتی علی الانسان حین من الدھر دوسری رکعت میں پڑھتے تھے (متفق علیہ)

۷۸۱/۱۷ وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ اسْتَخْلَفَ مَرْوَانُ اَبَا هُرَيْرَةَ عَلَى الْمَدِيْنَةِ

عبیداللہ بن ابی رافع رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا مروان نے مدینہ پر ابوہریرہ رضؓ کو خلیفہ مقرر کیا اور مکہ مکرمہ

وَخَرَجَ إِلَى مَكَّةَ فَصَلَّى لَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ الْجُمُعَةَ فَقَرَأَ سُورَةَ الْجُمُعَةِ فِي السَّجْدَةِ الْأُولَى وَفِي الْآخِرَةِ إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ بِهِمَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کی طرف نکلا ابوہریرہ رضؓ نے ہم کو جمعہ کی نماز پڑھائی پہلی رکعت میں سورۃ الجمعہ اور دوسری رکعت میں سے اذا جاءک المنفقون پڑھی اور کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا ہے ان دونوں سورتوں کو جمعہ کے دن پڑھتے تھے۔

(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۷۸۲/۱۸ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْعِيدَيْنِ وَفِي الْجُمُعَةِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى وَهَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ قَالَ وَإِذَا اجْتَمَعَ الْعِيدُ وَالْجُمُعَةُ فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ قَرَأَ بِهِمَا فِي الصَّلَاتَيْنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

نعمان بن بشیر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں عیدوں اور جمعہ کی نمازمیں سبح اسم ربک الاعلیٰ اور ھل اتاک حدیث الغاشیہ پڑھتے اور کہا کہ جب عید اور جمعہ اکٹھے ہو جاتے ایک ہی دن دونوں سورتوں کو دونوں نمازوں میں پڑھتے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۷۸۳/۱۹ وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سَأَلَ أَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ مَا كَانَ يَقْرَأُ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأَضْحَى وَالْفِطْرِ فَقَالَ كَانَ يَقْرَأُ فِيهِمَا بِقٓ وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ وَاقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبید اللہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضؓ نے ابو واقد لیثی سے پوچھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید قربان اور عید الفطر میں کیا پڑھتے تھے اس نے کہا کہ ان دونوں میں قٓ والقرآن المجید اور اقتربت الساعۃ وانشق القمر پڑھتے۔

(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۷۸۴/۲۰ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ فِي رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی سنت کی دو رکعتوں میں قل یا ایھا الکفرون اور قل ھو اللہ احد پڑھتے

(روایت کیا اس کو مسلم نے)

۷۸۵/۲۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ قُولُوا آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی سنت کی دو رکعتوں میں قولوا آمنا باللہ وما انزل الینا اور وہ آیت جو

besturdubooks.wordpress.com

أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَالَّتِي فِي آلِ عِمْرَانَ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سورہ آل عمران میں ہے قل یا اھل الکتاب تعالوا الی کلمۃ سواء بیننا وبینکم پڑھتے تھے۔

(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۷۸۶/۲۲ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْتَتِحُ صَلٰوتَهٗ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَّيْسَ إِسْنَادُهٗ بِذٰلِكَ۔

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نماز بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع کرتے تھے روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث اس کی سند ایسی قوی نہیں ہے۔

۷۸۷/۲۳ وَعَنْ وَّائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ۔ فَقَالَ آمِيْنَ مَدَّ بِهَا صَوْتَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

وائلؓ بن حجر سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھا پس آمین کہی دراز کی اس کے ساتھ اپنی آواز (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور دارمی نے اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۷۸۸/۲۴ وَعَنْ أَبِيْ زُهَيْرٍ النُّمَيْرِيِّ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَأَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ قَدْ أَلَحَّ فِي الْمَسْأَلَةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْجَبَ إِنْ خَتَمَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ بِأَيِّ شَيْءٍ يَخْتِمُ قَالَ بِآمِيْنَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

ابوزہیرؓ نمیری سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے ہم ایک شخص کے پاس آئے وہ سوال میں مبالغہ کرتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واجب کیا اگر ختم کیا ایک آدمی نے کہا کس چیز کے ساتھ ختم کرے آپ نے فرمایا آمین کے ساتھ۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۷۸۹/۲۵ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الْمَغْرِبَ بِسُوْرَةِ الْأَعْرَافِ فَرَّقَهَا فِي الرَّكْعَتَيْنِ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب کی نماز میں سورۂ اعراف پڑھی اسے دو رکعتوں میں متفرق پڑھا

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

(روایت کیا اس کو نسائی نے)

۷۹۰/۲۶ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ كُنْتُ أَقُوْدُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَتَهُ فِي السَّفَرِ فَقَالَ لِيْ يَا عُقْبَةُ أَلَا أُعَلِّمُكَ خَيْرَ سُوْرَتَيْنِ قُرِئَتَا فَعَلَّمَنِيْ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ قَالَ فَلَمْ يَرَنِيْ سُرِرْتُ بِهِمَا جِدًّا فَلَمَّا نَزَلَ لِصَلٰوةِ الصُّبْحِ صَلّٰى بِهِمَا صَلٰوةَ الصُّبْحِ لِلنَّاسِ فَلَمَّا فَرَغَ الْتَفَتَ إِلَيَّ فَقَالَ يَا عُقْبَةُ كَيْفَ رَأَيْتَ

عقبہ بن عامر سے روایت ہے کہا میں سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کھینچ رہا تھا آپ نے مجھ کو فرمایا اے عقبہ رضؓ! میں تجھ کو بہتر دو سورتیں نہ سکھلاؤں جو پڑھی گئی ہیں آپ نے مجھ کو قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس سکھلائیں عقبہ رضؓ نے کہا آپ نے دیکھا کہ میں کوئی زیادہ خوش نہیں ہوا جب صبح کی نماز کے لئے اترے لوگوں کو ان دونوں سورتوں کے ساتھ نماز پڑھائی جب فارغ ہوئے میری طرف جھانکا اور آپ نے فرمایا اے عقبہ رضؓ تو نے کیا دیکھا (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے)

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

۷۹۱/۲۷ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِيْ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ۔

جابر بن سمرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کی رات مغرب کی نماز میں قل یا ایھا الکفرون اور قل ھو اللہ احد پڑھتے تھے (روایت کیا ہے اس کو شرح السنۃ میں اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے حضرت ابن عمر رضؓ سے مگر اس نے شب جمعہ کا ذکر نہیں کیا

+ +

۷۹۲/۲۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ مَا أُحْصِيْ مَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَفِي الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ بِقُلْ يَا أَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ

عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں شمار نہیں کر سکتا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ مغرب کے بعد دو رکعتوں میں اور فجر کی نماز سے پہلے دو رکعتوں میں قل یا ایھا الکفرون اور قل ھو اللہ احد پڑھتے۔

روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے ابوہریرہ رضؓ سے مگر اس نے

besturdubooks.wordpress.com

إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ بَعْدَ الْمَغْرِبِ۔

مغرب کے بعد کا ذکر نہیں کیا۔

۷۹۳/۲۹ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ أَحَدٍ أَشْبَهَ صَلٰوةً بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فُلَانٍ قَالَ سُلَيْمَانُ صَلَّيْتُ خَلْفَهُ فَكَانَ يُطِيلُ الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ وَيُخَفِّفُ الْأُخْرَيَيْنِ وَيُخَفِّفُ الْعَصْرَ وَيَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِقِصَارِ الْمُفَصَّلِ وَيَقْرَأُ فِي الْعِشَاءِ بِوَسَطِ الْمُفَصَّلِ وَيَقْرَأُ فِي الصُّبْحِ بِطِوَالِ الْمُفَصَّلِ۔ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ إِلٰى وَيُخَفِّفُ الْعَصْرَ۔

سلیمان بن یسار سے روایت ہے وہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا میں نے کسی شخص کے پیچھے نماز نہیں پڑھی جو زیادہ مشابہ ہو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے فلاں شخص سے سلیمان نے کہا میں نے اس کے پیچھے نماز پڑھی وہ ظہر کی پہلی دو رکعتوں کو لمبا کرتا اور دو پچھلی ہلکی کرتا عصر کو ہلکا کرتا اور مغرب میں قصار مفصل پڑھتا اور عشاء میں اوساط مفصل پڑھتا اور صبح میں طوال مفصل (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے یخفف العصر تک۔

+ + +
+ + +

۷۹۴/۳۰ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ كُنَّا خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلٰوةِ الْفَجْرِ فَقَرَأَ فَثَقُلَتْ عَلَيْهِ الْقِرَاءَةُ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ لَعَلَّكُمْ تَقْرَءُونَ خَلْفَ إِمَامِكُمْ قُلْنَا نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ لَا تَفْعَلُوا إِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَإِنَّهُ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِهَا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَلِلنَّسَائِيِّ مَعْنَاهُ وَفِي رِوَايَةٍ لِأَبِي دَاوُدَ قَالَ وَأَنَا أَقُولُ مَا لِي يُنَازِعُنِي الْقُرْآنُ فَلَا تَقْرَءُوا بِشَيْءٍ مِنَ الْقُرْآنِ إِذَا جَهَرْتُ إِلَّا بِأُمِّ الْقُرْآنِ۔

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا صبح کی نماز میں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے تھے آپ نے قرآن شریف پڑھا پڑھنا آپ پر بھاری ہو گیا جب فارغ ہوئے آپ نے فرمایا۔ شاید کہ تم امام کے پیچھے پڑھتے ہو ہم نے کہا ہاں اے اللہ کے رسول آپ نے فرمایا ایسا نہ کرو مگر سورۂ فاتحہ پس تحقیق یہ ہے کہ اس شخص کی نماز نہیں ہوتی جو اس کو نہیں پڑھتا روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور نسائی کے لئے ہے اس کا معنے ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے فرمایا میں کہتا تھا کیا ہے کہ قرآن شریف میرے ساتھ نزاع کرتا ہے جب ظاہر قرأت کروں تو سورہ فاتحہ کے بغیر کچھ نہ پڑھو۔

+ + +

۷۹۵/۳۱ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصَرَفَ مِنْ صَلٰوةٍ جَهَرَ فِيهَا بِالْقِرَآءَةِ فَقَالَ هَلْ قَرَأَ مَعِيَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ اٰنِفًا فَقَالَ رَجُلٌ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنِّيْ اَقُوْلُ مَالِيْ اُنَازَعُ الْقُرْاٰنَ قَالَ فَانْتَهَى النَّاسُ عَنِ الْقِرَآءَةِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا جَهَرَ فِيْهِ بِالْقِرَآءَةِ مِنَ الصَّلَوَاتِ حِيْنَ سَمِعُوْا ذٰلِكَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّاَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهٗ)

صلی اللہ علیہ وسلم ایک نماز سے پھرے جس میں قرأت جہر سے ہوئی ہے آپ نے فرمایا کیا تم میں سے کسی نے میرے ساتھ پڑھا ہے ایک آدمی نے کہا ہاں اے اللہ تعالے کے رسول آپ نے فرمایا میں کہتا ہوں کیا ہے کہ قرآن مجھ سے جھینا جھپٹی کرتا ہے انہوں نے کہا کہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قرآن شریف پڑھنے سے رک گئے ان نمازوں میں جنمیں قرأت جہر کی جاتی ہے جب انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا۔

روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور نسائی نے اور روایت کیا ہے ابن ماجہ نے معنی اس کا۔

۷۹۶/۳۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَالْبَيَاضِيِّ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُصَلِّيَ يُنَاجِيْ رَبَّهٗ فَلْيَنْظُرْ مَا يُنَاجِيْ بِهٖ وَلَا يَجْهَرْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ بِالْقُرْاٰنِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابن عمر رضؓ اور بیاضی رضؓ سے روایت ہے ان دونوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز پڑھنے والا اپنے رب سے سرگوشی کرتا ہے پس چاہیئے کہ فکر کرے کہ وہ کس چیز کے ساتھ سرگوشی کرتا ہے اور بعض تمہارا بعض کے ساتھ آواز بلند نہ کرے (روایت کیا اس کو احمد نے)

۷۹۷/۳۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَاَ فَاَنْصِتُوْا (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوائے اس کے نہیں امام بنایا گیا ہے کہ اس کی پیروی کی جائے جس وقت وہ اللہ اکبر کہے تم بھی اللہ اکبر کہو اور جس وقت وہ پڑھے تو تم چپ رہو۔

روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے۔

۷۹۸/۳۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ لَا اَسْتَطِيْعُ اَنْ اٰخُذَ

عبداللہ بن ابی اوفیٰ سے روایت کیا انہوں نے کہا ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور کہنے لگا میں قرآن سیکھنے کی طاقت نہیں رکھتا مجھ

besturdubooks.wordpress.com

مِنَ الْقُرْاٰنِ شَيْئًا فَعَلِّمْنِيْ مَا يُجْزِئُنِيْ قَالَ قُلْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا لِلّٰهِ فَمَا ذَا لِيْ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ فَقَالَ هٰكَذَا بِيَدَيْهِ وَقَبَضَهُمَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ مَلَأَ يَدَيْهِ مِنَ الْخَيْرِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَانْتَهَتْ رِوَايَةُ النَّسَائِيِّ عِنْدَ قَوْلِهٖ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

کو ایسی چیز سکھلاؤ جو مجھے کفایت کرے آپ نے فرمایا کہہ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔ اس نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسول! یہ تو اللہ تعالیٰ کے واسطے ہے میرے لئے کیا ہے آپ نے فرمایا کہہ اے اللہ مجھ پر رحم کر اور مجھ کو ہدایت دے اور عافیت دے اور مجھ کو روزی دے اس نے اپنے ہاتھوں سے اس طرح اشارہ کیا۔ اور ان دونوں کو بند کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے اپنے دونوں ہاتھ خیر سے بھر لئے ہیں۔

روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے نسائی کی روایت میں الا باللہ تک ہے۔

۷۹۹/۳۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَرَاَ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى قَالَ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے۔ بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت سبح اسم ربک الاعلیٰ پڑھتے۔ تو آپ فرماتے سبحان ربی الاعلیٰ۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۸۰۰/۳۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَاَ مِنْكُمْ بِالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ فَانْتَهٰى اِلٰى اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ فَلْيَقُلْ بَلٰى وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكَ مِنَ الشَّاهِدِيْنَ وَمَنْ قَرَاَ لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَانْتَهٰى اِلٰى اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰى اَنْ يُّحْيِيَ الْمَوْتٰى فَلْيَقُلْ بَلٰى وَمَنْ قَرَاَ وَالْمُرْسَلٰتِ فَبَلَغَ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ فَلْيَقُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تم میں سے سورہ والتین والزیتون پڑھے اور الیس اللہ باحکم الحاکمین تک پہنچے اس کے بعد کہے بلیٰ وانا علیٰ ذالک من الشاھدین اور جو شخص پڑھے لا اقسم بیوم القیمہ اور الیس ذالک بقادر علیٰ ان یحی الموتیٰ تک پہنچے تو وہ کہے بلیٰ اور جو شخص سورۂ والمرسلات پڑھے اور فبای حدیث بعدہ یؤمنون تک پہنچے وہ کہے امنا باللہ

روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔ اور روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے وانا علیٰ ذالک

besturdubooks.wordpress.com

اِلٰی قَوْلِہٖ وَاَنَا عَلٰی ذٰلِکَ مِنَ الشَّاھِدِیْنَ

من الشاھدین تک۔

۸۰۱/۳۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی اَصْحَابِہٖ فَقَرَاَ عَلَیْھِمْ سُوْرَۃَ الرَّحْمٰنِ مِنْ اَوَّلِھَا اِلٰی اٰخِرِھَا فَسَکَتُوْا فَقَالَ لَقَدْ قَرَاْتُھَا عَلَی الْجِنِّ لَیْلَۃَ الْجِنِّ فَکَانُوْا اَحْسَنَ مَرْدُوْدًا مِّنْکُمْ کُنْتُ کُلَّمَا اَتَیْتُ عَلٰی قَوْلِہٖ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ قَالُوْا لَا بِشَیْءٍ مِّنْ نِّعَمِکَ رَبَّنَا نُکَذِّبُ فَلَکَ الْحَمْدُ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ پر نکلے اور اُن پر سورۂ رحمٰن پڑھی شروع سے آخر تک وہ چُپ رہے آپؐ نے فرمایا جنوں کی رات میں نے یہ سورت جنوں پر پڑھی تھی وہ تم سے اچھا جواب دیتے تھے جب بھی میں اس آیت پر پہنچا فبای الاء ربکما تکذبان وہ کہتے لا بشیٔ من نعمک ربنا نکذب فلک الحمد

روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے

+ + +

+ + +

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## فصل ثالث

۸۰۲/۳۸ عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الْجُھَنِیِّ قَالَ اِنَّ رَجُلًا مِّنْ جُھَیْنَۃَ اَخْبَرَہٗ اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَرَاَ فِی الصُّبْحِ اِذَا زُلْزِلَتْ فِی الرَّکْعَتَیْنِ کِلْتَیْھِمَا فَلَا اَدْرِیْ اَنَسِیَ اَمْ قَرَاَ ذٰلِکَ عَمْدًا۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

معاذ بن عبداللہ جہنی سے روایت ہے کہ جہینہ قبیلہ کے آدمی نے اس کو خبر دی کہ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سُنا کہ آپؐ نے اذا زلزلت کو صبح کی نماز کی دونوں رکعتوں میں پڑھا میں نہیں جانتا کہ آپؐ بھول گئے یا جان بوجھ کر پڑھا۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

+ + +

۸۰۳/۳۹ وَعَنْ عُرْوَۃَ قَالَ اِنَّ اَبَا بَکْرٍ الصِّدِّیْقَ صَلَّی الصُّبْحَ فَقَرَاَ فِیْھِمَا بِسُوْرَۃِ الْبَقَرَۃِ فِی الرَّکْعَتَیْنِ کِلْتَیْھِمَا

(رَوَاہُ مَالِکٌ)

عروہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے صبح کی نماز پڑھی اور دونوں رکعتوں میں سورۂ بقرہ کو پڑھا۔

(روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

۸۰۴/۴۰ وَعَنِ الْفَرَافِصَۃِ بْنِ عُمَیْرِ نِ الْحَنَفِیِّ

فرافصہ رضؓ بن عمیر حنفی سے روایت ہے انہوں

قَالَ مَا اَخَذْتُ سُوْرَةَ يُوْسُفَ اِلَّا مِنْ قِرَآءَةِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ اِيَّاهَا فِي الصُّبْحِ مِنْ كَثْرَةِ مَا كَانَ يُرَدِّدُهَا (رَوَاهُ مَالِكٌ)

نے کہا۔ نہیں سیکھی میں نے سورۂ یوسف مگر حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے اس کو صبح کی نماز میں پڑھنے کے بسبب ان کے بار بار پڑھنے سے۔

(روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

۸۰۵/۴۱ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ قَالَ صَلَّيْنَا وَرَآءَ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ الصُّبْحَ فَقَرَاَ فِيْهِمَا بِسُوْرَةِ يُوْسُفَ وَسُوْرَةِ الْحَجِّ قِرَآءَةً بَطِيْئَةً قِيْلَ لَهٗ اِذَا لَقَدْ كَانَ يَقُوْمُ حِيْنَ يَطْلُعُ الْفَجْرُ قَالَ اَجَلْ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

عامر بن ربیعہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نے حضرت عمر بن الخطاب رضؓ کے پیچھے صبح کی نماز پڑھی آپ نے اس کی دو رکعتوں میں سورۂ یوسف اور سورۂ حج پڑھی ٹھہر ٹھہر کر عامرؓ کو کہا گیا کہ حضرت عمرؓ پھر طلوع فجر کے وقت کھڑے ہوتے ہوں گے اس نے کہا ہاں۔

(روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

۸۰۶/۴۲ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ مَا مِنَ الْمُفَصَّلِ سُوْرَةٌ صَغِيْرَةٌ وَّلَا كَبِيْرَةٌ اِلَّا قَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَؤُمُّ بِهَا النَّاسَ فِي الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوْبَةِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

عمروؓ بن شعیب اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتا ہے مفصل سے کوئی چھوٹی اور بڑی سورت نہیں مگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ فرض نمازمیں لوگوں کو اس کے ساتھ امامت کراتے تھے۔

(روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

۸۰۷/۴۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ بِحٰمٓ الدُّخَانِ۔ (رَوَاهُ النَّسَآئِيُّ مُرْسَلًا)

عبداللہ بن عتبہ بن مسعود سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب کی نماز میں حٰمٓ دخان پڑھی

روایت کیا ہے اس کو نسائی نے مرسل طور پر۔

+ + +

# بَابُ الرُّكُوْعِ

# رکوع کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۸۰۸/۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقِيْمُوا الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ فَوَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَرَاكُمْ مِّنْ بَعْدِيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رکوع اور سجود کو سیدھا کرو پس اللہ تعالےٰ کی قسم ہے کہ تحقیق میں دیکھتا ہوں تم کو اپنے پیچھے سے۔ (متفق علیہ)

۸۰۹/۲ وَعَنِ الْبَرَآءِ قَالَ كَانَ رُكُوْعُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسُجُوْدُهٗ وَبَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ وَاِذَا رَفَعَ مِنَ الرُّكُوْعِ مَا خَلَا الْقِيَامَ وَالْقُعُوْدَ قَرِيْبًا مِّنَ السَّوَآءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

براء سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رکوع اور اُن کا سجدہ اور اُن کے دو سجدوں کے درمیان بیٹھنا اور رکوع سے اٹھتے وقت کھڑے رہنے اور بیٹھنے کے سوا قریب برابر کے تھے۔ (متفق علیہ)

۸۱۰/۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ قَامَ حَتّٰى تَقُوْلَ قَدْ اَوْهَمَ ثُمَّ يَسْجُدُ وَيَقْعُدُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ حَتّٰى تَقُوْلَ قَدْ اَوْهَمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت سمع اللہ لمن حمدہ کہتے کھڑے رہتے یہاں تک کہ ہم کہتے تحقیق ترک کی ہے وہ رکعت پھر سجدہ فرماتے اور دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھتے یہاں تک کہ ہم کہتے تحقیق سجدہ کو ترک کیا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۸۱۱/۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّقُوْلَ فِيْ رُكُوْعِهٖ وَسُجُوْدِهٖ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ يَتَاَوَّلُ الْقُرْاٰنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بہت کہتے اپنے رکوع میں اور اپنے سجدہ میں یا الٰہی تو پاک ہے اے ہمارے پروردگار اور ہم پاکی بیان کرتے ہیں تیری تعریف کے ساتھ یا الٰہی مجھ کو بخش عمل کرتے تھے قرآن کے موافق۔ (متفق علیہ)

۸۱۲/۵ وَعَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ رُكُوْعِهٖ وَسُجُوْدِهٖ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انہیں (حضرت عائشہؓ) سے روایت ہے۔ کہ تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اپنے رکوع میں اور اپنے سجدے میں بہت پاک ہے فرشتوں اور روح کا پروردگار (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۸۱۳/۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَآ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَقْرَاَ الْقُرْاٰنَ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبردار میں منع کیا گیا ہوں کہ میں رکوع اور سجدہ کی حالت میں قرآن پڑھوں پس

besturdubooks.wordpress.com

رَاكِعًا وَّسَاجِدًا فَاَمَّا الرُّكُوْعُ فَعَظِّمُوْا فِيْهِ الرَّبَّ وَاَمَّا السُّجُوْدُ فَاجْتَهِدُوْا فِي الدُّعَاءِ فَقَمِنٌ اَنْ يُّسْتَجَابَ لَكُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رکوع میں اپنے رب کی بڑائی بیان کرو اور سجدہ میں دُعا مانگنے کی کوشش کرو پس لائق ہے تمہارے لئے کہ قبول کی جاوے۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۸۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَالَ الْاِمَامُ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ فَاِنَّهٗ مَنْ وَّافَقَ قَوْلُهٗ قَوْلَ الْمَلٰٓئِكَةِ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت امام کہتا ہے اللہ نے سُنا اس شخص کے لئے جس نے تعریف کی اُس کی پس کہو یا اللہ اے ہمارے رب تیرے لئے ہی حمد ہے پس تحقیق جس شخص کا کہنا فرشتوں کے موافق ہوا بخش دیئے جاتے ہیں اس کے لئے اس کے پہلے گناہ۔ (متفق علیہ)

۸۱۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَفَعَ ظَهْرَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْاَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْاَ الْاَرْضِ وَمِلْاَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍۢ بَعْدُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبداللہ بن ابی اوفیٰ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت رکوع سے اپنی پیٹھ اٹھاتے تو سمع اللہ لمن حمدہ کہتے اے اللہ اے ہمارے رب تیرے لئے ہی تعریف ہے آسمانوں اور زمین کی پوری کے برابر اور اس کے بعد جس کی پوری تو چاہے۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۸۱۶ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ قَالَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْاَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْاَ الْاَرْضِ وَمِلْاَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍۢ بَعْدُ اَهْلَ الثَّنَآءِ وَالْمَجْدِ اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت رکوع سے سر اٹھاتے تو فرماتے یا اللہ اے ہمارے رب تیرے لئے ہی ہے تعریف آسمانوں کی پوری کے برابر اور زمین کی پوری کے برابر اور جس چیز کی پوری تو چاہے اس کے بعد تو تعریف اور بزرگی کے زیادہ لائق ہے اس چیز سے کہ جو بندے نے کہا اور ہم سب تیرے ہی بندے ہیں اے اللہ نہیں کوئی روکنے والا اس چیز کو جو تو دے اور کوئی دینے والا نہیں جس کو تو روک دے اور تیرے عذاب سے کسی دولتمند کو اس کی دولتمندی نفع نہیں

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

دیتی۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۸۱۷ وَعَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي وَرَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرَّكْعَةِ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقَالَ رَجُلٌ وَّرَاءَهُ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ مَنِ الْمُتَكَلِّمُ آنِفًا قَالَ أَنَا قَالَ رَأَيْتُ بِضْعَةً وَّثَلَاثِيْنَ مَلَكًا يَبْتَدِرُوْنَهَا أَيُّهُمْ يَكْتُبُهَا أَوَّلُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

رفاعہ بن رافع رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھتے تھے جب آپ رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو کہتے سُنا اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو جس نے اس کی تعریف کی پس ایک شخص نے کہا جو آپ کے پیچھے تھا اے ہمارے رب تیرے ہی لئے بہت بہت تعریف ہے پاک بابرکت جب آپ نماز سے پھرے تو آپ نے فرمایا بولنے والا کون تھا اب ایک شخص نے کہا میں تھا فرمایا میں نے کچھ اوپر تیس فرشتے دیکھے کہ وہ جلدی کرتے تھے کہ کون ان کلموں کا ثواب لکھے پہلے (روایت کیا بخاری نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## فصل ثانی

۸۱۸ عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدِ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُجْزِئُ صَلٰوةُ الرَّجُلِ حَتّٰى يُقِيْمَ ظَهْرَهُ فِي الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

ابو مسعود رضؓ انصاری سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رکوع اور سجدے میں اپنی پیٹھ کو سیدھا نہیں کرتا اس کی نماز قبول ہی نہیں ہوتی روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور نسائی نے اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے اور دارمی نے اور ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح کہا ہے۔

۸۱۹ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلُوْهَا فِيْ رُكُوْعِكُمْ فَلَمَّا نَزَلَتْ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى قَالَ اجْعَلُوْهَا فِيْ سُجُوْدِكُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

عقبہ رضؓ بن عامر سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ جب یہ آیت اتری پس پاکی بیان کر اپنے بڑے پروردگار کے نام سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس تسبیح کو اپنے رکوع میں کرو پھر جب یہ آیت نازل ہوئی کہ پاکی بیان کر اپنے بلند پروردگار کے نام سے تو آپ نے فرمایا کہ اس کے مضمون کو اپنے سجدہ میں کرو (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

besturdubooks.wordpress.com

۸۲۰/۱۳ وَعَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَكَعَ اَحَدُكُمْ فَقَالَ فِيْ رُكُوْعِهٖ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَقَدْ تَمَّ رُكُوْعُهٗ وَذٰلِكَ اَدْنَاهُ وَاِذَا سَجَدَ فَقَالَ فِيْ سُجُوْدِهٖ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَقَدْ تَمَّ سُجُوْدُهٗ وَذٰلِكَ اَدْنَاهُ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ لَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِمُتَّصِلٍ لِاَنَّ عَوْنًا لَمْ يَلْقَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ۔

عون بن عبداللہ سے روایت ہے۔ اس نے ابن مسعود سے نقل کیا۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا رکوع کرے۔ پس اپنے رکوع میں کہے سُبحان ربی العظیم تین بار۔ پس تحقیق پورا ہوا رکوع اس کا اور یہ اس کا ادنیٰ درجہ ہے۔ اور جس وقت سجدہ کرے تو اپنے سجدہ میں یہ کہے سبحان ربی الاعلیٰ۔ تین بار پس تحقیق پورا ہوا سجدہ اس کا۔ یہ اس کا ادنیٰ درجہ ہے۔

روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے۔ اور ترمذی نے کہا اس کی سند متصل نہیں۔ کیونکہ عون نے ابن مسعود سے ملاقات نہیں کی۔

۸۲۱/۱۴ وَعَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّهٗ صَلّٰى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ يَقُوْلُ فِيْ رُكُوْعِهٖ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ وَفِيْ سُجُوْدِهٖ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى وَمَا اَتٰى عَلٰى اٰيَةِ رَحْمَةٍ اِلَّا وَقَفَ سَاَلَ وَمَا اَتٰى عَلٰى اٰيَةِ عَذَابٍ اِلَّا وَقَفَ وَتَعَوَّذَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَى النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ اِلٰى قَوْلِهِ الْاَعْلٰى وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

حذیفہ رضؓ سے روایت ہے۔ کہ تحقیق اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے رکوع میں سُبحان ربی العظیم کہتے تھے۔ اور اپنے سجدہ میں سُبحان ربی الاعلیٰ۔ اور نہیں آتے تھے کسی رحمت کی آیت پر مگر ٹھہرتے اور دعا مانگتے۔ اور کسی عذاب کی آیت پر نہیں آتے تھے مگر عذاب سے پناہ مانگتے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔ اور ابوداؤد نے اور دارمی نے۔ اور روایت کیا ہے نسائی نے اور ابن ماجہ نے اُن کے قول الاعلیٰ تک روایت کیا۔ اور ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح کہا۔

\+ \+ \+ \+

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۸۲۲/۱۵ عَنْ عَوْنِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قُمْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عون بن مالک سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی

besturdubooks.wordpress.com

فَلَمَّا رَكَعَ مَكَثَ قَدْرَ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ وَيَقُوْلُ فِيْ رُكُوْعِهٖ سُبْحَانَ ذِي الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَكُوْتِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

جب آپ نے رکوع کیا تو اتنی سورۂ بقرہ کا اندازہ ٹھہرے اور اپنے رکوع میں فرماتے تھے۔ پاک ہے قہر اور بادشاہت کا مالک اور بڑائی اور بزرگی کا مالک۔ (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

۸۲۳/۱۶ وَعَنِ ابْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ ابْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ اَحَدٍ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْبَهَ صَلٰوةً بِصَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ هٰذَا الْفَتٰى يَعْنِيْ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ قَالَ فَحَزَرْنَا رُكُوْعَهٗ عَشْرَ تَسْبِيْحَاتٍ وَّسُجُوْدَهٗ عَشْرَ تَسْبِيْحَاتٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

ابن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے سنا انس بن مالک سے کہ وہ کہتے تھے کہ میں نے کسی کے پیچھے نماز نہیں پڑھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد جسکی نماز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بہت مشابہ ہو اس نوجوان کی نماز سے یعنی حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ ابن جبیر رحمہ اللہ نے کہا کہا اس نے کہ ہم نے حضرت عمر بن عبدالعزیز کے رکوع کا اندازہ دس تسبیح کیا ہے اور سجدوں میں بھی دس تسبیح۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے نسائی نے)

۸۲۴/۱۷ وَعَنْ شَقِيْقٍ قَالَ اِنَّ حُذَيْفَةَ رَاٰى رَجُلًا لَا يُتِمُّ رُكُوْعَهٗ وَلَا سُجُوْدَهٗ فَلَمَّا قَضٰى صَلٰوتَهٗ دَعَاهُ فَقَالَ لَهٗ حُذَيْفَةُ مَا صَلَّيْتَ قَالَ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ وَلَوْ مُتَّ مُتَّ عَلٰى غَيْرِ الْفِطْرَةِ الَّتِيْ فَطَرَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

شقیق رحمہ اللہ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ اپنے رکوع اور سجدے کو پورا نہیں کرتا جب اس نے اپنی نماز کو پورا کر لیا اس کو بلایا اور اسکو حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا تو نے نماز نہیں پڑھی شقیق رحمہ اللہ نے کہا میں گمان کرتا ہوں کہ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے یہ بھی کہا کہ اگر تیری موت آئے تو مرے گا غیر فطرت پر یعنی وہ طریقہ کہ جس پر اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا کیا (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۸۲۵/۱۸ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْوَءُ النَّاسِ سَرِقَةً الَّذِيْ يَسْرِقُ مِنْ صَلٰوتِهٖ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَسْرِقُ مِنْ صَلٰوتِهٖ قَالَ لَا يُتِمُّ رُكُوْعَهَا وَلَا سُجُوْدَهَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چرانے کے اعتبار سے بہت برا لوگوں میں وہ شخص ہے کہ اپنی نماز سے چوری کرے صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ کس طرح چراتا ہے اپنی نماز سے آپ نے فرمایا کہ نماز کے رکوع کو پورا نہ کرے اور نہ اس کے سجدہ کو پورا کرے (روایت کیا اسکو احمد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۸۲۶/۱۹ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُرَّةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا تَرَوْنَ فِي الشَّارِبِ وَالزَّانِيْ وَالسَّارِقِ وَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ تُنْزَلَ فِيْهِمُ الْحُدُوْدُ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ هُنَّ فَوَاحِشُ وَفِيْهِنَّ عُقُوْبَةٌ وَاَسْوَءُ السَّرِقَةِ الَّذِيْ يَسْرِقُ مِنْ صَلٰوتِهٖ قَالُوْا وَكَيْفَ يَسْرِقُ مِنْ صَلٰوتِهٖ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا يُتِمُّ رُكُوْعَهَا وَلَا سُجُوْدَهَا۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَحْمَدُ وَرَوَى الدَّارِمِيُّ نَحْوَهٗ۔

نعمان رضؓ بن مرہ سے روایت ہے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شراب پینے والے اور زنا کرنے والے اور چوری کرنے والے کے بارے میں کیا اعتقاد ہے اور یہ سوال کرنا حدود کے اترنے سے پہلے تھا صحابہ کرام نے کہا اللہ تعالےٰ اور اس کا رسول زیادہ جانتا ہے آپؐ نے فرمایا یہ کبیرہ گناہ ہیں اور ان میں سزا ہے اور بہت بری چوری اس کی ہے جو اپنی نماز میں چوری کرے صحابہ نے کہا کہ کس طرح اپنی نماز سے چرائے اے اللہ کے رسولؐ فرمایا کہ نہ پورا کرے اس کے رکوع کو اور اس کے سجدہ کو۔ روایت کیا ہے اسکو مالک نے اور احمد نے اور دارمی نے بھی مانند اس کے۔

# بَابُ السُّجُوْدِ

# سجدے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۸۲۷/۲۰ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اَسْجُدَ عَلٰى سَبْعَةِ اَعْظُمٍ عَلَى الْجَبْهَةِ وَالْيَدَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ وَاَطْرَافِ الْقَدَمَيْنِ وَلَا نَكْفِتَ الثِّيَابَ وَلَا الشَّعْرَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں سات ہڈیوں پر سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا ہوں پیشانی اور دونوں ہاتھوں اور گھٹنوں پر اور پاؤں کے پنجوں پر اور یہ کہ ہم اپنے کپڑوں کو اور بالوں کو اکٹھا نہ کریں (متفق علیہ)

+ + +

۸۲۸/۲۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَدِلُوْا فِي السُّجُوْدِ وَلَا يَبْسُطْ اَحَدُكُمْ ذِرَاعَيْهِ انْبِسَاطَ الْكَلْبِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم سجدوں میں ٹھہرو اور نہ بچھاوے تم میں سے کوئی اپنے ہاتھوں کو کتے کے بچھانے کی طرح۔ (متفق علیہ)

۸۲۹/۲۲ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

براء بن عازب رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس وقت تو سجدہ

besturdubooks.wordpress.com

إِذَا سَجَدْتَ فَضَعْ كَفَّيْكَ وَارْفَعْ مِرْفَقَيْكَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کرے تو اپنے ہاتھوں کو زمین پر رکھ اور اپنی کہنیوں کو بلند کر (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۸۳۰/۲۳ وَعَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَجَدَ جَافَى بَيْنَ يَدَيْهِ حَتّٰى لَوْ أَنَّ بَهْمَةً أَرَادَتْ أَنْ تَمُرَّ تَحْتَ يَدَيْهِ مَرَّتْ۔ هٰذَا لَفْظُ أَبِي دَاوُدَ كَمَا صَرَّحَ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ بِإِسْنَادِهٖ وَلِمُسْلِمٍ مَعْنَاهُ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَجَدَ لَوْ شَاءَتْ بَهْمَةٌ أَنْ تَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ لَمَرَّتْ۔

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ جس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرتے تو اپنے ہاتھوں کو فرق سے رکھتے اگر بکری کا بچہ ہاتھوں کے نیچے سے گزرنا چاہتا تو وہ گزر جاتا یہ ابوداؤد کے لفظ ہیں جیسا کہ امام بغوی نے شرح السنہ میں خود بیان فرمایا ہے اپنی سند کے ساتھ اور اس کے معنی مسلم میں ہیں کہا کہ جس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرتے اگر بکری کا بچہ ہاتھوں کے نیچے سے گزرنا چاہتا تو گزر سکتا تھا۔

+ + + +

۸۳۱/۲۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكِ بْنِ بُحَيْنَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَجَدَ فَرَّجَ بَيْنَ يَدَيْهِ حَتّٰى يَبْدُوَ بَيَاضُ إِبْطَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مالک بن بحینہ سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرتے تو اپنے ہاتھوں کو کھولتے یہاں تک کہ بغلوں کی سفیدی ظاہر ہوتی (متفق علیہ)

+ + + + +

۸۳۲/۲۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي سُجُودِهٖ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَأَوَّلَهٗ وَآخِرَهٗ وَعَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سجدے میں فرماتے تھے کہ اے اللہ میرے گناہ بخش دے سب چھوٹے بڑے پہلے اور پچھلے اور ظاہر اور پوشیدہ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۸۳۳/۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَقَدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً مِّنَ الْفِرَاشِ فَالْتَمَسْتُهٗ فَوَقَعَتْ يَدِي عَلٰى بَطْنِ قَدَمَيْهِ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ وَهُمَا مَنْصُوبَتَانِ وَيَقُولُ اَللّٰهُمَّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بچھونے پر نہ پایا میں نے آپ کو ڈھونڈا کہ میرے ہاتھ آپ کے قدموں تک جا پہنچے کہ آپ سجدہ کی حالت میں تھے اور دونوں پاؤں کھڑے تھے اور کہہ رہے تھے یا الٰہی تحقیق میں تیری رضا

besturdubooks.wordpress.com

اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

مندی کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں۔ تیرے غضب سے۔ اور تیری عافیت کے ساتھ تیرے عذاب سے۔ اور پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ۔ تجھ سے۔ تیری تعریف کو نہیں گن سکتا تو ویسا ہی ہے جیسے تو نے اپنی ذات کی تعریف کی۔

(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۸۳۴/۲۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَقْرَبُ مَا یَكُوْنُ الْعَبْدُ مِنْ رَّبِّهٖ وَهُوَ سَاجِدٌ فَاَكْثِرُوا الدُّعَآءَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بندے کا اپنے رب کے زیادہ قریب ہونا سجدے کی حالت میں ہوتا ہے پس دعا میں کثرت کرو۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۸۳۵/۲۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَرَاَ ابْنُ اٰدَمَ السَّجْدَةَ فَسَجَدَ اعْتَزَلَ الشَّیْطَانُ یَبْكِیْ یَقُوْلُ یٰوَیْلَتٰی اُمِرَ ابْنُ اٰدَمَ بِالسُّجُوْدِ فَسَجَدَ فَلَهُ الْجَنَّةُ وَاُمِرْتُ بِالسُّجُوْدِ فَاَبَیْتُ فَلِیَ النَّارُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُسی (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جس وقت آدم کا بیٹا سجدہ کی آیت پڑھتا ہے۔ پھر سجدہ کرتا ہے۔ تو شیطان روتا ہوا ایک طرف ہو جاتا ہے۔ اور کہتا ہے اے افسوس! کہ ابن آدم کو سجدے کا حکم کیا گیا اس نے سجدہ کیا پس اس کے لیے جنت ہے اور مجھے سجدے کا حکم کیا گیا۔ میں نے نافرمانی کی پس میرے لیے آگ ہے۔ (روایت کیا مسلم نے)

۸۳۶/۲۹ وَعَنْ رَّبِیْعَةَ بْنِ كَعْبٍ قَالَ كُنْتُ اَبِیْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَیْتُهٗ بِوَضُوْٓئِهٖ وَ حَاجَتِهٖ فَقَالَ لِیْ سَلْ فَقُلْتُ اَسْاَلُكَ مُرَافَقَتَكَ فِی الْجَنَّةِ قَالَ اَوَغَیْرَ ذٰلِكَ قُلْتُ هُوَ ذَاكَ قَالَ فَاَعِنِّیْ عَلٰی نَفْسِكَ بِكَثْرَةِ السُّجُوْدِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ربیعہ بن کعب سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا میں رات گزارتا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ۔ پس لاتا میں آنحضرت کے پاس وضو کا پانی۔ اور حاجت کا۔ پس مجھ کو فرمایا۔ مانگ۔ میں نے کہا۔ میں مانگتا ہوں بہشت میں آپ کی رفاقت۔ آپ نے فرمایا یا اس کے سوا۔ میں نے کہا۔ میرا وہی مطلب ہے۔ جو میں نے عرض کیا۔ فرمایا۔ میری مدد کر اپنی ذات پر بہت سجدے کرنے کیساتھ۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۸۳۷/۳۰ وَعَنْ مَّعْدَانَ بْنِ طَلْحَةَ قَالَ لَقِیْتُ ثَوْبَانَ مَوْلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اَخْبِرْنِیْ بِعَمَلٍ اَعْمَلُهٗ یُدْخِلُنِی اللّٰهُ بِهِ الْجَنَّةَ فَسَكَتَ

معدان بن طلحہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ میں نے ثوبان سے ملاقات کی۔ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آزاد کردہ غلام تھا۔ پس میں نے کہا۔ مجھ کو خبر دو ایسے عمل کے ساتھ کہ میں اس کو کروں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ اس کے سبب مجھ کو جنت

ثُمَّ سَاَلْتُهٗ فَسَكَتَ ثُمَّ سَاَلْتُهُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ سَاَلْتَنِيْ عَنْ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَلَيْكَ بِكَثْرَةِ السُّجُوْدِ لِلّٰهِ فَاِنَّكَ لَا تَسْجُدُ لِلّٰهِ سَجْدَةً اِلَّا رَفَعَكَ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً وَّحَطَّ عَنْكَ بِهَا خَطِيْئَةً قَالَ مَعْدَانُ ثُمَّ لَقِيْتُ اَبَا الدَّرْدَآءِ فَسَاَلْتُهٗ فَقَالَ لِيْ مِثْلَ مَا قَالَ لِيْ ثَوْبَانُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

میں داخل کردے۔ پس چپ رہا۔ پھر میں نے اس کو پوچھا پس چپ رہا۔ پھر میں نے تیسری بار پوچھا۔ پس کہا میں نے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تھا۔ پس آپ نے فرمایا لازم کر اپنے اُوپر بہت سجدے کرنے واسطے خدا کے۔ تو اللہ کے لئے نہیں سجدہ کریگا کوئی سجدہ کرنا مگر بلند کریگا۔ تجھکو اللہ بسبب اس کے باعتبار درجہ کے اور تجھ سے گناہ کو اس کے سبب سے دُور کریگا۔ معدان نے کہا۔ پھر مُلاقات کی میں نے ابوالدرداء سے پس اُن سے میں نے پوچھا پس کہا میرے لئے مانند اس کے جو مجھ کو ثوبان نے کہا۔ (مسلم)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۸۳۸/۳۱ عَنْ وَّائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَجَدَ وَضَعَ رُكْبَتَيْهِ قَبْلَ يَدَيْهِ وَاِذَا نَهَضَ رَفَعَ يَدَيْهِ قَبْلَ رُكْبَتَيْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

وائل رضؓ بن حجر سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جس وقت سجدہ کرنے کا ارادہ کرتے۔ تو اپنے گھٹنے اپنے ہاتھوں سے پہلے رکھتے اور جس وقت اٹھنے کا ارادہ کرتے تو اٹھاتے اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے گھٹنوں سے پہلے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے)

۸۳۹/۳۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَجَدَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَبْرُكْ كَمَا يَبْرُكُ الْبَعِيْرُ وَلْيَضَعْ يَدَيْهِ قَبْلَ رُكْبَتَيْهِ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ قَالَ اَبُوْسُلَيْمَانَ الْخَطَّابِيُّ حَدِيْثُ وَائِلِ ابْنِ حُجْرٍ اَثْبَتُ مِنْ هٰذَا وَقِيْلَ هٰذَا مَنْسُوْخٌ۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا سجدہ کرے۔ پس نہ بیٹھے۔ اُونٹ جیسا بیٹھنا۔ اور چاہیئے۔ کہ رکھے اپنے ہاتھوں کو زانوؤں سے پہلے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور دارمی نے۔ ابوسلیمان رح خطابی نے کہا۔ کہ وائل بن حجر کی حدیث بہت ثابت ہے۔ اس حدیث سے اور اس حدیث کو منسوخ کہا گیا ہے۔

+ + +

۸۴۰/۳۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دونوں سجدوں کے درمیان کہتے تھے

besturdubooks.wordpress.com

بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَ ارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

یا الٰہی مجھ کو بخش اور مجھ پر رحم کر اور مجھ کو ہدایت کر اور مجھ کو روزی عطا فرما (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے)

۸۴۱/۳۴ وَعَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ رَبِّ اغْفِرْلِيْ۔
(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے دونوں سجدوں کے درمیان اے میرے رب مجھ کو بخش دے (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے اور دارمی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۸۴۲/۳۵ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِبْلٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نُقْرَةِ الْغُرَابِ وَافْتِرَاشِ السَّبُعِ وَاَنْ يُّوَطِّنَ الرَّجُلُ الْمَكَانَ فِي الْمَسْجِدِ كَمَا يُوَطِّنُ الْبَعِيْرُ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

عبدالرحمٰن بن شبل سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کوے کی طرح ٹھونگ مارنے سے اور درندے کے بچھانے کی طرح اور مسجد میں آدمی کی جگہ مقرر کرنے سے جیسا کہ اونٹ مقرر کرتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور دارمی نے)

۸۴۳/۳۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ اِنِّيْ اُحِبُّ لَكَ مَا اُحِبُّ لِنَفْسِيْ وَاَكْرَهُ لَكَ مَا اَكْرَهُ لِنَفْسِيْ لَا تَقْعِ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے علی رضی اللہ عنہ میں تیرے لئے دوست رکھتا ہوں وہ چیز جو اپنے لئے دوست رکھتا ہوں اور مکروہ رکھتا ہوں تیرے لئے وہ جو اپنے لئے مکروہ رکھتا ہوں نہ اقعاء کر دو سجدوں کے درمیان (روایت کیا ترمذی نے)

۸۴۴/۳۷ وَعَنْ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ الْحَنَفِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اِلٰى صَلٰوةِ عَبْدٍ لَا يُقِيْمُ فِيْهَا صُلْبَهٗ بَيْنَ خُشُوْعِهَا وَسُجُوْدِهَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

طلق رضی اللہ عنہ بن علی حنفی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں دیکھتا اللہ عزوجل اس بندے کی نماز کی طرف جو اپنی پیٹھ کو سیدھا نہیں کرتا رکوع اور سجدے کے وقت (روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

۸۴۵/۳۸ وَعَنْ نَّافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ

نافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے تھے جو شخص

يَقُوْلُ مَنْ وَّضَعَ جَبْهَتَهٗ بِالْاَرْضِ فَلْيَضَعْ كَفَّيْهِ عَلَى الَّذِيْ وَضَعَ عَلَيْهِ جَبْهَتَهٗ ثُمَّ اِذَا رَفَعَ فَلْيَرْفَعْهُمَا فَاِنَّ الْيَدَيْنِ تَسْجُدَانِ كَمَا يَسْجُدُ الْوَجْهُ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

اپنی پیشانی زمین پر رکھے پس چاہئے کہ اپنے دونوں ہاتھ بھی اسی جگہ پر رکھے کہ جس پر اپنی پیشانی رکھی ہے پھر جس وقت اُٹھے پس اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھائے اس لئے کہ سجدہ کرتے ہیں دونوں ہاتھ بھی جس طرح سجدہ کرتا ہے منہ (روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

# بَابُ التَّشَهُّدِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## تشہّد (التحیات) کا بیان

### پہلی فصل

۸۴۶/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَعَدَ فِي التَّشَهُّدِ وَضَعَ يَدَهُ الْيُسْرٰى عَلٰى رُكْبَتِهِ الْيُسْرٰى وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى رُكْبَتِهِ الْيُمْنٰى وَعَقَدَ ثَلٰثَةً وَّ خَمْسِيْنَ وَاَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ كَانَ اِذَا جَلَسَ فِي الصَّلٰوةِ وَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ وَرَفَعَ اِصْبَعَهُ الْيُمْنٰى الَّتِيْ تَلِي الْاِبْهَامَ يَدْعُوْ بِهَا وَيَدَهُ الْيُسْرٰى عَلٰى رُكْبَتِهِ بَاسِطُهَا عَلَيْهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت بیٹھتے تھے تشہّد میں بایاں ہاتھ بائیں گھٹنے پر رکھتے اور داہنا ہاتھ دائیں گھٹنے پر اور اپنے ہاتھ کو بند کرتے تریپن کی گنتی پر اور شہادت کی انگلی سے اشارہ کرتے اور ایک روایت میں یوں ہے جس وقت بیٹھتے تھے نماز میں تو اپنے گھٹنوں پر اپنے ہاتھ رکھتے اور اپنی داہنی انگلی جو انگوٹھے کے ساتھ ہے اُٹھاتے اور اس کے ساتھ دعا مانگتے اور بایاں ہاتھ بائیں زانو پر کھلا رکھتے۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

+ + +

+ + +

۸۴۷/۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَعَدَ يَدْعُوْ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى وَيَدَهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُسْرٰى وَاَشَارَ بِاِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ وَوَضَعَ اِبْهَامَهٗ عَلٰى اِصْبَعِهِ الْوُسْطٰى وَ

عبداللہ بن زبیرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت بیٹھتے تھے اپنا داہنا ہاتھ داہنی ران پر رکھتے اور بایاں ہاتھ بائیں ران پر اور اشارہ کرتے شہادت کی انگلی کے ساتھ اور اپنا انگوٹھا رکھتے بیچ کی انگلی پر اور پکڑتے اپنے بائیں ہاتھ سے اپنا بایاں گھٹنا۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

وَيُلْقِمُ كَفَّهُ الْيُسْرٰى رُكْبَتَهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

+ + + + + +

۸۴۸/۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا اِذَا صَلَّيْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا اَلسَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ قَبْلَ عِبَادِهٖ اَلسَّلَامُ عَلٰى جِبْرَئِيْلَ اَلسَّلَامُ عَلٰى مِيْكَائِيْلَ اَلسَّلَامُ عَلٰى فُلَانٍ فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ فَقَالَ لَا تَقُوْلُوْا اَلسَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ فَاِذَا جَلَسَ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَقُلْ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبٰتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ اِذَا قَالَ ذٰلِكَ اَصَابَ كُلَّ عَبْدٍ صَالِحٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ لِيَتَخَيَّرْ مِنَ الدُّعَآءِ اَعْجَبَهٗ اِلَيْهِ فَيَدْعُوْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت ہم نماز پڑھتے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کہتے ہم سلام ہے اللہ تعالیٰ پر اس کے بندوں کی طرف سے اور حضرت جبرئیل پر سلام ہے اور حضرت میکائیل پر سلام ہے فلانے پر سلام ہے پس جبکہ پھرے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چہرے کے ساتھ متوجہ ہوئے آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ پر سلام نہ کہو اس لئے کہ اللہ تعالیٰ خود سلام ہے پس جب تم میں سے کوئی نماز میں بیٹھے پس چاہیئے کہ کہے بندگی منہ سے کہنے کی واسطے اللہ تعالیٰ کے ہے اور بندگی بدن کی اور مال کی بندگی بھی اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے تم پر سلامتی ہے اے نبی اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کی برکتیں سلام ہم پر اور اوپر بندوں نیک اللہ تعالیٰ کے پس تحقیق جب نمازی یہ دعا کہتا ہے تو اس کی برکت ہر نیک بندے کو پہنچتی ہے جو آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود قابل بندگی نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمدؐ اس کے بندے اور رسول ہیں پھر چاہیئے کہ جو دعا اس کو خوش لگے پڑھے پس دعا مانگے اللہ تعالیٰ سے۔ (متفق علیہ)

۸۴۹/۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ فَكَانَ يَقُوْلُ اَلتَّحِيَّاتُ الْمُبَارَكَاتُ الصَّلَوٰتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ

عبداللہ بن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشہد سکھاتے جیسے کہ قرآن شریف کی سورہ سکھاتے تھے پس کہتے تھے قولی عبادتیں اور فعلی عبادتیں اور مالی عبادتیں اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہیں اے نبی تم پر سلام ہو اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور برکتیں سلام ہو ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں پر گواہی دیتا

اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّلَمْ اَجِدْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَلَا فِي الْجَمْعِ بَيْنَ الصَّحِيْحَيْنِ سَلَامٌ عَلَيْكَ وَسَلَامٌ عَلَيْنَا بِغَيْرِ اَلِفٍ وَّلَامٍ وَّلٰكِنْ رَّوَاهُ صَاحِبُ الْجَامِعِ عَنِ التِّرْمِذِيِّ۔

ہوں میں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں روایت کیا ہے اس کو مسلم نے اور میں نے صحیحین میں نہیں پائی اور نہ جمع بین الصحیحین میں سلامٌ علیک اور سلامٌ علینا کا لفظ بغیر الف لام کے مگر اس کو جامع الاصول والے نے ترمذی سے روایت کیا ہے۔

+ + + + + +

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## فصل ثانی

۸۵۰/۵ عَنْ وَّائِلِ بْنِ حُجْرٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثُمَّ جَلَسَ فَافْتَرَشَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُسْرٰى وَمَدَّ مِرْفَقَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى وَقَبَضَ ثِنْتَيْنِ وَحَلَّقَ حَلْقَةً ثُمَّ رَفَعَ اِصْبَعَهُ فَرَاَيْتُهُ يُحَرِّكُهَا يَدْعُوْ بِهَا (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

وائل بن حجر سے روایت ہے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ فرمایا پھر حضرت بیٹھے اور اپنا بایاں پاؤں بچھایا اور اپنا بایاں ہاتھ بائیں ران پر رکھا اور اپنی داہنی کہنی الگ رکھی اپنی دائیں ران سے اور اپنی دونوں انگلیاں بند رکھیں اور حلقہ بنایا حلقہ بنانا پھر اپنی انگلی اٹھائی پس میں نے دیکھا اُن کو کہ ہلاتے تھے اس کو اور دُعا مانگتے تھے اس کے ساتھ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور دارمی نے)

۸۵۱/۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشِيْرُ بِاِصْبَعِهِ اِذَا دَعَا وَلَا يُحَرِّكُهَا۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ اَبُوْدَاوٗدَ وَلَا يُجَاوِزُ بَصَرُهُ اِشَارَتَهُ۔

عبداللہ بن زبیرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اشارہ فرماتے تھے اپنی انگلی کے ساتھ جس وقت کہ دعا کرتے اور نہ ہلاتے اس کو روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابوداؤد نے زیادہ کیا کہ اُن کی نظر تجاوز نہیں کرتی تھی اُن کے اشارہ سے۔

۸۵۲/۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اِنَّ رَجُلًا كَانَ يَدْعُوْ بِاِصْبَعَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحِدْ اَحِدْ۔

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق ایک شخص اشارہ کرتا تھا دو انگلیوں کے ساتھ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک اُنگلی کے ساتھ اشارہ کر ایک انگلی

besturdubooks.wordpress.com

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ الْكَبِيرِ۔

کے ساتھ اشارہ کر روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور نسائی نے اور بیہقی نے دعوات کبیر میں۔

۸۵۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَجْلِسَ الرَّجُلُ فِي الصَّلٰوةِ وَهُوَ مُعْتَمِدٌ عَلٰى يَدِهِ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ وَفِي رِوَايَةٍ لَّهُ نَهٰى أَنْ يَّعْتَمِدَ الرَّجُلُ عَلٰى يَدَيْهِ إِذَا نَهَضَ فِي الصَّلٰوةِ۔

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا یہ کہ آدمی نماز میں بیٹھے اور وہ تکیہ کرنے والا ہو اپنے ہاتھ پر روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ حضرتؐ نے منع فرمایا یہ کہ ٹیکے آدمی اپنے ہاتھوں پر جس وقت کہ اُٹھے نماز میں۔ +

۸۵۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُوْلَيَيْنِ كَأَنَّهُ عَلَى الرَّضْفِ حَتّٰى يَقُوْمَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلی دونوں رکعتوں میں اس طرح گویا کہ گرم پتھر پر بیٹھنے والے ہیں یہاں تک کہ کھڑے ہوتے روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو نسائی نے۔ +

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۸۵۵ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الصَّلَوٰتُ الطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ أَسْأَلُ اللّٰهَ الْجَنَّةَ وَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سکھاتے تھے تشہّد جیسے سکھاتے قرآن شریف کی سورت شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ اور اللہ تعالیٰ کی توفیق کیساتھ بندگی منہ سے کہنے کی واسطے خدا کے ہے اور بندگی بدن کی اور بندگی مال پاک کی بھی اللہ ہی کے لئے ہے سلام ہے تم پر اے نبی اور رحمت اللہ تعالیٰ کی اور برکتیں اس کی سلام ہے ہم پر اور اوپر بندوں نیک بخت اللہ کے میں گواہی دیتا ہوں کوئی معبود نہیں مگر اللہ تعالیٰ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمدؐ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں میں اللہ تعالیٰ سے جنت مانگتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں آگ سے (روایت کیا نسائی نے)

besturdubooks.wordpress.com

۸۵۶/۱۱ وَعَنْ نَّافِعٍ قَالَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ اِذَا جَلَسَ فِي الصَّلٰوةِ وَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ وَاَشَارَ بِاِصْبَعِهِ وَاَتْبَعَهَا بَصَرَهٗ ثُمَّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهِيَ اَشَدُّ عَلَى الشَّيْطَانِ مِنَ الْحَدِيْدِ يَعْنِي السَّبَّابَةَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

نافع رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا جس وقت عبداللہ بن عمر رضؓ نماز میں بیٹھتے۔ تو اپنے دونوں ہاتھ اپنے گھٹنوں پر رکھتے۔ اور اپنی انگل کے ساتھ اشارہ کرتے اور دیکھتے رہتے اپنی انگلی کو۔ پھر کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ بہت سخت ہے شیطان پر لوہے سے۔ کہا راوی نے اس سے مراد شہادت کی انگلی ہے۔

(روایت کیا ہے اس کو احمد نے۔)

۸۵۷/۱۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ كَانَ يَقُوْلُ مِنَ السُّنَّةِ اِخْفَاءُ التَّشَهُّدِ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے۔ کہا۔ سنت ہے تشہد آہستہ پڑھنا۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔ اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

\+ \+ \+

## بَابُ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَضْلِهَا

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے اور اس کی فضیلت کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۸۵۸/۱ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ لَقِيَنِيْ كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ فَقَالَ اَلَا اُهْدِيْ لَكَ هَدِيَّةً سَمِعْتُهَا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ بَلٰى فَاَهْدِ هَالِيْ فَقَالَ سَاَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ الصَّلٰوةُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ عَلَّمَنَا كَيْفَ نُسَلِّمُ عَلَيْكَ قَالَ قُوْلُوا اللّٰهُمَّ

عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کعب بن عجرہ نے مجھ سے ملاقات کی پس کہا کیا نہ بھیجوں میں واسطے تیرے تحفہ کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ پس میں نے کہا۔ ہاں پس بھیجو میرے لئے اس تحفہ کو۔ پس کہا کعبؓ نے پوچھا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پس کہا ہم نے اے اللہ کے رسول! کس طرح درود بھیجیں آپ پر ہم نبوت کے اہل بیت تحقیق اللہ تعالیٰ نے سکھائی ہے کیفیت سلام بھیجنے کی آپ پر۔ آپ نے فرمایا۔ کہو۔ اے اللہ رحمت بھیج محمد پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر جیسے

besturdubooks.wordpress.com

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اِلَّآ اَنَّ مُسْلِمًا لَّمْ يَذْكُرْ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ فِى الْمَوْضِعَيْنِ۔

کہ تو نے رحمت بھیجی ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔ اور ان کی آل پر۔ تحقیق تو تعریف کیا گیا ہے بزرگ ہے۔ اے اللہ تعالیٰ برکت نازل فرما۔ محمد پر۔ اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر۔ جیسے کہ تو نے برکت بھیجی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم پر۔ تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔ (متفق علیہ مگر مسلم نے نہیں ذکر کیا۔ علیٰ ابراہیم کو دونوں جگہ۔)

+ + +

+ + +

۸۵۹/۲ وَعَنْ اَبِىْ حُمَيْدِ ِالسَّاعِدِىِّ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ نُصَلِّىْ عَلَيْكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُوْلُوا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابو حمید رضؓ ساعدی سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا صحابہؓ نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ! کس طرح درود بھیجیں آپ پر۔ پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ کہو۔ کہ اے الٰہی رحمت بھیج (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر۔ اور ان کی بیبیوں پر اور ان کی اولاد پر جیسے رحمت بھیجی تو نے ابراہیم علیہ السلام پر۔ اور برکت بھیج (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر۔ اور ان کی بیبیوں پر۔ اور ان کی اولاد پر جیسے برکت بھیجی تو نے ابراہیم پر تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔ (متفق علیہ)

۸۶۰/۳ وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَىَّ صَلٰوةً وَّاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو کوئی درود بھیجے گا مجھ پر ایک دفعہ۔ اللہ تعالیٰ اس پر دس دفعہ رحمت بھیجے گا۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِىْ

## دوسری فصل

۸۶۱/۴ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَىَّ صَلٰوةً وَّاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوٰتٍ وَّحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ خَطِيْٓئَاتٍ

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو ایک دفعہ مجھ پر درود بھیجے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں بھیجے گا۔ اور بخشے جاویں گے اس کے دس گناہ اور اس کے دس درجے بلند کئے

وَّرُفِعَتْ لَهٗ عَشْرُ دَرَجٰتٍ۔
(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

جاویں گے۔ (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

+ + +

۸۶۲/۵ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْلَى النَّاسِ بِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگوں میں سے بہت قریب میرے قیامت کے دن اُن کے اکثر درود پڑھنے والے ہوں گے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۸۶۳/۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ مَلٰٓئِكَةً سَيَّاحِيْنَ فِي الْاَرْضِ يُبَلِّغُوْنِيْ مِنْ اُمَّتِيَ السَّلَامَ)
(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

اسی (ابن مسعود رضؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق اللہ تعالےٰ کے لئے فرشتے ہیں پھرنے والے پہنچاتے ہیں مجھ پر میری امت کی طرف سے سلام۔ روایت کیا ہے اس کو نسائی نے اور دارمی نے۔ +

۸۶۴/۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ اِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيَّ رُوْحِيْ حَتّٰى اَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ الْكَبِيْرِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نہیں کوئی کہ سلام بھیجے مجھ پر مگر کہ بھیجتا ہے مجھ پر اللہ تعالےٰ میری رُوح یہاں تک کہ جواب دیتا ہوں اس پر سلام کا۔
روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔ اور بیہقی نے دعوات کبیر میں۔

۸۶۵/۸ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قُبُوْرًا وَّلَا تَجْعَلُوْا قَبْرِيْ عِيْدًا وَّصَلُّوْا عَلَيَّ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ تَبْلُغُنِيْ حَيْثُ كُنْتُمْ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ کہ آپ فرماتے تھے کہ اپنے گھروں کو قبروں کی مانند نہ بناؤ۔ اور مت بناؤ میری قبر کو عید اور مجھ پر درود بھیجو۔ پس تحقیق درود تمہارا پہنچتا ہے مجھ پر تم جہاں ہو۔ روایت کیا اس کو نسائی نے

۸۶۶/۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ وَرَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ دَخَلَ عَلَيْهِ رَمَضَانُ ثُمَّ

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس شخص کی ناک خاک آلود ہو کہ میرا نام لیا گیا اس کے پاس پس مجھ پر درود نہ بھیجا اور اس شخص کی ناک خاک آلود ہو کہ اس پر رمضان آیا

besturdubooks.wordpress.com

اَلسُّلَمَ قَبْلَ اَنْ يُّغْفَرَ لَهٗ وَرَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ اَدْرَكَ عِنْدَهٗ اَبَوَاهُ الْكِبَرَ اَوْ اَحَدُهُمَا فَلَمْ يُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

پھر گزر گیا۔ پہلے اس کے کہ اس کی بخشش کی جاوے۔ اور اس شخص کی ناک خاک آلود ہو کہ اس کے پاس اس کے والدین نے بڑھاپے کو پایا یا ایک ان دونوں میں سے۔ پھر نہ داخل کیا انہوں نے اس کو بہشت میں (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۸۶۷/۱۰ وَعَنْ اَبِيْ طَلْحَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَآءَ ذَاتَ يَوْمٍ وَّالْبِشْرُ فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ اِنَّهٗ جَآءَنِيْ جِبْرَئِيْلُ فَقَالَ اِنَّ رَبَّكَ يَقُوْلُ اَمَا يُرْضِيْكَ يَا مُحَمَّدُ اَنْ لَّا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَّلَا يُسَلِّمُ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

ابوطلحہؓ سے روایت ہے۔ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ اور آپ کے چہرے مبارک میں خوشی معلوم ہوتی تھی پس آپ نے فرمایا۔ کہ میرے پاس جبریلؑ آیا۔ اور کہا تیرا پروردگار فرماتا ہے کیا نہیں راضی کرتا تجھ کو اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ کہ تجھ پر درود نہ بھیجے تیری امت میں سے کوئی مگر بھیجوں میں اوپر دس مرتبہ۔ اور نہیں کوئی سلام بھیجتا تیری امت میں سے مگر سلام بھیجتا ہوں میں اس پر دس مرتبہ۔ (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے۔ اور دارمی نے)

۸۶۸/۱۱ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُكْثِرُ الصَّلٰوةَ عَلَيْكَ فَكَمْ اَجْعَلُ لَكَ مِنْ صَلٰوتِيْ فَقَالَ مَا شِئْتَ قُلْتُ الرُّبُعَ قَالَ مَا شِئْتَ فَاِنْ زِدْتَّ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ النِّصْفَ قَالَ مَا شِئْتَ فَاِنْ زِدْتَّ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ فَالثُّلُثَيْنِ قَالَ مَا شِئْتَ فَاِنْ زِدْتَّ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ اَجْعَلُ لَكَ صَلٰوتِيْ كُلَّهَا قَالَ اِذًا تُكْفٰى هَمَّكَ وَيُكَفَّرُ لَكَ ذَنْبُكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابی بن کعب سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ میں نے کہا اے اللہ کے رسول! میں بہت بھیجتا ہوں درود آپ پر پس کتنا مقرر کروں آپ کے واسطے اپنی دعا سے پس آپ نے فرمایا جس قدر چاہے۔ میں نے کہا۔ چوتھائی۔ آپ نے فرمایا جس قدر چاہے تو پس اگر تو زیادہ کرے تو تیرے لئے وہ بہتر ہے۔ پس میں نے کہا۔ دو تہائی۔ فرمایا جسقدر تو چاہے۔ پس اگر تو زیادہ کرے گا۔ تو تیرے لئے بہتر ہے۔ میں نے کہا تین تہائی تو آپ نے فرمایا۔ اگر تو زیادہ کرے گا۔ تو تیرے لئے وہ بہتر ہے۔ میں نے کہا مقرر کیا میں نے اپنا سارا وقت دعا کا آپ پر درود کے لئے آپ نے فرمایا۔ اب کفایت کیا جاوے گا تو اپنے غموں سے اور بچھاڑے جاویں گے تیرے لئے تیرے گناہ۔ (ترمذی)

۸۶۹/۱۲ وَعَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فضالہؓ بن عبید سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ اس وقت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے۔ کہ

besturdubooks.wordpress.com

فَاعِدًا اِذْ دَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰى فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجِلْتَ اَيُّهَا الْمُصَلِّيْ اِذَا صَلَّيْتَ فَقَعَدْتَ فَاحْمَدِ اللّٰهَ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَصَلِّ عَلَيَّ ثُمَّ ادْعُهُ قَالَ ثُمَّ صَلّٰى رَجُلٌ اٰخَرُ بَعْدَ ذٰلِكَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَصَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّهَا الْمُصَلِّيْ ادْعُ تُجَبْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوٰى اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ نَحْوَهٗ۔

ناگہاں ایک شخص آیا۔ پس نماز پڑھی۔ اور کہا۔ یا الٰہی بخش مجھ کو اور مجھ پر رحم فرما۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تو نے جلدی کی۔ اے نماز پڑھنے والے جس وقت پڑھے تو نماز۔ پس بیٹھے پس تعریف کر اللہ تعالےٰ کی ساتھ اس چیز کے کہ وہ اس کے لائق ہے اور درود بھیج مجھ پر اور مانگ اللہ تعالےٰ سے جو چاہے کہا راوی نے پھر ایک اور شخص نے نماز پڑھی اس کے بعد پس اللہ تعالیٰ کی تعریف کی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا پس آپ نے اس کے لئے فرمایا اے نماز پڑھنے والے دعا کر قبول کی جاوے گی۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔ اور روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔ اور نسائی نے اس کی مانند۔

۸۷۰/۱۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنْتُ اُصَلِّيْ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ مَعَهٗ فَلَمَّا جَلَسْتُ بَدَاْتُ بِالثَّنَاءِ عَلَى اللّٰهِ ثُمَّ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ دَعَوْتُ لِنَفْسِيْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلْ تُعْطَهْ سَلْ تُعْطَهْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نماز پڑھتا تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف رکھتے تھے اور حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ ساتھ اُن کے حاضر تھے پس جب بیٹھا میں شروع کی میں نے تعریف اللہ تعالےٰ کی پھر درود بھیجا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر پھر دعا کی میں نے اپنے لئے پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مانگ دیا جائے گا مانگ دیا جائے گا۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۸۷۱/۱۴ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّكْتَالَ بِالْمِكْيَالِ الْاَوْفٰى اِذَا صَلّٰى عَلَيْنَا اَهْلَ الْبَيْتِ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ شخص کہ خوش لگے اُس کو یہ کہ دیا جاوے اُس کو ثواب پورے پیمانہ سے جس وقت کہ بھیجے درود ہم پر کہ اہل بیت نبوت کے ہیں پس چاہیئے کہ کہے اے اللہ رحمت بھیج حضرت محمد پر کہ نبی امی ہیں اور اُن کی بیبیوں

besturdubooks.wordpress.com

أَزْوَاجِهٖ وَأُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَأَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

پر کہ مومنوں کی مائیں ہیں اور اُن کی اولاد پر اور اُن کے اہل بیت پر جیسے تو نے رحمت بھیجی آل ابراہیمؑ پر تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۸۷۲/۱۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْبَخِيْلُ الَّذِيْ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ وَّقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ

حضرت علیؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سخت بخیل وہ ہے کہ جس کے پاس میرا ذکر کیا گیا پھر مجھ پر درود نہ بھیجا۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔ اور روایت کیا ہے اس کو احمد نے حسین بن علی سے۔ اور کہا ہے ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے

\+ \+ \+ \+

۸۷۳/۱۶ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ عِنْدَ قَبْرِيْ سَمِعْتُهٗ وَمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ نَائِيًا أُبْلِغْتُهٗ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی میری قبر پر درود بھیجے میں اس کو سنتا ہوں اور جو دور سے درود بھیجے پہنچایا جاتا ہوں اس کو۔

روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۸۷۴/۱۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَنْ صَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ سَبْعِيْنَ صَلٰوةً۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک مرتبہ درود بھیجا۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے ستر رحمتیں بھیجتا ہے۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے۔

۸۷۵/۱۸ وَعَنْ رُوَيْفِعٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّقَالَ اَللّٰهُمَّ أَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَجَبَتْ لَهٗ شَفَاعَتِيْ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

رویفعؓ سے روایت ہے۔ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو کوئی محمدؐ پر درود بھیجے اور کہے یا اللہ اُتار اس کو بیچ جگہ کے کہ مقرب ہے تیرے نزدیک قیامت کے دن واجب ہوتی ہے اس کے لئے شفاعت میری۔ (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

۸۷۶/۱۹ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى دَخَلَ نَخْلًا فَسَجَدَ فَأَطَالَ

عبدالرحمٰن بن عوف سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تک کہ داخل ہوئے کھجوروں کے باغ میں پس سجدہ کیا پس دراز کیا سجدہ پس ڈرا

besturdubooks.wordpress.com

السُّجُوْدَ حَتّٰى خَشِيْتُ اَنْ يَّكُوْنَ اللّٰهُ تَعَالٰى قَدْ تَوَفَّاهُ قَالَ فَجِئْتُ اَنْظُرُ فَرَفَعَ رَأْسَهٗ فَقَالَ مَالَكَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ قَالَ فَقَالَ اِنَّ جِبْرَئِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لِيْ اَلَا اُبَشِّرُكَ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُوْلُ لَكَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ صَلٰوةً صَلَّيْتُ عَلَيْهِ وَمَنْ سَلَّمَ عَلَيْكَ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

میں یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو فوت کر لیا ہے عبدالرحمٰن نے کہا پس آیا میں دیکھتا تھا پس اٹھایا آنحضرت ﷺ نے سر اپنا پس فرمایا کیا ہے تیرے لئے پس ذکر کیا میں نے یہ آپ ﷺ کے لئے راوی نے کہا حضرت ﷺ نے فرمایا کہ جبریل علیہ السلام نے مجھ کو کہا کیا نہ خوشخبری دوں تجھ کو کہ اللہ عزت والا بزرگی والا فرماتا ہے تیرے لئے کہ جو شخص درود بھیجے تجھ پر رحمت بھیجوں گا میں اس پر اور جو سلام بھیجے تجھ پر سلام بھیجوں گا میں اس پر۔

(روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

۸۷۷ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ اِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوْفٌ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَا يَصْعَدُ مِنْهُ شَيْءٌ حَتّٰى تُصَلِّيَ عَلٰى نَبِيِّكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عمر بن الخطاب رضؓ سے روایت ہے کہا تحقیق دعا ٹھہری رہتی ہے درمیان آسمان اور زمین کے نہیں چڑھتی اس میں سے کچھ یہاں تک کہ درود بھیجے تو اوپر نبی ﷺ اپنے کے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

# بَابُ الدُّعَآءِ فِي التَّشَهُّدِ

## تشہد میں دعا پڑھنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۸۷۸ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْا فِي الصَّلٰوةِ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ فَقَالَ لَهٗ قَآئِلٌ مَا اَكْثَرَ مَا تَسْتَعِيْذُ مِنَ الْمَغْرَمِ فَقَالَ اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دعا مانگتے نماز میں کہتے یا الٰہی میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے عذاب قبر سے اور پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ کانے دجال کے فتنہ سے اور پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ زندگی کے فتنے سے اور موت کے فتنے سے یا الٰہی میں پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ گناہ سے اور قرض سے پس کہا واسطے اس کے ایک کہنے والے نے بہت تعجب ہے پناہ مانگنا تمہارا قرض سے پس آپ نے فرمایا جس وقت آدمی قرضدار ہوتا ہے

besturdubooks.wordpress.com

غَرِمَ حَدَّثَ فَكَذَبَ وَوَعَدَ فَاَخْلَفَ
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پس بات کرتا ہے جھوٹ بولتا ہے اور وعدہ کرتا ہے خلاف کرتا ہے۔ (متفق علیہ)

۸۷۹/۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَرَغَ اَحَدُكُمْ مِّنَ التَّشَهُّدِ الْاٰخِرِ فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنْ اَرْبَعٍ مِّنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت فارغ ہو ایک تمہارا پچھلے تشہد سے پس چاہئے کہ پناہ پکڑے اللہ تعالیٰ کے ساتھ چار چیزوں سے دوزخ کے عذاب سے قبر کے عذاب سے اور زندگانی کے فتنہ سے اور مرنے کے فتنے سے اور مسیح دجال کی برائی سے۔
(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۸۸۰/۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمْ هٰذَا الدُّعَاءَ كَمَا يُعَلِّمُهُمُ السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ يَقُوْلُ قُوْلُوا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے کہ تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سکھاتے تھے صحابہ کرام کو اور اہل بیت کو یہ دعا جیسے قرآن شریف کی سورت سکھاتے تھے فرماتے تھے کہو یا الٰہی میں پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ دوزخ کے عذاب سے اور پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ قبر کے عذاب سے اور تیرے ساتھ پناہ مانگتا ہوں کانے دجال کے فتنے سے اور پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ زندگانی کے فتنے سے اور مرنے کے فتنے سے۔
(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۸۸۱/۴ وَعَنْ اَبِیْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِیْ دُعَاءً اَدْعُوْا بِهٖ فِیْ صَلٰوتِیْ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوبکر صدیق رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسولؐ سکھلاؤ مجھ کو دعا کہ اس کے ساتھ دعا مانگوں اپنی نماز میں آپ نے فرمایا کہہ یا الٰہی ظلم کیا میں نے اپنے نفس پر بہت اور نہیں بخشتا گناہوں کو کوئی مگر تو پس بخش مجھ کو بخشنا خاص نزدیک اپنے سے اور مجھ پر رحم فرما تحقیق تو بخشنے والا مہربان ہے۔
(متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۸۸۲/۵ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ اَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَعَنْ يَّسَارِهٖ حَتّٰى اَرٰى بَيَاضَ خَدِّهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عامر بن سعد سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ کہا تھا میں دیکھتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ سلام پھیرتے دائیں طرف اور بائیں طرف اپنے یہاں تک کہ دیکھتا میں آپ کے رخسارے کی سفیدی (روایت کیا ہے اسکو مسلم نے)

۸۸۳/۶ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰى صَلٰوةً اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سمرہ بن جندب سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت نماز پڑھ چکتے تو ہم پر متوجہ ہوتے اپنے چہرہ (مبارک) کے ساتھ روایت کیا ہے اس کو بخاری نے۔

۸۸۴/۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْصَرِفُ عَنْ يَّمِيْنِهٖ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انس رض سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے داہنے طرف سے پھرتے تھے روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۸۸۵/۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَا يَجْعَلْ اَحَدُكُمْ لِلشَّيْطَانِ شَيْئًا مِّنْ صَلٰوتِهٖ يَرٰى اَنَّ حَقًّا عَلَيْهِ اَنْ لَّا يَنْصَرِفَ اِلَّا عَنْ يَّمِيْنِهٖ لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثِيْرًا يَّنْصَرِفُ عَنْ يَّسَارِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن مسعود رض سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نہ مقرر کرے ایک تمہارا حصہ نماز اپنی میں واسطے شیطان کے اعتقاد کرے یہ کہ لازم ہے اس پر یہ کہ نہ پھرے مگر داہنے اپنے سے تحقیق دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ اکثر دفعہ پھرتے تھے بائیں طرف اپنی سے۔ (متفق علیہ)

۸۸۶/۹ وَعَنِ الْبَرَآءِ قَالَ كُنَّا اِذَا صَلَّيْنَا خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْبَبْنَا اَنْ تَكُوْنَ عَنْ يَّمِيْنِهٖ يُقْبِلُ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ قَالَ فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ رَبِّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ اَوْ تَجْمَعُ عِبَادَكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

براء رض سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھتے دوست رکھتے تھے ہم یہ کہ ہوں داہنی طرف حضرت کے تو متوجہ ہوں ہم پر ساتھ منہ اپنے کے کہا براء نے پس سنا میں نے حضرت کو کہ فرماتے تھے اے اللہ بچا مجھ کو عذاب اپنے سے اس دن کہ اٹھاویگا یا جمع کریگا تو اپنے بندوں کو۔ روایت کیا مسلم نے

۸۸۷/۱۰ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ اِنَّ النِّسَآءَ

ام سلمہ رض سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق

besturdubooks.wordpress.com

فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنَّ اِذَا سَلَّمْنَ مِنَ الْمَكْتُوْبَةِ قُمْنَ وَثَبَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ صَلّٰى مِنَ الرِّجَالِ مَا شَآءَ اللّٰهُ فَاِذَا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ الرِّجَالُ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ۔ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ جَابِرِ ابْنِ سَمُرَةَ فِيْ بَابِ الضَّحِكِ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

عورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تھیں جس وقت کہ سلام پھیرتیں فرض نماز سے کھڑی ہوتیں اور بیٹھے رہتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جو شخص کہ نماز پڑھتا مردوں سے جس قدر کہ چاہتا اللہ تعالےٰ پس جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوتے کھڑے ہوتے مرد۔ ✣ ✣ ✣ ✣

روایت کیا ہے اس کو بخاری نے۔ اور ذکر کریں گے ہم حدیث جابر بن سمرہ کی باب الضحک میں انشاء اللہ تعالےٰ۔ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۸۸۸/۱۱ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ اَخَذَ بِيَدِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ لَاُحِبُّكَ يَا مُعَاذُ فَقُلْتُ وَاَنَا اُحِبُّكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَلَا تَدَعْ اَنْ تَقُوْلَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ رَبِّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ اِلَّا اَنَّ اَبَا دَاوٗدَ لَمْ يَذْكُرْ قَالَ مُعَاذٌ وَّاَنَا اُحِبُّكَ۔

معاذ بن جبل رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میرا ہاتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پکڑا پس آپؐ نے فرمایا تحقیق میں دوست رکھتا ہوں تجھ کو اے معاذؓ پس کہا میں نے میں بھی دوست رکھتا ہوں آپؐ کو اے اللہ کے رسولؐ فرمایا کہ جب دوست رکھتا ہے تو مجھ کو پس نہ چھوڑ اس کو کہ کہے تو ہر نماز کے بعد اے رب میرے مدد کر تو میری اوپر ذکر کرنے اپنے کے اور شکر کرنے اپنے کے اور اچھی کرنے عبادت اپنی کے روایت کیا ہے اس کو احمد، ابوداؤد، نسائی نے مگر یہ کہ ابوداؤد نے نہیں ذکر کیا یہ لفظ کہ کہا معاذ نے انا احبک

۸۸۹/۱۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ عَنْ يَّمِيْنِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضُ خَدِّهِ الْاَيْمَنِ وَعَنْ يَّسَارِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضُ خَدِّهِ

عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے سلام پھیرتے اپنے داہنے طرف اور آپ کہتے السلام علیکم ورحمۃ اللہ یہاں تک کہ دکھلائی دیتی سفیدی داہنے رخسار اُن کے کی اور سلام پھیرتے بائیں طرف اپنے اور کہتے السلام علیکم ورحمۃ اللہ یہاں تک کہ دکھلائی دیتی سفیدی بائیں رخسار اُن کے کی

besturdubooks.wordpress.com

الْاَيْسَرِ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَ النَّسَائِيُّ وَلَمْ يَذْكُرِ التِّرْمِذِيُّ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضُ خَدِّهٖ۔ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ۔

روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور نسائی نے۔ اور نہیں ذکر کیا اس کو ترمذی نے حتّٰی یُرٰی بیاض خدّہ اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے عمار بن یاسر سے۔

۸۹۰/۱۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ اَكْثَرُ انْصِرَافِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ صَلٰوتِهٖ اِلٰى شِقِّهِ الْاَيْسَرِ اِلٰى حُجْرَتِهٖ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تھا بہت پھرنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی نماز سے جانب بائیں کی طرف حجرہ سے اپنے کے۔ روایت کیا ہے اس کو شرح السنہ میں۔

۸۹۱/۱۴ وَعَنْ عَطَاءِ نِ الْخُرَاسَانِيِّ عَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُصَلِّي الْاِمَامُ فِي الْمَوْضِعِ الَّذِيْ صَلّٰى فِيْهِ حَتّٰى يَتَحَوَّلَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ عَطَاءُ نِ الْخُرَاسَانِيُّ لَمْ يُدْرِكِ الْمُغِيْرَةَ۔

عطاء خراسانی سے روایت ہے وہ مغیرہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ نہ نماز پڑھے امام اُس جگہ کہ نماز پڑھ چکا ہے اس میں۔ یہاں تلک کہ سرک جاوے۔

روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور کہا ابوداؤد نے کہ عطاء خراسانی نے نہیں مُلاقات کی مغیرہ سے۔

۸۹۲/۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَضَّهُمْ عَلَى الصَّلٰوةِ وَنَهٰهُمْ اَنْ يَّنْصَرِفُوْا قَبْلَ انْصِرَافِهٖ مِنَ الصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

انس رضؓ سے روایت ہے۔ کہ تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے رغبت دلاتے صحابہ کرام کو نماز پر۔ اور منع فرمایا ان کو کہ پھریں وہ پہلے آنحضرت ﷺ کے پھرنے سے نماز سے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۸۹۳/۱۶ عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ صَلٰوتِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْاَمْرِ وَالْعَزِيْمَةَ عَلَى الرُّشْدِ وَاَسْاَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَاَسْاَلُكَ قَلْبًا سَلِيْمًا

شداد بن اوس سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے نماز اپنی میں یا الٰہی میں مانگتا ہوں تجھ سے ثابت رہنا دین کے مقدمہ میں اور قصد کرنا ہدایت پر اور سوال کرتا ہوں تجھ سے شکر نعمت تیری کا اور خوبی بندگی تیری کی اور سوال کرتا ہوں تجھ سے دل سالم اور زبان سچی کا اور مانگتا ہوں تجھ سے

besturdubooks.wordpress.com

وَّلِسَانًا صَادِقًا وَّاَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَرَوٰى اَحْمَدُ نَحْوَهٗ)

بھلائی جو کہ جانتا ہے تو اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے برائی اس چیز کی سے کہ تو جانتا ہے اور تجھ سے بخشش مانگتا ہوں واسطے ان گناہوں کے کہ جانتا ہے تو۔ روایت کیا ہے اس کو نسائی نے اور روایت کیا ہے احمد نے اس کے مانند

۸۹۴/۱۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ صَلٰوتِهٖ بَعْدَ التَّشَهُّدِ اَحْسَنُ الْكَلَامِ كَلَامُ اللّٰهِ وَاَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے تھے اپنی نماز میں بعد التحیات کے بہترین کلاموں کا کلام اللہ تعالےٰ کا کلام ہے اور بہترین طریقوں کا طریقہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

۸۹۵/۱۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ فِي الصَّلٰوةِ تَسْلِيْمَةً تِلْقَاءَ وَجْهِهٖ ثُمَّ يَمِيْلُ اِلَى الشِّقِّ الْاَيْمَنِ شَيْئًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھیرتے تھے نماز میں ایک سلام سامنے منہ اپنے کے پھر جھکتے طرف دائیں جانب کے تھوڑا (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۸۹۶/۱۹ وَعَنْ سَمُرَةَ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَّرُدَّ عَلَى الْاِمَامِ وَنَتَحَابَّ وَاَنْ يُّسَلِّمَ بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

سمرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ حکم کیا ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ نیت کریں ہم وقت سلام پھیرنے کے جواب سلام امام کی۔ اور یہ کہ محبت کریں ہم آپس میں اور یہ کہ سلام کرے بعض ہم میں کا بعض کو (ابوداؤد)

# بَابُ الذِّكْرِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ

## نماز کے بعد ذکر اور دُعا کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۸۹۷/۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ اَعْرِفُ انْقِضَاءَ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالتَّكْبِيْرِ۔

ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ تھا میں پہچانتا تمام ہونا نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کا ساتھ کہنے اللہ اکبر کے۔

besturdubooks.wordpress.com

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۸۹۸/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ لَمْ يَقْعُدْ اِلَّا مِقْدَارَ مَا يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

متفق علیہ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہ جب سلام پھیرتے۔ نہ بیٹھتے مگر مقدار اس چیز کے کہ کہتے۔ یا الٰہی تو ہے سالم اور تجھ ہی سے ہے سلامتی بابرکت ہے تو اے صاحب بزرگی اور بخشش کے۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۸۹۹/۳ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا انْصَرَفَ مِنْ صَلٰوتِهِ اِسْتَغْفَرَ ثَلٰثًا وَّقَالَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ثوبان رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے پھرتے نماز اپنی سے استغفار کرتے تین مرتبہ۔ اور کہتے۔ یا الٰہی تو ہے سلام اور تجھ ہی سے سلامتی بابرکت ہے تو اے صاحب بزرگی اور بخشش کے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۹۰۰/۴ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ مَّكْتُوْبَةٍ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ - (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے۔ تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہتے۔ پیچھے ہر نماز فرض کے۔ نہیں کوئی معبود مگر اللہ تعالےٰ اکیلا۔ نہیں کوئی شریک اس کا اسی کے لئے ہے بادشاہت۔ اور اسی کے لئے ہے تعریف اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ یا الٰہی نہیں کوئی مانع واسطے اس چیز کے کہ دی تو نے۔ اور نہیں کوئی دینے والا اس چیز کو کہ منع کرے تو۔ اور نہیں فائدہ دیتی دولت مند کو تیرے عذاب سے دولت مندی۔

۹۰۱/۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ مِنْ صَلٰوتِهِ يَقُوْلُ بِصَوْتِهِ الْاَعْلٰى لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا

متفق علیہ

عبداللہ بن زبیر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت نماز سے سلام پھیرتے تھے۔ کہتے بلند آواز کے ساتھ۔ نہیں کوئی معبود مگر اللہ تعالےٰ اکیلا۔ نہیں کوئی شریک اس کا۔ اسی کے لئے ہے بادشاہت اور اسی کے لئے ہے سب تعریف اور وہ ہر چیز پر قادر ہے نہیں بازگشت گناہوں سے۔ اور نہیں قوت عبادت پر مگر

besturdubooks.wordpress.com

بِاللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَآءُ الْحَسَنُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ساتھ اللہ تعالیٰ کے نہیں کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ اور نہیں عبادت کرتے ہم کسی کی مگر اُسی کی اسی کے لئے ہے نعمت اور اسی کے لئے بزرگی اور اسی کیلئے ہے تعریف نیک نہیں کوئی معبود مگر اللہ خالص کرنیوالے ہیں ہم واسطے اُسکے بندگی کو اگرچہ بُرا جانیں کافر (مسلم)

۹۰۲ وَعَنْ سَعْدٍ اَنَّهٗ كَانَ يُعَلِّمُ بَنِيْهِ هٰٓؤُلَآءِ الْكَلِمَاتِ وَيَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ بِهِنَّ دُبُرَ الصَّلٰوةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سعدؓ سے روایت ہے تحقیق وہ اپنی اولاد کو ان الفاظ کی تعلیم دیتے تھے اور کہتے تھے تحقیق پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے پناہ پکڑتے ان لفظوں کے ساتھ نماز کے پیچھے یا الٰہی تحقیق پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے نامردی سے اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے بخیلی سے اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے ناکارہ عمر سے اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے دنیا کے فتنے سے اور قبر کے عذاب سے۔

∴ روایت کیا ہے اس کو بخاری نے۔ ∴ ∴

۹۰۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اِنَّ فُقَرَآءَ الْمُهَاجِرِيْنَ اَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا قَدْ ذَهَبَ اَهْلُ الدُّثُوْرِ بِالدَّرَجَاتِ الْعُلٰى وَالنَّعِيْمِ الْمُقِيْمِ فَقَالَ وَمَا ذَاكَ قَالُوْا يُصَلُّوْنَ كَمَا نُصَلِّيْ وَيَصُوْمُوْنَ كَمَا نَصُوْمُ وَيَتَصَدَّقُوْنَ وَلَا نَتَصَدَّقُ وَيُعْتِقُوْنَ وَلَا نُعْتِقُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَلَا اُعَلِّمُكُمْ شَيْئًا تُدْرِكُوْنَ بِهٖ مَنْ سَبَقَكُمْ وَتَسْبِقُوْنَ بِهٖ مَنْ بَعْدَكُمْ وَلَا يَكُوْنُ اَحَدٌ اَفْضَلَ مِنْكُمْ اِلَّا مَنْ صَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُمْ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ تُسَبِّحُوْنَ وَتُكَبِّرُوْنَ وَتَحْمَدُوْنَ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ تحقیق فقراء مہاجرین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے پس انہوں نے کہا تحقیق لے گئے دولت والے درجے بلند اور نعمت ہمیشگی کی پس آپ نے فرمایا کیا سبب عرض کیا فقراء نے نماز پڑھتے ہیں وہ جیسے ہم نماز پڑھتے ہیں اور روزہ رکھتے ہیں وہ جیسے ہم روزہ رکھتے ہیں اور وہ صدقہ دیتے ہیں اور ہم نہیں صدقہ دیتے اور وہ آزاد کرتے ہیں۔ اور ہم نہیں آزاد کرتے پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ سکھلاؤں تم کو ایک ایسی چیز کہ پہنچ جاؤ بہ سبب اس کے درجے اُن کے کو کہ بڑھ گئے ہیں تم سے اور بڑھ جاؤ تم بہ سبب اس کے اُن لوگوں پر کہ پیچھے تمہارے ہیں اور نہ ہوگا کوئی (اغنیاء سے) بہتر تم سے مگر وہ شخص کرے مانند اس چیز کی کہ کرو تم انہوں نے کہا بہتر فرمایئے یا رسول اللہ آپ نے فرمایا سبحان اللہ پڑھو اور اللہ اکبر پڑھو

besturdubooks.wordpress.com

ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ مَرَّةً قَالَ اَبُوْ صَالِحٍ فَرَجَعَ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا سَمِعَ اِخْوَانُنَا اَهْلُ الْاَمْوَالِ بِمَا فَعَلْنَا فَفَعَلُوْا مِثْلَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔ وَلَيْسَ قَوْلُ اَبِيْ صَالِحٍ اِلٰى اٰخِرِهٖ اِلَّا عِنْدَ مُسْلِمٍ وَّ فِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ تُسَبِّحُوْنَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ عَشْرًا وَّتَحْمَدُوْنَ عَشْرًا وَّتُكَبِّرُوْنَ عَشْرًا اَبْدَلَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ۔

اور الحمد للہ پڑھو۔ پیچھے ہر نماز کے تینتیس مرتبہ۔ ابو صالح نے کہا تحقیق پھر آئے فقراء مہاجرین طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے۔ پس عرض کیا انہوں نے۔ کہ سنا بھائیوں ہمارے نے جو مالدار ہیں اس چیز کو۔ کہ کی ہم نے۔ پس کیا انہوں نے اس کی مانند۔ پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ یہ فضل اللہ تعالیٰ کا ہے۔ دیتا ہے جس کو چاہتا ہے۔ متفق علیہ اور نہیں قول ابی صالح کا۔ آخر تک مگر نزدیک مسلم کے اور بخاری کی ایک روایت میں ہے۔ کہ سبحان اللہ پڑھو۔ پیچھے ہر نماز کے دس مرتبہ اور اللہ اکبر پڑھو دس مرتبہ اور الحمد للہ پڑھو دس مرتبہ۔ بدلے تینتیس مرتبہ کے۔

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۹۰۴/۸ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعَقِّبَاتٌ لَّا يَخِيْبُ قَائِلُهُنَّ اَوْ فَاعِلُهُنَّ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ مَّكْتُوْبَةٍ ثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَسْبِيْحَةً وَّثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَحْمِيْدَةً وَّ اَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَكْبِيْرَةً۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

کعبؓ بن عجرہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کتنے الفاظ ہیں۔ ہر نماز کے پیچھے کہنے کے کہ نا امید نہیں ہوتا۔ ثواب سے۔ کہنے والا اُن کا۔ یا فرمایا۔ کرنے والا اُن کا۔ پیچھے ہر نماز فرض کے تینتیس مرتبہ سبحان اللہ کہنا۔ تینتیس بار الحمد للہ کہنا۔ اور چونتیس مرتبہ اللہ اکبر کہنا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۹۰۵/۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَبَّحَ اللّٰهَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ ثَلٰثًا وَّ ثَلٰثِيْنَ وَحَمِدَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَ كَبَّرَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ فَتِلْكَ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ وَقَالَ تَمَامُ الْمِائَةِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ غُفِرَتْ خَطَايَاهُ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ

ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ جو شخص کہ سبحان اللہ کہے پیچھے ہر نماز کے تینتیس مرتبہ اور الحمد للہ کہے تینتیس مرتبہ اور اللہ اکبر کہے تینتیس بار۔ پس یہ ننانوے ہوئے اور کہے۔ واسطے پورا کرنے سیکڑے کے۔ یہ کلمہ۔ کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ اکیلا۔ نہیں شریک اس کا کوئی۔ اسی کے لئے ہے بادشاہت اور اسی کے لئے ہے سب تعریف اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ بخشے جاویں گے گناہ اس کے اگرچہ ہوں مانند جھاگ دریا کے۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم

besturdubooks.wordpress.com

الْبَحْرِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۹۰۶/۱۰ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الدُّعَاءِ اَسْمَعُ قَالَ جَوْفَ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ وَدُبُرَ الصَّلَوٰتِ الْمَكْتُوْبَاتِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوامامہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا عرض کیا گیا یا رسول اللہ کون سے وقت دعا بہت قبول ہوتی ہے فرمایا درمیان رات میں کہ جانب اخیر میں ہے اور فرض نمازوں کے پیچھے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۹۰۷/۱۱ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقْرَاَ بِالْمُعَوِّذَاتِ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ۔

عقبہؓ بن عامر سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ حکم کیا مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پڑھوں میں معوذات پیچھے ہر نماز کے۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور بیہقی نے دعوات کبیر میں۔

۹۰۸/۱۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ اَقْعُدَ مَعَ قَوْمٍ يَّذْكُرُوْنَ اللّٰهَ مِنْ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اُعْتِقَ اَرْبَعَةً مِّنْ وُّلْدِ اِسْمٰعِيْلَ وَلَاَنْ اَقْعُدَ مَعَ قَوْمٍ يَّذْكُرُوْنَ اللّٰهَ مِنْ صَلٰوةِ الْعَصْرِ اِلٰى اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اُعْتِقَ اَرْبَعَةً۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیٹھنا میرا ساتھ ایک قوم کے کہ یاد کریں اللہ تعالیٰ کو صبح کی نماز کے بعد آفتاب نکلنے تک بہت بہتر ہے نزدیک میرے اس سے کہ آزاد کروں میں چار غلام اولاد حضرت اسماعیل علیہ السلام کی سے۔ اور البتہ بیٹھنا میرا ساتھ اس قوم کے کہ یاد کریں اللہ تعالیٰ کو نماز عصر کے بعد سے آفتاب غروب ہونے تک بہت بہتر ہے نزدیک میرے اس سے کہ آزاد کروں چار غلام۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۹۰۹/۱۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى الْفَجْرَ فِيْ جَمَاعَةٍ ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللّٰهَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ لَهٗ كَاَجْرِ حَجَّةٍ وَّعُمْرَةٍ قَالَ قَالَ

انہیں (انسؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص نماز پڑھے فجر کی جماعت میں پھر بیٹھے یاد کرے اللہ تعالیٰ کو آفتاب نکلنے تک پھر پڑھے دو رکعت نماز ہوگا ثواب اس کے لئے مانند ثواب حج کے اور عمرے کے راوی نے کہا۔

besturdubooks.wordpress.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَامَّةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پورے حج اور عمرے کا پورے حج اور عمرے کا پورے حج اور عمرے کا۔ روایت کیا ہے ترمذی نے

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۹۱۰/۱۴ عَنِ الْاَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ صَلّٰى بِنَا اِمَامُنَا يُكْنٰى اَبَا رِمْثَةَ قَالَ صَلَّيْتُ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ اَوْ مِثْلَ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ يَقُوْمَانِ فِي الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَكَانَ رَجُلٌ قَدْ شَهِدَ التَّكْبِيْرَةَ الْاُوْلٰى مِنَ الصَّلٰوةِ فَصَلّٰى نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَلَّمَ عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَعَنْ يَّسَارِهٖ حَتّٰى رَاَيْنَا بَيَاضَ خَدَّيْهِ ثُمَّ انْفَتَلَ كَانْفِتَالِ اَبِيْ رِمْثَةَ يَعْنِيْ نَفْسَهٗ فَقَامَ الرَّجُلُ الَّذِيْ اَدْرَكَ مَعَهُ التَّكْبِيْرَةَ الْاُوْلٰى مِنَ الصَّلٰوةِ يَشْفَعُ فَوَثَبَ عُمَرُ فَاَخَذَ بِمَنْكِبَيْهِ فَهَزَّهٗ ثُمَّ قَالَ اجْلِسْ فَاِنَّهٗ لَمْ يَهْلِكْ اَهْلُ الْكِتَابِ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ بَيْنَ صَلٰوتِهِمْ فَصْلٌ فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهٗ فَقَالَ اَصَابَ اللّٰهُ بِكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ازرق بن قیس سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا ہم کو نماز پڑھائی امام ہمارے نے کہ کنیت تھی اس کی ابو رمثہ کہا ابو رمثہ نے کہ پڑھی میں نے یہ نماز یا مانند اس نماز کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا ابو رمثہؓ نے اور تھے حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کھڑے ہوتے پہلی صف میں داہنی طرف آنحضرت کے اور تھا ایک شخص کہ تحقیق حاضر ہوا تھا تکبیر پہلی میں نماز سے پس نماز پڑھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر سلام پھیرا داہنے طرف اپنے اور بائیں طرف اپنے یہاں تک کہ دیکھی ہم نے سفیدی رخساروں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کی پھر پھرے نماز اپنی سے مانند پھرنے ابی رمثہ کے مراد رکھتا تھا "اپنے نفس کو پس کھڑا ہوا وہ شخص کہ جس نے پائی تھی ساتھ آنحضرت کے تکبیر اولیٰ نماز سے شروع کیں دو رکعتیں پس جلدی سے اٹھ کھڑے ہوئے حضرت عمرؓ پس پکڑے دونوں مونڈھے اس کے پس ہلایا اس کو پھر فرمایا کہ بیٹھ اس لئے کہ نہیں ہلاک ہوئے اہل کتاب مگر کہ نہ تھا درمیان اُن کی نماز کے فرق پس اٹھائی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نگاہ اپنی پس آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے پہنچایا تجھ کو راہ حق پر اے خطاب کے بیٹے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے

⁂ ⁂ ⁂ ⁂ ⁂ ⁂

⁂ ⁂ ⁂ ⁂ ⁂ ⁂

۹۱۱/۱۵ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ اُمِرْنَا اَنْ نُّسَبِّحَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ ثَلٰثًا وَّ

زید بن ثابتؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا حکم کیا گیا ہم کو یہ کہ تسبیح کریں ہم پیچھے ہر نماز کے تینتیس مرتبہ اور

besturdubooks.wordpress.com

ثَلٰثِيْنَ وَنَحْمَدَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَنُكَبِّرَ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِيْنَ فَاُتِيَ رَجُلٌ فِي الْمَنَامِ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقِيْلَ لَهٗ اَمَرَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُسَبِّحُوْا فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ كَذَا وَكَذَا قَالَ الْاَنْصَارِيُّ فِيْ مَنَامِهٖ نَعَمْ قَالَ فَاجْعَلُوْهَا خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ وَاجْعَلُوْا فِيْهَا التَّهْلِيْلَ فَلَمَّا اَصْبَحَ غَدَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَافْعَلُوْا۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

۹۱۲/۱۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَعْوَادِ هٰذَا الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ مَنْ قَرَاَ اٰيَةَ الْكُرْسِيِّ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ لَمْ يَمْنَعْهُ مِنْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا الْمَوْتُ وَمَنْ قَرَاَهَا حِيْنَ يَاْخُذُ مَضْجَعَهٗ اَمَّنَهُ اللّٰهُ عَلٰى دَارِهٖ وَدَارِ جَارِهٖ وَاَهْلِ دُوَيْبَّاتٍ حَوْلَهٗ۔ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ اِسْنَادُهٗ ضَعِيْفٌ

۹۱۳/۱۷ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ قَبْلَ اَنْ يَّنْصَرِفَ وَيَثْنِيَ رِجْلَيْهِ مِنْ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ وَالصُّبْحِ لَا اِلٰهَ

الحمد للہ تینتیس بار اور اللہ اکبر چونتیس دفعہ پس دیکھا ایک شخص نے انصار میں سے خواب میں ایک فرشتے کو۔ پس کہا اس فرشتے نے اس کو کہ حکم کیا ہے تم کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تسبیح کرو ہر نماز کے پیچھے اتنی اور اتنی کہا انصاری نے اپنی خواب میں ہاں اس فرشتے نے کہا کہ مقرر کرو ان تینوں کلمات کو پچیس پچیس مرتبہ اور داخل کرو اس میں لا الہ الا اللہ پچیس بار جب صبح ہوئی آیا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس خبر دی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پس عمل کرو اسی طرح

(روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور روایت کیا ہے اس کو نسائی نے اور روایت کیا ہے اس کو دارمی نے)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اوپر لکڑیوں کے اس منبر کے فرماتے تھے جو پڑھے آیۃ الکرسی پیچھے ہر نماز کے نہیں منع کرتی اس کو داخل ہونے بہشت کے سے مگر موت اور جو پڑھے اس کو اس وقت کہ جاوے خواب گاہ اپنی میں امن دیتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ اس کے گھر پر اور اس کے ہمسایہ کے گھر کو اور کتنے گھر گرد اس کے۔

روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا کہ اسناد اس کی ضعیف ہے

عبدالرحمٰن بن غنم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے نقل کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا جو شخص کہے پہلے پھرنے کے جگہ نماز سے اور پہلے موڑنے پاؤں اپنے کے نماز مغرب اور صبح سے نہیں کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ

besturdubooks.wordpress.com

إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ
وَلَهُ الْحَمْدُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ
كُتِبَ لَهٗ بِكُلِّ وَاحِدٍ عَشْرُ حَسَنَاتٍ
وَّمُحِيَتْ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ وَّرُفِعَ لَهٗ
عَشْرُ دَرَجَاتٍ وَّكَانَتْ لَهٗ حِرْزًا مِّنْ
كُلِّ مَكْرُوْهٍ وَّحِرْزًا مِّنَ الشَّيْطَانِ
الرَّجِيْمِ وَلَمْ يَحِلَّ لِذَنْبٍ اَنْ يُّدْرِكَهٗ
اِلَّا الشِّرْكُ وَكَانَ مِنْ اَفْضَلِ النَّاسِ
عَمَلًا اِلَّا رَجُلًا يَّفْضُلُهٗ يَقُوْلُ اَفْضَلَ
مِمَّا قَالَ - رَوَاهُ اَحْمَدُ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ
نَحْوَهٗ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اِلٰى قَوْلِهٖ اِلَّا الشِّرْكُ
وَلَمْ يَذْكُرْ صَلٰوةَ الْمَغْرِبِ وَلَا بِيَدِهِ
الْخَيْرُ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ
۹۱۴/۱۸ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّ النَّبِيَّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا قِبَلَ
نَجْدٍ فَغَنِمُوْا غَنَائِمَ كَثِيْرَةً وَّاَسْرَعُوا
الرَّجْعَةَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَّا لَمْ نَرَ بَعْثًا
مَا رَاَيْنَا بَعْثًا اَسْرَعَ رَجْعَةً وَّلَا اَفْضَلَ
غَنِيْمَةً مِّنْ هٰذَا الْبَعْثِ فَقَالَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى
قَوْمٍ اَفْضَلَ غَنِيْمَةً وَّاَفْضَلَ رَجْعَةً
قَوْمٌ شَهِدُوا الصُّبْحَ ثُمَّ جَلَسُوْا
يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ حَتّٰى طَلَعَتِ الشَّمْسُ
فَاُولٰٓئِكَ اَسْرَعُ رَجْعَةً وَّاَفْضَلُ
غَنِيْمَةً - رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا

کہ اکیلا ہے نہیں کوئی شریک اس کا اس کیلئے ہے بادشاہت
اور اسی کے لئے ہے سب تعریف اسی کے ہاتھ میں ہے بھلائی وہ
زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہر شی پر قادر ہے دس بار
لکھی جاتی ہیں واسطے اس کے ساتھ ہر ایک کے دس نیکیاں
اور دُور کی جاتی ہیں اس سے دس برائیاں اور بلند کئے جاتے
ہیں واسطے اس کے دس درجے اور ہوتے ہیں یہ کلمات واسطے
اس کے امان ہر بُری چیز سے اور پناہ شیطان راندے ہوئے
سے اور نہیں پہنچتا واسطے کسی گناہ کے یہ کہ ہلاک کرے
اس کو مگر شرک اور ہوگا بہترین لوگوں کا از رُوئے عمل کے مگر وہ
شخص کہ زیادہ ہوئے اس سے یعنی زیادہ کہے اس چیز سے کہ
کہا اس نے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور
روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے مانند اس کے ابوذرؓ سے
قول اُن کے الا الشرک تک اور نہیں ذکر کیا نماز مغرب کا اور
نہ لفظ بیدہ الخیر کا اور کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔)

حضرت عمر بن الخطاب سے روایت ہے کہ نبی اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجی فوج طرف ملک نجد کے پس
غنیمت لائے غنیمت بہت اور جلدی کی انہوں نے پھرنے
میں پس کہا ایک شخص نے ہم میں سے کہ نہ نکلا تھا نہیں دیکھی
ہم نے کوئی فوج کہ جلد ہو پھرنے میں اور زیادہ ہو غنیمت
میں اس فوج سے پس فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے
کیا نہ بتلاؤں میں تم کو ایک قوم کہ زیادہ ہو غنیمت میں اور زیادہ
ہو پھرنے میں مراد رکھتا ہوں وہ قوم کہ حاضر ہوئے
نماز صبح میں پھر بیٹھیں یاد کرتے رہیں اللہ تعالیٰ کو
یہاں تک کہ نکلا آفتاب پس یہ لوگ بہت جلد ہیں
پھرنے میں اور زیادہ ہیں غنیمت میں۔

روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

besturdubooks.wordpress.com

حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَّحَمَّادُ بْنُ اَبِيْ حُمَيْدٍ الرَّاوِيْ هُوَ ضَعِيْفٌ فِي الْحَدِيْثِ۔

عریب ہے اور حماد بن ابی حمید راوی وہ ضعیف ہے حدیث کے نقل کرنے میں۔

## بَابُ مَا لَا يَجُوْزُ مِنَ الْعَمَلِ فِي الصَّلٰوةِ وَمَا يُبَاحُ مِنْهُ

## نماز میں جائز اور ناجائز امور کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۹۱۵/۱ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ بَيْنَا اَنَا اُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ عَطَسَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَقُلْتُ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَرَمَانِي الْقَوْمُ بِاَبْصَارِهِمْ فَقُلْتُ وَاثُكْلَ اُمِّيَاهْ مَا شَاْنُكُمْ تَنْظُرُوْنَ اِلَيَّ فَجَعَلُوْا يَضْرِبُوْنَ بِاَيْدِيْهِمْ عَلٰى اَفْخَاذِهِمْ فَلَمَّا رَاَيْتُهُمْ يُصَمِّتُوْنَنِيْ لٰكِنِّيْ سَكَتُّ فَلَمَّا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبِاَبِيْ هُوَ وَاُمِّيْ مَا رَاَيْتُ مُعَلِّمًا قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ اَحْسَنَ تَعْلِيْمًا مِّنْهُ فَوَاللّٰهِ مَا كَهَرَنِيْ وَلَا ضَرَبَنِيْ وَلَا شَتَمَنِيْ قَالَ اِنَّ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ لَا يَصْلُحُ فِيْهَا شَيْءٌ مِّنْ كَلَامِ النَّاسِ اِنَّمَا هِيَ التَّسْبِيْحُ وَالتَّكْبِيْرُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ اَوْ كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ وَّقَدْ جَآءَنَا اللّٰهُ بِالْاِسْلَامِ وَاِنَّ مِنَّا رِجَالًا يَّاْتُوْنَ الْكُهَّانَ قَالَ فَلَا تَاْتِهِمْ

معاویہ رضی اللہ عنہ بن حکم سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ اس وقت کہ میں نماز پڑھتا تھا ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ناگہاں چھینکا ایک شخص نے قوم میں سے پس کہا میں نے یرحمک اللہ پس گھورا مجھ کو قوم نے ساتھ آنکھوں اپنی کے پس کہا میں نے گم کیجیو ماں میری کیا حال ہے تمہارا کہ دیکھتے ہو طرف میری پس شروع کیا قوم نے کہ مارتے تھے ہاتھ اپنے رانوں پر پس جب دیکھا میں نے اُن کو کہ چپ کراتے ہیں مجھ کو لیکن چپ رہا میں جب نماز پڑھ چکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پس قربان ہو باپ میرا اُن کے اور ماں میری نہیں دیکھا میں نے کسی سکھانے والے کو پہلے آنحضرت کے اور نہ پیچھے حضرت کے کہ بہت اچھا ہو سکھانے میں آنحضرت سے پس قسم اللہ کی نہ ڈانٹا مجھ کو اور نہ مارا مجھ کو نہ بُرا کہا مجھ کو فرمایا تحقیق یہ نماز نہیں لائق ہے اس میں کوئی چیز باتوں آدمیوں کی سے سوائے اس کے نہیں کہ نماز تسبیح اور تکبیر ہے اور پڑھنا قرآن کا ہے یا مانند اس کے فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق میں نو مسلم ہوں اور تحقیق دیا اللہ تعالیٰ نے ہم کو اسلام اور تحقیق ہم میں سے کتنے شخص ہیں کہ آتے ہیں کاہنوں کے پاس فرمایا حضرت نے پس مت جاؤ اُن کے پاس

besturdubooks.wordpress.com

قُلْتُ وَمِنَّا رِجَالٌ يَتَطَيَّرُونَ قَالَ ذَاكَ شَيْءٌ يَجِدُونَهُ فِي صُدُورِهِمْ فَلَا يَصُدَّنَّهُمْ قَالَ قُلْتُ وَمِنَّا رِجَالٌ يَخُطُّونَ قَالَ كَانَ نَبِيٌّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ يَخُطُّ فَمَنْ وَافَقَ خَطَّهُ فَذَاكَ - رَوَاهُ مُسْلِمٌ قَوْلُهُ لَكِنِّي سَكَتُّ. هٰكَذَا وَجَدْتُ فِي صَحِيحِ مُسْلِمٍ وَّكِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ وَصَحَّحَ فِي جَامِعِ الْأُصُولِ بِلَفْظَةِ كَذَا فَوْقَ لَكِنِّي۔

میں نے کہا اور ہم میں سے کتنے شخص ہیں کہ لیتے ہیں شگون بد فرمایا یہ ایک چیز ہے کہ پاتے ہیں اس کو اپنے دلوں میں پس باز نہ رکھے ان کو معاویہؓ نے کہا کہ کہا میں نے اور ہم میں سے کتنے شخص ہیں کہ خط کھینچتے ہیں فرمایا تھے ایک نبی انبیاء میں سے خط کھینچتے تھے پس جو شخص کہ موافق ہو خط اس کا اُس پیغمبر کے پس وُہ پہنچتا ہے اس بات کو روایت کیا اس کو مسلم نے کہا مؤلف نے کہ قول اس کا لکنی سکتُّ اسی طرح پایا میں نے صحیح مسلم میں اور حمیدی کی کتاب میں اور صحیح کہا گیا ہے یہ لفظ لکنی سکت کا جامع الاصول میں ساتھ لکھنے لفظ کذا کے اُوپر لکھنے کے

۹۱۶/۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ فَيَرُدُّ عَلَيْنَا فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ عِنْدِ النَّجَاشِيِّ سَلَّمْنَا عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْنَا فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَيْكَ فِي الصَّلٰوةِ فَتَرُدُّ عَلَيْنَا فَقَالَ إِنَّ فِي الصَّلٰوةِ لَشُغْلًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام کرتے تھے اور وُہ ہوتے نماز میں پس جواب دیتے ہم کو پس جب کہ پھر کر آئے ہم نجاشی کے پاس سے سلام کیا ہم نے اُن پر پس نہ جواب دیا ہم کو پس کہا ہم نے اے خدا کے رسول ہم سلام کرتے تھے آپؐ پر نماز میں پس جواب دیتے آپؐ ہم کو پس آپؐ نے فرمایا تحقیق نماز میں شغل ہے (متفق علیہ)

۹۱۷/۳ وَعَنْ مُعَيْقِيبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّجُلِ يُسَوِّي التُّرَابَ حَيْثُ يَسْجُدُ قَالَ إِنْ كُنْتَ فَاعِلًا فَوَاحِدَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

معیقیبؓ سے روایت ہے انہوں نے نقل کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیچ حق ایک شخص کے کہ برابر کرتا ہے مٹی سجدے کی جگہ میں فرمایا اگر ہے تو کرنے والا ضرور پس کر ایک بار۔ (متفق علیہ)

۹۱۸/۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَصْرِ فِي الصَّلٰوةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ رکھنے سے پہلو پر نماز میں۔ (متفق علیہ)

۹۱۹/۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اِدھر اُدھر

besturdubooks.wordpress.com

الْاِلْتِفَاتِ فِي الصَّلٰوةِ فَقَالَ هُوَ اخْتِلَاسٌ يَخْتَلِسُهُ الشَّيْطٰنُ مِنْ صَلٰوةِ الْعَبْدِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

دیکھنے سے نماز میں پس آپ نے فرمایا کہ وہ اچک لینا ہے اچک لیتا ہے اس کو شیطان بندے کی نماز سے۔ (متفق علیہ)

۹۲۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَنْتَهِيَنَّ اَقْوَامٌ عَنْ رَّفْعِهِمْ اَبْصَارَهُمْ عِنْدَ الدُّعَاءِ فِي الصَّلٰوةِ اِلَى السَّمَآءِ اَوْ لَتُخْطَفَنَّ اَبْصَارُهُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا البتہ باز رہیں لوگ اٹھانے نگاہ اپنی کے سے وقت دعا کے نماز میں طرف آسمان کی یا اچک جاویں گی آنکھیں ان کی (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۹۲۱ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَؤُمُّ النَّاسَ وَاُمَامَةُ بِنْتُ اَبِي الْعَاصِ عَلٰى عَاتِقِهٖ فَاِذَا رَكَعَ وَضَعَهَا وَاِذَا رَفَعَ مِنَ السُّجُوْدِ اَعَادَهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوقتادہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ امامت کرتے تھے لوگوں کی اور امامہ بیٹی ابوالعاص رضؓ کی ہوتی اوپر شانے آنحضرتؐ کے پس جس وقت رکوع کرتے بٹھا دیتے اور جس وقت کہ اٹھتے سجدے سے اٹھا لیتے اس کو اپنے پر (متفق علیہ)

۹۲۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَكْظِمْ مَا اسْتَطَاعَ فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ يَدْخُلُ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةِ الْبُخَارِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَكْظِمْ مَا اسْتَطَاعَ وَلَا يَقُلْ هَا فَاِنَّمَا ذٰلِكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ يَضْحَكُ مِنْهُ۔

ابوسعیدؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ جمائی لے ایک تمہارا نماز میں پس چاہئے کہ بند کرے جب تک کہ ہو سکے پس تحقیق شیطان گھس جاتا ہے روایت کیا ہے اس کو مسلم نے اور بخاری کی روایت میں ابوہریرہ رضؓ سے ہے آپؐ نے فرمایا جس وقت کہ جمائی لے ایک تمہارا نماز میں پس چاہئے کہ بند کرے جب تک کہ ہو سکے اور نہ کہے لفظ ہا کا سو تحقیق اس کے نہیں کہ یہ شیطان سے ہے ہنستا ہے وہ اس سے۔

۹۲۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عِفْرِيْتًا مِّنَ الْجِنِّ تَفَلَّتَ الْبَارِحَةَ لِيَقْطَعَ عَلَيَّ صَلَاتِيْ فَاَمْكَنَنِيَ اللّٰهُ مِنْهُ فَاَخَذْتُهٗ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق ایک دیو جنوں میں سے چھوٹ آیا آج کی رات تاکہ توڑے مجھ پر نماز میری پس قدرت دی مجھ کو اللہ تعالیٰ نے اس پر پس پکڑا میں نے

besturdubooks.wordpress.com

فَاَرَدْتُّ اَنْ اَرْبِطَهٗ عَلٰى سَارِيَةٍ مِّنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ حَتّٰى تَنْظُرُوْا اِلَيْهِ كُلُّكُمْ فَذَكَرْتُ دَعْوَةَ اَخِيْ سُلَيْمٰنَ رَبِّ هَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ فَرَدَدْتُّهٗ خَاسِئًا. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اس کو پس ارادہ کیا میں نے یہ کہ باندھ رکھوں اس کو ایک ستون سے ستونوں مسجد کے سے تاکہ دیکھو تم طرف اس کی سب پس یاد کی میں نے دعا بھائی اپنے سلیمان کی اے رب میرے بخش مجھ کو ملک کہ نہ لائق ہو واسطے کسی کے پیچھے میرے پس ہانکا میں نے اس کو خوار۔ (متفق علیہ)

۹۲۴ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّابَهٗ شَيْءٌ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَلْيُسَبِّحْ فَاِنَّمَا التَّصْفِيْقُ لِلنِّسَآءِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ التَّسْبِيْحُ لِلرِّجَالِ وَالتَّصْفِيْقُ لِلنِّسَآءِ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سہل بن سعدؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ درپیش آوے اس کو کچھ نماز میں پس چاہیئے کہ سبحان اللہ کہے پس سوائے اس کے کہ نہیں کہ دستک مارنی واسطے عورتوں کے ہے اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا سبحان اللہ کہنا واسطے مردوں کے اور دستک مارنی واسطے عورتوں کے۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۹۲۵ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ قَبْلَ اَنْ نَّاْتِيَ اَرْضَ الْحَبَشَةِ فَيَرُدُّ عَلَيْنَا فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ اَرْضِ الْحَبَشَةِ اَتَيْتُهٗ فَوَجَدْتُّهٗ يُصَلِّيْ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ حَتّٰى اِذَا قَضٰى صَلَاتَهٗ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ مِنْ اَمْرِهٖ مَا يَشَآءُ وَاِنَّ مِمَّا اَحْدَثَ اَنْ لَّا تَتَكَلَّمُوْا فِي الصَّلٰوةِ فَرَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ وَقَالَ اِنَّمَا الصَّلٰوةُ لِقِرَآءَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرِ اللّٰهِ فَاِذَا كُنْتَ فِيْهَا فَلْيَكُنْ ذٰلِكَ شَاْنُكَ. (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام کرتے تھے کہ وہ ہوتے نماز میں پہلے اس سے کہ آویں ہم حبشہ کی زمین میں پس جواب دیتے ہم کو سلام کا پس جبکہ پھر کر آئے ہم حبشہ کی زمین سے آیا میں اُن کے پاس پایا میں نے آنحضرت ﷺ کو نماز پڑھتے پس سلام کیا میں نے اُن پر پس نہ جواب دیا مجھ کو یہاں تک کہ جبوقت پڑھ چکے نماز اپنی فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ نئے بھیجتا ہے حکم اپنے سے جو چاہتا ہے اور تحقیق اس چیز سے کہ نیا حکم بھیجا ہے یہ ہے کہ نہ بولا کرو نماز میں پھر جواب دیا مجھ پر سلام کا اور فرمایا کہ سوائے اس کے نہیں کہ نماز واسطے قرآن کے اور ذکر خدا کے ہے پس جبوقت کہ ہووے تو نماز میں پس چاہیئے کہ ہووے یہ حال تیرا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۹۲۶/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قُلْتُ لِبِلَالٍ كَيْفَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرُدُّ عَلَيْهِمْ حِيْنَ كَانُوْا يُسَلِّمُوْنَ عَلَيْهِ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ قَالَ كَانَ يُشِيْرُ بِيَدِهٖ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِيْ رِوَايَةِ النَّسَائِيِّ نَحْوُهٗ وَعِوَضَ بِلَالٍ صُهَيْبٌ

ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا میں نے حضرت بلالؓ کو کہا۔ کہ کس طرح تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابیوں کو جواب دیتے۔ کہ جس وقت کہ سلام کرتے اُن پر اور وہ ہوتے نماز میں۔ انہوں نے کہا۔ کہ تھے اشارہ کرتے ساتھ ہاتھ اپنے کے۔ روایت کیا ہے۔ اس کو ترمذی نے۔ اور نسائی نے اس کی مانند اور بدلے بلالؓ کے صہیبؓ ہے۔

۹۲۷/۱۳ وَعَنْ رِّفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَطَسْتُ فَقُلْتُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ مُبَارَكًا عَلَيْهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰى فَلَمَّا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصَرَفَ فَقَالَ مَنِ الْمُتَكَلِّمُ فِي الصَّلٰوةِ فَلَمْ يَتَكَلَّمْ اَحَدٌ ثُمَّ قَالَهَا الثَّانِيَةَ فَلَمْ يَتَكَلَّمْ اَحَدٌ ثُمَّ قَالَهَا الثَّالِثَةَ فَقَالَ رِفَاعَةُ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَقَدِ ابْتَدَرَهَا بِضْعَةٌ وَّثَلٰثُوْنَ مَلَكًا اَيُّهُمْ يَصْعَدُ بِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

رفاعہ بن رافع رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نماز پڑھی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے۔ پس چھینکا میں نے پھر کہا میں نے۔ سب تعریف واسطے اللہ تعالیٰ کے تعریف بہت زیادہ۔ بہت پاکیزہ اور برکت کی گئی ہے اس میں اور برکت کی گئی ہے اس پر جیسے کہ دوست رکھتا ہے۔ رب ہمارا اور پسند کرتا ہے پس جب نماز پڑھ چکے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کون ہے کلام کرنیوالا نماز میں۔ پس نہ بولا کوئی۔ پھر فرمائی یہ بات دوسری مرتبہ۔ پس نہ بولا کوئی۔ پھر فرمائی تیسری مرتبہ یہ بات۔ پس کہا رفاعہؓ نے۔ میں ہوں یا رسول اللہ! پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ البتہ تحقیق جلدی کرتے تھے۔ اس کلمہ کے لے جانے کے لئے کتنے اور تیس فرشتے کہ کون سا اُن میں سے لے جاوے۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔ اور ابوداؤد نے۔ اور نسائی نے)

۹۲۸/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّثَاؤُبُ فِي الصَّلٰوةِ مِنَ الشَّيْطَانِ فَاِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَكْظِمْ مَا اسْتَطَاعَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِيْ اُخْرٰى لَهٗ وَلِابْنِ مَاجَةَ فَلْيَضَعْ يَدَهٗ عَلٰى فِيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جمائی یعنی نماز میں شیطان سے ہے۔ پس جس وقت جمائی لے ایک تمہارا پس چاہیئے کہ روکے جب تک کہ ہو سکے۔ روایت کیا ہے ترمذی نے ترمذی کی اور ابن ماجہ کی ایک روایت میں ہے کہ پس چاہیئے کہ اپنا ہاتھ رکھے اپنے منہ پر۔

besturdubooks.wordpress.com

۹۲۹/۱۵ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَوَضَّأَ أَحَدُكُمْ فَأَحْسَنَ وُضُوْءَهُ ثُمَّ خَرَجَ عَامِدًا إِلَى الْمَسْجِدِ فَلَا يُشَبِّكَنَّ بَيْنَ أَصَابِعِهِ فَإِنَّهُ فِي الصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

کعب بن عجرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کہ وضو کرے ایک تمہارا پس اچھا کرے وضو اپنا پھر نکلے قصد کرکے مسجد کی طرف پس نہ تشبیک کرے درمیان دو اُنگلیوں کے اس لئے کہ تحقیق وہ نماز میں ہے۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور دارمی نے۔

۹۳۰/۱۶ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مُقْبِلًا عَلَى الْعَبْدِ وَهُوَ فِي صَلٰوتِهِ مَا لَمْ يَلْتَفِتْ فَإِذَا الْتَفَتَ انْصَرَفَ عَنْهُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

ابوذر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ رہتا ہے اللہ عزت والا اور بزرگی والا متوجہ بندہ پر اس حالت میں کہ وہ نماز میں ہوتا ہے جب تک کہ وہ اِدھر اُدھر نہیں دیکھتا ہے پس جبکہ اِدھر اُدھر دیکھتا ہے تو اللہ بھی اس سے منہ پھیر لیتا ہے۔ روایت کیا ہے اس کو احمد ابوداؤد، نسائی دارمی نے

۹۳۱/۱۷ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا أَنَسُ اجْعَلْ بَصَرَكَ حَيْثُ تَسْجُدُ۔ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي سُنَنِ الْكَبِيْرِ مِنْ طَرِيْقِ الْحَسَنِ عَنْ أَنَسٍ يَرْفَعُهُ۔

انس رضؓ سے روایت ہے تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے انس رضؓ لگا تو اپنی نگاہ کو جس جگہ سجدہ کرتا ہے تو روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے سنن کبیر میں حسن سے اس نے انس رضؓ سے مرفوع روایت کیا ہے۔

⁂ ⁂ ⁂ ⁂ ⁂

۹۳۲/۱۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا بُنَيَّ إِيَّاكَ وَالْإِلْتِفَاتَ فِي الصَّلٰوةِ فَإِنَّ الْإِلْتِفَاتَ فِي الصَّلٰوةِ هَلَكَةٌ فَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَفِي التَّطَوُّعِ لَا فِي الْفَرِيْضَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میرے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے میرے بیٹے بچ تو اِدھر اُدھر دیکھنے سے نماز میں اس لئے کہ اِدھر اُدھر دیکھنا نماز میں سبب ہے ہلاکی کا پس اگر ہو تو ضرور کرنے والا تو نفلوں میں نہ فرضوں میں۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

⁂ ⁂ ⁂ ⁂ ⁂

۹۳۳/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے کن انکھیوں سے دیکھتے نماز

besturdubooks.wordpress.com

يَلْحَظُ فِي الصَّلٰوةِ يَمِيْنًا وَّشِمَالًا وَّلَا يَلْوِيْ عُنُقَهٗ خَلْفَ ظَهْرِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

میں دائیں اور بائیں اور نہ پھیرتے تھے گردن اپنی پیچھے بیٹھ اپنی کے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور نسائی نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۹۳۴/۲۰ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ رَفَعَهٗ قَالَ الْعُطَاسُ وَالتَّعَاسُ وَالتَّثَاؤُبُ فِي الصَّلٰوةِ وَالْحَيْضُ وَالْقَيْءُ وَالرُّعَافُ مِنَ الشَّيْطَانِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عدیؓ بن ثابت سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے انہوں نے عدی کے دادا سے انہوں نے پہنچایا حضرت تک کر فرمایا حضرت نے کہ چھینکنا اور اونگھنا اور جمائی یعنی نماز میں اور حیض آنا اور قے آنا اور نکسیر پھوٹنی شیطان سے ہے (ترمذی)

۹۳۵/۲۱ وَعَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّيْ وَلِجَوْفِهٖ اَزِيْزٌ كَاَزِيْزِ الْمِرْجَلِ يَعْنِيْ يَبْكِيْ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ وَفِيْ صَدْرِهٖ اَزِيْزٌ كَاَزِيْزِ الرَّحٰى مِنَ الْبُكَاءِ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَرَوَى النَّسَائِيُّ الرِّوَايَةَ الْاُوْلٰى وَاَبُوْ دَاوٗدَ الثَّانِيَةَ۔

مطرف بن عبداللہ بن شخیر اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا آیا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حالت میں کہ وہ نماز پڑھتے تھے اور اُن کے اندر سے آواز آتی تھی مانند جوش کرنے دیگ کے یعنی رُوتے تھے۔ ایک روایت میں ہے کہ دیکھا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ نماز پڑھتے تھے اور اُن کے سینہ میں آواز تھی آواز چکی کے رُونے کی وجہ سے روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور روایت کیا ہے اس کو نسائی نے پہلی اور ابوداؤد نے دوسری

٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۹۳۶/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَلَا يَمْسَحِ الْحَصٰى فَاِنَّ الرَّحْمَةَ تُوَاجِهُهٗ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوذرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس وقت کھڑا ہو ایک تمہارا طرف نماز کے پس نہ دُور کرے ہاتھوں سے کنکری پس تحقیق رحمت سامنے ہوتی ہے اس کے۔ (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۹۳۷/۲۳ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ رَاَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامًا لَنَا يُقَالُ لَهٗ اَفْلَحُ اِذَا سَجَدَ نَفَخَ فَقَالَ يَا اَفْلَحُ تَرِّبْ وَجْهَكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ام سلمہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا دیکھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک غلام کو کہ ہمارا تھا کہا جاتا تھا اس کو افلح جس وقت سجدہ کرتا پھونک مارتا پس فرمایا حضرت نے اے افلح خاک آلودہ کر منہ اپنے کو (روایت کیا ترمذی نے)

besturdubooks.wordpress.com

۹۳۸/۲۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاِخْتِصَارُ فِي الصَّلٰوةِ رَاحَةُ اَهْلِ النَّارِ۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز میں پہلو پر ہاتھ رکھنا یہ صورت ہے دوزخیوں کی راحت کی۔ روایت کیا ہے اس کو شرح السُّنّہ میں۔

۹۳۹/۲۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُقْتُلُوا الْاَسْوَدَيْنِ فِي الصَّلٰوةِ الْحَيَّةَ وَالْعَقْرَبَ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَلِلنَّسَائِيِّ مَعْنَاهُ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مارو دو کالوں کو نماز میں مراد دو کالوں سے سانپ اور بچھو ہیں۔ روایت کیا اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور نسائی نے معنی اس کا۔

۹۴۰/۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ تَطَوُّعًا وَّالْبَابُ عَلَيْهِ مُغْلَقٌ فَجِئْتُ فَاسْتَفْتَحْتُ فَمَشٰى فَفَتَحَ لِيْ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى مُصَلَّاهُ وَذَكَرَتْ اَنَّ الْبَابَ كَانَ فِي الْقِبْلَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَرَوَى النَّسَائِيُّ نَحْوَهٗ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے نماز پڑھتے نفل اور اُن پر دروازہ بند ہوتا پس میں آئی اور دروازہ کھلوائی پس حضرتؐ چلتے اور کھول دیتے میرے لئے پھر پھرتے جگہ نماز اپنی کی طرف اور ذکر کیا حضرت عائشہؓ نے یہ کہ دروازہ قبلہ کی جانب تھا۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور روایت کیا ہے نسائی نے مانند اس کے)

۹۴۱/۲۷ وَعَنْ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَسَا اَحَدُكُمْ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَنْصَرِفْ وَلْيَتَوَضَّاْ وَلْيُعِدِ الصَّلٰوةَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ مَعَ زِيَادَةٍ وَّنُقْصَانٍ)

طلق بن علیؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کہ نکلے بائی کسی کی تم میں سے نماز میں چاہیئے کہ پھرے اور وضو کرے اور پھر پڑھے نماز۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے ساتھ زیادتی اور نقصان کے۔

۹۴۲/۲۸ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَلْيَاْخُذْ بِاَنْفِهٖ ثُمَّ لِيَنْصَرِفْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس وقت کہ ٹوٹے ایک تمہارے کا وضو اس کی نماز میں پس چاہیئے کہ پکڑے ناک اپنی پھر پھرے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۹۴۳/۲۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ وَقَدْ جَلَسَ فِيْ اٰخِرِ صَلٰوتِهٖ قَبْلَ اَنْ يُّسَلِّمَ فَقَدْ جَازَتْ صَلٰوتُهٗ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ اِسْنَادُهٗ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ وَقَدِ اضْطَرَبُوْا فِيْ اِسْنَادِهٖ۔

عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کہ ایک تمہارے کا وضو ٹوٹ جائے اس حالت میں کہ تحقیق بیٹھ چکا ہے آخر نماز میں پہلے اس سے کہ سلام پھیرے تحقیق جائز ہوئی اُس کی نماز۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا اس حدیث کی سند قوی نہیں اور تحقیق اضطراب ہے اس کی سند میں

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## دوسری فصل

۹۴۴/۳۰ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلَى الصَّلٰوةِ فَلَمَّا كَبَّرَ انْصَرَفَ وَاَوْمٰى اِلَيْهِمْ اَنْ كَمَا كُنْتُمْ ثُمَّ خَرَجَ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ جَاءَ وَرَاْسُهٗ يَقْطُرُ فَصَلّٰى بِهِمْ فَلَمَّا صَلّٰى قَالَ اِنِّيْ كُنْتُ جُنُبًا فَنَسِيْتُ اَنْ اَغْتَسِلَ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَرَوٰى مَالِكٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ مُرْسَلًا۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کی طرف نکلے جب ارادہ تکبیر کہنے کا کیا پھر اور اشارہ کیا طرف صحابہ کے یہ کہ ٹھہرے رہو جس طرح کہ ہو تم پھر نکلے مسجد سے پھر نہائے۔ پھر آئے اور آپ کے سر سے پانی ٹپکتا تھا نماز پڑھائی اُن کو جب نماز پڑھ چکے آپ نے فرمایا تحقیق تھا میں جُنبی بھول گیا میں یہ کہ نہاؤں۔

روایت کیا اس کو احمد نے اور روایت کیا عطاء بن یسار سے مالکؒ نے ارسال کے طریق پر۔

۹۴۵/۳۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنْتُ اُصَلِّي الظُّهْرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاٰخُذُ قَبْضَةً مِّنَ الْحَصٰى لِتَبْرُدَ فِيْ كَفِّيْ اَضَعُهَا لِجَبْهَتِيْ اَسْجُدُ عَلَيْهَا لِشِدَّةِ الْحَرِّ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَى النَّسَائِيُّ نَحْوَهٗ۔

حضرت جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ظہر کی نماز پڑھتا تھا میں مٹھی کنکریوں کی لیتا تاکہ ٹھنڈے ہو جاویں میرے ہاتھ میں کنکریوں کو میں رکھتا تھا واسطے پیشانی اپنی کے کہ سجدہ کروں میں اُن پر واسطے شدت گرمی کے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے نسائی نے اس کی مانند)

۹۴۶/۳۲ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فَسَمِعْنَاهُ يَقُوْلُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ ثُمَّ قَالَ اَلْعَنُكَ

ابوالدرداءؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے نماز پڑھتے تھے سُنا میں نے اُن کو کہتے تھے پناہ مانگتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ تجھ

besturdubooks.wordpress.com

بِلَعْنَةِ اللّٰهِ ثَلٰثًا وَّبَسَطَ يَدَهٗ كَاَنَّهٗ يَتَنَاوَلُ شَيْئًا فَلَمَّا فَرَغَ مِنَ الصَّلٰوةِ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ سَمِعْنَاكَ تَقُوْلُ فِي الصَّلٰوةِ شَيْئًا لَمْ نَسْمَعْكَ تَقُوْلُهٗ قَبْلَ ذٰلِكَ وَرَاَيْنَاكَ بَسَطْتَ يَدَكَ قَالَ اِنَّ عَدُوَّ اللّٰهِ اِبْلِيْسَ جَاءَ بِشِهَابٍ مِّنْ نَّارٍ لِيَجْعَلَهٗ فِيْ وَجْهِيْ فَقُلْتُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قُلْتُ اَلْعَنُكَ بِلَعْنَةِ اللّٰهِ التَّامَّةِ فَلَمْ يَسْتَاْخِرْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ اَرَدْتُّ اَنْ اَخُذَهٗ وَاللّٰهِ لَوْلَا دَعْوَةُ اَخِيْنَا سُلَيْمٰنَ لَاَصْبَحَ مُوْثَقًا يَّلْعَبُ بِهٖ وِلْدَانُ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۹۴۷/۳۳ وَعَنْ نَّافِعٍ قَالَ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ مَرَّ عَلٰى رَجُلٍ وَّهُوَ يُصَلِّيْ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَرَدَّ الرَّجُلُ كَلَامًا فَرَجَعَ اِلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ فَقَالَ لَهٗ اِذَا سُلِّمَ عَلٰى اَحَدِكُمْ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَلَا يَتَكَلَّمْ وَلْيُشِرْ بِيَدِهٖ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

سے پھر فرمایا لعنت کرتا ہوں تجھ کو ساتھ لعنت خدا کے تین بار اور کھولے ہاتھ اپنے گویا کہ آپ کسی چیز کو پکڑتے ہیں پس جب فارغ ہوئے نماز سے ہم نے کہا اے اللہ کے رسول تحقیق سنا ہم نے آپ کو کہ تھے فرماتے نماز میں ایک چیز کو کہ اس سے پہلے آپ کو کہتے ہوئے نہیں سنا اور دیکھا ہم نے آپ کو کہ اپنا ہاتھ کھولتے تھے فرمایا تحقیق خدا کا دشمن ابلیس لایا شعلہ آگ کا تاکہ اس کو میرے منہ پر ڈالے میں نے کہا پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کے ساتھ تجھ سے تین بار پھر کہا میں نے لعنت کرتا ہوں میں تجھ پر اللہ تعالیٰ کی لعنت کے ساتھ ایسی کہ پوری ہے پس نہ ہٹا کہا میں نے تین بار پھر ارادہ کیا میں نے یہ کہ پکڑوں میں اس کو اللہ تعالیٰ کی قسم اگر ہمارے بھائی سلیمان کی دعا نہ ہوتی تو البتہ صبح کرتا شیطان بندھا ہوا اس کے ساتھ کھیلتے مدینے کے لڑکے روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

نافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ گزرے ایک شخص پر کہ نماز پڑھتا تھا پس سلام کیا اس پر پس جواب دیا سلام کا اس شخص نے ابن عمر کو پس پھرے اس کی طرف عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ پس کہا جس وقت کہ سلام کیا جاوے اوپر ایک تمہارے کے اس حال میں کہ وہ نماز پڑھتا ہے نہ بولے اور چاہیے کہ اشارہ کرے ساتھ ہاتھ اپنے کے۔ روایت کیا اس کو مالک نے۔

# بَابُ السَّهْوِ

# سہو کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۹۴۸/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا قَامَ يُصَلِّيْ جَاءَهُ الشَّيْطَانُ فَلَبَّسَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق ایک تمہارا جس وقت کہ کھڑا ہو کر نماز پڑھتا ہے اس کے پاس شیطان آتا ہے شبہ ڈالتا

besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْهِ حَتّٰى لَا يَدْرِيْ كَمْ صَلّٰى فَاِذَا وَجَدَ ذٰلِكَ اَحَدُكُمْ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہے اس پر یہاں تک کہ نہیں جانتا کہ کتنی نماز پڑھی جس وقت کہ پاوے ایک تمہارا چاہیئے کہ کرے دو سجدے اس حالت میں کہ وہ بیٹھا ہو۔ (متفق علیہ)

۹۴۹ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى ثَلٰثًا اَوْ اَرْبَعًا فَلْيَطْرَحِ الشَّكَّ وَلْيَبْنِ عَلٰى مَا اسْتَيْقَنَ ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ قَبْلَ اَنْ يُّسَلِّمَ فَاِنْ كَانَ صَلّٰى خَمْسًا شَفَعْنَ لَهٗ صَلٰوتَهٗ وَاِنْ كَانَ صَلّٰى اِتْمَامًا لِّاَرْبَعٍ كَانَتَا تَرْغِيْمًا لِّلشَّيْطَانِ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَرَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ عَطَاءٍ مُّرْسَلًا وَّفِيْ رِوَايَتِهٖ شَفَعَهَا بِهَاتَيْنِ السَّجْدَتَيْنِ

عطاء بن یسار سے روایت ہے وہ ابوسعیدؓ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس وقت شک کرے ایک تمہارا اپنی نماز میں نہ جانے کہ کتنی نماز پڑھی ہے تین رکعت یا چار رکعت پس چاہیئے کہ دُور کرے شک اور بنا کرے اس چیز پر کہ یقین رکھتا ہے پھر کرے دو سجدے سلام پھیرنے سے پہلے اگر نماز پڑھی اس نے پانچ رکعت جفت کر دیں گے یہ سجدے واسطے اس کے نماز اس کی کو اور اگر نماز پڑھی اُس نے پُورے چار ہونگے یہ سجدے ذلت شیطان کے لئے۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے اور مالک نے عطاء سے بطریق ارسال کے اور مالکؒ کی روایت میں ہے جفت کر دیگا نماز کی ان پانچ رکعت کو ان دو سجدوں کیساتھ

۹۵۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا فَقِيْلَ لَهٗ اَزِيْدَ فِي الصَّلٰوةِ فَقَالَ وَمَا ذَاكَ قَالُوْا صَلَّيْتَ خَمْسًا فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ مَا سَلَّمَ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ اَنْسٰى كَمَا تَنْسَوْنَ فَاِذَا نَسِيْتُ فَذَكِّرُوْنِيْ وَاِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ فَلْيُتِمَّ عَلَيْهِ ثُمَّ لِيُسَلِّمْ ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز پڑھائی پانچ رکعت آپ کے لئے کہا گیا کیا نماز میں زیادتی کی گئی ہے فرمایا کیا سبب صحابہؓ نے عرض کیا آپ نے پانچ رکعت نماز پڑھی ہے پس سجدے کئے آنحضرتؐ نے سلام کے بعد دو سجدے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا میں تمہاری مثل آدمی ہوں بھولتا ہوں جیسے تم بھولتے ہو جس وقت میں بھول جاؤں یاد کرا دو مجھ کو اور جس وقت کہ شک کرے ایک تمہارا اپنی نماز میں چاہیئے کہ قصد کرے صواب کا چاہیئے کہ پورا کرے اس پر سلام پھیرے پھر سجدے کرے دو سجدے۔ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ (متفق علیہ)

۹۵۱ وَعَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

ابن سیرین سے روایت ہے وہ ابوہریرہؓ سے نقل

besturdubooks.wordpress.com



قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدٰى صَلٰوتَيِ الْعَشِيِّ قَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ قَدْ سَمَّاهَا اَبُوْهُرَيْرَةَ وَلٰكِنْ نَسِيْتُ اَنَا قَالَ فَصَلّٰى بِنَا رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ فَقَامَ اِلٰى خَشَبَةٍ مَعْرُوْضَةٍ فِي الْمَسْجِدِ فَاتَّكَاَ عَلَيْهَا كَاَنَّهٗ غَضْبَانُ وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ وَوَضَعَ خَدَّهُ الْاَيْمَنَ عَلٰى ظَهْرِ كَفِّهِ الْيُسْرٰى وَخَرَجَتْ سَرْعَانُ الْقَوْمِ مِنْ اَبْوَابِ الْمَسْجِدِ فَقَالُوْا اُقْصِرَتِ الصَّلٰوةُ وَفِي الْقَوْمِ اَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ فَهَابَا اَنْ يُّكَلِّمَاهُ وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ فِيْ يَدَيْهِ طُوْلٌ يُّقَالُ لَهٗ ذُوالْيَدَيْنِ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَسِيْتَ اَمْ قُصِرَتِ الصَّلٰوةُ فَقَالَ لَمْ اَنْسَ وَلَمْ تُقْصَرْ فَقَالَ اَكَمَا يَقُوْلُ ذُوالْيَدَيْنِ فَقَالُوْا نَعَمْ فَتَقَدَّمَ فَصَلّٰى مَا تَرَكَ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ كَبَّرَ وَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهٖ اَوْ اَطْوَلَ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهٗ وَكَبَّرَ ثُمَّ كَبَّرَ وَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهٖ اَوْ اَطْوَلَ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهٗ وَكَبَّرَ فَرُبَّمَا سَاَلُوْهُ ثُمَّ سَلَّمَ فَيَقُوْلُ نُبِّئْتُ اَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ قَالَ ثُمَّ سَلَّمَ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَفِيْ اُخْرٰى لَهُمَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَلَ لَمْ اَنْسَ وَ

کرتے ہیں۔ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو نماز پڑھائی ایک دو نمازوں میں سے کہ بعد زوال کے ہیں۔ کہا ابن سیرین نے کہ تحقیق نام لیا اس نماز کا ابوہریرہ رضؓ نے لیکن میں بھول گیا ابوہریرہ رضؓ نے کہا ہمارے ساتھ نماز پڑھی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں پھر سلام پھیرا پھر لکڑی کی طرف کھڑے ہوئے کہ عرض میں تھی مسجد میں اس پر تکیہ لگایا گویا کہ غصے تھے اور رکھا داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر اور انگلیاں انگلیوں میں ڈالیں اور رکھا رخسارہ اپنا اوپر بائیں ہاتھ کی پشت پر اور نکلے جلد باز لوگ مسجد کے دروازے سے اور کہا انہوں نے کہ کم ہوگئی ہے نماز اور صحابہ میں بھی مسجد میں جو باقی رہے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ اور حضرت عمر فاروق رضؓ بھی تھے ڈرے دونوں آنحضرت ﷺ سے کلام کرنے سے اور صحابہ رضؓ میں ایک شخص لمبے ہاتھوں والا تھا اس کو ذوالیدین کہا جاتا تھا کہا اس نے اے اللہ کے رسول کیا بھول گئے آپ یا کم ہوگئی ہے نماز پس آپ ﷺ نے فرمایا۔ نہیں بھولا میں۔ اور نہ کم ہوئی ہے۔ پھر آپ نے فرمایا کیا تم بھی کہتے ہو جیسے ذوالیدین کہتا ہے۔ صحابہ رضؓ نے کہا۔ ہاں۔ آپ آگے بڑھے۔ پھر نماز پڑھی جو کہ چھوڑ دی تھی اور پھر اس پر سلام پھیرا۔ تکبیر کہی۔ اور سجدہ کیا معمول اپنے کے مانند یا اس سے لمبا۔ پھر اپنا سر اٹھایا۔ اور تکبیر کہی۔ پھر تکبیر کہی اور سجدہ کیا اپنے معمول کے مطابق یا اس سے لمبا۔ پھر اٹھایا سر اپنا۔ اور تکبیر کہی۔ پس اکثر سوال کیا۔ لوگوں نے ابن سیرین سے پھر سلام پھیرا۔ پس کہتے تھے۔ کہ خبر دیا گیا میں کہ عمران بن حصین نے کہا۔ کہ پھر سلام پھیرا۔ (متفق علیہ) اور اس کے لفظ بخاری کے لئے ہیں۔ ان دونوں کے لئے ایک اور روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بدلے لم انس ولم تقصر کے سب یہ نہ تھا۔ کہا ذوالیدین نے تھا

besturdubooks.wordpress.com



لَمْ تُقْصَرْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمْ يَكُنْ فَقَالَ قَدْ كَانَ بَعْضُ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔

کچھ اس میں سے اے اللہ کے رسول۔

۹۵۲/۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُحَيْنَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِهِمُ الظُّهْرَ فَقَامَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ لَمْ يَجْلِسْ فَقَامَ النَّاسُ مَعَهٗ حَتّٰى اِذَا قَضَى الصَّلٰوةَ وَانْتَظَرَ النَّاسُ تَسْلِيْمَهٗ كَبَّرَ وَهُوَ جَالِسٌ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ قَبْلَ اَنْ يُّسَلِّمَ ثُمَّ سَلَّمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن بحینہ سے روایت ہے۔ تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی صحابہ کو ظہر کی۔ کھڑے ہوئے پہلی دو رکعتوں میں۔ نہیں بیٹھے۔ کھڑے ہوئے آنحضرت کے ساتھ لوگ۔ یہاں تک کہ جب نماز پڑھ چکے۔ اور منتظر ہوئے لوگ آپکے سلام پھیرنے کے تکبیر کہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حالت میں کہ آپ بیٹھے تھے۔ پس دو سجدے کئے سلام پھیرنے سے پہلے۔ پھر سلام پھیرا۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل۔

۹۵۳/۶ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِهِمْ فَسَهٰى فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

عمران بن حصین سے روایت ہے۔ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی۔ لوگوں کو۔ پھر بھول گئے پھر دو سجدے کئے۔ پھر التحیات پڑھی۔ پھر سلام پھیرا۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔ اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۹۵۴/۷ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ الْاِمَامُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ فَاِنْ ذَكَرَ قَبْلَ اَنْ يَّسْتَوِيَ قَائِمًا فَلْيَجْلِسْ وَاِنِ اسْتَوٰى قَائِمًا فَلَا يَجْلِسْ وَيَسْجُدُ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

مغیرہ بن شعبہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت امام کھڑا ہو دو رکعت پڑھکر۔ اگر یاد آوے۔ پہلے اس سے کہ سیدھا کھڑا ہو۔ پس چاہیئے کہ بیٹھ جاوے اور اگر سیدھا کھڑا ہو چکا تو نہ بیٹھے اور سجدہ کرے دو سجدے سہو کے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۹۵۵/۸ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ

عمران بن حصین سے روایت ہے۔ تحقیق رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلَّی الْعَصْرَ وَسَلَّمَ فِیْ ثَلٰثِ رَکَعَاتٍ ثُمَّ دَخَلَ مَنْزِلَہٗ فَقَامَ اِلَیْہِ رَجُلٌ یُّقَالُ لَہُ الْخِرْبَاقُ وَکَانَ فِیْ یَدَیْہِ طُوْلٌ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَدْ ذُکِرَ لَہٗ صَنِیْعُہٗ فَخَرَجَ غَضْبَانَ یَجُرُّ رِدَآءَہٗ حَتّٰی انْتَہٰی اِلَی النَّاسِ فَقَالَ اَصَدَقَ ھٰذَا قَالُوْا نَعَمْ فَصَلّٰی رَکْعَۃً ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَیْنِ ثُمَّ سَلَّمَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

۹۵۶ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ صَلّٰی صَلٰوۃً یَشُکُّ فِی النُّقْصَانِ فَلْیُصَلِّ حَتّٰی یَشُکَّ فِی الزِّیَادَۃِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز پڑھائی اور تین رکعتوں میں سلام پھیرا پھر داخل ہوئے اپنے گھر میں پس کھڑا ہوا اُن کی طرف ایک شخص اس کو خرباق کہتے تھے اور اس کے ہاتھوں میں درازی تھی پس کہا اُس نے اے اللہ تعالیٰ کے رسول پس ذکر کیا آپ کے لئے آپ کا کام حضرت غصہ میں نکلے اپنی چادر کھینچتے ہوئے جب لوگوں کے پاس پہنچے آپ نے فرمایا کیا سچ کہتا ہے یہ صحابہؓ نے عرض کیا ہاں پس پڑھی آنحضرتؐ نے ایک رکعت پھر سلام پھیرا پھر دو سجدے کئے پھر سلام پھیرا۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے

عبدالرحمٰن بن عوف سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ فرماتے تھے جو شخص نماز پڑھے کہ شک کرتا ہے کمی میں پس چاہئے کہ نماز پڑھے یہاں تک کہ شک کرے زیادتی میں (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

# بَابُ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ

# قرآن کے سجدوں کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۹۵۷ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَجَدَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالنَّجْمِ وَسَجَدَ مَعَہُ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِکُوْنَ وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ نجم میں سجدہ کیا مسلمانوں نے آپ کے ساتھ سجدہ کیا اور مشرکوں نے اور جنوں نے اور آدمیوں نے۔ روایت کیا ہے اس کو بخاری نے

۹۵۸ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ سَجَدْنَا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اذا السماء انشقت اور اقرأ باسم ربک میں سجدہ کیا۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

❊ ❊ ❊ ❊ ❊

besturdubooks.wordpress.com

۹۵۹/۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ السَّجْدَةَ وَنَحْنُ عِنْدَهٗ فَيَسْجُدُ وَنَسْجُدُ مَعَهٗ فَنَزْدَحِمُ حَتّٰى مَا يَجِدُ اَحَدُنَا لِجَبْهَتِهٖ مَوْضِعًا يَسْجُدُ عَلَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے پڑھتے سجدہ۔ اور ہم آپ کے نزدیک ہوتے۔ آنحضرتؐ سجدہ کرتے اور ہم بھی سجدہ کرتے آپ کے ساتھ ہم ازدحام کرتے یہاں تک کہ نہ پاتا بعض ہمارا واسطے پیشانی اپنی کے جگہ کہ اس پر سجدہ کرے۔ (متفق علیہ)

۹۶۰/۴ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَرَاْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّجْمِ فَلَمْ يَسْجُدْ فِيْهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

زید بن ثابتؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے سورۂ نجم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھی۔ پس آپ نے نہ سجدہ کیا اس میں۔ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ (متفق علیہ)

۹۶۱/۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَجْدَةُ صٓ لَيْسَ مِنْ عَزَآئِمِ السُّجُوْدِ وَقَدْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْجُدُ فِيْهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ مُجَاهِدٌ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَسَجَدَ فِيْ صٓ فَقَرَاَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ حَتّٰى اَتٰى بِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ فَقَالَ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ اُمِرَ اَنْ يَّقْتَدِيَ بِهِمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ سورۂ صٓ کا سجدہ بہت تاکیدی سجدوں میں سے نہیں اور دیکھا میں نے آپؐ کو کہ اس میں سجدہ کرتے تھے۔ اور ایک روایت میں ہے۔ کہ مجاہد نے کہا کہ میں نے ابن عباسؓ کو کہا۔ کیا سجدہ کروں میں سورۂ صٓ میں۔ انہوں نے یہ آیت پڑھی۔ اولاد نوحؑ سے داؤدؑ۔ اور سلیمانؑ۔ یہاں تک کہ آئے اللہ تعالیٰ کے اس قول تک اُن کے طریقے کی پیروی کر۔ ابن عباسؓ نے کہا۔ تمہارے نبیؐ ان لوگوں میں سے ہیں کہ حکم کئے گئے اُن انبیاء کی پیروی کریں۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے۔)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۹۶۲/۶ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ اَقْرَاَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسَ عَشْرَةَ سَجْدَةً فِي الْقُرْاٰنِ مِنْهَا ثَلٰثٌ فِي الْمُفَصَّلِ وَفِيْ سُوْرَةِ الْحَجِّ سَجْدَتَيْنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن العاصؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا پڑھائے مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پندرہ سجدے قرآن شریف میں تین مفصل میں ہیں۔ اور سورۂ حج میں ہیں دو سجدے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے۔ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣

besturdubooks.wordpress.com

۹۶۳/۷ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فُضِّلَتْ سُوْرَةُ الْحَجِّ بِاَنَّ فِيْهَا سَجْدَتَيْنِ قَالَ نَعَمْ وَمَنْ لَّمْ يَسْجُدْهُمَا فَلَا يَقْرَاْهُمَا۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَّيْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَوِيِّ وَفِي الْمَصَابِيْحِ فَلَا يَقْرَاْهَا كَمَا فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ۔

عقبہ بن عامر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسول بزرگی دی گئی سورۂ حج کو دو سجدوں کے سبب آپ نے فرمایا ہاں پس جو دو سجدے نہ کرے پس نہ پڑھے ان دونوں آیتوں کو

روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور کہا اس کی سند قوی نہیں ہے اور مصابیح میں یہ لفظ ہیں کہ نہ پڑھے اس سورۃ کو جیسا کہ شرح السنہ میں ہے۔

۹۶۴/۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِيْ صَلٰوةِ الظُّهْرِ ثُمَّ قَامَ فَرَكَعَ فَرَاَوْا اَنَّهٗ قَرَاَ تَنْزِيْلَ السَّجْدَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ظہر میں سجدہ کیا پھر کھڑے ہوئے لوگوں نے گمان کیا کہ تحقیق آنحضرت نے الٓمٓ تنزیل سجدہ پڑھی (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۹۶۵/۹ وَعَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ عَلَيْنَا الْقُرْاٰنَ فَاِذَا مَرَّ بِالسَّجْدَةِ كَبَّرَ وَسَجَدَ وَسَجَدْنَا مَعَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اسی (انس رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم پر قرآن پڑھتے جب گزرتے سجدے کی آیت سے اللہ اکبر کہتے اور سجدہ کرتے اور ہم سب سجدہ کرتے آپ کے ساتھ۔ روایت کیا ابوداؤد نے۔

۹۶۶/۱۰ وَعَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ عَامَ الْفَتْحِ سَجْدَةً فَسَجَدَ النَّاسُ كُلُّهُمْ مِنْهُمُ الرَّاكِبُ وَالسَّاجِدُ عَلَى الْاَرْضِ حَتّٰى اَنَّ الرَّاكِبَ لَيَسْجُدُ عَلٰى يَدِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اسی (انس رضؓ) سے روایت ہے تحقیق کہا اس نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے سال سجدے کی آیت پڑھی سجدہ کیا سب لوگوں نے اور بعض سجدہ کرنے والے سوار تھے اور بعض سجدہ کرنے والے زمین پر یہاں تک کہ سوار کرتا تھا اپنے ہاتھوں پر (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۹۶۷/۱۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسْجُدْ فِيْ شَيْءٍ مِّنَ الْمُفَصَّلِ مُنْذُ تَحَوَّلَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں سجدہ کیا مفصل کی سورتوں میں جب سے کہ پھرے مدینہ کی طرف (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۹۶۸/۱۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ بِاللَّيْلِ سَجَدَ وَجْهِيْ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے تھے قرآن کے سجدوں میں رات کو سجدہ کیا منہ میرے نے واسطے اس کے کہ جس نے پیدا کیا اس کو اور اس کے کان بنائے اور آنکھیں اس کی اپنی قدرت اور اپنی قوت کے ساتھ۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور نسائی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۹۶۹/۱۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَاَيْتُنِيْ اللَّيْلَةَ وَاَنَا نَائِمٌ كَاَنِّيْ اُصَلِّيْ خَلْفَ شَجَرَةٍ فَسَجَدْتُّ فَسَجَدَتِ الشَّجَرَةُ لِسُجُوْدِيْ فَسَمِعْتُهَا تَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِيْ بِهَا عِنْدَكَ اَجْرًا وَّضَعْ عَنِّيْ بِهَا وِزْرًا وَّاجْعَلْهَا لِيْ عِنْدَكَ ذُخْرًا وَّتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوٗدَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَرَاَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجْدَةً ثُمَّ سَجَدَ فَسَمِعْتُهٗ وَهُوَ يَقُوْلُ مِثْلَ مَا اَخْبَرَهُ الرَّجُلُ عَنْ قَوْلِ الشَّجَرَةِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ وَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا آیا ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ اے اللہ کے رسولؐ آج کی رات میں نے اپنے آپ کو دیکھا اس حال میں کہ میں سوتا تھا گویا کہ میں نماز پڑھتا ہوں ایک درخت کے پیچھے پس سجدہ کیا میں نے پھر سجدہ کیا درخت نے میرے سجدہ کے وقت میں نے اس درخت سے سنا کہتا تھا یا اللہ لکھ میرے لئے اس سجدے کے سبب اپنے پاس ثواب اور دور کر اس کے سبب گناہ اور اس کو میرے لئے اپنے پاس ذخیرہ کر اور قبول کر اس کو مجھ سے جیسے کہ قبول کیا تو نے اپنے بندے داؤد سے ابن عباس رضؓ نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کی ایک آیت پر پھر سجدہ کیا سنا میں نے آپ کو کہ فرماتے تھے مثل اس چیز کے کہ خبر دی تھی ان کو اس شخص نے درخت کے قول سے۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے مگر ابن ماجہ نے یہ لفظ ذکر نہیں کئے تقبلها منی کما تقبلتها من عبدك داؤد ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۹۷۰/۱۴ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ وَالنَّجْمِ فَسَجَدَ

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے کہ بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ نجم پڑھی اور سجدہ کیا اس میں اور سجدہ

besturdubooks.wordpress.com

فِيهَا وَسَجَدَ مَنْ كَانَ مَعَهُ غَيْرَ أَنَّ شَيْخًا مِّنْ قُرَيْشٍ أَخَذَ كَفًّا مِّنْ حَصًى أَوْ تُرَابٍ فَرَفَعَهُ إِلَى جَبْهَتِهِ وَقَالَ يَكْفِينِي هٰذَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ بَعْدُ قُتِلَ كَافِرًا۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ الْبُخَارِيُّ فِي رِوَايَةٍ قَ هُوَ أُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ۔

کیا ان لوگوں نے جو آپ کے ساتھ تھے مگر ایک بوڑھا قریش سے پکڑی اس نے ایک مٹھی کنکریوں سے یا مٹی سے اس کو پیشانی کیطرف اٹھایا اور کہا اس نے کافی ہے مجھ کو یہ کہا عبداللہ بن مسعود رضؓ نے تحقیق دیکھا میں نے اس کو بعد اس کے کہ وہ کفر کی حالت میں مارا گیا۔ متفق علیہ اور زیادہ کیا ہے بخاری نے ایک روایت میں کہ وہ بوڑھا امیہ بن خلف تھا۔

۹۷۱/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِي ص وَقَالَ سَجَدَهَا دَاوُدُ تَوْبَةً وَّنَسْجُدُهَا شُكْرًا (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے کہا تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ ص میں سجدہ کیا اور آپ نے فرمایا کہ کیا سجدہ ص کا داؤد نے توبہ کے لئے اور ہم سجدہ کرتے ہیں شکر گزاری اُن کی توبہ کے قبول ہونے میں۔ روایت کیا نسائی نے

# بَابُ أَوْقَاتِ النَّهْيِ

# اوقاتِ ممنوعہ کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۹۷۲/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَحَرَّى أَحَدُكُمْ فَيُصَلِّي عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَلَا عِنْدَ غُرُوبِهَا وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ إِذَا طَلَعَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَدَعُوا الصَّلٰوةَ حَتّٰى تَبْرُزَ وَإِذَا غَابَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَدَعُوا الصَّلٰوةَ حَتّٰى تَغِيبَ وَلَا تَحَيَّنُوا بِصَلٰوتِكُمْ طُلُوعَ الشَّمْسِ وَلَا غُرُوبَهَا فَإِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نہ قصد کرے ایک تمہارا آفتاب کے نکلنے کے نزدیک کہ نماز پڑھے اور نہ آفتاب کے ڈوبنے کے اور ایک روایت میں یوں ہے کہ فرمایا حضرت نے جس وقت آفتاب کا کنارہ نکلے نماز کو چھوڑ دو یہاں تک کہ خوب ظاہر ہو اور جس وقت غائب ہونے کنارہ آفتاب کا چھوڑ دو نماز کو یہاں تک کہ خوب غائب ہو اور نہ قصد کرو اپنی نمازوں کا آفتاب کے نکلنے کے وقت اور نہ غائب ہونے کے وقت اس واسطے کہ آفتاب نکلتا ہے شیطان کے دونوں سینگوں کے درمیان۔ (متفق علیہ)

۹۷۳/۲ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ ثَلٰثُ

عقبہؓ بن عامر سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com

سَاعَاتٍ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَانَا أَنْ نُصَلِّيَ فِيهِنَّ أَوْ نَقْبُرَ فِيهِنَّ مَوْتَانَا حِيْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَةً حَتّٰى تَرْتَفِعَ وَحِيْنَ يَقُوْمُ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ حَتّٰى تَمِيْلَ الشَّمْسُ وَحِيْنَ تَضَيَّفُ الشَّمْسُ لِلْغُرُوْبِ حَتّٰى تَغْرُبَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو تین وقتوں میں نماز پڑھنے سے منع فرماتے تھے یا دفن کریں ہم اُن میں مردوں اپنے کو وقت نکلنے آفتاب کے یہاں تک کہ ظاہر ہو اور دوپہر کے قائم ہونے کے وقت یہاں تک کہ مائل ہو آفتاب اور اس وقت کہ ڈوبنے کی طرف مائل ہو یہاں تک کہ ڈوب جائے آفتاب (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۹۷۴ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا صَلٰوةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ وَلَا صَلٰوةَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغِيْبَ الشَّمْسُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں نماز صبح کے بعد یہاں تک کہ بلند ہو سورج اور نہیں نماز پیچھے نماز عصر کے یہاں تک کہ غائب ہو آفتاب۔ بخاری اور مسلم نے اس کو روایت کیا ہے۔

٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۹۷۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ فَقَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فَقُلْتُ أَخْبِرْنِيْ عَنِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ صَلِّ صَلٰوةَ الصُّبْحِ ثُمَّ أَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوةِ حِيْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ حَتّٰى تَرْتَفِعَ فَإِنَّهَا تَطْلُعُ حِيْنَ تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ وَحِيْنَئِذٍ يَسْجُدُ لَهَا الْكُفَّارُ ثُمَّ صَلِّ فَإِنَّ الصَّلٰوةَ مَشْهُوْدَةٌ مَحْضُوْرَةٌ حَتّٰى يَسْتَقِلَّ الظِّلُّ بِالرُّمْحِ ثُمَّ أَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوةِ فَإِنَّ حِيْنَئِذٍ تُسْجَرُ جَهَنَّمُ فَإِذَا أَقْبَلَ الْفَيْءُ فَصَلِّ فَإِنَّ الصَّلٰوةَ مَشْهُوْدَةٌ مَحْضُوْرَةٌ حَتّٰى تُصَلِّيَ الْعَصْرَ ثُمَّ

عمرو بن عبسہ سے روایت ہے انہوں نے کہا آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ کو پس میں بھی مدینہ میں آیا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس داخل ہوا میں نے کہا مجھ کو نماز کے وقت کے متعلق خبر دیجیے آپ نے فرمایا صبح کی نماز پڑھ پھر بند رہ نماز سے جس وقت کہ آفتاب نکلے یہاں تک کہ بلند ہو اس لئے کہ تحقیق آفتاب نکلتا ہے جس وقت نکلتا ہے شیطان کے دونوں سینگوں کے درمیان سے اسوقت اس کو کافر سجدہ کرتے ہیں پھر نماز پڑھ اس لئے کہ نماز اس وقت کی مشہود ہے اور اس میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں یہاں تک کہ چڑھ جاوے سایہ نیزہ بھر پھر بند رہ نماز سے اس لئے تحقیق بھڑکائی جاتی ہے دوزخ جس وقت کہ پھرے سایہ پس نماز پڑھ اس لئے کہ نماز حاضر کی گئی ہے اس میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں یہاں تک کہ تو نماز عصر پڑھے پھر بند رہ نماز سے یہاں تک کہ غروب ہو سورج تحقیق سورج غروب ہوتا ہے

besturdubooks.wordpress.com

أَقْصِرْ عَنِ الصَّلٰوةِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَإِنَّهَا تَغْرُبُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ وَّ حِيْنَئِذٍ يَّسْجُدُ لَهَا الْكُفَّارُ قَالَ قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ فَالْوُضُوْءُ حَدِّثْنِيْ عَنْهُ قَالَ مَا مِنْكُمْ رَجُلٌ يُّقَرِّبُ وَضُوْءَهٗ فَيُمَضْمِضُ وَيَسْتَنْشِقُ فَيَسْتَنْثِرُ إِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا وَجْهِهٖ وَفِيْهِ وَخَيَاشِيْمِهٖ ثُمَّ إِذَا غَسَلَ وَجْهَهٗ كَمَا أَمَرَهُ اللّٰهُ إِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا وَجْهِهٖ مِنْ أَطْرَافِ لِحْيَتِهٖ مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَيْهِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ إِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا يَدَيْهِ مِنْ أَنَامِلِهٖ مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَمْسَحُ رَأْسَهٗ إِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا رَأْسِهٖ مِنْ أَطْرَافِ شَعْرِهٖ مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَغْسِلُ قَدَمَيْهِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ إِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا رِجْلَيْهِ مِنْ أَنَامِلِهٖ مَعَ الْمَاءِ فَإِنْ هُوَ قَامَ فَصَلّٰى فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ وَمَجَّدَهٗ بِالَّذِيْ هُوَ لَهٗ أَهْلٌ وَّفَرَّغَ قَلْبَهٗ لِلّٰهِ إِلَّا انْصَرَفَ مِنْ خَطِيْئَتِهٖ كَهَيْئَتِهٖ يَوْمَ وَلَدَتْهُ أُمُّهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

شیطان کے دونوں سینگوں کے درمیان اور اس وقت اس کی طرف کفار سجدہ کرتے ہیں عمرو نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے نبی وضو کی فضیلت کے بارے میں خبر دو مجھ کو فرمایا نہیں تم سے کوئی شخص کہ قریب کرے پانی اپنے وضو کا پھر کلی کرے ناک میں پانی چڑھائے پھر جھاڑے ناک کو مگر گرتے ہیں گناہ اس کے چہرے کے اور منہ اس کے کے اور نتھنوں اس کے کے پھر جب دھوتا ہے اپنا چہرہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے حکم کیا مگر گرتے ہیں اس کے چہرے کے گناہ اس کی داڑھی کے کناروں سے پانی کے ساتھ پھر دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک دھوتا ہے مگر گرتے ہیں اس کے دونوں ہاتھوں کے گناہ اس کی انگلیوں کے سر سے پانی کے ساتھ پھر مسح کرتا ہے اپنے سر کا مگر گرتے ہیں گناہ اس کے سر کے اس کے بالوں کی طرف سے پانی کے ساتھ پھر دھوتا ہے اپنے قدموں کو ٹخنوں تک مگر گرتے ہیں گناہ دونوں پاؤں کے اس کی انگلیوں کے سروں سے پانی کے ساتھ اگر وہ کھڑا ہوا پھر نماز پڑھی اور اللہ تعالیٰ کی تعریف کی اور اللہ تعالیٰ پر ثنا کی اور یاد کیا اس کو ساتھ اس بزرگی کے کہ وہ لائق ہے اس کا اور اپنے دل کو اللہ تعالیٰ کے لئے فارغ کیا مگر وہ پھرتا ہے اپنے گناہوں سے جیسے کہ اس کی ماں نے پیدا کیا۔ ❊ ❊ ❊

❊ ❊ ❊ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔ ❊

۹۷۶/۵ وَعَنْ كُرَيْبٍ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ الْأَزْهَرِ أَرْسَلُوْهُ إِلٰى عَائِشَةَ فَقَالُوْا اقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلَامَ وَسَلْهَا عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَبَلَّغْتُهَا مَا أَرْسَلُوْنِيْ

کریبؒ سے روایت ہے تحقیق ابن عباس رضؓ اور مسور بن مخرمہ اور عبدالرحمٰن بن ازہر نے بھیجا اس کو طرف حضرت عائشہ رضؓ کے انہوں نے کہا حضرت عائشہ پر سلام کہنا اور سوال کرنا اُن سے دو رکعتوں کے متعلق جو عصر کے بعد ہیں کریب نے کہا میں حضرت عائشہ رضؓ کے پاس گیا اور پہنچایا میں نے اُن کو وہ پیغام کہ بھیجا تھا انہوں نے مجھ کو

besturdubooks.wordpress.com

فَقَالَتْ سَلْ أُمَّ سَلَمَةَ فَخَرَجْتُ إِلَيْهِمْ فَرَدُّونِي إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْهُمَا ثُمَّ رَأَيْتُهُ يُصَلِّيهِمَا ثُمَّ دَخَلَ فَأَرْسَلْتُ إِلَيْهِ الْجَارِيَةَ فَقُلْتُ قُولِي لَهُ تَقُولُ أُمُّ سَلَمَةَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ سَمِعْتُكَ تَنْهٰى عَنْ هَاتَيْنِ الرَّكْعَتَيْنِ وَأَرَاكَ تُصَلِّيهِمَا فَقَالَ يَا ابْنَةَ أَبِي أُمَيَّةَ سَأَلْتِ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَإِنَّهُ أَتَانِي نَاسٌ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ فَشَغَلُونِي عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ فَهُمَا هَاتَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اس کے بعد حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ سوال کرام سلمہ رضؓ سے نکلا میں اُن تینوں صحابہ کی طرف پھر بھیجا انہوں نے ام سلمہ رضؓ کیطرف ام سلمہ رضؓ نے کہا سُنا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ منع فرماتے تھے اُن دونوں رکعتوں سے پھر میں نے دیکھا خود آنحضرت کو کہ پڑھتے ہیں پھر داخل ہوئے آنحضرت ؐ میں نے لونڈی کو آپ کی طرف بھیجا کہا میں نے کہ کہہ واسطے اُن کے کہتی ہے ام سلمہ اے اللہ کے رسول ؐ سُنا میں نے آپ کو کہ آپ منع کرتے ہیں اُن دو رکعتوں سے اور دیکھا میں نے کہ آپ پڑھتے ہیں کہا اے ابُو اُمیہ کی بیٹی پوچھا تو نے دو رکعتوں سے کہ عصر کے بعد ہیں اور تحقیق شان یہ ہے کہ عبدالقیس کے چند آدمی آئے انہوں نے مجھ کو ظہر کی دونوں رکعتوں سے جو بعد میں ہوتی ہیں مشغول رکھا یہ وُہ دونوں تھیں۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۹۷۷ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ قَيْسِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُصَلِّي بَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الصُّبْحِ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ الرَّجُلُ إِنِّي لَمْ أَكُنْ صَلَّيْتُ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا فَصَلَّيْتُهُمَا الْآنَ فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهُ وَقَالَ إِسْنَادُ هٰذَا الْحَدِيثِ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ لِأَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ

محمد بن ابراہیم رضؓ سے روایت ہے انہوں نے قیس بن عمرو سے انہوں نے کہا ایک شخص کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ صبح کے فرضوں کے بعد نماز پڑھتا ہے دو رکعتیں پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز دو ہی رکعتیں پڑھ کہا اس نے تحقیق میں نے نہ پڑھی تھیں دو رکعتیں اب اُن کو پڑھتا ہوں تو چُپ رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

روایت کیا ہے اس کو ابو داؤد نے اس کی مانند روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے بھی اور کہا ترمذی نے اس کی سند متصل نہیں ہے اس لئے کہ محمد بن ابراہیم نے نہیں سُنا قیس بن عمرو سے شرح السنہ میں اور مصابیح کے اور نسخوں میں

besturdubooks.wordpress.com

قَيْسِ بْنِ عَمْرٍو وَّفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَ نُسْخَةِ الْمَصَابِيْحِ عَنْ قَيْسِ بْنِ فَهْدٍ نَحْوَهٗ۔

قیس بن عمرو سے مانند اس کی۔

۹۷۸/۸ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ لَا تَمْنَعُوْا اَحَدًا طَافَ بِهٰذَا الْبَيْتِ وَصَلّٰى اَيَّةَ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَّيْلٍ اَوْ نَهَارٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

جبیر بن مطعم رضؓ سے روایت ہے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عبد مناف کی اولاد اس خانہ کعبہ کے طواف سے کسی کو مت روکو اور نہ نماز پڑھنے سے جس وقت کہ چاہے رات یا دن سے روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔ اور نسائی نے۔

۹۷۹/۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الصَّلٰوةِ نِصْفَ النَّهَارِ حَتّٰى تَزُوْلَ الشَّمْسُ اِلَّا يَوْمَ الْجُمُعَةِ۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا دوپہر کے وقت نماز پڑھنے سے یہاں تک کہ سورج ڈھلے مگر جمعہ کے دن۔ روایت کیا ہے اس کو شافعی نے۔

۹۸۰/۹ وَعَنْ اَبِي الْخَلِيْلِ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ الصَّلٰوةَ نِصْفَ النَّهَارِ حَتّٰى تَزُوْلَ الشَّمْسُ اِلَّا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَقَالَ اِنَّ جَهَنَّمَ تُسَجَّرُ اِلَّا يَوْمَ الْجُمُعَةِ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ اَبُو الْخَلِيْلِ لَمْ يَلْقَ اَبَا قَتَادَةَ۔

ابی خلیل رضؓ سے روایت ہے وہ نقل کرتے ہیں ابوقتادہ سے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکروہ رکھتے تھے دوپہر کو نماز پڑھنا یہاں تک کہ ڈھلے سورج مگر جمعہ کے دن اور آپ نے فرمایا جہنم بھڑکائی جاتی ہے مگر جمعہ کے دن روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ابوداؤد نے کہا کہ ابوخلیل رضؓ ابوقتادہ کو نہیں ملا۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۹۸۱/۱۰ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الصُّنَابِحِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ وَمَعَهَا قَرْنُ الشَّيْطٰنِ فَاِذَا ارْتَفَعَتْ فَارَقَهَا ثُمَّ اِذَا اسْتَوَتْ

عبداللہ صنابحی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورج نکلتا ہے اور اس کے ساتھ شیطان کا سینگ ہوتا ہے جس وقت بلند ہوتا ہے جدا ہو جاتا ہے پھر جس وقت دوپہر ہوتی ہے نزدیک

besturdubooks.wordpress.com

قَارَنَهَا فَإِذَا زَالَتْ فَارَقَهَا فَإِذَا دَنَتْ لِلْغُرُوبِ قَارَنَهَا فَإِذَا غَرَبَتْ فَارَقَهَا وَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلٰوةِ فِي تِلْكَ السَّاعَاتِ۔
(رَوَاهُ مَالِكٌ وَّاَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ)

ہوتا ہے سورج کے شیطان پھر جب ڈھلتا ہے آفتاب جدا ہوتا ہے اس سے پھر جب قریب ہوتا ہے غروب کے پھر نزدیک ہوتا ہے جب غائب ہو چکا ہے تو جدا ہو جاتا ہے اس سے ان اوقات میں نماز پڑھنے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا (روایت کیا اس کو مالک احمد نسائی نے)

۹۸۲/۱۱ وَعَنْ اَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُخَمَّصِ صَلٰوةَ الْعَصْرِ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهِ صَلٰوةٌ عُرِضَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَضَيَّعُوهَا فَمَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَ لَهٗ اَجْرُهٗ مَرَّتَيْنِ وَلَا صَلٰوةَ بَعْدَهَا حَتّٰى يَطْلُعَ الشَّاهِدُ وَالشَّاهِدُ النَّجْمُ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوبصرہ غفاری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مخمص جگہ میں عصر کی نماز پڑھائی پھر آپ نے فرمایا تحقیق یہ نماز لازم کی گئی تھی ان لوگوں پر جو تم سے پہلے تھے انہوں نے اس کو ضائع کر دیا جو شخص اس کی محافظت کرے گا اس کے لئے دوہرا اجر ہوگا اس کے پیچھے نماز نہیں یہاں تک کہ نکلے شاہد اور شاہد ستارہ ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۹۸۳/۱۲ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ اِنَّكُمْ لَتُصَلُّوْنَ صَلٰوةً لَقَدْ صَحِبْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا رَاَيْنَاهُ يُصَلِّيهِمَا وَلَقَدْ نَهٰى عَنْهُمَا يَعْنِي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

معاویہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق تم نماز پڑھتے ہو تحقیق ہم صحبت میں رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہم نے آپ کو نہیں دیکھا کہ یہ دو رکعتیں پڑھتے ہوں تحقیق منع کیا ان دونوں سے یعنی عصر کے بعد دو رکعتوں سے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۹۸۴/۱۳ وَعَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ وَقَدْ صَعِدَ عَلٰى دَرَجَةِ الْكَعْبَةِ مَنْ عَرَفَنِي فَقَدْ عَرَفَنِي وَمَنْ لَّمْ يَعْرِفْنِي فَاَنَا جُنْدُبٌ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا صَلٰوةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَلَا بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ اِلَّا بِمَكَّةَ اِلَّا بِمَكَّةَ اِلَّا بِمَكَّةَ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَرَزِيْنٌ)

ابوذرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا اس حالت میں کہ چڑھے اوپر کعبہ کے زینہ کے جس شخص نے پہچانا مجھ کو تحقیق پہچانا مجھ کو اور جس شخص نے نہیں پہچانا مجھ کو تو میں جندبؓ ہوں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ فرماتے تھے نہیں نماز بعد صبح کے یہاں تک کہ نکلے آفتاب اور نہیں نماز بعد عصر کے یہاں تک کہ غروب ہو آفتاب مگر مکہ میں مگر مکہ میں مگر مکہ میں روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور رزین نے۔

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ الْجَمَاعَةِ وَفَضْلِهَا

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۹۸۵/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ صَلٰوةَ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ دَرَجَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۹۸۶/۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اٰمُرَ بِحَطَبٍ فَيُحْطَبَ ثُمَّ اٰمُرَ بِالصَّلٰوةِ فَيُؤَذَّنَ لَهَا ثُمَّ اٰمُرَ رَجُلًا فَيَؤُمَّ النَّاسَ ثُمَّ اُخَالِفَ اِلٰى رِجَالٍ وَّفِیْ رِوَايَةٍ لَا يَشْهَدُوْنَ الصَّلٰوةَ فَاُحَرِّقَ عَلَيْهِمْ بُيُوْتَهُمْ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَوْ يَعْلَمُ اَحَدُهُمْ اَنَّهٗ يَجِدُ عَرْقًا سَمِيْنًا اَوْ مِرْمَاتَيْنِ حَسَنَتَيْنِ لَشَهِدَ الْعِشَآءَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَلِمُسْلِمٍ نَحْوَهٗ)

۹۸۷/۳ وَعَنْهُ قَالَ اَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ اَعْمٰى فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهٗ لَيْسَ لِیْ قَائِدٌ يَّقُوْدُنِیْ اِلَى الْمَسْجِدِ فَسَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّرَخِّصَ لَهٗ فَيُصَلِّیَ فِیْ بَيْتِهٖ فَرَخَّصَ لَهٗ فَلَمَّا وَلّٰى دَعَاهُ فَقَالَ هَلْ تَسْمَعُ النِّدَآءَ بِالصَّلٰوةِ قَالَ نَعَمْ قَالَ

# جماعت اور اس کی فضیلت کا بیان

## پہلی فصل

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جماعت کے ساتھ نماز کا پڑھنا اکیلے نماز سے ستائیس درجے زیادہ ہوتی ہے۔ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ (متفق علیہ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تحقیق قصد کیا میں نے یہ کہ حکم کروں میں لکڑیوں کو جمع کرنے کا لکڑیاں جمع کی جائیں پھر حکم کروں میں اذان کہنے کا اذان دی جائے پھر حکم کروں میں ایک شخص کو کہ امامت کرائے لوگوں کی پھر پھیر جاؤں میں لوگوں کی طرف ایک روایت میں ہے کہ ان لوگوں کی طرف جاؤں کہ جو نماز میں حاضر نہیں ہوتے جلادوں میں اُن پر اُن کے گھر اور قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر ایک اُن کا جانے کہ پاویگا ہڈی گوشت کی موٹی بلکہ دو کھُر گائے یا بکری کے البتہ حاضر ہوں وہ نماز عشاء میں۔ بخاری نے اسکو روایت کیا اور مسلم نے اسکی مانند

اُسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی آیا اندھا کہا اے اللہ کے رسول نہیں ہے میرے لئے کوئی کھینچنے والا کہ کھینچ کر لے جاوے مجھ کو مسجد کی طرف اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے رخصت کا سوال کیا کہ وہ اپنے گھر میں ہی نماز پڑھ لیا کرے پس آپؐ نے اس کے لئے رخصت دی جب پیٹھ کر چلا بلایا اس کو اور فرمایا کہ سنتا ہے تو اذان کو اس نے کہا ہاں فرمایا آپؐ نے

besturdubooks.wordpress.com

فَاجِبْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۹۸۸/۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ اَذَّنَ بِالصَّلٰوةِ فِيْ لَيْلَةٍ ذَاتِ بَرْدٍ وَّرِيْحٍ ثُمَّ قَالَ اَلَا صَلُّوْا فِي الرِّحَالِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْمُرُ الْمُؤَذِّنَ اِذَا كَانَتْ لَيْلَةٌ ذَاتُ بَرْدٍ وَّمَطَرٍ اَنْ يَّقُوْلَ اَلَا صَلُّوْا فِي الرِّحَالِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۹۸۹/۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَ عَشَاءُ اَحَدِكُمْ وَاُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَابْدَءُوْا بِالْعَشَاءِ وَلَا يَعْجَلْ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْهُ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُوْضَعُ لَهُ الطَّعَامُ وَتُقَامُ الصَّلٰوةُ فَلَا يَاْتِيْهَا حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْهُ وَاِنَّهٗ لَيَسْمَعُ قِرَاءَةَ الْاِمَامِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۹۹۰/۶ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا صَلٰوةَ بِحَضْرَةِ الطَّعَامِ وَلَا هُوَ يُدَافِعُهُ الْاَخْبَثَانِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۹۹۱/۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَلَا صَلٰوةَ اِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۹۹۲/۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَاْذَنَتِ

نماز میں حاضر ہو (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے تحقیق انہوں نے اذان دی نماز کے لئے ایک رات کو کہ اس رات میں سردی اور باد تھی پھر کہا خبردار اپنے گھروں میں نماز پڑھو پھر کہا تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے مؤذن کو کہ جس وقت رات سرد ہوتی اور بارش ہوتی کہہ دو خبردار نماز پڑھو اپنے گھروں میں۔ (متفق علیہ)

اسی (ابن عمر رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کہ رکھا جاوے ایک تمہارے کا کھانا شام کا اور قائم کیا جاوے نماز کو شروع کرو کھانا اور جلدی نہ کرو یہاں تک کہ فارغ ہو اس سے اور ابن عمر رضی اللہ عنہ تھے کہ رکھا جاتا واسطے اُن کے کھانا اور قائم ہوتی نماز پس نہ آتے نماز کو یہاں تک کہ فارغ ہوتے اس سے اور تحقیق وہ امام کی قرأت کو بھی سنتے۔ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ (متفق علیہ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے تحقیق انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ فرماتے تھے کہ نماز نہیں ہوتی کھانے کے حاضر ہونے کی صورت میں اور اس حالت میں کہ دفع کریں اس کو دونوں خبیث۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کھڑی کی جاوے نماز کوئی نماز نہیں مگر فرضی ہی (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے) ✣ ✣ ✣ ✣

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت اجازت مانگے

besturdubooks.wordpress.com

امْرَاَةُ اَحَدِكُمْ اِلَى الْمَسْجِدِ فَلَا يَمْنَعْهَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ایک تمہارے کی عورت مسجد کی طرف پس نہ منع کرے۔ (متفق علیہ)

۹۹۳/۹ وَعَنْ زَيْنَبَ امْرَاَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَتْ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا شَهِدَتْ اِحْدٰكُنَّ الْمَسْجِدَ فَلَا تَمَسَّ طِيْبًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

زینب رضہ عبداللہ بن مسعود رضہ کی بیوی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لئے فرمایا جس وقت حاضر ہو تم میں سے کوئی ایک پس نہ لگاوے خوشبو (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۹۹۴/۱۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ اَصَابَتْ بَخُوْرًا فَلَا تَشْهَدْ مَعَنَا الْعِشَاءَ الْاٰخِرَةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت بخور لگاوے نہ حاضر ہووے ہمارے ساتھ عشاء کے وقت۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۹۹۵/۱۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَمْنَعُوْا نِسَاءَكُمُ الْمَسَاجِدَ وَبُيُوْتُهُنَّ خَيْرٌ لَّهُنَّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عمر رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ منع کرو تم اپنی عورتوں کو مسجدوں سے اور اُن کے لئے اُن کے گھر بہتر ہیں۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۹۹۶/۱۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الْمَرْاَةِ فِيْ بَيْتِهَا اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوتِهَا فِيْ حُجْرَتِهَا وَصَلٰوتُهَا فِيْ مَخْدَعِهَا اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوتِهَا فِيْ بَيْتِهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن مسعود رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت کی نماز اس کے گھر میں پڑھنی یہ افضل ہے گھر کے صحن میں پڑھنے سے اور کوٹھڑی میں بہتر ہے نماز اس کی کھلے مکان سے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۹۹۷/۱۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اِنِّيْ سَمِعْتُ حِبِّيْ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تُقْبَلُ صَلٰوةُ امْرَاَةٍ تَطَيَّبَتْ

ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ تحقیق میں نے اپنے محبوب سے سُنا کہ ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں فرماتے تھے نہیں قبول کی جاتی اس عورت کی نماز

besturdubooks.wordpress.com

لِلْمَسْجِدِ حَتّٰى تَغْتَسِلَ غُسْلَهَا مِنَ الْجَنَابَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَى اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ نَحْوَهٗ)

کہ مسجد میں جانے کے لئے خوشبو لگاوے یہاں تک کہ غسل کرے غسل جنابت کی مانند روایت کیا ہے اس کو ابوداود نے اور روایت کیا ہے اس کو احمد اور نسائی نے اس کی مانند

۹۹۸/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ عَيْنٍ زَانِيَةٌ وَاِنَّ الْمَرْاَةَ اِذَا اسْتَعْطَرَتْ فَمَرَّتْ بِالْمَجْلِسِ فَهِيَ كَذَا وَكَذَا يَعْنِيْ زَانِيَةً۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَلِاَبِيْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيِّ نَحْوَهٗ۔)

ابوموسیٰ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر آنکھ ہے زنا کرنے والی ہے تحقیق عورت کہ جس وقت خوشبو لگاتی ہے پھر گزرتی ہے کسی مجلس سے وہ ایسی اور ایسی ہے یعنی زنا کرنے والی ہے۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد اور نسائی نے مانند اس کی۔

۹۹۹/۱۵ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا الصُّبْحَ فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ اَشَاهِدٌ فُلَانٌ قَالُوْا لَا قَالَ اَشَاهِدٌ فُلَانٌ قَالُوْا لَا قَالَ اِنَّ هَاتَيْنِ الصَّلٰوتَيْنِ اَثْقَلُ الصَّلٰوتِ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ وَلَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا فِيْهِمَا لَاَتَيْتُمُوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا عَلَى الرُّكَبِ وَاِنَّ الصَّفَّ الْاَوَّلَ عَلٰى مِثْلِ صَفِّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَلَوْ عَلِمْتُمْ مَا فَضِيْلَتُهٗ لَابْتَدَرْتُمُوْهُ وَاِنَّ صَلٰوةَ الرَّجُلِ مَعَ الرَّجُلِ اَزْكٰى مِنْ صَلٰوتِهٖ وَحْدَهٗ وَصَلٰوتُهٗ مَعَ الرَّجُلَيْنِ اَزْكٰى مِنْ صَلٰوتِهٖ مَعَ الرَّجُلِ وَمَا كَثُرَ فَهُوَ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

ابی بن کعبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی ایک دن صبح کی پس جب سلام پھیرا آپ نے فرمایا فلاں حاضر ہے؟ صحابہؓ نے عرض کی کہ نہیں فرمایا آپ نے کیا حاضر ہے فلاں صحابہؓ نے کہا کہ نہیں فرمایا آپ نے تحقیق یہ دونوں نمازیں منافقوں پر بہت گراں ہوتی ہیں اگر تم جانتے کیا ثواب ہے ان دونوں میں تو آتے تم اگرچہ گھٹنوں پر تحقیق پہلی صف فرشتوں کی صف کے مانند ہے اگر جانتے تم کیا ثواب ہے اس کا البتہ تم جلدی کرتے اس میں پہنچنے کے لئے تحقیق ایک آدمی کی نماز ساتھ ایک آدمی کے زیادہ ثواب رکھتی ہے اکیلے کی نماز سے اور اس کی دو شخصوں کے ساتھ نماز زیادہ ثواب رکھتی ہے ایک شخص کے ساتھ نماز پڑھنے سے اور جس قدر زیادہ ہوں پس وہ زیادہ محبوب ہے اللہ تعالیٰ کی طرف روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے۔

۱۰۰۰/۱۶ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ ثَلٰثَةٍ فِيْ قَرْيَةٍ وَّلَا بَدْوٍ لَّا تُقَامُ فِيْهِمُ الصَّلٰوةُ

ابودرداءؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں تین شخص بستی میں اور نہ جنگل میں کہ نہ جماعت کی جاوے ان میں نماز مگر تحقیق

besturdubooks.wordpress.com

إِلَّا قَدِ اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَعَلَيْكَ بِالْجَمَاعَةِ فَإِنَّمَا يَأْكُلُ الذِّئْبُ الْقَاصِيَةَ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

غالب ہوتا ہے اُن پر شیطان پس لازم کر اپنے پر جماعت کو سوائے اس کے نہیں کہ کھاتا ہے بھیڑیا اس بکری کو جو ریوڑ سے دُور ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد احمد نسائی نے)

۱۰۰۱/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمِعَ الْمُنَادِيَ فَلَمْ يَمْنَعْهُ مِنِ اتِّبَاعِهٖ عُذْرٌ قَالُوْا وَمَا الْعُذْرُ قَالَ خَوْفٌ أَوْ مَرَضٌ لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ الصَّلٰوةُ الَّتِيْ صَلّٰى۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالدَّارَقُطْنِيُّ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے اذان کہنے والے کی اذان سُنی نہ رُوکے اس کو مؤذن کی تابعداری سے کوئی عذر صحابہ رضؓ نے کہا کیا عذر ہے کہا ڈرنا یا بیماری نہیں قبول کی جاتی اس سے نماز جو کہ اُس نے پڑھی۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور دارقطنی نے۔

۱۰۰۲/۱۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ وَوُجِدَ أَحَدُكُمُ الْخَلَاءَ فَلْيَبْدَأْ بِالْخَلَاءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوٰى مَالِكٌ وَّأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ نَحْوَهٗ)

عبداللہ بن ارقم رضؓ سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا فرماتے تھے جس وقت کہ قائم کی جاوے نماز اور پاوے ایک تمہارا حاجت پاخانہ کی چاہیئے کہ ابتدا کرے پاخانہ کے ساتھ۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور روایت کیا ہے مالک نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اس کی مانند۔

۱۰۰۳/۱۹ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ لَّا يَحِلُّ لِأَحَدٍ أَنْ يَّفْعَلَهُنَّ لَا يَؤُمُّ رَجُلٌ قَوْمًا فَيَخُصُّ نَفْسَهٗ بِالدُّعَاءِ دُوْنَهُمْ فَإِنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ خَانَهُمْ وَلَا يَنْظُرْ فِيْ قَعْرِ بَيْتٍ قَبْلَ أَنْ يَّسْتَأْذِنَ فَإِنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ خَانَهُمْ وَلَا يُصَلِّ وَهُوَ حَقِنٌ حَتّٰى يَتَخَفَّفَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَلِلتِّرْمِذِيِّ نَحْوَهٗ)

ثوبان رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں ہیں کہ نہیں حلال کسی کے لئے یہ کہ کرے اُن کو امام ہو آدمی کسی قوم کا اپنی ذات کو دُعا میں خاص کرے بدوں اُن کے پس اگر کیا یہ تحقیق خیانت کی اس نے ان کی اور نہ نظر کرے کسی کے گھر میں پہلے اُس کی اجازت سے پس اگر کیا یہ تحقیق خیانت کی ان کی اور نہ نماز پڑھے اس حالت میں کہ بند کئے ہوں پیشاب یا پاخانے کو یہاں تک کہ ہلکا ہو۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی کے لئے اس کی مانند)

* * * * * *

۱۰۰۴/۲۰ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُؤَخِّرُوا

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ تاخیر کرو نماز کو واسطے کھانے کے

besturdubooks.wordpress.com



الصَّلٰوةَ لِطَعَامٍ وَّلَا لِغَيْرِهٖ۔
(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

اور نہ اس کے غیر کے لئے۔ روایت کیا ہے اس کو شرح السنہ میں

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۰۰۵/۲۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَقَدْ رَاَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنِ الصَّلٰوةِ اِلَّا مُنَافِقٌ قَدْ عُلِمَ نِفَاقُهٗ اَوْ مَرِيْضٌ اِنْ كَانَ الْمَرِيْضُ لَيَمْشِيْ بَيْنَ رَجُلَيْنِ حَتّٰى يَاْتِيَ الصَّلٰوةَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَنَا سُنَنَ الْهُدٰى وَاِنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدٰى الصَّلٰوةُ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِيْ يُؤَذَّنُ فِيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّلْقَى اللّٰهَ غَدًا مُّسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلٰى هٰؤُلَاءِ الصَّلَوٰتِ الْخَمْسِ حَيْثُ يُنَادٰى بِهِنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ سُنَنَ الْهُدٰى وَاِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدٰى وَلَوْ اَنَّكُمْ صَلَّيْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ كَمَا يُصَلِّيْ هٰذَا الْمُتَخَلِّفُ فِيْ بَيْتِهٖ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ لَضَلَلْتُمْ وَمَا مِنْ رَّجُلٍ يَّتَطَهَّرُ فَيُحْسِنُ الطُّهُوْرَ ثُمَّ يَعْمِدُ اِلٰى مَسْجِدٍ مِّنْ هٰذِهِ الْمَسَاجِدِ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَّخْطُوْهَا حَسَنَةً وَّرَفَعَهٗ بِهَا دَرَجَةً وَّحَطَّ عَنْهُ بِهَا سَيِّئَةً وَّلَقَدْ رَاَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا اِلَّا مُنَافِقٌ مَّعْلُوْمُ النِّفَاقِ وَلَقَدْ

عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق دیکھا میں نے صحابہ کرام رضؓ کو کہ نہ پیچھے رہتا نماز میں باجماعت سے مگر منافق کہ معلوم اور ظاہر تھا نفاق اس کا یا بیمار تحقیق تھا بیمار ہمارا البتہ چلتا درمیان دو شخصوں کے یہاں تک کہ آتا وہ نماز میں اور ابن مسعود رضؓ نے کہا تحقیق پیغمبر خدا نے سکھائے ہم کو ہدایت کے طریقے اور تحقیق ہدایت کے طریقوں میں سے نماز ہے کہ اُن مساجد میں ادا کی جائے جن میں اذان پڑھی جاتی ہے اور ایک روایت میں یوں ہے کہ کہا ابن مسعود رضؓ نے جس شخص کو خوش لگے یہ بات کہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے کل کو پورا مسلمان چاہیئے کہ محافظت کرے ان پانچوں نمازوں پر اس جگہ پر کہ اذان دی جاوے واسطے اُن کے تحقیق مقرر کئے اللہ تعالیٰ نے تمہارے نبی کے لئے ہدایت کے طریقے اور تحقیق یہ نمازیں پانچوں جماعت کے ساتھ پڑھنی ہدایت کے طریقوں سے ہے اور اگر تم نماز پڑھو اپنے گھروں میں جیسا کہ نماز پڑھتا ہے یہ پیچھے رہنے والا اپنے گھر میں البتہ چھوڑو گے نبی کی سنت کو اگر چھوڑو گے اپنے نبی کی یہ سنت البتہ گمراہ ہو جاؤ گے اور نہیں کوئی شخص کہ وضو کرے اچھا کرے وضو کو پھر مسجد کی طرف قصد کرے ان مساجد میں سے مگر کہ لکھتا ہے اللہ تعالیٰ ہر قدم کے بدلے کہ قدم رکھتا ہے واسطے اس کے ایک نیکی اور بلند کرتا ہے بسبب اس قدم کے ایک درجہ اور دُور کرتا ہے اس سے ایک بُرائی کو اور تحقیق دیکھا ہم نے اپنے آپ کو اور صحابہ کرام کو اس حالت میں کہ نہ پیچھے رہتا

كَانَ الرَّجُلُ يُؤْتَى بِهٖ يُهَادٰى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتّٰى يُقَامَ فِي الصَّفِّ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جماعت سے مگر منافق ایسا کہ اُس کا نفاق معلوم تھا تحقیق تھا آدمی بیمار کہ لایا جاتا نماز میں اس حالت میں کہ چلایا جاتا درمیان دو آدمیوں کے یہاں تک کہ کھڑا کیا جاتا صف میں۔ روایت کیا اسکو مسلم نے

۱۰۰۶/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا مَا فِي الْبُيُوْتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالذُّرِّيَّةِ اَقَمْتُ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ وَاَمَرْتُ فِتْيَانِيْ يُحَرِّقُوْنَ مَا فِي الْبُيُوْتِ بِالنَّارِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے وہ نقل کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اگر گھر میں عورتیں نہ ہوتیں اور اولاد حکم کرتا میں عشا کی نماز کو قائم کرنے کا اور حکم کرتا اپنے خادموں کو کہ جلاتے اس چیز کو کہ گھروں میں ہے آگ کے ساتھ روایت کیا ہے اس کو احمد نے۔

۱۰۰۷/۲۳ وَعَنْهُ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كُنْتُمْ فِي الْمَسْجِدِ فَنُوْدِيَ بِالصَّلٰوةِ فَلَا يَخْرُجْ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يُصَلِّيَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا کہ جس وقت کہ ہو تم مسجد میں اذان دی جاوے نماز کی نہ نکلے ایک تمہارا یہاں تک کہ نماز پڑھے (روایت کیا ہے احمدؒ نے)

۱۰۰۸/۲۴ وَعَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ قَالَ خَرَجَ رَجُلٌ مِّنَ الْمَسْجِدِ بَعْدَ مَا اُذِّنَ فِيْهِ فَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ عَصٰى اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوشعثاء سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک شخص مسجد سے نکلا بعد اس کے کہ اذان کہی گئی اُس میں کہا ابوہریرہ رضؓ نے کہ اس شخص نے تحقیق نافرمانی کی ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۰۰۹/۲۵ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَدْرَكَهُ الْاَذَانُ فِي الْمَسْجِدِ ثُمَّ خَرَجَ لَمْ يَخْرُجْ لِحَاجَةٍ وَّهُوَ لَا يُرِيْدُ الرَّجْعَةَ فَهُوَ مُنَافِقٌ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

عثمان بن عفان سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ پایا اس کو اذان نے مسجد میں پھر نکلا نہیں نکلا کسی حاجت کے لئے اور وہ واپس آنے کا ارادہ بھی نہیں رکھتا پس وہ منافق ہے۔ روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے۔

۱۰۱۰/۲۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يُجِبْهُ فَلَا صَلٰوةَ لَهٗ اِلَّا مِنْ عُذْرٍ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے اس نے نقل کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا کہ جس نے اذان سُنی نہ جواب دیا اُس کا اس کی نماز ہی نہیں مگر عذر سے۔ روایت کیا ہے اُس کو دارقطنی نے۔

besturdubooks.wordpress.com

۱۰۱۱/۲۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْمَدِيْنَةَ كَثِيْرَةُ الْهَوَآمِّ وَالسِّبَاعِ وَاَنَا ضَرِيْرُ الْبَصَرِ فَهَلْ تَجِدُ لِيْ مِنْ رُّخْصَةٍ قَالَ هَلْ تَسْمَعُ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَحَيَّ هَلًا وَّلَمْ يُرَخِّصْ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عبداللہ بن ام مکتوم سے روایت ہے انہوں نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسول تحقیق مدینہ میں بہت موذی جانور ہیں اور درندے ہیں اور میں اندھا ہوں۔ کیا آپ پاتے ہیں میرے لئے رخصت کہ جماعت میں نہ آؤں آپ نے فرمایا کیا تو سنتا ہے حی علی الصلوٰۃ، حی علی الفلاح کہا ہاں آپ نے فرمایا حاضر ہو اور جماعت کو چھوڑنے کی رخصت نہ دی۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد اور نسائی نے

۱۰۱۲/۲۸ وَعَنْ اُمِّ الدَّرْدَآءِ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ اَبُو الدَّرْدَآءِ وَهُوَ مُغْضَبٌ فَقُلْتُ مَا اَغْضَبَكَ قَالَ وَاللّٰهِ مَا اَعْرِفُ مِنْ اَمْرِ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا اِلَّا اَنَّهُمْ يُصَلُّوْنَ جَمِيْعًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اُمّ درداء رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ مجھ پر ابو درداء آئے اور وہ غصے کی حالت میں تھے میں نے کہا کس چیز نے غصے میں ڈالا تم کو کہا اللہ تعالیٰ کی قسم نہیں جانتا میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کے معاملہ میں کچھ مگر تحقیق وہ نماز پڑھتے ہیں جماعت سے۔ روایت کیا اس کو بخاری نے۔

۱۰۱۳/۲۹ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ قَالَ اِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَدَ سُلَيْمَانَ بْنَ اَبِيْ حَثْمَةَ فِيْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ وَاِنَّ عُمَرَ غَدَا اِلَى السُّوْقِ وَمَسْكَنُ سُلَيْمَانَ بَيْنَ الْمَسْجِدِ وَالسُّوْقِ فَمَرَّ عَلَى الشِّفَآءِ اُمِّ سُلَيْمَانَ فَقَالَ لَهَا لَمْ اَرَ سُلَيْمَانَ فِي الصُّبْحِ فَقَالَتْ اِنَّهٗ بَاتَ يُصَلِّيْ فَغَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ فَقَالَ عُمَرُ لَاَنْ اَشْهَدَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ فِيْ جَمَاعَةٍ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَقُوْمَ لَيْلَةً۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

ابی بکر رضہ بن سلیمان بن ابی حثمہ سے روایت ہے انہوں نے کہا حضرت عمر بن الخطاب نے نہ پایا سلیمان بن ابی حثمہ کو صبح کی نماز میں اور تحقیق حضرت عمر رضہ صبح کو گئے بازار کی طرف اور مکان سلیمان کا تھا درمیان مسجد اور بازار کے گزرے اوپر شفاء کے کہ سلیمان کی ماں کا نام ہے عمر رضہ نے کہا نہیں دیکھا میں نے سلیمان کو صبح کی نماز میں کہا سلیمان کی ماں نے تحقیق سلیمان نے رات گزاری تھی نماز پڑھتے پس غلبہ کیا اُن کی آنکھوں نے عمر رضہ نے کہا البتہ حاضر ہونا میرا نماز صبح کو جماعت میں یہ بہتر ہے طرف میری رات کو قیام کرنے سے۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۰۱۴/۳۰ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابوموسیٰ اشعری رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو یا دو سے زیادہ

besturdubooks.wordpress.com

اثْنَانِ فَمَا فَوْقَهُمَا جَمَاعَةٌ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

جماعت ہے (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

✧ ✧ ✧ ✧ ✧ ✧

۱۰۱۵/۳۱ وَعَنْ بِلَالِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَمْنَعُوا النِّسَاءَ حُظُوْظَهُنَّ مِنَ الْمَسَاجِدِ اِذَا اسْتَاْذَنَّكُمْ فَقَالَ بِلَالٌ وَّاللّٰهِ لَنَمْنَعُهُنَّ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ اَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَقُوْلُ اَنْتَ لَنَمْنَعُهُنَّ وَفِيْ رِوَايَةِ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ فَاَقْبَلَ عَلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ فَسَبَّهُ سَبًّا مَا سَمِعْتُهُ سَبَّهُ مِثْلَهُ قَطُّ وَقَالَ اُخْبِرُكَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَقُوْلُ لَنَمْنَعُهُنَّ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

بلال رضی اللہ عنہ بن عبداللہ بن عمر سے روایت ہے انہوں نے نقل کیا ہے اپنے باپ سے انہوں نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ منع کرو عورتوں کو اُن کے حصے مسجدوں سے جبکہ اجازت مانگیں تم سے مسجد جانے کی پس کہا بلال رضی اللہ عنہ نے منع کریں گے اُن کو ہم کہا بلال کو عبداللہ نے میں کہتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور تو کہتا ہے کہ منع کریں گے ان کو۔ اور سالم کی روایت میں ہے انہوں نے اپنے باپ سے روایت کیا کہا پھر متوجہ ہوئے عبداللہ بلال پر بُرا کہا اس کو بُرا کہنا نہیں سُنا میں نے کہ بُرا کہا اس کو مانند اس کی کبھی بھی اور کہا خبر دیتا ہوں میں تجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور تو کہتا ہے اللہ کی قسم منع کریں گے ہم (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۰۱۶/۳۲ وَعَنْ مُّجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَمْنَعَنَّ رَجُلٌ اَهْلَهُ اَنْ يَّاْتُوا الْمَسَاجِدَ فَقَالَ ابْنٌ لِّعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَاِنَّا نَمْنَعُهُنَّ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اُحَدِّثُكَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَقُوْلُ هٰذَا فَاَقَالَ فَمَا كَلَّمَهُ عَبْدُ اللّٰهِ حَتّٰى مَاتَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

مجاہد رح سے روایت ہے وہ روایت کرتے ہیں عبداللہ بن عمر سے تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے اہل کو کوئی شخص منع نہ کرے کہ آویں وُہ مسجد کو کہا عبداللہ بن عمر کے بیٹے نے ہم منع کریں گے اُن کو عبداللہ نے کہا میں حدیث بیان کرتا ہوں تجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور تو یہ کہتا ہے۔ مجاہد رح نے کہا پس نہ بولے عبداللہ اس سے یہاں تک کہ وفات پائی (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

✧ ✧ ✧ ✧ ✧ ✧

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ تَسْوِيَةِ الصَّفِّ

# صف برابر کرنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۰۱۷/۱ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَوِّيْ صُفُوْفَنَا حَتّٰى كَاَنَّمَا يُسَوِّيْ بِهَا الْقِدَاحَ حَتّٰى رَاٰ اَنَّا قَدْ عَقَلْنَا عَنْهُ ثُمَّ خَرَجَ يَوْمًا فَقَامَ حَتّٰى كَادَ اَنْ يُّكَبِّرَ فَرَاٰى رَجُلًا بَادِيًا صَدْرُهٗ مِنَ الصَّفِّ فَقَالَ عِبَادَ اللّٰهِ لَتُسَوُّنَّ صُفُوْفَكُمْ اَوْ لَيُخَالِفَنَّ اللّٰهُ بَيْنَ وُجُوْهِكُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

نعمان بن بشیر سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے صفیں برابر کرتے ہماری یہاں تک کہ گویا برابر کرتے ساتھ اُن کے تیروں کو یہاں تک کہ دیکھا تحقیق سمجھے ہم اُن سے پھر نکلے ایک دن پس کھڑے ہوئے یہاں تک کہ قریب تھا کہ تکبیر کہیں پس دیکھا ایک شخص کو باہر نکلا ہوا ہے اُس کا سینہ صف سے پس کہا اے اللہ تعالےٰ کے بندو برابر کرو اپنی صفوں کو یا اختلاف ڈالے گا اللہ تعالیٰ درمیان تمہاری ذاتوں کے۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے

۱۰۱۸/۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَاَقْبَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَجْهِهٖ فَقَالَ اَقِيْمُوْا صُفُوْفَكُمْ وَتَرَاصُّوْا فَاِنِّيْ اَرَاكُمْ مِّنْ وَّرَاۤءِ ظَهْرِيْ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ قَالَ اَتِمُّوا الصُّفُوْفَ فَاِنِّيْ اَرَاكُمْ مِنْ وَّرَاۤءِ ظَهْرِيْ۔

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا قائم کی گئی نماز ہم پر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم متوجہ ہوئے اپنے چہرے کے ساتھ آپ نے فرمایا اپنی صفوں کو سیدھا کرو اور آپس میں نزدیک کھڑے رہو تحقیق دیکھتا ہوں میں تم کو اپنی پیٹھ کے پیچھے سے روایت کیا ہے اس کو بخاری نے اور بخاری اور مسلم میں ہے کہ پورا کرو اپنی صفوں کو تحقیق دیکھتا ہوں میں تم کو اپنی پیٹھ کے پیچھے سے۔

۱۰۱۹/۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ فَاِنَّ تَسْوِيَةَ الصُّفُوْفِ مِنْ اِقَامَةِ الصَّلٰوةِ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اِلَّا اَنَّ عِنْدَ مُسْلِمٍ مِّنْ تَمَامِ الصَّلٰوةِ

اُسی (انس رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی صفوں کو برابر کرو تحقیق صفوں کا برابر کرنا نماز کے تمام کرنے میں سے ہے۔ روایت کیا ہے اسکو بخاری نے مسلم نے مگر مسلم کے نزدیک من تمام الصلوٰۃ کا لفظ ہے

۱۰۲۰/۴ وَعَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدِ ِالْاَنْصَارِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ مَنَاكِبَنَا فِي الصَّلٰوةِ وَيَقُوْلُ

ابو مسعود انصاری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے اپنے ہاتھوں کو ہمارے مونڈھوں پر رکھتے نماز میں اور فرماتے برابر ہو جاؤ اور اختلاف نہ کرو

besturdubooks.wordpress.com

اسْتَوُوْا وَلَا تَخْتَلِفُوْا فَتَخْتَلِفَ قُلُوْبُكُمْ لِيَلِنِيْ مِنْكُمْ اُولُوا الْاَحْلَامِ وَالنُّهٰى ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ قَالَ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ فَاَنْتُمُ الْيَوْمَ اَشَدُّ اخْتِلَافًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

مختلف ہوں گے تمہارے دل چاہئے کہ متصل ہوں میرے تم میں سے صاحبان بلوغ کے اور عقل کے پھر وہ لوگ کہ قریب ہوں ان کے پھر وہ لوگ کہ قریب ہوں اُن کے ابو مسعود رضؓ نے کہا تم آج کے دن بہت اختلاف کرتے ہو۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

❊ ❊ ❊

۱۰۲۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَلِنِيْ مِنْكُمْ اُولُوا الْاَحْلَامِ وَالنُّهٰى ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثَلٰثًا وَّاِيَّاكُمْ وَهَيْشَاتِ الْاَسْوَاقِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چاہئے کہ میرے نزدیک ہوں تم میں سے صاحب بلوغ اور عقل کے پھر وہ لوگ کہ قریب ہیں ان کے تین بار فرمایا اور بچو تم بازاروں کے شور کرنے سے۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۰۲۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَصْحَابِهٖ تَاَخُّرًا فَقَالَ لَهُمْ تَقَدَّمُوْا وَاْتَمُّوْا بِيْ وَلْيَاْتَمَّ بِكُمْ مَنْ بَعْدَكُمْ لَا يَزَالُ قَوْمٌ يَّتَاَخَّرُوْنَ حَتّٰى يُؤَخِّرَهُمُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو سعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا اپنے صحابہ میں سے بعض کو موخر فرمایا ان کے لئے آگے بڑھو اور اقتدا کرو میری اور چاہئے کہ اقتدا کریں تمہارے ساتھ وہ کہ ہوں پیچھے تمہارے ہمیشہ رہے گی ایک قوم تاخیر کرتی یہاں تک کہ پیچھے ڈالے گا اُن کو اللہ تعالیٰ۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۰۲۳ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاٰنَا حِلَقًا فَقَالَ مَالِيْ اَرَاكُمْ عِزِيْنَ ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا فَقَالَ اَلَا تَصُفُّوْنَ كَمَا تَصُفُّ الْمَلٰٓئِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ تَصُفُّ الْمَلٰٓئِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا قَالَ يُتِمُّوْنَ الصُّفُوْفَ الْاُوْلٰى وَيَتَرَاصُّوْنَ فِي الصَّفِّ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر بن سمرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے۔ دیکھا ہم کو بیٹھے ہوئے حلقہ بنا کر فرمایا کیا ہے میرے لئے کہ دیکھتا ہوں میں تم کو جماعتیں الگ الگ پھر نکلے ہم پر آپ نے فرمایا کیا نہیں صف باندھتے تم فرشتوں کی صف کی مانند اپنے رب کے نزدیک ہم نے کہا اے اللہ کے رسول کیونکر صف باندھتے ہیں فرشتے اپنے رب کے پاس آپ نے فرمایا پورا کرتے ہیں پہلی صفوں کو جڑ کر کھڑے ہوتے ہیں صف میں۔ روایت کیا مسلم نے

۱۰۲۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ صُفُوْفِ

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہترین صف مردوں کی پہلی ہے

besturdubooks.wordpress.com

الرِّجَالِ اَوَّلُهَا وَشَرُّهَا اٰخِرُهَا وَخَيْرُ صُفُوْفِ النِّسَآءِ اٰخِرُهَا وَشَرُّهَا اَوَّلُهَا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور بدترین آخری اس کی اور عورتوں کی بہترین صف آخری ہے اور بدترین پہلی اُن کی ہے۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

۱۰۲۵/۹ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُصُّوْا صُفُوْفَكُمْ وَقَارِبُوْا بَيْنَهَا وَحَاذُوْا بِالْاَعْنَاقِ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنِّيْ لَاَرَى الشَّيْطَانَ يَدْخُلُ مِنْ خَلَلِ الصَّفِّ كَاَنَّهَا الْحَذَفُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

## دوسری فصل

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ملی ہوئی رکھو صفیں اپنی اور نزدیک کرو درمیان صفوں کے اور برابر رکھو گردنیں اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تحقیق میں دیکھتا ہوں شیطان کو داخل ہوتا ہے صف کے شگافوں میں گویا کہ وہ سیاہ بچہ ہے بکری کا۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۰۲۶/۱۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتِمُّوا الصَّفَّ الْمُقَدَّمَ ثُمَّ الَّذِيْ يَلِيْهِ فَمَا كَانَ مِنْ نَّقْصٍ فَلْيَكُنْ فِي الصَّفِّ الْمُؤَخَّرِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اسی (انس رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پورا کرو پہلی صف کو پھر اس کو کہ نزدیک ہے پھر جو کچھ نقصان ہو پچھلی صف میں ہو۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۰۲۷/۱۱ وَعَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ يَلُوْنَ الصُّفُوْفَ الْاُوْلٰى وَمَا مِنْ خَطْوَةٍ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ خَطْوَةٍ يَمْشِيْهَا يَصِلُ بِهَا صَفًّا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

براء بن عازب سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے تحقیق اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں اُن لوگوں پر کہ قریب ہوتے ہیں پہلی صفوں کے اور نہیں کوئی قدم بہت محبوب اللہ تعالیٰ کی طرف اس قدم سے کہ چلے اور ملا دے ساتھ اس کے صف کو۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۰۲۸/۱۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلٰى مَيَامِنِ الصُّفُوْفِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں اُوپر داہنی طرف والی صفوں کے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

besturdubooks.wordpress.com

۱۰۲۹/۱۳ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَوِّيْ صُفُوْفَنَا اِذَا قُمْنَا اِلَى الصَّلٰوةِ فَاِذَا اسْتَوَيْنَا كَبَّرَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

نعمان بن بشیر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برابر کرتے تھے ہماری صفوں کو جس وقت کہ کھڑے ہوتے ہم طرف نماز کے جب برابر ہو چکتے تکبیر تحریمہ کہتے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۰۳۰/۱۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَنْ يَّمِيْنِهٖ اعْتَدِلُوْا سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ وَعَنْ يَّسَارِهٖ اعْتَدِلُوْا سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اپنی داہنی طرف سیدھے کھڑے رہو برابر رکھو اپنی صفیں اور بائیں طرف فرماتے سیدھے کھڑے رہو برابر رکھو صفیں اپنی۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے

۱۰۳۱/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِيَارُكُمْ اَلْيَنُكُمْ مَنَاكِبَ فِي الصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہترین نمازی وہ ہیں کہ نرم ہوں مونڈھے اُن کے نماز میں۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۰۳۲/۱۶ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اسْتَوُوْا اسْتَوُوْا اسْتَوُوْا فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنِّيْ لَاَرَاكُمْ مِّنْ خَلْفِيْ كَمَا اَرَاكُمْ مِّنْ بَيْنِ يَدَيَّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے برابر ہو برابر ہو برابر ہو قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے البتہ تحقیق دیکھتا ہوں میں تم کو پیچھے اپنے سے جیسا کہ میں اپنے آگے سے دیکھتا ہوں۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۰۳۳/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى الصَّفِّ الْاَوَّلِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَعَلَى الثَّانِيْ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى الصَّفِّ الْاَوَّلِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَعَلَى الثَّانِيْ

ابوامامہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں پہلی صف پر صحابہ کرام نے عرض کیا اے اللہ کے رسولؐ اور دوسری پر بھی فرماؤ آپؐ نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں پہلی صف پر صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ دوسری پر بھی

قَالَ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى الصَّفِّ الْاَوَّلِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ عَلَى الثَّانِيْ قَالَ وَعَلَى الثَّانِيْ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَوُّوْا صُفُوْفَكُمْ وَحَاذُوْا بَيْنَ مَنَاكِبِكُمْ وَ لِيْنُوْا فِيْ اَيْدِيْ اِخْوَانِكُمْ وَسُدُّوا الْخَلَلَ فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ يَدْخُلُ فِيْمَا بَيْنَكُمْ بِمَنْزِلَةِ الْحَذَفِ يَعْنِيْ اَوْلَادَ الضَّاْنِ الصِّغَارَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

فرمایا آپ نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں پہلی صف پر صحابہ کرام نے عرض کیا اے اللہ کے رسول اور دوسری پر بھی فرمایا دوسری پر بھی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے برابر کرو اپنی صفوں کو اور برابری کرو درمیان مونڈھوں اپنے کے اور نرم ہو آگے ہاتھوں بھائیوں اپنے کے اور بند کرو شگافوں کو اس لئے کہ تحقیق شیطان داخل ہوتا ہے درمیان تمہارے مانند حذف کے یعنی چھوٹے بچے بھیڑ کے (روایت کیا ہے اس کے احمد نے)

۱۰۳۴/۱۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقِيْمُوا الصُّفُوْفَ وَحَاذُوْا بَيْنَ الْمَنَاكِبِ وَسُدُّوا الْخَلَلَ وَلِيْنُوْا بِاَيْدِيْ اِخْوَانِكُمْ وَلَا تَذَرُوْا فُرُجَاتِ الشَّيْطٰنِ وَمَنْ وَّصَلَ صَفًّا وَّصَلَهُ اللّٰهُ وَمَنْ قَطَعَهٗ قَطَعَهُ اللّٰهُ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَى النَّسَائِيُّ مِنْهُ قَوْلَهٗ وَمَنْ وَّصَلَ صَفًّا اِلٰى اٰخِرِهٖ۔

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سیدھا کرو صفوں کو اور برابر کرو درمیان مونڈھوں کے اور بند کرو شگافوں کو اور نرم ہو اپنے بھائیوں کے ہاتھوں میں اور نہ چھوڑو تم فرجے شیطان کے جس نے ملائی صف ملائے گا اس کو اللہ تعالیٰ اور جس نے توڑی صف توڑے گا اس کو اللہ تعالیٰ۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا نسائی نے اس حدیث سے قول اُن کا وَمَنْ وَّصَلَ صَفًّا آخر تک۔

۱۰۳۵/۱۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَسَّطُوا الْاِمَامَ وَسُدُّوا الْخَلَلَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا امام کو بیچ میں رکھو اور بند کرو شگافوں کو (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۰۳۶/۲۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ قَوْمٌ يَتَاَخَّرُوْنَ عَنِ الصَّفِّ الْاَوَّلِ حَتّٰى يُؤَخِّرَهُمُ اللّٰهُ فِي النَّارِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ رہے گی قوم کہ پیچھے ہٹتی رہے گی پہلی صف سے یہاں تک کہ پیچھے ڈالے رکھے گا اُن کو اللہ تعالیٰ دوزخ میں روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۰۳۷/۲۱ وَعَنْ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ قَالَ رَأَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُصَلِّيْ خَلْفَ الصَّفِّ وَحْدَهٗ فَأَمَرَهٗ أَنْ يُّعِيْدَ الصَّلٰوةَ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ۔

وابصہ رضؓ بن معبد سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ایک شخص کو کہ نماز پڑھتا تھا صف کے پیچھے اکیلا پس حکم کیا یہ کہ لوٹائے نماز کو۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے۔

## بَابُ الْمَوْقِفِ

## امام کی جگہ کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۱۰۳۸/۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بِتُّ فِيْ بَيْتِ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةَ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فَقُمْتُ عَنْ يَّسَارِهٖ فَأَخَذَ بِيَدِيْ مِنْ وَّرَاءِ ظَهْرِهٖ فَعَدَلَنِيْ كَذٰلِكَ مِنْ وَّرَاءِ ظَهْرِهٖ إِلَى الشِّقِّ الْأَيْمَنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رات گزاری میں نے اپنی خالہ حضرت میمونہ رضؓ کے گھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے نماز پڑھنے لگے کھڑا ہوا میں بائیں طرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پکڑا ہاتھ میرا پیچھے پیٹھ اپنی سے پھیرا مجھ کو اس طرح پیچھے پیٹھ اپنی سے طرف پہلو دائیں کے۔ بخاری اور مسلم نے اس کو روایت کیا۔

۱۰۳۹/۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصَلِّيَ فَجِئْتُ حَتّٰى قُمْتُ عَنْ يَّسَارِهٖ فَأَخَذَ بِيَدِيْ فَأَدَارَنِيْ حَتّٰى أَقَامَنِيْ عَنْ يَّمِيْنِهٖ ثُمَّ جَاءَ جَبَّارُ بْنُ صَخْرٍ فَقَامَ عَنْ يَّسَارِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَ بِيَدَيْنَا جَمِيْعًا فَدَفَعَنَا حَتّٰى أَقَامَنَا خَلْفَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے نماز پڑھنے کے لئے میں آیا کہ کھڑا ہوا میں بائیں طرف آنحضرت کے پکڑا ہاتھ میرا پس پھیرا مجھ کو یہاں تک کہ کھڑا کیا مجھ کو اپنی دائیں طرف پھر آیا جبار بن صخر کھڑا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں طرف پکڑے آنحضرت نے دونوں ہاتھ ہمارے اکٹھے پھر ہٹایا ہم کو یہاں تک کہ کھڑا کیا ہم کو اپنے پیچھے۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۰۴۰/۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ صَلَّيْتُ أَنَا وَ

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نماز پڑھی

besturdubooks.wordpress.com

يَتِيمٌ فِي بَيْتِنَا خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُمُّ سُلَيْمٍ خَلْفَنَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

میں نے اور یتیم نے ہمارے گھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے اور ام سلیم رضی اللہ عنہا ہمارے پیچھے تھی۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۰۴۱/۴ وَعَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِ وَبِأُمِّهِ وَخَالَتِهِ قَالَ فَأَقَامَنِي عَنْ يَمِينِهِ وَأَقَامَ الْمَرْأَةَ خَلْفَنَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (انس رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے کہ بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ساتھ انس رضی اللہ عنہ کے اور ماں اس کی کے اور اس کی خالہ کے انس رضی اللہ عنہ نے کہا کھڑا کیا مجھ کو داہنے اپنے اور کھڑا کیا عورت کو پیچھے ہمارے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۰۴۲/۵ وَعَنْ أَبِي بَكْرَةَ أَنَّهُ انْتَهَى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ رَاكِعٌ فَرَكَعَ قَبْلَ أَنْ يَصِلَ إِلَى الصَّفِّ ثُمَّ مَشَى إِلَى الصَّفِّ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ زَادَكَ اللّٰهُ حِرْصًا وَلَا تَعُدْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ پہنچے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اس حالت میں کہ وہ رکوع میں تھے پس رکوع کیا پہلے اس سے کہ پہنچیں طرف صف کے پھر چلے طرف صف کی ذکر کیا یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے فرمایا زیادہ کرے اللہ تعالیٰ تجھ کو حرص اور پھر نہ کرنا۔ روایت کیا ہے اس کو بخاری نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۱۰۴۳/۶ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كُنَّا ثَلٰثَةً أَنْ يَتَقَدَّمَنَا أَحَدُنَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا جس وقت کہ ہوں ہم تین آدمی یہ کہ آگے بڑھے ایک ہمارا (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔)

۱۰۴۴/۷ وَعَنْ عَمَّارٍ أَنَّهُ أَمَّ النَّاسَ بِالْمَدَائِنِ وَقَامَ عَلٰى دُكَّانٍ يُصَلِّي وَالنَّاسُ أَسْفَلَ مِنْهُ فَتَقَدَّمَ حُذَيْفَةُ فَأَخَذَ عَلٰى يَدَيْهِ فَاتَّبَعَهُ عَمَّارٌ حَتّٰى أَنْزَلَهُ حُذَيْفَةُ فَلَمَّا فَرَغَ عَمَّارٌ مِنْ صَلٰوتِهِ قَالَ لَهُ حُذَيْفَةُ أَلَمْ تَسْمَعْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ امام ہوئے لوگوں کے مدائن شہر میں اور وہ کھڑے ہوئے چبوترہ پر نماز پڑھانے کے لئے اور مقتدی نیچے تھے اُن سے آگے بڑھے حذیفہ رضی اللہ عنہ عمار کے۔ دونوں ہاتھ پکڑے پس متابعت کی حذیفہ رضی اللہ عنہ کی عمار رضی اللہ عنہ نے یہاں تک کہ اُتارا ان کو حذیفہ نے چبوترے سے جب عمار رضی اللہ عنہ فارغ ہوئے اپنی نماز سے اُس کے لئے حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کیا نہیں سُنا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے

وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِذَا أَمَّ الرَّجُلُ الْقَوْمَ فَلَا يَقُمْ فِيْ مَقَامٍ أَرْفَعَ مِنْ مَّقَامِهِمْ أَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ فَقَالَ عَمَّارٌ لِّذٰلِكَ اتَّبَعْتُكَ حِيْنَ أَخَذْتَ عَلٰى يَدَيَّ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

جب امام ہو ایک آدمی قوم کا نہ کھڑا ہو اس جگہ کہ بلند ہو مقتدیوں کی جگہ سے یا اس کی مانند فرمایا عمار رضؓ نے کہا اسی لئے اتباع کی میں نے تمہاری جس وقت تم نے میرے ہاتھ پکڑے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۰۴۵/۸ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدِ نِ السَّاعِدِيِّ أَنَّهٗ سُئِلَ مِنْ أَيِّ شَيْءٍ الْمِنْبَرُ فَقَالَ هُوَ مِنْ أَثْلِ الْغَابَةِ عَمِلَهٗ فُلَانٌ مَّوْلٰى فُلَانَةَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَامَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ عُمِلَ وَوُضِعَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَكَبَّرَ وَقَامَ النَّاسُ خَلْفَهٗ فَقَرَأَ وَرَكَعَ النَّاسُ خَلْفَهٗ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهٗ ثُمَّ رَجَعَ الْقَهْقَرٰى فَسَجَدَ عَلَى الْأَرْضِ ثُمَّ عَادَ إِلَى الْمِنْبَرِ ثُمَّ قَرَأَ ثُمَّ رَكَعَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهٗ ثُمَّ رَجَعَ الْقَهْقَرٰى حَتّٰى سَجَدَ بِالْأَرْضِ هٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَفِي الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ نَحْوُهٗ وَقَالَ فِيْ آخِرِهٖ فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا صَنَعْتُ هٰذَا لِتَأْتَمُّوْا بِيْ وَلِتَعَلَّمُوْا صَلَاتِيْ۔

سہل بن سعد ساعدی رضؓ سے روایت ہے تحقیق وہ پوچھے گئے کس چیز سے تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا منبر سہل نے کہا وہ تھا جھاؤ بیشہ کے سے بنایا تھا اس کو فلانے شخص نے کہ آزاد کیا ہوا فلانی عورت کا تھا واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کھڑے ہوئے اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کہ تیار کیا گیا اور رکھا گیا پس منہ کیا حضرتؐ نے طرف قبلہ کے اور تکبیر تحریمہ کہی نماز کے لئے اور کھڑے ہوئے لوگ حضرتؐ کے پیچھے قرآن پڑھا اور رکوع کیا اور رکوع کیا لوگوں نے پیچھے حضرت کے پھر سر اٹھایا اپنا رکوع سے پھر ہٹے پچھلے پاؤں سجدہ کیا زمین پر پھر تشریف لے گئے منبر پر پھر قرآن پڑھا پھر رکوع کیا پھر اپنا سر اٹھایا پھر پچھلے پاؤں ہٹے یہاں تک کہ سجدہ کیا زمین پر یہ لفظ بخاری کے ہیں اور بیچ بخاری اور مسلم کے اس کی مانند ہے اور اس کے آخر میں راوی نے کہا جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فارغ ہوئے تو لوگوں پر متوجہ ہوئے پس آپ نے فرمایا اے لوگو نہیں کیا میں نے یہ مگر تاکہ پیروی کرو میری اور تاکہ جانو نماز میری۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

۱۰۴۶/۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حُجْرَتِهٖ وَالنَّاسُ يَأْتَمُّوْنَ بِهٖ مِنْ وَّرَاءِ الْحُجْرَةِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حجرہ میں نماز پڑھی اور لوگوں نے اقتدار کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی باہر حجرے کے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۱۰۴۷/۱۰ عَنْ اَبِیْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ قَالَ اَلَا اُحَدِّثُكُمْ بِصَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَصَفَّ الرِّجَالَ وَصَفَّ خَلْفَهُمُ الْغِلْمَانَ ثُمَّ صَلّٰى بِهِمْ فَذَكَرَ صَلٰوتَهٗ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا صَلٰوةُ قَالَ عَبْدُ الْاَعْلٰى لَا اَحْسِبُهٗ اِلَّا قَالَ اُمَّتِیْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

۱۰۴۸/۱۱ وَعَنْ قَيْسِ بْنِ عَبَّادٍ قَالَ بَيْنَا اَنَا فِی الْمَسْجِدِ فِی الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ فَجَبَذَنِیْ رَجُلٌ مِّنْ خَلْفِیْ جَبْذَةً فَنَحَّانِیْ وَقَامَ مَقَامِیْ فَوَاللّٰهِ مَا عَقَلْتُ صَلٰوتِیْ فَلَمَّا انْصَرَفَ اِذَا هُوَ اُبَیُّ بْنُ كَعْبٍ فَقَالَ يَا فَتٰى لَا يَسُوْءُكَ اللّٰهُ اِنَّ هٰذَا عَهْدٌ مِّنَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْنَا اَنْ نَّلِيَهٗ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَقَالَ هَلَكَ اَهْلُ الْعَقَدِ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ وَاللّٰهِ مَا عَلَيْهِمْ اَسٰى وَلٰكِنْ اَسٰى عَلٰى مَنْ اَضَلُّوْا قُلْتُ يَا اَبَا يَعْقُوْبَ مَا تَعْنِیْ بِاَهْلِ الْعَقَدِ قَالَ الْاُمَرَآءُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِیُّ)

## تیسری فصل

ابومالک اشعری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کیا نہ خبر دوں میں تم کو ساتھ نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا ابومالک نے کہ آنحضرت نے قائم کی نماز اور صف باندھی مردوں کی اور کھڑا کیا پیچھے ان کے لڑکوں کو پھر نماز پڑھائی ان کو ابومالک نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی کیفیت بیان کی پھر فرمایا آنحضرت کی اسی طرح نماز ہے عبدالاعلیٰ نے کہا نہیں گمان کرتا میں ابومالک کو مگر کہا امت میری کی روایت کیا ہے ابوداؤد نے۔

قیسؓ بن عباد سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں مسجد میں پہلی صف میں تھا پس کھینچا مجھ کو ایک شخص نے پیچھے میرے سے کھینچنا پھر ایک طرف کیا مجھ کو اور کھڑا ہوا میری جگہ قسم ہے اللہ تعالیٰ کی نہیں سمجھا میں نماز اپنی کو جبکہ پھرا وہ کھینچنے والا نماز سے اور تمام کیا نماز کو اچانک وہ اُبی بن کعبؓ تھے انہوں نے کہا اے جوان نہ غم میں ڈالے تجھ کو اللہ تعالیٰ تحقیق یہ وصیت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہماری طرف کہ کھڑے ہوویں ہم اُن کے قریب پھر سامنے ہوئے قبلے کے کہا ہلاک ہوئے سردار قسم ہے رب کعبہ کی تین بار کہا پھر کہا اللہ کی قسم ہے نہیں سردار پر غم کرتا میں لیکن غم کرتا ہوں میں اُن شخصوں پر کہ گمراہ کرتے ہیں سرداران کو کہا قیس بن عباد نے میں نے کہا اے ابویعقوب کیا مراد لیتے ہو تم اہل عقد سے کہا امراء (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ الْاِمَامَةِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۰۴۹/۱ عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَؤُمُّ الْقَوْمَ اَقْرَاُهُمْ بِکِتَابِ اللّٰهِ فَاِنْ کَانُوْا فِی الْقِرَاءَةِ سَوَآءً فَاَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ فَاِنْ کَانُوْا فِی السُّنَّةِ سَوَآءً فَاَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً فَاِنْ کَانُوْا فِی الْهِجْرَةِ سَوَآءً فَاَقْدَمُهُمْ سِنًّا وَلَا یَؤُمَّنَّ الرَّجُلُ الرَّجُلَ فِیْ سُلْطَانِهٖ وَلَا یَقْعُدْ فِیْ بَیْتِهٖ عَلٰی تَکْرِمَتِهٖ اِلَّا بِاِذْنِهٖ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّفِیْ رِوَایَةٍ لَّهٗ وَلَا یَؤُمَّنَّ الرَّجُلُ الرَّجُلَ فِیْ اَهْلِهٖ۔

۱۰۵۰/۲ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا کَانُوْا ثَلٰثَةً فَلْیَؤُمَّهُمْ اَحَدُهُمْ وَاَحَقُّهُمْ بِالْاِمَامَةِ اَقْرَاُهُمْ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّذَکَرَ حَدِیْثَ مَالِکِ بْنِ الْحُوَیْرِثِ فِیْ بَابٍ بَعْدَ بَابِ فَضْلِ الْاَذَانِ۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۱۰۵۱/۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِیُؤَذِّنْ لَکُمْ خِیَارُکُمْ وَلْیَؤُمَّکُمْ قُرَّاءُکُمْ۔

# امامت کا بیان

## پہلی فصل

ابو مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ امامت کرائے قوم کو اُن کا زیادہ پڑھتا ہوا اللہ کی کتاب کو، اگر ہوں پڑھنے میں برابر امامت کرے زیادہ سنت کو جاننے والا۔ اگر سنت کے جاننے میں برابر ہوں تو امامت کرے وہ جو ہجرت میں پہلا ہو۔ اگر ہجرت میں ہوں برابر تو امامت کرے بڑا اُن کا عمر میں اور نہ امامت کرے کوئی بیچ جگہ حکومت اس کی کے اور اس کی مسند پر اس کے گھر نہ بیٹھے مگر اس کے حکم کے ساتھ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔ اور مسلم کی ایک روایت میں یوں ہے اور نہ امامت کرے کوئی کسی کی اس کے گھر میں۔

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

ابو سعید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تین آدمی ہوں اُن میں سے ایک امام ہو اور زیادہ لائق امامت کا زیادہ پڑھا ہوا اُن کا روایت کیا ہے اس کو مسلم نے اور ذکر کی گئی حدیث مالک بن حویرث کی اس باب میں جو فضیلت اذان کے پیچھے ہے

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

## دوسری فصل

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اذان دیں اچھے تمہارے اور امامت کریں تم میں سے جو خوب پڑھے ہوں۔ روایت

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۰۵۲/۴ وَعَنْ أَبِيْ عَطِيَّةَ الْعُقَيْلِيِّ قَالَ كَانَ مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ يَأْتِيْنَا إِلٰى مُصَلَّانَا يَتَحَدَّثُ فَحَضَرَتِ الصَّلٰوةُ يَوْمًا قَالَ أَبُوْ عَطِيَّةَ فَقُلْنَا لَهٗ تَقَدَّمْ فَصَلِّهٖ قَالَ لَنَا قَدِّمُوْا رَجُلًا مِّنْكُمْ يُصَلِّيْ بِكُمْ وَسَأُحَدِّثُكُمْ لِمَ لَا أُصَلِّيْ بِكُمْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ زَارَ قَوْمًا فَلَا يَؤُمَّهُمْ وَلْيَؤُمَّهُمْ رَجُلٌ مِّنْهُمْ۔ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ إِلَّا أَنَّهُ اقْتَصَرَ عَلٰى لَفْظِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابوعطیہ عقیلی تابعی رح سے روایت ہے انہوں نے کہا مالک بن حویرث ہماری ملاقات کے لئے آتا۔ ہماری مسجد میں حدیث بیان کرتا آیا وقت نماز کا ایک دن ابوعطیہ نے کہا ہم نے ابو مالک کے لئے کہا آگے ہو اور نماز پڑھا کہا مالک نے ہمارے لئے کہ آگے کرو کسی شخص کو اپنے میں سے نماز تم کو پڑھائے اور خبر دوں گا میں کہ کیوں نہیں نماز پڑھاتا تم کو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا آپ فرماتے تھے جو شخص کہ ملاقات کرے کسی قوم کی نہ امامت کرے اُن کی اور چاہیے کہ امامت کرے اُن کی کوئی شخص اُن ہی میں سے۔

روایت کیا ہے ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے مگر نسائی نے اختصار کیا ہے اُوپر لفظ نبی رح کے۔

۱۰۵۳/۵ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ اسْتَخْلَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ أُمِّ مَكْتُوْمٍ يَؤُمُّ النَّاسَ وَهُوَ أَعْمٰى۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

انس رض سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن اُمّ مکتوم کو خلیفہ مقرر کیا امامت کریں لوگوں کی اس حال میں کہ وہ اندھے تھے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۰۵۴/۶ وَعَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَّا تُجَاوِزُ صَلٰوتُهُمْ آذَانَهُمُ الْعَبْدُ الْآبِقُ حَتّٰى يَرْجِعَ وَامْرَأَةٌ بَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَلَيْهَا سَاخِطٌ وَإِمَامُ قَوْمٍ وَّهُمْ لَهٗ كَارِهُوْنَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

ابوامامہ رض سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص ہیں کہ اُن کی نماز کانوں سے بلند نہیں ہوتی ایک غلام بھاگا ہوا مالک اپنے سے یہاں تک کہ لوٹ آوے۔ اور دوسری وہ عورت کہ رات گزاری ہو اس حالت میں کہ اس کا خاوند اُس سے خفا ہے۔ تیسرا وہ کہ امام ہو قوم کا اور وہ اس کو مکروہ رکھتے ہوں (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

۱۰۵۵/۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَّا تُقْبَلُ مِنْهُمْ صَلٰوتُهُمْ مَّنْ تَقَدَّمَ قَوْمًا

ابن عمر رض سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص ہیں کہ اُن کی نماز نہیں قبول کی جاتی ایک وہ شخص کہ امام ہو قوم کا اور وہ اس سے

besturdubooks.wordpress.com

وَهُمْ لَهُ كَارِهُونَ وَرَجُلٌ أَتَى الصَّلٰوةَ دِبَارًا وَالدِّبَارُ أَنْ يَّأْتِيَهَا بَعْدَ أَنْ تَفُوتَهُ وَرَجُلٌ أَعْتَبَدَ مُحَرَّرَهُ۔
(رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ناخوش ہوں۔ دوسرا وہ کہ آوے نماز کو پیچھے اور معنی پیچھے کے یہ ہیں کہ آئے اُس نماز کو اُس کے فوت ہونے کے وقت۔ تیسرا وہ شخص کہ غلام پکڑے آزاد کو۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے

۱۰۵۶/۸ وَعَنْ سَلَامَةَ بِنْتِ الْحُرِّ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَّتَدَافَعَ أَهْلُ الْمَسْجِدِ لَا يَجِدُوْنَ إِمَامًا يُّصَلِّيْ بِهِمْ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

سلامت بنت حر سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کی علامتوں میں سے یہ بھی ہے کہ دفع کریں گے مسجد والے امامت کو نہیں پاویں گے امام کو کہ اُن کو نماز پڑھاوے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور احمد نے اور ابن ماجہ نے)

۱۰۵۷/۹ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجِهَادُ وَاجِبٌ عَلَيْكُمْ مَّعَ كُلِّ أَمِيْرٍ بَرًّا كَانَ أَوْ فَاجِرًا وَإِنْ عَمِلَ الْكَبَائِرَ وَالصَّلٰوةُ وَاجِبَةٌ عَلَيْكُمْ خَلْفَ كُلِّ مُسْلِمٍ بَرًّا كَانَ أَوْ فَاجِرًا وَإِنْ عَمِلَ الْكَبَائِرَ وَالصَّلٰوةُ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ بَرًّا كَانَ أَوْ فَاجِرًا وَإِنْ عَمِلَ الْكَبَائِرَ۔
(رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم پر جہاد واجب ہے ہر سردار کے ساتھ نیک ہو یا بُرا اگرچہ کرے گناہ کبیرہ۔ اور نماز واجب ہے تم پر پیچھے ہر مسلمان کے نیک ہو یا بُرا اگرچہ کرے گناہ کبیرہ۔ اور نماز جنازہ واجب ہے ہر مسلمان پر نیک ہو یا بُرا ہو اگرچہ کرے گناہ کبیرہ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۰۵۸/۱۰ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ قَالَ كُنَّا بِمَاءٍ مَّمَرَّ النَّاسِ يَمُرُّ بِنَا الرُّكْبَانُ نَسْأَلُهُمْ مَّا لِلنَّاسِ مَا هٰذَا الرَّجُلُ فَيَقُوْلُوْنَ يَزْعَمُ أَنَّ اللّٰهَ أَرْسَلَهُ أَوْحٰى إِلَيْهِ أَوْحٰى إِلَيْهِ كَذَا وَكُنْتُ أَحْفَظُ

عمرو رضؓ بن سلمہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ہم پانی کے کنارے پر رہتے تھے وہ گذرگاہ تھا لوگوں کا ہم پر قافلے گزرتے پوچھتے ہم کیا ہے واسطے لوگوں کے کیا صفت ہے اس شخص کی کہتے لوگ دعویٰ کرتا ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے بھیجا ہے اس کو وحی کی

ذٰلِكَ الْكَلَامَ فَكَانَّمَا يَغْرِيْ فِيْ صَدْرِيْ وَكَانَتِ الْعَرَبُ تَلَوَّمُ بِاِسْلَامِهِمُ الْفَتْحَ فَيَقُوْلُوْنَ اُتْرُكُوْهُ وَقَوْمَهٗ فَاِنَّهٗ اِنْ ظَهَرَ عَلَيْهِمْ فَهُوَ نَبِيٌّ صَادِقٌ فَلَمَّا كَانَتْ وَقْعَةُ الْفَتْحِ بَادَرَ كُلُّ قَوْمٍ بِاِسْلَامِهِمْ وَبَدَرَ اَبِيْ قَوْمِيْ بِاِسْلَامِهِمْ فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ جِئْتُكُمْ وَاللّٰهِ مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ حَقًّا فَقَالَ صَلُّوْا صَلٰوةَ كَذَا فِيْ حِيْنِ كَذَا وَصَلٰوةَ كَذَا فِيْ حِيْنِ كَذَا فَاِذَا حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَلْيُؤَذِّنْ اَحَدُكُمْ وَلْيَؤُمَّكُمْ اَكْثَرُكُمْ قُرْاٰنًا فَنَظَرُوْا فَلَمْ يَكُنْ اَحَدٌ اَكْثَرَ قُرْاٰنًا مِّنِّيْ لِمَا كُنْتُ اَتَلَقّٰى مِنَ الرُّكْبَانِ فَقَدَّمُوْنِيْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَاَنَا ابْنُ سِتٍّ اَوْ سَبْعِ سِنِيْنَ وَكَانَتْ عَلَيَّ بُرْدَةٌ كُنْتُ اِذَا سَجَدْتُّ تَقَلَّصَتْ عَنِّيْ فَقَالَتِ امْرَاَةٌ مِّنَ الْحَيِّ اَلَا تُغَطُّوْنَ عَنَّا اِسْتَ قَارِئِكُمْ فَاشْتَرَوْا فَقَطَّعُوْا لِيْ قَمِيْصًا فَمَا فَرِحْتُ بِشَيْءٍ فَرَحِيْ بِذٰلِكَ الْقَمِيْصِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ہے طرف اس کے قوم کی طرف اس کے۔ اس طرح میں تھا یاد کرتا اس کلام کو۔ گویا چمٹ جاتا وہ کلام میرے سینہ میں اور تھے عرب انتظار کرتے بیچ اسلام اپنے کے فتح مکہ کے وقت کہتے چھوڑ دو اس کو قوم اس کی کے ساتھ کہ قریش ہیں۔ تحقیق اگر وہ غالب ہوں اپنی قوم پر اور فتح کریں مکہ کو تو وہ سچے نبی ہیں۔ پس جب فتح ہوئی جلدی کی ہر قوم نے اپنے اسلام کے ساتھ اور پہل کی اسلام لانے میں میرے باپ نے میری قوم پر جبکہ پھر کر آیا سفر سے میرا باپ کہا آیا ہوں میں تمہارے پاس اللہ کی قسم نزدیک نبی برحق کے سے کہا فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھو نماز ایسی فلانے وقت میں اور ایسی نماز فلانے وقت میں جب نماز کا وقت ہو تو چاہیے کہ اذان دے ایک تمہارا اور امام ہو تم میں سے قرآن کو زیادہ جاننے والا۔ پس دیکھا قوم نے کہ نہ زیادہ جاننے والا تھا مجھ سے اس لئے کہ میں سیکھتا تھا قرآن قافلہ والوں سے۔ انہوں نے مجھ کو امام کیا آگے اپنے اور میں تھا چھ برس کا یا سات کا۔ اور تھی مجھ پر ایک چادر جس وقت سجدہ کرتا سمٹ جاتی چادر میرے بدن سے ایک عورت نے کہا قوم سے کیا نہیں ڈھانکتے ہم سے اپنے امام کی شرم گاہ قوم نے کپڑا خریدا میرے لئے کرتہ بنایا۔ اور نہ خوش ہوا میں ساتھ کسی چیز کے مانند خوشی اپنی کے اس کرتے کے ساتھ۔ روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۰۵۹/۱۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا قَدِمَ الْمُهَاجِرُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ الْمَدِيْنَةَ كَانَ يَؤُمُّهُمْ سَالِمٌ مَّوْلٰى اَبِيْ حُذَيْفَةَ وَفِيْهِمْ عُمَرُ وَاَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الْاَسَدِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جب آئے مہاجرین پہلے مدینہ میں تھے امام ان کے سالم مولیٰ ابی حذیفہؓ کے اور ان میں سے تھے حضرت عمرؓ اور ابوسلمہ بن ابو الاسد۔ روایت کیا ہے اس کو بخاری نے۔

۱۰۶۰/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَّا تُرْفَعُ لَهُمْ صَلٰوتُهُمْ فَوْقَ رُءُوْسِهِمْ شِبْرًا رَجُلٌ اَمَّ قَوْمًا وَّهُمْ لَهٗ كَارِهُوْنَ وَ امْرَاَةٌ بَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَلَيْهَا سَاخِطٌ وَّاَخَوَانِ مُتَصَارِمَانِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تین آدمی ہیں کہ نہیں بلند ہوتی اُن کے لئے اُن کی نماز اُوپر ان کے سروں سے ایک بالشت بھی۔ ایک وُہ شخص کہ امام قوم کا ہو اور وہ اس سے ناخوش ہوں۔ اور دوسری وہ عورت کہ رات گزارے اور خاوند اس کا اس پر خفا ہو۔ اور تیسرے وہ دو بھائی جو آپس میں ناخوش ہوں روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے۔

# بَابُ مَا عَلَى الْاِمَامِ

## امام پر جو چیزیں لازم ہیں اُن کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۱۰۶۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا صَلَّيْتُ وَرَآءَ اِمَامٍ قَطُّ اَخَفَّ صَلٰوةً وَّلَا اَتَمَّ صَلٰوةً مِّنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ كَانَ لَيَسْمَعُ بُكَآءَ الصَّبِيِّ فَيُخَفِّفُ مَخَافَةَ اَنْ تُفْتَنَ اُمُّهٗ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نہیں پڑھی میں نے نماز پیچھے کسی امام کے کہ بہت ہلکی ہو۔ اور بہت پوری ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز سے اور تحقیق تھے حضرت البتہ سنتے رونا لڑکے کا۔ پس ہلکی کرتے نماز ڈر اس کے سے کہ تشویش میں پڑے ماں اس کی۔ روایت کیا ہے اس کو بخاری اور مسلم نے۔

۱۰۶۲ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ لَاَدْخُلُ فِي الصَّلٰوةِ وَاَنَا اُرِيْدُ اِطَالَتَهَا فَاَسْمَعُ بُكَآءَ الصَّبِيِّ فَاَتَجَوَّزُ فِيْ صَلٰوتِيْ مِمَّا اَعْلَمُ مِنْ شِدَّةِ وَجْدِ اُمِّهٖ مِنْ بُكَآئِهٖ

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابو قتادہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تحقیق میں داخل ہوتا ہوں نماز میں اور میں ارادہ کرتا ہوں نماز کو لمبا کرنے کا۔ سنتا ہوں لڑکے کے رونے کی آواز کم کرتا ہوں بیچ نماز اپنی کے بسبب اس چیز کے کہ جانتا ہوں میں شدت فکر ماں اس کی سے لڑکے کے رونے کے سبب۔ روایت کیا ہے اس کو بخاری نے۔

۱۰۶۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ لِلنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ فَاِنَّ فِيْهِمُ السَّقِيْمَ وَالضَّعِيْفَ وَالْكَبِيْرَ وَ

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت نماز پڑھاوے ایک تمہارا لوگوں کو چاہیئے کہ ہلکی کرے نماز تحقیق اُن میں بیمار بھی ہیں اور کمزور بھی اور بوڑھے بھی۔ اور جس وقت کہ نماز پڑھے ایک

besturdubooks.wordpress.com

إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ لِنَفْسِهِ فَلْيُطَوِّلْ مَا شَاءَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تمہارا اپنے نفس کے لئے چاہئے کہ لمبی کرے جسقدر چاہے۔ متفق علیہ۔

۱۰۶۴/۴ وَعَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو مَسْعُودٍ أَنَّ رَجُلًا قَالَ وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي لَأَتَأَخَّرُ عَنْ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ مِنْ أَجْلِ فُلَانٍ مِمَّا يُطِيلُ بِنَا فَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَوْعِظَةٍ أَشَدَّ غَضَبًا مِنْهُ يَوْمَئِذٍ ثُمَّ قَالَ إِنَّ مِنْكُمْ مُنَفِّرِينَ فَأَيُّكُمْ مَا صَلَّى بِالنَّاسِ فَلْيَتَجَوَّزْ فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ وَالْكَبِيرَ وَذَا الْحَاجَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

قیسؒ بن ابی حازم سے روایت ہے انہوں نے کہا خبر دی مجھ کو ابو مسعود رضؓ نے یہ کہ ایک شخص نے کہا اللہ کی قسم اے اللہ کے رسولؐ تحقیق میں پیچھے رہ جاتا ہوں نماز صبح کی سے بسبب فلانے شخص کے کہ لمبی پڑھاتا ہے نماز ہم کو نہیں دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وعظ کہتے میں بہت غصے میں ہے اس دن سے پھر فرمایا تم میں سے بعض نفرت دلانے والے ہیں پس جو تم میں سے نماز پڑھاوے لوگوں کو چاہئے کہ ہلکی پڑھاوے اس لئے کہ اُن میں ضعیف اور بوڑھا اور حاجت مند ہوتا ہے۔

۱۰۶۵/۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلُّونَ لَكُمْ فَإِنْ أَصَابُوا فَلَكُمْ وَإِنْ أَخْطَأُوا فَلَكُمْ وَعَلَيْهِمْ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَهٰذَا الْبَابُ خَالٍ عَنْ فَصْلِ الثَّانِي۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز پڑھاویں گے امام تمہارے لئے اگر اچھی نماز پڑھائی پس تمہارے فائدے کے لئے ہے اور اگر خطا کی تمہارے لئے ثواب ہے اور اُن پر وبال ہے روایت کیا ہے بخاری نے یہ باب خالی ہے دوسری فصل سے

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۰۶۶/۶ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ قَالَ آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَمَمْتَ قَوْمًا فَاخْفِفْ بِهِمُ الصَّلٰوةَ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ أُمَّ قَوْمَكَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أَجِدُ فِي نَفْسِي شَيْئًا

عثمان بن ابی العاص سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا آخری وصیت جو مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کی یہ تھی جب کسی قوم کی امامت کرے ہلکی پڑھا نماز ان کو روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔ ایک روایت میں ہے اس کے لئے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا عثمانؓ کو امام ہو تو اپنی قوم کا عثمان رضؓ نے کہا کہ میں نے کہا اے اللہ کے رسولؐ میں اپنے نفس میں ایک چیز پاتا ہوں آپ

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ ادْنُهُ فَاَجْلَسَنِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ ثُمَّ وَضَعَ کَفَّهٗ فِیْ صَدْرِیْ بَیْنَ ثَدْیَیَّ ثُمَّ قَالَ تَحَوَّلْ فَوَضَعَهَا فِیْ ظَهْرِیْ بَیْنَ کَتِفَیَّ ثُمَّ قَالَ اُمَّ قَوْمَكَ فَمَنْ اَمَّ قَوْمًا فَلْیُخَفِّفْ فَاِنَّ فِیْهِمُ الْکَبِیْرَ وَاِنَّ فِیْهِمُ الْمَرِیْضَ وَاِنَّ فِیْهِمُ الضَّعِیْفَ وَاِنَّ فِیْهِمْ ذَا الْحَاجَةِ فَاِذَا صَلّٰی اَحَدُکُمْ وَحْدَهٗ فَلْیُصَلِّ کَیْفَ شَاءَ۔

نے فرمایا نزدیک ہو مجھ کو اپنے آگے بٹھایا پھر رکھا اپنا ہاتھ میرے سینے پر درمیان دونوں پستانوں کے پھر کہا پیٹھ پیچھے پھر رکھا پیٹھ میری پر میرے مونڈھوں کے درمیان پھر فرمایا کہ امام ہو اپنی قوم کا پس جو شخص امام ہو اپنی قوم کا چاہیئے کہ نماز پڑھاوے ہلکی اس لئے کہ ان میں بوڑھا بھی ہوتا ہے اور ان میں کمزور بھی ہوتا ہے اور اُن میں بیمار بھی ہوتا ہے اور اُن میں حاجت والا بھی ہوتا ہے اور جب نماز پڑھے ایک تمہارا اکیلا چاہیئے کہ نماز پڑھے جس طرح چاہے۔

۱۰۶۷/۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَاْمُرُنَا بِالتَّخْفِیْفِ وَیَؤُمُّنَا بِالصَّافَّاتِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِیُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں حکم کرتے ہم کو ساتھ ہلکی نماز کے اور امامت کرتے ساتھ صافات کے ہماری (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

## بَابُ مَا عَلَی الْمَاْمُوْمِ مِنَ الْمُتَابَعَةِ وَحُکْمِ الْمَسْبُوْقِ

## مقتدی کو امام کی پیروی کرنا اور مسبوق کا حکم

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### فصل اول

۱۰۶۸/۱ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ کُنَّا نُصَلِّیْ خَلْفَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ لَمْ یَحْنِ اَحَدٌ مِّنَّا ظَهْرَهٗ حَتّٰی یَضَعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جَبْهَتَهٗ عَلَی الْاَرْضِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

براء بن عازبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نماز پڑھتے تھے پیچھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جب کہتے سُنا اللہ نے واسطے اس شخص کے حمد کی اس کی نہ جھکاتا کوئی ہم میں سے پیٹھ اپنی یہاں تک کہ رکھتے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی پیشانی زمین پر۔ متفق علیہ

۱۰۶۹/۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نماز پڑھائی ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن جب اپنی

besturdubooks.wordpress.com

فَلَمَّا قَضٰى صَلٰوتَهٗ اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ فَقَالَ اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ اِمَامُكُمْ فَلَا تَسْبِقُوْنِيْ بِالرُّكُوْعِ وَلَا بِالسُّجُوْدِ وَلَا بِالْقِيَامِ وَلَا بِالْاِنْصِرَافِ فَاِنِّيْ اَرٰىكُمْ اَمَامِيْ وَمِنْ خَلْفِيْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

نماز کو پورا کر چکے متوجہ ہوئے ہم پر اپنے چہرے کے ساتھ آپ نے فرمایا اے لوگو میں تمہارا امام ہوں پس نہ سبقت کرو مجھ سے رکوع کے ساتھ اور نہ سجدے کے ساتھ اور نہ قیام کے ساتھ اور نہ پھرنے کے ساتھ تحقیق میں تم کو دیکھتا ہوں آگے اپنے سے اور پیچھے اپنے سے۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۰۷۰/۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُبَادِرُوا الْاِمَامَ اِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَالَ وَلَا الضَّآلِّيْنَ فَقُوْلُوْٓا اٰمِيْنَ وَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوا اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اِلَّا اَنَّ الْبُخَارِيَّ لَمْ يَذْكُرْ وَاِذَا قَالَ وَلَا الضَّآلِّيْنَ۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ پہل کرو امام پر جب تکبیر کہے تکبیر کہو اور جب کہے ولا الضالین کہو آمین جب رکوع کرے پس رکوع کرو اور جب کہے سمع اللہ لمن حمدہ پس کہو یا الٰہی اے میرے رب تیرے لئے ہے سب تعریف روایت کیا ہے اس کو بخاری اور مسلم نے۔ مگر بخاری نے نہیں ذکر کیا واذا قال ولا الضالین فقولوا آمین

۱۰۷۱/۴ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ فَرَسًا فَصُرِعَ عَنْهُ فَجُحِشَ شِقُّهُ الْاَيْمَنُ فَصَلّٰى صَلٰوةً مِّنَ الصَّلَوَاتِ وَهُوَ قَاعِدٌ فَصَلَّيْنَا وَرَآءَهٗ قُعُوْدًا فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا صَلّٰى قَآئِمًا فَصَلُّوْا قِيَامًا وَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا فَاِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ وَاِذَا صَلّٰى جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا اَجْمَعُوْنَ قَالَ الْحُمَيْدِيُّ قَوْلُهٗ اِذَا صَلّٰى جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا هُوَ فِيْ مَرَضِهِ الْقَدِيْمِ ثُمَّ صَلّٰى بَعْدَ

انس رضؓ سے روایت ہے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے گھوڑے پر پس گرائے گئے اس سے پس چھل گئی داہنی کروٹ حضرتؐ کی پھر نماز پڑھی ایک نمازوں میں سے اور تھے بیٹھے اور نماز پڑھی ہم نے آپ کے پیچھے بیٹھ کر جب فارغ ہوئے نماز سے فرمایا سوا اس کے نہیں کہ مقرر کیا گیا ہے امام تاکہ اقتدا کی جاوے اس کی جب نماز پڑھے کھڑے ہو کر پس تم بھی کھڑے ہو کر نماز پڑھو اور جب رکوع کرے رکوع کرو تم بھی اور جب اٹھے رکوع سے پس اٹھو جب کہے سمع اللہ لمن حمدہ تو کہو ربنا لک الحمد اور جب نماز پڑھے بیٹھ کر تو نماز پڑھو بیٹھ کر سب کے سب حمیدی نے کہا۔ یہ آنحضرتؐ کے پہلے مرض میں تھا پھر نماز پڑھی پیچھے اس کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیٹھ کر اور لوگوں نے نماز پڑھی پیچھے ان کے کھڑے ہو کر نہیں حکم کیا ان کو ساتھ بیٹھنے

besturdubooks.wordpress.com

ذٰلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا وَالنَّاسُ خَلْفَهٗ قِيَامٌ لَمْ يَأْمُرْهُمْ بِالْقُعُوْدِ وَإِنَّمَا يُؤْخَذُ بِالْآخِرِ فَالْآخِرِ مِنْ فِعْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ هٰذَا لَفْظُ الْبُخَارِيِّ وَاتَّفَقَ مُسْلِمٌ إِلَى أَجْمَعُوْنَ وَزَادَ فِي رِوَايَةٍ فَلَا تَخْتَلِفُوْا عَلَيْهِ وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا۔

کے اور سوائے اس کے نہیں کہ عمل کیا جاتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری فعل کے ساتھ۔ پھر جو آخر ہو۔ یہ لفظ بخاری کے ہیں۔ اور اتفاق کیا مسلم نے بخاری کے ساتھ اجمعون کے لفظ تک اور زیادہ کیا مسلم نے ایک روایت میں نہ اختلاف کرو۔ امام پر اور جب سجدہ کرے سجدہ کرو۔

۱۰۷۲/۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ بِلَالٌ يُؤْذِنُهٗ بِالصَّلٰوةِ فَقَالَ مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ أَنْ يُّصَلِّيَ بِالنَّاسِ فَصَلّٰى أَبُوْ بَكْرٍ تِلْكَ الْأَيَّامَ ثُمَّ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ فِيْ نَفْسِهٖ خِفَّةً فَقَامَ يُهَادٰى بَيْنَ رَجُلَيْنِ وَرِجْلَاهُ تَخُطَّانِ فِي الْأَرْضِ حَتّٰى دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَلَمَّا سَمِعَ أَبُوْ بَكْرٍ حِسَّهٗ ذَهَبَ يَتَأَخَّرُ فَأَوْمٰى إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَّا يَتَأَخَّرَ فَجَاءَ حَتّٰى جَلَسَ عَنْ يَّسَارِ أَبِيْ بَكْرٍ فَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ يُّصَلِّيْ قَائِمًا وَّكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ قَاعِدًا يَّقْتَدِيْ أَبُوْ بَكْرٍ بِصَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ يَقْتَدُوْنَ بِصَلٰوةِ أَبِيْ بَكْرٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا يُسْمِعُ أَبُوْ بَكْرٍ النَّاسَ التَّكْبِيْرَ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا جب بہت بیمار ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے بلال رضی اللہ عنہ آپ کو خبردار کرنے کو نماز کے ساتھ آپ نے فرمایا حکم کرو ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کہ نماز پڑھاوے لوگوں کو پس نماز پڑھائی ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان دنوں میں پھر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے نفس میں کچھ تخفیف پائی کھڑے ہوئے چلے جاتے تھے دو شخصوں کے کندھوں پر ہاتھ ٹیکے ہوئے اور پاؤں آنحضرت کے کھینچتے تھے زمین میں یہاں تک کہ داخل ہوئے مسجد میں جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آنحضرت کے آنے کی آواز سنی شروع کیا ہٹنا اشارہ کیا ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ پیچھے نہ ہٹیں آنحضرت تشریف لائے یہاں تک کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بائیں طرف بیٹھ گئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز پڑھتے کھڑے ہو کر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے بیٹھ کر اقتدا کرتے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز میں اور لوگ اقتدا کرتے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نماز کیساتھ بخاری اور مسلم کی روایت ہے اور ان دونوں کے لئے ہے ایک روایت میں سناتے ابوبکر لوگوں کو تکبیر۔

۱۰۷۳/۶ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا يَخْشَى الَّذِيْ يَرْفَعُ رَاْسَهٗ قَبْلَ الْاِمَامِ اَنْ يُّحَوِّلَ اللّٰهُ رَاْسَهٗ رَاْسَ حِمَارٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا نہیں ڈرتا وہ شخص جو اٹھاتا ہے اپنا سر امام سے پہلے یہ کہ بدل ڈالے اللہ تعالیٰ اُس کا سر گدھے کا سا۔ روایت کیا بخاری اور مسلم نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۰۷۴ عَنْ عَلِيٍّ وَّمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمُ الصَّلٰوةَ وَالْاِمَامُ عَلٰى حَالٍ فَلْيَصْنَعْ كَمَا يَصْنَعُ الْاِمَامُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت علیؓ اور معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہا دونوں نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت آوے ایک تمہارا نماز کو اور امام ایک حالت پر ہو چاہیے کہ جس طرح امام کرتا ہے اسی طرح کرے روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔

۱۰۷۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جِئْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ وَنَحْنُ سُجُوْدٌ فَاسْجُدُوْا وَلَا تَعُدُّوْهُ شَيْئًا وَّمَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً فَقَدْ اَدْرَكَ الصَّلٰوةَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم نماز کی طرف آؤ اور ہم سجدہ میں ہوں پس سجدہ کرو اور نہ حساب میں رکھو اس کو کچھ اور جس نے پایا رکوع امام کے ساتھ تحقیق پالی اُس نے رکعت نماز کی (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۰۷۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى لِلّٰهِ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا فِيْ جَمَاعَةٍ يُدْرِكُ التَّكْبِيْرَةَ الْاُوْلٰى كُتِبَ لَهٗ بَرَاءَتَانِ بَرَاءَةٌ مِّنَ النَّارِ وَبَرَاءَةٌ مِّنَ النِّفَاقِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

انسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اللہ تعالیٰ کے لئے نماز پڑھی چالیس دن جماعت میں اس طرح کہ پاوے تکبیر اولیٰ کی لکھی جاتی ہیں اس کے لئے دو خلاصیاں ایک دوزخ کی آگ سے اور دوسری خلاصی نفاق سے روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

۱۰۷۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ وُضُوْءَهٗ ثُمَّ رَاحَ فَوَجَدَ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا اَعْطَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے وضو کیا اچھا کیا اپنا وضو پھر گیا پایا لوگوں کو تحقیق نماز پڑھ چکے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو دیتا ہے اس شخص کی مانند جس نے نماز پڑھی اور

besturdubooks.wordpress.com

مِثْلُ اَجْرِ مَنْ صَلَّاهَا وَحَضَرَهَا لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حاضر ہوا جماعت میں۔ کم نہیں کرتا یہ ثواب دینا اس کو ان کے ثوابوں سے کچھ۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔ اور نسائی نے۔

۱۰۴۸/۱۱ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ وَّقَدْ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلَا رَجُلٌ يَّتَصَدَّقُ عَلٰى هٰذَا فَيُصَلِّيْ مَعَهٗ فَقَامَ رَجُلٌ فَصَلّٰى مَعَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا ایک آدمی آیا اور تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ چکے تھے آپ نے فرمایا کیا نہیں کوئی شخص کہ صدقہ کرے اس پر اس کے ساتھ نماز پڑھے ایک شخص کھڑا ہوا نماز پڑھی اس کے ساتھ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔ اور ترمذی نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۰۴۹/۱۲ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَآئِشَةَ فَقُلْتُ اَلَا تُحَدِّثِيْنِيْ عَنْ مَّرَضِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ بَلٰى ثَقُلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَصَلَّى النَّاسُ فَقُلْنَا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَهُمْ يَنْتَظِرُوْنَكَ فَقَالَ ضَعُوْا لِيْ مَآءً فِي الْمِخْضَبِ قَالَتْ فَفَعَلْنَا فَاغْتَسَلَ فَذَهَبَ لِيَنُوْءَ فَاُغْمِيَ عَلَيْهِ ثُمَّ اَفَاقَ فَقَالَ اَصَلَّى النَّاسُ قُلْنَا لَا هُمْ يَنْتَظِرُوْنَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ ضَعُوْا لِيْ مَآءً فِي الْمِخْضَبِ قَالَتْ فَقَعَدَ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ ذَهَبَ لِيَنُوْءَ فَاُغْمِيَ عَلَيْهِ ثُمَّ اَفَاقَ فَقَالَ اَصَلَّى النَّاسُ قُلْنَا لَا هُمْ يَنْتَظِرُوْنَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ ضَعُوْا لِيْ مَآءً فِي الْمِخْضَبِ

عبیداللہ بن عبداللہ سے روایت ہے۔ کہا میں عائشہؓ پر داخل ہوا میں نے کہا کیا نہیں حدیث بیان کرتیں آپؓ مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کی حالت کی۔ حضرت عائشہ رضؓ نے کہا۔ ہاں۔ بہت بیمار ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے فرمایا کیا نماز پڑھ لی لوگوں نے ہم نے کہا نہیں اے اللہ کے رسولؐ اور نمازی آپؐ کا انتظار کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ رکھو میرے لئے پانی لگن میں (ٹب) حضرت عائشہ رضؓ نے کہا رکھا ہم نے پھر نہائے آنحضرتؐ! پس ارادہ کیا کہ کھڑے ہوں پس بے ہوش ہوئے حضرتؐ۔ پھر ہوش آیا۔ آپ نے فرمایا کیا نماز پڑھی لوگوں نے ہم نے کہا۔ نہیں۔ نمازی منتظر ہیں آپؐ کے اے اللہ کے رسولؐ آپ نے فرمایا۔ رکھو میرے لئے پانی لگن میں۔ کہا حضرت عائشہ نے۔ بیٹھے پھر نہائے۔ پھر ارادہ کیا۔ کہ کھڑے ہوں۔ بیہوش ہوئے حضرتؐ۔ پھر ہوش آیا۔ پھر آپ نے فرمایا۔ کیا نماز پڑھ چکے لوگ۔ ہم نے کہا۔ نہیں۔ وہ آپ کے منتظر ہیں۔ اے اللہ کے رسولؐ آپ نے فرمایا۔ رکھو میرے لئے پانی لگن میں۔ پس بیٹھے پھر نہائے

besturdubooks.wordpress.com

فَقَعَدَ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ ذَهَبَ لِيَنُوْءَ فَأُغْمِيَ
عَلَيْهِ ثُمَّ أَفَاقَ فَقَالَ أَصَلَّى النَّاسُ
قُلْنَا لَا هُمْ يَنْتَظِرُوْنَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
وَالنَّاسُ عُكُوْفٌ فِي الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُوْنَ
النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَلٰوةِ
الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ فَأَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى أَبِي بَكْرٍ بِأَنْ يُّصَلِّيَ
بِالنَّاسِ فَأَتَاهُ الرَّسُوْلُ فَقَالَ إِنَّ
رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُكَ
أَنْ تُصَلِّيَ بِالنَّاسِ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ وَّكَانَ
رَجُلًا رَّقِيْقًا يَا عُمَرُ صَلِّ بِالنَّاسِ
فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ أَنْتَ أَحَقُّ بِذٰلِكَ فَصَلّٰى
أَبُوْ بَكْرٍ تِلْكَ الْأَيَّامَ ثُمَّ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ فِيْ نَفْسِهٖ خِفَّةً
وَّخَرَجَ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا الْعَبَّاسُ
لِصَلٰوةِ الظُّهْرِ وَأَبُوْ بَكْرٍ يُّصَلِّيْ بِالنَّاسِ
فَلَمَّا رَآهُ أَبُوْ بَكْرٍ ذَهَبَ لِيَتَأَخَّرَ فَأَوْمَأَ
إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَنْ
لَّا يَتَأَخَّرَ فَقَالَ أَجْلِسَانِيْ إِلٰى جَنْبِهٖ
فَأَجْلَسَاهُ إِلٰى جَنْبِ أَبِيْ بَكْرٍ وَّالنَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ وَّقَالَ
عُبَيْدُ اللّٰهِ فَدَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ
عَبَّاسٍ فَقُلْتُ لَهٗ أَلَا أَعْرِضُ عَلَيْكَ
مَا حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ عَنْ مَّرَضِ رَسُوْلِ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هَاتِ
فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَدِيْثَهَا فَمَا أَنْكَرَ مِنْهُ

پھر ارادہ کیا کہ کھڑے ہوں پس بے ہوش ہوئے آنحضرت
پھر ہوش آیا آپ نے فرمایا کیا نماز پڑھ چکے لوگ ہم نے کہا
نہیں وہ منتظر ہیں آپ کے اے اللہ تعالیٰ کے رسول اور
لوگ ٹھہرے ہوئے تھے مسجد میں منتظر تھے نبی اکرم صلی اللہ
علیہ وسلم کے نماز عشاء کے لئے بھیجا نبی اکرم صلی اللہ علیہ و
سلم نے کسی کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف ساتھ اس حکم کے کہ
نماز پڑھاویں لوگوں کو پس آیا اُن کے پاس پیغام پہنچانے والا کہا
تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تم کو یہ کہ نماز پڑھاؤ
لوگوں کو کہا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے وہ تھے آدمی نرم دل اے عمر نماز پڑھاؤ
تم لوگوں کو کہا واسطے ان کے عمر رضی اللہ عنہ نے تم ہی لائق ہو اس کے
ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ صدیق نے ان دنوں میں نماز پڑھائی پھر
تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مزاج میں تخفیف
پائی اور نکلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز ظہر کے لئے دو
آدمیوں کے درمیان تکیہ لئے ہوئے ایک ان دونوں میں سے
تھے عباس رضی اللہ عنہ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز پڑھاتے تھے لوگوں کو جب دیکھا
ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ارادہ کیا تاکہ پیچھے
ہٹیں پس اشارہ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی طرف
یہ کہ پیچھے نہ ہٹیں فرمایا ان دونوں شخصوں کو کہ بٹھا دو مجھ کو
ان کے پہلو میں پس بٹھا دیا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں انہوں نے
بٹھا دیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے اور کہا
عبید اللہ نے میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس گیا میں نے
ان کو کہا کیا نہ بیان کروں میں روبرو تمہارے وہ حدیث کہ
بیان کی مجھ کو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کی بیماری کی ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا ہاں بیان کر میں نے
ان کے روبرو بیان کی حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی نہ انکار
کیا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اُس میں سے کچھ سوائے اس کے کہ انہوں

besturdubooks.wordpress.com

شَيْئًا غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ أَسَمَّتْ لَكَ الرَّجُلَ الَّذِي كَانَ مَعَ الْعَبَّاسِ قُلْتُ لَا قَالَ هُوَ عَلِيٌّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نے کہا نام بیان کیا حضرت عائشہ رضؓ نے واسطے تیرے اس شخص کا کہ تھے ساتھ عباسؓ کے میں نے کہا نہیں کہا عباس نے وہ علیؓ تھے۔ (متفق علیہ)

۱۰۸۰/۱۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ مَنْ أَدْرَكَ الرَّكْعَةَ فَقَدْ أَدْرَكَ السَّجْدَةَ وَمَنْ فَاتَتْهُ قِرَاءَةُ أُمِّ الْقُرْآنِ فَقَدْ فَاتَتْهُ خَيْرٌ كَثِيرٌ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ تحقیق وہ تھے کہتے کہ جس شخص نے پایا رکوع تحقیق پائی رکعت اور جس کی رہ گئی سورہ فاتحہ پڑھنی تحقیق رہ گیا اس سے بہت ثواب (روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

۱۰۸۱/۱۴ وَعَنْهُ أَنَّهُ قَالَ الَّذِي يَرْفَعُ رَأْسَهُ وَيَخْفِضُهُ قَبْلَ الْإِمَامِ فَإِنَّمَا نَاصِيَتُهُ بِيَدِ الشَّيْطَانِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے جو اپنے سر کو اٹھا دے اور جھکا دے اس کو امام سے پہلے پس سوائے اس کے نہیں کہ پیشانی اس کی بیچ ہاتھ شیطان کے ہے۔ روایت کیا ہے اس کو مالک نے۔

## بَابُ مَنْ صَلَّى صَلٰوةً مَّرَّتَيْنِ

## دو بار نماز پڑھنے کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### فصل اوّل

۱۰۸۲/۱ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَأْتِي قَوْمَهُ فَيُصَلِّي بِهِمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تھے معاذ بن جبل رضؓ نماز پڑھتے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر آتے اپنی قوم کی طرف تو نماز پڑھاتے اُن کو روایت کیا ہے اس کو بخاری اور مسلم نے۔

۱۰۸۳/۲ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ مُعَاذٌ يُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِشَاءَ ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى قَوْمِهِ فَيُصَلِّي بِهِمُ الْعِشَاءَ وَهِيَ نَافِلَةٌ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَالْبُخَارِيُّ)

اسی (جابر رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ تھے معاذ بن جبل رضؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے تھے عشاء کی پھر پھرتے اپنی قوم کی طرف پھر نماز پڑھاتے ان کو عشاء کی اور وہ اُن کے لئے نفلی تھی روایت کیا ہے اس کو بیہقی اور بخاری نے۔

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۱۰۸۴ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالَ شَهِدْتُّ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَجَّتَهٗ فَصَلَّیْتُ مَعَهٗ صَلٰوةَ الصُّبْحِ فِیْ مَسْجِدِ الْخَیْفِ فَلَمَّا قَضٰی صَلٰوتَهٗ وَانْحَرَفَ فَاِذَا هُوَ بِرَجُلَیْنِ فِیْ اٰخِرِ الْقَوْمِ لَمْ یُصَلِّیَا مَعَهٗ قَالَ عَلَیَّ بِهِمَا تُرْعَدُ فَرَائِصُهُمَا فَقَالَ مَا مَنَعَكُمَا اَنْ تُصَلِّیَا مَعَنَا فَقَالَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا كُنَّا قَدْ صَلَّیْنَا فِیْ رِحَالِنَا قَالَ فَلَا تَفْعَلَا اِذَا صَلَّیْتُمَا فِیْ رِحَالِكُمَا ثُمَّ اَتَیْتُمَا مَسْجِدَ جَمَاعَةٍ فَصَلِّیَا مَعَهُمْ فَاِنَّهَا لَكُمَا نَافِلَةٌ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

## دوسری فصل

یزید بن اسود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا حاضر ہوا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیچ حج اُن کے کے نماز پڑھی میں نے اُن کے ساتھ صبح کی نماز مسجد خیف میں جب اپنی نماز پڑھ چکے اور پھرے نماز سے اچانک آنحضرت نے دیکھا دو شخصوں کو بیٹھے ہوئے آخر قوم میں کہ انہوں نے نماز نہ پڑھی حضرت کے ساتھ آپ نے فرمایا کہ لاؤ ان دونوں کو میرے پاس لائے گئے وہ دونوں کہ کانپتا تھا گوشت اُن کے مونڈھوں کا فرمایا کس چیز نے باز رکھا تم کو پڑھنے سے نماز ہمارے ساتھ۔ انہوں نے کہا اے اللہ تعالےٰ کے رسولؐ تحقیق تھے ہم نماز پڑھ چکے اپنے مکانوں میں فرمایا نہ کرو تم ایسا جس وقت کہ پڑھ چکو تم نماز اپنے مکانوں میں پھر آؤ تم مسجد میں کہ اہمیں جماعت ہوتی ہو نماز پڑھو نمازیوں کے ساتھ یہ نماز تمہارے لئے نفل ہے (ترمذی، ابوداؤد، نسائی)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۱۰۸۵ عَنْ بُسْرِ بْنِ مِحْجَنٍ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّهٗ كَانَ فِیْ مَجْلِسٍ مَّعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاُذِّنَ بِالصَّلٰوةِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰی وَرَجَعَ وَمِحْجَنٌ فِیْ مَجْلِسِهٖ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تُصَلِّیَ مَعَ النَّاسِ اَلَسْتَ بِرَجُلٍ مُّسْلِمٍ فَقَالَ بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلٰكِنِّیْ كُنْتُ قَدْ صَلَّیْتُ فِیْ اَهْلِیْ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

## تیسری فصل

بُسرؓ بن محجن سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ تحقیق وُہ تھے ایک مجلس میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پس اذان دی گئی نماز کے لئے کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر نماز پڑھی اور اور پھرے اور محجنؓ بیٹھے ہوئے تھے اپنی جگہ میں فرمایا اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس چیز نے منع کیا تجھ کو یہ کہ نماز پڑھے تو ساتھ لوگوں کے کیا تو مسلمان نہیں اس نے کہا ہاں میں مسلمان ہوں اے اللہ تعالےٰ کے رسولؐ لیکن تحقیق میں نے نماز پڑھی اپنے گھر میں فرمایا اس کو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت آوے تو مسجد میں اور نماز

besturdubooks.wordpress.com

إِذَا جِئْتَ الْمَسْجِدَ وَكُنْتَ قَدْ صَلَّيْتَ فَإِقِيمَتِ الصَّلٰوةُ فَصَلِّ مَعَ النَّاسِ وَإِنْ كُنْتَ قَدْ صَلَّيْتَ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالنَّسَائِيُّ)

پڑھ چکا ہو۔ پھر قائم کی جاوے نماز تو لوگوں کے ساتھ نماز پڑھ اگرچہ تو نماز پڑھ چکا ہو۔ روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور نسائی نے۔

۱۰۸۶/۵ وَعَنْ رَّجُلٍ مِّنْ أَسَدِ بْنِ خُزَيْمَةَ أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيَّ قَالَ يُصَلِّي أَحَدُنَا فِي مَنْزِلِهِ الصَّلٰوةَ ثُمَّ يَأْتِي الْمَسْجِدَ وَتُقَامُ الصَّلٰوةُ فَأُصَلِّي مَعَهُمْ فَأَجِدُ فِي نَفْسِي شَيْئًا مِّنْ ذٰلِكَ فَقَالَ أَبُوْ أَيُّوبَ سَأَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَذٰلِكَ لَهُ سَهْمُ جَمْعٍ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّأَبُوْ دَاوُدَ)

ایک آدمی سے روایت ہے جو اسد بن خزیمہ کے قبیلے میں سے تھا۔ اُس نے ابوایوب انصاری رضؓ سے سوال کیا۔ کہا۔ کہ پڑھتا ہے ایک ہمارا بیچ گھر اپنے کے نماز پھر آتا ہے مسجد میں۔ اور پڑھی جاتی ہے نماز۔ پس پڑھتا ہوں میں نماز ساتھ اُن کے۔ پس پاتا ہوں میں دل اپنے میں ایک چیز اس سے۔ پس کہا ابوایوب نے پوچھا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارہ میں فرمایا یہ واسطے اس کے جماعت کا نصیبہ ہے۔ روایت کیا ہے مالک نے اور ابوداؤد نے۔

۱۰۸۷/۶ وَعَنْ يَّزِيدَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ جِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ فَجَلَسْتُ وَلَمْ أَدْخُلْ مَعَهُمْ فِي الصَّلٰوةِ فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَنِي جَالِسًا فَقَالَ أَلَمْ تُسْلِمْ يَا يَزِيدُ قُلْتُ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ أَسْلَمْتُ قَالَ وَمَا مَنَعَكَ أَنْ تَدْخُلَ مَعَ النَّاسِ فِي صَلٰوتِهِمْ قَالَ إِنِّي كُنْتُ قَدْ صَلَّيْتُ فِي مَنْزِلِي أَحْسِبُ أَنْ قَدْ صَلَّيْتُمْ فَقَالَ إِذَا جِئْتَ الصَّلٰوةَ فَوَجَدْتَ النَّاسَ فَصَلِّ مَعَهُمْ وَإِنْ كُنْتَ قَدْ صَلَّيْتَ تَكُنْ لَّكَ نَافِلَةً وَّهٰذِهِ مَكْتُوبَةٌ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

یزید بن عامر رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وُہ نماز میں تھے بیٹھا میں اور نہ داخل ہوا میں ان کے ساتھ نماز میں جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ کر پھرے دیکھا مجھ کو بیٹھے ہوئے پس آپ نے فرمایا کیا نہیں مسلمان تو اے یزید۔ کہا میں نے ہاں اے اللہ کے رسول تحقیق میں مسلمان ہوں۔ آپ نے فرمایا۔ کس چیز نے منع کیا تجھ کو یہ کہ داخل ہو تو ساتھ لوگوں کے نماز اُن کی میں کہا تھا میں نماز پڑھ چکا گھر اپنے میں اور گمان کیا میں نے کہ تحقیق نماز پڑھ چکے ہو تم پس آپ نے فرمایا جس وقت کہ آوے تو نماز کو پس پاوے تو لوگوں کو نماز پڑھ اُن کے ساتھ اگرچہ تحقیق تو پڑھ چکا ہو۔ ہوگی تیرے لئے وہ نفل اور یہ فرض۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۰۸۸/۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَهُ

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے تحقیق ایک آدمی نے پوچھا

فَقَالَ اِنِّیْ اُصَلِّیْ فِیْ بَیْتِیْ ثُمَّ اُدْرِكُ الصَّلٰوةَ فِی الْمَسْجِدِ مَعَ الْاِمَامِ اَفَاُصَلِّیْ مَعَهٗ قَالَ لَهٗ نَعَمْ قَالَ الرَّجُلُ اَیَّتُهُمَا اَجْعَلُ صَلٰوتِیْ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَذٰلِكَ اِلَیْكَ اِنَّمَا ذٰلِكَ اِلَی اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ یَجْعَلُ اَیَّتَهُمَا شَاءَ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

میں سے کہا تحقیق میں نماز پڑھتا ہوں بیچ گھر اپنے کے پھر پاتا ہوں میں نماز کو مسجد میں امام کے ساتھ کیا میں اُن کے ساتھ نماز پڑھوں فرمایا اس کو ہاں اس شخص نے کہا کون سی ٹھہراؤں نماز اپنی ابن عمرؓ نے کہا اور یہ طرف تیرے ہے سوائے اس کے نہیں یہ اللہ تعالےٰ کے سپرد ہے کہ عزت اور بزرگی والا ہے ٹھہرائے ان دونوں میں سے جس کو چاہے نماز تیری (مالکؒ)

۱۰۸۹/۸ وَعَنْ سُلَیْمَانَ مَوْلٰی مَیْمُوْنَةَ قَالَ اَتَیْنَا ابْنَ عُمَرَ عَلَی الْبَلَاطِ وَهُمْ یُصَلُّوْنَ. فَقُلْتُ اَلَا تُصَلِّیْ مَعَهُمْ قَالَ قَدْ صَلَّیْتُ وَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تُصَلُّوْا صَلٰوةً فِیْ یَوْمٍ مَّرَّتَیْنِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

سلیمانؒ مولیٰ میمونہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا آئے ہم ابن عمرؓ کے پاس بلاط میں اور لوگ نماز پڑھتے تھے میں نے ابن عمرؓ سے کہا کیوں نہیں نماز پڑھتے تم ان کے ساتھ کہا ابن عمرؓ نے تحقیق میں نماز پڑھ چکا ہوں اور تحقیق سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ نہ نماز پڑھو ایک دن میں دو بار روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے۔

۱۰۹۰/۹ وَعَنْ نَّافِعٍ قَالَ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ یَقُوْلُ مَنْ صَلَّی الْمَغْرِبَ اَوِ الصُّبْحَ ثُمَّ اَدْرَكَهُمَا مَعَ الْاِمَامِ فَلَا یُعِدْهُمَا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

نافعؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق عبداللہ بن عمرؓ کہتے تھے کہ جس نے نماز پڑھی مغرب کی یا صبح کی پھر پایا اُن کو ساتھ امام کے پھر نہ پڑھے ان دونوں کو روایت کیا ہے اس کو مالک نے۔

# بَابُ السُّنَنِ وَفَضَائِلِهَا

## سنتیں اور اُن کی فضیلت کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۰۹۱/۱۰ عَنْ اُمِّ حَبِیْبَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی فِیْ یَوْمٍ وَّلَیْلَةٍ ثِنْتَیْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بُنِیَ لَهٗ بَیْتٌ فِی الْجَنَّةِ اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَیْنِ بَعْدَهَا وَرَكْعَتَیْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ

ام حبیبہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو دن اور رات میں بارہ رکعت پڑھے تو اس کے لئے بہشت میں گھر تیار کیا جاتا ہے چار رکعت ظہر سے پہلے دو رکعت پیچھے اس کے اور دو مغرب کے بعد اور دو عشاء کے بعد اور دو فجر کی نماز سے پہلے روایت

besturdubooks.wordpress.com

وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ۔ وَفِيْ رِوَايَةِ مُسْلِمٍ اَنَّهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ عَبْدٍ مُّسْلِمٍ يُّصَلِّيْ لِلّٰهِ كُلَّ يَوْمٍ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً تَطَوُّعًا غَيْرَ فَرِيْضَةٍ اِلَّا بَنَى اللّٰهُ لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ اَوْ اِلَّا بُنِيَ لَهٗ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ۔

کیا ہے اس کو ترمذی نے اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ فرماتے تھے نہیں کوئی مسلمان بندہ کہ پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ کے لئے دن میں بارہ رکعت نفل سوائے فرض کے مگر بناتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے بہشت میں گھر یا فرمایا بنایا جاتا ہے اس کے لئے جنت میں گھر۔

❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖

❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖

۱۰۹۲/۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ فِيْ بَيْتِهٖ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ فِيْ بَيْتِهٖ قَالَ وَحَدَّثَتْنِيْ حَفْصَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ حِيْنَ يَطْلُعُ الْفَجْرُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نماز پڑھی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دو رکعتیں ظہر سے پہلے اور دو بعد اس کے اور دو رکعت مغرب کے بعد آنحضرت ؐ کے گھر میں اور دو رکعت عشاء کے بعد آنحضرت ؐ کے گھر میں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا اور حدیث بیان کی مجھ کو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے نماز پڑھتے دو رکعتیں ہلکی جس وقت کہ نکلتی فجر روایت کیا ہے اس کو مسلم اور بخاری نے۔

۱۰۹۳/۳ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُصَلِّيْ بَعْدَ الْجُمُعَةِ حَتّٰى يَنْصَرِفَ فَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ فِيْ بَيْتِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابن عمر رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نہیں نماز پڑھتے تھے بعد جمعہ کے یہاں تک کہ پھرتے پس پڑھتے دو رکعتیں بیچ گھر اپنے کے

❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ متفق علیہ

۱۰۹۴/۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تَطَوُّعِهٖ فَقَالَتْ كَانَ يُصَلِّيْ فِيْ بَيْتِيْ قَبْلَ الظُّهْرِ اَرْبَعًا ثُمَّ يَخْرُجُ فَيُصَلِّيْ بِالنَّاسِ ثُمَّ يَدْخُلُ فَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ وَكَانَ يُصَلِّيْ

عبداللہ بن شقیق سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نفل نماز کے بارے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا تھے حضرت نماز پڑھتے میرے گھر میں ظہر سے پہلے چار رکعت پھر نکلتے نماز پڑھاتے لوگوں کو پھر داخل ہوتے پس پڑھتے دو رکعت اور تھے نماز پڑھتے لوگوں کے ساتھ مغرب کی

besturdubooks.wordpress.com

بِالنَّاسِ الْمَغْرِبَ ثُمَّ يَدْخُلُ فَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ الْعِشَاءَ وَيَدْخُلُ بَيْتِيْ فَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ وَ كَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ تِسْعَ رَكَعَاتٍ فِيْهِنَّ الْوِتْرُ وَكَانَ يُصَلِّيْ لَيْلًا طَوِيْلًا قَائِمًا وَلَيْلًا طَوِيْلًا قَاعِدًا وَّكَانَ إِذَا قَرَأَ وَهُوَ قَائِمٌ رَكَعَ وَسَجَدَ وَهُوَ قَائِمٌ وَّ كَانَ إِذَا قَرَأَ قَاعِدًا رَكَعَ وَسَجَدَ وَهُوَ قَاعِدٌ وَّ كَانَ إِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّزَادَ اَبُوْدَاوٗدَ ثُمَّ يَخْرُجُ فَيُصَلِّيْ بِالنَّاسِ صَلٰوةَ الْفَجْرِ۔

پھر داخل ہوتے پھر نماز پڑھتے دو رکعتیں۔ پھر نماز پڑھاتے لوگوں کو عشاء کی۔ اور داخل ہوتے میرے گھر میں نماز پڑھتے دو رکعتیں اور تھے نماز پڑھتے رات کو نو رکعت ان میں وتر بھی ہوتے۔ اور تھے نماز پڑھتے رات کو دیر تک کھڑے۔ اور رات کو دیر تک بیٹھے اور تھے جس وقت کہ کھڑے ہو کر پڑھتے رکوع کرتے اور سجدہ کرتے اس حالت میں کہ کھڑے ہوتے اور جب بیٹھ کر پڑھتے رکوع کرتے اور سجدہ کرتے بیٹھ کر اور جب ظاہر ہوتی فجر۔ دو رکعت پڑھتے تھے روایت کیا ہے اس کو مسلم نے اور زیادہ کیا ہے ابوداؤد نے پھر نکلتے نماز پڑھاتے لوگوں کو۔

۱۰۹۵/۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنَ النَّوَافِلِ اَشَدَّ تَعَاهُدًا مِّنْهُ عَلٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ نہ تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی چیز پر بہت محافظت اور مداومت کرتے فجر کی دو رکعتوں سے۔ روایت کیا ہے اس کو بخاری اور مسلم نے۔

۱۰۹۶/۶ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَا الْفَجْرِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (حضرت عائشہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فجر کی دو رکعت سنّت بہتر ہیں دنیا و ما فیھا سے۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۰۹۷/۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلُّوْا قَبْلَ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ رَكْعَتَيْنِ صَلُّوْا قَبْلَ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ رَكْعَتَيْنِ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ لِمَنْ شَاءَ كَرَاهِيَةَ اَنْ يَّتَّخِذَهَا النَّاسُ سُنَّةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن مغفل سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز پڑھو مغرب کے فرضوں سے پہلے دو رکعت۔ نماز پڑھو مغرب کے فرضوں سے پہلے۔ دو رکعت۔ تیسری دفعہ فرمایا۔ جو شخص کہ چاہے مکروہ جانتے ہوئے کہ لوگ اس کو سنّت نہ سمجھ لیں۔ روایت کیا ہے اس کو بخاری اور مسلم نے)

۱۰۹۸/۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو ہو تم میں سے جمعہ کے

besturdubooks.wordpress.com

مُصَلِّيًا بَعْدَ الْجُمُعَةِ فَلْيُصَلِّ أَرْبَعًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي أُخْرَى لَهُ قَالَ إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيُصَلِّ بَعْدَهَا أَرْبَعًا۔

بعد نماز پڑھنے والا پس چاہیئے کہ چار رکعت پڑھے روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔ اور مسلم کی دوسری روایت میں ہے کہ فرمایا جس وقت نماز پڑھے ایک تمہارا جمعہ کے بعد چاہیئے کہ چار رکعت پڑھے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۱۰۹۹/۹ عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ حَافَظَ عَلَى أَرْبَعِ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ وَأَرْبَعٍ بَعْدَهَا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ام حبیبہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جس نے محافظت کی ظہر سے پہلے چار رکعتوں پر اور اس کے بعد چار رکعتوں پر اس پر اللہ تعالیٰ آگ کو حرام کر دے گا۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابو داؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے۔

۱۱۰۰/۱۰ وَعَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعٌ قَبْلَ الظُّهْرِ لَيْسَ فِيهِنَّ تَسْلِيمٌ تُفْتَحُ لَهُنَّ أَبْوَابُ السَّمَاءِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوایوب انصاریؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار رکعتیں ظہر سے پہلے کہ ان میں سلام پھیرنا نہیں ہے آسمان کے دروازے ان کے لئے کھولے جاتے ہیں روایت کیا ہے اس کو ابو داؤد نے اور ابن ماجہ نے۔

۱۱۰۱/۱۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي أَرْبَعًا بَعْدَ أَنْ تَزُولَ الشَّمْسُ قَبْلَ الظُّهْرِ وَقَالَ إِنَّهَا سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِيهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ فَأُحِبُّ أَنْ يَصْعَدَ لِي فِيهَا عَمَلٌ صَالِحٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عبداللہ بن سائب سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چار رکعت سورج ڈھلنے سے پیچھے پڑھتے تھے ظہر سے پہلے اور فرماتے تحقیق یہ وقت ہے کہ کھولے جاتے ہیں اس میں دروازے آسمان کے دوست رکھتا ہوں میں یہ کہ چڑھیں میرے اس میں نیک عمل روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

۱۱۰۲/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰهُ امْرَأً

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رحمت کرے اللہ تعالیٰ اس شخص

صَلّٰی قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعًا۔
(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

پر جو پڑھے پہلے عصر کے چار رکعت روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے۔

۱۱۰۳/۱۳ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ یَفْصِلُ بَیْنَھُنَّ بِالتَّسْلِیْمِ عَلَی الْمَلٰٓئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَمَنْ تَبِعَھُمْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُؤْمِنِیْنَ۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے عصر کے پہلے چار رکعتیں فرق کرتے اُن کے درمیان سلام کرنے کے ساتھ مقربین فرشتوں پر اور جو اُن کے تابع ہیں مسلمانوں میں سے اور ایمان والوں میں سے۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

* * * * * * *

۱۱۰۴/۱۴ وَعَنْہُ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ قَبْلَ الْعَصْرِ رَکْعَتَیْنِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اسی (حضرت علی رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے نماز پڑھتے عصر سے پہلے دو رکعتیں روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۱۰۵/۱۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی بَعْدَ الْمَغْرِبِ سِتَّ رَکَعَاتٍ لَّمْ یَتَکَلَّمْ فِیْمَا بَیْنَھُنَّ بِسُوْٓءٍ عُدِلْنَ لَہٗ بِعِبَادَۃِ ثِنْتَیْ عَشْرَۃَ سَنَۃً۔ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَّا نَعْرِفُہٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ عُمَرَ بْنِ اَبِیْ خَثْعَمٍ وَسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمٰعِیْلَ یَقُوْلُ ھُوَ مُنْکَرُ الْحَدِیْثِ وَضَعَّفَہٗ جِدًّا۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مغرب کے بعد چھ رکعت پڑھے کہ نہ بولے اُن کے درمیان کلام بد کے ساتھ برابر کی جاتی ہیں بارہ برس کی عبادت کے روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم مگر عمر بن ابی خثعم کی حدیث سے اور میں نے محمد بن اسمٰعیل بخاری کو سنا کہ کہتے تھے ابن ابی خثعم منکر الحدیث ہے اور اس کو بخاری نے بہت ضعیف کہا۔

* * * * * * *

۱۱۰۶/۱۶ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی بَعْدَ الْمَغْرِبِ عِشْرِیْنَ رَکْعَۃً بَنَی اللّٰہُ لَہٗ بَیْتًا فِی الْجَنَّۃِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو پڑھے مغرب کے بعد بیس رکعتیں بناتا ہے اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں گھر روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

۱۱۰۷/۱۷ وَعَنْھَا قَالَتْ مَا صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْعِشَآءَ قَطُّ

اسی (حضرت عائشہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا نہیں نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی عشاء کی پھر

besturdubooks.wordpress.com

فَدَخَلَ عَلَيَّ إِلَّا صَلَّى أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ أَوْ سِتَّ رَكَعَاتٍ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

آئے ہوں نزدیک میرے مگر پڑھتے چار رکعتیں یا چھ رکعتیں روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۱۰۸/۱۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِدْبَارَ النُّجُوْمِ الرَّكْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ وَأَدْبَارَ السُّجُوْدِ الرَّكْعَتَانِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مراد تسبیح ادبار النجوم کے دو رکعتیں فجر کے پہلے کی ہیں اور مراد ساتھ تسبیح ادبار السجود کے دو رکعتیں مغرب کے بعد کی ہیں روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۱۰۹/۱۹ عَنْ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ أَرْبَعٌ قَبْلَ الظُّهْرِ بَعْدَ الزَّوَالِ تُحْسَبْنَ بِمِثْلِهِنَّ فِيْ صَلٰوةِ السَّحَرِ وَمَا مِنْ شَيْءٍ إِلَّا وَهُوَ يُسَبِّحُ اللّٰهَ تِلْكَ السَّاعَةَ ثُمَّ قَرَأَ يَتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دَاخِرُوْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے چار رکعتیں پہلے ظہر کے پیچھے دوپہر کے حساب کی جاتی ہیں چار رکعت کے جو نماز تہجد میں پڑھی جاویں نہیں کوئی چیز مگر وہ تسبیح کرتی ہے اللہ تعالیٰ کی اس وقت پھر پڑھی یہ آیت پھرتے ہیں سائے ہر چیز کے دائیں طرف اور بائیں طرف سے سجدہ کرتے ہوئے اللہ کے لئے اور وہ ذلیل ہیں۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۱۱۱۰/۲۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ قَطُّ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ قَالَتْ وَالَّذِيْ ذَهَبَ بِهٖ مَا تَرَكَهُمَا حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ۔

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں چھوڑیں دو رکعتیں عصر کے بعد میرے نزدیک کبھی متفق علیہ اور بخاری شریف کی ایک روایت میں ہے حضرت عائشہ رضؓ نے کہا قسم ہے اس ذات کی کہ آپ کی روح قبض کی نہیں چھوڑیں یہ دو رکعتیں حتیٰ کہ ملاقات کی اللہ سے

۱۱۱۱/۲۱ وَعَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ قَالَ سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ التَّطَوُّعِ بَعْدَ الْعَصْرِ فَقَالَ كَانَ عُمَرُ يَضْرِبُ الْأَيْدِيَ عَلٰى صَلٰوةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ وَكُنَّا

مختار رضؓ بن فلفل سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے انس رضؓ بن مالک سے سوال کیا عصر کے بعد نفلی نماز کے بارے میں کہا حضرت عمر رضؓ تھے مارتے اس کے ہاتھوں کو کہ نیت باندھتا نماز کی عصر کے بعد اور تھے پڑھتے ہم رسول

besturdubooks.wordpress.com

نُصَلِّيْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ فَقُلْتُ لَهٗ اَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهِمَا قَالَ كَانَ يَرَانَا نُصَلِّيْهِمَا فَلَمْ يَاْمُرْنَا وَلَمْ يَنْهَنَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دو رکعت آفتاب ڈوبنے کے بعد نمازِ مغرب سے پہلے میں نے انس رضؓ کو کہا کیا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے ان دونوں رکعتوں کو کہا کہ دیکھتے ہم کو نماز پڑھتے پس نہ حکم فرماتے ہم کو اور نہ منع کرتے ہم کو روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۱۱۲/۲۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنَّا بِالْمَدِيْنَةِ فَاِذَا اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ لِصَلٰوةِ الْمَغْرِبِ ابْتَدَرُوا السَّوَارِيَ فَرَكَعُوْا رَكْعَتَيْنِ حَتّٰى اِنَّ الرَّجُلَ الْغَرِيْبَ لَيَدْخُلُ الْمَسْجِدَ فَيَحْسَبُ اَنَّ الصَّلٰوةَ قَدْ صُلِّيَتْ مِنْ كَثْرَةِ مَنْ يُّصَلِّيْهِمَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تھے ہم مدینہ میں جس وقت موذن مغرب کی اذان کہتا دوڑتے سب ستونوں کی طرف پڑھتے دو رکعت یہاں تک کہ مسافر آتا مسجد میں گمان کرتا کہ تحقیق نماز پڑھ چکے بسبب کثرت اُن لوگوں کے کہ پڑھتے نماز دو رکعت۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے

۱۱۱۳/۲۳ وَعَنْ مَّرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَتَيْتُ عُقْبَةَ الْجُهَنِيَّ فَقُلْتُ اَلَا اُعْجِبُكَ مِنْ اَبِيْ تَمِيْمٍ يَّرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ فَقَالَ عُقْبَةُ اِنَّا كُنَّا نَفْعَلُهٗ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ فَمَا يَمْنَعُكَ الْاٰنَ قَالَ الشُّغْلُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

مرثد بن عبداللہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں عقبہ جہنی صحابی کے پاس آیا میں نے کہا کیا نہ تعجب میں ڈالوں فعل ابوتمیم تابعی رح کے سے کہ پڑھتا ہے دو رکعتیں مغرب کی نماز سے پہلے عقبہ رضؓ نے کہا تحقیق ہم کرتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں کہا میں نے کس چیز نے منع کیا اب کہا دنیا کے شغل نے روایت کیا ہے اس کو بخاری نے۔

۱۱۱۴/۲۴ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى مَسْجِدَ بَنِيْ عَبْدِ الْاَشْهَلِ فَصَلّٰى فِيْهِ الْمَغْرِبَ فَلَمَّا قَضَوْا صَلَاتَهُمْ رَاٰهُمْ يُسَبِّحُوْنَ بَعْدَهَا فَقَالَ هٰذِهٖ صَلٰوةُ الْبُيُوْتِ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ

کعب بن عجرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آئے بنی عبدالاشہل کی مسجد میں پڑھی مغرب کی نماز جب پڑھ چکے نماز فرض دیکھا اُن کو آنحضرت نے کہ پڑھتے ہیں نفل بعد نماز مغرب کے آپ نے فرمایا کہ یہ نماز گھر میں پڑھنے کی ہے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی اور نسائی کی ایک روایت میں

besturdubooks.wordpress.com

وَالنَّسَائِيُّ قَامَ نَاسٌ يَتَنَفَّلُونَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِهٰذِهِ الصَّلٰوةِ فِي الْبُيُوتِ۔

یوں ہے لوگ کھڑے ہوئے نفل پڑھنے لگے فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم پکڑو اس نماز کو اپنے گھروں میں پڑھنا۔

۱۱۱۵/۲۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطِيلُ الْقِرَاءَةَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ حَتّٰى يَتَفَرَّقَ أَهْلُ الْمَسْجِدِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے لمبی قرأت کرتے دو رکعتوں میں مغرب کے بعد یہاں تک کہ متفرق ہوتے مسجد والے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۱۱۶/۲۶ وَعَنْ مَكْحُولٍ يَبْلُغُ بِهٖ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلّٰى بَعْدَ الْمَغْرِبِ قَبْلَ أَنْ يَتَكَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ وَفِي رِوَايَةٍ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ رُفِعَتْ صَلٰوتُهُ فِي عِلِّيِّيْنَ مُرْسَلًا۔

مکحول رحؒ تابعی سے روایت ہے کہ پہنچاتا ہے اس حدیث کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک کہ فرمایا آپ نے جس شخص نے نماز پڑھی مغرب کے بعد کلام کرنے سے پہلے دو رکعت ایک روایت میں ہے چار رکعت بلند کی جاتی ہے اس کی نماز علیین میں۔ مکحول نے بطریق ارسال کے روایت کی ہے۔

۱۱۱۷/۲۷ وَعَنْ حُذَيْفَةَ نَحْوَهٗ وَزَادَ فَكَانَ يَقُولُ عَجِّلُوا الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ فَإِنَّهُمَا تُرْفَعَانِ مَعَ الْمَكْتُوبَةِ۔ رَوَاهُمَا رَزِينٌ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ الزِّيَادَةَ عَنْهُ نَحْوَهَا فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ۔

حذیفہؓ سے روایت ہے مانند اس کی اور زیادہ کہا کہ حضرت فرماتے تھے جلدی پڑھو دو رکعتیں بعد مغرب کے اس لئے کہ دونوں اٹھائی جاتی ہیں فرضوں کے ساتھ رزین نے ان دونوں کو روایت کیا اور بیہقی نے روایت کیا اس زیادتی کے ساتھ حذیفہ سے اس کی مانند شعب الایمان میں۔

۱۱۱۸/۲۸ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ قَالَ إِنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ أَرْسَلَهٗ إِلَى السَّائِبِ يَسْأَلُهٗ عَنْ شَيْءٍ رَآهُ مِنْهُ مُعَاوِيَةُ فِي الصَّلٰوةِ فَقَالَ نَعَمْ صَلَّيْتُ مَعَهُ الْجُمُعَةَ فِي الْمَقْصُورَةِ فَلَمَّا سَلَّمَ الْإِمَامُ قُمْتُ فِي مَقَامِي فَصَلَّيْتُ فَلَمَّا دَخَلَ أَرْسَلَ إِلَيَّ فَقَالَ لَا تَعُدْ لِمَا فَعَلْتَ إِذَا صَلَّيْتَ الْجُمُعَةَ فَلَا تَصِلْهَا بِصَلٰوةٍ

عمرو بن عطاء تابعی سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ تحقیق نافع بن جبیر تابعی نے سائب صحابی کی طرف اس کو بھیجا کہ پوچھے اُن سے اس چیز سے کہ دیکھا اس کو اُن سے معاویہؓ نے نماز میں کہا سائبؓ نے ہاں نماز پڑھی میں نے معاویہؓ کے ساتھ جمعہ مقصورہ میں جب سلام پھیرا امام نے کھڑا ہوا میں اپنی جگہ میں نماز پڑھی میں نے جب داخل ہوئے معاویہؓ گھر میں بھیجا ایک شخص کو میری طرف کہا پھر نہ کرنا یہ کام کہ کیا تو نے جس وقت پڑھی تو نے جمعہ کی نماز نہ ملا اس کو ساتھ اور نماز کے یہاں

besturdubooks.wordpress.com

حَتّٰی تَکَلَّمَ اَوْ تَخْرُجَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَرَنَا بِذٰلِکَ اَنْ لَّا نُوْصِلَ بِصَلٰوۃٍ حَتّٰی نَتَکَلَّمَ اَوْ نَخْرُجَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

تک کہ بولے تو یا نکلے اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ہم کو ساتھ اس کے کہ نہ ملاویں ہم نماز کو دوسری نماز کے ساتھ یہاں تک کہ بولیں یا نکلیں ہم روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۱۱۹/۲۹ وَعَنْ عَطَآءٍ قَالَ کَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا صَلَّی الْجُمُعَۃَ بِمَکَّۃَ تَقَدَّمَ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ یَتَقَدَّمُ فَیُصَلِّیْ اَرْبَعًا وَاِذَا کَانَ بِالْمَدِیْنَۃِ صَلَّی الْجُمُعَۃَ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰی بَیْتِہٖ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ وَلَمْ یُصَلِّ فِی الْمَسْجِدِ فَقِیْلَ لَہٗ فَقَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَفْعَلُہٗ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَفِیْ رِوَایَۃِ التِّرْمِذِیِّ قَالَ رَاَیْتُ ابْنَ عُمَرَ صَلّٰی بَعْدَ الْجُمُعَۃِ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ صَلّٰی بَعْدَ ذٰلِکَ اَرْبَعًا۔

عطاء رضی سے روایت ہے انہوں نے کہا تھے ابن عمرؓ جس وقت نماز پڑھ چکتے جمعہ کی مکہ میں آگے بڑھتے پھر پڑھتے دو رکعتیں پھر آگے بڑھتے پھر پڑھتے چار رکعتیں جس وقت مدینہ میں ہوتے پڑھتے نماز جمعہ پھر لوٹتے اپنے گھر کیطرف پھر پڑھتے دو رکعتیں اور مسجد میں نہ پڑھتے پھر کہا گیا اُن کے لئے کہا تھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ کرتے روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہا دیکھا میں نے ابن عمرؓ کو پڑھتے جمعہ کے بعد دو رکعتیں پھر پڑھتے پیچھے اس کے چار رکعتیں۔

## بَابُ صَلٰوۃِ اللَّیْلِ

## رات کی نماز کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۱۱۳۰/۱ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ فِیْمَا بَیْنَ اَنْ یَّفْرُغَ مِنْ صَلٰوۃِ الْعِشَآءِ اِلَی الْفَجْرِ اِحْدٰی عَشْرَۃَ رَکْعَۃً یُسَلِّمُ مِنْ کُلِّ رَکْعَتَیْنِ وَیُوْتِرُ بِوَاحِدَۃٍ فَیَسْجُدُ السَّجْدَۃَ مِنْ ذٰلِکَ قَدْرَ مَا یَقْرَأُ اَحَدُکُمْ خَمْسِیْنَ اٰیَۃً قَبْلَ اَنْ یَّرْفَعَ رَاْسَہٗ فَاِذَا سَکَتَ الْمُؤَذِّنُ مِنْ صَلٰوۃِ الْفَجْرِ

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے نماز پڑھتے درمیان اس کے کہ فارغ ہوں نماز عشاء سے فجر تک گیارہ رکعتیں ہر دو رکعت پر سلام پھیرتے اور وتر کرتے ایک رکعت کے ساتھ پھر کرتے سجدہ اس رکعت میں اس قدر کہ پڑھے ایک شخص پچاس آیتیں اس سے پہلے کہ اُٹھائے اپنا سر مبارک جب مؤذن چپ ہوتا فجر کی اذان سے اور فجر ظاہر ہوتی آپ کے لئے کھڑے ہوتے پڑھتے دو رکعتیں ہلکی پھر لیٹتے اپنی داہنی کروٹ

besturdubooks.wordpress.com

وَتَبَيَّنَ لَهُ الْفَجْرُ قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ ثُمَّ اضْطَجَعَ عَلَى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ حَتّٰى يَأْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ لِلْإِقَامَةِ فَيَخْرُجُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پر یہاں تک کہ آتا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اذان دینے والا تکبیر کے لئے نکلتے آپ نماز کے لئے روایت کیا ہے اس کو بخاری اور مسلم نے۔

۱۱۲۱/۲ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلّٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ فَإِنْ كُنْتُ مُسْتَيْقِظَةً حَدَّثَنِي وَإِلَّا اضْطَجَعَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت پڑھ چکتے فجر کی سنتیں۔ اگر میں جاگتی ہوتی بات کرتے مجھ سے اور اگر میں سوئی ہوتی تو لیٹ رہتے روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۱۲۲/۳ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلّٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ اضْطَجَعَ عَلٰى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا) سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت فجر کی سنتیں پڑھتے تو داہنی کروٹ پر لیٹتے (بخاری اور مسلم نے اس کو روایت کیا)

۱۱۲۳/۴ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ ثَلٰثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً مِنْهَا الْوِتْرُ وَرَكْعَتَا الْفَجْرِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا) سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نماز تیرہ رکعتیں پڑھتے تھے اُن میں وتر بھی ہوتے اور فجر کی دو سنتیں بھی۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۱۲۴/۵ وَعَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلٰوةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ فَقَالَتْ سَبْعٌ وَتِسْعٌ وَإِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً سِوٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

مسروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز کے بارے میں انہوں نے کہا کبھی سات اور کبھی نو اور کبھی گیارہ رکعتیں فجر کی سنت کے علاوہ۔ روایت کیا ہے اس کو بخاری نے۔

۱۱۲۵/۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ لِيُصَلِّيَ افْتَتَحَ صَلٰوتَهُ بِرَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے رات کو تاکہ نماز پڑھیں یعنی تہجد کی شروع کرتے اپنی نماز کو دو رکعتوں ہلکی کے ساتھ۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے

۱۱۲۶/۷ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ فَلْيُفْتَتِحِ الصَّلٰوةَ بِرَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کھڑا ہو ایک تمہارا تہجد سے رات کو چاہیئے کہ شروع کرے نماز کو ہلکی دو رکعتوں کے ساتھ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۱۲۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بِتُّ عِنْدَ خَالَتِي مَيْمُونَةَ لَيْلَةً وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَهَا فَتَحَدَّثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ أَهْلِهِ سَاعَةً ثُمَّ رَقَدَ فَلَمَّا كَانَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الْآخِرُ أَوْ بَعْضُهُ قَعَدَ فَنَظَرَ إِلَى السَّمَاءِ فَقَرَأَ إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ حَتّٰى خَتَمَ السُّورَةَ ثُمَّ قَامَ إِلَى الْقِرْبَةِ فَأَطْلَقَ شِنَاقَهَا ثُمَّ صَبَّ فِي الْجَفْنَةِ ثُمَّ تَوَضَّأَ وُضُوءًا حَسَنًا بَيْنَ الْوُضُوءَيْنِ لَمْ يُكْثِرْ وَقَدْ أَبْلَغَ فَقَامَ فَصَلّٰى فَقُمْتُ وَتَوَضَّأْتُ فَقُمْتُ عَنْ يَسَارِهِ فَأَخَذَ بِأُذُنِي فَأَدَارَنِي عَنْ يَمِينِهِ فَتَتَامَّتْ صَلٰوتُهُ ثَلٰثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً ثُمَّ اضْطَجَعَ فَنَامَ حَتّٰى نَفَخَ وَكَانَ إِذَا نَامَ نَفَخَ فَآذَنَهُ بِلَالٌ بِالصَّلٰوةِ فَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ وَكَانَ فِي دُعَائِهِ اللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِي قَلْبِي نُورًا وَفِي بَصَرِي نُورًا وَفِي سَمْعِي نُورًا وَعَنْ يَمِينِي نُورًا وَعَنْ يَسَارِي نُورًا وَفَوْقِي نُورًا وَتَحْتِي نُورًا وَأَمَامِي نُورًا وَخَلْفِي نُورًا وَاجْعَلْ لِي نُورًا وَ

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رات گزاری اپنی خالہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے پاس ایک رات اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے پاس تھے پس باتیں کیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اہل کے ساتھ تھوڑی دیر پھر سو رہے جب رات کا آخری ثلث رہ گیا یا کچھ اس میں اُٹھ بیٹھے پس دیکھا آسمان کیطرف یہ آیت پڑھی تحقیق بیچ پیدا کرنے آسمانوں اور زمین کے اور رات اور دن کے اختلاف میں البتہ نشانیاں ہیں عقلمندوں کے لئے یہاں تک کہ ختم کیا سورۃ کو پھر مشک کی طرف کھڑے ہوئے اس کا بند کھولا پھر پیالہ میں پانی ڈالا پھر وضو کیا اچھا، درمیان دو وضوؤں کے نہ زیادہ کیا پانی کے استعمال کو اور تحقیق پہنچایا پانی پھر کھڑے ہوئے نماز پڑھی اور کھڑا ہوا میں اور وضو کیا میں نے پھر کھڑا ہوا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں طرف پس پکڑا میرا کان پھر پھیرا مجھ کو دائیں طرف اپنے پوری ہوئی نماز آنحضرت کی تیرہ رکعت پھر لیٹ رہے اور سوئے یہاں تک کہ خراٹے لئے اور تھے آنحضرت جس وقت کہ سوتے خراٹے لیتے آگاہ کیا آنحضرت کو بلال رضی اللہ عنہ نے نماز کے لئے نماز پڑھائی اور نہ وضو کیا اور تھے بیچ دعا آپ کی کے یہ الفاظ اے الٰہی کر میرے دل میں نور اور میری آنکھوں میں نور اور میرے کانوں میں نور اور میرے داہنے نور اور میرے بائیں نور میرے اُوپر نور میرے نیچے نور اور میرے آگے نور اور میرے پیچھے نور اور کر میرے لئے نور بعض راویوں نے زیادہ کیا پیدا کر میری زبان میں نور اور ذکر کیا بعض نے پٹھے میرے میں گوشت میرے میں

besturdubooks.wordpress.com

زَادَ بَعْضُهُمْ وَفِي لِسَانِي نُورًا وَّذَكَرَ عَصَبِي وَلَحْمِي وَدَمِي وَشَعْرِي وَبَشَرِي مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لَّهُمَا وَاجْعَلْ فِي نَفْسِي نُورًا وَّاَعْظِمْ لِي نُورًا وَّفِي اُخْرٰى لِمُسْلِمٍ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِي نُورًا۔

اور میرے خون میں اور میرے بالوں میں اور میرے چمڑے میں نور (متفق علیہ) ان دونوں کی ایک روایت میں ہے میری جان میں نور اور بڑا کر میرے لئے نور مسلم کی ایک روایت میں ہے یا الٰہی دے مجھ کو نور۔

۱۱۲۸ وَعَنْهُ اَنَّهٗ رَقَدَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَيْقَظَ فَتَسَوَّكَ وَتَوَضَّاَ وَهُوَ يَقُوْلُ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ حَتّٰى خَتَمَ السُّوْرَةَ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ اَطَالَ فِيْهِمَا الْقِيَامَ وَالرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ ثُمَّ انْصَرَفَ فَنَامَ حَتّٰى نَفَخَ ثُمَّ فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ سِتَّ رَكَعَاتٍ كُلَّ ذٰلِكَ يَسْتَاكُ وَيَتَوَضَّاُ وَيَقْرَاُ هٰؤُلَاءِ الْاٰيَاتِ ثُمَّ اَوْتَرَ بِثَلَاثٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابن عباسؓ) سے روایت ہے تحقیق وہ سوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس آپ بیدار ہوئے اور آپ نے مسواک کی اور وضو کیا اور آپ پڑھتے تھے یہ آیت تحقیق آسمانوں کے پیدا کرنے میں اور زمین کے پیدا کرنے میں یہاں تک کہ ختم کی سورۃ پھر کھڑے ہوئے نماز پڑھی دو رکعت لمبا کیا اس میں قیام کو اور رکوع کرنا اور سجدہ کرنا پھر پھرے اور سوئے یہاں تک کہ خراٹے لئے پھر کیا یہ فعل تین مرتبہ چھ رکعتوں میں ہر دفعہ مسواک بھی کرتے اور وضو بھی کرتے اور یہ آیت بھی پڑھتے پھر تین رکعت اور پڑھے روایت کیا ہے اس کو مسلم نے۔

۱۱۲۹ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ نِ الْجُهَنِيِّ اَنَّهٗ قَالَ لَاَرْمُقَنَّ صَلٰوةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّيْلَةَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ طَوِيْلَتَيْنِ طَوِيْلَتَيْنِ طَوِيْلَتَيْنِ ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ وَهُمَا دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ وَهُمَا دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ وَهُمَا دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ وَهُمَا دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا ثُمَّ اَوْتَرَ فَذٰلِكَ ثَلٰثَ

زید بن خالد جہنی سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق میں دیکھتا رہوں گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کو آج کی رات پڑھیں ہلکی سی دو رکعتیں پھر پڑھیں دو رکعتیں لمبی سے لمبی لمبی سے لمبی لمبی سے لمبی پھر پڑھیں دو رکعتیں اور یہ دو کم تھیں ان دو رکعتوں سے کہ پہلے اُن سے تھیں پھر پڑھیں دو رکعتیں اور یہ دو کم تھیں اُن دو سے کہ پہلے ان سے تھیں پھر پڑھیں دو رکعتیں اور یہ دو کم تھیں اُن دو سے کہ پہلے اُن سے تھیں پھر پڑھیں دو رکعتیں اور یہ دونوں کم تھیں اُن دونوں سے کہ پہلے اُن سے تھیں پھر وتر پڑھے یہ تیرہ رکعتیں ہوئیں روایت کیا ہے اس کو مسلم نے زید کا قول

besturdubooks.wordpress.com

عَشَرَةَ رَكْعَةً۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ قَوْلُهُ ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ وَهُمَا دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا اَرْبَعُ مَرَّاتٍ هٰكَذَا فِيْ صَحِيْحِ مُسْلِمٍ وَّاَفْرَادِهٖ مِنْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ وَمُوَطَّاِ مَالِكٍ وَّسُنَنِ اَبِيْ دَاوٗدَ وَجَامِعِ الْاُصُوْلِ۔

پھر پڑھیں دو رکعتیں اور وہ دونوں کم تھیں اُن سے کہ پہلے پڑھیں چار بار اس طرح سے صحیح مسلم میں ہے اور افراد مسلم میں کتاب حمیدی سے اور کتاب مؤطا امام مالکؒ کی میں اور سنن ابوداؤد میں اور جامع الاصول میں۔

۱۱۳۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا بَدَّنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَثَقُلَ كَانَ اَكْثَرُ صَلٰوتِهٖ جَالِسًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ جب بڑی ہوگئی عمر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اور بدن (مبارک) بھاری ہوا بڑھاپے کے سبب سے تھی اکثر نماز نفل حضرتؐ کی بیٹھ کر (بخاری اور مسلم کی روایت میں ہے)

۱۱۳۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَقَدْ عَرَفْتُ النَّظَائِرَ الَّتِيْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرُنُ بَيْنَهُنَّ فَذَكَرَ عِشْرِيْنَ سُوْرَةً مِّنْ اَوَّلِ الْمُفَصَّلِ عَلٰى تَاْلِيْفِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ سُوْرَتَيْنِ فِيْ رَكْعَةٍ اٰخِرُهُنَّ حٰمٓ الدُّخَانِ وَعَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق جانتا ہوں میں اُن سورتوں کو کہ آپس میں ایک مانند دوسرے کے ہیں کہ تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمع کرتے درمیان اُن کے ذکر کی بیس سورتیں اوّل مفصل میں سے موافق جمع کرنے ابن مسعودؓ کے دو سورتیں ایک رکعت میں آخر اُن دو سورتوں کی حٰمٓ الدُّخان اور عَمَّ یَتَسَآءَلُوْنَ تھیں روایت کیا ہے اس کو بخاری اور مسلم نے

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۱۳۲ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّهٗ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ فَكَانَ يَقُوْلُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ثَلٰثًا ذُو الْمَلَكُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ وَالْكِبْرِيَآءِ وَالْعَظَمَةِ ثُمَّ اسْتَفْتَحَ فَقَرَاَ الْبَقَرَةَ ثُمَّ رَكَعَ فَكَانَ رُكُوْعُهٗ نَحْوًا مِّنْ قِيَامِهٖ فَكَانَ

حذیفہؓ سے روایت ہے تحقیق دیکھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رات کو نماز پڑھتے تھے آپ فرماتے اللہ اکبر تین بار اور کہتے صاحب مُلک کا اور غلبہ کا اور بڑائی کا اور بزرگی کا پھر سبحانک اللّٰھم پڑھتے پھر پڑھتے سورۂ بقرہ پھر رکوع کرتے پھر تھا اُن کے رکوع کا اندازہ ان کے قیام کا پس کہتے اپنے رکوع میں پاک ہے میرا رب بڑا پھر سر اٹھاتے اپنا رکوع سے پھر تھا کھڑا رہنا

besturdubooks.wordpress.com

يَقُوْلُ فِيْ رُكُوْعِهٖ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ فَكَانَ قِيَامُهٗ نَحْوًا مِّنْ رُّكُوْعِهٖ ثُمَّ يَقُوْلُ لِرَبِّيَ الْحَمْدُ ثُمَّ سَجَدَ فَكَانَ سُجُوْدُهٗ نَحْوًا مِّنْ قِيَامِهٖ فَكَانَ يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِهٖ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهٗ مِنَ السُّجُوْدِ وَكَانَ يَقْعُدُ فِيْمَا بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ نَحْوًا مِّنْ سُجُوْدِهٖ وَكَانَ يَقُوْلُ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ فَصَلّٰى اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ قَرَأَ فِيْهِنَّ الْبَقَرَةَ وَاٰلَ عِمْرَانَ وَالنِّسَآءَ وَالْمَآئِدَةَ اَوِ الْاَنْعَامَ شَكَّ شُعْبَةُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ان کا رکوع کے قریب کہتے میرے رب ہی کے لئے سب تعریف ہے پھر سجدہ کرتے سجدے کی مقدار تھی ان کے قریب قومہ ان کے کے پس تھے کہتے سجدے اپنے میں پاک ہے میرا رب بلند پھر اٹھایا اپنا سر سجدے سے اور تھے بیٹھتے دونوں سجدوں کے درمیان اپنے سجدے کے قریب اور تھے کہتے اے میرے رب بخش میرے لئے پس پڑھیں چار رکعتیں اُن میں پڑھی سورۂ بقرہ اور آل عمران اور نساء اور مائدہ یا انعام شعبہ نے شک کیا جو حدیث کا راوی ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۱۳۳/۱۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَامَ بِعَشْرِ اٰيَاتٍ لَّمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِيْنَ وَمَنْ قَامَ بِمِائَةِ اٰيَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِيْنَ وَمَنْ قَامَ بِاَلْفِ اٰيَةٍ كُتِبَ مِنَ الْمُقَنْطِرِيْنَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عبداللہ بن عمرو بن عاص رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو دس آیتوں کے برابر قیام کرے نہیں لکھا جاتا غافلین سے اور جو قیام کرے سو آیت کے ساتھ لکھا جاتا ہے فرمانبرداری کرنے والوں سے اور جو کوئی قیام کرے ہزار آیتوں کے ساتھ لکھا جاتا ہے بہت ثواب لینے والوں سے۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے

۱۱۳۴/۱۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَتْ قِرَاءَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ يَرْفَعُ طَوْرًا وَّيَخْفِضُ طَوْرًا (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رات کو نماز پڑھنا مختلف تھا کبھی بلند اور کبھی پست آواز سے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۱۳۵/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتْ قِرَاءَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَدْرِ مَا يَسْمَعُهٗ مَنْ فِي الْحُجْرَةِ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تھا پڑھنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقدار اس چیز کے کہ سنتا اس کو وہ شخص کہ ہوتا صحن میں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہوتے

besturdubooks.wordpress.com

وَهُوَ فِي الْبَيْتِ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حجرے میں (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔)

۱۱۳۶/۱۷ وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ لَيْلَةً فَإِذَا هُوَ بِأَبِي بَكْرٍ يُصَلِّي وَهُوَ يَخْفِضُ مِنْ صَوْتِهِ وَمَرَّ بِعُمَرَ وَهُوَ يُصَلِّي رَافِعًا صَوْتَهُ قَالَ فَلَمَّا اجْتَمَعَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ مَرَرْتُ بِكَ وَأَنْتَ تُصَلِّي تَخْفِضُ صَوْتَكَ قَالَ قَدْ أَسْمَعْتُ مَنْ نَاجَيْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَقَالَ لِعُمَرَ مَرَرْتُ بِكَ وَأَنْتَ تُصَلِّي رَافِعًا صَوْتَكَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أُوْقِظُ الْوَسْنَانَ وَأَطْرُدُ الشَّيْطَانَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا بَكْرٍ ارْفَعْ مِنْ صَوْتِكَ شَيْئًا وَقَالَ لِعُمَرَ اخْفِضْ مِنْ صَوْتِكَ شَيْئًا۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهُ)

ابوقتادہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے ایک رات اچانک حضرت ابوبکرؓ کے پاس سے گزرے اور وہ نماز پڑھ رہے تھے پست آواز کے ساتھ اور حضرت عمرؓ کے پاس سے گزرے اور وہ نماز پڑھ رہے تھے بلند آواز کے ساتھ ابوقتادہؓ نے کہا جب دونوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جمع ہوئے آنحضرتؐ نے فرمایا گزرا میں تجھ پر اے ابوبکرؓ اور تو نماز پڑھتا تھا اپنی آواز کو پست کئے ہوئے ابوبکرؓ نے کہا میں سناتا تھا اس ذات کو جس سے مناجات کرتا تھا اے اللہ کے رسولؐ اور عمرؓ کو کہا گزرا میں تجھ پر اور تو نماز پڑھتا تھا بلند آواز سے حضرت عمرؓ نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ میں جگاتا تھا سوئے ہوؤں کو اور شیطان کو ہانکتا تھا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند کر اے ابوبکرؓ اپنی آواز کو کچھ اور فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرؓ کو پست کر اپنی آواز کو کچھ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کی ترمذی نے اس کی مانند۔)

* * * * * * *

۱۱۳۷/۱۸ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى أَصْبَحَ بِآيَةٍ وَالْآيَةُ إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوذرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا قیام کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح تک ایک آیت کے ساتھ اور آیت یہ تھی اگر عذاب کرے تو ان کو پس تحقیق وہ تیرے بندے ہیں اور اگر بخشدے تو ان کو تو تو غالب حکمت والا ہے (روایت کیا ہے اس کو نسائی اور ابن ماجہ نے)

۱۱۳۸/۱۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ فَلْيَضْطَجِعْ عَلٰى يَمِيْنِهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب پڑھ لے ایک تمہارا دو رکعت فجر کی سنت سے چاہئے کہ لیٹ رہے داہنے کروٹ اپنے پر (روایت کیا ہے اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۱۱۳۹/۲۰ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ اَیُّ الْعَمَلِ کَانَ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَتِ الدَّآئِمُ قُلْتُ فَاَیَّ حِیْنٍ کَانَ یَقُوْمُ مِنَ اللَّیْلِ قَالَتْ کَانَ یَقُوْمُ اِذَا سَمِعَ الصَّارِخَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

۱۱۴۰/۲۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا کُنَّا نَشَآءُ اَنْ نَرٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی اللَّیْلِ مُصَلِّیًا اِلَّا رَاَیْنَاهُ وَلَا نَشَآءُ اَنْ نَرَاهُ نَآئِمًا اِلَّا رَاَیْنَاهُ۔ (رَوَاهُ النَّسَآئِیُّ)

۱۱۴۱/۲۲ وَعَنْ حُمَیْدِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ اِنَّ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُ وَاَنَا فِیْ سَفَرٍ مَّعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَاَرْقُبَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِلصَّلٰوةِ حَتّٰی اَرٰی فِعْلَهٗ فَلَمَّا صَلّٰی صَلٰوةَ الْعِشَآءِ وَهِیَ الْعَتَمَةُ اضْطَجَعَ هُوَیْنًا مِّنَ اللَّیْلِ ثُمَّ اسْتَیْقَظَ فَنَظَرَ فِی الْاُفُقِ فَقَالَ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا حَتّٰی بَلَغَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ثُمَّ اَهْوٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی فِرَاشِهٖ فَاسْتَلَّ مِنْهُ سِوَاکًا ثُمَّ اَفْرَغَ فِیْ قَدَحٍ مِّنْ اِدَاوَةٍ عِنْدَهٗ مَآءً فَاسْتَنَّ

## تیسری فصل

مسروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا پوچھا میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کونسا عمل محبوب تھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف انہوں نے کہا عمل کرنا ہمیشہ کا میں نے کہا کس وقت آپ رات کو تہجد کے لئے کھڑے ہوتے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کھڑے ہوتے تھے جب سنتے مرغ کی آواز (بخاری اور مسلم کی روایت ہے)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نہ تھے ہم چاہیں یہ کہ دیکھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رات میں نماز پڑھتے مگر کہ دیکھتے ان کو اور نہ چاہیں ہم یہ کہ دیکھیں اُن کو سوتے کہ دیکھتے ہم اُن کو سوتے۔ روایت کیا ہے اس کو نسائی نے۔

حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک شخص نے کہا تھا میں اس حال میں کہ میں سفر میں تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اللہ کی قسم البتہ دیکھوں میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز کے وقت تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل دیکھوں جب آنحضرت نے عشاء کی نماز پڑھی اور اس کو عتمہ کہتے ہیں لیٹ رہے دیر تک رات سے پھر جاگے آسمان کیطرف نظر کی پھر پڑھی یہ آیت اے رب میرے نہیں پیدا کیا تو نے یہ بے فائدہ یہاں تک کہ آخر آیت تک پہنچے وہ یہ ہے تحقیق تو نہیں خلاف کرتا وعدہ کے پھر قصد کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بچھونے کی طرف۔ پس نکالی اس سے مسواک پھر ڈالا پانی پیالہ میں چھاگل میں سے کہ نزدیک اُن کے تھی پس مسواک کی پھر کھڑے ہوئے پس

besturdubooks.wordpress.com

ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى حَتّٰى قُلْتُ قَدْ صَلّٰى قَدْرَ مَا نَامَ ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتّٰى قُلْتُ قَدْ نَامَ قَدْرَ مَا صَلّٰى ثُمَّ اسْتَيْقَظَ فَفَعَلَ كَمَا فَعَلَ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّقَالَ مِثْلَ مَا قَالَ فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَبْلَ الْفَجْرِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

نماز پڑھی، یہاں تک کہ میں نے کہا میں نے، تحقیق نماز پڑھی اندازے کے موافق اس چیز کے کہ سوئے پھر لیٹ رہے یہاں تک کہ میں نے کہا، کہ سوئے موافق اندازے اس چیز کے کہ نماز پڑھی۔ پھر جاگے۔ پھر کیا جیسا کیا پہلی بار اور کہا مانند اس چیز کے کہ کہا پس کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بار فجر سے پہلے۔ (روایت کیا ہے اس کو نسائیؒ نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۱۱۴۲/۳۳ وَعَنْ يَعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ اَنَّهٗ سَاَلَ اُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قِرَاءَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَلٰوتِهٖ فَقَالَتْ وَمَا لَكُمْ وَصَلٰوتَهٗ كَانَ يُصَلِّيْ ثُمَّ يَنَامُ قَدْرَ مَا صَلّٰى ثُمَّ يُصَلِّيْ قَدْرَ مَا نَامَ ثُمَّ يَنَامُ قَدْرَ مَا صَلّٰى حَتّٰى يُصْبِحَ ثُمَّ نَعَتَتْ قِرَاءَتَهٗ فَاِذَا هِيَ تَنْعَتُ قِرَاءَةً مُّفَسَّرَةً حَرْفًا حَرْفًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

یعلیٰ بن مملک سے روایت ہے کہ اس نے ام سلمہؓ سے سوال کیا، کہ بیوی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں اور آپ کی نماز کے بارے میں۔ حضرت ام سلمہؓ نے کہا، تمہارے لئے کیا ہے آپ کی نماز کے ساتھ۔ تھے آپ نماز پڑھتے۔ پھر سو جاتے موافق اندازے اس چیز کے کہ نماز پڑھتے۔ پھر نماز پڑھتے اندازہ اس کا کہ سو رہتے۔ پھر سو جاتے اندازہ اس کا کہ نماز پڑھتے یہاں تک کہ صبح ہوئی پھر بیان کی ام سلمہ نے حضرت کی قرات پس ناگہاں بیان کرتی تھیں خوب واضح حرف حرف جدا جدا۔ (ابوداود، اور ترمذی اور نسائیؒ نے اس کو روایت کیا)

## بَابُ مَا يَقُوْلُ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ

## رات کے وقت اٹھنے کی دعا

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۱۱۴۳/۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَتَهَجَّدُ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ

ابن عباسؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوتے رات کو کہ تہجد پڑھیں کہتے یا الٰہی تیرے ہی لئے سب تعریف ہے۔ تو ہی قائم رکھنے والا ہے۔ زمین اور آسمان کا اور ان کا کہ ان کے درمیان ہے تیرے ہی لئے سب

besturdubooks.wordpress.com

فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِيُّونَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ حَقٌّ اَللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تعریف ہے تو ہی روشن کرنے والا ہے آسمانوں اور زمین کا اور ان کو کہ اُن کے درمیان ہے تیرے لئے تمام تعریف ہے اور تو ہی آسمانوں کا بادشاہ ہے اور زمین کا اور اُن کا کہ ان میں ہے اور تیرے لئے سب تعریف ہے تو ہی حق ہے اور تیرا وعدہ حق ہے اور تیری ملاقات حق ہے تیرا کلام حق ہے جنت حق ہے اور دوزخ ہے اور سب انبیاء کرام حق ہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم حق ہیں اور قیامت حق ہے اے الٰہی تیرے لئے تابعدار ہوا میں ——— اور تیرے ساتھ ایمان لایا میں اور تجھ پر بھروسہ کیا میں نے اپنے سب امور میں اور تیری ہی طرف رجوع کیا میں نے اپنے احوال میں ——— ——— اور تیری مدد سے جھگڑتا ہوں دین کے دشمنوں سے اور تیری طرف فریاد لایا میں پس بخش میرے گناہ جو کہ آگے کئے میں نے اور وہ گناہ کہ پیچھے کر دوں گا پوشیدہ گناہ ظاہر گناہ اور وہ گناہ کہ تو زیادہ جانتا ہے مجھ سے تو ہی آگے کرنیوالا ہے اور تو ہی پیچھے کرنیوالا ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر تو اور نہیں ہے کوئی معبود تیرے سوا (متفق علیہ)

۱۱۴۴/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ افْتَتَحَ صَلٰوتَهُ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِيلَ وَمِيكَائِيلَ وَإِسْرَافِيلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ اهْدِنِي لِمَا اخْتُلِفَ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِكَ إِنَّكَ تَهْدِي مَنْ تَشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے جب کھڑے ہوتے رات کو شروع کرتے نماز کو آپ کہتے اے الٰہی جبرائیل کے رب اور میکائیل اور اسرافیل کے رب پیدا کرنے والے آسمان اور زمین کے غائب اور حاضر کو جاننے والے تو فیصلہ کرے گا اپنے بندوں کے درمیان اس چیز میں کہ اختلاف کرتے ہیں ہدایت دو مجھ کو اس چیز کیطرف کہ اختلاف کیا گیا ہے اس میں حق سے تحقیق تو ہدایت کرتا ہے جس کو چاہے سیدھی راہ کیطرف روایت کیا ہے اس کو مسلم نے ✣

✣ ✣ ✣ ✣ ✣

۱۱۴۵/۳ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ أَوْ قَالَ ثُمَّ دَعَا اُسْتُجِيْبَ لَهٗ فَإِنْ تَوَضَّأَ وَصَلّٰى قُبِلَتْ صَلٰوتُهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص جاگے نیند سے رات کو۔ پھر کہے۔ نہیں کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ اکیلا اور نہیں کوئی شریک اس کے لئے۔ اسی کے لئے بادشاہی ہے اور اسی کے لئے سب تعریف ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ تعالیٰ پاک ہے اللہ تعالیٰ کے لئے سب تعریف ہے۔ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ تعالیٰ بہت بڑا ہے۔ اور نہیں پھرنا گناہ سے اور نہیں قوت عبادت پر مگر اللہ کی مدد کے ساتھ۔ پھر کہے اے میرے رب بخش دے میرے لئے یا فرمایا پھر دعا کرے قبول کیجاویگی واسطے اسکے پھر اگر وضو کرے اور نماز پڑھے قبول کیجاویگی اسکی نماز۔ روایت کیا اس کو بخاری نے

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۱۴۶/۴ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَيْقَظَ مِنَ اللَّيْلِ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَأَسْأَلُكَ رَحْمَتَكَ اَللّٰهُمَّ زِدْنِيْ عِلْمًا وَّلَا تُزِغْ قَلْبِيْ بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنِيْ وَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت جاگتے رات کو فرماتے تھے نہیں کوئی معبود مگر تو۔ تو پاک ہے اے اللہ تسبیح بیان کرتا ہوں میں تیری تعریف کے ساتھ اور تیری بخشش چاہتا ہوں اپنے گناہوں کے لئے تجھ سے اور مانگتا ہوں تیری رحمت یا اللہ زیادہ کر مجھ کو علم اور نہ کج کر دل میرا بعد اس کے کہ راہ دکھائی تو نے مجھ کو۔ اور اپنے ہاں سے مجھ کو رحمت بخش۔ بے شک تو بہت بخشنے والا ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۱۴۷/۵ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ يَبِيْتُ عَلٰى ذِكْرٍ طَاهِرًا فَيَتَعَارُّ مِنَ اللَّيْلِ فَيَسْأَلُ اللّٰهَ خَيْرًا إِلَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ)

معاذ بن جبل رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی مسلمان رات کو پاک حالت میں ذکر کرتے ہوئے نہیں سوتا پھر رات کو جاگ کر اللہ تعالیٰ سے کسی بھلائی کا سوال کرے۔ مگر اللہ تعالیٰ اس کو وہ بھلائی دے دیتا ہے۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے۔

۱۱۴۸/۶ وَعَنْ شَرِيْقٍ الْهَوْزَنِيِّ قَالَ

شریق ہوزنی سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ میں

besturdubooks.wordpress.com

دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَسَأَلْتُهَا بِمَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْتَتِحُ إِذَا هَبَّ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَتْ سَأَلْتَنِي عَنْ شَيْءٍ مَا سَأَلَنِي عَنْهُ أَحَدٌ قَبْلَكَ كَانَ إِذَا هَبَّ مِنَ اللَّيْلِ كَبَّرَ عَشْرًا وَحَمِدَ عَشْرًا وَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَشْرًا وَقَالَ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ عَشْرًا وَاسْتَغْفَرَ اللّٰهَ عَشْرًا وَهَلَّلَ اللّٰهَ عَشْرًا ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضِيْقِ الدُّنْيَا وَضِيْقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ عَشْرًا ثُمَّ يَفْتَتِحُ الصَّلٰوةَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر داخل ہوا میں نے اُس سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت رات کو بیدار ہوتے کس چیز کیساتھ شروع کرتے تھے کہنے لگیں تو نے مجھ سے ایک ایسی چیز کا سوال کیا ہے کہ تجھ سے پہلے کسی نے نہیں کیا جب آپ رات کو بیدار ہوتے دس مرتبہ اللہ اکبر کہتے دس مرتبہ الحمد للہ کہتے اور دس مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہٖ کہتے اور دس بار سبحان الملک القدوس کہتے اور دس مرتبہ استغفر اللہ کہتے اور دس مرتبہ لا الٰہ الا اللہ کہتے پھر فرماتے اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تیرے ساتھ دنیا کی تنگی سے اور قیامت کے دن کی تنگی سے دس مرتبہ پھر تہجد کی نماز شروع کرتے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۱۴۹/۷ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ كَبَّرَ ثُمَّ يَقُوْلُ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا ثُمَّ يَقُوْلُ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ أَبُوْدَاوٗدَ بَعْدَ قَوْلِهٖ غَيْرُكَ ثُمَّ يَقُوْلُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ثَلٰثًا وَفِيْ آخِرِ الْحَدِيْثِ ثُمَّ يَقْرَأُ۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت رات کو کھڑے ہوتے آپ فرماتے اللہ اکبر پھر فرماتے پاک ہے تو اے اللہ تعالیٰ اور حمد کرتے ہیں ہم تیری اور برکت والا ہے نام تیرا اور بلند ہے شان تیری اور نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے پھر کہتے اللہ اکبر کبیراً پھر کہتے پناہ مانگتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو سننے والا اور جاننے والا ہے شیطان راندے ہوئے سے اس کے وسوسے اسکے تکبر اور سحر سکھانے سے روایت کیا ہے اسکو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے ابوداؤد نے غیرک کے بعد لا الٰہ الا اللہ تین دفعہ بیان کیا ہے اور حدیث کے آخر میں ہے پھر پڑھتے۔

۱۱۵۰/۸ وَعَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ كَعْبٍ الْأَسْلَمِيِّ

ربیعہ بن کعب اسلمی سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ كُنْتُ أَبِيتُ عِنْدَ حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنْتُ أَسْمَعُهُ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَقُولُ سُبْحَانَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الْهَوِيَّ ثُمَّ يَقُولُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ الْهَوِيَّ - رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَلِلتِّرْمِذِيِّ نَحْوُهُ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ -

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرہ کے پاس رات بسر کی جس وقت آپ نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوتے میں آپ سے سنتا فرماتے عالموں کا پروردگار پاک ہے کافی دیر تک فرماتے پھر سبحان اللہ وبحمدہ دیر تک فرماتے روایت کیا ہے اس کو نسائی نے اور ترمذی کے لئے مثل اس کی اور اس نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

## بَابُ التَّحْرِيضِ عَلٰى قِيَامِ اللَّيْلِ

## قیام اللیل کی ترغیب کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۱۱۵۱/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلٰى قَافِيَةِ رَاْسِ اَحَدِكُمْ اِذَا هُوَ نَامَ ثَلٰثَ عُقَدٍ يَضْرِبُ عَلٰى كُلِّ عُقْدَةٍ عَلَيْكَ لَيْلٌ طَوِيْلٌ فَارْقُدْ فَاِنِ اسْتَيْقَظَ فَذَكَرَ اللّٰهَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاِنْ تَوَضَّاَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاِنْ صَلّٰى انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاَصْبَحَ نَشِيْطًا طَيِّبَ النَّفْسِ وَاِلَّا اَصْبَحَ خَبِيْثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ - (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان تم میں سے ایک کے سر کی گدی پر جس وقت وہ سوتا ہے تین گرہیں لگاتا ہے ہر گرہ پر پھونکتا ہے تجھ پر رات بڑی لمبی ہے پس تو سو جا۔ اگر وہ بیدار ہو کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے ایک گرہ کھل جاتی ہے اگر وہ وضو کرے تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے پس اگر وہ نماز پڑھے تیسری گرہ کھل جاتی ہے وہ صبح کرتا ہے شادماں اور پاک نفس وگرنہ وہ صبح کرتا ہے پلید نفس سست

(متفق علیہ)

۱۱۵۲/۲ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ فَقِيْلَ لَهٗ لِمَ تَصْنَعُ هٰذَا وَقَدْ غُفِرَ لَكَ

مغیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قیام کیا یہاں تک کہ آپ کے پاؤں مبارک سوج گئے آپ کو کہا گیا کہ آپ ایسا کیوں کرتے ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ

besturdubooks.wordpress.com

مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ قَالَ أَفَلَا أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نے آپ کے پہلے اور پچھلے گناہ معاف کر دیئے ہیں آپ نے فرمایا۔ کیا میں اس کا شکر گزار بندہ نہ بنوں۔ (متفق علیہ)

۱۱۵۳/۳ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقِيْلَ لَهُ مَا زَالَ نَائِمًا حَتّٰى أَصْبَحَ مَا قَامَ إِلَى الصَّلٰوةِ قَالَ ذٰلِكَ رَجُلٌ بَالَ الشَّيْطٰنُ فِيْ أُذُنِهٖ أَوْ قَالَ فِيْ أُذُنَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی کا ذکر کیا گیا۔ پس آپ کو کہا گیا کہ وہ آدمی صبح تک سویا رہا ہے۔ نماز کیطرف کھڑا نہیں ہوا۔ آپ نے فرمایا۔ یہ شخص ہے کہ شیطان اس کے کان میں پیشاب کر دیتا ہے یا آپ نے فرمایا۔ اس کے دونوں کانوں میں۔ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ (متفق علیہ)

۱۱۵۴/۴ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتِ اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً فَزِعًا يَقُوْلُ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَاذَا أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْخَزَائِنِ وَمَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الْفِتَنِ مَنْ يُوْقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجَرَاتِ يُرِيْدُ أَزْوَاجَهٗ لَكَيْ يُصَلِّيْنَ رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٌ فِي الْآخِرَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ام سلمہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات بڑے گھبرائے کھڑے ہوئے فرماتے تھے۔ سبحان اللہ آج کی رات کس قدر خزانے اُتارے گئے ہیں اور کس قدر فتنے اُتارے گئے ہیں حجرے والیوں کو کون جگائے۔ اپنی بیویاں مُراد رکھتے تھے۔ تاکہ وُہ نماز پڑھ لیں۔ اکثر دنیا میں کپڑے پہننے والیاں آخرت میں ننگی ہوں گی۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

۱۱۵۵/۵ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالٰى كُلَّ لَيْلَةٍ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا حِيْنَ يَبْقٰى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْآخِرُ يَقُوْلُ مَنْ يَّدْعُوْنِيْ فَأَسْتَجِيْبَ لَهٗ مَنْ يَّسْأَلُنِيْ فَأُعْطِيَهٗ مَنْ يَّسْتَغْفِرُنِيْ فَأَغْفِرَ لَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ ثُمَّ يَبْسُطُ يَدَيْهِ يَقُوْلُ مَنْ يُّقْرِضُ غَيْرَ عَدُوْمٍ وَّلَا ظَلُوْمٍ حَتّٰى يَنْفَجِرَ الْفَجْرُ۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہمارا رب تبارک و تعالےٰ ہر رات دنیا کے آسمان کیطرف اُترتا ہے۔ جس وقت ایک تہائی رات باقی رہ جاتی ہے۔ فرماتا ہے کون ہے جو مجھ کو پکارے۔ میں اس کے لئے قبول کروں۔ کون ہے جو مجھ سے مانگے۔ میں اس کو دُوں۔ کون ہے جو مجھ سے بخشش طلب کرے۔ میں اس کو بخش دُوں۔ (متفق علیہ) اور مسلم کی ایک روایت میں ہے پھر اپنے دونوں ہاتھ پھیلاتا ہے فرماتا ہے کون ہے جو قرض دے اسکو جو نہ فقیر ہے نہ ظالم یہاں تک صبح پھوٹ پڑتی ہے

۱۱۵۶/۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ

جابرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ میں نے نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ فِي اللَّيْلِ لَسَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا رَجُلٌ مُّسْلِمٌ يَسْاَلُ اللّٰهَ فِيْهَا خَيْرًا مِّنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ وَذٰلِكَ كُلَّ لَيْلَةٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ فرماتے تھے۔ رات میں ایک گھڑی ہے۔ اس کو کوئی مسلمان نہیں پاتا اللہ تعالیٰ سے اس میں بھلائی کا سوال کرے۔ دنیا اور آخرت کے امر سے مگر اللہ تعالیٰ اس کو وہ عطا فرما دیتا ہے۔ اور یہ ہر شب میں ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۱۵۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ الصَّلٰوةِ اِلَى اللّٰهِ صَلٰوةُ دَاوٗدَ وَاَحَبُّ الصِّيَامِ اِلَى اللّٰهِ صِيَامُ دَاوٗدَ كَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ وَيَقُوْمُ ثُلُثَهٗ وَيَنَامُ سُدُسَهٗ وَيَصُوْمُ يَوْمًا وَّيُفْطِرُ يَوْمًا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بہترین نمازوں میں اللہ تعالیٰ کیطرف داؤدؑ کی نماز ہے۔ اور بہترین روزوں میں اللہ تعالیٰ کی طرف داؤد علیہ السلام کے روزے ہیں وہ آدھی رات سوتے اور تہائی رات قیام کرتے اور رات کے چھٹے حصے میں سوتے اور ایک دن روزہ رکھتے۔ اور ایک دن افطار کرتے۔ بخاری اور مسلم کی روایت ہے۔

۱۱۵۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ تَعْنِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنَامُ اَوَّلَ اللَّيْلِ وَيُحْيِيْ اٰخِرَهٗ ثُمَّ اِنْ كَانَتْ لَهٗ حَاجَةٌ اِلٰى اَهْلِهٖ قَضٰى حَاجَتَهٗ ثُمَّ يَنَامُ فَاِنْ كَانَ عِنْدَ النِّدَآءِ الْاَوَّلِ جُنُبًا وَّثَبَ فَاَفَاضَ عَلَيْهِ الْمَآءَ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ جُنُبًا تَوَضَّاَ لِلصَّلٰوةِ ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ تھے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوّل رات سوتے اور آخر رات کو زندہ رکھتے۔ اگر اپنے اہل کیطرف حاجت ہوتی۔ اپنی حاجت پوری کرتے۔ پھر سو جاتے۔ اگر اذان کے وقت آپ جنبی ہوتے۔ اٹھتے اور اپنے اوپر پانی ڈالتے۔ اگر جنبی نہ ہوتے تو نماز کے لئے وضو کرتے اور دو رکعتیں پڑھتے۔ بخاری اور مسلم کی روایت ہے۔

* * * * * * * * * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۱۵۹ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ فَاِنَّهٗ دَاْبُ الصَّالِحِيْنَ قَبْلَكُمْ وَهُوَ قُرْبَةٌ لَّكُمْ اِلٰى رَبِّكُمْ وَ

ابو امامہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ رات کے قیام کو لازم پکڑو۔ وہ اچھا طریقہ ہے۔ تم سے پہلے نیک لوگوں کا اور تمہارے رب کی طرف نزدیکی ہے۔ گناہوں کے دُور ہونے کا سبب ہے

besturdubooks.wordpress.com

مَكَفِّرَةٌ لِّلسَّيِّئَاتِ وَمَنْهَاةٌ عَنِ الْإِثْمِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اور گناہوں سے باز رکھنے والا ہے۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

۱۱۶۰/۱۰ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ يَضْحَكُ اللّٰهُ إِلَيْهِمُ الرَّجُلُ إِذَا قَامَ بِاللَّيْلِ يُصَلِّي وَالْقَوْمُ إِذَا صَفُّوا فِي الصَّلٰوةِ وَالْقَوْمُ إِذَا صَفُّوا فِي قِتَالِ الْعَدُوِّ۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص ہیں کہ اللہ تعالیٰ اُن سے ہنستا ہے ایک وہ آدمی جو رات کو کھڑا ہو کر نماز پڑھے اور وہ لوگ جو قتال کے لئے صف باندھیں اور وہ لوگ جو نماز کیلئے صف باندھیں روایت کیا ہے شرح السنہ میں

✧ ✧ ✧ ✧ ✧ ✧

۱۱۶۱/۱۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْرَبُ مَا يَكُونُ الرَّبُّ مِنَ الْعَبْدِ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ الْآخِرِ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَكُونَ مِمَّنْ يَذْكُرُ اللّٰهَ فِي تِلْكَ السَّاعَةِ فَكُنْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ غَرِيبٌ إِسْنَادًا۔

عمرو بن عبسہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت قریب جبکہ پروردگار اپنے بندے کے ہوتا ہے پچھلی رات کے درمیان ہے پس اگر تو طاقت رکھے کہ ان لوگوں میں ہو جو اُس وقت اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں پس ہو روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور غریب ہے سند کے لحاظ سے۔

۱۱۶۲/۱۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلًا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلّٰى وَأَيْقَظَ امْرَأَتَهُ فَصَلَّتْ فَإِنْ أَبَتْ نَضَحَ فِي وَجْهِهَا الْمَاءَ رَحِمَ اللّٰهُ امْرَأَةً قَامَتْ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلَّتْ وَأَيْقَظَتْ زَوْجَهَا فَصَلّٰى فَإِنْ أَبٰى نَضَحَتْ فِي وَجْهِهِ الْمَاءَ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو رات کو اٹھتا ہے اور نماز پڑھتا ہے اپنی بیوی کو جگائے پس وہ نماز پڑھے اگر وہ انکار کرے تو اس کے منہ پر پانی کے چھینٹے مارے اللہ تعالیٰ اس عورت پر رحم کرے جو رات کو اُٹھتی ہے نماز پڑھتی ہے اور اپنے خاوند کو جگاتی ہے اور وہ نماز پڑھتا ہے اگر وہ انکار کرے تو اس کے منہ پر چھینٹا مارتی ہے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے۔

۱۱۶۳/۱۳ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّ الدُّعَاءِ أَسْمَعُ قَالَ جَوْفَ اللَّيْلِ الْآخِرِ وَدُبُرَ الصَّلَوٰتِ الْمَكْتُوبَاتِ

ابوامامہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا گیا کونسی دعا زیادہ قبول ہوتی ہے آپ نے فرمایا پچھلی درمیانی رات اور فرض نمازوں کے پیچھے روایت

besturdubooks.wordpress.com



(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

۱۱۶۴/۱۴ وَعَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا يُرٰى ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا وَبَاطِنُهَا مِنْ ظَاهِرِهَا اَعَدَّ اللّٰهُ لِمَنْ اَلَانَ الْكَلَامَ وَاَطْعَمَ الطَّعَامَ وَتَابَعَ الصِّيَامَ وَصَلّٰى بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ۔ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ عَنْ عَلِيٍّ نَحْوَهٗ وَ فِيْ رِوَايَتِهٖ لِمَنْ اَطَابَ الْكَلَامَ۔

کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

ابو مالک اشعری سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں بالاخانے ہیں اس سے باہر کی چیزیں اندر سے معلوم ہوتی ہیں اور اندر کی چیزیں باہر سے معلوم ہوتی ہیں اللہ تعالیٰ نے تیار کیا ہے اس شخص کے لئے جو کلام نرم کرے اور کھانا کھلائے اور پے در پے روزے رکھے اور رات کو نماز پڑھے جس وقت آدمی سوتے ہوں روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت کیا اس کو ترمذی نے علی سے مانند اس کی اس کی روایت میں ہے لمن اطاب الکلام۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۱۶۵/۱۵ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ لَا تَكُنْ مِّثْلَ فُلَانٍ كَانَ يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ فَتَرَكَ قِيَامَ اللَّيْلِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن عمرو بن عاص سے روایت ہے انہوں نے کہا میرے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عبداللہ تو فلاں شخص کی مانند نہ ہو وہ رات کو قیام کرتا تھا اس نے رات کا قیام چھوڑ دیا ہے (یہ روایت بخاری اور مسلم کی ہے)

۱۱۶۶/۱۶ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كَانَ لِدَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنَ اللَّيْلِ سَاعَةٌ يُّوْقِظُ فِيْهَا اَهْلَهٗ يَقُوْلُ يَا اٰلَ دَاوٗدَ قُوْمُوْا فَصَلُّوْا فَاِنَّ هٰذِهٖ سَاعَةٌ يَّسْتَجِيْبُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيْهَا الدُّعَاءَ اِلَّا لِسَاحِرٍ اَوْ عَشَّارٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

عثمان بن ابی العاص سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے حضرت داؤد علیہ السلام کے لئے رات کے وقت ایک گھڑی تھی اس میں اپنے اہل خانہ کو جگاتے کہتے اے آل داؤد کھڑے ہو پھر نماز پڑھو پس تحقیق یہ وقت ہے اس میں اللہ تعالیٰ دعا قبول کرتا ہے مگر جادوگر یا عشار کی۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے۔

۱۱۶۷/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ

ابوہریرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے

besturdubooks.wordpress.com

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ أَفْضَلُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْمَفْرُوْضَةِ صَلٰوةٌ فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے فرضوں کے بعد افضل نماز درمیان رات کی نماز ہے۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے۔

۱۱۶۸/۱۸ وَعَنْهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ فُلَانًا يُصَلِّيْ بِاللَّيْلِ فَإِذَا أَصْبَحَ سَرَقَ فَقَالَ إِنَّهُ سَتَنْهَاهُ مَا تَقُوْلُ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ۔

اسی (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا فلاں شخص رات کو نماز پڑھتا ہے جب صبح ہوتی ہے چوری کرتا ہے آپ نے فرمایا جلد ہی اس کی نماز اس کو باز رکھے گی جس سے تو کہتا ہے۔ روایت کیا اس کو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں

۱۱۶۹/۱۹ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ وَّأَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَيْقَظَ الرَّجُلُ أَهْلَهُ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلَّيَا أَوْ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ جَمِيْعًا كُتِبَا فِي الذَّاكِرِيْنَ وَالذَّاكِرَاتِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوسعید رضی اللہ عنہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے دونوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت آدمی رات کے وقت اپنی بیوی کو جگائے وہ دونوں نماز پڑھیں یا فرمایا نماز پڑھی ہر ایک نے دو دو رکعتیں اکٹھی وہ دونوں ذکر کرنے والے مرد اور ذکر کرنے والی عورتوں میں لکھے جاتے ہیں روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے۔

۱۱۷۰/۲۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشْرَافُ أُمَّتِيْ حَمَلَةُ الْقُرْآنِ وَأَصْحَابُ اللَّيْلِ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت کے اشراف قرآن کے اٹھانے والے ہیں۔ اور صاحب رات کے ہیں روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۱۱۷۱/۲۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ أَبَاهُ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ كَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ مَا شَاءَ اللّٰهُ حَتّٰى إِذَا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ أَيْقَظَ أَهْلَهُ لِلصَّلٰوةِ يَقُوْلُ لَهُمُ الصَّلٰوةَ ثُمَّ يَتْلُوْ هٰذِهِ الْآيَةَ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اس کا باپ عمر بن خطاب رات کو جس قدر چاہتا نماز پڑھتا جب پچھلی رات ہوتی تو اپنے اہل کو نماز کے لئے بیدار کرتا۔ اُن کو کہتا کہ نماز پڑھو پھر یہ آیت پڑھتا اور حکم کر اپنے اہل کو نماز کے ساتھ اور صبر کر اُس پر ہم تجھ سے رزق نہیں مانگتے ہم تم کو رزق دیتے ہیں اور آخرت پرہیزگاروں کے لئے ہے (روایت کیا ہے اس کو مالک رحمہ اللہ نے)

✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ الْقَصْدِ فِي الْعَمَلِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۱۷۲/۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفْطِرُ مِنَ الشَّهْرِ حَتّٰى نَظُنَّ اَنْ لَّا يَصُوْمَ مِنْهُ شَيْئًا وَّ يَصُوْمُ حَتّٰى نَظُنَّ اَنْ لَّا يُفْطِرَ مِنْهُ شَيْئًا وَّكَانَ لَا تَشَاءُ اَنْ تَرَاهُ مِنَ اللَّيْلِ مُصَلِّيًا اِلَّا رَاَيْتَهٗ وَلَا نَائِمًا اِلَّا رَاَيْتَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

۱۱۷۳/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ اَدْوَمُهَا وَاِنْ قَلَّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۱۷۴/۳ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوْا مِنَ الْاَعْمَالِ مَا تُطِيْقُوْنَ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَمَلُّ حَتّٰى تَمَلُّوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۱۷۵/۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصَلِّ اَحَدُكُمْ نَشَاطَهٗ وَاِذَا فَتَرَ فَلْيَقْعُدْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۱۷۶/۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَعَسَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَلْيَرْقُدْ حَتّٰى

# عمل میں میانہ روی کا بیان

## پہلی فصل

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مہینہ سے افطار کرتے یہاں تک کہ ہم خیال کرتے کہ اب اس سے روزہ نہ رکھیں گے اور روزے رکھتے یہاں تک کہ ہم خیال کرتے کہ افطار نہ کریں گے اس میں سے کچھ اور تھے تو نہ چاہتا کہ دیکھے اُن کو نماز پڑھتے مگر رات کو دیکھ لے تو انکو اور نہ چاہے تو کہ دیکھے ان کو سوئے ہوئے مگر دیکھے تو اُن کو (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کیطرف عملوں میں سے بہت محبوب وہ ہے جس پر ہمیشگی کی جائے اگرچہ کم ہو۔ بخاری اور مسلم کی روایت ہے۔

اسی (حضرت عائشہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عملوں میں سے اُسی قدر لو جس کی تم کو طاقت ہو اس لئے کہ اللہ تعالیٰ تنگ نہیں ہوتا یہاں تک کہ تم تنگ ہو۔ (متفق علیہ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک تمہارا خوشی تک نماز پڑھے اور جس وقت سُست ہو بیٹھ جائے۔ بخاری اور مسلم کی روایت ہے۔

* * * * *

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم میں سے ایک اونگھے اور وہ نماز پڑھ رہا ہے پس چاہیئے کہ سو جائے

besturdubooks.wordpress.com

يَذْهَبَ عَنْهُ النَّوْمُ فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا صَلَّى وَهُوَ نَاعِسٌ لَا يَدْرِي لَعَلَّهُ يَسْتَغْفِرُ فَيَسُبُّ نَفْسَهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

یہاں تک کہ اس سے نیند جاتی رہے اس لئے کہ ایک تمہارا جس وقت نماز پڑھتا ہے اور وہ اونگھ رہا ہے نہیں جانتا کیا کہتا ہے شاید کہ وہ استغفار کرتا ہو پس اپنے نفس پر بددعا کرے (بخاری اور مسلم کی روایت ہے)

۱۱۷۷/۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الدِّينَ يُسْرٌ وَلَنْ يُشَادَّ الدِّينَ أَحَدٌ إِلَّا غَلَبَهُ فَسَدِّدُوا وَقَارِبُوا وَأَبْشِرُوا وَاسْتَعِينُوا بِالْغَدْوَةِ وَالرَّوْحَةِ وَشَيْءٍ مِنَ الدُّلْجَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق دین آسان ہے اور دین میں کوئی سختی نہیں کرتا مگر دین اس پر غالب آجاتا ہے پس میانہ روی کرو اور طاقت کے قریب عمل کرو اور خوش ہو اور مدد چاہو صبح کے وقت اور شام کے وقت سے اور کچھ اخیر رات کے وقت سے روایت کیا ہے اس کو بخاری نے

۱۱۷۸/۷ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَامَ عَنْ حِزْبِهِ أَوْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ فَقَرَأَهُ فِيمَا بَيْنَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَصَلٰوةِ الظُّهْرِ كُتِبَ لَهُ كَأَنَّمَا قَرَأَهُ مِنَ اللَّيْلِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے وظیفہ سے سو جائے یا اس کے کچھ حصہ سے اس کو نماز فجر اور نماز ظہر کے درمیان پڑھ لے اس کو ثواب لکھا جاتا ہے گویا کہ اس نے رات کو پڑھا ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

۱۱۷۹/۸ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلِّ قَائِمًا فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَقَاعِدًا فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَعَلٰى جَنْبٍ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

عمران بن حصین رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کھڑے ہو کر نماز پڑھو اگر نہ ہو سکے بیٹھ کر نماز پڑھو اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے پس کروٹ پر نماز پڑھو (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

۱۱۸۰/۹ وَعَنْهُ أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَلٰوةِ الرَّجُلِ قَاعِدًا قَالَ إِنْ صَلّٰى قَائِمًا فَهُوَ أَفْضَلُ وَمَنْ صَلّٰى قَاعِدًا فَلَهُ نِصْفُ أَجْرِ الْقَائِمِ وَمَنْ صَلّٰى نَائِمًا فَلَهُ نِصْفُ أَجْرِ

اسی (عمران بن حصین) سے روایت ہے اس نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے آدمی کے بیٹھ کر نماز پڑھنے کے متعلق سوال کیا آپ نے فرمایا اگر کھڑے ہو کر نماز پڑھے افضل ہے اور جس نے بیٹھ کر نماز پڑھی اس کو کھڑے ہو کر نماز پڑھنے والے سے آدھا ثواب ہوگا اور جس نے لیٹ کر

besturdubooks.wordpress.com



الْقَاعِدِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

نماز پڑھی اس کو بیٹھے ہوئے کا آدھا ثواب ہے۔ (بخاری)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۱۱۸۱/۱۲ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ طَاهِرًا وَّذَكَرَ اللّٰهَ حَتّٰى يُدْرِكَهُ النُّعَاسُ لَمْ يَنْقَلِبْ سَاعَةً مِّنَ اللَّيْلِ يَسْاَلُ اللّٰهَ فِيْهَا خَيْرًا مِّنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ۔ ذَكَرَهُ النَّوَوِيُّ فِيْ كِتَابِ الْاَذْكَارِ بِرِوَايَةِ ابْنِ السُّنِّيِّ)

ابو امامہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جو اپنے بستر کیطرف پاک حالت میں جگہ پکڑے اور اللہ تعالےٰ کو یاد کرے یہاں تک کہ نیند غلبہ کرے نہیں کروٹ لیتا رات کو کسی وقت کہ اللہ تعالیٰ سے اس میں دنیا اور آخرت کی بھلائی کا سوال کرے مگر وہ اس کو عطا کر دیتا ہے ذکر کیا ہے اس کو نووی نے کتاب الاذکار میں ابن سنی کی روایت سے

۱۱۸۲/۱۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجِبَ رَبُّنَا مِنْ رَّجُلَيْنِ رَجُلٌ ثَارَ عَنْ وِّطَائِهٖ وَلِحَافِهٖ مِنْ بَيْنِ حِبِّهٖ وَاَهْلِهٖ اِلٰى صَلٰوتِهٖ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ انْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِيْ ثَارَ عَنْ فِرَاشِهٖ وَوِطَائِهٖ مِنْ بَيْنِ حِبِّهٖ وَاَهْلِهٖ اِلٰى صَلٰوتِهٖ رَغْبَةً فِيْمَا عِنْدِيْ وَشَفَقًا مِّمَّا عِنْدِيْ وَرَجُلٌ غَزَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَانْهَزَمَ مَعَ اَصْحَابِهٖ فَعَلِمَ مَا عَلَيْهِ فِي الْاِنْهِزَامِ وَمَا لَهٗ فِي الرُّجُوْعِ فَرَجَعَ حَتّٰى هُرِيْقَ دَمُهٗ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ انْظُرُوْا اِلٰى عَبْدِيْ رَجَعَ رَغْبَةً فِيْمَا عِنْدِيْ وَشَفَقًا مِّمَّا عِنْدِيْ حَتّٰى هُرِيْقَ دَمُهٗ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہمارا رب دو شخصوں سے تعجب کرتا ہے۔ ایک وہ شخص جو اپنے نرم بستر اور لحاف سے اپنے محبوب اور اہل کے درمیان سے نماز کیلئے اُٹھا اللہ تعالیٰ فرشتوں کو کہتا ہے۔ میرے بندے کیطرف دیکھو اپنے بستر اور لحاف سے اپنے محبوب اور اہل کے درمیان سے نماز کیلئے اُٹھا ہے رغبت کرتے ہوئے اس چیز کیطرف جو میرے پاس ہے اور ڈرتے ہوئے اس چیز سے جو میرے نزدیک ہے اور ایک وہ آدمی جس نے خدا کی راہ میں جہاد کیا اپنے ساتھیوں کے ساتھ شکست کھا کر بھاگ گیا۔ اُس نے جانا وہ گناہ جو بھاگنے میں ہے اور جانا اس ثواب کو جو اس کے واسطے ہے لوٹنے میں وہ واپس لوٹا یہاں تک کہ اس کا خون بہایا گیا اللہ تعالےٰ اپنے فرشتوں سے کہتا ہے میرے بندے کو دیکھو۔ وہ میرے پاس جو کچھ ہے اسمیں رغبت کرتے ہوئے اور جو میرے پاس سزا ہے اُس سے ڈرتا ہوا لوٹا ہے یہاں تک کہ اس کا خون بہایا گیا۔ روایت کیا اس کو شرح السنۃ میں

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۱۱۸۳/۱۲ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ حُدِّثْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلٰوةُ الرَّجُلِ قَاعِدًا نِصْفُ الصَّلٰوةِ قَالَ فَاَتَيْتُهٗ فَوَجَدْتُهٗ يُصَلِّيْ جَالِسًا فَوَضَعْتُ يَدِيْ عَلٰى رَاْسِهٖ فَقَالَ مَالَكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو قُلْتُ حُدِّثْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَّكَ قُلْتَ صَلٰوةُ الرَّجُلِ قَاعِدًا عَلٰى نِصْفِ الصَّلٰوةِ وَاَنْتَ تُصَلِّيْ قَاعِدًا قَالَ اَجَلْ وَلٰكِنِّيْ لَسْتُ كَاَحَدٍ مِّنْكُمْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۱۱۸۴/۱۳ وَعَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ قَالَ قَالَ رَجُلٌ مِّنْ خُزَاعَةَ لَيْتَنِيْ صَلَّيْتُ فَاسْتَرَحْتُ فَكَاَنَّهُمْ عَابُوْا ذٰلِكَ عَلَيْهِ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَقِمِ الصَّلٰوةَ يَا بِلَالُ اَرِحْنَا بِهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

## تیسری فصل

عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ مجھے حدیث بیان کی گئی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے آدمی کا بیٹھ کر نماز پڑھنا آدھی نماز ہے کہا میں آپ کے پاس آیا میں نے آپ کو پایا کہ بیٹھ کر نماز پڑھ رہے ہیں میں نے اپنا ہاتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک پر رکھا آپ نے فرمایا اے عبداللہ بن عمرو تجھے کیا ہوا ہے میں نے کہا کہ مجھے بیان کیا گیا ہے اے اللہ تعالیٰ کے رسول کہ آپ نے فرمایا ہے آدمی کا نماز بیٹھ کر پڑھنا آدھی نماز کے برابر ہے اور آپ بیٹھ کر نماز پڑھتے ہیں آپ نے فرمایا ہاں لیکن میں تم میں سے کسی ایک کی مانند نہیں ہوں (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

سالم بن ابی جعد سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ خزاعہ کے ایک آدمی نے کہا کاش کہ میں نماز پڑھوں اور آرام حاصل کروں لوگوں نے اس پر عیب پکڑا اس نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے اے بلال نماز کی تکبیر کہہ اے بلال اس کے ساتھ ہم کو راحت دے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

# بَابُ الْوِتْرِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۱۸۵/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ اللَّيْلِ مَثْنٰى مَثْنٰى فَاِذَا خَشِيَ اَحَدُكُمُ الصُّبْحَ

# وتر کا بیان

## پہلی فصل

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رات کی نماز دو دو رکعت ہے جب ایک تمہارا صبح کے نمودار ہونے سے ڈرے ایک رکعت

besturdubooks.wordpress.com

صَلّٰی رَکْعَۃً وَّاحِدَۃً تُوْتِرُ لَہٗ مَا قَدْ صَلّٰی۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

پڑھ لے اس کی پڑھی ہوئی نماز کو طاق بنا دے گی (روایت بخاری اور مسلم کی ہے)

۱۱۸۶ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْوِتْرُ رَکْعَۃٌ مِّنْ اٰخِرِ اللَّیْلِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابن عمرؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وتر ایک رکعت ہے آخر رات میں (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۱۸۷ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ مِنَ اللَّیْلِ ثَلٰثَ عَشْرَۃَ رَکْعَۃً یُّوْتِرُ مِنْ ذٰلِکَ بِخَمْسٍ لَّا یَجْلِسُ فِیْ شَیْءٍ اِلَّا فِیْ اٰخِرِھَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو تیرہ رکعت پڑھتے پانچ رکعت کے ساتھ وتر پڑھتے نہ بیٹھتے مگر اس کی آخری رکعت میں (روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے)

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

۱۱۸۸ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ ھِشَامٍ قَالَ انْطَلَقْتُ اِلٰی عَائِشَۃَ فَقُلْتُ یَا اُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْبِئِیْنِیْ عَنْ خُلُقِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَتْ اَلَسْتَ تَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ قُلْتُ بَلٰی قَالَتْ فَاِنَّ خُلُقَ نَبِیِّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ الْقُرْاٰنَ قُلْتُ یَا اُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْبِئِیْنِیْ عَنْ وِّتْرِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ کُنَّا نُعِدُّ لَہٗ سِوَاکَہٗ وَطَھُوْرَہٗ فَیَبْعَثُہُ اللّٰہُ مَا شَآءَ اَنْ یَّبْعَثَہٗ مِنَ اللَّیْلِ فَیَتَسَوَّکُ وَیَتَوَضَّأُ وَیُصَلِّیْ تِسْعَ رَکَعَاتٍ لَّا یَجْلِسُ فِیْھَا اِلَّا فِی الثَّامِنَۃِ فَیَذْکُرُ اللّٰہَ وَیَحْمَدُہٗ وَیَدْعُوْہُ ثُمَّ یَنْھَضُ وَلَا یُسَلِّمُ فَیُصَلِّی التَّاسِعَۃَ ثُمَّ یَقْعُدُ فَیَذْکُرُ اللّٰہَ وَیَحْمَدُہٗ وَیَدْعُوْہُ ثُمَّ یُسَلِّمُ تَسْلِیْمًا یُّسْمِعُنَا

سعد بن ہشام سے روایت ہے انہوں نے کہا میں حضرت عائشہؓ کے پاس گیا میں نے کہا مجھ کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلق کے متعلق خبر دو انہوں نے کہا کیا تو قرآن مجید نہیں پڑھتا میں نے کہا کیوں نہیں کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق قرآن تھا میں نے کہا اے ام المؤمنین مجھ کو رسول اللہ علیہ وسلم کے وتر کے متعلق خبر دو کہا ہم آپ کے لئے مسواک اور وضو کا پانی تیار رکھتے اٹھاتا اُن کو اللہ تعالیٰ جب چاہتا کہ اُن کو اٹھائے مسواک کرتے وضو کرتے اور نو رکعتیں پڑھتے آٹھویں رکعت میں بیٹھتے اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے اس کی تعریف کرتے اور اس سے دُعا مانگتے پھر کھڑے ہوتے اور سلام نہ پھیرتے نویں رکعت پڑھتے پھر بیٹھتے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے اس کی تعریف کرتے اس سے دعا مانگتے پھر سلام پھیرتے اور ہم کو سناتے پھر سلام کے بعد دو رکعت پڑھتے جبکہ وہ بیٹھے ہوتے یہ گیارہ رکعت ہیں اے میرے بیٹے جس وقت آپ بڑی عمر کے ہو گئے اور بدن بھاری ہو گیا

ثُمَّ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ مَا يُسَلِّمُ وَهُوَ قَاعِدٌ فَتِلْكَ إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً يَا بُنَيَّ فَلَمَّا أَسَنَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَخَذَ اللَّحْمُ أَوْتَرَ بِسَبْعٍ وَصَنَعَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ مِثْلَ صَنِيعِهِ فِي الْأُولَى فَتِلْكَ تِسْعٌ يَا بُنَيَّ وَكَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى صَلٰوةً أَحَبَّ أَنْ يُّدَاوِمَ عَلَيْهَا وَكَانَ إِذَا غَلَبَهُ نَوْمٌ أَوْ وَجَعٌ عَنْ قِيَامِ اللَّيْلِ صَلَّى مِنَ النَّهَارِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً وَلَا أَعْلَمُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ الْقُرْآنَ كُلَّهُ فِي لَيْلَةٍ وَّصَلّٰى لَيْلَةً إِلَى الصُّبْحِ وَلَا صَامَ شَهْرًا كَامِلًا غَيْرَ رَمَضَانَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سات رکعتیں وتر کی پڑھتے اور دو رکعت اس طرح پڑھتے۔ جس طرح پہلے پڑھتے تھے پس یہ نو رکعت ہوئیں۔ اے میرے بیٹے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کوئی نماز پڑھتے۔ اس بات کو پسند رکھتے تھے کہ اس پر ہمیشگی کریں۔ اور جب نیند یا بیماری آپ پر غالب آجاتی رات کے وقت کھڑے ہونے سے دن کو بارہ رکعت پڑھتے اور میں نہیں جانتی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پورا قرآن شریف ایک رات میں ختم کیا ہو۔ اور نہ رات سے لے کر صبح تک کبھی نماز پڑھی ہو۔ اور نہ رمضان شریف کے علاوہ کبھی پورے مہینے کے روزے رکھے ہوں (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

✣ ✣ ✣ 

besturdubooks.wordpress.com

اَفْضَلُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۱۹۲/۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مِنْ كُلِّ اللَّيْلِ اَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ وَاَوْسَطِهٖ وَاٰخِرِهٖ وَانْتَهٰى وِتْرُهٗ اِلَى السَّحَرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کے ہر حصہ میں وتر پڑھے ہیں اوّل رات میں بھی۔ رات کے وسط میں بھی۔ رات کے آخر میں بھی۔ اور آخر عمر میں پچھلی رات وتر پڑھنا ٹھہرا۔ (متفق علیہ)

۱۱۹۳/۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَوْصَانِيْ خَلِيْلِيْ بِثَلَاثٍ صِيَامِ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ وَّرَكْعَتَيِ الضُّحٰى وَاَنْ اُوْتِرَ قَبْلَ اَنْ اَنَامَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا میرے دوست نے مجھ کو تین باتوں کی وصیت فرمائی۔ تین روزوں کی ہر مہینہ میں۔ تین دن روزہ رکھنے کی ضحیٰ کی دو رکعت کی اور یہ کہ سونے سے پہلے میں وتر پڑھوں۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۱۹۴/۱۰ عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ اَرَاَيْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْتَسِلُ مِنَ الْجَنَابَةِ فِيْ اَوَّلِ اللَّيْلِ اَمْ فِيْ اٰخِرِهٖ قَالَتْ رُبَّمَا اغْتَسَلَ فِيْ اَوَّلِ اللَّيْلِ وَرُبَّمَا اغْتَسَلَ فِيْ اٰخِرِهٖ قُلْتُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً قُلْتُ كَانَ يُوْتِرُ اَوَّلَ اللَّيْلِ اَمْ فِيْ اٰخِرِهٖ قَالَتْ رُبَّمَا اَوْتَرَ فِيْ اَوَّلِ اللَّيْلِ وَرُبَّمَا اَوْتَرَ فِيْ اٰخِرِهٖ قُلْتُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً قُلْتُ كَانَ يَجْهَرُ بِالْقِرَاءَةِ اَمْ يُخَافِتُ قَالَتْ رُبَّمَا جَهَرَ بِهٖ وَرُبَّمَا خَافَتَ قُلْتُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَى

غضیفؓ بن حارث سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ میں نے حضرت عائشہ رضؓ کو کہا۔ مجھ کو خبر دیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنابت کا غسل پہلی رات کر لیا کرتے تھے۔ یا آخر رات میں۔ انہوں نے کہا۔ کبھی پہلی رات غسل کر لیتے اور کبھی آخر رات میں غسل کر لیتے۔ میں نے کہا۔ اللہ اکبر۔ سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جس نے امر دین میں وسعت کر دی۔ میں نے کہا۔ آپ وتر اوّل شب وتر پڑھتے تھے۔ یا آخر شب میں۔ انہوں نے کہا۔ کبھی اول شب وتر پڑھتے تھے۔ اور کبھی آخر شب میں وتر پڑھتے تھے۔ میں نے کہا۔ اللہ اکبر۔ سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جس نے امر دین میں وسعت کر دی۔ میں نے کہا۔ آپ قرأت جہر کے ساتھ پڑھتے تھے۔ یا آہستہ۔ حضرت عائشہ رضؓ نے کہا۔ کبھی پکار کر پڑھتے اور کبھی آہستہ پڑھتے۔ میں نے کہا۔ اللہ اکبر سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جس نے امر دین میں وسعت کر دی۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔ اور

besturdubooks.wordpress.com

ابْنُ مَاجَةَ الْفَصْلَ الْأَخِيرَ)

۱۱۹۵/۱۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي قَيْسٍ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ بِكَمْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ قَالَتْ كَانَ يُوتِرُ بِأَرْبَعٍ وَثَلٰثٍ وَسِتٍّ وَثَلٰثٍ وَثَمَانٍ وَثَلٰثٍ وَعَشْرٍ وَثَلٰثٍ وَلَمْ يَكُنْ يُوتِرُ بِأَنْقَصَ مِنْ سَبْعٍ وَلَا بِأَكْثَرَ مِنْ ثَلٰثَ عَشْرَةَ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

روایت کیا ابن ماجہ نے آخری فقرہ

عبداللہ بن ابی قیس سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کتنی رکعت پڑھتے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا۔ آپ وتر پڑھتے چار رکعت کے ساتھ تین وتر اور چھ رکعت اور تین وتر اور آٹھ رکعت اور تین وتر اور دس رکعت اور تین وتر۔ آپ نے سات سے کم اور تیرہ سے زیادہ رکعت کے ساتھ کبھی وتر نہیں پڑھے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۱۹۶/۱۲ وَعَنْ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْوِتْرُ حَقٌّ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ فَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُوتِرَ بِخَمْسٍ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُوتِرَ بِثَلٰثٍ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُوتِرَ بِوَاحِدَةٍ فَلْيَفْعَلْ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ وتر ہر مسلمان پر حق ہے۔ جو پانچ رکعت وتر پڑھنا چاہئے۔ پس کرے۔ جو تین رکعت وتر پڑھنا چاہے۔ پس کرے۔ جو ایک رکعت وتر پڑھنا چاہے پس کرے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے بھی روایت کیا۔)

۱۱۹۷/۱۳ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ فَأَوْتِرُوا يَا أَهْلَ الْقُرْآنِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ وتر ہے۔ اور وتر کو دوست رکھتا ہے۔ اے اہل قرآن وتر پڑھو۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے ترمذی نے۔ اور نسائی نے۔

۱۱۹۸/۱۴ وَعَنْ خَارِجَةَ بْنِ حُذَافَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ أَمَدَّكُمْ بِصَلٰوةٍ هِيَ خَيْرٌ لَّكُمْ مِنْ حُمُرِ النَّعَمِ اَلْوِتْرُ جَعَلَهُ اللّٰهُ لَكُمْ فِيمَا بَيْنَ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ إِلٰى أَنْ يَّطْلُعَ الْفَجْرُ۔

خارجہ بن حذافہ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہم پر نکلے اور آپ نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ نے امداد کی ہے۔ تمہاری ایک نماز سے جو تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے وہ وتر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کا وقت عشاء کی نماز سے لے کر طلوع فجر تک مقرر کیا ہے

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ)

(روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے)

۱۱۹۹/۱۵ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّامَ عَنْ وِتْرِهٖ فَلْيُصَلِّ إِذَا أَصْبَحَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا)

زید بن اسلم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے وتر سے سو جائے پس چاہئے کہ وہ صبح کو پڑھ لے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے مرسل)

۱۲۰۰/۱۶ وَعَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ جُرَيْجٍ قَالَ سَأَلْنَا عَائِشَةَ بِأَيِّ شَيْءٍ كَانَ يُوْتِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ يَقْرَأُ فِي الْأُوْلٰى بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى وَفِي الثَّانِيَةِ بِقُلْ يَا أَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى وَرَوَاهُ أَحْمَدُ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَالدَّارِمِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّلَمْ يَذْكُرُوا الْمُعَوِّذَتَيْنِ۔)

عبدالعزیز بن جریج سے روایت ہے انہوں نے کہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہم نے پوچھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کن سورتوں کے ساتھ وتر پڑھا کرتے تھے انہوں نے کہا پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلیٰ اور دوسری میں قل یا ایھا الکفرون اور تیسری رکعت میں قل ھو اللہ احد اور معوذتین پڑھتے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور روایت کیا ہے ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو نسائی نے عبدالرحمان بن ابزی سے اور روایت کیا ہے اس کو احمد نے اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ سے اور دارمی نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اور معوذتین کا ذکر نہیں کیا)

۱۲۰۱/۱۷ وَعَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ أَقُوْلُهُنَّ فِيْ قُنُوْتِ الْوِتْرِ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا أَعْطَيْتَ وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَإِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ إِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو کلمات سکھلائے جن کو میں وتر کے قنوت میں کہوں اے اللہ! مجھ کو ہدایت دے ان لوگوں میں جن کو تو نے ہدایت دی اور عافیت میں رکھ مجھ کو ان لوگوں میں جن کو تو نے عافیت سے رکھا اور میرا دوست بن ان لوگوں میں جن کا تو دوست بنا اور برکت ڈال میرے لئے اس چیز میں جو تو نے مجھ کو دی اور بچا مجھ کو اس چیز کے شر سے جو مقدر کی تو نے بیشک تو حکم کرتا ہے اور حکم کیا نہیں جاتا تحقیق شان یہ ہے کہ نہیں ذلیل ہوا وہ شخص جس کو تو نے دوست رکھا بابرکت ہے تو اے رب ہمارے اور بلند ہے تو (روایت کیا ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، دارمی نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۲۰۲/۱۸ وَعَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَلَّمَ فِي الْوِتْرِ قَالَ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ يُطِيْلُ فِي الثَّالِثَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلنَّسَائِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى عَنْ أَبِيْهِ قَالَ كَانَ يَقُوْلُ إِذَا سَلَّمَ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ ثَلٰثًا وَيَرْفَعُ صَوْتَهٗ بِالثَّالِثَةِ

اُبی بن کعبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت وتر کا سلام پھیرتے آپ فرماتے سبحان الملک القدوس (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور اس نے زیادہ کیا کہ تین مرتبہ فرماتے اور بلند کرتے نسائی نے ایک روایت میں عبدالرحمٰن بن ابزی سے روایت کیا ہے اس نے اپنے باپ سے روایت کیا ہے کہ جس وقت آپ وتر کا سلام پھیرتے تین مرتبہ سبحان الملک القدوس کہتے اور تیسری بار آواز بلند کرتے)

۱۲۰۳/۹ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ آخِرِ وِتْرِهٖ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا أُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علیؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وتر کے آخر میں فرمایا کرتے تھے کہ اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تیری رضا کے ساتھ تیرے غضب سے اور تیری عافیت کے ساتھ تیرے عذاب سے اور پناہ مانگتا ہوں تیری ذات کے ساتھ تیری پکڑ سے تیری تعریف میں گن نہیں سکتا تو ویسا ہی ہے جس طرح تو نے اپنی تعریف کی (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور روایت کیا نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۲۰۴/۲۰ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قِيْلَ لَهٗ هَلْ لَكَ فِيْ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ مُعَاوِيَةَ مَا أَوْتَرَ إِلَّا بِوَاحِدَةٍ قَالَ أَصَابَ إِنَّهٗ فَقِيْهٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ أَوْتَرَ مُعَاوِيَةُ بَعْدَ الْعِشَاءِ بِرَكْعَةٍ وَعِنْدَهٗ مَوْلًى لِابْنِ عَبَّاسٍ فَأَتَى ابْنَ عَبَّاسٍ فَأَخْبَرَهٗ فَقَالَ دَعْهُ فَإِنَّهٗ قَدْ صَحِبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابن عباسؓ سے روایت ہے اُسے کہا گیا کیا تجھ کو امیر المؤمنین معاویہؓ میں (رغبت) ہے کہ وہ ہمیشہ ایک ہی وتر پڑھتا ہے ابن عباسؓ نے کہا اس نے درست کام کیا وہ فقیہ ہے ایک روایت میں ہے ابن ابی ملیکہ نے کہا کہ ایک مرتبہ حضرت معاویہؓ نے عشاء کے بعد ایک وتر پڑھا اُن کے پاس ابن عباسؓ کا مولیٰ تھا اُس نے آکر ابن عباسؓ کو اس بات کی خبر دی ابن عباسؓ نے کہا چھوڑ دے تو اُن کو کیونکہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

(رواہ البخاری)

۱۲۰۵/۲۱ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلْوِتْرُ حَقٌّ فَمَنْ لَّمْ يُوْتِرْ فَلَيْسَ مِنَّا اَلْوِتْرُ حَقٌّ فَمَنْ لَّمْ يُوْتِرْ فَلَيْسَ مِنَّا اَلْوِتْرُ حَقٌّ فَمَنْ لَّمْ يُوْتِرْ فَلَيْسَ مِنَّا۔

(رواہ ابوداؤد)

۱۲۰۶/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّامَ عَنِ الْوِتْرِ اَوْ نَسِيَهٗ فَلْيُصَلِّ اِذَا ذَكَرَهٗ اَوْ اِذَا اسْتَيْقَظَ۔

(رواہ الترمذی وابوداؤد وابن ماجۃ)

۱۲۰۷/۲۳ وَعَنْ مَّالِكٍ بَلَغَهٗ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الْوِتْرِ اَوَاجِبٌ هُوَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ قَدْ اَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَوْتَرَ الْمُسْلِمُوْنَ فَجَعَلَ الرَّجُلُ يُرَدِّدُ عَلَيْهِ وَعَبْدُ اللّٰهِ يَقُوْلُ اَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَوْتَرَ الْمُسْلِمُوْنَ۔

(رواہ فی الموطا)

۱۲۰۸/۲۴ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْتِرُ بِثَلٰثٍ يَقْرَاُ فِيْهِنَّ بِتِسْعِ سُوَرٍ مِّنَ الْمُفَصَّلِ يَقْرَاُ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ بِثَلٰثِ سُوَرٍ اٰخِرُهُنَّ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ (رواہ الترمذی)

۱۲۰۹/۲۵ وَعَنْ نَّافِعٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ

(روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

بُریدہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے وتر حق ہے جو وتر نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ وتر حق ہے جو وتر نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ وتر حق ہے جو وتر نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

ابوسعید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص وتر سے سو رہے یا بھول جائے اس کو پڑھ لے جس وقت یاد آوے یا جس وقت وہ بیدار ہو (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

مالک سے روایت ہے اس کو خبر پہنچی ہے کہ ایک آدمی نے ابن عمر رضؓ سے پوچھا کیا وتر واجب ہے عبداللہ رضؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر پڑھا اور مسلمانوں نے وتر پڑھا وہ شخص تکرار کرنے لگا کہا عبداللہ رضؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر پڑھا اور مسلمانوں نے وتر پڑھا (روایت کیا ہے اس کو موطا میں)

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعت وتر پڑھتے ان میں مفصل کی نو سورتیں پڑھتے ہر رکعت میں تین سورتیں پڑھتے آخر ان کی قل ہو اللہ احد ہوتی (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

نافع رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں ابن عمر رضؓ

besturdubooks.wordpress.com

عُمَرَ بِمَكَّةَ وَالسَّمَاءُ مُغَيَّمَةٌ فَخَشِيَ الصُّبْحَ فَأَوْتَرَ بِوَاحِدَةٍ ثُمَّ انْكَشَفَ فَرَأَى أَنَّ عَلَيْهِ لَيْلًا فَشَفَعَ بِوَاحِدَةٍ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ فَلَمَّا خَشِيَ الصُّبْحَ أَوْتَرَ بِوَاحِدَةٍ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

کے ساتھ مکہ میں تھا آسمان ابر آلود تھا وہ صبح ہونے سے ڈرے ایک رکعت وتر پڑھ لیا پھر ابر کھل گیا پس دیکھا کہ ابھی رات ہے پس اس کو ایک رکعت کے ساتھ دوگانہ کیا پھر نماز پڑھی دو دو رکعت جس وقت صبح ہو جانے سے ڈرے ایک وتر پڑھا (روایت کیا ہے اس کو امام مالک نے)

۱۲۱۰/۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي جَالِسًا فَيَقْرَأُ وَهُوَ جَالِسٌ فَإِذَا بَقِيَ مِنْ قِرَاءَتِهِ قَدْرُ مَا يَكُونُ ثَلَاثِينَ أَوْ أَرْبَعِينَ آيَةً قَامَ وَقَرَأَ وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ رَكَعَ ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ يَفْعَلُ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے نماز بیٹھ کر پڑھتے تھے پڑھتے رہتے جبکہ وہ بیٹھے ہوتے جس وقت آپ کی قرأت سے تیس یا چالیس آیتیں رہ جاتیں کھڑے ہوتے اور پڑھتے جب کہ کھڑے ہوتے پھر رکوع کرتے پھر سجدہ کرتے پھر دوسری رکعت میں اسی طرح کرتے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۲۱۱/۲۷ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي بَعْدَ الْوِتْرِ رَكْعَتَيْنِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَزَادَ ابْنُ مَاجَةَ خَفِيفَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ۔

حضرت ام سلمہ رضہ سے روایت ہے بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کے بعد... دو رکعتیں پڑھتے تھے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے زیادہ کیا ابن ماجہ نے دو ہلکی رکعتیں پڑھتے اور بیٹھے ہوئے ہوتے)

۱۲۱۲/۲۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ بِوَاحِدَةٍ ثُمَّ يَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ يَقْرَأُ فِيهِمَا وَهُوَ جَالِسٌ فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ قَامَ فَرَكَعَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک وتر پڑھتے پھر بیٹھ کر دو رکعتیں پڑھتے اُن میں قرأت کرتے جس وقت رکوع کا ارادہ کرتے کھڑے ہوتے پس رکوع کرتے (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۱۲۱۳/۲۹ وَعَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ هٰذَا السَّهَرَ جُهْدٌ وَثِقْلٌ فَإِذَا أَوْتَرَ أَحَدُكُمْ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ فَإِنْ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ وَإِلَّا كَانَتَا لَهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

ثوبان رضہ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہا رات کی بیداری مشکل اور بھاری ہے جس وقت ایک تمہارا وتر پڑھ لے دو رکعتیں پڑھے اگر رات کو اُٹھ کھڑا ہو تو بہتر ہے ورنہ یہ دونوں رکعتیں اس کے لئے کافی ہوں گی (روایت کیا ترمذی اور دارمی نے)

besturdubooks.wordpress.com



۱۲۱۴/۳۰ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یُصَلِّیْهِمَا بَعْدَ الْوِتْرِ وَهُوَ جَالِسٌ یَقْرَأُ فِیْهِمَا اِذَا زُلْزِلَتْ وَقُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دو رکعتیں وتر کے بعد پڑھتے جب کہ آپ بیٹھے ہوئے ہوتے ان دونوں میں اذا زلزلت الارض اور قل یا ایہا الکفرون پڑھتے (روایت کیا احمد نے)

# بَابُ الْقُنُوْتِ

# قنوت کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۲۱۵/۱ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَّدْعُوَ عَلٰۤی اَحَدٍ اَوْ یَدْعُوَ لِاَحَدٍ قَنَتَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ فَرُبَّمَا قَالَ اِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ الْوَلِیْدَ بْنَ الْوَلِیْدِ وَسَلَمَةَ ابْنَ هِشَامٍ وَّعَیَّاشَ بْنَ اَبِیْ رَبِیْعَةَ اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْاَتَكَ عَلٰی مُضَرَ وَاجْعَلْهَا سِنِیْنَ كَسِنِیْ یُوْسُفَ یَجْهَرُ بِذٰلِكَ وَكَانَ یَقُوْلُ فِیْ بَعْضِ صَلٰوتِهٖ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ فُلَانًا وَّفُلَانًا لِاَحْیَآءٍ مِّنَ الْعَرَبِ حَتّٰۤی اَنْزَلَ اللّٰهُ لَیْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ۔ اَلْاٰیَةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت ارادہ کرتے یہ کہ کسی پر بددعا کریں یا کسی ایک کو دعا دیں تو قنوت کرتے رکوع کے بعد چنانچہ آپ کبھی سمع اللہ لمن حمدہ ربنا لک الحمد کے بعد فرماتے اے اللہ ولید بن ولید کو اور سلمہ بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیعہ کو نجات دے اے اللہ مضر پر اپنا سخت عذاب کر اور ان پر قحط ڈال جس طرح حضرت یوسف علیہ السلام کا قحط تھا یہ بلند آواز سے کہتے اور اسی طرح اپنی بعض نمازوں میں فرماتے اے اللہ فلاں پر لعنت کر اور فلاں پر لعنت کر عرب کے بعض قبائل مراد لیتے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی نہیں واسطے تیرے امر سے کچھ آخر آیت تک (بخاری اور مسلم کی روایت ہے)

۱۲۱۶/۲ وَعَنْ عَاصِمِ نِ الْاَحْوَلِ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْقُنُوْتِ فِی الصَّلٰوةِ كَانَ قَبْلَ الرُّكُوْعِ اَوْ بَعْدَهٗ قَالَ قَبْلَهٗ اِنَّمَا قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی

عاصم احول رحمہ اللہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے نماز میں قنوت کے متعلق پوچھا کہ وہ رکوع سے پہلے ہے یا بعد انہوں نے کہا پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک مہینہ تک رکوع کے بعد

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ شَهْرًا إِنَّهُ كَانَ بَعَثَ أُنَاسًا يُقَالُ لَهُمُ الْقُرَّاءُ سَبْعُوْنَ رَجُلًا فَأُصِيْبُوْا فَقَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ شَهْرًا يَدْعُوْا عَلَيْهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

قنوت پڑھی آپ نے چند لوگ بھیجے تھے اُن کو قراء کہا جاتا تھا وہ ستر آدمی تھے وہ شہید کر دیئے گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کے بعد اُن پر ایک مہینہ تک قنوت پڑھی ظالموں پر بد دُعا کرتے تھے (بخاری اور مسلم نے روایت کی)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۲۱۷/۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا مُتَتَابِعًا فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ وَصَلٰوةِ الصُّبْحِ إِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ مِنَ الرَّكْعَةِ الْآخِرَةِ يَدْعُوْا عَلٰى أَحْيَاءٍ مِّنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ عَلٰى رِعْلٍ وَّذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ وَيُؤَمِّنُ مَنْ خَلْفَهٗ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مہینہ بھر متواتر قنوت پڑھی ظہر عصر، مغرب، عشاء اور صبح کی نمازوں میں جس وقت سمع اللہ لمن حمدہ کہتے آخری رکعت سے بنو سلیم کے قبائل رعل اور ذکوان اور عصیہ پر بد دُعا کرتے اور جو لوگ آپ کے پیچھے ہوتے وہ آمین کہتے (روایت کیا ہے اس کو ابو داؤد نے)

۱۲۱۸/۴ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ شَهْرًا ثُمَّ تَرَكَهٗ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مہینہ بھر قنوت پڑھی پھر اُس کو چھوڑ دیا (روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور نسائی نے)

۱۲۱۹/۵ وَعَنْ أَبِيْ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ قُلْتُ لِأَبِيْ يَا أَبَتِ إِنَّكَ قَدْ صَلَّيْتَ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِيٍّ هٰهُنَا بِالْكُوْفَةِ نَحْوًا مِّنْ خَمْسِ سِنِيْنَ أَكَانُوْا يَقْنُتُوْنَ قَالَ أَيْ بُنَيَّ مُحْدَثٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابو مالک اشجعی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے اپنے باپ سے کہا اے میرے باپ آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمر رضؓ اور حضرت عثمان رضؓ کے پیچھے نماز پڑھی ہے اور حضرت علی رضؓ کے پیچھے بھی کوفہ میں تقریباً پانچ سال تک کیا وہ قنوت پڑھتے تھے کہا اے میرے بیٹے بدعت ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی

besturdubooks.wordpress.com

وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۱۳۲۰/۶ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ جَمَعَ النَّاسَ عَلٰى اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ فَكَانَ يُصَلِّيْ لَهُمْ عِشْرِيْنَ لَيْلَةً وَّلَا يَقْنُتُ بِهِمْ اِلَّا فِي النِّصْفِ الْبَاقِيْ فَاِذَا كَانَتِ الْعَشْرُ الْاَوَاخِرُ يَتَخَلَّفُ فَصَلّٰى فِيْ بَيْتِهٖ فَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ اَبَقَ اُبَيٌّ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَسُئِلَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنِ الْقُنُوْتِ فَقَالَ قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَبْلَ الرُّكُوْعِ وَبَعْدَهٗ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

(اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے) ❊ ❊ ❊ ❊

## تیسری فصل

حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن الخطاب نے لوگوں کو اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ پر جمع کر دیا اُبی رضی اللہ عنہ ان کو بیس راتیں نماز پڑھاتے اور نہ قنوت کرتے۔ مگر رمضان کے آخری نصف میں جب آخری دھاکہ ہوتا اُبی پیچھے رہتے اور تراویح اپنے گھر پڑھتے لوگ کہتے اُبی رضی اللہ عنہ بھاگ گئے روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے قنوت کے متعلق سوال کیا گیا انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کے بعد اور ایک روایت میں ہے کہ رکوع سے پہلے بھی قنوت پڑھی اور رکوع کے بعد بھی (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

# بَابُ قِيَامِ شَهْرِ رَمَضَانَ

# قیام رمضان کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۳۲۱/۱ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخَذَ حُجْرَةً مِّنْ حَصِيْرٍ فَصَلّٰى فِيْهَا لَيَالِيَ حَتّٰى اجْتَمَعَ عَلَيْهِ نَاسٌ ثُمَّ فَقَدُوْا صَوْتَهٗ لَيْلَةً وَّظَنُّوْا اَنَّهٗ قَدْ نَامَ فَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يَنْحَنِحُ لِيَخْرُجَ اِلَيْهِمْ فَقَالَ مَا زَالَ بِكُمُ الَّذِيْ رَاَيْتُ مِنْ صَنِيْعِكُمْ حَتّٰى خَشِيْتُ اَنْ يُّكْتَبَ عَلَيْكُمْ وَلَوْ كُتِبَ

## پہلی فصل

زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں بوریا کا ایک حجرہ بنایا کئی راتوں تک اس میں نماز پڑھی یہاں تک کہ بہت لوگ آپ پر جمع ہو گئے پھر ایک رات انہوں نے آپ کی آواز گم پائی انہوں نے خیال کیا کہ آپ سو گئے پھر شروع ہوا اُن کا بعض کھنکارتا تاکہ آپ اُن کی طرف نکلیں آپ نے فرمایا میں نے وہ چیز جو تمہارے ساتھ رہی ہے دیکھی ہے یہاں تک کہ میں ڈرا کہ تم پر فرض نہ کر دی جائے اور اگر تم

besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْكُمْ مَا قُمْتُمْ بِهٖ فَصَلُّوْا اَيُّهَا النَّاسُ فِيْ بُيُوْتِكُمْ فَاِنَّ اَفْضَلَ صَلٰوةِ الْمَرْءِ فِيْ بَيْتِهٖ اِلَّا الصَّلٰوةَ الْمَكْتُوْبَةَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پر فرض ہو جاتی تو تم اس کو پڑھ نہ سکتے اے لوگو اس کو اپنے گھروں میں پڑھو آدمی کی بہترین نماز اس کے گھر کی ہے سوائے فرض نمازوں کے (بخاری اور مسلم کی روایت ہے)

۱۲۲۲/۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرَغِّبُ فِيْ قِيَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّاْمُرَهُمْ فِيْهِ بِعَزِيْمَةٍ فَيَقُوْلُ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِهٖ فَتُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاَمْرُ عَلٰى ذٰلِكَ ثُمَّ كَانَ الْاَمْرُ عَلٰى ذٰلِكَ فِيْ خِلَافَةِ اَبِيْ بَكْرٍ وَّصَدْرًا مِّنْ خِلَافَةِ عُمَرَ عَلٰى ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قیام رمضان میں رغبت دلاتے تھے بغیر اس بات کے کہ ان کو تاکید کے ساتھ حکم کریں پس آپ فرماتے جو شخص رمضان کا قیام صحیح اعتقاد کے ساتھ اور ثواب کے لئے کرے اس کے پہلے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فوت کر دیئے گئے اور معاملہ اسی طرح پر تھا پھر حضرت ابوبکر رضؓ کی خلافت میں اور حضرت عمر فاروق رضؓ کی ابتداء خلافت میں معاملہ اسی طرح پر تھا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۲۲۳/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَضٰى اَحَدُكُمُ الصَّلٰوةَ فِيْ مَسْجِدِهٖ فَلْيَجْعَلْ لِّبَيْتِهٖ نَصِيْبًا مِّنْ صَلٰوتِهٖ فَاِنَّ اللّٰهَ جَاعِلٌ فِيْ بَيْتِهٖ مِنْ صَلٰوتِهٖ خَيْرًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا مسجد میں نماز پڑھے اپنی نماز سے کچھ حصہ گھر کے لئے رکھے اس کی نماز کے سبب اللہ تعالیٰ گھر میں بھلائی کر دے گا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۲۲۴/۴ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ صُمْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَقُمْ بِنَا شَيْئًا مِّنَ الشَّهْرِ حَتّٰى بَقِيَ سَبْعٌ فَقَامَ بِنَا حَتّٰى ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ فَلَمَّا كَانَتِ

ابوذر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ روزے رکھے آپ نے ہمارے ساتھ قیام نہ کیا مہینے سے کچھ بھی جس وقت سات راتیں باقی رہ گئیں آپ نے ہمارے ساتھ قیام کیا

besturdubooks.wordpress.com

السَّادِسَةُ لَمْ يَقُمْ بِنَا فَلَمَّا كَانَتِ الْخَامِسَةُ قَامَ بِنَا حَتّٰى ذَهَبَ شَطْرُ اللَّيْلِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ نَفَّلْتَنَا قِيَامَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فَقَالَ إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا صَلّٰى مَعَ الْإِمَامِ حَتّٰى يَنْصَرِفَ حُسِبَ لَهُ قِيَامُ لَيْلَةٍ فَلَمَّا كَانَتِ الرَّابِعَةُ لَمْ يَقُمْ بِنَا حَتّٰى بَقِيَ ثُلُثُ اللَّيْلِ فَلَمَّا كَانَتِ الثَّالِثَةُ جَمَعَ أَهْلَهُ وَنِسَاءَهُ وَالنَّاسَ فَقَامَ بِنَا حَتّٰى خَشِيْنَا أَنْ يَّفُوْتَنَا الْفَلَاحُ قُلْتُ وَمَا الْفَلَاحُ قَالَ السَّحُوْرُ ثُمَّ لَمْ يَقُمْ بِنَا بَقِيَّةَ الشَّهْرِ رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهٗ إِلَّا أَنَّ التِّرْمِذِيَّ لَمْ يَذْكُرْ ثُمَّ لَمْ يَقُمْ بِنَا بَقِيَّةَ الشَّهْرِ

یہاں تک کہ ایک تہائی رات چلی گئی جب چھ راتیں باقی رہ گئیں آپ نے ہمارے ساتھ قیام نہیں کیا جب پانچ راتیں باقی رہ گئیں آپ نے ہمارے ساتھ قیام کیا یہاں تک کہ آدھی رات چلی گئی میں نے کہا اے اللہ کے رسول کاش کہ آپ اس رات کا قیام زیادہ کرتے آپ نے فرمایا آدمی جس وقت امام کے ساتھ نماز پڑھتا ہے یہاں تک کہ فارغ ہوتا ہے اس کے لئے رات کا قیام گنا جاتا ہے جب چار راتیں باقی رہ گئیں آپ نے ہمارے ساتھ قیام نہ کیا یہاں تک کہ تہائی رات باقی رہ گئی جب تین راتیں باقی رہ گئیں آپ نے اپنے گھر والوں کو جمع کیا اور اپنی عورتوں کو اور لوگوں کو جمع کیا اور ہمارے ساتھ قیام کیا یہاں تک کہ ہم ڈرے کہ ہم سے فلاح فوت ہو جائیگی میں نے کہا فلاح کیا ہے کہا سحری کا کھانا پھر مہینہ کے بقیہ دنوں میں قیام نہ کیا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد، ترمذی اور نسائی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے اسکی مانند مگر ترمذی نے ثم لم یقم بنا بقیۃ الشہر کا ذکر نہیں کیا)

۱۳۲۵ ۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَقَدْتُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هُوَ بِالْبَقِيْعِ فَقَالَ أَكُنْتِ تَخَافِيْنَ أَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْكِ وَرَسُوْلُهٗ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ ظَنَنْتُ أَنَّكَ أَتَيْتَ بَعْضَ نِسَائِكَ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَنْزِلُ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيَغْفِرُ لِأَكْثَرَ مِنْ عَدَدِ شَعْرِ غَنَمِ كَلْبٍ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَزَادَ رَزِيْنٌ مِمَّنِ اسْتَحَقَّ النَّارَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَعْنِي الْبُخَارِيَّ يُضَعِّفُ هٰذَا الْحَدِيْثَ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک رات میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گم پایا وہ ناگہاں بقیع میں تھے پس آپ نے فرمایا کیا تو ڈرتی تھی کہ تجھ پر اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ظلم کرے گا میں نے کہا اے اللہ کے رسول میں نے خیال کیا تھا کہ آپ اپنی کسی بیوی کے پاس چلے گئے ہیں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نصف شعبان کی رات کو آسمان سے دنیا کیطرف اترتا ہے اور بنی کلب کے ریوڑ کی بکریوں کے بالوں سے زیادہ تعداد میں لوگوں کو بخشتا ہے۔

(روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے رزین نے زیادہ کیا کہ وہ لوگ جو آگ کے مستحق ہو چکے تھے ترمذی نے کہا میں نے محمد یعنی بخاری رح سے سنا وہ اس حدیث کو ضعیف کہتے تھے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۲۲۶/۶ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الْمَرْءِ فِيْ بَيْتِهٖ اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوتِهٖ فِيْ مَسْجِدِيْ هٰذَا اِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

زیدؓ بن ثابت سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی کا گھر میں نماز پڑھنا میری اس مسجد میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے سوائے اس کے کہ فرض نماز ہو (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## دوسری فصل

۱۲۲۷/۷ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِيِّ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ لَيْلَةً اِلَى الْمَسْجِدِ فَاِذَا النَّاسُ اَوْزَاعٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ يُصَلِّي الرَّجُلُ لِنَفْسِهٖ وَ يُصَلِّي الرَّجُلُ فَيُصَلِّيْ بِصَلٰوتِهِ الرَّهْطُ فَقَالَ عُمَرُ اِنِّيْ لَوْ جَمَعْتُ هٰؤُلَاءِ عَلٰى قَارِئٍ وَّاحِدٍ لَكَانَ اَمْثَلَ ثُمَّ عَزَمَ فَجَمَعَهُمْ عَلٰى اُبَيِّ ابْنِ كَعْبٍ قَالَ ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهٗ لَيْلَةً اُخْرٰى وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ بِصَلٰوةِ قَارِئِهِمْ قَالَ عُمَرُ نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ وَالَّتِيْ تَنَامُوْنَ عَنْهَا اَفْضَلُ مِنَ الَّتِيْ تَقُوْمُوْنَ يُرِيْدُ اٰخِرَ اللَّيْلِ وَكَانَ النَّاسُ يَقُوْمُوْنَ اَوَّلَهٗ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

عبدالرحمٰنؒ بن عبدالقاری سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک رات میں حضرت عمر بن الخطاب کے ساتھ مسجد کی طرف نکلا پس ناگہاں لوگ متفرق تھے ایک آدمی اکیلا نماز پڑھتا تھا ایک آدمی نماز پڑھتا تھا اور اس کے ساتھ ایک قوم نماز پڑھتی تھی حضرت عمرؓ نے فرمایا اگر میں ان سب کو ایک قاری پر جمع کردوں تو بہتر ہوگا پھر اس کا پختہ ارادہ کیا اور اُبی بن کعبؓ پر اُن کو جمع کردیا عبدالرحمٰن نے کہا پھر ایک دوسری رات میں اس کے ساتھ نکلا لوگ اپنے امام کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے حضرت عمرؓ نے کہا کہ یہ اچھی بدعت ہے اور وہ نماز جس سے تم سو رہتے ہو اور غفلت کرتے ہو اُس نماز سے بہتر ہے کہ قیام کرتے ہو جس کا ارادہ کرتے تھے آخر رات کا اور لوگ اوّل رات قیام کرتے تھے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۲۲۸/۸ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ اَمَرَ عُمَرُ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ وَّتَمِيْمًا الدَّارِيَّ اَنْ يَّقُوْمَا لِلنَّاسِ فِيْ رَمَضَانَ بِاِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً وَّكَانَ الْقَارِئُ يَقْرَاُ بِالْمِئِيْنَ حَتّٰى كُنَّا نَعْتَمِدُ عَلَى الْعِصِيِّ

سائب بن یزیدؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا حضرت عمرؓ نے اُبی بن کعبؓ اور تمیم داریؓ کو حکم دیا کہ وہ لوگوں کو رمضان شریف میں گیارہ رکعت پڑھا دیں اور امام وہ سورتیں پڑھتا تھا جن میں ایک سو سے زیادہ آیتیں ہیں دراز قیام کرنے کی وجہ سے ہم اپنی لاٹھیوں پر سہارا لیتے

besturdubooks.wordpress.com

مِنْ طُوْلِ الْقِيَامِ فَمَا كُنَّا نَنْصَرِفُ إِلَّا فِي فُرُوْعِ الْفَجْرِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

ہم پھرتے نہ تھے مگر فجر کے قریب (روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

۱۲۲۹ وَعَنِ الْأَعْرَجِ قَالَ مَا أَدْرَكْنَا النَّاسَ إِلَّا وَهُمْ يَلْعَنُوْنَ الْكَفَرَةَ فِي رَمَضَانَ قَالَ وَكَانَ الْقَارِئُ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ فِي ثَمَانِي رَكَعَاتٍ فَإِذَا قَامَ بِهَا فِي ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً رَأَى النَّاسُ أَنَّهُ قَدْ خَفَّفَ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

اعرج رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نے لوگوں کو نہیں پایا مگر وہ رمضان شریف میں کفار پر لعنت کرتے تھے اور امام سورۂ بقرہ آٹھ رکعت میں پڑھتا اگر وہ بارہ رکعتوں میں پڑھتا لوگ معلوم کرتے کہ اُس نے ہلکی نماز پڑھی ہے (روایت کیا اس کو مالکؒ نے)

۱۲۳۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبِيًّا يَقُوْلُ كُنَّا نَنْصَرِفُ فِي رَمَضَانَ مِنَ الْقِيَامِ فَنَسْتَعْجِلُ الْخَدَمَ بِالطَّعَامِ مَخَافَةَ فَوْتِ السُّحُوْرِ وَفِي أُخْرَى مَخَافَةَ الْفَجْرِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

عبداللہؓ بن ابی بکر سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے اُبیؓ سے سُنا وہ کہتے تھے کہ ہم رمضان میں قیام سے پھرتے تو خادموں کو جلد کھانا لانے کے لئے کہتے کہیں سحری فوت نہ ہو جائے ایک روایت میں ہے کہ فجر طلوع ہونے کے خوف سے (روایت کیا اس کو مالک نے)

۱۲۳۱ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هَلْ تَدْرِيْنَ مَا فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ يَعْنِي لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ قَالَتْ مَا فِيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ فِيْهَا أَنْ يُّكْتَبَ كُلُّ مَوْلُوْدٍ مِّنْ بَنِيْ آدَمَ فِي هٰذِهِ السَّنَةِ وَفِيْهَا أَنْ يُّكْتَبَ كُلُّ هَالِكٍ مِّنْ بَنِيْ آدَمَ فِي هٰذِهِ السَّنَةِ وَفِيْهَا تُرْفَعُ أَعْمَالُهُمْ وَفِيْهَا تُنْزَلُ أَرْزَاقُهُمْ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا مِنْ أَحَدٍ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا بِرَحْمَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَقَالَ مَا مِنْ أَحَدٍ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا بِرَحْمَةِ اللّٰهِ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو جانتی ہے اس رات کیا واقع ہوتا ہے یعنی نصف شعبان کی رات اس نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ اُس میں کیا ہوتا ہے آپؐ نے فرمایا اس رات میں سال میں پیدا ہونے والا ہر بچہ لکھا جاتا ہے اولادِ آدم سے اور اس سال بنی آدم میں فوت ہونے والا لکھ دیا جاتا ہے اس رات اُن کے اعمال بلند کئے جاتے ہیں اور اس رات لوگوں کے رزق اُترتے ہیں حضرت عائشہ رضؓ نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ ہر شخص اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ہی جنت میں داخل ہوگا آپؐ نے فرمایا ہاں کوئی نہیں جو جنت میں داخل ہو مگر اللہ تعالیٰ کی رحمت کے ساتھ تین مرتبہ فرمایا میں نے کہا اور آپ بھی نہیں اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ

besturdubooks.wordpress.com

تَعَالٰی ثَلٰثًا قُلْتُ وَلَآ اَنْتَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَوَضَعَ یَدَہٗ عَلٰی هَامَتِہٖ فَقَالَ وَلَآ اَنَا اِلَّآ اَنْ یَّتَغَمَّدَنِیَ اللّٰہُ مِنْہُ بِرَحْمَتِہٖ یَقُوْلُهَا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ۔

(رَوَاہُ الْبَیْهَقِیُّ فِی الدَّعَوَاتِ الْکَبِیْرِ)

۱۳۳۲/۱۲ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی لَیَطَّلِعُ فِیْ لَیْلَۃِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَیَغْفِرُ لِجَمِیْعِ خَلْقِہٖ اِلَّا لِمُشْرِکٍ اَوْ مُشَاحِنٍ۔ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَرَوَاہُ اَحْمَدُ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَفِیْ رِوَایَتِہٖ اِلَّا اثْنَیْنِ مُشَاحِنٍ وَّقَاتِلِ نَفْسٍ۔

۱۳۳۳/۱۳ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کَانَتْ لَیْلَۃُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَقُوْمُوْا لَیْلَهَا وَصُوْمُوْا یَوْمَهَا فَاِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَنْزِلُ فِیْهَا لِغُرُوْبِ الشَّمْسِ اِلَی السَّمَآءِ الدُّنْیَا فَیَقُوْلُ اَلَا مِنْ مُّسْتَغْفِرٍ فَاَغْفِرَ لَہٗ اَلَا مُسْتَرْزِقٍ فَاَرْزُقَہٗ اَلَا مُبْتَلًی فَاُعَافِیَہٗ اَلَا کَذَا اَلَا کَذَا حَتّٰی یَطْلُعَ الْفَجْرُ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

آپ نے اپنا ہاتھ اپنے سر پر رکھا۔ اور آپ نے فرمایا میں بھی نہیں جب تک اللہ تعالیٰ کی رحمت مجھ کو نہ ڈھانکے۔ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔ روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے دعوات الکبیر میں۔

* * * \

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ صَلٰوةِ الضُّحٰى

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۲۳۴/۱ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ بَيْتَهَا يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ فَاغْتَسَلَ وَصَلّٰى ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ فَلَمْ اَرَ صَلٰوةً قَطُّ اَخَفَّ مِنْهَا غَيْرَ اَنَّهٗ يُتِمُّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ وَقَالَتْ فِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى وَذٰلِكَ ضُحًى۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۲۳۵/۲ وَعَنْ مُعَاذَةَ قَالَتْ سَاَلْتُ عَائِشَةَ كَمْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ صَلٰوةَ الضُّحٰى قَالَتْ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ وَيَزِيْدُ مَا شَاءَ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۱۲۳۶/۳ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ عَلٰى كُلِّ سُلَامٰى مِنْ اَحَدِكُمْ صَدَقَةٌ فَكُلُّ تَسْبِيْحَةٍ صَدَقَةٌ وَّكُلُّ تَحْمِيْدَةٍ صَدَقَةٌ وَّكُلُّ تَهْلِيْلَةٍ صَدَقَةٌ وَّكُلُّ تَكْبِيْرَةٍ صَدَقَةٌ وَّاَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ صَدَقَةٌ وَّنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ وَّيُجْزِئُ مِنْ ذٰلِكَ رَكْعَتَانِ يَرْكَعُهُمَا مِنَ الضُّحٰى (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۱۲۳۷/۴ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّهٗ رَاٰى

# ضحیٰ کی نماز کا بیان

## فصل اول

ام ہانی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن اس کے گھر داخل ہوئے پس غسل کیا اور آٹھ رکعات نماز پڑھیں میں نے اس سے ہلکی آپ کی کوئی نماز نہیں دیکھی لیکن آپ رکوع اور سجود مکمل کرتے تھے ایک دوسری روایت میں ہے اور اُم ہانی رضؓ نے کہا اور یہ چاشت کی نماز تھی (بخاری اور مسلم نے روایت کی ہے)

معاذہ رضؓ سے روایت ہے میں نے حضرت عائشہ رضؓ سے پوچھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز کتنی رکعتیں پڑھتے تھے انہوں نے کہا چار رکعتیں اور جسقدر اللہ تعالےٰ چاہتا زیادہ پڑھتے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * *

ابوذر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صبح ہوتے ہی تم میں سے ہر ایک کی ہڈیوں پر صدقہ لازم ہوتا ہے پھر ہر تسبیح صدقہ ہے اور ہر تحمید صدقہ ہے ہر تہلیل صدقہ ہے اور ہر تکبیر صدقہ ہے نیکی کا حکم کرنا صدقہ ہے اور برائی سے روکنا صدقہ ہے اُن سب سے دو رکعتیں کفایت کر جاتی ہیں جن کو چاشت کے وقت پڑھ لے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

* * * * * * * * * *

* * * * * * * * * *

زید بن ارقم رضؓ سے روایت ہے اُس نے کچھ لوگوں

besturdubooks.wordpress.com

قَوْمًا يُصَلُّوْنَ مِنَ الضُّحٰى فَقَالَ لَقَدْ عَلِمُوْا اَنَّ الصَّلٰوةَ فِيْ غَيْرِ هٰذِهِ السَّاعَةِ اَفْضَلُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلٰوةُ الْاَوَّابِيْنَ حِيْنَ تَرْمَضُ الْفِصَالُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کو ضحیٰ کی نماز پڑھتے دیکھا انہوں نے کہا تحقیق یہ لوگ جانتے ہیں کہ اس وقت کے علاوہ نماز پڑھنا افضل ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اوابین کی نماز کا وقت ہے جس وقت اونٹ کے بچے کے پاؤں گرم ہوں (روایت کیا اس کو مسلم نے) ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۲۳۸/۵ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ وَاَبِيْ ذَرٍّ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنَّهٗ قَالَ يَا ابْنَ اٰدَمَ اُرْكُعْ لِيْ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ مِّنْ اَوَّلِ النَّهَارِ اَكْفِكَ اٰخِرَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ نُّعَيْمِ ابْنِ هَمَّارٍ الْغَطَفَانِيِّ وَاَحْمَدُ عَنْهُمْ)

ابو الدرداء رضی اللہ عنہ اور ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ان دونوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے اے آدم کے بیٹے خالص میرے لئے دن کے اول میں چار رکعتیں پڑھ لے میں اس دن کے آخر تک تجھ کو کفایت کروں گا (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور دارمی نے نعیم بن ہمار غطفانی سے اور احمد نے ان سب سے)

۱۲۳۹/۶ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِي الْاِنْسَانِ ثَلٰثُمِائَةٍ وَسِتُّوْنَ مَفْصِلًا فَعَلَيْهِ اَنْ يَّتَصَدَّقَ عَنْ كُلِّ مَفْصِلٍ مِّنْهُ بِصَدَقَةٍ قَالُوْا وَمَنْ يُّطِيْقُ ذٰلِكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَالَ النُّخَاعَةُ فِي الْمَسْجِدِ تَدْفِنُهَا وَالشَّيْءُ تُنَحِّيْهِ عَنِ الطَّرِيْقِ فَاِنْ لَّمْ تَجِدْ فَرَكْعَتَا الضُّحٰى تُجْزِئُكَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے ہر انسان کے تین سو ساٹھ بند ہیں اس پر لازم ہے ہر بند کی طرف سے صدقہ کرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کہا اس کی کون طاقت رکھ سکتا ہے اے اللہ تعالیٰ کے نبی آپ نے فرمایا مسجد میں تھوک پڑی ہو اس کو دفن کر دینا صدقہ ہے راستہ سے کسی چیز کا دور کر دینا صدقہ ہے اگر نہ پائے تو ضحیٰ کی دو رکعتیں تجھ کو کفایت کر دیں گی (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۲۴۰/۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى الضُّحٰى ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بَنَى اللّٰهُ لَهٗ قَصْرًا مِّنْ ذَهَبٍ فِي الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ضحیٰ کے وقت بارہ رکعت پڑھیں اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں سونے کا ایک محل بناتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ

وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَّا نَعْرِفُهٗ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ

نے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے ہم اس کو نہیں پہچانتے مگر اس وجہ سے)

۱۳۴۱ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَعَدَ فِيْ مُصَلَّاهُ حِيْنَ يَنْصَرِفُ مِنْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ حَتّٰى يُسَبِّحَ رَكْعَتَيِ الضُّحٰى لَا يَقُوْلُ إِلَّا خَيْرًا غُفِرَ لَهٗ خَطَايَاهُ وَإِنْ كَانَتْ أَكْثَرَ مِنْ زَبَدِ الْبَحْرِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

معاذ بن انس جہنی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنی نماز کی جگہ بیٹھا رہے جس وقت وہ صبح کی نماز سے پھرتا ہے یہاں تک کہ ضحیٰ کی دو رکعتیں پڑھے اور اس دوران نہ کہے مگر بھلائی کی بات اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ سے زیادہ ہوں (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۳۴۲ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَافَظَ عَلٰى شُفْعَةِ الضُّحٰى غُفِرَتْ لَهٗ ذُنُوْبُهٗ وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ضحیٰ کی دو رکعت پر محافظت کرتا ہے اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں (روایت کیا ہے اس کو احمد نے ترمذی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۳۴۳ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا كَانَتْ تُصَلِّي الضُّحٰى ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ ثُمَّ تَقُوْلُ لَوْ نُشِرَ لِيْ أَبَوَايَ مَا تَرَكْتُهُمَا (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے وہ ضحیٰ کی نماز آٹھ رکعتیں پڑھتیں اور فرماتیں اگر میرے ماں باپ زندہ کئے جاویں میں ان کو نہ چھوڑوں روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

۱۳۴۴ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحٰى حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يَدَعُهَا وَيَدَعُهَا حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يُصَلِّيْهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوسعید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضحیٰ کی نماز پڑھتے تھے یہاں تک کہ ہم کہتے اس کو چھوڑیں گے نہیں اور چھوڑتے اس کو یہاں تک کہ ہم کہتے اس کو پڑھیں گے نہیں (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۳۴۵ وَعَنْ مُوَرِّقٍ الْعِجْلِيِّ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ تُصَلِّي الضُّحٰى قَالَ لَا قُلْتُ فَعُمَرُ قَالَ لَا قُلْتُ فَأَبُوْ بَكْرٍ قَالَ لَا قُلْتُ

مورق سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے ابن عمر رضؓ سے کہا تو ضحیٰ کی نماز پڑھتا ہے انہوں نے کہا نہیں میں نے کہا عمر رضؓ پڑھتے تھے کہا نہیں میں نے کہا ابوبکر رضؓ پڑھتے

besturdubooks.wordpress.com

فَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا إِخَالُهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

تھے کہا۔ نہیں میں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کہا میرا خیال ہے کہ نہیں (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

# بَابُ التَّطَوُّعِ

# نوافل کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## فصل اوّل

۱۲۴۶ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبِلَالٍ عِنْدَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ يَا بِلَالُ حَدِّثْنِيْ بِاَرْجٰى عَمَلٍ عَمِلْتَهٗ فِي الْاِسْلَامِ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ دَفَّ نَعْلَيْكَ بَيْنَ يَدَيَّ فِي الْجَنَّةِ قَالَ مَا عَمِلْتُ عَمَلًا اَرْجٰى عِنْدِيْ اَنِّيْ لَمْ اَتَطَهَّرْ طُهُوْرًا فِيْ سَاعَةٍ مِّنْ لَّيْلٍ وَّلَا نَهَارٍ اِلَّا صَلَّيْتُ بِذٰلِكَ الطُّهُوْرِ مَا كُتِبَ لِيْ اَنْ اُصَلِّيَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضؓ کو فرمایا صبح کی نماز کے وقت۔ اے بلال رضؓ! مجھے اپنا ایسا عمل بتلا جس کی تو بہت اُمید رکھتا ہو جس کو تو نے اسلام لانے کے بعد کیا ہے تحقیق میں نے تیری جوتیوں کی آواز جنت میں اپنے آگے آگے سُنی ہے کہا میں نے کوئی عمل نہیں کیا جس کی مجھ کو زیادہ اُمید ہو کہ میں رات اور دن کبھی وضو نہیں کرتا مگر اُس وضو سے نماز پڑھتا ہوں جو میرے لئے مقدر کی گئی ہے کہ میں پڑھوں (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۱۲۴۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ يَقُوْلُ اِذَا هَمَّ اَحَدُكُمْ بِالْاَمْرِ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيْضَةِ ثُمَّ لِيَقُلْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو ہر کام کے لئے دعائے استخارہ سکھلاتے تھے جس طرح قرآن کی سورۃ سکھلاتے آپؐ فرماتے جس وقت تم میں کوئی کسی کام کا قصد کرے دو رکعتیں پڑھے سوائے فرض کے پھر کہے اے اللہ میں تجھ سے طلبِ خیر کرتا ہوں تیرے علم کے ساتھ اور قدرت طلب کرتا ہوں تیری قدرت کے واسطہ سے اور سوال کرتا ہوں تیرے بڑے فضل کا پس تحقیق تُو قادر ہے میں قادر نہیں تو جانتا ہے میں نہیں جانتا اور تُو غیبوں کا جاننے والا ہے اے اللہ اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے لئے بہتر ہے میرے دین میں میری دُنیا میں میری زندگانی میں اور میرے انجام کار میں یا فرمایا اس جہان

besturdubooks.wordpress.com

وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي أَوْ قَالَ فِي عَاجِلِ أَمْرِي وَآجِلِهِ فَاقْدُرْهُ لِي وَيَسِّرْهُ لِي ثُمَّ بَارِكْ لِي فِيهِ وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي أَوْ قَالَ فِي عَاجِلِ أَمْرِي وَآجِلِهِ فَاصْرِفْهُ عَنِّي وَاصْرِفْنِي عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ أَرْضِنِي بِهِ قَالَ وَيُسَمِّي حَاجَتَهُ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

میں اور اس جہان میں۔ پس مہیا کر اس کو میرے لئے اور اس کو میرے لئے آسان کر پھر میرے لئے اس میں برکت دے۔ اور اگر تو جانتا ہے یہ کام میرے لئے برا ہے میرے دین میں ) ۔ میری زندگانی میں اور میرے انجام کار میں یا فرمایا۔ اس جہان میں اور اس جہان۔ پس اس کو مجھ سے پھیر اور مجھ کو اس سے پھیر۔ اور مہیا فرما میرے لئے بھلائی جہاں ہو۔ پھر مجھ کو اس کے ساتھ راضی کر۔ راوی نے کہا۔ اور اپنی حاجت کا نام لے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۱۳۴۸/۳ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ رَجُلٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا ثُمَّ يَقُومُ فَيَتَطَهَّرُ ثُمَّ يُصَلِّي ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ إِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ ثُمَّ قَرَأَ وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوا لِذُنُوبِهِمْ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ إِلَّا أَنَّ ابْنَ مَاجَةَ لَمْ يَذْكُرِ الْآيَةَ۔

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ ابوبکر رضؓ صدیق نے مجھ کو حدیث بیان کی۔ اور (حضرت) ابوبکر رضؓ نے سچ کہا۔ کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے کوئی آدمی نہیں جو گناہ کا کوئی کام کرے پس وضو کرے پھر نماز پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرے مگر اللہ تعالیٰ بخش دیتا ہے پھر یہ آیت پڑھی اور وہ جب کوئی بے حیائی کا کام کرتے ہیں یا ظلم کرتے ہیں اپنی جانوں پر اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں پس اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرتے ہیں۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے۔ مگر ابن ماجہ نے آیت کا ذکر نہیں کیا۔

۱۳۴۹/۴ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا حَزَبَهُ أَمْرٌ صَلَّى۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حذیفہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی مصیبت پہنچتی تو نماز پڑھتے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۳۵۰/۵ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ أَصْبَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا بِلَالًا فَقَالَ بِمَا سَبَقْتَنِي إِلَى الْجَنَّةِ مَا دَخَلْتُ

بریدہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی اور (حضرت) بلال رضؓ کو بلایا اور آپ نے فرمایا کس چیز کی وجہ سے تو مجھ سے جنت کی طرف

besturdubooks.wordpress.com

الْجَنَّةَ قَطُّ إِلَّا سَمِعْتُ خَشْخَشَتَكَ أَمَامِي قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا أَذَّنْتُ قَطُّ إِلَّا صَلَّيْتُ رَكْعَتَيْنِ وَمَا أَصَابَنِي حَدَثٌ قَطُّ إِلَّا تَوَضَّأْتُ عِنْدَهُ وَرَأَيْتُ أَنَّ لِلّٰهِ عَلَيَّ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهِمَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

سبقت لے گیا ہے میں جنت میں داخل نہیں ہوا مگر تیری جوتیوں کی آواز اپنے آگے سنی ہے کہا اے اللہ کے رسول! میں نے کبھی اذان نہیں کہی مگر دو رکعت پڑھی ہیں اور میں کبھی بے وضو نہیں ہوا مگر وضو کر لیا ہے اور میں نے اختیار کیا ہے کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کی دو رکعتیں ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان دونوں کاموں کی وجہ سے تو جنت میں پہنچا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۲۵۱/۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ إِلَى اللّٰهِ أَوْ إِلَى أَحَدٍ مِنْ بَنِي آدَمَ فَلْيَتَوَضَّأْ فَلْيُحْسِنِ الْوُضُوءَ ثُمَّ لِيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ لِيُثْنِ عَلَى اللّٰهِ تَعَالَى وَلْيُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لِيَقُلْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ أَسْأَلُكَ مُوجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ لَا تَدَعْ لِي ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا إِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًى إِلَّا قَضَيْتَهَا يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ۔

عبداللہ بن ابی اوفی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو اللہ تعالیٰ کی طرف یا کسی انسان کی طرف کوئی کام ہو پس وہ وضو کرے پس اچھا وضو کرے پھر دو رکعت پڑھے پھر اللہ تعالیٰ کی تعریف کرے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر کہے نہیں کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ بردبار بخشش کرنے والا پاک ہے اللہ تعالیٰ پروردگار بڑے عرش کا سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جو پالنے والا ہے سب جہانوں کا سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری رحمت کا سبب بننے والے عملوں کا اور جس عمل سے تیری بخشش لازم ہو اور ہر نیکی سے فائدہ اور ہر گناہ سے سلامتی میرے لئے کوئی گناہ نہ چھوڑ مگر وہ مجھ کو معاف کر دے اور نہ کوئی فکر مگر اس کو کھول دے اور نہ چھوڑ کوئی حاجت جو تجھ کو پسند ہو مگر روا کر میرے لئے اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے۔

(روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

* * * * * * *

besturdubooks.wordpress.com

# صَلٰوۃُ التَّسْبِیْح

# صلوٰۃ التسبیح کا بیان

۱۲۵۲ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ یَا عَبَّاسُ یَا عَمَّاہُ اَلَا اُعْطِیْكَ اَلَا اَمْنَحُكَ اَلَا اُخْبِرُكَ اَلَا اَفْعَلُ بِكَ عَشْرَ خِصَالٍ اِذَا اَنْتَ فَعَلْتَ ذٰلِكَ غَفَرَ اللّٰہُ لَكَ ذَنْبَكَ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ قَدِیْمَہٗ وَحَدِیْثَہٗ خَطَاَہٗ وَعَمَدَہٗ صَغِیْرَہٗ وَكَبِیْرَہٗ سِرَّہٗ وَعَلَانِیَتَہٗ اَنْ تُصَلِّیَ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ تَقْرَاُ فِیْ كُلِّ رَكْعَۃٍ فَاتِحَۃَ الْكِتَابِ وَسُوْرَۃً فَاِذَا فَرَغْتَ مِنَ الْقِرَاءَۃِ فِیْ اَوَّلِ رَكْعَۃٍ وَّاَنْتَ قَائِمٌ قُلْتَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَكْبَرُ خَمْسَ عَشْرَۃَ مَرَّۃً ثُمَّ تَرْكَعُ فَتَقُوْلُہَا وَاَنْتَ رَاكِعٌ عَشْرًا ثُمَّ تَرْفَعُ رَاْسَكَ مِنَ الرُّكُوْعِ فَتَقُوْلُہَا عَشْرًا ثُمَّ تَہْوِیْ سَاجِدًا فَتَقُوْلُہَا وَاَنْتَ سَاجِدٌ عَشْرًا ثُمَّ تَرْفَعُ رَاْسَكَ مِنَ السُّجُوْدِ فَتَقُوْلُہَا عَشْرًا ثُمَّ تَسْجُدُ فَتَقُوْلُہَا عَشْرًا ثُمَّ تَرْفَعُ رَاْسَكَ فَتَقُوْلُہَا عَشْرًا فَذٰلِكَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ فِیْ كُلِّ رَكْعَۃٍ تَفْعَلُ ذٰلِكَ فِیْ اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ اِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تُصَلِّیَہَا فِیْ كُلِّ یَوْمٍ مَّرَّۃً فَافْعَلْ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَفِیْ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عباس بن عبدالمطلب کے لئے فرمایا اے عباس ؓ اے چچا کیا نہ دُوں میں تجھ کو کیا نہ دُوں میں تجھ کو کیا میں تجھ کو خبر نہ دُوں کیا نہ کروں میں تجھ کو دس خصلتوں کا مالک اگر تو کرلے گا اللہ تعالیٰ تیرے پہلے اور پچھلے پُرانے اور نئے غلطی سے کئے ہوئے اور جان بوجھ کر کئے ہوئے چھوٹے اور بڑے چھپے ہوئے اور ظاہر سب گناہ مُعاف کردے گا اور وُہ یہ ہے کہ تُو چار رکعت پڑھ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ اور کوئی اور سُورت پڑھ پہلی رکعت میں جس وقت تُو پڑھنے سے فارغ ہوجائے تو کھڑا ہو اور تو کہہ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر پندرہ مرتبہ پھر تو رکوع کر اور رکوع میں تو کہے انہیں کلمات کو دس مرتبہ پھر اپنا سر رکوع سے اٹھائے دس مرتبہ کہہ پھر سجدہ کے لئے جھکے تو دس مرتبہ کہہ پھر سجدہ سے سر اُٹھائے اور دس مرتبہ کہہ پھر سجدہ کرے دس مرتبہ کہہ پھر اپنا سر اُٹھائے اور دس مرتبہ کہہ پس یہ پچھتر مرتبہ ہے ہر رکعت میں اسی طرح چاروں رکعتوں میں کر اگر تجھ کو طاقت ہو تو ہر روز پڑھ اگر نہ پڑھ سکے ہر ہفتہ میں ایک بار پڑھ اگر نہ پڑھ سکے ہر مہینہ میں ایک بار اگر نہ پڑھ سکے ہر سال میں ایک بار پڑھ اگر نہ پڑھ سکے تو عمر میں ایک بار پڑھ

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے دعوات الکبیر میں

besturdubooks.wordpress.com

كُلِّ جُمُعَةٍ مَرَّةً فَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَفِي كُلِّ شَهْرٍ مَرَّةً فَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَفِي كُلِّ سَنَةٍ مَرَّةً فَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَفِي عُمُرِكَ مَرَّةً۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ۔ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ عَنْ أَبِي رَافِعٍ نَحْوَهٗ۔

اور روایت کیا ہے ترمذی نے ابو رافع سے اس کی مانند

۱۲۵۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ أَوَّلَ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنْ عَمَلِهٖ صَلٰوتُهٗ فَإِنْ صَلُحَتْ فَقَدْ أَفْلَحَ وَأَنْجَحَ وَإِنْ فَسَدَتْ فَقَدْ خَابَ وَخَسِرَ فَإِنِ انْتَقَصَ مِنْ فَرِيْضَتِهٖ شَيْءٌ قَالَ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى انْظُرُوْا هَلْ لِعَبْدِيْ مِنْ تَطَوُّعٍ فَيُكَمَّلُ بِهَا مَا انْتَقَصَ مِنَ الْفَرِيْضَةِ ثُمَّ يَكُوْنُ سَائِرُ عَمَلِهٖ عَلٰى ذٰلِكَ وَفِيْ رِوَايَةٍ ثُمَّ الزَّكٰوةُ مِثْلُ ذٰلِكَ ثُمَّ تُؤْخَذُ الْأَعْمَالُ عَلٰى حَسْبِ ذٰلِكَ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ عَنْ رَجُلٍ۔

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ فرماتے تھے قیامت کے دن بندے کا سب سے پہلے نماز کا حساب ہو گا اگر درست ہوئی پس کامیاب ہوا اور نجات پائی اگر فاسد ہوئی پس تحقیق ناکام ہوا اور زیان کار اگر اس کے فرضوں سے کوئی ناقص ہوئی اللہ تبارک وتعالیٰ فرمائے گا میرے بندے کے لئے دیکھو کیا اس کے نفل ہیں اس سے اس کے فرضوں کی کمی پوری کی جائے گی پھر اسی طرح اس کے عمل باقی ہوں گے ایک روایت میں ہے پھر اس کی مانند زکوٰۃ پھر تمام اعمال کا حساب اسی طرح ہو گا۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اس کو احمد نے ایک شخص سے)

۱۲۵۴ وَعَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَذِنَ اللّٰهُ لِعَبْدٍ فِيْ شَيْءٍ أَفْضَلَ مِنْ رَكْعَتَيْنِ يُصَلِّيْهِمَا وَإِنَّ الْبِرَّ لَيُذَرُّ عَلٰى رَأْسِ الْعَبْدِ مَا دَامَ فِيْ صَلٰوتِهٖ وَمَا تَقَرَّبَ الْعِبَادُ إِلَى اللّٰهِ بِمِثْلِ مَا خَرَجَ مِنْهُ يَعْنِي الْقُرْآنَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

ابوامامہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کسی بندے کے لئے نہیں سنتا جو بہتر ہو دو رکعتوں سے جن کو پڑھتا ہے اور نیکی بندے کے سر پر چھڑکی جاتی ہے جب تک وہ نماز میں ہوتا ہے اور کسی انسان نے نزدیکی حاصل نہیں کی اللہ تعالیٰ کی طرف مثل اس چیز کے جو اس سے نکلی ہے یعنے قرآن پاک (روایت کیا ہے اس کو احمد اور ترمذی نے)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ صَلٰوةِ السَّفَرِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۲۵۵/۱ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ بِالْمَدِيْنَةِ اَرْبَعًا وَّصَلَّى الْعَصْرَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۲۵۶/۲ وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ الْخُزَاعِيِّ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ اَكْثَرُ مَا كُنَّا قَطُّ وَاٰمَنَهٗ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۲۵۷/۳ وَعَنْ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ قُلْتُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِنَّمَا قَالَ اللّٰهُ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَقَدْ اَمِنَ النَّاسُ قَالَ عُمَرُ عَجِبْتُ مِمَّا عَجِبْتَ مِنْهُ فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ صَدَقَةٌ تَصَدَّقَ اللّٰهُ بِهَا عَلَيْكُمْ فَاقْبَلُوْا صَدَقَتَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۱۲۵۸/۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِلٰى مَكَّةَ فَكَانَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ حَتّٰى رَجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ قِيْلَ لَهٗ اَقَمْتُمْ بِمَكَّةَ شَيْئًا قَالَ اَقَمْنَا بِهَا

# سفر کی نماز کا بیان

## پہلی فصل

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں ظہر کی نماز چار رکعت پڑھی اور عصر کی ذوالحلیفہ میں دو رکعت پڑھی (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

حارثہ رضی اللہ عنہ بن وہب خزاعی سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو نماز پڑھائی جب کہ ہم بہت زیادہ اور بہت امن میں تھے منیٰ میں دو رکعت (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

یعلیٰ بن اُمیہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے عمر بن خطاب کے لئے کہا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اگر تم اس بات سے ڈرو کہ تم کو کافر لوگ فتنہ میں ڈال دیں گے نماز قصر کرو گے (تو تم پر کوئی گناہ نہیں) پس تحقیق اب لوگ امن میں ہو گئے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے بھی تعجب کیا تھا جس طرح تو نے تعجب کیا ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا آپ نے فرمایا احسان ہے جو اللہ تعالیٰ نے تم پر احسان کیا ہے اس کا احسان قبول کرو (روایت کیا اس کو مسلم نے)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ سے نکلے مکہ کی طرف جا رہے تھے آپ دو دو رکعتیں پڑھاتے تھے یہاں تک کہ ہم مدینہ واپس ہوئے انس کے لئے کہا گیا مکہ میں تم کس قدر ٹھہرے تھے کہا ہم مکہ میں دس دن ٹھہرے

besturdubooks.wordpress.com

عَشْرًا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تھے۔ (بخاری اور مسلم کی روایت ہے)

۱۲۵۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَافَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَفَرًا فَأَقَامَ تِسْعَةَ عَشَرَ يَوْمًا يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَنَحْنُ نُصَلِّي فِيمَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَكَّةَ تِسْعَةَ عَشَرَ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ فَإِذَا أَقَمْنَا أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ صَلَّيْنَا أَرْبَعًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں انیس دن ٹھہرے دو دو رکعتیں نماز پڑھتے تھے ابن عباس رضؓ نے کہا ہم اپنی منزل اور مکہ کے درمیان انیس دن دو دو رکعتیں پڑھتے ہیں اگر ہم اس سے زیادہ ٹھہریں تو چار رکعتیں پڑھیں گے۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

۱۲۶۰ وَعَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ قَالَ صَحِبْتُ ابْنَ عُمَرَ فِي طَرِيقِ مَكَّةَ فَصَلّٰى لَنَا الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَاءَ رَحْلَهُ وَجَلَسَ فَرَأَى نَاسًا قِيَامًا فَقَالَ مَا يَصْنَعُ هٰؤُلَاءِ قُلْتُ يُسَبِّحُونَ قَالَ لَوْ كُنْتُ مُسَبِّحًا أَتْمَمْتُ صَلٰوتِي صَحِبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ لَا يَزِيدُ فِي السَّفَرِ عَلٰى رَكْعَتَيْنِ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ كَذٰلِكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حفصؒ بن عاصم سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے ابن عمرؓ کے ساتھ مکہ کے راستے میں رفاقت کی ہم کو ظہر کی نماز دو رکعتیں پڑھائی اپنے ڈیرے میں آئے کچھ لوگوں کو دیکھا کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے ہیں کہا یہ لوگ کیا کرتے ہیں میں نے کہا نفل پڑھتے ہیں انہوں نے کہا اگر میں نے نفل پڑھتے تھے تو میں پوری نماز پڑھ لیتا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صحبت رکھی ہے آپ سفر میں دو رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے حضرت ابوبکرؓ حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ بھی اسی طرح کرتے تھے (بخاری اور مسلم کی روایت ہے)

۱۲۶۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ صَلٰوةِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ إِذَا كَانَ عَلٰى ظَهْرِ سَيْرٍ وَيَجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز کو اور عصر کی نماز کو جمع کر لیتے تھے جب سفر پر ہوتے اور مغرب کی نماز اور عشاء کی نماز کو جمع کر لیتے تھے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

* * * * * * * *

۱۲۶۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں اپنی سواری پر نماز پڑھتے تھے جس

besturdubooks.wordpress.com

السَّفَرِ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهٖ يُوْمِيْ إِيْمَاءً صَلٰوةَ اللَّيْلِ إِلَّا الْفَرَائِضَ وَيُوْتِرُ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

طرف متوجہ ہوتی آپ کی سواری اشارہ کرتے اشارہ کرنا رات کی نماز سوائے فرض کے اور وتر بھی سواری پر پڑھتے تھے (روایت کیا ہے اس کو مسلم اور بخاری نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۲۶۳ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُلُّ ذٰلِكَ قَدْ فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَصَرَ الصَّلٰوةَ وَأَتَمَّ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کیا ہے قصر بھی کی ہے اور پوری نماز بھی پڑھی ہے (روایت کیا ہے اس کو شرح السنہ میں)

۱۲۶۴ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَشَهِدْتُّ مَعَهُ الْفَتْحَ فَأَقَامَ بِمَكَّةَ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ لَيْلَةً لَا يُصَلِّيْ إِلَّا رَكْعَتَيْنِ يَقُوْلُ يَا أَهْلَ الْبَلَدِ صَلُّوْا أَرْبَعًا فَإِنَّا سَفْرٌ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

عمرانؓ بن حصین سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں جہاد کیا ہے اور فتح مکہ کے دن آپ کے ساتھ حاضر تھا آپ مکہ میں اٹھارہ راتیں رہے نہیں پڑھتے تھے مگر دو رکعت آپ فرماتے اے شہر والو تم چار رکعت پوری کر لو ہم مسافر ہیں ❊ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۲۶۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ فِي السَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ فَصَلَّيْتُ مَعَهُ فِي الْحَضَرِ الظُّهْرَ أَرْبَعًا وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ وَصَلَّيْتُ مَعَهُ فِي السَّفَرِ الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ وَلَمْ يُصَلِّ بَعْدَهَا شَيْئًا وَالْمَغْرِبَ فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ سَوَاءً ثَلٰثَ رَكَعَاتٍ وَلَا يَنْقُصُ

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ظہر کی نماز دو رکعت پڑھی سفر میں اور اس کے بعد دو رکعتیں ایک روایت میں ہے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شہر اور سفر میں نماز پڑھی شہر میں آپ کے ساتھ ظہر کی چار رکعتیں پڑھیں اس کے بعد دو رکعتیں پڑھیں اور سفر میں آپ کے ساتھ ظہر کی دو رکعتیں اور اس کے بعد دو رکعتیں اور عصر کی دو رکعتیں اس کے بعد کچھ نہیں پڑھا اور مغرب کی نماز سفر اور شہر میں برابر تین رکعتیں شہر اور سفر میں کم نہیں کرتے تھے اور یہ دن کے وتر تھے اس کے بعد دو رکعتیں پڑھیں (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

besturdubooks.wordpress.com

فِي حَضَرٍ وَّلَا سَفَرٍ وَّهِيَ وِتْرُ النَّهَارِ وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

معاذ بن جبل رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تبوک کی جنگ میں تھے اگر کوچ کرنے سے پہلے سورج ڈھل جاتا تو ظہر اور عصر کی نماز کو جمع کر لیتے اگر کوچ کرتے سورج ڈھل جانے سے پہلے ظہر کی نماز کو مؤخر کرتے یہاں تک کہ عصر کے لئے اترتے اور مغرب کی نماز اس طرح کرتے اگر کوچ کرنے سے پہلے سورج غروب ہو جاتا مغرب اور عشاء کو جمع کر لیتے اور اگر سورج غروب ہونے سے پہلے کوچ کرتے مغرب کو مؤخر کرتے یہاں تک کہ عشاء کے لئے اترتے پھر دونوں نمازوں کو جمع کرتے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے)

۱۲۶۶ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ إِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ أَنْ يَّرْتَحِلَ جَمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَإِنِ ارْتَحَلَ قَبْلَ أَنْ تَزِيغَ الشَّمْسُ أَخَّرَ الظُّهْرَ حَتّٰى يَنْزِلَ لِلْعَصْرِ وَفِي الْمَغْرِبِ مِثْلَ ذٰلِكَ إِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ أَنْ يَّرْتَحِلَ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ وَإِنِ ارْتَحَلَ قَبْلَ أَنْ تَغِيبَ الشَّمْسُ أَخَّرَ الْمَغْرِبَ حَتّٰى يَنْزِلَ لِلْعِشَاءِ ثُمَّ يَجْمَعُ بَيْنَهُمَا۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

۱۲۶۷ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَافَرَ وَأَرَادَ أَنْ يَّتَطَوَّعَ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ بِنَاقَتِهِ فَكَبَّرَ ثُمَّ صَلّٰى حَيْثُ وَجَّهَهُ رِكَابُهُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت سفر کرتے اور ارادہ کرتے کہ نفل پڑھنا چاہتے اپنی اونٹنی کا منہ قبلہ کی طرف کرتے تکبیر کہتے پھر نماز پڑھتے جس طرف اس کا منہ ہوتا۔ روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے۔

۱۲۶۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَاجَةٍ فَجِئْتُ وَهُوَ يُصَلِّي عَلٰى رَاحِلَتِهِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ وَيَجْعَلُ السُّجُوْدَ أَخْفَضَ مِنَ الرُّكُوْعِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

جابر رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کام کے لئے بھیجا میں آپ کے پاس آیا آپ اپنی سواری پر نماز پڑھ رہے تھے اس کا رخ مشرق کی طرف تھا سجدہ رکوع سے پست تر کرتے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۲۶۹/۱۵ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًی رَكْعَتَيْنِ وَاَبُوْبَكْرٍ بَعْدَهٗ وَعُمَرُ بَعْدَ اَبِیْ بَكْرٍ وَّعُثْمَانُ صَدْرًا مِّنْ خِلَافَتِهٖ ثُمَّ اِنَّ عُثْمَانَ صَلّٰی بَعْدُ اَرْبَعًا فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا صَلّٰی مَعَ الْاِمَامِ صَلّٰی اَرْبَعًا وَّاِذَا صَلّٰی وَحْدَهٗ صَلّٰی رَكْعَتَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں دو رکعتیں پڑھیں آپ ﷺ کے بعد (حضرت) ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی اُن کے بعد اُن کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کی ابتدا میں پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بعد میں چار رکعتیں پڑھیں ابن عمر رضی اللہ عنہ جس وقت امام کے ساتھ نماز پڑھتے چار رکعتیں پڑھتے اور جب اکیلے پڑھتے دو رکعتیں پڑھتے (بخاری اور مسلم کی روایت ہے)

۱۲۷۰/۱۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فُرِضَتِ الصَّلٰوةُ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ هَاجَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفُرِضَتْ اَرْبَعًا وَّتُرِكَتْ صَلٰوةُ السَّفَرِ عَلَی الْفَرِيْضَةِ الْاُوْلٰی قَالَ الزُّهْرِیُّ قُلْتُ لِعُرْوَةَ مَا بَالُ عَائِشَةَ تُتِمُّ قَالَ تَاَوَّلَتْ كَمَا تَاَوَّلَ عُثْمَانُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا نماز دو رکعتیں فرض کی گئیں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کی تو چار رکعتیں فرض کی گئیں اور سفر میں پہلی صورت پر چھوڑ دی گئی زہری نے کہا میں نے عروہ کو کہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سفر میں پوری نماز کیوں پڑھتی تھیں انہوں نے کہا اس نے تاویل کر لی تھی جس طرح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے تاویل کر لی۔ (متفق علیہ)

۱۲۷۱/۱۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فَرَضَ اللّٰهُ الصَّلٰوةَ عَلٰی لِسَانِ نَبِيِّكُمْ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْحَضَرِ اَرْبَعًا وَّفِی السَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ وَفِی الْخَوْفِ رَكْعَةً۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر شہر میں نماز چار رکعت فرض کی اور سفر میں دو رکعت اور ڈر کی حالت میں ایک رکعت (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۲۷۲/۱۸ وَعَنْهُ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَا سَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ السَّفَرِ رَكْعَتَيْنِ وَهُمَا تَمَامٌ غَيْرُ قَصْرٍ وَالْوِتْرُ فِی السَّفَرِ سُنَّةٌ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

اور اسی (ابن عباس رضی اللہ عنہما) سے اور ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ان دونوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کی نماز دو رکعتیں مقرر کیں اور وہ پوری ہیں ناقص نہیں اور وتر سفر میں سنت ہیں (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۳۷۳/۱۹ وَعَنْ مَالِكٍ بَلَغَهٗ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يَقْصُرُ الصَّلٰوةَ فِيْ مِثْلِ مَا يَكُوْنُ بَيْنَ مَكَّةَ وَالطَّائِفِ وَفِيْ مِثْلِ مَا بَيْنَ مَكَّةَ وَعُسْفَانَ وَفِيْ مِثْلِ مَا بَيْنَ مَكَّةَ وَجُدَّةَ قَالَ مَالِكٌ وَّذٰلِكَ اَرْبَعَةُ بُرُدٍ۔ (رَوَاهُ فِي الْمُوَطَّا)

مالک رح سے روایت ہے۔ اس کو خبر پہنچی کہ ابن عباس رض نماز قصر کرتے تھے اس مسافت کے درمیان جو مکہ اور طائف کے درمیان ہے اور مانند اس مسافت کے درمیان جو مکہ اور عسفان کے درمیان ہے اور وہ مسافت جو مانند مکہ اور جدہ کے درمیان ہے۔ مالک نے کہا اور یہ مسافت چار برید ہے۔ روایت کیا ہے اس کو مؤطا میں۔

۱۳۷۴/۲۰ وَعَنِ الْبَرَآءِ قَالَ صَحِبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَفَرًا فَمَا رَاَيْتُهٗ تَرَكَ رَكْعَتَيْنِ اِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ الظُّهْرِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

براء رض سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اٹھارہ دن سفر میں رفاقت کی میں نے نہیں دیکھا کہ آپ نے ظہر سے پہلے جس وقت سورج ڈھل جائے دو رکعتیں پڑھنا چھوڑی ہوں (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ترمذی نے اور ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

۱۳۷۵/۲۱ وَعَنْ نَّافِعٍ قَالَ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يَرٰى ابْنَهٗ عُبَيْدَ اللّٰهِ يَتَنَفَّلُ فِي السَّفَرِ فَلَا يُنْكِرُ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

نافع رض سے روایت ہے انہوں نے کہا عبداللہ بن عمر رض اپنے بیٹے عبید اللہ کو سفر میں نفل پڑھتے ہوئے دیکھتے پس اس پر انکار نہ کرتے (روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

# بَابُ الْجُمُعَةِ

# جمعہ کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۳۷۶/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بَيْدَ اَنَّهُمْ اُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِنَا وَاُوْتِيْنَاهُ مِنْ بَعْدِهِمْ ثُمَّ هٰذَا يَوْمُهُمُ الَّذِيْ فُرِضَ عَلَيْهِمْ يَعْنِيْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَاخْتَلَفُوْا فِيْهِ فَهَدَانَا اللّٰهُ لَهٗ وَالنَّاسُ لَنَا فِيْهِ تَبَعٌ

ابوہریرہ رض سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم پیچھے آنے والے ہیں اور قیامت کے دن پہلے ہونے والے ہیں سوائے اس کے کہ وہ کتاب ہم سے پہلے دیئے گئے ہیں اور ہم ان کے بعد دیئے گئے ہیں پھر وہ دن ہے جو ان پر فرض کیا گیا تھا یعنی جمعہ کا دن انہوں نے اختلاف کیا اللہ تعالیٰ نے ہم کو اس کی ہدایت دی اور لوگ اس میں ہمارے تابع ہیں یہود نے اختیار کیا کل کو اور نصاریٰ نے کل کے بعد کو

besturdubooks.wordpress.com



الْيَهُوْدُ غَدًا وَّالنَّصَارٰى بَعْدَ غَدٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَ نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَنَحْنُ اَوَّلُ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ بَيْدَ اَنَّهُمْ وَذَكَرَ نَحْوَهٗ اِلٰى اٰخِرِهٖ وَفِيْ اُخْرٰى لَهٗ عَنْهُ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اٰخِرِ الْحَدِيْثِ نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ مِنْ اَهْلِ الدُّنْيَا وَالْاَوَّلُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الْمَقْضِيُّ لَهُمْ قَبْلَ الْخَلَآئِقِ۔

(متفق علیہ) اور مسلم کی ایک روایت میں ہے انہوں نے کہا کہ ہم پیچھے آنے والے ہیں اور قیامت کے دن پہلے ہوں گے اور ہم سب سے پہلے جنت میں جائیں گے سوائے اس کے نہیں کہ وُہ اور ذکر کیا اس کی مانند آخر تک اور مسلم کی ایک دوسری روایت میں ہے اسی ابُوہُریرہ رضؓ سے اور حذیفہ رضؓ سے کہا ان دونوں نے رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث کے آخر میں فرمایا ہم پیچھے آنے والے ہیں اہلِ دنیا میں سے پہلے ہونے والے ہیں قیامت کے دن سب مخلوق سے پہلے ان کا فیصلہ کیا جائے گا۔

۱۲۷۷/۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ يَوْمٍ طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيْهِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِيْهِ اُدْخِلَ الْجَنَّةَ وَفِيْهِ اُخْرِجَ مِنْهَا وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ اِلَّا فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابُوہُریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہترین دن جس میں سورج نکلا جمعہ کا دن ہے اس میں آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اس دن جنت میں داخل کئے گئے اور اسی دن جنت سے نکالے گئے اور قیامت نہیں قائم ہوگی مگر جمعہ کے دن (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۲۷۸/۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجُمُعَةِ لَسَاعَةً لَّا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُّسْلِمٌ يَّسْاَلُ اللّٰهَ فِيْهَا خَيْرًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ مُسْلِمٌ وَّقَالَ وَهِيَ سَاعَةٌ خَفِيْفَةٌ وَّفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا قَالَ اِنَّ فِي الْجُمُعَةِ لَسَاعَةً لَّا يُوَافِقُهَا مُسْلِمٌ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ يَسْاَلُ اللّٰهَ خَيْرًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ۔

اسی (ابوہریرہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق جمعہ میں ایک ایسی گھڑی ہے کوئی مسلمان بندہ اس کو نہیں پاتا کہ اللہ تعالےٰ سے اس میں بھلائی کا سوال کرے مگر اللہ تعالیٰ اس کو وُہ دے دیتا ہے (متفق علیہ) اور مسلم نے زیادہ کیا وہ گھڑی بہت کم ہے اُن دونوں کی ایک روایت میں ہے کہ جمعہ کے دن میں ایک گھڑی ہے کوئی مسلمان اس کو نہیں پاتا کھڑا نماز پڑھ رہا ہو اللہ تعالیٰ سے بھلائی کا سوال کرتا ہو مگر اللہ تعالےٰ وہ اس کو دے دیتا ہے۔

۱۲۷۹/۴ وَعَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِيْ مُوْسٰى

ابوبردہ بن ابی موسیٰ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فِیْ شَاْنِ سَاعَۃِ الْجُمُعَۃِ ھِیَ مَا بَیْنَ اَنْ یَّجْلِسَ الْاِمَامُ اِلٰی اَنْ تُقْضَی الصَّلٰوۃُ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

نے اپنے باپ سے سُنا وہ کہتے تھے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ فرماتے تھے جمعہ کی گھڑی کے متعلق وہ ہے درمیان اس کے کہ امام بیٹھے یہاں تک کہ نماز پڑھی جاوے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۱۲۸۰/۵ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ خَرَجْتُ اِلَی الطُّوْرِ فَلَقِیْتُ کَعْبَ الْاَحْبَارِ فَجَلَسْتُ مَعَہٗ فَحَدَّثَنِیْ عَنِ التَّوْرٰیۃِ وَحَدَّثْتُہٗ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَکَانَ فِیْمَا حَدَّثْتُہٗ اَنْ قُلْتُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْرُ یَوْمٍ طَلَعَتْ عَلَیْہِ الشَّمْسُ یَوْمُ الْجُمُعَۃِ فِیْہِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِیْہِ اُھْبِطَ وَفِیْہِ تِیْبَ عَلَیْہِ وَفِیْہِ مَاتَ وَفِیْہِ تَقُوْمُ السَّاعَۃُ مَا مِنْ دَآبَّۃٍ اِلَّا وَھِیَ مُصِیْخَۃٌ یَّوْمَ الْجُمُعَۃِ مِنْ حِیْنَ تُصْبِحُ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ شَفَقًا مِّنَ السَّاعَۃِ اِلَّا الْجِنَّ وَالْاِنْسَ وَفِیْہِ سَاعَۃٌ لَا یُصَادِفُھَا عَبْدٌ مُّسْلِمٌ وَھُوَ یُصَلِّیْ یَسْاَلُ اللّٰہَ شَیْئًا اِلَّا اَعْطَاہُ اِیَّاہُ قَالَ کَعْبٌ ذٰلِکَ فِیْ کُلِّ سَنَۃٍ یَوْمٌ فَقُلْتُ بَلْ فِیْ کُلِّ جُمُعَۃٍ فَقَرَاَ کَعْبٌ التَّوْرٰیۃَ فَقَالَ صَدَقَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ لَقِیْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ سَلَامٍ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں طور کی طرف نکلا وہاں میں کعب احبار سے ملا میں اُس کے پاس بیٹھا اس نے مجھ کو تورات سے بیان کیا اور میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بیان کیں ان احادیث میں سے جو میں نے اس کو بیان کیں ایک یہ بھی تھی کہ میں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہترین وہ دن جس میں سورج چڑھا جمعہ کا دن ہے اس میں آدم علیہ السلام پیدا کئے گئے اور اس میں اُتارے گئے اور اس دن اُن کی توبہ قبول کی گئی اور اس دن فوت ہوئے اور اسی دن قیامت قائم ہوگی اور کوئی جانور نہیں مگر جمعہ کے دن کان لگائے ہوئے ہے اس وقت سے کہ صبح کرتا ہے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو قیامت سے ڈرتے ہوئے مگر جن اور آدمی اور اس میں ایک گھڑی ہے اس کو کوئی مسلمان بندہ نہیں پاتا ایسا کہ وہ کھڑا نماز پڑھ رہا ہو اللہ تعالےٰ سے کسی چیز کا سوال کرتا ہو مگر اللہ تعالےٰ اُسے دے دیتا ہے کعبؓ نے کہا یہ ہر سال میں ایک دن ہے میں نے کہا بلکہ یہ ساعت ہر ہفتے میں ہے پھر کعبؓ نے تورات پڑھی اور کہنے لگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا ابوہریرہؓ نے کہا میں اس کے بعد عبداللہ بن سلام کو ملا میں نے اس کو کعبؓ احبار کے ساتھ اپنی مجلس کا ذکر کیا اور میں نے جمعہ کے متعلق جو حدیث بیان کی میں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

فَحَدَّثْتُهُ بِمَجْلِسِي مَعَ كَعْبِ الْأَحْبَارِ وَمَا حَدَّثْتُهُ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَقُلْتُ لَهُ قَالَ كَعْبٌ ذٰلِكَ فِي كُلِّ سَنَةٍ يَوْمٌ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ كَذَبَ كَعْبٌ فَقُلْتُ لَهُ ثُمَّ قَرَأَ كَعْبٌ التَّوْرَاةَ فَقَالَ بَلْ هِيَ فِي كُلِّ جُمُعَةٍ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ صَدَقَ كَعْبٌ ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ سَلَامٍ قَدْ عَلِمْتُ أَيَّةَ سَاعَةٍ هِيَ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ أَخْبِرْنِي بِهَا وَلَا تَضِنَّ عَلَيَّ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ هِيَ آخِرُ سَاعَةٍ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ وَكَيْفَ تَكُوْنُ آخِرُ سَاعَةٍ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُصَادِفُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ وَّهُوَ يُصَلِّي فِيْهَا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ أَلَمْ يَقُلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَلَسَ مَجْلِسًا يَّنْتَظِرُ الصَّلٰوةَ فَهُوَ فِي صَلٰوةٍ حَتّٰى يُصَلِّيَ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقُلْتُ بَلٰى قَالَ فَهُوَ ذٰلِكَ۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَّأَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوٰى أَحْمَدُ إِلٰى قَوْلِهِ صَدَقَ كَعْبٌ۔

کعب نے کہا کہ ایسا ہر سال میں ایک دن ہے عبداللہ بن سلام نے کہا کعبؓ نے جھوٹ بولا میں نے اُسے کہا پھر کعب نے تورات پڑھی اور کہا بلکہ وہ گھڑی ہر ہفتے میں ہے عبداللہ بن سلام نے کہا کعبؓ نے سچ کہا پھر عبداللہ بن سلام نے کہا مجھے معلوم ہے وہ کون سی گھڑی ہے حضرت ابوہریرہؓ نے کہا میں نے اس کو کہا مجھ کو خبر دو وہ کون سی گھڑی ہے اور مجھ پر بخل نہ کریں عبداللہ بن سلام نے کہا وہ جمعہ کے دن کی آخری گھڑی ہے ابوہریرہؓ نے کہا میں نے کہا وہ جمعہ کے دن کی آخری گھڑی کیسے ہو سکتی ہے جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اس کو کوئی مسلمان بندہ نہیں پاتا اور وہ نماز پڑھ رہا ہوتا ہے عبداللہ بن سلام نے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا جو شخص بیٹھے کسی جگہ بیٹھنا نماز کا انتظار کر رہا ہو وہ نماز میں ہی ہوتا ہے یہاں تک کہ نماز پڑھے ابوہریرہؓ نے کہا میں نے کہا کیوں نہیں کہا پس اس سے مراد یہی ہے۔

(روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور نسائی نے اور احمد نے روایت کیا ہے اس کے قول صدق کعب تک)

۱۴۸۱ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْتَمِسُوا السَّاعَةَ الَّتِي تُرْجٰى فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ بَعْدَ الْعَصْرِ إِلٰى غَيْبُوْبَةِ الشَّمْسِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس گھڑی کو جس کی جمعہ کے دن قبولیت کی اُمید ہے عصر سے لے کر سورج غروب ہونے تک تلاش کرو (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۲۸۲ وَعَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَيَّامِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِيْهِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِيْهِ قُبِضَ وَفِيْهِ النَّفْخَةُ وَفِيْهِ الصَّعْقَةُ فَاَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فِيْهِ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ تُعْرَضُ صَلٰوتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ اَرِمْتَ قَالَ يَقُوْلُوْنَ بَلِيْتَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَآءِ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَآئِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ الْكَبِيْرِ۔

اوسؓ بن اوس سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تمہارے دنوں میں سب سے افضل جمعہ کا دن ہے۔ اس میں حضرت آدم علیہ السلام پیدا کئے گئے اور اس میں قبض کئے گئے۔ اسی میں صور پھونکا ہوگا اور اسی میں نفخہ ہوگا اور اسی میں صعقہ ہوگا۔ اس دن مجھ پر بہت زیادہ درود بھیجو ـــــ اس لئے کہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا۔ اے اللہ کے رسولؐ! ہمارا درود آپؐ پر کیسے پیش کیا جاتا ہے جب کہ آپؐ کی ہڈیاں پرانی ہو چکی ہوں گی۔ صحابہ کرامؓ ارمت سے مراد بلیت لیتے تھے۔ آپؐ نے فرمایا۔ اللہ تعالےٰ نے زمین پر انبیاء کے جسموں کو کھانا حرام کر دیا ہے۔

روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے اور بیہقی نے دعوات الکبیر میں۔

۱۲۸۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْيَوْمُ الْمَوْعُوْدُ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ وَالْيَوْمُ الْمَشْهُوْدُ يَوْمُ عَرَفَةَ وَالشَّاهِدُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَمَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَلَا غَرَبَتْ عَلٰى يَوْمٍ اَفْضَلَ مِنْهُ فِيْهِ سَاعَةٌ لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُّؤْمِنٌ يَّدْعُو اللّٰهَ بِخَيْرٍ اِلَّا اسْتَجَابَ اللّٰهُ لَهٗ وَلَا يَسْتَعِيْذُ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا اَعَاذَهٗ مِنْهُ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا يُعْرَفُ اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُوْسٰى بْنِ عُبَيْدَةَ وَهُوَ يُضَعَّفُ۔

ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ موعود دن قیامت کا دن ہے اور مشہود دن عرفہ کا دن ہے۔ اور شاہد جمعہ کا دن ہے۔ اور نہ نکلا سورج اور نہ غروب ہوا کسی دن جو اس سے افضل ہو۔ اس میں ایک گھڑی ہے اس کو کوئی مؤمن بندہ نہیں پاتا۔ دعا کرتا ہو اللہ تعالےٰ سے خیر کی مگر اللہ تعالےٰ اس کی دعا قبول کرتا ہے اور کسی چیز سے پناہ نہیں مانگتا۔ مگر اس سے پناہ دیتا ہے۔ روایت کیا ہے اس کو احمد نے۔ اور ترمذی نے۔ اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔ نہیں معلوم کی جاتی مگر موسیٰ بن عُبیدہ کی حدیث سے اور وہ ضعیف کیا جاتا ہے۔

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊
❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

besturdubooks.wordpress.com



## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۳۸۴ عَنْ اَبِی لُبَابَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ یَوْمَ الْجُمُعَةِ سَیِّدُ الْاَیَّامِ وَاَعْظَمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَهُوَ اَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ یَوْمِ الْاَضْحٰی وَیَوْمِ الْفِطْرِ فِیْهِ خَمْسُ خِلَالٍ خَلَقَ اللّٰهُ فِیْهِ اٰدَمَ وَاَهْبَطَ اللّٰهُ فِیْهِ اٰدَمَ اِلَی الْاَرْضِ وَفِیْهِ تَوَفَّی اللّٰهُ اٰدَمَ وَفِیْهِ سَاعَةٌ لَا یَسْاَلُ الْعَبْدُ فِیْهَا شَیْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ مَا لَمْ یَسْاَلْ حَرَامًا وَفِیْهِ تَقُوْمُ السَّاعَةُ مَا مِنْ مَلَكٍ مُقَرَّبٍ وَّلَا سَمَاءٍ وَّلَا اَرْضٍ وَّلَا رِیَاحٍ وَّلَا جِبَالٍ وَّلَا بَحْرٍ اِلَّا هُوَ مُشْفِقٌ مِّنْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ۔ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَی اَحْمَدُ عَنْ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَخْبِرْنَا عَنْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ مَاذَا فِیْهِ مِنَ الْخَیْرِ قَالَ فِیْهِ خَمْسُ خِلَالٍ وَّسَاقَ اِلٰی اٰخِرِ الْحَدِیْثِ۔

ابولبابہ رضؓ بن عبدالمنذر سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کا دن دنوں کا سردار ہے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑا ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک عید قربان اور عید الفطر سے بھی بڑا ہے اس میں پانچ باتیں ہیں اس میں اللہ تعالےٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور اس میں اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو زمین کیطرف اتارا اور اس دن اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو فوت کیا اور اس میں ایک ساعت ہے کوئی بندہ اس میں کچھ نہیں مانگتا مگر وہ اس کو دیدیتا ہے جب تک حرام کا سوال نہ کرے اور اس میں قیامت قائم ہوگی کوئی مقرب فرشتہ نہ آسمان نہ زمین نہ ہوا نہ پہاڑ نہ دریا مگر وہ جمعہ کے دن سے ڈرتے ہیں۔

روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے۔ اور روایت کیا احمد نے سعد بن معاذ سے کہا انصار کا ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے کہا ہم کو جمعہ کے متعلق خبر دو اس میں کس قدر بھلائی ہے کہا اس میں پانچ چیزیں ہیں۔ اور ساری حدیث بیان کی

* * * * * * *

* * * * * * *

۱۳۸۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قِیْلَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِاَیِّ شَیْءٍ سُمِّیَ یَوْمُ الْجُمُعَةِ قَالَ لِاَنَّ فِیْهَا طُبِعَتْ طِیْنَةُ اَبِیْكَ اٰدَمَ وَفِیْهَا الصَّعْقَةُ وَالْبَعْثَةُ وَفِیْهَا الْبَطْشَةُ وَفِیْ اٰخِرِ ثَلٰثِ سَاعَاتٍ مِّنْهَا سَاعَةٌ مَّنْ دَعَا اللّٰهَ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کہا گیا جمعہ کے دن کا نام جمعہ کیوں رکھا گیا ہے آپ نے فرمایا اس لئے کہ اس میں تیرے باپ آدم ؑ کی مٹی خمیر کی گئی اس میں نفخہ ہوگا مرنے کا اور زندہ ہونے کا اس میں پکڑنا ہوگا سخت اور اس کی آخری تین ساعتوں میں ایک ساعت ہے اللہ تعالیٰ سے جو اس

besturdubooks.wordpress.com

فِيهَا اسْتَجَابَ لَهُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

میں دعا کرے وہ قبول ہوگی (روایت کیا اس کو احمد نے)

۱۲۸۶/۱۱ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثِرُوا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَإِنَّهُ مَشْهُودٌ تَشْهَدُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَإِنَّ أَحَدًا لَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ إِلَّا عُرِضَتْ عَلَيَّ صَلٰوتُهُ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْهَا قَالَ قُلْتُ وَبَعْدَ الْمَوْتِ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَنْ تَأْكُلَ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ فَنَبِيُّ اللّٰهِ حَيٌّ يُرْزَقُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابو درداء رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کے دن مجھ پر زیادہ درود بھیجو اس لئے کہ جمعہ کا دن حاضر کیا گیا ہے فرشتے اس کو حاضر ہوتے ہیں اور تحقیق کوئی مجھ پر درود نہیں بھیجتا مگر مجھ پر عرض کیا جاتا ہے اس کا درود یہاں تک کہ فارغ ہوتا ہے اس سے میں نے کہا اور مرنے کے بعد بھی عرض کیا جاتا ہے کہا بیشک اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے زمین پر کہ انبیاء علیہم السلام کے جسموں کو کھائے اللہ تعالیٰ کے نبی زندہ ہیں اور روزی دیئے جاتے ہیں (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۱۲۸۷/۱۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ أَوْ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ إِلَّا وَقَاهُ اللّٰهُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ۔

عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی مسلمان جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات نہیں مرتا مگر اللہ تعالیٰ اس کو فتنہ قبر سے بچاتا ہے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اس کی سند متصل نہیں ہے)

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

۱۲۸۸/۱۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَرَأَ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمُ الْآيَةَ وَعِنْدَهُ يَهُودِيٌّ فَقَالَ لَوْ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ عَلَيْنَا لَاتَّخَذْنَاهَا عِيدًا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَإِنَّهَا نَزَلَتْ فِي يَوْمِ عِيدَيْنِ فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ وَيَوْمِ عَرَفَةَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ۔

ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ اس نے یہ آیت پڑھی آج کے دن پورا کیا میں نے واسطے تمہارے دین تمہارا آخر آیت تک اور اُن کے پاس ایک یہودی تھا اُس نے کہا اگر یہ آیت ہم پر اُترتی ہم اس کو عید ٹھہراتے ابن عباس رضہ نے کہا تحقیق یہ آیت اُس دن اُتری ہے جب دو عیدیں تھیں۔ جمعہ کے دن اور عرفہ کے دن۔

(روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)

۱۲۸۹/۱۴ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ

انس رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ رَجَبٌ قَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي رَجَبٍ وَّشَعْبَانَ وَبَلِّغْنَا رَمَضَانَ قَالَ وَكَانَ يَقُوْلُ لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ لَيْلَةٌ أَغَرُّ وَيَوْمُ الْجُمُعَةِ يَوْمٌ أَزْهَرُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ)

رجب کا مہینہ آتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے اے اللہ ہمارے لئے رجب اور شعبان کے مہینہ میں برکت ڈال اور ہمیں رمضان تک پہنچا دے اور فرمایا کرتے تھے جمعہ کی رات روشن رات ہے اور جمعہ کا دن چمکتا دن ہے (روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے دعوات الکبیر میں)

# بَابُ وُجُوْبِهَا

# جمعہ کے واجب ہونے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۳۹۰/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّهُمَا قَالَا سَمِعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَلٰى أَعْوَادِ مِنْبَرِهٖ لَيَنْتَهِيَنَّ أَقْوَامٌ عَنْ وَّدْعِهِمُ الْجُمُعَاتِ أَوْ لَيَخْتِمَنَّ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ ثُمَّ لَيَكُوْنُنَّ مِنَ الْغَافِلِيْنَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابن عمرؓ اور ابوہریرہؓ سے روایت ہے ان دونوں نے کہا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا اس منبر کی لکڑیوں پر فرما رہے تھے قومیں اپنے جمعہ کو چھوڑنے سے باز آجائیں گی یا اللہ تعالیٰ ان کے دلوں پر مہر لگا دے گا پھر وہ غافل ہو جائیں گے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۳۹۱/۲ عَنْ أَبِي الْجَعْدِ الضَّمْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ ثَلٰثَ جُمَعٍ تَهَاوُنًا بِهَا طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قَلْبِهٖ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ وَّأَحْمَدُ عَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ۔

ابوالجعد ضمری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے سستی کی وجہ سے تین جمعہ چھوڑ دیئے اللہ تعالیٰ اس کے دل پر مہر لگا دے گا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے ترمذی نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے اور روایت کیا ہے مالک نے صفوان بن سلیم سے اور احمدؒ نے ابوقتادہ سے)

۱۳۹۲/۳ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سمرہ بن جندب رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص چھوڑ دے

besturdubooks.wordpress.com

مَنْ تَرَكَ الْجُمُعَةَ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ فَلْيَتَصَدَّقْ بِدِيْنَارٍ فَإِنْ لَّمْ يَجِدْ فَبِنِصْفِ دِيْنَارٍ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

بغیر کسی عذر کے جمعہ کو وہ ایک دینار صدقہ کرے اگر نہ پائے تو آدھا دینار صدقہ کرے (روایت کیا اس کو احمد نے اور ابو داؤد نے اور ابن ماجہ نے)

۱۳۹۳ / ۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجُمُعَةُ عَلٰى مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جمعہ اس شخص پر لازم ہے جو آواز کو سنے (روایت کیا اس کو ابو داؤد نے)

۱۳۹۴ / ۵ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجُمُعَةُ عَلٰى مَنْ أَوَاهُ اللَّيْلُ إِلٰى أَهْلِهٖ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ إِسْنَادُهٗ ضَعِيْفٌ۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جمعہ اس شخص پر فرض ہے جس کو رات اس کے اہل کیطرف جگہ دے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا اس کی سند ضعیف ہے)

۱۳۹۵ / ۶ وَعَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةُ حَقٌّ وَّاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ فِيْ جَمَاعَةٍ إِلَّا عَلٰى أَرْبَعَةٍ عَبْدٍ مَّمْلُوْكٍ أَوِ امْرَأَةٍ أَوْ صَبِيٍّ أَوْ مَرِيْضٍ۔ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ عَنْ رَّجُلٍ مِّنْ بَنِيْ وَائِلٍ۔

طارق بن شہاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ حق اور واجب ہے ہر مسلمان پر جماعت میں مگر چار شخصوں پر واجب نہیں ہے غلام مملوک پر، عورت، بچے اور مریض پر (روایت کیا ہے اس کو ابو داؤد نے اور شرح السنہ میں مصابیح کے لفظوں کے ساتھ بنو وائل کے ایک شخص سے روایت ہے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۳۹۶ / ۷ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِقَوْمٍ يَّتَخَلَّفُوْنَ عَنِ الْجُمُعَةِ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أُمَرَ رَجُلًا يُّصَلِّيْ بِالنَّاسِ ثُمَّ أُحَرِّقَ عَلٰى رِجَالٍ يَّتَخَلَّفُوْنَ عَنِ الْجُمُعَةِ بُيُوْتَهُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے لئے فرمایا جو جمعہ سے پیچھے رہتے ہیں البتہ میں نے ارادہ کیا ہے کہ کسی شخص کو حکم دوں جو لوگوں کو نماز پڑھائے میں ان لوگوں کے گھروں کو جلا دوں جو جمعہ سے پیچھے رہتے ہیں (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۳۹۷ / ۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ

besturdubooks.wordpress.com



اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَرَكَ الْجُمُعَةَ مِنْ غَيْرِ ضَرُورَةٍ كُتِبَ مُنَافِقًا فِي كِتَابٍ لَا يُمْحٰى وَلَا يُبَدَّلُ وَفِي بَعْضِ الرِّوَايَاتِ ثَلٰثًا۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ)

علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بغیر کسی ضرورت کے جمعہ چھوڑ دیتا ہے منافق لکھا جاتا ہے ایک ایسی کتاب میں نہ وہ مٹائی جاتی ہے اور نہ تبدیل کی جاتی ہے بعض روایات میں ہے کہ تین جمعہ چھوڑ دے (روایت کیا ہے اس کو شافعی نے)

۱۲۹۸/۹ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَعَلَيْهِ الْجُمُعَةُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلَّا مَرِيْضٌ اَوْ مُسَافِرٌ اَوِ امْرَاَةٌ اَوْ صَبِيٌّ اَوْ مَمْلُوْكٌ فَمَنِ اسْتَغْنٰى بِلَهْوٍ اَوْ تِجَارَةٍ اِسْتَغْنَى اللّٰهُ عَنْهُ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ۔ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

جابرؓ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن کے ساتھ ایمان رکھتا ہے جمعہ کے دن اس پر جمعہ پڑھنا فرض ہے مگر مریض یا مسافر یا عورت یا بچہ یا غلام جو شخص کھیلنے یا تجارت میں بے پرواہ ہو اللہ تعالیٰ اس سے بے پرواہ ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ بے پرواہ تعریف کیا گیا ہے (روایت کیا ہے اس کو دارقطنی نے)

## بَابُ التَّنْظِيْفِ وَالتَّبْكِيْرِ

## پاکیزگی کرنے اور جمعہ کیطرف سویرے جانیکا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۱۲۹۹/۱ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَغْتَسِلُ رَجُلٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَيَتَطَهَّرُ مَا اسْتَطَاعَ مِنْ طُهْرٍ وَّيَدَّهِنُ مِنْ دُهْنِهٖ اَوْ يَمَسُّ مِنْ طِيْبِ بَيْتِهٖ ثُمَّ يَخْرُجُ فَلَا يُفَرِّقُ بَيْنَ اثْنَيْنِ ثُمَّ يُصَلِّيْ مَا كُتِبَ لَهٗ ثُمَّ يُنْصِتُ اِذَا تَكَلَّمَ الْاِمَامُ اِلَّا غُفِرَ لَهٗ مَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الْاُخْرٰى (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سلمانؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں غسل کرتا کوئی آدمی جمعہ کے دن اور پاکیزگی حاصل کرتا جس قدر اس کو پاک ہونے کی استطاعت ہے اور تیل لگاتا اپنے تیل سے یا نہیں ملتا خوشبو اپنے گھر کی خوشبو سے پھر نکلتا ہے پس وہ دو شخصوں کے درمیان فرق نہیں کرتا پھر نماز پڑھتا ہے جو اس کے لئے مقدر کی گئی ہے پھر جس وقت امام خطبہ دے چپ رہتا ہے مگر اس کے گناہ بخش دئے جاتے ہیں جن کو وہ اس جمعہ اور دوسرے جمعہ کے درمیان کرتا ہے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۳۰۰/۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

besturdubooks.wordpress.com



صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اغْتَسَلَ ثُمَّ اَتَى الْجُمُعَةَ فَصَلّٰى مَا قُدِّرَ لَهٗ ثُمَّ اَنْصَتَ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْ خُطْبَتِهٖ ثُمَّ يُصَلِّيَ مَعَهٗ غُفِرَ لَهٗ مَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الْاُخْرٰى وَفَضْلُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جس نے غسل کیا پھر جمعہ کے لئے آیا نماز پڑھی جس قدر اس کے لئے مقدر تھی پھر چپ رہا یہاں تک کہ امام اپنے خطبہ سے فارغ ہو پھر اس کے ساتھ نماز پڑھی اس کے وہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں جو اس نے اس جمعہ اور دوسرے جمعہ کے درمیان کئے ہوتے ہیں اور زیادہ تین دن کے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۳۰۱/۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ اَتَى الْجُمُعَةَ فَاسْتَمَعَ وَاَنْصَتَ غُفِرَ لَهٗ مَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ وَزِيَادَةُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ وَمَنْ مَسَّ الْحَصٰى فَقَدْ لَغَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہ رض) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے وضو کیا پس اچھا وضو کیا پھر جمعہ کے لئے آیا خطبہ سنا اور چپ رہا اس کے وہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں جو اس نے اس کے اور دوسرے جمعہ کے درمیان کئے ہوتے ہیں اور تین دن کے زیادہ بھی اور جس نے کنکریوں کو ہاتھ لگایا اس نے بیہودہ کام کیا (مسلم)

۱۳۰۲/۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَقَفَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ يَكْتُبُوْنَ الْاَوَّلَ فَالْاَوَّلَ وَمَثَلُ الْمُهَجِّرِ كَمَثَلِ الَّذِيْ يُهْدِيْ بَدَنَةً ثُمَّ كَالَّذِيْ يُهْدِيْ بَقَرَةً ثُمَّ كَبْشًا ثُمَّ دَجَاجَةً ثُمَّ بَيْضَةً فَاِذَا خَرَجَ الْاِمَامُ طَوَوْا صُحُفَهُمْ وَيَسْتَمِعُوْنَ الذِّكْرَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابوہریرہ رض) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت جمعہ کا دن ہوتا ہے فرشتے مسجد کے دروازے پر کھڑے ہوتے ہیں وہ اوّل آنے والوں کو لکھتے ہیں اوّل وقت آنے والے کی مثال اس شخص کی طرح ہے جو اونٹ قربانی کے لئے بھیجتا ہے جو اس کے بعد آتا ہے جیسے گائے قربانی کے لئے بھیجتا ہے پھر جو اس کے بعد آئے جیسے دنبہ جو اس کے بعد آئے جیسے مرغی پھر انڈہ صدقہ کرتا ہے جب امام نکلتا ہے وہ اپنے دفتر لپیٹتے ہیں اور خطبہ سنتے ہیں (بخاری اور مسلم کی روایت ہے)

۱۳۰۳/۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اَنْصِتْ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ فَقَدْ لَغَوْتَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابوہریرہ رض) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تو نے اپنے پاس بیٹھنے والے کو جمعہ کے دن کہا کہ چپ کر حالانکہ امام خطبہ دے رہا ہو تو تو نے لغو کیا۔ (متفق علیہ)

۱۳۰۴/۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

جابر رض سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُقِيمَنَّ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ثُمَّ يُخَالِفُ اِلٰى مَقْعَدِهٖ فَيَقْعُدُ فِيْهِ وَلٰكِنْ يَقُوْلُ اَفْسَحُوْا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو جمعہ کے دن اُٹھا کر اس کی جگہ کا قصد نہ کرے اور اس میں نہ بیٹھے لیکن کہے جگہ کو کشادہ کرو۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۳۰۵ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَّاَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلَبِسَ مِنْ اَحْسَنِ ثِيَابِهٖ وَمَسَّ مِنْ طِيْبٍ اِنْ كَانَ عِنْدَهٗ ثُمَّ اَتَى الْجُمُعَةَ فَلَمْ يَتَخَطَّ اَعْنَاقَ النَّاسِ ثُمَّ صَلّٰى مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ ثُمَّ اَنْصَتَ اِذَا خَرَجَ اِمَامُهٗ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْ صَلٰوتِهٖ كَانَتْ كَفَّارَةً لِّمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الَّتِيْ قَبْلَهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوسعیدؓ اور ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ کہا ان دونوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن نہائے اور اپنے اچھے کپڑے پہنے اگر اس کے پاس خوشبو ہو۔ لگائے۔ پھر جمعہ کے لئے آئے۔ لوگوں کی گردنوں کو نہ پھلانگے۔ پھر نماز پڑھے جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے لکھ دی ہے۔ پھر چپ رہے جس وقت امام نکلے یہاں تک کہ اپنی نماز سے فارغ ہو۔ وہ جمعہ اس کے گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے جو اس نے اس جمعہ اور پہلے جمعہ کے درمیان کئے ہوتے ہیں۔ روایت کیا ہے اسکو ابوداؤد نے۔

* * * * * * *

* * * * * * * *

۱۳۰۶ وَعَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ غَسَّلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاغْتَسَلَ وَبَكَّرَ وَابْتَكَرَ وَمَشٰى وَلَمْ يَرْكَبْ وَدَنٰى مِنَ الْاِمَامِ وَاسْتَمَعَ وَلَمْ يَلْغُ كَانَ لَهٗ بِكُلِّ خُطْوَةٍ عَمَلُ سَنَةٍ اَجْرُ صِيَامِهَا وَقِيَامِهَا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

اوس رضؓ بن اوس سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کہ نہلا دے جمعہ کے دن اور نہا دے۔ اور سویرے جائے۔ اور اوّل ہی خطبہ پائے اور پیادہ جائے سوار نہ ہو۔ امام کے نزدیک ہو اور خطبہ سُنے۔ اور لغو کام نہ کرے۔ اس کو ہر قدم کے بدلے میں ایک سال کے روزوں کے رکھنے اور قیام کرنے کا ثواب ہوگا۔

روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔ اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے۔

۱۳۰۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبداللہ بن سلام رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کسی ایک کے لئے

besturdubooks.wordpress.com

مَا عَلٰى اَحَدِكُمْ اِنْ وَّجَدَ اَنْ يَّتَّخِذَ ثَوْبَيْنِ لِيَوْمِ الْجُمُعَةِ سِوٰى ثَوْبَيْ مِهْنَتِهٖ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ۔

کیا قباحت ہے کہ وہ دو کپڑے بنالے جمعہ کے دن کے لئے اپنے کاروبار کے کپڑوں کے علاوہ۔

روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے۔ اور روایت کیا اس کو مالک نے یحییٰ بن سعید سے۔

۱۳۰۸/۱۰ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْضِرُوا الذِّكْرَ وَادْنُوا مِنَ الْاِمَامِ فَاِنَّ الرَّجُلَ لَا يَزَالُ يَتَبَاعَدُ حَتّٰى يُؤَخَّرَ فِي الْجَنَّةِ وَاِنْ دَخَلَهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

سمرہؓ بن جندب سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خطبہ کے وقت حاضر ہو۔ اور امام کے قریب بیٹھو۔ کیونکہ آدمی ہمیشہ دور رہتا ہے یہاں تک کہ پیچھے رہے گا جنت میں اگرچہ اس میں داخل ہو۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۳۰۹/۱۱ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ الْجُهَنِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَخَطَّى رِقَابَ النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اتَّخَذَ جِسْرًا اِلٰى جَهَنَّمَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔)

معاذ بن انس جہنی سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے روایت کرتا ہے۔ کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کے دن جو شخص لوگوں کی گردنوں کو پھلانگتا ہے وہ جہنم کیطرف پل بنایا جائے گا۔

روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔ اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔

۱۳۱۰/۱۲ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْحَبْوَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

معاذ بن انس رضؓ سے روایت ہے۔ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن جس وقت امام خطبہ دے رہا ہو گوٹھ مارنے سے منع فرمایا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے۔

۱۳۱۱/۱۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَعَسَ اَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَلْيَتَحَوَّلْ مِنْ مَّجْلِسِهٖ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا جمعہ کے دن اونگھے اپنی جگہ بدل ڈالے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۳۱۳/۱۴ عَنْ نَّافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّقِيْمَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَّقْعَدِهٖ وَيَجْلِسُ فِيْهِ قِيْلَ لِنَافِعٍ فِي الْجُمُعَةِ قَالَ فِي الْجُمُعَةِ وَغَيْرِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نافع رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے ابن عمر رضؓ سے سُنا فرماتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منع فرماتے اس بات سے کہ ایک آدمی دوسرے کو اسکی جگہ سے اٹھائے اور خود بیٹھ جائے نافع رضؓ کے لئے کہا گیا جمعہ میں کہا جمعہ میں بھی اور اس کے علاوہ بھی۔ (متفق علیہ)

۱۳۱۳/۱۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْضُرُ الْجُمُعَةَ ثَلٰثَةُ نَفَرٍ فَرَجُلٌ حَضَرَهَا بِلَغْوٍ فَذٰلِكَ حَظُّهٗ مِنْهَا وَرَجُلٌ حَضَرَهَا بِدُعَاءٍ رَجُلٌ دَعَا اللّٰهَ اِنْ شَاءَ اَعْطَاهُ وَاِنْ شَاءَ مَنَعَهٗ وَرَجُلٌ حَضَرَهَا بِاِنْصَاتٍ وَّسُكُوْتٍ وَّلَمْ يَتَخَطَّ رَقَبَةَ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُؤْذِ اَحَدًا فَهِيَ كَفَّارَةٌ اِلَى الْجُمُعَةِ الَّتِيْ تَلِيْهَا وَزِيَادَةُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ وَّذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ میں تین شخص حاضر ہوتے ہیں ایک شخص بے فائدہ کلام کے ساتھ حاضر ہوتا ہے پس وُہ اس کا حصہ ہے اور ایک آدمی دعا کے ساتھ حاضر ہوتا ہے پس وُہ شخص ہے کہ اُس نے دعا مانگی۔ اگر اللہ تعالےٰ چاہے اس کو دے اگر چاہے نہ دے۔ اور ایک آدمی جمعہ کو حاضر ہوتا ہے خاموشی اور سکوت کے ساتھ کسی مسلمان کی گردن نہ پھلانگے کسی کو تکلیف نہ دے یہ جمعہ اس کا کفارہ ہے اس جمعہ تک جو اس کے ساتھ متصل ہے اور تین دن زائد کا۔ اور یہ اس لئے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے جو شخص ایک نیکی کرے اس کے لئے دس گنا ثواب ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۳۱۴/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَكَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ فَهُوَ كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا وَّالَّذِيْ يَقُوْلُ لَهٗ اَنْصِتْ لَيْسَ لَهٗ جُمُعَةٌ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے جمعہ کے دن کلام کی جبکہ امام خطبہ دے رہا ہے وہ گدھے کی مانند ہے جو کتابیں اٹھاتا ہے اور جو شخص اُس کو کہے کہ چُپ رہ اس کو جمعہ کا ثواب نہیں (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۳۱۵/۱۷ وَعَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جُمُعَةٍ مِّنَ الْجُمَعِ يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ اِنَّ هٰذَا يَوْمٌ جَعَلَهُ اللّٰهُ عِيْدًا فَاغْتَسِلُوْا وَمَنْ كَانَ عِنْدَهٗ طِيْبٌ فَلَا يَضُرُّهٗ اَنْ يَّمَسَّ مِنْهُ وَعَلَيْكُمْ بِالسِّوَاكِ۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْهُ وَهُوَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مُتَّصِلًا۔

عبید بن السباق سے مرسل روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن فرمایا اے مسلمانوں کی جماعت اس دن کو اللہ تعالیٰ نے عید ٹھہرایا ہے پس نہاؤ اور جس کے پاس خوشبو ہو اس کو ضرر نہیں کہ اس کو لگالے اور لازم ہے تم پر مسواک۔

(روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے اس سے اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے متصل)

۱۳۱۶/۱۸ وَعَنِ الْبَرَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقٌّ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ اَنْ يَّغْتَسِلُوْا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلْيَمَسَّ اَحَدُهُمْ مِّنْ طِيْبِ اَهْلِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ فَالْمَآءُ لَهٗ طِيْبٌ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ۔

براء سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمانوں پر لازم ہے کہ جمعہ کے دن غسل کریں اور ان کا ایک اپنے اہل کی خوشبو سے لگائے اگر خوشبو نہ ہو تو پانی اس کے لئے خوشبو ہے۔

(روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن ہے)

# بَابُ الْخُطْبَةِ وَالصَّلٰوةِ

# خطبہ اور نماز جمعہ کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۳۱۷/۱ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الْجُمُعَةَ حِيْنَ تَمِيْلُ الشَّمْسُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ پڑھتے جس وقت سورج ڈھلتا (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۳۱۸/۲ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ مَا كُنَّا نَقِيْلُ وَلَا نَتَغَدّٰى اِلَّا بَعْدَ الْجُمُعَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ہم نہ قیلولہ کرتے تھے اور نہ اول روز کا کھانا کھاتے تھے مگر جمعہ پڑھنے کے بعد۔ (متفق علیہ)

۱۳۱۹/۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اشْتَدَّ الْبَرْدُ بَكَّرَ بِالصَّلٰوةِ وَإِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ أَبْرَدَ بِالصَّلٰوةِ يَعْنِي الْجُمُعَةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

علیہ وسلم جس وقت سردی شدت کی ہوتی نماز جلد پڑھ لیتے اور جب گرمی سخت ہوتی تو نماز دیر سے پڑھتے یعنی جمعہ کی نماز (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۳۲۰/۴ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ كَانَ النِّدَاءُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ أَوَّلُهُ إِذَا جَلَسَ الْإِمَامُ عَلَى الْمِنْبَرِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ فَلَمَّا كَانَ عُثْمَانُ وَكَثُرَ النَّاسُ زَادَ النِّدَاءَ الثَّالِثَ عَلَى الزَّوْرَاءِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سائب بن یزید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جمعہ کی اذان اوّل اس وقت ہوتی جس وقت ممبر پر امام بیٹھتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اور حضرت ابوبکر رضؓ اور حضرت عمر رضؓ کے زمانہ میں جب حضرت عثمان رضؓ خلیفہ ہوئے اور لوگ زیادہ ہو گئے انہوں نے تیسری اذان زوراء پر زائد کر دی (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

* * * * * * *

۱۳۲۱/۵ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطْبَتَانِ يَجْلِسُ بَيْنَهُمَا يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَيُذَكِّرُ النَّاسَ فَكَانَتْ صَلٰوتُهُ قَصْدًا وَخُطْبَتُهُ قَصْدًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر رضؓ بن سمرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دو خطبے تھے اُن کے درمیان بیٹھتے قرآن پڑھتے اور لوگوں کو نصیحت کرتے آپ کی نماز بھی اوسط درجہ کی ہوتی اور خطبہ بھی اوسط درجہ کا تھا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۳۲۲/۶ وَعَنْ عَمَّارٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ طُوْلَ صَلٰوةِ الرَّجُلِ وَقِصَرَ خُطْبَتِهِ مِنْ فِقْهِهِ فَأَطِيْلُوا الصَّلٰوةَ وَاقْصُرُوا الْخُطْبَةَ وَإِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عمارؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ فرماتے تھے آدمی کا نماز لمبی پڑھنا اور خطبہ مختصر کرنا اس کی دانائی کی علامت ہے پس نماز دراز کرو اور خطبہ کو تاہ کرو تحقیق بعض بیان سحر ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * * * *

۱۳۲۳/۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَطَبَ احْمَرَّتْ عَيْنَاهُ وَعَلَا صَوْتُهُ وَاشْتَدَّ غَضَبُهُ حَتّٰى كَأَنَّهُ مُنْذِرُ جَيْشٍ يَقُوْلُ صَبَّحَكُمْ وَمَسَّاكُمْ وَيَقُوْلُ بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت خطبہ فرماتے آپ کی آنکھیں سُرخ ہو جاتیں آواز بلند ہوتی اور غصہ سخت ہوتا گویا آپ ڈرانے والے ہیں لشکر سے کہ کہتا ہے کہ وہ لشکر تم کو صبح لوٹ لے گا یا شام کو لوٹے گا اور فرماتے ہیں اور قیامت ساتھ ساتھ اس طرح بھیجے

besturdubooks.wordpress.com

كَهَاتَيْنِ وَيَقْرِنُ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

گئے ہیں اپنی دونوں انگلیاں ملاتے یعنی شہادت کی انگلی اور وسطیٰ انگلی کو (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۳۲۴/۸ وَعَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ عَلَى الْمِنْبَرِ وَنَادَوْا يَا مَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

یعلیٰ بن امیہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا منبر پر پڑھ رہے تھے ونادوا یا مالک لیقض علینا ربک۔ (متفق علیہ)

۱۳۲۵/۹ وَعَنْ أُمِّ هِشَامٍ بِنْتِ حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ قَالَتْ مَا أَخَذْتُ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ إِلَّا عَنْ لِسَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُهَا كُلَّ جُمُعَةٍ عَلَى الْمِنْبَرِ إِذَا خَطَبَ النَّاسَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام ہشام بنت حارثہ بن نعمان سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے سورۃ ق والقرآن المجید نہیں سیکھی مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے ہر جمعہ کو منبر پر پڑھتے جس وقت لوگوں کو خطبہ دیتے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۳۲۶/۱۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ قَدْ أَرْخٰى طَرَفَيْهَا بَيْنَ كَتِفَيْهِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عمرو بن حارث سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور آپ کے سر مبارک پر سیاہ رنگ کی پگڑی تھی اس کے دونوں سرے آپ نے اپنے کندھوں کے درمیان چھوڑے تھے یہ دن جمعہ کا تھا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۳۲۷/۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ وَلْيَتَجَوَّزْ فِيْهِمَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ آپ خطبہ دے رہے تھے جس وقت ایک تمہارا جمعہ کے لئے آئے اور امام خطبہ دے رہا ہو دو رکعتیں پڑھے اور ان کو ہلکا پڑھے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۳۲۸/۱۲ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِّنَ الصَّلٰوةِ مَعَ الْإِمَامِ فَقَدْ أَدْرَكَ الصَّلٰوةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص نماز کی ایک رکعت پالیتا ہے ساتھ امام کے پس اس نے نماز پالی (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۱۳۲۹/۱۳ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ خُطْبَتَيْنِ كَانَ يَجْلِسُ إِذَا صَعِدَ الْمِنْبَرَ حَتّٰى يَفْرُغَ أُرَاهُ الْمُؤَذِّنُ ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَخْطُبُ ثُمَّ يَجْلِسُ وَلَا يَتَكَلَّمُ ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَخْطُبُ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

۱۳۳۰/۱۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَوٰى عَلَى الْمِنْبَرِ اسْتَقْبَلْنَاهُ بِوُجُوْهِنَا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَّا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ وَهُوَ ضَعِيْفٌ ذَاهِبُ الْحَدِيْثِ

## دوسری فصل

ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو خطبے پڑھتے تھے جس وقت منبر پر چڑھتے بیٹھ جاتے یہاں تک کہ فارغ ہوتا میرا خیال ہے کہ مؤذن پھر کھڑے ہوتے پس خطبہ پڑھتے پھر بیٹھتے اور کلام نہ کرتے پھر کھڑے ہوتے اور خطبہ پڑھتے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

* * * * * * * *

عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت منبر پر بیٹھتے ہم اپنا منہ آپ کی طرف کر لیتے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔ اور کہا یہ حدیث ہے ہم اس کو نہیں پہچانتے مگر محمد بن فضل کی روایت سے اور وہ ضعیف ہے حدیث بھول جانے والا۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۱۳۳۱/۱۵ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ قَائِمًا ثُمَّ يَجْلِسُ ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَخْطُبُ قَائِمًا فَمَنْ نَبَّأَكَ أَنَّهٗ كَانَ يَخْطُبُ جَالِسًا فَقَدْ كَذَبَ فَقَدْ وَاللّٰهِ صَلَّيْتُ مَعَهٗ أَكْثَرَ مِنْ أَلْفَيْ صَلٰوةٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۱۳۳۲/۱۶ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ أَنَّهٗ دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أُمِّ الْحَكَمِ يَخْطُبُ قَاعِدًا فَقَالَ انْظُرُوْا إِلٰى هٰذَا الْخَبِيْثِ يَخْطُبُ قَاعِدًا وَقَالَ اللّٰهُ

## تیسری فصل

جابرؓ بن سمرۃ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر خطبہ دیتے پھر بیٹھتے پھر کھڑے ہوتے اور خطبہ دیتے جو تجھ کو بتلائے کہ آپ بیٹھ کر خطبہ دیتے تھے اُس نے جھوٹ بولا پس قسم ہے اللہ کی مَیں نے دو ہزار سے زیادہ نمازیں آپ کے ساتھ پڑھی ہیں۔ روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * * * *

کعب بن عجرہؓ سے روایت ہے کہ وہ مسجد میں داخل ہوا اور عبدالرحمٰن بن اُمِّ حکم بیٹھ کر خطبہ دے رہا تھا اُس نے کہا اس خبیث کی طرف دیکھو بیٹھ کر خطبہ دے رہا ہے۔ جب کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اور جس وقت دیکھتے ہیں

besturdubooks.wordpress.com

تَعَالٰی وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تجارت یا کھیل دوڑتے ہیں اس کی طرف اور آپ کو کھڑے ہوئے چھوڑ جاتے ہیں (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۳۳۳/۱۷ وَعَنْ عُمَارَةَ بْنِ رُوَيْبَةَ اَنَّهٗ رَاٰى بِشْرَ بْنَ مَرْوَانَ عَلَى الْمِنْبَرِ رَافِعًا يَدَيْهِ فَقَالَ قَبَّحَ اللّٰهُ هَاتَيْنِ الْيَدَيْنِ لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَزِيْدُ عَلٰٓى اَنْ يَّقُوْلَ بِيَدِهٖ هٰكَذَا وَاَشَارَ بِاِصْبَعِهِ الْمُسَبِّحَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عمارہ بن رویبہ سے روایت ہے اس نے بشر بن مروان کو دیکھا منبر پر دونوں ہاتھ اٹھاتا ہے کہا اللہ تعالےٰ ان دونوں ہاتھوں کو بُرا کرے مَیں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ اس طرح اشارہ سے زیادہ نہیں کرتے تھے۔ یہ کہہ کر عمارہؓ نے اپنی شہادت کی اُنگلی کے ساتھ اشارہ کیا۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۳۳۴/۱۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا اسْتَوٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلَى الْمِنْبَرِ قَالَ اجْلِسُوْا فَسَمِعَ ذٰلِكَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَجَلَسَ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ فَرَاٰهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ تَعَالَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن منبر پر بیٹھے صحابہ کرام کو فرمایا بیٹھ جاؤ ابن مسعودؓ نے اس کو مسجد کے دروازے کے پاس سُنا وُہ وہیں بیٹھ گئے جب اس کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا آپ نے فرمایا۔ اے عبداللہ بن مسعودؓ آؤ۔ (روایت کیا اس کو ابوداود نے)

۱۳۳۵/۱۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَدْرَكَ مِنَ الْجُمُعَةِ رَكْعَةً فَلْيَصِلْ اِلَيْهَا اُخْرٰى وَمَنْ فَاتَتْهُ الرَّكْعَتَانِ فَلْيُصَلِّ اَرْبَعًا اَوْ قَالَ الظُّهْرَ۔ (رَوَاهُ الدَّارُقُطْنِيُّ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کی ایک رکعت پا لے پس چاہیئے کہ اس کے ساتھ ایک اور ملا لے اور جس کی دونوں رکعتیں رہ جائیں وہ چار رکعت پڑھے یا آپ نے فرمایا ظہر پڑھے (روایت کیا ہے اس کو دارقطنی نے)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ صَلٰوةِ الْخَوْفِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۳۳۶/۱ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ نَجْدٍ فَوَازَيْنَا الْعَدُوَّ فَصَافَفْنَا لَهُمْ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ لَنَا فَقَامَتْ طَّائِفَةٌ مَّعَهٗ وَاَقْبَلَتْ طَّائِفَةٌ عَلَى الْعَدُوِّ وَرَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْ مَّعَهٗ وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ انْصَرَفُوْا مَكَانَ الطَّائِفَةِ الَّتِيْ لَمْ تُصَلِّ فَجَاءُوْا فَرَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهِمْ رَكْعَةً وَّسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ فَقَامَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ فَرَكَعَ لِنَفْسِهٖ رَكْعَةً وَّسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَرَوٰى نَافِعٌ نَّحْوَهٗ وَزَادَ فَاِنْ كَانَ خَوْفٌ هُوَ اَشَدُّ مِنْ ذٰلِكَ صَلَّوْا رِجَالًا قِيَامًا عَلٰى اَقْدَامِهِمْ اَوْ رُكْبَانًا مُّسْتَقْبِلِي الْقِبْلَةِ اَوْ غَيْرَ مُسْتَقْبِلِيْهَا قَالَ نَافِعٌ لَّا اَرٰى ابْنَ عُمَرَ ذَكَرَ ذٰلِكَ اِلَّا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

۱۳۳۶/۲ وَعَنْ يَّزِيْدَ بْنِ رُوْمَانَ عَنْ صَالِحِ ابْنِ خَوَّاتٍ عَمَّنْ صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

# نمازِ خوف کا بیان

## پہلی فصل

سالم بن عبداللہ بن عمرؓ اپنے باپ سے روایت کرتا ہے انہوں نے کہا کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد میں شریک ہوا نجد کی طرف ہم نے دشمن کا مقابلہ کیا اور ان کے سامنے صف باندھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے ہم کو نماز پڑھواتے تھے ایک جماعت آپ کے ساتھ کھڑی ہوئی اور ایک جماعت دشمن کی طرف متوجہ ہوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے ساتھ جو آپ کے ساتھ تھے ایک رکوع کیا اور دو سجدے کئے پھر وہ اس جماعت کی طرف پھرے جنہوں نے نماز نہیں پڑھی تھی وہ آئے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ ایک رکوع کیا اور دو سجدے پھر آپ نے سلام پھیرا ان میں سے ہر ایک نے ایک رکوع اور دو سجدے کئے اور نافع نے اس کی مانند روایت کی ہے اور زیادہ بیان کیا کہ اگر خوف زیادہ ہو نماز پڑھیں پیادہ اپنے قدموں پر کھڑے یا سوار منہ قبلہ کی طرف ہوں یا نہ ہوں نافع نے کہا میں نہیں گمان کرتا مگر ابن عمرؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

* * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * *

یزید بن رومان نے صالح بن خوات سے اور وہ ایک ایسے شخص سے روایت کرتا ہے جس نے ذات الرقاع کے دن

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ ذَاتِ الرِّقَاعِ صَلٰوةَ الْخَوْفِ اَنَّ طَائِفَةً صَفَّتْ مَعَهٗ وَطَائِفَةٌ وِّجَاهَ الْعَدُوِّ فَصَلّٰى بِالَّتِيْ مَعَهٗ رَكْعَةً ثُمَّ ثَبَتَ قَائِمًا وَّاَتَمُّوْا لِاَنْفُسِهِمْ ثُمَّ انْصَرَفُوْا فَصَفُّوْا وِجَاهَ الْعَدُوِّ وَجَاءَتِ الطَّائِفَةُ الْاُخْرٰى فَصَلّٰى بِهِمُ الرَّكْعَةَ الَّتِيْ بَقِيَتْ مِنْ صَلٰوتِهٖ ثُمَّ ثَبَتَ جَالِسًا وَّاَتَمُّوْا لِاَنْفُسِهِمْ ثُمَّ سَلَّمَ بِهِمْ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاَخْرَجَ الْبُخَارِيُّ بِطَرِيْقٍ اٰخَرَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

خوف کی نماز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پڑھی کہ ایک جماعت نے آپ کے ساتھ صف باندھی اور ایک جماعت دشمن کے مقابلہ میں چلی گئی پھر آپ نے ایک رکعت ان کو پڑھائی آپ کھڑے رہے اور انہوں نے پوری نماز پڑھ لی پھر وہ چلے گئے اور دشمن کے مقابل جا کر صف باندھ لی اور دوسری جماعت آگئی آپ نے ان کو ایک رکعت پڑھائی جو آپ کی نماز سے باقی رہ گئی تھی پھر آپ بیٹھے رہے اور انہوں نے کھڑے ہو کر ایک رکعت اور پڑھ لی پھر ان کے ساتھ سلام پھیرا متفق علیہ اور بخاری نے ایک دوسری سند سے اس حدیث کو بیان کیا ہے جو اس طرح ہے عن القاسم عن صالح بن خوات عن سہل بن ابی حثمۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

۱۳۳۸/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَقْبَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِذَاتِ الرِّقَاعِ قَالَ كُنَّا اِذَا اَتَيْنَا عَلٰى شَجَرَةٍ ظَلِيْلَةٍ تَرَكْنَاهَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَجَاءَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَسَيْفُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعَلَّقٌ بِشَجَرَةٍ فَاخْتَرَطَ سَيْفَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرَطَهٗ فَقَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَخَافُنِيْ قَالَ لَا قَالَ فَمَنْ يَّمْنَعُكَ مِنِّيْ قَالَ اَللّٰهُ يَمْنَعُنِيْ مِنْكَ قَالَ فَتَهَدَّدَهٗ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہم آئے جب ہم ذات الرقاع پہنچے انہوں نے کہا جب ہم کسی سایہ دار درخت کے پاس سے گزرتے ہم اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے چھوڑ دیتے جابر رضؓ نے کہا ایک مشرک آدمی آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار درخت کے ساتھ لٹکی ہوئی تھی اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار پکڑ لی اس کو میان سے کھینچا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کہنے لگا کیا مجھ سے ڈرتے ہو آپ نے فرمایا نہیں کہا کون بچائے گا تم کو مجھ سے آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تجھ سے مجھے بچائے گا جابر رضؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام نے اس کو ڈرایا اس نے تلوار میان میں ڈال لی اور اس کو لٹکا دیا کہا نماز کی اذان کہی گئی آپ نے

besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَعَلَّقَهُ قَالَ فَنُودِيَ بِالصَّلٰوةِ فَصَلّٰى بِطَائِفَةٍ رَّكْعَتَيْنِ ثُمَّ تَاَخَّرُوْا وَصَلّٰى بِالطَّائِفَةِ الْاُخْرٰى رَكْعَتَيْنِ قَالَ فَكَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعُ رَكَعَاتٍ وَّلِلْقَوْمِ رَكْعَتَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ایک جماعت کو دو رکعت پڑھائیں۔ وہ جماعت پیچھے ہٹ گئی اور دوسری جماعت کو دو رکعت پڑھائیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چار رکعت ہو گئیں اور لوگوں کی دو رکعتیں۔ (متفق علیہ)

۱۳۳۹ وَعَنْهُ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ صَفَّيْنِ وَالْعَدُوُّ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ فَكَبَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَبَّرْنَا جَمِيْعًا ثُمَّ رَكَعَ وَرَكَعْنَا جَمِيْعًا ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ وَرَفَعْنَا جَمِيْعًا ثُمَّ انْحَدَرَ بِالسُّجُوْدِ وَالصَّفُّ الَّذِيْ يَلِيْهِ وَقَامَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ فِيْ نَحْرِ الْعَدُوِّ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السُّجُوْدَ وَقَامَ الصَّفُّ الَّذِيْ يَلِيْهِ انْحَدَرَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ بِالسُّجُوْدِ ثُمَّ قَامُوْا ثُمَّ تَقَدَّمَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ وَتَاَخَّرَ الْمُقَدَّمُ ثُمَّ رَكَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَكَعْنَا جَمِيْعًا ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ وَرَفَعْنَا جَمِيْعًا ثُمَّ انْحَدَرَ بِالسُّجُوْدِ وَالصَّفُّ الَّذِيْ يَلِيْهِ الَّذِيْ كَانَ مُؤَخَّرًا فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى وَقَامَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ فِيْ نَحْرِ الْعَدُوِّ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اسی (جابرؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو صلوٰۃ خوف پڑھائی ہم نے آپ کے پیچھے دو صفیں باندھیں۔ اور دشمن ہمارے اور قبلہ کے درمیان تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہی۔ اور ہم سب نے تکبیر کہی۔ پھر آپ نے رکوع کیا۔ اور ہم نے رکوع کیا پھر آپ نے رکوع سے سر اٹھایا۔ اور ہم نے سر اٹھایا۔ پھر آپ سجدہ کے لئے جھکے اور وہ صف جو آپ کے پاس تھی اور پچھلی صف دشمن کے مقابل کھڑی رہی۔ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ پورا کر لیا۔ اور وہ صف جو آپ کے قریب تھی کھڑی ہوئی پچھلی صف سجدے کے لئے جھکی پھر کھڑے ہوئے۔ پھر پچھلی صف آگے بڑھی۔ اور اگلی صف پیچھے ہٹ گئی۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا۔ اور ہم سب نے رکوع کیا پھر آپ نے رکوع سے سر اٹھایا۔ اور ہم سب نے اٹھایا پھر آپ سجدہ کے لئے جھکے۔ اور وہ صف جو آپ کے پاس تھی۔ اور وہ پہلی رکعت میں پیچھے تھی۔ اور پچھلی صف دشمن کے سامنے کھڑی رہی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ سے فارغ ہوئے۔ اور وہ صف جو آپ کے نزدیک تھی پچھلی صف سجدہ کے لئے جھکی پھر انہوں نے سجدہ کیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا۔ اور ہم سب نے سلام پھیرا۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

وَسَلَّمَ السُّجُوْدَ وَالصَّفُّ الَّذِیْ یَلِیْهِ الْمُؤَخَّرَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ بِالسُّجُوْدِ فَسَجَدُوْا ثُمَّ سَلَّمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَسَلَّمْنَا جَمِیْعًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

دوسرے صف والے سجدہ کرتے ہیں اور پہلی صف والے کھڑے رہتے ہیں پھر پہلی صف والے سجدہ کرتے ہیں اور دوسری صف والے کھڑے رہتے ہیں پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا اور ہم سب نے سلام پھیرا۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۱۳۴۰/۵ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یُصَلِّیْ بِالنَّاسِ صَلٰوةَ الظُّهْرِ فِی الْخَوْفِ بِبَطْنِ نَخْلٍ فَصَلّٰی بِطَآئِفَةٍ رَّكْعَتَیْنِ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ جَآءَ طَآئِفَةٌ اُخْرٰی فَصَلّٰی بِهِمْ رَكْعَتَیْنِ ثُمَّ سَلَّمَ۔ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

جابر رضؓ سے روایت ہے۔ بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بطن نخل میں خوف کے وقت لوگوں کو ظہر کی نماز پڑھائی۔ ایک جماعت کو دو رکعت پڑھائیں۔ پھر سلام پھیر دیا پھر دوسری جماعت آئی ان کو دو رکعت پڑھائیں۔ پس سلام پھیر دیا۔ (روایت کیا ہے اس کو شرح السنہ میں)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۳۴۱/۶ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ بَیْنَ ضَجْنَانَ وَعُسْفَانَ فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ لِهٰؤُلَآءِ صَلٰوةٌ هِیَ اَحَبُّ اِلَیْهِمْ مِّنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَبْنَآئِهِمْ وَهِیَ الْعَصْرُ فَاَجْمِعُوْا اَمْرَكُمْ فَمِیْلُوْا عَلَیْهِمْ مَّیْلَةً وَّاحِدَةً وَّاِنَّ جِبْرِیْلَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهٗ اَنْ یَّقْسِمَ اَصْحَابَهٗ شَطْرَیْنِ فَیُصَلِّیْ بِهِمْ وَتَقُوْمُ طَآئِفَةٌ اُخْرٰی وَرَآءَهُمْ وَلْیَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ فَتَكُوْنُ لَهُمْ رَكْعَةٌ وَّلِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَانِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضجنان اور عسفان کے درمیان اُترے۔ مشرکوں نے کہا مسلمانوں کی یہ نماز ہے وہ اُن کو اُن کے باپوں اور بیٹوں سے زیادہ محبوب ہے اور وہ عصر کی نماز ہے۔ پس اپنے امر کا قصد کرو اور ان پر یک وقت حملہ کر دو۔ اور حضرت جبریل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ آپ کو حکم دیا۔ کہ اپنے صحابہ رضؓ کو دو حصوں میں تقسیم کریں۔ ایک جماعت کو نماز پڑھاویں اور دوسری جماعت اُن کے پیچھے کھڑی رہے اور چاہئے کہ پکڑیں اپنا بچاؤ اور ہتھیار اپنے۔ پس ان کی ایک ایک رکعت ہوگی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دو رکعتیں ہوں گی۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور نسائی نے)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ صَلٰوةِ الْعِيْدَيْنِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۳۴۲/۱ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ يَوْمَ الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰى اِلَى الْمُصَلّٰى فَاَوَّلُ شَيْءٍ يَّبْدَأُ بِهِ الصَّلٰوةُ ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيَقُوْمُ مُقَابِلَ النَّاسِ وَالنَّاسُ جُلُوْسٌ عَلٰى صُفُوْفِهِمْ فَيَعِظُهُمْ وَيُوْصِيْهِمْ وَيَاْمُرُهُمْ وَاِنْ كَانَ يُرِيْدُ اَنْ يَّقْطَعَ بَعْثًا قَطَعَهٗ اَوْ يَاْمُرُ بِشَيْءٍ اَمَرَ بِهٖ ثُمَّ يَنْصَرِفُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۳۴۳/۲ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِيْدَيْنِ غَيْرَ مَرَّةٍ وَّلَا مَرَّتَيْنِ بِغَيْرِ اَذَانٍ وَّلَا اِقَامَةٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۱۳۴۴/۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ يُصَلُّوْنَ الْعِيْدَيْنِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۳۴۵/۴ وَسُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَشَهِدْتَّ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِيْدَ قَالَ نَعَمْ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى ثُمَّ خَطَبَ وَلَمْ يَذْكُرْ اَذَانًا وَّلَا اِقَامَةً ثُمَّ اَتَى

# عیدین کی نماز کا بیان

## پہلی فصل

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید فطر اور عید قربان کے دن عیدگاہ کی طرف نکلتے سب سے پہلے نماز پڑھتے پھر پھرتے لوگوں کے سامنے کھڑے ہوتے اور لوگ اپنی صفوں پر بیٹھے ہوتے ان کو نصیحت کرتے اور وصیت کرتے اُن کو اور حکم فرماتے اگر کوئی لشکر بھیجنا چاہتے بھیجتے یا کسی چیز کا حکم فرمانا ہوتا۔ حکم فرماتے پھر واپس آتے۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

جابر بن سمرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عیدین کی نماز پڑھی نہ ایک بار نہ دو بار بغیر اذان اور تکبیر کے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضؓ اور حضرت عمر رضؓ عیدین خطبہ سے پہلے پڑھتے تھے (متفق علیہ)

* * * * * * * * * *

ابن عباس رضؓ سے سوال کیا گیا کیا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عید کی نماز پڑھی ہے اُس نے کہا ہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے عید کی نماز پڑھی پھر خطبہ دیا اور اذان اور تکبیر کا ذکر نہیں کیا پھر آپ عورتوں کے پاس آئے ان کو نصیحت کی اور احکام دین یاد دلائے

besturdubooks.wordpress.com

النِّسَاءَ فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ فَرَأَيْتُهُنَّ يَهْوِينَ إِلَى آذَانِهِنَّ وَحُلُوقِهِنَّ يَدْفَعْنَ إِلَى بِلَالٍ ثُمَّ ارْتَفَعَ هُوَ وَبِلَالٌ إِلَى بَيْتِهِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور اُن کو صدقہ کا حکم دیا میں نے ان کو دیکھا کہ اپنے کانوں اور گلوں کیطرف ہاتھ دراز کئے حضرت بلال رضؓ کو دیتی تھیں پھر آپ اور بلال رضؓ گھر کی طرف چلے گئے۔ (متفق علیہ)

۱۳۴۶/۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى يَوْمَ الْفِطْرِ رَكْعَتَيْنِ لَمْ يُصَلِّ قَبْلَهُمَا وَلَا بَعْدَهُمَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عید فطر کی نماز دو رکعت پڑھی نہ اُن سے پہلے اور نہ بعد کچھ پڑھا۔ (متفق علیہ)

۱۳۴۷/۶ وَعَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ أُمِرْنَا أَنْ نُخْرِجَ الْحُيَّضَ يَوْمَ الْعِيدَيْنِ وَذَوَاتِ الْخُدُورِ فَيَشْهَدْنَ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِينَ وَدَعْوَتَهُمْ وَتَعْتَزِلُ الْحُيَّضُ عَنْ مُصَلَّاهُنَّ قَالَتِ امْرَأَةٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِحْدَانَا لَيْسَ لَهَا جِلْبَابٌ قَالَ لِتُلْبِسْهَا صَاحِبَتُهَا مِنْ جِلْبَابِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُم عطیہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ہم کو حکم دیا گیا کہ ہم حیض والی عورتوں کو اور پردہ والیوں کو نکالیں وہ مسلمانوں کی جماعت میں حاضر ہوں اور اُن کی دعا میں اور حیض والیاں اپنے مصلے سے علیحدہ رہیں ایک عورت نے کہا اے اللہ تعالےٰ کے رسولؐ ہم میں سے اگر کسی کے پاس چادر نہ ہو آپؐ نے فرمایا اس کے ساتھ والی اپنی چادر سے اڑھا دے۔ (متفق علیہ)

۱۳۴۸/۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ أَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا جَارِيَتَانِ فِي أَيَّامِ مِنًى تُدَفِّفَانِ وَتَضْرِبَانِ وَفِي رِوَايَةٍ تُغَنِّيَانِ بِمَا تَقَاوَلَتِ الْأَنْصَارُ يَوْمَ بُعَاثٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَغَشٍّ بِثَوْبِهِ فَانْتَهَرَهُمَا أَبُو بَكْرٍ فَكَشَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَجْهِهِ فَقَالَ دَعْهُمَا يَا أَبَا بَكْرٍ فَإِنَّهَا أَيَّامُ عِيدٍ وَفِي رِوَايَةٍ يَا أَبَا بَكْرٍ إِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ عِيدًا وَهٰذَا

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک حضرت ابوبکر رضؓ اس کے پاس آئے ان کے پاس دو چھوکریاں تھیں منیٰ کے دنوں دف بجاتی تھیں ایک روایت میں ہے گاتی تھیں جو انصار نے کہا بُعاث کے دن اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنا کپڑا اوڑھائے ہوئے تھے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے اُن کو ڈانٹا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چہرے سے کپڑا ہٹایا آپؐ نے فرمایا اے ابوبکر رضؓ ان کو چھوڑ دے کیونکہ یہ عید کے دن ہیں ایک روایت میں ہے اے ابوبکر رضؓ بیشک ہر قوم کی ایک عید ہوتی ہے اور یہ ہماری عید ہے۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

عِيْدُنَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۳۴۹/۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَغْدُوْ يَوْمَ الْفِطْرِ حَتّٰى يَاْكُلَ تَمَرَاتٍ وَّيَاْكُلُهُنَّ وِتْرًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر کے دن عیدگاہ کو نہ جاتے یہاں تک کہ کھجوریں کھاتے اور طاق کھجوریں کھاتے (روایت کیا بخاری نے اس کو)

۱۳۵۰/۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمُ عِيْدٍ خَالَفَ الطَّرِيْقَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب عید کا دن ہوتا راہ میں مخالفت کرتے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۳۵۱/۱۰ وَعَنِ الْبَرَآءِ قَالَ خَطَبَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ فَقَالَ اِنَّ اَوَّلَ مَا نَبْدَاُ بِهٖ فِيْ يَوْمِنَا هٰذَا اَنْ نُّصَلِّيَ ثُمَّ نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ اَصَابَ سُنَّتَنَا وَمَنْ ذَبَحَ قَبْلُ اَنْ نُّصَلِّيَ فَاِنَّمَا هُوَ شَاةُ لَحْمٍ عَجَّلَهٗ لِاَهْلِهٖ لَيْسَ مِنَ النُّسُكِ فِيْ شَيْءٍ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

براء سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن خطبہ فرمایا سب سے پہلی چیز جس کو ہم شروع کریں گے یہ کہ ہم نماز پڑھیں گے پھر لوٹ آئیں گے پس قربانی کریں گے جس شخص نے یہ کیا تحقیق ہماری سنت کو پہنچا اور جس نے نماز عید سے پہلے ذبح کیا سو اس کے نہیں وہ بکری کا گوشت ہے جو اس نے اپنے گھر والوں کے لئے جلدی ذبح کر دی ہے اس کا قربانی سے کچھ حصہ نہیں ہے (متفق علیہ)

۱۳۵۲/۱۱ وَعَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ فَلْيَذْبَحْ مَكَانَهَا اُخْرٰى وَمَنْ لَّمْ يَذْبَحْ حَتّٰى صَلَّيْنَا فَلْيَذْبَحْ عَلٰى اسْمِ اللّٰهِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جندب بن عبداللہ بجلی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عید کی نماز سے پہلے ذبح کرے اس کی جگہ ایک دوسرا ذبح کرے اور جس نے ذبح نہ کیا یہاں تک کہ ہم نے نماز پڑھی پس چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے نام سے ذبح کرے۔ (متفق علیہ)

۱۳۵۳/۱۲ وَعَنِ الْبَرَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ فَاِنَّمَا يَذْبَحُ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ ذَبَحَ بَعْدَ الصَّلٰوةِ فَقَدْ تَمَّ نُسُكُهٗ وَاَصَابَ سُنَّةَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

براء رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے نماز سے پہلے ذبح کیا وہ اپنے لئے ذبح کرتا ہے جس نے نماز کے بعد ذبح کیا اس کی قربانی پوری ہوئی اور مسلمانوں کی سنت پائی۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۱۳۵۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْبَحُ وَيَنْحَرُ بِالْمُصَلّٰى۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید گاہ میں ذبح اور نحر کرتے۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۳۵۵ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَلَهُمْ يَوْمَانِ يَلْعَبُوْنَ فِيْهِمَا فَقَالَ مَا هٰذَانِ الْيَوْمَانِ قَالُوْا كُنَّا نَلْعَبُ فِيْهِمَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَبْدَلَكُمُ اللّٰهُ بِهِمَا خَيْرًا مِّنْهُمَا يَوْمَ الْاَضْحٰى وَيَوْمَ الْفِطْرِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے اور اُن کے دو دن تھے جن میں وہ کھیلتے تھے آپؐ نے فرمایا یہ دو دن کیسے ہیں تو انہوں نے کہا جاہلیت کے زمانہ میں ہم ان دو دنوں میں کھیلا کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کے بدلہ میں تمہیں دو دن بہتر عطا فرمائے ہیں عید قربان کا اور عید فطر کا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۳۵۶ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَخْرُجُ يَوْمَ الْفِطْرِ حَتّٰى يَطْعَمَ وَلَا يَطْعَمُ يَوْمَ الْاَضْحٰى حَتّٰى يُصَلِّيَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

بریدہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر کے دن باہر نہیں نکلتے تھے یہاں تک کہ کھالیتے اور قربانی کے دن نہ کھاتے یہاں تک کہ نماز پڑھ لیتے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

۱۳۵۷ وَعَنْ كَثِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبَّرَ فِي الْعِيْدَيْنِ فِي الْاُوْلٰى سَبْعًا قَبْلَ الْقِرَاءَةِ وَفِي الْاٰخِرَةِ خَمْسًا قَبْلَ الْقِرَاءَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

کثیرؒ بن عبداللہ اپنے باپ سے اس نے کثیر کے دادا سے روایت بیان کی ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عیدین کی پہلی رکعت میں سات تکبیریں قرأت سے پہلے اور دوسری میں پانچ تکبیریں قرأت سے پہلے کہا کرتے تھے۔

(روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

۱۳۵۸ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ مُرْسَلًا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ كَبَّرُوْا فِي الْعِيْدَيْنِ وَالْاِسْتِسْقَاءِ

جعفر بن محمد سے مرسل روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ دونوں عیدوں اور نماز استسقاء میں سات اور پانچ تکبیریں کہتے اور خطبہ سے

besturdubooks.wordpress.com

سَبْعًا وَّخَمْسًا وَّصَلُّوْا قَبْلَ الْخُطْبَةِ وَجَهَرُوْا بِالْقِرَآءَةِ۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ)

پہلے نماز پڑھتے اور قرأت بلند آواز سے کرتے (روایت کیا ہے اس کو شافعی نے)

۱۳۵۹/۱۸ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا مُوْسٰى وَحُذَيْفَةَ كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ فِي الْاَضْحٰى وَالْفِطْرِ فَقَالَ اَبُوْ مُوْسٰى كَانَ يُكَبِّرُ اَرْبَعًا تَكْبِيْرَهٗ عَلَى الْجَنَائِزِ فَقَالَ حُذَيْفَةُ صَدَقَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

سعید بن العاص رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے ابو موسیٰ اور حذیفہ رضؓ سے سوال کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید قربان اور عید فطر میں تکبیریں کیسے کہا کرتے تھے ابو موسیٰ رضؓ نے کہا جنازے کی طرح چار تکبیریں کہتے حذیفہ رضؓ نے کہا۔ ابو موسیٰ رضؓ نے سچ کہا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۳۶۰/۱۹ وَعَنِ الْبَرَآءِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُوْوِلَ يَوْمَ الْعِيْدِ قَوْسًا فَخَطَبَ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

براء رضؓ سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عید کے دن کمان پکڑائی گئی آپ نے اس پر ٹیک لگا کر خطبہ دیا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۳۶۱/۲۰ وَعَنْ عَطَآءٍ مُّرْسَلًا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَطَبَ يَعْتَمِدُ عَلٰى عَنَزَتِهٖ اِعْتِمَادًا۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ)

عطاء سے مرسلاً روایت ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دیتے تو اپنے نیزے پر ٹیک لگا کر کھڑے ہوتے (روایت کیا ہے اس کو شافعی نے)

۱۳۶۲/۲۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ شَهِدْتُّ الصَّلٰوةَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ يَوْمِ عِيْدٍ فَبَدَاَ بِالصَّلٰوةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ بِغَيْرِ اَذَانٍ وَّلَا اِقَامَةٍ فَلَمَّا قَضَى الصَّلٰوةَ قَامَ مُتَّكِئًا عَلٰى بِلَالٍ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَوَعَظَ النَّاسَ وَذَكَّرَهُمْ وَحَثَّهُمْ عَلٰى طَاعَتِهٖ وَمَضٰى اِلَى النِّسَآءِ وَمَعَهٗ بِلَالٌ فَاَمَرَهُنَّ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا عید کے دن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز میں حاضر ہوا آپ نے خطبہ سے پہلے نماز شروع کی بغیر اذان اور تکبیر کے جس وقت آپ نماز سے فارغ ہوئے کھڑے ہوئے بلال رضؓ پر ٹیک لگائے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد کی اور اس کی تعریف کی اور لوگوں کو نصیحت کی اور یاد دلایا اور اپنی اطاعت پر اُن کو رغبت دلائی پھر عورتوں کی طرف تشریف لے گئے اور آپ کے ساتھ بلال رضؓ تھے ان کو اللہ تعالیٰ کے تقویٰ کا حکم دیا ان کو نصیحت کی اور اللہ کا عذاب و ثواب اُن کو یاد دلایا (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۳۶۳/۲۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجَ یَوْمَ الْعِیْدِ فِیْ طَرِیْقٍ رَجَعَ فِیْ غَیْرِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب عید کے دن نکلتے کسی راستہ میں واپس اس کے علاوہ کسی دوسرے راستہ سے آتے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی اور دارمی نے)

۱۳۶۴/۲۳ وَعَنْهُ اَنَّهٗ اَصَابَهُمْ مَطَرٌ فِیْ یَوْمِ عِیْدٍ فَصَلّٰی بِهِمُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْعِیْدِ فِی الْمَسْجِدِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے ایک مرتبہ عید کے دن صحابہ کو مینہ پہنچا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو عید کی نماز مسجد میں پڑھائی (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

۱۳۶۵/۲۴ وَعَنْ اَبِی الْحُوَیْرِثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰی عَمْرِو ابْنِ حَزْمٍ وَّهُوَ بِنَجْرَانَ اَنْ عَجِّلِ الْاَضْحٰی وَاَخِّرِ الْفِطْرَ وَذَكِّرِ النَّاسَ۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِیُّ)

ابوالحویرث رضؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرو ابن حزم کو لکھا جب وہ نجران میں تھے کہ عید قربان (کی نماز) میں جلدی کریں اور عید الفطر کی نماز) میں تاخیر کریں اور لوگوں کو نصیحت کریں (روایت کیا اس کو شافعیؒ نے)

۱۳۶۶/۲۵ وَعَنْ اَبِیْ عُمَیْرِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ عُمُوْمَةٍ لَّهٗ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَكْبًا جَآءُوْا اِلَی النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَشْهَدُوْنَ اَنَّهُمْ رَاَوُا الْهِلَالَ بِالْاَمْسِ فَاَمَرَهُمْ اَنْ یُّفْطِرُوْا وَاِذَا اَصْبَحُوْا اَنْ یَّغْدُوْا اِلٰی مُصَلَّاهُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

ابوعمیر رضؓ بن انس اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی چچاؤں سے روایت کرتے ہیں کہ ایک قافلہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا وہ گواہی دیتے تھے کہ انہوں نے عید کا چاند کل دیکھا تھا آپ نے صحابہ کرام کو حکم دیا کہ روزہ افطار کریں اور جب صبح کریں تو اپنی عیدگاہ کی طرف جائیں (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۳۶۷/۲۶ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَطَآءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَا لَمْ یَكُنْ یُؤَذَّنُ یَوْمَ الْفِطْرِ وَلَا یَوْمَ الْاَضْحٰی ثُمَّ سَاَلْتُهٗ یَعْنِیْ عَطَآءً

ابن جریج رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ مجھ کو عطاؒ نے ابن عباس رضؓ اور جابر بن عبداللہ سے بیان کیا ان دونوں نے کہا عید فطر اور عید قربان کے دن نہ اذان کہی جاتی (اور نہ تکبیر) پھر میں کچھ مدت بعد عطاؒ کو ملا اور اس کے متعلق

besturdubooks.wordpress.com

بَعْدَ حِيْنٍ عَنْ ذٰلِكَ فَاَخْبَرَنِيْ قَالَ اَخْبَرَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنْ لَّا اَذَانَ لِلصَّلٰوةِ يَوْمَ الْفِطْرِ حِيْنَ يَخْرُجُ الْاِمَامُ وَلَا بَعْدَ مَا يَخْرُجُ وَلَا اِقَامَةَ وَلَا نِدَآءَ وَلَا شَيْءَ وَلَا نِدَآءَ يَوْمَئِذٍ وَّلَا اِقَامَةَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

پوچھا عطاء نے مجھ کو خبر دی کہا مجھ کو جابر بن عبداللہ نے خبر دی عید فطر کے دن نماز کے لئے نہ اذان تھی جس وقت امام نکلتا اور نہ امام کے نکلنے کے بعد اور نہ تکبیر ہے اور نہ پکارنا اور نہ کچھ اور نہ آواز اور نہ تکبیر (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۳۶۸/۲۷ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْرُجُ يَوْمَ الْاَضْحٰى وَيَوْمَ الْفِطْرِ فَيَبْدَاُ بِالصَّلٰوةِ فَاِذَا صَلّٰى صَلٰوتَهٗ قَامَ فَاَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ وَهُمْ جُلُوْسٌ فِيْ مُصَلَّاهُمْ فَاِنْ كَانَتْ لَهٗ حَاجَةٌ بِبَعْثٍ ذَكَرَهٗ لِلنَّاسِ اَوْ كَانَتْ لَهٗ حَاجَةٌ بِغَيْرِ ذٰلِكَ اَمَرَهُمْ بِهَا وَكَانَ يَقُوْلُ تَصَدَّقُوْا تَصَدَّقُوْا تَصَدَّقُوْا وَكَانَ اَكْثَرُ مَنْ يَّتَصَدَّقُ النِّسَآءُ ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَلَمْ يَزَلْ كَذٰلِكَ حَتّٰى كَانَ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ فَخَرَجْتُ مُخَاصِرًا مَّرْوَانَ حَتّٰى اَتَيْنَا الْمُصَلّٰى فَاِذَا كَثِيْرُ بْنُ الصَّلْتِ قَدْ بَنٰى مِنْبَرًا مِّنْ طِيْنٍ وَّلَبِنٍ فَاِذَا مَرْوَانُ يُنَازِعُنِيْ يَدَهٗ كَاَنَّهٗ يَجُرُّنِيْ نَحْوَ الْمِنْبَرِ وَاَنَا اَجُرُّهٗ نَحْوَ الصَّلٰوةِ فَلَمَّا رَاَيْتُ ذٰلِكَ مِنْهُ قُلْتُ اَيْنَ الْاِبْتِدَآءُ بِالصَّلٰوةِ فَقَالَ لَا يَا اَبَا سَعِيْدٍ قَدْ تُرِكَ مَا تَعْلَمُ قُلْتُ كَلَّا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا تَاْتُوْنَ بِخَيْرٍ مِّمَّا

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم عید قربان اور عید فطر کے دن نکلتے تھے نماز شروع کرتے جس وقت نماز پڑھ لیتے کھڑے ہوتے پس لوگوں پر متوجہ ہوتے اور وہ اپنی اپنی نماز کی جگہ بیٹھے ہوتے پس اگر ہوتی آپ کو لشکر بھیجنے کی حاجت لوگوں کے لئے ذکر کرتے یا اس کے علاوہ کوئی اور حاجت ہوتی اس کا حکم دیتے اور فرمایا کرتے صدقہ کرو صدقہ کرو۔ صدقہ کرو اور زیادہ صدقہ کرنے والی عورتیں ہوتیں پھر واپس آتے اسی طرح امر رہا یہاں تک کہ مروان بن حکم مدینہ کا گورنر بنا میں مروان کا ہاتھ پکڑے ہوئے نکلا ہم عیدگاہ پہنچے ناگہاں کثیر بن صلت نے مٹی اور اینٹ کا منبر بنایا ہوا تھا مروان مجھ سے اپنا ہاتھ کھینچتا تھا گویا وہ مجھ کو منبر کیطرف کھینچتا تھا اور میں اس کو نماز کی طرف کھینچتا تھا جب میں نے اس سے یہ بات دیکھی میں نے کہا نماز کے ساتھ ابتدا کرنا کہاں ہے کہنے لگا نہیں اے ابوسعیدؓ وہ چیز چھوڑ دی گئی ہے جو تو جانتا ہے میں نے کہا ہرگز نہیں اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ میں میری جان ہے نہیں لاؤ گے تم بہتر اس چیز سے جو میں جانتا ہوں تین مرتبہ کہا پھر پھر سے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

اَعْلَمُ ثَلٰثَ مِرَارٍ ثُمَّ انْصَرَفَ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

# بَابٌ فِي الْاُضْحِيَّةِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۳۶۹/۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ ضَحّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ اَمْلَحَيْنِ اَقْرَنَيْنِ ذَبَحَهُمَا بِيَدِهٖ وَسَمّٰى وَكَبَّرَ قَالَ رَاَيْتُهٗ وَاضِعًا قَدَمَهٗ عَلٰى صِفَاحِهِمَا وَيَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۳۷۰/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِكَبْشٍ اَقْرَنَ يَطَاُ فِيْ سَوَادٍ وَّيَبْرُكُ فِيْ سَوَادٍ وَّيَنْظُرُ فِيْ سَوَادٍ فَاُتِيَ بِهٖ لِيُضَحِّيَ بِهٖ قَالَ يَا عَائِشَةُ هَلُمِّي الْمُدْيَةَ ثُمَّ قَالَ اشْحَذِيْهَا بِحَجَرٍ فَفَعَلْتُ ثُمَّ اَخَذَهَا وَاَخَذَ الْكَبْشَ فَاَضْجَعَهٗ ثُمَّ ذَبَحَهٗ ثُمَّ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّمِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ثُمَّ ضَحّٰى بِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۱۳۷۱/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَذْبَحُوْا اِلَّا مُسِنَّةً اِلَّا اَنْ يَّعْسُرَ عَلَيْكُمْ فَتَذْبَحُوْا جَذَعَةً مِّنَ الضَّاْنِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

# قربانی کا بیان

## پہلی فصل

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دنبوں کی قربانی کی دونوں ابلق سینگ دار تھے اپنے ہاتھ سے اُن کو ذبح کیا بسم اللہ پڑھی اور تکبیر کہی انس رضؓ نے کہا میں نے آپؐ کو اُن کے گلے پر پاؤں رکھے ہوئے دیکھا اور کہتے تھے بسم اللہ واللہ اکبر۔
(متفق علیہ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سینگ دار دُنبہ لانے کا حکم دیا کہ سیاہی میں چلتا ہو سیاہی میں بیٹھتا ہو اور سیاہی میں دیکھتا ہو ایسا دنبہ آپؐ کے پاس لایا گیا تاکہ آپؐ اس کی قربانی کریں آپؐ نے فرمایا اے عائشہ رضؓ چھری لاؤ پھر فرمایا اس کو تیز کرو پتھر پر رگڑ کر میں نے ایسا کیا پھر آپؐ نے اس کو پکڑا اور دنبہ کو پکڑا اور اس کو لٹایا اور ذبح کرنے کا ارادہ فرمایا پھر فرمایا بسم اللہ اے اللہ قبول کر محمدؐ سے اور آلِ محمدؐ سے۔ اور محمدؐ کی امت سے پھر اس کی قربانی کی۔
(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ ذبح کرو مگر مُسنّہ کو مگر یہ کہ وہ تم پر مشکل ہو جائے پس ذبح کرو جذعہ دنبہ یا بھیڑ سے۔
(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۳۷۲/۴ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَاهُ غَنَمًا يَقْسِمُهَا عَلٰى صَحَابَتِهٖ ضَحَايَا فَبَقِيَ عَتُوْدٌ فَذَكَرَهٗ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ضَحِّ بِهٖ اَنْتَ وَ فِيْ رِوَايَةٍ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصَابَنِيْ جَذَعٌ قَالَ ضَحِّ بِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عقبہ بن عامر رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بکریوں کا ایک ریوڑ دیا کہ آپ کے صحابہ میں تقسیم کریں قربانی کے لئے ایک بکری کا بچہ باقی رہ گیا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ذکر کیا آپ نے فرمایا تو قربانی کر تو اس کے۔ اور ایک روایت میں ہے میں نے کہا اے اللہ کے رسول مجھ کو ایک بھیڑ کا بچہ ملا ہے آپ نے فرمایا تو اس کی قربانی کر۔ (متفق علیہ)

۱۳۷۳/۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْبَحُ وَيَنْحَرُ بِالْمُصَلّٰى۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ذبح اور نحر عیدگاہ میں کرتے تھے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۳۷۴/۶ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَقَرَةُ عَنْ سَبْعَةٍ وَّالْجَزُوْرُ عَنْ سَبْعَةٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّاَبُوْدَاوٗدَ وَاللَّفْظُ لَهٗ)

جابر رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گائے سات کی طرف سے اور اونٹ بھی سات کی طرف سے کفایت کرتا ہے (روایت کیا ہے مسلم نے اور ابوداؤد نے اور لفظ ہیں واسطے اس کے)

۱۳۷۵/۷ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ وَاَرَادَ بَعْضُكُمْ اَنْ يُّضَحِّيَ فَلَا يَمَسَّ مِنْ شَعْرِهٖ وَبَشَرِهٖ شَيْئًا وَّفِيْ رِوَايَةٍ فَلَا يَاْخُذَنَّ شَعْرًا وَّلَا يَقْلِمَنَّ ظُفُرًا وَّفِيْ رِوَايَةٍ مَّنْ رَاٰى هِلَالَ ذِي الْحِجَّةِ وَاَرَادَ اَنْ يُّضَحِّيَ فَلَا يَاْخُذْ مِنْ شَعْرِهٖ وَلَا مِنْ اَظْفَارِهٖ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام سلمہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ذی الحجہ کا پہلا عشرہ داخل ہو اور بعض تمہارا قربانی کا ارادہ کرے وہ اپنے بال اور ناخن ذرا بھی نہ دور کرے اور ایک روایت میں ہے نہ بال کٹوائے نہ ناخن ترشوائے اور ایک روایت میں ہے جو ذوالحجہ کا چاند دیکھ لے اور قربانی کا ارادہ کرے پس نہ لے بال اپنے اور نہ ناخن اپنے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

۱۳۷۶/۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَيَّامٍ اَلْعَمَلُ الصَّالِحُ فِيْهِنَّ اَحَبُّ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی طرف کوئی دن زیادہ محبوب نہیں جن میں عمل کرنا افضل ہو ان دس دنوں

besturdubooks.wordpress.com

إِلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ الْأَيَّامِ الْعَشْرَةِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَا الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ وَلَا الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ إِلَّا رَجُلٌ خَرَجَ بِنَفْسِهٖ وَمَالِهٖ فَلَمْ يَرْجِعْ مِنْ ذٰلِكَ بِشَيْءٍ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سے صحابہ کرام نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسول اور نہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرنا آپ نے فرمایا اور نہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرنا مگر وہ آدمی جو اپنی ذات اور مال لیکر جہاد کیطرف نکلا پھر اُن میں سے کسی چیز کے ساتھ نہ لوٹا۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۳۷۷/۹ عَنْ جَابِرٍ قَالَ ذَبَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الذَّبْحِ كَبْشَيْنِ أَقْرَنَيْنِ أَمْلَحَيْنِ مَوْجُوْئَيْنِ فَلَمَّا وَجَّهَهُمَا قَالَ إِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ عَلٰى مِلَّةِ إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا وَّمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ إِنَّ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ عَنْ مُّحَمَّدٍ وَّأُمَّتِهٖ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ ثُمَّ ذَبَحَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّأَحْمَدَ وَأَبِيْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيِّ ذَبَحَ بِيَدِهٖ وَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ هٰذَا عَنِّيْ وَعَمَّنْ لَّمْ يُضَحِّ مِنْ أُمَّتِيْ۔

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن دو دنبے سینگ دار ابلق اور خصی ذبح کئے جب ان کو قبلہ کے رُخ لٹایا آپ نے فرمایا میں اپنا منہ اس ذات کے لئے سامنے کرتا ہوں جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ملت پر یک طرفہ ہوں اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں تحقیق میری نماز میری قربانی میری زندگی اور میری موت اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جو رب ہے سب جہانوں کا اس کا کوئی شریک نہیں اور ساتھ اس کے میں حکم دیا گیا ہوں اور میں مسلمانوں میں سے ہوں اے اللہ یہ قربانی تیری ہی عطا سے ہے اور تیرے لئے ہے محمدؐ اور اس کی امت کی طرف سے بسم اللہ واللہ اکبر۔ پھر ذبح کیا (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے ابن ماجہ نے اور دارمی نے) احمد، ابوداؤد اور ترمذی کی ایک روایت میں ہے اپنے ہاتھ مبارک سے اس کو ذبح کیا اور کہا بسم اللہ واللہ اکبر اے اللہ یہ میری طرف سے ہے اور اس شخص کی طرف سے ہے جس نے میری امت میں سے قربانی نہیں کی

۱۳۷۸/۱۰ وَعَنْ حَنَشٍ قَالَ رَأَيْتُ عَلِيًّا يُّضَحِّيْ بِكَبْشَيْنِ فَقُلْتُ لَهٗ مَا هٰذَا فَقَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

حنش سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے علیؓ کو دیکھا وہ دو دنبوں کی قربانی کرتے ہیں میں نے اُسے کہا یہ کیا ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو وصیت فرمائی

besturdubooks.wordpress.com

سَلَّمَ اَوْصَانِیْ اَنْ اُضَحِّیَ عَنْهُ فَاَنَا اُضَحِّیْ عَنْهُ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَی التِّرْمِذِیُّ نَحْوَهٗ)

تھی۔ کہ میں آپ کیطرف سے بھی قربانی دوں۔ میں آپکی طرف سے قربانی کرتا ہوں۔ (روایت کیا ابوداؤد نے اور ترمذی نے اس کی مانند)

۱۳۷۹/۱۱ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَّسْتَشْرِفَ الْعَیْنَ وَالْاُذُنَ وَاَنْ لَّا نُضَحِّیَ بِمُقَابَلَةٍ وَّلَا مُدَابَرَةٍ وَّلَا شَرْقَاءَ وَلَا خَرْقَاءَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَانْتَهَتْ رِوَایَتُهٗ اِلٰی قَوْلِهٖ وَالْاُذُنَ۔

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے۔ کہ ہم قربانی کی آنکھ اور کان اچھی طرح دیکھ لیں اور ہم اس جانور کو ذبح نہ کریں۔ جس کا اگلی جانب سے کان کٹا ہوا ہو۔ اور نہ پچھلی طرف سے اور نہ جس کے کان چرے ہوئے ہوں۔ اور نہ جس کے کان گول یا دراز پھٹے ہوئے ہوں۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی ابوداؤد اور نسائی اور دارمی اور ابن ماجہ نے۔ اس نے یہ روایت والاذن تک روایت کی ہے۔

۱۳۸۰/۱۲ وَعَنْهُ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُّضَحِّیَ بِاَعْضَبِ الْقَرْنِ وَالْاُذُنِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

اسی (علی رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ کہ ہم ٹوٹے ہوئے سینگ یا کٹے ہوئے کان والا جانور ذبح کریں۔ (روایت کیا ہے اسکو ابن ماجہ نے)

۱۳۸۱/۱۳ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ مَاذَا یُتَّقٰی مِنَ الضَّحَایَا فَاَشَارَ بِیَدِهٖ فَقَالَ اَرْبَعًا الْعَرْجَاءُ الْبَیِّنُ ظَلْعُهَا وَالْعَوْرَاءُ الْبَیِّنُ عَوَرُهَا وَالْمَرِیْضَةُ الْبَیِّنُ مَرَضُهَا وَالْعَجْفَاءُ الَّتِیْ لَا تُنْقِیْ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّاَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ)

براء ابن عازب رضؓ سے روایت ہے۔ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا۔ کونسا جانور قربانی کے لائق نہیں۔ آپ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا۔ کہ چار جانور ہیں۔ لنگڑا جس کا لنگڑا پن ظاہر ہو۔ کانا جس کا کانا پن ظاہر ہو۔ بیمار جس کی بیماری ظاہر ہو۔ اور دبلا جس کی ہڈیوں میں گودا نہ ہو۔

(روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

۱۳۸۲/۱۴ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُضَحِّیْ بِكَبْشٍ اَقْرَنَ فَحِیْلٍ یَنْظُرُ فِیْ سَوَادٍ وَّیَاْكُلُ فِیْ سَوَادٍ وَّیَمْشِیْ فِیْ سَوَادٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ

ابوسعید رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دنبہ فربہ سینگ دار قربانی کرتے تھے۔ جو سیاہی میں دیکھتا۔ سیاہی میں کھاتا۔ اور سیاہی میں چلتا تھا۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے۔ اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے۔

besturdubooks.wordpress.com

ماجۃ)

۱۳۸۳/۱۵ وَعَنْ مُجَاشِعٍ مِّنْ بَنِیْ سُلَیْمٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ اِنَّ الْجَذَعَ یُوَفِّیْ مِمَّا یُوَفِّیْ مِنْہُ الثَّنِیُّ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

مجاشع رضؓ سے روایت ہے جو بنو سلیم میں سے تھے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے جذع کفایت کرتا ہے اس چیز سے جس سے کفایت کرے ثنی۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۳۸۴/۱۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ نِعْمَتِ الْاُضْحِیَّۃُ الْجَذَعُ مِنَ الضَّاْنِ

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جذع دنبے سے اچھا ہے قربانی میں۔

(روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۳۸۵/۱۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ سَفَرٍ فَحَضَرَ الْاَضْحٰی فَاشْتَرَکْنَا فِی الْبَقَرَۃِ سَبْعَۃً وَّفِی الْبَعِیْرِ عَشَرَۃً

رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ۔

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ایک سفر میں عید قربان آگئی ہم گائے میں سات شریک ہوئے اور اونٹ میں دس شریک ہوئے۔

(روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے)

۱۳۸۶/۱۸ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا عَمِلَ ابْنُ اٰدَمَ مِنْ عَمَلٍ یَوْمَ النَّحْرِ اَحَبَّ اِلَی اللّٰہِ مِنْ اِھْرَاقِ الدَّمِ وَاِنَّہٗ لَیَاْتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ بِقُرُوْنِھَا وَاَشْعَارِھَا وَاَظْلَافِھَا وَاِنَّ الدَّمَ لَیَقَعُ مِنَ اللّٰہِ بِمَکَانٍ قَبْلَ اَنْ یَّقَعَ بِالْاَرْضِ فَطِیْبُوْا بِھَا نَفْسًا

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی انسان نے قربانی کے دن کوئی ایسا عمل نہیں کیا جو اللہ تعالیٰ کی طرف خون بہانے سے زیادہ محبوب ہو اور وہ قیامت کے دن آئے گا اپنے سینگوں اور بالوں اور کھروں سمیت اور تحقیق خون قبول ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کے ہاں اس سے پہلے کہ زمین پر گرے پس اس کے ساتھ نفسوں کو خوش کرو (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۳۸۷/۱۹ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَيَّامٍ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ اَنْ يُّتَعَبَّدَ لَهٗ فِيْهَا مِنْ عَشْرِ ذِى الْحِجَّةِ يَعْدِلُ صِيَامُ كُلِّ يَوْمٍ مِّنْهَا بِصِيَامِ سَنَةٍ وَّقِيَامُ كُلِّ لَيْلَةٍ مِّنْهَا بِقِيَامِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِىُّ اِسْنَادُهٗ ضَعِيْفٌ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی دن زیادہ محبوب نہیں کہ اس میں عبادت کی جائے۔ دس دن ذی الحجہ سے اس کے ہر دن کا روزہ سال کے روزوں کے برابر ہوتا ہے۔ اور ہر رات کا قیام لیلۃ القدر کے قیام کے برابر ہوتا ہے۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے کہا۔ اس کی سند ضعیف ہے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۳۸۸/۲۰ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ شَهِدْتُّ الْاَضْحٰى يَوْمَ النَّحْرِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَعُدْ اَنْ صَلّٰى وَفَرَغَ مِنْ صَلٰوتِهٖ وَسَلَّمَ فَاِذَا هُوَ يَرٰى لَحْمَ اَضَاحِىَّ قَدْ ذُبِحَتْ قَبْلَ اَنْ يَّفْرُغَ مِنْ صَلٰوتِهٖ فَقَالَ مَنْ كَانَ ذَبَحَ قَبْلَ اَنْ يُّصَلِّىَ اَوْ يُصَلِّىَ فَلْيَذْبَحْ مَكَانَهَا اُخْرٰى وَفِىْ رِوَايَةٍ قَالَ صَلَّى النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ خَطَبَ ثُمَّ ذَبَحَ وَقَالَ مَنْ كَانَ ذَبَحَ قَبْلَ اَنْ يُّصَلِّىَ اَوْ نُصَلِّىَ فَلْيَذْبَحْ اُخْرٰى مَكَانَهَا وَمَنْ لَّمْ يَذْبَحْ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جندب بن عبداللہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا عید قربان میں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر تھا پس نہ سجاؤ کیا آپ نے یہ کہ نماز پڑھی۔ اور اپنی نماز سے فارغ ہونے۔ آپ نے قربانیوں کا گوشت دیکھا۔ کہ نماز سے فارغ ہونے سے پہلے ذبح کی گئی ہیں۔ آپ نے فرمایا جس نے نماز پڑھنے سے پہلے قربانی ذبح کی۔ یا فرمایا کہ ہمارے نماز پڑھنے سے پہلے اس کی جگہ دوسرا جانور قربانی کرے۔ اور ایک روایت میں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن نماز پڑھی پھر خطبہ دیا پھر قربانی ذبح کی اور فرمایا جس نے نماز پڑھنے سے پہلے یا فرمایا۔ اس سے پہلے کہ نماز پڑھیں ہم ذبح کیا ہے وہ اس کی جگہ اور ذبح کرے۔ اور جس نے ذبح نہیں کیا وہ اللہ کے نام سے ذبح کرے۔ (متفق علیہ)

۱۳۸۹/۲۱ وَعَنْ نَّافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ اَلْاَضْحٰى يَوْمَانِ بَعْدَ يَوْمِ الْاَضْحٰى۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَّقَالَ بَلَغَنِىْ عَنْ عَلِىِّ ابْنِ اَبِىْ طَالِبٍ مِّثْلُهٗ۔

نافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ بیشک ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا۔ کہ قربانی کے دو دن ہیں۔ نحر کے دن کے بعد۔ (روایت کیا ہے اس کو مالک نے۔ اور کہا مجھ کو علی ابن ابی طالب سے اس کی مانند روایت پہنچی ہے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۳۹۰/۲۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ عَشْرَ سِنِيْنَ يُضَحِّيْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں دس سال ٹھہرے آپ ہر سال قربانی کرتے تھے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۳۹۱/۲۳ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَالَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا هٰذِهِ الْاَضَاحِيُّ قَالَ سُنَّةُ اَبِيْكُمْ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالُوْا فَمَا لَنَا فِيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِكُلِّ شَعْرَةٍ حَسَنَةٌ قَالُوْا فَالصُّوْفُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِكُلِّ شَعْرَةٍ مِّنَ الصُّوْفِ حَسَنَةٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

زید بن ارقمؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ یہ قربانی کیا ہے آپ نے فرمایا تمہارے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا طریقہ ہے انہوں نے کہا ہمیں اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ اس سے کیا ثواب ملتا ہے آپؐ نے فرمایا ہر بال کے عوض ایک نیکی ہے صحابہ کرام نے عرض کیا پس صوف کے متعلق کیا خیال ہے اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ آپؐ نے فرمایا ہر صوف کے ایک پشم کے بدلے ایک نیکی ہے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابن ماجہ نے)

# بَابُ الْعَتِيْرَةِ

# عتیرہ کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۳۹۲/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا فَرَعَ وَلَا عَتِيْرَةَ قَالَ وَالْفَرَعُ اَوَّلُ نِتَاجٍ كَانَ يُنْتَجُ لَهُمْ كَانُوْا يَذْبَحُوْنَهُ لِطَوَاغِيْتِهِمْ وَالْعَتِيْرَةُ فِيْ رَجَبٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپؐ نے فرمایا اسلام میں فرع اور عتیرہ نہیں کہا فرع جانور کا پہلا بچہ جو کافروں کے ہاں پیدا ہوتا ہے وہ اُسے اپنے بتوں کے نام ذبح کرتے ہیں اور عتیرہ رجب میں ذبح کرتے ہیں۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۳۹۳/۲ عَنْ مِخْنَفِ بْنِ سُلَيْمٍ قَالَ كُنَّا وُقُوْفًا مَّعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

مخنف بن سلیم سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم عرفات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ٹھہرے ہوئے تھے

besturdubooks.wordpress.com

وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ عَلَى كُلِّ أَهْلِ بَيْتٍ فِي كُلِّ عَامٍ أُضْحِيَّةً وَّعَتِيْرَةً هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الْعَتِيْرَةُ هِيَ الَّتِي تُسَمُّوْنَهَا الرَّجَبِيَّةَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ ضَعِيْفُ الْإِسْنَادِ وَقَالَ أَبُوْدَاوٗدَ وَالْعَتِيْرَةُ مَنْسُوْخَةٌ۔

میں نے آپ سے سنا آپ فرماتے تھے اے لوگو ہر گھر والے پر سال میں قربانی واجب ہے اور عتیرہ اور تم جانتے ہو کہ عتیرہ کیا ہے یہ وہ ہے جس کا نام تم رجبیہ رکھتے ہو۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ضعیف ہے سند کے اعتبار سے ابوداؤد نے کہا عتیرہ منسوخ ہے)

* * * \

besturdubooks.wordpress.com

جَامِعَةٌ فَتَقَدَّمَ فَصَلّٰى اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ فِيْ رَكْعَتَيْنِ وَاَرْبَعَ سَجَدَاتٍ قَالَتْ عَائِشَةُ مَا رَكَعْتُ رُكُوْعًا وَّلَا سَجَدْتُ سُجُوْدًا قَطُّ كَانَ اَطْوَلَ مِنْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

بڑھے۔ چار رکوع کئے دو رکعت میں اور چار سجدے کئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا۔ میں نے کبھی کوئی رکوع اور سجدہ اس سے لمبا نہیں کیا۔ (متفق علیہ)

۱۳۹۶ وَعَنْهَا قَالَتْ جَهَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلٰوةِ الْخُسُوْفِ بِقِرَاءَتِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز خسوف میں بلند آواز سے قرأت کی۔ (متفق علیہ)

۱۳۹۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ انْخَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ مَعَهٗ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا نَحْوًا مِّنْ قِرَاءَةِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَّهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَّهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَفَعَ ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ قَامَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَّهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَّهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَّهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَّهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَفَعَ ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ فَقَالَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَيٰوتِهٖ فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَاذْكُرُوا

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں سورج گرہن ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی۔ اور لوگوں نے بھی آپ نے قیام لمبا فرمایا۔ سورۂ بقرہ پڑھنے کے قریب پھر آپ نے لمبا رکوع کیا۔ پھر آپ نے سر اٹھایا۔ اور لمبا قیام کیا۔ اور وہ پہلے قیام سے کم تھا۔ پھر لمبا رکوع کیا۔ اور وہ پہلے رکوع سے کم تھا۔ پھر سر اٹھایا پھر سجدہ کیا۔ پھر آپ کھڑے ہوئے۔ اور لمبا قیام کیا۔ اور وہ پہلے قیام سے ذرا کم تھا۔ پھر آپ نے لمبا رکوع کیا۔ اور وہ پہلے رکوع سے ذرا کم تھا۔ پھر آپ نے سر اٹھایا۔ پھر آپ نے لمبا قیام کیا اور وہ پہلے قیام سے کم تھا پھر آپ نے لمبا رکوع کیا اور وہ پہلے رکوع سے کم تھا پھر آپ نے سر اٹھایا۔ پھر آپ نے سجدہ کیا۔ اور پھر پھرے نماز سے۔ اور سورج روشن ہو چکا تھا۔ آپ نے فرمایا۔ سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں۔ کسی کے مرنے یا کسی کے پیدا ہونے سے ان کو گرہن نہیں لگتا۔ جب تم دیکھو یہ۔ پس اللہ تعالیٰ کو یاد کرو۔ صحابہ کرام نے کہا۔ اے اللہ تعالیٰ کے رسول! ہم نے آپ کو دیکھا ہے اپنی اس جگہ پر آپ نے کوئی چیز پکڑی ہے۔ پھر ہم نے آپ کو دیکھا۔ کہ پیچھے ہٹے۔ پس آپ نے فرمایا۔ میں

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَأَيْنَاكَ تَنَاوَلْتَ شَيْئًا فِيْ مَقَامِكَ هٰذَا ثُمَّ رَأَيْنَاكَ تَكَعْكَعْتَ فَقَالَ إِنِّيْ رَأَيْتُ الْجَنَّةَ فَتَنَاوَلْتُ مِنْهَا عُنْقُوْدًا وَّلَوْ أَخَذْتُهُ لَا كَلْتُمْ مِّنْهُ مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا وَرَأَيْتُ النَّارَ فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ مَنْظَرًا قَطُّ أَفْظَعَ وَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ فَقَالُوْا بِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِكُفْرِهِنَّ قِيْلَ يَكْفُرْنَ بِاللّٰهِ قَالَ يَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ وَيَكْفُرْنَ الْإِحْسَانَ لَوْ أَحْسَنْتَ إِلٰى إِحْدٰهُنَّ الدَّهْرَ ثُمَّ رَأَتْ مِنْكَ شَيْئًا قَالَتْ مَا رَأَيْتُ مِنْكَ خَيْرًا قَطُّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نے جنت دیکھی میں نے ایک انگور کا خوشہ لینے کا قصد کیا اور اگر میں لے لیتا تم رہتی دنیا تک اس کو کھاتے اور میں نے دوزخ دیکھی ہے کبھی اس سے بڑھ کر ہولناک منظر میں نے نہیں دیکھا اور میں نے دیکھا ہے کہ اس میں رہنے والی اکثر عورتیں ہیں۔ انہوں نے کہا کیوں اے اللہ تعالیٰ کے رسول آپ نے فرمایا اُن کے کفر کیوجہ سے آپ سے کہا گیا کیا وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر کرتی ہیں آپ نے فرمایا خاوند کا کفران نعمت کرتی ہیں اور احسان کا کفران کرتی ہیں اگر ان میں سے کسی کیطرف تو ایک مدت تک نیکی کرتا رہے پھر تجھ سے دیکھے کوئی مرضی کے خلاف چیز کہے گی کبھی میں نے تجھ سے نیکی نہیں دیکھی (بخاری اور مسلم نے روایت کی ہے)

۱۳۹۸/۴ وَعَنْ عَائِشَةَ نَحْوَ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّقَالَتْ ثُمَّ سَجَدَ فَأَطَالَ السُّجُوْدَ ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَدِ انْجَلَتِ الشَّمْسُ فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَّلَا لِحَيٰوتِهِ فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذٰلِكَ فَادْعُوا اللّٰهَ وَكَبِّرُوْا وَصَلُّوْا وَتَصَدَّقُوْا ثُمَّ قَالَ يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ وَّاللّٰهِ مَا مِنْ أَحَدٍ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ أَنْ يَّزْنِيَ عَبْدُهُ أَوْ تَزْنِيَ أَمَتُهُ يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ وَّاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَّلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت ہے ابن عباس رضی کی حدیث کی مانند اور کہا حضرت عائشہ رضی نے پھر آپ نے سجدہ کیا پس لمبا سجدہ کیا پھر پھرے اور سورج روشن ہوگیا تھا پس آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا اللہ تعالیٰ کی تعریف کی اور ثنا کہی پھر فرمایا بیشک سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں کسی کے مرنے اور پیدا ہونے پر نہیں گہنتے جب دیکھو تم یہ پس اللہ تعالیٰ سے دعا کرو اور تکبیر پڑھو اور نماز پڑھو اور صدقہ کرو پھر آپ نے فرمایا اے امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی قسم اللہ تعالیٰ سے زیادہ کوئی غیرت مند نہیں۔ کہ اس کا غلام یا اس کی لونڈی زنا کرے اے امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی قسم اگر تم جان لو جو میں جانتا ہوں البتہ کم ہنسو اور زیادہ روؤ۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۱۳۹۹ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَزِعًا یَخْشٰی اَنْ تَکُوْنَ السَّاعَۃُ فَاَتَی الْمَسْجِدَ فَصَلّٰی بِاَطْوَلِ قِیَامٍ وَّرُکُوْعٍ وَّسُجُوْدٍ مَّا رَاَیْتُہٗ قَطُّ یَفْعَلُہٗ وَقَالَ ھٰذِہِ الْاٰیَاتُ الَّتِیْ یُرْسِلُ اللّٰہُ لَا تَکُوْنُ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَیٰوتِہٖ وَلٰکِنْ یُّخَوِّفُ اللّٰہُ بِھَا عِبَادَہٗ فَاِذَا رَاَیْتُمْ شَیْئًا مِّنْ ذٰلِکَ فَافْزَعُوْا اِلٰی ذِکْرِہٖ وَدُعَائِہٖ وَاسْتِغْفَارِہٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابو موسیٰ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا سورج گھنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھبرائے ہوئے کھڑے ہوئے ڈرتے تھے کہ قیامت نہ آجائے مسجد میں آئے نماز پڑھائی بڑے لمبے قیام اور رکوع اور سجود والی میں نے ایسی نماز پڑھتے کبھی آپ کو نہیں دیکھا اور فرمایا یہ نشانیاں ہیں اللہ تعالیٰ اُن کو بھیجتا ہے کسی کے مرنے یا پیدا ہونے کی وجہ سے نہیں ہوتیں لیکن اسکے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے جس وقت تم اُن میں سے کوئی چیز دیکھو تو اس کے ذکر اور دُعا اور استغفار کیطرف پناہ ڈھونڈو (متفق علیہ)

۱۴۰۰ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ انْکَسَفَتِ الشَّمْسُ فِیْ عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ مَاتَ اِبْرَاھِیْمُ بْنُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰی بِالنَّاسِ سِتَّ رَکَعَاتٍ بِاَرْبَعِ سَجَدَاتٍ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سورج گرہن ہوا جس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے ابراہیم فوت ہوئے آپ نے لوگوں کو چھ رکوع چار سجدوں کے ساتھ پڑھائے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۴۰۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ کَسَفَتِ الشَّمْسُ ثَمَانَ رَکَعَاتٍ فِیْ اَرْبَعِ سَجَدَاتٍ وَّعَنْ عَلِیٍّ مِّثْلُ ذٰلِکَ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت سورج گھنا نماز پڑھائی آٹھ رکوع چار سجدوں کی حضرت علی رضؓ سے بھی اس کی مثل روایت ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۴۰۲ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ کُنْتُ اَرْمِیْ بِاَسْھُمٍ لِّیْ بِالْمَدِیْنَۃِ فِیْ حَیَاۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذْ کَسَفَتِ الشَّمْسُ فَنَبَذْتُھَا فَقُلْتُ

عبدالرحمٰن رضؓ بن سمرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں مدینہ منورہ میں تیر اندازی کر رہا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی مبارک میں اچانک سورج گرہن ہوا۔ میں نے تیر پھینک دیئے میں نے کہا اللہ کی قسم ضرور

وَاللّٰهِ لَأَنْظُرَنَّ إِلٰى مَا حَدَثَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ قَالَ فَأَتَيْتُهُ وَهُوَ قَائِمٌ فِي الصَّلٰوةِ رَافِعٌ يَدَيْهِ فَجَعَلَ يُسَبِّحُ وَيُهَلِّلُ وَيُكَبِّرُ وَيَحْمَدُ وَيَدْعُوْ حَتّٰى حُسِرَ عَنْهَا فَلَمَّا حُسِرَ عَنْهَا قَرَءَ سُوْرَتَيْنِ وَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ فِيْ صَحِيْحِهٖ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ وَكَذَا فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْهُ وَفِيْ نُسْخِ الْمَصَابِيْحِ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ۔

دیکھوں گا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ سورج گرہن سے کیا کرتے ہیں انہوں نے کہا۔ میں آپ کے پاس آیا آپ نماز میں کھڑے تھے دونوں ہاتھ اٹھائے ہوئے تھے آپ نے سبحان اللہ، لاالٰہ الا اللہ، اللہ اکبر، الحمد للہ کہنا شروع کیا اور دعا مانگتے رہے یہاں تک کہ اندھیرا جاتا رہا جب اندھیرا دور ہوا آپ نے پڑھیں دو سورتیں دو رکعتوں میں۔

(روایت کیا ہے اس کو مسلم نے اپنی صحیح میں عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی سے اسی طرح شرح السنہ میں ہے اس سے مصابیح میں یہ روایت جابر بن سمرہ رضی سے ہے)

۱۴۰۳ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ قَالَتْ لَقَدْ أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَتَاقَةِ فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اسماء بنت ابی بکر سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غلام آزاد کرنے کا حکم دیا کسوف شمس میں (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۴۰۴ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ كُسُوْفٍ لَا نَسْمَعُ لَهٗ صَوْتًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

سمرہ بن جندب سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو سورج گرہن کی نماز پڑھائی آپ کی آواز کو ہم نہیں سنتے تھے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۴۰۵ وَعَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ قِيْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَاتَتْ فُلَانَةُ بَعْضُ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَّ سَاجِدًا فَقِيْلَ لَهٗ تَسْجُدُ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ فَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عکرمہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہا گیا ابن عباس کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی فلاں بیوی فوت ہوگئی وہ سجدے میں گر گئے ان کے لئے کہا گیا اس وقت تو سجدہ کرتا ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس وقت تم کوئی نشانی دیکھو سجدہ کرو

besturdubooks.wordpress.com

إِذَا رَأَيْتُمْ آيَةً فَاسْجُدُوا وَأَيُّ آيَةٍ أَعْظَمُ مِنْ ذَهَابِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی کے فوت ہو جانے سے بڑھ کر اور کون سی نشانی ہو سکتی ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۴۰۶/۱۲ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِهِمْ فَقَرَأَ سُوْرَةً مِّنَ الطِّوَالِ وَرَكَعَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ وَّسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ قَامَ ثَانِيَةً فَقَرَأَ بِسُوْرَةٍ مِّنَ الطِّوَالِ ثُمَّ رَكَعَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ وَّسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ كَمَا هُوَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ يَدْعُوْ حَتّٰى انْجَلَى كُسُوْفُهَا (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

ابی بن کعبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں سورج گرہن ہوا آپؐ نے صحابہ کو نماز پڑھائی اور لمبی سورتوں میں سے ایک سورت پڑھی اور رکوع کئے پانچ اور دو سجدے کئے پھر دوسری رکعت کیطرف کھڑے ہوئے اور لمبی سورتوں میں سے ایک سورت پڑھی پھر رکوع کئے پانچ اور دو سجدے کئے پھر جیسے کہ تھے قبلہ رُخ بیٹھے دُعا مانگتے رہے یہاں تک کہ اس کا کسوف جاتا رہا (روایت کیا ابوداؤد نے)

۱۴۰۷/۱۳ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ وَيَسْأَلُ عَنْهَا حَتّٰى انْجَلَتِ الشَّمْسُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَفِيْ رِوَايَةِ النَّسَائِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى حِيْنَ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ مِثْلَ صَلٰوتِنَا يَرْكَعُ وَيَسْجُدُ وَلَهُ فِيْ أُخْرٰى أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا مُّسْتَعْجِلًا إِلَى الْمَسْجِدِ وَقَدِ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ فَصَلّٰى حَتّٰى انْجَلَتْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ أَهْلَ الْجَاهِلِيَّةِ كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَنْخَسِفَانِ إِلَّا لِمَوْتِ عَظِيْمٍ مِّنْ عُظَمَاءِ

نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں سورج گرہن ہوا آپؐ نے دو دو رکعت کر کے نماز پڑھنا شروع کی اور سورج کے متعلق پوچھتے تھے یہاں تک کہ سورج روشن ہوا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے) اور نسائی کی ایک روایت میں ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی جس وقت سورج گرہن ہو گیا تھا ہماری نماز کی طرح رکوع اور سجدہ کرتے تھے اس کی ایک دوسری روایت میں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن مسجد کی طرف جلدی کرتے ہوئے نکلے اور سورج گہنا گیا تھا آپؐ نے نماز پڑھی حتیٰ کہ سورج روشن ہوا پھر فرمایا اہل جاہلیت کہا کرتے تھے کہ سورج اور چاند کسی بڑے سردار کی موت کی وجہ سے گرہن ہوتے ہیں اور بے شک سورج اور چاند کسی کے مرنے یا پیدا ہونے کی وجہ سے گرہن نہیں ہوتے لیکن یہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے مخلوق

besturdubooks.wordpress.com

اَهْلِ الْاَرْضِ وَاِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَيٰوتِهٖ وَلٰكِنَّهُمَا خَلِيْقَتَانِ مِنْ خَلْقِهٖ يُحْدِثُ اللّٰهُ فِيْ خَلْقِهٖ مَا شَآءَ فَاَيُّهُمَا انْخَسَفَ فَصَلُّوْا حَتّٰى يَنْجَلِيَ اَوْ يُحْدِثَ اللّٰهُ اَمْرًا۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

ہیں اللہ تعالیٰ جو چاہے اپنی مخلوق میں تغیر پیدا فرمائے۔ ان دونوں میں سے جو گہنے۔ نماز پڑھو یہاں تک کہ کھل جائے یا پیدا کر دے اللہ تعالیٰ کوئی اور حکم۔ (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

## بَابُ فِيْ سُجُوْدِ الشُّكْرِ

## سجدۂ شکر کا بیان

وَهٰذَا الْبَابُ خَالٍ عَنِ الْفَصْلِ الْاَوَّلِ وَالثَّالِثِ۔

یہ باب پہلی اور تیسری فصل سے خالی ہے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

### دوسری فصل

۱۴۰۸/۱ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَآءَهٗ اَمْرُ سُرُوْرٍ اَوْ يُسَرُّ بِهٖ خَرَّ سَاجِدًا شَاكِرًا لِلّٰهِ تَعَالٰى۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جس وقت کوئی خوشی کی امر پہنچتا سجدہ کرتے۔ اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے۔

روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے۔ اور ترمذی نے کہا۔ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱۴۰۹/۲ وَعَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا مِّنَ الْغَاشِيَةِ فَخَرَّ سَاجِدًا۔ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ مُرْسَلًا وَّفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ۔

ابوجعفر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بونوں میں سے ایک آدمی کو دیکھا۔ پس سجدہ میں گر پڑے۔ (روایت کیا ہے اس کو دارقطنی نے مرسل۔ اور شرح السنہ میں مصابیح کے لفظ کے مطابق ہے

۱۴۱۰/۳ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَّكَّةَ نُرِيْدُ الْمَدِيْنَةَ فَلَمَّا

سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ مکرمہ سے نکلے مدینہ منورہ جانا چاہتے تھے جب ہم عزوزاء کے قریب ہوئے

besturdubooks.wordpress.com

كُنَّا قَرِيبًا مِّنْ عَزْوَرَاءَ نَزَلَ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَدَعَا اللّٰهَ سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا فَمَكَثَ طَوِيلًا ثُمَّ قَامَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا فَمَكَثَ طَوِيلًا ثُمَّ قَامَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا قَالَ إِنِّي سَأَلْتُ رَبِّي وَشَفَعْتُ لِأُمَّتِي فَأَعْطَانِي ثُلُثَ أُمَّتِي فَخَرَرْتُ سَاجِدًا لِرَبِّي شُكْرًا ثُمَّ رَفَعْتُ رَأْسِي فَسَأَلْتُ رَبِّي لِأُمَّتِي فَأَعْطَانِي ثُلُثَ أُمَّتِي فَخَرَرْتُ سَاجِدًا لِرَبِّي شُكْرًا ثُمَّ رَفَعْتُ رَأْسِي فَسَأَلْتُ رَبِّي لِأُمَّتِي فَأَعْطَانِي الثُّلُثَ الْآخَرَ فَخَرَرْتُ سَاجِدًا لِرَبِّي شُكْرًا۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ)

اُترے پھر آپ نے دونوں ہاتھ بلند کئے اللہ تعالیٰ سے تھوڑی دیر دعا مانگی پھر سجدہ میں گر پڑے سجدہ میں کافی دیر پڑے رہے پھر کھڑے ہوئے پھر تھوڑی دیر ہاتھ اُٹھائے پھر سجدے میں گرے۔ کافی دیر تک سجدہ میں پڑے رہے پھر کھڑے ہوئے پھر تھوڑی دیر ہاتھ اٹھائے پھر سجدے میں گرے آپ نے فرمایا میں نے اپنی امت کے لئے اپنے رب سے دعا مانگی ہے اور شفاعت کی ہے مجھ کو تہائی امت دے دی پھر میں اپنے رب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے سجدہ میں گر گیا پھر میں نے اپنا سر اُٹھایا اور اپنی امت کے لئے اپنے رب سے دعا مانگی مجھ کو تہائی امت کی دے دی پھر میں اپنے رب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے سجدے میں گر گیا پھر میں نے اپنا سر اٹھایا اور اپنی امت کے لئے اپنے رب سے دعا مانگی مجھ کو تہائی اخیر بھی دے دی پھر میں شکریہ ادا کرتے ہوئے سجدہ میں گر گیا (روایت کیا ہے اس کو ابو داؤد نے اور احمد نے)

# بَابُ صَلٰوةِ الْاِسْتِسْقَاءِ

# نماز استسقاء کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۴۱۱/۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ إِلَى الْمُصَلّٰى يَسْتَسْقِي فَصَلّٰى بِهِمْ رَكْعَتَيْنِ جَهَرَ فِيهِمَا بِالْقِرَاءَةِ وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ يَدْعُو وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَحَوَّلَ رِدَاءَهُ حِينَ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبد اللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو لیکر مینہ طلب کرنے کے لئے عیدگاہ کی طرف روانہ ہوئے اُن کو دو رکعت نماز پڑھائی اُن میں قرأت بلند آواز سے کی قبلہ کی طرف منہ کیا دعا مانگتے تھے اپنے ہاتھ اٹھائے اپنی چادر پھیری جس وقت قبلہ کیطرف منہ کیا (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۱۴۱۲/۲ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی کریم صلی اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ شَيْءٍ مِّنْ دُعَائِهٖ اِلَّا فِي الْاِسْتِسْقَاءِ فَاِنَّهٗ يَرْفَعُ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضُ اِبْطَيْهِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

علیہ وسلم کسی دعا میں دونوں ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے مگر استسقاء کی نماز میں آپ دونوں ہاتھ اٹھاتے یہاں تک کہ آپ کے بغلوں کی سفیدی دکھائی جاتی تھی (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

* * * * * * * * * * *

۱۴۱۳ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَسْقٰى فَاَشَارَ بِظَهْرِ كَفَّيْهِ اِلَى السَّمَآءِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (انس رض) سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مینہ مانگا اور اپنے دونوں ہاتھوں کی پشتوں کے ساتھ آسمان کی طرف اشارہ کیا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۴۱۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَاَى الْمَطَرَ قَالَ اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا نَّافِعًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت بارش دیکھتے آپ فرماتے اے اللہ خوب مینہ برسا نفع دینے والا (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۴۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اَصَابَنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَطَرٌ قَالَ فَحَسَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَهٗ حَتّٰى اَصَابَهٗ مِنَ الْمَطَرِ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَ صَنَعْتَ هٰذَا قَالَ لِاَنَّهٗ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِرَبِّهٖ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انس رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ساتھ تھے کہ ہم کو بارش پہنچی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کپڑا جسم مبارک سے ہٹایا یہاں تک کہ اس کو بارش پہنچی ہم نے کہا اے اللہ تعالیٰ کے رسول اس طرح کیوں کیا ہے آپ نے فرمایا اس کا اپنے رب کے پاس سے آنے کا وقت ابھی نیا ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۴۱۶ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمُصَلّٰى فَاسْتَسْقٰى وَحَوَّلَ رِدَآءَهٗ حِيْنَ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَجَعَلَ عِطَافَ الْاَيْمَنِ عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْسَرِ وَجَعَلَ عِطَافَهُ الْاَيْسَرَ عَلٰى عَاتِقِهِ الْاَيْمَنِ ثُمَّ دَعَا

عبداللہ بن زید رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ کی طرف نکلے پس بارش طلب کی اور اپنی چادر پھیری جس وقت قبلہ کی طرف منہ کیا اس کا دایاں کونہ بائیں کندھے پر رکھا اور بایاں کونہ دائیں کندھے پر رکھا آپ پر سیاہ رنگ کی چادر تھی آپ نے اس کو نیچے سے پکڑنا چاہا کہ اس کو اوپر الٹ دیں جب آپ پر بھاری ہو گئی اپنے کندھوں پر اس کو الٹ دیا پھر اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰہ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

۱۴۱۷/۷ وَعَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ اسْتَسْقٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْہِ خَمِیْصَۃٌ لَّہٗ سَوْدَاءُ فَاَرَادَ اَنْ یَّاْخُذَ اَسْفَلَہَا فَیَجْعَلَہٗ اَعْلَاہَا فَلَمَّا ثَقُلَتْ قَلَبَہَا عَلٰی عَاتِقَیْہِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

تعالےٰ سے دُعا کی (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

انہی (عبداللہ بن زیدؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بارش طلب کی آپ پر سیاہ رنگ کی چادر تھی آپ نے ارادہ فرمایا کہ اسکے نیچے کی جانب کو پکڑ کر اُوپر کی جانب کرلیں جس وقت بھاری محسوس ہوئی تو آپ نے اپنے دونوں کندھوں پر چادر اُلٹ دیں۔ (روایت کیا ہے ابوداؤد اور احمد نے)

۱۴۱۸/۸ وَعَنْ عُمَیْرٍ مَّوْلَی اَبِی اللَّحْمِ اَنَّہٗ رَاَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَسْتَسْقِیْ عِنْدَ اَحْجَارِ الزَّیْتِ قَرِیْبًا مِّنَ الزَّوْرَاءِ قَائِمًا یَّدْعُوْ یَسْتَسْقِیْ رَافِعًا یَدَیْہِ قِبَلَ وَجْہِہٖ لَا یُجَاوِزُ بِہِمَا رَاْسَہٗ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَرَوَی التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ نَحْوَہٗ)

عمیر مولیٰ ابی اللحم سے روایت ہے اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو احجار الزیت کے قریب زوراء کے نزدیک استسقاء کرتے دیکھا دعا مانگتے تھے استسقاء کرتے تھے اُٹھانے والے تھے اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرہ کے سامنے ان کو اپنے سر سے اُونچا نہ کرتے تھے۔

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی اور نسائی نے اس کی مانند)

۱۴۱۹/۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعْنِیْ فِی الْاِسْتِسْقَاءِ مُتَبَذِّلًا مُّتَوَاضِعًا مُّتَخَشِّعًا مُّتَضَرِّعًا۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استسقاء کے لئے نکلے اس حال میں کہ زینت ترک کئے ہوئے تھے تواضع اختیار کئے ہوئے عاجزی کئے ہوئے زاری کرنے والے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۴۲۰/۱۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَسْقٰی قَالَ اَللّٰھُمَّ اسْقِ عِبَادَکَ وَبَہِیْمَتَکَ وَانْشُرْ رَحْمَتَکَ وَاَحْیِ بَلَدَکَ الْمَیِّتَ۔ (رَوَاہُ مَالِکٌ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

عمرو بن شعیبؒ عن ابیہ عن جدہٖ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت استسقاء کرتے فرماتے اے اللہ اپنے بندوں کو اور اپنے جانوروں کو پانی پلا اور اپنی رحمت پھیلا اور زندہ کر اپنے مردہ شہر کو

(روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۴۲۱/۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُوَالِیْ فَقَالَ

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہاتھ اُٹھاتے پس کہتے اے اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيثًا مَرِيئًا مَرِيعًا طَبَقًا غَدَقًا عَاجِلًا غَيْرَ رَائِثٍ نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَيْرَ آجِلٍ قَالَ فَطَبِقَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ہم کو پلا مینہ کر فریاد رسی کرے اور انجام اچھا ہو ارزانی کرے نفع کرنے والا نہ ضرر کرنے والا جلدی آنے والا نہ دیر لگانے والا جابر رضؓ نے کہا چھا گیا اُن پر ابر (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

* * * * * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۴۲۲/۱۴ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ شَكَا النَّاسُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُحُوْطَ الْمَطَرِ فَاَمَرَ بِمِنْبَرٍ فَوُضِعَ لَهٗ فِي الْمُصَلّٰى وَوَعَدَ النَّاسَ يَوْمًا يَخْرُجُوْنَ فِيْهِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ بَدَا حَاجِبُ الشَّمْسِ فَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَكَبَّرَ وَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ قَالَ اِنَّكُمْ شَكَوْتُمْ جَدْبَ دِيَارِكُمْ وَاسْتِيْخَارَ الْمَطَرِ عَنْ اِبَّانِ زَمَانِهٖ عَنْكُمْ وَقَدْ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَدْعُوْهُ وَوَعَدَكُمْ اَنْ يَّسْتَجِيْبَ لَكُمْ ثُمَّ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَّبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَلَمْ يَزَلْ يَرْفَعُ حَتّٰى بَدَا بَيَاضُ اِبْطَيْهِ ثُمَّ حَوَّلَ اِلَى النَّاسِ ظَهْرَهٗ وَقَلَّبَ اَوْ حَوَّلَ رِدَآءَهٗ وَ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف مینہ کے رُک جانے کی شکایت کی آپؐ نے منبر کا حکم دیا پس رکھا گیا واسطے آپ کے عیدگاہ میں اور لوگوں سے ایک دن کا وعدہ کیا کہ اس میں نکلیں گے حضرت عائشہ رضؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے جس وقت سورج کا کنارہ ظاہر ہوا پس آپؐ منبر پر بیٹھے تکبیر کہی اور اللہ تعالیٰ کی حمد کہی پھر آپؐ نے فرمایا تم نے اپنے شہروں میں قحط کی شکایت کی ہے اور مینہ کے وقت مقررہ سے دیر کرنے کی اور اللہ تعالیٰ نے تم کو حکم دیا ہے کہ تم اس کو پکارو اور تم سے وعدہ کیا ہے کہ تمہاری دعا قبول کرے گا پھر آپؐ نے فرمایا سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جو عالموں کا پروردگار ہے بخشنے والا مہربان ہے جزاء کے دن کا مالک ہے نہیں کوئی معبود مگر وہی کرتا ہے جو چاہتا ہے اے اللہ تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو بے پرواہ ہے اور ہم فقیر ہیں ہم پر مینہ برسا اور اس چیز کو جو تو اُتارے قوت اور ایک مدت تک فائدہ پہنچنے کا سبب بنا پھر آپؐ نے اپنے ہاتھ بلند کئے اور نہ چھوڑے ہاتھ اٹھانا یہاں تک کہ بغلوں کی سفیدی ظاہر ہوئی پھر لوگوں کی طرف اپنی پیٹھ پھیری اور اُلٹی کی یا پھیری چادر اپنی اور آپؐ اٹھانے والے تھے اپنے ہاتھوں کو پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور اُترے

besturdubooks.wordpress.com

هُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ وَنَزَلَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ فَاَنْشَاَ اللّٰهُ سَحَابَةً فَرَعَدَتْ وَبَرَقَتْ ثُمَّ اَمْطَرَتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ فَلَمْ يَاْتِ مَسْجِدَهٗ حَتّٰى سَالَتِ السُّيُوْلُ فَلَمَّا رَاٰى سُرْعَتَهُمْ اِلَى الْكِنِّ ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

دو رکعتیں پڑھیں پھر اللہ تعالیٰ نے ایک ابر ظاہر کیا پھر گرجا اور چمکا پھر اللہ تعالیٰ کے حکم سے مینہ برسا آپ اپنی مسجد تک نہ پہنچے تھے کہ نالے بہے جب لوگوں کو سائے کی طرف جلدی کرتے ہوئے دیکھا ہنسے یہاں تک کہ آپ کے دانت (مبارک) ظاہر ہوئے پس آپ نے فرمایا میں گواہی دیتا ہوں بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور بیشک میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں (روایت کیا ہے اس کو ابو داؤد نے)

۱۴۲۳/۱۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَانَ اِذَا قُحِطُوْا اسْتَسْقٰى بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا فَتَسْقِيْنَا وَاِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا فَاسْقِنَا قَالَ فَيُسْقَوْنَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بیشک حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ جس وقت لوگ خشک سالی میں مبتلا ہوتے استسقاء کرتے ساتھ عباس بن عبدالمطلب کے پس کہتے اے اللہ ہم وسیلہ کرتے تھے تیری طرف اپنے نبی کے ساتھ تو ہم کو پلاتا تھا اب ہم وسیلہ کرتے ہیں تیری طرف اپنے نبی کے چچا سے پس ہم کو پلا کہا انس رضی اللہ عنہ نے مینہ برسائے جاتے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۴۲۴/۱۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خَرَجَ نَبِيٌّ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ بِالنَّاسِ يَسْتَسْقِيْ فَاِذَا هُوَ بِنَمْلَةٍ رَّافِعَةٍ بَعْضَ قَوَائِمِهَا اِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ ارْجِعُوْا فَقَدِ اسْتُجِيْبَ لَكُمْ مِّنْ اَجْلِ هٰذِهِ النَّمْلَةِ۔ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے کہ ایک نبی انبیاء میں سے لوگوں کو استسقاء کے لئے لے کر نکلا پس ناگہاں ایک چیونٹی کو دیکھا وہ اپنے پاؤں آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے ہے کہا واپس چلو اس چیونٹی کی وجہ سے تمہاری دعاء قبول کی گئی (روایت کیا ہے اس کو دارقطنی نے)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابٌ فِي الرِّيَاحِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۴۲۵/۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُصِرْتُ بِالصَّبَا وَاُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُوْرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۴۲۶/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَاحِكًا حَتّٰى اَرٰى مِنْهُ لَهَوَاتِهٖ اِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ فَكَانَ اِذَا رَاٰى غَيْمًا اَوْ رِيْحًا عُرِفَ فِيْ وَجْهِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۴۲۷/۳ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَصَفَتِ الرِّيْحُ قَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاِذَا تَخَيَّلَتِ السَّمَآءُ تَغَيَّرَ لَوْنُهٗ وَخَرَجَ وَدَخَلَ وَاَقْبَلَ وَاَدْبَرَ فَاِذَا مَطَرَتْ سُرِّيَ عَنْهُ فَعَرَفَتْ ذٰلِكَ عَائِشَةُ فَسَاَلَتْهُ فَقَالَ لَعَلَّهٗ يَا عَائِشَةُ كَمَا قَالَ قَوْمُ عَادٍ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا وَفِيْ رِوَايَةٍ وَّيَقُوْلُ اِذَا رَاَى الْمَطَرَ رَحْمَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

# ہواؤں کا بیان

## پہلی فصل

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں پروا ہوا کے ساتھ مدد دیا گیا ہوں اور عاد پچھوا کے ساتھ ہلاک کئے گئے۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * * *

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی اس طرح ہنستے ہوئے نہیں دیکھا کہ میں اُن کے کوّا حلق کو دیکھوں۔ سوائے اس کے نہیں۔ کہ تبسم فرماتے تھے اور جس وقت ابر یا باؤ دیکھتے اس کا تغیر آپ کے چہرہ پر پہچانا جاتا۔ (متفق علیہ)

اسی (حضرت عائشہؓ) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب باؤ چلتی آپ فرماتے اے اللہ میں تجھ سے اس کی بھلائی مانگتا ہوں اور بھلائی اس کی کہ اس میں ہے اور بھلائی اس چیز کی کہ اس کے ساتھ بھیجی گئی ہے۔ اور میں اُس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں اور اس چیز کی برائی سے جو اس میں ہے اور برائی اس چیز کی کہ اس کے ساتھ بھیجی گئی ہے اور جس وقت آسمان پر ابر ہوتا آپ کا رنگ متغیر ہو جاتا اور گھر سے باہر نکلتے پھر اندر آتے۔ اور پھر جاتے جس وقت مینہ برستا خوف و اضطراب جاتا رہتا حضرت عائشہ رضؓ نے یہ بات معلوم کی۔ آپ سے پوچھا۔ فرمایا اے عائشہؓ شاید کہ یہ ابر اسکی مانند ہو جیسے کہا قوم عاد نے اس کے حق میں جب دیکھا ابر سامنے آیا ان کے نالوں کے۔ کہا اس قوم نے یہ ابر ہے ہم پر برسے گا۔ ایک روایت میں ہے۔ جس وقت مینہ کو دیکھتے تو فرماتے۔ کہ اے اللہ! اس کو رحمت بنا۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۱۴۲۸/۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَفَاتِيْحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ ثُمَّ قَرَاَ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ اَلْاٰيَةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غیب کے خزانے پانچ ہیں پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی بیشک اللہ تعالیٰ کے پاس ہے علم قیامت کا اور اُتارتا ہے بارش الآیۃ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۴۲۹/۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَتِ السَّنَةُ بِاَنْ لَّا تُمْطَرُوْا وَلٰكِنَّ السَّنَةَ اَنْ تُمْطَرُوْا وَتُمْطَرُوْا وَلَا تُنْبِتُ الْاَرْضُ شَيْئًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قحط شدید یہ نہیں ہے کہ تم برسائے نہ جاؤ لیکن قحط یہ ہے کہ تم برسائے جاؤ اور خوب برسائے جاؤ لیکن زمین کچھ نہ اُگاوے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۴۳۰/۶ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الرِّيْحُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ تَاْتِيْ بِالرَّحْمَةِ وَبِالْعَذَابِ فَلَا تَسُبُّوْهَا وَسَلُوا اللّٰهَ مِنْ خَيْرِهَا وَعُوْذُوْا بِهٖ مِنْ شَرِّهَا۔ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ الْكَبِيْرِ۔

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے فرماتے تھے ہوا اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے جو رحمت لاتی ہے اور عذاب بھی اس کو گالی نہ دو اللہ تعالیٰ سے اس کی بھلائی کا سوال کرو اور اس کے شر سے پناہ مانگو (روایت کیا ہے اس کو شافعی نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے اور بیہقی نے دعوات الکبیر میں)

۱۴۳۱/۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا لَعَنَ الرِّيْحَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَلْعَنُوا الرِّيْحَ فَاِنَّهَا مَاْمُوْرَةٌ وَّاِنَّهٗ مَنْ لَّعَنَ شَيْئًا لَّيْسَ لَهٗ بِاَهْلٍ رَّجَعَتِ اللَّعْنَةُ عَلَيْهِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ

ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ایک آدمی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ہوا پر لعنت کی آپؐ نے فرمایا ہوا پر لعنت نہ کہو کیونکہ وہ امر کی گئی ہے اور جو شخص کسی پر لعنت کہے اور وہ اس کا اہل نہ ہو لعنت اُس پر لوٹتی ہے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے)

۱۴۳۲/۸ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ

ابی بن کعبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الرِّیْحَ فَاِذَا رَاَیْتُمْ مَا تَکْرَھُوْنَ فَقُوْلُوا اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَخَیْرِ مَا فِیْھَا وَخَیْرِ مَا اُمِرَتْ بِہٖ وَ نَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ بِہٖ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہوا کو گالی نہ دو جس وقت تم دیکھو ایسی ہوا جس کو تم مکروہ سمجھتے ہو پس کہو اے اللہ ہم تجھ سے اس ہوا کی بھلائی کا سوال کرتے ہیں اور اس چیز کی بھلائی کا جو اس میں ہے اور بھلائی اس چیز کی جس کے ساتھ امر کی گئی ہے اور ہم اس ہوا کی برائی سے پناہ مانگتے ہیں اور برائی اس چیز کی جو اس میں ہے اور برائی اس چیز کی کہ امر کی گئی ہے اس کے ساتھ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۴۳۳/۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا ھَبَّتْ رِیْحٌ قَطُّ اِلَّا جَثَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی رُکْبَتَیْہِ وَقَالَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا رَحْمَۃً وَّلَا تَجْعَلْھَا عَذَابًا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا رِیَاحًا وَّلَا تَجْعَلْھَا رِیْحًا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ تَعَالٰی اِنَّا اَرْسَلْنَا عَلَیْھِمْ رِیْحًا صَرْصَرًا وَّاَرْسَلْنَا عَلَیْھِمُ الرِّیْحَ الْعَقِیْمَ وَاَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ وَاَنْ یُّرْسِلَ الرِّیَاحَ مُبَشِّرَاتٍ۔ (رَوَاہُ الشَّافِعِیُّ وَالْبَیْھَقِیُّ فِی الدَّعْوَاتِ الْکَبِیْرِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کبھی ہوا نہیں چلتی تھی مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوزانو بیٹھتے اور فرماتے اے اللہ اس کو رحمت بنا۔ عذاب نہ بنا اے اللہ اس کو ریاح بنا اور اس کو ریح نہ بنا ابن عباس رضؓ نے کہا اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ہے ہم نے اُن پر تُند و تیز ہوا بھیجی اور ہم نے اُن پر بانجھ ہوا بھیجی اور ہم نے بھیجا ہواؤں کو میوہ لانے والی اور بھیجتے ہیں ہوائیں خوشخبری دینے والی۔

(روایت کیا ہے اس کو شافعی نے اور بیہقی نے دعوات الکبیر میں)

* * * * * * * * * * *

۱۴۳۴/۱۰ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَبْصَرَ شَیْئًا مِّنَ السَّمَآءِ تَعْنِی السَّحَابَ تَرَکَ عَمَلَہٗ وَاِنْ کَانَ فِیْ صَلٰوۃٍ وَقَالَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا فِیْہِ فَاِنْ کَشَفَہٗ حَمِدَ اللّٰہَ وَاِنْ مَّطَرَتْ قَالَ اَللّٰھُمَّ سَقْیًا نَافِعًا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالنَّسَائِیُّ وَالشَّافِعِیُّ وَاللَّفْظُ لَہٗ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت آسمان سے ہم کوئی چیز دیکھتے اُن کی مراد بادل سے تھی اپنا کام چھوڑ دیتے اور اس کے سامنے ہوتے اور کہتے اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں اس چیز کے شر سے جو اس میں ہے اگر اللہ تعالیٰ اس کو کھول دیتا تو اللہ تعالیٰ کی تعریف کرتے اور اگر بارش ہوتی فرماتے اے اللہ پانی نفع دینے والا دے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے اور شافعی لفظ ہیں واسطے اس کے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۴۳۵/۱۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا سَمِعَ صَوْتَ الرَّعْدِ وَالصَّوَاعِقِ قَالَ اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِکَ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ۔

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے۔ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت گرجنے کی آواز سنتے اور بجلی معلوم کرتے۔ فرماتے اے اللہ! ہم کو اپنے غضب کے ساتھ نہ مار اور اپنے عذاب کے ساتھ ہلاک نہ کر۔ اور اس سے پہلے ہمیں معاف کر دے۔ (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۴۳۶/۱۲ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الزُّبَیْرِ اَنَّہٗ کَانَ اِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ تَرَکَ الْحَدِیْثَ وَقَالَ سُبْحَانَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ۔ (رَوَاہُ مَالِکٌ)

عبداللہ بن زبیر رضؓ سے روایت ہے۔ جب وہ گرج کی آواز سنتے باتیں کرنا چھوڑ دیتے اور کہتے پاک ہے وہ ذات تسبیح کرتا ہے رعد اس کی تعریف کے ساتھ اور فرشتے اس کے خوف سے۔ (روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

# کِتَابُ الْجَنَآئِزِ

# جنازے کا بیان

## بَابُ عِیَادَۃِ الْمَرِیْضِ وَثَوَابِ الْمَرَضِ

## مریض کی بیمار پرسی اور بیماری کے ثواب کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۴۳۷/۱ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَطْعِمُوا الْجَائِعَ وَعُوْدُوا الْمَرِیْضَ وَفُکُّوا الْعَانِیَ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

ابو موسیٰ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بھوکے کو کھانا کھلاؤ اور مریض کی بیمار پرسی کرو اور قیدی چھڑا دو۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۴۳۸/۲ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَقُّ الْمُسْلِمِ

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق

besturdubooks.wordpress.com

عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ رَدُّ السَّلَامِ وَعِيَادَةُ الْمَرِيضِ وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ وَإِجَابَةُ الدَّعْوَةِ وَتَشْمِيتُ الْعَاطِسِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہیں۔ سلام کا جواب دینا۔ مریض کی عیادت کرنا۔ جنازوں کے ساتھ جانا۔ اور دعوت کا قبول کرنا۔ چھینک لینے والے کا جواب دینا۔ (بخاری اور مسلم کی روایت ہے۔)

* * * * * * * * * *

۱۴۳۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ قِيلَ مَا هُنَّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ إِذَا لَقِيتَهُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَإِذَا دَعَاكَ فَأَجِبْهُ وَإِذَا اسْتَنْصَحَكَ فَانْصَحْ لَهُ وَإِذَا عَطَسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ فَشَمِّتْهُ وَإِذَا مَرِضَ فَعُدْهُ وَإِذَا مَاتَ فَاتَّبِعْهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہ رض) سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کے مسلمان پر چھ حق ہیں۔ کہا گیا۔ وہ کیا ہیں اے اللہ تعالیٰ کے رسول؟ آپ نے فرمایا جس وقت اس کو ملے اس کو سلام کہے۔ اور جس وقت وہ تجھ کو بلائے قبول کر۔ جس وقت تجھ سے خیر خواہی چاہے اس کی خیر خواہی کر جس وقت چھینک لے پس الحمد للہ کہے پس اس کو جواب دے۔ جب بیمار ہو وہ اس کی عیادت کر۔ اور جس وقت وہ مر جائے اس کے ساتھ جا۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۴۴۰ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ أَمَرَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعٍ وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ أَمَرَنَا بِعِيَادَةِ الْمَرِيضِ وَاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ وَتَشْمِيتِ الْعَاطِسِ وَرَدِّ السَّلَامِ وَإِجَابَةِ الدَّاعِي وَإِبْرَارِ الْمُقْسِمِ وَنَصْرِ الْمَظْلُومِ وَنَهَانَا عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَعَنِ الْحَرِيرِ وَالْإِسْتَبْرَقِ وَالدِّيبَاجِ وَالْمِيثَرَةِ الْحَمْرَاءِ وَالْقَسِّيِّ وَآنِيَةِ الْفِضَّةِ وَفِي رِوَايَةٍ وَعَنِ الشُّرْبِ فِي الْفِضَّةِ فَإِنَّهُ مَنْ شَرِبَ فِيهَا فِي الدُّنْيَا لَمْ يَشْرَبْ فِيهَا فِي الْآخِرَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

براء بن عازب رض سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو حکم دیا۔ سات باتوں کا اور روکا سات باتوں سے۔ ہم کو حکم دیا بیمار کی بیمار پرسی کرنے کا۔ جنازوں کے ہمراہ جانے کا۔ چھینک لینے والے کا جواب دینے کا۔ سلام کا جواب دینے کا۔ بلانے والے کے قبول کرنے کا۔ قسم کھانے والے کی قسم کو سچا کرنے کا۔ مظلوم کی مدد کرنے کا اور منع کیا ہم کو سونے کی انگوٹھی سے۔ ریشم، اطلس اور دیبا پہننے سے۔ سرخ زین پوش استعمال کرنے سے قسی کپڑے سے چاندی کے برتن استعمال کرنے سے۔ اور ایک روایت میں ہے۔ چاندی کے برتن میں پینے سے جس نے ان برتنوں میں دنیا میں پیا اُن میں آخرت میں نہیں پیئے گا۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * * * *

* * * * * * * * * *

۱۴۴۱ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

ثوبان رض سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا عَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ لَمْ يَزَلْ فِيْ خُرْفَةِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَرْجِعَ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان آدمی جس وقت اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کرتا ہے لوٹنے تک جنت کی میوہ خوری میں رہتا ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۴۴۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَا ابْنَ اٰدَمَ مَرِضْتُ فَلَمْ تَعُدْنِيْ قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ اَعُوْدُكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ قَالَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ عَبْدِيْ فُلَانًا مَرِضَ فَلَمْ تَعُدْهُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ عُدْتَّهٗ لَوَجَدْتَّنِيْ عِنْدَهٗ يَا ابْنَ اٰدَمَ اسْتَطْعَمْتُكَ فَلَمْ تُطْعِمْنِيْ قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ اُطْعِمُكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ قَالَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّهُ اسْتَطْعَمَكَ عَبْدِيْ فُلَانٌ فَلَمْ تُطْعِمْهُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ اَطْعَمْتَهٗ لَوَجَدْتَّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ يَا ابْنَ اٰدَمَ اسْتَسْقَيْتُكَ فَلَمْ تَسْقِنِيْ قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ اَسْقِيْكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ قَالَ اسْتَسْقٰكَ عَبْدِيْ فُلَانٌ فَلَمْ تَسْقِهِ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ سَقَيْتَهٗ وَجَدْتَّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تبارک وتعالےٰ قیامت کے دن فرمائے گا اے ابن آدم میں بیمار ہوا تو نے میری عیادت نہ کی وہ کہے گا میں تیری عیادت کس طرح کرتا جبکہ تو رب العالمین ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تجھے علم نہیں تھا کہ میرا فلاں بندہ بیمار تھا تو نے اس کی عیادت نہ کی کیا تجھے علم نہیں تھا اگر تو اس کی عیادت کرتا مجھ کو اس کے نزدیک پاتا اے ابن آدم! میں نے تجھ سے کھانا مانگا تھا تو نے مجھ کو کھانا نہ کھلایا۔ کہے گا۔ اے میرے پروردگار! میں تجھ کو کس طرح کھانا کھلاتا جبکہ تو رب العالمین ہے فرمائے گا اللہ تعالےٰ کیا تجھے علم نہیں، میرے فلاں بندے نے تجھ سے کھانا طلب کیا۔ تو نے اس کو کھانا نہ کھلایا۔ کیا تجھ کو علم نہیں۔ اگر تو اس کو کھانا کھلاتا اس کو تو میرے نزدیک پاتا اے ابن آدم میں نے تجھ سے پینے کے لئے پانی مانگا۔ تو نے مجھ کو نہ پلایا۔ کہے گا۔ اے رب! میں تجھے کیسے پلاتا جبکہ تو رب العالمین ہے فرمائے گا اللہ تعالیٰ! میرے فلاں بندے نے تجھ سے پانی مانگا تھا۔ اور تو نے اُسے نہ پلایا۔ کیا تجھے علم نہیں۔ اگر تو اس کو پلاتا۔ اس کو میرے نزدیک پاتا۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۴۴۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى اَعْرَابِيٍّ يَعُوْدُهٗ وَكَانَ اِذَا دَخَلَ عَلٰى مَرِيْضٍ يَعُوْدُهٗ قَالَ لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَقَالَ لَهٗ لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک اعرابی کی عیادت کیلئے اس کے پاس تشریف لے گئے۔ اور جب کبھی آپ کسی بیمار کی عیادت کیلئے تشریف لے جاتے فرماتے کوئی ڈر نہیں بیماری گناہوں سے پاک کرنے والی ہے اگر اللہ نے چاہا آپ نے اس کو بھی فرمایا کوئی ڈر نہیں۔ بیماری گناہوں سے پاک کرنے والی ہے اگر اللہ نے چاہا اس نے کہا ہرگز نہیں بلکہ تپ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ قَالَ كَلَّا بَلْ حُمِّيَ تَفُوْرُ عَلٰى شَيْخٍ كَبِيْرٍ تُزِيْرُهُ الْقُبُوْرَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَعَمْ اِذَنْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

جوش مار رہی ہے ایک بڑے بوڑھے پر یہ تپ اس کو قبروں سے ملا دے گی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پس ہاں اسی طرح ہوگا (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۴۴۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَكٰى مِنَّا اِنْسَانٌ مَسَحَهُ بِيَمِيْنِهٖ ثُمَّ قَالَ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت ہم میں سے کوئی بیمار ہوتا اس پر اپنا داہاں ہاتھ پھیرتے پھر فرماتے اے لوگوں کے پروردگار بیماری کو دور کر دے اور شفا دے تو شفا دینے والا ہے تیری شفا کے سوا شفا نہیں ایسی شفا بخش جو بیماری کو نہ چھوڑے۔ (متفق علیہ)

۱۴۴۵ وَعَنْهَا قَالَتْ اِذَا اشْتَكَى الْاِنْسَانُ الشَّيْءَ مِنْهُ اَوْ كَانَتْ بِهٖ قَرْحَةٌ اَوْ جُرْحٌ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِصْبَعِهٖ هٰكَذَا وَوَضَعَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ اِصْبَعَهُ بِالْاَرْضِ ثُمَّ رَفَعَهَا بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا) سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت کوئی انسان اپنے بدن سے کسی چیز کی شکایت کرتا یا اس کو زخم یا پھوڑا وغیرہ ہوتا نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی انگلی کا اشارہ کرتے اور فرماتے اللہ کے نام کے ساتھ برکت حاصل کرتا ہوں یہ ہماری زمین کی مٹی ملی ہوئی ہے ہمارے بعض کے لعاب کے ساتھ تاکہ ہمارے بیمار کو شفا دیجائے ہمارے پروردگار کے حکم سے (متفق علیہ)

۱۴۴۶ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَكٰى نَفَثَ عَلٰى نَفْسِهٖ بِالْمُعَوِّذَاتِ وَمَسَحَ عَنْهُ بِيَدِهٖ فَلَمَّا اشْتَكٰى وَجَعَهُ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ كُنْتُ اَنْفُثُ عَلَيْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ الَّتِيْ كَانَ يَنْفُثُ وَاَمْسَحُ بِيَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَتْ كَانَ اِذَا مَرِضَ اَحَدٌ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ نَفَثَ عَلَيْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب بیمار ہوتے اپنے نفس پر معوذات پڑھ کر دم کرتے اور اپنا ہاتھ پھیرتے جس وقت اس مرض میں بیمار ہوئے جس میں آپ نے وفات پائی میں معوذات پڑھ کر آپ پر دم کرتی جو آپ دم کرتے تھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ پھیرتی۔ (متفق علیہ)

اور مسلم کی ایک روایت میں ہے جس وقت آپ کے گھر والوں میں سے کوئی بیمار ہوتا تو اس پر معوذات پڑھ کر دم کرتے۔

۱۴۴۷ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ اَنَّهٗ شَكٰى اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

عثمان بن ابی العاص سے روایت ہے اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ایک درد کی شکایت کی جسے

besturdubooks.wordpress.com

وَسَلَّمَ وَجَعَلَ يَجِدُ فِي جَسَدِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعْ يَدَكَ عَلَى الَّذِيْ يَأْلَمُ مِنْ جَسَدِكَ وَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ ثَلٰثًا وَّقُلْ سَبْعَ مَرَّاتٍ أَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ فَقَالَ فَفَعَلْتُ فَأَذْهَبَ اللّٰهُ مَا كَانَ بِيْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

وہ اپنے جسم میں پاتا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنا ہاتھ اس جگہ پر رکھ جو تیرے بدن میں درد محسوس کرتی ہے پھر تین دفعہ بسم اللہ پڑھ اور سات بار یہ کلمات کہہ پناہ مانگتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کی عزت اور قدرت کے ساتھ اس چیز کی برائی سے جو میں پاتا ہوں اور اس سے ڈرتا ہوں کہا میں نے اسی طرح کیا اللہ تعالیٰ نے میری تکلیف دور فرما دی۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۴۴۸/۱۲ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ أَنَّ جِبْرَئِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اشْتَكَيْتَ فَقَالَ نَعَمْ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُّؤْذِيْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنِ حَاسِدٍ نِ اللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيْكَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو سعید خدری رضؓ سے روایت ہے جبرئیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے کہا اے محمدؐ کیا بیمار ہیں آپ نے فرمایا ہاں کہا اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ میں تجھ کو دم کرتا ہوں ہر ایسی چیز سے جو تجھ کو تکلیف دے ہر شخص کی برائی سے یا آنکھ حسد کرنے والے کی برائی سے اللہ تعالیٰ تجھ کو شفا بخشے اللہ کے نام کے ساتھ میں افسوں پڑھتا ہوں (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۴۴۹/۱۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ أُعِيْذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ وَّيَقُوْلُ إِنَّ أَبَاكُمَا كَانَ يُعَوِّذُ بِهَا إِسْمٰعِيْلَ وَإِسْحٰقَ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ أَكْثَرِ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ بِهِمَا عَلٰى لَفْظِ التَّثْنِيَةِ۔

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کو اس طرح پناہ میں دیتے میں تم دونوں کو پناہ میں دیتا ہوں اللہ کے پورے کلمات کے ساتھ ہر شیطان اور ہر زہریلے جانور کے برائی سے اور ہر نظر لگ جانے والی آنکھ کی برائی سے اور فرماتے تمہارے باپ ابراہیمؑ ان کلمات کے ساتھ اسماعیلؑ و اسحٰقؑ کو پناہ دیتے تھے۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے مصابیح کے اکثر نسخوں میں بہما تثنیہ کی ضمیر کے ساتھ ہے۔

۱۴۵۰/۱۴ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُصِبْ مِنْهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے وہ مصیبت میں گرفتار ہو جاتا ہے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۴۵۱/۱۵ وَعَنْهُ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا یُصِیْبُ الْمُسْلِمَ مِنْ نَّصَبٍ وَّلَا وَصَبٍ وَّلَا ھَمٍّ وَّلَا حُزْنٍ وَّلَآ اَذًی وَّلَا غَمٍّ حَتَّی الشَّوْکَۃِ یُشَاکُھَآ اِلَّا کَفَّرَ اللّٰہُ بِھَا مِنْ خَطَایَاہُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

اسی (ابوہریرہ رض) اور ابوسعید خدری رض سے روایت ہے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا مسلمان کو کوئی رنج دکھ، فکر اور غم نہیں پہنچتا یہاں تک کہ کانٹا جو اس کو لگتا ہے مگر اللہ تعالےٰ اس کے گناہوں کا کفارہ بنا دیتا ہے۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * * *

۱۴۵۲/۱۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ یُوْعَکُ فَمَسَسْتُہٗ بِیَدِیْ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّکَ لَتُوْعَکُ وَعْکًا شَدِیْدًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَجَلْ اِنِّیْ اُوْعَکُ کَمَا یُوْعَکُ رَجُلَانِ مِنْکُمْ قَالَ فَقُلْتُ ذٰلِکَ لِاَنَّ لَکَ اَجْرَیْنِ فَقَالَ اَجَلْ ثُمَّ قَالَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ یُّصِیْبُہٗ اَذًی مِّنْ مَّرَضٍ فَمَا سِوَاہُ اِلَّا حَطَّ اللّٰہُ بِہٖ سَیِّئَاتِہٖ کَمَا تَحُطُّ الشَّجَرَۃُ وَرَقَھَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

عبداللہ بن مسعود رض سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر داخل ہوا اور آپ کو بخار تھا میں نے اپنے ہاتھ سے اُن کو چھوا اور میں نے کہا اے اللہ تعالےٰ کے رسول آپ کو بہت تیز بخار ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں مجھے اس قدر بخار ہوتا ہے جس قدر تم میں سے دو شخصوں کو ہوتا ہے کہا پس میں نے کہا اس لئے کہ آپ کو ثواب بھی دگنا ہے آپ نے فرمایا ہاں پھر آپ نے فرمایا کوئی مسلمان نہیں جس کو بیماری تکلیف نہ پہنچتی ہو یا اس کے علاوہ کوئی اور مگر اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو گرا دیتا ہے جس طرح درخت سے پتے جھڑ جاتے ہیں (متفق علیہ)

* * * * * * * * * * *

۱۴۵۳/۱۷ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ مَا رَاَیْتُ اَحَدًا اَشَدَّ عَلَیْہِ الْوَجَعُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عائشہ رض سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے کسی پر ایسی سخت بیماری نہیں دیکھی جس قدر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سخت تھی۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * * * * * * * * *

۱۴۵۴/۱۸ وَعَنْھَا قَالَتْ مَاتَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْنَ حَاقِنَتِیْ وَذَاقِنَتِیْ فَلَا اَکْرَہُ شِدَّۃَ الْمَوْتِ لِاَحَدٍ اَبَدًا بَعْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

اسی (حضرت عائشہ رض) سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم میرے جگنے اور ٹھوڑی کے درمیان فوت ہوئے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کی موت کی شدت کو مکروہ نہیں سمجھتی (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۴۵۵/۱۹ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ الْخَامَةِ مِنَ الزَّرْعِ تُفَيِّئُهَا الرِّيَاحُ تَصْرَعُهَا مَرَّةً وَتَعْدِلُهَا أُخْرٰى حَتّٰى يَأْتِيَهُ أَجَلُهُ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ الْأَرْزَةِ الْمُجْذِيَةِ الَّتِي لَا يُصِيبُهَا شَيْءٌ حَتّٰى يَكُونَ انْجِعَافُهَا مَرَّةً وَاحِدَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کعب بن مالک رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کی مثال کھیتی کے نرم و نازک پتے کی طرح ہے اس کو ہوا جھکاتی ہے کبھی نیچے گرا دیتی ہے اور کبھی سیدھا کر دیتی ہے یہاں تک کہ اس کی موت آجاتی ہے اور منافق کی مثال صنوبر کے درخت کی ہے جس کو کوئی چیز نہیں پہنچتی یہاں تک کہ اس کا اکھڑنا ایک مرتبہ ہی ہوتا ہے۔ (متفق علیہ)

* * * \

besturdubooks.wordpress.com

يَعْمَلُ مُقِيمًا صَحِيحًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

گھر میں تندرست عمل کرتا تھا (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۴۵۹/۲۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطَّاعُونُ شَهَادَةُ كُلِّ مُسْلِمٍ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طاعون ہر مسلمان کی شہادت ہے۔ (متفق علیہ)

۱۴۶۰/۲۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشُّهَدَاءُ خَمْسَةٌ الْمَطْعُونُ وَالْمَبْطُونُ وَالْغَرِيقُ وَصَاحِبُ الْهَدْمِ وَالشَّهِيدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شہید پانچ ہیں طاعون زدہ، جو پیٹ کی بیماری سے مرے، ڈوبنے والا اور دب کر مرنے والا اور اللہ تعالیٰ کے راستے کا شہید۔ (متفق علیہ)

۱۴۶۱/۲۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الطَّاعُونِ فَأَخْبَرَنِي أَنَّهُ عَذَابٌ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ يَشَاءُ وَأَنَّ اللّٰهَ جَعَلَهُ رَحْمَةً لِلْمُؤْمِنِينَ لَيْسَ مِنْ أَحَدٍ يَقَعُ الطَّاعُونُ فَيَمْكُثُ فِي بَلَدِهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا يَعْلَمُ أَنَّهُ لَا يُصِيبُهُ إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ إِلَّا كَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِ شَهِيدٍ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے طاعون کے متعلق پوچھا آپ نے مجھ کو بتلایا کہ یہ ایک قسم کا عذاب ہے اللہ تعالیٰ جس پر چاہتا ہے بھیجتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس کو مومنوں کے لئے رحمت بنا دیا ہے کوئی ایسا نہیں جب طاعون واقع ہو وہ اپنے شہر میں صبر کرنے والا ثواب کی نیت سے ٹھہرا رہے وہ جانتا ہے کہ اس کو نہیں پہنچے گا مگر جو اللہ نے اس کے لئے لکھ دیا ہے مگر اس کو شہید کا سا اجر ملے گا۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۴۶۲/۲۶ وَعَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطَّاعُونُ رِجْزٌ أُرْسِلَ عَلَى طَائِفَةٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَوْ عَلَى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَإِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِأَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوا عَلَيْهِ فَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طاعون ایک عذاب ہے جو بنی اسرائیل کی ایک جماعت پر بھیجا گیا تھا یا فرمایا تم سے پہلے لوگوں پر اگر کسی جگہ سنو کہ طاعون پڑ گئی ہے وہاں نہ جاؤ اور جب کسی جگہ پڑ جائے اور تم وہاں پر ہو تو وہاں سے نہ نکلو بھاگتے ہوئے اس سے (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۱۴۶۳/۲۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدِيْ بِحَبِيْبَتَيْهِ ثُمَّ صَبَرَ عَوَّضْتُهٗ مِنْهُمَا الْجَنَّةَ يُرِيْدُ عَيْنَيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ آپ نے فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جس وقت میں کسی بندے کو اس کی دو محبوب چیزوں میں آزماتا ہوں پھر وہ صبر کرتا ہے اسکے بدلہ میں اسکو جنت دونگا آپ دو محبوب چیزوں سے دو آنکھیں مراد لیتے تھے۔ (بخاری)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۴۶۴/۲۸ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مُسْلِمًا غُدْوَةً اِلَّا صَلّٰى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُمْسِيَ وَاِنْ عَادَهٗ عَشِيَّةً اِلَّا صَلّٰى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُصْبِحَ وَكَانَ لَهٗ خَرِيْفٌ فِي الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ فرماتے تھے کہ کوئی مسلمان جس وقت دوسرے مسلمان کی صبح صبح عیادت کرتا ہے شام تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے دُعا کرتے ہیں اگر پچھلے پہر عیادت کرے صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے دعا کرتے ہیں اور اس کے لیے جنت میں باغ ہوتا ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے)

* * * * * * * * * * * *

۱۴۶۵/۲۹ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ عَادَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَجَعٍ كَانَ بِعَيْنَيَّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

زید بن ارقم رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میری عیادت کی اس لئے کہ آنکھوں میں مجھے تکلیف تھی۔ (روایت کیا ہے اسکو احمد اور ابوداؤد نے)

۱۴۶۶/۳۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ وَعَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ مُحْتَسِبًا بُوْعِدَ مِنْ جَهَنَّمَ مَسِيْرَةَ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

انس رضؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص وضو کرے پس اچھا وضو کرے اور اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کرے ثواب کا قصد کرتے ہوئے ساٹھ برس کی مقدار اُسے دوزخ سے دُور کر دیا جاتا ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۴۶۷/۳۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مُسْلِمًا فَيَقُوْلُ سَبْعَ مَرَّاتٍ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی مسلمان نہیں جو دوسرے مسلمان کی عیادت کرے پس سات مرتبہ کہے اللہ بزرگ سے جو بڑے

besturdubooks.wordpress.com

أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ أَنْ يَّشْفِيَكَ إِلَّا شُفِيَ إِلَّا أَنْ يَّكُوْنَ قَدْ حَضَرَ أَجَلُهٗ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

عرش والا ہے سوال کرتا ہوں کہ تجھے شفا بخشے مگر یہ کہ اسے شفا دی جاتی ہے مگر یہ کہ اس کی موت حاضر ہو۔ (روایت کیا ہے ابوداؤد نے اور ترمذی نے)

۱۴۶۸/۳۲ وَعَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمْ مِّنَ الْحُمّٰى وَمِنَ الْأَوْجَاعِ كُلِّهَا أَنْ يَّقُوْلُوْا بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَّا يُعْرَفُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ إِسْمٰعِيْلَ وَهُوَ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ۔

اسی (ابن عباس رضؓ) سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کو بخار اور ہر قسم کے دردوں سے سکھلاتے تھے کہ یہ پڑھیں اللہ بڑے کے نام کے ساتھ میں پناہ مانگتا ہوں اللہ بڑے کے ساتھ ہر جوش مارنے والی رگ کی برائی سے اور آگ کی گرمی کی برائی سے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانی جاتی مگر ابراہیم بن اسماعیل کی حدیث سے اور وہ حدیث میں ضعیف سمجھا جاتا ہے)

۱۴۶۹/۳۳ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ اشْتَكٰى مِنْكُمْ شَيْئًا أَوِ اشْتَكَاهُ أَخٌ لَّهٗ فَلْيَقُلْ رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِيْ فِي السَّمَاءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ أَمْرُكَ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَاءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْأَرْضِ اغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا أَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ أَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ وَشِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ فَيَبْرَأُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

ابوالدرداء رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے تم میں سے کوئی بیمار ہو جائے یا اس کا بھائی بیمار پڑ جائے پس چاہیئے کہ وہ کہے ہمارا پروردگار اللہ ہے جو آسمانوں میں ہے تیرا نام پاک ہے تیرا حکم زمین اور آسمان میں ہے جس طرح تیری رحمت آسمان میں ہے اسی طرح اپنی رحمت زمین میں کر دے ہمارے گناہ چھوٹے اور بڑے بخش دے تو پاکیزوں کا رب ہے اپنی رحمت نازل فرما اور اپنی شفا اس بیماری پر نازل فرما پس وہ شفایاب ہو جاتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۴۷۰/۳۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَاءَ الرَّجُلُ يَعُوْدُ مَرِيْضًا فَلْيَقُلْ

عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کوئی آدمی بیمار کی عیادت کے لئے آئے تو کہے اے اللہ اپنے بندے

besturdubooks.wordpress.com

اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ يَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا اَوْ يَمْشِيْ لَكَ اِلٰى جَنَازَةٍ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

کو شفا بخش تیرے کسی دشمن کو ایذا پہنچائے گا یا تیری رضا کے لئے جنازہ کی طرف چلے گا (رواہ ابوداؤد)

* * * * * * * * * *

۱۴۷۱/۳۵ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اُمَيَّةَ اَنَّهَا سَاَلَتْ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ وَعَنْ قَوْلِهٖ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ فَقَالَتْ مَا سَاَلَنِيْ عَنْهَا اَحَدٌ مُنْذُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هٰذِهٖ مُعَاتَبَةُ اللّٰهِ الْعَبْدَ بِمَا يُصِيْبُهٗ مِنَ الْحُمّٰى وَالنَّكْبَةِ حَتَّى الْبِضَاعَةُ يَضَعُهَا فِيْ يَدِ قَمِيْصِهٖ فَيَفْقِدُهَا فَيَفْزَعُ لَهَا حَتّٰى اِنَّ الْعَبْدَ لَيَخْرُجُ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَمَا يَخْرُجُ التِّبْرُ الْاَحْمَرُ مِنَ الْكِيْرِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

علی بن زید رح امیہ سے روایت کرتے ہیں اس نے حضرت عائشہ رض سے پوچھا۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے متعلق اگر تم ظاہر کردو جو تمہاری جانوں میں ہے یا اس کو چھپالو اللہ تعالیٰ تم سے اس کا حساب لے گا اور اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے متعلق جو شخص برا عمل کرے گا اس کا بدلہ دیا جائے گا حضرت عائشہ رض نے کہا جب سے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا مجھ سے کسی نے نہیں پوچھا آپ نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کا بندے پر عتاب کرنا ہے جو بندے کو بخار یا رنج وغیرہ پہنچتا ہے یہاں تک کہ مال سے کوئی چیز جس کو وہ اپنے کرتے کی آستین میں رکھتا ہے اس کو گم پاتا ہے اس کیلئے غمگین ہوتا ہے یہاں تک کہ بندہ اپنے گناہوں سے اس طرح نکل جاتا ہے جس طرح سونا بھٹی سے سرخ ہو کر نکلتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

* * * * * * * * * *

۱۴۷۲/۳۶ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُصِيْبُ عَبْدًا نَكْبَةٌ فَمَا فَوْقَهَا اَوْ دُوْنَهَا اِلَّا بِذَنْبٍ وَمَا يَعْفُوا اللّٰهُ عَنْهُ اَكْثَرُ وَقَرَاَ وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوموسیٰ رض سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی بندے کو تھوڑی ایذا نہیں پہنچتی یا اس سے کم یا زیادہ مگر گناہ کی وجہ سے پہنچتی ہے اور وہ گناہ جو اللہ تعالیٰ معاف کر دیتا ہے بہت زیادہ ہیں پھر آیت پڑھی تم کو جو مصیبت پہنچتی ہے وہ بسبب اس کے ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اور معاف کرتا ہے بہت گناہ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۴۷۳/۳۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبداللہ بن عمرو رض سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق جس وقت بندہ

besturdubooks.wordpress.com

إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا كَانَ عَلَى طَرِيقَةٍ حَسَنَةٍ مِّنَ الْعِبَادَةِ ثُمَّ مَرِضَ قِيلَ لِلْمَلَكِ الْمُوَكَّلِ بِهِ اكْتُبْ لَهُ مِثْلَ عَمَلِهِ إِذَا كَانَ طَلِيقًا حَتَّى أُطْلِقَهُ أَوْ أَكْفِتَهُ إِلَيَّ۔

عبادت کے نیک راہ پر ہوتا ہے پھر بیمار پڑ جاتا ہے اس فرشتے کے لئے کہا جاتا ہے جو اس کے اعمال لکھنے پر مقرر ہے اس کا عمل اس قدر لکھ جو وہ تندرستی کی حالت میں کرتا تھا یہاں تک کہ اس کو صحتیاب کر دوں یا اپنی طرف بلا لوں۔

۱۴۷۴/۳۸ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا ابْتُلِيَ الْمُسْلِمُ بِبَلَاءٍ فِي جَسَدِهِ قِيلَ لِلْمَلَكِ اكْتُبْ لَهُ صَالِحَ عَمَلِهِ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُ فَإِنْ شَفَاهُ غَسَلَهُ وَطَهَّرَهُ وَإِنْ قَبَضَهُ غَفَرَ لَهُ وَرَحِمَهُ۔

(رَوَاهُمَا فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کسی مسلمان بندے کو اس کے بدن میں کسی بیماری میں مبتلا کر دیا جاتا ہے فرشتے کیلئے کہا جاتا ہے اس کے لئے لکھ نیک عمل جو وہ کیا کرتا تھا اگر شفا دی اللہ تعالیٰ نے اُس کے گناہ دُھو دیتا ہے اس کو پاک کر دیتا ہے اگر اس کو مار لے تو اس کو بخش دیتا ہے اور اس پر رحم کرتا ہے (روایت کیا ہے ان کو شرح السنہ میں)

۱۴۷۵/۳۹ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوَى الْقَتْلِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ الْمَطْعُونُ شَهِيدٌ وَالْغَرِيقُ شَهِيدٌ وَصَاحِبُ ذَاتِ الْجَنْبِ شَهِيدٌ وَالْمَبْطُونُ شَهِيدٌ وَصَاحِبُ الْحَرِيقِ شَهِيدٌ وَالَّذِي يَمُوتُ تَحْتَ الْهَدْمِ شَهِيدٌ وَالْمَرْأَةُ تَمُوتُ بِجُمْعٍ شَهِيدٌ

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

جابرؓ بن عتیک سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے راستہ میں قتل ہو جانے کے سوا شہید سات ہیں جو طاعون میں مرے شہید ہے۔ جو ڈوب کر مرے شہید ہے۔ ذات الجنب والا شہید ہے جو پیٹ کی بیماری سے مرے شہید ہے جو جل کر مرے شہید ہے۔ اور جو دب کر مرے شہید ہے۔ اور وہ عورت جو ایام زچگی میں مرے شہید ہے۔

(روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور ابو داؤد نے اور نسائی نے)

۱۴۷۶/۴۰ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ النَّاسِ أَشَدُّ بَلَاءً قَالَ الْأَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْأَمْثَلُ فَالْأَمْثَلُ يُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلَى حَسَبِ دِينِهِ فَإِنْ كَانَ فِي دِينِهِ صُلْبًا اشْتَدَّ بَلَاؤُهُ وَإِنْ كَانَ فِي دِينِهِ رِقَّةٌ هُوِّنَ عَلَيْهِ فَمَا

سعدؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا آدمیوں میں از روئے بلا سخت تر کون ہے آپ نے فرمایا انبیاء پھر جو اُن کے مشابہ ہوا پھر جو اُن کے مشابہ ہوا آدمی کو اس کے دین کے مطابق مبتلا کیا جاتا ہے اگر وہ اپنے دین میں مضبوط ہو اس کی آزمائش بھی سخت ہوتی ہے اگر اپنے دین میں نرم ہو اُس پر مصیبت ہلکی کی جاتی ہے وہ

besturdubooks.wordpress.com

زَالَ كَذٰلِكَ حَتّٰى يَمْشِيَ عَلَى الْاَرْضِ مَا لَهٗ ذَنْبٌ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

اسی طرح رہتا ہے یہاں تک کہ زمین پر چلتا ہے اس پر ایک بھی گناہ نہیں ہوتا (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے)

۱۴۷۷ ۴۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا اَغْبِطُ اَحَدًا بِهَوْنِ مَوْتٍ بَعْدَ الَّذِيْ رَاَيْتُ مِنْ شِدَّةِ مَوْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں کبھی کسی کی آسان موت کی آرزو نہیں کرتی اس کے بعد جبکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موت کی سختی دیکھی ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور نسائی نے)

۱۴۷۸ ۴۲ وَعَنْهَا قَالَتْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْمَوْتِ وَعِنْدَهٗ قَدَحٌ فِيْهِ مَاءٌ وَّهُوَ يُدْخِلُ يَدَهٗ فِي الْقَدَحِ ثُمَّ يَمْسَحُ وَجْهَهٗ ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى مُنْكَرَاتِ الْمَوْتِ اَوْ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

اسی (حضرت عائشہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور آپ حالت وفات میں تھے آپ کے پاس ایک پیالہ تھا جس میں پانی تھا آپ اپنا ہاتھ اس میں ڈالتے پھر اپنے چہرے مبارک پر پھیر لیتے پھر فرماتے اے اللہ موت کی سختی یا فرمایا شدت موت پر میری امداد فرما (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۴۷۹ ۴۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدِهِ الْخَيْرَ عَجَّلَ لَهُ الْعُقُوْبَةَ فِي الدُّنْيَا وَاِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدِهِ الشَّرَّ اَمْسَكَ عَنْهُ بِذَنْبِهٖ حَتّٰى يُوَافِيَهٗ بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت اللہ تعالیٰ کسی بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کو جلد سزا دیتا ہے دنیا میں اور جس وقت کسی بندے کے ساتھ برائی کا ارادہ کرتا ہے اس کے گناہوں کے سبب بند رکھتا ہے یہاں تک کہ آخرت میں اس کو پوری سزا دے گا (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۴۸۰ ۴۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عِظَمَ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَاءِ وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِذَا اَحَبَّ قَوْمًا اِبْتَلَاهُمْ فَمَنْ رَّضِيَ فَلَهُ

اسی (انسؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بڑا اجر بڑی ابتلاء کے ساتھ ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ جس وقت کسی قوم سے محبت رکھتا ہے اس کو مبتلا کر دیتا ہے جو شخص راضی ہوا اس کیلئے

besturdubooks.wordpress.com

الرِّضَاءُ وَمَنْ سَخِطَ فَلَهُ السَّخَطُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

رضا ہے اور جو ناراض ہوا اس کے لئے غصہ ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۴۸۱/۴۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ أَوِ الْمُؤْمِنَةِ فِي نَفْسِهِ وَمَالِهِ وَوَلَدِهِ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيئَةٍ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوٰى مَالِكٌ نَحْوَهُ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایمان دار مرد اور عورت کو اس کے نفس اور مال اور اس کی اولاد میں مصیبت پہنچتی رہتی ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کو ملے گا اور اس پر ایک گناہ بھی نہ ہوگا۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور روایت کیا ہے مالک نے اس کی مانند اور کہا ترمذی نے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے)

* * * * * * * * * *

۱۴۸۲/۴۶ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدِ بْنِ السُّلَمِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا سَبَقَتْ لَهُ مِنَ اللّٰهِ مَنْزِلَةٌ لَمْ يَبْلُغْهَا بِعَمَلِهِ ابْتَلَاهُ اللّٰهُ فِي جَسَدِهِ أَوْ فِي مَالِهِ أَوْ فِي وَلَدِهِ ثُمَّ صَبَّرَهُ عَلٰى ذٰلِكَ حَتّٰى يُبَلِّغَهُ الْمَنْزِلَةَ الَّتِي سَبَقَتْ لَهُ مِنَ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ)

محمد بن خالد سلمی اپنے والد سے اس نے اس کے دادا سے روایت کی ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی بندہ جس وقت اس کے لئے اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک ایسا درجہ مقدر ہوتا ہے جہاں تک اپنے عمل کے ساتھ نہیں پہنچ سکتا اللہ تعالیٰ اس کو اس کے بدن یا مال یا اولاد میں مصیبت ڈال دیتا ہے پھر اس کو صبر کی توفیق دیتا ہے یہاں تک کہ اس مرتبہ تک پہنچا دیتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے مقدر کیا ہوتا ہے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے)

۱۴۸۳/۴۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شِخِّيرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ ابْنِ آدَمَ وَإِلٰى جَنْبِهِ تِسْعٌ وَتِسْعُونَ مَنِيَّةً إِنْ أَخْطَأَتْهُ الْمَنَايَا وَقَعَ فِي الْهَرَمِ حَتّٰى يَمُوتَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

عبداللہ بن شخیر سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن آدم پیدا کیا گیا ہے جبکہ اس کے پہلو میں ننانویں بلائیں مہلک ہیں اگر وہ اس سے چوک گئیں بڑھاپے میں واقع ہوتا ہے یہاں تک کہ مرتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

* * * * * * * * * *

۱۴۸۴/۴۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوَدُّ أَهْلُ الْعَافِيَةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِينَ يُعْطَى أَهْلُ الْبَلَاءِ

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عافیت والے قیامت کے دن آرزو کریں گے جس وقت مبتلائے بلا لوگوں کو ثواب دیا جائے گا کہ ان

besturdubooks.wordpress.com

الثَّوَابَ لَوْ اَنَّ جُلُوْدَهُمْ كَانَتْ قُرِضَتْ فِي الدُّنْيَا بِالْمَقَارِيْضِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

کے چمڑے دنیا میں قینچیوں سے کاٹ دیئے جاتے۔

(روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

۱۴۸۵/۴۹ وَعَنْ عَامِرِ الرَّامِ قَالَ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَسْقَامَ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا اَصَابَهُ السَّقَمُ ثُمَّ عَافَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْهُ كَانَ كَفَّارَةً لِّمَا مَضٰى مِنْ ذُنُوْبِهٖ وَمَوْعِظَةً لَّهٗ فِيْمَا يَسْتَقْبِلُ وَاِنَّ الْمُنَافِقَ اِذَا مَرِضَ ثُمَّ اُعْفِيَ كَانَ كَالْبَعِيْرِ عَقَلَهٗ اَهْلُهٗ ثُمَّ اَرْسَلُوْهُ فَلَمْ يَدْرِ لِمَ عَقَلُوْهُ وَلِمَ اَرْسَلُوْهُ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْاَسْقَامُ وَاللّٰهِ مَا مَرِضْتُ قَطُّ فَقَالَ قُمْ عَنَّا فَلَسْتَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عامر رام رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیماریوں کا ذکر فرمایا تو آپؐ نے فرمایا مومن شخص کو جس وقت بیماری پہنچتی ہے پھر اللہ تعالیٰ اس کو عافیت دیتا ہے یہ بیماری اس کے پہلے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے اور آئندہ زمانے کے لئے اس کے لئے نصیحت ہوتی ہے اور منافق جس وقت بیمار ہوتا ہے پھر عافیت دیا جاتا ہے وہ اونٹ کی مانند ہوتا ہے جس کو اس کے گھر والے باندھ دیتے ہیں پھر چھوڑ دیتے ہیں وہ نہیں جانتا کہ اس کو کیوں باندھا اور کیوں چھوڑا۔ ایک شخص نے کہا اے اللہ کے رسولؐ بیماری کیا ہے اللہ کی قسم میں تو کبھی بیمار نہیں ہوا آپؐ نے فرمایا اٹھ کھڑا ہو ہم سے تو ہم میں سے نہیں (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

* * * * * * * * * *

۱۴۸۶/۵۰ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلْتُمْ عَلَى الْمَرِيْضِ فَنَفِّسُوْا لَهٗ فِيْ اَجَلِهٖ فَاِنَّ ذٰلِكَ لَا يَرُدُّ شَيْئًا وَيَطِيْبُ بِنَفْسِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

ابوسعیدؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم مریض کے پاس جاؤ تو اس کی زندگی کی مدت میں اس کا غم دور کرو اس لئے کہ یہ بات مقدر کو نہیں پھیرتی ہے لیکن اس کا دل خوش ہو جاتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے)

۱۴۸۷/۵۱ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَهٗ بَطْنُهٗ لَمْ يُعَذَّبْ فِيْ قَبْرِهٖ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَحْمَدُ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

سلیمان بن صُرد سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو اس کے پیٹ نے مارا اس کو قبر میں عذاب نہیں دیا جائے گا۔

(روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

besturdubooks.wordpress.com



## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۴۸۸/۵۲ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ يَهُوْدِيٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرِضَ فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُهٗ فَقَعَدَ عِنْدَ رَاْسِهٖ فَقَالَ لَهٗ اَسْلِمْ فَنَظَرَ اِلٰى اَبِيْهِ وَهُوَ عِنْدَهٗ فَقَالَ اَطِعْ اَبَا الْقَاسِمِ فَاَسْلَمَ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَنْقَذَهٗ مِنَ النَّارِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک یہودی لڑکا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا وہ بیمار ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تیمارداری کے لئے تشریف لائے آپؐ اس کے سر کے پاس بیٹھ گئے اس سے کہا تو مسلمان ہو جا اس نے اپنے باپ کی طرف دیکھا وہ اس کے پاس تھا اس نے کہا ابوالقاسمؐ کی اطاعت کر وہ مسلمان ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اور آپؐ فرماتے تھے سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے اس کو آگ سے بچا لیا (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۴۸۹/۵۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَادَ مَرِيْضًا نَادٰى مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاكَ وَتَبَوَّاْتَ مِنَ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مریض کی عیادت کرتا ہے آسمان سے ندا کرنے والا ندا کرتا ہے تجھ کو خوشی ہو تیرا چلنا اچھا ہے اور تو نے جنت سے ایک بڑا مقام حاصل کر لیا ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۱۴۹۰/۵۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّ عَلِيًّا خَرَجَ مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ وَجَعِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ فَقَالَ النَّاسُ يَا اَبَا الْحَسَنِ كَيْفَ اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَصْبَحَ بِحَمْدِ اللّٰهِ بَارِئًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا حضرت علی رضؓ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے نکلے آپؐ کی اس بیماری میں جس میں آپؐ نے وفات پائی لوگوں نے کہا اے ابوالحسن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس حالت میں صبح کی ہے کہا الحمدللہ صبح کی ہے اس حال میں کہ بیماری سے شفا پانے والے ہیں (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

* * * * * * * *

۱۴۹۱/۵۵ وَعَنْ عَطَآءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ قَالَ قَالَ لِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلَا اُرِيْكَ امْرَاَةً مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ قُلْتُ بَلٰى قَالَ هٰذِهِ

عطاء بن ابی رباح رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا مجھ کو ابن عباس رضؓ نے کہا میں تجھ کو اہل جنت کی ایک عورت نہ دکھلاؤں میں نے کہا کیوں نہیں کہا یہ سیاہ رنگ کی عورت ایک دفعہ

besturdubooks.wordpress.com



الْمَرْاَةُ السَّوْدَاءُ اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُصْرَعُ وَاِنِّيْ اَتَكَشَّفُ فَادْعُ اللّٰهَ لِيْ فَقَالَ اِنْ شِئْتِ صَبَرْتِ وَلَكِ الْجَنَّةُ وَاِنْ شِئْتِ دَعَوْتُ اللّٰهَ اَنْ يُّعَافِيَكِ فَقَالَتْ اَصْبِرُ فَقَالَتْ اِنِّيْ اَتَكَشَّفُ فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ لَّا اَتَكَشَّفَ فَدَعَا لَهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس نے کہا اے اللہ کے رسول مجھے مرگی کا دورہ پڑجاتا ہے اور میرا ستر کھل جاتا ہے اللہ تعالیٰ سے میرے لئے دعا کریں آپ نے فرمایا اگر چاہے تو صبر کر اور تیرے لئے جنت ہے اور اگر چاہے میں تیرے لئے اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ تجھ کو صحت مل جائے کہنے لگی میں صبر کروں گی پھر کہا میرا ستر کھل جاتا ہے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ میں نہ کھلوں آپ نے اس کے لئے دعا کی۔ (متفق علیہ)

۱۴۹۲/۵۶ وَعَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ اِنَّ رَجُلًا جَاءَهُ الْمَوْتُ فِيْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَجُلٌ هَنِيْئًا لَهٗ مَاتَ وَلَمْ يُبْتَلَ بِمَرَضٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْحَكَ مَا يُدْرِيْكَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ ابْتَلَاهُ بِمَرَضٍ فَكَفَّرَ عَنْهُ مِنْ سَيِّاٰتِهٖ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا)

یحییٰ بن سعید سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک شخص کو اچانک موت آگئی ایک آدمی نے کہا اس کو مبارک ہو کہ کسی مرض میں مبتلا نہیں ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجھ کو کیا خبر اگر اللہ تعالیٰ اس کو بیماری میں مبتلا کر دیتا پس دور کرتا اس سے اس کی برائیاں۔ (روایت کیا ہے اس کو مالک نے مرسل۔

* * * \

besturdubooks.wordpress.com

وَيَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنَا قَيَّدْتُّ عَبْدِيْ وَابْتَلَيْتُهٗ فَاجْرُوْا لَهٗ مَا كُنْتُمْ تَجْرُوْنَ لَهٗ وَهُوَ صَحِيْحٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

میں نے اپنے بندے کو قید کیا میں نے اُس کو آزمایا جاری رکھو اس کے لئے وُہ عمل جو اس کے لئے جاری رکھتے تھے جب وہ تندرست تھا (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

* * * * * * * * * * *

۱۴۹۴/۵۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَثُرَتْ ذُنُوْبُ الْعَبْدِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ مَا يُكَفِّرُهَا مِنَ الْعَمَلِ ابْتَلَاهُ اللّٰهُ بِالْحُزْنِ لِيُكَفِّرَهَا عَنْهُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کسی بندے کے گناہ زیادہ ہو جاتے ہیں اور اس کے اعمال اس قدر نہیں ہوتے جس سے اُن کے گناہ جھاڑ دے تو اللہ تعالیٰ اس کو غم میں مبتلا کر دیتا ہے تاکہ اس کے گناہ جھاڑ دے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

۱۴۹۵/۵۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَادَ مَرِيْضًا لَمْ يَزَلْ يَخُوْضُ الرَّحْمَةَ حَتّٰى يَجْلِسَ فَاِذَا جَلَسَ اغْتَمَسَ فِيْهَا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّاَحْمَدُ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مریض کی عیادت کرتا ہے دریائے رحمت میں بیٹھا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کے پاس بیٹھے جس وقت اس کے پاس بیٹھتا ہے اس میں ڈوب جاتا ہے (روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور احمد نے)

۱۴۹۶/۶۰ وَعَنْ ثَوْبَانَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَصَابَ اَحَدَكُمُ الْحُمّٰى فَاِنَّ الْحُمّٰى قِطْعَةٌ مِّنَ النَّارِ فَلْيُطْفِئْهَا عَنْهُ بِالْمَاءِ فَلْيَسْتَنْقِعْ فِيْ نَهْرٍ جَارٍ وَّلْيَسْتَقْبِلْ جَرْيَتَهٗ فَيَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ وَصَدِّقْ رَسُوْلَكَ بَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَلْيَغْمِسْ فِيْهِ ثَلٰثَ غَمَسَاتٍ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَاِنْ لَّمْ يَبْرَءْ فِيْ ثَلٰثٍ فَخَمْسٌ فَاِنْ لَّمْ يَبْرَاْ فِيْ خَمْسٍ فَسَبْعٌ فَاِنْ لَّمْ يَبْرَاْ فِيْ سَبْعٍ فَتِسْعٌ فَاِنَّهَا لَا تَكَادُ تُجَاوِزُ تِسْعًا بِاِذْنِ اللّٰهِ عَزَّ

حضرت ثوبان رضؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم میں سے کسی کو بخار ہو پس بیشک بخار آگ کا ایک ٹکڑا ہے اس کو پانی کے ساتھ بجھائے وہ ایک جاری نہر میں داخل ہو اس کے بہاؤ کے سامنے کھڑا ہو کر کہے اللہ کے نام کے ساتھ شفا حاصل کرتا ہوں اے اللہ اپنے بندے کو شفا دے اور اپنے رسول کو سچا کر صبح کی نماز کے بعد ایسا کرے سورج نکلنے سے پہلے اور تین دن تک اس میں تین غوطے لگائے اگر اچھا نہ ہو تو پانچ دن تک ایسا کرے اگر پانچ دنوں میں اچھا نہ ہو تو سات دن تک کرے اگر سات دن میں اچھا نہ ہو تو نو دن کرے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے یہ بات نو دن سے تجاوز نہ کرے گی۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث

besturdubooks.wordpress.com

وَجَلَّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

غریب ہے)

* * * * * * * *

۱۴۹۷ ۶۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ ذُكِرَتِ الْحُمّٰى عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَبَّهَا رَجُلٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبَّهَا فَاِنَّهَا تَنْفِي الذُّنُوْبَ كَمَا تَنْفِي النَّارُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بخار کا ذکر ہوا ایک آدمی نے اس کو گالی دی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو برا مت کہو یہ گناہوں کو اس طرح دور کر دیتا ہے جس طرح آگ لوہے کی میل کو دور کر دیتی ہے (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۱۴۹۸ ۶۲ وَعَنْهُ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَ مَرِيْضًا فَقَالَ اَبْشِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ هِيَ نَارِيْ اُسَلِّطُهَا عَلٰى عَبْدِيَ الْمُؤْمِنِ فِي الدُّنْيَا لِتَكُوْنَ حَظَّهٗ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کی عیادت کی آپ نے فرمایا خوش ہو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ میری آگ ہے میں اس کو ایماندار بندے پر دنیا میں مسلط کرتا ہوں تاکہ قیامت کے دن دوزخ کی آگ سے بدلہ بن سکے۔

(روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں)

۱۴۹۹ ۶۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الرَّبَّ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى يَقُوْلُ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ لَا اُخْرِجُ اَحَدًا مِّنَ الدُّنْيَا اُرِيْدُ اَغْفِرُ لَهٗ حَتّٰى اَسْتَوْفِيَ كُلَّ خَطِيْئَةٍ فِيْ عُنُقِهٖ بِسَقْمٍ فِيْ بَدَنِهٖ وَاِقْتَارٍ فِيْ رِزْقِهٖ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

انس رضؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق رب پاک و برتر فرماتا ہے مجھ کو اپنی عزت اور جلال کی قسم میں دنیا سے کسی کو نہیں نکالتا جس کے بخش دینے کا میں نے ارادہ کیا ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کو پورا بدلہ دوں ہر گناہ کا جو اس کی گردن میں ہے بیماری کے ساتھ اسکے بدن میں اور اس کے رزق میں تنگی کے ساتھ۔

(روایت کیا ہے اس کو رزین نے)

۱۵۰۰ ۶۴ وَعَنْ شَقِيْقٍ قَالَ مَرِضَ عَبْدُ اللّٰهِ فَعُدْنَاهُ فَجَعَلَ يَبْكِيْ فَعُوْتِبَ فَقَالَ اِنِّيْ لَا اَبْكِيْ لِاَجْلِ الْمَرَضِ لِاَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

شقیق رضؓ سے روایت ہے کہا عبداللہ بن مسعود رضؓ بیمار پڑ گئے ہم آپ کی عیادت کے لئے آئے وہ رونے لگے لوگوں نے غصہ کیا کہا میں بیماری کی وجہ سے نہیں روتا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے تھے بیماری گناہوں کا کفارہ ہے

besturdubooks.wordpress.com

يَقُوْلُ الْمَرَضُ كَفَّارَةٌ وَّاِنَّمَا اَبْكِيْ اَنَّهٗ اَصَابَنِيْ عَلٰى حَالِ فَتْرَةٍ وَّلَمْ يُصِبْنِيْ فِيْ حَالِ اجْتِهَادٍ لِاَنَّهٗ يُكْتَبُ لِلْعَبْدِ مِنَ الْاَجْرِ اِذَا مَرِضَ مَا كَانَ يُكْتَبُ لَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّمْرَضَ فَمَنَعَهٗ مِنْهُ الْمَرَضُ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

میں اسلئے روتا ہوں کہ بیماری مجھ کو سستی کی حالت میں پہنچی اور قوت کی حالت میں نہیں پہنچی کیونکہ جس وقت انسان بیمار پڑتا ہے اس کے لئے ثواب لکھا جاتا ہے جو بیمار ہونے سے پہلے لکھا جاتا تھا اور اب بیماری نے اس کو روک دیا ہے (روایت کیا ہے اس کو رزین نے)

۱۵۰۱/۶۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَعُوْدُ مَرِيْضًا اِلَّا بَعْدَ ثَلٰثٍ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی مریض کی عیادت نہیں کرتے تھے مگر تین دنوں کے بعد (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں)

۱۵۰۲/۶۶ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلْتَ عَلٰى مَرِيْضٍ فَمُرْهُ يَدْعُ لَكَ فَاِنَّ دُعَآءَهٗ كَدُعَآءِ الْمَلٰٓئِكَةِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عمر بن الخطابؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تو مریض کے پاس جائے اس کو کہہ کہ تمہارے لئے دعا کرے اس کی دعا فرشتوں کی دعا جیسی ہے (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۱۵۰۳/۶۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ تَخْفِيْفُ الْجُلُوْسِ وَقِلَّةُ الصَّخَبِ فِي الْعِيَادَةِ عِنْدَ الْمَرِيْضِ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا كَثُرَ لَغَطُهُمْ وَاخْتِلَافُهُمْ قُوْمُوْا عَنِّيْ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے فرمایا بیمار کے ہاں تیمار داری کرتے ہوئے کم بیٹھنا اور کم شور کرنا سنت ہے کہا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا جس وقت انکے پاس شور بہت ہوا اور صحابہؓ کا اختلاف بڑھ گیا میرے پاس سے اٹھ جاؤ (روایت کیا ہے اس کو رزین نے)

۱۵۰۴/۶۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعِيَادَةُ فَوَاقُ نَاقَةٍ وَّفِيْ رِوَايَةِ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مُرْسَلًا اَفْضَلُ الْعِيَادَةِ سُرْعَةُ الْقِيَامِ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا افضل عیادت کا زمانہ اس قدر ہے جس قدر اونٹنی کے دودھ دوہنے کے درمیان وقفہ ہوتا ہے سعید بن مسیب کی ایک مرسل روایت میں ہے افضل عیادت وہ ہے جس سے جلد اٹھ آئے (روایت کیا ہے بیہقی نے شعب الایمان میں)

besturdubooks.wordpress.com



۱۵۰۵/۶۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَادَ رَجُلًا فَقَالَ لَہٗ مَا تَشْتَہِیْ قَالَ اَشْتَہِیْ خُبْزَ بُرٍّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ کَانَ عِنْدَہٗ خُبْزُ بُرٍّ فَلْیَبْعَثْ اِلٰی اَخِیْہِ ثُمَّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَہٰی مَرِیْضُ اَحَدِکُمْ شَیْئًا فَلْیُطْعِمْہُ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کی عیادت کی آپ نے اُس سے کہا کہ کس چیز کے کھانے کو تیرا دل چاہتا ہے اس نے کہا گندم کی روٹی کھانے کو دل چاہتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے پاس گندم کی روٹی ہو وہ اپنے بھائی کو بھیجدے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تمہارے مریض کا کوئی شئی کھانے کو دل چاہے اس کو کھلائے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۱۵۰۶/۷۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ تُوُفِّیَ رَجُلٌ بِالْمَدِیْنَۃِ مِمَّنْ وُلِدَ بِہَا فَصَلّٰی عَلَیْہِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا لَیْتَہٗ مَاتَ بِغَیْرِ مَوْلِدِہٖ قَالُوْا وَلِمَ ذٰلِکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا مَاتَ بِغَیْرِ مَوْلِدِہٖ قِیْسَ لَہٗ مِنْ مَوْلِدِہٖ اِلٰی مُنْقَطَعِ اَثَرِہٖ فِی الْجَنَّۃِ (رَوَاہُ النَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ایک شخص مدینہ میں فوت ہوگیا وہ وہیں پیدا ہوا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی آپ نے فرمایا کاش کہ یہ اپنی جائے پیدائش کے علاوہ کہیں اور مرا ہوتا صحابہ نے عرض کیا کس لئے اے اللہ کے رسول؟ آپ نے فرمایا جب کوئی شخص اپنی جائے پیدائش کے علاوہ دیار غیر میں مرتا ہے اس کی جائے پیدائش سے لے کر اس کے نقش قدم کے منقطع ہونے تک جتنا فاصلہ جنت سے اس کے لئے ماپا جاتا ہے (نسائی۔ ابن ماجہ)

۱۵۰۷/۷۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَوْتُ غُرْبَۃٍ شَہَادَۃٌ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسافرت میں مرنا شہادت ہے (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۱۵۰۸/۷۲ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ مَرِیْضًا مَاتَ شَہِیْدًا وَّوُقِیَ فِتْنَۃَ الْقَبْرِ وَغُدِیَ وَرِیْحَ عَلَیْہِ بِرِزْقِہٖ مِنَ الْجَنَّۃِ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مریض ہوکر مرتا ہے شہید ہوکر مرتا ہے اور قبر کے فتنہ سے بچالیا جاتا ہے اور صبح اور شام کے وقت اپنی روزی جنت سے دیا جاتا ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں)

۱۵۰۹/۷۳ وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِیَۃَ اَنَّ

عرباض بن ساریہ رضؓ سے روایت ہے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم

besturdubooks.wordpress.com

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَخْتَصِمُ الشُّهَدَآءُ وَالْمُتَوَفَّوْنَ عَلٰى فُرُشِهِمْ اِلٰى رَبِّنَا عَزَّ وَجَلَّ فِي الَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنَ الطَّاعُوْنِ فَيَقُوْلُ الشُّهَدَآءُ اِخْوَانُنَا قُتِلُوْا كَمَا قُتِلْنَا وَيَقُوْلُ الْمُتَوَفَّوْنَ اِخْوَانُنَا مَاتُوْا عَلٰى فُرُشِهِمْ كَمَا مُتْنَا فَيَقُوْلُ رَبُّنَا انْظُرُوْا اِلٰى جِرَاحَتِهِمْ فَاِنْ اَشْبَهَتْ جِرَاحُهُمْ جِرَاحَ الْمَقْتُوْلِيْنَ فَاِنَّهُمْ مِنْهُمْ وَمَعَهُمْ فَاِذَا جِرَاحُهُمْ قَدْ اَشْبَهَتْ جِرَاحَهُمْ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَآئِيُّ)

سنے فرمایا شہداء اور وہ لوگ جو اپنے بستروں پر مرے ہمارے پروردگار کی طرف ان لوگوں کے بارہ میں جھگڑا کریں گے جو طاعون سے فوت ہوئے شہید کہیں گے یہ ہمارے بھائی ہیں قتل کئے گئے جس طرح ہم قتل کئے گئے اور فوت شدہ کہیں گے ہمارے بھائی ہیں اپنے بچھونوں پر مرے جس طرح ہم مرے ہمارا پروردگار فرمائے گا اُن کے زخموں کی طرف دیکھو اگر اُن کے زخم مقتولوں کے زخموں کے مشابہ ہو جائیں بے شک وہ اُن میں سے ہیں اور ان کے ساتھ ہیں جب وہ دیکھیں گے ان کے زخم مقتولین کے زخموں کے مشابہ ہوں گے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور نسائی نے)

۱۵۱۰ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْفَارُّ مِنَ الطَّاعُوْنِ كَالْفَارِّ مِنَ الزَّحْفِ وَالصَّابِرُ فِيْهِ لَهٗ اَجْرُ شَهِيْدٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت جابرؓ سے روایت ہے بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طاعون سے بھاگنے والا کفار کی لڑائی سے بھاگنے والے کی طرح ہے اور اس میں صبر کرنے والے کے لیے شہید کا اجر ہے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

## بَابُ تَمَنِّي الْمَوْتِ وَذِكْرِهٖ

## موت کی آرزو اور موت کو یاد کرنے کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۱۵۱۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَمَنَّى اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ اِمَّا مُحْسِنًا فَلَعَلَّهٗ اَنْ يَّزْدَادَ خَيْرًا وَّاِمَّا مُسِيْئًا فَلَعَلَّهٗ اَنْ يَّسْتَعْتِبَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی موت کی آرزو نہ کرے اگر وہ نیک ہے شاید کہ وہ نیکی زیادہ کرلے اور اگر وہ بدکار ہے شاید کہ وہ اللہ تعالیٰ سے رضامندی چاہے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۵۱۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَمَنَّى اَحَدُكُمُ

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی موت کی آرزو نہ

besturdubooks.wordpress.com

الْمَوْتَ وَلَا يَدْعُ بِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهٗ اِنَّهٗ اِذَا مَاتَ انْقَطَعَ اَمَلُهٗ وَاِنَّهٗ لَا يَزِيْدُ الْمُؤْمِنَ عُمُرُهٗ اِلَّا خَيْرًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کرے اور اس کے لئے دعا نہ کرے اس سے پہلے کہ اس کو آئے اس لئے کہ جس وقت وہ مرجاتا ہے اس کی امید منقطع ہو جاتی ہے مؤمن کو اس کی عمر نہیں زیادہ کرتی مگر بھلائی (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۵۱۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ مِنْ ضُرٍّ اَصَابَهٗ فَاِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی موت کی آرزو نہ کرے کسی ضرر کی وجہ سے کہ اس کو پہنچے اگر ضروری طور پر ایسا کرنا چاہتا ہے پس وہ کہے اے اللہ مجھ کو زندہ رکھ جب تک زندہ رہنا میرے لئے بہتر ہے اور مجھ کو مار جس وقت میرے لئے مرنا بہتر ہو۔ (متفق علیہ)

۱۵۱۴ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ لِقَآءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَآءَهٗ وَمَنْ كَرِهَ لِقَآءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَآءَهٗ فَقَالَتْ عَائِشَةُ اَوْ بَعْضُ اَزْوَاجِهٖ اِنَّا لَنَكْرَهُ الْمَوْتَ قَالَ لَيْسَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ بُشِّرَ بِرِضْوَانِ اللّٰهِ وَكَرَامَتِهٖ فَلَيْسَ شَيْءٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا اَمَامَهٗ فَاَحَبَّ لِقَآءَ اللّٰهِ وَاَحَبَّ اللّٰهُ لِقَآءَهٗ وَاِنَّ الْكَافِرَ اِذَا حُضِرَ بُشِّرَ بِعَذَابِ اللّٰهِ وَعُقُوْبَتِهٖ فَلَيْسَ شَيْءٌ اَكْرَهَ اِلَيْهِ مِمَّا اَمَامَهٗ فَكَرِهَ لِقَآءَ اللّٰهِ وَكَرِهَ اللّٰهُ لِقَآءَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ عَائِشَةَ وَالْمَوْتُ قَبْلَ لِقَآءِ اللّٰهِ۔

عبادہ بن صامت سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو دوست رکھے اللہ تعالیٰ اس کی ملاقات کو دوست رکھتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو ناپسند رکھے اللہ تعالیٰ اس کی ملاقات کو ناپسند رکھتا ہے حضرت عائشہ رضؓ یا کسی اور آپ کی بیوی نے کہا اے اللہ کے رسول ہم تو سب ہی موت کو ناپسند رکھتے ہیں فرمایا نہیں لیکن مؤمن شخص کو جس وقت موت آتی ہے اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور عزت افزائی کی اس کو خوشخبری دی جاتی ہے اس کو اس چیز سے بڑھ کر کوئی محبوب شی نہیں رہ جاتی جو اُس کے آگے ہے پس دوست رکھتا ہے یہ اللہ کی ملاقات کو اور دوست رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اسکی ملاقات کو اور کافر کی جس وقت موت آتی ہے اسکو اللہ تعالیٰ سے عذاب اور سزا کی خبر دیجاتی ہے پس اسکی طرف کوئی چیز مکروہ نہیں اس چیز سے بڑھکر جو اسکے آگے ہے وہ ناپسند سمجھتا ہے اللہ کی ملاقات کو اور اللہ ناپسند سمجھتا ہے اسکی ملاقات کو (متفق علیہ) حضرت عائشہؓ کی ایک روایت میں ہے۔ اور موت اللہ تعالیٰ کی ملاقات سے پہلے ہے

۱۵۱۵ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّهٗ كَانَ يُحَدِّثُ

ابوقتادہ رضؓ سے روایت ہے وہ حدیث بیان کرتے تھے

besturdubooks.wordpress.com

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرَّ عَلَيْهِ بِجَنَازَةٍ فَقَالَ مُسْتَرِيْحٌ اَوْ مُسْتَرَاحٌ مِّنْهُ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْمُسْتَرِيْحُ وَالْمُسْتَرَاحُ مِنْهُ فَقَالَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ يَسْتَرِيْحُ مِنْ نَّصَبِ الدُّنْيَا وَاَذَاهَا اِلٰى رَحْمَةِ اللّٰهِ وَالْعَبْدُ الْفَاجِرُ يَسْتَرِيْحُ مِنْهُ الْعِبَادُ وَالْبِلَادُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک جنازہ گزارا گیا فرمایا راحت پانے والا ہے یا اس سے اوروں نے راحت پائی ہے۔ انہوں نے کہا اے اللہ کے رسول! راحت پانے والا کون ہے اور کون ہے جس سے اوروں نے راحت پائی ہے فرمایا مومن بندہ دنیا کے رنج و مصیبت سے راحت پاتا ہے اور اس کی ایذا سے آرام پاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت کیطرف اور فاجر بندہ بندے اور شہر درخت اور چوپائے اس سے راحت پاتے ہیں۔ (متفق علیہ)

۱۵۱۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْكِبَيَّ فَقَالَ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ وَّكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ اِذَا اَمْسَيْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الصَّبَاحَ وَاِذَا اَصْبَحْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الْمَسَاءَ وَخُذْ مِنْ صِحَّتِكَ لِمَرَضِكَ وَمِنْ حَيَاتِكَ لِمَوْتِكَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

عبداللہ بن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے کندھے کو پکڑا اور فرمایا تو دنیا میں اس طرح رہو گویا کہ تو مسافر ہے بلکہ راہ کا گزرنے والا ہے اور ابن عمرؓ فرمایا کرتے تھے جس وقت تو شام کرے صبح کی انتظار نہ کر اور جس وقت صبح کرے شام کا انتظار نہ کر اور اپنی تندرستی کو بیماری کے لئے غنیمت جان اور اپنی زندگی کو اپنی موت کے لئے غنیمت سمجھ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۵۱۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِهٖ بِثَلٰثَةِ اَيَّامٍ يَّقُوْلُ لَا يَمُوْتَنَّ اَحَدُكُمْ اِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ الظَّنَّ بِاللّٰهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا اپنی وفات سے تین روز قبل فرماتے تھے تم میں سے کوئی شخص نہ مرے مگر وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ نیک گمان رکھتا ہو (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۵۱۸ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ شِئْتُمْ اَنْبَاْتُكُمْ مَا اَوَّلُ مَا يَقُوْلُ اللّٰهُ

معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم چاہو تو میں تم کو خبر دوں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ایمان داروں کو کیا

besturdubooks.wordpress.com

لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَا اَوَّلُ مَا يَقُوْلُوْنَ لَهٗ قُلْنَا نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ هَلْ اَحْبَبْتُمْ لِقَآءِيْ فَيَقُوْلُوْنَ نَعَمْ يَا رَبَّنَا فَيَقُوْلُ لِمَ فَيَقُوْلُوْنَ رَجَوْنَا عَفْوَكَ وَ مَغْفِرَتَكَ فَيَقُوْلُ قَدْ وَجَبَتْ لَكُمْ مَّغْفِرَتِيْ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَ اَبُوْنُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ)

کہے گا۔ اور ایمان دار اللہ تعالیٰ کو کیا کہیں گے ہم نے کہا اے اللہ کے رسول ہاں فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ ایمان داروں کے لئے فرمائے گا کیا تم میری ملاقات پسند کرتے تھے وہ کہیں گے ہاں اے ہمارے پروردگار پس فرمائے گا کیوں وہ جواب دیں گے ہم تیری معافی اور بخشش کی امید رکھتے تھے اللہ تعالیٰ فرمائے گا میری بخشش تمہارے لئے واجب ہو گئی۔ (روایت کیا ہے اس کو شرح السنہ میں اور ابونعیم نے حلیہ میں)

۱۵۱۹/۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لذتوں کو کھو دینے والی موت کو بہت یاد کرو (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۵۲۰/۱۰ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ لِاَصْحَابِهٖ اسْتَحْيُوْا مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَآءِ قَالُوْا اِنَّا نَسْتَحْيِيْ مِنَ اللّٰهِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ قَالَ لَيْسَ ذٰلِكَ وَلٰكِنْ مَّنِ اسْتَحْيٰى مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَآءِ فَلْيَحْفَظِ الرَّاْسَ وَمَا وَعٰى وَلْيَحْفَظِ الْبَطْنَ وَمَا حَوٰى وَلْيَذْكُرِ الْمَوْتَ وَ الْبِلٰى وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ تَرَكَ زِيْنَةَ الدُّنْيَا فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدِ اسْتَحْيٰى مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَآءِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

ابن مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اپنے صحابہ کرام کے لئے فرمایا اللہ تعالیٰ سے حیا کرو جس طرح حیا کرنے کا حق ہے صحابہؓ نے کہا تحقیق ہم اللہ تعالیٰ سے حیا کرتے ہیں اے اللہ کے نبی اور اللہ کے لئے تعریف ہے فرمایا اس طرح نہیں لیکن جو اللہ تعالیٰ سے حیا کرتا ہے جس طرح حق ہے حیا کا پس چاہئے کہ سر اور جو اس میں ہے اس کی حفاظت کرے اور پیٹ اور اس نے جو جمع کیا ہے اس کی حفاظت کرے اور چاہئے کہ موت اور ہڈیوں کے بوسیدہ ہو جانے کو یاد کرے اور جو شخص آخرت کا ارادہ کرے چھوڑتا ہے دنیا کی زینت کو جس نے ایسا کیا پس اس نے حیا کی اللہ تعالیٰ سے حق حیا کا (روایت کیا ہے احمد نے اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

۱۵۲۱/۱۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مؤمن کا تحفہ موت ہے

besturdubooks.wordpress.com

تُحْفَةُ الْمُؤْمِنِ الْمَوْتُ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

(روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

* * * * * * * * * *

۱۵۲۲ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُ يَمُوتُ بِعَرَقِ الْجَبِينِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مؤمن پیشانی کے پسینے سے مرتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۵۲۳ وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْتُ الْفُجَاءَةِ أَخْذَةُ الْأَسَفِ۔ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَزَادَ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَرَزِينٌ فِي كِتَابِهِ أَخْذَةُ الْأَسَفِ لِلْكَافِرِ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِ

عبید اللہ رضی اللہ عنہ بن خالد سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ناگہاں مرنا غضب کا پکڑنا ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور زیادہ کیا ہے بیہقی نے شعب الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں غضب کا پکڑنا کافر کے واسطے ہے اور مؤمن کے لئے رحمت ہے)

۱۵۲۴ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى شَابٍّ وَهُوَ فِي الْمَوْتِ فَقَالَ كَيْفَ تَجِدُكَ قَالَ أَرْجُو اللّٰهَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَإِنِّي أَخَافُ ذُنُوبِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَجْتَمِعَانِ فِي قَلْبِ عَبْدٍ فِي مِثْلِ هٰذَا الْمَوْطِنِ إِلَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ مَا يَرْجُو وَآمَنَهُ مِمَّا يَخَافُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ۔

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک جوان پر داخل ہوئے اور وہ جان کنی کی حالت میں تھا آپ نے فرمایا تو اپنے آپ کو کس طرح پاتا ہے کہا اے اللہ کے رسول میں اللہ کی اُمید رکھتا ہوں اور میں اپنے گناہوں سے ڈرتا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس وقت کی مانند یہ دو باتیں کسی بندے کے دل میں جمع نہیں ہوتیں مگر اللہ تعالیٰ دے دیتا ہے اس کو جس چیز کی اُمید رکھتا ہے اور امن میں رکھتا ہے اس کو اس چیز سے جس سے ڈرتا ہے

(روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۵۲۵ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ

جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مرنے کی آرزو نہ کرو جان کنی کا ہول

besturdubooks.wordpress.com

فَإِنَّ هَوْلَ الْمُطَّلَعِ شَدِيدٌ وَإِنَّ مِنَ السَّعَادَةِ أَنْ يَطُولَ عُمُرُ الْعَبْدِ وَيَرْزُقَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْإِنَابَةَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

سخت ہے تحقیق نیک بختی یہ ہے کہ بندے کی عمر لمبی ہو اور اللہ تعالیٰ اس کو اپنی طاعت نصیب فرماوے۔ (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

۱۵۲۶/۱۶ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ جَلَسْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَّرَنَا وَرَقَّقَنَا فَبَكَى سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فَأَكْثَرَ الْبُكَاءَ فَقَالَ يَا لَيْتَنِي مِتُّ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا سَعْدُ أَعِنْدِي تَتَمَنَّى الْمَوْتَ فَرَدَّدَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ يَا سَعْدُ إِنْ كُنْتَ خُلِقْتَ لِلْجَنَّةِ فَمَا طَالَ عُمُرُكَ وَحَسُنَ مِنْ عَمَلِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ابو امامہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے آپ نے ہم کو نصیحت فرمائی اور ہمارے دل نرم کئے سعد بن ابی وقاص رو پڑے بہت زیادہ روئے۔ اور کہا اے کاش! میں مر جاتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے سعدؓ! کیا میرے پاس بیٹھ کر تو موت کی آرزو کرتا ہے تین مرتبہ آپ نے یہ کلمات دُہرائے پھر آپ نے فرمایا۔ اے سعدؓ! اگر تو جنت کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ پس جس قدر تیری عمر دراز ہوگی۔ اور تیرا عمل اچھا ہوگا تیرے لئے بہتر ہوگا۔ (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

۱۵۲۷/۱۷ وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى خَبَّابٍ وَقَدِ اكْتَوٰى سَبْعًا فَقَالَ لَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَتَمَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ وَلَقَدْ رَأَيْتُنِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَمْلِكُ دِرْهَمًا وَإِنَّ فِي جَانِبِ بَيْتِي الْآنَ لَأَرْبَعِينَ أَلْفَ دِرْهَمٍ قَالَ ثُمَّ أُتِيَ بِكَفَنِهِ فَلَمَّا رَآهُ بَكٰى وَقَالَ وَلٰكِنْ حَمْزَةُ لَمْ يُوجَدْ لَهُ كَفَنٌ إِلَّا بُرْدَةٌ مُلَحَاءُ إِذَا جُعِلَتْ عَلٰى رَأْسِهِ قَلَصَتْ عَنْ قَدَمَيْهِ وَإِذَا جُعِلَتْ

حارثہ بن مضرب سے روایت ہے۔ کہا میں خباب پر داخل ہوا جبکہ اس نے اپنے بدن پر سات داغ لگوائے تھے کہنے لگے اگر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ نہ سُنا ہوتا کہ تم میں سے کوئی موت کی آرزو نہ کرے البتہ میں ضرور آرزو کرتا اور تحقیق میں نے اپنے آپ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دیکھا کہ میں ایک درہم کا بھی مالک نہ تھا اب میرے گھر کے کونے میں چالیس ہزار درہم ہیں پھر ان کے پاس اُن کا کفن لایا گیا جب اُسے دیکھا رو پڑے اور کہا لیکن حمزہ رضؓ کے لئے کفن نہیں تھا مگر ایک سفید و سیاہ چادر دھاری دار اگر سر پر ڈالی جاتی قدموں سے کھل جاتی اور اگر قدموں پر ڈالی جاتی سر سے کھل جاتی یہاں تک کہ اُن کے سر پر کھینچی گئی اور قدموں پر اذخر گھاس ڈال دیا گیا۔ (روایت کیا ہے

besturdubooks.wordpress.com

عَلٰى قَدَمَيْهِ قَلَصَتْ عَنْ رَأْسِهٖ حَتّٰى مُدَّتْ عَلٰى رَأْسِهٖ وَجُعِلَ عَلٰى قَدَمَيْهِ الْإِذْخِرُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ إِلَّا أَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ ثُمَّ أُتِيَ بِكَفَنِهٖ إِلٰى آخِرِهٖ

اس کو احمد نے اور ترمذی نے لیکن ترمذی نے ثم اتی بکفنہ سے آخر تک ذکر نہیں کیا)

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

# بَابُ مَا يُقَالُ عِنْدَ مَنْ حَضَرَهُ الْمَوْتُ

# قریب الموت ہونے پر جو چیز تلقین کیجاتی ہے۔

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## فصل اول

۱۵۲۸/۱ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ وَّأَبِي هُرَيْرَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ. (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوسعید رضؓ اور ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے ان دونوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے مُردوں کو مرتے وقت کلمہ لا الٰہ الا اللہ کی تلقین کرو۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۵۲۹/۲ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا حَضَرْتُمُ الْمَرِيْضَ أَوِ الْمَيِّتَ فَقُوْلُوْا خَيْرًا فَإِنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ يُؤَمِّنُوْنَ عَلٰى مَا تَقُوْلُوْنَ. (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام سلمہ رضؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم بیمار یا میت کے پاس آؤ تو بھلائی کی بات کہو کیونکہ اس وقت جو کچھ تم کہتے ہو اس پر فرشتے آمین کہتے ہیں (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

۱۵۳۰/۳ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ تُصِيْبُهٗ مُصِيْبَةٌ فَيَقُوْلُ مَا أَمَرَهُ اللّٰهُ بِهٖ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَأَخْلِفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا إِلَّا أَخْلَفَ اللّٰهُ لَهٗ خَيْرًا مِّنْهَا فَلَمَّا مَاتَ أَبُوْ سَلَمَةَ قُلْتُ أَيُّ الْمُسْلِمِيْنَ

اسی (ام سلمہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی مسلمان نہیں جس کو مصیبت پہنچے پس کہے وہ جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اے اللہ مجھ کو اس مصیبت کا اجر دے اور مجھے اس سے بہتر بدلہ دے مگر اللہ تعالیٰ اس سے بہتر دیتا ہے جس وقت ابوسلمہ رضؓ فوت ہو گئے میں نے کہا ابوسلمہ رضؓ سے بہتر کون مسلمان ہے سب سے پہلا گھرانہ ہے جس نے

besturdubooks.wordpress.com

خَيْرٌ مِّنْ أَبِي سَلَمَةَ أَوَّلُ بَيْتٍ هَاجَرَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ إِنِّي قُلْتُهَا فَأَخْلَفَ اللّٰهُ لِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کی لیکن میں نے یہ کلمات کہے اللہ تعالیٰ نے اُس کے عوض میں مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیئے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * * * * * * *

۱۵۳۱ وَعَنْهَا قَالَتْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَبِي سَلَمَةَ وَقَدْ شَقَّ بَصَرُهُ فَأَغْمَضَهُ ثُمَّ قَالَ إِنَّ الرُّوْحَ إِذَا قُبِضَ تَبِعَهُ الْبَصَرُ فَضَجَّ نَاسٌ مِّنْ أَهْلِهِ فَقَالَ لَا تَدْعُوْا عَلَى أَنْفُسِكُمْ إِلَّا بِخَيْرٍ فَإِنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ يُؤَمِّنُوْنَ عَلٰى مَا تَقُوْلُوْنَ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِأَبِي سَلَمَةَ وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِي عَقِبِهِ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ وَافْسَحْ لَهُ فِي قَبْرِهِ وَنَوِّرْ لَهُ فِيْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ام سلمہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوسلمہؓ پر داخل ہوئے اُن کی آنکھیں پتھرا چکی تھیں آپ نے اُن کو بند کر دیا پھر فرمایا تحقیق رُوح جس وقت قبض کی جاتی ہے نظر اس کے پیچھے رہ جاتی ہے اس کے گھر والے بلند آواز سے چلائے آپ نے فرمایا اپنے نفسوں پر دُعا نہ کرو مگر بھلائی کے ساتھ کیونکہ فرشتے آمین کہتے ہیں اس پر جو کچھ تم کہتے ہو پھر آپ نے فرمایا اے اللہ ابوسلمہؓ کو بخش دے اس کے درجات ہدایت دیئے گئے لوگوں میں بلند کر اور باقی رہنے والوں میں اس کا جانشین ہو ہم کو اور اس کو اے عالموں کے رب بخش دے اس کی قبر کو کشادہ کر اور اس میں روشنی کر اس کے لئے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۵۳۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تُوُفِّيَ سُجِّيَ بِبُرْدِ حِبَرَةٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت فوت ہوئے یمنی چادر میں ڈھانک دیئے گئے۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۵۳۳ عَنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کا آخری کلام لا الٰہ الا اللہ ہو جنت میں داخل ہوگا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۵۳۴ وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَءُوْا سُوْرَةَ يٰسٓ عَلٰى مَوْتَاكُمْ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

معقلؓ بن یسار سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے مُردوں پر سورۂ یٰسین پڑھو (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

۱۵۳۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبَّلَ عُثْمَانَ ابْنَ مَظْعُوْنٍ وَّهُوَ مَيِّتٌ وَّهُوَ يَبْكِيْ حَتّٰى سَالَ دُمُوْعُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى وَجْهِ عُثْمَانَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمان بن مظعون کو بوسہ دیا اس حالت میں کہ وہ میت تھے اور آپ روتے تھے یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آنسو عثمانؓ کے چہرے پر گرتے تھے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

۱۵۳۶ وَعَنْهَا قَالَتْ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ قَبَّلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَيِّتٌ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

اسی (حضرت عائشہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا تحقیق حضرت ابوبکر صدیقؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسہ دیا جبکہ ان کی وفات ہو چکی تھی (روایت کیا ہے اس کو ترمذی، ابن ماجہ نے)

۱۵۳۷ وَعَنْ حُصَيْنِ بْنِ وَحْوَحٍ اَنَّ طَلْحَةَ بْنَ الْبَرَاءِ مَرِضَ فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُهٗ فَقَالَ اِنِّيْ لَا اَرٰى طَلْحَةَ اِلَّا قَدْ حَدَثَ بِهِ الْمَوْتُ فَاٰذِنُوْنِيْ بِهٖ وَعَجِّلُوْا فَاِنَّهٗ لَا يَنْبَغِيْ لِجِيْفَةِ مُسْلِمٍ اَنْ تُحْبَسَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ اَهْلِهٖ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حصین بن وحوح سے روایت ہے کہ طلحہؓ بن براءؓ بیمار ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی عیادت کے لئے تشریف لائے آپ نے فرمایا میں خیال نہیں کرتا۔ مگر طلحہؓ کی موت کو کہ واقع ہو گئی ہے سو مجھے اسکی اطلاع کرو اور جلدی کرو مسلمان مُردے کے لئے لائق نہیں ہے کہ اپنے گھر والوں کے درمیان روک رکھا جاوے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

* * * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۵۳۸ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ

عبداللہ بن جعفر سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے مردوں کو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ

سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ لِلْاَحْيَاءِ قَالَ اَجْوَدُ وَاَجْوَدُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کی تلقین کرو صحابہؓ نے عرض کیا اے اللہ کے رسولؐ یہ کلمات زندوں کے لئے کیسے ہیں آپؐ نے فرمایا بہتر اور بہتر (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۱۵۳۹/۱۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَيِّتُ تَحْضُرُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ فَاِذَا كَانَ الرَّجُلُ صَالِحًا قَالُوا اخْرُجِيْ اَيَّتُهَا النَّفْسُ الطَّيِّبَةُ كَانَتْ فِي الْجَسَدِ الطَّيِّبِ اخْرُجِيْ حَمِيْدَةً وَّاَبْشِرِيْ بِرَوْحٍ وَّرَيْحَانٍ وَّرَبٍّ غَيْرِ غَضْبَانَ فَلَا تَزَالُ يُقَالُ لَهَا ذٰلِكَ حَتّٰى تَخْرُجَ ثُمَّ يُعْرَجُ بِهَا اِلَى السَّمَآءِ فَيُفْتَحُ لَهَا فَيُقَالُ مَنْ هٰذَا فَيَقُوْلُوْنَ فُلَانٌ فَيُقَالُ مَرْحَبًا بِالنَّفْسِ الطَّيِّبَةِ كَانَتْ فِي الْجَسَدِ الطَّيِّبِ ادْخُلِيْ حَمِيْدَةً وَّاَبْشِرِيْ بِرَوْحٍ وَّرَيْحَانٍ وَّرَبٍّ غَيْرِ غَضْبَانَ فَلَا تَزَالُ يُقَالُ لَهَا ذٰلِكَ حَتّٰى تَنْتَهِيَ اِلَى السَّمَآءِ الَّتِيْ فِيْهَا اللّٰهُ فَاِذَا كَانَ الرَّجُلُ السَّوْءُ قَالَ اخْرُجِيْ اَيَّتُهَا النَّفْسُ الْخَبِيْثَةُ كَانَتْ فِي الْجَسَدِ الْخَبِيْثِ اخْرُجِيْ ذَمِيْمَةً وَّاَبْشِرِيْ بِحَمِيْمٍ وَّغَسَّاقٍ وَّاٰخَرَ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٍ فَلَا تَزَالُ يُقَالُ لَهَا ذٰلِكَ حَتّٰى تَخْرُجَ ثُمَّ يُعْرَجُ بِهَا اِلَى السَّمَآءِ فَيُفْتَحُ لَهَا فَيُقَالُ مَنْ هٰذَا فَيُقَالُ فُلَانٌ فَيُقَالُ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قریب المرگ شخص کے پاس فرشتے آتے ہیں اگر وہ نیک آدمی ہوتا ہے وہ کہتے ہیں اے پاک جان تو نکل جو کہ پاک بدن میں تھی اس حالت میں کہ قابل تعریف ہے اور راحت اور رزق کی تجھ کو خوشخبری ہے اور ایسے رب کی ملاقات ہے جو ناراض نہیں ہے اس کو اس طرح ہمیشہ کہا جاتا ہے یہاں تک کہ وہ نکل آتی ہے پھر اس کو آسمان کی طرف لے جاتے ہیں آسمان کا دروازہ اس کے لئے کھولا جاتا ہے کہا جاتا ہے یہ کون ہے وہ کہتے ہیں فلاں آدمی ہے پس کہا جاتا ہے پاک جان کو خوش آمدید ہو جو پاک بدن میں تھی اس حالت میں داخل ہو کہ تعریف کی گئی ہے راحت اور رزق کی خوشخبری ہے اور ایسے رب کی ملاقات ہے جو ناراض نہیں ہے یہ بات اس کے لئے ہمیشہ کہی جاتی ہے یہاں تک کہ وہ اس آسمان تک پہنچتی ہے جس میں اللہ تعالیٰ ہے جب کوئی برا آدمی ہوتا ہے ملک الموت کہتا ہے اے خبیث جان نکل جو خبیث بدن میں تھی نکل اس حالت میں کہ قابل مذمت ہے گرم پانی اور پیپ اور طرح طرح کے اس کے مانند عذابوں کی تجھ کو خوشخبری ہے یہ بات اس کے لئے ہمیشہ کہی جاتی ہے یہاں تک کہ نکلتی ہے پھر اس کو آسمان کی طرف لے جاتے ہیں اس کے لئے آسمان کا دروازہ کھلوایا جاتا ہے کہا جاتا ہے یہ کون ہے کہا جاتا ہے یہ فلاں ہے پس کہا جاتا ہے خبیث نفس کے لئے مبارک باد نہ ہو جو خبیث بدن میں تھی لوٹ جا

besturdubooks.wordpress.com

لَا مَرْحَبًا بِالنَّفْسِ الْخَبِيثَةِ كَانَتْ فِي الْجَسَدِ الْخَبِيثِ ارْجِعِي ذَمِيمَةً فَإِنَّهَا لَا تُفْتَحُ لَكِ أَبْوَابُ السَّمَاءِ فَتُرْسَلُ مِنَ السَّمَاءِ ثُمَّ تَصِيرُ إِلَى الْقَبْرِ

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

اس حالت میں کہ مذمت کی گئی ہے تیرے لئے آسمان کے دروازے نہ کھولے جائیں گے آسمان سے وہ ڈالی جاتی ہے پھر قبر کی طرف پھر آتی ہے (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

۱۵۴۰/۱۳ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا خَرَجَ رُوحُ الْمُؤْمِنِ تَلَقَّاهَا مَلَكَانِ يُصْعِدَانِهَا قَالَ حَمَّادٌ فَذَكَرَ مِنْ طِيبِ رِيحِهَا وَذَكَرَ الْمِسْكَ قَالَ وَيَقُولُ أَهْلُ السَّمَاءِ رُوحٌ طَيِّبَةٌ جَاءَتْ مِنْ قِبَلِ الْأَرْضِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكِ وَعَلَى جَسَدٍ كُنْتِ تَعْمُرِينَهُ فَيُنْطَلَقُ بِهِ إِلَى رَبِّهِ ثُمَّ يَقُولُ انْطَلِقُوا بِهِ إِلَى آخِرِ الْأَجَلِ قَالَ وَإِنَّ الْكَافِرَ إِذَا خَرَجَتْ رُوحُهُ قَالَ حَمَّادٌ وَذَكَرَ مِنْ نَتْنِهَا وَذَكَرَ لَعْنًا وَيَقُولُ أَهْلُ السَّمَاءِ رُوحٌ خَبِيثَةٌ جَاءَتْ مِنْ قِبَلِ الْأَرْضِ فَيُقَالُ انْطَلِقُوا بِهِ إِلَى آخِرِ الْأَجَلِ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَرَدَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَيْطَةً كَانَتْ عَلَيْهِ عَلَى أَنْفِهِ هٰكَذَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت مؤمن کی رُوح نکلتی ہے اس کو دو فرشتے لیتے ہیں اس کو لیکر چڑھتے ہیں حماد نے کہا ذکر کیا اس نے روح کی خوشبو اور مشک کا کہا اہلِ آسمان کہتے ہیں پاک روح ہے جو زمین کیطرف سے آئی ہے اللہ تجھ پر رحمت کرے اور اس بدن پر جس کو تو آباد رکھتی تھی اس کو اس کے رب کی طرف لے جاتے ہیں پھر اللہ تعالےٰ فرماتا ہے اس کو آخر اجل تک لے جاؤ فرمایا اور کافر کی رُوح جس وقت نکلتی ہے حماد نے کہا اور ذکر کیا اس کی بدبُو اور لعنت کا اہلِ آسمان کہتے ہیں ناپاک روح زمین کی طرف سے آئی ہے کہا جاتا ہے آخر اجل تک اس کو لے جاؤ ابوہریرہؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر اپنی ناک کی طرف لوٹائی (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۵۴۱/۱۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا حُضِرَ الْمُؤْمِنُ أَتَتْهُ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ بِحَرِيرَةٍ بَيْضَاءَ فَيَقُولُونَ اخْرُجِي رَاضِيَةً مَرْضِيًّا عَنْكِ

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت مؤمن کو موت آتی ہے رحمت کے فرشتے سفید ریشمی کپڑا لاتے ہیں کہتے ہیں نکل اس حال میں کہ راضی ہے تو اللہ سے اور اللہ تعالیٰ تجھ

besturdubooks.wordpress.com

إِلٰى رَوْحِ اللّٰهِ وَرَيْحَانٍ وَّرَبٍّ غَيْرِ غَضْبَانَ فَتَخْرُجُ كَأَطْيَبِ رِيحِ الْمِسْكِ حَتّٰى إِنَّهُ لَيُنَاوِلُهُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا حَتّٰى يَأْتُوا بِهٖ أَبْوَابَ السَّمَاءِ فَيَقُولُونَ مَا أَطْيَبَ هٰذِهِ الرِّيحَ الَّتِي جَاءَتْكُمْ مِّنَ الْأَرْضِ فَيَأْتُونَ بِهٖ أَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِينَ فَلَهُمْ أَشَدُّ فَرَحًا بِهٖ مِنْ أَحَدِكُمْ بِغَائِبِهِ يَقْدَمُ عَلَيْهِ فَيَسْأَلُونَهُ مَاذَا فَعَلَ فُلَانٌ مَّاذَا فَعَلَ فُلَانٌ فَيَقُولُونَ دَعُوهُ فَإِنَّهُ كَانَ فِي غَمِّ الدُّنْيَا فَيَقُولُ قَدْ مَاتَ أَمَا أَتَاكُمْ فَيَقُولُونَ قَدْ ذُهِبَ بِهٖ إِلٰى أُمِّهِ الْهَاوِيَةِ وَإِنَّ الْكَافِرَ إِذَا احْتُضِرَ أَتَتْهُ مَلٰٓئِكَةُ الْعَذَابِ بِمِسْحٍ فَيَقُولُونَ اخْرُجِي سَاخِطَةً مَّسْخُوطًا عَلَيْكِ إِلٰى عَذَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَتَخْرُجُ كَأَنْتَنِ رِيحٍ جِيفَةٍ حَتّٰى يَأْتُونَ بِهٖ إِلٰى بَابِ الْأَرْضِ فَيَقُولُونَ مَا أَنْتَنَ هٰذِهِ الرِّيحَ حَتّٰى يَأْتُونَ بِهٖ أَرْوَاحَ الْكُفَّارِ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ)

سے راضی ہے اللہ تعالیٰ کی رحمت اور رزق کی طرف اور ایسے رب کی طرف جو غضب ناک نہیں ہے وہ بہترین مشک کی خوشبو کی مانند نکلتی ہے یہاں تک کہ فرشتے ایک دوسرے سے پکڑتے ہیں اسے لے کر آسمانوں کے دروازوں پر آتے ہیں فرشتے کہتے ہیں کس قدر عمدہ خوشبو ہے جو زمین کی طرف سے آئی ہے پھر مومنوں کی رُوحوں کے پاس اس کو لاتے ہیں پس وہ اس روح کے آنے سے بہت خوش ہوتے ہیں جس طرح ایک تمہارا کسی غائب شخص کے آنے سے خوش ہوتا ہے اس سے پوچھتے ہیں فلاں نے کیا کیا فلاں نے کیا کیا کہتے ہیں اس کو چھوڑو وہ دُنیا کے غم میں تھا پس وہ کہتا ہے تحقیق وُہ مر چکا ہے کیا تمہارے پاس نہیں آیا کہتے ہیں اس کو دوزخ کی آگ کی طرف لے گئے ہیں اور کافر کو جس وقت موت آتی ہے عذاب کے فرشتے ٹاٹ لیکر آتے ہیں پس اسکو کہتے ہیں نکل تو ناخوش تجھ پر ناخوشی کی گئی ہے اللہ تعالیٰ کے عذاب کی طرف وہ نہایت بدبودار مُردار کی بُو کی طرح نکلتی ہے یہاں تک کہ زمین کے دروازوں پر اس کو لاتے ہیں فرشتے کہتے ہیں یہ بدبو کس قدر بُری ہے یہاں تک کہ اس کو کافروں کی روحوں کی طرف لاتے ہیں (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے اور احمد نے)

* * * * * * * * * * *

۱۵۴۲/۱۵ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةِ رَجُلٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ فَانْتَهَيْنَا إِلَى الْقَبْرِ وَلَمَّا يُلْحَدْ فَجَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهٗ كَأَنَّ عَلٰى رُءُوسِنَا الطَّيْرَ وَفِي

براء بن عازبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک انصاری کے جنازہ کی طرف نکلے ہم قبر تک پہنچے اور ابھی اُسے دفن نہیں کیا گیا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ گئے اور ہم بھی آپ کے گرد بیٹھ گئے گویا کہ ہمارے سروں پر جانور بیٹھے ہوئے ہیں آپ کے ہاتھ میں لکڑی تھی جس کے ساتھ زمین کو کریدتے

besturdubooks.wordpress.com

يَدِهٖ عُوْدٌ يَنْكُتُ بِهٖ فِي الْاَرْضِ فَرَفَعَ
رَأْسَهٗ فَقَالَ اسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ
عَذَابِ الْقَبْرِ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ
اِنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ اِذَا كَانَ فِيْ اِنْقِطَاعٍ
مِّنَ الدُّنْيَا وَاِقْبَالٍ مِّنَ الْاٰخِرَةِ نَزَلَ
اِلَيْهِ مَلٰٓئِكَةٌ مِّنَ السَّمَآءِ بِيْضُ الْوُجُوْهِ
كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الشَّمْسُ مَعَهُمْ كَفَنٌ
مِّنْ اَكْفَانِ الْجَنَّةِ وَحَنُوْطٌ مِّنْ حَنُوْطِ
الْجَنَّةِ حَتّٰى يَجْلِسُوْا مِنْهُ مَدَّ الْبَصَرِ
ثُمَّ يَجِيْٓءُ مَلَكُ الْمَوْتِ عَلَيْهِ السَّلَامُ
حَتّٰى يَجْلِسَ عِنْدَ رَأْسِهٖ فَيَقُوْلُ اَيَّتُهَا
النَّفْسُ الطَّيِّبَةُ اُخْرُجِيْٓ اِلٰى مَغْفِرَةٍ
مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ قَالَ فَتَخْرُجُ تَسِيْلُ
كَمَا تَسِيْلُ الْقَطْرَةُ مِنَ السِّقَآءِ فَيَاْخُذُهَا
فَاِذَآ اَخَذَهَا لَمْ يَدَعُوْهَا فِيْ يَدِهٖ
طَرْفَةَ عَيْنٍ حَتّٰى يَاْخُذُوْهَا فَيَجْعَلُوْهَا
فِيْ ذٰلِكَ الْكَفَنِ وَفِيْ ذٰلِكَ الْحَنُوْطِ وَ
تَخْرُجُ مِنْهَا كَاَطْيَبِ نَفْحَةِ مِسْكٍ
وُجِدَتْ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ قَالَ
فَيَصْعَدُوْنَ بِهَا فَلَا يَمُرُّوْنَ يَعْنِيْ
بِهَا عَلٰى مَلَاٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِلَّا قَالُوْا
مَا هٰذَا الرُّوْحُ الطَّيِّبُ فَيَقُوْلُوْنَ فُلَانُ
ابْنُ فُلَانٍ بِاَحْسَنِ اَسْمَآئِهِ الَّتِيْ
كَانُوْا يُسَمُّوْنَهٗ بِهَا فِي الدُّنْيَا حَتّٰى
يَنْتَهُوْا بِهَآ اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا فَيَسْتَفْتِحُوْنَ
لَهٗ فَيُفْتَحُ لَهُمْ فَيُشَيِّعُهٗ مِنْ كُلِّ سَمَآءٍ

تھے آپ نے اپنا سر اٹھایا اور فرمایا اللہ تعالیٰ سے
عذاب قبر سے پناہ مانگو دو یا تین مرتبہ آپ نے فرمایا پھر
فرمایا مومن بندہ جس وقت دنیا کے منقطع ہونے اور آخرت
کی طرف متوجہ ہونے میں ہوتا ہے آسمان سے روشن چہروں
والے فرشتے اس کی طرف آتے ہیں ان کے چہرے آفتاب
کی طرح روشن ہوتے ہیں اُن کے ساتھ جنت کے کفن ہوتے
ہیں اور جنت کی خوشبو ہوتی ہے یہاں تک کہ وہ اس
کے سامنے اس قدر فاصلہ پر بیٹھتے ہیں جہاں تک اس
کی نظر پہنچتی ہے پھر ملک الموت علیہ السلام آکر اس
کے سر پر بیٹھ جاتا ہے پس کہتا ہے اے پاک جان اللہ کی
مغفرت اور رضامندی کی طرف نکل فرمایا جان اس طرح نکلتی
ہے جس طرح مشک سے پانی کا قطرہ بہہ جاتا ہے اس کو
وہ پکڑ لیتا ہے جس وقت وہ پکڑتا ہے دوسرے فرشتے
آنکھ جھپکنے میں اُسے اپنے ہاتھوں میں لے لیتے ہیں اور اس کفن میں
اسے داخل کر دیتے ہیں اور اس خوشبو میں اُسے لپیٹ دیتے
ہیں اس سے نہایت عمدہ مشک جو زمین میں پایا جاتا ہے ایسی
خوشبو مہکتی ہے وہ اُسے لے کر چڑھتے ہیں فرشتوں کی
کسی جماعت کے پاس سے نہیں گزرتے مگر وہ کہتے ہیں کہ یہ
روح کیسی پاکیزہ ہے وہ کہتے ہیں یہ فلاں بن فلاں
ہے اس کا بہترین نام لیتے ہیں جس کے ساتھ دنیا میں پکارا
جاتا تھا یہاں تک کہ اس کو لے کر آسمان دنیا تک پہنچ
جاتے ہیں اس کے لئے دروازہ کھلواتے ہیں اس کے
لئے دروازہ کھولا جاتا ہے ہر آسمان سے مقرب فرشتے اُوپر
کے آسمان تک اس کے ساتھ چلتے ہیں یہاں تک کہ ساتویں
آسمان تک اس کو پہنچایا جاتا ہے اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ
میرے بندے کا عمل نامہ علیین میں لکھ لو اور اس کو زمین

besturdubooks.wordpress.com

مُقَرَّبُوْهَا اِلَى السَّمَآءِ الَّتِيْ تَلِيْهَا حَتّٰى
يُنْتَهٰى بِهٖٓ اِلَى السَّمَآءِ السَّابِعَةِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ
عَزَّ وَجَلَّ اُكْتُبُوْا كِتَابَ عَبْدِيْ فِيْ
عِلِّيِّيْنَ وَاَعِيْدُوْهُ اِلَى الْاَرْضِ فَاِنِّيْ
مِنْهَا خَلَقْتُهُمْ وَفِيْهَا اُعِيْدُهُمْ وَ
مِنْهَا اُخْرِجُهُمْ تَارَةً اُخْرٰى فَتُعَادُ
رُوْحُهٗ فِيْ جَسَدِهٖ فَيَاْتِيْهِ مَلَكَانِ
فَيُجْلِسَانِهٖ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَنْ رَّبُّكَ
فَيَقُوْلُ رَبِّيَ اللّٰهُ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا دِيْنُكَ
فَيَقُوْلُ دِيْنِيَ الْاِسْلَامُ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا
هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِيْ بُعِثَ فِيْكُمْ فَيَقُوْلُ
هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَيَقُوْلَانِ لَهٗ وَمَا عِلْمُكَ فَيَقُوْلُ قَرَاْتُ
كِتَابَ اللّٰهِ فَاٰمَنْتُ بِهٖ وَصَدَّقْتُ
فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ اَنْ صَدَقَ
عَبْدِيْ فَاَفْرِشُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَاَلْبِسُوْهُ
مِنَ الْجَنَّةِ وَافْتَحُوْا لَهٗ بَابًا اِلَى الْجَنَّةِ
قَالَ فَيَاْتِيْهِ مِنْ رَّوْحِهَا وَطِيْبِهَا فَيُفْسَحُ
لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ مَدَّ بَصَرِهٖ قَالَ وَيَاْتِيْهِ
رَجُلٌ حَسَنُ الْوَجْهِ حَسَنُ الثِّيَابِ
طَيِّبُ الرِّيْحِ فَيَقُوْلُ اَبْشِرْ بِالَّذِيْ يَسُرُّكَ
هٰذَا يَوْمُكَ الَّذِيْ كُنْتَ تُوْعَدُ
فَيَقُوْلُ لَهٗ مَنْ اَنْتَ فَوَجْهُكَ الْوَجْهُ
يَجِيْءُ بِالْخَيْرِ فَيَقُوْلُ اَنَا عَمَلُكَ الصَّالِحُ
فَيَقُوْلُ رَبِّ اَقِمِ السَّاعَةَ رَبِّ اَقِمِ
السَّاعَةَ حَتّٰى اَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِيْ وَمَالِيْ

میں لوٹا دو کیونکہ میں نے اس کو اس سے پیدا کیا ہے اسی میں
ان کو لاڈالوں گا اور اسی سے دوسری بار ان کو نکالوں گا فرمایا
اس کی روح اس کے جسم میں ڈال دی جاتی ہے دو فرشتے
اس کے پاس آتے ہیں اس کو بٹھاتے ہیں اس کو کہتے ہیں
تیرا رب کون ہے وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے وہ اسے
کہتے ہیں تیرا دین کیا ہے وہ کہتا ہے میرا دین اسلام ہے
پھر کہتے ہیں یہ شخص تم میں کون مبعوث ہوا ہے وہ کہتا
ہے وہ اللہ کے رسول ہیں وہ کہتے ہیں ان باتوں کا تجھے کس طرح
علم ہوا ہے وہ کہتا ہے میں نے اللہ کی کتاب پڑھی اس کے
ساتھ ایمان لایا اور میں نے اس کی تصدیق کی آسمان سے
ایک پکارنے والا پکارتا ہے میرے بندے نے سچ کہا ہے
اس کے لئے جنت کا بچھونا بچھاؤ اور جنت کے لباس پہناؤ
اور جنت کی طرف دروازہ کھول دو فرمایا حضرت نے کہ اس
کے پاس جنت کی ہوا آتی ہے اور اس کی خوشبو پھر اس کی
نگاہ پہنچنے تک کے فاصلہ مطابق اس کی قبر کشادہ کی جاتی
ہے۔ فرمایا۔ ایک خوب صورت اچھے کپڑوں والا آدمی جس سے
خوشبو مہکتی ہے اس کے پاس آتا ہے وہ کہتا ہے تجھ کو
خوشخبری ہو اس چیز کے ساتھ جو تجھ کو خوش کرے اس دن
کا تو وعدہ دیا گیا تھا میت اُسے کہتی ہے تو کون ہے تیرا
چہرہ بھلائی لاتا ہے وہ کہتا ہے میں تیرا نیک عمل ہوں پس کہتا
ہے کہ اے میرے رب قیامت قائم کر اے میرے رب قیامت
قائم کر تاکہ میں اپنے اہل اور مال کی طرف لوٹ جاؤں فرمایا اور
کافر آدمی جس وقت دنیا کے انقطاع اور آخرت کی طرف
متوجہ ہونے میں ہوتا ہے سیاہ چہروں والے فرشتے آسمان
سے اس کی طرف اترتے ہیں ان کے پاس ٹاٹ ہوتے
ہیں نگاہ پہنچنے کے فاصلے پر آکر بیٹھ جاتے ہیں پھر ملک الموت

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ وَاِنَّ الْعَبْدَ الْكَافِرَ اِذَا كَانَ فِي
اِنْقِطَاعٍ مِّنَ الدُّنْيَا وَاِقْبَالٍ مِّنَ الْاٰخِرَةِ
نَزَلَ اِلَيْهِ مِنَ السَّمَآءِ مَلٰٓئِكَةٌ سُوْدُ
الْوُجُوْهِ مَعَهُمُ الْمُسُوْحُ فَيَجْلِسُوْنَ مِنْهُ
مَدَّ الْبَصَرِ ثُمَّ يَجِيْٓءُ مَلَكُ الْمَوْتِ حَتّٰى
يَجْلِسَ عِنْدَ رَاْسِهٖ فَيَقُوْلُ اَيَّتُهَا النَّفْسُ
الْخَبِيْثَةُ اُخْرُجِيْٓ اِلٰى سَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ قَالَ
فَتَفَرَّقُ فِيْ جَسَدِهٖ فَيَنْتَزِعُهَا كَمَا يُنْتَزَعُ
السَّفُّوْدُ مِنَ الصُّوْفِ الْمَبْلُوْلِ فَيَاْخُذُهَا
فَاِذَآ اَخَذَهَا لَمْ يَدَعُوْهَا فِيْ يَدِهٖ طَرْفَةَ
عَيْنٍ حَتّٰى يَجْعَلُوْهَا فِيْ تِلْكَ الْمُسُوْحِ وَ
تَخْرُجُ مِنْهَا كَاَنْتَنِ رِيْحِ جِيْفَةٍ وُّجِدَتْ
عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ فَيَصْعَدُوْنَ بِهَا
فَلَا يَمُرُّوْنَ بِهَا عَلٰى مَلَاٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ
اِلَّا قَالُوْا مَا هٰذَا الرُّوْحُ الْخَبِيْثُ
فَيَقُوْلُوْنَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ بِاَقْبَحِ اَسْمَآئِهِ
الَّتِيْ كَانَ يُسَمّٰى بِهَا فِي الدُّنْيَا حَتّٰى يُنْتَهٰى
بِهٖٓ اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا فَيُسْتَفْتَحُ لَهٗ فَلَا
يُفْتَحُ لَهٗ ثُمَّ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ
وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ
فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اُكْتُبُوْا
كِتَابَهٗ فِيْ سِجِّيْنٍ فِي الْاَرْضِ السُّفْلٰى
فَتُطْرَحُ رُوْحُهٗ طَرْحًا ثُمَّ قَرَاَ وَمَنْ
يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ
فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ

آجاتا ہے اور وہ اس کے سر کے پاس بیٹھ جاتا ہے کہتا ہے کہ
اے خبیث جان نکل اللہ تعالیٰ کے عذاب کی طرف فرمایا وہ جسم
میں پراگندہ ہو جاتی ہے وہ کھینچتا ہے اس کو جس
طرح انکڑہ تر صوف سے کھینچا جاتا ہے اس کو پکڑ لیتا ہے
جس وقت وہ اس کو پکڑ لیتا ہے فرشتے آنکھ جھپکنے میں اس
سے لے لیتے ہیں اور اس ٹاٹ میں بند کر دیتے ہیں
اور اس سے نہایت بدبودار مردار جو دنیا میں پایا جاتا ہے
ایسی بدبو نکلتی ہے پھر اس کو لے کر وہ چڑھتے ہیں فرشتوں
کی جماعت کے پاس سے گزرتے ہیں وہ کہتے ہیں یہ خبیث
روح کس کی ہے وہ کہتے ہیں فلاں بن فلاں ہے اس
کا نہایت برا نام لیتے ہیں جس کے ساتھ دنیا میں اس کا نام
رکھا جاتا تھا یہاں تک کہ اس کو آسمان دنیا پر لے جاتے
ہیں اس کا دروازہ کھلوایا جاتا ہے اس کے لئے نہیں کھولا
جاتا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی، ان
کے لئے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جاتے اور نہ
وہ جنت میں داخل ہوں گے یہاں تک کہ اونٹ سوئی
کے ناکے میں داخل ہو۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے اس کا نامہ
اعمال سجین میں لکھ دو جو کہ زمین کے نیچے ہے اس کی روح
پھینک دی جاتی ہے پھر آپ نے آیت پڑھی اور جو
شخص اللہ کے ساتھ شرک کرے پس گویا کہ وہ گر پڑا آسمان
سے پس اچک لیتے ہیں اس کو پرندے یا پھینک دیتی ہے
ہوا اس کو دور کے مکان میں اس کے جسم میں روح لوٹائی
جاتی ہے اور اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں اس کو بٹھاتے
ہیں پھر کہتے ہیں تیرا رب کون ہے وہ کہتا ہے ہاہ ہاہ میں
نہیں جانتا پھر کہتے ہیں تیرا دین کیا ہے وہ کہتا ہے ہاہ ہاہ
میں نہیں جانتا پھر کہتے ہیں یہ شخص کون ہے جو تم میں بھیجا

فِي مَكَانٍ سَحِيقٍ فَتُعَادُ رُوحُهُ فِي جَسَدِهِ وَيَأْتِيهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهِ فَيَقُولَانِ لَهُ مَنْ رَبُّكَ فَيَقُولُ هَاهْ هَاهْ لَا أَدْرِي فَيَقُولَانِ لَهُ مَا دِينُكَ فَيَقُولُ هَاهْ هَاهْ لَا أَدْرِي فَيَقُولَانِ لَهُ مَا هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِي بُعِثَ فِيكُمْ فَيَقُولُ هَاهْ هَاهْ لَا أَدْرِي فَيُنَادِي مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ أَنْ كَذَبَ فَأَفْرِشُوهُ مِنَ النَّارِ وَافْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى النَّارِ فَيَأْتِيهِ مِنْ حَرِّهَا وَسَمُومِهَا وَيُضَيَّقُ عَلَيْهِ قَبْرُهُ حَتَّى تَخْتَلِفَ فِيهِ أَضْلَاعُهُ وَيَأْتِيهِ رَجُلٌ قَبِيحُ الْوَجْهِ قَبِيحُ الثِّيَابِ مُنْتِنُ الرِّيحِ فَيَقُولُ أَبْشِرْ بِالَّذِي يَسُوءُكَ هٰذَا يَوْمُكَ الَّذِي كُنْتَ تُوعَدُ فَيَقُولُ مَنْ أَنْتَ فَوَجْهُكَ الْوَجْهُ يَجِيءُ بِالشَّرِّ فَيَقُولُ أَنَا عَمَلُكَ الْخَبِيثُ فَيَقُولُ رَبِّ لَا تُقِمِ السَّاعَةَ وَفِي رِوَايَةٍ نَحْوَهُ وَزَادَ فِيهِ إِذَا خَرَجَ رُوحُهُ صَلَّى عَلَيْهِ كُلُّ مَلَكٍ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَكُلُّ مَلَكٍ فِي السَّمَاءِ وَفُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ لَيْسَ مِنْ أَهْلِ بَابٍ إِلَّا وَهُمْ يَدْعُونَ اللّٰهَ أَنْ يُعْرَجَ بِرُوحِ مِنْ قِبَلِهِمْ وَتُنْزَعُ نَفْسُهُ يَعْنِي الْكَافِرَ مَعَ الْعُرُوقِ فَيَلْعَنُهُ كُلُّ مَلَكٍ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَكُلُّ مَلَكٍ فِي السَّمَاءِ وَتُغْلَقُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ لَيْسَ مِنْ أَهْلِ بَابٍ إِلَّا وَهُمْ يَدْعُونَ اللّٰهَ أَنْ لَا يُعْرَجَ

گیا ہے پس کہتا ہے ہاہ ہاہ میں نہیں جانتا آسمان سے ایک پکارنے والا پکارتا ہے اس نے جھوٹ بولا اس کے لئے آگ کا بچھونا بچھاؤ اور آگ کیطرف دروازہ کھولو اس کی گرمی اور گرم ہوا آتی ہے اس کی قبر اس پر تنگ ہو جاتی ہے یہاں تک کہ اس کی پسلیاں ادھر اُدھر نکل آتی ہیں اس کے پاس ایک شخص بدشکل نہایت بُرے بدبودار کپڑے پہنے آتا ہے کہتا ہے تجھے اس چیز کی مبارک ہے جس کو تو بُرا سمجھتا تھا تیرا یہ وہ دن ہے جس کا وعدہ دیا جاتا تھا وہ کہتا ہے تو کون ہے تیرا چہرہ برائی لایا ہے وہ کہتا ہے میں تیرا بدعمل ہوں وہ کہتا ہے اے میرے پروردگار قیامت قائم نہ کر

ایک روایت میں اس طرح ہے اور اس میں زیادہ ہے کہ جس وقت مؤمن کی روح نکلتی ہے ہر فرشتہ جو آسمان اور زمین کے درمیان یا آسمان میں ہے اس پر رحمت بھیجتا ہے آسمان کے دروازے اس کے لئے کھول دئے جاتے ہیں کوئی دروازے والے نہیں مگر وہ اللہ تعالےٰ سے دعا کرتے ہیں کہ ان کی جانب سے اُسے چڑھایا جائے اور کافر کی روح کھینچی جاتی ہے اور اس پر زمین و آسمان کے مابین فرشتے لعنت کرتے ہیں اور تمام فرشتے جو آسمانوں میں ہیں آسمان کے دروازے بند کر لئے جاتے ہیں تمام دروازوں والے اللہ تعالےٰ سے دعا کرتے ہیں کہ اس کی روح ان کی جانب نہ چڑھائی جائے۔

(روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com



رُوحُهُ مِنْ قِبَلِهِمْ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

۱۵۴۳/۱۶ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَمَّا حَضَرَتْ كَعْبًا الْوَفَاةُ أَتَتْهُ أُمُّ بِشْرٍ بِنْتُ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُورٍ فَقَالَتْ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِنْ لَقِيتَ فُلَانًا فَاقْرَأْ عَلَيْهِ مِنِّي السَّلَامَ فَقَالَ غَفَرَ اللّٰهُ لَكِ يَا أُمَّ بِشْرٍ نَحْنُ أَشْغَلُ مِنْ ذٰلِكِ قَالَتْ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ أَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِينَ فِي طَيْرٍ خُضْرٍ تَعَلَّقُ بِشَجَرِ الْجَنَّةِ قَالَ بَلٰى قَالَتْ فَهُوَ ذَاكَ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُورِ)

عبدالرحمٰن بن کعبؓ اپنے باپ سے روایت کرتا ہے کہا جب کعب کو موت آئی ام بشر بنت براء بن معرور اس کے پاس آئی اور کہنے لگی اے ابو عبدالرحمٰن اگر تو فلاں کو ملے تو اس کو میرا سلام کہنا وہ کہنے لگا اے ام بشر اللہ تعالےٰ تجھے بخشے ہم اس بات سے زیادہ مشغول ہوں گے کہنے لگی اے عبدالرحمٰن تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنا آپ فرماتے تھے مؤمنوں کی ارواح سبز پرندوں کے قالب میں ہوں گی اور وہ جنت کے پھل کھائیں گے انہوں نے کہا ہاں کیوں نہیں ام بشر نے کہا پس یہ وہی ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں)

۱۵۴۴/۱۷ وَعَنْهُ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ كَانَ يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّمَا نَسَمَةُ الْمُؤْمِنِ طَيْرٌ تَعَلَّقُ فِي شَجَرِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَرْجِعَهُ اللّٰهُ فِي جَسَدِهِ يَوْمَ يَبْعَثُهُ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالنَّسَائِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُورِ)

اسی عبدالرحمٰن سے روایت ہے اس نے اپنے باپ سے روایت کی وہ حدیث بیان کیا کرتے تھے کہ بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوائے اس کے نہیں مؤمن کی روح پرندہ کی شکل میں ہوتی ہے جنت کا میوہ کھاتی ہے یہاں تک کہ اللہ تعالےٰ جس روز اُسے اٹھائے گا اس کے بدن میں پھیر لائے گا (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں)

۱۵۴۵/۱۸ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ يَمُوتُ فَقُلْتُ اقْرَأْ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّلَامَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

محمد بن منکدر سے روایت ہے انہوں نے کہا میں جابر بن عبداللہ کے پاس گیا وہ مرنے کے قریب تھے میں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو میرا سلام کہنا (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ غُسْلِ الْمَيِّتِ وَتَكْفِينِهِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۵۴۶/۱ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَغْسِلُ ابْنَتَهٗ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلٰثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ اِنْ رَاَيْتُنَّ ذٰلِكَ بِمَآءٍ وَّسِدْرٍ وَّاجْعَلْنَ فِي الْاٰخِرَةِ كَافُوْرًا اَوْ شَيْئًا مِّنْ كَافُوْرٍ فَاِذَا فَرَغْتُنَّ فَاٰذِنَّنِيْ فَلَمَّا فَرَغْنَا اٰذَنَّاهُ فَاَلْقٰى اِلَيْنَا حِقْوَهٗ فَقَالَ اَشْعِرْنَهَا اِيَّاهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِغْسِلْنَهَا وِتْرًا ثَلٰثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا وَّابْدَاْنَ بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا قَالَتْ فَضَفَرْنَا شَعْرَهَا ثَلٰثَةَ قُرُوْنٍ فَاَلْقَيْنَاهَا خَلْفَهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۵۴۷/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُفِّنَ فِيْ ثَلٰثَةِ اَثْوَابٍ يَّمَانِيَةٍ بِيْضٍ سَحُوْلِيَّةٍ مِّنْ كُرْسُفٍ لَيْسَ فِيْهَا قَمِيْصٌ وَّلَا عِمَامَةٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۵۴۸/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَفَّنَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْيُحَسِّنْ كَفَنَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۱۵۴۹/۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

# میت کو غسل اور کفن دینے کا بیان

## پہلی فصل

ام عطیہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے ہم آپ کی بیٹی کو غسل دے رہی تھیں آپ نے فرمایا اس کو تین یا پانچ یا زیادہ مرتبہ غسل دینا اگر تم مناسب سمجھو پانی اور بیری کے پتوں کے ساتھ اور ڈالو آخر میں کافور یا فرمایا کچھ کافور جس وقت فارغ ہو جاؤ مجھ کو اطلاع دینا جس وقت ہم فارغ ہوئیں آپ کو اطلاع دی آپ نے اپنا تہبند ہم کو دیا اور فرمایا اس کے بدن کے ساتھ لگا دو ایک روایت میں ہے غسل دو اس کو طاق تین بار یا پانچ بار یا سات بار اور شروع کرو دائیں طرف سے اور وضو کے اعضاء سے کہا ہم نے اس کے بالوں کی تین چوٹیاں گوندھیں اور پیچھے ان کو ڈالا۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * *

* * * * * * * * * *

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یمن کے بنے ہوئے تین سوتی روئی کے کپڑوں میں کفن دیا گیا ان میں کرتا اور پگڑی نہ تھی۔ (متفق علیہ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا اپنے بھائی کو کفن دے اس کو اچھا کفن دے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

عبداللہ بن عباس سے روایت ہے انہوں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

اِنَّ رَجُلًا كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَصَتْهُ نَاقَتُهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَمَاتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَّسِدْرٍ وَّكَفِّنُوْهُ فِيْ ثَوْبَيْهِ وَلَا تُمَسُّوْهُ بِطِيْبٍ وَّلَا تُخَمِّرُوْا رَأْسَهٗ فَإِنَّهٗ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُلَبِّيًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ خَبَّابٍ قُتِلَ مُصْعَبُ ابْنُ عُمَيْرٍ فِيْ بَابِ جَامِعِ الْمَنَاقِبِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا اس کی اونٹنی نے اس کی گردن توڑ دی اور وہ محرم تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو پانی اور بیری کے ساتھ غسل دو اور اس کے دونوں کپڑوں میں اس کو کفن دو اور اس کو خوشبو نہ لگاؤ اس کے سر کو نہ ڈھانکو قیامت کے دن لبیک کہتا ہوا اٹھے گا۔ (متفق علیہ)

خباب کی حدیث جس کے الفاظ ہیں قتل مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ ہم باب جامع المناقب میں ذکر کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۵۵۰/۵ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَسُوْا مِنْ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضَ فَإِنَّهَا مِنْ خَيْرِ ثِيَابِكُمْ وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ وَمِنْ خَيْرِ أَكْحَالِكُمُ الْإِثْمِدُ فَإِنَّهٗ يُنْبِتُ الشَّعْرَ وَيَجْلُوا الْبَصَرَ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ إِلٰى مَوْتَاكُمْ)

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم سفید کپڑے پہنو اس لیے کہ وہ تمہارے بہترین کپڑے ہیں اور اپنے مردوں کو ان میں کفن دو اور تمہارا بہترین سرمہ اثمد ہے وہ بالوں کو اگاتا اور نظر کو تیز کرتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد اور ترمذی نے اور روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے موتاکم کے لفظ تک)

۱۵۵۱/۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُغَالُوْا فِي الْكَفَنِ فَإِنَّهٗ يُسْلَبُ سَلْبًا سَرِيْعًا۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کفن میں بہت مہنگا کپڑا نہ لگاؤ کیونکہ وہ جلد چھینا جاتا ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۱۵۵۲/۷ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ أَنَّهٗ لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ دَعَا بِثِيَابٍ جُدُدٍ فَلَبِسَهَا ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْمَيِّتُ يُبْعَثُ فِيْ ثِيَابِهِ الَّتِيْ يَمُوْتُ فِيْهَا۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب ان کو موت آئی نئے کپڑے منگوائے ان کو پہنا پھر کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، میت کو انہیں کپڑوں میں اٹھایا جائے گا جن میں وہ مرتا ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۵۵۳/۸ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الْكَفَنِ الْحُلَّةُ وَخَيْرُ الْاُضْحِيَةِ الْكَبْشُ الْاَقْرَنُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ)

عبادہ بن صامت سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ فرمایا بہترین کفن حلہ ہے اور بہترین قربانی سینگدار دنبہ ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ترمذی، ابن ماجہ نے ابوامامہ سے)

۱۵۵۴/۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلٰى اُحُدٍ اَنْ يُّنْزَعَ عَنْهُمُ الْحَدِيْدُ وَالْجُلُوْدُ وَاَنْ يُّدْفَنُوْا بِدِمَائِهِمْ وَثِيَابِهِمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد کے متعلق فرمایا ان سے لوہا اور چمڑے اُتار دیے جائیں اور ان کے خون اور کپڑوں سمیت ان کو دفن کیا جائے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۵۵۵/۱۰ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ اُتِيَ بِطَعَامٍ وَّكَانَ صَائِمًا فَقَالَ قُتِلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَّهُوَ خَيْرٌ مِّنِّيْ كُفِّنَ فِيْ بُرْدَةٍ اِنْ غُطِّيَ رَاْسُهٗ بَدَتْ رِجْلَاهُ وَاِنْ غُطِّيَ رِجْلَاهُ بَدَا رَاْسُهٗ وَاُرَاهُ قَالَ وَقُتِلَ حَمْزَةُ وَهُوَ خَيْرٌ مِّنِّيْ ثُمَّ بُسِطَ لَنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا بُسِطَ اَوْ قَالَ اُعْطِيْنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا اُعْطِيْنَا وَلَقَدْ خَشِيْنَا اَنْ تَكُوْنَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا ثُمَّ جَعَلَ يَبْكِيْ حَتّٰى تَرَكَ الطَّعَامَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سعد بن ابراہیم سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ عبدالرحمٰن بن عوف کے پاس کھانا لایا گیا اور وہ روزے سے تھے کہا مصعب بن عمیر شہید کر دیئے گئے اور وہ مجھ سے بہتر تھے ان کو ایک چادر میں کفن دیا گیا اگر سر ڈھانکا جاتا اس کے پاؤں کھل جاتے اور اگر پاؤں ڈھانکے جاتے سر کھل جاتا میرا خیال ہے کہ انہوں نے کہا اور حمزہؓ قتل کر دیئے گئے اور وہ مجھ سے بہتر تھے پھر ہمارے لئے دنیا کشادہ کر دی گئی ہے یا کہا دی گئی ہے دنیا جس قدر دی گئی ہے اور تحقیق ہم ڈرتے ہیں کہیں ہماری نیکیوں کا ثواب ہمیں جلد نہ دیا گیا ہو پھر رونا شروع کیا یہاں تک کہ کھانا چھوڑ دیا۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۵۵۶/۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَتٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ بَعْدَ مَا اُدْخِلَ حُفْرَتَهٗ فَاَمَرَ بِهٖ فَاُخْرِجَ

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ بن اُبی پر داخل ہوئے جبکہ اس کو اپنی قبر میں رکھ دیا گیا تھا آپ نے اس کے متعلق حکم دیا اس کو

besturdubooks.wordpress.com

فَوَضَعَهٗ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ فَنَفَثَ فِيْهِ مِنْ رِّيْقِهٖ وَاَلْبَسَهٗ قَمِيْصَهٗ قَالَ وَكَانَ كَسَا عَبَّاسًا قَمِيْصًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

لٹکا لایا گیا آپ ؐ نے اس کو اپنے دونوں گھٹنوں پر رکھا اس کے منہ میں اپنی لعاب ڈالی اور اپنی قمیص پہنائی جابر نے کہا اور اس نے عباس کو قمیص پہنائی تھی۔ (متفق علیہ)

# بَابُ الْمَشْيِ بِالْجَنَازَةِ وَالصَّلٰوةِ عَلَيْهَا

# جنازہ کے ساتھ چلنے اور نماز جنازہ پڑھنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۵۵۷/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْرِعُوْا بِالْجَنَازَةِ فَاِنْ تَكُ صَالِحَةً فَخَيْرٌ تُقَدِّمُوْنَهَا اِلَيْهِ وَاِنْ تَكُ سِوٰى ذٰلِكَ فَشَرٌّ تَضَعُوْنَهٗ عَنْ رِّقَابِكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنازہ کے ساتھ جلدی کرو اگر وہ نیک ہے پس بھلائی ہے جس کی طرف آگے تم اسکو بھیج رہے ہو اگر اس کے سوا ہے پس بد ہے جس کو تم اپنی گردنوں سے اتارو گے۔ (متفق علیہ)

۱۵۵۸/۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ فَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلٰى اَعْنَاقِهِمْ فَاِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ قَدِّمُوْنِيْ وَاِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ لِاَهْلِهَا يَا وَيْلَهَا اَيْنَ تَذْهَبُوْنَ بِهَا يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ اِلَّا الْاِنْسَانَ وَلَوْ سَمِعَ الْاِنْسَانُ لَصَعِقَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوسعید ؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت جنازہ تیار کیا جاتا ہے اور لوگ اپنی گردنوں پر اس کو اٹھاتے ہیں اگر نیک ہوتا ہے کہتا ہے مجھ کو جلدی لے چلو اگر نیک نہیں ہوتا کہتا ہے اپنے لوگوں کو ہائے افسوس تم مجھ کو کہاں لے جاتے ہو اس کی آواز انسان کے علاوہ ہر شی سنتی ہے اگر انسان سن لے بیہوش ہو جائے۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

* * * * * * * * *

۱۵۵۹/۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا فَمَنْ تَبِعَهَا فَلَا يَقْعُدْ حَتّٰى تُوْضَعَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابوسعید ؓ) سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم جنازہ دیکھو کھڑے ہو جاؤ جو شخص اس کے ساتھ جائے اس وقت تک نہ بیٹھے یہاں تک کہ رکھا جاوے۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۱۵۶۰ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ مَرَّتْ جَنَازَةٌ فَقَامَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقُمْنَا مَعَهٗ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّهَا يَهُوْدِيَّةٌ فَقَالَ إِنَّ الْمَوْتَ فَزَعٌ فَإِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک جنازہ گذرا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لئے کھڑے ہوئے اور ہم بھی آپ کے ساتھ کھڑے ہوئے ہم نے کہا اے اللہ کے رسول بیشک وہ یہودی عورت کا جنازہ ہے فرمایا موت جائے گھبراہٹ ہے جس وقت تم جنازہ دیکھو اس کیلئے کھڑے ہو جاؤ (متفق علیہ)

۱۵۶۱ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ رَأَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فَقُمْنَا وَقَعَدَ فَقَعَدْنَا يَعْنِيْ فِي الْجَنَازَةِ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّفِيْ رِوَايَةِ مَالِكٍ وَّأَبِيْ دَاوٗدَ قَامَ فِي الْجَنَازَةِ ثُمَّ قَعَدَ بَعْدُ۔

علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑے دیکھا ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہو گئے اور آپ بیٹھے ہم بھی بیٹھے یعنی جنازہ میں (روایت کیا اس کو مسلم نے) مالک اور ابوداؤد کی روایت میں ہے جنازہ میں کھڑے ہوئے پھر بعد میں بیٹھ گئے۔

۱۵۶۲ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اتَّبَعَ جَنَازَةَ مُسْلِمٍ إِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا وَّكَانَ مَعَهٗ حَتّٰى يُصَلّٰى عَلَيْهَا وَيَفْرُغَ مِنْ دَفْنِهَا فَإِنَّهٗ يَرْجِعُ مِنَ الْأَجْرِ بِقِيْرَاطَيْنِ كُلُّ قِيْرَاطٍ مِّثْلُ أُحُدٍ وَّمَنْ صَلّٰى عَلَيْهَا ثُمَّ رَجَعَ قَبْلَ أَنْ تُدْفَنَ فَإِنَّهٗ يَرْجِعُ بِقِيْرَاطٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مسلمان آدمی کے جنازہ کے پیچھے ایمان کی حالت میں ثواب طلب کرنے کے لئے جاتا ہے اور اس کے ساتھ رہتا ہے یہاں تک کہ اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے اور اس کو دفن کر کے فارغ ہو جائے وہ دو قیراط کے برابر ثواب لے کر پھرتا ہے ہر قیراط اُحد پہاڑ کی مثل ہے جو اس پر نماز جنازہ پڑھتا ہے پھر دفن ہونے سے پہلے لوٹ آتا ہے وہ ایک قیراط لے کر واپس لوٹتا ہے۔ (متفق علیہ)

۱۵۶۳ وَعَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعٰى لِلنَّاسِ النَّجَاشِيَّ الْيَوْمَ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ وَخَرَجَ بِهِمْ إِلَى الْمُصَلّٰى فَصَفَّ بِهِمْ وَكَبَّرَ أَرْبَعَ تَكْبِيْرَاتٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کے مرنے کی خبر اس روز پہنچائی جس روز وہ فوت ہوا اور صحابہ کے ساتھ عید گاہ کی طرف نکلے اور صف باندھی اور چار تکبیریں کہیں۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * * * * *

۱۵۶۴ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلٰى قَالَ كَانَ زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ يُكَبِّرُ عَلٰى جَنَائِزِنَا أَرْبَعًا وَّإِنَّهٗ كَبَّرَ عَلٰى جَنَازَةٍ خَمْسًا

عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہا زید بن ارقم ہمارے جنازوں پر چار تکبیریں کہتا تھا ایک جنازہ پر اس نے پانچ تکبیریں کہیں ہم نے ان سے پوچھا کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ

besturdubooks.wordpress.com

فَسَأَلْنَاهُ فَقَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

وسلم اس طرح کہتے تھے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

* * * * * * * * * * *

۱۵۶۵/۹ وَعَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ بْنِ عَبَّاسٍ عَلٰى جَنَازَةٍ فَقَرَأَ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ فَقَالَ لِتَعْلَمُوا أَنَّهَا سُنَّةٌ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

طلحہ بن عبداللہ بن عوف سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے ابن عباسؓ کے پیچھے نماز جنازہ پڑھی اس نے سورۂ فاتحہ پڑھی اور کہا میں نے اس لئے پڑھی ہے تاکہ تم جان لو کہ یہ سنت ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۱۵۶۶/۱۰ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلّٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى جَنَازَةٍ فَحَفِظْتُ مِنْ دُعَائِهِ وَهُوَ يَقُولُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مَدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِي رِوَايَةٍ وَقِهِ فِتْنَةَ الْقَبْرِ وَعَذَابَ النَّارِ قَالَ حَتّٰى تَمَنَّيْتُ أَنْ أَكُونَ أَنَا ذٰلِكَ الْمَيِّتَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عوف بن مالک سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز جنازہ پڑھی میں نے آپ کی دعا سے یاد کیا ہے آپ فرماتے تھے اے اللہ، اس کو بخش دے۔ اے اللہ، اس پر رحم کر اس کو خلاصی دے اس کو معاف کر دے اس کی مہمانی بہتر کر اور اسکی قبر کو کشادہ کر اس کو پانی برف اور اولے کے ساتھ دھو ڈال اس کو گناہوں سے پاک کر دے جس طرح سفید کپڑا میل سے تو صاف کرتا ہے اور بدلہ دے اس کو گھر کا ثواب جو اس کے گھر سے اچھا ہو اور اہل اس کے اہل سے بہتر اور بی بی جو اس کی بی بی سے بہتر ہو اس کو جنت میں داخل کر اور اس کو عذاب قبر سے نجات دے اور آگ کے عذاب سے ایک روایت میں ہے اس کو فتنۂ قبر سے بچا اور آگ کے عذاب سے یہاں تک کہ میں نے آرزو کی کاش میں میت ہوتا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

* * * * * * * * * * *

۱۵۶۷/۱۱ وَعَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ عَائِشَةَ لَمَّا تُوُفِّيَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَتِ ادْخُلُوا بِهِ الْمَسْجِدَ حَتّٰى أُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَأُنْكِرَ ذٰلِكَ عَلَيْهَا فَقَالَتْ وَاللّٰهِ لَقَدْ صَلّٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى ابْنَيْ بَيْضَاءَ فِي الْمَسْجِدِ

ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت سعد بن ابی وقاص کی وفات ہوئی حضرت عائشہؓ نے کہا اس کو مسجد میں داخل کرو تاکہ میں بھی نماز جنازہ پڑھ لوں پس اس بات کا انکار کیا گیا حضرت عائشہ نے کہا اللہ کی قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیضاء کے دونوں بیٹوں سہیل اور اس کے بھائی کا جنازہ مسجد میں ہی پڑھا تھا (روایت کیا

besturdubooks.wordpress.com



سُهَيْلٍ وَّاَخِيْهِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اس کو مسلم نے)

۱۵۶۸/۱۲ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى امْرَاَةٍ مَّاتَتْ فِيْ نِفَاسِهَا فَقَامَ وَسَطَهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سمرہ بن جندب سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز جنازہ پڑھی ایک عورت پر جو اپنے نفاس میں مر گئی تھی آپ اس کے وسط میں کھڑے ہوئے۔ (متفق علیہ)

۱۵۶۹/۱۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِقَبْرٍ دُفِنَ لَيْلًا فَقَالَ مَتٰى دُفِنَ هٰذَا قَالُوْا الْبَارِحَةَ قَالَ اَفَلَا اٰذَنْتُمُوْنِيْ قَالُوْا دَفَنَّاهُ فِيْ ظُلْمَةِ اللَّيْلِ فَكَرِهْنَا اَنْ نُّوْقِظَكَ فَقَامَ فَصَفَفْنَا خَلْفَهٗ فَصَلّٰى عَلَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبر کے پاس سے گزرے جس میں مردہ کو رات دفن کیا گیا تھا آپ نے فرمایا کب دفن کیا گیا ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا آج کی رات فرمایا تم نے مجھے اطلاع کیوں نہیں دی انہوں نے کہا ہم نے اس کو رات کی تاریکی میں دفن کیا اور آپ کو بیدار کرنا مکروہ سمجھا آپ کھڑے ہوئے ہم نے آپ کے پیچھے صف باندھی آپ نے اس پر نماز جنازہ پڑھی (متفق علیہ)

۱۵۷۰/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ امْرَاَةً سَوْدَاءَ كَانَتْ تَقُمُّ الْمَسْجِدَ اَوْ شَابًّا فَفَقَدَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَ عَنْهَا اَوْ عَنْهُ فَقَالُوْا مَاتَ قَالَ اَفَلَا كُنْتُمْ اٰذَنْتُمُوْنِيْ قَالَ فَكَاَنَّهُمْ صَغَّرُوْا اَمْرَهَا اَوْ اَمْرَهٗ فَقَالَ دُلُّوْنِيْ عَلٰى قَبْرِهٖ فَدَلُّوْهُ فَصَلّٰى عَلَيْهَا ثُمَّ قَالَ اِنَّ هٰذِهِ الْقُبُوْرَ مَمْلُوَّةٌ ظُلْمَةً عَلٰى اَهْلِهَا وَاِنَّ اللّٰهَ يُنَوِّرُهَا لَهُمْ بِصَلٰوتِيْ عَلَيْهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهٗ لِمُسْلِمٍ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہا ایک سیاہ رنگ کی عورت مسجد میں جھاڑو دیا کرتی تھی یا ایک نوجوان تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو گم پایا اس عورت یا اس جوان کے متعلق سوال کیا انہوں نے کہا وہ مر گئی ہے آپؐ نے فرمایا تم نے مجھ کو اطلاع کیوں نہ دی کہا گویا انہوں نے اس کے معاملہ کو حقیر خیال کیا آپ نے فرمایا اس کی قبر مجھ کو بتلاؤ انہوں نے آپؐ کو بتلائی آپ نے اس پر نماز جنازہ پڑھی پھر فرمایا یہ قبریں تاریکی اور ظلمت سے بھری ہوئی ہیں اور میرے نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ان کو روشن کر دیتا ہے (متفق علیہ اور لفظ مسلم کے ہیں)

۱۵۷۱/۱۵ وَعَنْ كُرَيْبٍ مَّوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ مَاتَ لَهٗ ابْنٌ بِقُدَيْدٍ اَوْ بِعُسْفَانَ فَقَالَ يَا كُرَيْبُ انْظُرْ مَا اجْتَمَعَ لَهٗ مِنَ النَّاسِ قَالَ فَخَرَجْتُ

کریب مولیٰ ابن عباس عبداللہ بن عباس سے روایت کرتا ہے کہ ان کا بیٹا قدید میں یا عسفان میں مر گیا کہا اے کریب دیکھ کس قدر لوگ جمع ہیں میں باہر نکلا دیکھا لوگ جمع ہیں میں نے آکر ان کو خبر دی کہا تیرے خیال میں چالیس ہوں

فَإِذَا النَّاسُ قَدِ اجْتَمَعُوا لَهُ فَأَخْبَرْتُ فَقَالَ تَقُولُ هُمْ أَرْبَعُونَ قَالَ نَعَمْ قَالَ أَخْرِجُوهُ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ يَمُوتُ فَيَقُومُ عَلَى جَنَازَتِهِ أَرْبَعُونَ رَجُلًا لَا يُشْرِكُونَ بِاللَّهِ شَيْئًا إِلَّا شَفَّعَهُمُ اللَّهُ فِيهِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

گے میں نے کہا ہاں کہا اس کو نکالو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے فرماتے تھے کوئی مسلمان نہیں جو فوت ہو جائے اس کے جنازہ میں چالیس آدمی شامل ہوں اور وہ شرک نہ کرتے ہوں اللہ تعالیٰ کے ساتھ کچھ بھی مگر ان کی سفارش اللہ تعالیٰ قبول فرما لیتا ہے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

* * * * * * * *

۱۵۷۲/۱۶ وَعَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مَيِّتٍ تُصَلِّي عَلَيْهِ أُمَّةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَبْلُغُونَ مِائَةً كُلُّهُمْ يَشْفَعُونَ لَهُ إِلَّا شُفِّعُوا فِيهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کوئی میت نہیں جس پر مسلمانوں کی ایک جماعت نماز جنازہ پڑھے جو سو تک پہنچیں اس کے لئے سفارش کریں مگر ان کی سفارش قبول کر لی جاتی ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۵۷۳/۱۷ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ مَرُّوا بِجَنَازَةٍ فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْرًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَبَتْ ثُمَّ مَرُّوا بِأُخْرَى وَأَثْنَوْا عَلَيْهَا شَرًّا فَقَالَ وَجَبَتْ فَقَالَ عُمَرُ مَا وَجَبَتْ فَقَالَ هٰذَا أَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ خَيْرًا فَوَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَهٰذَا أَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ شَرًّا فَوَجَبَتْ لَهُ النَّارُ أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللَّهِ فِي الْأَرْضِ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِلْمُؤْمِنُونَ شُهَدَاءُ اللَّهِ فِي الْأَرْضِ۔

انس رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا صحابہ کرام رضہ ایک جنازہ لے کر گذرے انہوں نے اس کی اچھی تعریف کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واجب ہو گئی پھر ایک دوسرا جنازہ لے کر گذرے اس کا برائی سے تذکرہ کیا آپ نے فرمایا واجب ہو گئی حضرت عمر نے کہا کیا واجب ہو گئی آپ نے فرمایا جس شخص کی تم نے بھلائی اور اچھائی کے ساتھ تعریف کی اس کے لئے جنت واجب ہو گئی اور جس کی برائی کے ساتھ تعریف کی اس کے لئے دوزخ واجب ہو گئی تم زمین میں اللہ تعالیٰ کے گواہ ہو (متفق علیہ) ایک روایت میں ہے ایماندار زمین میں اللہ کے گواہ ہیں۔

۱۵۷۴/۱۸ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا مُسْلِمٍ شَهِدَ لَهُ أَرْبَعَةٌ بِخَيْرٍ أَدْخَلَهُ اللَّهُ الْجَنَّةَ قُلْنَا وَثَلَاثَةٌ قَالَ وَثَلَاثَةٌ قُلْنَا وَاثْنَانِ قَالَ وَاثْنَانِ ثُمَّ لَمْ نَسْأَلْهُ عَنِ الْوَاحِدِ۔

حضرت عمر رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس مسلمان کے لئے چار شخص بھلائی کی گواہی دے دیں اللہ تعالیٰ اسکو جنت میں داخل فرمائے گا ہم نے کہا اور تین آپ نے فرمایا اور تین بھی ہم نے کہا اگر دو گواہی دیں آپ نے فرمایا اور دو بھی اور پھر ہم نے ایک آدمی کی گواہی کے متعلق

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

۱۵۷۵/۱۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الْاَمْوَاتَ فَاِنَّهُمْ قَدْ اَفْضَوْا اِلٰى مَا قَدَّمُوْا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

آپ سے نہیں پوچھا (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مردوں کو برا نہ کہو تحقیق وہ پہنچے اس چیز کے ساتھ جو انہوں نے آگے بھیجی (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۵۷۶/۲۰ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلٰى اُحُدٍ فِيْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ ثُمَّ يَقُوْلُ اَيُّهُمْ اَكْثَرُ اَخْذًا لِّلْقُرْاٰنِ فَاِذَا اُشِيْرَ لَهٗ اِلٰى اَحَدِهِمَا قَدَّمَهٗ فِي اللَّحْدِ وَقَالَ اَنَا شَهِيْدٌ عَلٰى هٰؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَمَرَ بِدَفْنِهِمْ بِدِمَائِهِمْ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُغَسَّلُوْا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

جابر رضہ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُحد کے شہیدوں کو دو دو کو ایک کپڑے میں جمع کرتے پھر فرماتے زیادہ قرآن کس کو یاد ہے جب کسی کی طرف اشارہ کیا جاتا اس کو لحد میں آگے کرتے اور فرماتے قیامت کے دن میں ان لوگوں کا گواہ ہوں ان کو ان کے خون سمیت دفن کرنے کا حکم دیا ان پر نماز جنازہ نہیں پڑھی اور نہ ان کو غسل دیا۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۱۵۷۷/۲۱ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفَرَسٍ مَّعْرُوْرٍ فَرَكِبَهٗ حِيْنَ انْصَرَفَ مِنْ جَنَازَةِ ابْنِ الدَّحْدَاحِ وَنَحْنُ نَمْشِيْ حَوْلَهٗ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر بن سمرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بغیر زین کے ایک گھوڑا لایا گیا آپ اس پر سوار ہوئے جس وقت ابن دحداح کے جنازہ سے واپس لوٹے اور ہم آپ کے گرد پیدل چل رہے تھے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۵۷۸/۲۲ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرَّاكِبُ يَسِيْرُ خَلْفَ الْجَنَازَةِ وَالْمَاشِيْ يَمْشِيْ خَلْفَهَا وَاَمَامَهَا وَعَنْ يَّمِيْنِهَا وَعَنْ يَّسَارِهَا قَرِيْبًا مِّنْهَا وَالسِّقْطُ يُصَلّٰى

مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوار جنازے کے پیچھے چلے اور پیدل چلنے والا آگے اور پیچھے اور دائیں اور بائیں بھی چل سکتا ہے اس کے آس پاس

اور کچا بچہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے اور ماں باپ کے لئے

besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْهِ وَيُدْعٰى لِوَالِدَيْهِ بِالْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنِ مَاجَةَ قَالَ الرَّاكِبُ خَلْفَ الْجَنَازَةِ وَالْمَاشِيْ حَيْثُ شَاءَ مِنْهَا وَالطِّفْلُ يُصَلّٰى عَلَيْهِ وَفِي الْمَصَابِيْحِ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ زِيَادٍ۔

بخشش کی دعا کی جائے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔ احمد ترمذی نسائی اور ابن ماجہ کی ایک روایت میں ہے فرمایا سوار جنازے کے پیچھے چلے اور پیادہ جس طرف چاہے چلے اور لڑکے کی نماز جنازہ پڑھی جائے۔ مصابیح میں یہ روایت مغیرہ بن زیاد سے ہے)

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

۱۵۷۹/۲۳ وَعَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ يَمْشُوْنَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ وَاَهْلُ الْحَدِيْثِ كُلُّهُمْ يَرْوُوْنَهٗ مُرْسَلًا۔

زہری سالم سے وہ اپنے باپ سے روایت کرتا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکرؓ اور عمرؓ کو دیکھا کہ وہ جنازے کے آگے آگے چلتے تھے۔ (روایت کیا اس کو احمد نے اور ابوداؤد، ترمذی نے اور نسائی، ابن ماجہ نے اور ترمذی نے کہا محدثین اس حدیث کو مرسل جانتے ہیں۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

۱۵۸۰/۲۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْجَنَازَةُ مَتْبُوْعَةٌ وَّلَا تُتْبَعُ لَيْسَ مَعَهَا مَنْ تَقَدَّمَهَا۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْمَاجِدِنِ الرَّاوِيْ رَجُلٌ مَّجْهُوْلٌ۔

عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنازہ تابع کیا گیا ہے اور تابع نہیں ہوتا جو شخص اس کے آگے بڑھے وہ اس کے ساتھ نہیں ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے ترمذی نے کہا ابو ماجد راوی مجہول ہے)

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

۱۵۸۱/۲۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً وَّحَمَلَهَا ثَلٰثَ مِرَارٍ فَقَدْ قَضٰى مَا عَلَيْهِ مِنْ حَقِّهَا۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَّقَدْ رُوِيَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جنازہ کے ساتھ جائے اور تین مرتبہ اس کو اٹھائے اس نے اس کا حق جو اس پر تھا ادا کر دیا (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت کی گئی ہے شرح السنہ میں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد بن معاذ کا جنازہ دو لکڑیوں

besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَمَلَ جَنَازَةَ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ۔

کے درمیان اٹھایا)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۱۵۸۲/۲۶ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةٍ فَرَأَى نَاسًا رُكْبَانًا فَقَالَ أَلَا تَسْتَحْيُونَ أَنَّ مَلَائِكَةَ اللّٰهِ عَلَى أَقْدَامِهِمْ وَأَنْتُمْ عَلَى ظُهُورِ الدَّوَابِّ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى أَبُو دَاوُدَ نَحْوَهُ قَالَ التِّرْمِذِيُّ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ ثَوْبَانَ مَوْقُوفًا

ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک جنازہ میں نکلے آپ نے کچھ لوگوں کو سوار دیکھا فرمایا تم اللہ تعالیٰ کے فرشتوں سے حیا نہیں کرتے وہ اپنے قدموں پر پیدل چل رہے ہیں اور تم جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہو (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے) اور روایت کیا ہے ابوداؤد نے مانند اس کی اور کہا ترمذی نے یہ روایت ثوبان سے موقوف بیان کی گئی ہے

۱۵۸۳/۲۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ عَلَى الْجَنَازَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنازے پر سورۂ فاتحہ پڑھی (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۱۵۸۴/۲۸ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَى الْمَيِّتِ فَأَخْلِصُوا لَهُ الدُّعَاءَ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم میت پر نماز جنازہ پڑھو اس کے لئے خالص دعا کرو (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۱۵۸۵/۲۹ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى عَلَى الْجَنَازَةِ قَالَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا اللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيمَانِ اللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهُ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ

اسی (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت جنازہ پڑھتے فرماتے اے اللہ بخش ہمارے زندوں کو اور ہمارے مردوں کو ہمارے حاضر کو اور ہمارے غائب کو ہمارے چھوٹوں کو اور ہمارے بڑوں کو ہمارے مردوں کو اور ہماری عورتوں کو اے اللہ جس کو تو زندہ رکھے ہم میں سے اسکو اسلام پر زندہ رکھ اور جس کو تو ہم میں سے مارے اسے ایمان پر مار اے اللہ ہم کو اس کے ثواب سے محروم نہ رکھ اور اس کے بعد ہم کو فتنہ میں نہ ڈال (روایت کیا اس کو احمد نے اور ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ نے

besturdubooks.wordpress.com

عَنْ اَبِیْ اِبْرَاهِیْمَ الْاَشْهَلِیِّ عَنْ اَبِیْهِ وَ انْتَهَتْ رِوَایَتُهٗ عِنْدَ قَوْلِهٖ وَ اُنْثَانَا وَ فِیْ رِوَایَةِ اَبِیْ دَاوٗدَ فَاَحْیِهٖ عَلَی الْاِیْمَانِ وَ تَوَفَّهٗ عَلَی الْاِسْلَامِ وَ فِیْ اٰخِرِهٖ وَ لَا تُضِلَّنَا بَعْدَهٗ۔

اور روایت کیا نسائی نے ابراہیم اشہلی سے اس نے روایت کی اپنے باپ سے اس کی روایت وانثانا کے الفاظ تک ختم ہوگئی ہے ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے اس کو ایمان پر زندہ رکھ اور اسلام پر اس کو مار اس کے آخر میں ہے اور ہم کو اس کے بعد گمراہ نہ کر)

۱۵۸۶/۳۰ وَ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی رَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ فَسَمِعْتُهٗ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِیْ ذِمَّتِكَ وَ حَبْلِ جَوَارِكَ فَقِهٖ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَ عَذَابِ النَّارِ وَ اَنْتَ اَهْلُ الْوَفَاءِ وَ الْحَقِّ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَ ارْحَمْهُ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ ابْنُ مَاجَةَ)

واثلہ بن اسقع سے روایت ہے کہا ہمارے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کے ایک آدمی پر نماز جنازہ پڑھی میں نے سنا آپ فرماتے تھے اے اللہ! تحقیق فلاں بن فلاں تیری امان میں اور تیری پناہ کی رسی میں ہے اس کو فتنہ قبر اور آگ کے عذاب سے بچا تو صاحب وفا کا ہے اور حق کا ہے اے اللہ اسکو بخش دے اور اس پر رحم کر بیشک تو بخشنے والا مہربان ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۱۵۸۷/۳۱ وَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اذْكُرُوْا مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ وَ كُفُّوْا عَنْ مَّسَاوِیْهِمْ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ التِّرْمِذِیُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے مردوں کی نیکیاں یاد کرو اور ان کی برائیاں ذکر کرنے سے رک جاؤ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے)

۱۵۸۸/۳۲ وَ عَنْ نَّافِعٍ اَبِیْ غَالِبٍ قَالَ صَلَّیْتُ مَعَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَلٰی جَنَازَةِ رَجُلٍ فَقَامَ حِیَالَ رَاْسِهٖ ثُمَّ جَاءُوْا بِجَنَازَةِ امْرَاَةٍ مِّنْ قُرَیْشٍ فَقَالُوْا یَا اَبَا حَمْزَةَ صَلِّ عَلَیْهَا فَقَامَ حِیَالَ وَسَطِ السَّرِیْرِ فَقَالَ لَهُ الْعَلَاءُ بْنُ زِیَادٍ هٰكَذَا رَاَیْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَی الْجَنَازَةِ مَقَامَكَ مِنْهَا وَ مِنَ الرَّجُلِ مَقَامَكَ مِنْهُ قَالَ نَعَمْ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ

نافع ابوغالب سے روایت ہے کہا میں نے انس بن مالک کے ساتھ ایک آدمی کی نماز جنازہ پڑھی وہ اس کے سر کے برابر کھڑے ہوئے پھر ایک قریشی عورت کا لوگ جنازہ لائے لوگوں نے کہا اے ابوحمزہ اس کی نماز جنازہ بھی پڑھو وہ چارپائی کے درمیان کے مقابل کھڑے ہوئے علاء بن زیاد نے کہا کیا اس طرح تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ وہ عورت کے جنازے میں جس جگہ تو کھڑا ہوا کھڑے ہوتے تھے اور آدمی کے جنازے پر جس جگہ تو کھڑا ہوا ہے کھڑے ہوتے تھے اس نے کہا ہاں (روایت کیا ہے اس کو ترمذی

besturdubooks.wordpress.com

وَفِي رِوَايَةِ اَبِي دَاوٗدَ نَحْوَهٗ مَعَ زِيَادَةٍ وَّ فِيْهِ فَقَامَ عِنْدَ عَجِيْزَةِ الْمَرْاَةِ۔

اور ابن ماجہ نے ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے اس کی مانند اور اس میں ہے کہ وہ عورت کے کولھے کے برابر کھڑے ہوئے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۵۸۹/۳۳ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ كَانَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ وَّقَيْسُ بْنُ سَعْدٍ قَاعِدَيْنِ بِالْقَادِسِيَّةِ فَمُرَّ عَلَيْهِمَا بِجَنَازَةٍ فَقَامَا فَقِيْلَ لَهُمَا اِنَّهَا مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ اَيْ مِنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ فَقَالَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتْ بِهٖ جَنَازَةٌ فَقَامَ فَقِيْلَ لَهٗ اِنَّهَا جَنَازَةُ يَهُوْدِيٍّ فَقَالَ اَلَيْسَتْ نَفْسًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہ سہل بن حنیف اور قیس بن سعد قادسیہ میں بیٹھے ہوئے تھے ان کے پاس سے ایک جنازہ گذارا گیا وہ دونوں کھڑے ہو گئے ان کو کہا گیا یہ جنازہ ایک ذمی آدمی کا تھا جو اس زمین کے رہنے والے ہیں انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک جنازہ گذارا گیا تھا آپ کے لئے کہا گیا یہ ایک یہودی کا جنازہ ہے فرمایا کیا یہ جاندار نہیں ہے (متفق علیہ)

۱۵۹۰/۳۴ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَبِعَ جَنَازَةً لَمْ يَقْعُدْ حَتّٰى تُوْضَعَ فِي اللَّحْدِ فَعَرَضَ لَهٗ حِبْرٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ فَقَالَ لَهٗ اِنَّا هٰكَذَا نَصْنَعُ يَا مُحَمَّدُ قَالَ فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ خَالِفُوْهُمْ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَّبِشْرُ بْنُ رَافِعٍ الرَّاوِيْ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ۔

عبادہ بن صامت سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کسی جنازے کے ہمراہ جاتے اس وقت تک نہ بیٹھتے یہاں تک کہ قبر میں رکھا جاتا آپ کے سامنے ایک یہودیوں کا عالم آیا اور کہنے لگا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم اس طرح کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ گئے اور فرمایا ان کی مخالفت کرو (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے اور بشر بن رافع جو اس کا راوی ہے قوی نہیں ہے)

۱۵۹۱/۳۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنَا بِالْقِيَامِ فِي الْجَنَازَةِ ثُمَّ جَلَسَ بَعْدَ ذٰلِكَ وَاَمَرَنَا بِالْجُلُوْسِ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت علیؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو جنازہ میں کھڑے ہونے کا حکم دیا پھر اس کے بعد بیٹھ گئے اور ہم کو بیٹھنے کا حکم دیا (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۵۹۲/۳۶ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ اِنَّ جَنَازَةً مُرَّتْ بِالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَابْنِ عَبَّاسٍ فَقَامَ الْحَسَنُ وَلَمْ يَقُمِ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ الْحَسَنُ اَلَيْسَ قَدْ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجَنَازَةِ يَهُوْدِيٍّ قَالَ نَعَمْ ثُمَّ جَلَسَ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

محمد بن سیرین سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک جنازہ حسن بن علی اور ابن عباس کے پاس سے گزرا حسنؓ کھڑے ہو گئے اور ابن عباس رضؓ کھڑے نہ ہوئے حسن رضؓ نے کہا کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہودیوں کے جنازے کے لئے کھڑے نہ ہوتے تھے اس نے کہا ہاں کھڑے ہوتے تھے پھر بیٹھ گئے تھے (روایت کیا ہے اس کو نسائیؒ نے)

۱۵۹۳/۳۷ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ كَانَ جَالِسًا فَمُرَّ عَلَيْهِ بِجَنَازَةٍ فَقَامَ النَّاسُ حَتّٰى جَاوَزَتِ الْجَنَازَةُ فَقَالَ الْحَسَنُ اِنَّمَا مُرَّ بِجَنَازَةِ يَهُوْدِيٍّ وَّكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى طَرِيْقِهَا جَالِسًا وَّكَرِهَ اَنْ تَعْلُوَ رَاْسُهُ جَنَازَةَ يَهُوْدِيٍّ فَقَامَ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

جعفر بن محمد اپنے باپ سے روایت کرتا ہے کہ حسن بن علی بیٹھے ہوئے تھے ایک جنازہ ان کے پاس سے گذرا لوگ کھڑے ہو گئے یہاں تک کہ جنازہ چلا گیا پس حسنؓ نے کہا ایک یہودی کا جنازہ گذرا گیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم راستہ پر بیٹھے ہوئے تھے آپ نے مکروہ جانا کہ آپ کے سر سے یہودی کا جنازہ بلند ہو اس لئے آپ کھڑے ہو گئے (روایت کیا اس کو نسائی نے)

۱۵۹۴/۳۸ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا مَرَّتْ بِكَ جَنَازَةُ يَهُوْدِيٍّ اَوْ نَصْرَانِيٍّ اَوْ مُسْلِمٍ فَقُوْمُوْا لَهَا فَلَسْتُمْ لَهَا تَقُوْمُوْنَ اِنَّمَا تَقُوْمُوْنَ لِمَنْ مَّعَهَا مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابو موسیٰ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تیرے پاس کسی یہودی یا عیسائی یا مسلمان آدمی کا جنازہ گذرے اس کے لئے کھڑے ہو جاؤ تم اس کے لئے کھڑے نہیں ہوتے بلکہ تم اس کے ساتھ جو فرشتے ہیں ان کے لئے کھڑے ہوتے ہو (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

۱۵۹۵/۳۹ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ جَنَازَةً مُرَّتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ فَقِيْلَ اِنَّهَا جَنَازَةُ يَهُوْدِيٍّ فَقَالَ اِنَّمَا قُمْتُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

انسؓ سے روایت ہے کہ بیشک ایک جنازہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا آپ کھڑے ہوئے آپ سے کہا گیا کہ یہ تو یہودی کا جنازہ تھا آپ نے فرمایا میں فرشتوں کیلئے کھڑا ہوا (روایت کیا اس کو نسائیؒ نے)

۱۵۹۶/۴۰ وَعَنْ مَالِكِ بْنِ هُبَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا

مالک بن ہبیرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے فرماتے

besturdubooks.wordpress.com

مِنْ مُّسْلِمٍ يَّمُوْتُ فَيُصَلِّيْ عَلَيْهِ ثَلٰثَةُ صُفُوْفٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا اَوْجَبَ فَكَانَ مَالِكٌ اِذَا اسْتَقَلَّ اَهْلَ الْجَنَازَةِ جَزَّاَهُمْ ثَلٰثَةَ صُفُوْفٍ لِّهٰذَا الْحَدِيْثِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ قَالَ كَانَ مَالِكُ بْنُ هُبَيْرَةَ اِذَا صَلّٰى عَلٰى جَنَازَةٍ فَتَقَالَّ النَّاسَ عَلَيْهَا جَزَّاَهُمْ ثَلٰثَةَ اَجْزَاءٍ ثُمَّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ ثَلٰثَةُ صُفُوْفٍ اَوْجَبَ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهٗ۔

تجھے کوئی مسلمان نہیں جو مرے اور اس پر مسلمانوں کی تین صفیں جنازہ پڑھیں مگر اللہ تعالیٰ اس کے لئے مغفرت واجب کر دیتا ہے مالک جس وقت اہل جنازہ کو کم سمجھتے اس حدیث کی وجہ سے ان کو تین صفوں میں تقسیم کر دیتے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے ترمذی کی ایک روایت میں ہے مالک بن ہبیرہ جس وقت کسی جنازے پر نماز پڑھتے اور لوگوں کو کم سمجھتے لوگوں کو تین حصوں میں تقسیم کر دیتے پھر کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس پر تین صفیں نماز جنازہ پڑھ لیں اللہ تعالےٰ واجب کر دیتا ہے جنت کو (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اس کی مانند)

۱۵۹۷ (۴۱) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الْجَنَازَةِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبُّهَا وَاَنْتَ خَلَقْتَهَا وَاَنْتَ هَدَيْتَهَا لِلْاِسْلَامِ وَاَنْتَ قَبَضْتَ رُوْحَهَا وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِسِرِّهَا وَعَلَانِيَتِهَا جِئْنَا شُفَعَاءَ فَاغْفِرْ لَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جنازہ کی نماز میں آپ نے یہ دعا پڑھی اے اللہ تو اس کا پروردگار ہے تو نے اس کو پیدا کیا تو نے اس کو اسلام کی طرف ہدایت دی تو نے اس کی روح قبض کی تو اس کے ظاہر اور باطن کو زیادہ جانتا ہے ہم شفاعت کرنے کے لئے آئے ہیں اس کو بخش دے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۵۹۸ (۴۲) وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَلٰى صَبِيٍّ لَّمْ يَعْمَلْ خَطِيْئَةً قَطُّ فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

سعید بن مسیب سے روایت ہے کہ میں نے ابوہریرہ کے پیچھے ایک لڑکے کے جنازہ پر نماز پڑھی جس نے کوئی گناہ نہیں کیا تھا سنا میں نے کہتا تھا اے اللہ اس کو قبر کے عذاب سے پناہ دے (روایت کیا ہے اس کو مالک نے)

۱۵۹۹ (۴۳) وَعَنِ الْبُخَارِيِّ تَعْلِيْقًا قَالَ يَقْرَاُ الْحَسَنُ عَلَى الطِّفْلِ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ وَيَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا سَلَفًا وَّفَرَطًا وَّذُخْرًا وَّ

بخاری نے تعلیقاً ذکر کیا ہے کہ حسن بصری بچے پر سورۂ فاتحہ پڑھتے اور کہتے اے اللہ اس کو ہمارا پیشوا پیش رو اور ذخیرہ اور ثواب بنا۔

besturdubooks.wordpress.com

اَجْرًا۔

۱۶۰۰/۴۴ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلطِّفْلُ لَا یُصَلّٰی عَلَیْہِ وَلَا یَرِثُ وَلَا یُوْرَثُ حَتّٰی یَسْتَہِلَّ۔ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ اِلَّا اَنَّہٗ لَمْ یَذْکُرْ وَلَا یُوْرَثُ۔

جابرؓ سے روایت ہے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کچا بچہ اس کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے نہ وارث ہوگا اور نہ اس کا کوئی وارث بن سکے گا یہاں تک کہ آواز کرے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے مگر ابن ماجہ نے لایورث کے الفاظ نقل نہیں کئے)

۱۶۰۱/۴۵ وَعَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدِ نِ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّقُوْمَ الْاِمَامُ فَوْقَ شَیْءٍ وَّالنَّاسُ خَلْفَہٗ یَعْنِیْ اَسْفَلَ مِنْہُ۔ رَوَاہُ الدَّارَ قُطْنِیُّ فِی الْمُجْتَبٰی فِیْ کِتَابِ الْجَنَائِزِ۔

ابومسعودؓ انصاری سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے کہ امام کسی چیز کے اوپر کھڑا ہو اور لوگ اس کے پیچھے ہوں یعنی اس کے نیچے (روایت کیا ہے اس کو دار قطنی نے مجتبیٰ میں کتاب الجنائز میں)

# بَابُ دَفْنِ الْمَیِّتِ

# میت کو دفن کرنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۶۰۲/۱ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَنَّ سَعْدَ بْنَ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ فِیْ مَرَضِہِ الَّذِیْ ھَلَکَ فِیْہِ اُلْحَدُوْا لِیْ لَحْدًا وَّانْصِبُوْا عَلَیَّ اللَّبِنَ نَصْبًا کَمَا صُنِعَ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

عامر بن سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ سعد بن ابی وقاص نے اپنی اس بیماری میں کہا جس میں انہوں نے وفات پائی میرے لیے لحد بنانا اور کچی اینٹیں کھڑی کرنا جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کیا گیا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۶۰۳/۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جُعِلَ فِیْ قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَطِیْفَۃٌ حَمْرَآءُ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر میں ایک سرخ لوئی (چادر) ڈالی گئی (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۶۰۴/۳ وَعَنْ سُفْیَانَ التَّمَّارِ اَنَّہٗ رَاٰی قَبْرَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُسَنَّمًا

سفیان تمار سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر دیکھی ہے کہ وہ

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

۱۶۰۵ وَعَنْ اَبِي الْهَيَّاجِ الْاَسَدِيِّ قَالَ قَالَ لِيْ عَلِيٌّ اَلَا اَبْعَثُكَ عَلٰى مَا بَعَثَنِيْ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَّا تَدَعَ تِمْثَالًا اِلَّا طَمَسْتَهٗ وَلَا قَبْرًا مُشْرِفًا اِلَّا سَوَّيْتَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

مسلم تھی (روایت کیا اس کو بخاری نے)

ابوالہیاج اسدی سے روایت ہے انہوں نے کہا مجھ کو حضرت علی رضؓ نے کہا کیا میں تجھ کو اس کام کے لئے نہ بھیجوں جس کے لئے مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا تھا کہ تو کوئی تصویر نہ چھوڑ مگر اس کو مٹا دے اور نہ بلند قبر مگر اس کو برابر کر دے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۶۰۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّجَصَّصَ الْقَبْرُ وَاَنْ يُّبْنٰى عَلَيْهِ وَاَنْ يُّقْعَدَ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا قبر کو چونہ گچ کرنے سے اور اس پر عمارت بنانے سے اور اس پر بیٹھنے سے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۶۰۷ وَعَنْ اَبِيْ مَرْثَدٍ الْغَنَوِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجْلِسُوْا عَلَى الْقُبُوْرِ وَلَا تُصَلُّوْا اِلَيْهَا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابومرثد غنوی سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قبروں پر نہ بیٹھو نہ ان کی طرف منہ کر کے نماز پڑھو (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۶۰۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَّجْلِسَ اَحَدُكُمْ عَلٰى جَمْرَةٍ فَتُحْرِقَ ثِيَابَهٗ فَتَخْلُصَ اِلٰى جِلْدِهٖ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّجْلِسَ عَلٰى قَبْرٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا البتہ ایک تمہارا آگ کے دہکتے انگارے پر بیٹھے وہ اس کے کپڑے جلا دے اور اس کی کھال تک پہنچے اس بات سے بہتر ہے کہ قبر پر بیٹھے (روایت کیا ہے اسکو مسلم نے)

* * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۶۰۹ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا يَلْحَدُ وَالْاٰخَرُ لَا يَلْحَدُ فَقَالُوْا اَيُّهُمَا جَاءَ اَوَّلًا عَمِلَ عَمَلَهٗ فَجَاءَ الَّذِيْ يَلْحَدُ

عروہ بن زبیر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا مدینہ میں دو آدمی تھے ان میں سے ایک لحد بناتا تھا اور دوسرا لحد نہ بناتا تھا صحابہ نے کہا ان میں سے جو پہلے آگیا اپنا کام کرے گا وہ شخص آگیا جو لحد کرتا تھا پس

فَلَحَدَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے لحد تیار کی (روایت کیا ہے اس کو شرح السنہ میں)

۱۶۱۰/۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللَّحْدُ لَنَا وَالشَّقُّ لِغَيْرِنَا۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ۔

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لحد ہمارے لئے ہے اور شق ہمارے غیر کے لئے (روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے نسائی ابن ماجہ نے اور روایت کیا ہے اس کو احمد نے جریر بن عبداللہ سے)

۱۶۱۱/۱۰ وَعَنْ هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ اُحُدٍ اِحْفِرُوْا وَاَوْسِعُوْا وَاَعْمِقُوْا وَاَحْسِنُوْا وَادْفِنُوا الْاِثْنَيْنِ وَالثَّلٰثَةَ فِيْ قَبْرٍ وَّاحِدٍ وَّقَدِّمُوْا اَكْثَرَهُمْ قُرْاٰنًا۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ اِلٰى قَوْلِهٖ وَاَحْسِنُوْا

ہشام بن عامر سے روایت ہے بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُحد کے دن فرمایا فراخ قبریں کھودو اور گہرا کرو اور اچھا کرو اور دو دو اور تین تین ایک قبر میں دفن کرو اور آگے اس کو رکھو جس کو قرآن زیادہ یاد ہو (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور روایت کیا ہے ابن ماجہ نے احسنوا کے لفظ تک)

۱۶۱۲/۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ جَاءَتْ عَمَّتِيْ بِاَبِيْ لِتَدْفِنَهٗ فِيْ مَقَابِرِنَا فَنَادٰى مُنَادِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُدُّوا الْقَتْلٰى اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَلَفْظُهٗ لِلتِّرْمِذِيِّ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا احد کے دن میری پھوپھی میرے باپ کو اپنے قبرستان میں دفن کرنے کے لئے لے آئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منادی نے اعلان کیا کہ شہیدوں کو ان کے شہید ہونے کی جگہ واپس لوٹا دو (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے ابوداؤد نے اور نسائی نے اور دارمی نے اور اس کے لفظ ترمذی کے لئے ہیں)

۱۶۱۳/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سُلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِ رَأْسِهٖ۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ)

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر مبارک کی جانب سے نکالے گئے (روایت کیا ہے اس کو شافعی نے)

۱۶۱۴/۱۳ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ قَبْرًا لَيْلًا فَاُسْرِجَ لَهٗ

اسی (ابن عباس) سے روایت ہے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبر میں رات کے وقت داخل ہوئے

besturdubooks.wordpress.com

بِسِرَاجٍ فَاَخَذَ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ وَقَالَ رَحِمَكَ اللّٰهُ اِنْ كُنْتَ لَاَوَّاهًا تَلَّاءً لِّلْقُرْاٰنِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ اِسْنَادُهٗ ضَعِيْفٌ۔

ایک دیئے کے ساتھ آپ کے لئے روشنی کی گئی۔ آپ نے اس کو جانب قبلہ سے لیا اور فرمایا اللہ تجھ پر رحم کرے تو بہت نرم دل اور قرآن کو بکثرت پڑھنے والا تھا۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور شرح السنہ میں کہا ہے کہ اس کی سند ضعیف ہے

۱۶۱۵/۱۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَدْخَلَ الْمَيِّتَ الْقَبْرَ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ۔ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى اَبُوْدَاوٗدَ الثَّانِيَةَ

ابن عمرؓ سے روایت ہے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت میت کو قبر میں داخل کرتے فرماتے اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے اور رسول اللہ کی شریعت کے موافق ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ (روایت کیا اس کو احمد، ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا ابوداؤد نے دوسری کو

۱۶۱۶/۱۵ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ مُرْسَلًا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَثٰى عَلَى الْمَيِّتِ ثَلٰثَ حَثَيَاتٍ بِيَدَيْهِ جَمِيْعًا وَاَنَّهٗ رَشَّ عَلٰى قَبْرِ ابْنِهٖ اِبْرَاهِيْمَ وَوَضَعَ عَلَيْهِ حَصْبَاءَ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوَى الشَّافِعِيُّ مِنْ قَوْلِهٖ رَشَّ۔

جعفر بن محمدؒ اپنے باپ سے مرسل روایت کرتے ہیں بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تین لپیں دونوں ہاتھوں سے بھر کر مٹی کی قبر پر ڈالیں اور اپنے بیٹے ابراہیم کی قبر پر پانی چھڑکا اور اس پر سنگریزے رکھے۔ روایت کیا اس کو شرح السنہ میں اور روایت کیا ہے شافعی نے رشّ کے لفظ سے۔

* * * * * * * * *

۱۶۱۷/۱۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّجَصَّصَ الْقُبُوْرُ وَاَنْ يُّكْتَبَ عَلَيْهَا وَاَنْ تُوْطَاَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے کہ قبریں پختہ بنائی جائیں اور یہ کہ ان پر لکھا جائے اور یہ کہ ان کو روندا جائے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۶۱۸/۱۷ وَعَنْهُ قَالَ رُشَّ قَبْرُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ الَّذِيْ رَشَّ الْمَاءَ عَلٰى قَبْرِهٖ بِلَالُ بْنُ رَبَاحٍ بِقِرْبَةٍ بَدَاَ مِنْ قِبَلِ رَاْسِهٖ حَتّٰى انْتَهٰى اِلٰى رِجْلَيْهِ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ۔

اسی (جابرؓ) سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر پانی چھڑکا گیا اور بلال بن رباح نے پانی چھڑکا مشکیزہ کے ساتھ سر کی جانب سے شروع کیا یہاں تک کہ پاؤں تک پہنچا۔ (روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں)

۱۶۱۹/۱۸ وَعَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِيْ وَدَاعَةَ قَالَ

مطلب بن ابی وداعہ سے روایت ہے انہوں نے کہا

لَمَّا مَاتَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ اُخْرِجَ بِجَنَازَتِهٖ فَدُفِنَ اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا اَنْ يَّاْتِيَهٗ بِحَجَرٍ فَلَمْ يَسْتَطِعْ حَمْلَهَا فَقَامَ اِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَسَرَ عَنْ ذِرَاعَيْهِ قَالَ الْمُطَّلِبُ قَالَ الَّذِيْ يُخْبِرُنِيْ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى بَيَاضِ ذِرَاعَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ حَسَرَ عَنْهُمَا ثُمَّ حَمَلَهَا فَوَضَعَهَا عِنْدَ رَاْسِهٖ وَقَالَ اُعْلِمُ بِهَا قَبْرَ اَخِيْ وَ اَدْفِنُ اِلَيْهِ مَنْ مَّاتَ مِنْ اَهْلِيْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

جس وقت عثمان بن مظعون فوت ہوئے ان کا جنازہ نکالا گیا اور دفن کئے گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو پتھر لانے کا حکم دیا وہ اس کو اٹھا نہ سکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف کھڑے ہوئے اپنی آستینیں چڑھائیں مطلب نے کہا جس نے مجھ کو حدیث بیان کی اس نے کہا کہ گویا کہ میں آپ کے بازوؤں کی سفیدی کو دیکھ رہا ہوں جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آستینیں چڑھائیں پھر اس کو اٹھایا اور اس کے سر کے پاس رکھا اور فرمایا میں نے اپنے بھائی کی قبر کا نشان لگایا ہے اور میں اپنے اہل میں سے جو فوت ہوگا اس کے پاس دفن کروں گا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۶۲۰/۱۹ وَعَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ فَقُلْتُ يَا اُمَّاهْ اَكْشِفِيْ لِيْ عَنْ قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبَيْهِ فَكَشَفَتْ لِيْ عَنْ ثَلٰثَةِ قُبُوْرٍ لَّا مُشْرِفَةٍ وَّلَا لَاطِئَةٍ مَّبْطُوْحَةٍ بِبَطْحَاءِ الْعَرْصَةِ الْحَمْرَاءِ

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

قاسم بن محمد سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اے میری اماں میرے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے دونوں ساتھیوں کی قبر کھول دے اس نے تین قبروں کو کھولا نہ بہت بلند تھیں اور نہ بالکل متصل زمین کے ساتھ بچھی ہوئی تھیں ان پر بطحا کی سرخ کنکریاں (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۶۲۱/۲۰ وَعَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَبْرِ وَلَمَّا يُلْحَدْ بَعْدُ فَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ وَ جَلَسْنَا مَعَهٗ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک جنازہ کے لئے نکلے جو ایک انصاری آدمی کا تھا ہم قبر تک پہنچے وہ ابھی تک دفن نہ کیا گیا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ گئے اور ہم بھی آپ کے گرد بیٹھ گئے۔

(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ

besturdubooks.wordpress.com

ابْنُ مَاجَةَ وَزَادَ فِي آخِرِهٖ كَأَنَّ عَلٰى رُءُوْسِنَا الطَّيْرَ۔

نے اور زیادہ کیا اس کے آخر میں گویا ہمارے سروں پر پرندے ہیں)

۱۶۲۳/۲۱ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَسْرُ عَظْمِ الْمَيِّتِ كَكَسْرِهٖ حَيًّا۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَّاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مردے کی ہڈی کو توڑنا زندہ کی ہڈی کو توڑنے کی مانند ہے (روایت کیا اس کو مالک نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۶۲۳/۲۲ عَنْ اَنَسٍ قَالَ شَهِدْنَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُدْفَنُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ عَلَى الْقَبْرِ فَرَاَيْتُ عَيْنَيْهِ تَدْمَعَانِ فَقَالَ هَلْ فِيْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ لَّمْ يُقَارِفِ اللَّيْلَةَ فَقَالَ اَبُوْطَلْحَةَ اَنَا قَالَ فَانْزِلْ فِيْ قَبْرِهَا فَنَزَلَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انس رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی کو دفن کرنے کے وقت حاضر تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبر کے پاس بیٹھے ہوئے تھے میں نے آپ کی دونوں آنکھوں کو دیکھا وہ آنسو بہاتی ہیں فرمایا تم میں سے کوئی ہے جس نے آج رات اپنی بیوی سے صحبت نہ کی ہو ابوطلحہ رضہ نے کہا میں ہوں آپ نے فرمایا تو قبر میں اُتر پس وہ اُترے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۱۶۲۴/۲۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ لِابْنِهٖ وَهُوَ فِيْ سِيَاقِ الْمَوْتِ اِذَا اَنَا مِتُّ فَلَا تَصْحَبْنِيْ نَائِحَةٌ وَّلَا نَارٌ فَاِذَا دَفَنْتُمُوْنِيْ فَشُنُّوْا عَلَيَّ التُّرَابَ شَنًّا ثُمَّ اَقِيْمُوْا حَوْلَ قَبْرِيْ قَدْرَ مَا يُنْحَرُ جَزُوْرٌ وَّيُقْسَمُ لَحْمُهَا حَتّٰى اَسْتَاْنِسَ بِكُمْ وَاَعْلَمَ مَاذَا اُرَاجِعُ بِهٖ رُسُلَ رَبِّيْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عمرو بن عاص سے روایت ہے اس نے اپنے بیٹے کو کہا جبکہ وہ نزع کی حالت میں تھے جس وقت میں مرجاؤں میرے ساتھ کوئی نوحہ کرنے والی نہ جائے اور نہ آگ جس وقت مجھ کو دفن کرو مجھ پر مٹی آہستہ ڈالنا پھر میری قبر کے گرد کھڑے رہو اتنا عرصہ کہ اونٹ ذبح کیا جاوے اور اس کا گوشت تقسیم کیا جائے تاکہ تمہاری وجہ سے میں آرام پکڑوں اور میں جان لوں کہ اپنے رب کے فرشتوں کو کیا جواب دوں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۶۲۵/۲۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا مَاتَ

عبداللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے جس

besturdubooks.wordpress.com

أَحَدُكُمْ فَلَا يَحْبِسْهُ وَأَسْرِعُوا بِهِ إِلَى قَبْرِهِ وَلْيُقْرَأْ عِنْدَ رَأْسِهِ فَاتِحَةُ الْبَقَرَةِ وَعِنْدَ رِجْلَيْهِ بِخَاتِمَةِ الْبَقَرَةِ۔ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَقَالَ وَالصَّحِيحُ أَنَّهُ مَوْقُوفٌ عَلَيْهِ۔

وقت ایک تمہارا مرے اس کو بند نہ رکھو اور جلد اس کی قبر کی طرف لے جاؤ اور اس کے سر کے پاس سورۂ بقرہ کی ابتدائی آیات اور پاؤں کے پاس سورۂ بقرہ کی آخری آیات پڑھی جائیں (روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا صحیح بات یہ ہے کہ عبداللہ بن عمرؓ پر موقوف ہے)

۱۶۲۶/۲۵ وَعَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ بِالْحُبْشِيِّ وَهُوَ مَوْضِعٌ فَحُمِلَ إِلَى مَكَّةَ فَدُفِنَ بِهَا فَلَمَّا قَدِمَتْ عَائِشَةُ أَتَتْ قَبْرَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ فَقَالَتْ:۔

وَكُنَّا كَنَدْمَانَيْ جَذِيمَةَ حِقْبَةً
مِنَ الدَّهْرِ حَتّٰى قِيلَ لَنْ يَتَصَدَّعَا
فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا كَأَنِّي وَمَالِكًا
لِطُولِ اجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ لَيْلَةً مَعَا

ثُمَّ قَالَتْ وَاللّٰهِ لَوْ حَضَرْتُكَ مَا دُفِنْتَ إِلَّا حَيْثُ مُتَّ وَلَوْ شَهِدْتُكَ مَا زُرْتُكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابن ابی ملیکہ سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت عبدالرحمٰن بن ابی ابکر فوت ہوئے حبشی مقام میں ان کو مکہ لایا گیا اور وہاں دفن کیا گیا جس وقت حضرت عائشہ رضؓ مکہ میں آئیں (حج کے لئے) عبدالرحمٰن ابی بکر کی قبر پر آئیں اور کہا:۔

ہم جذیمہ کے دو ہمنشینوں کی طرح تھے زمانہ کی مدت دراز تک یہاں تک کہ کہا گیا ہرگز جدا نہ ہونگے پس جب ہم جدا ہو گئے گویا میں اور مالک باوجود مدت دراز تک اکٹھا رہنے کے یوں معلوم ہوتا ہے کہ ایک رات اکٹھے نہیں گذاری پھر کہنے لگیں اگر میں وہاں موجود ہوتی تو وہیں دفن ہوتا جہاں فوت ہوا تھا اور اگر میں حاضر ہوتی تیری وفات کے وقت تو تیری زیارت کے لئے نہ آتی (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖

۱۶۲۷/۲۶ وَعَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ سَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَعْدًا أَوْ رَشَّ عَلَى قَبْرِهِ مَاءً۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابورافع رضؓ سے روایت ہے کہا سعد کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر کی جانب سے نکالا اور اس کی قبر پر پانی چھڑکا (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۱۶۲۸/۲۷ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلٰى جَنَازَةٍ ثُمَّ أَتَى الْقَبْرَ فَحَثٰى عَلَيْهِ مِنْ قِبَلِ رَأْسِهِ ثَلَاثًا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنازہ پر نماز پڑھی پھر قبر کے پاس آئے اور سر کی طرف سے تین لپ مٹی ڈالی (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۱۶۲۹/۲۸ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ قَالَ رَآنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا

عمرو بن حزم سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو ایک قبر پر ٹیک لگائے دیکھا

besturdubooks.wordpress.com

عَلٰى قَبْرٍ فَقَالَ لَا تُؤْذِ صَاحِبَ هٰذَا الْقَبْرِ اَوْ لَا تُؤْذِهٖ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

فرمایا اس کو ایذا نہ دے (روایت کیا اس کو احمد نے)

# بَابُ الْبُكَاءِ عَلَى الْمَيِّتِ

# میّت پر رونے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۶۳۰/۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ دَخَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِيْ سَيْفٍ الْقَيْنِ وَكَانَ ظِئْرًا لِاِبْرَاهِيْمَ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِبْرَاهِيْمَ فَقَبَّلَهٗ وَشَمَّهٗ ثُمَّ دَخَلْنَا عَلَيْهِ بَعْدَ ذٰلِكَ وَاِبْرَاهِيْمُ يَجُوْدُ بِنَفْسِهٖ فَجَعَلَتْ عَيْنَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَذْرِفَانِ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَّاَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ يَا ابْنَ عَوْفٍ اِنَّهَا رَحْمَةٌ ثُمَّ اَتْبَعَهَا بِاُخْرٰى فَقَالَ اِنَّ الْعَيْنَ تَدْمَعُ وَالْقَلْبَ يَحْزَنُ وَلَا نَقُوْلُ اِلَّا مَا يَرْضٰى رَبُّنَا وَاِنَّا بِفِرَاقِكَ يَا اِبْرَاهِيْمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ابوسیف لوہار کے پاس گئے اور وہ ابراہیم کی دایہ کا شوہر تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابراہیم کو پکڑ لیا پھر بوسہ لیا اور سونگھا پھر ہم اس کے بعد اس کے پاس گئے اور ابراہیم حالت نزع میں تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں جاری تھیں عبدالرحمٰن بن عوف نے کہا اے اللہ کے رسول آپ بھی روتے ہیں فرمایا اے ابن عوف یہ رحمت ہے پھر اس کے بعد روئے فرمایا آنکھ آنسو بہاتی ہے دل غمگین ہے اس کے باوجود ہم نہیں کہیں گے مگر جس سے ہمارا رب راضی ہو اور ہم تیری جدائی کے سبب اے ابراہیم غمگین ہیں۔

(متفق علیہ)

۱۶۳۱/۲ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ اَرْسَلَتِ ابْنَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ اَنَّ ابْنًا لِّيْ قُبِضَ فَاْتِنَا فَاَرْسَلَ يُقْرِئُ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ اِنَّ لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَلَهٗ مَا اَعْطٰى وَكُلٌّ

اسامہ بن زید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی نے آپ کی طرف پیغام بھیجا کہ اس کا بیٹا مرنے کے قریب ہے ہمارے پاس آئیں آپ نے سلام کہلا بھیجا اور فرمایا اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جو اس نے لے لی اور اسی کے لئے ہے جو اس نے دی اور

besturdubooks.wordpress.com



عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ فَاَرْسَلَتْ اِلَيْهِ تُقْسِمُ عَلَيْهِ لَيَاْتِيَنَّهَا فَقَامَ وَمَعَهٗ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَمُعَاذُ ابْنُ جَبَلٍ وَّاُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَّزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَّرِجَالٌ فَرُفِعَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّبِيُّ وَنَفْسُهٗ تَتَقَعْقَعُ فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ فَقَالَ سَعْدٌ يَّا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا هٰذَا فَقَالَ هٰذِهٖ رَحْمَةٌ جَعَلَهَا اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِ عِبَادِهٖ فَاِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَآءَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہر چیز کی اس کے ہاں مدت مقرر ہے اور چاہیئے کہ صبر کرے اور ثواب چاہے اس نے دوبارہ پیغام بھیجا آپ کو قسم دی تھی کہ ضرور آئیں آپ کھڑے ہوئے آپ کے ساتھ سعد بن عبادہ معاذ بن جبل، ابی بن کعب، زید بن ثابت اور بہت سے آدمی تھے۔ بچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بلند کیا گیا اس کی روح حرکت کرتی تھی آپ کی آنکھیں بہنے لگیں سعدؓ نے کہا اے اللہ کے رسول یہ کیا ہے فرمایا یہ رحمت ہے جس کو اللہ تعالےٰ نے اپنے بندوں کے دلوں میں پیدا کیا ہے اللہ تعالےٰ اپنے بندوں سے رحمت کرنے والوں پر ہی رحمت کرتا ہے۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * * * *

۱۶۳۲/۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اشْتَكٰى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ شَكْوٰى لَّهٗ فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُهٗ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَّسَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ وَّعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ وَجَدَهٗ فِيْ غَاشِيَةٍ فَقَالَ قَدْ قُضِيَ قَالُوْا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَبَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَاَى الْقَوْمُ بُكَآءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكَوْا فَقَالَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُعَذِّبُ بِدَمْعِ الْعَيْنِ وَلَا بِحُزْنِ الْقَلْبِ وَلٰكِنْ يُّعَذِّبُ بِهٰذَا وَاَشَارَ اِلٰى لِسَانِهٖ اَوْ يَرْحَمُ وَاِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَآءِ اَهْلِهٖ عَلَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ سعد بن عبادہؓ ایک بیماری میں بیمار ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، عبدالرحمٰن بن عوف، سعد بن ابی وقاصؓ، عبداللہ بن مسعودؓ کے ساتھ عیادت کے لئے تشریف لائے جس وقت ان کے پاس آئے ان کو بے ہوشی میں پایا فرمایا کہ مر گئے ہیں انہوں نے کہا نہیں اے اللہ کے رسول نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رو دیئے جب لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو روتے دیکھا وہ بھی رو پڑے فرمایا تم سنتے نہیں ہو اللہ تعالےٰ آنکھ کے آنسو اور دل کے غم کے ساتھ عذاب نہیں کرتا بلکہ اس کے ساتھ عذاب کرتا ہے اور اپنی زبان کی طرف اشارہ کیا یا رحم فرماتا ہے اور گھر والوں کے رونے کی وجہ سے میت کو عذاب ہوتا ہے۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * * * *

* * * * * * * * * *

۱۶۳۳/۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُيُوْبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم میں سے نہیں وہ شخص جو رخسارے پیٹے گریبان پھاڑے اور جاہلیت کا پکارنا پکارے۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * * * *

۱۶۳۴/۵ وَعَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ قَالَ اُغْمِیَ عَلٰی اَبِیْ مُوْسٰی فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ اُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ تَصِیْحُ بِرَنَّةٍ ثُمَّ اَفَاقَ فَقَالَ اَلَمْ تَعْلَمِیْ وَكَانَ يُحَدِّثُهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنَا بَرِیْءٌ مِّمَّنْ حَلَقَ وَصَلَقَ وَخَرَقَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهٗ لِمُسْلِمٍ)

ابوبردہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ابوموسیٰ بے ہوش ہو گئے اس کی بیوی ام عبداللہ چلاّ کر رونے لگی پھر ہوش میں آئے کہا تو جانتی نہیں اور اسے حدیث بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں اس سے بری ہوں جو سر کے بال منڈوا دے چلاّ کر روئے اور کپڑے پھاڑ دے۔ (متفق علیہ)

اور لفظ اس کے واسطے مسلم کے ہیں۔

۱۶۳۵/۶ وَعَنْ اَبِیْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعٌ فِیْ اُمَّتِیْ مِنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ لَا يَتْرُكُوْنَهُنَّ اَلْفَخْرُ فِی الْاَحْسَابِ وَالطَّعْنُ فِی الْاَنْسَابِ وَالْاِسْتِسْقَاءُ بِالنُّجُوْمِ وَالنِّيَاحَةُ وَقَالَ النَّائِحَةُ اِذَا لَمْ تَتُبْ قَبْلَ مَوْتِهَا تُقَامُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَعَلَيْهَا سِرْبَالٌ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّدِرْعٌ مِّنْ جَرَبٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابومالک اشعری سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار کام میری امت میں جاہلیت کے ہیں لوگ ان کو نہیں چھوڑیں گے حسب میں فخر کرنا، نسب میں طعن کرنا، ستاروں کے سبب پانی طلب کرنا اور نوحہ کرنا اور فرمایا اگر نوحہ کرنے والی عورت مرنے سے پہلے توبہ نہ کریگی اُسے قیامت کے دن اٹھایا جائے گا اس پر گندھک اور خارش کا کرتا ہوگا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

* * * * * * * * * *

۱۶۳۶/۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَرَّ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِامْرَاَةٍ تَبْكِیْ عِنْدَ قَبْرٍ فَقَالَ اتَّقِی اللّٰهَ وَاصْبِرِیْ قَالَتْ اِلَيْكَ عَنِّیْ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَبْ بِمُصِيْبَتِیْ وَلَمْ تَعْرِفْهُ فَقِيْلَ لَهَا اِنَّهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَتْ بَابَ النَّبِیِّ صَلَّى

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک عورت کے پاس سے گذرے جو ایک قبر کے پاس رو رہی تھی فرمایا اللہ سے ڈر اور صبر اختیار کر کہنے لگی دُور ہو جا اس لئے کہ تو مجھ جیسی مصیبت میں گرفتار نہیں ہوا اس نے آپؐ کو نہیں پہچانا اُسے کہا گیا وہ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدَهُ بَوَّابِيْنَ فَقَالَتْ لَمْ أَعْرِفْكَ فَقَالَ إِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُوْلٰى۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پر آئی وہاں دربانوں کو نہ دیکھا کہنے لگی میں نے آپ کو نہیں پہچانا تھا فرمایا صبر پہلے صدمہ کے وقت ہوتا ہے

(متفق علیہ)

۱۶۳۷/۸ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَمُوْتُ لِمُسْلِمٍ ثَلٰثَةٌ مِّنَ الْوَلَدِ فَيَلِجُ النَّارَ إِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی مسلمان کے تین بچے نہیں مرتے کہ وہ آگ میں داخل ہو مگر واسطے کھولنے قسم کے۔

(متفق علیہ)

۱۶۳۸/۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنِسْوَةٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ لَا تَمُوْتُ لِإِحْدَاكُنَّ ثَلٰثَةٌ مِّنَ الْوَلَدِ فَتَحْتَسِبَهُ إِلَّا دَخَلَتِ الْجَنَّةَ فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِّنْهُنَّ أَوِ اثْنَانِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ أَوِ اثْنَانِ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا ثَلٰثَةٌ لَّمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ۔

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کی چند عورتوں میں فرمایا تم میں سے کسی ایک کے تین بچے فوت نہیں ہوتے وہ ثواب طلب کرتی ہے مگر وہ جنت میں داخل ہوگی ان میں سے ایک عورت نے کہا اور دو بچے فوت ہوئے آپ نے فرمایا اور دو بھی (روایت کیا اس کو مسلم نے ان دونوں کی ایک روایت میں ہے تین بچے جو بلوغت کی حد تک نہ پہنچے ہوں

۱۶۳۹/۱۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ مَا لِعَبْدِيَ الْمُؤْمِنِ عِنْدِيْ جَزَاءٌ إِذَا قَبَضْتُ صَفِيَّهُ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا ثُمَّ احْتَسَبَهُ إِلَّا الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے پاس میرے مومن بندے کے لئے جزا نہیں ہے جس وقت میں اس کے پیارے کو فوت کرتا ہوں اہل دنیا سے پھر ثواب چاہے مگر جنت (روایت کیا اس کو بخاری نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۶۴۰/۱۱ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّائِحَةَ وَالْمُسْتَمِعَةَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے نوحہ کرنے والی اور سننے والی عورت پر (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۶۴۱/۱۲ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کا عجب حال ہے

besturdubooks.wordpress.com

عَجَبٌ لِّلْمُؤْمِنِ اِنْ اَصَابَهٗ خَيْرٌ حَمِدَ اللّٰهَ وَشَكَرَ وَاِنْ اَصَابَتْهُ مُصِيْبَةٌ حَمِدَ اللّٰهَ وَصَبَرَ فَالْمُؤْمِنُ يُؤْجَرُ فِيْ كُلِّ اَمْرِهٖ حَتّٰى فِي اللُّقْمَةِ يَرْفَعُهَا اِلٰى فِيْ امْرَاَتِهٖ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

اگر اس کو بھلائی پہنچے اللہ کی حمد کرتا ہے اور شکر کرتا ہے اگر مصیبت پہنچے اللہ کی حمد کرتا ہے اور صبر کرتا ہے مؤمن ہر کام میں ثواب دیا جاتا ہے یہاں تک کہ لقمہ میں جو اپنی بیوی کے منہ میں اٹھا کر دے۔ (روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں۔)

۱۶۴۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُّؤْمِنٍ اِلَّا وَلَهٗ بَابَانِ بَابٌ يَّصْعَدُ مِنْهُ عَمَلُهٗ وَبَابٌ يَّنْزِلُ مِنْهُ رِزْقُهٗ فَاِذَا مَاتَ بَكَيَا عَلَيْهِ فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی مؤمن نہیں مگر اس کے لئے دو دروازے ہیں ایک دروازہ ہے جس سے اس کے عمل چڑھتے ہیں اور دوسرا دروازہ ہے جس سے اس کا رزق اترتا ہے جب وہ مرتا ہے وہ دونوں اس پر روتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ان کافروں پر آسمان اور زمین نہیں روئے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۶۴۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهٗ فَرَطَانِ مِنْ اُمَّتِيْ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ بِهِمَا الْجَنَّةَ فَقَالَتْ عَائِشَةُ فَمَنْ كَانَ لَهٗ فَرَطٌ مِّنْ اُمَّتِكَ قَالَ وَمَنْ كَانَ لَهٗ فَرَطًا يَا مُوَفَّقَةُ فَقَالَتْ فَمَنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ فَرَطٌ مِّنْ اُمَّتِكَ قَالَ فَاَنَا فَرَطُ اُمَّتِيْ لَنْ يُّصَابُوْا بِمِثْلِيْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت میں سے جس کے دو فرزند فوت ہو گئے اللہ تعالیٰ ان دونوں کے عوض اس کو جنت میں داخل کرے گا۔ حضرت عائشہ رضؓ نے کہا جس کا ایک بچہ فوت ہوا آپ کی امت سے فرمایا اے توفیق دی گئی وہ شخص جس کا ایک فرزند فوت ہوا حضرت عائشہ رضؓ نے کہا جس کا فرزند فوت نہ ہوا آپ کی امت سے فرمایا میں ہوں میرے منزل وہ مجھ جیسی مصیبت نہیں پہنچائے گئے۔ روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔

۱۶۴۴ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَاتَ وَلَدُ الْعَبْدِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى

ابو موسیٰ اشعری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کسی بندے کا بچہ فوت ہوتا ہے اللہ تبارک و تعالیٰ فرشتوں سے کہتا ہے

besturdubooks.wordpress.com

لِمَلٰٓئِكَتِهٖ قَبَضْتُمْ وَلَدَ عَبْدِيْ فَيَقُوْلُوْنَ نَعَمْ فَيَقُوْلُ قَبَضْتُمْ ثَمَرَةَ فُؤَادِهٖ فَيَقُوْلُوْنَ نَعَمْ فَيَقُوْلُ مَاذَا قَالَ عَبْدِيْ فَيَقُوْلُوْنَ حَمِدَكَ وَاسْتَرْجَعَ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ ابْنُوْا لِعَبْدِيْ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَ سَمُّوْهُ بَيْتَ الْحَمْدِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

تم نے میرے بندے کے فرزند کی روح قبض کی وہ کہتے ہیں ہاں۔ فرماتا ہے تم نے اس کے دل کا میوہ قبض کیا وہ کہتے ہیں ہاں فرماتا ہے میرے بندے نے کیا کہا کہتے ہیں تیری حمد کی اور انا للہ پڑھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اس کے لئے جنت میں ایک گھر بناؤ اور اس کا نام بیت الحمد رکھو۔ (روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے)

* * * * * * * * *

۱۶۴۵/۱۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَزّٰى مُصَابًا فَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِهٖ۔

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ مَرْفُوْعًا اِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَلِيِّ ابْنِ عَاصِمٍ الرَّاوِيْ وَقَالَ وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ مَوْقُوْفًا۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مصیبت زدہ کو تسلی دے اس کے لئے اس کی مانند ثواب ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے، ترمذی نے کہا۔ یہ حدیث غریب ہے، ہم اس کو نہیں جانتے مرفوع مگر علی بن عاصم کی روایت سے اور کہا بعض محدثین نے اس کو روایت کیا ہے اس سند کے ساتھ محمد بن سوقہ سے موقوف ابن مسعودؓ پر۔

* * * * * * * * *

۱۶۴۶/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ بَرْزَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَزّٰى ثَكْلٰى كُسِيَ بُرْدًا فِي الْجَنَّةِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

ابوبرزہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اس عورت کو تسلی دے جس کا بچہ مر گیا ہے جنت میں اس کو لباس پہنایا جائے گا۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔

۱۶۴۷/۱۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ لَمَّا جَاءَ نَعْيُ جَعْفَرٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اصْنَعُوْا لِاٰلِ جَعْفَرٍ طَعَامًا فَقَدْ اَتَاهُمْ مَا يَشْغَلُهُمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت جعفر کی موت کی خبر پہنچی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آل جعفر کے لئے کھانا تیار کرو ان کو آئی ہے وہ چیز کہ کھانا پکانے سے باز رکھتی ہے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۶۴۸/۱۹ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ نِّيْحَ عَلَيْهِ فَاِنَّهٗ يُعَذَّبُ بِمَا نِيْحَ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا فرماتے تھے جس پر نوحہ کیا جاتا ہے اس کو عذاب کیا جائے گا بہ سبب اس کے جو اس پر نوحہ کیا گیا قیامت کے دن۔ (متفق علیہ)

۱۶۴۹/۲۰ وَعَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهَا قَالَتْ سَمِعْتُ عَائِشَةَ وَذُكِرَ لَهَا اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ اِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ عَلَيْهِ تَقُوْلُ يَغْفِرُ اللّٰهُ لِاَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَمَا اِنَّهٗ لَمْ يَكْذِبْ وَلٰكِنَّهٗ نَسِيَ اَوْ اَخْطَاَ اِنَّمَا مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى يَهُوْدِيَّةٍ يُّبْكٰى عَلَيْهَا فَقَالَ اِنَّهُمْ لَيَبْكُوْنَ عَلَيْهَا وَاِنَّهَا لَتُعَذَّبُ فِيْ قَبْرِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عمرہ بنت عبدالرحمٰن سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سُنا اور اس کے لئے ذکر کیا گیا کہ عبداللہ بن عمر کہتا ہے میت کو زندہ کے رونے کی وجہ سے عذاب کیا جاتا ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہنے لگیں ابو عبدالرحمٰن پر اللہ رحم کرے اس نے جھوٹ نہیں بولا لیکن بھول گیا اور غلطی کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک یہودی عورت کے پاس سے گذرے تھے جس پر رویا جا رہا تھا آپ نے فرمایا یہ لوگ اس پر رو رہے ہیں اور اس کو قبر میں عذاب دیا جا رہا ہے۔ (متفق علیہ)

* * * * * * *

۱۶۵۰/۲۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ تُوُفِّيَتْ بِنْتٌ لِّعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ بِمَكَّةَ فَجِئْنَا لِنَشْهَدَهَا وَحَضَرَهَا ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ عَبَّاسٍ فَاِنِّيْ لَجَالِسٌ بَيْنَهُمَا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ لِعَمْرِو ابْنِ عُثْمَانَ وَهُوَ مُوَاجِهُهٗ اَلَا تَنْهٰى عَنِ الْبُكَاءِ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ اَهْلِهٖ عَلَيْهِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ

عبداللہ بن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا مکہ میں عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی ایک بیٹی فوت ہو گئی ہم آئے تاکہ اس کے جنازے میں حاضر ہوں ابن عمر رضی اللہ عنہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہ بھی وہاں حاضر تھے میں ان دونوں کے درمیان بیٹھا ہوا تھا عبداللہ بن عمر نے عمرو بن عثمان کو کہا اور وہ اس کے سامنے تھے تو رونے سے کیوں نہیں رُکتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گھر والوں کے رونے کی وجہ سے میت کو عذاب کیا جاتا ہے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا اس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کچھ کہتے تھے پھر حدیث بیان کی کہ میں مکہ سے حضرت

besturdubooks.wordpress.com

قَدْ كَانَ عُمَرُ يَقُوْلُ بَعْضَ ذٰلِكَ ثُمَّ حَدَّثَ فَقَالَ صَدَرْتُ مَعَ عُمَرَ مِنْ مَكَّةَ حَتّٰى إِذَا كُنَّا بِالْبَيْدَآءِ فَإِذَا هُوَ بِرَكْبٍ تَحْتَ ظِلِّ سَمُرَةٍ فَقَالَ اذْهَبْ فَانْظُرْ مَنْ هٰؤُلَآءِ الرَّكْبُ فَنَظَرْتُ فَإِذَا هُوَ صُهَيْبٌ قَالَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ ادْعُهُ فَرَجَعْتُ إِلٰى صُهَيْبٍ فَقُلْتُ ارْتَحِلْ فَالْحَقْ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَلَمَّا أَنْ أُصِيْبَ عُمَرُ دَخَلَ صُهَيْبٌ يَبْكِيْ يَقُوْلُ وَا أَخَاهُ وَا صَاحِبَاهُ فَقَالَ عُمَرُ يَا صُهَيْبُ أَتَبْكِيْ عَلَيَّ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهٖ عَلَيْهِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَلَمَّا مَاتَ عُمَرُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَائِشَةَ فَقَالَتْ يَرْحَمُ اللّٰهُ عُمَرَ لَا وَاللّٰهِ مَا حَدَّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ أَهْلِهٖ عَلَيْهِ وَلٰكِنْ إِنَّ اللّٰهَ يَزِيْدُ الْكَافِرَ عَذَابًا بِبُكَاءِ أَهْلِهٖ عَلَيْهِ وَقَالَتْ عَائِشَةُ حَسْبُكُمُ الْقُرْآنُ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرٰى قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عِنْدَ ذٰلِكَ وَاللّٰهُ أَضْحَكَ وَأَبْكٰى قَالَ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ فَمَا قَالَ ابْنُ عُمَرَ شَيْئًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عمرؓ کے ساتھ واپس لوٹا جب ہم بیداء میں پہنچے ایک کیکر کے نیچے ایک قافلہ اُترا ہوا تھا مجھے کہا جا دیکھ کر آ اس قافلہ میں کون ہے میں نے دیکھا وہ صہیب تھے کہا میں نے ان کو خبر دی فرمایا اس کو بلا کر لاؤ میں صہیب کی طرف گیا اور اس کو کہا امیر المؤمنین سے ملو جب حضرت عمرؓ زخمی ہوئے صہیب روتے تھے کہتے تھے ہائے بھائی اے میرے صاحب حضرت عمرؓ نے کہا اے صہیبؓ تو مجھ پر روتا ہے جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میت کو اس کے بعض اہل کے رونے کی وجہ سے عذاب ہوتا ہے ابن عباس نے کہا جب حضرت عمرؓ فوت ہو گئے میں نے یہ بات حضرت عائشہؓ سے کہی کہا اللہ تعالےٰ حضرت عمرؓ پر رحم کرے نہیں اللہ کی قسم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح حدیث بیان نہیں فرمائی کہ میت کو اسکے اہل کے رونے کے سبب عذاب کیا جاتا ہے لیکن اللہ تعالےٰ کافر کو گھر والوں کے رونے کی وجہ سے زیادہ عذاب کرتا ہے اور کہا عائشہؓ نے تم کو قرآن کافی ہے کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا اس پر ابن عباسؓ نے کہا اللہ تعالیٰ ہنساتا ہے اور رُلاتا ہے ابن ابی ملیکہؓ نے کہا ابن عمرؓ نے کچھ نہ کہا۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * * * *

* * * * * * * * * *

* * * * * * * * * *

* * * * * * * * * *

۱۶۵۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا جَآءَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتْلُ ابْنِ حَارِثَةَ وَجَعْفَرٍ وَّابْنِ رَوَاحَةَ جَلَسَ يُعْرَفُ

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ابن حارثہ اور جعفر اور ابن رواحہ کے قتل ہونے کی خبر پہنچی بیٹھے آپؐ کے چہرہ میں غم

besturdubooks.wordpress.com

فِيهِ الْحُزْنُ وَأَنَا أَنْظُرُ مِنْ صَائِرِ الْبَابِ تَعْنِي شَقَّ الْبَابِ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّ نِسَاءَ جَعْفَرٍ وَذَكَرَ بُكَاءَهُنَّ فَأَمَرَهُ أَنْ يَنْهَاهُنَّ فَذَهَبَ ثُمَّ أَتَاهُ الثَّانِيَةَ لَمْ يُطِعْنَهُ فَقَالَ انْهَهُنَّ فَأَتَاهُ الثَّالِثَةَ قَالَ وَاللّٰهِ غَلَبْنَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَزَعَمَتْ أَنَّهُ قَالَ فَاحْثُ فِي أَفْوَاهِهِنَّ التُّرَابَ فَقُلْتُ أَرْغَمَ اللّٰهُ أَنْفَكَ لَمْ تَفْعَلْ مَا أَمَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ تَتْرُكْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْعَنَاءِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پہچانا جاتا تھا میں دروازے کے سوراخ سے دیکھ رہی تھی یعنے دروازے کے درز سے ایک آدمی آیا اور کہنے لگا جعفر کی عورتیں ایسا ایسا کر رہی ہیں ان کے رونے کا ذکر کیا آپ نے اس کو حکم دیا کہ ان کو جا کر روکے وہ گیا پھر آیا دوسری بار اور کہا ان عورتوں نے اس کا کہنا نہیں مانا آپ نے فرمایا ان کو جا کر روک وہ تیسری مرتبہ آیا اور کہنے لگا اللہ کی قسم اے اللہ کے رسول انہوں نے ہم پر غلبہ کیا ہے حضرت عائشہؓ کا خیال ہے آپ نے فرمایا ان کے منہ میں مٹی ڈال میں نے کہا اللہ تیرے ناک کو خاک آلودہ کرے تو نے وہ کام نہ کیا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رنج پہنچانے سے چھوڑا۔ (متفق علیہ)

۱۶۵۲/۲۳ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ لَمَّا مَاتَ أَبُو سَلَمَةَ قُلْتُ غَرِيبٌ وَفِي أَرْضِ غُرْبَةٍ لَأَبْكِيَنَّهُ بُكَاءً يُتَحَدَّثُ عَنْهُ فَكُنْتُ قَدْ تَهَيَّأْتُ لِلْبُكَاءِ عَلَيْهِ إِذْ أَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ تُرِيدُ أَنْ تُسْعِدَنِي فَاسْتَقْبَلَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَتُرِيدِينَ أَنْ تُدْخِلِي الشَّيْطَانَ بَيْتًا أَخْرَجَهُ اللّٰهُ مِنْهُ مَرَّتَيْنِ وَكَفَفْتُ عَنِ الْبُكَاءِ فَلَمْ أَبْكِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام سلمہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جب ابوسلمہ فوت ہوئے میں نے کہا ابوسلمہ مسافر اور مسافرت میں وفات پائی ہے میں اس پر اس قدر روؤں گی کہ اس کے متعلق باتیں کی جائیں گی میں نے رونے کی تیاری کی تھی ایک عورت آئی وہ میرے ساتھ شریک ہونے کا ارادہ رکھتی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے سامنے آئے اور کہا کیا تو اس گھر میں شیطان کو داخل کرنے کا ارادہ کرتی ہے جس کو اللہ تعالےٰ نے اس گھر سے نکال دیا ہے دو بار میں رونے سے رُک گئی اور نہیں روئی (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۶۵۳/۲۴ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ أُغْمِيَ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ فَجَعَلَتْ أُخْتُهُ عَمْرَةُ تَبْكِي وَاجَبَلَاهُ وَاكَذَا وَاكَذَا تُعَدِّدُ عَلَيْهِ فَقَالَ حِينَ أَفَاقَ

نعمان بن بشیر سے روایت ہے انہوں نے کہا عبداللہ بن رواحہ بے ہوش ہو گئے اس کی بہن عمرہؓ نے اس پر رونا شروع کر دیا اور کہا اے پہاڑ افسوس اے ایسے اے ایسے گنتی تھی عبداللہ نے کہا جس وقت ہوش میں آئے

besturdubooks.wordpress.com



مَا قُلْتِ شَيْئًا إِلَّا قِيلَ لِي آنْتَ كَذَلِكَ - زَادَ فِي رِوَايَةٍ فَلَمَّا مَاتَ لَمْ تَبْكِ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

تو نے نہیں کہا مگر میرے لئے کہا گیا تو ایسا ہے ایک روایت میں ہے جب وہ مرا اس پر نہیں روئی (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۶۵۴/۲۵ وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ مَيِّتٍ يَمُوتُ فَيَقُومُ بَاكِيهِمْ فَيَقُولُ وَاجَبَلَاهُ وَاسَيِّدَاهُ وَنَحْوَ ذٰلِكَ إِلَّا وُكِّلَ اللّٰهُ بِهِ مَلَكَيْنِ يَلْهَزَانِهِ وَيَقُولَانِ آهٰكَذَا كُنْتَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ حَسَنٌ۔

ابو موسیٰ اشعری سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے نہیں کوئی میت جو مرے اور ان کا رونے والا کھڑا ہو پس وہ کہتا ہے اے پہاڑ اے سردار اس قسم کے کلمات مگر اللہ تعالیٰ دو فرشتوں کو مقرر کر دیتا ہے جو اس کو مکے مارتے ہیں اور کہتے ہیں کیا تو ایسا ہی تھا (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

* * * * * * *

۱۶۵۵/۲۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ مَاتَ مَيِّتٌ مِّنْ آلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاجْتَمَعَ النِّسَاءُ يَبْكِينَ عَلَيْهِ فَقَامَ عُمَرُ يَنْهٰهُنَّ وَيَطْرُدُهُنَّ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُنَّ يَا عُمَرُ فَإِنَّ الْعَيْنَ دَامِعَةٌ وَالْقَلْبَ مُصَابٌ وَالْعَهْدَ قَرِيبٌ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ)

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد سے ایک مر گیا عورتیں جمع ہو کر رونے لگیں حضرت عمرؓ کھڑے ہوئے ان کو روکتے تھے اور ان کو بھگاتے تھے آپؐ نے فرمایا اے عمرؓ ان کو چھوڑ دے آنکھیں روتی ہیں دل مصیبت زدہ ہے اور مرنے کا وقت قریب ہے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور نسائی نے)

* * * * * * *

۱۶۵۶/۲۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَاتَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَكَتِ النِّسَاءُ فَجَعَلَ عُمَرُ يَضْرِبُهُنَّ بِسَوْطِهِ فَأَخَّرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ فَقَالَ مَهْلًا يَا عُمَرُ ثُمَّ قَالَ إِيَّاكُنَّ وَنَعِيقَ الشَّيْطَانِ ثُمَّ قَالَ إِنَّهُ مَهْمَا كَانَ

ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی زینبؓ فوت ہو گئیں عورتیں رونے لگیں حضرت عمرؓ ان کو کوڑے سے مارتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے پیچھے ہٹایا اور فرمایا اے عمرؓ ٹھہر پھر عورتوں کو فرمایا شیطان کی آواز سے دور رہو پھر فرمایا جو کچھ ہو آنکھ سے اور دل سے پس اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمت ہے جو ہاتھ اور

besturdubooks.wordpress.com

مِنَ الْعَيْنِ وَمِنَ الْقَلْبِ فَمِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَمِنَ الرَّحْمَةِ وَمَا كَانَ مِنَ الْيَدِ وَمِنَ اللِّسَانِ فَمِنَ الشَّيْطٰنِ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

زبان سے ہو وہ شیطان کی طرف سے ہے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

* * * * * * * *

۱۶۵۷/۲۸ وَعَنِ الْبُخَارِيِّ تَعْلِيقًا قَالَ لَمَّا مَاتَ الْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ ضَرَبَتِ امْرَاَتُهُ الْقُبَّةَ عَلٰى قَبْرِهٖ سَنَةً ثُمَّ رُفِعَتْ فَسُمِعَتْ صَائِحًا يَقُوْلُ اَلَا هَلْ وَجَدُوْا مَا فَقَدُوْا فَاَجَابَهٗ اٰخَرُ بَلْ يَئِسُوْا فَانْقَلَبُوْا۔

بخاری سے تعلیقاً روایت ہے جب حسن بن حسن بن علیؓ فوت ہوئے سال بھر اس کی بیوی نے اس کی قبر پر خیمہ لگایا پھر اٹھالیا اس نے ایک آواز کرنے والا سُنا کہتا ہے اس چیز کو پالیا جس کو گم کیا تھا دوسرے ہاتف نے اس کو جواب دیا بلکہ ناامید ہو گئے اور پھر گئے۔

* * * * * * * *

۱۶۵۸/۲۹ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَّاَبِيْ بَرْزَةَ قَالَا خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةٍ فَرَاٰى قَوْمًا قَدْ طَرَحُوْا اَرْدِيَتَهُمْ يَمْشُوْنَ فِيْ قُمُصٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبِفِعْلِ الْجَاهِلِيَّةِ تَاْخُذُوْنَ اَوْ بِصَنِيْعِ الْجَاهِلِيَّةِ تَشَبَّهُوْنَ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَدْعُوَ عَلَيْكُمْ دَعْوَةً تَرْجِعُوْنَ فِيْ غَيْرِ صُوَرِكُمْ قَالَ فَاَخَذُوْا اَرْدِيَتَهُمْ وَلَمْ يَعُوْدُوْا لِذٰلِكَ۔
(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

عمران بن حصین اور ابوبرزہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک جنازہ میں نکلے آپؐ نے کئی لوگوں کو دیکھا کہ انہوں نے اپنی چادریں پھینک دیں اور کرتوں میں چلتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا جاہلیت کے فعل پر عمل کرتے ہو یا جاہلیت کے کام کے ساتھ مشابہت کرتے ہو میں نے ارادہ کیا ہے کہ تم پر ایسی بددعا کروں کہ تمہاری صورتیں بدل جائیں راوی نے کہا انہوں نے اپنی چادریں پہن لیں اور دوبارہ ایسا کام نہیں کیا (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

* * * * * * *

۱۶۵۹/۳۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُتْبَعَ جَنَازَةٌ مَعَهَا رَانَّةٌ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے کہ جنازے کے ساتھ نوحہ کرنے والی جائے (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے اور احمد نے)

۱۶۶۰/۳۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے ایک آدمی نے اُسے

besturdubooks.wordpress.com



لَهُ مَاتَ ابْنٌ لِّيْ فَوَجَدْتُّ عَلَيْهِ هَلْ سَمِعْتَ مِنْ خَلِيْلِكَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَامُهُ شَيْئًا يُطَيِّبُ بِهٖ نَفْسَنَا عَنْ مَوْتَانَا قَالَ نَعَمْ سَمِعْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صِغَارُهُمْ دَعَامِيْصُ الْجَنَّةِ يَلْقٰى اَحَدُهُمْ اَبَاهُ فَيَاْخُذُ بِنَاحِيَةِ ثَوْبِهٖ فَلَا يُفَارِقُهٗ حَتّٰى يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّاَحْمَدُ وَاللَّفْظُ لَهٗ)

۱۶۶۱/۳۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ذَهَبَ الرِّجَالُ بِحَدِيْثِكَ فَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ نَّفْسِكَ يَوْمًا تَاْتِيْكَ فِيْهِ تُعَلِّمُنَا مِمَّا عَلَّمَكَ اللّٰهُ فَقَالَ اجْتَمِعْنَ فِيْ يَوْمِ كَذَا وَكَذَا فِيْ مَكَانِ كَذَا وَكَذَا فَاجْتَمَعْنَ فَاَتَاهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَّمَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَهُ اللّٰهُ ثُمَّ قَالَ مَا مِنْكُنَّ امْرَاَةٌ تُقَدِّمُ بَيْنَ يَدَيْهَا مِنْ وَّلَدِهَا ثَلٰثَةً اِلَّا كَانَ لَهَا حِجَابًا مِّنَ النَّارِ فَقَالَتِ امْرَاَةٌ مِّنْهُنَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوِ اثْنَيْنِ فَاَعَادَتْهَا مَرَّتَيْنِ ثُمَّ قَالَ وَاثْنَيْنِ وَاثْنَيْنِ وَاثْنَيْنِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

۱۶۶۲/۳۳ وَعَنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ

کہا میرا بیٹا فوت ہوگیا میں نے اس پر غم کیا ہے کیا تو نے اپنے دوست صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی چیز سنی ہے کہ ہمارے مردوں کی طرف سے ہمارے نفسوں کو خوش کرے ابوہریرہؓ نے کہا ہاں میں نے آپ سے سنا ہے فرمایا ان کی چھوٹی اولاد جنت کے دریا کے جانور ہیں ان میں سے ایک اپنے باپ کو ملے گا اس کے کپڑے کا کنارہ پکڑ لے گا اس سے جدا نہیں ہوگا یہاں تک کہ اس کو جنت میں داخل کرے گا۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے اور احمد نے اور لفظ واسطے اس کے ہیں)

ابوسعید خدری سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور کہنے لگی اے اللہ کے رسول مرد آپ کی حدیثوں سے بہرہ مند ہوئے ایک دن ہمارے لئے اپنے نفس سے مقرر کریں ہم اس دن آپ کے پاس حاضر ہوں ہم کو سکھلائیں جو آپ کو اللہ تعالےٰ نے علم سکھلایا ہے فرمایا فلاں دن جمع ہو جانا فلاں مکان میں وہ جمع ہوگئیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس آئے ان کو سکھلایا اس چیز سے جو اللہ تعالےٰ نے آپ کو سکھلایا تھا پھر فرمایا تم میں سے کوئی عورت ایسی نہیں جو اپنے آگے تین اولاد سے بھیجے مگر وہ اس کے لئے آگ سے پردہ ہوں گے ان میں سے ایک عورت نے کہا یا دو بھیجے ہوں اس نے دو بار کہا پھر آپ نے فرمایا اور دو بھی اور دو بھی (روایت کیا اس کو بخاری نے)

* * * * * * * * * *

معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں کوئی دو مسلمان کہ

besturdubooks.wordpress.com

مُسْلِمَيْنِ يُتَوَفّٰى لَهُمَا ثَلٰثَةٌ اِلَّا اَدْخَلَهُمَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهٖ اِيَّاهُمَا فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوِ اثْنَانِ قَالَ اَوِ اثْنَانِ قَالُوْا اَوْ وَاحِدٌ قَالَ اَوْ وَاحِدٌ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنَّ السِّقْطَ لَيَجُرُّ اُمَّهٗ بِسَرَرِهٖ اِلَى الْجَنَّةِ اِذَا احْتَسَبَتْهُ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ مِنْ قَوْلِهٖ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ

ان کے تین فرزند فوت ہو جائیں مگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل رحمت کے ساتھ ان دونوں کو جنت میں داخل کرے گا صحابہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول یا دو فرمایا یا دو انہوں نے کہا یا ایک فرمایا یا ایک پھر فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کچا حمل اپنی ماں کو اپنی آنول کے ساتھ جنت کی طرف کھینچے گا اگر وہ صبر کرے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ تک)

۱۶۶۳/۳۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَدَّمَ ثَلٰثَةً مِّنَ الْوَلَدِ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ كَانُوْا لَهٗ حِصْنًا حَصِيْنًا مِّنَ النَّارِ فَقَالَ اَبُوْ ذَرٍّ قَدَّمْتُ اثْنَيْنِ قَالَ وَاثْنَيْنِ قَالَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ اَبُو الْمُنْذِرِ سَيِّدُ الْقُرَّاءِ قَدَّمْتُ وَاحِدًا قَالَ وَوَاحِدًا۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے تین لڑکے آگے بھیجے جو اپنی بلوغت کو نہیں پہنچے تھے اس کے لئے مضبوط پناہ ثابت ہوں گے آگ سے ابوذر نے کہا میں نے دو آگے بھیجے ہیں فرمایا اور دو ابی بن کعب ابوالمنذر نے کہا جو قاریوں کے سردار تھے میں نے ایک آگے بھیجا ہے فرمایا اور ایک بھی۔

(روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

* * * * * * * * *

۱۶۶۴/۳۵ وَعَنْ قُرَّةَ الْمُزَنِيِّ اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَاْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهٗ ابْنٌ لَّهٗ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتُحِبُّهٗ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحَبَّكَ اللّٰهُ كَمَا اُحِبُّهٗ فَفَقَدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا فَعَلَ ابْنُ فُلَانٍ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَاتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا

قرہ مزنی سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا کرتا تھا اس کے ساتھ اس کا بیٹا ہوتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تو اس سے محبت کرتا ہے اس نے کہا اے اللہ کے رسول اللہ تم کو دوست رکھے جس طرح میں اس کو رکھتا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو نہ پایا آپ نے فرمایا فلاں کے بیٹے نے کیا کیا انہوں نے کہا اے اللہ کے رسول وہ مر گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تو پسند نہیں کرتا کہ تو جنت کے کسی

besturdubooks.wordpress.com

تُحِبُّ اَنْ لَّا تَاْتِیَ بَابًا مِّنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ اِلَّا وَجَدْتَّهٗ یَنْتَظِرُكَ فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهٗ خَاصَّةً اَمْ لِكُلِّنَا قَالَ بَلْ لِكُلِّكُمْ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

دروازے پر نہ جائے مگر اس کو پائے تیرا انتظار کر رہا ہو ایک آدمی نے کہا اے اللہ کے رسول! اس کے لئے خاص ہے یا ہم سب کے لئے فرمایا تم سب کے لئے ہے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

۱۶۶۵ / ۳۶ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ السِّقْطَ لَیُرَاغِمُ رَبَّهٗ اِذَا اَدْخَلَ اَبَوَیْهِ النَّارَ فَیُقَالُ اَیُّهَا السِّقْطُ الْمُرَاغِمُ رَبَّهٗ اَدْخِلْ اَبَوَیْكَ الْجَنَّةَ فَیَجُرُّهُمَا بِسَرَرِهٖ حَتّٰی یُدْخِلَهُمَا الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کچا بچہ اپنے رب سے جھگڑا کرے گا جب پروردگار اس کے ماں باپ کو دوزخ میں داخل کرے گا اسے کہا جائے گا اے کچے بچے اپنے رب کے ساتھ جھگڑا کرنے والے اپنے ماں باپ کو جنت میں داخل کر وہ ان کو اپنی آنول کے ساتھ کھینچے گا یہاں تک کہ ان دونوں کو جنت میں داخل کرے گا (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۱۶۶۶ / ۳۷ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی ابْنَ اٰدَمَ اِنْ صَبَرْتَ وَاحْتَسَبْتَ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْاُوْلٰی لَمْ اَرْضَ لَكَ ثَوَابًا دُوْنَ الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابوامامہ رضؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے اے آدم کے بیٹے اگر تو صدمہ کے پہلے وقت صبر کرے اور ثواب چاہے تیرے لئے جنت سے کم ثواب پر میں راضی نہ ہوں گا (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

* * * * * * * *

۱۶۶۷ / ۳۸ وَعَنِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ وَّلَا مُسْلِمَةٍ یُصَابُ بِمُصِیْبَةٍ فَیَذْكُرُهَا وَاِنْ طَالَ عَهْدُهَا فَیُحْدِثُ لِذٰلِكَ اسْتِرْجَاعًا اِلَّا جَدَّدَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی لَهٗ عِنْدَ ذٰلِكَ فَاَعْطَاهُ مِثْلَ اَجْرِهَا یَوْمَ اُصِیْبَ بِهَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حسین بن علی رضؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں نہیں کوئی مرد مسلمان اور نہ مسلمان عورت جس کو مصیبت پہنچائی جائے پھر اس کو یاد کرے اگرچہ مصیبت کا زمانہ دراز ہو چکا ہو اس کے واسطے اِنَّا لِلّٰہ کہے مگر اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے لئے تازہ کر دیتا ہے اور اس کو ثواب دیتا ہے اس کی مانند جو اس کو دیا تھا جس روز اس کو مصیبت پہنچی تھی (روایت کیا اس کو احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۱۶۶۸ / ۳۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ اَحَدِکُمْ فَلْیَسْتَرْجِعْ فَاِنَّہٗ مِنَ الْمَصَائِبِ۔

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم میں سے کسی کی جوتی کا تسمہ ٹوٹ جائے وہ انا للہ پڑھے کیونکہ یہ بھی مصیبت ہے

۱۶۶۹/۴ وَعَنْ اُمِّ الدَّرْدَآءِ قَالَتْ سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَآءِ یَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰہَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی قَالَ یٰعِیْسٰی اِنِّیْ بَاعِثٌ مِّنْ بَعْدِکَ اُمَّۃً اِذَآ اَصَابَھُمْ مَّا یُحِبُّوْنَ حَمِدُوا اللّٰہَ وَاِنْ اَصَابَھُمْ مَّا یَکْرَھُوْنَ اِحْتَسَبُوْا وَصَبَرُوْا وَلَا حِلْمَ وَلَا عَقْلَ فَقَالَ یَا رَبِّ کَیْفَ یَکُوْنُ ھٰذَا لَھُمْ وَلَا حِلْمَ وَلَا عَقْلَ قَالَ اُعْطِیْھِمْ مِّنْ حِلْمِیْ وَعِلْمِیْ۔ (رَوَاھُمَا الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

ام درداء رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے ابو الدرداء رضہ سے سنا وہ کہتے تھے میں نے ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا اے عیسیٰ تیرے بعد میں ایک امت پیدا کروں گا جس وقت ان کو وہ چیز پہنچے گی جس کو وہ دوست رکھیں گے اللہ تعالیٰ کی تعریف کریں گے اور اگر ان کو پہنچے وہ چیز جس کو ناپسند سمجھیں ثواب چاہیں گے اور صبر کریں گے حال یہ ہے کہ نہیں بردباری اور نہ عقل عرض کیا اے میرے رب یہ کسطرح ہوگا حالانکہ ان میں بردباری ہے اور نہ عقل فرمایا میں ان کو اپنی عقل اور بردباری سے دوں گا (ان دونوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں ذکر کیا ہے)

## بَابُ زِیَارَۃِ الْقُبُوْرِ

## قبروں کی زیارت کرنے کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۱۶۷۰/۱ عَنْ بُرَیْدَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَۃِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْھَا وَنَھَیْتُکُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْاَضَاحِیِّ فَوْقَ ثَلٰثٍ فَاَمْسِکُوْا مَا بَدَا لَکُمْ وَنَھَیْتُکُمْ عَنِ النَّبِیْذِ اِلَّا فِیْ سِقَآءٍ فَاشْرَبُوْا فِی الْاَسْقِیَۃِ کُلِّھَا وَلَا تَشْرَبُوْا مُسْکِرًا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

بریدہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے تم کو قبروں کی زیارت سے منع کیا تھا اب ان کی زیارت کرو میں نے تم کو تین دن سے زائد قربانی کا گوشت رکھنے سے منع کیا تھا اب بند رکھو جس قدر تمہاری خواہش ہو میں نے تم کو نبیذ سے منع کیا تھا مگر مشکیزہ میں اب سب برتنوں میں پیو اور نشے کی چیز نہ پیو (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۶۷۱/۲ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ زَارَ النَّبِیُّ

ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَ أُمِّهٖ فَبَكٰى وَأَبْكٰى مَنْ حَوْلَهٗ فَقَالَ اسْتَأْذَنْتُ رَبِّيْ فِيْ أَنْ أَسْتَغْفِرَ لَهَا فَلَمْ يُؤْذَنْ لِيْ وَاسْتَأْذَنْتُهٗ فِيْ أَنْ أَزُوْرَ قَبْرَهَا فَأُذِنَ لِيْ فَزُوْرُوا الْقُبُوْرَ فَإِنَّهَا تُذَكِّرُ الْمَوْتَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی آپ روپڑے اور ان لوگوں کو رلایا جو آپ کے گرد تھے فرمایا میں نے اپنے رب سے اجازت طلب کی تھی کہ اس کے لئے مغفرت طلب کروں مجھے اجازت نہیں دی گئی اور میں نے اجازت طلب کی کہ ان کی قبر کی زیارت کروں میرے لئے اجازت دی گئی قبروں کی زیارت کرو کیونکہ وہ موت کو یاد دلاتی ہیں (روایت کیا اسکو مسلم نے)

۱۷۶۲ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُهُمْ إِذَا خَرَجُوْا إِلَى الْمَقَابِرِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ نَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

بریدہ رضی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو تعلیم دیتے جس وقت قبرستان کی طرف نکلیں کہیں سلام ہے تم پر اے گھر والو مومنوں میں سے اور مسلمانوں میں سے اور تحقیق ہم اگر اللہ نے چاہا تمہارے ساتھ ملیں گے ہم اللہ تعالیٰ سے تمہارے اور اپنے لئے عافیت کا سوال کرتے ہیں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۷۶۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُبُوْرٍ بِالْمَدِيْنَةِ فَأَقْبَلَ عَلَيْهِمْ بِوَجْهِهٖ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أَهْلَ الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ وَأَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْأَثَرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

ابن عباس رضی سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں چند قبروں کے پاس سے گذرے ان پر اپنے چہرہ کے ساتھ متوجہ ہوئے فرمایا سلام ہو تم پر اے اہل قبور اللہ تعالیٰ ہم اور تم کو معاف کردے تم ہم سے پہلے پہنچے ہوئے ہو اور ہم پیچھے آتے ہیں (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۷۶۴ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا كَانَ لَيْلَتُهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی باری جس وقت میرے ہاں ہوتی رات کے آخر میں قبرستان کی طرف نکلتے فرماتے سلامتی ہو

besturdubooks.wordpress.com

يَخْرُجُ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ إِلَى الْبَقِيعِ فَيَقُولُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ وَ أَتَاكُمْ مَا تُوعَدُونَ غَدًا مُؤَجَّلُونَ وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ بِكُمْ لَلَاحِقُونَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِأَهْلِ بَقِيعِ الْغَرْقَدِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تم پر اے ایمان دار قوم آئی ہے تمہارے پاس وہ چیز کہ تم وعدہ دیئے جاتے تھے کل تک تم ڈھیل دیئے گئے ہو۔ اور ہم اگر اللہ نے چاہا تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں اے اللہ، بقیع الغرقد والوں کو بخش دے۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۶۷۵ وَعَنْهَا قَالَتْ كَيْفَ أَقُولُ يَا رَسُولَ اللَّهِ تَعْنِي فِي زِيَارَةِ الْقُبُورِ قَالَ قُولِي السَّلَامُ عَلَى أَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ وَيَرْحَمُ اللَّهُ الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنَّا وَالْمُسْتَأْخِرِينَ وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ بِكُمْ لَلَاحِقُونَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (حضرت عائشہ رض) سے روایت ہے انہوں نے کہا کس طرح کہوں اے اللہ کے رسول مراد رکھتی تھیں قبروں کی زیارت کو فرمایا تو کہہ سلام ہے مؤمن اور مسلمان گھر والوں پر۔ اللہ تعالیٰ ہم سے پہل کرنے والوں کو اور پیچھے رہنے والوں پر رحم کرے اور ہم بیشک اگر اللہ نے چاہا تم سے ملنے والے ہیں۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۶۷۶ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ يَرْفَعُ الْحَدِيثَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ زَارَ قَبْرَ أَبَوَيْهِ أَوْ أَحَدِهِمَا فِي كُلِّ جُمُعَةٍ غُفِرَ لَهُ وَكُتِبَ بَرًّا۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ مُرْسَلًا)

محمد بن نعمان اس حدیث کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف پہنچاتے ہیں، فرمایا جس نے اپنے ماں باپ یا ان میں سے ایک کی قبر کی زیارت کی ہر جمعہ میں اس دن کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اور نیکی کرنے والا لکھا جاتا ہے (روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں مرسل)

۱۶۷۷ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ فَزُورُوهَا فَإِنَّهَا تُزَهِّدُ فِي الدُّنْيَا وَتُذَكِّرُ الْآخِرَةَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابن مسعود رض سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں نے تم کو قبروں کی زیارت سے منع کیا تھا۔ اب تم ان کی زیارت کرو اس لئے کہ وہ دنیا سے بے رغبت کرتی ہے اور آخرت کی یاد دلاتی ہے (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۱۶۷۸ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ زَوَّارَاتِ الْقُبُورِ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَقَالَ قَدْ رَأَى

ابوہریرہ رض سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان عورتوں پر لعنت فرمائی ہے جو قبروں کی زیارت کرتی ہیں۔ (روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے، ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے بعض اہل علم نے کہا ہے تحقیق یہ قبروں کی زیارت میں رخصت دینے

besturdubooks.wordpress.com

بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ هٰذَا كَانَ قَبْلَ اَنْ يُّرَخِّصَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَلَمَّا رَخَّصَ دَخَلَ فِيْ رُخْصَتِهِ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّمَا كُرِهَ زِيَارَةَ الْقُبُوْرِ لِلنِّسَاءِ لِقِلَّةِ صَبْرِهِنَّ وَكَثْرَةِ جَزَعِهِنَّ تَمَّ كَلَامُهٗ۔

سے پہلے تھا جب آپ نے رخصت دی اس میں مرد اور عورت سب ہی شامل ہو گئے بعض نے کہا ہے آپ نے ان کی زیارت ناپسند فرمائی ہے ان کے صبر کے کم ہونے اور جزع فزع زیادہ کرنے کی وجہ سے ترمذی کا کلام پورا ہوا

* * * \

besturdubooks.wordpress.com

الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لِذَلِكَ فَاعْلِمْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ فَتُرَدُّ عَلَى فُقَرَائِهِمْ فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لِذَلِكَ فَإِيَّاكَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ فَإِنَّهُ لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پر زکوٰۃ فرض کی ہے ان کے مال داروں سے لی جائے اور ان کے فقیروں پر تقسیم کی جائے اگر اس کو مان لیں تو ان کے اچھے مال سے بچ اور مظلوم کی دعا سے ڈر اس لئے کہ اس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان پردہ نہیں ہوتا (متفق علیہ)

۱۶۸۱/۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ صَاحِبِ ذَهَبٍ وَلَا فِضَّةٍ لَا يُؤَدِّي مِنْهَا حَقَّهَا إِلَّا إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ صُفِّحَتْ لَهُ صَفَائِحُ مِنْ نَارٍ فَأُحْمِيَ عَلَيْهَا فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَيُكْوٰى بِهَا جَنْبُهُ وَجَبِينُهُ وَظَهْرُهُ كُلَّمَا رُدَّتْ أُعِيدَتْ لَهُ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ الْعِبَادِ فَيَرٰى سَبِيلَهُ إِمَّا إِلَى الْجَنَّةِ وَإِمَّا إِلَى النَّارِ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَالْإِبِلُ قَالَ وَلَا صَاحِبُ إِبِلٍ لَا يُؤَدِّي مِنْهَا حَقَّهَا وَمِنْ حَقِّهَا حَلَبُهَا يَوْمَ وِرْدِهَا إِلَّا إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ بُطِحَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ أَوْفَرَ مَا كَانَتْ لَا يَفْقِدُ مِنْهَا فَصِيلًا وَاحِدًا تَطَؤُهُ بِأَخْفَافِهَا وَتَعَضُّهُ بِأَفْوَاهِهَا كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ أُولَاهَا رُدَّ عَلَيْهِ أُخْرَاهَا فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ الْعِبَادِ فَيَرٰى سَبِيلَهُ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی سونا اور چاندی رکھنے والا نہیں کہ اس سے اُن کا حق ادا نہ کرے مگر جس وقت قیامت کا دن ہوگا اس کیلئے آگ کی تختیاں بنائی جائیں گی جہنم کی آگ میں گرم کی جاویں گی اور اس کے پہلو، پیشانی اور اس کی پیٹھ کو داغ دیا جائے گا جب جدا کئے جاویں گے واپس لائے جائیں گی ایک ایسے دن میں جس کا اندازہ پچاس ہزار سال ہے یہاں تک کہ بندوں کے درمیان فیصلہ کیا جائے پھر وہ اپنی راہ دیکھے گا جنت کی طرف یا دوزخ کی طرف کہا گیا اے اللہ کے رسول پس اُونٹ کا کیا حکم ہے آپ نے فرمایا اور کوئی اونٹوں کا مالک نہیں جو ان سے ان کا حق ادا نہیں کرتا اور ان کے حق میں سے یہ بھی ہے کہ پانی پلانے کے دن دودھ دوہنا مگر جس وقت قیامت کا دن ہوگا ایک ہموار میدان میں اونٹوں کے مالک کو منہ کے بل ڈالا جائے گا اس حالت میں کہ اونٹ گنتی میں کامل اور موٹے ہوں گے ان میں سے اونٹ کے بچے کو بھی گم نہ پائے گا اس کو اپنے پاؤں سے کچلیں گے اور اپنے دانتوں سے کاٹیں گے جب اس پر پہلی جماعت گذر رے گی پچھلی جماعت واپس لائی جائے گی ایک ایسے دن میں جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے یہاں

besturdubooks.wordpress.com

إِمَّا إِلَى الْجَنَّةِ وَإِمَّا إِلَى النَّارِ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَالْبَقَرُ وَالْغَنَمُ قَالَ وَلَا صَاحِبُ بَقَرٍ وَلَا غَنَمٍ لَا يُؤَدِّي مِنْهَا حَقَّهَا إِلَّا إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ بُطِحَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ لَا يَفْقِدُ مِنْهَا شَيْئًا لَيْسَ فِيهَا عَقْصَاءُ وَلَا جَلْحَاءُ وَلَا عَضْبَاءُ تَنْطَحُهُ بِقُرُونِهَا وَتَطَؤُهُ بِأَظْلَافِهَا كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ أُولَاهَا رُدَّ عَلَيْهِ أُخْرَاهَا فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ حَتَّى يُقْضَى بَيْنَ الْعِبَادِ فَيَرَى سَبِيلَهُ إِمَّا إِلَى الْجَنَّةِ وَإِمَّا إِلَى النَّارِ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَالْخَيْلُ قَالَ فَالْخَيْلُ ثَلَاثَةٌ هِيَ لِرَجُلٍ وِزْرٌ وَهِيَ لِرَجُلٍ سِتْرٌ وَهِيَ لِرَجُلٍ أَجْرٌ فَأَمَّا الَّتِي هِيَ لَهُ وِزْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا رِيَاءً وَفَخْرًا وَنِوَاءً عَلَى أَهْلِ الْإِسْلَامِ فَهِيَ لَهُ وِزْرٌ وَأَمَّا الَّتِي هِيَ لَهُ سِتْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ لَمْ يَنْسَ حَقَّ اللَّهِ فِي ظُهُورِهَا وَلَا رِقَابِهَا فَهِيَ لَهُ سِتْرٌ وَأَمَّا الَّتِي هِيَ لَهُ أَجْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ لِأَهْلِ الْإِسْلَامِ فِي مَرْجٍ وَرَوْضَةٍ فَمَا أَكَلَتْ مِنْ ذَلِكَ الْمَرْجِ أَوِ الرَّوْضَةِ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا كُتِبَ لَهُ عَدَدَ مَا أَكَلَتْ حَسَنَاتٌ وَكُتِبَ لَهُ عَدَدَ أَرْوَاثِهَا وَأَبْوَالِهَا حَسَنَاتٌ وَلَا تَقْطَعُ طِوَلَهَا فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ إِلَّا كَتَبَ

تک کہ بندوں کے درمیان فیصلہ کیا جائے گا پھر وہ اپنا راستہ دیکھے گا جنت کی طرف یا دوزخ کی طرف کہا گیا اے اللہ کے رسول گائیوں اور بکریوں کے متعلق کیا حکم ہے فرمایا اور نہ کوئی گائیوں اور بکریوں کا مالک جو ان کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا جس وقت قیامت کا دن ہوگا ایک ہموار میدان میں ڈالا جائے گا اس میں کسی کو گم نہ پائے گا ان میں کوئی ایسی نہ ہوگی جس کے سینگ مڑے ہوں اور نہ منڈی اور سینگ ٹوٹی اس کو اپنے سینگوں سے ماریں گی اور اپنے کھروں کے ساتھ کچلیں گی یہاں تک کہ جب اس پر پہلی جماعت گذر رہے گی پچھلی جماعت واپس لائی جائے گی ایک ایسے دن میں جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے یہاں تک کہ بندوں کے درمیان فیصلہ کیا جائے گا پھر وہ اپنی راہ دیکھے گا یا جنت کی طرف یا دوزخ کی طرف کہا گیا اے اللہ کے رسول گھوڑوں کا کیا حکم ہے فرمایا گھوڑے تین طرح کے ہیں ایک آدمی کے لئے گناہ کا سبب ہوتے ہیں ایک آدمی کے لئے پردہ اور ایک آدمی کے لئے ثواب کا باعث ہوتے ہیں وہ گھوڑے جو آدمی کے لئے گناہ کا سبب ہوتے ہیں وہ گھوڑے ہیں جو آدمی ان کو ریا اور فخر کے طور پر اور اہل اسلام کی دشمنی کے لئے باندھتا ہے یہ گھوڑے اس کے لئے گناہ کا باعث ہیں۔ اور وہ گھوڑے کہ اس کے لئے پردہ ہیں وہ گھوڑے جس نے ان کو خدا کی راہ میں باندھا ہے پھر ان کی پیٹھوں اور ان کی گردنوں میں وہ اللہ کا حق نہیں بھولا پس یہ اس کے لئے پردہ ہیں اور وہ گھوڑے جو اس کے لئے ثواب کا باعث ہیں وہ گھوڑے ہیں جو اس نے چراگاہ اور سبزے میں اللہ کی راہ میں اہل اسلام کے لئے باندھے ہیں وہ اس چراگاہ اور سبزے میں سے کوئی چیز نہیں کھاتے ہیں مگر اس کے لئے نیکیاں لکھی جاتی ہیں بقدر اس چیز کے جو اس نے کھائی اور ان کی لید اور ان کے پیشاب کی مقدار مطابق اس کے لئے نیکیاں لکھی جاتی ہیں وہ گھوڑے اپنے رسّے کو نہیں

اللّٰهُ لَهٗ عَدَدَ اٰثَارِهَا وَاَرْوَاثِهَا حَسَنَاتٍ وَّلَا مَرَّ بِهَا صَاحِبُهَا عَلٰى نَهْرٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ وَلَا يُرِيْدُ اَنْ يَّسْقِيَهَا اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ عَدَدَ مَا شَرِبَتْ حَسَنَاتٍ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَالْحُمُرُ قَالَ مَا اُنْزِلَ عَلَيَّ فِي الْحُمُرِ شَيْءٌ اِلَّا هٰذِهِ الْاٰيَةُ الْفَاذَّةُ الْجَامِعَةُ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

دوڑتے پھر ایک میدان یا دو میدان دوڑتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ ان کے نقش قدم کی گنتی اور ان کی لید کے مطابق نیکیاں لکھتا ہے اور ان کا مالک ان کو کسی نہر پر نہیں گذارتا پس اس سے پیویں اور وہ ان کا پانی پلانا نہیں چاہتا مگر اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس چیز کی گنتی کے مطابق جو پیا نیکیاں لکھتا ہے کہا گیا اے اللہ کے رسول گدھوں کے لئے کیا حکم ہے فرمایا گدھوں کے متعلق مجھ پر کوئی حکم نہیں اُتارا گیا مگر یہ آیت یکتا سب نیکیوں کو جمع کرنے والی جس نے ایک ذرہ کی مقدار نیک عمل کیا اس کو دیکھے گا اور جس نے ایک ذرہ کی مقدار بُرا عمل کیا اس کو دیکھے گا" (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖

۱۶۸۲/۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكٰوتَهٗ مُثِّلَ لَهٗ مَالُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ لَهٗ زَبِيْبَتَانِ يُطَوَّقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ يَاْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ يَعْنِيْ شِدْقَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا مَالُكَ اَنَا كَنْزُكَ ثُمَّ تَلَا وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ۔ الْاٰيَةَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اسی ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو اللہ نے مال دیا سو اس نے اس کی زکوٰۃ ادا نہ کی تو اس کا یہ مال اس کے لئے گنجا سانپ بنایا جائے گا جس کی آنکھوں پر دو سیاہ نقطے ہوں گے اور وہ سانپ قیامت کے دن اس کی گردن میں بطور طوق ڈالا جائے گا پھر سانپ اس کے منہ کے دونوں کناروں کو یعنی باچھوں کو پکڑے گا پھر کہے گا میں تیرا مال ہوں میں تیرا خزانہ ہوں پھر آپ نے یہ آیت پڑھی جو لوگ بخل کرتے ہیں یہ گمان نہ کریں آخر آیت تک۔

(روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۶۸۳/۴ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ رَجُلٍ يَّكُوْنُ لَهٗ اِبِلٌ اَوْ بَقَرٌ اَوْ غَنَمٌ لَّا يُؤَدِّيْ حَقَّهَا اِلَّا اُتِيَ بِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْظَمَ مَا يَكُوْنُ وَاَسْمَنَهٗ تَطَؤُهٗ بِاَخْفَافِهَا وَتَنْطَحُهٗ بِقُرُوْنِهَا كُلَّمَا جَازَتْ اُخْرٰيهَا رُدَّتْ عَلَيْهِ اُوْلٰيهَا حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ

ابوذر رضؓ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا آپ نے فرمایا کسی شخص کے پاس اونٹ گائے یا بکری نہیں جس کا حق وہ ادا نہیں کرتا مگر قیامت کے دن وہ اس حال میں لائی جائے گی کہ بہت بڑی اور بہت موٹی ہوگی وہ اس کو اپنے پاؤں سے کچلے گی اور اپنے سینگ سے مارے گی جب پہلی گذر جائے گی آخری لائی جائے گی یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کیا جائے گا (اس کو روایت کرنے میں

besturdubooks.wordpress.com

النَّاسِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

بخاری اور مسلم کا اتفاق ہے)

۱۶۸۴/۵ وَعَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَاكُمُ الْمُصَدِّقُ فَلْيَصْدُرْ عَنْكُمْ وَهُوَ عَنْكُمْ رَاضٍ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جریر بن عبداللہ نے روایت کیا ہے انہوں نے کہا۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تمہارے پاس زکوٰۃ لینے والا شخص آئے تو اسے تمہارے ہاں سے راضی ہو کر لوٹنا چاہئے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۶۸۵/۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أَوْفٰى قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَاهُ قَوْمٌ بِصَدَقَتِهِمْ قَالَ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى آلِ فُلَانٍ فَأَتَاهُ أَبِيْ بِصَدَقَتِهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى آلِ أَبِيْ أَوْفٰى مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ إِذَا أَتَى الرَّجُلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَدَقَتِهِ قَالَ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ۔

عبداللہ بن ابی اوفیٰ سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت کوئی قوم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنی زکوٰۃ لاتی تو آپ فرماتے یا الٰہی فلاں پر رحمت بھیج میرا باپ حضرت کے پاس اپنی زکوٰۃ لایا آپ نے فرمایا الٰہی آل ابواوفیٰ پر رحمت بھیج (اس کو بخاری اور مسلم نے روایت کیا) اور ایک روایت میں ہے جس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی شخص اپنی زکوٰۃ لاتا تو آپ کہتے یا الٰہی فلاں پر رحمت بھیج۔

۱۶۸۶/۷ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ عَلَى الصَّدَقَةِ فَقِيْلَ مَنَعَ ابْنُ جَمِيْلٍ وَّخَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ وَالْعَبَّاسُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَنْقِمُ ابْنُ جَمِيْلٍ إِلَّا أَنَّهُ كَانَ فَقِيْرًا فَأَغْنَاهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ وَأَمَّا خَالِدٌ فَإِنَّكُمْ تَظْلِمُوْنَ خَالِدًا قَدِ احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ وَأَعْتُدَهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَأَمَّا الْعَبَّاسُ فَهِيَ عَلَيَّ وَمِثْلُهَا مَعَهَا ثُمَّ قَالَ يَا عُمَرُ أَمَا شَعَرْتَ أَنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ أَبِيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا تو کہا گیا ابن جمیل خالد بن ولید اور حضرت عباس نے زکوٰۃ نہیں دی تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن جمیل نے خدا کی نعمت کا انکار اس لئے کیا ہے کہ وہ فقیر تھا اسے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے غنی کر دیا ہے لیکن خالد سو تم اس پر ظلم کرتے ہو یقیناً اس نے اپنی زرہیں اور سامان جنگ خدا کی راہ میں وقف کر دیا ہے مگر عباس تو اس کی زکوٰۃ اور اس کی مثل میرے ذمہ ہے پھر فرمایا اے عمر تو یہ نہیں جانتا کہ آدمی کا چچا اس کے باپ کی مانند ہے (اس کو بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے)

۱۶۸۷/۸ وَعَنْ أَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ

ابوحمید ساعدی سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی

besturdubooks.wordpress.com

اِسْتَعْمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِّنَ الْاَزْدِ يُقَالُ لَهٗ اِبْنُ اللُّتْبِيَّةِ عَلَى الصَّدَقَةِ فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ هٰذَا لَكُمْ وَهٰذَا اُهْدِيَ لِيْ فَخَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ اَسْتَعْمِلُ رِجَالًا مِّنْكُمْ عَلٰى اُمُوْرٍ مِّمَّا وَلَّانِي اللّٰهُ فَيَاْتِيْ اَحَدُهُمْ فَيَقُوْلُ هٰذَا لَكُمْ وَهٰذِهٖ هَدِيَّةٌ اُهْدِيَتْ لِيْ فَهَلَّا جَلَسَ فِيْ بَيْتِ اَبِيْهِ اَوْ بَيْتِ اُمِّهٖ فَيَنْظُرَ اَيُهْدٰى لَهٗ اَمْ لَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يَاْخُذُ اَحَدٌ مِّنْهُ شَيْئًا اِلَّا جَاءَ بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَحْمِلُهٗ عَلٰى رَقَبَتِهٖ اِنْ كَانَ بَعِيْرًا لَّهٗ رُغَاءٌ اَوْ بَقَرًا لَّهٗ خُوَارٌ اَوْ شَاةً تَيْعَرُ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى رَاَيْنَا عُفْرَةَ اِبْطَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ قَالَ الْخَطَّابِيُّ وَفِيْ قَوْلِهٖ هَلَّا جَلَسَ فِيْ بَيْتِ اُمِّهٖ اَوْ اَبِيْهِ فَيَنْظُرَ اَيُهْدٰى اِلَيْهِ اَمْ لَا دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ كُلَّ اَمْرٍ يُتَذَرَّعُ بِهٖ اِلٰى مَحْظُوْرٍ فَهُوَ مَحْظُوْرٌ وَّكُلُّ دَخِيْلٍ فِي الْعُقُوْدِ يُنْظَرُ هَلْ يَكُوْنُ حُكْمُهٗ عِنْدَ الْاِنْفِرَادِ كَحُكْمِهٖ عِنْدَ الْاِقْتِرَانِ اَمْ لَا هٰكَذَا فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ۔

صلی اللہ علیہ وسلم نے ازد قبیلہ کے ایک آدمی کو (تحصیلدار مقرر) کیا جس کو ابن لتبیہ کہا جاتا تھا اس نے زکوٰۃ وصول کرنا تھی جب یہ صاحب واپس لوٹے تو کہنے لگے کہ یہ تمہارا مال ہے اور یہ مجھے تحفہ پیش کیا گیا ہے تو آپ نے خطبہ ارشاد فرمایا حمد و ثناء کے بعد آپ نے فرمایا کہ میں تمہارے کئی لوگوں کو ان کاموں پر مقرر کرتا ہوں جن پر اللہ تعالیٰ نے مجھے حاکم مقرر کیا ہے تو ان کا ایک آدمی آکر کہتا ہے کہ یہ تمہارا مال ہے اور یہ تحفہ ہے جو مجھے پیش کیا گیا ہے سو یہ شخص اپنے والدین کے گھر کیوں نہ بیٹھا دیکھتا بھلا اُسے تحفہ دیا جاتا ہے یا نہیں اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کوئی شخص اس مال سے کچھ بھی نہیں لیتا مگر وہ اُسے قیامت کو لائے گا جبکہ اسے اپنی گردن پر اٹھائے ہوگا اگر یہ اُونٹ ہوگا تو اس کی آواز ہوگی اگر یہ گائے ہو تو اس کی اپنی آواز ہوگی یا وہ بکری آواز کرتی ہوگی پھر آنحضرتؐ نے اپنے دونوں ہاتھ اُوپر اُٹھائے یہاں تک کہ ہم نے آپ کی بغلوں کی سفیدی دیکھی بعد ازاں فرمایا یا اللہ کیا میں نے تبلیغ کر دی ہے۔ اے اللہ کیا میں نے تبلیغ کر دی ہے (متفق علیہ) خطابی نے کہا کہ آپ کے اس قول (اپنے والدین کے گھر یہ کیوں نہ بیٹھا دیکھتا بھلا اسے تحفہ بھیجا جاتا ہے یا نہیں) میں اس بات کی دلیل ہے کہ جس چیز کو کسی حرام کی طرف وسیلہ بنایا جائے تو یہ وسیلہ بھی حرام ہے اور ہر عقد جو کئی عقدوں میں داخل ہو دیکھا جائے گا کہ کیا علیحدہ ہونے کے وقت وہی حکم ہے جو اکٹھا ہونے میں ہے یا نہیں شرح السنہ میں اسی طرح ہے۔

* * * * * * * * * *

۱۷۸۹ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ عَمِيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ

عدی بن عمیرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جسے ہم کسی کام

besturdubooks.wordpress.com

اِسْتَعْمَلْنَاهُ مِنْكُمْ عَلٰى عَمَلٍ فَكَتَمَنَا مِخْيَطًا فَمَا فَوْقَهُ كَانَ غُلُوْلًا يَّاْتِيْ بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

پر لگائیں تو وہ سوئی کی مقدار یا زیادہ اس سے ہم سے چھپالے تو یہ ایسی خیانت ہے جسے قیامت کے دن لائے گا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۶۸۹/۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ كَبُرَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ عُمَرُ اَنَا اُفَرِّجُ عَنْكُمْ فَانْطَلَقَ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّهٗ كَبُرَ عَلٰى اَصْحَابِكَ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَفْرِضِ الزَّكٰوةَ اِلَّا لِيُطَيِّبَ مَا بَقِيَ مِنْ اَمْوَالِكُمْ وَاِنَّمَا فَرَضَ الْمَوَارِيْثَ وَذَكَرَ كَلِمَةً لِّتَكُوْنَ لِمَنْ بَعْدَكُمْ فَقَالَ فَكَبَّرَ عُمَرُ ثُمَّ قَالَ لَهٗ اَلَا اُخْبِرُكَ بِخَيْرِ مَا يَكْنِزُ الْمَرْءُ الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ اِذَا نَظَرَ اِلَيْهَا سَرَّتْهُ وَاِذَا اَمَرَهَا اَطَاعَتْهُ وَاِذَا غَابَ عَنْهَا حَفِظَتْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا جب یہ آیت اتری اور جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں تو یہ آیت مسلمانوں پر بھاری ہوئی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا میں تم سے اس فکر کو دور کرتا ہوں تو عمر رضی اللہ عنہ گئے اور کہا اے نبی اللہ یقیناً یہ آیت آپ کے صحابہ پر بھاری ہوئی ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ضرور اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ فرض نہیں کی مگر تمہارے باقی ماندہ مال کو پاک کرنے کے لئے اور صرف میراث اس لئے فرض کیا ہے (اور آپ نے یہاں ایک کلمہ ذکر کیا ہے) کہ تمہارے پیچھے آنیوالوں کو مل سکے راوی نے کہا سو عمر رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ اکبر پھر حضرت نے عمر رضی اللہ عنہ کو فرمایا کیا میں تجھے سب سے بہترین خزانہ نہ بتاؤں جسے آدمی جمع کرے وہ نیک بخت عورت ہے مرد جب اسے دیکھے تو خوش کرے جب اسے حکم کرے تو عورت اس کی فرمانبرداری کرے اور جب مرد غائب ہو تو عورت اس کی حفاظت کرے (ابوداؤد)

۱۶۹۰/۱۱ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَتِيْكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيَاْتِيْكُمْ رُكَيْبٌ مُّبْغَضُوْنَ فَاِذَا جَاءُوْكُمْ فَرَحِّبُوْا بِهِمْ وَخَلُّوْا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَبْتَغُوْنَ فَاِنْ عَدَلُوْا فَلِاَنْفُسِهِمْ وَاِنْ ظَلَمُوْا فَعَلَيْهِمْ وَارْضُوْهُمْ فَاِنَّ تَمَامَ زَكٰوتِكُمْ رِضَاهُمْ وَلْيَدْعُوْا لَكُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

جابر بن عتیک سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عنقریب تمہارے پاس چھوٹا سا قافلہ آئے گا جو تم کو برا معلوم ہوگا سو جب یہ تمہارے پاس آئیں تو انہیں مرحبا کہو اور ان کے درمیان اور اس مال زکوٰۃ کے درمیان جو یہ طلب کریں خالی کر دو اگر وہ انصاف کریں تو یہ ان کی اپنی جانوں کے لئے ہے اور اگر انہوں نے ظلم کیا تو یہ بھی ان کی جانوں پر ہے اور تم ان (عاملوں) کو راضی کرو کیونکہ تمہاری زکوٰۃ کی تکمیل ان کی رضا مندی ہے اور وہ تمہارے لئے دعا کریں (ابوداؤد)

besturdubooks.wordpress.com

۱۶۹۱/۱۲ وَعَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جَاءَ نَاسٌ يَّعْنِيْ مِنَ الْاَعْرَابِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اِنَّ نَاسًا مِّنَ الْمُصَدِّقِيْنَ يَاْتُوْنَا فَيَظْلِمُوْنَا فَقَالَ اَرْضُوْا مُصَدِّقِيْكُمْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاِنْ ظَلَمُوْنَا قَالَ اَرْضُوْا مُصَدِّقِيْكُمْ وَاِنْ ظُلِمْتُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

جریر بن عبداللہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کچھ لوگ یعنی بعض اعرابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں آکر کہنے لگے کہ بعض زکوٰۃ وصول کرنے والے لوگ ہمارے پاس آکر ظلم کرتے ہیں آپ نے فرمایا اپنے تحصیلداروں کو راضی کرو لوگوں نے کہا اے اللہ کے رسول اگر وہ ہم پر ظلم کریں آپ نے فرمایا اپنے زکوٰۃ لینے والوں کو راضی کرو اگرچہ تم پر ظلم کیا جائے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۱۶۹۲/۱۳ وَعَنْ بَشِيْرِ بْنِ الْخَصَاصِيَةِ قَالَ قُلْنَا اِنَّ اَهْلَ الصَّدَقَةِ يَعْتَدُوْنَ عَلَيْنَا اَفَنَكْتُمُ مِنْ اَمْوَالِنَا بِقَدْرِ مَا يَعْتَدُوْنَ قَالَ لَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

بشیر بن خصاصیہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نے عرض کیا کہ یقیناً زکوٰۃ وصول کرنے والے لوگ ہم پر زیادتی کرتے ہیں کیا اپنے مال سے ہم زیادتی کے قدر چھپالیں آپ نے فرمایا نہیں (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۶۹۳/۱۴ وَعَنْ رَّافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعَامِلُ عَلَى الصَّدَقَةِ بِالْحَقِّ كَالْغَازِيْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلٰى بَيْتِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

رافع بن خدیج سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حق زکوٰۃ وصول کرنے والا گھر واپس آنے تک اللہ تعالیٰ کی راہ میں غازی کی مثل ہے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے)

۱۶۹۴/۱۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا تُؤْخَذُ صَدَقَاتُهُمْ اِلَّا فِيْ دُوْرِهِمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عمرو بن شعیب سے روایت ہے اس نے اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے نقل کیا ہے آپ نے فرمایا نہ زکوٰۃ دینے والوں کو بستیوں سے باہر بلاؤ نہ مواشی والا ہی دُور جائے ان سے زکوٰۃ ان کے گھروں ہی سے لی جائے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۱۶۹۵/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَفَادَ مَالًا فَلَا زَكٰوةَ فِيْهِ حَتّٰى يَحُوْلَ عَلَيْهِ الْحَوْلُ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَذَكَرَ جَمَاعَةٌ

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی مال حاصل کرے اس پر زکوٰۃ نہیں ہے یہاں تک کہ اس پر سال گذر جائے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور اس نے ایک جماعت محدثین

besturdubooks.wordpress.com



اَنَّهُمْ وَقَفُوْهُ عَلَى ابْنِ عُمَرَ۔

۱۶۹۶/۱۷ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّ الْعَبَّاسَ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ تَعْجِيْلِ صَدَقَتِهٖ قَبْلَ اَنْ تَحِلَّ فَرَخَّصَ لَهٗ فِيْ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

کا ذکر کیا ہے جنہوں نے اس حدیث کو ابن عمرؓ پر موقوف کیا ہے

حضرت علیؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ابن عباسؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زکوٰۃ فرض ہونے سے پیشتر جلد زکوٰۃ ادا کر دینے کے متعلق دریافت کیا آپؐ نے اس کو اس بات کی رخصت دے دی (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے، ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

۱۶۹۷/۱۸ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ فَقَالَ اَلَا مَنْ وَّلِيَ يَتِيْمًا لَّهٗ مَالٌ فَلْيَتَّجِرْ فِيْهِ وَلَا يَتْرُكْهُ حَتّٰى تَاْكُلَهُ الصَّدَقَةُ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ فِيْ اِسْنَادِهٖ مَقَالٌ لِاَنَّ الْمُثَنّٰى بْنَ الصَّبَّاحِ ضَعِيْفٌ۔

عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ ارشاد فرمایا فرمایا کہ آگاہ رہو تم میں سے جو شخص کسی ایسے یتیم کا والی بنے جس کے پاس مال ہو وہ اس میں تجارت کرے اور اس کو ویسے ہی نہ چھوڑے کہ اس کو زکوٰۃ کھا جائے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور اس نے کہا اس کی سند میں مقال ہے کیونکہ اس کا ایک راوی مثنی بن صباح ضعیف ہے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۶۹۸/۱۹ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتُخْلِفَ اَبُوْبَكْرٍ بَعْدَهٗ وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِاَبِيْ بَكْرٍ كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَمَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَصَمَ مِنِّيْ مَالَهٗ وَنَفْسَهٗ اِلَّا بِحَقِّهٖ وَحِسَابُهٗ عَلَى اللّٰهِ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ وَّاللّٰهِ لَاُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ فَاِنَّ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی اور حضرت ابوبکرؓ خلیفہ مقرر ہوئے عرب کے بعض قبائل نے کفر اختیار کر لیا حضرت عمرؓ نے ابوبکرؓ سے کہا آپ ان لوگوں سے کیسے جنگ کریں گے جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مجھ کو حکم ہے کہ میں لوگوں کے ساتھ جنگ کروں یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ کہیں جس نے لا الٰہ الا اللہ کہہ دیا اس نے اپنا مال اور اپنا نفس مجھ سے محفوظ کر لیا مگر اسلام کے حق سے اور اس کا حساب اللہ کے ذمہ ہے حضرت ابوبکرؓ کہنے لگے اللہ کی قسم میں ان لوگوں کے ساتھ ضرور جنگ کروں گا جو نماز اور زکوٰۃ کے درمیان تفریق ڈالتے ہیں اس لئے

besturdubooks.wordpress.com

الزَّكٰوةَ حَقُّ الْمَالِ وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُوْنِيْ عَنَاقًا كَانُوْا يُؤَدُّوْنَهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلٰى مَنْعِهَا قَالَ عُمَرُ فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا رَاَيْتُ اَنَّ اللّٰهَ شَرَحَ صَدْرَ اَبِيْ بَكْرٍ لِلْقِتَالِ فَعَرَفْتُ اَنَّهُ الْحَقُّ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کہ زکوٰۃ مال کا حق ہے اللہ کی قسم اگر انہوں نے مجھ سے بکری کا بچہ روک لیا جس کو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ادا کیا کرتے تھے میں ان سے جنگ کروں گا حضرت عمرؓ نے کہا اللہ کی قسم میں نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکرؓ کا سینہ جنگ کے لئے کھول دیا ہے میں نے معلوم کر لیا کہ یہی حق ہے (بخاری اور مسلم نے اس کو روایت کیا)

۱۶۹۹/۲۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ كَنْزُ اَحَدِكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ يَفِرُّ مِنْهُ صَاحِبُهُ وَهُوَ يَطْلُبُهُ حَتّٰى يُلْقِمَهُ اَصَابِعَهُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

اسی ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے ایک کا خزانہ قیامت کے دن گنجا سانپ بن جائے گا اس کا مالک اس سے بھاگے گا وہ اس کو طلب کرے گا یہاں تک کہ اس کی انگلیاں منہ میں ڈال لے گا (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

۱۷۰۰/۲۱ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ رَجُلٍ لَا يُؤَدِّيْ زَكٰوةَ مَالِهٖ اِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْ عُنُقِهٖ شُجَاعًا ثُمَّ قَرَاَ عَلَيْنَا مِصْدَاقَهٗ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ۔ الْاٰيَةَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابن مسعودؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں فرمایا جو شخص بھی اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس کے مال کو قیامت کے دن سانپ بنا کر اس کی گردن میں ڈال دے گا۔ پھر اس کی تصدیق میں قرآن پاک کی یہ آیت پڑھی اور نہ خیال کریں وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں اس چیز کے ساتھ جو اللہ نے ان کو اپنے فضل سے دی ہے آخر آیت تک (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۷۰۱/۲۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا خَالَطَتِ الزَّكٰوةُ مَالًا قَطُّ اِلَّا اَهْلَكَتْهُ

رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَالْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَالْحُمَيْدِيُّ وَزَادَ قَالَ يَكُوْنُ قَدْ وَجَبَ عَلَيْكَ صَدَقَةٌ فَلَا تُخْرِجُهَا فَيُهْلِكُ

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے زکوٰۃ کسی مال میں نہیں ملتی مگر اس کو ہلاک کر دیتی ہے (روایت کیا اس کو شافعی نے اور بخاری نے اپنی تاریخ میں اور حمیدی نے اور اس نے اس کی وضاحت میں کہا ہے کہ مثلاً تجھ پر زکوٰۃ واجب ہوئی ہے تو اس کو نکالتا نہیں وہ حرام مال حلال کو بھی ہلاک کر

besturdubooks.wordpress.com

الْحَرَامُ الْحَلَالَ وَقَدِ احْتَجَّ بِهٖ مَنْ يَّرٰى تَعَلُّقَ الزَّكٰوةِ بِالْعَيْنِ هٰكَذَا فِي الْمُنْتَقٰى وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰى عَائِشَةَ وَقَالَ اَحْمَدُ فِيْ خَالَطَتْ تَفْسِيْرُهٗ اَنَّ الرَّجُلَ يَاْخُذُ الزَّكٰوةَ وَهُوَ مُوْسِرٌ اَوْ غَنِيٌّ وَّاِنَّمَا هِيَ لِلْفُقَرَآءِ۔

دیتا ہے اس کے ساتھ حجت پکڑی ہے اس شخص نے جو کہتا ہے کہ زکوٰۃ کا تعلق عین سے ہے اسی طرح منتقی میں ہے بیہقی نے شعب الایمان میں احمد بن حنبل سے نقل کیا ہے جس کی سند اس نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تک ذکر کی ہے اور احمد نے خالطت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک آدمی زکوٰۃ لیتا ہے جبکہ وہ تونگر اور مال دار ہے سوائے اس کے نہیں زکوٰۃ فقراء کے لئے ہے)

# بَابُ مَا يَجِبُ فِيْهِ الزَّكٰوةُ

# کس مال میں زکوٰۃ واجب ہوتی ہے

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۷۰۲/۱ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ مِّنَ التَّمْرِ صَدَقَةٌ وَّلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ مِّنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ وَّلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ مِّنَ الْاِبِلِ صَدَقَةٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ وسق (بیس من) سے کم کھجوروں میں زکوٰۃ نہیں پانچ اوقیہ (دوسو درہم) سے کم چاندی میں زکوٰۃ نہیں پانچ سے کم اونٹوں میں زکوٰۃ نہیں (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۱۷۰۳/۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ صَدَقَةٌ فِيْ عَبْدِهٖ وَلَا فِيْ فَرَسِهٖ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ لَيْسَ فِيْ عَبْدِهٖ صَدَقَةٌ اِلَّا صَدَقَةُ الْفِطْرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مؤمن شخص پر اس کے غلام اور گھوڑے میں زکوٰۃ نہیں ایک روایت میں ہے اس کے غلام میں زکوٰۃ نہیں البتہ صدقہ فطر ہے (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۱۷۰۴/۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهٗ هٰذَا الْكِتَابَ لَمَّا وَجَّهَهٗ اِلَى الْبَحْرَيْنِ

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جب اس کو بحرین کی طرف بھیجا یہ لکھ کر دیا شروع

besturdubooks.wordpress.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذِهٖ فَرِيْضَةُ
الصَّدَقَةِ الَّتِيْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَالَّتِيْ
اَمَرَ اللّٰهُ بِهَا رَسُوْلَهٗ فَمَنْ سُئِلَهَا مِنَ
الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى وَجْهِهَا فَلْيُعْطِهَا وَ
مَنْ سُئِلَ فَوْقَهَا فَلَا يُعْطِ فِيْ اَرْبَعٍ وَّ
عِشْرِيْنَ مِنَ الْاِبِلِ فَمَا دُوْنَهَا مِنَ
الْغَنَمِ مِنْ كُلِّ خَمْسٍ شَاةٌ فَاِذَا بَلَغَتْ
خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّثَلٰثِيْنَ
فَفِيْهَا بِنْتُ مَخَاضٍ اُنْثٰى فَاِذَا بَلَغَتْ
سِتًّا وَّثَلٰثِيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ فَفِيْهَا
بِنْتُ لَبُوْنٍ اُنْثٰى فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَّ
اَرْبَعِيْنَ اِلٰى سِتِّيْنَ فَفِيْهَا حِقَّةٌ
طَرُوْقَةُ الْجَمَلِ فَاِذَا بَلَغَتْ وَاحِدَةً
وَّسِتِّيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّسَبْعِيْنَ فَفِيْهَا
جَذَعَةٌ فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَّسَبْعِيْنَ اِلٰى
تِسْعِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتَا لَبُوْنٍ فَاِذَا بَلَغَتْ
اِحْدٰى وَتِسْعِيْنَ اِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ
فَفِيْهَا حِقَّتَانِ طَرُوْقَتَا الْجَمَلِ فَاِذَا
زَادَتْ عَلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَفِيْ كُلِّ
اَرْبَعِيْنَ بِنْتُ لَبُوْنٍ وَّفِيْ كُلِّ خَمْسِيْنَ
حِقَّةٌ وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ مَّعَهٗ اِلَّا اَرْبَعٌ
مِّنَ الْاِبِلِ فَلَيْسَ فِيْهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ
يَّشَاءَ رَبُّهَا فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا فَفِيْهَا
شَاةٌ وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ مِنَ الْاِبِلِ
صَدَقَةُ الْجَذَعَةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ

اللہ کے نام سے جو بخشنے والا مہربان ہے یہ فرض صدقہ ہے
جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں پر فرض قرار دیا
ہے اور جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولؐ کو حکم دیا
ہے مسلمانوں میں سے جس شخص سے صحیح طریقہ پر اس کے متعلق
سوال کیا جائے وہ اسکو ادا کرے اور جس سے زیادہ کا سوال کیا جائے
وہ نہ دے چوبیس سے کم اونٹوں کی زکوٰۃ میں بکریاں ہیں ہر پانچ میں ایک
بکری ہے جب پچیس ہوں پینتیس تک ایک سال کی بوتی مادہ جب انکی
تعداد چھتیس تک پہنچ جائے پنتالیس تک ان میں دو سالہ بوتی
ہے مادہ جب ان کی تعداد چھیالیس تک ہو جائے ساٹھ
تک ان میں حقہ (تین برس کی اونٹنی) ہے جو جفتی کے قابل
ہو جب اکسٹھ ہوں پچھتر تک اس میں جذع (چار برس کی
اونٹنی) ہے جب وہ چھہتر ہوں نوے تک ان میں دو برس
کی دو بوتیاں ہیں جب وہ اکیانوے ہوں ایک سو بیس تک
ان میں دو حقے ہیں جو لائق جفتی ہوں اگر اس سے بڑھ جائیں
تو ہر چالیس میں دو برس کی بوتی ہے اور ہر پچاس میں حقہ
ہے اور جس شخص کے پاس چار اونٹ ہوں اس پر زکوٰۃ
فرض نہیں ہے مگر وہ ادا کرنا پسند کرے تو کر سکتا ہے جب اونٹ
پانچ ہوں گے ان میں ایک بکری ہے جس شخص کے اونٹوں
میں جذع کی زکوٰۃ واجب ہو چکی ہے اس کے پاس
جذعہ نہیں ہے بلکہ اس کے پاس حقہ ہے حقہ اس کے
پاس لے لیا جائے گا اس کے ساتھ وہ دو بکریاں دے
گا اگر میسر آسکیں یا بیس درہم دے گا اور جس کے ذمہ حقہ
کی زکوٰۃ واجب ہوئی تھی اس کے پاس حقہ نہیں ہے
بلکہ اسکے پاس جذعہ ہے اس سے جذعہ قبول کر لیا جائے
گا اور مصدق (زکوٰۃ وصول کرنے والا) اس کو بیس درہم
یا دو بکریاں دے گا جس پر حقہ کی زکوٰۃ واجب ہو چکی ہے

besturdubooks.wordpress.com



جَذَعَةٌ وَّعِنْدَهٗ حِقَّةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ وَيَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَيْنِ اِنِ اسْتَيْسَرَتَا لَهٗ اَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ صَدَقَةُ الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ الْحِقَّةُ وَعِنْدَهُ الْجَذَعَةُ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْجَذَعَةُ وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ صَدَقَةُ الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ اِلَّا بِنْتُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ بِنْتُ لَبُوْنٍ وَّيُعْطِي شَاتَيْنِ اَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهٗ بِنْتَ لَبُوْنٍ وَّعِنْدَهٗ حِقَّةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهٗ بِنْتَ لَبُوْنٍ وَّلَيْسَتْ عِنْدَهٗ وَعِنْدَهٗ بِنْتُ مَخَاضٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ بِنْتُ مَخَاضٍ وَّيُعْطِي مَعَهَا عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهٗ بِنْتَ مَخَاضٍ وَّلَيْسَتْ عِنْدَهٗ وَعِنْدَهٗ بِنْتُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ عِنْدَهٗ بِنْتُ مَخَاضٍ عَلٰى وَجْهِهَا وَعِنْدَهٗ ابْنُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهٗ يُقْبَلُ مِنْهُ وَلَيْسَ مَعَهٗ شَيْءٌ وَفِيْ صَدَقَةِ الْغَنَمِ فِيْ سَائِمَتِهَا اِذَا كَانَتْ اَرْبَعِيْنَ اِلٰى

اس کے پاس بنت لبون (دو سال کی بوتی) ہے اس سے بنت لبون قبول کی جائے گی اور دو بکریاں یا بیس درہم اس کے ساتھ دے گا جس کے ذمہ بنت لبون تھی۔ اور اس کے پاس حقہ ہے اس سے حقہ قبول کیا جائے گا۔ اور زکوٰۃ وصول کرنے والا اس کو دو بکریاں یا بیس درہم دے گا۔ جس پر بنت لبون واجب تھی وہ اس کے پاس نہیں ہے بلکہ اس کے پاس بنت مخاض ہے وہ اس سے قبول کی جائے گی اور اس کے ساتھ وہ بیس درہم یا دو بکریاں دے گا جس پر بنت مخاض واجب تھی اس کے پاس بنت لبون ہے اس سے بنت لبون قبول کیا جائے گا مصدق اس کو بیس درہم یا دو بکریاں دے گا۔ اگر اس کے پاس بنت مخاض جو کہ واجب ہے نہیں ہے اس کے پاس ابن لبون (دو سال کا بوتا) ہے وہ اس سے قبول کیا جائے گا اور اس کے ساتھ اُسے کچھ نہیں دیا جائے گا۔ اور بکریوں کی زکوٰۃ میں جو باہر چرنے والی ہوں جب چالیس ہوں ایک سو بیس تک اس میں ایک بکری ہے۔ جب ایک سو بیس سے بڑھ جائیں اور دو سو ہو جائیں اس میں دو بکریاں ہیں جب دو سو سے زیادہ ہو جائیں۔ تین سو تک اس میں تین بکریاں ہیں جب تین سو سے بڑھ جائیں۔ ہر سو میں ایک بکری ہے۔ جب کسی آدمی کی چرنے والیاں بکریاں چالیس سے ایک دو کم ہوں۔ ان میں زکوٰۃ نہیں ہے مگر ان کا مالک زکوٰۃ ادا کرنا چاہے کر سکتا ہے۔ زکوٰۃ میں بوڑھی بکری اور عیب والی بکری اور بوک نہ لیا جائے گا۔ ہاں اگر مصدق پسند کرے تو لے سکتا ہے متفرق جانوروں کو جمع نہیں کیا جائے گا۔ اور زکوٰۃ سے بچنے کے لیے جمع جانوروں کو متفرق نہیں کیا جائے گا۔ جو بکریاں دو شریکوں کی ہیں ان کو برابری کے ساتھ تقسیم کر کے ان سے زکوٰۃ لی جائے

besturdubooks.wordpress.com

عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ شَاةٌ فَإِذَا زَادَتْ عَلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ إِلٰى مِائَتَيْنِ فَفِيْهَا شَاتَانِ فَإِذَا زَادَتْ عَلٰى مِائَتَيْنِ إِلٰى ثَلٰثِمِائَةٍ فَفِيْهَا ثَلٰثُ شِيَاهٍ فَإِذَا زَادَتْ عَلٰى ثَلٰثِمِائَةٍ فَفِيْ كُلِّ مِائَةٍ شَاةٌ فَإِذَا كَانَتْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ نَاقِصَةً مِّنْ أَرْبَعِيْنَ شَاةً وَّاحِدَةً فَلَيْسَ فِيْهَا صَدَقَةٌ إِلَّا أَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا وَلَا تُخْرَجُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَّلَا ذَاتُ عَوَارٍ وَّلَا تَيْسٌ إِلَّا مَا شَاءَ الْمُصَدِّقُ وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَّلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ وَمَا كَانَ مِنْ خَلِيْطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ وَفِي الرِّقَّةِ رُبُعُ الْعُشْرِ فَإِنْ لَّمْ تَكُنْ إِلَّا تِسْعِيْنَ وَمِائَةً فَلَيْسَ فِيْهَا شَيْءٌ إِلَّا أَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

گی چاندی میں چالیسواں حصہ ہے اگر کسی کے پاس ایک سو نوّے درہم ہوں اس میں زکوٰۃ نہیں ہے مگر ان کا مالک ادا کرنا چاہے تو دے سکتا ہے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۷۰۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالْعُيُوْنُ أَوْ كَانَ عَثَرِيًّا الْعُشْرُ وَمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفُ الْعُشْرِ

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

عبداللہ بن عمرؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جس زمین کو چشمے اور بارش سیراب کرے یا وہ زمین سیم والی ہے اس میں دسواں حصہ ہے اور جس کو پانی کھینچ کر سیراب کیا جائے اس میں بیسواں حصہ ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۱۷۰۶/۵ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ وَّالْبِئْرُ جُبَارٌ وَّالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَّفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مویشی کا زخم پہنچانا معاف ہے اور کنواں کھدواتے ہوئے اس میں کوئی گر کر مر جائے معاف ہے اور کان کھدوانے میں کوئی گر کر مر جائے معاف اور رکاز میں پانچواں حصہ ہے (بخاری و مسلم)

besturdubooks.wordpress.com



## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۱۷۰۶ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ عَفَوْتُ عَنِ الْخَیْلِ وَالرَّقِیْقِ فَھَاتُوْا صَدَقَۃَ الرِّقَّۃِ مِنْ کُلِّ اَرْبَعِیْنَ دِرْھَمًا دِرْھَمٌ وَّلَیْسَ فِیْ تِسْعِیْنَ وَمِائَۃٍ شَیْءٌ فَاِذَا بَلَغَتْ مِائَتَیْنِ فَفِیْھَا خَمْسَۃُ دَرَاھِمَ۔ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّاَبِیْ دَاوٗدَ عَنِ الْحَارِثِ الْاَعْوَرِ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ زُھَیْرٌ اَحْسِبُہٗ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ ھَاتُوْا رُبُعَ الْعُشْرِ مِنْ کُلِّ اَرْبَعِیْنَ دِرْھَمًا دِرْھَمٌ وَّلَیْسَ عَلَیْکُمْ شَیْءٌ حَتّٰی تَتِمَّ مِائَتَیْ دِرْھَمٍ فَاِذَا کَانَتْ مِائَتَیْ دِرْھَمٍ فَفِیْھَا خَمْسَۃُ دَرَاھِمَ فَمَا زَادَ فَعَلٰی حِسَابِ ذٰلِکَ وَفِی الْغَنَمِ فِیْ کُلِّ اَرْبَعِیْنَ شَاۃٌ شَاۃٌ اِلٰی عِشْرِیْنَ وَمِائَۃٍ فَاِنْ زَادَتْ وَاحِدَۃً فَشَاتَانِ اِلٰی مِائَتَیْنِ فَاِنْ زَادَتْ فَثَلٰثُ شِیَاہٍ اِلٰی ثَلٰثِ مِائَۃٍ فَاِنْ زَادَتْ عَلٰی ثَلٰثِ مِائَۃٍ فَفِیْ کُلِّ مِائَۃٍ شَاۃٌ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ اِلَّا تِسْعٌ وَّثَلٰثُوْنَ فَلَیْسَ عَلَیْکَ فِیْھَا شَیْءٌ وَّفِی الْبَقَرِ فِیْ کُلِّ ثَلٰثِیْنَ تَبِیْعٌ وَّفِی الْاَرْبَعِیْنَ مُسِنَّۃٌ وَّلَیْسَ عَلَی الْعَوَامِلِ شَیْءٌ۔

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے گھوڑوں اور غلاموں کی زکوٰۃ معاف کر دی ہے چاندی کی زکوٰۃ ادا کرو۔ ہر چالیس درہم میں ایک درہم ہے اور ایک سو نوّے میں زکوٰۃ واجب نہیں ہوتی جب تک کہ دو سو درہم نہ ہوں۔ ان میں پانچ درہم ہیں۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی ابوداؤد نے۔ ابوداؤد کی ایک روایت میں حارث اعور حضرت علی رضؓ سے روایت کرتے ہیں۔ زہیر نے کہا میرے خیال میں حضرت علی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ ہر چالیس درہم میں ایک درہم چالیسواں حصہ زکوٰۃ ادا کرو۔ اور تم پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے جب تک کہ دو سو درہم پورے نہ ہو جائیں۔ جب کسی کے پاس دو سو درہم ہوں ان میں پانچ درہم ہیں اگر زیادہ ہوں تو اس حساب سے زکوٰۃ ہوگی۔ اور بکریوں کی زکوٰۃ میں آپ نے فرمایا ہر چالیس میں ایک بکری ہے ایک سو بیس تک اس سے ایک بڑھ جائے تو اس میں دو بکریاں ہیں دو سو تک اگر اس سے بڑھ جائیں تین بکریاں ہیں تین سو تک اگر تین سو سے بڑھ جائیں ہر سو میں ایک بکری ہے۔ اگر بکریاں اتنا لیس ہوں ان میں زکوٰۃ تجھ پر واجب نہیں ہے اور تیس گائیوں میں ایک برس کا بچھڑا ہے اور چالیس میں دو برس کا دو نتا۔ کام کرنے والوں میں زکوٰۃ نہیں۔

* * * * * * * * *

* * * * * * * * *

۱۷۰۷ وَعَنْ مُعَاذٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَجَّھَہٗ اِلَی الْیَمَنِ اَمَرَہٗ

معاذ رضؓ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت اس کو یمن کی طرف بھیجا اس کو

besturdubooks.wordpress.com



اَنْ يَّاْخُذَ مِنَ الْبَقَرِ مِنْ كُلِّ ثَلٰثِيْنَ تَبِيْعًا اَوْ تَبِيْعَةً وَّمِنْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ مُسِنَّةً۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حکم دیا کہ تیس گائیوں میں ایک سالہ بچھڑا یا بچھڑی ہے اور ہر چالیس گائیوں میں دو سالہ بچھڑا ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور نسائی نے اور دارمی نے)

۱۷۰۹/۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُعْتَدِيْ فِي الصَّدَقَةِ كَمَانِعِهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زکوٰۃ میں زیادتی کرنے والا اس کے روک لینے والے کی طرح ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے)

۱۷۱۰/۹ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ فِيْ حَبٍّ وَّلَا تَمْرٍ صَدَقَةٌ حَتّٰى يَبْلُغَ خَمْسَةَ اَوْسُقٍ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غلّہ اور کھجوروں میں زکوٰۃ نہیں ہے یہاں تک کہ وہ پانچ وسق (بیس من) ہوں (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

۱۷۱۱/۱۰ وَعَنْ مُّوْسٰى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ عِنْدَنَا كِتَابُ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّمَا اَمَرَهٗ اَنْ يَّاْخُذَ الصَّدَقَةَ مِنَ الْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ وَالزَّبِيْبِ وَالتَّمْرِ مُرْسَلٌ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

موسیٰ بن طلحہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس معاذ بن جبل رضؓ کا خط ہے جو ان کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھ کر دیا تھا آپ نے اس میں حکم دیا تھا کہ گندم جَو، منقّہ اور کھجوروں سے زکوٰۃ وصول کرے یہ حدیث مرسل ہے (روایت کیا اس کو شرح السنہ میں)

* * * * * * *

۱۷۱۲/۱۱ وَعَنْ عَتَّابِ بْنِ اَسِيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ زَكٰوةِ الْكُرُوْمِ اِنَّهَا تُخْرَصُ كَمَا تُخْرَصُ النَّخْلُ ثُمَّ تُؤَدّٰى زَكٰوتُهٗ زَبِيْبًا كَمَا تُؤَدّٰى زَكٰوةُ النَّخْلِ تَمْرًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

عتّاب بن اسید سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلّم نے انگوروں کی زکوٰۃ میں فرمایا اس میں اٹکل لگایا جائے گا جس طرح کھجوروں میں اٹکل لگایا جاتا ہے پھر ان کی زکوٰۃ خشک انگوروں سے وصول کی جائے گی جس طرح خشک کھجوروں سے زکوٰۃ لیجاتی ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے)

۱۷۱۳/۱۲ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ حَدَّثَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سہل بن ابی حثمہ سے روایت ہے بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے جب تم اٹکل لگاؤ

كَانَ يَقُوْلُ اِذَا خَرَصْتُمْ فَخُذُوْا وَدَعُوا الثُّلُثَ فَاِنْ لَّمْ تَدَعُوا الثُّلُثَ فَدَعُوا الرُّبُعَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

پکڑو اور تیسرا حصہ چھوڑ دو اگر تم ایک تہائی نہ چھوڑو تو چوتھائی حصہ چھوڑ دو (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۱۷۱۴/۱۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَوَاحَةَ اِلٰى يَهُوْدَ فَيَخْرُصُ النَّخْلَ حِيْنَ يَطِيْبُ قَبْلَ اَنْ يُّؤْكَلَ مِنْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن رواحہ کو یہود کی طرف بھیجا وہ کھجوروں کی اٹکل لگاتے جس وقت کھجوریں پک جاتیں اس سے پہلے کہ ان سے کھایا جاتا (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۱۷۱۵/۱۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَسَلِ فِيْ كُلِّ عَشَرَةِ اٰزُقٍّ زِقٌّ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ فِيْ اِسْنَادِهٖ مَقَالٌ وَّلَا يَصِحُّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْبَابِ كَثِيْرُ شَيْءٍ۔

ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شہد کے ہر دس مشکیزوں میں ایک مشکیزہ ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا اس کی سند میں شبہ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق کچھ اس قدر زیادہ ثابت نہیں)

۱۷۱۶/۱۵ وَعَنْ زَيْنَبَ امْرَاَةِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَتْ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ فَاِنَّكُنَّ اَكْثَرُ اَهْلِ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

زینب رضی اللہ عنہا حضرت عبداللہ کی بیوی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو خطبہ دیا فرمایا اے عورتوں کی جماعت تم صدقہ کرو اگرچہ تم اپنے زیوروں سے کرو کیونکہ قیامت کے دن تم اکثر دوزخی ہوں گی (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۱۷۱۷/۱۶ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ امْرَاَتَيْنِ اَتَتَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ اَيْدِيْهِمَا سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ لَهُمَا اَتُؤَدِّيَانِ زَكٰوتَهٗ قَالَتَا لَا فَقَالَ لَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتُحِبَّانِ اَنْ

عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ سے روایت ہے دو عورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں ان کے ہاتھوں میں سونے کے دو کنگن تھے آپ نے ان سے فرمایا تم ان کی زکوٰۃ ادا کرتی ہو انہوں نے کہا نہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم پسند کرتی ہو کہ اللہ تعالیٰ تم کو آگ کے کنگن پہنائے انہوں نے کہا نہیں فرمایا پھر تم اس

يُسَوِّرَكُمَا اللّٰهُ بِسِوَارَيْنِ مِنْ نَّارٍ قَالَتَا لَا قَالَ فَأَدِّيَا زَكٰوتَهٗ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْ رَوَى الْمُثَنّٰى ابْنُ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ نَحْوَ هٰذَا وَالْمُثَنّٰى بْنُ الصَّبَّاحِ وَابْنُ لَهِيْعَةَ يُضَعَّفَانِ فِي الْحَدِيْثِ وَلَا يَصِحُّ فِي هٰذَا الْبَابِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ۔

کی زکوٰۃ ادا کیا کرو (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور اس نے کہا یہ حدیث مثنیٰ ابن الصباح نے عمرو بن شعیب سے اس طرح روایت کی ہے ابن مثنیٰ اور ابن لہیعہ حدیث میں دونوں ضعیف ہیں اس باب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ ثابت نہیں)

* * * \

besturdubooks.wordpress.com



## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۱۷۲۱/۲۰ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ فِي الْخَضَرَوَاتِ صَدَقَةٌ وَّلَا فِي الْعَرَايَا صَدَقَةٌ وَّلَا فِيْ اَقَلَّ مِنْ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ وَّلَا فِي الْعَوَامِلِ صَدَقَةٌ وَّلَا فِي الْجَبْهَةِ صَدَقَةٌ قَالَ الصَّقْرُ الْجَبْهَةُ الْخَيْلُ وَالْبِغَالُ وَالْعَبِيْدُ۔ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

۱۷۲۲/۲۱ وَعَنْ طَاؤُسٍ اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ اُتِيَ بِوَقْصِ الْبَقَرِ فَقَالَ لَمْ يَاْمُرْنِيْ فِيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ۔ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ وَالشَّافِعِيُّ وَقَالَ الْوَقْصُ مَا لَمْ يَبْلُغِ الْفَرِيْضَةَ۔

## تیسری فصل

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سبزیوں میں زکوٰۃ نہیں ہے اور نہ عاریت کے درختوں میں زکوٰۃ ہے نہ پانچ وسق سے کم میں زکوٰۃ ہے نہ کام کرنے والے جانوروں میں زکوٰۃ ہے اور نہ جبہتہ میں زکوٰۃ ہے۔ صقر راوی نے کہا جبہتہ سے مراد گھوڑا، خچر اور غلام ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو دار قطنی نے)

* * * * * * *

طاؤس رضؓ سے روایت ہے معاذ بن جبل کے پاس اس قدر گائیں لائی گئیں جو نصاب تک نہیں پہنچتی تھیں۔ انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں مجھ کو کچھ حکم نہیں دیا ہے (روایت کیا اس کو دار قطنی، شافعی نے اور شافعی نے کہا وقص سے مراد ہے جو نصاب سے کم ہوں اور ان تک فریضۂ زکوٰۃ نہ پہنچے)

# بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ

# صدقۂ فطر کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۷۲۳/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَكٰوةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ عَلَى الْعَبْدِ وَالْحُرِّ وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى وَالصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَمَرَ بِهَا اَنْ تُؤَدّٰى قَبْلَ خُرُوْجِ النَّاسِ اِلَى الصَّلٰوةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں اور جو کا ایک صاع صدقۂ فطر مسلمانوں کے ہر غلام، آزاد، مرد، عورت چھوٹے اور بڑے پر فرض قرار دیا ہے اور حکم دیا ہے نماز عید کی طرف نکلنے سے پہلے پہلے اُسے ادا کر دیا جائے (متفق علیہ)

* * * * * * \

besturdubooks.wordpress.com

كُنَّا نُخْرِجُ زَكٰوةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ اَقِطٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ زَبِيْبٍ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہم صدقۂ فطر کا ایک ایک صاع کھانے، جو، کھجور، پنیر اور انگور خشک سے نکالا کرتے تھے (متفق علیہ)

* * * * * * * * * * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۷۲۵/۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فِيْ اٰخِرِ رَمَضَانَ اَخْرِجُوْا صَدَقَةَ صَوْمِكُمْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الصَّدَقَةَ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ شَعِيْرٍ اَوْ نِصْفَ صَاعٍ مِّنْ قَمْحٍ عَلٰى كُلِّ حُرٍّ اَوْ مَمْلُوْكٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى صَغِيْرٍ اَوْ كَبِيْرٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے اس نے رمضان کے آخر میں فرمایا اپنے روزوں کا صدقہ نکالو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو فرض کیا ہے کھجوروں اور جَو میں سے ایک صاع اور گندم کا آدھا صاع ہر آزاد، غلام، مرد، عورت چھوٹے اور بڑے پر لازم ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے)

* * * * * * * * * *

۱۷۲۶/۴ وَعَنْهُ قَالَ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَكٰوةَ الْفِطْرِ طُهْرَةً لِّلصِّيَامِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ وَطُعْمَةً لِّلْمَسَاكِيْنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اسی (ابن عباس رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۂ فطر روزوں کو لغو اور بیہودہ سے پاکیزہ کرنے والا اور مساکین کے لئے کھانے کا باعث بنایا ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۷۲۷/۵ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُنَادِيًا فِيْ فِجَاجِ مَكَّةَ اَلَا اِنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ صَغِيْرٍ اَوْ كَبِيْرٍ مُدَّانِ مِنْ قَمْحٍ اَوْ سِوَاهُ اَوْ صَاعٌ مِّنْ طَعَامٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کی گلیوں میں ایک ندا کرنے والا بھیجا اس نے اعلان کیا کہ صدقۂ فطر ہر مسلمان مرد عورت آزاد غلام، چھوٹے بڑے پر فرض ہے گیہوں یا اس کے سوائے دو مُد یا طعام سے ایک صاع ہے (روایت کیا ہے اسکو ترمذی نے)

* * * * * * * * * *

۱۷۲۸/۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ اَوْ ثَعْلَبَةَ

عبداللہ بن ثعلبہ یا ثعلبہ بن عبداللہ بن ابی صُعَیر سے

besturdubooks.wordpress.com

ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ صُعَیْرٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَاعٌ مِّنْ بُرٍّ اَوْ قَمْحٍ عَنْ کُلِّ اثْنَیْنِ صَغِیْرٍ اَوْ کَبِیْرٍ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی اَمَّا غَنِیُّکُمْ فَیُزَکِّیْهِ اللّٰهُ وَاَمَّا فَقِیْرُکُمْ فَیَرُدُّ عَلَیْهِ اَکْثَرَ مِمَّا اَعْطَاهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

روایت ہے وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک صاع گندم سے ہے (آپ نے بُرٌّ کا لفظ یا قَمْحٌ کا فرمایا) ہر دو کی طرف سے ہے چھوٹا ہو یا بڑا آزاد ہو یا غلام مرد ہو یا عورت، تمہارے غنی کو اللہ تعالیٰ پاک کر دے گا اور تمہارے فقیر کو اللہ دیتا ہے زیادہ اس سے جو وہ دیتا ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

⁂ ⁂ ⁂ ⁂ ⁂

## بَابُ مَنْ لَّا تَحِلُّ لَهُ الصَّدَقَةُ

## جس شخص کو صدقہ لینے کی اجازت نہیں اسکا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۱۷۲۹/۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَرَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرَةٍ فِی الطَّرِیْقِ فَقَالَ لَوْلَا اَنِّیْ اَخَافُ اَنْ تَکُوْنَ مِنَ الصَّدَقَةِ لَاَکَلْتُهَا (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

انس رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم راستہ میں ایک گری پڑی کھجور کے پاس سے گذرے فرمایا اگر مجھ کو اس بات کا اندیشہ نہ ہو کہ یہ صدقہ کی ہوگی تو میں اس کو کھا لیتا۔ (متفق علیہ)

۱۷۳۰/۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اَخَذَ الْحَسَنُ ابْنُ عَلِیٍّ تَمْرَةً مِّنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَجَعَلَهَا فِیْ فِیْهِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کِخْ کِخْ لِیَطْرَحَهَا ثُمَّ قَالَ اَمَا شَعَرْتَ اَنَّا لَا نَاْکُلُ الصَّدَقَةَ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا حسن بن علی رضہ نے صدقہ کی ایک کھجور پکڑ کر اپنے منہ میں ڈال لی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دور کر دور کر تاکہ اس کو پھینک دے پھر فرمایا تو جانتا نہیں کہ ہم صدقہ نہیں کھایا کرتے۔ (متفق علیہ)

⁂ ⁂ ⁂ ⁂ ⁂

۱۷۳۱/۳ وَعَنْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ رَبِیْعَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذِهِ الصَّدَقَاتِ اِنَّمَا هِیَ اَوْسَاخُ النَّاسِ وَاِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ وَّلَا لِاٰلِ مُحَمَّدٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبدالمطلب بن ربیعہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ صدقات لوگوں کے میل کچیل ہیں اور یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اس کی آل کے لئے حلال نہیں (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۷۳۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُتِیَ بِطَعَامٍ سَاَلَ عَنْهُ اَهَدِيَّةٌ اَمْ صَدَقَةٌ فَاِنْ قِيْلَ صَدَقَةٌ قَالَ لِاَصْحَابِهٖ كُلُوْا وَلَمْ يَاْكُلْ وَاِنْ قِيْلَ هَدِيَّةٌ ضَرَبَ بِيَدِهٖ فَاَكَلَ مَعَهُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جس وقت کوئی طعام لایا جاتا آپ اس سے دریافت فرماتے ہدیہ یا صدقہ اگر کہا جاتا کہ صدقہ ہے آپ اپنے صحابہؓ سے فرماتے تم کھالو اور خود نہ کھاتے اگر کہا جاتا کہ ہدیہ ہے اپنا ہاتھ بھی اس میں ڈالتے اور ان کے ساتھ کھاتے۔ (متفق علیہ)

۱۷۳۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ فِیْ بَرِيْرَةَ ثَلٰثُ سُنَنٍ اِحْدَى السُّنَنِ اَنَّهَا عُتِقَتْ فَخُيِّرَتْ فِیْ زَوْجِهَا وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ وَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْبُرْمَةُ تَفُوْرُ بِلَحْمٍ فَقُرِّبَ اِلَيْهِ خُبْزٌ وَّاُدْمٌ مِّنْ اُدْمِ الْبَيْتِ فَقَالَ اَلَمْ اَرَ بُرْمَةً فِيْهَا لَحْمٌ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ ذٰلِكَ لَحْمٌ تُصُدِّقَ بِهٖ عَلٰى بَرِيْرَةَ وَاَنْتَ لَا تَاْكُلُ الصَّدَقَةَ قَالَ هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ وَّلَنَا هَدِيَّةٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا بریرہ رضؓ کے تین احکام ہیں پہلا حکم یہ ہے کہ اس کو آزاد کیا گیا اور خاوند کے پاس رہنے میں اس کو اختیار دیا گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے متعلق فرمایا کہ حق ولا اس شخص کے لئے ہے جو آزاد کرے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر تشریف لائے ہنڈیا میں گوشت پک رہا تھا آپ کی طرف روٹی اور گھر کا سالن قریب کیا گیا آپ نے فرمایا کیا میں نے ہنڈیا نہیں دیکھی کہ اس میں گوشت ہے انہوں نے کہا کیوں نہیں لیکن یہ گوشت ایسا ہے کہ بریرہ پر صدقہ کیا گیا ہے اور آپ صدقہ نہیں کھاتے آپ نے فرمایا وہ اس کے لئے صدقہ ہے اور ہمارے لئے ہدیہ ہے۔ (متفق علیہ)

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

۱۷۳۴ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْبَلُ الْهَدِيَّةَ وَيُثِيْبُ عَلَيْهَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

اسی (حضرت عائشہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہدیہ قبول فرمالیا کرتے تھے اور اس کے بدلے میں کچھ دیتے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۷۳۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ دُعِيْتُ اِلٰى كُرَاعٍ لَاَجَبْتُ وَلَوْ اُهْدِیَ اِلَیَّ ذِرَاعٌ لَقَبِلْتُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

ابوہریرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر مجھے کراع کی طرف بلایا جائے میں اس دعوت کو قبول کرلوں اور اگر مجھے دست ہدیہ دیا جائے میں اس کو قبول کرلوں (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۱۷۳۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ الْمِسْکِیْنُ الَّذِیْ یَطُوْفُ عَلَی النَّاسِ تَرُدُّہُ اللُّقْمَۃُ وَ اللُّقْمَتَانِ وَالتَّمْرَۃُ وَالتَّمْرَتَانِ وَلٰکِنَّ الْمِسْکِیْنَ الَّذِیْ لَایَجِدُ غِنًی یُغْنِیْہِ وَلَا یُفْطَنُ بِہٖ فَیُتَصَدَّقُ عَلَیْہِ وَلَا یَقُوْمُ فَیَسْاَلُ النَّاسَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسکین وہ نہیں ہے جو لوگوں پر گھومتا ہے اور ایک لقمہ یا دو لقمے ایک کھجور یا دو کھجوریں اس کو پھیرتی ہیں بلکہ مسکین وہ شخص ہے جس کے پاس اس قدر غنا نہیں جو اس کو غنی کر دے اور نہ ہی اسے معلوم کیا جاتا ہے کہ وہ محتاج ہے اور اس پر صدقہ کیا جائے اور نہ اٹھ کر وہ خود لوگوں سے سوال کرتا ہے (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۱۷۳۷/۹ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا مِّنْ بَنِیْ مَخْزُوْمٍ عَلَی الصَّدَقَۃِ فَقَالَ لِاَبِیْ رَافِعٍ اصْحَبْنِیْ کَیْ مَا تُصِیْبَ مِنْھَا فَقَالَ لَا حَتّٰی اٰتِیَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَسْاَلَہٗ فَانْطَلَقَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَہٗ فَقَالَ اِنَّ الصَّدَقَۃَ لَا تَحِلُّ لَنَا وَاِنَّ مَوَالِیَ الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِھِمْ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

ابو رافع سے روایت ہے آپ نے بنو مخزوم کا ایک آدمی صدقہ کی وصولی کے لئے بھیجا اس نے ابو رافع سے کہا تم میرے ساتھ چلو تمہیں بھی کچھ حصہ وصول ہوگا اس نے کہا نہیں یہاں تک کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ لوں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا اور آپ سے پوچھا آپ نے فرمایا صدقہ ہمارے لئے جائز نہیں ہے کسی قوم کا مولیٰ اسی قوم میں سے ہوتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابو داؤد نے اور نسائی نے)

* * * * * * * * * * *

۱۷۳۸/۱۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَحِلُّ الصَّدَقَۃُ لِغَنِیٍّ وَّلَا لِذِیْ مِرَّۃٍ سَوِیٍّ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ وَرَوَاہُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ۔

عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ مالدار اور تندرست صاحب قوت کے لئے جائز نہیں ہے۔

(روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابو داؤد نے اور دارمی نے اور روایت کیا اس کو احمد نے نسائی نے اور ابن ماجہ نے ابو ہریرہ سے)

۱۷۳۹/۱۱ وَعَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ عَدِیِّ بْنِ الْخِیَارِ قَالَ اَخْبَرَنِیْ رَجُلَانِ اَنَّھُمَا

عبید اللہ بن عدی بن خیار سے روایت ہے اس نے کہا مجھ کو دو آدمیوں نے خبر دی کہ وہ دونوں حجۃ الوداع

besturdubooks.wordpress.com

اَتَيَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ يَقْسِمُ الصَّدَقَةَ فَسَاَلَاهُ مِنْهَا فَرَفَعَ فِيْنَا النَّظَرَ وَخَفَضَهُ فَرَاٰنَا جَلْدَيْنِ فَقَالَ اِنْ شِئْتُمَا اَعْطَيْتُكُمَا وَلَا حَظَّ فِيْهَا لِغَنِيٍّ وَّلَا لِقَوِيٍّ مُّكْتَسِبٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور آپ صدقہ تقسیم کر رہے تھے انہوں نے بھی آپ سے صدقہ کا سوال کیا آپ نے ہم میں نظر کو اٹھایا اور پھر نیچا کیا ہمیں آپ نے طاقت ور اور قوی دیکھا فرمایا اگر تم چاہتے ہو تو تم کو دے دیتا ہوں لیکن اس میں مالدار اور قوی آدمی کا کوئی حصہ نہیں ہے جو کمانے کی طاقت رکھتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۱۴۴۰/۱۳ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ مُّرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ اِلَّا لِخَمْسَةٍ لِغَازٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ لِعَامِلٍ عَلَيْهَا اَوْ لِغَارِمٍ اَوْ لِرَجُلٍ اشْتَرَاهَا بِمَالِهٖ اَوْ لِرَجُلٍ كَانَ لَهٗ جَارٌ مِّسْكِيْنٌ فَتُصُدِّقَ عَلَى الْمِسْكِيْنِ فَاَهْدَى الْمِسْكِيْنُ لِلْغَنِيِّ۔

رَوَاهُ مَالِكٌ وَّاَبُوْدَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّاَبِيْ دَاوٗدَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَوِ ابْنِ السَّبِيْلِ)

عطاء بن یسار سے مرسل طور پر روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مال دار شخص کے لئے صدقہ جائز نہیں ہے مگر پانچ طرح کے آدمیوں کے لئے جائز ہے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کے لئے یا عامل زکوٰۃ کے لئے یا تاوان بھرنے والے کے لئے یا ایسے شخص کے لئے جس نے اپنے مال سے اس کو خرید لیا ہے یا وہ آدمی کہ اس کا پڑوسی مسکین ہے اس پر کسی نے صدقہ کیا اور اس مسکین شخص نے غنی کو ہدیہ دیدیا (روایت کیا اس کو مالک نے اور ابوداؤد نے ابوداؤد کی ایک روایت میں ابوسعید سے مروی ہے یا مسافر کیلئے)

۱۴۴۱/۱۳ وَعَنْ زِيَادِ بْنِ الْحَارِثِ الصُّدَائِيِّ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْتُهٗ فَذَكَرَ حَدِيْثًا طَوِيْلًا فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ اَعْطِنِيْ مِنَ الصَّدَقَةِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَرْضَ بِحُكْمِ نَبِيٍّ وَّلَا غَيْرِهٖ فِي الصَّدَقَاتِ حَتّٰى حَكَمَ فِيْهَا هُوَ فَجَزَّاَهَا ثَمَانِيَةَ اَجْزَاءٍ فَاِنْ كُنْتَ مِنْ تِلْكَ الْاَجْزَاءِ اَعْطَيْتُكَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

زیاد بن حارث صدائی سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا میں نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کی پھر ایک لمبی حدیث ذکر کی ایک آدمی آپ کے پاس آیا اور کہا مجھے کچھ صدقہ سے دیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لئے فرمایا اللہ تعالیٰ کسی نبی یا اس کے غیر کے فیصلہ پر راضی نہیں ہوا یہاں تک کہ صدقات میں اس نے خود فیصلہ دیا ہے کہ کن کو دیا جائے اور اس کو آٹھ حصوں پر تقسیم کیا ہے اگر تو بھی ان کے ذیل میں آتا ہے تو میں تجھ کو دے دیتا ہوں (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۱۷۴۲/۱۳ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ قَالَ شَرِبَ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ لَبَنًا فَاَعْجَبَهٗ فَسَاَلَ الَّذِيْ سَقَاهُ مِنْ اَيْنَ هٰذَا اللَّبَنُ فَاَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ وَرَدَ عَلٰى مَاءٍ قَدْ سَمَّاهُ فَاِذَا نَعَمُ مِّنْ نَّعَمِ الصَّدَقَةِ وَهُمْ يَسْقُوْنَ فَحَلَبُوْا مِنْ اَلْبَانِهَا فَجَعَلَتْهُ فِيْ سِقَائِيْ فَهُوَ هٰذَا فَاَدْخَلَ عُمَرُ يَدَهٗ فَاسْتَقَاءَ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

## تیسری فصل

زید بن اسلم سے روایت ہے ایک مرتبہ حضرت عمرؓ نے دودھ پیا ان کو وہ بڑا عمدہ لگا اس سے پوچھا تو نے یہ دودھ کہاں سے لیا تھا اس نے بتلایا کہ میں ایک چشمہ پر گیا جس کا اس نے نام لیا وہاں صدقہ کے اونٹ تھے اور اونٹ والے پانی پلاتے تھے انہوں نے دودھ دوہا میں نے بھی کچھ اپنے برتن میں ڈال لیا وہ یہ ہے حضرت عمرؓ نے اپنا ہاتھ منہ میں ڈال کر قے کی (روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں)

# بَابُ مَنْ لَّا تَحِلُّ لَهُ الْمَسْئَلَةُ وَمَنْ تَحِلُّ لَهٗ

# جس شخص کو سوال کرنے کی اجازت نہیں اور جس کو اجازت ہے ان کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۷۴۳/۱ عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ قَالَ تَحَمَّلْتُ حَمَالَةً فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْاَلُهٗ فِيْهَا فَقَالَ اَقِمْ حَتّٰى تَاْتِيَنَا الصَّدَقَةُ فَنَاْمُرَ لَكَ بِهَا ثُمَّ قَالَ يَا قَبِيْصَةُ اِنَّ الْمَسْئَلَةَ لَا تَحِلُّ اِلَّا لِاَحَدِ ثَلَاثَةٍ رَجُلٍ تَحَمَّلَ حَمَالَةً فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْئَلَةُ حَتّٰى يُصِيْبَهَا ثُمَّ يُمْسِكُ وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ اِجْتَاحَتْ مَالَهٗ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْئَلَةُ حَتّٰى يُصِيْبَ قِوَامًا مِّنْ عَيْشٍ اَوْ قَالَ

## پہلی فصل

قبیصہ بن مخارق سے روایت ہے انہوں نے کہا میں ضامن ہوا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ سے کچھ اس کے متعلق سوال کرتا تھا آپ نے فرمایا تو یہاں ٹھہر یہاں تک کہ ہمارے پاس صدقہ آئے ہم تیرے لئے کچھ حکم کریں گے پھر فرمایا اے قبیصہ سوال کرنا جائز نہیں ہاں البتہ تین شخصوں کے لئے جائز ہے ایک وہ آدمی جو ضامن ہوا اس کے لئے سوال کرنا جائز ہے یہاں تک کہ اس ضمانت کو پہنچے پھر بند رہے ایک وہ آدمی جس کو ایسی آفت پہنچی ہے کہ اس کا سب مال ہلاک کر دیا ہے اس کے لئے سوال کرنا جائز ہے

besturdubooks.wordpress.com

سِدَادًا مِّنْ عَيْشٍ وَّرَجُلٍ اَصَابَتْهُ فَاقَةٌ حَتّٰى يَقُوْمَ ثَلٰثَةٌ مِّنْ ذَوِى الْحِجٰى مِنْ قَوْمِهٖ لَقَدْ اَصَابَتْ فُلَانًا فَاقَةٌ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْئَلَةُ حَتّٰى يُصِيْبَ قِوَامًا مِّنْ عَيْشٍ اَوْ قَالَ سِدَادًا مِّنْ عَيْشٍ فَمَا سِوَاهُنَّ مِنَ الْمَسْئَلَةِ يَا قَبِيْصَةُ سُحْتٌ يَّاْكُلُهَا صَاحِبُهَا سُحْتًا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

یہاں تک کہ گذران کی حاجت روائی کو پہنچے یا محتاجگی کو دُور کر سکے ایک وہ شخص جس کو فاقہ پہنچا ہے یہاں تک کہ اس کی قوم کے تین عقلمند شخص اس بات کی گواہی دیں کہ فلاں شخص کو فاقہ پہنچا ہے اس کے لئے سوال کرنا جائز ہے یہاں تک کہ گذران کی حاجت روائی کو پہنچے یا محتاجگی کو دفع کر سکے اس کے سوا سوال کرنا اے قبیصہ حرام ہے جس کو اس کا صاحب کھا رہا ہے حرام ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۷۴۴ وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَ النَّاسَ اَمْوَالَهُمْ تَكَثُّرًا فَاِنَّمَا يَسْاَلُ جَمْرًا فَلْيَسْتَقِلَّ اَوْ لِيَسْتَكْثِرْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لوگوں سے ان کے مال زیادہ جمع کرنے کی نیت سے مانگے وہ آگ کے انگارے مانگ رہا ہے کم مانگے یا زیادہ مانگے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۷۴۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَسْاَلُ النَّاسَ حَتّٰى يَاْتِىَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَيْسَ فِىْ وَجْهِهٖ مُزْعَةُ لَحْمٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی ہمیشہ لوگوں سے سوال کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ قیامت کے دن آئے گا اس کے منہ پر گوشت کی ایک بوٹی نہ ہوگی۔ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊ (متفق علیہ)

۱۷۴۶ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُلْحِفُوْا فِى الْمَسْئَلَةِ فَوَاللّٰهِ لَا يَسْاَلُنِىْ اَحَدٌ مِّنْكُمْ شَيْئًا فَتُخْرِجَ لَهٗ مَسْئَلَتُهٗ مِنِّىْ شَيْئًا وَّاَنَا لَهٗ كَارِهٌ فَيُبَارَكَ لَهٗ فِيْمَا اَعْطَيْتُهٗ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

معاویہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوال میں مبالغہ نہ کرو اللہ کی قسم تم میں سے کوئی شخص مجھ سے سوال نہیں کرتا اس کے سوال کرنے میں میں اس کو کچھ دے دیتا ہوں جب کہ میں اس کو مکروہ سمجھتا ہوں اس طرح اس میں برکت نہیں کی جاتی جو کچھ اس کو میں دیتا ہوں (روایت کیا اسکو مسلم نے)

۱۷۴۷ وَعَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ

زبیر رضؓ بن عوام سے روایت ہے انہوں نے کہا تم میں سے ایک رسی لے کر لکڑی کا گٹھا اپنی پشت پر اٹھا

يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهُ فَيَأْتِيَ بِحُزْمَةِ حَطَبٍ عَلَى ظَهْرِهِ فَيَبِيعَهَا فَيَكُفَّ اللّٰهُ بِهَا وَجْهَهُ خَيْرٌ لَّهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ أَعْطَوْهُ أَوْ مَنَعُوهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

کر لائے اور اس کو فروخت کرے اس سے بہتر ہے کہ لوگوں سے سوال کرے وہ اس کو دیں یا نہ دیں۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣

۱۷۴۸ وَعَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطَانِي ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي ثُمَّ قَالَ لِي يَا حَكِيمُ إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ فَمَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى قَالَ حَكِيمٌ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا أَرْزَأُ أَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتّٰى أُفَارِقَ الدُّنْيَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حکیم بن حزام سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا آپ نے مجھ کو دیا میں نے پھر مانگا پھر آپ نے دیا پھر مجھے فرمایا اے حکیم یہ مال سبز اور شیریں ہے جو شخص اس کو نفس کی بے پرواہی سے لے اس کے لئے اس میں برکت ڈالی جاتی ہے اور جو نفس کے طمع کے ساتھ لیتا ہے اس کے لئے برکت نہیں ڈالی جاتی اور اس کی مثال اس شخص کی ہے جو کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا اوپر کا ہاتھ نیچے ہاتھ سے بہتر ہے حکیم نے کہا پس کہا میں نے اللہ کے رسول اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا میں کسی کا مال آپ کے بعد کم نہیں کروں گا (کسی سے سوال نہیں کروں گا) یہاں تک کہ میں دنیا کو چھوڑ دوں (متفق علیہ)

۱۷۴۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَذْكُرُ الصَّدَقَةَ وَالتَّعَفُّفَ عَنِ الْمَسْأَلَةِ الْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى وَالْيَدُ الْعُلْيَا هِيَ الْمُنْفِقَةُ وَالسُّفْلٰى هِيَ السَّائِلَةُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمر رضی سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر فرمایا جب کہ آپ صدقہ اور سوال سے بچنے کا ذکر فرما رہے تھے اوپر کا ہاتھ نیچے ہاتھ سے بہتر ہے اوپر کا ہاتھ خرچ کرنے والا ہے اور نیچے کا ہاتھ مانگنے والا ہے۔ (متفق علیہ)

✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣

✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣

۱۷۵۰ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ إِنَّ أُنَاسًا مِّنَ الْأَنْصَارِ سَأَلُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطَاهُمْ

ابو سعید خدری سے روایت ہے انہوں نے کہا انصار میں سے کچھ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا آپ نے ان کو دیا انہوں نے پھر سوال

besturdubooks.wordpress.com

ثُمَّ سَاَلُوْهُ فَاَعْطَاهُمْ حَتّٰى نَفِدَ مَا عِنْدَهٗ فَقَالَ مَا يَكُوْنُ عِنْدِىْ مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ اَدَّخِرَهٗ عَنْكُمْ وَمَنْ يَّسْتَعِفَّ يُعِفَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ يَّسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ وَمَنْ يَّتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ وَمَا اُعْطِىَ اَحَدٌ عَطَآءً هُوَ خَيْرٌ وَّاَوْسَعُ مِنَ الصَّبْرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کیا آپ نے ان کو دیا یہاں تک کہ آپ کے پاس جو کچھ تھا وہ ختم ہو گیا آپ نے فرمایا میرے پاس جو مال ہو گا میں اس کو ذخیرہ بنا کر تم سے نہیں رکھوں گا اور جو شخص سوال سے بچتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بچاتا ہے اور جو بے پرواہی ظاہر کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بے پرواہ بنا دیتا ہے اور جو چاہے صبر اللہ تعالیٰ اس کو صبر دے دیتا ہے اور کوئی شخص صبر سے بہتر اور فراخ عطیہ نہیں دیا گیا۔ (متفق علیہ)

۱۷۵۱/۹ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِيْنِى الْعَطَآءَ فَاَقُوْلُ اَعْطِهٖ اَفْقَرَ اِلَيْهِ مِنِّىْ فَقَالَ خُذْهُ فَتَمَوَّلْهُ وَتَصَدَّقْ بِهٖ فَمَا جَآءَكَ مِنْ هٰذَا الْمَالِ وَاَنْتَ غَيْرُ مُشْرِفٍ وَّلَا سَآئِلٍ فَخُذْهُ وَمَا لَا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمر بن الخطاب سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مجھ کو کچھ دینا چاہتے میں کہتا مجھ سے زیادہ محتاج شخص کو آپ دیں آپ فرماتے اس کو لے لے اور اپنے مال میں داخل کر لو اور اس سے صدقہ دیا کرو تمہارے پاس اس مال میں سے جو اس طرح آئے کہ تم اس کو مانگنے والے اور اس میں طمع کرنے والے نہیں ہو اس کو لے لو اور جو اس طرح نہ آئے اس کے پیچھے اپنے نفس کو نہ لگاؤ۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِىْ

## دوسری فصل

۱۷۵۲/۱۰ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَسَاْئِلُ كُدُوْحٌ يَكْدَحُ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهٗ فَمَنْ شَآءَ اَبْقٰى عَلٰى وَجْهِهٖ وَمَنْ شَآءَ تَرَكَ اِلَّا اَنْ يَّسْاَلَ الرَّجُلُ ذَا سُلْطَانٍ اَوْ فِىْ اَمْرٍ لَّا يَجِدُ مِنْهُ بُدًّا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِىُّ وَالنَّسَآئِىُّ)

سمرہ بن جندب سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوال کرنا زخم ہیں جو آدمی اپنے چہرہ میں ان کے ساتھ زخم لگاتا ہے جو شخص چاہے اپنے چہرہ پر باقی رکھے اور جو چاہے اس کو چھوڑ دے مگر یہ کہ آدمی کسی بادشاہ سے سوال کرے یا ایسے امر میں سوال کرے جس کے سوا کوئی چارہ کار نہ ہو (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے، ترمذی نے اور نسائی نے)

۱۷۵۳/۱۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَ النَّاسَ وَلَهٗ مَا يُغْنِيْهِ جَآءَ

عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص لوگوں سے سوال کرتا ہے اور اس کے پاس اس قدر مال ہے جو

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَسْئَلَتُهُ فِيْ وَجْهِهٖ خُمُوْشٌ اَوْ خُدُوْشٌ اَوْ كُدُوْحٌ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا يُغْنِيْهِ قَالَ خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا اَوْ قِيْمَتُهَا مِنَ الذَّهَبِ ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

اس کو غنی کرتا ہے قیامت کے دن آئے گا۔ اس کا سوال کرنا کدوح یا خموش یا خدوش ہوگا (راوی کو شک ہے کہ ان تینوں میں آپ نے کون سا لفظ فرمایا۔ سب قریب المعنے ہیں جن کا معنی زخم ہے) کہا گیا اے اللہ کے رسول! اس کو کس قدر مال غنی کرتا ہے فرمایا پچاس درہم یا اس کی قیمت کا سونا روایت کیا اس کو ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے

۱۷۵۴ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَ وَعِنْدَهٗ مَا يُغْنِيْهِ فَاِنَّمَا يَسْتَكْثِرُ مِنَ النَّارِ قَالُوْا وَمَا الْغِنٰى قَالَ الثُّفَيْلِيُّ وَهُوَ اَحَدُ رُوَاتِهٖ فِيْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ وَمَا الْغِنَى الَّذِيْ لَا يَنْبَغِيْ مَعَهُ الْمَسْئَلَةُ قَالَ قَدْرُ مَا يُغَدِّيْهِ وَيُعَشِّيْهِ وَقَالَ فِيْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ شِبَعُ يَوْمٍ اَوْ لَيْلَةٍ وَّيَوْمٍ ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

سہل بن حنظلیہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے سوال کیا اور اس کے پاس اس قدر مال ہے جو اس کو غنی کر دے سوائے اس کے نہیں کہ وہ زیادہ آگ طلب کر رہا ہے ثعلبی نے کہا جو ایک راوی ہے آپ سے سوال ہوا کہ غنا کی حد کیا ہے جس کے ہوتے ہوئے سوال کرنا جائز نہیں ہے آپ نے فرمایا اس قدر جو اس کے لئے صبح یا شام کی غذا کا کام دے سکے ایک دوسری روایت میں آپ نے فرمایا یہ کہ اسکے لئے ایک دن اور ایک رات پیٹ بھرنے کے لئے کافی ہو۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے

۱۷۵۵ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رَّجُلٍ مِّنْ بَنِيْ اَسَدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَ مِنْكُمْ وَلَهٗ اُوْقِيَّةٌ اَوْ عَدْلُهَا فَقَدْ سَاَلَ اِلْحَافًا ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عطاء بن یسار سے روایت ہے اس نے بنو اسد کے ایک آدمی سے نقل کیا ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے سوال کیا اور اس کے پاس ایک اوقیہ یا اس کے برابر کوئی اور چیز ہے اس نے الحاح کے ساتھ سوال کیا (جو منع ہے) (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور مالک نے اور نسائی نے)

۱۷۵۶ وَعَنْ حُبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمَسْئَلَةَ لَا تَحِلُّ لِغَنِيٍّ وَّلَا لِذِيْ مِرَّةٍ سَوِيٍّ اِلَّا لِذِيْ فَقْرٍ مُّدْقِعٍ اَوْ غُرْمٍ مُّفْظِعٍ وَّمَنْ سَاَلَ النَّاسَ لِيُثْرِيَ

حبشی بن جنادہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوال کرنا مالدار اور تندرست صاحب قوت کے لیے حلال نہیں ہے مگر ایسے محتاج کیلئے جس کی بیچارگی نے اسے زمین پر ڈال دیا ہے یا ایسے شخص کیلئے جس کے ذمہ بھاری قرضہ ہے جس کے اُتارنے کی اس کو طاقت نہیں۔ جس شخص نے لوگوں

besturdubooks.wordpress.com

بِهٖ مَالَهٗ كَانَ خُمُوْشًا فِيْ وَجْهِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَرَضْفًا يَأْكُلُهٗ مِنْ جَهَنَّمَ فَمَنْ شَاءَ فَلْيُقِلَّ وَمَنْ شَاءَ فَلْيُكْثِرْ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

سے سوال کیا تاکہ اپنے مال کو زیادہ کرے اس کا سوال اس کے چہرے میں قیامت کے دن زخم ہوگا اور گرم پتھر کہ اس کو جہنم سے کھائے گا۔ جو چاہے زیادہ کرلے اور جو چاہے کم کرے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۵۵۷/۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُهٗ فَقَالَ اَمَا فِيْ بَيْتِكَ شَيْءٌ فَقَالَ بَلٰى حِلْسٌ نَّلْبَسُ بَعْضَهٗ وَنَبْسُطُ بَعْضَهٗ وَقَعْبٌ نَّشْرَبُ فِيْهِ مِنَ الْمَآءِ قَالَ ائْتِنِيْ بِهِمَا فَاَتَاهُ بِهِمَا فَاَخَذَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ وَقَالَ مَنْ يَّشْتَرِيْ هٰذَيْنِ قَالَ رَجُلٌ اَنَا اٰخُذُهُمَا بِدِرْهَمٍ قَالَ مَنْ يَّزِيْدُ عَلٰى دِرْهَمٍ مَّرَّتَيْنِ اَوْ ثَلٰثًا قَالَ رَجُلٌ اَنَا اٰخُذُهُمَا بِدِرْهَمَيْنِ فَاَعْطَاهُمَا اِيَّاهُ فَاَخَذَ الدِّرْهَمَيْنِ فَاَعْطَاهُمَا الْاَنْصَارِيَّ وَقَالَ اشْتَرِ بِاَحَدِهِمَا طَعَامًا فَانْبِذْهُ اِلٰى اَهْلِكَ وَاشْتَرِ بِالْاٰخَرِ قَدُوْمًا فَاْتِنِيْ بِهٖ فَاَتَاهُ بِهٖ فَشَدَّ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُوْدًا بِيَدِهٖ ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ فَاحْتَطِبْ وَبِعْ وَلَا اَرَيَنَّكَ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا فَذَهَبَ الرَّجُلُ يَحْتَطِبُ وَيَبِيْعُ فَجَآءَهٗ وَقَدْ اَصَابَ عَشَرَةَ دَرَاهِمَ فَاشْتَرٰى بِبَعْضِهَا ثَوْبًا وَّبِبَعْضِهَا طَعَامًا فَقَالَ رَسُوْلُ

انس رضؓ سے روایت ہے ایک انصاری آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا آپ سے سوال کرتا تھا۔ آپ نے فرمایا تیرے گھر میں کوئی چیز ہے کہا کیوں نہیں۔ ٹاٹ ہے اس کے بعض کو ہم پہنتے ہیں اور اس کے بعض کو ہم بچھاتے ہیں اور ایک پیالہ ہے جس میں ہم پانی پیتے ہیں آپ نے فرمایا دونوں چیزیں میرے پاس لاؤ۔ وہ دونوں چیزیں جاکر آپ کے پاس لایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے ہاتھ میں لیا اور فرمایا ان دونوں کو کون خریدتا ہے ایک آدمی نے کہا۔ میں یہ دونوں ایک درہم میں خریدتا ہوں آپ نے فرمایا ایک درہم سے زیادہ کون دیتا ہے دو یا تین مرتبہ اس طرح فرمایا ایک آدمی نے کہا میں دو درہم دیتا ہوں آپ نے وہ دونوں اس کو دے دیں اس سے دو درہم لئے گئے اور انصاری کو دیکر فرمایا ایک درہم کا کھانا وغیرہ خرید لو۔ اور اپنے گھر والوں کو دے اور دوسرے درہم کی کلہاڑی خرید کر میرے پاس لاؤ۔ وہ لایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ مبارک سے اس میں لکڑی ٹھونک دی اور فرمایا جاؤ اور لکڑیاں لاکر بیچا کرو۔ میں پندرہ دن تمہیں نہ دیکھوں۔ وہ آدمی گیا اور لکڑیاں لاتا انکو بیچتا ایک دن آیا اور اسکو دس درہم ملے تھے اس نے چند درہموں کے ساتھ کپڑا خریدا کچھ کھانا خریدا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تیرے لئے بہتر ہے اس بات سے کہ قیامت کے دن سوال تیرے چہرے میں بُرا نشان ہو۔

سوال کرنا تین شخصوں کے علاوہ کسی کے لئے جائز نہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَيْرٌ لَّكَ مِنْ اَنْ تَجِيْءَ الْمَسْئَلَةُ نُكْتَةً فِيْ وَجْهِكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّ الْمَسْئَلَةَ لَا تَصْلُحُ اِلَّا لِثَلٰثَةٍ لِذِيْ فَقْرٍ مُدْقِعٍ اَوْ لِذِيْ غُرْمٍ مُفْظِعٍ اَوْ لِذِيْ دَمٍ مُوْجِعٍ ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ اِلٰى قَوْلِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ)

ایسا محتاج جس کی بے چارگی نے اُسے زمین پر ڈال رکھا ہے یا ایسا شخص جس کے ذمہ بھاری قرض ہے جس کے اتارنے کی اس کو طاقت نہیں یا کسی خون والے کے لئے جو درد پہنچائے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے یوم القیٰمہ تک)

۱۷۵۸/۱۶ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَصَابَتْهُ فَاقَةٌ فَاَنْزَلَهَا بِالنَّاسِ لَمْ تُسَدَّ فَاقَتُهٗ وَمَنْ اَنْزَلَهَا بِاللّٰهِ اَوْشَكَ اللّٰهُ لَهٗ بِالْغِنَاءِ اِمَّا بِمَوْتٍ عَاجِلٍ اَوْ غِنًى اٰجِلٍ ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

ابن مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو فاقہ پہنچے وہ لوگوں پر اس کو ظاہر کردے اس کی ضرورت پوری نہ کی جائے گی اور جو اللہ سے بھی فریاد کرے قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو جلد ہی فائدہ پہنچائے یا تو اس کو جلد مار ڈالے یا بدیر تونگری عنایت فرمادے (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ترمذی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۷۵۹/۱۷ عَنِ ابْنِ الْفِرَاسِيِّ اَنَّ الْفِرَاسِيَّ قَالَ قُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْاَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَاِنْ كُنْتَ لَا بُدَّ فَسَلِ الصَّالِحِيْنَ ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

ابن الفراسیؓ سے روایت ہے کہ فراسیؓ نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا اے اللہ کے رسول میں کچھ سوال کرنا چاہتا ہوں آپؐ نے فرمایا نہ سوال کر اگر سوال کرنے سے چارۂ کار نہ ہو تو صالح لوگوں سے سوال کر (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۱۷۶۰/۱۸ وَعَنِ ابْنِ السَّاعِدِيِّ قَالَ اسْتَعْمَلَنِيْ عُمَرُ عَلَى الصَّدَقَةِ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْهَا وَاَدَّيْتُهَا اِلَيْهِ اَمَرَ لِيْ بِعُمَالَةٍ فَقُلْتُ اِنَّمَا عَمِلْتُ لِلّٰهِ وَاَجْرِيْ عَلَى اللّٰهِ قَالَ

ابن ساعدی سے روایت ہے اس نے کہا مجھ کو حضرت عمرؓ نے صدقہ کی فراہمی پر عامل مقرر کیا جب میں اس سے فارغ ہوا اور ان کو اس کی طرف ادا کر دیا آپؓ نے میرے لئے اس کی مزدوری دینے کا حکم دیا میں نے کہا کہ میں نے

besturdubooks.wordpress.com

خُذْ مَا أُعْطِيتَ فَإِنِّي قَدْ عَمِلْتُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَمِلَنِي فَقُلْتُ مِثْلَ قَوْلِكَ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُعْطِيتَ شَيْئًا مِنْ غَيْرِ أَنْ تَسْأَلَهُ فَكُلْ وَتَصَدَّقْ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

اللہ کی رضامندی کے لئے یہ کام کیا ہے اور میں اللہ ہی سے اس کا اجر لوں گا آپؐ نے فرمایا جو کچھ تجھ کو دیا جا رہا ہے اس کو لے لے میں نے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک مرتبہ عمل کیا تھا آپؐ نے مجھ کو اس کی مزدوری دینا چاہی میں نے تیری طرح کا جواب دیا آپؐ نے فرمایا کہ جب بغیر سوال کے تجھ کو کچھ دیا جائے وہ کھا اور صدقہ کر (ابوداؤد)

۱۷۶۱/۱۹ وَعَنْ عَلِيٍّ أَنَّهُ سَمِعَ يَوْمَ عَرَفَةَ رَجُلًا يَسْأَلُ النَّاسَ فَقَالَ أَفِي هٰذَا الْيَوْمِ وَفِي هٰذَا الْمَكَانِ تَسْأَلُ مِنْ غَيْرِ اللّٰهِ فَخَفَقَهُ بِالدِّرَّةِ۔

(رَوَاهُ رَزِينٌ)

حضرت علیؓ سے روایت ہے اس نے عرفہ کے دن ایک شخص کو لوگوں سے سوال کرتے سنا فرمانے لگے اس دن اور اس جگہ اللہ تعالیٰ کے سوا سے سوال کر رہا ہے اس کو درّے کے ساتھ مارا (روایت کیا اس کو رزین نے)

* * * * * * * * * * *

۱۷۶۲/۲۰ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ تَعَلَّمُنَّ أَيُّهَا النَّاسُ أَنَّ الطَّمَعَ فَقْرٌ وَأَنَّ الْإِيَاسَ غِنًى وَأَنَّ الْمَرْءَ إِذَا أَيْئَسَ عَنْ شَيْءٍ اسْتَغْنَى عَنْهُ۔ (رَوَاهُ رَزِينٌ)

حضرت عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا لوگو جان لو طمع فقر ہے اور ناامید ہونا بے پروا ہی ہے آدمی جس وقت کسی چیز سے ناامید ہو جاتا ہے اس سے بے پرواہ ہو جاتا ہے (روایت کیا اس کو رزین نے)

۱۷۶۳/۲۱ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَتَكَفَّلُ لِي أَنْ لَا يَسْأَلَ النَّاسَ شَيْئًا فَأَتَكَفَّلُ لَهُ بِالْجَنَّةِ فَقَالَ ثَوْبَانُ أَنَا فَكَانَ لَا يَسْأَلُ أَحَدًا شَيْئًا۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

ثوبانؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ کو اس امر کی کون ضمانت دیتا ہے کہ وہ سوال نہیں کرے گا میں اس کو جنت کی ضمانت دیتا ہوں ثوبان نے کہا میں اس بات کی ضمانت دیتا ہوں اس کے بعد وہ کسی سے کسی چیز کا سوال نہیں کرتا تھا روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد اور نسائی نے

* * * * * * * * * * *

۱۷۶۴/۲۲ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ دَعَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَشْتَرِطُ عَلَيَّ أَنْ لَا تَسْأَلَ النَّاسَ شَيْئًا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ وَلَا سَوْطَكَ إِنْ سَقَطَ مِنْكَ حَتّٰى تَنْزِلَ إِلَيْهِ فَتَأْخُذَهُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ابوذرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو بلایا آپؐ نے مجھ سے اس بات کی شرط لی کہ لوگوں سے کچھ سوال نہیں کروں گا میں نے کہا جی ہاں آپؐ نے فرمایا اگر تیرا کوڑا گھوڑا دوڑاتے ہوئے گر پڑے اس کے اٹھانے کا بھی کسی سے سوال نہ کر (روایت کیا احمد نے)

besturdubooks.wordpress.com



# بَابُ الْاِنْفَاقِ وَ كَرَاهِيَةِ الْاِمْسَاكِ

## خرچ کرنے کی فضیلت اور بخل کرنے کی برائی کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۱۷۶۵ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ لِیْ مِثْلُ اُحُدٍ ذَهَبًا لَسَرَّنِیْ اَنْ لَّا يَمُرَّ عَلَیَّ ثَلٰثُ لَيَالٍ وَّعِنْدِیْ مِنْهُ شَیْءٌ اِلَّا شَیْءٌ اُرْصِدُهٗ لِدَيْنٍ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میرے پاس احد پہاڑ جتنا سونا ہو میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ مجھ پر تین راتیں نہ گذریں اور میرے پاس اس میں سے کچھ موجود نہ ہو مگر وہ تھوڑا بہت جس کو قرض کی ادائیگی کیلئے میں رکھ لوں (روایت کیا بخاری نے)

۱۷۶۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ يَّوْمٍ يُّصْبِحُ الْعِبَادُ فِيْهِ اِلَّا مَلَكَانِ يَنْزِلَانِ فَيَقُوْلُ اَحَدُهُمَا اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا وَّيَقُوْلُ الْاٰخَرُ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

(اسی ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر صبح جب بندے صبح کرتے ہیں دو فرشتے اترتے ہیں ایک کہتا ہے اے اللہ (تیری راہ میں) خرچ کرنے والے کو بدل عطا کر دوسرا کہتا ہے اے اللہ بخیل کا مال تلف کر۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * * *

۱۷۶۷ وَعَنْ اَسْمَآءَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْفِقِیْ وَلَا تُحْصِیْ فَيُحْصِیَ اللّٰهُ عَلَيْكِ وَلَا تُوْعِیْ فَيُوْعِیَ اللّٰهُ عَلَيْكِ ارْضَخِیْ مَا اسْتَطَعْتِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسماءؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرچ کر اور شمار نہ کر ورنہ اللہ تعالیٰ تجھ پر شمار کرے گا اور روک نہ رکھ اللہ تجھ پر روک رکھے گا جہاں تک ہو سکے خیرات کر (متفق علیہ)

* * * * * * * * *

۱۷۶۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْفِقْ يَا ابْنَ اٰدَمَ اُنْفِقْ عَلَيْكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے ابن آدم خرچ کر میں تجھ پر خرچ کروں گا۔ (متفق علیہ)

* * * * *

besturdubooks.wordpress.com

۱۷۶۹/۵ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ اَنْ تَبْذُلَ الْفَضْلَ خَيْرٌ لَّكَ وَاَنْ تُمْسِكَهٗ شَرٌّ لَّكَ وَلَا تُلَامُ عَلٰى كَفَافٍ وَّابْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوامامہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابن آدم حاجت سے زائد مال کو تیرا خرچ کرنا تیرے لئے بہتر ہے اگر تو اس کو خرچ نہیں کرے گا تیرے لئے بُرا ہے بقدر کفایت خرچ کرنے پر تجھ کو ملامت نہ کیجائیگی اور اپنے عیال پر خرچ کرنے کے ساتھ شروع کر (مسلم)

۱۷۷۰/۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْبَخِيْلِ وَالْمُتَصَدِّقِ كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُنَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ قَدِ اضْطُرَّتْ اَيْدِيْهِمَا اِلٰى ثُدِيِّهِمَا وَتَرَاقِيْهِمَا فَجَعَلَ الْمُتَصَدِّقُ كُلَّمَا تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ اِنْبَسَطَتْ عَنْهُ وَجَعَلَ الْبَخِيْلُ كُلَّمَا هَمَّ بِصَدَقَةٍ قَلَصَتْ وَاَخَذَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ بِمَكَانِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخیل اور صدقہ کرنے والے کی مثال دو آدمیوں کی طرح ہے جن پر لوہے کی دو زرہیں ہیں ان کے ہاتھ ان کی چھاتی اور گردن کے ساتھ چمٹائے گئے ہیں صدقہ کرنے والا جب بھی صدقہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے۔ کھل جاتی ہے اور بخیل جب صدقہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے وہ سکڑ جاتی ہے اور ہر حلقہ اپنی اپنی جگہ تنگ ہو جاتا ہے (متفق علیہ)

۱۷۷۱/۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّقُوا الظُّلْمَ فَاِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاتَّقُوا الشُّحَّ فَاِنَّ الشُّحَّ اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حَمَلَهُمْ عَلٰى اَنْ سَفَكُوْا دِمَاءَهُمْ وَاسْتَحَلُّوْا مَحَارِمَهُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ظلم سے بچو ایک ظلم قیامت کے دن کئی تاریکیوں کا باعث ہوگا اور بخیلی سے بچو اس نے تم سے پہلے بہت لوگوں کو ہلاک کر دیا ہے اس نے ان کو اس بات پر اکسایا کہ انہوں نے خون بہائے اور حرام کو حلال جانا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۷۷۲/۸ وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقُوْا فَاِنَّهٗ يَاْتِيْ عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يَّمْشِيْ الرَّجُلُ بِصَدَقَتِهٖ فَلَا يَجِدُ مَنْ يَّقْبَلُهَا يَقُوْلُ الرَّجُلُ لَوْ جِئْتَ بِهَا

حارثہ بن وہب سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ کرو تم پر ایسا زمانہ آئے گا آدمی اپنا صدقہ لے کر جائے گا اس کو صدقہ قبول کرنے والا نہیں ملے گا اسے ایک آدمی کہے گا اگر تو کل لے آتا میں اس کو لے لیتا

besturdubooks.wordpress.com

بِالْاَمْسِ لَقَبِلْتُهَا فَاَمَّا الْيَوْمَ فَلَا حَاجَةَ لِيْ بِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

آج مجھ کو اس کی ضرورت نہیں ہے۔ (متفق علیہ)

۱۷۷۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الصَّدَقَةِ اَعْظَمُ اَجْرًا قَالَ اَنْ تَصَدَّقَ وَاَنْتَ صَحِيْحٌ شَحِيْحٌ تَخْشَى الْفَقْرَ وَتَاْمُلُ الْغِنٰى وَلَا تُمْهِلُ حَتّٰى اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ قُلْتَ لِفُلَانٍ كَذَا وَلِفُلَانٍ كَذَا وَقَدْ كَانَ لِفُلَانٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک آدمی نے کہا اے اللہ کے رسولؐ اجر کے لحاظ سے کون سا صدقہ بڑا ہے آپ نے فرمایا تو صدقہ کرے جبکہ تو تندرست ہو حرص رکھتا ہو فقر سے ڈرتا ہو اور دولت کی امید رکھتا ہو اور ڈھیل نہ کر یہاں تک کہ جب جان حلقوم تک پہنچ جائے تو کہنے لگے فلاں شخص کو اتنا دے دو فلاں کو اتنا دیدو اب وہ مال فلاں کیلئے ہو چکا ہے (متفق علیہ)

۱۷۷۷ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ انْتَهَيْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ فَلَمَّا رَاٰنِيْ قَالَ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَقُلْتُ فِدَاكَ اَبِيْ وَاُمِّيْ مَنْ هُمْ قَالَ هُمُ الْاَكْثَرُوْنَ اَمْوَالًا اِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ وَعَنْ يَّمِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوذر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا آپ اس وقت کعبہ کی سایہ میں بیٹھے ہوئے تھے جب آپ نے مجھ کو دیکھا فرمایا رب کعبہ کی قسم وہ لوگ نہایت خسارہ میں ہیں میں نے کہا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں کون لوگ فرمایا جن کے پاس اموال بہت زیادہ ہوں مگر جس نے ادھر اور ادھر خرچ کیا یعنی اپنے آگے اور پیچھے اور دائیں بائیں اور ایسے بہت کم ہیں۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۷۷۸ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلسَّخِيُّ قَرِيْبٌ مِّنَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْجَنَّةِ قَرِيْبٌ مِّنَ النَّاسِ بَعِيْدٌ مِّنَ النَّارِ وَالْبَخِيْلُ بَعِيْدٌ مِّنَ اللّٰهِ بَعِيْدٌ مِّنَ الْجَنَّةِ بَعِيْدٌ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سخی شخص اللہ تعالیٰ کے قریب ہے جنت کے قریب ہے لوگوں کے قریب ہے اور دوزخ سے دور ہے اور بخیل اللہ سے دور ہے جنت سے دور ہے لوگوں سے دور ہے اور آگ کے قریب ہے

مِنَ النَّاسِ قَرِيبٌ مِّنَ النَّارِ وَلَجَاهِلٌ سَخِيٌّ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ عَابِدٍ بَخِيْلٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

جاہل سخی اللہ تعالیٰ کیطرف بخیل عابد سے زیادہ محبوب ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۷۷۶/۱۲ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَّتَصَدَّقَ الْمَرْءُ فِیْ حَيٰوتِهٖ بِدِرْهَمٍ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِمِائَةٍ عِنْدَ مَوْتِهٖ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوسعید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آدمی اپنی زندگی میں ایک درہم صدقہ کرے۔ اس کے لئے اس سے بہتر ہے کہ موت کے وقت سو درہم صدقہ کرے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۱۷۷۷/۱۳ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الَّذِیْ يَتَصَدَّقُ عِنْدَ مَوْتِهٖ اَوْ يُعْتِقُ كَالَّذِیْ يُهْدِیْ اِذَا شَبِعَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَالتِّرْمِذِیُّ وَصَحَّحَهٗ)

ابوالدرداء سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس شخص کی مثال جو موت کے وقت صدقہ کرتا ہے یا آزاد کرتا ہے ایسی ہے جیسے کوئی شخص خود سیر ہو کر کھانے کے بعد کسی کو ہدیہ دے۔ (روایت کیا اس کو احمد نے، اور نسائی نے اور دارمی نے اور ترمذی نے اور اس نے اس کو صحیح کہا ہے۔

۱۷۷۸/۱۴ وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَصْلَتَانِ لَا تَجْتَمِعَانِ فِیْ مُؤْمِنٍ اَلْبُخْلُ وَسُوْءُ الْخُلُقِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

ابوسعیدؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دو خصلتیں مومن شخص میں جمع نہیں ہو سکتیں۔ بخل اور بدخلقی۔ (روایت کیا ہے ترمذی نے)

۱۷۷۹/۱۵ وَعَنْ اَبِیْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خَبٌّ وَّلَا بَخِيْلٌ وَّلَا مَنَّانٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوبکر صدیق رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں مکار بخیل اور احسان جتلانے والا داخل نہ ہوگا۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۱۷۸۰/۱۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرُّ مَا فِی الرَّجُلِ شُحٌّ هَالِعٌ وَّجُبْنٌ خَالِعٌ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ۔ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ اَبِیْ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آدمی میں نہایت بدترین دو خصلتیں ہیں۔ انتہائی بخیلی اور انتہائی بزدلی۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے ہم ابوہریرہؓ کی حدیث

هُرَيْرَةَ لَا يَجْتَمِعُ الشُّحُّ وَالْإِيمَانُ فِي كِتَابِ الْجِهَادِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

جس کے الفاظ ہیں لا یجتمع الشح والایمان کتاب الجہاد میں ذکر کریں گے (انشاء اللہ تعالیٰ)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۷۸۱/۱۷ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ بَعْضَ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّنَا أَسْرَعُ بِكَ لُحُوقًا قَالَ أَطْوَلُكُنَّ يَدًا فَأَخَذُوا قَصَبَةً يَذْرَعُونَهَا وَكَانَتْ سَوْدَةُ أَطْوَلَهُنَّ يَدًا فَعَلِمْنَا بَعْدُ أَنَّهَا كَانَ طُولُ يَدِهَا الصَّدَقَةَ وَكَانَتْ أَسْرَعَنَا لُحُوقًا بِهِ زَيْنَبُ وَكَانَتْ تُحِبُّ الصَّدَقَةَ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ مُسْلِمٍ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْرَعُكُنَّ لُحُوقًا بِي أَطْوَلُكُنَّ يَدًا قَالَتْ وَكَانَتْ يَتَطَاوَلْنَ أَيَّتُهُنَّ أَطْوَلُ يَدًا قَالَتْ فَكَانَتْ أَطْوَلَنَا يَدًا زَيْنَبُ لِأَنَّهَا كَانَتْ تَعْمَلُ بِيَدِهَا وَتَتَصَدَّقُ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بیوی نے آپ سے عرض کیا ہم میں سے آپ کو جلد کون سی بیوی ملے گی آپ نے فرمایا جس کے ہاتھ لمبے ہیں انہوں نے ایک کھجا نچ لے کر اس سے ماپنا شروع کیا اور ہم میں حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے ہاتھ سب سے لمبے تھے لیکن ہمیں بعد میں پتہ چلا کہ لمبے ہاتھوں سے مراد صدقہ و خیرات دینا ہے ہم میں سے جلد آپ کو ملنے والی زینب رضی اللہ عنہا تھی وہ صدقہ کرتی تھی (روایت کیا اس کو بخاری نے) مسلم کی ایک روایت میں ہے آپ نے فرمایا میرے فوت ہونے کے بعد مجھے جلد آکر ملنے والی وہ ہوگی جس کے ہاتھ لمبے ہیں کہا اور وہ ماپتی تھیں کہ کس کے ہاتھ لمبے ہیں لیکن ہم میں سے لمبے ہاتھ والی حضرت زینب رضی اللہ عنہا تھی کیونکہ وہ اپنے ہاتھ سے کام کرتی تھی اور صدقہ کرتی تھی۔

* * * \

besturdubooks.wordpress.com

يَدِ زَانِيَةٍ فَاَصْبَحُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى زَانِيَةٍ فَقَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى زَانِيَةٍ لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهٖ فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ غَنِيٍّ فَاَصْبَحُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى غَنِيٍّ فَقَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى سَارِقٍ وَّزَانِيَةٍ وَّغَنِيٍّ فَاُتِيَ فَقِيْلَ لَهٗ اَمَّا صَدَقَتُكَ عَلٰى سَارِقٍ فَلَعَلَّهٗ اَنْ يَّسْتَعِفَّ عَنْ سَرِقَتِهٖ وَاَمَّا الزَّانِيَةُ فَلَعَلَّهَا اَنْ تَسْتَعِفَّ عَنْ زِنَاهَا وَاَمَّا الْغَنِيُّ فَلَعَلَّهٗ يَعْتَبِرُ فَيُنْفِقُ مِمَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهٗ لِلْبُخَارِيِّ)

نے زانیہ کو صدقہ دے دیا ہے اس نے کہا اے اللہ تیرے لئے تعریف ہے کہ میں نے زانیہ کو صدقہ دے دیا ہے میں ضرور اور صدقہ کروں گا وہ اور صدقہ لے کر نکلا اس نے ایک مالدار شخص کو دے دیا لوگ صبح کو باتیں کرنے لگے کہ رات کسی شخص نے مال دار پر صدقہ کر دیا ہے وہ کہنے لگا اے اللہ تیرے لئے تعریف ہے میں نے چور، زانیہ اور مالدار پر صدقہ کیا ہے خواب میں اسے کہا گیا تو نے چور پر صدقہ کیا ہے شاید کہ وہ چوری سے رک جائے اور زانیہ شاید زنا سے باز آجائے اور مال دار شاید عبرت حاصل کرے اور اللہ نے جو اسے دیا ہے اسے خرچ کرنے لگے (متفق علیہ) اور اس حدیث کے لفظ بخاری کے ہیں۔

* * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * *

۱۷۸۳/۱۹ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا رَجُلٌ بِفَلَاةٍ مِّنَ الْاَرْضِ فَسَمِعَ صَوْتًا فِيْ سَحَابَةٍ اسْقِ حَدِيْقَةَ فُلَانٍ فَتَنَحّٰى ذٰلِكَ السَّحَابُ فَاَفْرَغَ مَاءَهٗ فِيْ حَرَّةٍ فَاِذَا شَرْجَةٌ مِّنْ تِلْكَ الشِّرَاجِ قَدِ اسْتَوْعَبَتْ ذٰلِكَ الْمَاءَ كُلَّهٗ فَتَتَبَّعَ الْمَاءَ فَاِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ فِيْ حَدِيْقَتِهٖ يُحَوِّلُ الْمَاءَ بِمِسْحَاتِهٖ فَقَالَ لَهٗ يَا عَبْدَ اللّٰهِ مَا اسْمُكَ قَالَ فُلَانٌ لِلْاِسْمِ الَّذِيْ سَمِعَ فِي السَّحَابَةِ فَقَالَ لَهٗ يَا عَبْدَ اللّٰهِ لِمَ تَسْاَلُنِيْ عَنِ اسْمِيْ فَقَالَ اِنِّيْ سَمِعْتُ صَوْتًا فِي السَّحَابِ الَّذِيْ هٰذَا مَاؤُهٗ

اسی (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا ایک آدمی جنگل میں جا رہا تھا۔ اس نے بادل سے ایک آواز سنی کوئی کہہ رہا ہے فلاں شخص کے باغ کو سیراب کر دو وہ بادل ایک طرف چلا پھر وہاں پتھریلی زمین پر برسا ایک نالی نے وہ سب پانی جمع کیا وہ آدمی اس پانی کے پیچھے ہو لیا ناگہاں ایک آدمی بیلچہ لیئے باغ میں پانی پھیر رہا ہے اس نے کہا اللہ کے بندے تیرا نام کیا ہے اس نے کہا فلاں ہے وہی نام جو اس نے بادل سے سنا تھا اس نے کہا اے اللہ کے بندے تو میرا نام کیوں پوچھ رہا ہے اس نے کہا میں نے اس بادل سے جس کا یہ پانی ہے سنا تھا اس سے آواز آرہی تھی کہ فلاں شخص کے باغ کو سیراب کرو تیرا نام لیا تھا تو اس میں کیا کرتا ہے اس نے کہا جبکہ تو نے ایسا سن لیا میں بتلاتا ہوں جو

besturdubooks.wordpress.com

يَقُوْلُ اِسْقِ حَدِيْقَةَ فُلَانٍ لِاسْمِكَ فَمَا تَصْنَعُ فِيْهَا قَالَ اَمَّا اِذَا قُلْتَ هٰذَا فَاِنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى مَا يَخْرُجُ مِنْهَا فَاَتَصَدَّقُ بِثُلُثِهٖ وَاٰكُلُ اَنَا وَعِيَالِيْ ثُلُثًا وَاَرُدُّ فِيْهَا ثُلُثَهٗ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اس باغ سے پیداوار ہوتی ہے میں اس کو دیکھتا ہوں ایک تہائی میں صدقہ کر دیتا ہوں ایک تہائی میں اور میرے اہل وعیال کھاتے ہیں اور اس باغ میں ایک تہائی لوٹا دیتا ہوں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

* * * * * * * * *

۱۷۸۴ وَعَنْهُ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ ثَلٰثَةً مِّنْ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ اَبْرَصَ وَاَقْرَعَ وَاَعْمٰى فَاَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّبْتَلِيَهُمْ فَبَعَثَ اِلَيْهِمْ مَلَكًا فَاَتَى الْاَبْرَصَ فَقَالَ اَيُّ شَيْءٍ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ لَوْنٌ حَسَنٌ وَّجِلْدٌ حَسَنٌ وَّيَذْهَبُ عَنِّي الَّذِيْ قَدْ قَذِرَنِيَ النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَهٗ فَذَهَبَ عَنْهُ قَذَرُهٗ وَاُعْطِيَ لَوْنًا حَسَنًا وَّجِلْدًا حَسَنًا قَالَ فَاَيُّ الْمَالِ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ الْاِبِلُ اَوْ قَالَ الْبَقَرُ شَكَّ اِسْحٰقُ اِلَّا اَنَّ الْاَبْرَصَ اَوِ الْاَقْرَعَ قَالَ اَحَدُهُمَا الْاِبِلُ وَقَالَ الْاٰخَرُ الْبَقَرُ قَالَ فَاُعْطِيَ نَاقَةً عُشَرَاءَ فَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْهَا قَالَ فَاَتَى الْاَقْرَعَ فَقَالَ اَيُّ شَيْءٍ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ شَعْرٌ حَسَنٌ وَّيَذْهَبُ عَنِّيْ هٰذَا الَّذِيْ قَدْ قَذِرَنِيَ النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَهٗ فَذَهَبَ عَنْهُ قَالَ وَاُعْطِيَ شَعْرًا حَسَنًا قَالَ فَاَيُّ الْمَالِ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ الْبَقَرُ فَاُعْطِيَ بَقَرَةً حَامِلًا قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْهَا قَالَ فَاَتَى الْاَعْمٰى فَقَالَ اَيُّ

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا فرماتے تھے بنی اسرائیل میں تین شخص تھے ایک کوڑھی دوسرا گنجا اور تیسرا اندھا اللہ تعالیٰ نے ان کو آزمانے کا ارادہ کیا ایک فرشتہ ان کے پاس بھیجا وہ کوڑھی کے پاس گیا اور کہا تجھے کون سی چیز بہت پیاری معلوم ہوتی ہے وہ کہنے لگا خوب صورت رنگ اور اچھا حسین جسم اور یہ بیماری مجھ سے دُور ہو جائے جس کی وجہ سے لوگوں کو مجھ سے گھن آتی ہے فرمایا اس فرشتے نے اس کے جسم پر ہاتھ پھیرا اس کی گھن دُور ہو گئی اچھا خوب صورت رنگ اور تندرست جسم مل گیا اس نے کہا تجھ کو کون سا مال پسند ہے کہنے لگا اُونٹ یا گائے اسحاق نے اس میں شک کیا ہے کہ اونٹ کہا یا گائے مگر کوڑھی اور گنجے میں سے ایک نے اونٹ کہا اور دوسرے نے گائے اس کو دس ماہ کی حاملہ اونٹنی دے دی گئی اور اس نے کہا اللہ تعالیٰ تیرے لئے اس میں برکت کرے پھر وہ گنجے کے پاس آیا کہا تجھے کیا چیز محبوب ہے اس نے کہا اچھے بال اور میرا گنج جاتا رہے جس کی وجہ سے لوگوں کو مجھ سے گھن آتی ہے اس نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا وہ گنج جاتا رہا اور اسے خوب صورت بال دے دیئے گئے پھر اس نے کہا تجھے کونسا مال پسند ہے اس نے کہا گائیں اس کو گابھن گائے دے دی گئی اور کہا اللہ تعالیٰ تیرے لئے اس میں برکت کرے پھر وہ اندھے کے پاس آیا پس کہا تجھے کیا چیز محبوب

besturdubooks.wordpress.com

شَیْءٍ اَحَبَّ اِلَیْكَ قَالَ اَنْ یَّرُدَّ اللّٰهُ اِلَیَّ بَصَرِیْ فَاُبْصِرَ بِهِ النَّاسَ قَالَ فَمَسَحَهٗ فَرَدَّ اللّٰهُ اِلَیْهِ بَصَرَهٗ قَالَ فَاَیُّ الْمَالِ اَحَبُّ اِلَیْكَ قَالَ الْغَنَمُ فَاَعْطٰی شَاةً وَّالِدًا فَاَنْتَجَ هٰذَانِ وَوَلَّدَ هٰذَا فَكَانَ لِهٰذَا وَادٍ مِّنَ الْاِبِلِ وَلِهٰذَا وَادٍ مِّنَ الْبَقَرِ وَلِهٰذَا وَادٍ مِّنَ الْغَنَمِ قَالَ ثُمَّ اِنَّهٗ اَتَی الْاَبْرَصَ فِیْ صُوْرَتِهٖ وَهَیْئَتِهٖ فَقَالَ رَجُلٌ مِّسْكِیْنٌ قَدِ انْقَطَعَتْ بِیَ الْحِبَالُ فِیْ سَفَرِیْ فَلَا بَلَاغَ لِیَ الْیَوْمَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ اَسْئَلُكَ بِالَّذِیْ اَعْطَاكَ اللَّوْنَ الْحَسَنَ وَالْجِلْدَ الْحَسَنَ وَالْمَالَ بَعِیْرًا اَتَبَلَّغُ بِهٖ فِیْ سَفَرِیْ فَقَالَ الْحُقُوْقُ كَثِیْرَةٌ فَقَالَ اِنِّیْ كَاَنِّیْ اَعْرِفُكَ اَلَمْ تَكُنْ اَبْرَصَ یَقْذَرُكَ النَّاسُ فَقِیْرًا فَاَعْطَاكَ اللّٰهُ مَالًا فَقَالَ اِنَّمَا وَرِثْتُ هٰذَا الْمَالَ كَابِرًا عَنْ كَابِرٍ فَقَالَ اِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَیَّرَكَ اللّٰهُ اِلٰی مَا كُنْتَ قَالَ وَاَتَی الْاَقْرَعَ فِیْ صُوْرَتِهٖ فَقَالَ لَهٗ مِثْلَ مَا قَالَ لِهٰذَا وَرَدَّ عَلَیْهِ مِثْلَ مَا رَدَّ عَلٰی هٰذَا فَقَالَ اِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَیَّرَكَ اللّٰهُ اِلٰی مَا كُنْتَ قَالَ وَاَتَی الْاَعْمٰی فِیْ صُوْرَتِهٖ وَهَیْئَتِهٖ فَقَالَ رَجُلٌ مِّسْكِیْنٌ وَّابْنُ سَبِیْلٍ انْقَطَعَتْ بِیَ الْحِبَالُ فِیْ سَفَرِیْ فَلَا بَلَاغَ لِیَ الْیَوْمَ

ہے اس نے کہا اللہ تعالیٰ میری نظر واپس لوٹا دے۔ میں لوگوں کو دیکھ سکوں۔ اس نے ہاتھ پھیرا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی نظر اس کو واپس کر دی۔ اس نے کہا۔ کون سا مال تجھ کو محبوب ہے اس نے کہا بکریاں اسے ایک گابھن بکری دے دی گئی۔ اور کہا اللہ تعالیٰ تیرے لئے اس میں برکت کرے ان دونوں کے ہاں اونٹنی اور گائے نے بچے دیئے اور اس کے ہاں بکری نے بچے دیئے۔ سب کے ہاں مال بڑھتا گیا۔ کوڑھی کا ایک جنگل اونٹوں سے بھر گیا۔ گنجے کا گائیوں سے اور اندھے کا بکریوں سے۔ فرمایا پھر فرشتہ کوڑھی کے پاس اس کی ہیئت اور صورت بنا کر گیا اور کہا میں مسکین آدمی ہوں مجھ سے سفر کے اسباب منقطع ہو چکے ہیں۔ اللہ کی عنایت اور آپ کی عنایت کے بغیر میں کہیں پہنچ نہیں سکتا۔ میں اس خدا کے نام پر تجھ سے سوال کرتا ہوں جس نے تجھ کو خوبصورت رنگ اور تندرست جسم اور مال عطا کیا اور اونٹ دیئے مجھ کو ایک اونٹ عنایت کر دیجئے میں منزل مقصود تک پہنچ سکوں۔ وہ کہنے لگا حقوق بہت زیادہ ہیں فرشتے نے کہا میں نے تجھ کو پہچان لیا ہے تو وہی کوڑھی ہے جس سے لوگ گھن کھاتے تھے تو فقیر تھا اللہ تعالیٰ نے تجھ کو مال دیا وہ کہنے لگا میں اپنے باپ دادا سے اس مال کا وارث ہوں اس نے کہا۔ اگر تو جھوٹا ہے تو اللہ تعالیٰ پہلی حالت میں تجھے لوٹا دے پھر وہ گنجے کے پاس آیا اور اسکی وہی پہلی صورت اختیار کی اور اسکو بھی وہی کہا جو کوڑھی کو کہا تھا گنجے نے بھی وہی جواب دیا جو کوڑھی نے دیا تھا اس نے بھی اسی طرح کا جواب دیا اور کہا اگر تو جھوٹا ہے تو اللہ تعالیٰ تجھ کو اپنی پہلی حالت میں لوٹا دے۔ فرمایا پھر وہ اندھے کے پاس آیا۔ اور اسکی صورت اور ہیئت بنا لی اور کہا میں مسکین اور مسافر ہوں سفر کے اسباب مجھ سے کٹ چکے ہیں اللہ کی عنایت اور آپ کا سہارا ہے میں اس اللہ کے نام سے سوال کرتا ہوں جس نے تجھ کو آنکھیں دیں۔ مجھ کو ایک

besturdubooks.wordpress.com

إِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ أَسْأَلُكَ بِالَّذِي رَدَّ عَلَيْكَ بَصَرَكَ شَاةً أَتَبَلَّغُ بِهَا فِي سَفَرِي فَقَالَ قَدْ كُنْتُ أَعْطَى فَرَدَّ اللّٰهُ إِلَيَّ بَصَرِي فَخُذْ مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ فَوَاللّٰهِ لَا أَجْهَدُكَ الْيَوْمَ بِشَيْءٍ أَخَذْتَهُ لِلّٰهِ فَقَالَ أَمْسِكْ مَالَكَ فَإِنَّمَا ابْتُلِيتُمْ فَقَدْ رَضِيَ عَنْكَ وَسَخِطَ عَلَى صَاحِبَيْكَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

بکری دے دو، میں اپنے سفر میں اس کے سبب پہنچوں اس نے کہا ہاں میں اندھا تھا اللہ تعالیٰ نے میری نظر مجھے واپس لوٹائی جو چاہتا ہے لے لے۔ اور جو چاہتا ہے چھوڑ جا۔ اللہ کی قسم! اللہ کی راہ میں جس قدر تو لینا چاہے گا۔ میں تجھ کو تکلیف نہیں دوں گا۔ اس نے کہا اپنا مال رکھ لے۔ تمہاری آزمائش کی گئی تھی۔ اللہ پاک تجھ سے راضی ہوئے ہیں اور تیرے ساتھیوں سے ناراض ہوئے ہیں۔ (متفق علیہ)

* * * * * * * * * *

۱۷۸۵/۲۱ وَعَنْ أُمِّ بُجَيْدٍ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ الْمِسْكِينَ لَيَقِفُ عَلَى بَابِي حَتَّى أَسْتَحْيِيَ فَلَا أَجِدُ فِي بَيْتِي مَا أَدْفَعُ فِي يَدِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادْفَعِي فِي يَدِهِ وَلَوْ ظِلْفًا مُحْرَقًا۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ)

ام بجید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسول! مسکین میرے دروازے پر آ کھڑا ہوتا ہے۔ میں شرم محسوس کرتی ہوں میرے پاس اس کو دینے کے لئے کچھ نہیں ہوتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس کو کچھ دے اگرچہ جلا ہوا کھر ہو۔ (روایت کیا اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور اس نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۱۷۸۶/۲۲ وَعَنْ مَوْلًى لِعُثْمَانَ قَالَ أَهْدَى لِأُمِّ سَلَمَةَ بُضْعَةً مِنْ لَحْمٍ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّهُ اللَّحْمُ فَقَالَتْ لِلْخَادِمِ ضَعِيهِ فِي الْبَيْتِ لَعَلَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُهُ فَوَضَعَتْهُ فِي كُوَّةِ الْبَيْتِ وَجَاءَ سَائِلٌ فَقَامَ عَلَى الْبَابِ فَقَالَ تَصَدَّقُوا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمْ فَقَالُوا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ فَذَهَبَ السَّائِلُ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام سے روایت ہے کہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو ایک گوشت کا ٹکڑا تحفتاً بھیجا گیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو گوشت بہت پسند تھا۔ اس نے خادمہ سے کہا اس کو گھر میں رکھ دو۔ شاید کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تناول فرمائیں اس نے گھر کے طاقچہ میں رکھ دیا۔ ایک سائل آیا اس نے دروازے پر کھڑے ہو کر کہا۔ کچھ صدقہ کرو اللہ تعالیٰ تم میں برکت کرے انہوں نے کہا اللہ برکت دے سائل چلا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر تشریف لائے اور فرمایا اے ام سلمہ رضی اللہ عنہا تمہارے پاس کچھ کھانے کے لئے ہے۔ اس نے کہا جی ہاں۔ اور لونڈی سے کہا۔ جا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو گوشت لا

besturdubooks.wordpress.com

أُمِّ سَلَمَةَ أَعِنْدَكُمْ شَيْءٌ أَطْعَمُهُ فَقَالَتْ نَعَمْ فَقَالَتْ لِلْخَادِمِ اذْهَبِي فَأْتِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكِ اللَّحْمِ فَذَهَبَتْ فَلَمْ تَجِدْ فِي الْكُوَّةِ إِلَّا قِطْعَةَ مَرْوَةٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّ ذٰلِكِ اللَّحْمَ عَادَ مَرْوَةً لِمَا لَمْ تُعْطُوهُ السَّائِلَ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ)

کر دے وہ گئی وہاں طاقچہ میں پتھر کا ایک ٹکڑا پڑا ہوا ملا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ گوشت پتھر بن گیا ہے کیونکہ تم نے سائل کو نہیں دیا (روایت کیا اس کو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں)

۱۷۸۷/۲۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ مَنْزِلًا قِيلَ نَعَمْ قَالَ الَّذِي يُسْئَلُ بِاللّٰهِ وَلَا يُعْطِي بِهِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم کو ایسے آدمی کی خبر دوں جو اللہ کے نزدیک سب سے مرتبہ کے لحاظ سے بدترین ہے کہا گیا جی ہاں فرمائیے آپ نے فرمایا وہ شخص جو اللہ کے نام پر سوال کیا گیا اور اس نے دیا نہیں (روایت کیا اس کو احمد نے)

۱۷۸۸/۲۴ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ أَنَّهُ اسْتَأْذَنَ عَلَى عُثْمَانَ فَأَذِنَ لَهُ وَبِيَدِهِ عَصَاهُ فَقَالَ عُثْمَانُ يَا كَعْبُ إِنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ تُوُفِّيَ وَتَرَكَ مَالًا فَمَا تَرَى فِيهِ فَقَالَ إِنْ كَانَ يَصِلُ فِيهِ حَقَّ اللّٰهِ فَلَا بَأْسَ عَلَيْهِ فَرَفَعَ أَبُو ذَرٍّ عَصَاهُ فَضَرَبَ كَعْبًا وَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا أُحِبُّ لَوْ أَنَّ لِي هٰذَا الْجَبَلَ ذَهَبًا أُنْفِقُهُ وَيُتَقَبَّلُ مِنِّي أَذَرُ خَلْفِي مِنْهُ سِتَّ أَوَاقٍ أَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ يَا عُثْمَانُ أَسَمِعْتَهُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَ نَعَمْ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے اندر آنے کی اجازت طلب کی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان کو اجازت دی ان کے ہاتھ میں لاٹھی تھی عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا اے کعب رضی اللہ عنہ عبدالرحمٰن فوت ہو گیا ہے اور اس نے بہت سا مال اپنے پیچھے چھوڑا ہے اس کے متعلق تیرا کیا خیال ہے اس نے کہا اگر وہ اللہ تعالیٰ کا حق ادا کرتا تھا اس پر کچھ خوف نہیں ہے ابوذر رضی اللہ عنہ نے اپنی لاٹھی اٹھائی اور کعب کو اس سے مارا اور کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے اگر یہ پہاڑ سونا بن جائے اس کو خرچ کر دوں اور وہ مجھ سے قبول کر لیا جائے میں پسند نہیں کرتا کہ چھ اوقیہ کی مقدار بھی میں اپنے پیچھے چھوڑ جاؤں اے عثمان رضی اللہ عنہ میں تجھ کو اللہ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں تو نے بھی سنا ہے اس طرح تین بار کہا اس نے کہا ہاں (روایت کیا اس کو احمد نے)

besturdubooks.wordpress.com



۱۷۸۹/۳۵ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ الْعَصْرَ فَسَلَّمَ ثُمَّ قَامَ مُسْرِعًا فَتَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ إِلٰى بَعْضِ حُجَرِ نِسَائِهٖ فَفَزِعَ النَّاسُ مِنْ سُرْعَتِهٖ فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ فَرَاٰى أَنَّهُمْ قَدْ عَجِبُوْا مِنْ سُرْعَتِهٖ قَالَ ذَكَرْتُ شَيْئًا مِّنْ تِبْرٍ عِنْدَنَا فَكَرِهْتُ أَنْ يَّحْبِسَنِيْ فَأَمَرْتُ بِقِسْمَتِهٖ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ قَالَ كُنْتُ خَلَّفْتُ فِي الْبَيْتِ تِبْرًا مِّنَ الصَّدَقَةِ فَكَرِهْتُ أَنْ أُبَيِّتَهٗ۔

عقبہ بن حارث سے روایت ہے کہا میں نے ایک مرتبہ مدینہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے عصر کی نماز پڑھی آپ نے سلام پھیرا اور جلدی ہی لوگوں کی گردنیں پھلانگتے ہوئے اپنی کسی بیوی کے گھر تشریف لے گئے آپ کی اس جلدی سے لوگ گھبرا گئے پھر آپ باہر تشریف لائے آپ نے دیکھا کہ صحابہ ان کی اس جلدی سے حیران اور متعجب ہیں۔ آپ نے فرمایا مجھے یاد آیا تھا کہ گھر میں کچھ سونا پڑا ہوا ہے میں نے اس امر کو مکروہ جانا کہ وہ مجھ کو روکے۔ میں نے اس کے تقسیم کرنے کا حکم دیا ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے ایک روایت میں ہے میں نے گھر میں صدقہ کا کچھ سونا رکھا ہوا تھا میں نے مکروہ جانا کہ اس کو رات رکھوں۔

* * * * * * * * *

۱۷۹۰/۳۶ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدِيْ فِيْ مَرَضِهٖ سِتَّةُ دَنَانِيْرَ أَوْ سَبْعَةٌ فَأَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُفَرِّقَهَا فَشَغَلَنِيْ وَجَعُ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَأَلَنِيْ عَنْهَا مَا فَعَلْتِ السِّتَّةُ أَوِ السَّبْعَةُ قَالَتْ لَا وَاللّٰهِ لَقَدْ كَانَ شَغَلَنِيْ وَجَعُكَ فَدَعَا بِهَا ثُمَّ وَضَعَهَا فِيْ كَفِّهٖ فَقَالَ مَا ظَنُّ نَبِيِّ اللّٰهِ لَوْ لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهٰذِهٖ عِنْدَهٗ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت بیمار ہوئے۔ میرے پاس چھ سات دینار تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ان کے تقسیم کرنے کا حکم دیا میں آپ کی بیماری میں مشغول ہونے کی وجہ سے بھول گئی اس کے بعد آپ نے مجھ سے دریافت کیا۔ کہ ان دیناروں کو کیا ہوا ہے میں نے کہا میں آپ کی بیماری کی وجہ سے بھول گئی۔ آپ نے منگوائے اور اپنے ہاتھوں میں ان کو رکھا۔ پھر آپ نے فرمایا اللہ کے نبی کا کیا گمان ہے اگر وہ اللہ کو ملے جب کہ یہ دینار اس کے پاس ہیں۔ (روایت کیا اس کو احمد نے)

* * * * * * * * *

* * * * * * * * *

۱۷۹۱/۳۷ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى بِلَالٍ وَّ

ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت بلال رضہ کے پاس گئے اُن کے

besturdubooks.wordpress.com

عِنْدَهٗ صُبْرَةٌ مِّنْ تَمْرٍ فَقَالَ مَا هٰذَا يَا بِلَالُ قَالَ شَيْءٌ ادَّخَرْتُهُ لِغَدٍ فَقَالَ اَمَا تَخْشٰى اَنْ تَرٰى لَهٗ غَدًا بُخَارًا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَنْفِقْ يَا بِلَالُ وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ اِقْلَالًا۔

پاس کھجوروں کی ایک گٹھڑی تھی آپ نے فرمایا اے بلال رضؓ یہ کیا ہے اس نے کہا میں نے کچھ کھجوریں کل کے لئے جمع کر رکھی ہیں آپ نے فرمایا اے بلال رضؓ تو اس بات سے نہیں ڈرتا کہ تو کل قیامت کے دن ان کے لئے دوزخ کا بخار دیکھے اے بلال رضؓ خرچ کر اور عرش والے سے فقر کا ڈر نہ رکھ۔

۱۷۹۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلسَّخَاءُ شَجَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ فَمَنْ كَانَ سَخِيًّا اَخَذَ بِغُصْنٍ مِّنْهَا فَلَمْ يَتْرُكْهُ الْغُصْنُ حَتّٰى يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ وَالشُّحُّ شَجَرَةٌ فِي النَّارِ فَمَنْ كَانَ شَحِيْحًا اَخَذَ بِغُصْنٍ مِّنْهَا فَلَمْ يَتْرُكْهُ الْغُصْنُ حَتّٰى يُدْخِلَهُ النَّارَ (رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سخاوت جنت میں ایک درخت ہے سخی اس کی ٹہنیاں پکڑ لیتا ہے اور وہ اس کو جنت میں داخل کر دیں گی اور بخل دوزخ کا ایک درخت ہے بخیل اس کی ٹہنیاں پکڑ لیتا ہے اور وہ اس کو دوزخ میں داخل کر دیں گی (روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

۱۷۹۳ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَادِرُوْا بِالصَّدَقَةِ فَاِنَّ الْبَلَاءَ لَا يَتَخَطَّاهَا۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جلد صدقہ کرو کیونکہ بلا صدقہ دینے سے نہیں بڑھتی (روایت کیا ہے اس کو رزین نے)

# بَابُ فَضْلِ الصَّدَقَةِ

## صدقہ کرنے کی فضیلت کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۷۹۴ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ مِّنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ وَّلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا الطَّيِّبَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتَقَبَّلُهَا

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے پاک کمائی سے کھجور کے برابر صدقہ کیا اور اللہ تعالیٰ پاکیزہ مال کو ہی قبول کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو دائیں ہاتھ سے قبول کرتا ہے پھر اس طرح پالتا

besturdubooks.wordpress.com

بِيَمِيْنِهٖ ثُمَّ يُرَبِّيْهَا لِصَاحِبِهَا كَمَا يُرَبِّيْ أَحَدُكُمْ فَلُوَّهٗ حَتّٰى تَكُوْنَ مِثْلَ الْجَبَلِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہے جس طرح تم میں سے کوئی ایک اپنے بچھیرے کو پالتا ہے یہاں تک کہ وہ صدقہ کیا اس کا ثواب پہاڑ کی مانند ہو جاتا ہے۔ (متفق علیہ)

۱۷۹۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِّنْ مَّالٍ وَّمَا زَادَ اللّٰهُ عَبْدًا بِعَفْوٍ إِلَّا عِزًّا وَّمَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلّٰهِ إِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ مال کو کم نہیں کرتا اور اللہ تعالیٰ بندے کو اس کے معاف کر دینے کی وجہ سے اس کی عزت بڑھاتا ہے اور کوئی شخص اللہ کی رضامندی کے لئے تواضع اختیار نہیں کرتا مگر اللہ تعالیٰ اس کا مرتبہ بلند کر دیتا ہے (مسلم)

۱۷۹۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ شَيْءٍ مِّنَ الْأَشْيَاءِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ دُعِيَ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ وَلِلْجَنَّةِ أَبْوَابٌ فَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّلٰوةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّلٰوةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجِهَادِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصِّيَامِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الرَّيَّانِ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ مَّا عَلٰى مَنْ دُعِيَ مِنْ تِلْكَ الْأَبْوَابِ مِنْ ضَرُوْرَةٍ فَهَلْ يُدْعٰى أَحَدٌ مِّنْ تِلْكَ الْأَبْوَابِ كُلِّهَا قَالَ نَعَمْ وَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی راہ دو دو چیزیں خرچ کرے گا اس کو جنت کے دروازوں سے بلایا جائے گا اور جنت کے کئی ایک دروازے ہیں جو نمازی ہو گا اس کو نماز کے دروازے سے بلایا جائے گا جو مجاہد ہو گا اس کو جہاد کے دروازے سے بلایا جائے گا جو صدقہ خیرات کرنے والا ہو گا اس کو صدقہ کے دروازے سے بلایا جائے گا جو روزہ دار ہو گا اس کو باب الریان سے بلایا جائے گا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا کسی شخص کو ان سب دروازوں سے بلائے جانے کی ضرورت نہیں ہے لیکن کسی کو سب دروازوں سے بھی بلایا جائے گا آپ نے فرمایا ہاں اور میرا خیال ہے کہ تو ان میں سے ہو گا (متفق علیہ)

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

۱۷۹۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَصْبَحَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ صَائِمًا قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ أَنَا قَالَ فَمَنْ تَبِعَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ جَنَازَةً قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ أَنَا

اسی (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آج صبح کس نے روزہ رکھا ہے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے آپ نے فرمایا تم میں سے آج کسی جنازہ کے پیچھے کون گیا ہے حضرت ابوبکر رضی

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ فَمَنْ اَطْعَمَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مِسْكِيْنًا قَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَنَا قَالَ فَمَنْ عَادَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مَرِيْضًا قَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اجْتَمَعْنَ فِيْ امْرِئٍ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

نے کہا جی میں فرمایا آج کسی مسکین کو کس نے کھانا کھلایا ہے حضرت ابوبکر رضہ نے کہا میں نے آپ نے فرمایا تم میں سے آج کسی نے بیمار کی عیادت کی ہے حضرت ابوبکر رضہ نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ خصلتیں جس شخص میں جمع ہو جائیں وہ جنت میں داخل ہوگا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۷۹۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا نِسَاءَ الْمُسْلِمَاتِ لَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَلَوْ فِرْسِنَ شَاةٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابوہریرہ رضہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے مسلمان عورتو ایک ہمسائی دوسری ہمسائی کے لئے حقیر نہ جانے اگرچہ بکری کا کھر ہو۔ (متفق علیہ)

۱۷۹۹ وَعَنْ جَابِرٍ وَّحُذَيْفَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جابر رضہ اور حذیفہ رضہ سے روایت ہے دونوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر نیکی صدقہ ہے (متفق علیہ)

۱۸۰۰ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ شَيْئًا وَّلَوْ اَنْ تَلْقٰى اَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلِيْقٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوذر رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو کسی نیکی کو حقیر نہ جان اگرچہ تو اپنے بھائی کو خندہ پیشانی سے پیش آئے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۸۰۱ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ قَالُوْا فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ قَالَ فَلْيَعْمَلْ بِيَدَيْهِ فَيَنْفَعُ نَفْسَهٗ وَيَتَصَدَّقُ قَالُوْا فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ اَوْ لَمْ يَفْعَلْ قَالَ فَيُعِيْنُ ذَا الْحَاجَةِ الْمَلْهُوْفَ قَالُوْا فَاِنْ لَّمْ يَفْعَلْ قَالَ فَيَاْمُرُ بِالْخَيْرِ قَالُوْا فَاِنْ لَّمْ يَفْعَلْ قَالَ فَيُمْسِكُ عَنِ الشَّرِّ فَاِنَّهٗ لَهٗ صَدَقَةٌ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوموسیٰ اشعری رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر مسلمان آدمی کے لئے صدقہ لازم ہے صحابہ کرام نے عرض کیا اگر وہ کچھ نہ پائے آپ نے فرمایا اپنے ہاتھوں سے کام لے اپنے نفس کو نفع پہنچائے اور صدقہ کرے صحابہ کرام نے عرض کیا اگر اس کی طاقت نہ رکھے یا ایسا نہ کر سکے آپ نے فرمایا کسی ضرورتمند غمگین شخص کی اعانت کرے صحابہ نے عرض کیا اگر وہ ایسا نہ کر سکے فرمایا نیکی کا حکم دے کہا اگر وہ ایسا نہ کر سکے فرمایا وہ خود برائی سے رکا رہے یہ اس کے لئے صدقہ ہے (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۱۸۰۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ سُلَامَى مِنَ النَّاسِ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ كُلَّ يَوْمٍ تَطْلُعُ فِيْهِ الشَّمْسُ يَعْدِلُ بَيْنَ الْاِثْنَيْنِ صَدَقَةٌ وَّيُعِيْنُ الرَّجُلَ عَلٰى دَآبَّتِهٖ فَيَحْمِلُ عَلَيْهَا اَوْ يَرْفَعُ عَلَيْهَا مَتَاعَهٗ صَدَقَةٌ وَالْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ وَّكُلُّ خَطْوَةٍ يَّخْطُوْهَا اِلَى الصَّلٰوةِ صَدَقَةٌ وَيُمِيْطُ الْاَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ صَدَقَةٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی کے ہر جوڑ پر ہر دن جس میں سورج طلوع ہوتا ہے صدقہ لازم ہوتا ہے اگر وہ دو آدمیوں کے درمیان عدل کرے یہ اس کا صدقہ ہے کسی آدمی کے سوار ہونے میں اس کی مدد کرے یہ اس کے لئے صدقہ ہے یا اس کا سامان اٹھا کر رکھ دے اس کے لیے صدقہ ہے اچھی بات صدقہ ہے ہر قدم جو وہ نماز کے لئے اٹھاتا ہے اس کے لئے صدقہ ہے راستہ سے وہ ایذا والی چیز کو دور کر دیتا ہے وہ اس کے لئے صدقہ ہے۔ (متفق علیہ)

۱۸۰۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُلِقَ كُلُّ اِنْسَانٍ مِّنْ بَنِيْ اٰدَمَ عَلٰى سِتِّيْنَ وَثَلٰثِمِائَةِ مَفْصِلٍ فَمَنْ كَبَّرَ اللّٰهَ وَحَمِدَ اللّٰهَ وَهَلَّلَ اللّٰهَ وَسَبَّحَ اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ اللّٰهَ وَعَزَلَ حَجَرًا عَنْ طَرِيْقِ النَّاسِ اَوْ شَوْكَةً اَوْ عَظْمًا اَوْ اَمَرَ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ نَهٰى عَنْ مُّنْكَرٍ عَدَدَ تِلْكَ السِّتِّيْنَ وَالثَّلٰثِمِائَةِ فَاِنَّهٗ يَمْشِيْ يَوْمَئِذٍ وَّقَدْ زَحْزَحَ نَفْسَهٗ عَنِ النَّارِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انسان میں تین سو ساٹھ جوڑ ہیں جو اللہ اکبر کہے الحمد للہ کہے، لا الٰہ الا اللہ کہے سبحان اللہ کہے استغفر اللہ کہے راستہ سے کانٹا پتھر یا ہڈی دور کر دے یا نیکی کا حکم دے برائی سے روکے تین سو ساٹھ کی تعداد کے مطابق وہ اس روز چلتا ہے جب کہ اس نے اپنے نفس کو آگ سے دور کر لیا ہوتا ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۸۰۴ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ بِكُلِّ تَسْبِيْحَةٍ صَدَقَةٌ وَّكُلِّ تَكْبِيْرَةٍ صَدَقَةٌ وَّكُلِّ تَحْمِيْدَةٍ صَدَقَةٌ وَّكُلِّ تَهْلِيْلَةٍ صَدَقَةٌ وَّاَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ صَدَقَةٌ وَّنَهْيٌ

ابوذر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر تسبیح صدقہ ہے ہر تکبیر صدقہ ہے ہر تحمید صدقہ ہے ہر تہلیل صدقہ ہے نیک بات کا حکم دینا صدقہ ہے برائی سے روکنا صدقہ ہے بیوی سے صحبت کرنا صدقہ ہے صحابہ

besturdubooks.wordpress.com

عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ وَّفِيْ بُضْعِ اَحَدِكُمْ صَدَقَةٌ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيَاْتِيْ اَحَدُنَا شَهْوَتَهٗ وَيَكُوْنُ لَهٗ فِيْهَا اَجْرٌ قَالَ اَرَءَيْتُمْ لَوْ وَضَعَهَا فِيْ حَرَامٍ اَكَانَ عَلَيْهِ فِيْهِ وِزْرٌ فَكَذٰلِكَ اِذَا وَضَعَهَا فِي الْحَلَالِ كَانَ لَهٗ اَجْرٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کرام نے عرض کیا اے اللہ کے رسول آدمی اپنی شہوت دور کرتا ہے اور اس کو اس میں ثواب ملتا ہے آپ نے فرمایا اگر وہ گناہ کی جگہ میں شہوت دور کرے کیا اس کو گناہ نہ ہوگا اسی طرح حلال جگہ میں رکھنے سے اس کو ثواب ہوگا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

۱۸۰۵/۱۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الصَّدَقَةُ اللِّقْحَةُ الصَّفِيُّ مِنْحَةً وَّالشَّاةُ الصَّفِيُّ مِنْحَةً تَغْدُوْ بِاِنَاءٍ وَّتَرُوْحُ بِاٰخَرَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت دودھ والی اونٹنی عاریت دے دینی بہت اچھا صدقہ ہے زیادہ دودھ والی بکری عاریت دے دینا بہت اچھا صدقہ ہے جو صبح کو دودھ کا برتن دے اور شام کو دودھ کا برتن دے۔ (متفق علیہ)

۱۸۰۶/۱۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَّغْرِسُ غَرْسًا اَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا فَيَاْكُلُ مِنْهُ اِنْسَانٌ اَوْ طَيْرٌ اَوْ بَهِيْمَةٌ اِلَّا كَانَتْ لَهٗ صَدَقَةً۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ عَنْ جَابِرٍ وَّمَا سُرِقَ مِنْهُ لَهٗ صَدَقَةٌ۔

انس رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان کوئی درخت لگائے یا کھیتی بوئے اس سے کوئی انسان یا پرندہ یا کوئی مویشی کھالیتا ہے وہ اس کے لئے صدقہ بن جاتا ہے (متفق علیہ) مسلم کی ایک روایت میں جابر رضہ سے مروی ہے اس سے جو چرا لیا جاتا ہے وہ اس کے لئے صدقہ ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

۱۸۰۷/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُفِرَ لِامْرَاَةٍ مُّوْمِسَةٍ مَرَّتْ بِكَلْبٍ عَلٰى رَاْسِ رَكِيٍّ يَّلْهَثُ كَادَ يَقْتُلُهُ الْعَطَشُ فَنَزَعَتْ خُفَّهَا فَاَوْثَقَتْهُ بِخِمَارِهَا فَنَزَعَتْ لَهٗ مِنَ الْمَاءِ فَغُفِرَ لَهَا بِذٰلِكَ قِيْلَ اِنَّ لَنَا فِي الْبَهَائِمِ اَجْرًا قَالَ فِيْ كُلِّ

ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک بدکار عورت کو بخش دیا گیا وہ ایک کتے کے پاس سے گذری جو کنویں کے قریب کھڑا پیاس کی وجہ سے زبان باہر نکالے ہانپ رہا تھا قریب تھا کہ شدت پیاس سے وہ مرجائے اس نے اپنا موزہ اتارا اپنی اوڑھنی کے ساتھ اس کو باندھا پھر اس کے لئے پانی نکالا اس کی وجہ سے اسکو بخشدیا گیا عرض کیا گیا

ذَاتِ كَبِدٍ رَّطْبَةٍ اَجْرٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہم کو بہائم اور مویشیوں میں بھی ثواب ملتا ہے فرمایا ہر تر جگر کیساتھ نیک سلوک کرنے میں ثواب ہے (متفق علیہ)

۱۸۰۸/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُذِّبَتِ امْرَاَةٌ فِيْ هِرَّةٍ اَمْسَكَتْهَا حَتّٰى مَاتَتْ مِنَ الْجُوْعِ فَلَمْ تَكُنْ تُطْعِمُهَا وَلَا تُرْسِلُهَا فَتَاْكُلَ مِنْ خَشَاشِ الْاَرْضِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمرؓ اور ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے دونوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک عورت بلی کی وجہ سے عذاب دی گئی اس نے اس کو باندھ رکھا تھا یہاں تک کہ وہ بھوک کی وجہ سے مرگئی وہ اس کو نہ کھلاتی تھی اور نہ چھوڑتی تھی کہ وہ زمین کے جانور وغیرہ کھائے۔ (متفق علیہ)

۱۸۰۹/۱۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ رَجُلٌ بِغُصْنِ شَجَرَةٍ عَلٰى ظَهْرِ طَرِيْقٍ فَقَالَ لَاُنَحِّيَنَّ هٰذَا عَنْ طَرِيْقِ الْمُسْلِمِيْنَ لَا يُؤْذِيْهِمْ فَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص ایک درخت کی ٹہنی کے پاس سے گذرا جو راستہ پر تھی اس نے کہا میں مسلمانوں کے راستہ سے اس کو ضرور ہٹادوں گا تاکہ وہ ان کو تکلیف نہ پہنچائے اس کی وجہ سے اس کو جنت میں داخل کر دیا گیا۔ (متفق علیہ)

۱۸۱۰/۱۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ رَاَيْتُ رَجُلًا يَّتَقَلَّبُ فِي الْجَنَّةِ فِيْ شَجَرَةٍ قَطَعَهَا مِنْ ظَهْرِ الطَّرِيْقِ كَانَتْ تُؤْذِي النَّاسَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے جنت میں ایک شخص کو دیکھا ہے کہ وہ اس میں چین سے پھرتا ہے ایک درخت کو کاٹنے کی وجہ سے جو راستہ میں مسلمانوں کو تکلیف دیتا تھا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۸۱۱/۱۸ وَعَنْ اَبِیْ بَرْزَةَ قَالَ قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ شَيْئًا اَنْتَفِعُ بِهٖ قَالَ اَعْزِلِ الْاَذٰى عَنْ طَرِيْقِ الْمُسْلِمِيْنَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ عَدِيِّ ابْنِ حَاتِمٍ اِتَّقُوا النَّارَ فِيْ بَابِ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

ابوبرزہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے کہا اے اللہ کے نبیؐ مجھ کو کوئی ایسی بات بتلائیں جو نفع بخشے آپؐ نے فرمایا مسلمانوں کے راستہ سے تکلیف والی چیز کو دور کر دے (روایت کیا اس کو مسلم نے ہم عدی بن حاتم کی حدیث جس کے الفاظ ہیں۔ اتقوا النار باب علامات النبوت میں ذکر کریں گے انشاء اللہ)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۱۸۱۲/۱۹ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ جِئْتُ فَلَمَّا تَبَیَّنْتُ وَجْهَهٗ عَرَفْتُ اَنَّ وَجْهَهٗ لَیْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ فَكَانَ اَوَّلُ مَا قَالَ یَا اَیُّهَا النَّاسُ اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَصِلُوا الْاَرْحَامَ وَصَلُّوْا بِاللَّیْلِ وَالنَّاسُ نِیَامٌ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ)

عبداللہ بن سلام سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے میں آیا میں نے آپ کے چہرہ مبارک کو دیکھ کر ہی اندازہ لگالیا کہ یہ چہرہ کسی جھوٹے شخص کا چہرہ نہیں ہوسکتا سب سے پہلے آپ نے فرمایا اے لوگو سلام کو خوب پھیلایا کرو کھانا کھلایا کرو اور صلہ رحمی کرو اور رات کو نماز پڑھو جبکہ لوگ سوئے ہوئے ہوں جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہوجاؤ گے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

۱۸۱۳/۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُعْبُدُوا الرَّحْمٰنَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَاَفْشُوا السَّلَامَ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

عبداللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رحمٰن کی عبادت کرو کھانا کھلاؤ سلام کو عام پھیلاؤ جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہوجاؤ گے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۸۱۴/۲۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ وَتَدْفَعُ مِیْتَةَ السُّوْءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

انس رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ خیرات اللہ تعالیٰ کے غضب کو بجھا دیتا ہے اور بری موت کو دور کرتا ہے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۱۸۱۵/۲۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ وَاِنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ اَنْ تَلْقٰی اَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلْقٍ وَاَنْ تُفْرِغَ مِنْ دَلْوِكَ فِیْ اِنَاءِ اَخِیْكَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

جابر رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر نیکی صدقہ ہے اور تیرا اپنے بھائی کو خندہ روئی سے پیش آنا صدقہ ہے اور تو اپنے برتن سے کچھ زیادہ پانی اپنے بھائی کے برتن میں ڈال دے یہ بھی صدقہ ہے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۸۱۶/۲۳ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَسُّمُكَ فِيْ وَجْهِ اَخِيْكَ صَدَقَةٌ وَّاَمْرُكَ بِالْمَعْرُوْفِ صَدَقَةٌ وَّنَهْيُكَ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ وَاِرْشَادُكَ الرَّجُلَ فِيْ اَرْضِ الضَّلَالِ لَكَ صَدَقَةٌ وَّنَصْرُكَ الرَّجُلَ الرَّدِيَّ الْبَصَرِ لَكَ صَدَقَةٌ وَّاِمَاطَتُكَ الْحَجَرَ وَالشَّوْكَ وَالْعَظْمَ عَنِ الطَّرِيْقِ لَكَ صَدَقَةٌ وَّاِفْرَاغُكَ مِنْ دَلْوِكَ فِيْ دَلْوِ اَخِيْكَ لَكَ صَدَقَةٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

ابوذر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرا اپنے بھائی کے روبرو مسکرانا صدقہ ہے تیرا نیکی کا حکم دینا صدقہ ہے برائی سے روکنا صدقہ ہے راستہ بھولے ہوئے کو راستہ دکھانا صدقہ ہے کمزور نظر والے آدمی کی تیری مدد کرنا تیرے لئے صدقہ ہے راستہ سے پتھر، کانٹا اور ہڈی کو دور کر دینا صدقہ ہے اپنے برتن سے تیرا اپنے بھائی کے برتن میں پانی ڈال دینا صدقہ ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

۱۸۱۷/۲۴ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُمَّ سَعْدٍ مَّاتَتْ فَاَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ الْمَاءُ فَحَفَرَ بِئْرًا وَّقَالَ هٰذِهٖ لِاُمِّ سَعْدٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

سعد بن عبادہ سے روایت ہے انہوں نے کہا اے اللہ کے رسول امّ سعد فوت ہو گئی ہے کون سا صدقہ افضل ہے آپ نے فرمایا پانی اس نے ایک کنواں کھدوایا اور کہا یہ امّ سعد کا ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۱۸۱۸/۲۵ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا مُسْلِمٍ كَسَا مُسْلِمًا ثَوْبًا عَلٰى عُرْيٍ كَسَاهُ اللّٰهُ مِنْ خُضْرِ الْجَنَّةِ وَاَيُّمَا مُسْلِمٍ اَطْعَمَ مُسْلِمًا عَلٰى جُوْعٍ اَطْعَمَهُ اللّٰهُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ وَاَيُّمَا مُسْلِمٍ سَقٰى مُسْلِمًا عَلٰى ظَمَاٍ سَقَاهُ اللّٰهُ مِنَ الرَّحِيْقِ الْمَخْتُوْمِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

ابوسعید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ننگے پن کی حالت میں جو مسلمان کسی دوسرے مسلمان کو کپڑا پہناتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو سبز لباس جنت میں پہنائے گا جو مسلمان کسی بھوکے مسلمان شخص کو کھانا کھلاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو جنت کے پھلوں سے کھلائے گا جو شخص پیاس کی حالت میں کسی مسلمان شخص کو پانی پلاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو مہر لگی ہوئی شراب سے پلائے گا۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے)

۱۸۱۹/۲۶ وَعَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فاطمہ بنت قیس سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مال میں زکوٰۃ کے

besturdubooks.wordpress.com

إِنَّ فِي الْمَالِ لَحَقًّا سِوَى الزَّكٰوةِ ثُمَّ تَلَا لَيْسَ الْبِرَّ أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ الْآيَةَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

سوا بھی حق ہے پھر یہ آیت پڑھی نیکی یہی نہیں ہے کہ اپنے منہ مشرق یا مغرب کی طرف پھیرو آخر آیت تک (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

۱۸۲۰/۲۷ وَعَنْ بُهَيْسَةَ عَنْ أَبِيهَا قَالَتْ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ قَالَ الْمَاءُ قَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ قَالَ الْمِلْحُ قَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ قَالَ أَنْ تَفْعَلَ الْخَيْرَ خَيْرٌ لَكَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

بُہیسہؓ سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے روایت کرتی ہے اس نے کہا اے اللہ کے رسول وہ کون سی چیز ہے جس کا روکنا جائز نہیں فرمایا پانی کہا اے اللہ کے نبی وہ کون سی چیز ہے جس سے کسی کو منع کرنا جائز نہیں آپ نے فرمایا نمک اس نے کہا اے اللہ کے نبی وہ کونسی چیز ہے جس سے کسی کو منع کرنا جائز نہیں فرمایا جو بھی تو نیکی کرے تیرے لئے بہتر ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۸۲۱/۲۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَحْيَى أَرْضًا مَيْتَةً فَلَهُ فِيهَا أَجْرٌ وَمَا أَكَلَتِ الْعَافِيَةُ مِنْهُ فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی مردہ زمین کو آباد کیا اس کو اس میں اجر ہے جو کچھ جانور اس میں سے کھا گئے وہ اس کے لئے صدقہ ہے (روایت کیا ہے اس کو دارمی نے)

* * * * * * * *

۱۸۲۲/۲۹ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَنَحَ مِنْحَةَ لَبَنٍ أَوْ وَرِقٍ أَوْ هَدَى زُقَاقًا كَانَ لَهُ مِثْلُ عِتْقِ رَقَبَةٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

براءؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص دودھ کے لئے جانور دے دے یا کسی کو چاندی بطور قرض دے دے یا کسی کو کوچہ اور راستہ کی راہ بتا دے اس کے لئے غلام آزاد کرنے کی مانند ثواب ہے (ترمذی)

۱۸۲۳/۳۰ وَعَنْ أَبِي جُرَيٍّ جَابِرِ بْنِ سُلَيْمٍ قَالَ أَتَيْتُ الْمَدِينَةَ فَرَأَيْتُ رَجُلًا يَصْدُرُ النَّاسُ عَنْ رَأْيِهِ لَا يَقُولُ شَيْئًا إِلَّا صَدَرُوا عَنْهُ قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوا هٰذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

ابوجُری جابر بن سلیم سے روایت ہے انہوں نے کہا میں مدینہ میں آیا میں نے ایک آدمی دیکھا کہ سب لوگ اس کے مشورے پر عمل کرتے ہیں جو کچھ بھی وہ کہتا ہے اس کے مطابق عمل کرتے ہیں میں نے کہا یہ کون ہے لوگوں نے کہا یہ اللہ کے رسول ہیں میں نے کہا آپ پر سلامتی ہو اے اللہ کے رسول دو مرتبہ میں نے کہا آپ نے فرمایا علیک السلام علیک السلام نہ کہو

مَرَّتَيْنِ قَالَ لَا تَقُلْ عَلَيْكَ السَّلَامُ عَلَيْكَ السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَيِّتِ قُلِ السَّلَامُ عَلَيْكَ قُلْتُ أَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ فَقَالَ أَنَا رَسُولُ اللّٰهِ الَّذِي إِنْ أَصَابَكَ ضُرٌّ فَدَعَوْتَهُ كَشَفَهُ عَنْكَ وَإِنْ أَصَابَكَ عَامُ سَنَةٍ فَدَعَوْتَهُ أَنْبَتَهَا لَكَ وَإِذَا كُنْتَ بِأَرْضٍ قَفْرٍ أَوْ فَلَاةٍ فَضَلَّتْ رَاحِلَتُكَ فَدَعَوْتَهُ رَدَّهَا عَلَيْكَ قُلْتُ اعْهَدْ إِلَيَّ قَالَ لَا تَسُبَّنَّ أَحَدًا قَالَ فَمَا سَبَبْتُ بَعْدَهُ حُرًّا وَلَا عَبْدًا وَلَا بَعِيرًا وَلَا شَاةً قَالَ وَلَا تَحْقِرَنَّ شَيْئًا مِنَ الْمَعْرُوفِ وَأَنْ تُكَلِّمَ أَخَاكَ وَأَنْتَ مُنْبَسِطٌ إِلَيْهِ وَجْهُكَ إِنَّ ذٰلِكَ مِنَ الْمَعْرُوفِ وَارْفَعْ إِزَارَكَ إِلَى نِصْفِ السَّاقِ فَإِنْ أَبَيْتَ فَإِلَى الْكَعْبَيْنِ وَإِيَّاكَ وَإِسْبَالَ الْإِزَارِ فَإِنَّهَا مِنَ الْمَخِيلَةِ وَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمَخِيلَةَ وَإِنِ امْرُؤٌ شَتَمَكَ وَعَيَّرَكَ بِمَا يَعْلَمُ فِيكَ فَلَا تُعَيِّرْهُ بِمَا تَعْلَمُ فِيهِ فَإِنَّمَا وَبَالُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ۔ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ مِنْهُ حَدِيثَ السَّلَامِ وَفِي رِوَايَةٍ فَيَكُونُ لَكَ أَجْرُ ذٰلِكَ وَبَالُهُ عَلَيْهِ)

اس طرح میت کو سلام کیا جاتا ہے بلکہ کہہ السلام علیک میں نے کہا آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔ فرمایا میں اس اللہ کا رسول ہوں۔ اگر تجھ کو ضرر پہنچے اور تو اس کو پکارے تو وہ تیری تکلیف کو دور کرے۔ اگر تجھ کو قحط سالی پہنچے تو اس سے دعاء کرے تیرے لئے سبزہ اگائے اگر تو بے آب و گیاہ جنگل میں ہو اور تیری اونٹنی گم ہو جائے تو اس سے دعا کرے تجھ پر لوٹا دے میں نے کہا مجھ کو کچھ نصیحت فرمائیں آپ نے فرمایا کسی کو گالی نہ دے۔ راوی نے کہا۔ میں نے اس کے بعد کسی آزاد، غلام اونٹ بکری وغیرہ کو گالی نہیں دی۔ پھر فرمایا کسی نیکی کو حقیر مت سمجھ اگرچہ تو اپنے بھائی کو خندہ پیشانی سے پیش آئے۔ یہ بھی نیکی ہے۔ اپنی تہبند کو آدھی پنڈلی تک بلند کر۔ اگر تو نہ مانے تو ٹخنوں تک اور تہبند لٹکانے سے بچ یہ تکبر کی علامت ہے اور اللہ تعالیٰ تکبر کو پسند نہیں کرتا۔ اگر کوئی آدمی تجھ کو گالی دے یا تیرے کسی عیب کی وجہ سے عار دلائے تو اس کو اس عیب کی وجہ سے ہے جیسے تو جانتا ہے عار نہ دلا۔ اس کا وبال اسی پر ہوگا۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اس سے سلام کی حدیث) ایک روایت میں ہے تیرے لئے اس بات کا اجر اور اس پر اس کا وبال ہوگا۔

✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣
✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣
✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣
✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣
✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣

۱۸۲۴/۳۱ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّهُمْ ذَبَحُوا شَاةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَقِيَ مِنْهَا قَالَتْ مَا بَقِيَ مِنْهَا إِلَّا كَتِفُهَا

حضرت عائشہ رضی سے روایت ہے انہوں نے ایک بکری ذبح کی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس سے کس قدر باقی ہے حضرت عائشہ رضی نے کہا اس کا صرف کندھا باقی رہ گیا

قَالَ بَقِيَ كُلُّهَا غَيْرَ كَتِفِهَا۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ)

ہے آپ نے فرمایا کندھے کے سوا سب باقی رہ گئی ہے
(روایت کیا اس کو ترمذی نے اور اس نے اس کو صحیح کہا ہے)

۱۸۲۵/۳۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ كَسَا مُسْلِمًا ثَوْبًا إِلَّا كَانَ فِيْ حِفْظٍ مِّنَ اللّٰهِ مَا دَامَ عَلَيْهِ مِنْهُ خِرْقَةٌ
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جو شخص کسی مسلمان کو پہننے کیلئے کپڑا دیتا ہے جب تک اس کا ایک ٹکڑا بھی اس پر رہتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہوتا ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۱۸۲۶/۳۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَفَعَهُ قَالَ ثَلٰثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ رَجُلٌ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَتْلُوْ كِتَابَ اللّٰهِ وَرَجُلٌ يَتَصَدَّقُ بِصَدَقَةٍ بِيَمِيْنِهِ يُخْفِيْهَا أُرَاهُ قَالَ مِنْ شِمَالِهِ وَرَجُلٌ كَانَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَانْهَزَمَ أَصْحَابُهُ فَاسْتَقْبَلَ الْعَدُوَّ
رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ أَحَدُ رُوَاتِهِ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ كَثِيْرُ الْغَلَطِ۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں تین آدمی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے ایک وہ آدمی جو رات کو کھڑے ہو کر اللہ کی کتاب پڑھتا ہے دوسرا وہ آدمی جو اپنے دائیں ہاتھ سے صدقہ کرتا ہے اور اس کو پوشیدہ کرتا ہے میرے خیال میں آپ نے فرمایا بائیں ہاتھ سے ایک وہ آدمی جو ایک لشکر میں تھا اس کے ساتھی شکست کھا گئے وہ دشمن کے سامنے ہوا (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غیر محفوظ ہے اس کا ایک راوی ابوبکر بن عیاش بہت غلطی کرتا تھا)

۱۸۲۷/۳۴ وَعَنْ أَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ وَثَلٰثَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ فَأَمَّا الَّذِيْنَ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ فَرَجُلٌ أَتٰى قَوْمًا فَسَأَلَهُمْ بِاللّٰهِ وَلَمْ يَسْأَلْهُمْ لِقَرَابَةٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ فَمَنَعُوْهُ فَتَخَلَّفَ رَجُلٌ بِأَعْيَانِهِمْ فَأَعْطَاهُ سِرًّا لَا يَعْلَمُ بِعَطِيَّتِهِ إِلَّا اللّٰهُ وَالَّذِيْ أَعْطَاهُ وَقَوْمٌ سَارُوْا لَيْلَتَهُمْ حَتّٰى إِذَا كَانَ النَّوْمُ أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِمَّا يَعْدِلُ بِهِ فَوَضَعُوْا

ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخصوں کو اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے اور تین شخصوں کو دشمن رکھتا ہے وہ تین شخص جن کو اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے وہ ایک آدمی جو ایک قوم کے پاس آتا ہے اللہ کے نام پر ان سے سوال کرتا ہے ان میں اس کی کوئی قرابت داری نہیں ہوتی جس کی وجہ سے سوال کرے وہ اس کو نہیں دیتے ایک شخص نے اپنی قوم کو پیچھے چھوڑا اور چپکے سے آکر پوشیدہ اس کو دیا اس کو اللہ جانتا ہے یا وہ شخص جس کو اس نے دیا ہے ایک وہ آدمی جو جماعت میں ہے وہ ساری رات سفر کرتے ہیں

besturdubooks.wordpress.com

رُءُوسَهُمْ فَقَامَ يَتَمَلَّقُنِي وَيَتْلُوا آيَاتِي وَرَجُلٌ كَانَ فِي سَرِيَّةٍ فَلَقِيَ الْعَدُوَّ فَهُزِمُوا فَأَقْبَلَ بِصَدْرِهِ حَتَّى يُقْتَلَ أَوْ يُفْتَحَ لَهُ وَالثَّلَاثَةُ الَّذِينَ يُبْغِضُهُمُ اللَّهُ الشَّيْخُ الزَّانِي وَالْفَقِيرُ الْمُخْتَالُ وَالْغَنِيُّ الظَّلُومُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ مِثْلَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ وَثَلَاثَةٌ يُبْغِضُهُمْ)

جس وقت ان کو نیند ان تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہوئی جو نیند کے برابر ہیں۔ انہوں نے سونے کے لئے اپنے سر رکھ دیئے وہ کھڑا ہوا میرے روبرو گڑگڑاتا ہے اور میری آیات پڑھتا ہے ایک وہ آدمی جو ایک لشکر میں ہے۔ دشمن سے اسکا مکراؤ ہے اسکے ساتھی شکست کھا گئے۔ وہ اپنے سینے کے ساتھ انکی طرف متوجہ ہوا یہاں تک کہ مارا گیا یا فتح حاصل کرلی اور وہ تین آدمی جنکو اللہ تعالیٰ دشمن رکھتا ہے بوڑھا زانی فقیر متکبر اور ظالم مالدار ہیں روایت کیا اسکو ترمذی نے اور نسائی نے اسکی مثل اور اس نے وثلثۃ یبغضھم کے الفاظ ذکر نہیں کئے۔

۱۸۴۸/۳۴ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَلَقَ اللَّهُ الْأَرْضَ جَعَلَتْ تَمِيدُ فَخَلَقَ الْجِبَالَ فَقَالَ بِهَا عَلَيْهَا فَاسْتَقَرَّتْ فَعَجِبَتِ الْمَلَائِكَةُ مِنْ شِدَّةِ الْجِبَالِ فَقَالُوا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ أَشَدُّ مِنَ الْجِبَالِ قَالَ نَعَمِ الْحَدِيدُ فَقَالُوا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ أَشَدُّ مِنَ الْحَدِيدِ قَالَ نَعَمِ النَّارُ فَقَالُوا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ أَشَدُّ مِنَ النَّارِ قَالَ نَعَمِ الْمَاءُ فَقَالُوا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ أَشَدُّ مِنَ الْمَاءِ قَالَ نَعَمِ الرِّيحُ فَقَالُوا يَا رَبِّ هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْءٌ أَشَدُّ مِنَ الرِّيحِ قَالَ نَعَمِ ابْنُ آدَمَ تَصَدَّقَ صَدَقَةً بِيَمِينِهِ يُخْفِيهَا مِنْ شِمَالِهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَذُكِرَ حَدِيثُ مُعَاذٍ الصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الْخَطِيئَةَ فِي

انس رضی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ نے زمین کو پیدا کیا۔ ہلنے لگی اللہ نے پہاڑ پیدا کئے ان کو زمین پر ٹھہرایا وہ ٹھہر گئی۔ فرشتوں نے پہاڑوں کی سختی سے تعجب کیا اور کہا اے ہمارے رب تیری مخلوق میں پہاڑوں سے بھی کوئی چیز سخت ہے فرمایا ہاں لوہا۔ انہوں نے کہا اے ہمارے رب تیری مخلوق میں سے کوئی چیز لوہے سے بھی سخت ہے فرمایا ہاں آگ۔ انہوں نے کہا اے ہمارے پروردگار آگ سے بھی کوئی چیز سخت تیری مخلوق میں ہے فرمایا ہاں پانی انہوں نے کہا۔ اے ہمارے پروردگار پانی سے بھی کوئی سخت چیز تیری مخلوق میں ہے فرمایا ہاں ہوا۔ فرشتوں نے کہا اے ہمارے پروردگار تیری مخلوق میں سے ہوا سے بھی کوئی چیز سخت ہے فرمایا ہاں ابن آدم جب کہ وہ صدقہ کرتا ہے اپنے دائیں ہاتھ سے اس کو اپنے بائیں ہاتھ سے چھپا لیتا ہے۔

روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور معاذ کی حدیث جس کے الفاظ ہیں۔ الصدقۃ تطفئ الخطیئۃ کتاب الایمان میں

besturdubooks.wordpress.com

كِتَابُ الْإِيمَانِ۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۱۸۲۹/۳۶ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ مُّسْلِمٍ يُّنْفِقُ مِنْ كُلِّ مَالٍ لَّهٗ زَوْجَيْنِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَّا اسْتَقْبَلَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ كُلُّهُمْ يَدْعُوْهُ اِلٰى مَا عِنْدَهٗ قُلْتُ وَكَيْفَ ذٰلِكَ قَالَ اِنْ كَانَ اِبِلًا فَبَعِيْرَيْنِ وَاِنْ كَانَتْ بَقَرَةً فَبَقَرَتَيْنِ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِیُّ)

ذکر کی جا چکی ہے)

### تیسری فصل

ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان اللہ کے راستہ میں ہر مال سے دو دو چیزیں خرچ کرتا ہے جنت کے دربان اس کا استقبال کریں گے ہر ایک اس کو اس کیطرف دعوت دے گا جو اس کے پاس ہے میں نے کہا اور وہ کس طرح دو دو خرچ کرے فرمایا اگر اونٹ ہیں دو اونٹ اگر گائیں ہیں دو گائیں (روایت کیا اس کو نسائی نے)

* * * * * * * * * *

۱۸۳۰/۳۷ وَعَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِیْ بَعْضُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ ظِلَّ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ صَدَقَتُهٗ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

مرثد بن عبداللہ سے روایت ہے انہوں نے کہا مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے خبر دی اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے قیامت کے دن مومن کا صدقہ اس کا سایہ ہوگا (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

* * * * * * * * * *

۱۸۳۱/۳۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَّسَّعَ عَلٰى عِيَالِهٖ فِی النَّفَقَةِ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَسَّعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ سَائِرَ سَنَتِهٖ قَالَ سُفْيَانُ اِنَّا قَدْ جَرَّبْنَاهُ فَوَجَدْنَاهُ كَذٰلِكَ۔ رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَرَوَى الْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْهُ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَاَبِیْ سَعِيْدٍ وَّجَابِرٍ وَّضَعَّفَهٗ۔

ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عاشوراء کے دن جو شخص اپنے اہل و عیال پر خرچ کرنے میں کشادگی کرتا ہے اللہ تعالیٰ سارا سال اس کے لئے کشادگی کرتا ہے سفیان نے کہا ہم نے اس کا تجربہ کیا ہے اور اس کو صحیح پایا (روایت کیا ہے اس کو رزین نے اور روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں ابن مسعود سے اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ابوسعید اور جابر سے اور اس نے اس کو ضعیف کہا ہے)

۱۸۳۲/۳۹ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ اَبُوْذَرٍّ

ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا ابوذر رضی اللہ عنہ

besturdubooks.wordpress.com

يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ الصَّدَقَةَ مَاذَا هِيَ قَالَ اَضْعَافٌ مُّضَاعَفَةٌ وَعِنْدَ اللّٰهِ الْمَزِيْدُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

نے کہا اے اللہ کے رسول صدقہ کا کیا ثواب ہے فرمایا دگنا دگنا کیا گیا اور اللہ کے ہاں مزید بھی ہے (روایت کیا اس کو احمد نے)

# بَابُ اَفْضَلِ الصَّدَقَةِ

## بہترین صدقہ کرنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۸۳۳/۱ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَحَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى وَّابْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ حَكِيْمٍ وَّحْدَهٗ)

ابوہریرہ رضؓ اور حکیم بن حزام رضؓ سے روایت ہے دونوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہترین وہ صدقہ ہے جو بے پرواہی سے ہو اور ان لوگوں سے صدقہ دینا شروع کر جن کی تو پرورش کرتا ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے اور روایت کیا اس کو مسلم نے حکیم بن حزام سے)

۱۸۳۴/۲ وَعَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَنْفَقَ الْمُسْلِمُ نَفَقَةً عَلٰى اَهْلِهٖ وَهُوَ يَحْتَسِبُهَا كَانَتْ لَهٗ صَدَقَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابومسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کوئی مسلمان اپنے اہل وعیال پر خرچ کرتا ہے اور اس میں ثواب کی توقع رکھتا ہے اس کے لئے صدقہ ہوگا (متفق علیہ)

۱۸۳۵/۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيْنَارٌ اَنْفَقْتَهٗ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَدِيْنَارٌ اَنْفَقْتَهٗ فِیْ رَقَبَةٍ وَّدِيْنَارٌ تَصَدَّقْتَ بِهٖ عَلٰى مِسْكِيْنٍ وَّدِيْنَارٌ اَنْفَقْتَهٗ عَلٰى اَهْلِكَ اَعْظَمُهَا اَجْرًا الَّذِیْ اَنْفَقْتَهٗ عَلٰى اَهْلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک دینار وہ ہے جس کو تو اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے اور ایک وہ دینار ہے جس کو تو گردن آزاد کرنے میں خرچ کرتا ہے ایک وہ دینار ہے جس کو تو مسکین پر صدقہ کرتا ہے ایک وہ دینار ہے جس کو تو اپنے گھر والوں پر خرچ کرتا ہے ان سب دیناروں میں سب سے بڑا اجر کے وہ دینار ہے جسکو تو اپنے گھر والوں پر خرچ کرتا ہے (مسلم)

۱۸۳۶/۴ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ دِيْنَارٍ

ثوبان سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا افضل دینار وہ ہے جس کو آدمی اپنے

besturdubooks.wordpress.com

يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ دِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ عَلٰى عِيَالِهٖ وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ عَلٰى دَآبَّتِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ عَلٰى اَصْحَابِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اہل پر خرچ کرتا ہے اور وہ دینار جو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جانور پر خرچ کیا ہے اور وہ دینار جس کو وہ اللہ کے راستہ میں اپنے ساتھیوں پر خرچ کرتا ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۸۳۷/۵ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلِيْ اَجْرٌ اَنْ اُنْفِقَ عَلٰى بَنِيْ اَبِيْ سَلَمَةَ اِنَّمَا هُمْ بَنِيَّ فَقَالَ اَنْفِقِيْ عَلَيْهِمْ فَلَكِ اَجْرُ مَا اَنْفَقْتِ عَلَيْهِمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام سلمہؓ سے روایت ہے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسول میں ابوسلمہ کے بیٹوں پر جو خرچ کرتی ہوں مجھے اس میں ثواب ہوگا وہ تو میرے بیٹے ہیں آپ نے فرمایا تو اُن پر خرچ کر اُن پر تو خرچ کرے گی اس میں تجھ کو ثواب ہوگا۔

* * * * * * (متفق علیہ)

۱۸۳۸/۶ وَعَنْ زَيْنَبَ امْرَاَةِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقْنَ يَا مَعْشَرَ النِّسَآءِ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ قَالَتْ فَرَجَعْتُ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ فَقُلْتُ اِنَّكَ رَجُلٌ خَفِيْفُ ذَاتِ الْيَدِ وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَمَرَنَا بِالصَّدَقَةِ فَاْتِهٖ فَاسْئَلْهُ فَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ يُجْزِئُ عَنِّيْ وَاِلَّا صَرَفْتُهَا اِلٰى غَيْرِكُمْ قَالَتْ فَقَالَ لِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بَلِ ائْتِيْهِ اَنْتِ قَالَتْ فَانْطَلَقْتُ فَاِذَا امْرَاَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ بِبَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَتِيْ حَاجَتُهَا قَالَتْ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اُلْقِيَتْ عَلَيْهِ الْمَهَابَةُ قَالَتْ فَخَرَجَ عَلَيْنَا بِلَالٌ فَقُلْنَا لَهُ ائْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

زینبؓ سے جو عبداللہ کی بیوی ہے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عورتوں کی جماعت صدقہ کرو اگرچہ اپنے زیوروں سے کرو اس نے کہا میں عبداللہ کے پاس واپس آئی میں نے کہا تو محتاج آدمی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو صدقہ کرنے کا حکم دیا ہے ان کے پاس جاؤ اور پوچھ آؤ اگر یہ بات مجھ سے کفایت کرتی ہے میں تجھ پر صدقہ کروں یا کسی اور پر صدقہ کروں اس نے کہا عبداللہ نے مجھ سے کہا بلکہ تو خود جا اس نے کہا میں گئی انصار کی ایک عورت بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے پر کھڑی تھی اس کو بھی میری حاجت کی مانند حاجت تھی وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں غیر معمولی ہیبت تھی حضرت بلال ہم پر نکلے ہم نے اس سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ اور اُن سے کہو دروازے پر دو عورتیں کھڑی ہیں وہ آپ سے پوچھتی ہیں کیا وہ اپنے خاوندوں کو صدقہ دیں اور ان یتیم لڑکوں پر خرچ کریں جو ان کی گود میں ہیں تو ان کو وہ صدقہ کفایت کرتا ہے اور آپ کو یہ نہ بتلانا کہ ہم کون ہیں حضرت بلالؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے

besturdubooks.wordpress.com

فَاَخْبِرْهُ اَنَّ امْرَاَتَيْنِ بِالْبَابِ تَسْاَلَانِكَ اَتُجْزِئُ الصَّدَقَةُ عَنْهُمَا عَلٰى اَزْوَاجِهِمَا وَعَلٰى اَيْتَامٍ فِيْ حُجُوْرِهِمَا وَلَا تُخْبِرْهُ مَنْ نَحْنُ قَالَتْ فَدَخَلَ بِلَالٌ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هُمَا قَالَ امْرَاَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَزَيْنَبُ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الزَّيَانِبِ قَالَ امْرَاَةُ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُمَا اَجْرَانِ اَجْرُ الْقَرَابَةِ وَاَجْرُ الصَّدَقَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِمُسْلِمٍ)

آپ سے دریافت کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ دونوں کون ہیں اس نے کہا انصار کی ایک عورت ہے اور زینب ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کونسی زینب ہے اس نے کہا عبداللہ کی بیوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کے لئے دو اجر ہیں ایک اجر قرابت کا اور ایک اجر صدقہ کا (متفق علیہ اور لفظ واسطے مسلم کے ہیں)

✣ ✣ ✣ 

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۱۸۴۲ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ جُهْدُ الْمُقِلِّ وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا اے اللہ کے رسول کون سا صدقہ افضل ہے فرمایا کم مال والے کی بہت کوشش کرنا اور پہلے اس شخص کو دے جس کا نفقہ تجھ پر واجب ہے (ابوداؤد)

۱۸۴۳ وَعَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الصَّدَقَةُ عَلَی الْمِسْكِیْنِ صَدَقَةٌ وَّهِیَ عَلٰی ذِی الرَّحِمِ ثِنْتَانِ صَدَقَةٌ وَّصِلَةٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ)

سلیمان بن عامر سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسکین پر صدقہ کرنا ایک صدقہ ہے اور رشتہ دار پر صدقہ کرنا دو ہیں۔ ایک صدقہ کا ثواب ہے اور ایک صلہ رحمی کا۔ (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

۱۸۴۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عِنْدِیْ دِیْنَارٌ قَالَ اَنْفِقْهُ عَلٰی نَفْسِكَ قَالَ عِنْدِیْ اٰخَرُ قَالَ اَنْفِقْهُ عَلٰی وَلَدِكَ قَالَ عِنْدِیْ اٰخَرُ قَالَ اَنْفِقْهُ عَلٰی اَهْلِكَ قَالَ عِنْدِیْ اٰخَرُ قَالَ اَنْفِقْهُ عَلٰی خَادِمِكَ قَالَ عِنْدِیْ اٰخَرُ قَالَ اَنْتَ اَعْلَمُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے کہا اے اللہ کے رسول میرے پاس ایک دینار ہے۔ فرمایا اس کو اپنے نفس پر خرچ کر لو اس نے کہا میرے پاس ایک اور ہے فرمایا۔ اپنی اولاد پر خرچ کر لو اس نے کہا میرے پاس ایک اور ہے آپ نے فرمایا اس کو اپنے اہل پر خرچ کر اس نے کہا میرے پاس ایک اور ہے آپ نے فرمایا اپنے خادم پر خرچ کر اس نے کہا میرے پاس ایک اور ہے آپ نے فرمایا اب تو خوب جانتا ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی نے)

۱۸۴۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَیْرِ النَّاسِ رَجُلٌ مُّمْسِكٌ بِعِنَانِ فَرَسِهٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِالَّذِیْ یَتْلُوْهُ رَجُلٌ مُّعْتَزِلٌ فِیْ غُنَیْمَةٍ لَهٗ یُؤَدِّیْ حَقَّ اللّٰهِ فِیْهَا اَلَا

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم کو بتلاؤں بہترین آدمی کون ہے وہ شخص جس نے اپنے گھوڑے کی لگام پکڑی ہوئی ہے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے میں تم کو بتلاؤں اس کے بعد کونسا آدمی بہتر ہے وہ آدمی جو تھوڑی سی بکریاں لے کر علیحدگی میں رہتا ہے اللہ کا حق جو ان میں ہے ادا کرتا ہے میں

besturdubooks.wordpress.com

أُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ رَجُلٌ يُسْأَلُ بِاللّٰهِ وَلَا يُعْطِي بِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

تم کو خبر دوں لوگوں میں سب سے برا کون ہے اس سے اللہ کے نام پر سوال کیا جاتا ہے اور یہ نہیں دیتا۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے، نسائی نے اور دارمی نے)

۱۸۴۶ وَعَنْ أُمِّ بُجَيْدٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُدُّوا السَّائِلَ وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالنَّسَائِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَمَعْنَاهُ)

ام بجید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سائل کو کچھ دے کر لوٹاؤ اگرچہ جلا ہوا سم ہو (روایت کیا اس کو مالک نے اور نسائی نے ترمذی نے اور ابوداؤد نے معنی اس کا)

۱۸۴۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَعَاذَ مِنْكُمْ بِاللّٰهِ فَأَعِيذُوْهُ وَمَنْ سَأَلَ بِاللّٰهِ فَأَعْطُوْهُ وَمَنْ دَعَاكُمْ فَأَجِيبُوْهُ وَمَنْ صَنَعَ إِلَيْكُمْ مَعْرُوْفًا فَكَافِئُوْهُ فَإِنْ لَّمْ تَجِدُوْا مَا تُكَافِئُوْهُ فَادْعُوْا لَهٗ حَتّٰى تَرَوْا أَنْ قَدْ كَافَأْتُمُوْهُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کا نام لے کر تم سے پناہ مانگے اس کو پناہ دے دو جو اللہ کا نام لے کر تم سے سوال کرے اس کو دو اور جو شخص تم کو بلائے اس کو قبول کرو جو شخص تمہاری طرف احسان کرے اس کو بدلہ دو اگر تمہارے پاس کچھ بدلہ دینے کے لئے نہ ہو اس کے لئے دعا کرو یہاں تک کہ تم دیکھو کہ اس کا بدلہ تم نے دے دیا ہے (روایت کیا اس کو احمد نے ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۱۸۴۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُسْأَلُ بِوَجْهِ اللّٰهِ إِلَّا الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی ذات سے جنت کے سوا کچھ اور نہ مانگو (روایت اس کو ابوداؤد نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۸۴۹ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ أَبُوْطَلْحَةَ أَكْثَرَ الْأَنْصَارِ بِالْمَدِيْنَةِ مَالًا مِّنْ نَّخْلٍ وَّكَانَ أَحَبُّ أَمْوَالِهٖ إِلَيْهِ بَيْرَحَاءَ وَكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَّاءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ قَالَ

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا مدینہ میں ابوطلحہ کے پاس سب انصار سے بڑھ کر کھجوریں تھیں اور اس کو اپنے اموال میں سب سے بڑھ کر پیارا بیرحاء تھا وہ مسجد کے بالمقابل تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر اس میں تشریف لے جاتے اور اس کا عمدہ پانی پیتے انس رضی اللہ عنہ نے کہا جس وقت یہ آیت اتری تم اس وقت تک ہرگز نیکی کو نہیں پہنچ

besturdubooks.wordpress.com

اَنَسٌ فَلَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ قَامَ اَبُوْ طَلْحَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ وَاِنَّ اَحَبَّ مَالِيْ اِلَيَّ بَيْرَحَاءُ وَاِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ تَعَالٰى اَرْجُوْ بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللّٰهِ فَضَعْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَيْثُ اَرَاكَ اللّٰهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَخٍ بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ وَاِنِّيْ اَرٰى اَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْاَقْرَبِيْنَ فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ اَفْعَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَسَمَهَا اَبُوْ طَلْحَةَ فِيْ اَقَارِبِهٖ وَبَنِيْ عَمِّهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سکتے جب تک وہ چیز خرچ نہ کرو جس کو تم کو دوست رکھتے ہو ابوطلحہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا اے اللہ کے رسول اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے تم اس وقت تک ہرگز نیکی کو نہیں پا سکتے جب تک وہ چیز خرچ نہ کرو جس کو تم دوست رکھتے ہو اور مجھے اپنے اموال میں سے محبوب بیرحاء ہے وہ اللہ کے لئے صدقہ ہے میں اس کے اجر اور ثواب کی امید اللہ تعالیٰ سے کرتا ہوں اے اللہ کے رسول جہاں آپ چاہتے ہیں اس کو رکھ دیں آپ نے فرمایا شاباش شاباش یہ بڑا نفع دینے والا مال ہے جو کچھ تو نے کہہ دیا ہے میں نے سن لیا ہے اور میرا خیال ہے کہ تو اس کو اپنے قریبی اعزہ میں تقسیم کر دے ابوطلحہؓ نے کہا اے اللہ کے رسول میں ایسا ہی کروں گا ابوطلحہؓ نے اپنے اقارب اور عم زاد بھائیوں میں تقسیم کر دیا۔ (متفق علیہ)

۱۸۵۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الصَّدَقَةِ اَنْ تُشْبِعَ كَبِدًا جَائِعًا۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

اسی انسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا افضل صدقہ یہ ہے کہ تو بھوکے جگر کا پیٹ بھر دے (روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

## بَابُ مَا تُنْفِقُهُ الْمَرْاَةُ مِنْ مَّالِ زَوْجِهَا

## خاوند کے مال سے عورت جو خرچ کرتی ہے اس کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۱۸۵۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَنْفَقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ طَعَامِ بَيْتِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ كَانَ لَهَا أَجْرُهَا بِمَا أَنْفَقَتْ وَلِزَوْجِهَا أَجْرُهُ بِمَا كَسَبَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ لَا يَنْقُصُ بَعْضُهُمْ أَجْرَ بَعْضٍ شَيْئًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت عورت اپنے گھر کے طعام میں سے خرچ کرتی ہے جبکہ وہ اسراف نہ کرے اس کو ثواب ہوتا ہے جو وہ خرچ کرتی ہے اور اس کے خاوند کو ثواب ہوتا ہے جو وہ کماتا ہے اور خازن کے لئے اس کی مانند ثواب ہے یہ سب ایک دوسرے کے اجر کو کم نہیں کرتے۔ (متفق علیہ)

۱۸۵۲/۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَنْفَقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ كَسْبِ زَوْجِهَا مِنْ غَيْرِ أَمْرِهِ فَلَهَا نِصْفُ أَجْرِهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کوئی عورت اپنے خاوند کے مال سے اس کی اجازت کے بغیر خرچ کرتی ہے اس کے لئے نصف اجر ہے (متفق علیہ)

۱۸۵۳/۳ وَعَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْخَازِنُ الْمُسْلِمُ الْأَمِينُ الَّذِي يُعْطِي مَا أُمِرَ بِهِ كَامِلًا مُوَفَّرًا طَيِّبَةً بِهِ نَفْسُهُ فَيَدْفَعُهُ إِلَى الَّذِي أُمِرَ لَهُ بِهِ أَحَدُ الْمُتَصَدِّقِينَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خازن مسلمان دیانت دار جسے جس قدر مال دینے کا حکم ملتا ہے پورا نفس کی خوشی سے دیتا ہے جسے دینے کا حکم دیا جاتا ہے وہ بھی صدقہ کرنے والوں میں سے ایک ہے۔ (متفق علیہ)

۱۸۵۴/۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أُمِّي افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا وَأَظُنُّهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ فَهَلْ لَهَا أَجْرٌ إِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک آدمی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا میری ماں ناگہاں مر گئی ہے اور میں خیال کرتا ہوں اگر وہ کلام کرتی صدقہ کا حکم کرتی اگر میں اب اس کی طرف سے صدقہ کروں اس کو ثواب ہوگا فرمایا ہاں۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۱۸۵۵/۵ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي

ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا حجۃ الوداع کے خطبہ میں

besturdubooks.wordpress.com

خُطْبَتِهٖ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ لَا تُنْفِقُ امْرَأَةٌ شَيْئًا مِّنْ بَيْتِ زَوْجِهَا إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَا الطَّعَامُ قَالَ ذٰلِكَ أَفْضَلُ أَمْوَالِنَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

فرماتے تھے کوئی عورت اپنے خاوند کے گھر سے اس کی اجازت کے بغیر خرچ نہ کرے کہا گیا اے اللہ کے رسول اور طعام بھی خرچ نہ کرے فرمایا یہ تو ہمارا عمدہ اور نفیس ترین مال ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۱۸۵۶ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ لَمَّا بَايَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النِّسَاءَ قَامَتِ امْرَأَةٌ جَلِيْلَةٌ كَأَنَّهَا مِنْ نِّسَاءِ مُضَرَ فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ إِنَّا كَلٌّ عَلٰى آبَائِنَا وَأَبْنَائِنَا وَأَزْوَاجِنَا فَمَا يَحِلُّ لَنَا مِنْ أَمْوَالِهِمْ قَالَ الرَّطْبُ تَأْكُلْنَهٗ وَتُهْدِيْنَهٗ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

سعدؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں سے بیعت لی ایک بلند قامت عورت گویا کہ وہ مضر قبیلہ کی عورت ہے نے کہا اے اللہ کے نبی ہم اپنے باپوں بیٹوں اور خاوندوں پر بوجھ ہیں ان کے مالوں سے ہمارے لئے کیا حلال ہے فرمایا تازہ مال جس کو تم کھالو اور ہدیہ دو (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۸۵۷ عَنْ عُمَيْرٍ مَّوْلَى أَبِي اللَّحْمِ قَالَ أَمَرَنِيْ مَوْلَايَ أَنْ أُقَدِّدَ لَحْمًا فَجَاءَنِيْ مِسْكِيْنٌ فَأَطْعَمْتُهٗ مِنْهُ فَعَلِمَ بِذٰلِكَ مَوْلَايَ فَضَرَبَنِيْ فَأَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَدَعَاهُ فَقَالَ لِمَ ضَرَبْتَهٗ قَالَ يُعْطِيْ طَعَامِيْ بِغَيْرِ أَنْ آمُرَهٗ فَقَالَ الْأَجْرُ بَيْنَكُمَا وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ كُنْتُ مَمْلُوْكًا فَسَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَصَدَّقُ مِنْ مَّالِ مَوَالِيَّ بِشَيْءٍ قَالَ نَعَمْ وَالْأَجْرُ بَيْنَكُمَا نِصْفَانِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عمیر مولی ابی اللحم سے روایت ہے اس نے کہا کہ میرے مالک نے مجھ کو حکم دیا کہ میں گوشت چیروں ایک مسکین آیا میں نے اس کو اس سے کھلا دیا میرے مالک کو اس بات کا پتہ چل گیا اس نے مجھ کو مارا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس بات کا میں نے آپؐ سے ذکر کیا آپؐ نے اس کو بلایا اور فرمایا کہ تو نے اس کو کیوں مارا ہے اس نے کہا بغیر میری اجازت کے میرا طعام دے دیتا ہے آپؐ نے فرمایا اس کا ثواب تم دونوں کو ہوگا ایک روایت میں ہے کہا میں غلام تھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا میں اپنے مالکوں کے مال سے کچھ خرچ کر سکتا ہوں آپؐ نے فرمایا ہاں اور ثواب تم دونوں کے درمیان نصف نصف ہوگا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ مَنْ لَّا يَعُوْدُ فِي الصَّدَقَةِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۸۵۸ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ حَمَلْتُ عَلٰى فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاَضَاعَ الَّذِيْ كَانَ عِنْدَهٗ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَشْتَرِيَهٗ وَ ظَنَنْتُ اَنَّهٗ يَبِيْعُهٗ بِرُخْصٍ فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَشْتَرِهٖ وَلَا تَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ وَاِنْ اَعْطَاكَهٗ بِدِرْهَمٍ فَاِنَّ الْعَائِدَ فِيْ صَدَقَتِهٖ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِيْ قَيْئِهٖ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَا تَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ فَاِنَّ الْعَائِدَ فِيْ صَدَقَتِهٖ كَالْعَائِدِ فِيْ قَيْئِهٖ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۱۸۵۹ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اَتَتْهُ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ تَصَدَّقْتُ عَلٰى اُمِّيْ بِجَارِيَةٍ وَّاِنَّهَا مَاتَتْ قَالَ وَجَبَ اَجْرُكِ وَرَدَّهَا عَلَيْكِ الْمِيْرَاثُ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهٗ كَانَ عَلَيْهَا صَوْمُ شَهْرٍ اَفَاَصُوْمُ عَنْهَا قَالَ صُوْمِيْ عَنْهَا قَالَتْ اِنَّهَا لَمْ تَحُجَّ قَطُّ اَفَاَحُجُّ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ حُجِّيْ عَنْهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

# صدقہ کو واپس نہ لینے کا بیان

## پہلی فصل

حضرت عمر بن خطاب سے روایت ہے کہا میں نے کسی شخص کو اللہ کی راہ میں گھوڑے پر سوار کیا جس کے پاس وہ گھوڑا تھا اس نے اس کو ضائع کر دیا میں نے اس کو خریدنا چاہا اور میرا خیال تھا کہ وہ سستا بیچ دے گا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا آپ نے فرمایا تو اس کو نہ خرید اور اپنے صدقہ میں نہ لوٹ اگرچہ وہ تجھ کو ایک درہم کا دے اس لئے کہ اپنے صدقہ میں لوٹنے والا کتے کی مانند ہے جو قے کر کے اس میں لوٹتا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ اپنے صدقہ میں نہ لوٹ اس لئے کہ صدقہ میں لوٹنے والا اس شخص کے مانند ہے جو اپنی قے میں لوٹنے والا ہے۔ (متفق علیہ)

بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا آپ کے پاس ایک عورت آئی کہنے لگی اے اللہ کے رسول! میں نے اپنی ماں کو ایک لونڈی بطور صدقہ دی تھی اب وہ مر گئی ہے فرمایا تیرا اجر ثابت ہو گیا ہے اور میراث نے اس لونڈی کو تیری طرف لوٹا دیا ہے اس نے کہا اے اللہ کے رسول! اس پر ایک ماہ کے روزے تھے کیا میں اس کی طرف سے روزے رکھوں فرمایا تو اس کی طرف سے روزے رکھ لے اس نے کہا اس نے حج بھی نہیں کیا تھا میں اس کی طرف سے حج کر لوں فرمایا ہاں تو اس کی طرف سے حج کر لے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

# كِتَابُ الصَّوْمِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۸۶۰/۱ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَفِیْ رِوَايَةٍ فُتِحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِيْنُ وَفِیْ رِوَايَةٍ فُتِحَتْ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

## روزوں کا بیان

### پہلی فصل

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت رمضان داخل ہوتا ہے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں ایک روایت میں ہے جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیاطین قید کر دئے جاتے ہیں ایک روایت میں ہے رحمت کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں (متفق علیہ)

۱۸۶۱/۲ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْجَنَّةِ ثَمَانِيَةُ اَبْوَابٍ مِّنْهَا بَابٌ يُّسَمّٰى الرَّيَّانَ لَا يَدْخُلُهٗ اِلَّا الصَّآئِمُوْنَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سہل بن سعد سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں آٹھ دروازے ہیں ایک دروازے کا نام ریان ہے اس سے صرف روزے دار ہی داخل ہوں گے۔ (متفق علیہ)

۱۸۶۲/۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِهٖ وَمَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِهٖ وَمَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رمضان کے روزے ایمان کے ساتھ ثواب کی نیت سے رکھتا ہے اس کے رمضان کے پہلے کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں جس شخص نے رمضان کی راتوں کا قیام ایمان کے ساتھ ثواب کی نیت سے کیا اس کے پہلے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں جس نے لیلۃ القدر کا قیام ایمان کے ساتھ ثواب کی نیت سے کیا اس کے پہلے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں (متفق علیہ)

۱۸۶۳/۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

اسی (ابوہریرہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ عَمَلِ ابْنِ اٰدَمَ يُضَاعَفُ الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا اِلٰى سَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِلَّا الصَّوْمَ فَاِنَّهٗ لِيْ وَاَنَا اَجْزِيْ بِهٖ يَدَعُ شَهْوَتَهٗ وَطَعَامَهٗ مِنْ اَجْلِيْ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ عِنْدَ فِطْرِهٖ وَفَرْحَةٌ عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّهٖ وَلَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِّيْحِ الْمِسْكِ وَالصِّيَامُ جُنَّةٌ فَاِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ اَحَدِكُمْ فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَصْخَبْ فَاِنْ سَابَّهٗ اَحَدٌ اَوْ قَاتَلَهٗ فَلْيَقُلْ اِنِّيْ امْرُؤٌ صَائِمٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن آدم جو نیک عمل کرتا ہے اس کو دس نیکیوں کا ثواب ملتا ہے سات سو نیکیوں تک اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے روزے کے سوا کیونکہ وہ میرے لئے ہے اور میں اس کا بدلہ دوں گا وہ اپنی شہوت اور اپنا کھانا میری وجہ سے چھوڑ دیتا ہے روزہ دار کے لئے دو خوشی کے وقت ہیں جب وہ روزہ افطار کرتا ہے اور جس وقت اپنے پروردگار سے ملاقات کرے گا اور روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک مشک کی بو سے زیادہ خوشتر ہے روزے ڈھال ہیں جس دن تم میں سے کسی کا روزہ ہو فحش بات نہ کرے شور نہ مچائے اگر کوئی اس کو گالی دے یا اس سے لڑے وہ کہے میں روزہ دار ہوں۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۸۶۴ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ اَوَّلُ لَيْلَةٍ مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ صُفِّدَتِ الشَّيَاطِيْنُ وَمَرَدَةُ الْجِنِّ وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ النَّارِ فَلَمْ يُفْتَحْ مِنْهَا بَابٌ وَّفُتِحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ فَلَمْ يُغْلَقْ مِنْهَا بَابٌ وَّيُنَادِيْ مُنَادٍ يَا بَاغِيَ الْخَيْرِ اَقْبِلْ وَيَا بَاغِيَ الشَّرِّ اَقْصِرْ وَلِلّٰهِ عُتَقَاءُ مِنَ النَّارِ وَذٰلِكَ كُلَّ لَيْلَةٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ عَنْ رَّجُلٍ وَّقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رمضان کی پہلی رات آتی ہے شیطان اور سرکش جن قید کر لئے جاتے ہیں دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں کوئی دروازہ نہیں کھولا جاتا جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں ایک ندا کرنے والا پکارتا ہے اے خیر کے طلب کرنے والو متوجہ ہو اور اے شر کے طلب کرنے والے بند رہ اور اللہ کے لئے آگ سے آزاد ہونے والے ہیں اور ایسا ہر رات ہوتا ہے (روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا اس کو احمد نے ایک آدمی سے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۸۶۵/۶ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَاکُمْ رَمَضَانُ شَهْرٌ مُّبَارَكٌ فَرَضَ اللّٰهُ عَلَیْکُمْ صِیَامَهٗ تُفْتَحُ فِیْهِ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَتُغْلَقُ فِیْهِ اَبْوَابُ الْجَحِیْمِ وَتُغَلُّ فِیْهِ مَرَدَةُ الشَّیَاطِیْنِ لِلّٰهِ فِیْهِ لَیْلَةٌ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ مَّنْ حُرِمَ خَیْرَهَا فَقَدْ حُرِمَ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِیُّ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان تمہارے پاس آیا ہے وہ برکت والا مہینہ ہے اللہ تعالیٰ نے اس کے روزوں کو تم پر فرض کیا ہے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں سرکش شیاطین کو طوق پہنا دیا جاتا ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی ایک رات ہے جس کی عبادت ہزار ماہ کی عبادت سے افضل ہے جو کوئی اسکی خیر سے محروم کر دیا گیا وہ ہر بھلائی سے محروم رہا (روایت کیا احمد اور نسائی نے)

۱۸۶۶/۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصِّیَامُ وَالْقُرْاٰنُ یَشْفَعَانِ لِلْعَبْدِ یَقُوْلُ الصِّیَامُ اَیْ رَبِّ اِنِّیْ مَنَعْتُهُ الطَّعَامَ وَالشَّهَوَاتِ بِالنَّهَارِ فَشَفِّعْنِیْ فِیْهِ وَیَقُوْلُ الْقُرْاٰنُ مَنَعْتُهُ النَّوْمَ بِاللَّیْلِ فَشَفِّعْنِیْ فِیْهِ فَیُشَفَّعَانِ۔ (رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزے اور قرآن بندے کے لئے شفاعت کریں گے روزے کہیں گے اے میرے پروردگار میں نے اس کو کھانے اور شہوات سے دن کو روکے رکھا ہے اس میں میری سفارش قبول کر قرآن کہے گا رات کو میں نے نیند سے روکے رکھا میری اس میں سفارش قبول کر ان کی سفارش قبول کی جائے گی (روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

۱۸۶۷/۸ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ دَخَلَ رَمَضَانُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذَا الشَّهْرَ قَدْ حَضَرَكُمْ وَفِیْهِ لَیْلَةٌ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ مَّنْ حُرِمَهَا فَقَدْ حُرِمَ الْخَیْرَ كُلَّهٗ وَلَا یُحْرَمُ خَیْرَهَا اِلَّا كُلُّ مَحْرُوْمٍ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

انس بن مالک سے روایت ہے رمضان داخل ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ مہینہ تم پر آیا ہے اس میں ایک رات ہے جو ہزار ماہ سے افضل ہے جو شخص اس سے محروم رہا وہ ہر طرح کی خیر سے محروم رہا اور اس کی خیر سے بے نصیب شخص ہی محروم رہتا ہے (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۱۸۶۸/۹ وَعَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِیِّ قَالَ

سلمان فارسیؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول

besturdubooks.wordpress.com

خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ آخِرِ يَوْمٍ مِّنْ شَعْبَانَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ أَظَلَّكُمْ شَهْرٌ عَظِيْمٌ شَهْرٌ مُّبَارَكٌ شَهْرٌ فِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ جَعَلَ اللّٰهُ صِيَامَهٗ فَرِيْضَةً وَّقِيَامَ لَيْلِهٖ تَطَوُّعًا مَّنْ تَقَرَّبَ فِيْهِ بِخَصْلَةٍ مِّنَ الْخَيْرِ كَانَ كَمَنْ أَدّٰى فَرِيْضَةً فِيْمَا سِوَاهُ وَمَنْ أَدّٰى فَرِيْضَةً فِيْهِ كَانَ كَمَنْ أَدّٰى سَبْعِيْنَ فَرِيْضَةً فِيْمَا سِوَاهُ وَهُوَ شَهْرُ الصَّبْرِ وَالصَّبْرُ ثَوَابُهُ الْجَنَّةُ وَشَهْرُ الْمُوَاسَاةِ وَشَهْرٌ يُّزَادُ فِيْهِ رِزْقُ الْمُؤْمِنِ مَنْ فَطَّرَ فِيْهِ صَائِمًا كَانَ لَهٗ مَغْفِرَةً لِّذُنُوْبِهٖ وَعِتْقَ رَقَبَتِهٖ مِنَ النَّارِ وَكَانَ لَهٗ مِثْلُ أَجْرِهٖ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَّنْتَقِصَ مِنْ أَجْرِهٖ شَيْءٌ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَيْسَ كُلُّنَا نَجِدُ مَا نُفَطِّرُ بِهِ الصَّائِمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِي اللّٰهُ هٰذَا الثَّوَابَ مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا عَلٰى مَذْقَةِ لَبَنٍ أَوْ تَمْرَةٍ أَوْ شَرْبَةٍ مِّنْ مَّاءٍ وَمَنْ أَشْبَعَ صَائِمًا سَقَاهُ اللّٰهُ مِنْ حَوْضِيْ شَرْبَةً لَّا يَظْمَأُ حَتّٰى يَدْخُلَ الْجَنَّةَ وَهُوَ شَهْرٌ أَوَّلُهٗ رَحْمَةٌ وَّأَوْسَطُهٗ مَغْفِرَةٌ وَّآخِرُهٗ عِتْقٌ مِّنَ النَّارِ وَمَنْ خَفَّفَ عَنْ مَّمْلُوْكِهٖ فِيْهِ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو شعبان کے آخری دن خطبہ دیا۔ فرمایا اے لوگو! ایک بہت بڑے مہینے نے تم پر سایہ کیا ہے بہت بابرکت مہینہ ہے اس میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اللہ نے اس کے روزوں کو فرض اور رات کے قیام کو نفل قرار دیا ہے جو شخص کسی نیکی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف قرب چاہے اس کو اس قدر ثواب ہوتا ہے گویا اس نے فرض ادا کیا جس نے رمضان میں فرض ادا کیا اس کا ثواب اس قدر ہے۔ گویا اس نے رمضان کے علاوہ دوسرے مہینوں میں ستر فرض ادا کئے وہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا ثواب جنت ہے وہ مواساۃ کا مہینہ ہے وہ ایسا مہینہ ہے کہ اس میں مؤمن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے جو اس میں کسی روزہ دار کو افطار کروائے اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ اور اسکی گردن آگ سے آزاد کر دی جاتی ہے اور اسکو بھی روزے دار کے ثواب کے برابر ثواب ملتا ہے اس سے روزہ دار کے ثواب میں کچھ کمی نہیں آتی۔ ہم نے کہا اے اللہ کے رسول! ہم میں سے ہر ایک افطار نہیں کروا سکتا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص کو بھی یہ ثواب عطا فرماتا ہے۔ جو ایک گھونٹ دودھ ایک کھجور یا ایک گھونٹ پانی سے کسی کا روزہ افطار کرواتا ہے جو روزہ دار کو سیر ہو کر کھانا کھلاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو میرے حوض سے پانی پلائے گا۔ کہ وہ جنت میں داخل ہونے تک کبھی بھی پیاسا نہ ہوگا۔ اور یہ ایک ایسا مہینہ ہے جس کا اول رحمت ہے اس کے درمیان میں بخشش ہے اور اس کے آخر میں آگ سے آزادی ہے جو شخص اس میں اپنے غلام کا بوجھ ہلکا کر دے اللہ تعالیٰ اس کو بخش دیتا ہے اور آگ سے آزاد کر دیتا ہے

besturdubooks.wordpress.com

غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ وَ اَعْتَقَهٗ مِنَ النَّارِ۔

۱۸۶۹/۱۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ اَطْلَقَ كُلَّ اَسِيْرٍ وَّ اَعْطٰى كُلَّ سَآئِلٍ۔

ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رمضان کا مہینہ آجاتا ہر قیدی کو چھوڑ دیتے اور ہر سائل کو دیتے۔

۱۸۷۰/۱۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْجَنَّةَ تُزَخْرَفُ لِرَمَضَانَ مِنْ رَّأْسِ الْحَوْلِ اِلٰى حَوْلٍ قَابِلٍ قَالَ فَاِذَا كَانَ اَوَّلُ يَوْمٍ مِّنْ رَّمَضَانَ هَبَّتْ رِيْحٌ تَحْتَ الْعَرْشِ مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ عَلَى الْحُوْرِ الْعِيْنِ فَيَقُلْنَ يَا رَبِّ اجْعَلْ لَّنَا مِنْ عِبَادِكَ اَزْوَاجًا تَقَرُّ بِهِمْ اَعْيُنُنَا وَ تَقَرُّ اَعْيُنُهُمْ بِنَا۔ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سال کے شروع سے سال کے آئندہ تک رمضان کے لئے جنت کو مزین کیا جاتا ہے جب رمضان کا پہلا دن ہوتا ہے عرش کے نیچے سے جنت کے پتوں سے حور عین پر ایک ہوا چلتی ہے وہ کہتی ہے اے ہمارے رب اپنے بندوں میں ہمارے لیے خاوند بنا جن کے ساتھ ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ہمارے ساتھ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں (ان تینوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں بیان کیا ہے)

* * * * * * * *

۱۸۷۱/۱۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ يُغْفَرُ لِاُمَّتِهٖ فِيْ اٰخِرِ لَيْلَةٍ فِيْ رَمَضَانَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَهِيَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ قَالَ لَا وَلٰكِنَّ الْعَامِلَ اِنَّمَا يُوَفّٰى اَجْرَهٗ اِذَا قَضٰى عَمَلَهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا رمضان کی آخری رات میں میری امت کو بخش دیا جاتا ہے آپ سے کہا گیا اے اللہ کے رسول کیا وہ لیلۃ القدر ہے فرمایا نہیں لیکن کام کرنے والا جب اپنا کام پورا کرلے اس کو اس کا اجر پورا دیا جاتا ہے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

# بَابُ رُؤْيَةِ الْهِلَالِ

# چاند کے دیکھنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۸۷۲/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوُا الْهِلَالَ وَلَا تُفْطِرُوْا حَتّٰى تَرَوْهُ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدِرُوْا لَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ لَيْلَةً فَلَا تَصُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْهُ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَأَكْمِلُوا الْعِدَّةَ ثَلٰثِيْنَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک چاند نہ دیکھ لو روزہ نہ رکھو اور جب تک اس کو دیکھ نہ لو افطار نہ کرو اگر تم پر چاند ڈھانک دیا جائے اندازہ کرو ایک روایت میں ہے آپ نے فرمایا مہینہ انتیس دن کا ہوتا ہے جب تک چاند نہ دیکھ لو روزہ نہ رکھو اگر تم پر چاند ڈھانک دیا جائے تو شعبان کے تیس دن پورے کر لو۔ (متفق علیہ)

✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣

۱۸۷۳ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صُوْمُوْا لِرُؤْيَتِهٖ وَأَفْطِرُوْا لِرُؤْيَتِهٖ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَأَكْمِلُوْا عِدَّةَ شَعْبَانَ ثَلٰثِيْنَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور اس کو دیکھ کر افطار کرو اگر تم پر ابر کیا جائے تو شعبان کے تیس دن پورے کر لو۔ (متفق علیہ)

✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣

۱۸۷۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا أُمَّةٌ أُمِّيَّةٌ لَّا نَكْتُبُ وَلَا نَحْسُبُ الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَعَقَدَ الْإِبْهَامَ فِي الثَّالِثَةِ ثُمَّ قَالَ الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا يَعْنِيْ تَمَامَ الثَّلٰثِيْنَ يَعْنِيْ مَرَّةً تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ وَمَرَّةً ثَلٰثِيْنَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم امی قوم ہیں حساب و کتاب نہیں جانتے مہینہ ایسا ایسا اور ایسا ہوتا ہے تیسری بار انگوٹھے کو بند کر لیا پھر فرمایا مہینہ ایسا ایسا اور ایسا ہوتا ہے یعنی پورے تیس دن یعنی کبھی مہینہ انتیس دن کا ہوتا ہے اور کبھی تیس دن کا۔ (متفق علیہ)

✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣

✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣ ✣

۱۸۷۵ وَعَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرَا عِيْدٍ لَّا يَنْقُصَانِ رَمَضَانُ وَذُو الْحِجَّةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عید کے دونوں مہینے کبھی ناقص نہیں ہوتے یعنی رمضان اور ذوالحجہ۔ (متفق علیہ)

۱۸۷۶ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَقَدَّمَنَّ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان کے شروع ہونے سے

besturdubooks.wordpress.com

اَحَدُكُمْ رَمَضَانَ بِصَوْمِ يَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ رَجُلٌ كَانَ يَصُوْمُ صَوْمًا فَلْيَصُمْ ذٰلِكَ الْيَوْمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ایک یا دو دن پہلے کوئی روزہ نہ رکھے مگر یہ کہ کسی کو روزہ رکھنے کی عادت ہے وہ ان دنوں میں بھی رکھ لے۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۸۷۷/۶ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا انْتَصَفَ شَعْبَانُ فَلَا تَصُوْمُوْا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت شعبان نصف گذر جائے نفلی روزے نہ رکھے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

۱۸۷۸/۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْصُوْا هِلَالَ شَعْبَانَ لِرَمَضَانَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اسی (ابوہریرہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان کے لئے شعبان کا مہینہ گنو (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۱۸۷۹/۸ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ مَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ اِلَّا شَعْبَانَ وَرَمَضَانَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ام سلمہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شعبان اور رمضان کے سوا پے در پے روزے رکھتے نہیں دیکھا (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ترمذی نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۸۸۰/۹ وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ مَنْ صَامَ الْيَوْمَ الَّذِيْ يُشَكُّ فِيْهِ فَقَدْ عَصَى اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

عمار بن یاسر سے روایت ہے انہوں نے کہا جس شخص نے شک کے دن کا روزہ رکھا اس نے ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے)

۱۸۸۱/۱۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَآءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ رَاَيْتُ الْهِلَالَ يَعْنِيْ هِلَالَ رَمَضَانَ فَقَالَ اَتَشْهَدُ اَنْ لَّآ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ایک اعرابی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے کہا میں نے رمضان کا چاند دیکھا ہے آپؐ نے فرمایا تو گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اس نے کہا ہاں فرمایا کہ

besturdubooks.wordpress.com

إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ أَتَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ يَا بِلَالُ أَذِّنْ فِي النَّاسِ أَنْ يَّصُوْمُوْا غَدًا۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

تو گواہی دیتا ہے کہ محمد اللہ کے رسول ہیں اس نے کہا ہاں فرمایا اے بلال لوگوں میں اعلان کر دو کہ کل روزہ رکھیں۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے، ترمذی نے اور نسائی نے، ابن ماجہ نے، دارمی نے)

۱۸۸۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ تَرَاءَى النَّاسُ الْهِلَالَ فَأَخْبَرْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّيْ رَأَيْتُهٗ فَصَامَ وَأَمَرَ النَّاسَ بِصِيَامِهٖ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا لوگ چاند دیکھنے کے لئے جمع ہوئے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی کہ میں نے چاند دیکھا ہے آپ نے بھی روزہ رکھا اور لوگوں کو روزہ رکھنے کا حکم دیا۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور دارمی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۸۸۳ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَحَفَّظُ مِنْ شَعْبَانَ مَا لَا يَتَحَفَّظُ مِنْ غَيْرِهٖ ثُمَّ يَصُوْمُ لِرُؤْيَةِ رَمَضَانَ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْهِ عَدَّ ثَلٰثِيْنَ يَوْمًا ثُمَّ صَامَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان کے دن بہت شمار کیا کرتے اور شعبان کے علاوہ کسی اور مہینہ کے دن اس قدر شمار نہ کرتے پھر رمضان کا چاند دیکھ کر روزہ رکھتے اگر مطلع ابر آلود ہو جاتا تیس دن پورے شمار کرتے پھر روزہ رکھتے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۱۸۸۴ وَعَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ قَالَ خَرَجْنَا لِلْعُمْرَةِ فَلَمَّا نَزَلْنَا بِبَطْنِ نَخْلَةَ تَرَاءَيْنَا الْهِلَالَ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَّقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ لَيْلَتَيْنِ فَلَقِيْنَا ابْنَ عَبَّاسٍ فَقُلْنَا إِنَّا رَأَيْنَا الْهِلَالَ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَّقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ هُوَ ابْنُ لَيْلَتَيْنِ فَقَالَ أَيَّ لَيْلَةٍ رَأَيْتُمُوْهُ

ابوالبختری سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم عمرہ کے لئے نکلے جب ہم بطن نخلہ میں اترے چاند دیکھنے کے لئے ہم جمع ہوئے کچھ لوگ کہنے لگے تیسری شب کا ہے کچھ لوگ کہنے لگے دوسری شب کا ہے ہم ابن عباس کو ملے ہم نے کہا ہم نے چاند دیکھا ہے کچھ لوگوں نے کہا تیسری رات کا ہے بعض نے کہا دوسری رات کا ہے انہوں نے کہا تم نے کس رات کو دیکھا تھا ہم نے کہا فلاں فلاں رات کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی مدت چاند دیکھنے

besturdubooks.wordpress.com

قُلْنَا لَيْلَةَ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَدَّهُ لِلرُّؤْيَةِ فَهُوَ لِلَّيْلَةِ رَأَيْتُمُوهُ وَفِي رِوَايَةٍ عَنْهُ قَالَ أَهَلَّ عَلَيْنَا رَمَضَانُ وَنَحْنُ بِذَاتِ عِرْقٍ فَأَرْسَلْنَا رَجُلًا إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْأَلُهُ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى قَدْ أَمَدَّهُ لِرُؤْيَتِهِ فَإِنْ أُغْمِيَ عَلَيْكُمْ فَأَكْمِلُوا الْعِدَّةَ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تک ٹھہرائی ہے وہ اس رات کا ہے جس رات تم نے دیکھا ہے ایک روایت میں اس سے ہے ہم نے رمضان کا چاند دیکھا جب کہ ہم ذات عرق میں تھے ہم نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی بھیجا آپ سے پوچھتا تھا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس کی مدت چاند کا دیکھنا ٹھہرایا ہے اگر تم پر ابر چھا جائے شعبان کی گنتی پوری کرو (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

# بَابٌ

## سحری کھانے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۸۸۵ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السُّحُورِ بَرَكَةً - (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سحری کھایا کرو سحری کھانے میں برکت ہے (متفق علیہ)

۱۸۸۶ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصْلُ مَا بَيْنَ صِيَامِنَا وَصِيَامِ أَهْلِ الْكِتَابِ أَكْلَةُ السَّحَرِ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عمرو بن عاص سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے اور اہل کتاب کے روزوں کا فرق سحری کھانا ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۸۸۷ وَعَنْ سَهْلٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ - (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سہل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ اس وقت تک بھلائی کیساتھ رہیں گے جب تک افطار میں جلدی کرتے رہیں گے (متفق علیہ)

۱۸۸۸ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَقْبَلَ اللَّيْلُ مِنْ هٰهُنَا وَأَدْبَرَ النَّهَارُ مِنْ هٰهُنَا وَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رات اس جگہ سے آئے اور دن اس جگہ سے جائے اور سورج غروب ہو جائے

besturdubooks.wordpress.com

غَرَبَتِ الشَّمْسُ فَقَدْ اَفْطَرَ الصَّائِمُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پس اس وقت روزے دار کے لئے افطار کا وقت ہے۔ (متفق علیہ)

۱۸۸۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوِصَالِ فِی الصَّوْمِ فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ اِنَّكَ تُوَاصِلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاَيُّكُمْ مِّثْلِیْ اِنِّیْ اَبِيْتُ يُطْعِمُنِیْ رَبِّیْ وَيَسْقِيْنِیْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لگاتار بغیر سحری کھائے روزہ رکھنے سے منع کیا ہے ایک آدمی نے کہا اے اللہ کے رسولؐ آپ پے در پے بغیر سحری کھائے روزے رکھ لیتے ہیں آپؐ نے فرمایا مجھ جیسا تم میں سے کون ہو سکتا ہے میں رات گذارتا ہوں میرا رب مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۱۸۹۰ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ يُجْمِعِ الصِّيَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ فَلَا صِيَامَ لَهٗ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَقَالَ اَبُوْدَاوٗدَ وَقَفَهٗ عَلٰى حَفْصَةَ مَعْمَرٌ وَّالزُّبَيْدِیُّ وَابْنُ عُيَيْنَةَ وَيُوْنُسُ الْاَيْلِیُّ كُلُّهُمْ عَنِ الزُّهْرِیِّ۔

حضرت حفصہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح صادق سے پہلے پہلے روزے کی نیت نہیں کرتا اس کا روزہ نہیں ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے ابوداؤد، نسائی اور دارمی نے اور ابوداؤد نے کہا معمر زبیدی، ابن عیینہ، یونس ایلی سب نے زہری سے روایت کرتے ہوئے اسے حفصہؓ پر موقوف کیا ہے)

۱۸۹۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعَ اَحَدُكُمُ النِّدَآءَ وَالْاِنَآءُ فِیْ يَدِهٖ فَلَا يَضَعْهُ حَتّٰى يَقْضِیَ حَاجَتَهٗ مِنْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم میں سے کوئی ایک اذان سن لے اور کچھ پینے کے لئے اس کے ہاتھ میں برتن ہو وہ اس کو نہ رکھے یہاں تک کہ اپنی ضرورت کو پوری کر لے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۱۸۹۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَحَبُّ عِبَادِیْ اِلَیَّ اَعْجَلُهُمْ فِطْرًا۔ (رَوَاهُ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مجھے اپنے بندوں میں سے وہ محبوب ہیں جو روزہ جلد افطار کر

besturdubooks.wordpress.com

التِّرْمِذِيُّ)

۱۸۹۳/۹ وَعَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَفْطَرَ اَحَدُكُمْ فَلْيُفْطِرْ عَلٰى تَمْرٍ فَاِنَّهٗ بَرَكَةٌ فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ فَلْيُفْطِرْ عَلٰى مَآءٍ فَاِنَّهٗ طَهُوْرٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَلَمْ يَذْكُرْ فَاِنَّهٗ بَرَكَةٌ غَيْرُ التِّرْمِذِيِّ)

لیتے ہیں (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

سلمان بن عامر سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی روزہ افطار کرے کھجور سے کرے کیونکہ اس میں برکت ہے اگر وہ نہ مل سکے پھر پانی سے کرے کیونکہ وہ پاک ہے (روایت کیا اس کو احمد نے ترمذی نے ابوداؤد نے ابن ماجہ نے دارمی نے لیکن فانہ برکۃ کے الفاظ ترمذی کے سوا کسی نے ذکر نہیں کئے)

۱۸۹۴/۱۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفْطِرُ قَبْلَ اَنْ يُّصَلِّيَ عَلٰى رُطَبَاتٍ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ رُطَبَاتٌ فَتُمَيْرَاتٌ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تُمَيْرَاتٌ حَسَا حَسَوَاتٍ مِّنْ مَّآءٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھنے سے پیشتر چند تازہ کھجوروں کے ساتھ روزہ افطار کرتے اگر تازہ کھجوریں میسر نہ آتیں تو چند خشک کھجوروں کے ساتھ افطار کرتے اگر وہ بھی نہ ملتیں پانی کے چند گھونٹ پی لیتے (روایت کیا اس کو ترمذی نے ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے)

۱۸۹۵/۱۱ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَطَّرَ صَآئِمًا اَوْ جَهَّزَ غَازِيًا فَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَمُحْيِي السُّنَّةِ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَقَالَ صَحِيْحٌ)

زید بن خالد سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص روزہ دار کو روزہ افطار کروائے یا کسی غازی کا سامان درست کر دے اس کو اس جیسا اجر اور ثواب ہے (روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور محی السنہ نے شرح السنہ میں اور اس نے کہا یہ حدیث صحیح ہے)

۱۸۹۶/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَفْطَرَ قَالَ ذَهَبَ الظَّمَاُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت روزہ افطار کرتے یہ دعاء پڑھتے۔ پیاس جاتی رہی رگیں تر ہو گئیں اور اگر اللہ نے چاہا اس کا ثواب ثابت ہو گیا (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۱۳۹۷ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ زُهْرَةَ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَفْطَرَ قَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ أَفْطَرْتُ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ مُرْسَلًا)

معاذ بن زہرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا بیشک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت روزہ افطار کرتے یہ دعا پڑھتے اے اللہ تیرے لئے میں نے روزہ رکھا اور تیرے رزق پر میں نے افطار کیا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے مرسل)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۳۹۸ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ الدِّيْنُ ظَاهِرًا مَا عَجَّلَ النَّاسُ الْفِطْرَ لِأَنَّ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى يُؤَخِّرُوْنَ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس وقت تک دین غالب رہے گا جب تک کہ لوگ جلد افطار کرتے رہیں گے کیونکہ یہود و نصاریٰ افطار کرنے میں تاخیر کرتے ہیں (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۱۳۹۹ وَعَنْ أَبِيْ عَطِيَّةَ قَالَ دَخَلْتُ أَنَا وَمَسْرُوْقٌ عَلٰى عَائِشَةَ فَقُلْنَا يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ رَجُلَانِ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدُهُمَا يُعَجِّلُ الْإِفْطَارَ وَيُعَجِّلُ الصَّلٰوةَ وَالْآخَرُ يُؤَخِّرُ الْإِفْطَارَ وَيُؤَخِّرُ الصَّلٰوةَ قَالَتْ أَيُّهُمَا يُعَجِّلُ الْإِفْطَارَ وَيُعَجِّلُ الصَّلٰوةَ قُلْنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَتْ هٰكَذَا كَانَ يَصْنَعُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْآخَرُ أَبُوْ مُوْسٰى۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوعطیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں اور مسروق حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر داخل ہوئے ہم نے کہا اے ام المومنین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دو صحابی ہیں ان میں سے ایک جلد افطار کرتا جلد نماز پڑھ لیتا ہے اور دوسرا تاخیر سے افطار کرتا ہے تاخیر سے نماز پڑھتا ہے اس نے کہا کون ہے جو جلدی افطار کرتا ہے اور جو جلد نماز پڑھتا ہے ہم نے کہا عبداللہ بن مسعود اس نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح کیا کرتے اور دوسرا صحابی ابوموسیٰ تھا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۴۰۰ وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ دَعَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى السَّحُوْرِ فِيْ رَمَضَانَ فَقَالَ

عرباض بن ساریہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو رمضان شریف میں سحری کے لئے بلایا اور فرمایا بابرکت کھانے کی طرف آؤ (روایت

besturdubooks.wordpress.com

هَلُمَّ إِلَى الْغَدَاءِ الْمُبَارَكِ۔
(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

کیا اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۱۹۰۱/۱۷ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ سَحُوْرُ الْمُؤْمِنِ التَّمْرُ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کے لئے کھجوریں سحری کا اچھا کھانا ہیں (روایت کیا ہے ابوداؤد نے)

## بَابُ تَنْزِيهِ الصَّوْمِ

## روزہ میں جن چیزوں سے پرہیز لازمی ہے انکا بیان

### اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

### پہلی فصل

۱۹۰۲/۱ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهٖ فَلَيْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ فِيْ أَنْ يَّدَعَ طَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جھوٹ بولنا اور برا کام کرنا نہیں چھوڑتا اللہ تعالیٰ کو اس کی کچھ ضرورت نہیں ہے کہ وہ کھانا اور پینا چھوڑ دے (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۱۹۰۳/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَيُبَاشِرُ وَهُوَ صَائِمٌ وَكَانَ أَمْلَكَكُمْ لِإِرْبِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوسہ لیتے اور بدن سے بدن لگاتے جبکہ آپ روزہ سے ہوتے اور وہ اپنی حاجت پر تم سے بڑھکر قادر تھے (متفق علیہ)

۱۹۰۴/۳ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْرِكُهُ الْفَجْرُ فِيْ رَمَضَانَ وَهُوَ جُنُبٌ مِنْ غَيْرِ حُلُمٍ فَيَغْتَسِلُ وَيَصُوْمُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (حضرت عائشہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں بعض اوقات صبح کے وقت بغیر احتلام جنبی ہوتے آپ غسل کرتے اور روزہ رکھتے (متفق علیہ)

۱۹۰۵/۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ وَاحْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سینگی کچھوائی جب کہ آپ محرم تھے اور آپ نے سینگی کچھوائی جب کہ آپ روزہ دار تھے (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۱۹۰۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّسِیَ وَهُوَ صَائِمٌ فَاَكَلَ اَوْ شَرِبَ فَلْيُتِمَّ صَوْمَهٗ فَاِنَّمَا اَطْعَمَهُ اللّٰهُ وَسَقَاهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص روزہ کی حالت میں بھول کر کھالے یا پی لے وہ اپنے روزے کو پورا کرے اس کو اللہ تعالےٰ نے کھلایا اور پلایا ہے۔ (متفق علیہ)

۱۹۰۷ وَعَنْهُ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَآءَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكْتُ قَالَ مَا لَكَ قَالَ وَقَعْتُ عَلٰى اِمْرَاَتِیْ وَاَنَا صَائِمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَجِدُ رَقَبَةً تُعْتِقُهَا قَالَ لَا قَالَ فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قَالَ لَا قَالَ هَلْ تَجِدُ اِطْعَامَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا قَالَ لَا قَالَ اجْلِسْ وَمَكَثَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيْنَا نَحْنُ عَلٰى ذٰلِكَ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَقٍ فِيْهِ تَمْرٌ وَالْعَرَقُ الْمِكْتَلُ الضَّخْمُ قَالَ اَيْنَ السَّآئِلُ قَالَ اَنَا قَالَ خُذْ هٰذَا فَتَصَدَّقْ بِهٖ فَقَالَ الرَّجُلُ اَعَلٰى اَفْقَرَ مِنِّیْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَوَاللّٰهِ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا يُرِيْدُ الْحَرَّتَيْنِ اَهْلُ بَيْتٍ اَفْقَرَ مِنْ اَهْلِ بَيْتِیْ فَضَحِكَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ اَنْيَابُهٗ ثُمَّ قَالَ اَطْعِمْهُ اَهْلَكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ ایک مرتبہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک آدمی آیا اور کہنے لگا اے اللہ کے رسولؐ! میں ہلاک ہوگیا آپؐ نے فرمایا کیا ہوا۔ اس نے کہا میں نے اپنی بیوی سے روزہ کی حالت میں جماع کر لیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تیرے پاس غلام ہے جس کو تو آزاد کر سکے اس نے کہا نہیں آپ نے فرمایا کیا تو پے در پے دو ماہ کے روزے رکھ سکتا ہے اس نے کہا نہیں فرمایا تیرے پاس اس قدر طاقت ہے کہ تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے اس نے کہا نہیں آپ نے فرمایا بیٹھ جا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہرے رہے ہم بھی ابھی تک وہاں تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک بڑے ٹوکرے میں کھجوریں لائی گئیں۔ فرمایا وہ پوچھنے والا کہاں ہے اس نے کہا میں حاضر ہوں فرمایا اس ٹوکرے کو لے جاؤ اور اس کی کھجوریں صدقہ کر دو۔ اس نے کہا اے اللہ کے رسولؐ کیا اپنے سے زیادہ محتاج لوگوں کو دوں۔ اللہ کی قسم مدینہ کے دونوں پہاڑوں میں مجھ سے بڑھ کر کوئی محتاج نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہنسے یہاں تک کہ آپ کے دانت (مبارک) ظاہر ہو گئے پھر فرمایا اپنے گھر والوں کو کھلا۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۱۹۰۸ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یُقَبِّلُهَا وَهُوَ صَائِمٌ وَیَمُصُّ لِسَانَهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسکا بوسہ لیتے اور اسکی زبان چوستے جبکہ آپ روزہ سے ہوتے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۱۹۰۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُبَاشَرَةِ لِلصَّائِمِ فَرَخَّصَ لَهٗ وَاَتَاهُ اٰخَرُ فَسَاَلَهٗ فَنَهَاهُ فَاِذَا الَّذِیْ رَخَّصَ لَهٗ شَیْخٌ وَّاِذَا الَّذِیْ نَهَاهُ شَابٌّ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے ایک آدمی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ کیا روزہ دار مباشرت کر سکتا ہے (صرف بدن سے بدن لگانا جماع مراد نہیں) آپ نے اس کو رخصت دے دی ایک دوسرا شخص آیا اُس نے بھی یہی سوال کیا آپ نے اس کو منع کر دیا جس کو رخصت دی وہ بوڑھا تھا اور جس کو منع کیا وہ نوجوان تھا (ابوداؤد)

۱۹۱۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَرَعَهُ الْقَیْءُ وَهُوَ صَائِمٌ فَلَیْسَ عَلَیْهِ قَضَاءٌ وَّمَنِ اسْتَقَاءَ عَمْدًا فَلْیَقْضِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ عِیْسَی بْنِ یُوْنُسَ وَقَالَ مُحَمَّدٌ یَعْنِی الْبُخَارِیَّ لَا اُرَاهُ مَحْفُوْظًا۔

اسی (ابوہریرہ رضہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص پر قے غلبہ کرے جب کہ وہ روزے سے ہے اس پر قضا نہیں ہے اور جو شخص قصداً قے کرے اس پر قضا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے ابن ماجہ نے اور دارمی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے ہم اس کو عیسیٰ بن یونس کی روایت سے ذکر کرتے ہیں محمد یعنی بخاری نے کہا میں اس کو محفوظ نہیں سمجھتا)

⁂ ⁂ ⁂ ⁂ ⁂ ⁂ ⁂

۱۹۱۱ وَعَنْ مَّعْدَانَ بْنِ طَلْحَةَ اَنَّ اَبَا الدَّرْدَاءِ حَدَّثَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَاءَ فَاَفْطَرَ قَالَ فَلَقِیْتُ ثَوْبَانَ فِیْ مَسْجِدِ دِمَشْقَ فَقُلْتُ اِنَّ اَبَا الدَّرْدَاءِ حَدَّثَنِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَاءَ فَاَفْطَرَ قَالَ

معدان بن طلحہ سے روایت ہے کہ ابوالدرداء نے اس کو حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قے کی پھر افطار کیا اس نے کہا میں ثوبان کو دمشق کی مسجد میں ملا میں نے کہا ابوالدرداء نے مجھے بیان کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قے کی پھر روزہ افطار کر دیا اس نے کہا اس نے سچ کہا اور میں نے آپ کے وضو کرنے کے لئے پانی ڈالا تھا

besturdubooks.wordpress.com

صَدَقَ وَاَنَا صَبَبْتُ لَهٗ وَضُوْءَهٗ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

(روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور دارمی نے)

۱۹۱۲/۱۱ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالَا اُحْصِيْ يَتَسَوَّكُ وَهُوَ صَائِمٌ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

عامر بن ربیعہؓ سے روایت ہے اس نے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے اس قدر کہ میں شمار نہیں کر سکتا کہ آپ روزہ کی حالت میں مسواک کرتے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے)

۱۹۱۳/۱۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اشْتَكَتْ عَيْنَيَّ اَفَاَكْتَحِلُ وَاَنَا صَائِمٌ قَالَ نَعَمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ لَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَوِيِّ وَاَبُوْعَاتِكَةَ الرَّاوِيْ يُضَعَّفُ)

انس رضؓ سے روایت انہوں نے کہا ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے کہا میری آنکھیں دکھتی ہیں کیا میں سرمہ ڈال لوں جبکہ میں روزے سے ہوں فرمایا ہاں ڈال لے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا اس کی سند قوی نہیں ابوعاتکہ راوی ضعیف شمار کیا جاتا ہے)

۱۹۱۴/۱۳ وَعَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَقَدْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَرْجِ يُصَبُّ عَلٰى رَاْسِهِ الْمَاءُ وَهُوَ صَائِمٌ مِّنَ الْعَطَشِ اَوْ مِنَ الْحَرِّ۔
(رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت ہے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ پیاس یا گرمی کی وجہ سے مقام عرج میں آپ کے سر پر پانی ڈالا جا رہا ہے آپ روزے سے تھے (روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور ابوداؤد نے)

۱۹۱۵/۱۴ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى رَجُلًا بِالْبَقِيْعِ وَهُوَ يَحْتَجِمُ وَهُوَ اٰخِذٌ بِيَدِيْ لِثَمَانِيْ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَّمَضَانَ فَقَالَ اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُوْمُ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ قَالَ الشَّيْخُ الْاِمَامُ مُحْيِي السُّنَّةِ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَتَاَوَّلَهٗ بَعْضُ مَنْ رَّخَّصَ فِيْ

شداد بن اوس رضؓ سے روایت ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک آدمی کے پاس میرا ہاتھ پکڑے ہوئے آئے وہ بقیع میں سینگی کھچوا رہا تھا رمضان کی اٹھارہ تاریخ تھی آپ نے فرمایا سینگی کھینچنے والا اور کھچوانے والا دونوں کا روزہ ٹوٹ گیا (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے ابن ماجہ نے اور دارمی نے شیخ امام محی السنہ فرماتے ہیں جو لوگ سینگی کھچوانے میں رخصت کے قائل ہیں وہ اس کی تاویل یوں کرتے ہیں کہ دونوں روزہ افطار کرنے کے درپے ہوتے ہیں جو سینگی کھچوا

besturdubooks.wordpress.com

الْحِجَامَةِ اَیْ تَعَرُّضًا لِلْاِفْطَارِ الْمَحْجُوْمُ لِلضُّعْفِ وَالْحَاجِمُ لِاَنَّهٗ لَا یَاْمَنُ مِنْ اَنْ یَّصِلَ شَیْءٌ اِلٰی جَوْفِهٖ بِمَصِّ الْمَلَازِمِ

رہا ہے ضعف کی وجہ سے خطرہ ہے کہ اس کا روزہ ٹوٹ جائے اور سینگی کھینچنے والا اس بات سے بے خوف نہیں ہے کہ سینگی چوسنے کی وجہ سے اس کے پیٹ میں کوئی چیز داخل ہو جائے)

۱۹۱۶/۱۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَفْطَرَ یَوْمًا مِّنْ رَّمَضَانَ مِنْ غَیْرِ رُخْصَةٍ وَّلَا مَرَضٍ لَّمْ یَقْضِ عَنْهُ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهٖ وَاِنْ صَامَهٗ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ وَالْبُخَارِیُّ فِیْ تَرْجَمَةِ بَابٍ وَّقَالَ التِّرْمِذِیُّ سَمِعْتُ مُحَمَّدًا یَعْنِی الْبُخَارِیَّ یَقُوْلُ اَبُوالْمُطَوِّسِ الرَّاوِیْ لَا اَعْرِفُ لَهٗ غَیْرَ هٰذَا الْحَدِیْثِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بغیر کسی رخصت یا مرض کے رمضان کا ایک روزہ افطار کر لیتا ہے زمانہ بھر روزہ رکھنا اس کی قضا کا سبب نہیں بن سکتا اگرچہ تمام عمر روزے رکھے۔

(روایت کیا اس کو احمد، ترمذی، ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور بخاری نے ترجمۃ الباب میں ترمذی نے کہا میں نے محمد یعنی امام بخاری سے سنا فرماتے تھے ابوالمطوس راوی کی صرف یہی حدیث ملتی ہے)

۱۹۱۷/۱۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَمْ مِّنْ صَائِمٍ لَّیْسَ لَهٗ مِنْ صِیَامِهٖ اِلَّا الظَّمَاُ وَكَمْ مِّنْ قَائِمٍ لَّیْسَ لَهٗ مِنْ قِیَامِهٖ اِلَّا السَّهَرُ (رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ وَذَكَرَ حَدِیْثَ لَقِیْطِ بْنِ صَبِرَةَ فِیْ بَابِ سُنَنِ الْوُضُوْءِ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کتنے ہی ایسے روزے دار ہیں ان کو روزوں سے صرف پیاس ملتی ہے اور کتنے رات کو قیام کرنے والے ہیں ان کو قیام سے صرف بیداری ملتی ہے (روایت کیا اس کو دارمی نے اور لقیط بن صبرہ کی حدیث باب سنن الوضوء میں ذکر کی جا چکی ہے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۹۱۸/۱۷ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ لَّا یُفَطِّرْنَ الصَّائِمَ الْحِجَامَةُ وَالْقَیْءُ وَالْاِحْتِلَامُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَیْرُ مَحْفُوْظٍ وَّعَبْدُ الرَّحْمٰنِ

ابوسعید سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں روزہ دار کا روزہ نہیں توڑتیں حجامت قے اور احتلام (روایت کیا اس کو ترمذی نے اس نے کہا یہ حدیث غیر محفوظ ہے عبدالرحمٰن بن زید حدیث میں ضعیف شمار ہوتے ہیں)

besturdubooks.wordpress.com

ابْنُ زَيْدٍ الرَّاوِيْ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ)

۱۹۱۹/۱۸ وَعَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ قَالَ سُئِلَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ كُنْتُمْ تَكْرَهُوْنَ الْحِجَامَةَ لِلصَّائِمِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا اِلَّا مِنْ اَجْلِ الضَّعْفِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ثابت بنانی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا انس بن مالک سے سوال کیا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تم سینگی لگوانے کو ناپسند خیال کرتے تھے اس نے کہا نہیں صرف اس لئے کہ وہ ضعف کا سبب بنتی ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۱۹۲۰/۱۹ وَعَنِ الْبُخَارِيِّ تَعْلِيْقًا قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَحْتَجِمُ وَهُوَ صَائِمٌ ثُمَّ تَرَكَهُ فَكَانَ يَحْتَجِمُ بِاللَّيْلِ۔

بخاری نے تعلیقاً ذکر کیا ہے ابن عمر روزہ کی حالت میں سینگی کھچواتے پھر اس کو چھوڑ دیا اور رات کو سینگی لگواتے تھے۔

۱۹۲۱/۲۰ وَعَنْ عَطَاءٍ قَالَ اِنْ مَضْمَضَ ثُمَّ اَفْرَغَ مَا فِيْهِ مِنَ الْمَاءِ لَا يَضُرُّهُ اَنْ يَّزْدَرِدَ رِيْقَهُ وَمَا بَقِيَ فِيْ فِيْهِ وَلَا مَضْغُ الْعِلْكِ فَاِنِ ازْدَرَدَ رِيْقَ الْعِلْكِ لَا اَقُوْلُ اِنَّهُ يُفْطِرُ وَلٰكِنْ يُّنْهٰى عَنْهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَرْجَمَةِ بَابٍ)

عطاء سے روایت ہے فرمایا جو شخص کلی کرے پھر پانی کو پھینک دے اس کو یہ بات نقصان نہیں پہنچاتی کہ اپنی تھوک نگل لے اور مصطگی نہ چبائے اگر اس کو نگل لے میں یہ نہیں کہتا کہ اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا لیکن اس سے منع کیا گیا ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے ترجمۃ الباب میں)

# بَابُ صَوْمِ الْمُسَافِرِ

# مسافر کے روزوں کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۹۲۲/۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ حَمْزَةَ ابْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصُوْمُ فِي السَّفَرِ وَكَانَ كَثِيْرَ الصِّيَامِ فَقَالَ اِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا حمزہ بن عمرو اسلمی رضؓ سے روایت ہے اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا میں سفر میں روزے رکھوں اور وہ بہت روزے رکھا کرتے تھے آپؐ نے فرمایا اگر تو چاہے روزہ رکھ لے اور اگر چاہے افطار کر لے۔ (متفق علیہ)

۱۹۲۳/۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ابوسعید خدری سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا اس وقت

besturdubooks.wordpress.com

وَسَلَّمَ لِسِتَّ عَشْرَةَ مَضَتْ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فَمِنَّا مَنْ صَامَ وَمِنَّا مَنْ اَفْطَرَ فَلَمْ يَعِبِ الصَّائِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ وَلَا الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّائِمِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رمضان کی سولہ تاریخ تھی۔ ہم میں سے کچھ لوگوں نے روزہ رکھ لیا بعض نے افطار کیا اور روزہ دار افطار کرنے والے پر عیب نہ لگاتے تھے۔ اور افطار کرنے والے روزہ داروں پر طعن نہ کرتے تھے۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۹۲۴/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَرَاٰى زِحَامًا وَّرَجُلًا قَدْ ظُلِّلَ عَلَيْهِ فَقَالَ مَا هٰذَا قَالُوْا صَائِمٌ فَقَالَ لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصَّوْمُ فِي السَّفَرِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سفر میں لوگوں کا ہجوم دیکھا۔ اور ایک آدمی پر دیکھا کہ سایہ کیا گیا ہے آپ نے فرمایا کیا ہے۔ انہوں نے کہا یہ شخص روزہ دار ہے آپ نے فرمایا سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے (متفق علیہ)

۱۹۲۵/۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّفَرِ فَمِنَّا الصَّائِمُ وَمِنَّا الْمُفْطِرُ فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا فِيْ يَوْمٍ حَارٍّ فَسَقَطَ الصُّوَّامُوْنَ وَقَامَ الْمُفْطِرُوْنَ فَضَرَبُوا الْاَبْنِيَةَ وَسَقَوُا الرِّكَابَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَهَبَ الْمُفْطِرُوْنَ الْيَوْمَ بِالْاَجْرِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے۔ ہم میں سے بعض لوگوں نے روزہ رکھا ہوا تھا۔ اور بعض افطار کرنے والے تھے۔ ایک سخت گرم دن میں ہم ایک منزل میں اترے روزہ دار اترتے ہی گر پڑے اور افطار کرنے والے کھڑے رہے انہوں نے خیمے لگائے اور اونٹوں کو پانی پلایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آج سارا ثواب افطار کرنے والے لے گئے (متفق علیہ)

۱۹۲۶/۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِلٰى مَكَّةَ فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ عُسْفَانَ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَرَفَعَهُ اِلٰى يَدِهٖ لِيَرَاهُ النَّاسُ فَاَفْطَرَ حَتّٰى قَدِمَ مَكَّةَ وَذٰلِكَ فِيْ رَمَضَانَ فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَّقُوْلُ قَدْ صَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَفْطَرَ فَمَنْ شَاءَ صَامَ وَمَنْ شَاءَ اَفْطَرَ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے نکلے آپ مکہ جا رہے تھے جس وقت آپ عسفان مقام پر پہنچے پانی منگوایا پھر اپنے ہاتھ میں اس کو اٹھایا تاکہ لوگ اس کو دیکھ لیں۔ آپ نے روزہ افطار کیا یہاں تک کہ مکہ آ گئے اور یہ سفر رمضان میں تھا اور ابن عباسؓ فرمایا کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر میں روزہ بھی رکھا ہے اور افطار بھی کیا ہے جو چاہے روزہ رکھ لے اور جو چاہے افطار کرے۔ (متفق علیہ)

اور مسلم کی ایک روایت میں جابر رضؓ سے ہے کہ آپ نے عصر کے

besturdubooks.wordpress.com

وَرِوَايَةِ لِمُسْلِمٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّهٗ شَرِبَ بَعْدَ الْعَصْرِ۔

بعد پانی پیا)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۱۹۲۷ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الْكَعْبِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ شَطْرَ الصَّلٰوةِ وَالصَّوْمَ عَنِ الْمُسَافِرِ وَعَنِ الْمُرْضِعِ وَالْحُبْلٰى (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

## دوسری فصل

انس بن مالک کعبی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مسافر آدمی کو آدھی نماز معاف کر دی ہے اور دودھ پلانے والی اور حاملہ کے لئے روزہ معاف کر دیا ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے، ترمذی نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۱۹۲۸ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبَّقِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهٗ حَمُوْلَةٌ تَاْوِیْ اِلٰى شِبَعٍ فَلْيَصُمْ رَمَضَانَ حَيْثُ اَدْرَكَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

سلمہ بن محبق سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے پاس سواری ہو جو اس کی منزل تک حالت سیری میں اس کو پہنچا دے وہ روزہ رکھے جہاں بھی اس کو رمضان پالے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

## تیسری فصل

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۱۹۲۹ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَامَ الْفَتْحِ اِلٰى مَكَّةَ فِیْ رَمَضَانَ فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ كُرَاعَ الْغَمِيْمِ فَصَامَ النَّاسُ ثُمَّ دَعَا بِقَدَحٍ مِّنْ مَّاءٍ فَرَفَعَهٗ حَتّٰى نَظَرَ النَّاسُ اِلَيْهِ ثُمَّ شَرِبَ فَقِيْلَ لَهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ اِنَّ بَعْضَ النَّاسِ قَدْ صَامَ فَقَالَ اُولٰٓئِكَ الْعُصَاةُ اُولٰٓئِكَ الْعُصَاةُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے سال مکہ کی طرف نکلے اس وقت رمضان کا مہینہ تھا آپؐ نے روزہ رکھا جب آپ کراع الغمیم پہنچے لوگوں نے بھی روزہ رکھ لیا پھر آپ نے پانی کا ایک پیالہ منگوایا اس کو اس قدر بلند اٹھایا کہ سب لوگوں نے اس کو دیکھ لیا پھر آپؐ نے پیا اس کے بعد آپ سے کہا گیا کہ بعض لوگوں نے روزہ رکھا ہوا ہے آپؐ نے فرمایا یہ لوگ گنہ گار ہیں یہ لوگ گنہ گار ہیں۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۹۳۰ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ

عبدالرحمٰن بن عوف سے روایت ہے انہوں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَائِمُ رَمَضَانَ فِي السَّفَرِ كَالْمُفْطِرِ فِي الْحَضَرِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سفر میں رمضان شریف کے روزے رکھنے والے کو اس قدر گناہ ہے جیسے حضر میں روزہ افطار کرنے والے کو ہے (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۱۹۳۱/۱۰ وَعَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَجِدُ بِيْ قُوَّةً عَلَى الصِّيَامِ فِي السَّفَرِ فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ قَالَ هِيَ رُخْصَةٌ مِّنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَمَنْ اَخَذَ بِهَا فَحَسَنٌ وَّمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّصُوْمَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حمزہ بن عمرو اسلمی رضؓ سے روایت ہے اس نے کہا اے اللہ کے رسولؐ میں سفر میں روزہ رکھنے کی قوت رکھتا ہوں کیا مجھ پر گناہ ہے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے رخصت ہے جو اس کو لے لے اچھا ہے اور جو روزہ رکھنا چاہے اس پر گناہ نہیں ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

# بَابُ الْقَضَاءِ

# روزوں کی قضاء کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۹۳۲/۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ يَكُوْنُ عَلَيَّ الصَّوْمُ مِنْ رَّمَضَانَ فَمَا اَسْتَطِيْعُ اَنْ اَقْضِيَ اِلَّا فِيْ شَعْبَانَ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ تَعْنِي الشُّغْلَ مِنَ النَّبِيِّ اَوْ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے مجھ پر روزوں کی قضا لازم ہوتی لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مشغول ہونے کی وجہ سے میں شعبان میں ہی ان کی قضا کرتی۔ (متفق علیہ)

۱۹۳۳/۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ لِلْمَرْاَةِ اَنْ تَصُوْمَ وَزَوْجُهَا شَاهِدٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ وَلَا تَاْذَنَ فِيْ بَيْتِهٖ اِلَّا بِاِذْنِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی عورت کے لئے جائز نہیں ہے کہ خاوند کی موجودگی میں روزہ رکھے اور اس کے گھر میں اس کی اجازت کے بغیر کسی کو آنے کی اجازت دے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۹۳۴/۳ وَعَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ اَنَّهَا قَالَتْ لِعَائِشَةَ مَا بَالُ الْحَائِضِ تَقْضِي الصَّوْمَ

معاذہ عدویہ سے روایت ہے اس نے عائشہ سے کہا کیا حال ہے حائضہ عورت کا کہ روزوں کی قضا کرتی ہے اور

besturdubooks.wordpress.com

وَلَا تَقْضِي الصَّلٰوةَ قَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ يُصِيبُنَا ذٰلِكَ فَنُؤْمَرُ بِقَضَاءِ الصَّوْمِ وَلَا نُؤْمَرُ بِقَضَاءِ الصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

نمازوں کی نہیں کرتی حضرت عائشہ رضؓ نے کہا ہم کو حیض آتا ہمیں روزوں کی قضا کا حکم دیا جاتا اور نماز کی قضا کا حکم نہ دیا جاتا (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۹۳۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ وَعَلَيْهِ صَوْمٌ صَامَ عَنْهُ وَلِيُّهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص فوت ہوا اور اس کے ذمے روزے ہوں اس کا ولی اس کی طرف سے روزے رکھے (متفق علیہ)

* * * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۱۹۳۶ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ مَّاتَ وَعَلَيْهِ صِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ فَلْيُطْعَمْ عَنْهُ مَكَانَ كُلِّ يَوْمٍ مِسْكِيْنٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ وَالصَّحِيْحُ اَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ عَلٰى ابْنِ عُمَرَ)

نافع رضؓ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں آپ نے فرمایا جو شخص فوت ہو جائے اور اس پر رمضان کے روزے ہوں اس کی طرف سے ہر دن کے بدلہ میں ایک مسکین کو کھانا کھلایا جائے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث ابن عمر پر موقوف ہے)

* * * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۹۳۷ عَنْ مَّالِكٍ بَلَغَهٗ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُسْئَلُ هَلْ يَصُوْمُ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ اَوْ يُصَلِّيْ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ فَيَقُوْلُ لَا يَصُوْمُ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ وَّلَا يُصَلِّيْ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ (رَوَاهُ فِي الْمُؤَطَّإِ)

مالک رضؓ سے روایت ہے ان کو یہ خبر پہنچی ہے کہ ابن عمر رضؓ سے پوچھا گیا کوئی شخص کسی کی طرف سے روزہ رکھ سکتا ہے یا نماز پڑھ سکتا ہے انہوں نے کہا کوئی شخص کسی کی طرف سے نہ روزہ رکھے نہ نماز پڑھے (روایت کیا ہے اس کو مؤطا میں)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ صِيَامِ التَّطَوُّعِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۱۹۳۸/۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يُفْطِرُ وَيُفْطِرُ حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يَصُوْمُ وَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَكْمَلَ صِيَامَ شَهْرٍ قَطُّ اِلَّا رَمَضَانَ وَمَا رَاَيْتُهُ فِيْ شَهْرٍ اَكْثَرَ مِنْهُ صِيَامًا فِيْ شَعْبَانَ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَتْ كَانَ يَصُوْمُ شَعْبَانَ كُلَّهٗ وَكَانَ يَصُوْمُ شَعْبَانَ اِلَّا قَلِيْلًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

# نفلی روزوں کا بیان

## پہلی فصل

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزے رکھنا شروع کرتے یہاں تک کہ ہم کہتے اب آپ افطار نہ کریں گے اور افطار کرتے یہاں تک کہ ہم کہتے اب آپ روزے نہیں رکھیں گے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا کہ آپ نے رمضان کے علاوہ کبھی سارے مہینہ کے روزے رکھے ہوں اور میں نے نہیں دیکھا کہ کبھی آپ نے شعبان کے علاوہ کسی اور مہینہ میں کثرت سے روزے رکھے ہوں ایک روایت میں ہے آپؓ نے کہا آپ شعبان کا سارا مہینہ روزے رکھتے اور آپ شعبان کے روزے رکھتے مگر کم (متفق علیہ)

۱۹۳۹/۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ اَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ شَهْرًا كُلَّهٗ قَالَتْ مَا عَلِمْتُهٗ صَامَ شَهْرًا كُلَّهٗ اِلَّا رَمَضَانَ وَلَا اَفْطَرَهٗ كُلَّهٗ حَتّٰى يَصُوْمَ مِنْهُ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبداللہ بن شقیق سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے عائشہ سے کہا کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمام مہینے کے روزے رکھتے تھے کہنے لگیں مجھے معلوم نہیں کہ آپ نے رمضان کے سوا کسی اور مہینہ کے پورے روزے رکھے ہوں اور نہ ہی کبھی پورا مہینہ روزے نہ رکھے ہوں یہاں تک کہ اس سے روزے رکھتے حتیٰ کہ آپؐ فوت ہوگئے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۹۴۰/۳ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ سَاَلَهٗ اَوْ سَاَلَ رَجُلًا وَّعِمْرَانُ يَسْمَعُ فَقَالَ يَا اَبَا فُلَانٍ اَمَا صُمْتَ مِنْ سَرَرِ شَعْبَانَ قَالَ لَا قَالَ فَاِذَا اَفْطَرْتَ فَصُمْ يَوْمَيْنِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عمران بن حصین سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے اس کو پوچھا یا کسی اور شخص نے آپؐ سے سوال کیا جب کہ عمران سن رہا تھا آپؐ نے فرمایا اے فلاں کے باپ تو نے آخر شعبان کے روزے نہیں رکھے اس نے کہا نہیں فرمایا جب تو افطار کرے تو دو روزے رکھ لے۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۱۹۴۱/۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ وَاَفْضَلُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْفَرِيْضَةِ صَلٰوةُ اللَّيْلِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان کے بعد اللہ کے مہینہ محرم کے روزے افضل ہیں اور فرضوں کے بعد رات کی نماز افضل ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۹۴۲/۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَحَرّٰى صِيَامَ يَوْمٍ فَضَّلَهٗ عَلٰى غَيْرِهٖ اِلَّا هٰذَا الْيَوْمَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَهٰذَا الشَّهْرَ يَعْنِيْ شَهْرَ رَمَضَانَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا کہ آپ فضیلت کا قصد کرتے ہوئے کسی دن میں سوائے یوم عاشورا کے روزہ رکھتے ہوں اور مہینوں میں سوائے رمضان کے مہینہ کے روزے رکھتے ہوں (متفق علیہ)

۱۹۴۳/۶ وَعَنْهُ قَالَ حِيْنَ صَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَاَمَرَ بِصِيَامِهٖ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهٗ يَوْمٌ تُعَظِّمُهُ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَئِنْ بَقِيْتُ اِلٰى قَابِلٍ لَّاَصُوْمَنَّ التَّاسِعَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابن عباسؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورہ کا روزہ رکھا اور اس کا روزہ رکھنے کا حکم دیا صحابہ رضؓ نے کہا اے اللہ کے رسول یہ ایک ایسا دن ہے جس کی یہود و نصاریٰ تعظیم کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں آئندہ سال تک زندہ رہا نویں تاریخ کا بھی روزہ رکھوں گا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۹۴۴/۷ وَعَنْ اُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ اَنَّ نَاسًا تَمَارَوْا عِنْدَهَا يَوْمَ عَرَفَةَ فِيْ صِيَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ هُوَ صَائِمٌ وَّقَالَ بَعْضُهُمْ لَيْسَ بِصَائِمٍ فَاَرْسَلْتُ اِلَيْهِ بِقَدَحِ لَبَنٍ وَّهُوَ وَاقِفٌ عَلٰى بَعِيْرِهٖ بِعَرَفَةَ فَشَرِبَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ام فضل رضؓ بنت حارث سے روایت ہے انہوں نے کہا کچھ لوگوں نے اس کے نزدیک عرفہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روزہ رکھنے میں کلام کیا بعض نے کہا کہ آپ کا روزہ ہے بعض نے کہا روزہ نہیں ہے میں نے دودھ کا ایک پیالہ بھیجا آپ میدان عرفات میں اپنے اونٹ پر کھڑے ہوئے تھے آپ نے اس کو پی لیا (متفق علیہ)

۱۹۴۵/۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَائِمًا

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے نہیں دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی ذوالحجہ کے دس

besturdubooks.wordpress.com

فِي الْعَشْرِ قَطُّ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کے روزے رکھے ہوں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۹۴۶ وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَيْفَ تَصُومُ فَغَضِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قَوْلِهِ فَلَمَّا رَأَى عُمَرُ غَضَبَهُ قَالَ رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَغَضَبِ رَسُولِهِ فَجَعَلَ عُمَرُ يُرَدِّدُ هٰذَا الْكَلَامَ حَتّٰى سَكَنَ غَضَبُهُ فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ مَنْ يَّصُومُ الدَّهْرَ كُلَّهُ قَالَ لَا صَامَ وَلَا أَفْطَرَ أَوْ قَالَ لَمْ يَصُمْ وَلَمْ يُفْطِرْ قَالَ كَيْفَ مَنْ يَّصُومُ يَوْمَيْنِ وَيُفْطِرُ يَوْمًا قَالَ وَيُطِيقُ ذٰلِكَ أَحَدٌ قَالَ كَيْفَ مَنْ يَّصُومُ يَوْمًا وَّيُفْطِرُ يَوْمًا قَالَ ذٰلِكَ صَوْمُ دَاوُدَ قَالَ كَيْفَ مَنْ يَّصُومُ يَوْمًا وَّيُفْطِرُ يَوْمَيْنِ قَالَ وَدِدْتُ أَنِّي طُوِّقْتُ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ وَرَمَضَانُ إِلٰى رَمَضَانَ فَهٰذَا صِيَامُ الدَّهْرِ كُلِّهِ صِيَامُ يَوْمِ عَرَفَةَ أَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُّكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِي قَبْلَهُ وَالسَّنَةَ الَّتِي بَعْدَهُ وَصِيَامُ يَوْمِ عَاشُورَاءَ أَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُّكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِي قَبْلَهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوقتادہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی آیا اس نے کہا آپ کس طرح روزے رکھتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی بات سے ناراض ہو گئے جب حضرت عمرؓ نے آپ کی ناراضگی دیکھی کہا ہم اللہ سے راضی ہوئے جو ہمارا رب ہے اور اسلام سے راضی ہوئے کہ ہمارا دین ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے راضی ہوئے کہ وہ ہمارے رسول ہیں ہم اللہ کے اور اس کے رسول کے غضب سے پناہ مانگتے ہیں عمرؓ اس بات کو بار بار کہنے لگے یہاں تک کہ آپ کی ناراضگی دور ہوئی عمرؓ نے کہا اے اللہ کے رسول جو شخص سارا سال روزے رکھتا ہے اس کا کیا حکم ہے آپ نے فرمایا نہ اس نے روزہ رکھا نہ افطار کی یا آپ نے فرمایا نہ اس نے روزہ رکھا نہ افطار کی عمرؓ نے کہا اس شخص کا کیا حکم ہے جو دو دن روزے رکھتا ہے اور ایک دن افطار کرتا ہے آپ نے فرمایا اسکی کون طاقت رکھتا ہے اس نے کہا اسکا کیا حکم ہے جو ایک دن روزہ رکھتا ہے ایک دن افطار کرتا ہے فرمایا یہ حضرت داؤدؑ کا روزہ ہے اس نے کہا اس شخص کا کیا حکم ہے جو ایک دن روزہ رکھتا ہے اور دو دن افطار کرتا ہے فرمایا میں چاہتا تھا کہ مجھے اس بات کی طاقت دی جاتی پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر مہینے میں تین روزے اور رمضان کے روزے رمضان تک یہ ہمیشہ کے روزے ہیں عرفہ کے دن کا روزہ مجھے امید ہے اس کا ثواب اس قدر ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک سال کے اس سے پہلے اور ایک سال کے اس کے بعد کے گناہ بخش دے گا اور عاشوراء کے دن کے روزے مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے پہلے کے گناہ معاف کر دے گا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۹۴۷ وَعَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

اسی (ابوقتادہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمِ الْاِثْنَیْنِ فَقَالَ فِیْہِ وُلِدْتُّ وَفِیْہِ اُنْزِلَ عَلَیَّ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

صلی اللہ علیہ وسلم سے سوموار کے روزے کے متعلق سوال کیا گیا فرمایا اس دن میں پیدا ہوا ہوں اور اس روز مجھ پر وحی نازل کی گئی ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۹۴۸/۱۱ وَعَنْ مُعَاذَۃَ الْعَدَوِیَّۃِ اَنَّہَا سَاَلَتْ عَائِشَۃَ اَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَصُوْمُ مِنْ کُلِّ شَہْرٍ ثَلٰثَۃَ اَیَّامٍ قَالَتْ نَعَمْ فَقُلْتُ لَہَا مِنْ اَیِّ اَیَّامِ الشَّہْرِ کَانَ یَصُوْمُ قَالَتْ لَمْ یَکُنْ یُبَالِیْ مِنْ اَیِّ اَیَّامِ الشَّہْرِ یَصُوْمُ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

معاذہ رضی عدویہ سے روایت ہے اس نے حضرت عائشہ رضی سے پوچھا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے کے تین روزے رکھتے تھے اس نے کہا ہاں میں نے کہا کون سے دنوں میں روزے رکھتے تھے کہا آپ اس کی پرواہ نہیں کرتے تھے کہ مہینہ میں کون سے دن ہوں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۱۹۴۹/۱۲ وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّہٗ حَدَّثَہٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ اَتْبَعَہٗ سِتًّا مِّنْ شَوَّالٍ کَانَ کَصِیَامِ الدَّہْرِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ابوایوب انصاری رضی سے روایت ہے اس نے اس کو بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رمضان کے روزے رکھے پھر اسکے بعد شوال کے چھ روزے رکھے وہ ہمیشہ روزے رکھنے کی مانند ہوگا (روایت کیا اس کو مسلم نے۔

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۱۹۵۰/۱۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمِ یَوْمِ الْفِطْرِ وَالنَّحْرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابوسعید خدری رضی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فطر اور قربانی کے روزہ رکھنے سے منع کیا ہے (متفق علیہ)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۱۹۵۱/۱۴ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا صَوْمَ فِیْ یَوْمَیْنِ الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰی۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

اسی (ابوسعید خدری رضی) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو دن روزہ نہیں رکھنے فطر اور اضحیٰ کے دن۔ (متفق علیہ)

۱۹۵۲/۱۵ وَعَنْ نُبَیْشَۃَ الْہُذَلِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیَّامُ التَّشْرِیْقِ اَیَّامُ اَکْلٍ وَّشُرْبٍ وَّذِکْرِ اللّٰہِ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

نبیشہ رضی ہذلی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایام تشریق کھانے پینے اور اللہ کے ذکر کے دن ہیں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

besturdubooks.wordpress.com

۱۹۵۳/۱۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَصُوْمُ اَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلَّا اَنْ يَّصُوْمَ قَبْلَهٗ اَوْ يَصُوْمَ بَعْدَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص جمعہ کے دن روزہ نہ رکھے مگر یہ کہ اس سے ایک دن پہلے یا بعد بھی روزہ رکھے۔ (متفق علیہ)

۱۹۵۴/۱۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَخْتَصُّوْا لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ بِقِيَامٍ مِّنْ بَيْنِ اللَّيَالِيْ وَلَا تَخْتَصُّوْا يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِصِيَامٍ مِّنْ بَيْنِ الْاَيَّامِ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ فِيْ صَوْمٍ يَّصُوْمُهٗ اَحَدُكُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا راتوں کے درمیان جمعہ کی رات کو خاص نہ کرو قیام کیلئے اور جمعہ کے دن کو دنوں کے درمیان روزے کے لئے خاص نہ کرو مگر یہ کہ جمعہ کا دن ایسے دن میں آجائے جس دن روزہ رکھتا ہے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۹۵۵/۱۸ وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ يَوْمًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بَعَّدَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ عَنِ النَّارِ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی راہ میں ایک دن روزہ رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے چہرہ کو ستر سال کی مسافت تک آگ سے دور کر دیتا ہے۔ (متفق علیہ)

۱۹۵۶/۱۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَلَمْ اُخْبَرْ اَنَّكَ تَصُوْمُ النَّهَارَ وَتَقُوْمُ اللَّيْلَ فَقُلْتُ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَلَا تَفْعَلْ صُمْ وَاَفْطِرْ وَقُمْ وَنَمْ فَاِنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَّاِنَّ لِعَيْنِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَّاِنَّ لِزَوْجِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَّاِنَّ لِزَوْرِكَ عَلَيْكَ حَقًّا لَا صَامَ مَنْ صَامَ الدَّهْرَ صَوْمُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهٖ صُمْ كُلَّ شَهْرٍ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ وَّاقْرَاِ الْقُرْاٰنَ فِيْ كُلِّ شَهْرٍ قُلْتُ

جمعہ اللہ بن عمرو بن عاص سے روایت ہے انہوں نے کہا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عبداللہ مجھے خبر دی گئی ہے کہ تو دن کو روزہ رکھتا ہے اور رات کو قیام کرتا ہے میں نے کہا کیوں نہیں اے اللہ کے رسول آپ نے فرمایا ایسا نہ کیا کر روزہ رکھ افطار بھی کر اور سو بھی اور قیام بھی کر تیرے جسم کا تجھ پر حق ہے تیری آنکھ کا تجھ پر حق ہے تیری بیوی کا تجھ پر حق ہے تیرے مہمان کا تجھ پر حق ہے جس نے ہمیشہ روزہ رکھا اس نے روزہ نہ رکھا ہر ماہ کے تین روزے ہمیشہ کے روزوں کا ثواب رکھتے ہیں ہر ماہ کے تین دن روزے رکھا کر ہر ماہ میں قرآن پڑھا کر میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ کی طاقت ہے فرمایا روزہ رکھ افضل روزہ حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ ہے ایک دن روزہ رکھ ایک دن افطار کر اور ہر سات

besturdubooks.wordpress.com

إِنِّي أُطِيقُ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ صُمْ أَفْضَلَ الصَّوْمِ صَوْمَ دَاوٗدَ صِيَامَ يَوْمٍ وَّإِفْطَارَ يَوْمٍ وَّاقْرَإِ فِي كُلِّ سَبْعِ لَيَالٍ مَّرَّةً وَّلَا تَزِدْ عَلٰى ذٰلِكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

راتوں میں ایک مرتبہ قرآن مجید پڑھ لیا کر۔ (متفق علیہ)
اور اس سے زیادہ نہ کر۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۱۹۵۷/۲۰ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھتے تھے (روایت کیا اس کو ترمذی اور نسائی نے)

۱۹۵۸/۲۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُعْرَضُ الْاَعْمَالُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ فَاُحِبُّ اَنْ يُّعْرَضَ عَمَلِيْ وَاَنَا صَائِمٌ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوموار اور جمعرات کو اعمال اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کئے جاتے ہیں پسند کرتا ہوں کہ میرے اعمال پیش ہوں جب کہ میں روزہ دار ہوں (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۱۹۵۹/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا ذَرٍّ اِذَا صُمْتَ مِنَ الشَّهْرِ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَصُمْ ثَلٰثَ عَشْرَةَ وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ وَخَمْسَ عَشْرَةَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

ابوذر رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوذر رضہ اگر تو مہینہ کے تین روزے رکھے تو تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ کو روزہ رکھ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی اور نسائی نے)

* * * * * *

۱۹۶۰/۲۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ مِنْ غُرَّةِ كُلِّ شَهْرٍ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ وَّقَلَّمَا كَانَ يُفْطِرُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ اِلٰى ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ۔

عبداللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مہینے کے اول دنوں میں تین روزے رکھتے اور جمعہ کے دن کم ہی افطار کرتے تھے
(روایت کیا اس کو ترمذی نے اور نسائی نے اور روایت کیا ہے ابوداؤد نے ثلثۃ ایام تک۔

* * * * * * * *

۱۹۶۱/۲۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول

besturdubooks.wordpress.com

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصوم من الشہر السبت والاحد والاثنین ومن الشہر الآخر الثلثاء والاربعاء والخمیس (رواہ الترمذی)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مہینہ میں ہفتہ، اتوار اور سوموار کا روزہ رکھتے اور دوسرے مہینہ میں منگل وار، بدھ وار اور جمعرات کا روزہ رکھتے (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۱۹۶۳/۲۵ وعن ام سلمۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یامرنی ان اصوم ثلثۃ ایام من کل شہر اولہا الاثنین والخمیس۔ (رواہ ابوداؤد والنسائی)

حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم فرمایا کہ میں ہر مہینہ کے تین روزے رکھوں۔ ان میں سے پہلا سوموار یا جمعرات کا ہو۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۱۹۶۴/۲۶ وعن مسلم القرشی قال سالت او سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن صیام الدہر قال ان لاہلک علیک حقا صم رمضان والذی یلیہ وکل اربعاء وخمیس فاذا انت قد صمت الدہر کلہ۔ (رواہ ابوداؤد والترمذی)

مسلم قریشیؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے یا کسی اور نے سوال کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمیشہ کے روزوں کے متعلق۔ آپ نے فرمایا تیرے اہل کا تجھ پر حق ہے۔ رمضان کے روزے رکھ لے اور ان دنوں کے جو اس کے متصل ہیں اور ہر بدھ وار اور جمعرات کا روزہ رکھ لے پس اس وقت تو نے ہمیشہ کے لئے روزے رکھے (روایت کیا اس کو ابوداؤد، ترمذی نے)

۱۹۶۵/۲۷ وعن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن صوم یوم عرفۃ بعرفۃ۔ (رواہ ابوداؤد)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفہ کے دن عرفات میں روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۱۹۶۶/۲۸ وعن عبداللہ بن بسر عن اختہ الصماء ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تصوموا یوم السبت الا فیما افترض علیکم فان لم یجد احدکم الا لحاء عنبۃ او عود شجرۃ فلیمضغہ۔ (رواہ احمد وابوداؤد والترمذی وابن ماجۃ والدارمی)

عبداللہؓ بن بسر اپنی بہن صماء سے روایت کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فرضی روزوں کے علاوہ ہفتہ کے دن روزہ رکھو۔ اگر تم میں سے کوئی انگور کا پوست یا کسی درخت کی لکڑی پائے اس کو چبالے

(روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے۔

besturdubooks.wordpress.com

۱۹۶۶/۲۹ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ يَوْمًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ النَّارِ خَنْدَقًا كَمَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوامامہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی راہ میں ایک دن روزہ رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے درمیان اور آگ کے درمیان آسمان وزمین کی مسافت کے قریب خندق بنا دیتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۱۹۶۷/۳۰ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْغَنِيْمَةُ الْبَارِدَةُ الصَّوْمُ فِي الشِّتَآءِ۔ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ مُّرْسَلٌ وَّذَكَرَ حَدِيْثَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مَا مِنْ اَيَّامٍ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ فِيْ بَابِ الْاُضْحِيَّةِ۔

عامر بن مسعود سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سردیوں میں روزے رکھنا غنیمت بارد ہ ہے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث مرسل ہے اور ابوہریرہ رضؓ کی حدیث جس کے الفاظ ہیں ما من ایام احب الی اللہ باب الاضحیۃ میں ذکر کی جا چکی ہے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۹۶۸/۳۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَوَجَدَ الْيَهُوْدَ صِيَامًا يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هٰذَا الْيَوْمُ الَّذِيْ تَصُوْمُوْنَهٗ فَقَالُوْا هٰذَا يَوْمٌ عَظِيْمٌ اَنْجَى اللّٰهُ فِيْهِ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ وَغَرَّقَ فِرْعَوْنَ وَقَوْمَهٗ فَصَامَهٗ مُوْسٰى شُكْرًا فَنَحْنُ نَصُوْمُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَحْنُ اَحَقُّ وَاَوْلٰى بِمُوْسٰى مِنْكُمْ فَصَامَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَرَ بِصِيَامِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت مدینہ تشریف لائے یہودیوں کو دیکھا کہ وہ عاشورہ کا روزہ رکھتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس دن تم روزہ کیوں رکھتے ہو انہوں نے کہا یہ بہت بڑا دن ہے اللہ تعالیٰ نے اس دن موسیٰ اور اس کی قوم کو نجات دی تھی اور فرعون اور اس کے ساتھیوں کو غرق کیا تھا تو موسیٰ علیہ السلام نے شکر کے طور پر اس دن روزہ رکھا ہم بھی اس دن روزہ رکھتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تم سے زیادہ لائق ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دن روزہ رکھا اور روزہ رکھنے کا حکم دیا۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۱۹۶۹/۳۲ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ يَوْمَ السَّبْتِ وَيَوْمَ الْاَحَدِ اَكْثَرَ مَا يَصُوْمُ مِنَ الْاَيَّامِ وَيَقُوْلُ اِنَّهُمَا يَوْمَا عِيْدٍ لِّلْمُشْرِكِيْنَ فَاَنَا اُحِبُّ اَنْ اُخَالِفَهُمْ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ام سلمہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنوں میں زیادہ ہفتہ اور اتوار کا روزہ رکھتے اور فرماتے یہ دو دن مشرکوں کی عید کے ہیں میں ان کی مخالفت کرنا پسند رکھتا ہوں (روایت کیا اس کو احمد نے)

۱۹۷۰/۳۳ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ بِصِيَامِ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَيَحُثُّنَا عَلَيْهِ وَيَتَعَاهَدُنَا عِنْدَهٗ فَلَمَّا فُرِضَ رَمَضَانُ لَمْ يَاْمُرْنَا وَلَمْ يَنْهَنَا عَنْهُ وَلَمْ يَتَعَاهَدْنَا عِنْدَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر بن سمرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کا حکم فرماتے اور ہم کو اس کی ترغیب دیتے اور اس کی خبر گیری کرتے آپ ہمارے لئے پھر جب رمضان فرض ہوا نہ آپ نے اس کا حکم فرمایا اور نہ اس سے منع کیا نہ اس کی خبر گیری کی آپ نے ہمارے لئے

۱۹۷۱/۳۴ وَعَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ اَرْبَعٌ لَّمْ يَكُنْ يَدَعُهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِيَامُ عَاشُوْرَآءَ وَالْعَشْرِ وَثَلٰثَةِ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ وَّرَكْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ۔ (رَوَاهُ النَّسَآئِيُّ)

حضرت حفصہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا چار چیزیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی نہیں چھوڑیں عاشورہ کا روزہ، ذوالحجہ کے پہلے عشرہ کے روزے اور ہر ماہ کے تین تین روزے اور فجر سے پہلے دو رکعت پڑھنا (روایت کیا ہے اس کو نسائی نے)

۱۹۷۲/۳۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُفْطِرُ اَيَّامَ الْبِيْضِ فِيْ حَضَرٍ وَّلَا سَفَرٍ۔ (رَوَاهُ النَّسَآئِيُّ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایام بیض (چاند کی تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ) کے روزے سفر اور حضر میں نہیں چھوڑتے تھے۔ (روایت کیا اس کو نسائی نے)

۱۹۷۳/۳۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ شَيْءٍ زَكٰوةٌ وَّزَكٰوةُ الْجَسَدِ الصَّوْمُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر چیز میں زکوٰۃ ہے اور جسم کی زکوٰۃ روزہ ہے (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۱۹۷۴/۳۷ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُوْمُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھتے کہا گیا اے

فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّكَ تَصُومُ يَوْمَ الْإِثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ فَقَالَ إِنَّ يَوْمَ الْإِثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ يَغْفِرُ اللّٰهُ فِيهِمَا لِكُلِّ مُسْلِمٍ إِلَّا هَاجِرَيْنِ يَقُولُ دَعْهُمَا حَتّٰى يَصْطَلِحَا۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

اللہ کے رسول آپ سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھتے ہیں آپ نے فرمایا سوموار اور جمعرات کو اللہ تعالیٰ ہر مسلمان شخص کو بخش دیتا ہے مگر ان دو شخصوں کو نہیں بخشتا جو آپس میں لڑے ہوئے اور ترک ملاقات کئے ہوئے ہیں فرماتا ہے ان کو چھوڑ دو یہاں تک کہ یہ دونوں صلح کرلیں (روایت کیا اس کو احمد اور ابن ماجہ نے)

۱۹۷۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ يَوْمًا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ بَعَّدَهُ اللّٰهُ مِنْ جَهَنَّمَ كَبُعْدِ غُرَابٍ طَائِرٍ وَهُوَ فَرْخٌ حَتّٰى مَاتَ هَرِمًا۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ قَيْسٍ)

اسی (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے ایک دن کا روزہ رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے اور جہنم کے درمیان اس قدر فاصلہ کر دیتا ہے جیسے ایک کوا جو اُڑ رہا ہے جبکہ وہ بچہ ہے بوڑھا ہو کر مر جائے (جس قدر مسافت طے کریگا اسقدر اس کے اور جہنم کے درمیان فاصلہ ہوگا) (روایت کیا اسکو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں سلمہ بن قیس سے)

# بَابٌ

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

# باب

## پہلی فصل

۱۹۷۶/۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ فَقُلْنَا لَا قَالَ فَإِنِّي إِذًا صَائِمٌ ثُمَّ أَتَانَا يَوْمًا آخَرَ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أُهْدِيَ لَنَا حَيْسٌ فَقَالَ أَرِينِيهِ فَلَقَدْ أَصْبَحْتُ صَائِمًا فَأَكَلَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہا ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے فرمایا تمہارے پاس کھانے کے لئے کچھ ہے ہم نے کہا نہیں فرمایا پھر میں روزے سے ہوں پھر ایک دوسرے دن ہمارے پاس تشریف لائے ہم نے کہا اے اللہ کے رسول ہمیں حیس ہدیہ بھیجا گیا ہے آپ نے فرمایا مجھ کو دکھلاؤ فرمایا میں نے صبح روزے کے ساتھ کی تھی پھر کھالیا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۹۷۷/۲ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أُمِّ سُلَيْمٍ فَأَتَتْهُ بِتَمْرٍ وَسَمْنٍ فَقَالَ أَعِيدُوا سَمْنَكُمْ فِي سِقَائِهِ وَتَمْرَكُمْ فِي وِعَائِهِ فَإِنِّي صَائِمٌ

انس رضی سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ام سلیم کے ہاں داخل ہوئے وہ آپ کے پاس کھجوریں اور گھی لائی آپ نے فرمایا کھجوروں کو اس کے برتن میں اور گھی کو اپنی مشک میں رکھ لو میرا روزہ ہے پھر آپ نے گھر کے ایک کونہ

besturdubooks.wordpress.com

ثُمَّ قَامَ اِلٰی نَاحِیَةٍ مِّنَ الْبَیْتِ فَصَلّٰی غَیْرَ الْمَکْتُوْبَةِ فَدَعَا لِاُمِّ سُلَیْمٍ وَّاَهْلِ بَیْتِهَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

میں فرض نماز کے علاوہ پڑھی اور ام سلیم اور اس کے گھر والوں کے لئے دُعا کی (روایت کیا اس کو بخاری نے)

✣ ✣ ✣ ✣ ✣

۱۹۷۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دُعِیَ اَحَدُکُمْ اِلٰی طَعَامٍ وَّهُوَ صَائِمٌ فَلْیَقُلْ اِنِّیْ صَائِمٌ وَّفِیْ رِوَایَةٍ قَالَ اِذَا دُعِیَ اَحَدُکُمْ فَلْیُجِبْ فَاِنْ کَانَ صَائِمًا فَلْیُصَلِّ وَاِنْ کَانَ مُفْطِرًا فَلْیَطْعَمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم میں سے کسی کو کھانے کے لئے بلایا جائے جبکہ اس کا روزہ ہو وہ کہہ دے میرا روزہ ہے ایک روایت میں ہے فرمایا جب تم میں سے کسی ایک کو بلایا جائے چاہیئے کہ وہ قبول کرے اگر وہ روزہ دار ہے چاہیئے کہ وہ دعا کرے اور اگر اس کا روزہ نہیں ہے کھانا کھالے (مسلم)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۱۹۷۹ عَنْ اُمِّ هَانِیٍٔ قَالَتْ لَمَّا کَانَ یَوْمُ الْفَتْحِ فَتْحِ مَکَّةَ جَاءَتْ فَاطِمَةُ فَجَلَسَتْ عَلٰی یَسَارِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاُمُّ هَانِیٍٔ عَنْ یَّمِیْنِهٖ فَجَاءَتِ الْوَلِیْدَةُ بِاِنَاءٍ فِیْهِ شَرَابٌ فَنَاوَلَتْهُ فَشَرِبَ مِنْهُ ثُمَّ نَاوَلَهٗ اُمَّ هَانِیٍٔ فَشَرِبَتْ مِنْهُ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ اَفْطَرْتُ وَکُنْتُ صَائِمَةً فَقَالَ لَهَا اَکُنْتِ تَقْضِیْنَ شَیْئًا قَالَتْ لَا قَالَ فَلَا یَضُرُّکِ اِنْ کَانَ تَطَوُّعًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَفِیْ رِوَایَةٍ لِّاَحْمَدَ وَالتِّرْمِذِیِّ نَحْوَهٗ وَفِیْهِ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَا اِنِّیْ کُنْتُ صَائِمَةً فَقَالَ الصَّائِمُ الْمُتَطَوِّعُ اَمِیْرُ نَفْسِهٖ اِنْ شَاءَ صَامَ وَاِنْ شَاءَ اَفْطَرَ۔

ام ہانی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا فتح مکہ کے دن حضرت فاطمہ آئیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بائیں طرف بیٹھ گئیں ام ہانی رضؓ آپ کی دائیں طرف تھی ایک لونڈی ایک برتن لائی جس میں کچھ پینے کی چیز تھی اس نے آپ کو وہ برتن پکڑا دیا آپ نے اس سے پیا پھر ام ہانی رضؓ کو پکڑا دیا اس نے اس سے پیا کہنے لگی اے اللہ کے رسولؐ میں نے افطار کیا جب کہ میں روزہ دار تھی آپ نے فرمایا تو کسی چیز کو قضا کر رہی تھی اس نے کہا نہیں آپ نے فرمایا اگر روزہ نفلی تھا تجھے کچھ نقصان نہیں ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد، ترمذی نے اور دارمی نے) احمد اور ترمذی کی ایک روایت میں اسی طرح ہے اور اس میں ہے اس نے کہا اے اللہ کے رسولؐ میں روزے سے تھی آپ نے فرمایا نفلی روزے والا اپنے نفس کا امیر ہے اگر چاہے روزہ رکھے اگر چاہے افطار کر دے۔

besturdubooks.wordpress.com

۱۹۸۰/۵ وَعَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَنَا وَحَفْصَةُ صَائِمَتَيْنِ فَعُرِضَ لَنَا طَعَامٌ اشْتَهَيْنَاهُ فَأَكَلْنَا مِنْهُ فَقَالَتْ حَفْصَةُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا كُنَّا صَائِمَتَيْنِ فَعُرِضَ لَنَا طَعَامٌ اشْتَهَيْنَاهُ فَأَكَلْنَا مِنْهُ قَالَ اقْضِيَا يَوْمًا آخَرَ مَكَانَهُ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَذَكَرَ جَمَاعَةً مِّنَ الْحُفَّاظِ رَوَوْا عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَائِشَةَ مُرْسَلًا وَّلَمْ يَذْكُرُوا فِيهِ عَنْ عُرْوَةَ وَهٰذَا أَصَحُّ وَرَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ زُمَيْلٍ مَّوْلَى عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ)

زہری عروہ سے وہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے میں اور حفصہ رضی اللہ عنہا دونوں روزے سے تھیں ہمارے سامنے ایک ایسا کھانا آیا ہم اس کو پسند کرتی تھیں ہم نے اس سے کھالیا حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے کہا اے اللہ کے رسول ہم دونوں روزے سے تھیں ہمارے سامنے ایک کھانا لایا گیا جس کو ہم نے پسند کیا ہم نے کھالیا آپ نے فرمایا ایک دوسرا دن اس کے بدلہ میں قضا کرو (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور اس نے ایک جماعت حفاظ کا ذکر کیا ہے جنہوں نے زہری کے واسطہ سے اس کو مرسل بیان کیا ہے اور انہوں نے اس میں عروہ کا ذکر نہیں کیا اور یہ زیادہ صحیح ہے اور ابوداؤد نے اسکو زمیل مولی عروہ عن عائشہ کی روایت سے ثابت کیا ہے)

۱۹۸۱/۶ وَعَنْ أُمِّ عُمَارَةَ بِنْتِ كَعْبٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا فَدَعَتْ لَهُ بِطَعَامٍ فَقَالَ لَهَا كُلِي فَقَالَتْ إِنِّي صَائِمَةٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الصَّائِمَ إِذَا أُكِلَ عِنْدَهُ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلٰئِكَةُ حَتّٰى يَفْرُغُوا۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

ام عمارہ بنت کعب سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر داخل ہوئے اس نے آپ کے لئے کھانا منگوایا آپ نے فرمایا کھا اس نے کہا میں روزے سے ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزے دار کے پاس جس وقت کھانا کھایا جائے فرشتے اس کے لئے رحمت کی دعا کرتے ہیں یہاں تک کہ کھانے والے فارغ ہوں (روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۱۹۸۲/۷ عَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ دَخَلَ بِلَالٌ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَغَدّٰى فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْغَدَاءَ يَا بِلَالُ قَالَ إِنِّي صَائِمٌ

بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا بلال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر داخل ہوئے آپ صبح کا کھانا کھا رہے تھے آپ نے فرمایا بلال کھانا کھاؤ اس نے کہا میں روزہ سے ہوں اے اللہ کے رسول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم اپنا

besturdubooks.wordpress.com

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَا كُلْ رِزْقَنَا وَفَضْلُ رِزْقِ بِلَالٍ فِي الْجَنَّةِ اَشَعَرْتَ يَا بِلَالُ اَنَّ الصَّائِمَ يُسَبِّحُ عِظَامُهُ وَيَسْتَغْفِرُ لَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مَا اُكِلَ عِنْدَهُ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

رزق کھا رہے ہیں اور بلال کا بہترین رزق جنت میں ہے اے بلال! تجھے علم ہے روزے دار کی ہڈیاں تسبیح پڑھتی ہیں فرشتے اس کے لئے بخشش کی دعا کرتے ہیں جب تک اس کے پاس کھانا کھایا جائے (روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

# بَابُ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

# شب قدر کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۹۸۳/۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحَرَّوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْوِتْرِ مِنَ الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَّمَضَانَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیلۃ القدر کو رمضان کے آخری دس دنوں کی طاق راتوں میں تلاش کرو (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۱۹۸۴/۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اِنَّ رِجَالًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرُوا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْمَنَامِ فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرٰى رُؤْيَاكُمْ قَدْ تَوَاطَاَتْ فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ فَمَنْ كَانَ مُتَحَرِّيَهَا فَلْيَتَحَرَّهَا فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چند صحابہ خواب میں لیلۃ القدر دکھلائے گئے آخری سات راتوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ تمہاری خوابوں کو متفق دیکھتا ہوں جو تم میں تلاش کرنے والا ہو تو وہ آخری سات راتوں میں تلاش کرے۔

(متفق علیہ)

۱۹۸۵/۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْتَمِسُوْهَا فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَّمَضَانَ لَيْلَةَ

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رمضان کے آخری عشرہ میں لیلۃ القدر تلاش کرو نویں رات کو کہ باقی رہے ساتویں رات کو کہ باقی رہے پانچویں

besturdubooks.wordpress.com

الْقَدْرِ فِي تَاسِعَةٍ تَبْقٰى فِي سَابِعَةٍ تَبْقٰى فِي خَامِسَةٍ تَبْقٰى۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

رات کو کہ باقی رہے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۱۹۸۶ وَعَنْ أَبِي سَعِيدِ نِ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَكَفَ الْعَشْرَ الْأَوَّلَ مِنْ رَمَضَانَ ثُمَّ اعْتَكَفَ الْعَشْرَ الْأَوْسَطَ فِي قُبَّةٍ تُرْكِيَّةٍ ثُمَّ أَطْلَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ إِنِّي اعْتَكَفْتُ الْعَشْرَ الْأَوَّلَ أَلْتَمِسُ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ ثُمَّ اعْتَكَفْتُ الْعَشْرَ الْأَوْسَطَ ثُمَّ أُتِيتُ فَقِيلَ لِي إِنَّهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فَمَنْ كَانَ اعْتَكَفَ مَعِي فَلْيَعْتَكِفِ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ فَقَدْ أُرِيتُ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ ثُمَّ أُنْسِيتُهَا وَقَدْ رَأَيْتُنِي أَسْجُدُ فِي مَاءٍ وَطِينٍ مِنْ صَبِيحَتِهَا فَالْتَمِسُوهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ وَالْتَمِسُوهَا فِي كُلِّ وِتْرٍ قَالَ فَمَطَرَتِ السَّمَاءُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ وَكَانَ الْمَسْجِدُ عَلٰى عَرِيشٍ فَوَكَفَ الْمَسْجِدُ فَبَصُرَتْ عَيْنَايَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى جَبْهَتِهِ أَثَرُ الْمَاءِ وَالطِّينِ مِنْ صَبِيحَةِ إِحْدٰى وَعِشْرِينَ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ فِي الْمَعْنٰى وَاللَّفْظُ لِمُسْلِمٍ إِلٰى قَوْلِهِ فَقِيلَ لِي إِنَّهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ وَالْبَاقِي لِلْبُخَارِيِّ وَفِي رِوَايَةٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ قَالَ لَيْلَةَ ثَلٰثٍ وَعِشْرِينَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے شروع عشرہ میں اعتکاف کیا پھر دوسرے عشرہ میں ترکی خیمہ میں پھر آپ نے اپنا سر مبارک نکالا آپ نے فرمایا میں نے پہلے عشرہ کا اعتکاف کیا لیلۃ القدر کو تلاش کرتا تھا پھر میں نے دوسرے عشرہ کا اعتکاف کیا میرے پاس فرشتہ آیا اس نے کہا کہ آخری عشرے میں لیلۃ القدر ہے جو میرے ساتھ اعتکاف کا ارادہ رکھتا ہے تو وہ آخری عشرے کا اعتکاف کرے میں یہ رات دکھلایا گیا تھا پھر میں بھلایا گیا میں نے اپنے آپ کو دیکھا کہ میں کیچڑ میں سجدہ کرتا ہوں اس کی صبح کو اس کو آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو راوی نے کہا اس رات بارش ہوئی مسجد کی چھت کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی تھی وہ ٹپک پڑی میری آنکھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی پر پانی اور مٹی کا نشان دیکھا اکیسویں رات کی صبح کو۔ (متفق علیہ)

فقیل لی انها فی العشر الاواخر تک مسلم کے لفظ ہیں باقی حدیث کے لفظ بخاری کے لئے ہیں عبداللہ بن انیس کی روایت میں ہے تیئیسویں رات ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۹۸۷ وَعَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ سَأَلْتُ

زر بن حبیش سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے

besturdubooks.wordpress.com

أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ فَقُلْتُ إِنَّ أَخَاكَ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ مَنْ يَقُمِ الْحَوْلَ يُصِبْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فَقَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ أَرَادَ أَنْ لَا يَتَّكِلَ النَّاسُ أَمَا إِنَّهُ قَدْ عَلِمَ أَنَّهَا فِي رَمَضَانَ وَأَنَّهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ وَأَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ ثُمَّ حَلَفَ لَا يَسْتَثْنِي أَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ فَقُلْتُ بِأَيِّ شَيْءٍ تَقُولُ ذٰلِكَ يَا أَبَا الْمُنْذِرِ قَالَ بِالْعَلَامَةِ أَوْ بِالْآيَةِ الَّتِي أَخْبَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا تَطْلُعُ يَوْمَئِذٍ لَا شُعَاعَ لَهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابی بن کعب رضہ سے سوال کیا میں نے کہا تیرا بھائی ابن مسعود کہتا ہے جو پورا سال قیام کرے وہ لیلۃ القدر کو پالے گا ابی بن کعب نے کہا اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے اس نے ارادہ کیا کہ لوگ اعتماد نہ کریں خبردار اس نے جانا ہے کہ لیلۃ القدر رمضان میں ہے اور وہ آخری دس میں ہے اور رمضان کی ستائیسویں رات ہے پھر ابی بن کعب نے قسم کھائی اور اس میں انشاء اللہ نہ کہا لیلۃ القدر ستائیسویں رات ہے میں نے کہا اے ابو منذر کس دلیل سے کہتے ہو کہا اس علامت کے سبب یا کہا اس نشانی کے سبب جو ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ اس دن سورج بغیر روشنی کے طلوع ہوتا ہے (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۱۹۸۸/۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْتَهِدُ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مَا لَا يَجْتَهِدُ فِي غَيْرِهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرہ میں جتنی کوشش کرتے اتنی اس کے غیر میں نہ کرتے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۱۹۸۹/۷ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ شَدَّ مِئْزَرَهُ وَأَحْيَى لَيْلَهُ وَأَيْقَظَ أَهْلَهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (عائشہ رضہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آخری عشرہ میں اپنی تہبند کو مضبوط باندھتے پوری رات جاگتے اور اپنے گھر والوں کو جگاتے۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۱۹۹۰/۸ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِنْ عَلِمْتُ أَيُّ لَيْلَةٍ لَيْلَةُ الْقَدْرِ مَا أَقُولُ فِيهَا قَالَ قُولِي اللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي۔

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسول خبر دیجئے اگر میں جان لوں کہ شب قدر کونسی رات ہے تو اس میں کیا کہوں فرمایا تو کہہ اے اللہ تو معاف کرنے والا ہے اور معاف کرنے کو دوست رکھتا

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ)

سے ہے مجھے معاف فرما۔ (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور ترمذی نے اور اس کو صحیح کہا ہے)

۱۹۹۱ وَعَنْ اَبِیْ بَكْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِلْتَمِسُوْهَا يَعْنِیْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِیْ تِسْعٍ يَّبْقَيْنَ اَوْ فِیْ سَبْعٍ يَّبْقَيْنَ اَوْ فِیْ خَمْسٍ يَّبْقَيْنَ اَوْ ثَلٰثٍ اَوْ اٰخِرِ لَيْلَةٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوبکرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا اس لیلۃ القدر کو انتیسویں رات اور ستائیسویں رات کو اور پچیسویں اور تئیسویں رات کو یا آخری رات کو تلاش کرو۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

* * * * * * * * * * * * * *

۱۹۹۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَقَالَ هِیَ فِیْ كُلِّ رَمَضَانَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ رَوَاهُ سُفْيَانُ وَشُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ مَوْقُوْفًا عَلٰى ابْنِ عُمَرَ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا لیلۃ القدر کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوال کئے گئے آپ نے فرمایا ہر رمضان میں ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا سفیان اور شعبہ نے ابو اسحاق سے موقوف ابن عمر رضؓ پر)

* * * * * *

۱۹۹۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِیْ بَادِيَةً اَكُوْنُ فِيْهَا وَاَنَا اُصَلِّیْ فِيْهَا بِحَمْدِ اللّٰهِ فَمُرْنِیْ بِلَيْلَةٍ اَنْزِلُهَا اِلٰى هٰذَا الْمَسْجِدِ فَقَالَ انْزِلْ لَيْلَةَ ثَلٰثٍ وَّعِشْرِيْنَ قِيْلَ لِابْنِهٖ كَيْفَ كَانَ اَبُوْكَ يَصْنَعُ قَالَ كَانَ يَدْخُلُ الْمَسْجِدَ اِذَا صَلَّى الْعَصْرَ فَلَا يَخْرُجُ مِنْهُ لِحَاجَةٍ حَتّٰى يُصَلِّیَ الصُّبْحَ فَاِذَا صَلَّى الصُّبْحَ وَجَدَ دَآبَّتَهٗ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ فَجَلَسَ عَلَيْهَا وَلَحِقَ بِبَادِيَتِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عبداللہ بن انیس سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسول! میں جنگل میں رہتا ہوں اور میں اس میں اللہ کے شکر کی خاطر نماز پڑھتا ہوں مجھے ایک رات کا حکم فرمائیں کہ میں اس رات کو اس مسجد میں آیا کروں آپ نے فرمایا تو تیئسویں رات کو اس مسجد میں آ عبداللہ کے بیٹے سے کہا گیا تیرا باپ کس طرح کرتا تھا اس نے کہا میرا باپ مسجد میں داخل ہوتا تھا جب نماز عصر ادا کرتا اس سے کسی کام کی خاطر نہ نکلتا حتی کہ صبح کی نماز پڑھ لیتا جب صبح کی نماز پڑھ لیتا اپنی سواری کو مسجد کے دروازے پر پاتا اس پر بیٹھ جاتا اور اپنے جنگل میں پہنچ جاتا۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۱۹۹۴/۱۲ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُخْبِرَنَا بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ فَتَلَاحٰى رَجُلَانِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ خَرَجْتُ لِاُخْبِرَكُمْ بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ فَتَلَاحٰى فُلَانٌ وَّفُلَانٌ فَرُفِعَتْ وَعَسٰى اَنْ يَّكُوْنَ خَيْرًا لَّكُمْ فَالْتَمِسُوْهَا فِي التَّاسِعَةِ وَالسَّابِعَةِ وَالْخَامِسَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

## تیسری فصل

عبادہ بن صامت سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نکلے تاکہ لیلۃ القدر کی خبر دیں۔ مسلمانوں کے دو آدمی آپس میں جھگڑ رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا میں تمہیں شب قدر کے بارہ میں بتلانے کیلئے باہر نکلا تھا مگر فلاں اور فلاں جھگڑ رہے تھے تو لیلۃ القدر کی پہچان اٹھا لی گئی اور شاید کہ یہ تمہارے لیے بہتر ہو۔ اس کو انتیسویں اور ستائیسویں اور پچیسویں میں تلاش کرو۔ (روایت کیا اس کو بخاری کو)

۱۹۹۵/۱۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ نَزَلَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ كَبْكَبَةٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ يُصَلُّوْنَ عَلٰى كُلِّ عَبْدٍ قَائِمٍ اَوْ قَاعِدٍ يَّذْكُرُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَاِذَا كَانَ يَوْمُ عِيْدِهِمْ يَعْنِيْ يَوْمَ فِطْرِهِمْ بَاهٰى بِهِمْ مَلٰٓئِكَتَهٗ فَقَالَ يَا مَلٰٓئِكَتِيْ مَا جَزَآءُ اَجِيْرٍ وَّفّٰى عَمَلَهٗ قَالُوْا رَبَّنَا جَزَآؤُهٗ اَنْ يُّوَفّٰى اَجْرَهٗ قَالَ مَلٰٓئِكَتِيْ عَبِيْدِيْ وَاِمَآئِيْ قَضَوْا فَرِيْضَتِيْ عَلَيْهِمْ ثُمَّ خَرَجُوْا يَعِجُّوْنَ اِلَى الدُّعَآءِ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ وَكَرَمِيْ وَعُلُوِّيْ وَارْتِفَاعِ مَكَانِيْ لَاُجِيْبَنَّهُمْ فَيَقُوْلُ ارْجِعُوْا فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ وَبَدَّلْتُ سَيِّاٰتِكُمْ حَسَنَاتٍ قَالَ فَيَرْجِعُوْنَ مَغْفُوْرًا لَّهُمْ۔

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت لیلۃ القدر ہوتی ہے۔ تو فرشتوں کی جماعت میں جبریل علیہ السلام اترتے ہیں ہر بندے کے لئے دعا بخشش کرتے ہیں جو اللہ کا ذکر کھڑے ہو کر کرے یا بیٹھ کر اور جب ان کی عید کا دن ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں میں فخر کرتا ہے۔ فرماتا ہے کہ اے میرے فرشتو! اس مزدور کا کیا بدلہ ہے جس نے اپنے عمل کو پورا کیا۔ فرشتوں نے عرض کیا اے ہمارے رب، اس کا بدلہ اس کے کام کی پوری مزدوری دینا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے میرے فرشتو! میرے بندوں اور لونڈیوں نے فرض کو ادا کیا۔ جو ان پر فرض کیا تھا پھر وہ اپنے گھروں سے عیدگاہ کی طرف نکلے، دعا کے ساتھ پکارتے ہوئے مجھے میری عزت کی قسم میری بزرگی اور جود اور میرے بلند مقام کی قسم کہ میں ان کی دعا قبول کروں گا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اچھا لوٹ جاؤ میں نے تم کو بخش دیا ہے اور تمہارے گناہ نیکیوں سے بدل دیئے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ اپنے گھروں کی طرف پھرتے ہیں اور ان کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں (روایت

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

کیا ہے اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

# بَابُ الْاِعْتِكَافِ

# اعتکاف کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۱۹۹۶ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْاَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ ثُمَّ اعْتَكَفَ اَزْوَاجُهٗ مِنْ بَعْدِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری دس میں اعتکاف کرتے یہاں تک کہ اللہ تعالےٰ نے ان کو فوت کر دیا پھر آپؐ کے بعد آپؐ کی بیبیوں نے اعتکاف کیا۔ (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۱۹۹۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجْوَدَ النَّاسِ بِالْخَيْرِ وَكَانَ اَجْوَدَ مَا يَكُوْنُ فِيْ رَمَضَانَ كَانَ جِبْرِيْلُ يَلْقَاهُ كُلَّ لَيْلَةٍ فِيْ رَمَضَانَ يَعْرِضُ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقُرْاٰنَ فَاِذَا لَقِيَهٗ جِبْرِيْلُ كَانَ اَجْوَدَ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيْحِ الْمُرْسَلَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں بھلائی کے لحاظ سے بہت سخی تھے اور رمضان میں بہت سخاوت کرتے تھے جبریل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہر رمضان کی شب کو ملاقات کرتے جبریل کے روبرو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قرآن پڑھتے جبریل جب بھی آنحضرتؐ سے ملاقات کرتے تو آپ کو بھلائی کے ساتھ بہت سخی پاتے آپ کی سخاوت ریح مرسلہ (چلتی ہوئی ہوا) سے زیادہ ہوتی تھی۔ (متفق علیہ)

۱۹۹۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ يُعْرَضُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقُرْاٰنُ كُلَّ عَامٍ مَرَّةً فَعُرِضَ عَلَيْهِ مَرَّتَيْنِ فِي الْعَامِ الَّذِيْ قُبِضَ وَكَانَ يَعْتَكِفُ كُلَّ عَامٍ عَشْرًا فَاعْتَكَفَ عِشْرِيْنَ فِي الْعَامِ الَّذِيْ قُبِضَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو ہر سال ایک بار قرآن پڑھا جاتا تھا اور جب آپ فوت ہوئے اس سال آپ کے روبرو دو بار پڑھا گیا اور آپ ہر سال میں دس دن اعتکاف کرتے اور جس سال فوت ہوئے اس میں بیس دن اعتکاف فرمایا۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۱۹۹۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جب

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اعْتَکَفَ اَدْنٰی اِلَیَّ رَاْسَہٗ وَھُوَ فِی الْمَسْجِدِ فَاَرَجِّلُہٗ وَکَانَ لَا یَدْخُلُ الْبَیْتَ اِلَّا لِحَاجَۃِ الْاِنْسَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف میں ہوتے تو اپنا سر مبارک قریب کر دیتے اور میں کنگھی کر دیتی اور آپ گھر میں داخل نہ ہوتے مگر انسانی حاجت کے لئے۔ (روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے)

۲۰۰۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کُنْتُ نَذَرْتُ فِی الْجَاھِلِیَّۃِ اَنْ اَعْتَکِفَ لَیْلَۃً فِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ قَالَ فَاَوْفِ بِنَذْرِکَ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت عمر رضؓ نے پوچھا کہ میں نے جاہلیت میں نذر کی تھی کہ میں مسجد حرام میں ایک رات اعتکاف کروں گا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی نذر پوری کر (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۲۰۰۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعْتَکِفُ فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَّمَضَانَ فَلَمْ یَعْتَکِفْ عَامًا فَلَمَّا کَانَ الْعَامُ الْمُقْبِلُ اعْتَکَفَ عِشْرِیْنَ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَرَوٰی اَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ۔

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری دس دن اعتکاف فرماتے ایک سال اعتکاف نہ فرمایا جب آئندہ سال ہوا تو آپ نے بیس دن کا اعتکاف فرمایا۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے ابی ابن کعب سے)

۲۰۰۲ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَّعْتَکِفَ صَلَّی الْفَجْرَ ثُمَّ دَخَلَ فِیْ مُعْتَکَفِہٖ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف کا ارادہ فرماتے تو فجر کی نماز پڑھ کر اعتکاف کی جگہ میں داخل ہوتے (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۲۰۰۳ وَعَنْہَا قَالَتْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعُوْدُ الْمَرِیْضَ وَھُوَ مُعْتَکِفٌ فَیَمُرُّ کَمَا ھُوَ وَلَا یُعَرِّجُ یَسْاَلُ عَنْہُ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

انہی (حضرت عائشہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اعتکاف میں ہوتے تو بیمار کی بیمار پرسی چلتے چلتے فرماتے ٹھہر کر عیادت نہ فرماتے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

۲۰۰۴ وَعَنْہَا قَالَتِ السُّنَّۃُ عَلَی الْمُعْتَکِفِ

اسی (حضرت عائشہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

اَنْ لَّا يَعُوْدَ مَرِيْضًا وَّلَا يَشْهَدَ جَنَازَةً وَّلَا يَمَسَّ امْرَاَةً وَلَا يُبَاشِرَهَا وَلَا يَخْرُجَ لِحَاجَةٍ اِلَّا لِمَا لَابُدَّ مِنْهُ وَلَا اعْتِكَافَ اِلَّا بِصَوْمٍ وَّلَا اعْتِكَافَ اِلَّا فِيْ مَسْجِدٍ جَامِعٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

سنت طریقہ سے یہ بھی ہے کہ اعتکاف والا کسی بیمار کی عیادت نہ کرے اور نماز جنازہ میں حاضر نہ ہو اور اپنی بیوی سے صحبت نہ کرے اور نہ ہی مباشرت کرے اور اعتکاف کی جگہ سے کسی کام کے لئے نہ نکلے مگر جس کے بغیر چارہ نہیں روزے کے بغیر اعتکاف نہیں اور اعتکاف جامع مسجد کے بغیر نہیں۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل (ابوداؤد)

۲۰۰۵ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا اعْتَكَفَ طُرِحَ لَهٗ فِرَاشُهٗ اَوْ يُوْضَعُ لَهٗ سَرِيْرُهٗ وَرَاءَ اُسْطُوَانَةِ التَّوْبَةِ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں جب آپ اعتکاف فرماتے تو آپ کے لئے بچھونا بچھایا جاتا یا آپ کے لئے آپ کی چارپائی توبہ ستون کے پیچھے رکھی جاتی۔ (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۲۰۰۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْمُعْتَكِفِ وَهُوَ يَعْتَكِفُ الذُّنُوْبَ وَيُجْرٰى لَهٗ مِنَ الْحَسَنَاتِ كَعَامِلِ الْحَسَنَاتِ كُلِّهَا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعتکاف کرنے والے کے حق میں فرمایا وہ گناہوں سے بند رہتا ہے نیکیاں کرنے والے کی طرح اس کی نیکیاں جاری کی جاتی ہیں۔ (روایت کیا ہے اس کو ابن ماجہ نے)

# كِتَابُ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ

# فضائل قرآن

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۰۰۷ عَنْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عثمانؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے بہتر وہ ہے جو خود قرآن سیکھے اور سکھائے۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۲۰۰۸ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم سایہ دار چبوترے پر بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ باہر تشریف لائے

وَنَحْنُ فِي الصُّفَّةِ فَقَالَ أَيُّكُمْ يُحِبُّ أَنْ يَغْدُوَ كُلَّ يَوْمٍ إِلَى بُطْحَانَ أَوِ الْعَقِيقِ فَيَأْتِيَ بِنَاقَتَيْنِ كَوْمَاوَيْنِ فِي غَيْرِ إِثْمٍ وَلَا قَطْعِ رَحِمٍ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ كُلُّنَا نُحِبُّ ذٰلِكَ قَالَ أَفَلَا يَغْدُوَ أَحَدُكُمْ إِلَى الْمَسْجِدِ فَيَعْلَمَ أَوْ يَقْرَأَ آيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ نَاقَتَيْنِ وَثَلٰثٌ خَيْرٌ لَهُ مِنْ ثَلٰثٍ وَأَرْبَعٌ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَرْبَعٍ وَمِنْ أَعْدَادِهِنَّ مِنَ الْإِبِلِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

آپ نے فرمایا تم میں سے کون وادی بطحان کی طرف ہر روز جانا پسند کرتا ہے یا عقیق کی طرف کہ بڑی کوہان والی دو اونٹنیاں لائے رشتہ داری کو توڑے اور گناہ کئے بغیر ہم نے عرض کی اے اللہ کے رسول ہم سب اسکو دوست رکھتے ہیں فرمایا کیا تم میں سے کوئی شخص مسجد میں نہیں جاتا جو دو آیتیں اللہ کی کتاب کی پڑھے یا سیکھائے تو یہ دو اونٹنیوں سے بہتر ہے اور تین آیتیں تین اونٹنیوں سے بہتر ہیں اور چار آیتیں چار اونٹنیوں سے بہتر ہیں۔ آیتوں کی گنتی اونٹنیوں کی گنتی سے بہتر ہے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۰۰۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ إِذَا رَجَعَ إِلَى أَهْلِهِ أَنْ يَجِدَ فِيهِ ثَلٰثَ خَلِفَاتٍ عِظَامٍ سِمَانٍ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ فَثَلٰثُ آيَاتٍ يَقْرَأُ بِهِنَّ أَحَدُكُمْ فِي صَلٰوتِهِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ ثَلٰثِ خَلِفَاتٍ عِظَامٍ سِمَانٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت ایک تمہارا گھر کی طرف پھرے یہ بات پسند کرتا ہے کہ گھر میں تین حاملہ اونٹنیاں ہوں اور موٹی تازی ہم نے عرض کیا ہاں فرمایا تین آیتیں نمازمیں پڑھنا تین موٹی تازی حاملہ اونٹنیوں سے بہتر ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو مسلم نے)

۲۰۱۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَاهِرُ بِالْقُرْآنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ وَالَّذِي يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَيَتَتَعْتَعُ فِيهِ وَهُوَ عَلَيْهِ شَاقٌّ لَهُ أَجْرَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قرآن کا ماہر لکھنے والے نیک بزرگ فرشتوں کے ساتھ ہوگا جو شخص قرآن اٹک کر پڑھتا ہے اور اس پر قرآن کی تلاوت مشکل ہے اس کے لئے دو ثواب ہیں۔ (متفق علیہ)

۲۰۱۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَسَدَ إِلَّا عَلَى اثْنَيْنِ رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو قسم کے آدمیوں پر رشک جائز ہے ایک وہ کہ اللہ نے اسے قرآن دیا وہ رات کو قیام کرتا

besturdubooks.wordpress.com

يَقُوْمُ بِهٖ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَاٰنَاءَ النَّهَارِ وَرَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَاٰنَاءَ النَّهَارِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہے اور دن کو دوسرا وہ شخص کہ اللہ نے اس کو مال دیا وہ دن رات خرچ کرتا ہے۔ (متفق علیہ)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۱۲ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ الْاُتْرُجَّةِ رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَّطَعْمُهَا طَيِّبٌ وَّمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ لَا يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ التَّمْرَةِ لَا رِيْحَ لَهَا وَطَعْمُهَا حُلْوٌ وَّمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِیْ لَا يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ لَيْسَ لَهَا رِيْحٌ وَّطَعْمُهَا مُرٌّ وَّمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِیْ يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ الرَّيْحَانَةِ رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَّطَعْمُهَا مُرٌّ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِیْ رِوَايَةٍ اَلْمُؤْمِنُ الَّذِیْ يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ وَيَعْمَلُ بِهٖ كَالْاُتْرُجَّةِ وَالْمُؤْمِنُ الَّذِیْ لَا يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ وَيَعْمَلُ بِهٖ كَالتَّمْرَةِ۔

ابوموسیٰ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن پڑھنے والے مسلمان کی مثال ترنج جیسی ہے جس کی خوشبو اور کھانا طیب ہے اور قرآن نہ پڑھنے والے مؤمن کی مثال کھجور کی سی ہے کہ جس کی خوشبو نہیں اور اس کا مزہ شیریں ہے منافق کی مثال جو قرآن نہیں پڑھتا تمے کی سی ہے جس کی خوشبو نہیں اور ذائقہ کڑوا ہے اور قرآن پڑھنے والے منافق کی مثال ریحانہ کی سی ہے جس کی خوشبو عمدہ ہے اور ذائقہ کڑوا ہے (متفق علیہ) ایک روایت میں ہے قرآن پڑھنے والے اور اس پر عمل کرنے والے کی مثال ترنج کی سی ہے اور قرآن نہ پڑھنے والے مؤمن کی اور اس پر عمل کرنے والے کی مثال کھجور کی سی ہے۔ (متفق علیہ)

۲۰۱۳ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتَابِ اَقْوَامًا وَّيَضَعُ بِهٖ اٰخَرِيْنَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمر بن خطاب رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ بعض قوموں کو اس کتاب کی بدولت بلند مقام عطا فرماتا ہے اور بعض قوموں کو اس کی بدولت پست کر دیتا ہے (روایت کیا اسکو مسلم نے)

۲۰۱۴ وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ اُسَيْدَ بْنَ حُضَيْرٍ قَالَ بَيْنَمَا هُوَ يَقْرَأُ مِنَ اللَّيْلِ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ وَفَرَسُهٗ مَرْبُوْطَةٌ عِنْدَهٗ اِذْ جَالَتِ الْفَرَسُ

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے کہ اسید بن حضیر نے کہا۔ جب وہ رات کو سورۂ بقرہ پڑھ رہا تھا اس کا گھوڑا بندھا ہوا تھا گھوڑے نے کودنا شروع کر دیا۔ اسید رضؓ خاموش ہو گیا۔ تو گھوڑا بھی ٹھہر گیا۔ حضرت اسید رضؓ نے پھر تلاوت شروع کی گھوڑا پھر

فَسَكَتَ فَسَكَنَتْ فَقَرَأَ فَجَالَتْ فَسَكَتَ فَسَكَنَتْ ثُمَّ قَرَأَ فَجَالَتِ الْفَرَسُ فَانْصَرَفَ وَكَانَ ابْنُهُ يَحْيٰى قَرِيبًا مِّنْهَا فَاشْفَقَ اَنْ تُصِيبَهُ وَلَمَّا اجْتَرَّهُ رَفَعَ رَاْسَهُ اِلَى السَّمَاءِ فَاِذَا مِثْلُ الظُّلَّةِ فِيهَا اَمْثَالُ الْمَصَابِيحِ فَلَمَّا اَصْبَحَ حَدَّثَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اقْرَاْ يَا ابْنَ حُضَيْرٍ اقْرَاْ يَا ابْنَ حُضَيْرٍ قَالَ فَاَشْفَقْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنْ تَطَاَ يَحْيٰى وَكَانَ مِنْهَا قَرِيبًا فَانْصَرَفْتُ اِلَيْهِ وَرَفَعْتُ رَاْسِي اِلَى السَّمَاءِ فَاِذَا مِثْلُ الظُّلَّةِ فِيهَا اَمْثَالُ الْمَصَابِيحِ فَخَرَجْتُ حَتّٰى لَا اَرَاهَا قَالَ وَتَدْرِي مَا ذَاكَ قَالَ لَا قَالَ تِلْكَ الْمَلَائِكَةُ دَنَتْ لِصَوْتِكَ وَلَوْ قَرَاْتَ لَاَصْبَحَتْ يَنْظُرُ النَّاسُ اِلَيْهَا لَا تَتَوَارٰى مِنْهُمْ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِلْبُخَارِيِّ وَفِي مُسْلِمٍ عَرَجَتْ فِي الْجَوِّ بَدَلَ فَخَرَجْتُ عَلٰى صِيغَةِ الْمُتَكَلِّمِ.

۲۰۱۵ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كَانَ رَجُلٌ يَقْرَاُ سُورَةَ الْكَهْفِ وَاِلٰى جَانِبِهِ حِصَانٌ مَرْبُوطٌ بِشَطَنَيْنِ فَتَغَشَّتْهُ سَحَابَةٌ فَجَعَلَتْ تَدْنُو وَتَدْنُو وَجَعَلَ فَرَسُهُ يَنْفِرُ فَلَمَّا اَصْبَحَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ تِلْكَ السَّكِينَةُ تَنَزَّلَتْ بِالْقُرْاٰنِ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کود پڑا۔ جب چپ ہوتے تو وہ بھی آرام سے کھڑا ہوتا۔ جب پھر پڑھنے لگتے پھر کودنا شروع کیا۔ حضرت اسید رضؓ نے پڑھنا موقوف کر دیا۔ اور آپ کا بیٹا یحییٰ گھوڑے کے قریب تھا اسیدؓ ڈرا کہ گھوڑا اس پر نہ چڑھ جائے اور اس کو تکلیف نہ دے اور جب بچے کو پیچھے کیا اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایا۔ بادل کی مانند ایک چیز کو دیکھا۔ کہ اس میں چراغوں کی مانند ہے جب اسید رضؓ نے یہ سارا واقعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو صبح کے وقت بیان کیا۔ آپؐ نے فرمایا تو پڑھتا تو اے ابن حضیر رضؓ تو پڑھتا تو اے ابن حضیر رضؓ! اسید رضؓ نے کہا اے اللہ کے رسولؐ میں ڈرا کہ گھوڑا بچے کو نہ روند دے، یحییٰ رضؓ گھوڑے کے قریب تھا میں نے اس کو سرکا لیا۔ اور آسمان کی طرف دیکھا تو اس پر ایک بادل کی مانند ہے اس میں چراغ ہیں۔ میں نکلا۔ یہاں تک کہ میں نے نہ دیکھا اس کو۔ آپؐ نے فرمایا تو جانتا ہے یہ کیا تھا۔ کہا نہیں۔ فرمایا یہ فرشتے تھے تیری قرآن کی تلاوت سننے آئے تھے۔ اگر تو پڑھتا رہتا۔ تو صبح تک فرشتے رہتے اور لوگ ان کی طرف دیکھ لیتے اور وہ ان سے نہ چھپتے۔ بخاری اور مسلم کی روایت ہے یہ لفظ بخاری کے ہیں۔ اور مسلم میں یوں ہے۔ عرجت فی الجو کے بدلے فخرجت صیغہ متکلم کے ساتھ۔

۲۰۱۵ براء رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک آدمی سورۂ کہف کی تلاوت کرتا تھا۔ اس کی ایک جانب میں گھوڑا دو رسیوں میں بندھا ہوا تھا اس گھوڑے کو ایک بادل نے ڈھانک لیا وہ قریب قریب ہوتا گیا اس کے گھوڑے نے اچھلنا شروع کر دیا وہ شخص صبح کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور یہ سارا واقعہ بیان کیا۔ آپؐ نے فرمایا یہ سکینہ تھی۔ تیرے قرآن پڑھنے کی وجہ سے نازل ہوئی۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۲۰۱۶/۱۰ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُعَلّٰی قَالَ کُنْتُ اُصَلِّیْ فِی الْمَسْجِدِ فَدَعَانِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَمْ اُجِبْہُ ثُمَّ اَتَیْتُہٗ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ کُنْتُ اُصَلِّیْ قَالَ اَلَمْ یَقُلِ اللّٰہُ اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰہِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاکُمْ ثُمَّ قَالَ لَاُعَلِّمَنَّکَ اَعْظَمَ سُوْرَۃٍ فِی الْقُرْاٰنِ قَبْلَ اَنْ تَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاَخَذَ بِیَدِیْ فَلَمَّا اَرَدْنَا اَنْ نَّخْرُجَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّکَ قُلْتَ لَاُعَلِّمَنَّکَ اَعْظَمَ سُوْرَۃٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ھِیَ السَّبْعُ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِیْمُ الَّذِیْ اُوْتِیْتُہٗ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

ابوسعید بن معلیٰؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں مسجد میں نماز پڑھتا تھا۔ مجھ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلایا میں نے آپؐ کو جواب نہ دیا پھر میں آپؐ کے پاس آیا میں نے کہا کہ اے اللہ کے رسولؐ میں نماز پڑھتا تھا آپؐ نے فرمایا کیا اللہ نے نہیں فرمایا کہ اللہ اور اسکے رسولؐ کو جواب دو اور ان کے حکم کی اطاعت کرو جب پکاریں پھر فرمایا کیا میں تجھ کو قرآن کی بہت بڑی سورت نہ سکھاؤں اس سے پہلے کہ تو مسجد سے باہر نکلے پھر آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑا جب ہم نے نکلنے کا ارادہ کیا میں نے کہا اے اللہ کے رسولؐ آپؐ نے فرمایا تھا کہ میں تجھ کو قرآن کی بہت بڑی سورت سکھلاؤں گا آپؐ نے فرمایا وہ سورت الحمد للہ رب العالمین ہے وہ سات آیتیں ہیں نماز میں بار بار پڑھی جاتی ہے اور قرآن عظیم جو میں دیا گیا ہوں۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری نے)

۲۰۱۷/۱۱ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَجْعَلُوْا بُیُوْتَکُمْ مَّقَابِرَ اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَنْفِرُ مِنَ الْبَیْتِ الَّذِیْ یُقْرَاُ فِیْہِ سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے گھروں کو مقبرے نہ بناؤ جس گھر میں سورۂ بقرہ پڑھی جاتی ہے اس سے شیطان بھاگتا ہے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۰۱۸/۱۲ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّہٗ یَاْتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ شَفِیْعًا لِّاَصْحَابِہٖ اقْرَءُوا الزَّھْرَاوَیْنِ الْبَقَرَۃَ وَسُوْرَۃَ اٰلِ عِمْرٰنَ فَاِنَّھُمَا تَاْتِیَانِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ کَاَنَّھُمَا غَمَامَتَانِ اَوْ غَیَایَتَانِ اَوْ فِرْقَانِ مِنْ طَیْرٍ صَوَافَّ

ابوامامہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ قرآن پڑھو وہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کے لئے شفاعت کرنے والا ہوگا چمکتی ہوئی دو سورتیں پڑھو سورۂ بقرہ اور آل عمران یہ دونوں قیامت کے دن بادل ہوں گی یا دونوں سایہ کرنے والی چیزیں ہیں یا پرندوں کی صف باندھی ہوئی دو ٹکڑیاں ہیں اپنے پڑھنے والے کی طرف سے جھگڑا کریں گی سورۂ بقرہ پڑھو اس پر عمل کرنا برکت ہے اور

besturdubooks.wordpress.com

تُحَاجَّانِ عَنْ اَصْحَابِهِمَا اقْرَءُوا سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ فَاِنَّ اَخْذَهَا بَرَكَةٌ وَّتَرْكَهَا حَسْرَةٌ وَّلَا يَسْتَطِيْعُهَا الْبَطَلَةُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اس کو چھوڑنا حسرت ہے اور باطل لوگ اس پر عمل کرنے کی طاقت نہیں رکھتے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۱۹/۱۳ وَعَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يُؤْتٰى بِالْقُرْاٰنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَهْلِهِ الَّذِيْنَ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ بِهٖ تَقْدُمُهُ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَاٰلِ عِمْرَانَ كَاَنَّهُمَا غَمَامَتَانِ اَوْ ظُلَّتَانِ سَوْدَاوَانِ بَيْنَهُمَا شَرْقٌ اَوْ كَاَنَّهُمَا فِرْقَانِ مِنْ طَيْرٍ صَوَافَّ تُحَاجَّانِ عَنْ صَاحِبِهِمَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

نواس بن سمعان سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ قرآن اور اس کے پڑھنے والوں کو قیامت کے دن لایا جائے گا جو اس کے ساتھ عمل کرتے تھے سارے قرآن سے پہلے سورۂ بقرہ ہوگی۔ اور آل عمران گویا کہ وہ دو ٹکڑے ہیں بادل کے یا وہ سیاہ بادل کے ٹکڑے ہیں کہ ان کے درمیان چمک ہے یا وہ صف باندھے ہوئے جانوروں کی دو ٹکڑیاں ہیں اپنے پڑھنے والوں کی طرف سے جھگڑا کریں گی۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۲۰/۱۴ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا الْمُنْذِرِ اَتَدْرِيْ اَيُّ اٰيَةٍ مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى مَعَكَ اَعْظَمُ قُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ يَا اَبَا الْمُنْذِرِ اَتَدْرِيْ اَيُّ اٰيَةٍ مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ مَعَكَ اَعْظَمُ قُلْتُ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ قَالَ فَضَرَبَ فِيْ صَدْرِيْ وَقَالَ لِيَهْنِكَ الْعِلْمُ يَا اَبَا الْمُنْذِرِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابی بن کعبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابا المنذر کیا تجھ کو معلوم ہے کہ اللہ کی کتاب میں جو آیت تیرے ساتھ بڑی ہے میں نے کہا اللہ اور اس کا رسول جانتا ہے آپ نے فرمایا اے ابا المنذرؓ تو جانتا ہے کون سی آیت اللہ کی کتاب میں تیرے ساتھ بڑی ہے میں نے کہا اللہ لا الٰہ الا ہو الحیّ القیوم ابیؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ میرے سینہ پر مارا۔ فرمایا تجھ کو اے ابا المنذرؓ علم خوشگوار ہو۔ (روایت کیا اسکو مسلم نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۲۱/۱۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ وَكَّلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحِفْظِ زَكٰوةِ رَمَضَانَ فَاَتَانِيْ اٰتٍ فَجَعَلَ يَحْثُوْا مِنَ الطَّعَامِ فَاَخَذْتُهٗ وَقُلْتُ لَاَرْفَعَنَّكَ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے رمضان کی زکوٰۃ پر چوکیدار مقرر کیا ایک شخص آیا اس نے اس غلے سے بھرنا شروع کیا میں نے اس کو پکڑ لیا اور کہا کہ میں تجھ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں

إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنِّيْ مُحْتَاجٌ وَّعَلَيَّ عِيَالٌ وَّلِيْ حَاجَةٌ شَدِيْدَةٌ قَالَ فَخَلَّيْتُ عَنْهُ فَأَصْبَحْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ مَا فَعَلَ أَسِيْرُكَ الْبَارِحَةَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَكَا حَاجَةً شَدِيْدَةً وَّعِيَالًا فَرَحِمْتُهُ فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهُ قَالَ أَمَا إِنَّهُ قَدْ كَذَبَكَ وَسَيَعُوْدُ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ سَيَعُوْدُ لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ سَيَعُوْدُ فَرَصَدْتُهُ فَجَاءَ يَحْثُوْ مِنَ الطَّعَامِ فَأَخَذْتُهُ فَقُلْتُ لَأَرْفَعَنَّكَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دَعْنِيْ فَإِنِّيْ مُحْتَاجٌ وَّعَلَيَّ عِيَالٌ لَّا أَعُوْدُ فَرَحِمْتُهُ فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهُ فَأَصْبَحْتُ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ مَا فَعَلَ أَسِيْرُكَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَكَا حَاجَةً شَدِيْدَةً وَّعِيَالًا فَرَحِمْتُهُ فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهُ فَقَالَ أَمَا إِنَّهُ قَدْ كَذَبَكَ وَسَيَعُوْدُ فَرَصَدْتُهُ فَجَاءَ يَحْثُوْ مِنَ الطَّعَامِ فَأَخَذْتُهُ فَقُلْتُ لَأَرْفَعَنَّكَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذَا آخِرُ ثَلٰثِ مَرَّاتٍ إِنَّكَ تَزْعَمُ لَا تَعُوْدُ ثُمَّ تَعُوْدُ قَالَ دَعْنِيْ أُعَلِّمْكَ كَلِمَاتٍ يَنْفَعُكَ اللّٰهُ بِهَا إِذَا أَوَيْتَ إِلٰى فِرَاشِكَ فَاقْرَأْ

لے جاؤں گا اس نے کہا میں محتاج ہوں اور میرے ذمہ عیال کا نفقہ ہے اور میرے لئے بہت حاجت ہے ابوہریرہ رضی نے کہا میں نے اس کو چھوڑ دیا صبح کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوہریرہ رضی تیرے قیدی کا کیا حال ہے جو گذشتہ رات پکڑا تھا میں نے کہا اے اللہ کے رسول اس نے سخت حاجت اور عیالداری کی شکایت کی میں نے اس پر رحم کیا میں نے اسے چھوڑ دیا آپ نے فرمایا خبردار اس نے تجھ سے جھوٹ بولا اور وہ دوبارہ پھر آوے گا میں نے یقین کیا کہ وہ دوبارہ پھر آوے گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی وجہ سے کہ آپ نے فرمایا تھا کہ وہ دوبارہ آوے گا میں اس کا منتظر رہا وہ پھر آیا اور اس نے غلہ سے بلہ بھرنا شروع کر دیا میں نے اس کو پکڑا میں نے کہا کہ میں تجھ کو اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے جاؤں گا اس نے کہا مجھے چھوڑ دے میں محتاج ہوں اور میرے ذمہ ایک کنبہ کی ذمہ داری ہے میں دوبارہ نہ آؤں گا میں نے اس پر پھر رحم کیا میں نے اسے چھوڑ دیا میں نے صبح کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرے قیدی کو کیا ہوا۔ میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول اس نے سخت حاجت کی شکایت کی اور عیالداری کی میں نے اس پر رحم کیا اور اسے چھوڑ دیا فرمایا خبردار ہو اس نے جھوٹ بولا اور دوبارہ پھر آوے گا میں پھر منتظر رہا وہ آیا غلہ بھرنے لگا میں نے اسے پکڑا میں نے کہا میں تجھ کو اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے جاؤں گا اور یہ تیسری بار کی آخر ہے تو نے کہا تھا کہ میں اب کے نہیں آؤں گا پھر آیا اس نے کہا مجھ کو چھوڑ دے میں تجھ کو چند کلمے سکھلاتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی وجہ سے تجھ کو نفع دے گا جب تو اپنے بستر پر جگہ پکڑے تو آیۃ الکرسی کو پڑھو اللہ لا الٰہ الا ہو الحی القیوم ختم آیت تک اللہ کیطرف

besturdubooks.wordpress.com

اٰيَةَ الْكُرْسِيِّ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ حَتّٰى تَخْتِمَ الْاٰيَةَ فَاِنَّكَ لَنْ يَّزَالَ عَلَيْكَ مِنَ اللّٰهِ حَافِظٌ وَّلَا يَقْرَبُكَ شَيْطٰنٌ حَتّٰى تُصْبِحَ فَخَلَّيْتُ سَبِيْلَهٗ فَاَصْبَحْتُ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فَعَلَ اَسِيْرُكَ قُلْتُ زَعَمَ اَنَّهٗ يُعَلِّمُنِيْ كَلِمَاتٍ يَّنْفَعُنِي اللّٰهُ بِهَا قَالَ اَمَا اِنَّهٗ صَدَقَكَ وَهُوَ كَذُوْبٌ تَعْلَمُ مَنْ تُخَاطِبُ مُنْذُ ثَلٰثِ لَيَالٍ قُلْتُ لَا قَالَ ذَاكَ شَيْطٰنٌ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سے تجھ پر ایک نگہبان مقرر ہوگا اور تمہارے پاس کوئی شیطان قریب نہیں ہوگا صبح تک میں نے اس کو پھر چھوڑ دیا میں نے صبح کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرے قیدی کا کیا ہوا میں نے کہا میرے قیدی نے مجھے چند کلمے سکھلائے کہ مجھ کو ان کے سبب اللہ تعالیٰ نفع دے گا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبردار اس نے سچ کہا اور وہ جھوٹا ہے تجھ کو معلوم ہے وہ کون ہے جس سے تو مخاطب تھا تین رات سے میں نے کہا نہیں فرمایا شیطان تھا۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۰۳۲/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَاعِدٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ نَقِيْضًا مِّنْ فَوْقِهٖ فَرَفَعَ رَاْسَهٗ فَقَالَ هٰذَا بَابٌ مِّنَ السَّمَآءِ فُتِحَ الْيَوْمَ لَمْ يُفْتَحْ قَطُّ اِلَّا الْيَوْمَ فَنَزَلَ مِنْهُ مَلَكٌ فَقَالَ هٰذَا مَلَكٌ نَزَلَ اِلَى الْاَرْضِ لَمْ يَنْزِلْ قَطُّ اِلَّا الْيَوْمَ فَسَلَّمَ فَقَالَ اَبْشِرْ بِنُوْرَيْنِ اُوْتِيْتَهُمَا لَمْ يُؤْتَهُمَا نَبِيٌّ قَبْلَكَ فَاتِحَةُ الْكِتَابِ وَخَوَاتِيْمُ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ لَنْ تَقْرَاَ بِحَرْفٍ مِّنْهُمَا اِلَّا اُعْطِيْتَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک جبریل علیہ السلام بیٹھے ہوئے تھے کہ جبریل علیہ السلام نے اوپر کی طرف سے دروازہ کھولنے کی سی آواز سنی آپ نے اپنا سر اٹھایا جبریل علیہ السلام نے کہا یہ آسمان کا دروازہ ہے جو آج سے پہلے کبھی نہیں کھلا تھا اس دروازے سے ایک فرشتہ اترا جبریل علیہ السلام نے کہا یہ فرشتہ آج سے پہلے کبھی زمین کی طرف نہیں اترا اس فرشتے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا اور کہا خوش ہو تم دو نوروں کیساتھ جو تمہیں دیئے گئے ہیں آپ سے پہلے کسی نبی کو یہ دونوں نہیں دیئے گئے فاتحۃ الکتاب اور سورۂ بقر کا آخر تو اس کا کوئی حرف نہیں پڑھے گا مگر تو اس کا ثواب دیا جاوے گا یا تیری دعا قبول کی جاوے گی۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۰۳۳/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابو مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں جو ان کو

الْاٰيَتَانِ مِنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ مَنْ قَرَاَ بِهِمَا فِيْ لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

رات کو پڑھے گا وہ اس کو کفایت کرتی ہیں۔ (متفق علیہ)

٢٠٢٤/١٨ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَفِظَ عَشْرَ اٰيَاتٍ مِّنْ اَوَّلِ سُوْرَةِ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنَ الدَّجَّالِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو درداء رضی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سورۂ کہف کی پہلی دس آیتیں یاد کرے وہ دجال کے شر سے بچایا جاوے گا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

٢٠٢٥/١٩ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّقْرَاَ فِيْ لَيْلَةٍ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ قَالُوْا وَكَيْفَ يَقْرَاُ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ قَالَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ يَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَرَوَاهُ الْبُخَارِيُّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ)

انہی (ابو درداء) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا ایک تمہارا عاجز ہے اس بات سے کہ ایک رات میں قرآن کی تہائی پڑھے صحابہ نے عرض کیا کس طرح قرآن کی تہائی پڑھے آپ نے فرمایا قل ھو اللہ احد قرآن کی تہائی کے برابر ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے اور بخاری نے ابو سعید سے)

٢٠٢٦/٢٠ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا عَلٰى سَرِيَّةٍ وَّكَانَ يَقْرَاُ لِاَصْحَابِهٖ فِيْ صَلٰوتِهِمْ فَيَخْتِمُ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فَلَمَّا رَجَعُوْا ذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَلُوْهُ لِاَيِّ شَيْءٍ يَّصْنَعُ ذٰلِكَ فَسَاَلُوْهُ فَقَالَ لِاَنَّهَا صِفَةُ الرَّحْمٰنِ وَاَنَا اُحِبُّ اَنْ اَقْرَاَ بِهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبِرُوْهُ اَنَّ اللّٰهَ يُحِبُّهٗ
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضی سے روایت ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو لشکر کا امیر بنا کر بھیجا وہ اپنے ساتھیوں کی امامت کرتا تھا اور قل ہو اللہ احد پر ختم کرتا جب واپس لوٹے تو یہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں شکایت کی آپ نے فرمایا اس سے پوچھو یہ کیوں کرتا ہے اس سے پوچھا اس نے کہا میں اس لئے کرتا ہوں کہ اس میں رحمان کی صفت ہے اور میں اس کو دوست رکھتا ہوں کہ اسی کو پڑھوں آپ نے فرمایا کہ اس کو خبر کر دو کہ اللہ تعالیٰ اس کو دوست رکھتا ہے (روایت اس کو بخاری اور مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

۲۰۲۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اُحِبُّ ھٰذِہِ السُّوْرَۃَ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ قَالَ اِنَّ حُبَّکَ اِیَّاھَا اَدْخَلَکَ الْجَنَّۃَ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَرَوَی الْبُخَارِیُّ مَعْنَاہُ)

انس رضؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کی اے اللہ کے رسولؐ میں قل ہو اللہ احد کو دوست رکھتا ہوں آپؐ نے فرمایا تیری اس سورت سے دوستی تجھ کو جنت میں داخل کرے گی۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور بخاری نے اس کے معنی روایت کیے ہیں)

۲۰۲۸ وَعَنْ عُقْبَۃَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَمْ تَرَ اٰیَاتٍ اُنْزِلَتِ اللَّیْلَۃَ لَمْ یُرَ مِثْلُھُنَّ قَطُّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

عقبہ بن عامر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تو نے نہیں دیکھا جو آیتیں اتاری گئی ہیں آج رات ان کی مانند کبھی نہیں دیکھی گئیں قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۰۲۹ وَعَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اَوٰی اِلٰی فِرَاشِہٖ کُلَّ لَیْلَۃٍ جَمَعَ کَفَّیْہِ ثُمَّ نَفَثَ فِیْھِمَا فَقَرَاَ فِیْھِمَا قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ وَّقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ثُمَّ یَمْسَحُ بِھِمَا مَا اسْتَطَاعَ مِنْ جَسَدِہٖ یَبْدَاُ بِھِمَا عَلٰی رَاْسِہٖ وَوَجْھِہٖ وَمَا اَقْبَلَ مِنْ جَسَدِہٖ یَفْعَلُ ذٰلِکَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ۔ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَسَنَذْکُرُ حَدِیْثَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ لَمَّا اُسْرِیَ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ بَابِ الْمِعْرَاجِ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

عائشہ رضؓ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت رات کو اپنے بستر پر لیٹتے اپنے دونوں ہاتھوں کو ملاتے اور اس میں پھونکتے قل ھو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھتے پھر ان ہاتھوں کو اپنے جسم پر جہاں تک ہو سکتا پھیرتے سر اور چہرے سے شروع کرتے اور بدن کی اگلی جانب سے ایسا تین بار کرتے۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری اور مسلم نے اور ابن مسعودؓ کی حدیث آگے ذکر کریں گے جس کے الفاظ ہیں لما اسری برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باب المعراج میں انشاء اللہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۲۰۳۰ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَنِ

عبدالرحمٰن بن عوف رضؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثَةٌ تَحْتَ الْعَرْشِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الْقُرْاٰنُ يُحَاجُّ الْعِبَادَ لَهٗ ظَهْرٌ وَّبَطْنٌ وَالْاَمَانَةُ وَالرَّحِمُ تُنَادِيْ اَلَا مَنْ وَصَلَنِيْ وَصَلَهُ اللّٰهُ وَمَنْ قَطَعَنِيْ قَطَعَهُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا قیامت کے دن اللہ کے عرش کے نیچے تین چیزیں ہوں گی ایک قرآن بندوں سے جھگڑے گا قرآن کا ظاہر بھی ہے اور باطن بھی دوسری امانت عرش کے نیچے ہوگی تیسری رشتہ داری وہ منادی کرے گی خبردار جس نے مجھے ملایا اللہ اس کو ملائے گا اور جس نے مجھ کو توڑا اللہ اسکو توڑے گا۔ (روایت کیا اس کو شرح السنہ میں)

۲۰۳۱/۲۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرْاٰنِ اقْرَاْ وَارْتَقِ وَرَتِّلْ كَمَا كُنْتَ تُرَتِّلُ فِي الدُّنْيَا فَاِنَّ مَنْزِلَكَ عِنْدَ اٰخِرِ اٰيَةٍ تَقْرَاُ بِهَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صاحب قرآن کو کہا جائے گا قرآن پڑھ اور چڑھ جس طرح تو دنیا میں ٹھہر ٹھہر کر پڑھتا تھا ٹھہر کر پڑھ تیرا مقام آخری آیت پر ہے جو تو پڑھے گا (روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۲۰۳۲/۲۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الَّذِيْ لَيْسَ فِيْ جَوْفِهٖ شَيْءٌ مِّنَ الْقُرْاٰنِ كَالْبَيْتِ الْخَرِبِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے دل میں قرآن سے کچھ نہیں وہ ویران گھر کی مانند ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور دارمی نے اور ترمذی نے کہا یہ حدیث صحیح ہے)

۲۰۳۳/۲۷ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى مَنْ شَغَلَهُ الْقُرْاٰنُ عَنْ ذِكْرِيْ وَمَسْئَلَتِيْ اَعْطَيْتُهٗ اَفْضَلَ مَا اُعْطِي السَّائِلِيْنَ وَفَضْلُ كَلَامِ اللّٰهِ عَلٰى سَائِرِ الْكَلَامِ كَفَضْلِ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں جس کو میری یاد سے قرآن باز رکھے اور مجھ سے مانگنے سے تو میں اس کو اس سے بہتر دیتا ہوں جو مانگنے والے کو دیتا ہوں اللہ کے کلام کی بزرگی باقی کلاموں پر ایسے ہے جیسے کہ اللہ کی بزرگی تمام مخلوق پر ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور دارمی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب)

besturdubooks.wordpress.com

وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ

ہے۔

۲۰۳۴/۲۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ حَرْفًا مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَهٗ بِهٖ حَسَنَةٌ وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا لَا أَقُولُ الٓمٓ حَرْفٌ بَلْ أَلِفٌ حَرْفٌ وَّلَامٌ حَرْفٌ وَّمِيمٌ حَرْفٌ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ غَرِيبٌ إِسْنَادًا۔

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص کتاب اللہ سے ایک حرف پڑھے اس کے عوض ایک نیکی ہے اور ایک نیکی دس نیکیوں کے برابر ہے میں نہیں کہتا کہ الٓمٓ ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف ہے۔ لام ایک حرف ہے میم ایک حرف ہے (روایت کیا ہے اس کو دارمی نے۔ ترمذی نے کہا سند کے لحاظ سے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۲۰۳۵/۲۹ وَعَنِ الْحَارِثِ الْأَعْوَرِ قَالَ مَرَرْتُ فِي الْمَسْجِدِ فَإِذَا النَّاسُ يَخُوضُونَ فِي الْأَحَادِيثِ فَدَخَلْتُ عَلٰى عَلِيٍّ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ أَوَقَدْ فَعَلُوهَا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ أَمَا إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَلَا إِنَّهَا سَتَكُونُ فِتْنَةٌ قُلْتُ مَا الْمَخْرَجُ مِنْهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ كِتَابُ اللّٰهِ فِيهِ نَبَأُ مَا قَبْلَكُمْ وَخَبَرُ مَا بَعْدَكُمْ وَحُكْمُ مَا بَيْنَكُمْ هُوَ الْفَصْلُ لَيْسَ بِالْهَزْلِ مَنْ تَرَكَهٗ مِنْ جَبَّارٍ قَصَمَهُ اللّٰهُ وَمَنِ ابْتَغَى الْهُدٰى فِي غَيْرِهٖ أَضَلَّهُ اللّٰهُ وَهُوَ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِينُ وَهُوَ الذِّكْرُ الْحَكِيمُ وَهُوَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيمُ هُوَ الَّذِي لَا تَزِيغُ بِهِ الْأَهْوَاءُ وَلَا تَلْتَبِسُ بِهِ الْأَلْسِنَةُ وَلَا يَشْبَعُ مِنْهُ الْعُلَمَاءُ وَلَا يَخْلَقُ عَنْ

حارث اعور رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ میں مسجد کے پاس سے گذرا۔ لوگ بے فائدہ باتوں میں مشغول تھے میں حضرت علی رضؓ کے پاس گیا۔ میں نے ان کو خبر دی حضرت علی رضؓ نے فرمایا کیا انہوں نے یہ بات کی۔ میں نے کہا ہاں حضرت علی رضؓ نے فرمایا خبردار میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے سنا کہ عنقریب ایک فتنہ ہوگا تو میں نے عرض کی اس فتنہ سے خلاصی کیونکر ہوگی اے اللہ کے رسول۔ آپؐ نے فرمایا۔ اللہ کی کتاب کہ اس میں تمہارے پہلوں کی خبر ہے اور اس چیز کی جو تم سے پیچھے ہیں اور اس میں اس چیز کا حکم ہے جو تمہارے درمیان واقع ہے اور فرق کرنے والا ہے حق و باطل کے درمیان، بیہودہ نہیں جس متکبر نے اس قرآن کو چھوڑا اللہ تعالیٰ اس کو ہلاک کرے گا۔ اور جس نے اس کے غیر سے ہدایت تلاش کی اللہ تعالیٰ اس کو گمراہ کرے گا۔ وہ اللہ کی مضبوط رسی ہے وہ نصیحت حکمت کے ساتھ ہے اور سیدھی راہ ہے اور وہ ایسا ہے کہ اس کی اتباع کے سبب خواہشیں باطل کی طرف کج نہیں ہوتیں اور اس سے دوسری زبانیں نہیں ملتی اور اس سے علماء سیر نہیں ہوتے اور اس کو بار بار پڑھنے سے اس کا مزا پرانا نہیں ہوتا اور اس کے

besturdubooks.wordpress.com

كَثْرَةِ الرَّدِّ وَلَا يَنْقَضِي عَجَائِبُهُ هُوَ الَّذِي لَمْ تَنْتَهِ الْجِنُّ إِذْ سَمِعَتْهُ حَتَّى قَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ مَنْ قَالَ بِهِ صَدَقَ وَمَنْ عَمِلَ بِهِ أُجِرَ وَمَنْ حَكَمَ بِهِ عَدَلَ وَمَنْ دَعَا إِلَيْهِ هُدِيَ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ إِسْنَادُهُ مَجْهُولٌ وَفِي الْحَارِثِ مَقَالٌ۔

نکات ختم نہیں ہوتے قرآن ایسا ہے کہ جن بھی نہ ٹھہر سکے جب انہوں نے سنا یہاں تک کہ کہا ہم نے عجیب قرآن سنا ہدایت کی طرف راہ بتاتا ہے ہم اس پر ایمان لائے جس نے اس کے موافق کہا اس نے سچ کہا اور جس نے اس کے موافق عمل کیا وہ ثواب دیا جائے گا اور جس نے اس کے ساتھ حکم کیا اس نے انصاف کیا جس نے اس کی طرف بلایا وہ سیدھی راہ دکھایا گیا۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور دارمی نے ترمذی نے کہا اس حدیث کی سند مجہول ہے اور حارث میں کلام ہے)

+ + +

۲۰۳۶ وَعَنْ مُعَاذٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ وَعَمِلَ بِمَا فِيهِ أُلْبِسَ وَالِدَاهُ تَاجًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ضَوْءُهُ أَحْسَنُ مِنْ ضَوْءِ الشَّمْسِ فِي بُيُوتِ الدُّنْيَا لَوْ كَانَتْ فِيكُمْ فَمَا ظَنُّكُمْ بِالَّذِي عَمِلَ بِهٰذَا۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ)

معاذ جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قرآن پڑھے اور اس کے احکام پر عمل کرے اس کے ماں باپ قیامت کے دن تاج پہنائے جائیں گے اور اس کی روشنی سورج کی روشنی سے زیادہ ہوگی جیسے دنیا کے گھروں میں ہو تو تمہارا کیا گمان ہے اس شخص کے ساتھ جس نے قرآن کے ساتھ عمل کیا (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابو داؤد نے)

۲۰۳۷/۳۱ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَوْ جُعِلَ الْقُرْآنُ فِي إِهَابٍ ثُمَّ أُلْقِيَ فِي النَّارِ مَا احْتَرَقَ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا اگر قرآن کو چمڑے میں لپیٹا جائے اور آگ میں ڈال دیا جائے تو نہ جلے (روایت کیا ہے اس کو دارمی نے)

۲۰۳۸/۳۲ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَاسْتَظْهَرَهُ فَأَحَلَّ حَلَالَهُ وَحَرَّمَ حَرَامَهُ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَشَفَّعَهُ فِي عَشَرَةٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ كُلُّهُمْ قَدْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے قرآن پڑھا پھر اس کو یاد کیا اس کے حلال کو حلال جانا اور اس کے حرام کو حرام جانا اس کو اللہ جنت میں داخل کرے گا اور گھر کے دس آدمیوں کے بارہ میں اس کی شفاعت قبول ہوگی اور وہ سب ایسے ہی ہوں گے جن کے لئے آگ واجب ہوگی۔ (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے

وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَ حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّاوِيْ لَيْسَ هُوَ بِالْقَوِيِّ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ۔

اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے حفص بن سلیمان قوی راوی نہیں حدیث میں ضعیف ہے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۳۹/۳۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ كَيْفَ تَقْرَأُ فِي الصَّلٰوةِ فَقَرَأَ اُمَّ الْقُرْاٰنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا اُنْزِلَتْ فِي التَّوْرٰىةِ وَلَا فِي الْاِنْجِيْلِ وَ لَا فِي الزَّبُوْرِ وَلَا فِي الْفُرْقَانِ مِثْلُهَا وَ اِنَّهَا سَبْعٌ مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِيْمُ الَّذِيْ اُعْطِيْتُهٗ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ رَوَى الدَّارِمِيُّ مِنْ قَوْلِهٖ مَا اُنْزِلَتْ وَ لَمْ يَذْكُرْ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن کعبؓ کو فرمایا تم نماز میں کس طرح پڑھتے ہو اس نے سورۂ فاتحہ پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے توریت اور انجیل اور زبور میں اور نہ ہی قرآن میں ایسی کوئی سورت اتاری گئی سورت فاتحہ سات آیتیں ہیں مکرر پڑھی جاتی ہے اور قرآن عظیم ہے جو میں دیا گیا ہوں

(روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور دارمی نے ما انزلت سے ذکر کیا اور ابی بن کعب کا ذکر نہیں کیا ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۴۰/۳۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوا الْقُرْاٰنَ فَاقْرَءُوْهُ فَاِنَّ مَثَلَ الْقُرْاٰنِ لِمَنْ تَعَلَّمَ فَقَرَاَ وَ قَامَ بِهٖ كَمَثَلِ جِرَابٍ مَّحْشُوٍّ مِّسْكًا تَفُوْحُ رِيْحُهٗ كُلَّ مَكَانٍ وَّمَثَلُ مَنْ تَعَلَّمَهٗ فَرَقَدَ وَهُوَ فِيْ جَوْفِهٖ كَمَثَلِ جِرَابٍ اُوْكِيَ عَلٰى مِسْكٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سیکھو قرآن اور اس کو پڑھو قرآن پڑھنے اور سیکھنے اور قیام کرنے والے کے لیے قرآن کی مثال ایسی ہے کہ مشک کی تھیلی بھری ہوئی ہے کہ اس کی خوشبو تمام مکان میں پہنچتی ہے اور اس شخص کا حال جس نے قرآن سیکھا اور سو گیا اور وہ اس کے پیٹ میں ہے اس تھیلی کی مانند ہے جو مشک پر باندھی گئی ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۲۰۴۱/۳۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَاَ حم الْمُؤْمِنَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ تک

انہی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح حٰمٓ المؤمن الیہ المصیر تک

besturdubooks.wordpress.com

إِلَى إِلَيْهِ الْمَصِيرُ وَآيَةَ الْكُرْسِيِّ حِينَ يُصْبِحُ حُفِظَ بِهِمَا حَتَّى يُمْسِيَ وَمَنْ قَرَأَهُمَا حِينَ يُمْسِي حُفِظَ بِهِمَا حَتَّى يُصْبِحَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

اور آیۃ الکرسی پڑھے ان کی برکت سے شام تک محفوظ رہتا ہے اور جو شام کے وقت پڑھے وہ ان کی برکت سے صبح تک محفوظ رہتا ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور دارمی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۴۲/۳۶ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ كِتَابًا قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِأَلْفَيْ عَامٍ أَنْزَلَ مِنْهُ آيَتَيْنِ خَتَمَ بِهِمَا سُورَةَ الْبَقَرَةِ وَلَا تُقْرَأَانِ فِي دَارٍ ثَلٰثَ لَيَالٍ فَيَقْرَبُهَا الشَّيْطٰنُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

نعمان بن بشیر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو پیدا کرنے سے کتاب کو دو ہزار برس پہلے لکھا اس کتاب میں سے دو آیتیں اتاریں سورۃ البقرہ کو ان کے ساتھ ختم کیا جس مکان میں تین رات تک وہ آیتیں پڑھی جائیں ان کے نزدیک شیطان نہیں آتا۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور دارمی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۴۳/۳۷ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ ثَلٰثَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ)

ابو درداء رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تین آیتیں سورۂ کہف سے پڑھے دجال کے فتنہ سے بچایا جائے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۴۴/۳۸ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ قَلْبًا وَقَلْبُ الْقُرْآنِ يٰسٓ وَمَنْ قَرَأَ يٰسٓ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِقِرَاءَتِهَا قِرَاءَةَ الْقُرْآنِ عَشْرَ مَرَّاتٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

حضرت انسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر چیز کے لئے دل ہے اور قرآن کا دل سورۂ یٰسین ہے جو اس کو پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے دس قرآن کے برابر ثواب لکھتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور دارمی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۴۵/۳۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی

besturdubooks.wordpress.com

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی قَرَأَ طٰہٰ وَیٰسٓ قَبْلَ اَنْ یَّخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِاَلْفِ عَامٍ فَلَمَّا سَمِعَتِ الْمَلٰٓئِکَۃُ الْقُرْاٰنَ قَالَتْ طُوْبٰی لِاُمَّۃٍ یُّنْزَلُ ھٰذَا عَلَیْھَا وَطُوْبٰی لِاَجْوَافٍ تَحْمِلُ ھٰذَا وَطُوْبٰی لِاَلْسِنَۃٍ تَتَکَلَّمُ بِھٰذَا۔ (رَوَاہُ الدَّارِمِیُّ)

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان پیدا کرنے سے ایک ہزار برس پہلے سورۂ طٰہٰ اور یٰسین پڑھی جس وقت فرشتوں نے سنا تو کہا جس امت پر یہ نازل ہوگا ان کے لئے خوشی ہے اور جس دل میں یہ محفوظ ہوگا اس کے لئے اور جو زبانیں اس کو پڑھیں گی ان کے لئے خوشحالی ہے (روایت کیا اس کو دارمی نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۴۶ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ حٰمٓ الدُّخَانَ فِیْ لَیْلَۃٍ اَصْبَحَ یَسْتَغْفِرُ لَہٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَکٍ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَّعُمَرُ بْنُ اَبِیْ خَثْعَمَ الرَّاوِیْ یُضَعَّفُ وَقَالَ مُحَمَّدٌ یَّعْنِی الْبُخَارِیَّ ھُوَ مُنْکَرُ الْحَدِیْثِ)

انہی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رات کو حٰمٓ الدخان پڑھتا ہے صبح کرتا ہے اس حال میں کہ اس کے لئے ستر ہزار فرشتے بخشش مانگتے ہیں۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور عمر بن ابی خثعم اس حدیث کا راوی ضعیف ہے اور محمد نے کہا یعنے بخاری نے کہ وہ منکر الحدیث ہے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۴۷ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ حٰمٓ الدُّخَانَ فِیْ لَیْلَۃِ الْجُمُعَۃِ غُفِرَ لَہٗ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَّھِشَامٌ اَبُو الْمِقْدَامِ الرَّاوِیْ یُضَعَّفُ)

انہی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کی رات کو حٰمٓ الدخان پڑھتا ہے اس کو بخش دیا جاتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور ہشام ابو المقدام حدیث میں ضعیف راوی ہے)

۲۰۴۸ وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِیَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقْرَأُ الْمُسَبِّحَاتِ قَبْلَ اَنْ یَّرْقُدَ وَیَقُوْلُ اِنَّ فِیْھِنَّ اٰیَۃً خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ اٰیَۃٍ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَاہُ الدَّارِمِیُّ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ مُرْسَلًا وَّقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)

عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے مسبحات پڑھتے تھے فرماتے اُن میں ایک آیت ہے جو ہزار آیتوں سے بہتر ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابو داؤد نے اور دارمی نے بطریق ارسال کے خالد بن معدان سے ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۴۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ سُوْرَةً فِی الْقُرْاٰنِ ثَلٰثُوْنَ اٰیَةً شَفَعَتْ لِرَجُلٍ حَتّٰی غُفِرَ لَهٗ وَهِیَ تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن میں ایک تیس آیتوں کی سورۃ ہے اس نے ایک شخص کی شفاعت کی یہاں تک کہ اس کے لئے بخشش کی گئی اور وہ سورۃ تبارک الذی بیدہ الملک ہے (روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۲۰۵۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ ضَرَبَ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خِبَآءَهٗ عَلٰی قَبْرٍ وَّهُوَ لَا یَحْسِبُ اَنَّهٗ قَبْرٌ فَاِذَا فِیْهِ اِنْسَانٌ یَّقْرَاُ سُوْرَةَ تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ حَتّٰی خَتَمَهَا فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هِیَ الْمَانِعَةُ هِیَ الْمُنْجِیَةُ تُنْجِیْهِ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک نے قبر پر خیمہ لگایا اور ان کو معلوم نہ تھا یہ قبر ہے اس میں ایک شخص تبارک الذی بیدہ الملک پڑھتا ہے جب اس نے پوری کر لی تو خیمہ لگانے والا آنحضرتؐ کے پاس آیا اس نے آنحضرتؐ کو خبر دی آپؐ نے فرمایا وہ منع کرنے والی ہے اور نجات دینے والی ہے اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نجات دلانیوالی (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

۲۰۵۱ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا یَنَامُ حَتّٰی یَقْرَاَ الٓمّٓ تَنْزِیْلُ وَتَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ وَّكَذَا فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَفِی الْمَصَابِیْحِ غَرِیْبٌ)

جابر رضؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سوتے وقت الٓمّٓ تنزیل السجدہ اور تبارک الذی بیدہ الملک پڑھتے تھے۔ (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور دارمی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث صحیح ہے اور اسی طرح محی السنہؒ نے شرح السنہ میں کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے اور مصابیح میں یہ حدیث غریب ہے)

* * * * * *

۲۰۵۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے اور انس بن مالک سے دونوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورۂ اذا زلزلت

besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا زُلْزِلَتْ تَعْدِلُ نِصْفَ الْقُرْآنِ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكٰفِرُونَ تَعْدِلُ رُبُعَ الْقُرْآنِ - (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

آدھے قرآن کے برابر ہے اور مکمل ہو اللہ احد تہائی قرآن کے برابر ہے اور قل یا ایہا الکفرون چوتھائی قرآن کے برابر ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۵۳ (۴۷) وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ فَقَرَأَ ثَلٰثَ آيَاتٍ مِّنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْحَشْرِ وَكَّلَ اللّٰهُ بِهٖ سَبْعِيْنَ أَلْفَ مَلَكٍ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ حَتّٰى يُمْسِيَ وَإِنْ مَّاتَ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ مَاتَ شَهِيْدًا وَّمَنْ قَالَهَا حِيْنَ يُمْسِيْ كَانَ بِتِلْكَ الْمَنْزِلَةِ - (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جو شخص صبح کے وقت تین مرتبہ کہے میں پناہ پکڑتا ہوں سننے والے جاننے والے اللہ کے ساتھ شیطان مردود سے پھر سورۂ حشر کی آخری تین آیتیں پڑھے اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے مقرر کرتا ہے جو اس کے لئے دعا کرتے ہیں اور بخشش مانگتے ہیں ان کے گناہوں کی شام تک اگر اس دن وہ مر جائے تو وہ شہید ہوگا اور جو شخص ان آیتوں کو پڑھے شام کے وقت وہی مرتبہ ہے اس کے لئے (روایت کیا اس کو ترمذی اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۵۴ (۴۸) وَعَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَأَ كُلَّ يَوْمٍ مِّائَتَيْ مَرَّةٍ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ مُحِيَ عَنْهُ ذُنُوْبُ خَمْسِيْنَ سَنَةً إِلَّا أَنْ يَّكُوْنَ عَلَيْهِ دَيْنٌ - (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَفِيْ رِوَايَتِهٖ خَمْسِيْنَ مَرَّةً وَّلَمْ يَذْكُرْ إِلَّا أَنْ يَّكُوْنَ عَلَيْهِ دَيْنٌ)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا جو شخص ہر روز دو سو بار قل ہو اللہ احد پڑھے اس سے پچاس برس کے گناہ دور کئے جاتے ہیں مگر یہ کہ اس پر قرض ہو - (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور دارمی نے اور دارمی کی ایک روایت میں ہے پچاس بار الا ان یکون علیہ دین نہیں ذکر کیا)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۵۵ (۴۹) وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَرَادَ أَنْ يَّنَامَ عَلٰى فِرَاشِهٖ فَنَامَ عَلٰى يَمِيْنِهٖ ثُمَّ قَرَأَ مِائَةَ مَرَّةٍ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ إِذَا كَانَ يَوْمُ

انہی (انس رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا جو سونے کا ارادہ کرے اپنے بستر پر دائیں کروٹ لیٹے سو بار قل ہو اللہ احد پڑھے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرما دے گا اے میرے بندے

besturdubooks.wordpress.com

الْقِيٰمَةِ يَقُوْلُ لَهُ الرَّبُّ يَا عَبْدِيْ ادْخُلْ عَلٰى يَمِيْنِكَ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

اپنی داہنی طرف سے بہشت میں داخل ہو۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۲۰۵۶/۵۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَقْرَاُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فَقَالَ وَجَبَتْ فَقُلْتُ وَمَا وَجَبَتْ قَالَ الْجَنَّةُ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو قل ہو اللہ احد پڑھتے سنا تو فرمایا واجب ہوئی میں نے کہا کیا واجب ہوئی فرمایا بہشت (روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور ترمذی نے اور نسائی نے)

* * * * *

۲۰۵۷/۵۱ وَعَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ شَيْئًا اَقُوْلُهٗ اِذَا اَوَيْتُ اِلٰى فِرَاشِيْ فَقَالَ اِقْرَاْ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ فَاِنَّهَا بَرَآءَةٌ مِّنَ الشِّرْكِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

فروہ بن نوفل سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں اس نے کہا اے اللہ کے رسولؐ مجھ کو کچھ سکھاؤ کہ جب میں اپنے بستر پر جاؤں تو وہ پڑھوں فرمایا قل یا ایہا الکفرون پڑھو اس لئے کہ وہ شرک سے بیزاری ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداود نے اور دارمی نے)

۲۰۵۸/۵۲ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ بَيْنَا اَنَا اَسِيْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْجُحْفَةِ وَالْاَبْوَآءِ اِذْ غَشِيَتْنَا رِيْحٌ وَّظُلْمَةٌ شَدِيْدَةٌ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ بِاَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَاَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ وَيَقُوْلُ يَا عُقْبَةُ تَعَوَّذْ بِهِمَا فَمَا تَعَوَّذَ مُتَعَوِّذٌ بِمِثْلِهِمَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عقبہ بن عامر سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جحفہ اور ابوا کے درمیان چلے جا رہے تھا۔ ہمیں سخت ہوا اور اندھیرے نے گھیرا آپ نے پناہ پکڑنی شروع کی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کے ساتھ اور فرماتے اے عقبہ پناہ پکڑ ان دونوں سورتوں کے ساتھ کسی پناہ پکڑنے والے نے ان کی مانند پناہ نہیں پکڑی۔ (روایت کیا اس کو ابوداود نے)

* * * * * * *

* * * * * * *

۲۰۵۹/۵۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُبَيْبٍ قَالَ خَرَجْنَا فِيْ لَيْلَةٍ مَطَرٍ وَّظُلْمَةٍ شَدِيْدَةٍ نَّطْلُبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

عبداللہ بن خبیب سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کرتے ہوئے بارش اور اندھیری رات میں نکلے ہم نے آپ کو پایا فرمایا کہو میں نے کہا میں کیا کہوں

besturdubooks.wordpress.com

سَلَّمَ فَاَدْرَكْنَاهُ فَقَالَ قُلْ قُلْتُ مَا اَقُوْلُ قَالَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَّالْمُعَوِّذَتَيْنِ حِيْنَ تُصْبِحُ وَحِيْنَ تُمْسِيْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ تَكْفِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

فرمایا قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس صبح اور شام کو تین بار کہہ تجھ کو ہر چیز سے کفایت کریں گی (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۲۰۶۰/۵۴ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقْرَاُ سُوْرَةَ هُوْدٍ اَوْ سُوْرَةَ يُوْسُفَ قَالَ لَنْ تَقْرَاَ شَيْئًا اَبْلَغَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

عقبہ بن عامر رضؓ سے روایت ہے میں نے کہا اے اللہ کے رسول سورۂ ہود یا سورۂ یوسف پڑھوں فرمایا ہرگز نہ پڑھے گا تو کچھ جو بہت پوری ہو اللہ کے نزدیک قل اعوذ برب الفلق سے (روایت کیا اس کو احمد نے، نسائی نے اور دارمی نے)

⁂ ⁂ ⁂

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۰۶۱/۵۵ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْرِبُوا الْقُرْاٰنَ وَاتَّبِعُوْا غَرَآئِبَهٗ وَغَرَآئِبُهٗ فَرَآئِضُهٗ وَحُدُوْدُهٗ۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن کے معانی بیان کرو۔ اور اس کے غرائب کی پیروی کرو اس کے غرائب اس کے فرائض ہیں اور اس کی حدیں۔

۲۰۶۲/۵۶ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ فِي الصَّلٰوةِ اَفْضَلُ مِنْ قِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ فِيْ غَيْرِ الصَّلٰوةِ وَقِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ فِيْ غَيْرِ الصَّلٰوةِ اَفْضَلُ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ وَالتَّسْبِيْحُ اَفْضَلُ مِنَ الصَّدَقَةِ وَالصَّدَقَةُ اَفْضَلُ مِنَ الصَّوْمِ وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ مِّنَ النَّارِ۔

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن کا نماز میں پڑھنا نماز کے غیر میں پڑھنے سے افضل ہے نماز کے غیر میں قرآن پڑھنا بہت ثواب کا حامل ہے تسبیح و تکبیر سے تسبیح بہت ثواب رکھتی ہے اللہ دینے سے اور اللہ کے لئے دینا بہت ثواب رکھتا ہے روزہ سے اور روزہ دوزخ کی آگ سے ڈھال ہے۔

⁂ ⁂ ⁂

۲۰۶۳/۵۷ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيِّ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ

عثمان بن عبداللہ بن اوس ثقفی اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی کا قرآن

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِرَاءَةُ الرَّجُلِ الْقُرْاٰنَ فِيْ غَيْرِ الْمُصْحَفِ اَلْفُ دَرَجَةٍ وَّقِرَاءَتُهٗ فِي الْمُصْحَفِ تُضَعَّفُ عَلٰى ذٰلِكَ اِلٰى اَلْفَيْ دَرَجَةٍ۔

کو بغیر مصحف کے پڑھنا ہزار درجہ ہے اور قرآن کو دیکھ کر پڑھنا یا دیکھنے سے دو ہزار درجے زیادہ ہے۔

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۶۴/۵۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوْبَ تَصْدَأُ كَمَا يَصْدَأُ الْحَدِيْدُ اِذَا اَصَابَهُ الْمَاءُ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا جِلَاءُهَا قَالَ كَثْرَةُ ذِكْرِ الْمَوْتِ وَتِلَاوَةُ الْقُرْاٰنِ۔ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الْاَرْبَعَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دل زنگ پکڑتے ہیں جیسے لوہا زنگ پکڑتا ہے جب اس کو پانی پہنچتا ہے کہا گیا اے اللہ کے رسولؐ اس کا صیقل کیا ہے آپؐ نے فرمایا موت کو بہت یاد کرنا اور قرآن پڑھنا۔ (بیہقی نے ان چاروں حدیثوں کو شعب الایمان میں ذکر کیا)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۶۵/۵۹ وَعَنْ اَيْفَعَ بْنِ عَبْدِ الْكَلَاعِيِّ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ سُوْرَةٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ اَعْظَمُ قَالَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ قَالَ فَاَيُّ اٰيَةٍ فِي الْقُرْاٰنِ اَعْظَمُ قَالَ اٰيَةُ الْكُرْسِيِّ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ قَالَ فَاَيُّ اٰيَةٍ يَّا نَبِيَّ اللّٰهِ تُحِبُّ اَنْ تُصِيْبَكَ وَاُمَّتَكَ قَالَ خَاتِمَةُ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فَاِنَّهَا مِنْ خَزَآئِنِ رَحْمَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ تَحْتِ عَرْشِهٖ اَعْطَاهَا هٰذِهِ الْاُمَّةَ لَمْ تَتْرُكْ خَيْرًا مِّنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

ایفع بن عبد الکلاعی سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک شخص نے کہا اے اللہ کے رسولؐ قرآن میں کون سی سورۃ بڑی ہے فرمایا قل ہو اللہ احد ایک شخص نے کہا کون سی آیت قرآن میں بہت بڑی ہے فرمایا آیۃ الکرسی اللہ لا الٰہ ہو الحی القیوم اس نے کہا اے اللہ کے رسولؐ کونسی آیت دوست رکھتے ہو کہ آپؐ کو اور آپ کی امت کو پہنچے فرمایا سورۂ بقرہ کا خاتمہ وہ خدا کے عرش کے نیچے سے رحمت کے خزانوں سے اتری ہے اس امت کی دنیا اور آخرت کی کوئی بھلائی نہیں چھوڑی مگر اس کو شامل ہے۔ (روایت کیا اس کو دارمی نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۶۶/۶۰ وَعَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ شِفَآءٌ

عبد الملک بن عمیرؓ سے مرسل روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورۂ فاتحہ میں ہر بیماری کی شفا ہے (روایت کیا ہے اس کو دارمی نے

besturdubooks.wordpress.com

مِّنْ كُلِّ دَآءٍ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

اور بیہقی نے شعب الایمان میں)

۲۰۶۷/۶۱ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ مَنْ قَرَأَ آخِرَ آلِ عِمْرَانَ فِي لَيْلَةٍ كُتِبَ لَهُ قِيَامُ لَيْلَةٍ۔

عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو شخص آخر سورۂ آل عمران کا رات کو پڑھے اس کے لئے رات کے قیام کا ثواب لکھا جاتا ہے۔

۲۰۶۸/۶۲ وَعَنْ مَكْحُولٍ قَالَ مَنْ قَرَأَ سُورَةَ آلِ عِمْرَانَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ إِلَى اللَّيْلِ۔ (رَوَاهُمَا الدَّارِمِيُّ)

مکحول رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا جو شخص سورۂ آل عمران جمعہ کے دن پڑھے رات تک اس کے لئے فرشتے دعا کرتے ہیں۔ (روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو دارمی نے)

۲۰۶۹/۶۳ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ خَتَمَ سُورَةَ الْبَقَرَةِ بِآيَتَيْنِ أُعْطِيتُهُمَا مِنْ كَنْزِهِ الَّذِي تَحْتَ الْعَرْشِ فَتَعَلَّمُوهُنَّ وَعَلِّمُوهُنَّ نِسَاءَكُمْ فَإِنَّهَا صَلٰوةٌ وَقُرْبَانٌ وَدُعَاءٌ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ مُرْسَلًا)

جبیر بن نفیر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کو دو آیتوں سے ختم فرمایا اللہ کے عرش کے نیچے والے خزانے سے دیا گیا ہوں ان کو سیکھو اور اپنی عورتوں کو سکھلاؤ وہ دو آیتیں رحمت ہیں اور قرب کا سبب ہیں اور دعا ہیں۔ (روایت کیا ہے اس کو دارمی نے بطریق ارسال کے)

۲۰۷۰/۶۴ وَعَنْ كَعْبٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اقْرَأُوا سُورَةَ هُودٍ يَوْمَ الْجُمُعَةِ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورۂ ہود کو جمعہ کے دن پڑھو۔ (روایت کیا اس کو دارمی نے)

۲۰۷۱/۶۵ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَأَ سُورَةَ الْكَهْفِ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ أَضَاءَ لَهُ النُّورُ مَا بَيْنَ الْجُمُعَتَيْنِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيرِ)

ابو سعید سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سورۂ کہف جمعہ کے دن پڑھے دو جمعوں کے درمیان اس کے لئے نور روشن ہو جاتا ہے (بیہقی نے روایت اس کو دعوات کبیر میں)

۲۰۷۲/۶۶ وَعَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ اقْرَأُوا الْمُنْجِيَةَ وَهِيَ الٓمٓ تَنْزِيلُ

خالد بن معدان سے روایت ہے انہوں نے کہا نجات دینے والی کو پڑھو وہ سورۂ الم تنزیل ہے اس لئے کہ ایک شخص

besturdubooks.wordpress.com

فَإِنَّهُ بَلَغَنِيْ أَنَّ رَجُلًا كَانَ يَقْرَءُهَا مَا يَقْرَءُ شَيْئًا غَيْرَهَا وَكَانَ كَثِيْرَ الْخَطَايَا فَنَشَرَتْ جَنَاحَهَا عَلَيْهِ قَالَتْ رَبِّ اغْفِرْ لَهُ فَإِنَّهُ كَانَ يُكْثِرُ قِرَاءَتِيْ فَشَفَّعَهَا الرَّبُّ تَعَالٰى فِيْهِ وَقَالَ اكْتُبُوْا لَهُ بِكُلِّ خَطِيْئَةٍ حَسَنَةً وَّارْفَعُوْا لَهُ دَرَجَةً وَّقَالَ أَيْضًا إِنَّهَا تُجَادِلُ عَنْ صَاحِبِهَا فِي الْقَبْرِ تَقُوْلُ اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتُ مِنْ كِتَابِكَ فَشَفِّعْنِيْ فِيْهِ وَإِنْ لَّمْ أَكُنْ مِّنْ كِتَابِكَ فَامْحُنِيْ عَنْهُ وَإِنَّهَا تَكُوْنُ كَالطَّيْرِ تَجْعَلُ جَنَاحَهَا عَلَيْهِ فَتَشْفَعُ لَهُ فَتَمْنَعُهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَقَالَ فِيْ تَبَارَكَ مِثْلَهُ وَكَانَ خَالِدٌ لَا يَبِيْتُ حَتّٰى يَقْرَءَهُمَا وَقَالَ طَاوُسٌ فُضِّلَتَا عَلٰى كُلِّ سُوْرَةٍ فِي الْقُرْآنِ بِسِتِّيْنَ حَسَنَةً (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

اس کو پڑھتا تھا اور وہ بہت گنہگار تھا اس سورۃ نے اپنے بازو اس پر پھیلائے کہا اے میرے پروردگار اس کو بخش کیونکہ وہ مجھ کو بہت پڑھتا تھا اس شخص کے حق میں اللہ تعالیٰ نے اس کی شفاعت قبول فرمائی فرمایا اس کے ہر گناہ کے بدلے میں نیکی لکھو اور اس کے لئے درجہ بلند کرو خالد نے کہا قبر میں اپنے پڑھنے والے کی طرف سے جھگڑتی ہے کہتی ہے یا الٰہی اگر میں تیری کتاب سے ہوں تو اس کے حق میں میری شفاعت قبول فرما اگر میں تیری کتاب سے نہیں تو مجھ کو مٹا ڈال خالدؓ نے کہا وہ سورت جاندار پرندے کی طرح ہوگی اپنے پڑھنے والے پر اپنے بازو رکھے گی اس کے لئے شفاعت کرے گی اس سے عذاب قبر کو باز رکھے گی خالدؓ نے تبارک الذی سورۃ کے بارہ میں کہا جو الٓمٓ تنزیل کے بارہ میں کہا خالد اس کے پڑھے بغیر نہیں سوتے تھے۔ طاؤسؒ نے کہا یہ دونوں سورتیں قرآن کی ہر سورۃ پر فضیلت دی گئی ہیں ساٹھ ساٹھ نیکیاں۔ (روایت کیا اس کو دارمی نے)

* * * * * * *

۲۰۷۳/۶۲ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِيْ رَبَاحٍ قَالَ بَلَغَنِيْ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَءَ يٰسٓ فِيْ صَدْرِ النَّهَارِ قُضِيَتْ حَوَائِجُهُ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ مُرْسَلًا)

عطاء بن ابی رباح سے روایت ہے انہوں نے کہا مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات پہنچی آپؐ نے فرمایا جو شخص سورۂ یٰسین کو شروع دن میں پڑھے اس کی تمام حاجتیں پوری کی جاتی ہیں۔ (روایت کیا اس کو دارمی نے مرسل)

* * * * *

۲۰۷۴/۶۳ وَعَنْ مَّعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ الْمُزَنِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَءَ يٰسٓ ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ تَعَالٰى غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ فَاقْرَءُوْهَا عِنْدَ مَوْتَاكُمْ۔

معقلؓ بن یسار مزنی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی رضامندی حاصل کرنے کی خاطر سورۂ یٰسین پڑھے اس کے پہلے تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اس کو اپنے مردوں کے پاس پڑھو۔ (روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

۲۰۷۵/۶۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ سَنَامًا وَاِنَّ سَنَامَ الْقُرْاٰنِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَاِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ لُبَابًا وَاِنَّ لُبَابَ الْقُرْاٰنِ الْمُفَصَّلُ

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہر چیز کی کوہان ہے قرآن کی کوہان سورۂ بقرہ ہے ہر چیز کا خلاصہ ہے قرآن کا خلاصہ مفصل ہے (روایت کیا اس کو دارمی نے)

۲۰۷۶/۷۰ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِكُلِّ شَيْءٍ عُرُوْسٌ وَعُرُوْسُ الْقُرْاٰنِ الرَّحْمٰنُ

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہر چیز کی زینت ہے اور قرآن کی زینت سورۂ رحمٰن ہے۔

۲۰۷۷/۷۱ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَاَ سُوْرَةَ الْوَاقِعَةِ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ لَّمْ تُصِبْهُ فَاقَةٌ اَبَدًا وَّكَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ يَاْمُرُ بَنَاتِهٖ يَقْرَءْنَ بِهَا كُلَّ لَيْلَةٍ۔

(رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

ابن مسعودؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سورۂ واقعہ ہر رات کو پڑھے اس کو کبھی فاقہ نہیں آئے گا ابن مسعودؓ اپنی بیٹیوں کو ہر رات اسی سورۃ کے پڑھنے کو فرماتے (روایت کیا بیہقی نے ان دونوں حدیثوں کو شعب الایمان میں)

۲۰۷۸/۷۲ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ هٰذِهِ السُّوْرَةَ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سورۂ سبح اسم ربک الاعلیٰ کو دوست رکھتے تھے۔ (روایت کیا اس کو احمد نے)

۲۰۷۹/۷۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ اَتٰى رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَقْرِئْنِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ اقْرَاْ ثَلٰثًا مِّنْ ذَوَاتِ الرَّ فَقَالَ كَبُرَتْ سِنِّيْ وَاشْتَدَّ قَلْبِيْ وَغَلُظَ لِسَانِيْ قَالَ فَاقْرَاْ ثَلٰثًا مِّنْ ذَوَاتِ حٰمٓ فَقَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهٖ قَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آیا کہنے لگا اے اللہ کے رسول مجھے پڑھاؤ فرمایا پڑھ تین سورتیں جن کے شروع میں الٓرٰ ہے پس کہا اس نے میری عمر بڑی ہے اور میرا دل سخت ہے اور میری زبان موٹی ہے فرمایا تو تین سورتیں پڑھ جنکے شروع میں حٰمٓ ہے اس نے پہلی بار کی طرح پھر کہا اس شخص نے کہا مجھ کو ایک جامع سورۃ پڑھاؤ رسول اللہ صلی اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اَقْرِئْنِیْ سُوْرَةً جَامِعَةً فَاَقْرَاَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا زُلْزِلَتْ حَتّٰى فَرَغَ مِنْهَا فَقَالَ الرَّجُلُ وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَزِيْدُ عَلَيْهِ اَبَدًا ثُمَّ اَدْبَرَ الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْلَحَ الرَّوَيْجِلُ مَرَّتَيْنِ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

علیہ وسلم نے اذا زلزلت پڑھائی جب اس سے فارغ ہوئے اس شخص نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا میں اس سے زیادہ نہیں کروں گا اس نے پیٹھ پھیری آپ نے فرمایا اس شخص نے مراد پائی دوبار فرمایا۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور احمد نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭

٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۸۰/۷۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا يَسْتَطِيْعُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّقْرَاَ اَلْفَ اٰيَةٍ فِیْ كُلِّ يَوْمٍ قَالُوْا وَمَنْ يَّسْتَطِيْعُ اَنْ يَّقْرَاَ اَلْفَ اٰيَةٍ فِیْ كُلِّ يَوْمٍ قَالَ اَمَا يَسْتَطِيْعُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّقْرَاَ اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی ہر دن ہزار آیتیں پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا صحابہؓ نے عرض کیا کون طاقت رکھتا ہے کہ ہزار آیتیں پڑھے فرمایا کیا الھٰکم التکاثر پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ (روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭

٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۸۱/۷۵ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مُرْسَلًا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَاَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ بُنِیَ لَهٗ بِهَا قَصْرٌ فِی الْجَنَّةِ وَمَنْ قَرَاَ عِشْرِيْنَ مَرَّةً بُنِیَ لَهٗ بِهَا قَصْرَانِ فِی الْجَنَّةِ وَمَنْ قَرَاَ ثَلٰثِيْنَ مَرَّةً بُنِیَ لَهٗ بِهَا ثَلٰثَةُ قُصُوْرٍ فِی الْجَنَّةِ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِذًا لَّنُكْثِرَنَّ قُصُوْرَنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُ اَوْسَعُ مِنْ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ)

سعید بن مسیب سے مرسل روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا جو قل ہو اللہ احد کو دس بار پڑھے اس کے لئے جنت میں ایک محل بنایا جاتا ہے جو بیس دفعہ پڑھے اس کے لئے دو محل تیار کئے جاتے ہیں جو تیس (۳۰) دفعہ پڑھے اس کے لئے تین محل تیار کئے جاتے ہیں حضرت عمر بن خطاب رضؓ نے کہا اللہ کی قسم اے اللہ کے رسولؐ ہم بہت محل بنائیں گے آپؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ بہت فراخ ہے اس سے بھی۔ (روایت کیا اس کو دارمی نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭

٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۰۸۲/۷۶ وَعَنِ الْحَسَنِ مُرْسَلًا اَنَّ النَّبِیَّ

حسن سے مرسل روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَأَ فِي لَيْلَةٍ مِّائَةَ اٰيَةٍ لَمْ يُحَاجَّهُ الْقُرْاٰنُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ وَمَنْ قَرَأَ فِي لَيْلَةٍ مِّائَتَيْ اٰيَةٍ كُتِبَ لَهٗ قُنُوْتُ لَيْلَةٍ وَّمَنْ قَرَءَ فِي لَيْلَةٍ خَمْسَمِائَةِ اٰيَةٍ اِلَى الْاَلْفِ اَصْبَحَ وَلَهٗ قِنْطَارٌ مِّنَ الْاَجْرِ قَالُوْا وَمَا الْقِنْطَارُ قَالَ اِثْنَا عَشَرَ اَلْفًا۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

جو شخص کسی رات سو آیتیں پڑھے اس رات کے بارے میں اس سے قرآن نہیں جھگڑے گا اور جو شخص رات کو دو سو آیتیں پڑھے اس کے لئے رات کے قیام کا ثواب لکھا جاتا ہے اور جو شخص رات کو پانچ سو آیتیں پڑھے ہزار تک ایسے حال میں صبح کرتا ہے کہ اس کے لئے قنطار کے برابر ثواب ہوتا ہے لوگوں نے کہا قنطار کیا ہوتا ہے آپ نے فرمایا بارہ ہزار (روایت کیا اس کو دارمی نے)

# بَابٌ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

# تلاوت قرآن کا بیان

## پہلی فصل

۲۰۸۳/۱ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَاهَدُوا الْقُرْاٰنَ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَهُوَ اَشَدُّ تَفَصِّيًا مِّنَ الْاِبِلِ فِيْ عُقُلِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوموسیٰ اشعری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن کی خبرگیری کرو اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے قرآن سینہ سے اتنی جلدی نکلتا ہے جس طرح کہ اونٹ اپنی رسی سے نکل جاتا ہے (متفق علیہ)

۲۰۸۴/۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِئْسَ مَا لِاَحَدِهِمْ اَنْ يَّقُوْلَ نَسِيْتُ اٰيَةَ كَيْتَ وَكَيْتَ بَلْ نُسِّيَ وَاسْتَذْكِرُوا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّهٗ اَشَدُّ تَفَصِّيًا مِّنْ صُدُوْرِ الرِّجَالِ مِنَ النَّعَمِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ مُسْلِمٌ بِعُقُلِهَا)

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بری چیز ہے واسطے ایک ان کے کے یہ کہے میں فلاں آیت بھول گیا بلکہ کہے بھلایا گیا قرآن کو یاد کرتے رہا کرو کیونکہ وہ لوگوں کے سینہ سے جلدی نکل جانے والا ہے اونٹوں کی بہ نسبت (روایت کیا ہے بخاری اور مسلم نے اور زیادہ کیا مسلم نے اپنی رسی کے ساتھ بندھے ہوں)

۲۰۸۵/۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا مَثَلُ

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن والے کی مثال اونٹ والے کی ہے اس کو رسی

besturdubooks.wordpress.com

صَاحِبِ الْقُرْاٰنِ كَمَثَلِ صَاحِبِ الْاِبِلِ الْمُعَقَّلَةِ اِنْ عَاهَدَ عَلَيْهَا اَمْسَكَهَا وَاِنْ اَطْلَقَهَا ذَهَبَتْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سے باندھا گیا ہے اگر اس کی خبر گیری رکھتا ہے تو وہ بندھا رہتا ہے اگر اس کو چھوڑ دیتا ہے جاتا رہتا ہے۔ (متفق علیہ)

۲۰۸۶ وَعَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ مَا ائْتَلَفَتْ عَلَيْهِ قُلُوْبُكُمْ فَاِذَا اخْتَلَفْتُمْ فَقُوْمُوْا عَنْهُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جندب رضی اللہ عنہ بن عبداللہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن اس وقت تک پڑھو جب تک تمہارے دل چاہیں جس وقت آپس میں مختلف ہوں تو اس سے کھڑے ہو جاؤ۔ (متفق علیہ)

۲۰۸۷ وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ سُئِلَ اَنَسٌ كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَانَتْ مَدًّا ثُمَّ قَرَءَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَمُدُّ بِسْمِ اللّٰهِ وَيَمُدُّ بِالرَّحْمٰنِ وَيَمُدُّ بِالرَّحِيْمِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا انس رضی اللہ عنہ سے پوچھے گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرات کیونکر تھی۔ کہا لمبی قرأت تھی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی۔ بسم اللہ کے ساتھ آواز لمبی فرماتے اور رحمٰن اور رحیم کے ساتھ آواز لمبی فرماتے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۰۸۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَذِنَ اللّٰهُ لِشَيْءٍ مَّا اَذِنَ لِنَبِيٍّ يَتَغَنّٰى بِالْقُرْاٰنِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کسی چیز کو نہیں سنتا۔ جیسا کہ نبی کی آواز کو سنتا ہے جب وہ قرآن پڑھے۔ (متفق علیہ)

۲۰۸۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَذِنَ اللّٰهُ لِشَيْءٍ مَّا اَذِنَ لِنَبِيٍّ حَسَنِ الصَّوْتِ بِالْقُرْاٰنِ يَجْهَرُ بِهٖ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انہی (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کسی چیز کے ساتھ کان نہیں رکھتا جیسا کہ نبی کے لئے کان رکھتا ہے خوش آواز کے ساتھ قرآن پڑھے۔ اس حال میں کہ جب پکار کر پڑھے (متفق علیہ)

۲۰۹۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْاٰنِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انہی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو قرآن کو خوش کن آواز سے تلاوت نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۰۹۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ اِقْرَأْ عَلَيَّ قُلْتُ اَقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ اُنْزِلَ قَالَ اِنِّيْ اُحِبُّ اَنْ اَسْمَعَهٗ مِنْ غَيْرِيْ فَقَرَأْتُ سُوْرَةَ النِّسَآءِ حَتّٰى اَتَيْتُ اِلٰى هٰذِهِ الْاٰيَةِ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَآءِ شَهِيْدًا قَالَ حَسْبُكَ الْاٰنَ فَالْتَفَتُّ اِلَيْهِ فَاِذَا عَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا جب آپ منبر پر تھے میرے سامنے قرآن پڑھ میں نے عرض کی میں آپ کے سامنے قرآن پڑھوں حالانکہ آپ پر قرآن نازل ہوا آپ نے فرمایا میں اپنے غیر سے قرآن کو سننا پسند کرتا ہوں ابن مسعودؓ نے کہا میں نے سورۂ نساء پڑھی یہاں تک کہ میں اس آیت تک پہنچا کیا کریں گے یہود وغیرہ جب ہم ہر امت سے ایک گواہ لاویں گے اور لاویں گے تجھ کو اس امت پر گواہ حضرت ﷺ نے فرمایا بند کر پڑھنا میں نے آپ کی طرف دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں آنسو بہا رہی تھیں۔ (متفق علیہ)

۲۰۹۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اَقْرَأَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ قَالَ آللّٰهُ سَمَّانِيْ لَكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَقَدْ ذُكِرْتُ عِنْدَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ قَالَ نَعَمْ فَذَرَفَتْ عَيْنَاهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اَقْرَأَ عَلَيْكَ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قَالَ وَسَمَّانِيْ قَالَ نَعَمْ فَبَكٰى ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن کعب کو فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھ کو حکم کیا کہ تجھ پر قرآن پڑھوں اس نے عرض کی کیا اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے فرمایا ہاں ابی بن کعبؓ نے کہا میں ذکر کیا گیا پروردگار کے نزدیک فرمایا ہاں، اُبی کی آنکھوں سے آنسو بہہ پڑے ایک روایت میں یوں ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی کو فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھ کو حکم کیا ہے کہ آپ پر سورہ لم یکن الذین کفروا پڑھوں ابی نے کہا کیا اللہ نے میرا نام لیا ہے آپ نے فرمایا ہاں ابی رونے (متفق علیہ)

۲۰۹۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّسَافَرَ بِالْقُرْاٰنِ اِلٰى اَرْضِ الْعَدُوِّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ لَا تُسَافِرُوْا بِالْقُرْاٰنِ فَاِنِّيْ لَا اٰمَنُ اَنْ يَّنَالَهُ الْعَدُوُّ

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کو ساتھ لے کر دشمن کی طرف سفر کرنے سے منع فرمایا (متفق علیہ) مسلم کی ایک روایت میں ہے قرآن عزیز کے ساتھ سفر نہ کرو کیونکہ میں امن میں نہیں اس سے کہ اسکو دشمن نہ پالے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۰۹۴ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ

ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں

besturdubooks.wordpress.com

جَلَسْتُ فِي عِصَابَةٍ مِّنْ ضُعَفَآءِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَاِنَّ بَعْضَهُمْ لَيَسْتَتِرُ بِبَعْضٍ مِّنَ الْعُرْيِ وَقَارِئٌ يَّقْرَأُ عَلَيْنَا اِذْ جَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ عَلَيْنَا فَلَمَّا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكَتَ الْقَارِئُ فَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَا كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ قُلْنَا كُنَّا نَسْتَمِعُ اِلٰى كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ مِنْ اُمَّتِيْ مَنْ اُمِرْتُ اَنْ اَصْبِرَ نَفْسِيْ مَعَهُمْ قَالَ فَجَلَسَ وَسْطَنَا لِيَعْدِلَ بِنَفْسِهٖ فِيْنَا ثُمَّ قَالَ بِيَدِهٖ هٰكَذَا فَتَحَلَّقُوْا وَبَرَزَتْ وُجُوْهُهُمْ لَهٗ فَقَالَ اَبْشِرُوْا يَا مَعْشَرَ صَعَالِيْكِ الْمُهَاجِرِيْنَ بِالنُّوْرِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَآءِ النَّاسِ بِنِصْفِ يَوْمٍ وَّذٰلِكَ خَمْسُمِائَةِ سَنَةٍ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

مہاجرین ضعیف لوگوں میں بیٹھا ہوا تھا بعض بعض کے ساتھ پردہ کرتے تھے بہ سبب ننگے ہونے سے اور ہم پر قرآن پڑھنے والا قرآن پڑھتا اچانک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہم پر کھڑے ہوئے جب آپ کھڑے ہوئے تو پڑھنے والا خاموش ہوگیا آپ نے السلام علیکم کہا آپ نے فرمایا تم کیا کرتے ہو ہم نے عرض کی ہم قرآن سنتے ہیں آپ نے فرمایا سب تعریفیں اس خدا کو ہیں جس نے میری امت میں وہ لوگ پیدا فرمائے جن کے متعلق میں حکم کیا گیا کہ اپنے نفس کو ان کے ساتھ روکے رکھوں راوی نے کہا آپ ہمارے درمیان بیٹھ گئے تاکہ ہم میں اپنی ذات کو برابر کریں پھر اپنے ہاتھ کے ساتھ اشارہ فرمایا اس طرح پس حلقہ باندھا صحابہؓ کے چہرے آپؐ کے لئے ظاہر ہوئے فرمایا مہاجرین کے ضعیف گروہ خوش ہو جاؤ پورے نور سے قیامت کے دن تم اغنیاء سے آدھا دن پہلے جنت میں داخل ہوگے وہ آدھا دن پانچ سو برس کا ہوگا۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۰۹۵ وَعَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِكُمْ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

براء ابن عازبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے آوازوں کے ساتھ قرآن کو مزین کرو۔ (روایت کیا اس کو احمد، ابوداؤد نے، ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

۲۰۹۶ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنِ امْرِئٍ يَّقْرَاُ الْقُرْاٰنَ ثُمَّ يَنْسَاهُ اِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَجْذَمَ۔

سعد بن عبادہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی ایسا شخص نہیں جو قرآن کو پڑھتا ہو پھر اس کو بھول جائے مگر وہ قیامت کے دن کٹے ہوئے ہاتھ سے ملاقات کرے گا۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

اور دارمی نے)

۲۰۹۷ / ۱۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمْ يَفْقَهْ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فِيْ أَقَلَّ مِنْ ثَلٰثٍ۔

عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے قرآن کو تین رات سے کم میں پڑھا وہ اس کو سمجھا نہیں۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور دارمی نے)

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

۲۰۹۸ / ۱۶ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَاهِرُ بِالْقُرْآنِ كَالْجَاهِرِ بِالصَّدَقَةِ وَالْمُسِرُّ بِالْقُرْآنِ كَالْمُسِرِّ بِالصَّدَقَةِ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن کو بلند آواز سے پڑھنے والا ظاہر صدقہ کرنے والے کی مانند ہے قرآن کو آہستہ پڑھنے والا پوشیدہ صدقہ کرنے والے کی مانند ہے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے)

۲۰۹۹ / ۱۷ وَعَنْ صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا آمَنَ بِالْقُرْآنِ مَنِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمَهُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ)

صہیبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے قرآن کے حرام کو حلال جانا وہ قرآن پر ایمان نہیں لایا۔

(روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا کہ اس کی سند قوی نہیں)

۲۱۰۰ / ۱۸ وَعَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ أَنَّهُ سَأَلَ أُمَّ سَلَمَةَ عَنْ قِرَاءَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هِيَ تَنْعَتُ قِرَاءَةً مُفَسَّرَةً حَرْفًا حَرْفًا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

لیث بن سعد سے روایت ہے وہ ابن ابی ملیکہ سے وہ یعلی بن مملک سے روایت کرتے ہیں اس نے ام سلمہؓ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت کے بارہ میں پوچھا ام سلمہ نے آپ کی قرأت حرف بحرف بیان کی۔

(روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۲۱۰۱ / ۱۹ وَعَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ

ابن جریج ابن ابی ملیکہ سے وہ ام سلمہ رضؓ سے روایت کرتے ہیں ام سلمہ رضؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی

besturdubooks.wordpress.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَطِّعُ قِرَاءَتَهٗ يَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ثُمَّ يَقِفُ ثُمَّ يَقُوْلُ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ثُمَّ يَقِفُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ قَالَ لَيْسَ إِسْنَادُهٗ بِمُتَّصِلٍ لِاَنَّ اللَّيْثَ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ يَّعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ وَحَدِيْثُ اللَّيْثِ اَصَحُّ)

قرات جدا جدا پڑھتے تھے الحمد للہ رب العلمین پڑھتے پھر ٹھہر جاتے پھر الرحمٰن الرحیم پڑھتے پھر ٹھہر جاتے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا اس کی سند متصل نہیں اس لئے کہ لیث نے یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سے روایت کی ہے اس نے یعلی بن مملک سے، اس نے ام سلمہ سے لیث کی حدیث صحیح تر ہے۔

* * * * * * * * * * * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۱-۲/۲۱ عَنْ جَابِرٍ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ وَفِيْنَا الْاَعْرَابِيُّ وَالْعَجَمِيُّ فَقَالَ اقْرَءُوْا فَكُلٌّ حَسَنٌ وَسَيَجِيْٓءُ اَقْوَامٌ يُّقِيْمُوْنَهٗ كَمَا يُقَامُ الْقِدْحُ يَتَعَجَّلُوْنَهٗ وَلَا يَتَاَجَّلُوْنَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم قرآن پڑھ رہے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہم پر تشریف لائے ہم میں دیہاتی اور عجمی لوگ بھی تھے آپؐ نے فرمایا پڑھو ہر ایک اچھا پڑھتا ہے ایک قوم آوے گی وہ قرآن کو تیر کی مانند سیدھا کرے گی دنیا میں قرآن کے بدلے جلدی کریں گے اور اس کو آخرت پر نہ رکھیں گے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۲۱-۳/۲۱ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ بِلُحُوْنِ الْعَرَبِ وَاَصْوَاتِهَا وَاِيَّاكُمْ وَلُحُوْنَ اَهْلِ الْعِشْقِ وَلُحُوْنَ اَهْلِ الْكِتَابَيْنِ وَسَيَجِيْٓءُ بَعْدِيْ قَوْمٌ يُّرَجِّعُوْنَ بِالْقُرْاٰنِ تَرْجِيْعَ الْغِنَآءِ وَالنَّوْحِ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ مَفْتُوْنَةٌ قُلُوْبُهُمْ وَقُلُوْبُ الَّذِيْنَ يُعْجِبُهُمْ شَاْنُهُمْ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ

حذیفہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن کو عرب کے طریقے پر پڑھو اور ان کے لہجے میں اور بچو تم عشق والوں کے طریقے سے اور اہل کتاب کے طریقے سے میرے بعد ایک قوم آوے گی۔ جو قرآن کو راگ اور نوحہ کی مانند بنا کر پڑھیں گے ان کا حال یہ ہوگا کہ ان کے حلقوں سے نیچے قرآن نہیں اترے گا اور ان کے دل فتنہ میں پڑے ہوئے ہوں گے اور ان کے دل جن کو ان کا قرآن پڑھنا اچھا لگے گا۔ (روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں۔)

besturdubooks.wordpress.com

الْاِیْمَانِ وَزَیِّنْ فِیْ کِتَابِہٖ)

۲۱۰۴/۳۲ وَعَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ حَسِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِکُمْ فَاِنَّ الصَّوْتَ الْحَسَنَ یَزِیْدُ الْقُرْاٰنَ حُسْنًا۔ (رَوَاہُ الدَّارِمِیُّ)

براء بن عازبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے۔ قرآن کو اچھی طرح پڑھو اپنی آوازوں کے ساتھ، اس لئے کہ اچھی آواز قرآن میں خوبی کو زیادہ کرتی ہے۔ (روایت کیا اس کو دارمی نے)

۲۱۰۵/۳۳ وَعَنْ طَاوُسٍ مُرْسَلًا قَالَ سُئِلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّ النَّاسِ اَحْسَنُ صَوْتًا لِلْقُرْاٰنِ وَاَحْسَنُ قِرَآءَۃً قَالَ مَنْ اِذَا سَمِعْتَہٗ یَقْرَأُ رُئِیَتْ اَنَّہٗ یَخْشَی اللّٰہَ قَالَ طَاوُسٌ وَّکَانَ طَلْقٌ کَذٰلِکَ (رَوَاہُ الدَّارِمِیُّ)

طاؤس سے مرسل روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوال کئے گئے کہ آدمیوں میں کون اچھی آواز والا ہے قرآن کو پڑھنے کے لحاظ سے اور پڑھنے میں بہت خوب ہے۔ فرمایا وہ شخص کہ جس وقت وہ قرآن پڑھے سننے والا اس کو گمان کرے کہ وہ خدا سے ڈرتا ہے۔ طاؤس نے کہا طلق ایسا ہی تھا۔ (روایت کیا اس کو دارمی نے)

۲۱۰۶/۳۴ وَعَنْ عُبَیْدَۃَ الْمُلَیْکِیِّ وَکَانَتْ لَہٗ صُحْبَۃٌ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا اَھْلَ الْقُرْاٰنِ لَا تَتَوَسَّدُوا الْقُرْاٰنَ وَاتْلُوْہُ حَقَّ تِلَاوَتِہٖ مِنْ اٰنَآءِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَافْشُوْہُ وَتَغَنَّوْہُ وَتَدَبَّرُوْا مَا فِیْہِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ وَلَا تُعَجِّلُوْا ثَوَابَہٗ فَاِنَّ لَہٗ ثَوَابًا۔ (رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

عبیدہ ملیکی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی تھے۔ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اہل قرآن تکیہ مت کرو قرآن سے قرآن کو اس کے حق کے مطابق پڑھو، رات کے اوقات میں اور دن کے اوقات میں اور قرآن کو ظاہر کرو اور خوش آواز سے جو اس میں ہے اس میں غور و فکر کرو۔ شاید کہ مطلب یاب ہو اور اس کے ثواب میں جلدی نہ کرو کیونکہ اس کا ثواب آخرت میں بڑا ہے۔ روایت کیا ہے اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں۔

# بَابُ اخْتِلَافِ الْقِرَاءَاتِ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۱۰۷/۱ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ ھِشَامَ بْنَ حَکِیْمِ بْنِ حِزَامٍ

عمرؓ بن خطاب سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے ہشام بن حکیم بن حزام کو سورۂ فرقان پڑھتے سنا اس قرأت کے

يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى غَيْرِ مَا أَقْرَأُهَا وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْرَأَنِيْهَا فَكِدْتُ أَنْ أَعْجَلَ عَلَيْهِ ثُمَّ أَمْهَلْتُهُ حَتّٰى انْصَرَفَ ثُمَّ لَبَّبْتُهُ بِرِدَائِهِ فَجِئْتُ بِهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ عَلٰى غَيْرِ مَا أَقْرَأْتَنِيْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْسِلْهُ اقْرَأْ فَقَرَأَ الْقِرَاءَةَ الَّتِيْ سَمِعْتُهُ يَقْرَأُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰكَذَا أُنْزِلَتْ ثُمَّ قَالَ لِيْ اقْرَأْ فَقَرَأْتُ فَقَالَ هٰكَذَا أُنْزِلَتْ إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَاللَّفْظُ لِمُسْلِمٍ)

سوا جو میں پڑھتا تھا اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے پڑھائی تھی میں اس پر جلدی کرنے کو قریب تھا میں نے اسکو فارغ ہونے تک مہلت دی جب وہ پڑھنے سے فارغ ہوا میں نے اس کی گردن میں چادر ڈالی اور اس کو کھینچ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گیا میں نے کہا اے اللہ کے رسول یہ سورۂ فرقان کو اس کے غیر پر پڑھتا ہے جو آپ نے مجھ کو پڑھائی آپ نے فرمایا اے عمر اس کو چھوڑ دے ہشام کو فرمایا پڑھ ہشام نے اسی طرح پڑھی جو میں نے سنی تھی فرمایا اسی طرح اتاری گئیں پھر مجھ کو فرمایا پڑھ میں نے پڑھی فرمایا اسی طرح اتاری گئی ہے یہ قرآن سات قرأت پر اتارا گیا ہے جو ہو سکے اسی میں پڑھو۔ (روایت کیا ہے اس کو بخاری اور مسلم نے اور یہ لفظ مسلم کے ہیں)

۲۱۰۸/۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا قَرَأَ وَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ خِلَافَهَا فَجِئْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَعَرَفْتُ فِيْ وَجْهِهِ الْكَرَاهِيَةَ فَقَالَ كِلَاكُمَا مُحْسِنٌ فَلَا تَخْتَلِفُوْا فَإِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمُ اخْتَلَفُوْا فَهَلَكُوْا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے ایک شخص کو پڑھتے سنا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے خلاف پڑھتے سنا میں اس شخص کو آپ کے پاس لے آیا میں نے اس کی قرأت کے بارہ میں خبر دی آپ کے چہرہ (مبارک) پر ناخوشی محسوس کی آپ نے فرمایا دونوں اچھا پڑھتے ہو اختلاف نہ کرو تم سے پہلوں نے اختلاف کیا وہ ہلاک ہو گئے۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

* * *

۲۱۰۹/۳ وَعَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ كُنْتُ فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ يُصَلِّيْ فَقَرَأَ قِرَاءَةً أَنْكَرْتُهَا عَلَيْهِ ثُمَّ دَخَلَ آخَرُ

ابی بن کعبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں مسجد میں تھا ایک شخص آیا نماز پڑھنے لگا اس نے اپنی قرأت پڑھی کہ میں نے اس کا انکار کیا ایک اور شخص آیا اس نے پہلے کے خلاف قرأت کی جب ہم نے

besturdubooks.wordpress.com

فَقَرَأَ قِرَاءَةً سِوٰى قِرَاءَةِ صَاحِبِهٖ فَلَمَّا قَضَيْنَا الصَّلٰوةَ دَخَلْنَا جَمِيْعًا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنَّ هٰذَا قَرَأَ قِرَاءَةً اَنْكَرْتُهَا عَلَيْهِ وَ دَخَلَ اٰخَرُ فَقَرَأَ سِوٰى قِرَاءَةِ صَاحِبِهٖ فَاَمَرَهُمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَءَا فَحَسَّنَ شَاْنَهُمَا فَسَقَطَ فِيْ نَفْسِيْ مِنَ التَّكْذِيْبِ وَلَا اِذْ كُنْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَلَمَّا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ غَشِيَنِيْ ضَرَبَ فِيْ صَدْرِيْ فَفِضْتُ عَرَقًا فَكَاَنَّمَا اَنْظُرُ اِلَى اللّٰهِ فَرَقًا فَقَالَ لِيْ يَا اُبَيُّ اُرْسِلَ اِلَيَّ اَنِ اقْرَإِ الْقُرْاٰنَ عَلٰى حَرْفٍ فَرَدَدْتُّ اِلَيْهِ اَنْ هَوِّنْ عَلٰى اُمَّتِيْ فَرُدَّ اِلَيَّ الثَّانِيَةَ اقْرَاْهُ عَلٰى حَرْفَيْنِ فَرَدَدْتُّ اِلَيْهِ اَنْ هَوِّنْ عَلٰى اُمَّتِيْ فَرُدَّ اِلَيَّ الثَّالِثَةَ اقْرَاْهُ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ وَّلَكَ بِكُلِّ رَدَّةٍ رَدَدْتُّكَهَا مَسْاَلَةٌ تَسْاَلُنِيْهَا فَقُلْتُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّتِيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّتِيْ وَاَخَّرْتُ الثَّالِثَةَ لِيَوْمٍ يَّرْغَبُ اِلَيَّ الْخَلْقُ كُلُّهُمْ حَتّٰى اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

نماز پڑھ لی تو ہم سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، میں نے کہا اس شخص نے قرأت پڑھی میں نے اس کی قرأت کا انکار کیا اس پر ایک اور آدمی آیا اس نے اس کے خلاف پڑھی آپ نے ان دونوں کو حکم دیا دونوں نے قرأت پڑھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کی تحسین کی میرے دل میں جھوٹ کا شبہ ہوا جو کہ جاہلیت میں بھی تھا جب آپ نے میری اس حالت کو دیکھا میرے سینہ پر ہاتھ مارا میں پسینہ پسینہ ہوگیا گویا کہ ڈر کی وجہ سے میں اللہ تعالیٰ کو دیکھنے لگا۔ آپ نے فرمایا اے ابی میری طرف فرشتہ بھیجا گیا قرآن پڑھ ایک طریقہ سے میں نے اللہ تعالیٰ سے تکرار کیا میری امت پر آسان کر پھر حکم ہوا کہ قرآن کو دو طرح سے پڑھو پھر میں نے اللہ سے تکرار کیا کہ میری امت پر آسانی کر تو میری طرف تیسری بار حکم کیا گیا قرآن کو سات قرأت سے پڑھ تیرے لئے ہر بار کے بدلے سوال کرنا ہے سوال کر تو مجھ سے میں نے کہا اے اللہ میری امت کو بخش یا الٰہی میری امت کو بخش تیسرے سوال کی میں نے تاخیر کی جب تمام مخلوق میری طرف خواہش کرے گی یہاں تک کہ ابراہیم علیہ السلام بھی۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۱۱۔۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَقْرَاَنِيْ جِبْرِيْلُ عَلٰى حَرْفٍ فَرَاجَعْتُهٗ فَلَمْ اَزَلْ اَسْتَزِيْدُهٗ وَيَزِيْدُنِيْ حَتّٰى انْتَهٰى

ابن عباس رضی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبریل نے مجھ کو ایک قرأت پر قرآن پڑھایا میں نے اس سے تکرار کیا میں ہمیشہ رہا زیادہ کرتا تھا اس سے وہ مجھ کو زیادہ کرواتا تھا یہاں تک کہ سات قرأۃ

besturdubooks.wordpress.com

إِلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ بَلَغَنِي أَنَّ تِلْكَ السَّبْعَةَ الْأَحْرُفِ إِنَّمَا هِيَ فِي الْأَمْرِ يَكُونُ وَاحِدًا لَا يَخْتَلِفُ فِي حَلَالٍ وَلَا حَرَامٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تک پہنچا ابن شہاب نے کہا پہنچی مجھ کو یہ بات کہ وہ سات طریق نہیں ہیں دین کے معاملہ میں مگر ایک اس کے حلال اور حرام میں اختلاف نہیں ہے۔ (متفق علیہ)

* * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۲۱۱۱ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ لَقِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِبْرِيلَ فَقَالَ يَا جِبْرِيلُ إِنِّي بُعِثْتُ إِلَى أُمَّةٍ أُمِّيِّينَ مِنْهُمُ الْعَجُوزُ وَالشَّيْخُ الْكَبِيرُ وَالْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ وَالرَّجُلُ الَّذِي لَمْ يَقْرَأْ كِتَابًا قَطُّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ لِأَحْمَدَ وَأَبِي دَاوُدَ قَالَ لَيْسَ مِنْهَا إِلَّا شَافٍ كَافٍ وَفِي رِوَايَةٍ لِلنَّسَائِيِّ قَالَ إِنَّ جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ أَتَيَانِي فَقَعَدَ جِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِي وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِي فَقَالَ جِبْرِيلُ اقْرَإِ الْقُرْآنَ عَلَى حَرْفٍ قَالَ مِيكَائِيلُ اسْتَزِدْهُ حَتَّى بَلَغَ سَبْعَةَ أَحْرُفٍ فَكُلُّ حَرْفٍ شَافٍ كَافٍ۔

ابی ابن کعبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام سے ملاقات فرمائی آپؐ نے فرمایا اے جبریل میں ان پڑھ امت کی طرف بھیجا گیا ہوں ان میں بوڑھے بوڑھیاں اور لڑکے لڑکیاں ان میں ایسے بھی ہیں کہ انہوں نے کتاب کبھی نہیں پڑھی جبریل علیہ السلام نے کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم قرآن سات طرح پر اتارا گیا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے) احمد اور ابوداؤد کی روایت میں یوں ہے ان قراتوں میں کوئی قراءۃ نہیں مگر شافی کافی ہے نسائی میں ایک روایت ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبریل اور میکائیل میرے پاس آئے جبریل علیہ السلام داہنی طرف اور میکائیل علیہ السلام بائیں طرف بیٹھے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا ایک قرأت پر قرآن پڑھو میکائیل علیہ السلام نے کہا ایک سے زیادہ کراؤ یہاں تک کہ سات قراتوں تک پہنچے ہر قرأت شفا دینے والی اور کفایت کرنے والی ہے۔

۲۱۱۲ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّهُ مَرَّ عَلَى قَاصٍّ يَقْرَأُ ثُمَّ يَسْأَلُ فَاسْتَرْجَعَ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ

عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ وہ ایک قصہ بیان کرنے والے پر گذرے کہ وہ قرآن پڑھ کر مانگتا تھا عمران نے انا للہ وانا الیہ راجعون کہا کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے سنا جو شخص قرآن پڑھے وہ اللہ سے سوال کرے عنقریب

besturdubooks.wordpress.com

فَلْيَسْأَلِ اللّٰهَ بِهٖ فَإِنَّهٗ سَيَجِيْءُ أَقْوَامٌ يَّقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ يَسْأَلُوْنَ بِهِ النَّاسَ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

ایسے لوگ آویں گے وہ قرآن پڑھ کر لوگوں سے مانگیں گے (روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے)

* * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۱۱۳ عَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ يَتَأَكَّلُ بِهِ النَّاسَ جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَوَجْهُهٗ عَظْمٌ لَيْسَ عَلَيْهِ لَحْمٌ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

بریدہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قرآن پڑھے اس کے سبب لوگوں سے کھائے قیامت کے دن آئے گا اس کے چہرہ پر گوشت نہیں ہوگا۔ (روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

۲۱۱۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَعْرِفُ فَصْلَ السُّوْرَةِ حَتّٰى يَنْزِلَ عَلَيْهِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر سورۃ کا فرق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے نازل ہونے سے پہچانتے تھے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۲۱۱۵ وَعَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ كُنَّا بِحِمْصَ فَقَرَأَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ سُوْرَةَ يُوْسُفَ فَقَالَ رَجُلٌ مَّا هٰكَذَا أُنْزِلَتْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَقَرَأْتُهَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَحْسَنْتَ فَبَيْنَمَا هُوَ يُكَلِّمُهٗ إِذْ وَجَدَ مِنْهُ رِيْحَ الْخَمْرِ فَقَالَ أَتَشْرَبُ الْخَمْرَ وَتُكَذِّبُ بِالْكِتَابِ فَضَرَبَهُ الْحَدَّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

علقمہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم حمص میں تھے ابن مسعود رضؓ نے سورۂ یوسف پڑھی ایک شخص نے کہا یہ اس طرح نازل کی گئی عبداللہ نے کہا اللہ کی قسم میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت پڑھی آپ نے فرمایا تو نے خوب پڑھی ناگاہ ابن مسعود رضؓ سے جو شخص کلام کرتا تھا اس سے شراب کی بو پائی ابن مسعود رضؓ نے کہا تو شراب پیتا ہے اور تو اللہ کی کتاب کو جھٹلاتا ہے اس کو حد لگائی۔ (روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے)

۲۱۱۶ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ أَرْسَلَ إِلَيَّ أَبُوْ بَكْرٍ مَقْتَلَ أَهْلِ الْيَمَامَةِ فَإِذَا

زید بن ثابت رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ابوبکر نے میری طرف کسی کو بھیجا اہل یمامہ کے قتل کے دنوں میں

عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عِنْدَهٗ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ اِنَّ عُمَرَ اَتَانِيْ فَقَالَ اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْيَمَامَةِ بِقُرَّاءِ الْقُرْاٰنِ وَاِنِّيْ اَخْشٰى اِنِ اسْتَحَرَّ الْقَتْلُ بِالْقُرَّاءِ بِالْمَوَاطِنِ فَيَذْهَبَ كَثِيْرٌ مِّنَ الْقُرْاٰنِ وَاِنِّيْ اَرٰى اَنْ تَاْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْاٰنِ قُلْتُ لِعُمَرَ كَيْفَ تَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُمَرُ هٰذَا وَاللّٰهِ خَيْرٌ فَلَمْ يَزَلْ عُمَرُ يُرَاجِعُنِيْ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِذٰلِكَ وَرَاَيْتُ فِيْ ذٰلِكَ الَّذِيْ رَاٰى عُمَرُ قَالَ زَيْدٌ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ اِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ لَا نَتَّهِمُكَ وَقَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَتَبَّعِ الْقُرْاٰنَ فَاجْمَعْهُ فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُوْنِيْ نَقْلَ جَبَلٍ مِّنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ اَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا اَمَرَنِيْ بِهٖ مِنْ جَمْعِ الْقُرْاٰنِ قَالَ قُلْتُ كَيْفَ تَفْعَلُوْنَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ فَلَمْ يَزَلْ اَبُوْ بَكْرٍ يُرَاجِعُنِيْ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِلَّذِيْ شَرَحَ لَهٗ صَدْرَ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْاٰنَ اَجْمَعُهٗ مِنَ الْعُسُبِ وَاللِّخَافِ وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ حَتّٰى وَجَدْتُ اٰخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ مَعَ اَبِيْ خُزَيْمَةَ الْاَنْصَارِيِّ لَمْ اَجِدْهَا

حضرت عمر بن الخطاب حضرت ابوبکر صدیق کے نزدیک بیٹھے ہوئے تھے حضرت ابوبکر رضؓ نے کہا کہ عمر میرے پاس آئے اور کہا کہ یمامہ کی لڑائی میں قرآن کے قاری بہت شہید ہوئے۔ اور میں ڈرتا ہوں اگر اسی طرح جگہوں میں قاری شہید ہوتے گئے تو قرآن کا کافی حصہ جاتا رہے گا۔ اور میں خیال کرتا ہوں کہ آپ قرآن کو جمع کرنے کا حکم فرما دیں حضرت ابوبکر رضؓ نے حضرت عمر رضؓ کو کہا وہ چیز جو خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کی تم کیسے کرو گے حضرت عمرؓ نے کہا اللہ کی قسم یہ بہتر ہے حضرت عمر رضؓ ہمیشہ مجھ سے گفتگو کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میرا سینہ کھولا اس کام کے لئے میں نے اس میں وہی مصلحت دیکھی جو عمر نے دیکھی تھی۔ زید رضؓ نے کہا ابوبکر رضؓ نے مجھ کو کہا زید تو جواں مرد ہے سمجھ دار اور ہم میں سے کوئی بھی تجھ کو متہم نہیں جانتا کیونکہ تو وحی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے لکھتا تھا۔ قرآن کو تلاش کر اور جمع کر۔ اللہ کی قسم! اگر مجھ کو کسی پہاڑ کے نقل کرنے کی تکلیف دیتے تو یہ آسان ہوتا مجھ پر اس کام سے جو حضرت ابوبکر رضؓ نے قرآن کو جمع کرنے کا حکم کیا۔ زید رضؓ نے کہا وہ کام جو آپ نے نہیں کیا کیسے کرو گے۔ حضرت ابوبکر رضؓ نے کہا خدا کی قسم یہ بہتر ہے ابوبکر رضؓ مجھ سے گفتگو کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میرا سینہ کھولا اس چیز کے لئے کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضؓ کا سینہ اللہ تعالیٰ نے کھولا تھا۔ میں نے قرآن کو جمع کرنا شروع کیا کھجور کی شاخوں اور سفید پتھروں اور لوگوں کے سینوں سے حتی کہ مجھے سورۂ توبہ کا آخر ابوخزیمہ انصاری رضؓ سے ملا ان کے سوا کسی اور سے یہ نہ پایا آخری آیت یہ ہے لقد جاءکم رسول من انفسکم سورۂ برأت کے آخر تک حضرت ابوبکر رضؓ کے پاس وہ صحیفے لکھے ہوئے تھے فوت ہونے تک حضرت عمر رضؓ کے پاس ان کی زندگی میں پھر حضرت عمر رضؓ کی بیٹی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے

besturdubooks.wordpress.com

مَعَ اَحَدٍ غَيْرِهٖ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ حَتّٰى خَاتِمَةِ بَرَآءَةٌ فَكَانَتِ الصُّحُفُ عِنْدَ اَبِيْ بَكْرٍ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَيٰوتَهٗ ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

پاس۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۱۱۷ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ حُذَيْفَةَ ابْنَ الْيَمَانِ قَدِمَ عَلٰى عُثْمَانَ وَكَانَ يُغَازِيْ اَهْلَ الشَّامِ وَفِيْ فَتْحِ اَرْمِيْنِيَةَ وَاَذَرْبِيْجَانَ مَعَ اَهْلِ الْعِرَاقِ فَاَفْزَعَ حُذَيْفَةَ اخْتِلَافُهُمْ فِي الْقِرَآءَةِ فَقَالَ حُذَيْفَةُ لِعُثْمَانَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَدْرِكْ هٰذِهِ الْاُمَّةَ قَبْلَ اَنْ يَّخْتَلِفُوْا فِي الْكِتَابِ اخْتِلَافَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى فَاَرْسَلَ عُثْمَانُ اِلٰى حَفْصَةَ اَنْ اَرْسِلِيْ اِلَيْنَا بِالصُّحُفِ نَنْسَخُهَا فِي الْمَصَاحِفِ ثُمَّ نَرُدُّهَا اِلَيْكِ فَاَرْسَلَتْ بِهَا حَفْصَةُ اِلٰى عُثْمَانَ فَاَمَرَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ وَّعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدَ ابْنَ الْعَاصِ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ ابْنِ هِشَامٍ فَنَسَخُوْهَا فِي الْمَصَاحِفِ وَقَالَ عُثْمَانُ لِلرَّهْطِ الْقُرَشِيِّيْنَ الثَّلٰثَةِ اِذَا اخْتَلَفْتُمْ اَنْتُمْ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فِيْ شَيْءٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ فَاكْتُبُوْهُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ فَاِنَّمَا نَزَلَ بِلِسَانِهِمْ فَفَعَلُوْا حَتّٰى اِذَا نَسَخُوا الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ رَدَّ عُثْمَانُ الصُّحُفَ اِلٰى حَفْصَةَ وَ

انس بن مالک رضؓ سے روایت ہے حضرت عثمان رضؓ کے پاس حذیفہ بن یمان آئے اور حضرت عثمان رضؓ جہاد کا سامان درست کرتے تھے اہل شام اور عراق کے لئے آرمینیا اور آذربیجان کی لڑائی کے لئے حذیفہ کو خوف میں ڈالا قرآن میں لوگوں کے اختلاف نے حذیفہ نے کہا حضرت عثمان کو اے امیر المؤمنین اس امت کا اللہ کے کلام میں اختلاف کرنے سے پہلے تدارک فرمائیں جسطرح کہ یہود و نصاریٰ نے اختلاف کیا حضرت عثمان نے حضرت حفصہ رضؓ کے پاس بھیجا کہ صحیفے ہماری طرف بھیجدے تاکہ ہم ان کو مصحفوں میں نقل کراویں ہم ان کو تیری طرف واپس کر دیں گے حضرت حفصہ رضؓ نے صحیفے حضرت عثمان کے پاس بھیج دیئے حضرت عثمان رضؓ نے زید بن ثابت کو حکم فرمایا اور عبداللہ بن زبیر رضؓ اور سعید بن العاص اور عبداللہ بن الحارث بن ہشام کو ان سب نے وہ صحیفے مصحفوں میں نقل کئے حضرت عثمان رضؓ نے فرمایا قریش کے تین آدمیوں کو جب تم اور زید بن ثابت رضؓ قرآن میں کسی جگہ اختلاف کرو تو قریش کی لغت کے موافق لکھو اس لئے کہ قرآن ان کی زبان میں نازل ہوا ہے سب نے اسی طرح کیا جب تمام صحیفے مصحفوں میں نقل کر چکے حضرت عثمانؓ نے صحیفے حضرت حفصہ رضؓ کے پاس بھیج دیئے ہر ایک طرف ان مصحفوں میں سے ایک ایک بھیج دی جو کہ نقل کئے تھے اور ان کے علاوہ کے بارے میں حکم فرمایا کہ ان کو جلا دو ابن شہاب نے کہا مجھ کو خارجہ بن زید بن ثابت رضؓ نے خبر دی کہ میں نے زید بن ثابت سے سنا

besturdubooks.wordpress.com



أَرْسَلَ إِلَى كُلِّ أُفُقٍ بِمُصْحَفٍ مِمَّا نَسَخُوا وَأَمَرَ بِمَا سِوَاهُ مِنَ الْقُرْآنِ فِي كُلِّ صَحِيفَةٍ أَوْ مُصْحَفٍ أَنْ يُحْرَقَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَأَخْبَرَنِي خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّهُ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ فَقَدْتُ آيَةً مِنَ الْأَحْزَابِ حِينَ نَسَخْنَا الْمُصْحَفَ قَدْ كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ بِهَا فَالْتَمَسْنَاهَا فَوَجَدْنَاهَا مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَأَلْحَقْنَاهَا فِي سُورَتِهَا فِي الْمُصْحَفِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اس نے کہا میں نے سورۂ احزاب کی ایک آیت نہ پائی جب ہم نے مصحف نقل کئے اور میں اس آیت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کرتا تھا کہ آپ پڑھتے تھے اس آیت کو میں نے تلاش کیا وہ آیت میں نے خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ سے پائی وہ آیت یہ ہے من المؤمنین رجال صدقوا ما عاهدوا الله عليه ہم نے وہ آیت بھی اس سورہ میں ملا دی۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۱۱۸/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قُلْتُ لِعُثْمَانَ مَا حَمَلَكُمْ عَلَى أَنْ عَمَدْتُمْ إِلَى الْأَنْفَالِ وَهِيَ مِنَ الْمَثَانِي وَإِلَى بَرَاءَةٍ وَهِيَ مِنَ الْمِئِينَ فَقَرَنْتُمْ بَيْنَهُمَا وَلَمْ تَكْتُبُوا سَطْرَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ وَوَضَعْتُمُوهَا فِي السَّبْعِ الطُّوَلِ مَا حَمَلَكُمْ عَلَى ذٰلِكَ قَالَ عُثْمَانُ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا يَأْتِي عَلَيْهِ الزَّمَانُ وَهُوَ تَنْزِلُ عَلَيْهِ السُّوَرُ ذَوَاتُ الْعَدَدِ وَكَانَ إِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ شَيْءٌ دَعَا بَعْضَ مَنْ كَانَ يَكْتُبُ فَيَقُولُ ضَعُوا هٰؤُلَاءِ الْآيَاتِ فِي السُّورَةِ الَّتِي يُذْكَرُ فِيهَا كَذَا

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو کہا آپ کو کس چیز نے آمادہ کیا جو آپ نے انفال اور براءت کو اکٹھا کر دیا حالانکہ انفال مثانی سے ہے اور براۃ مئین سے اور ان کے درمیان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں لکھی۔ اور سورہ انفال کو لمبی سورتوں میں رکھا اس کا کیا سبب ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جب قرآن نازل ہوتا تو کئی کئی سورتیں ایک ساتھ نازل ہوتیں جب کوئی چیز نازل ہوتی تو آپ لکھنے والے کو بلا کر فرماتے کہ یہ آیت اس جگہ یعنی فلاں سورت کے ساتھ ملا دو جس میں ایسا ایسا ذکر کیا جاتا ہے جو وقت نازل ہوتی آپ پر کوئی آیت فرماتے اس کو فلاں سورت میں جس کا مضمون ایسا ایسا ہے لکھ دو سورۂ انفال ان سورتوں کی پہلی ہے جو مدینہ میں نازل ہوئیں اور براءت قرآن کے آخر میں نازل ہوئی انفال کا قصہ براءت کے مشابہ تھا آپ نے فوت ہونے

besturdubooks.wordpress.com

وَكَذَا فَإِذَا نَزَلَتْ عَلَيْهِ الْآيَةُ فَيَقُوْلُ ضَعُوْا هٰذِهِ الْآيَةَ فِي السُّوْرَةِ الَّتِيْ يُذْكَرُ فِيْهَا كَذَا وَكَذَا وَكَانَتِ الْأَنْفَالُ مِنْ أَوَائِلِ مَا نَزَلَتْ بِالْمَدِيْنَةِ وَكَانَتْ بَرَاءَةٌ مِنْ آخِرِ الْقُرْآنِ نُزُوْلًا وَكَانَتْ قِصَّتُهَا شَبِيْهَةً بِقِصَّتِهَا فَقُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُبَيِّنْ لَنَا أَنَّهَا مِنْهَا فَمِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ قَرَنْتُ بَيْنَهُمَا وَلَمْ أَكْتُبْ سَطْرَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَوَضَعْتُهَا فِي السَّبْعِ الطُّوَلِ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ)

تک یہ نہ فرمایا کہ براءۃ انفال سے ہے آپ کے بیان نہ کرنے اور مضمون کے مشابہ ہونے کی وجہ سے ہم نے ان کو ملا دیا اور ہم نے ان کے درمیان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں لکھی اور سات لمبی سورتوں کے درمیان ان کو رکھ دیا۔

(روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے)

# كِتَابُ الدَّعَوَاتِ

# دعاؤں کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۱۱۹/۱ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ فَتَعَجَّلَ كُلُّ نَبِيٍّ دَعْوَتَهُ وَإِنِّيْ اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِأُمَّتِيْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَهِيَ نَائِلَةٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِيْ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّلِلْبُخَارِيِّ أَقْصَرُ مِنْهُ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر نبی کے لئے ایک دعا ہے جو قبول کی جاتی ہے ہر نبی نے اپنی دعا میں جلدی کی میں نے اپنی دعا چھپا رکھی ہے امت کی شفاعت کے لئے قیامت تک یہ اس شخص کو جو میری امت میں مرا اور اس نے اللہ کے ساتھ شرک نہ کیا ہو پہنچنے والی ہے اگر اللہ نے چاہا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے بخاری کی روایت اس سے کمتر ہے)

۲۱۲۰/۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اتَّخَذْتُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَّنْ تُخْلِفَنِيْهِ فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ فَاَيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ اٰذَيْتُهٗ شَتَمْتُهٗ لَعَنْتُهٗ جَلَدْتُّهٗ فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلٰوةً وَّزَكٰوةً وَّقُرْبَةً تُقَرِّبُهٗ بِهَا اِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا الٰہی میں نے آپ سے ایک وعدہ مانگی آپ قبول فرمائیں اور مجھ کو ناامید نہ فرما میں ایک آدمی ہوں اگر میں نے کسی مؤمن کو ایذا دی یا اسکو برا کہا یا لعنت کی یا مارا اس کو ان سب کو اس کے لئے رحمت بنا دے گناہوں سے پاکی کا سبب کر اور اپنے قریب کر قیامت کے دن۔ (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۱۲۱/۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَعَا اَحَدُكُمْ فَلَا يَقُلِ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ اِنْ شِئْتَ ارْحَمْنِيْ اِنْ شِئْتَ ارْزُقْنِيْ اِنْ شِئْتَ وَلْيَعْزِمْ مَسْئَلَتَهٗ اِنَّهٗ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ لَا مُكْرِهَ لَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر ایک تمہارا دعا مانگے تو یوں نہ مانگے کہ مجھ کو بخش اگر تو چاہے۔ اگر چاہے تو مجھ پر رحم فرما۔ اور روزی دے اگر تو چاہے بلکہ مانگنے میں عزم بالجزم کرے کیونکہ وہ جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے اس پر کوئی زبردستی کرنے والا نہیں۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۱۲۲/۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَعَا اَحَدُكُمْ فَلَا يَقُلِ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ اِنْ شِئْتَ وَلٰكِنْ لِّيَعْزِمْ وَلْيُعَظِّمِ الرَّغْبَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَتَعَاظَمُهٗ شَيْءٌ اَعْطَاهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے ایک دعا کرے تو یہ نہ کہے اگر تو اللہ چاہے مجھ کو بخش بلکہ یقین کے ساتھ طلب کرے اور اپنی رغبت کو بڑا کرے کیونکہ اللہ کو کوئی چیز دینا مشکل نہیں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۱۲۳/۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْتَجَابُ لِلْعَبْدِ مَا لَمْ يَدْعُ بِاِثْمٍ اَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ مَّا لَمْ يَسْتَعْجِلْ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْاِسْتِعْجَالُ قَالَ يَقُوْلُ قَدْ دَعَوْتُ وَقَدْ دَعَوْتُ فَلَمْ اَرَ يَسْتَجِيْبُ لِيْ فَيَسْتَحْسِرُ عِنْدَ ذٰلِكَ وَيَدَعُ الدُّعَاءَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندے کی دعاء قبول کی جاتی ہے جب تک گناہ کی دعاء نہیں مانگتا یا رشتہ داری کو توڑنے کی اور جب تک جلدی نہیں کرتا پوچھا گیا اے اللہ کے رسول جلدی کیا ہے فرمایا کہ کہے کہ میں نے دعاء مانگی اور میں نے آج تک نہیں دیکھا کہ قبول ہوئی ہو دعا مانگنے سے تھک جاوے اور اس کو چھوڑ دے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

۲۱۲۴ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْوَةُ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ لِأَخِيْهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ مُسْتَجَابَةٌ عِنْدَ رَأْسِهٖ مَلَكٌ مُوَكَّلٌ كُلَّمَا دَعَا لِأَخِيْهِ بِخَيْرٍ قَالَ الْمَلَكُ الْمُوَكَّلُ بِهٖ آمِيْنَ وَلَكَ بِمِثْلٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو درداء رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان آدمی کی دعاء اپنے بھائی مؤمن کے لئے اس کی پیٹھ پیچھے قبول کی جاتی ہے دعا کرنے والے کے پاس فرشتہ معین کیا جاتا ہے جب اپنے بھائی کے لئے بھلائی کی دعاء مانگتا ہے تو موکل فرشتہ آمین کہتا ہے اور کہتا ہے تیرے لئے بھی اسکی مثل ہے (مسلم)

۲۱۲۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَدْعُوْا عَلٰى أَنْفُسِكُمْ وَلَا تَدْعُوْا عَلٰى أَوْلَادِكُمْ وَلَا تَدْعُوْا عَلٰى أَمْوَالِكُمْ لَا تُوَافِقُوْا مِنَ اللّٰهِ سَاعَةً يُسْأَلُ فِيْهَا عَطَاءً فَيَسْتَجِيْبُ لَكُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَذَكَرَ حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ بَابِ الزَّكٰوةِ اتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی جانوں اور اپنی اولاد اور اپنے مالوں پر بد دعاء نہ کرو شاید کہ اللہ کی طرف سے وہ گھڑی موافق آجائے کہ تمہاری بد دعاء قبول ہو جائے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے ابن عباس رضؓ کی حدیث کتاب الزکوٰۃ میں ذکر کی گئی کہ ڈر مظلوم کی دعاء سے)

* * *

* * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۱۲۶ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ ثُمَّ قَرَأَ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

نعمان بن بشیر سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دعاء ہی عبادت ہے پھر آپؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی وقال ربکم ادعونی استجب لکم (روایت کیا ہے اس کو احمد نے ترمذی نے، ابو داؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۲۱۲۷ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

انس سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دعاء عبادت کا اصل ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۱۲۸ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com



اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ شَيْءٌ أَكْرَمَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الدُّعَاءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کے ہاں دعا سے زیادہ عزت والی کوئی چیز نہیں (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے

۲۱۲۹/۱۱ وَعَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

سلمان فارسی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دعا تقدیر کو پھیرتی ہے اور نیکی عمر کو زیادہ کرتی ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۲۱۳۰/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الدُّعَاءَ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ فَعَلَيْكُمْ عِبَادَ اللّٰهِ بِالدُّعَاءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دعا نفع دیتی ہے اس چیز میں کہ اتری ہو یا نہ اتری ہو اللہ تعالیٰ کے بندو اپنے پر دعا کو لازم کرو۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور احمد نے معاذ بن جبل سے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

۲۱۳۱/۱۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ أَحَدٍ يَدْعُو بِدُعَاءٍ إِلَّا آتَاهُ اللّٰهُ مَا سَأَلَ أَوْ كَفَّ عَنْهُ مِنَ السُّوْءِ مِثْلَهُ مَا لَمْ يَدْعُ بِإِثْمٍ أَوْ قَطِيعَةِ رَحِمٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایسا کوئی آدمی نہیں کہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے مگر اللہ اس کو دیتا ہے جو مانگتا ہے یا اس کی مانند برائی کو بند رکھتا ہے جب تک کہ وہ گناہ کی دعا نہ کرے یا رشتہ داری کو نہ توڑے (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۱۳۲/۱۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهِ فَإِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ أَنْ يُسْأَلَ وَأَفْضَلُ الْعِبَادَةِ انْتِظَارُ الْفَرَجِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ سے اس کا فضل مانگو اللہ پسند کرتا ہے کہ اس سے مانگا جائے اور افضل عبادت کشادگی کا انتظار کرنا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

besturdubooks.wordpress.com

۲۱۳۳/۱۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ یَسْاَلِ اللّٰهَ یَغْضَبْ عَلَیْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اللہ سے سوال نہ کرے اللہ تعالےٰ اس سے ناراض ہوجاتا ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۱۳۴/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فُتِحَ لَهٗ مِنْكُمْ بَابُ الدُّعَاءِ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ وَمَا سُئِلَ اللّٰهُ شَیْئًا یَعْنِیْ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ اَنْ یُّسْاَلَ الْعَافِیَةَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے لئے دعا کا دروازہ کھولا گیا تو اس کے لئے رحمت کے دروازے کھولے گئے اللہ کے نزدیک محبوب ترین دعا یہ ہے اس سے عافیت کی دعا کی جائے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۱۳۵/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ یَّسْتَجِیْبَ اللّٰهُ لَهٗ عِنْدَ الشَّدَائِدِ فَلْیُكْثِرِ الدُّعَاءَ عِنْدَ الرَّخَاءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ بات اس کو پسند ہو کہ اللہ سختیوں میں اس کی دعا کو قبول کرے اس کو چاہیے کہ وہ فراخی کی حالت میں اللہ سے بہت دعا کرے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

۲۱۳۶/۱۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُدْعُوا اللّٰهَ وَاَنْتُمْ مُّوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَجِیْبُ دُعَاءً مِّنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَّاهٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

ابوہریرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالےٰ سے دعا اس طرح کرو کہ تم اس کے قبول ہونے کا یقین رکھتے ہو اور یہ بات یاد رکھو کہ اللہ تعالےٰ غافل دل کی دعا قبول نہیں کرتا (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

۲۱۳۷/۱۹ وَعَنْ مَّالِكِ بْنِ یَسَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَاَلْتُمُوا اللّٰهَ فَاسْئَلُوْهُ بِبُطُوْنِ اَكُفِّكُمْ وَلَا تَسْئَلُوْهُ بِظُهُوْرِهَا وَفِیْ رِوَایَةِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَلُوا اللّٰهَ بِبُطُوْنِ اَكُفِّكُمْ

مالک بن یسار رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم اللہ سے دعا کرو تو اپنی ہتھیلیاں منہ کی طرف کرکے دعا کرو نہ ہاتھوں کی پچھلی طرف کو اوپر کرکے جب دعا سے فارغ ہوجاؤ تو اپنے ہاتھوں کو منہ پر پھیرو) ابن عباس رضؓ کی ایک روایت میں ہے اللہ سے ہاتھوں

besturdubooks.wordpress.com

وَلَا تَسْئَلُوْهُ بِظُهُوْرِهَا فَإِذَا فَرَغْتُمْ فَامْسَحُوْا بِهَا وُجُوْهَكُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

کے اندر کی جانب سے مانگو۔ ہاتھوں کی باہر کی جانب سے نہ مانگو جب دعا سے فارغ ہو تو اپنے ہاتھوں کو منہ پر پھیرو (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۱۳۸ وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ رَبَّكُمْ حَيِيٌّ كَرِيْمٌ يَسْتَحْيِيْ مِنْ عَبْدِهٖ إِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ إِلَيْهِ أَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْرًا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ)

سلمان رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ حیادار ہے سخی ہے وہ حیا کرتا ہے جس وقت اس کا بندہ ہاتھ اٹھاتا ہے کہ ان کو خالی واپس لوٹائے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور بیہقی نے دعوات الکبیر میں۔

۲۱۳۹ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ فِي الدُّعَاءِ لَمْ يَحُطَّهُمَا حَتّٰى يَمْسَحَ بِهِمَا وَجْهَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت اپنے دونوں ہاتھ دعا میں اٹھاتے اپنے منہ پر پھیرنے سے پہلے نیچے نہ رکھتے (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۱۴۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَحِبُّ الْجَوَامِعَ مِنَ الدُّعَاءِ وَيَدَعُ مَا سِوٰى ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جامع دعاؤں کو اچھا سمجھتے تھے۔ جو جامع نہ ہوتی اس کو چھوڑ دیتے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۱۴۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَسْرَعَ الدُّعَاءِ إِجَابَةً دَعْوَةُ غَائِبٍ لِغَائِبٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ)

عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ غائب کی دعا بہت جلد قبول ہوتی ہے جو غائب کے حق میں ہو۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے)

۲۱۴۲ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ اسْتَأْذَنْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعُمْرَةِ فَأَذِنَ لِيْ وَقَالَ أَشْرِكْنَا يَا أُخَيَّ فِيْ دُعَائِكَ وَلَا تَنْسَنَا فَقَالَ كَلِمَةً

حضرت عمر بن الخطابؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عمرہ کرنے کی اجازت مانگی۔ آپ نے اجازت فرمائی اور فرمایا کہ ہم کو بھی اے ہمارے چھوٹے بھائی اپنی دعا میں شریک کرنا ہم کو بھولنا مت۔ آنحضرت صلی اللہ

besturdubooks.wordpress.com

مَا يَسُرُّنِيْ اَنَّ لِيْ بِهَا الدُّنْيَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَانْتَهَتْ رِوَايَتُهٗ عِنْدَ قَوْلِهٖ وَلَا تَنْسَنَا۔)

۲۱۴۳/۲۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَّا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمُ الصَّآئِمُ حِيْنَ يُفْطِرُ وَالْاِمَامُ الْعَادِلُ وَدَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ فَوْقَ الْغَمَامِ وَتُفْتَحُ لَهَا اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَيَقُوْلُ الرَّبُّ وَعِزَّتِيْ لَاَنْصُرَنَّكَ وَلَوْ بَعْدَ حِيْنٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

۲۱۴۴/۲۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثُ دَعَوَاتٍ مُّسْتَجَابَاتٌ لَّا شَكَّ فِيْهِنَّ دَعْوَةُ الْوَالِدِ وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ وَدَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

علیہ وسلم نے یہ کلمہ ایسا فرمایا کہ اس کے بدلے مجھ کو تمام دنیا بھی خوشی نہیں کرتی۔ (روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے اور ترمذی کی حدیث ولا تنسنا پر پوری ہوگئی ہے)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین قسم کے آدمیوں کی دعا رد نہیں ہوتی ایک روزہ دار جب افطار کرے دوسرا امام عادل تیسرا مظلوم کی دعاء ان کو اللہ تعالےٰ بادلوں کے اوپر اٹھاتا ہے اور اس کے لئے آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور پروردگار فرماتا ہے مجھ کو میری عزت کی قسم میں تیری مدد کروں گا اگرچہ ایک مدت کے بعد ہی کیوں نہ ہو۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین آدمیوں کی دعاء قبول کی جاتی ہے ان کے قبول ہونے میں شک نہیں باپ کی دعاء مسافر کی دعاء اور مظلوم کی دعاء (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۱۴۵/۲۷ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَسْاَلْ اَحَدُكُمْ رَبَّهٗ حَاجَتَهٗ كُلَّهَا حَتّٰى يَسْاَلَهٗ شِسْعَ نَعْلِهٖ اِذَا انْقَطَعَ زَادَ فِيْ رِوَايَةٍ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ مُرْسَلًا حَتّٰى يَسْاَلَهُ الْمِلْحَ وَحَتّٰى يَسْاَلَهٗ شِسْعَهٗ اِذَا انْقَطَعَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک تمہارے کو چاہیئے کہ اپنے رب سے تمام حاجتیں مانگے یہاں تک کہ اپنی جوتی کا تسمہ بھی جب وہ ٹوٹ جائے ترمذی نے ثابت بنانی سے ایک روایت میں زیادہ کیا بطریق ارسال کے کہ اللہ سے نمک تک مانگے اور جب جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ بھی اسی سے مانگے (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۱۴۶/۲۸ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

اسی (انسؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَرْفَعُ یَدَیْہِ فِی الدُّعَاءِ حَتّٰی یُرٰی بَیَاضُ اِبْطَیْہِ)

صلی اللہ علیہ وسلم دعا میں اس قدر اپنے ہاتھ اٹھاتے کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی نظر آتی۔

۲۱۴۷/۲۹ وَعَنْ سَہْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کَانَ یُحَلِّلُ اِصْبَعَیْہِ حِذَآءَ مَنْکِبَیْہِ وَیَدْعُوْ۔

سہل بن سعدؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا میں اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کو مونڈھوں کے برابر فرماتے۔

۲۱۴۸/۳۰ وَعَنِ السَّآئِبِ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا دَعَا فَرَفَعَ یَدَیْہِ مَسَحَ وَجْھَہٗ بِیَدَیْہِ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ الْاَحَادِیْثَ الثَّلٰثَۃَ فِی الدَّعْوَاتِ الْکَبِیْرِ)

سائب بن یزید سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا مانگتے تو اپنے ہاتھ اٹھاتے پھر منہ پر ہاتھ پھیرتے (روایت کیں یہ تینوں حدیثیں بیہقی نے دعوات کبیر میں)

۲۱۴۹/۳۱ وَعَنْ عِکْرِمَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْمَسْئَلَۃُ اَنْ تَرْفَعَ یَدَیْکَ حَذْوَ مَنْکِبَیْکَ اَوْ نَحْوَھُمَا وَالْاِسْتِغْفَارُ اَنْ تُشِیْرَ بِاِصْبَعٍ وَّاحِدَۃٍ وَالْاِبْتِھَالُ اَنْ تَمُدَّ یَدَیْکَ جَمِیْعًا وَّفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ وَالْاِبْتِھَالُ ھٰکَذَا وَرَفَعَ یَدَیْہِ وَجَعَلَ ظُھُوْرَھُمَا مِمَّا یَلِیْ وَجْھَہٗ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

عکرمہؓ سے روایت ہے وہ ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا سوال کرنے کے آداب یہ ہیں کہ تو اپنے دونوں ہاتھوں کو مونڈوں تک اٹھائے یا ان کے قریب استغفار کا ادب یہ ہے کہ انگلی کے ساتھ اشارہ کرے اور عاجزی اور دعا میں مبالغہ کرنا یہ ہے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو لمبا کرے ایک روایت میں ہے عاجزی کرنا اس طرح ہے کہ اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور ہاتھوں کی پیٹھ منہ کے قریب کرے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۲۱۵۰/۳۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّہٗ یَقُوْلُ اِنَّ رَفْعَکُمْ اَیْدِیَکُمْ بِدْعَۃٌ مَّا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی ھٰذَا یَعْنِیْ اِلَی الصَّدْرِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں تمہارا اپنے ہاتھوں کو اٹھانا بدعت ہے اس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنی سینہ سے اوپر نہیں اٹھائے۔ (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

۲۱۵۱/۳۳ وَعَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَکَرَ اَحَدًا اَوْ دَعَا لَہٗ بَدَاَ بِنَفْسِہٖ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ

ابی بن کعبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کا ذکر فرماتے پھر اس کے لئے دعا مانگتے تو پہلے اپنے لئے دعا کرتے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے)

besturdubooks.wordpress.com

حَسَنٌ غَرِيبٌ صَحِيحٌ)

۲۱۵۲/۳۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَّدْعُوْ بِدَعْوَةٍ لَّيْسَ فِيْهَا اِثْمٌ وَّلَا قَطِيْعَةُ رَحِمٍ اِلَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ بِهَا اَحَدٰى ثَلٰثٍ اِمَّا اَنْ يُّعَجِّلَ لَهٗ دَعْوَتَهٗ وَاِمَّا اَنْ يَّدَّخِرَهَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ وَاِمَّا اَنْ يَّصْرِفَ عَنْهُ مِنَ السُّوْءِ مِثْلَهَا قَالُوْا اِذًا نُّكْثِرُ قَالَ اللّٰهُ اَكْثَرُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابوسعید خدری سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص دعاء مانگے اور اس میں گناہ اور رشتہ داری کو قطع کرنے والی دعاء نہ ہو تو اللہ تعالیٰ تین میں سے ایک اس کو دیتا ہے ایک یہ کہ جلدی اس کا مطلب پورا کیا جائے یا اس کی دعاء کو اس کے لئے ذخیرہ کر رکھے اور آخرت میں دے یا اس سے برائی پھیر دے صحابہ رضؓ نے عرض کی ہم تو پھر بہت دعا کریں گے آپ نے فرمایا اللہ کا فضل بہت زیادہ ہے۔ (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

۲۱۵۳/۳۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسُ دَعَوَاتٍ يُّسْتَجَابُ لَهُنَّ دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ حَتّٰى يَنْتَصِرَ وَدَعْوَةُ الْحَاجِّ حَتّٰى يَصْدُرَ وَدَعْوَةُ الْمُجَاهِدِ حَتّٰى يَقْعُدَ وَدَعْوَةُ الْمَرِيْضِ حَتّٰى يَبْرَاَ وَدَعْوَةُ الْاَخِ لِاَخِيْهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ ثُمَّ قَالَ وَاَسْرَعُ هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ اِجَابَةً دَعْوَةُ الْاَخِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا پانچ قسم کی دعائیں قبول کی جاتی ہیں مظلوم کی دعاء جو بدلہ کے طور پر ہو حاجی کی دعا جب تک کہ واپس گھر آجائے مجاہد کی دعاء بیٹھنے تک مریض کی دعاء اچھا ہو یا فوت ہو جانے تک مسلمان بھائی کی مسلمان بھائی کے لئے غائبانہ دعاء پھر فرمایا ان میں سے بھائی کی دعاء جلد قبول ہوتی ہے دعاؤں میں سے اس کی پشت پیچھے۔ (بیہقی نے دعوات کبیر میں روایت کیا ہے)

# بَابُ ذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَالتَّقَرُّبِ اِلَيْهِ

# اللہ کا ذکر کرنے اور قرب حاصل کرنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

besturdubooks.wordpress.com

۲۱۵۴ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَاَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَقْعُدُ قَوْمٌ یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِکَةُ وَغَشِیَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَنَزَلَتْ عَلَیْهِمُ السَّکِیْنَةُ وَذَکَرَهُمُ اللّٰهُ فِیْمَنْ عِنْدَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے دونوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی قوم ذکر کے لئے نہیں بیٹھتی مگر ان کو فرشتے گھیر لیتے ہیں ان کو رحمت ڈھانک لیتی ہے ان پر سکینہ اترتی ہے اللہ تعالیٰ ان کا ذکر ان فرشتوں میں فرماتے ہیں جو اس کے قریب ہیں۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۱۵۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَسِیْرُ فِیْ طَرِیْقِ مَکَّةَ فَمَرَّ عَلٰی جَبَلٍ یُقَالُ لَهٗ جُمْدَانُ فَقَالَ سِیْرُوْا هٰذَا جُمْدَانُ سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ قَالُوْا وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الذَّاکِرُوْنَ اللّٰهَ کَثِیْرًا وَّالذَّاکِرَاتُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کے رستے میں چلتے تھے ایک پہاڑ پر سے گذرے ان کا نام جُمدان تھا آپ نے فرمایا یہ جُمدان ہے چلو مفردون پیش قدمی کر گئے صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا مفردون کون ہیں اے اللہ کے رسول آپ نے فرمایا وہ مرد جو اللہ تعالیٰ کو بہت یاد کریں اور وہ عورتیں جو اللہ کو بہت یاد کریں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۱۵۶ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الَّذِیْ یَذْکُرُ رَبَّهٗ وَالَّذِیْ لَا یَذْکُرُ مَثَلُ الْحَیِّ وَالْمَیِّتِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے والے اور نہ یاد کرنے والے زندے اور مردے کی مانند ہے (متفق علیہ)

۲۱۵۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ وَاَنَا مَعَهٗ اِذَا ذَکَرَنِیْ فَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ نَفْسِهٖ ذَکَرْتُهٗ فِیْ نَفْسِیْ وَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ مَلَاٍ ذَکَرْتُهٗ فِیْ مَلَاٍ خَیْرٍ مِّنْهُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میں بندے کے گمان سے بھی زیادہ قریب ہوں جو وہ میرے ساتھ رکھتا ہے جب وہ مجھ کو یاد رکھتا ہے میں اس کے پاس ہوتا ہوں جب وہ مجھ کو اپنے دل میں یاد کرتا ہے میں اس کو اپنے دل میں یاد کرتا ہوں اگر وہ مجھ کو جماعت میں یاد کرتا ہے میں اس کو بہتر جماعت میں یاد کرتا ہوں (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۲۱۵۸/۵ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَۃِ فَلَہٗ عَشْرُ اَمْثَالِھَا وَاَزِیْدُ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّیِّئَۃِ فَجَزَآءُ سَیِّئَۃٍ مِّثْلُھَا اَوْ اَغْفِرُ وَمَنْ تَقَرَّبَ مِنِّیْ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ مِنْہُ ذِرَاعًا وَّمَنْ تَقَرَّبَ مِنِّیْ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْہُ بَاعًا وَّمَنْ اَتَانِیْ یَمْشِیْ اَتَیْتُہٗ ھَرْوَلَۃً وَّمَنْ لَّقِیَنِیْ بِقُرَابِ الْاَرْضِ خَطِیْئَۃً لَّا یُشْرِکُ بِیْ شَیْئًا لَقِیْتُہٗ بِمِثْلِھَا مَغْفِرَۃً۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ابوذر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو شخص ایک نیکی لائے اس کے لئے دس کے برابر ثواب ہے اس سے زیادہ بھی دیتا ہوں جو برائی لائے برائی کی سزا اس کے برابر ہے یا اس کو بخش دیتا ہوں جو میرے قریب ایک بالشت ہو میں اس کے قریب گز ہوتا ہوں جو میرے قریب گز ہو میں اس کے قریب دو ہاتھوں کی لمبائی کے برابر ہوتا ہوں جو میرے پاس چل کر آتا ہے میں اس کے پاس دوڑ کر آتا ہوں جو مجھ سے زمین کی پوری گناہ لے کر ملے اور شرک نہ کیا ہو میں اس سے ملاقات کروں اس زمین کے برابر بخشش کے ساتھ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۱۵۹/۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی قَالَ مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُہٗ بِالْحَرْبِ وَمَا تَقَرَّبَ اِلَیَّ عَبْدِیْ بِشَیْءٍ اَحَبَّ اِلَیَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَیْہِ وَمَا یَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اُحِبَّہٗ فَاِذَا اَحْبَبْتُہٗ کُنْتُ سَمْعَہُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِہٖ وَبَصَرَہُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِہٖ وَیَدَہُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِھَا وَرِجْلَہُ الَّتِیْ یَمْشِیْ بِھَا وَاِنْ سَاَلَنِیْ لَاُعْطِیَنَّہٗ وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِیْ لَاُعِیْذَنَّہٗ وَمَا تَرَدَّدْتُّ عَنْ شَیْءٍ اَنَا فَاعِلُہٗ تَرَدُّدِیْ عَنْ نَّفْسِ الْمُؤْمِنِ یَکْرَہُ الْمَوْتَ وَاَنَا اَکْرَہُ مَسَآءَتَہٗ وَلَا بُدَّ لَہٗ مِنْہُ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو شخص میرے دوست کو تکلیف دے میں اس کے لئے اعلان جنگ کرتا ہوں اور میرے بندے نے میرا قرب نہیں حاصل کیا اس چیز سے جو بہت محبوب ہو اس سے جو میں نے اس پر فرض کیا ہمیشہ میرا بندہ نفلوں کے ساتھ میرا قرب تلاش کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اس کو دوست رکھتا ہوں پس جب میں اس کو دوست رکھتا ہوں تو اس کا کان ہوتا ہوں کہ اس کے ساتھ سنتا ہے اور میں اس کی آنکھ ہوتا ہوں کہ اس کے ساتھ دیکھتا ہے اس کا ہاتھ کہ اس کے ساتھ پکڑتا ہے اور اس کا پاؤں ہوں کہ اس سے چلتا ہے اگر یہ بندہ مجھ سے سوال کرتا ہے میں اس کو دیتا ہوں اگر میرے ساتھ پناہ پکڑتا ہے تو میں پناہ دیتا ہوں میں کسی چیز کے کرنے میں توقف اور تردد نہیں کرتا جس کو میں کرنے والا ہوں جس طرح کہ تردد کرتا ہوں مؤمن کی جان قبض کرنے سے کہ وہ موت کو ناخوش رکھتا ہے حال یہ ہے کہ میں اس کی ناخوشی کو ناخوش جانتا ہوں اور اس کو رنج سے چارہ نہیں (بخاری)

besturdubooks.wordpress.com

۲۲۶۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ مَلٰٓئِكَةً يَّطُوْفُوْنَ فِي الطُّرُقِ يَلْتَمِسُوْنَ اَهْلَ الذِّكْرِ فَاِذَا وَجَدُوْا قَوْمًا يَّذْكُرُوْنَ اللّٰهَ تَنَادَوْا هَلُمُّوْٓا اِلٰى حَاجَتِكُمْ قَالَ فَيَحُفُّوْنَهُمْ بِاَجْنِحَتِهِمْ اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا قَالَ فَيَسْاَلُهُمْ رَبُّهُمْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِهِمْ مَا يَقُوْلُ عِبَادِيْ قَالَ يَقُوْلُوْنَ يُسَبِّحُوْنَكَ وَيُكَبِّرُوْنَكَ وَيَحْمَدُوْنَكَ وَيُمَجِّدُوْنَكَ قَالَ فَيَقُوْلُ هَلْ رَاَوْنِيْ قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ لَا وَاللّٰهِ مَا رَاَوْكَ قَالَ فَيَقُوْلُ كَيْفَ لَوْ رَاَوْنِيْ قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ لَوْ رَاَوْكَ كَانُوْٓا اَشَدَّ لَكَ عِبَادَةً وَّاَشَدَّ لَكَ تَمْجِيْدًا وَّاَكْثَرَ لَكَ تَسْبِيْحًا قَالَ فَيَقُوْلُ فَمَا يَسْاَلُوْنَ قَالُوْا يَسْاَلُوْنَكَ الْجَنَّةَ قَالَ يَقُوْلُ وَهَلْ رَاَوْهَا قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَبِّ مَا رَاَوْهَا قَالَ يَقُوْلُ فَكَيْفَ لَوْ رَاَوْهَا قَالَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ اَنَّهُمْ رَاَوْهَا كَانُوْٓا اَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا وَّاَشَدَّ لَهَا طَلَبًا وَّاَعْظَمَ فِيْهَا رَغْبَةً قَالَ فَمِمَّ يَتَعَوَّذُوْنَ قَالَ يَقُوْلُوْنَ مِنَ النَّارِ قَالَ يَقُوْلُ فَهَلْ رَاَوْهَا قَالَ يَقُوْلُوْنَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَبِّ مَا رَاَوْهَا قَالَ يَقُوْلُ فَكَيْفَ لَوْ رَاَوْهَا قَالَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ رَاَوْهَا كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهَا فِرَارًا وَّاَشَدَّ لَهَا مَخَافَةً

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے فرشتے ذکر کرنے والوں کو راستوں میں تلاش کرتے ہیں۔ اگر ذکر کرنے والی قوم کو پالیں۔ تو آپس میں پکارتے ہیں۔ اپنے مطلب کو جلدی آؤ۔ آپ نے فرمایا۔ فرشتے ان کو اپنے پروں سے آسمان دنیا تک گھیر لیتے ہیں۔ آنحضرت نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرشتوں سے ان کا حال پوچھتا ہے حالانکہ وہ فرشتوں سے زیادہ جانتا ہے میرے بندے کیا کہتے ہیں۔ فرمایا حضرت نے فرشتے کہتے ہیں تسبیح کرتے ہیں اور تیری بڑائی بیان کرتے ہیں اور تیری تعریف کرتے ہیں تیری بزرگی کے ساتھ تجھ کو یاد کرتے ہیں آنحضرت نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے مجھ کو دیکھا ہے آپ نے فرمایا کہ فرشتے جواب دیتے ہیں اللہ کی قسم انہوں نے آپ کو نہیں دیکھا آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر وہ مجھ کو دیکھ لیتے تو پھر ان کا کیا حال ہوتا۔ آپ نے فرمایا فرشتے کہتے ہیں اگر آپ کو دیکھ لیتے تو بہت بندگی کرتے اور تیری بزرگی بہت بیان کرتے اور تیری تسبیح کرتے آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا مانگتے ہیں فرشتے کہتے ہیں جنت کا سوال کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے جنت کو دیکھا ہے آپ نے فرمایا فرشتے کہتے ہیں۔ اللہ کی قسم اے پروردگار نہیں دیکھا آپ نے فرمایا اللہ فرماتا ہے اگر وہ دیکھ لیتے تو پھر ان کا کیا حال ہوتا۔ آپ نے فرمایا فرشتے کہتے ہیں اگر دیکھ لیتے تو اس پر بہت حرص کرتے۔ اور اس کو بہت طلب کرنے والے ہوتے اور اس پر بہت رغبت رکھتے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں آپ نے فرمایا فرشتے کہتے ہیں دوزخ سے آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے دوزخ کو دیکھا ہے آپ نے فرمایا فرشتے کہتے ہیں خدا کی قسم اے پروردگار انہوں نے دوزخ کو نہیں دیکھا آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اگر وہ دوزخ کو دیکھ لیتے تو ان کا کیا حال ہوتا۔ آپ نے فرمایا فرشتے کہتے ہیں اگر اس کو دیکھ لیتے

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ فَيَقُوْلُ فَاُشْهِدُكُمْ اَنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ
لَهُمْ قَالَ يَقُوْلُ مَلَكٌ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ
فِيْهِمْ فُلَانٌ لَيْسَ مِنْهُمْ اِنَّمَا جَآءَ
لِحَاجَةٍ قَالَ هُمُ الْجُلَسَآءُ لَا يَشْقٰى
جَلِيْسُهُمْ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ
مُسْلِمٍ قَالَ اِنَّ لِلّٰهِ مَلٰٓئِكَةً سَيَّارَةً
فُضُلًا يَّبْتَغُوْنَ مَجَالِسَ الذِّكْرِ فَاِذَا
وَجَدُوْا مَجْلِسًا فِيْهِ ذِكْرٌ قَعَدُوْا مَعَهُمْ
وَحَفَّ بَعْضُهُمْ بَعْضًا بِاَجْنِحَتِهِمْ حَتّٰى
يَمْلَئُوْا مَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ السَّمَآءِ الدُّنْيَا
فَاِذَا تَفَرَّقُوْا عَرَجُوْا وَصَعِدُوْا اِلَى
السَّمَآءِ قَالَ فَيَسْاَلُهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ اَعْلَمُ
بِحَالِهِمْ مِّنْ اَيْنَ جِئْتُمْ فَيَقُوْلُوْنَ
جِئْنَا مِنْ عِنْدِ عِبَادٍ لَّكَ فِي الْاَرْضِ
يُسَبِّحُوْنَكَ وَيُكَبِّرُوْنَكَ وَيُهَلِّلُوْنَكَ
وَيَحْمَدُوْنَكَ وَيَسْئَلُوْنَكَ قَالَ وَمَاذَا
يَسْئَلُوْنِيْ قَالُوْا يَسْئَلُوْنَكَ جَنَّتَكَ
قَالَ وَهَلْ رَاَوْا جَنَّتِيْ قَالُوْا لَآ اَيْ رَبِّ
قَالَ وَكَيْفَ لَوْ رَاَوْا جَنَّتِيْ قَالُوْا
يَسْتَجِيْرُوْنَكَ قَالَ وَمِمَّا يَسْتَجِيْرُوْنِيْ
قَالُوْا مِنْ نَّارِكَ قَالَ وَهَلْ رَاَوْا نَارِيْ
قَالُوْا لَا قَالَ فَكَيْفَ لَوْ رَاَوْا نَارِيْ قَالُوْا
يَسْتَغْفِرُوْنَكَ قَالَ فَيَقُوْلُ قَدْ غَفَرْتُ
لَهُمْ فَاَعْطَيْتُهُمْ مَّا سَاَلُوْا وَاَجَرْتَهُمْ
مِمَّا اسْتَجَارُوْا قَالَ يَقُوْلُوْنَ رَبِّ فِيْهِمْ
فُلَانٌ عَبْدٌ خَطَّآءٌ اِنَّمَا مَرَّ فَجَلَسَ

تو اس سے ڈر کیونکہ جو سے بہت بھاگتے آپ سے
فرمایا اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے میں تم کو گواہ بناتا ہوں میں
نے ان کو بخش دیا۔ آپ نے فرمایا ان فرشتوں میں سے ایک فرشتہ
کہتا ہے کہ ذکر کرنے والوں میں فلاں شخص بھی ہے جو ذکر کرنیوالا
نہیں جو کسی کام کے لئے آیا تھا ان میں بیٹھ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے
فرمایا وہ ذکر کرنے والے ہیں کہ ان میں بیٹھنے والے بھی بدبخت نہیں ہوتے
روایت کیا اسکو بخاری نے مسلم کی ایک روایت میں ہے کہا اللہ تعالیٰ
کیلئے بہت فرشتے ہیں پھرنے والے جو ذکر کی مجلسیں تلاش کرتے
پھرتے ہیں۔ جب ذکر کرنے والے گروہ کو پاتے ہیں تو ان میں
بیٹھ جاتے ہیں اور ان کو گھیر لیتے ہیں اپنے پروں سے اور فرشتے
آسمان اور زمین کے درمیان بھر جاتے ہیں۔ جب ذکر کرنے والے
جدا ہوتے ہیں تو وہ فرشتے آسمان پر پہنچتے ہیں۔ آپ نے فرمایا۔
اللہ ان سے پوچھتا ہے حالانکہ وہ ان کا حال خوب جانتا ہے۔ تم
کہاں سے آئے۔ فرشتے کہتے ہیں ہم تیرے بندوں کے پاس سے آئے۔
جو زمین میں تیری تسبیح کرتے ہیں تیری بڑائی بیان کرتے ہیں۔ تیرا کلمہ پڑھتے
ہیں۔ تیری تعریف کرتے ہیں اور تجھ سے مانگتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتے
ہیں مجھ سے کیا مانگتے ہیں۔ فرشتے کہتے ہیں تیری جنت اللہ نے فرمایا
کیا انہوں نے میری جنت دیکھی ہے فرشتے کہتے ہیں نہیں اے پروردگار۔ اللہ
فرماتا ہے اگر وہ دیکھ لیتے تو پھر ان کا کیا حال ہوتا۔ فرشتے کہتے
ہیں تجھ سے پناہ مانگتے ہیں اللہ نے فرمایا ہے کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں مجھ سے
فرشتے کہتے ہیں تیری آگ سے پناہ مانگتے ہیں۔ اللہ فرماتا ہے کیا انہوں نے میری
آگ دیکھی ہے فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں اللہ فرماتا ہے اگر وہ دیکھ لیتے تو
پھر انکا کیا حال ہوتا۔ فرشتے کہتے ہیں تجھ سے مغفرت طلب کرتے ہیں اللہ فرماتا
ہے کہ میں نے ان کو بخشا۔ اور جو مانگتے ہیں وہ انکو دی اور جس سے پناہ مانگتے
ہیں اس سے پناہ دی آپ نے فرمایا فرشتے کہتے ہیں اے اللہ! ان میں فلاں
بندہ ہے جو بڑا گنہگار ہے وہ جاتے جاتے انکے پاس بیٹھ گیا آپ نے فرمایا۔

مَعَهُمْ قَالَ فَيَقُوْلُ وَلَهٗ غَفَرْتُ هُمُ الْقَوْمُ لَا يَشْقٰى بِهِمْ جَلِيْسُهُمْ۔

اللہ فرماتا ہے میں نے اس کو بھی بخش دیا۔ وہ قوم ہے کہ بدبخت نہیں ہوتا جو ان کے پاس بیٹھے۔

(۲۱۶۱) وَعَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ الرَّبِيْعِ الْاُسَيِّدِيِّ قَالَ لَقِيَنِيْ اَبُوْبَكْرٍ فَقَالَ كَيْفَ اَنْتَ يَا حَنْظَلَةُ قُلْتُ نَافَقَ حَنْظَلَةُ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَا تَقُوْلُ قُلْتُ نَكُوْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُذَكِّرُنَا بِالنَّارِ وَالْجَنَّةِ كَاَنَّا رَاْيُ عَيْنٍ فَاِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَافَسْنَا الْاَزْوَاجَ وَالْاَوْلَادَ وَالضَّيْعَاتِ نَسِيْنَا كَثِيْرًا قَالَ اَبُوْبَكْرٍ فَوَاللّٰهِ اِنَّا لَنَلْقٰى مِثْلَ هٰذَا فَانْطَلَقْتُ اَنَا وَاَبُوْبَكْرٍ حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ نَافَقَ حَنْظَلَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا ذَاكَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَكُوْنُ عِنْدَكَ تُذَكِّرُنَا بِالنَّارِ وَالْجَنَّةِ كَاَنَّا رَاْيُ عَيْنٍ فَاِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِكَ عَافَسْنَا الْاَزْوَاجَ وَالْاَوْلَادَ وَالضَّيْعَاتِ نَسِيْنَا كَثِيْرًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ تَدُوْمُوْنَ عَلٰى مَا تَكُوْنُوْنَ عِنْدِيْ وَفِي الذِّكْرِ لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ عَلٰى فُرُشِكُمْ وَفِيْ طُرُقِكُمْ وَلٰكِنْ يَا حَنْظَلَةُ سَاعَةً

حنظلہ رضؓ بن ربیع اسیدی سے روایت ہے انہوں نے کہا حضرت ابوبکرؓ نے مجھ سے ملاقات کی کہا اے حنظلہ! تیرا کیا حال ہے میں نے کہا حنظلہ منافق ہوگیا۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا کہ سبحان اللہ تو کیا کہتا ہے میں نے کہا جب ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ہوتے ہیں۔ آپؐ ہمیں جنت و دوزخ کیساتھ نصیحت کرتے ہیں گویا کہ ہم جنت کو آنکھوں سے دیکھتے ہیں جب ہم آپ کی صحبت سے نکل کر گھروں میں آتے ہیں تو اپنی بیبیوں اور اولاد میں مشغول ہوتے ہیں زمینوں اور باغوں میں۔ ہم سب نصائح کو بھول جاتے ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا اللہ کی قسم ہماری حالت بھی ایسے ہوجاتی ہے میں اور حضرت ابوبکرؓ چلے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے میں نے کہا حنظلہ منافق ہوگیا اے اللہ کے رسولؐ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو کیا ہے میں نے کہا اے اللہ کے رسول، ہم جب آپؐ کے پاس ہوتے ہیں آپؐ ہمیں نصیحت کرتے ہیں جنت دوزخ کی گویا کہ ہم اپنی آنکھوں سے ان کا حال دیکھتے ہیں۔ جب آپؐ کے پاس سے چلے جاتے ہیں ہم اپنی بیبیوں اور اولاد اور زمینوں اور باغوں میں مشغول ہوتے ہیں۔ تو بہت سی نصیحت کی باتیں بھول جاتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تم ایسی حالت پر رہو جو میرے پاس ہوتی ہے تو تم سے فرشتے مصافحہ کریں تمہارے بستروں پر اور راستوں میں آپؐ نے فرمایا اے حنظلہؓ ایک ساعت اور ایک ساعت تین بار فرمایا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

وَسَاعَةً ثَلٰثَ مَرَّاتٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۱۶۲ عَنْ اَبِي الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرِ اَعْمَالِكُمْ وَاَزْكَاهَا عِنْدَ مَلِيْكِكُمْ وَاَرْفَعِهَا فِيْ دَرَجَاتِكُمْ وَخَيْرٍ لَّكُمْ مِّنْ اِنْفَاقِ الذَّهَبِ وَالْوَرِقِ وَخَيْرٍ لَّكُمْ مِّنْ اَنْ تَلْقَوْا عَدُوَّكُمْ فَتَضْرِبُوْا اَعْنَاقَهُمْ وَيَضْرِبُوْا اَعْنَاقَكُمْ قَالُوْا بَلٰى قَالَ ذِكْرُ اللّٰهِ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَّاَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ اِلَّا اَنَّ مَالِكًا وَّقَفَهُ عَلٰى اَبِي الدَّرْدَآءِ)

ابو درداء رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تم کو تمہارے بہترین عملوں کے بارہ میں خبردار نہ کروں جو بہت پاکیزہ ہیں تمہارے بادشاہ کے نزدیک اور درجوں کے لحاظ سے بہت بلند ہیں سونے چاندی کے خرچ کرنے سے بہتر ہیں جہاد سے بہتر ہیں صحابہؓ نے عرض کیا آپ خبر دیجئے فرمایا خدا کا ذکر ہے (روایت کیا اس کو مالک نے اور احمد نے اور ترمذی نے ابن ماجہ نے اور مالک نے اس حدیث کو موقوف ذکر کیا ہے ابو الدرداء پر)

۲۱۶۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ جَآءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ فَقَالَ طُوْبٰى لِمَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَحَسُنَ عَمَلُهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ اَنْ تُفَارِقَ الدُّنْيَا وَلِسَانُكَ رَطْبٌ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

عبداللہ بن بسر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک دیہاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، کہا کون آدمی بہتر ہے فرمایا جس کی عمر لمبی ہو اور اس کے عمل نیک ہوں اس کے لئے خوشی ہو کہا اے اللہ کے رسول کونسا عمل بہتر ہے فرمایا جب تجھ کو موت آئے اور تیری زبان اللہ کے ذکر سے تر ہو۔ (روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے)

* * * * * *

۲۱۶۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِيَاضِ الْجَنَّةِ فَارْتَعُوْا قَالُوْا وَمَا رِيَاضُ الْجَنَّةِ قَالَ حِلَقُ الذِّكْرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم بہشت کے باغ میں سے گذرو اس کے میوہ سے کھاؤ صحابہؓ نے عرض کی باغ بہشت کیا ہیں فرمایا ذکر کے حلقے (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

besturdubooks.wordpress.com

۲۱۶۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَعَدَ مَقْعَدًا لَّمْ یَذْکُرِ اللّٰهَ فِیْهِ کَانَتْ عَلَیْهِ مِنَ اللّٰهِ تِرَةً وَّمَنِ اضْطَجَعَ مَضْجَعًا لَّا یَذْکُرُ اللّٰهَ فِیْهِ کَانَتْ عَلَیْهِ مِنَ اللّٰهِ تِرَةً۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجلس میں بیٹھے اس میں اللہ کا ذکر نہ کرے اس کا بیٹھنا اللہ کی طرف سے اس پر خسارہ ہے جو اپنی خواب گاہ پر لیٹے اور اللہ کا ذکر نہ کرے اللہ کی طرف سے اس پر افسوس اور خسارہ ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے)

۲۱۶۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ قَوْمٍ یَّقُوْمُوْنَ مِنْ مَّجْلِسٍ لَّا یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ فِیْهِ اِلَّا قَامُوْا عَنْ مِّثْلِ جِیْفَةِ حِمَارٍ وَّکَانَ عَلَیْهِمْ حَسْرَةً۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی ایسی قوم نہیں جو ایک مجلس میں کھڑے ہوں اور اللہ کا ذکر نہ کریں مگر وہ گدھے مردار کی مانند سے کھڑے ہیں اور ان پر افسوس ہوگا۔ (روایت کیا ہے اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے)

۲۱۶۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَّجْلِسًا لَّمْ یَذْکُرُوا اللّٰهَ فِیْهِ وَلَمْ یُصَلُّوْا عَلٰی نَبِیِّهِمْ اِلَّا کَانَ عَلَیْهِمْ تِرَةً فَاِنْ شَآءَ عَذَّبَهُمْ وَاِنْ شَآءَ غَفَرَ لَهُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس قوم نے مجلس میں اللہ کا ذکر نہیں کیا اور نہ ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا تو یہ مجلس ان پر حسرت ہوگی اگر اللہ ان کو چاہے عذاب کرے چاہے بخش دے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۱۶۸ وَعَنْ اُمِّ حَبِیْبَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کُلُّ کَلَامِ ابْنِ اٰدَمَ عَلَیْهِ لَا لَهٗ اِلَّا اَمْرٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ نَهْیٌ عَنْ مُّنْکَرٍ اَوْ ذِکْرُ اللّٰهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

ام حبیبہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن آدم کا کلام اس پر وبال ہے مگر اس کا نیکی کا حکم کرنا اور برائی سے منع کرنا یا اللہ کا ذکر کرنا (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے۔

۲۱۶۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تُکْثِرُوا

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کے ذکر سے زیادہ خالی کلام نہ کرو اس لئے

besturdubooks.wordpress.com

الْكَلَامَ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ فَإِنَّ كَثْرَةَ الْكَلَامِ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ قَسْوَةٌ لِّلْقَلْبِ وَإِنَّ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنَ اللّٰهِ الْقَلْبُ الْقَاسِي۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

کہ کثرت کلام کا اللہ کے ذکر سے خالی ہونا دل کی سختی کا سبب ہے لوگوں میں اللہ تعالیٰ سے دور سخت دل والا ہے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۱۷۰/۱۷ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ فَقَالَ بَعْضُ أَصْحَابِهِ نَزَلَتْ فِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ لَوْ عَلِمْنَا أَيُّ الْمَالِ خَيْرٌ فَنَتَّخِذَهُ فَقَالَ أَفْضَلُهُ لِسَانٌ ذَاكِرٌ وَقَلْبٌ شَاكِرٌ وَزَوْجَةٌ مُؤْمِنَةٌ تُعِينُهُ عَلَى إِيمَانِهِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ثوبان رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جب والذین یکنزون الذھب والفضۃ آیت نازل ہوئی۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے بعض صحابہؓ نے کہا یہ آیت سونے چاندی کے بارہ میں نازل ہوئی کاش کہ ہمیں معلوم ہو جائے کون سا مال بہتر ہے تاکہ ہم اسے جمع کریں آپؐ نے فرمایا۔ بہترین مال اللہ کو یاد کرنے والی زبان ہے اور شکر کرنے والا دل۔ مسلمان بیوی جو اس کے ایمان پر مدد کرنے والی ہو (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور احمد نے اور ابن ماجہ نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۱۷۱/۱۸ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ خَرَجَ مُعَاوِيَةُ عَلَى حَلْقَةٍ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ مَا أَجْلَسَكُمْ قَالُوا أَجْلَسَنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ قَالَ آللّٰهِ مَا أَجْلَسَكُمْ إِلَّا ذَاكَ قَالُوا آللّٰهِ مَا أَجْلَسَنَا غَيْرُهُ قَالَ أَمَا إِنِّي لَمْ أَسْتَحْلِفْكُمْ تُهْمَةً لَّكُمْ وَمَا كَانَ أَحَدٌ بِمَنْزِلَتِي مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقَلَّ عَنْهُ حَدِيثًا مِّنِّي وَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَى حَلْقَةٍ مِّنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَ مَا أَجْلَسَكُمْ هٰهُنَا قَالُوا جَلَسْنَا نَذْكُرُ

ابو سعیدؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا معاویہؓ مسجد میں ایک مجلس پر نکلے۔ فرمایا تم کو کس چیز نے بٹھایا ہے انہوں نے کہا ہم اللہ کا ذکر کرنے کے لئے بیٹھے ہیں۔ معاویہؓ نے کہا۔ اللہ کی قسم! کیا تم کو اسی بات نے بٹھایا ہے انہوں نے کہا اللہ کی قسم ہم کو اس چیز کے سوا کسی نے نہیں بٹھایا۔ معاویہؓ نے کہا میں نے تم پر تہمت کی خاطر قسم نہیں اٹھائی۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت کم حدیثیں روایت کی ہیں اور اس میں میرے برابر کوئی نہیں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مجلس پر نکلے آپؐ نے فرمایا تم کو کس بات نے بٹھایا ہے انہوں نے عرض کی ہم اللہ کا ذکر کرنے کی خاطر بیٹھے ہیں اور اس کی تعریف کر رہے ہیں جو اس نے ہم کو ہدایت دی ہے اسلام پر اور ہم پر احسان کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ وَنَحْمَدُهٗ عَلٰى مَا هَدَانَا لِلْاِسْلَامِ وَمَنَّ بِهٖ عَلَيْنَا قَالَ آللّٰهِ مَا اَجْلَسَكُمْ اِلَّا ذٰلِكَ قَالُوْا اللّٰهِ مَا اَجْلَسَنَا اِلَّا ذٰلِكَ قَالَ اَمَا اِنِّيْ لَمْ اَسْتَحْلِفْكُمْ تُهْمَةً لَّكُمْ وَلٰكِنَّهٗ اَتَانِيْ جِبْرِيْلُ فَاَخْبَرَنِيْ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبَاهِيْ بِكُمُ الْمَلٰٓئِكَةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

خدا کی قسم کیا تم کو اسی بات نے بٹھا رکھا ہے عرض کی ہاں خدا کی قسم اس کے سوا کسی چیز نے بیٹھنے پر مجبور نہیں کیا آپ نے فرمایا خبردار میں نے تہمت کی خاطر تم کو قسم نہیں دی بلکہ میرے پاس جبریل آئے اس نے خبر دی کہ اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ اپنے فرشتوں میں فخر کرتا ہے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۱۷۲/۱۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ شَرَآئِعَ الْاِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ فَاَخْبِرْنِيْ بِشَيْءٍ اَتَشَبَّثُ بِهٖ قَالَ لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص نے کہا اے اللہ کے رسول! اسلام کے احکام مجھ پر بہت ہیں آپ مجھ کو کسی ایسی بات کی خبر دیں جس پر میں بھروسہ کر سکوں آپ نے فرمایا تیری زبان خدا کی یاد سے ہمیشہ تر رہے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۲۱۷۳/۲۰ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَيُّ الْعِبَادِ اَفْضَلُ وَاَرْفَعُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ الذَّاكِرُوْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا قِيْلَ وَالذَّاكِرَاتُ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَنِ الْغَازِيْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ لَوْ ضَرَبَ بِسَيْفِهٖ فِي الْكُفَّارِ وَالْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يَنْكَسِرَ وَيَخْتَضِبَ دَمًا فَاِنَّ الذَّاكِرَ لِلّٰهِ اَفْضَلُ مِنْهُ دَرَجَةً (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کون سا آدمی بہتر ہے اور قیامت کے دن درجہ میں بلند تر ہے۔ آپ نے فرمایا اللہ کو بہت یاد کرنے والا مرد ہو یا عورت: کہا گیا کہ جہاد کرنے والے سے بھی افضل ہے فرمایا اگر وہ کافروں اور مشرکوں سے جنگ کرے یہاں تک اسکی تلوار بھی ٹوٹ جائے اور خون سے لت پت ہو جائے تب بھی اللہ کا ذکر کرنے والا بہتر ہے۔ (روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔

۲۱۷۴/۲۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلشَّيْطٰنُ

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان ابن آدم کے دل پر

جَاثِمٌ عَلٰى قَلْبِ ابْنِ اٰدَمَ فَاِذَا ذَكَرَ اللّٰهَ خَنَسَ وَاِذَا غَفَلَ وَسْوَسَ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ تَعْلِيقًا)

لگا ہوا ہے جب وہ اللہ کا ذکر کرتا ہے وہ دور ہو جاتا ہے جب غافل ہوتا ہے تو وسوسہ ڈالتا ہے۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۱۷۵/۲۲ وَعَنْ مَالِكٍ قَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ كَالْمُقَاتِلِ خَلْفَ الْفَارِّيْنَ وَذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ كَغُصْنٍ اَخْضَرَ فِيْ شَجَرٍ يَابِسٍ وَّفِيْ رِوَايَةٍ مِّثْلُ الشَّجَرَةِ الْخَضْرَآءِ فِيْ وَسَطِ الشَّجَرِ وَذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ مِثْلُ مِصْبَاحٍ فِيْ بَيْتٍ مُّظْلِمٍ وَّذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ يُرِيْهِ اللّٰهُ مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ وَهُوَ حَيٌّ وَّذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِيْنَ يُغْفَرُ لَهٗ بِعَدَدِ كُلِّ فَصِيْحٍ وَاَعْجَمَ وَالْفَصِيْحُ بَنُوْ اٰدَمَ وَالْاَعْجَمُ الْبَهَآئِمُ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

مالک رح سے روایت ہے انہوں نے کہا مجھ کو یہ بات پہنچی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کا ذکر کرنے والا غافلوں میں ایسا ہے جیسے جہاد کرنے والا پیچھے بھاگنے والوں میں اور غافلوں میں اللہ کا ذکر کرنے والا خشک درخت میں سبز ٹہنی کی مانند ہے ایک روایت میں ہے سبز درخت کی طرح خشک درختوں میں اور اللہ کا ذکر کرنے والا غافلوں میں اندھیرے والے گھر میں چراغ کی مانند ہے اور غافلوں میں اللہ کا ذکر کرنے والے کو اللہ اس کی جنت میں جو جگہ ہے وہ زندگی میں دکھلاتا ہے اور غافلوں میں اللہ کا ذکر کرنے والے کے گناہ آدم کے بیٹوں اور جانوروں کی گنتی کے برابر بخش دیئے جاتے ہیں (روایت کیا اس کو رزین نے)

۲۱۷۶/۲۳ وَعَنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ مَا عَمِلَ الْعَبْدُ عَمَلًا اَنْجٰى لَهٗ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ۔
(رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

معاذ بن جبل رض سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ بندے کا کوئی عمل ایسا نہیں جو اس کو عذاب سے نجات دے خدا کے ذکر جیسا (روایت کیا ہے اس کو مالک نے اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے)

۲۱۷۷/۲۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ اَنَا مَعَ عَبْدِيْ اِذَا ذَكَرَنِيْ وَتَحَرَّكَتْ بِيْ شَفَتَاهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوہریرہ رض سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جب میرا بندہ مجھ کو یاد کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب اپنے دونوں ہونٹوں کو حرکت دیتا ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۱۷۸/۲۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ

عبداللہ بن عمر رض سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ ہر چیز کے لئے صفائی ہے

besturdubooks.wordpress.com

يَقُوْلُ لِكُلِّ شَيْءٍ صَقَالَةٌ وَّصَقَالَةُ الْقُلُوْبِ ذِكْرُ اللّٰهِ وَمَا مِنْ شَيْءٍ اَنْجٰى مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ قَالُوْا وَلَا الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ وَلَا اَنْ يَّضْرِبَ بِسَيْفِهٖ حَتّٰى يَنْقَطِعَ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ الْكَبِيْرِ)

دلوں کی صفائی خدا کی یاد ہے کوئی ایسی چیز نہیں جو اللہ کے عذاب سے بہت نجات دے اللہ کے ذکر سے صحابہؓ نے عرض کیا جہاد بھی اس کے مقابل کا نہیں فرمایا نہ جہاد یہاں تک کہ وہ اپنی تلوار توڑ لے یہ بھی کم ہے (روایت کیا اس کو بیہقی نے دعوات کبیر میں)

❊ ❊ ❊ ❊ ❊ ❊

# كِتَابُ اَسْمَآءِ اللّٰهِ تَعَالٰى

# اسماء حسنیٰ کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۱۷۹ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِسْمًا مِّائَةً اِلَّا وَاحِدَةً مَّنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَّهُوَ وِتْرٌ يُّحِبُّ الْوِتْرَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کے ننانوے نام ہیں جو ان کو یاد کرے گا وہ بہشت میں داخل ہوگا ایک روایت میں ہے اللہ وتر ہے وتر کو پسند کرتا ہے (روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۱۸۰ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِسْمًا مَّنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو ان کو یاد کرے گا جنت میں داخل ہوگا۔ وہ اللہ ایسا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں بے حد مہربان نہایت رحم کرنے والا حقیقی بادشاہ ہے، بے عیب نہایت ہی پاک، سلامتی والا، امن دینے والا نگہبان غالب درست کرنے والا نہایت بڑائی، پیدا کرنے والا، عدم سے وجود بخشنے والا، صورت بنانے والا، بخشنے والا غالب، بہت دینے والا، رزق دینے والا، کھولنے والا، جاننے والا، تنگ کرنے والا، دینے والا، فراخی کرنے والا، نیچا کرنے والا بلند کرنے والا عزت دینے والا ذلت دینے والا سننے والا دیکھنے

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ
السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ
الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ
الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ
الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ الْقَابِضُ

besturdubooks.wordpress.com

الْبَاسِطُ الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ
الْمُذِلُّ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ الْحَكَمُ
الْعَدْلُ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ الْحَلِيْمُ
الْعَظِيْمُ الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ الْعَلِيُّ
الْكَبِيْرُ الْحَفِيْظُ الْمُقِيْتُ الْحَسِيْبُ
الْجَلِيْلُ الْكَرِيْمُ الرَّقِيْبُ الْمُجِيْبُ
الْوَاسِعُ الْحَكِيْمُ الْوَدُوْدُ الْمَجِيْدُ
الْبَاعِثُ الشَّهِيْدُ الْحَقُّ الْوَكِيْلُ
الْقَوِيُّ الْمَتِيْنُ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ
الْمُحْصِي الْمُبْدِئُ الْمُعِيْدُ الْمُحْيِي
الْمُمِيْتُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الْوَاجِدُ
الْمَاجِدُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ
الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ
الْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ
الْوَالِي الْمُتَعَالِي الْبَرُّ التَّوَّابُ
الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّءُوْفُ مَالِكُ
الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ
الْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِيُّ الْمُغْنِي
الْمَانِعُ الضَّارُّ النَّافِعُ النُّوْرُ
الْهَادِي الْبَدِيْعُ الْبَاقِي الْوَارِثُ
الرَّشِيْدُ الصَّبُوْرُ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

والا، حکم کرنے والا، انصاف کرنے والا۔ باریک بین، دل کی باتوں پر خبردار، بُردبار۔ بزرگ، بخشنے والا، قدردان، بلند مرتبہ، بڑا۔ حفاظت کرنے والا، قوت دینے والا، کفایت کرنے والا۔ بزرگ قدر۔ سخی بڑا، نگہبانی کرنے والا۔ قبول کرنے والا، وسیع علم والا۔ استوار کار دوست رکھنے والا۔ شریف، اٹھانے والا۔ حاضر۔ ثابت کار کارساز، قوت والا۔ استوار کار تمام کاموں میں مددگار تعریف کیا گیا گھیرنے والا۔ پیدا کرنے والا پہلی بار۔ دوبارہ پیدا کرنے والا۔ زندہ کرنے والا۔ مارنے والا۔ زندہ۔ قائم۔ غنی۔ بزرگ تنہا ایک۔ بے پرواہ، قدرت والا۔ قدرت ظاہر کرنے والا۔ آگے کرنے والا۔ پیچھے کرنے والا۔ سب سے پہلے سب سے پیچھے اور ہر چیز سے ظاہر۔ باطن ذمہ دار بہت بلند۔ نہایت احسان کرنے والا۔ توبہ قبول کرنے والا۔ بدلہ لینے والا۔ درگذر کرنے والا۔ بہت مہربان، مالک بادشاہت کے، بزرگی والا۔ بخشش کرنے والا، انصاف کرنے والا، جمع کرنے والا۔ ہر چیز سے بے پرواہ کرنے والا۔ روکنے والا، ضرر پہنچانے والا۔ نفع پہنچانے والا۔ راہ دکھانے والا۔ ہدایت دینے والا۔ پیدا کرنے والا ہمیشہ باقی رہنے والا۔ وارث بننے والا۔ تباہوں کا رہنما بُردبار۔

(روایت کیا اس کو ترمذی نے اور بیہقی نے دعوات کبیر میں ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

۲۱۹۱/۳ وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَّقُوْلُ

بریدہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہ کہتے سُنا یا الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ فَقَالَ دَعَا اللّٰهَ بِاسْمِهِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ اِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰی وَاِذَا دُعِیَ بِهٖ اَجَابَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

بایں سبب کہ تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو ایک ہے بے نیاز ہے نہ تو نے جنا نہ تجھ کو کسی سے جنایا گیا۔ تیرا کوئی ہمسر نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے اللہ سے اس کے اسم اعظم سے دعا مانگی۔ ایسا اسم اعظم جب اس کے ذریعہ سے مانگا جاتا ہے تو دیتا ہے اور اسم اعظم سے دعا کی جاتی ہے تو اللہ قبول فرماتا ہے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے)

۲۱۸۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَّعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْجِدِ وَرَجُلٌ یُّصَلِّیْ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَسْاَلُكَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَعَا اللّٰهَ بِاسْمِهِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ اِذَا دُعِیَ بِهٖ اَجَابَ وَاِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰی۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں مسجد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا تھا ایک شخص نے نماز پڑھی اس نے کہا اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں کیوں کہ تو تمام تعریفوں کے لائق ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو بڑا مہربان دینے والا آسمان اور زمین کو پیدا کرنے والا اے بزرگی اور بخشش کے مالک۔ اے زندہ اے خبر گیری کرنیوالے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے اللہ سے دعا مانگی اسکے اسم اعظم سے ایسا نام ہے جب اسکے ذریعہ سے مانگا جائے تو قبول کرے جب سوال کرے تو دیوے (روایت کیا اس کو ترمذی نے ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے۔)

۲۱۸۳ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ یَزِیْدَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِسْمُ اللّٰهِ الْاَعْظَمُ فِیْ هَاتَیْنِ الْاٰیَتَیْنِ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَفَاتِحَةُ اٰلِ عِمْرَانَ الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ)

اسماءؓ بنت یزید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے ایک اور تمہارا معبود ایک ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ بخشنے والا مہربان ہے دوسری آل عمران کے شروع میں اللہ کوئی معبود نہیں مگر وہ زندہ ہے خبر گیری کرنے والا ہے

(روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

۲۱۸۴ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

سعدؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْوَةُ ذِي النُّوْنِ إِذْ دَعَا رَبَّهٗ وَهُوَ فِي بَطْنِ الْحُوْتِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ لَمْ يَدْعُ بِهَا رَجُلٌ مُّسْلِمٌ فِي شَيْءٍ إِلَّا اسْتَجَابَ لَهٗ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مچھلی والے کی دعا جب اس نے مچھلی کے پیٹ میں دعا مانگی۔ کوئی معبود نہیں مگر تو پاک ہے اور میں ظالم تھا۔ اس کے ساتھ کوئی مسلمان دعا نہیں کرتا مگر اللہ تعالےٰ اس کو قبول کرتا ہے (روایت کیا ہے اس کو احمد نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۱۸۵ عَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ عِشَاءً فَإِذَا رَجُلٌ يَّقْرَأُ وَيَرْفَعُ صَوْتَهٗ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَتَقُوْلُ هٰذَا مُرَآءٍ قَالَ بَلْ مُؤْمِنٌ مُّنِيْبٌ قَالَ وَأَبُوْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيُّ يَقْرَأُ وَيَرْفَعُ صَوْتَهٗ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَسَمَّعُ لِقِرَاءَتِهٖ ثُمَّ جَلَسَ أَبُوْ مُوْسَى يَدْعُوْ فَقَالَ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَشْهَدُكَ أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَحَدٌ صَمَدٌ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ سَأَلَ اللّٰهَ بِاسْمِهِ الَّذِيْ إِذَا سُئِلَ بِهٖ أَعْطٰى وَإِذَا دُعِيَ بِهٖ أَجَابَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَخْبِرْهُ بِمَا سَمِعْتُ مِنْكَ قَالَ نَعَمْ فَأَخْبَرْتُهٗ بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِيْ أَنْتَ الْيَوْمَ لِيْ أَخٌ صَدِيْقٌ

بریدہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عشاء کے وقت مسجد میں داخل ہوا اچانک ایک شخص قرآن مجید بلند آواز سے پڑھتا تھا میں نے کہا اے اللہ کے رسول کیا آپ کے نزدیک یہ ریا کرنے والا ہے آپؐ نے فرمایا نہیں بلکہ یہ اللہ تعالےٰ کی طرف رجوع کرنے والا مسلمان ہے بریدہؓ نے کہا۔ ابو موسیٰ اشعری رضؓ بلند آواز سے قرآن شریف پڑھتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکی قرأت کو سننا شروع کیا۔ پھر ابو موسیٰ بیٹھ کر دعا مانگنے لگے۔ کہا اے اللہ میں تجھ کو گواہ کرتا ہوں کہ تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو یکتا و بے نیاز ہے نہ تو نے کسی کو جنا نہ خود جنا گیا۔ تیرے لئے کوئی شریک نہیں آپؐ نے فرمایا۔ اس نے اللہ کے اس نام کے ساتھ سوال کیا اگر اس کے ساتھ سوال کیا جائے تو دیتا ہے اگر اس کے ساتھ دعا مانگی جائے تو اللہ قبول فرماتا ہے۔ بریدہ رضؓ نے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسولؐ اس بات کی خبر دوں اس کو۔ فرمایا ہاں۔ میں نے ابو موسیٰ رضؓ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی خبر دی۔ ابو موسیٰ رضؓ نے کہا تو میرا آج سے بھائی ہے۔ کیونکہ آپؐ نے مجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان

besturdubooks.wordpress.com

حَدَّثَنِیْ بِحَدِیْثِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

کی ہے (روایت کیا اس کو رزین نے)

# بَابُ ثَوَابِ التَّسْبِیْحِ وَالتَّحْمِیْدِ وَالتَّہْلِیْلِ وَالتَّکْبِیْرِ

# سبحان اللہ، الحمد للہ، لا الٰہ الا اللہ اور اللہ اکبر کہنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۱۸۶/۱ عَنْ سَمُرَۃَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الْکَلَامِ اَرْبَعٌ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَحَبُّ الْکَلَامِ اِلَی اللّٰہِ اَرْبَعٌ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لَا یَضُرُّکَ بِاَیِّہِنَّ بَدَاْتَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

سمرہؓ بن جندب سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی کی چار قسم کا کلام بہترین ہے۔ سبحان اللہ، الحمد للہ، لا الٰہ الا اللہ۔ اللہ اکبر۔ ایک روایت میں ہے اللہ کے ہاں بہت پیارا کلام چار ہیں سبحان اللہ، الحمد للہ، لا الٰہ الا اللہ، اللہ اکبر۔ ان میں جس کو پہلے پڑھ لے بے ضرر ہیں۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۱۸۷/۲ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَاَنْ اَقُوْلَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَیْہِ الشَّمْسُ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرا سبحان اللہ اور الحمد للہ اور لا الٰہ الا اللہ اور اللہ اکبر کہنا محبوب ہے میرے نزدیک ہر اس چیز سے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۱۸۸/۳ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ فِیْ یَوْمٍ مِائَۃَ مَرَّۃٍ حُطَّتْ خَطَایَاہُ وَاِنْ کَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے سبحان اللہ وبحمدہ کہا دن میں سو بار تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اگرچہ دریا کی جھاگ کے برابر کیوں نہ ہوں۔ (روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

۲۱۸۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ وَحِيْنَ يُمْسِيْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ مِائَةَ مَرَّةٍ لَمْ يَاْتِ اَحَدٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِاَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهٖ اِلَّا اَحَدٌ قَالَ مِثْلَ مَا قَالَ اَوْ زَادَ عَلَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے صبح و شام سبحان اللہ وبحمدہٖ سو سو بار کہا اس کے برابر قیامت کے دن کسی کا عمل نہیں ہوگا مگر اس کا جس نے اس کی مانند کیا یا اس سے زیادہ کیا (روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے)

۲۱۹۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَتَانِ خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ ثَقِيْلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ حَبِيْبَتَانِ اِلَى الرَّحْمٰنِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو ایسے کلمے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں اور ترازو میں بھاری اللہ کی طرف بہت محبوب وہ دو کلمے یہ ہیں۔ سبحان اللہ وبحمدہٖ، سبحان اللہ العظیم (روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے)

۲۱۹۱ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّكْسِبَ كُلَّ يَوْمٍ اَلْفَ حَسَنَةٍ فَسَاَلَهٗ سَائِلٌ مِّنْ جُلَسَائِهٖ كَيْفَ يَكْسِبُ اَحَدُنَا اَلْفَ حَسَنَةٍ قَالَ يُسَبِّحُ مِائَةَ تَسْبِيْحَةٍ فَيُكْتَبُ لَهٗ اَلْفُ حَسَنَةٍ اَوْ يُحَطُّ عَنْهُ اَلْفُ خَطِيْئَةٍ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ كِتَابٍ فِيْ جَمِيْعِ الرِّوَايَاتِ عَنْ مُّوْسَى الْجُهَنِيِّ اَوْ يُحَطُّ قَالَ اَبُوْ بَكْرِ نِ الْبِرْقَانِيُّ وَرَوَاهُ شُعْبَةُ وَاَبُوْ عَوَانَةَ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ نِ الْقَطَّانُ عَنْ مُّوْسٰى فَقَالُوْا وَيُحَطُّ بِغَيْرِ اَلِفٍ هٰكَذَا فِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ

سعد بن ابی وقاص رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک تھے آپ نے فرمایا کیا تم میں سے ایک اس بات سے بھی عاجز ہے کہ وہ دن میں ہزار نیکیاں حاصل کرلے ایک سوال کرنے والے نے پوچھا آپ کے ہمنشینوں میں سے ایک ہم اکیونکر ہزار نیکیاں حاصل کرلے فرمایا سو بار سبحان اللہ پڑھے اس کے لئے ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی یا ہزار گناہ دور کئے جائیں گے (روایت کیا اس کو مسلم نے) مسلم میں ہے موسیٰ جہنی کی تمام روایتوں میں او یحط کا لفظ ابوبکر برقانی نے کہا اس کو شعبہ نے اور ابو عوانہ اور یحییٰ بن سعید قطان نے موسیٰ جہنی سے انہوں نے ویحط کا لفظ الف کے سوا لکھا ہے اسی طرح حمیدی کی کتاب میں ہے)

۲۱۹۲ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ

ابوذر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الْكَلَامِ أَفْضَلُ قَالَ مَا اصْطَفَى اللّٰهُ لِمَلَائِكَتِهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کون سا کلام بہتر ہے آپ نے فرمایا جو اللہ تعالیٰ نے اپنے فرشتوں کے لئے چن لیا ہے سبحان اللہ وبحمدہ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۱۹۳ وَعَنْ جُوَيْرِيَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِهَا بُكْرَةً حِيْنَ صَلَّى الصُّبْحَ وَهِيَ فِي مَسْجِدِهَا ثُمَّ رَجَعَ بَعْدَ أَنْ أَضْحٰى وَهِيَ جَالِسَةٌ قَالَ مَا زِلْتِ عَلَى الْحَالِ الَّتِي فَارَقْتُكِ عَلَيْهَا قَالَتْ نَعَمْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ قُلْتُ بَعْدَكِ أَرْبَعَ كَلِمَاتٍ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ لَوْ وُزِنَتْ بِمَا قُلْتِ مُنْذُ الْيَوْمِ لَوَزَنَتْهُنَّ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضٰى نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جویریہ رضی سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت ان کے ہاں سے نکلے صبح کی نماز کا ارادہ فرمایا اور آپ کی زوجہ جویریہ مصلّی پر بیٹھی ہوئی تھی جب آپ چاشت کے وقت واپس آئے تو وہ اسی جگہ بیٹھی ہوئی تھی فرمایا تو ہمیشہ رہی اسی حالت میں جس میں میں آپ سے جدا ہوا اور واپس آیا۔ اس نے کہا ہاں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرے پاس سے نکلنے کے بعد میں نے تین مرتبہ چار ایسے کلمے کہے ہیں اگر تیری ساری عبادت آج کے دن کی اس کے برابر تولا جائے تو وہ اس سے بھاری ہوں گے (سبحان اللہ وبحمدہ عدد خلقہ ورضی نفسہ وزنۃ عرشہ ومداد کلماتہ میں اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہوں اور اس کی تعریف کرتا ہوں اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر اور اس کی مرضی کے مطابق اور اس کے عرش کے بوجھ کے برابر اور اسکے حکموں کی سیاہی کے برابر (مسلم)

۲۱۹۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ فِي يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ كَانَتْ لَهُ عَدْلَ عَشْرِ رِقَابٍ وَكُتِبَتْ لَهُ مِائَةُ حَسَنَةٍ وَمُحِيَتْ عَنْهُ مِائَةُ سَيِّئَةٍ وَكَانَتْ لَهُ حِرْزًا مِنَ الشَّيْطٰنِ يَوْمَهُ ذٰلِكَ حَتّٰى يُمْسِيَ وَلَمْ يَأْتِ أَحَدٌ بِأَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهِ إِلَّا رَجُلٌ عَمِلَ أَكْثَرَ مِنْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

(ابوہریرہ رضی) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہے نہیں کوئی معبود مگر اللہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں وہی بادشاہ ہے تمام تعریف اسی کے لئے ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے جو ان کو ایک دن میں سو بار کہے اس کے لئے دس غلاموں کے آزاد کرنے کے برابر ثواب ہے سو نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور سو گناہ معاف کئے جاتے ہیں اس کے لئے شیطان سے شام تک پناہ ہوتی ہے کوئی شخص اس سے بہتر عمل نہیں لائے گا۔ مگر جو اس سے زیادہ عمل کرے (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

besturdubooks.wordpress.com

۲۱۹۵ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ سَفَرٍ فَجَعَلَ النَّاسُ یَجْھَرُوْنَ بِالتَّکْبِیْرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا اَیُّھَا النَّاسُ اِرْبَعُوْا عَلٰی اَنْفُسِکُمْ اِنَّکُمْ لَا تَدْعُوْنَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا اِنَّکُمْ تَدْعُوْنَ سَمِیْعًا بَصِیْرًا وَّھُوَ مَعَکُمْ وَالَّذِیْ تَدْعُوْنَہٗ اَقْرَبُ اِلٰی اَحَدِکُمْ مِّنْ عُنُقِ رَاحِلَتِہٖ قَالَ اَبُوْ مُوْسٰی وَاَنَا خَلْفَہٗ اَقُوْلُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ فِیْ نَفْسِیْ فَقَالَ یَا عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ قَیْسٍ اَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی کَنْزٍ مِّنْ کُنُوْزِ الْجَنَّۃِ فَقُلْتُ بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ ہم سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے لوگوں نے بلند آواز سے تکبیر کہنا شروع کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو اپنی جانوں پر نرمی کرو کہ تم بہرے اور غائب کو نہیں پکارتے بلکہ تم سننے والے اور دیکھنے والے کو پکارتے ہو جو تمہارے ساتھ ہے جسکو تم پکارتے ہو وہ تمہارے ایک کا اپنی سواری کی گردن سے زیادہ قریب ہے ابوموسیٰؓ نے کہا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے تھا اپنے دل میں لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہتا تھا آپؐ نے فرمایا اے عبداللہ بن قیس کیا خبردار نہ کروں میں تجھ کو بہشت کے خزانوں میں سے ایک خزانے پر میں نے کہا ضرور خبردار فرمائیے اے اللہ تعالیٰ کے رسول آپ نے فرمایا وہ خزانہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ ہے (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۲۱۹۶ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ غُرِسَتْ لَہٗ نَخْلَۃٌ فِی الْجَنَّۃِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

جابرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سبحان اللہ العظیم و بحمدہ کہے اس کے لئے جنت میں کھجور کا درخت لگایا جاتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۲۱۹۷ وَعَنِ الزُّبَیْرِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ صَبَاحٍ یُصْبِحُ الْعِبَادُ فِیْہِ اِلَّا مُنَادٍ یُّنَادِیْ سَبِّحُوا الْمَلِکَ الْقُدُّوْسَ۔

زبیرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی صبح نہیں جو صبح کریں بندے مگر ایک منادی کرنے والا فرشتہ منادی کرتا ہے پاک بادشاہ کی تسبیح بیان کرو۔ (روایت کیا ہے اس کو

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ترمذی نے)

۲۱۹۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَفْضَلُ الدُّعَاءِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بہترین ذکر لا الہ الا اللہ ہے اور بہترین دعا الحمد للہ ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے)

۲۱۹۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَمْدُ رَأْسُ الشُّكْرِ مَا شَكَرَ اللّٰهَ عَبْدٌ لَا يَحْمَدُهٗ۔

عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شکر کا سر الحمد للہ ہے جس نے اللہ کی تعریف نہ کی اس نے اللہ کا شکر نہ کیا۔

۲۲۰۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلُ مَنْ يُدْعٰى إِلَى الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الَّذِيْنَ يَحْمَدُوْنَ اللّٰهَ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ۔ (رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جن کو سب سے پہلے جنت کی طرف بلایا جائے گا۔ وہ لوگ ہوں گے۔ جو خوشی اور سختی کے وقت اللہ کی تعریف کرتے ہیں۔ (روایت کیا ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۲۲۰۱ وَعَنْ أَبِي سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ يَا رَبِّ عَلِّمْنِيْ شَيْئًا أَذْكُرُكَ بِهٖ وَأَدْعُوْكَ بِهٖ فَقَالَ يَا مُوْسٰى قُلْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ فَقَالَ يَا رَبِّ كُلُّ عِبَادِكَ يَقُوْلُ هٰذَا إِنَّمَا أُرِيْدُ شَيْئًا تَخُصُّنِيْ بِهٖ قَالَ يَا مُوْسٰى لَوْ أَنَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعَ وَعَامِرَهُنَّ غَيْرِيْ وَالْأَرَضِيْنَ السَّبْعَ وُضِعْنَ فِيْ كَفَّةٍ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ فِيْ كَفَّةٍ لَمَالَتْ بِهِنَّ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے میرے رب مجھ کو ایک ایسی چیز سکھلا کہ میں اس کے ساتھ آپ کو یاد کروں اور تجھ سے دعا کروں۔ اللہ نے فرمایا اے موسیٰ کہہ! لا الہ الا اللہ۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا میرے پروردگار یہ تو تیرے سارے بندے کہتے ہیں۔ مجھ کو کوئی چیز سکھا جو میرے ساتھ خاص ہو فرمایا اے موسیٰ اگر ساتوں آسمان اور جو ان کو آباد کرنے والے ہیں میرے علاوہ اور ساتوں زمینیں ترازو کے ایک طرف رکھ دی جائیں۔ اور لا الہ الا اللہ کو دوسری طرف رکھ دیا جائے لا الہ الا اللہ بھاری ہو دوسروں پر۔ بغوی نے شرح السنہ میں اس کو روایت کیا۔

besturdubooks.wordpress.com

۲۳۰۲/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَّ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ صَدَّقَهٗ رَبُّهٗ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَاَنَا اَکْبَرُ وَاِذَا قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ یَقُوْلُ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَحْدِیْ لَا شَرِیْكَ لِیْ وَاِذَا قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا لِیَ الْمُلْكُ وَلِیَ الْحَمْدُ وَاِذَا قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِیْ وَکَانَ یَقُوْلُ مَنْ قَالَهَا فِیْ مَرَضِهٖ ثُمَّ مَاتَ لَمْ تَطْعَمْهُ النَّارُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوسعید اور ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہے نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور اللہ بہت بڑا ہے اس کا رب اس کو سچا کرتا ہے فرماتا ہے میرے سوا کوئی معبود نہیں اور میں بہت بڑا ہوں جس وقت بندہ کہتا ہے نہیں کوئی معبود مگر اکیلا ہے وہ اس کا کوئی شریک نہیں تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں نہیں کوئی معبود مگر میں ایک ہوں میرا کوئی شریک نہیں جب بندہ کہتا ہے نہیں کوئی معبود مگر اللہ اسی کیلئے بادشاہت ہے اور اسی کیلئے تمام قسم کی تعریف ہے اللہ فرماتا ہے میرے سوا کوئی معبود نہیں بادشاہی میرے ہے تمام تعریف میرے لئے جب بندہ کہتا ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں گناہ سے پھرنے اور اطاعت کی قوت نہیں مگر اس کی مدد سے اللہ فرماتا ہے میرے سوا کوئی معبود نہیں میری مدد کے بغیر گناہ سے پھرنا نہیں اور نیکی کرنا نہیں نبی فرماتے تھے جس شخص نے یہ کلمات کہے اور مر گیا اس کو آگ نہیں جلائیگی

(ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا)

۲۳۰۳/۱۸ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَنَّهٗ دَخَلَ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی امْرَاَةٍ وَّبَیْنَ یَدَیْهَا نَوًی اَوْ حَصًی تُسَبِّحُ بِهٖ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكِ بِمَا هُوَ اَیْسَرُ عَلَیْكِ مِنْ هٰذَا اَوْ اَفْضَلُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی السَّمَآءِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی الْاَرْضِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا بَیْنَ ذٰلِكَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِثْلَ ذٰلِكَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَ

سعد بن ابی وقاص رضؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک عورت پر داخل ہوئے اس کے آگے کھجور کی گٹھلیاں تھیں یا کنکریاں ان پر تسبیح پڑھتی تھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تجھ کو ایسی تسبیح کی خبر نہ دوں جو بہت آسان ہو اور بہت بہتر ہو وہ یہ ہے اللہ کے لئے پاکی ہے آسمان میں پیدا شدہ چیزوں کی گنتی کے برابر اور جو زمین میں پیدا شدہ ہیں ان کی گنتی کے برابر پاکی ہے اور اس کے برابر جو ان دونوں کے درمیان میں ہے اللہ کے لئے پاکی ہے اور اس چیز کی گنتی کے برابر جو پیدا کرنے والا ہے۔ اللہ اکبر اسی کی مانند ہے الحمد للہ اسی کی مانند ہے لا الٰہ الا اللہ اسی کی مانند ہے لا حول ولا قوۃ الا باللہ اسی کی مانند (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے، ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

ہے)

۲۲۰۴/۱۹ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَبَّحَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ كَانَ كَمَنْ حَجَّ مِائَةَ حَجَّةٍ وَمَنْ حَمِدَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ كَانَ كَمَنْ حَمَلَ عَلٰى مِائَةِ فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَنْ هَلَّلَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ كَانَ كَمَنْ اَعْتَقَ مِائَةَ رَقَبَةٍ مِّنْ وُّلْدِ اِسْمٰعِيْلَ وَمَنْ كَبَّرَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ لَمْ يَاْتِ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ اَحَدٌ بِاَكْثَرَ مِمَّا اَتٰى بِهٖ اِلَّا مَنْ قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ اَوْ زَادَ عَلٰى مَا قَالَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

عمرو بن شعیبؒ عن ابیہ عن جدہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سبحان اللہ سو بار کہے اول دن میں اور آخر دن میں وہ اس شخص کی مانند ہے جو سو حج کرے اور جس نے الحمد للہ کہا سو بار اول اور آخر دن میں وہ اس شخص کی مانند ہے جس نے اللہ کی راہ میں سو گھوڑے دیئے اور جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا اول اور آخر دن میں سو سو بار وہ اس شخص کی مانند ہے جس نے سو غلام آزاد کیے اسماعیل کی اولاد سے جس نے اللہ اکبر کہا سو بار اول اور آخر دن میں اس دن کوئی شخص زیادہ ثواب نہیں لائے گا مگر وہ شخص جو اس کی مانند کہے یا اس سے زیادہ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)

۲۲۰۵/۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلتَّسْبِيْحُ نِصْفُ الْمِيْزَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَاُهُ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَيْسَ لَهَا حِجَابٌ دُوْنَ اللّٰهِ حَتّٰى تَخْلُصَ اِلَيْهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَّلَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِالْقَوِيِّ)

عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سبحان اللہ آدھے ترازو کو بھر دیتا ہے الحمد للہ سارے ترازو کو اور لا الٰہ الا اللہ کے لئے اللہ کے سوا کوئی پردہ نہیں یہاں تک کہ اللہ کی طرف پہنچتا ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اس کی سند قوی نہیں)

۲۲۰۶/۲۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَالَ عَبْدٌ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصًا قَطُّ اِلَّا فُتِحَتْ لَهٗ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی خالص دل سے لا الٰہ الا اللہ نہیں کہتا مگر اس کے لئے آسمان کے دروازے کھول

besturdubooks.wordpress.com

أَبْوَابُ السَّمَاءِ حَتّٰى يُفْضِيَ إِلَى الْعَرْشِ مَا اجْتُنِبَ الْكَبَائِرُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

جاتے ہیں وہ عرش تک پہنچتا ہے جب تک وہ کبیرہ گناہوں سے بچتا ہے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

۲۲۰۷/۲۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيْتُ إِبْرَاهِيْمَ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِيْ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِقْرَأْ أُمَّتَكَ مِنِّي السَّلَامَ وَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ الْجَنَّةَ طَيِّبَةُ التُّرْبَةِ عَذْبَةُ الْمَاءِ وَأَنَّهَا قِيْعَانٌ وَأَنَّ غِرَاسَهَا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ إِسْنَادًا)

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا معراج کی رات میں ابراہیم علیہ السلام کو ملا انہوں نے فرمایا اے محمدؐ اپنی امت پر میرا سلام کہنا اور ان کو خبر دینا کہ جنت کی مٹی پاکیزہ ہے اور اس کا پانی میٹھا ہے۔ وہ چٹیل میدان ہے اس میں شجر کاری سبحان اللہ الحمد للہ اور لا الٰہ الا اللہ اور اللہ اکبر ہے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے سند کے لحاظ سے)

۲۲۰۸/۲۳ وَعَنْ يُسَيْرَةَ وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ قَالَتْ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُنَّ بِالتَّسْبِيْحِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالتَّقْدِيْسِ وَاعْقِدْنَ بِالْأَنَامِلِ فَإِنَّهُنَّ مَسْئُوْلَاتٌ مُسْتَنْطَقَاتٌ وَلَا تَغْفُلْنَ فَتَنْسَيْنَ الرَّحْمَةَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ)

یسیرہ رضؓ سے روایت ہے وہ مہاجرین میں سے تھیں انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو فرمایا سبحان اللہ اور لا الٰہ الا اللہ اور سبحان الملک القدوس کہنا لازم کرو اور انگلیوں پر ان کو شمار کرو وہ پوچھی جائیں گی گویا کروائی جائیں گی تم غافل نہ ہو تم رحمت سے بھلائی جاؤ گی (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۲۰۹/۲۴ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَلِّمْنِيْ كَلَامًا أَقُوْلُهُ قَالَ قُلْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا

سعد بن ابی وقاص رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک اعرابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا کہا آپ مجھے ایک ایسا ذکر سکھلائیں کہ میں وہ کرتا رہا کروں فرمایا کہو نہیں کوئی معبود مگر اللہ وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اللہ بہت بڑا ہے اس کے لئے بہت تعریف ہے اور

وَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ قَالَ فَهٰؤُلَاءِ لِرَبِّيْ فَمَا لِيْ فَقَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَعَافِنِيْ شَكَّ الرَّاوِيْ فِيْ عَافِنِيْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اللہ پاک ہے ہر عیب اور نقصان سے جہانوں کا پالنے والا ہے گناہوں سے پھرنے اور عبادت کرنے کی طاقت نہیں مگر اللہ کی مدد سے وہ غالب حکمت والا ہے اس نے کہا یہ اللہ کے ذکر کے لئے ہیں اور میرے لئے کیا ہے کہ میں اپنے لئے دعا کروں فرمایا کہہ یا الٰہی مجھ کو بخش اور مجھ پر رحم کر اور ہدایت کر مجھے روزی دے اور عافیت سے رکھ راوی نے عافنی میں شک کیا (مسلم)

۲۲۱۰/۲۵ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى شَجَرَةٍ يَابِسَةِ الْوَرَقِ فَضَرَبَهَا بِعَصَاهُ فَتَنَاثَرَ الْوَرَقُ فَقَالَ إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ تُسَاقِطُ ذُنُوْبَ الْعَبْدِ كَمَا يَتَسَاقَطُ وَرَقُ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

انس رضؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک خشک پتوں والے درخت پر سے گذرے اپنی لاٹھی سے اس کی ٹہنیوں کو مارا اس سے پتے جھڑے آپؐ نے فرمایا الحمد للہ اور سبحان اللہ اور لا الٰہ الا اللہ اور اللہ اکبر کہنا تمام گناہوں کو جھاڑتا ہے اس درخت کے پتوں کے جھڑنے کی مانند (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

۲۲۱۱/۲۶ وَعَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثِرْ مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ فَإِنَّهَا مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ قَالَ مَكْحُوْلٌ فَمَنْ قَالَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ كَشَفَ اللّٰهُ عَنْهُ سَبْعِيْنَ بَابًا مِنَ الضُّرِّ أَدْنَاهَا الْفَقْرُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ وَمَكْحُوْلٌ لَمْ يَسْمَعْ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ۔)

مکحول رضؒ سے روایت ہے وہ ابوہریرہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو فرمایا لا حول ولا قوۃ الا باللہ کو زیادہ پڑھا کر اس لئے کہ یہ بہشت کے خزانوں میں سے خزانہ ہے مکحول نے کہا جو شخص کہے نہیں حیلہ اور نہیں قوت مگر اللہ کی محافظت اور قوت کے ساتھ اور اللہ کے عذاب سے چھٹکارا نہیں مگر اس کی رحمت اور رضا کی طرف رجوع کرنے سے اللہ اس سے ستر دروازے ضرر کے دور فرماتا ہے ان میں سے ادنیٰ محتاجگی ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا اس حدیث کی سند متصل نہیں اس لئے کہ مکحول کا سماع ابوہریرہ سے ثابت نہیں)

۲۲۱۲/۲۷ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَوْلَ وَلَا

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لا حول ولا قوۃ الا باللہ ننانوے بیماریوں

besturdubooks.wordpress.com

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ دَوَاءٌ مِّنْ تِسْعَةٍ وَّتِسْعِيْنَ دَاءً اَيْسَرُهَا الْهَمُّ۔

کی دوا ہے ادنیٰ ان کی غم ہے۔

۲۲۱۳/۲۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى كَلِمَةٍ مِّنْ تَحْتِ الْعَرْشِ مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَسْلَمَ عَبْدِيْ وَاسْتَسْلَمَ۔ (رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ)

اسی (ابوہریرہ رض) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تجھ کو ایک ایسا کلمہ نہ بتاؤں جو عرش کے نیچے سے اترا ہے اور جنت کے خزانوں سے ہے وہ کلمہ یہ ہے لاحول ولاقوۃ الا باللہ جب بندہ یہ کہتا ہے تو اللہ فرماتا ہے بندہ میرا تابع دار ہوا اور اس نے اپنے کو سپرد کیا (بیہقی نے یہ دونوں حدیثیں دعوات کبیر میں روایت کی ہیں۔

۲۲۱۴/۲۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ هِيَ صَلٰوةُ الْخَلَائِقِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَلِمَةُ الشُّكْرِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ كَلِمَةُ الْاِخْلَاصِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ تَمْلَاُ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَاِذَا قَالَ الْعَبْدُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَسْلَمَ وَاسْتَسْلَمَ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

ابن عمر رض سے روایت ہے تمام مخلوق کی عبادات سبحان اللہ ہے اور شکر کا کلمہ الحمد للہ ہے اور لا الٰہ الا اللہ اخلاص کا کلمہ ہے اللہ اکبر کا ثواب زمین اور آسمان کے درمیانی فاصلہ کو بھر دیتا ہے بندہ جب لاحول ولاقوۃ الا باللہ کہتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ فرمانبردار ہوا اور بہت فرمانبردار ہوا۔ (روایت کیا اس کو رزین نے)

## بَابُ الْاِسْتِغْفَارِ وَالتَّوْبَةِ

# توبہ اور استغفار کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۲۲۱۵/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ فِي الْيَوْمِ اَكْثَرَ مِنْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوہریرہ رض سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی قسم میں ایک دن میں سو بار سے زیادہ استغفار کرتا ہوں (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۲۱۶/۲ وَعَنِ الْاَغَرِّ الْمُزَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ

اغر مزنی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے دل پر پردہ کیا جاتا ہے اور

besturdubooks.wordpress.com

لَيُغَانُ عَلٰى قَلْبِيْ وَاِنِّيْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

میں اللہ سے استغفار کرتا ہوں ایک دن میں سو بار (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۱۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ تُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ فَاِنِّيْ اَتُوْبُ اِلَيْهِ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انہی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو اللہ کی طرف توبہ کرو میں اللہ کی طرف دن میں سو بار توبہ کرتا ہوں۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

* * * * *

۲۳۱۸ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا يَرْوِيْ عَنِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنَّهٗ قَالَ يَا عِبَادِيْ اِنِّيْ حَرَّمْتُ الظُّلْمَ عَلٰى نَفْسِيْ وَجَعَلْتُهٗ بَيْنَكُمْ مُحَرَّمًا فَلَا تَظَالَمُوْا يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ ضَالٌّ اِلَّا مَنْ هَدَيْتُهٗ فَاسْتَهْدُوْنِيْ اَهْدِكُمْ يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ جَائِعٌ اِلَّا مَنْ اَطْعَمْتُهٗ فَاسْتَطْعِمُوْنِيْ اُطْعِمْكُمْ يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ عَارٍ اِلَّا مَنْ كَسَوْتُهٗ فَاسْتَكْسُوْنِيْ اَكْسُكُمْ يَا عِبَادِيْ اِنَّكُمْ تُخْطِئُوْنَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَاَنَا اَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا فَاسْتَغْفِرُوْنِيْ اَغْفِرْ لَكُمْ يَا عِبَادِيْ اِنَّكُمْ لَنْ تَبْلُغُوْا ضُرِّيْ فَتَضُرُّوْنِيْ وَلَنْ تَبْلُغُوْا نَفْعِيْ فَتَنْفَعُوْنِيْ يَا عِبَادِيْ لَوْ اَنَّ اَوَّلَكُمْ وَاٰخِرَكُمْ وَاِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ كَانُوْا عَلٰى اَتْقٰى قَلْبِ رَجُلٍ وَّاحِدٍ مِّنْكُمْ مَا زَادَ ذٰلِكَ فِيْ مُلْكِيْ شَيْئًا يَا عِبَادِيْ لَوْ اَنَّ اَوَّلَكُمْ وَاٰخِرَكُمْ وَاِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ كَانُوْا عَلٰى اَفْجَرِ قَلْبِ رَجُلٍ وَّاحِدٍ مِّنْكُمْ مَا نَقَصَ

ابوذرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان قدسی حدیثوں کے بارے میں جو آپ اللہ تعالیٰ سے نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے میرے بندو! میں نے اپنے اوپر ظلم کو حرام کیا ہے اور اس کو تمہارے درمیان بھی حرام کر دیا ہے آپس میں ظلم مت کرو۔ اے میرے بندو! تم تمام گمراہ ہو مگر میں جس کو ہدایت کروں مجھ سے ہدایت طلب کرو میں تم کو ہدایت کروں گا اے میرے بندو! تم تمام بھوکے ہو مگر جس کو میں کھلاؤں مجھ سے کھانا مانگو میں تم کو کھلاؤں گا۔ اے میرے بندو! تم ننگے ہو مگر جس کو میں نے پہننے کو دیا مجھ سے لباس مانگو میں تم کو پہناؤں گا۔ اے میرے بندو! تم دن رات خطاکار ہو۔ میں بخشتا ہوں تمام گناہوں کو تم مجھ سے بخشش مانگو میں تم کو بخشوں گا۔ اے میرے بندو! تم مجھ کو ضرر نہیں پہنچا سکو گے اور نہ ہی تم مجھ کو نفع پہنچا سکتے ہو اے میرے بندو! تمہارے پہلے اور پچھلے انسان اور جن تمام مل کر ایک پرہیزگار شخص کے دل کی مانند ہوں تو یہ میرے ملک میں کچھ زیادتی نہیں کر سکتے اے میرے بندو! اگر تم پہلے اور پچھلے انس و جن ملکر ایک بدترین شخص کے دل کی مانند ہو جاؤ تو تمہارا یہ جمع ہونا میرے ملک میں کچھ کم نہیں کر سکتا اے میرے بندو! اگر تمہارے اگلے اور پچھلے اور جن و انس ایک مقام پر جمع ہو جائیں اور مجھ سے سوال کریں تو میں ہر آدمی کو اس کے سوال کے موافق دوں۔ تو یہ دینا میرے خزانوں کو کم نہیں کر سکتا مگر سوئی کی طرح کہ دریا میں ڈالی جائے۔ اے میرے بندو! میں تمہارے عمل یاد رکھتا ہوں اور لکھتا ہوں

besturdubooks.wordpress.com

ذٰلِكَ مِنْ مُلْكِيْ شَيْئًا يَا عِبَادِيْ لَوْ اَنَّ اَوَّلَكُمْ وَاٰخِرَكُمْ وَاِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ قَامُوْا فِيْ صَعِيْدٍ وَّاحِدٍ فَسَاَلُوْنِيْ فَاَعْطَيْتُ كُلَّ اِنْسَانٍ مَّسْاَلَتَهٗ مَا نَقَصَ ذٰلِكَ مِمَّا عِنْدِيْ اِلَّا كَمَا يَنْقُصُ الْمِخْيَطُ اِذَا اُدْخِلَ الْبَحْرَ يَا عِبَادِيْ اِنَّمَا هِيَ اَعْمَالُكُمْ اُحْصِيْهَا عَلَيْكُمْ ثُمَّ اُوَفِّيْكُمْ اِيَّاهَا فَمَنْ وَّجَدَ خَيْرًا فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ وَمَنْ وَّجَدَ غَيْرَ ذٰلِكَ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ان کا بدلہ تم کو دوں گا جس کو بھلائی پہنچے اس کو چاہیئے اللہ کی تعریف کرے جو شخص بھلائی نہ پائے وہ اپنے نفس کو ملامت کرے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۲۱۹/۵ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ رَجُلٌ قَتَلَ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِنْسَانًا ثُمَّ خَرَجَ يَسْاَلُ فَاَتٰى رَاهِبًا فَسَاَلَهٗ فَقَالَ اَلَهٗ تَوْبَةٌ قَالَ لَا فَقَتَلَهٗ وَجَعَلَ يَسْاَلُ فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ ائْتِ قَرْيَةَ كَذَا وَكَذَا فَاَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَنَاٰى بِصَدْرِهٖ نَحْوَهَا فَاخْتَصَمَتْ فِيْهِ مَلٰٓئِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلٰٓئِكَةُ الْعَذَابِ فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلٰى هٰذِهٖ اَنْ تَقَرَّبِيْ وَاِلٰى هٰذِهٖ اَنْ تَبَاعَدِيْ فَقَالَ قِيْسُوْا مَا بَيْنَهُمَا فَوُجِدَ اِلٰى هٰذِهٖ اَقْرَبَ بِشِبْرٍ فَغُفِرَ لَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بنی اسرائیل میں ایک آدمی نے ایک کم سو آدمی قتل کئے پھر وہ نکلا اپنی توبہ کے متعلق پوچھتا تھا ایک عابد زاہد کے پاس آیا اس سے پوچھا کیا میرے لئے توبہ ہے اس نے کہا نہیں اس نے اس کو بھی مار دیا پھر پوچھنا شروع کیا ایک آدمی نے کہا کہ فلاں بستی میں جا اس کو راستہ میں موت آئی اس نے اپنا سینہ اس کی طرف بڑھایا فرشتے اس کی روح قبض کرنے میں جھگڑے رحمت اور عذاب کے اللہ نے اس بستی کو حکم کیا کہ تو قریب ہو جا اور دوسری بستی کو حکم کیا کہ تو دور ہو جا پھر اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ اس کے درمیانی فاصلہ کو ناپو جس کی طرف وہ چلا تھا ایک بالشت نزدیک پایا اس کو بخش دیا۔ (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۲۲۰/۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے

besturdubooks.wordpress.com

نَفْسِي بِيَدِهٖ لَوْلَمْ تُذْنِبُوْا لَذَهَبَ اللّٰهُ بِكُمْ وَلَجَاءَ بِقَوْمٍ يُّذْنِبُوْنَ فَيَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ فَيَغْفِرُ لَهُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

میں میری جان ہے اگر تم گناہ نہ کرو تو اللہ تعالیٰ تم کو لے جائے اور گناہ کرنے والی قوم لائے جو گناہ کرکے بخشش طلب کریں گے اللہ تعالیٰ ان کو بخشنے گا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۲۱ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ يَدَهٗ بِاللَّيْلِ لِيَتُوْبَ مُسِيْءُ النَّهَارِ وَيَبْسُطُ يَدَهٗ بِالنَّهَارِ لِيَتُوْبَ مُسِيْءُ اللَّيْلِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَّغْرِبِهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو موسیٰؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ رات کو اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے تاکہ دن کو گناہ کرنے والا توبہ کرے اور پھیلاتا ہے اپنا ہاتھ دن کو تاکہ رات کا گناہ کرنے والا توبہ کرے مغرب کی طرف سے سورج نکلنے تک (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۲۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا اعْتَرَفَ ثُمَّ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب بندہ گناہ کا اعتراف کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے تو اللہ اس کی توبہ کو قبول کرتا ہے۔ (روایت کیا مسلم اور بخاری نے)

۲۳۲۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَابَ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَّغْرِبِهَا تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو ہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مغرب کی طرف سے سورج نکلنے سے پہلے توبہ کرے اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرتا ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۲۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَلّٰهُ اَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهٖ حِيْنَ يَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنْ اَحَدِكُمْ كَانَتْ رَاحِلَتُهٗ بِاَرْضٍ فَلَاةٍ فَانْفَلَتَتْ مِنْهُ وَعَلَيْهَا طَعَامُهٗ وَشَرَابُهٗ فَاَيِسَ مِنْهَا فَاَتٰى شَجَرَةً فَاضْطَجَعَ فِيْ ظِلِّهَا قَدْ اَيِسَ مِنْ رَّاحِلَتِهٖ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ اِذْ هُوَ بِهَا قَائِمَةً عِنْدَهٗ فَاَخَذَ بِخِطَامِهَا ثُمَّ

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے توبہ کرنے سے بہت خوش ہوتا ہے جب وہ توبہ کرتا ہے ایک تمہارے سے کہ جنگل میں اس کی سواری گم ہو جائے جس پر اس کا کھانا پینا تھا اور وہ اس سے ناامید ہو گیا اور وہ ایک درخت کے سایہ کے نیچے سو رہا تو اس نے اچانک اپنی سواری کو دیکھا کہ اس کے نزدیک کھڑی ہے اس کی مہار پکڑ کر خوشی سے کہنے لگا یا الٰہی تو میرا بندہ ہے اور میں تیرا رب ہوں خوشی کی وجہ سے بھول گیا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ مِنْ شِدَّةِ الْفَرَحِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَبْدِیْ وَاَنَا رَبُّكَ اَخْطَاَ مِنْ شِدَّةِ الْفَرَحِ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۳۲۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عَبْدًا اَذْنَبَ ذَنْبًا فَقَالَ رَبِّ اَذْنَبْتُ فَاغْفِرْهُ فَقَالَ رَبُّهٗ اَعَلِمَ عَبْدِیْ اَنَّ لَهٗ رَبًّا يَّغْفِرُ الذَّنْبَ وَيَاْخُذُ بِهٖ غَفَرْتُ لِعَبْدِیْ ثُمَّ مَكَثَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ اَذْنَبَ ذَنْبًا فَقَالَ رَبِّ اَذْنَبْتُ ذَنْبًا فَاغْفِرْهُ فَقَالَ اَعَلِمَ عَبْدِیْ اَنَّ لَهٗ رَبًّا يَّغْفِرُ الذَّنْبَ وَيَاْخُذُ بِهٖ غَفَرْتُ لِعَبْدِیْ ثُمَّ مَكَثَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ اَذْنَبَ ذَنْبًا قَالَ رَبِّ اَذْنَبْتُ ذَنْبًا اٰخَرَ فَاغْفِرْهُ لِیْ فَقَالَ اَعَلِمَ عَبْدِیْ اَنَّ لَهٗ رَبًّا يَّغْفِرُ الذَّنْبَ وَيَاْخُذُ بِهٖ غَفَرْتُ لِعَبْدِیْ فَلْيَفْعَلْ مَا شَآءَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص نے گناہ کیا پھر اس نے کہا اے پروردگار میرے گناہ کو معاف کر جو میں نے کیا ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کیا میرے بندے نے جانا کہ میرا پروردگار بخشتا ہے اور پکڑتا ہے گناہوں کے سبب میں نے اپنے بندہ کو اس کا گناہ بخش دیا وہ ایک مدت تک ٹھہرا رہا جو اللہ نے چاہا پھر اس نے گناہ کیا پھر کہا اے اللہ میں نے گناہ کیا اس کو بخش اللہ فرماتا ہے کیا میرے بندے نے جانا کہ میرا پروردگار گناہ معاف کرتا ہے اور اس کے سبب مؤاخذہ بھی کرتا ہے میں نے اس کے گناہ کو معاف کر دیا پھر وہ ایک مدت ٹھہرا رہا جو اللہ نے چاہا پھر گناہ کیا کہا اے میرے پروردگار میں نے گناہ کیا اس کو بخش اللہ نے فرمایا کیا میرے بندے نے جانا کہ میرا پروردگار گناہ معاف کرنے والا ہے اور اس کے ساتھ پکڑتا ہے میں نے اپنے بندے کو بخشا چاہیئے کہ کرے جو چاہے۔ (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۳۲۶ وَعَنْ جُنْدُبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ وَاللّٰهِ لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ لِفُلَانٍ وَّاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ مَنْ ذَا الَّذِیْ يَتَاَلّٰى عَلَیَّ اَنِّیْ لَا اَغْفِرُ لِفُلَانٍ فَاِنِّیْ قَدْ غَفَرْتُ لِفُلَانٍ وَّاَحْبَطْتُ عَمَلَكَ اَوْ كَمَا قَالَ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جندب رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا کہ ایک شخص نے کہا اللہ کی قسم کہ اللہ تعالیٰ فلاں شخص کو نہیں بخشے گا اللہ تعالیٰ نے فرمایا کون شخص مجھ پر ایسا گمان کرتا ہے کہ میں فلانے کو نہیں بخشوں گا تیرے اس قول کی وجہ سے تیرے عمل ضائع کر دیئے اور فلاں کو بخش دیا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۲۷ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ

شداد بن اوس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ اَنْ تَقُوْلَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ قَالَ وَمَنْ قَالَهَا مِنَ النَّهَارِ مُوْقِنًا بِهَا فَمَاتَ مِنْ يَّوْمِهٖ قَبْلَ اَنْ يُّمْسِيَ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَمَنْ قَالَهَا مِنَ اللَّيْلِ وَهُوَ مُوْقِنٌ بِهَا فَمَاتَ قَبْلَ اَنْ يُّصْبِحَ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا افضل استغفار یہ ہے کہ تو کہے اے اللہ تو میرا پروردگار ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے ہی مجھ کو پیدا کیا میں تیرا بندہ ہوں اور اپنی طاقت کے مطابق تیرے عہد اور وعدے پر ہوں تیری پناہ پکڑتا ہوں جو میں نے برائی کی اس سے تیرے لئے اقرار کرتا ہوں اور تیری نعمتوں کے سبب مجھ پر اور میں اپنے گناہ کا اقرار کرتا ہوں مجھ کو بخش دے تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخشتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی شخص ان لفظوں کو یقین کے ساتھ دن میں پڑھے اور اسی دن شام سے پہلے مر جائے تو وہ جنتی ہے اگر رات کو اسی طرح پڑھے تو صبح سے پہلے مر جانے تو وہ جنتی ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

* * * * * * * * * * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۳۲۸/۱۴ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ مَا دَعَوْتَنِيْ وَرَجَوْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ عَلٰى مَا كَانَ فِيْكَ وَلَا اُبَالِيْ يَا ابْنَ اٰدَمَ لَوْ بَلَغَتْ ذُنُوْبُكَ عَنَانَ السَّمَآءِ ثُمَّ اسْتَغْفَرْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ وَلَا اُبَالِيْ يَا ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ لَوْ لَقِيْتَنِيْ بِقُرَابِ الْاَرْضِ خَطَايَا ثُمَّ لَقِيْتَنِيْ لَا تُشْرِكُ بِيْ شَيْئًا لَاَتَيْتُكَ بِقُرَابِهَا مَغْفِرَةً۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ)

انسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے آدم کے بیٹے جب تک تو مجھ سے مانگے گا اور مجھ سے امید رکھے گا تو میں تجھ بخش دوں گا ان برائیوں پر جو تجھ میں ہوں اور میں اس کی پرواہ نہیں کرتا اے آدم کے بیٹے اگر تیرے گناہ آسمان کی بلندی تک پہنچ جائیں اور تو مجھ سے بخشش مانگے۔ تو میں تجھ کو بخش دوں گا۔ اور میں اس کی بھی پرواہ نہیں کرتا اے بنی آدم! اگر تیری ملاقات اس حالت میں ہو کر زمین کی پوری کے برابر خطائیں ہوں۔ تو نے شرک نہ کیا ہو میں بھری زمین بخشش لے کر تجھ سے ملوں گا۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے روایت کیا اس کو احمد نے، دارمی نے ابوذر سے، ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)

۲۳۲۹/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَنْ عَلِمَ اَنِّیْ ذُوْ قُدْرَةٍ عَلٰی مَغْفِرَةِ الذُّنُوْبِ غَفَرْتُ لَهٗ وَلَا اُبَالِیْ مَا لَمْ يُشْرِكْ بِیْ شَيْئًا۔

(رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ جس شخص نے مجھ کو بخشنے پر قادر جانا تو میں اس کے گناہ بخش دیتا ہوں اور اس کے گناہوں کی مجھے پرواہ نہیں جب تک وہ شرک نہ کرے (روایت کیا ہے اس کو شرح السنہ میں)

۲۳۳۰/۱۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَّخْرَجًا وَّمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا وَّرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

انہی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص استغفار کو لازم کرے اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر تنگی سے نکلنے کی راہ پیدا فرماتا ہے اور ہر غم سے خلاصی فرماتا ہے جہاں سے اسے گمان ہی نہیں ہوتا۔ روزی دیتا ہے۔ (روایت کیا اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

۲۳۳۱/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ وَاِنْ عَادَ فِی الْيَوْمِ سَبْعِيْنَ مَرَّةً۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

ابوبکر صدیق رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے استغفار کیا اس نے گناہ پر ہمیشگی نہیں کی اگرچہ دن میں ستر بار گناہ کرے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے)

۲۳۳۲/۱۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ بَنِیْ اٰدَمَ خَطَّاءٌ وَّخَيْرُ الْخَطَّاءِيْنَ التَّوَّابُوْنَ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام بنی آدم خطاکار ہیں اور بہترین خطاکار توبہ کرنے والے ہیں۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے)

۲۳۳۳/۱۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا اَذْنَبَ كَانَتْ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ فِیْ قَلْبِهٖ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مومن گناہ کرتا ہے تو اس کے دل میں سیاہ نکتہ پیدا ہو جاتا ہے اگر توبہ کرے اور استغفار کرے تو اس کا دل صاف

فَإِنْ تَابَ وَاسْتَغْفَرَ صُقِلَ قَلْبُهُ وَإِنْ زَادَ زَادَتْ حَتّٰى تَعْلُوَ قَلْبَهُ فَذٰلِكُمُ الرَّانُ الَّذِي ذَكَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوبِهِمْ مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ)

کر دیا جاتا ہے اگر گناہ زیادہ کیا تو وہ نکتہ زیادہ ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ اس کے دل پر چھا جاتا ہے یہ ران ہے جو اللہ تعالیٰ نے آیت کریمہ میں ذکر فرمایا ہرگز نہیں یوں بلکہ زنگ باندھا ہے ان کے دلوں پر ان کے عمل نے (روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے)

۲۳۳۴/۲۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَا لَمْ يُغَرْغِرْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک بندے کی موت کا یقین نہیں ہوتا اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرتا ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے)

۲۳۳۵/۲۱ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الشَّيْطٰنَ قَالَ وَعِزَّتِكَ يَا رَبِّ لَا أَبْرَحُ أُغْوِي عِبَادَكَ مَا دَامَتْ أَرْوَاحُهُمْ فِي أَجْسَادِهِمْ فَقَالَ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ وَعِزَّتِي وَجَلَالِي وَارْتِفَاعِ مَكَانِي لَا أَزَالُ أَغْفِرُ لَهُمْ مَا اسْتَغْفَرُونِي۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ابو سعیدؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان نے اپنے پروردگار سے عرض کی اے میرے رب تیری عزت کی قسم میں تیرے بندوں کو جب تک روح ان کے جسموں میں ہوں گے گمراہ کرتا رہوں گا اللہ عزوجل نے فرمایا مجھے اپنی عزت اور بزرگی کی قسم اور بلند مرتبہ کی میں ان کو ہمیشہ بخشتا رہوں گا جب تک وہ بخشش مانگتے رہیں گے۔ (روایت کیا اس کو احمد نے)

* * * *

۲۳۳۶/۲۲ وَعَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى جَعَلَ بِالْمَغْرِبِ بَابًا عَرْضُهُ مَسِيرَةُ سَبْعِينَ عَامًا لِلتَّوْبَةِ لَا يُغْلَقُ مَا لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهِ وَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا

صفوانؓ بن عسال سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مغرب کی طرف توبہ کا دروازہ پیدا کیا ہے اس کی لمبائی ستر برس کی مسافت ہے وہ سورج کے مغرب کی طرف سے نکلنے تک بند نہیں کیا جائے گا یہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کے معنی ہیں اللہ کی طرف سے اس دن بعض ایسی نشانیاں آئیں گی جو پہلے ایمان نہ لایا ہوگا اس کو اس کا ایمان نفع نہ

besturdubooks.wordpress.com

إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

دے گا۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے

٢٣٣٧/٢٣ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْقَطِعُ الْهِجْرَةُ حَتّٰى تَنْقَطِعَ التَّوْبَةُ وَلَا تَنْقَطِعُ التَّوْبَةُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

* * * * * *

معاویہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہجرت توبہ کے موقوف ہونے تک موقوف نہیں ہوگی۔ اور توبہ سورج کے مغرب کی طرف سے نکلنے پر موقوف ہوگی۔ (روایت کیا اس کو احمد نے اور ابو داؤد نے اور دارمی نے)

٢٣٣٨/٢٤ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ رَجُلَيْنِ كَانَا فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ مُتَحَابَّيْنِ أَحَدُهُمَا مُجْتَهِدٌ فِي الْعِبَادَةِ وَالْآخَرُ يَقُولُ مُذْنِبٌ فَجَعَلَ يَقُولُ أَقْصِرْ عَمَّا أَنْتَ فِيهِ فَيَقُولُ خَلِّنِي وَرَبِّي حَتّٰى وَجَدَهُ يَوْمًا عَلٰى ذَنْبٍ اسْتَعْظَمَهُ فَقَالَ أَقْصِرْ فَقَالَ خَلِّنِي وَرَبِّي أَبُعِثْتَ عَلَيَّ رَقِيبًا فَقَالَ وَاللّٰهِ لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكَ أَبَدًا أَوْ لَا يُدْخِلُكَ الْجَنَّةَ فَبَعَثَ اللّٰهُ إِلَيْهِمَا مَلَكًا فَقَبَضَ أَرْوَاحَهُمَا فَاجْتَمَعَا عِنْدَهُ فَقَالَ لِهٰذَا الْمُذْنِبِ ادْخُلِ الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِي وَقَالَ لِلْآخَرِ أَتَسْتَطِيعُ أَنْ تَحْظُرَ عَلٰى عَبْدِي رَحْمَتِي فَقَالَ لَا يَا رَبِّ قَالَ اذْهَبُوا بِهِ إِلَى النَّارِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بنی اسرائیل میں دو شخص آپس میں دوست تھے۔ ایک بہت عابد تھا دوسرا گنہ گار، عابد گنہ گار کو کہتا تھا کہ تو گناہوں سے باز آجا۔ گنہ گار کہتا تھا کہ تو مجھ کو اللہ تعالیٰ کے سپرد رہنے دے اس عابد نے اسے ایک دن گناہ میں پایا۔ جسے وہ بڑا سمجھا۔ اس عابد نے اسے روکا تو اس نے کہا تو مجھ کو اللہ کے سپرد رہنے دے کیا۔ تو مجھ پر داروغہ ہے عابد نے قسم کھائی کہ اللہ تعالیٰ تجھے نہیں بخشے گا۔ اور جنت میں داخل نہیں کرے گا۔ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کی طرف فرشتہ بھیجا جس نے ان کی روحیں قبض کیں۔ وہ دونوں اللہ کے سامنے اکٹھے ہوئے گنہگار کو فرمایا۔ میری رحمت کے سبب جنت میں داخل ہو اور دوسرے کو فرمایا کیا تو گنہگار بندے کو میری رحمت سے محروم کرنے کی طاقت رکھتا ہے اس نے کہا نہیں۔ فرمایا اس کو دوزخ کی طرف لے جاؤ۔ (روایت کیا اس کو احمد نے)

٢٣٣٩/٢٥ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

اسماء بنت یزید رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ یہ آیت

besturdubooks.wordpress.com

سَلَّمَ يَقُوْلُ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا وَّلَا اُبَالِيْ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَّفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ يَقُوْلُ بَدَلَ يَقُوْلُ)

پڑھتے تھے اے میرے بندو! جنہوں نے اپنے نفسوں پر زیادتی کی ہے خدا کی رحمت سے ناامید مت ہو اللہ تعالیٰ تمام گناہ بخشنے والا ہے اور نہیں پرواہ کرتا (روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے شرح السنہ میں یقول کے بدلے یقول کا لفظ ہے۔

۲۳۴۰/۲۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ اِلَّا اللَّمَمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ تَغْفِرِ اللّٰهُمَّ تَغْفِرْ جَمًّا وَّاَيُّ عَبْدٍ لَّكَ لَآ اَلَمًّا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے قول الا اللمم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یا اللہ اگر تو بخشے تو بڑے گناہ بخش۔ تیرا کون سا بندہ ہے جس نے چھوٹے گناہ نہ کئے ہوں (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۲۳۴۱/۲۶ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ ضَالٌّ اِلَّا مَنْ هَدَيْتُ فَسَلُوْنِي الْهُدٰى اَهْدِكُمْ وَكُلُّكُمْ فُقَرَآءُ اِلَّا مَنْ اَغْنَيْتُ فَسَلُوْنِيْ اَرْزُقْكُمْ وَكُلُّكُمْ مُذْنِبٌ اِلَّا مَنْ عَافَيْتُ فَمَنْ عَلِمَ مِنْكُمْ اَنِّيْ ذُوْ قُدْرَةٍ عَلَى الْمَغْفِرَةِ فَاسْتَغْفَرَنِيْ غَفَرْتُ لَهٗ وَلَا اُبَالِيْ وَلَوْ اَنَّ اَوَّلَكُمْ وَاٰخِرَكُمْ وَحَيَّكُمْ وَمَيِّتَكُمْ وَرَطْبَكُمْ وَيَابِسَكُمْ اجْتَمَعُوْا عَلٰى اَتْقٰى قَلْبِ عَبْدٍ مِّنْ عِبَادِيْ مَا زَادَ ذٰلِكَ فِيْ مُلْكِيْ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ وَّلَوْ اَنَّ اَوَّلَكُمْ وَاٰخِرَكُمْ وَحَيَّكُمْ وَمَيِّتَكُمْ وَرَطْبَكُمْ وَيَابِسَكُمْ

ابوذر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے میرے بندو! تم گمراہ ہو مگر جسے میں ہدایت کروں مجھ سے ہدایت مانگو تم کو ہدایت کروں گا اور تم سب محتاج ہو مگر جسے میں دولت مند کروں۔ مجھ سے روزی طلب کرو۔ میں تم کو روزی دوں گا تم سب گنہگار ہو مگر جسے میں نے بخشا جو شخص یہ یقین رکھے کہ میں بخشنے پر قادر ہوں پھر مجھ سے بخشش طلب کرے میں اس کو بخشوں گا اور اس کی پرواہ نہیں رکھتا۔ اور اگر تمہارے اگلے اور پچھلے تمہارے زندے اور مُردے تمہارے تر اور خشک سب جمع ہو جائیں میرے بندوں میں سے بڑے متقی کے دل پر تو ان کا جمع ہونا میرے ملک میں مچھر کے پر کے برابر میرے لئے نفع مند ثابت نہ ہوگا۔ اور اگر تمہارے اگلے اور پچھلے زندہ مردے تر و خشک کسی بدبخت کے دل پر جمع ہو جائیں تو یہ میرے ملک میں مچھر کے پر کے برابر کمی کا سبب نہیں بن سکے گا۔ اور اگلے پچھلے مردہ، زندہ

besturdubooks.wordpress.com

اجْتَمَعُوْا عَلٰى اَشْقٰى قَلْبِ عَبْدٍ مِّنْ عِبَادِيْ مَا نَقَصَ ذٰلِكَ مِنْ مُّلْكِيْ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ وَّلَوْ اَنَّ اَوَّلَكُمْ وَاٰخِرَكُمْ وَحَيَّكُمْ وَمَيِّتَكُمْ وَرَطْبَكُمْ وَيَابِسَكُمْ اجْتَمَعُوْا فِيْ صَعِيْدٍ وَّاحِدٍ فَسَاَلَ كُلُّ اِنْسَانٍ مِّنْكُمْ مَّا بَلَغَتْ اُمْنِيَّتُهٗ فَاَعْطَيْتُ كُلَّ سَائِلٍ مِّنْكُمْ مَّا نَقَصَ ذٰلِكَ مِنْ مُّلْكِيْ اِلَّا كَمَا لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ مَرَّ بِالْبَحْرِ فَغَمَسَ فِيْهِ اِبْرَةً ثُمَّ رَفَعَهَا ذٰلِكَ بِاَنِّيْ جَوَادٌ مَّاجِدٌ اَفْعَلُ مَا اُرِيْدُ عَطَآئِيْ كَلَامٌ وَّعَذَابِيْ كَلَامٌ اِنَّمَا اَمْرِيْ لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْتُّ اَنْ اَقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

تر خشک سب ایک جگہ جمع ہو کر ہر ایک اپنی آرزو طلب کرے ہر مانگنے والے کو اس کی خواہش کے مطابق دے دوں، یہ میرے ملک میں کسی کمی کا سبب نہ بن سکے گا مگر ایک تمہارے کا دریا سے گذر ہو اور اس نے سوئی اس میں ڈالی پھر اس کو نکالا۔ تمہاری حاجتوں کو پورا کرنا اس وجہ سے ہے کہ میں بہت سخی ہوں اور بہت دینے والا ہوں، جو چاہتا ہوں کرتا ہوں، میرا دینا کہہ دینا ہے میرا عذاب کہہ دینا ہے کسی چیز کے متعلق میرا امر یہ ہے۔ جب میں اس کا ہونا چاہتا ہوں کہتا ہوں ہو جا، وہ ہو جاتی ہے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے)

۲۳۴۲/۲۸ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَرَاَ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ قَالَ قَالَ رَبُّكُمْ اَنَا اَهْلٌ اَنْ اُتَّقٰى فَمَنِ اتَّقَانِيْ فَاَنَا اَهْلٌ اَنْ اَغْفِرَ لَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی کہ وہی تقویٰ اور بخشش والا ہے آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اس بات کے لائق ہوں کہ لوگ مجھ سے ڈریں جو مجھ سے ڈر گیا میں زیادہ لائق کہ اس کو بخشوں (روایت کیا اسکو ترمذی نے، ابن ماجہ اور دارمی نے)

۲۳۴۳/۲۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اِنْ كُنَّا لَنَعُدُّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَجْلِسِ يَقُوْلُ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ مِائَةَ مَرَّةٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم آپ کے استغفار کو ایک مجلس میں سو بار شمار کرتے آپ فرماتے اے میرے پروردگار مجھ کو بخش اور میری توبہ قبول کر آپ ہی توبہ قبول کرنے والے اور بخشنے والے ہیں آپ نے یہ کلمات سو بار فرمائے (روایت کیا اس کو احمد نے ترمذی نے اور

besturdubooks.wordpress.com

وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

۲۲۴۴/۳۰ وَعَنْ بِلَالِ بْنِ يَسَارِ بْنِ زَيْدٍ مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ جَدِّيْ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيَّ الْقَيُّوْمَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ غُفِرَ لَهٗ وَاِنْ كَانَ قَدْ فَرَّ مِنَ الزَّحْفِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ لٰكِنَّهٗ عِنْدَ اَبِيْ دَاوٗدَ هِلَالُ بْنُ يَسَارٍ وَّقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

بلال بن یسار بن زیدؓ سے روایت ہے زید نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام تھا کہا میرے باپ نے مجھے حدیث بیان فرمائی جو اس نے میرے دادا سے روایت کی اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جو شخص کہے میں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں وہ اللہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ خبر گیری کرنے والا ہے اس کی طرف توجہ کرتا ہوں اس کو بخش دیا جاتا ہے اگرچہ وہ کفار کے ساتھ لڑائی سے بھاگا ہو۔ (روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے اور ابوداؤد کے نزدیک ہلال بن یسار ہے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے)

* * * *

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۲۴۵/۳۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيَرْفَعُ الدَّرَجَةَ لِلْعَبْدِ الصَّالِحِ فِي الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ اَنّٰى لِيْ هٰذِهٖ فَيَقُوْلُ بِاسْتِغْفَارِ وَلَدِكَ لَكَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نیک آدمی کے لئے جنت میں درجہ بلند کرتا ہے بندہ کہتا ہے اے اللہ یہ درجہ مجھ کو کہاں سے ملا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ درجہ تیرے بیٹے کے تیرے لئے استغفار کرنے کے سبب تجھ کو ملا۔ (روایت کیا اس کو احمد نے)

۲۲۴۶/۳۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا الْمَيِّتُ فِي الْقَبْرِ اِلَّا كَالْغَرِيْقِ الْمُتَغَوِّثِ يَنْتَظِرُ دَعْوَةً تَلْحَقُهٗ مِنْ اَبٍ اَوْ اُمٍّ اَوْ اَخٍ اَوْ صَدِيْقٍ فَاِذَا لَحِقَتْهُ كَانَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَيُدْخِلُ عَلٰى اَهْلِ الْقُبُوْرِ

عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قبر میں مردہ ڈوبنے والے اور فریاد کرنے والے کی مانند ہوتا ہے وہ دعا کا منتظر ہوتا ہے اس کے ماں باپ کی طرف سے پہنچے یا بھائی یا دوست کی طرف سے جب اس کے پاس دعا پہنچتی ہے تو یہ دعا اس کو دنیا و مافیہا سے بہتر اور پیاری ہوتی ہے اور اللہ قبر والوں کو پہنچاتا ہے زمین والوں کے سبب دعا پہاڑوں

besturdubooks.wordpress.com

مِنْ دُعَاءِ اَهْلِ الْاَرْضِ اَمْثَالَ الْجِبَالِ وَاِنَّ هَدِيَّةَ الْاَحْيَاءِ اِلَى الْاَمْوَاتِ الْاِسْتِغْفَارُ لَهُمْ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

کی مانند مردوں کی طرف زندوں کا تحفہ استغفار کرنا ہے (روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

۲۲۴۷/۳۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طُوْبٰى لِمَنْ وَّجَدَ فِيْ صَحِيْفَتِهٖ اسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى النَّسَائِيُّ فِيْ عَمَلِ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ۔)

عبداللہ بن بسرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اپنے عمل نامہ میں استغفار بہت پایا اس کے لئے خوشی ہے (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے روایت کیا اس کو نسائی نے کتاب عمل یوم ولیلۃ میں)

۲۲۴۸/۳۴ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ الَّذِيْنَ اِذَا اَحْسَنُوْا اسْتَبْشَرُوْا وَاِذَا اَسَاءُوا اسْتَغْفَرُوْا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اے اللہ مجھے ان لوگوں میں سے کر جب نیکی کریں خوش ہوں اور جب برائی کریں استغفار کریں۔ (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے دعوات کبیر میں)

۲۲۴۹/۳۵ وَعَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ حَدِيْثَيْنِ اَحَدُهُمَا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاٰخَرُ عَنْ نَّفْسِهٖ قَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يَرٰى ذُنُوْبَهٗ كَاَنَّهٗ قَاعِدٌ تَحْتَ جَبَلٍ يَّخَافُ اَنْ يَّقَعَ عَلَيْهِ وَاِنَّ الْفَاجِرَ يَرٰى ذُنُوْبَهٗ كَذُبَابٍ مَرَّ عَلٰى اَنْفِهٖ فَقَالَ بِهٖ هٰكَذَا اَيْ بِيَدِهٖ فَذَبَّهٗ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُ اَفْرَحُ بِتَوْبَةِ عَبْدِهٖ

حارث بن سوید سے روایت ہے کہ عبداللہ بن مسعودؓ نے دو حدیثیں ہم کو بیان فرمائیں ایک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور دوسری اپنی طرف سے روایت کی وہ یہ ہے مؤمن اپنے گناہوں کو دیکھتا ہے گویا کہ وہ پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہوا ہے اس پر گرنے سے ڈرتا ہے اور فاجر اپنے گناہوں کو دیکھتا ہے مکھی کی مانند جو اس کی ناک پر سے دوڑی اس نے اس مکھی کے ساتھ اشارہ کیا اس طرح اس کو اپنی ناک سے دوڑایا عبداللہ نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپؐ فرماتے تھے اللہ تعالیٰ مؤمن بندے کا اپنے گناہوں سے توبہ کرنے سے بہت خوش ہوتا ہے اس شخص کی نسبت جو ہلاکت کے ایک میدان میں اترا اس

besturdubooks.wordpress.com

الْمُؤْمِنِ مِنْ رَجُلٍ نَزَلَ فِيْ اَرْضٍ دَوِيَّةٍ مَهْلَكَةٍ مَعَهٗ رَاحِلَتُهٗ عَلَيْهَا طَعَامُهٗ وَشَرَابُهٗ فَوَضَعَ رَاْسَهٗ فَنَامَ نَوْمَةً فَاسْتَيْقَظَ وَقَدْ ذَهَبَتْ رَاحِلَتُهٗ فَطَلَبَهَا حَتّٰى اِذَا اشْتَدَّ عَلَيْهِ الْحَرُّ وَالْعَطَشُ اَوْ مَا شَاءَ اللّٰهُ قَالَ اَرْجِعُ اِلٰى مَكَانِيْ الَّذِيْ كُنْتُ فِيْهِ فَاَنَامُ حَتّٰى اَمُوْتَ فَوَضَعَ رَاْسَهٗ عَلٰى سَاعِدِهٖ لِيَمُوْتَ فَاسْتَيْقَظَ فَاِذَا رَاحِلَتُهٗ عِنْدَهٗ عَلَيْهَا زَادُهٗ وَشَرَابُهٗ فَاللّٰهُ اَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ مِنْ هٰذَا بِرَاحِلَتِهٖ وَزَادِهٖ۔ رَوٰى مُسْلِمٌ الْمَرْفُوْعَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ فَحَسْبُ وَرَوَى الْبُخَارِيُّ الْمَوْقُوْفَ عَلٰى ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَيْضًا۔

کی سواری پر اس کا کھانا پینا تھا وہاں زمین پر سو گیا جب جاگا اس کی سواری گم تھی اس کو تلاش کیا جب اس پر گرمی اور پیاس سخت ہوئی یا جو اللہ نے چاہا پھر وہ اپنے مکان کی طرف لوٹ آیا کہا یہاں سو جاؤں اور مر جاؤں اس نے اپنا سر اپنے بازو پر رکھا تاکہ مر جائے سو وہ پھر جاگا اچانک اس کی سواری اس کے پاس کھڑی تھی اور اس کا کھانا پینا اس پر موجود تھا اللہ تعالیٰ مؤمن بندے کے استغفار اور توبہ سے بہت خوش ہوتا ہے اس شخص سے جیسے اس کی گم شدہ سواری بمع کھانے پینے کے مل گئی (روایت کیا اس کو مسلم نے دونوں حدیثوں سے مرفوع کو جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے (روایت کیا بخاری نے اس حدیث کو ابن مسعود پر موقوف)

۲۲۵۰/۳۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ الْمُفَتَّنَ التَّوَّابَ۔

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس مومن سے بہت خوش ہوتا ہے جو گناہ میں مبتلا ہوتا ہے تو بہت توبہ کرتا ہے

۲۲۵۱/۳۷ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا اُحِبُّ اَنَّ لِيَ الدُّنْيَا بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا الْاٰيَةَ فَقَالَ رَجُلٌ فَمَنْ اَشْرَكَ فَسَكَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ اَلَا وَمَنْ اَشْرَكَ

ثوبان رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ میں اس آیت کے بدلے دنیا کو پسند نہیں رکھتا کہ اے میرے بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی تم مجھ سے ناامید نہ ہو آخر آیت تک ایک شخص نے کہا جس نے شرک کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے پھر فرمایا خبردار ہو جس نے شرک کیا۔ وہ بھی اسی آیت کے حکم میں ہے تین دفعہ فرمایا۔

besturdubooks.wordpress.com

ثَلٰثَ مَرَّاتٍ۔

۲۳۵۲/۳۸ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی لَیَغْفِرُ لِعَبْدِہٖ مَالَمْ یَقَعِ الْحِجَابُ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا الْحِجَابُ قَالَ اَنْ تَمُوْتَ النَّفْسُ وَھِیَ مُشْرِکَۃٌ۔ رَوَی الْاَحَادِیْثَ الثَّلَاثَۃَ اَحْمَدُ وَرَوَی الْبَیْھَقِیُّ الْاَخِیْرَ فِیْ کِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ۔

ابوذر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو بخشتا ہے جب تک پردہ نہ ہو صحابہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول پردہ کیا ہے آپؐ نے فرمایا کہ آدمی اس حال میں مرے کہ شرک کرنے والا ہو (روایت کیا ان تینوں حدیثوں کو احمد نے۔ بیہقی نے آخری حدیث کو کتاب بعث والنشور میں روایت کیا)

۲۳۵۳/۳۹ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ لَقِیَ اللّٰہَ لَا یَعْدِلُ بِہٖ شَیْئًا فِی الدُّنْیَا ثُمَّ کَانَ عَلَیْہِ مِثْلَ جِبَالِ ذُنُوْبٍ غَفَرَ اللّٰہُ لَہٗ۔ (رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ کِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ)

اسی (ابوذرؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی اس حال میں کہ اس نے اللہ سے کسی کو برابر نہیں کیا اگر اس کے گناہ پہاڑ کے برابر ہوں تو اللہ ان کو بخش دے گا۔ (روایت کیا اس کو بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں)

۲۳۵۴/۴۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَہٗ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَقَالَ تَفَرَّدَ بِہِ النَّھْرَانِیُّ وَھُوَ مَجْھُوْلٌ وَفِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ رَوٰی عَنْہُ مَوْقُوْفًا قَالَ النَّدَمُ تَوْبَۃٌ وَالتَّائِبُ کَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَہٗ۔)

عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گناہ سے توبہ کرنے والا نہ گناہ کرنے والے کی مانند ہے (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔ بیہقی نے کہا اس کو نہرانی نے روایت کیا اور وہ مجہول ہے شرح السنہ میں بغوی نے عبداللہ بن مسعود سے موقوف روایت کی ہے عبداللہ بن مسعود نے کہا پشیمانی توبہ ہے توبہ کرنے والا اس شخص کی مانند ہے جس نے گناہ نہ کیا)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابٌ فِي سَعَةِ رَحْمَتِهٖ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۲۲۵۵ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَضَى اللّٰهُ الْخَلْقَ كَتَبَ كِتَابًا فَهُوَ عِنْدَهٗ فَوْقَ عَرْشِهٖ اِنَّ رَحْمَتِيْ سَبَقَتْ عَلٰى غَضَبِيْ وَفِيْ رِوَايَةٍ غَلَبَتْ غَضَبِيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۲۲۵۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ مِائَةَ رَحْمَةٍ اَنْزَلَ مِنْهَا رَحْمَةً وَّاحِدَةً بَيْنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْبَهَائِمِ وَالْهَوَامِّ فَبِهَا يَتَعَاطَفُوْنَ وَبِهَا يَتَرَاحَمُوْنَ وَبِهَا تَعْطِفُ الْوَحْشُ عَلٰى وَلَدِهَا وَاَخَّرَ اللّٰهُ تِسْعًا وَّتِسْعِيْنَ رَحْمَةً يَّرْحَمُ بِهَا عِبَادَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ عَنْ سَلْمَانَ نَحْوَهٗ وَفِيْ اٰخِرِهٖ قَالَ فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ اَكْمَلَهَا بِهٰذِهِ الرَّحْمَةِ۔

۲۲۵۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ يَعْلَمُ الْمُؤْمِنُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الْعُقُوْبَةِ مَا طَمِعَ بِجَنَّتِهٖ اَحَدٌ وَّلَوْ يَعْلَمُ الْكَافِرُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الرَّحْمَةِ مَا قَنَطَ مِنْ جَنَّتِهٖ اَحَدٌ

# اللہ کی رحمت کی وسعت کا بیان

## پہلی فصل

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ نے مخلوق کو پیدا کرنے کا فیصلہ کیا کتاب لکھی وہ کتاب اللہ کے پاس عرش پر ہے اس میں ہے میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی ہے ایک روایت میں ہے کہ میری رحمت میرے غضب پر غالب ہے (متفق علیہ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالےٰ کے لئے سو رحمتیں ہیں ان میں سے ایک رحمت اتاری جو جن و انس چارپاؤں اور زہریلے جانوروں کے درمیان تقسیم ہے اسی رحمت کے سبب آپس میں محبت کرتے ہیں اور اسی کی وجہ سے آپس میں رحم کرتے ہیں اس رحم کے سبب وحشی جانور اپنے بچے پر مہربانی کرتا ہے ننانوے رحمتیں رکھی ہوئی ہیں قیامت کے دن اپنے بندوں پر رحمت کرے گا۔ (متفق علیہ) اس کی مانند سلمان کی روایت مسلم میں ہے اس کے آخر میں یہ ہے فرمایا جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالےٰ اپنی ننانوے رحمتوں کو اس کے ساتھ پورا کرے گا

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر مومن کو اللہ کے عذاب کا علم ہو جائے تو جنت کے ساتھ کوئی طمع نہ کرے اگر کافر کو اس کی رحمت کا علم ہو جائے تو اس کی جنت سے کوئی ناامید نہ ہو (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۲۲۵۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْجَنَّةُ اَقْرَبُ اِلٰى اَحَدِكُمْ مِّنْ شِرَاكِ نَعْلِهٖ وَالنَّارُ مِثْلُ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت تمہاری جوتی کے تسمے سے زیادہ قریب ہے اور دوزخ بھی اسی طرح قریب ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۲۵۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَجُلٌ لَّمْ يَعْمَلْ خَيْرًا قَطُّ لِاَهْلِهٖ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَسْرَفَ رَجُلٌ عَلٰى نَفْسِهٖ فَلَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ اَوْصٰى بَنِيْهِ اِذَا مَاتَ فَحَرِّقُوْهُ ثُمَّ اذْرُوْا نِصْفَهٗ فِي الْبَرِّ وَنِصْفَهٗ فِي الْبَحْرِ فَوَاللّٰهِ لَئِنْ قَدَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ لَيُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا لَّا يُعَذِّبُهٗ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ فَلَمَّا مَاتَ فَعَلُوْا مَا اَمَرَهُمْ فَاَمَرَ اللّٰهُ الْبَحْرَ فَجَمَعَ مَا فِيْهِ وَاَمَرَ الْبَرَّ فَجَمَعَ مَا فِيْهِ ثُمَّ قَالَ لَهٗ لِمَ فَعَلْتَ هٰذَا قَالَ مِنْ خَشْيَتِكَ يَا رَبِّ وَاَنْتَ اَعْلَمُ فَغَفَرَ لَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص نے کہا اپنے گھر والوں سے اس نے کبھی بھلائی نہیں کی تھی ایک روایت میں ہے ایک شخص نے اپنے نفس پر زیادتی کی جب اس کو موت آئی تو اس نے اپنے بیٹوں کو وصیت کی جب میں مرجاؤں مجھ کو جلا دینا اس کی آدھی راکھ جنگل میں اڑا دینا اور آدھی دریا میں اللہ کی قسم اگر اس پر اللہ نے تنگی کی تو ایسا عذاب کرے گا کہ اس جیسا کسی کو نہ ہوگا جب وہ مرگیا تو اس کے بیٹوں نے اس کے حکم کے مطابق کیا اللہ نے دریا کو حکم کیا جو کچھ اس میں تھا جمع کیا اور جنگل کو حکم کیا جو کچھ اس میں تھا جمع کیا اللہ نے فرمایا یہ تو نے کیونکر کیا تھا اس شخص نے کہا میں نے تیرے ڈر سے یہ کیا ہے اے میرے رب تو بہت جاننے والا ہے اس کو اللہ نے بخشا۔ (متفق علیہ)

۲۲۶۰ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْيٌ فَاِذَا امْرَاَةٌ مِّنَ السَّبْيِ قَدْ تَحْلُبُ ثَدْيُهَا تَسْعٰى اِذَا وَجَدَتْ صَبِيًّا فِي السَّبْيِ اَخَذَتْهُ فَاَلْصَقَتْهُ بِبَطْنِهَا وَاَرْضَعَتْهُ فَقَالَ لَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَرَوْنَ هٰذِهٖ طَارِحَةً وَّلَدَهَا فِي النَّارِ فَقُلْنَا لَا وَ

حضرت عمر بن الخطاب سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس قیدی آئے قیدیوں میں ایک عورت تھی اس کی چھاتی بہتی تھی جس وقت اس نے ایک لڑکے کو پالیا قیدیوں میں دوڑتے ہوئے اس کو اٹھالیا اپنے پیٹ سے لگایا اور دودھ پلایا ہم کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم اس عورت کو گمان کرتے ہو کہ یہ اپنا بچہ آگ میں ڈالے گی ہم نے کہا جب تک وہ اس پر قادر ہوگی نہیں ڈالے گی پس فرمایا اس عورت سے کئی گنا زیادہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر رحم کرنے والا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

هِيَ تَقْدِرُ عَلَى أَنْ لَّا تَطْرَحَهُ فَقَالَ اللّٰهُ أَرْحَمُ بِعِبَادِهِ مِنْ هٰذِهِ بِوَلَدِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

(متفق علیہ)

۲۳۶۱ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يُّنْجِيَ أَحَدًا مِّنْكُمْ عَمَلُهُ قَالُوْا وَلَا أَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَلَا أَنَا إِلَّا أَنْ يَّتَغَمَّدَنِيَ اللّٰهُ مِنْهُ بِرَحْمَتِهِ فَسَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا وَاغْدُوْا وَرُوْحُوْا وَشَيْءٌ مِّنَ الدُّلْجَةِ وَالْقَصْدَ الْقَصْدَ تَبْلُغُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کسی کو اس کا عمل نجات نہیں دے گا صحابہ رضؓ نے عرض کی نہ آپ کو اے اللہ کے رسول فرمایا نہ مجھ کو مگر یہ کہ اللہ مجھ کو اپنی رحمت سے ڈھانکے اپنے عمل کو درست کرو اور طالب ثواب رہو اول دن میں اور آخر دن عبادت کرو اور کچھ رات کو میانہ روی اختیار کرو میانہ روی اختیار کرو تم مقصد کو پہنچو گے۔ (متفق علیہ)

۲۳۶۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُدْخِلُ أَحَدًا مِّنْكُمْ عَمَلُهُ الْجَنَّةَ وَلَا يُجِيْرُهُ مِنَ النَّارِ وَلَا أَنَا إِلَّا بِرَحْمَةِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کسی کو اس کا عمل بہشت میں داخل نہیں کرے گا اور نہ ہی اس کو دوزخ سے بچا دے گا نہ ہی مجھ کو مگر اللہ کی رحمت کے ساتھ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۶۳ وَعَنْ أَبِي سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَسْلَمَ الْعَبْدُ فَحَسُنَ إِسْلَامُهُ يُكَفِّرُ اللّٰهُ عَنْهُ كُلَّ سَيِّئَةٍ كَانَ زَلَفَهَا وَكَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ الْقِصَاصُ الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا إِلٰى سَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ إِلٰى أَضْعَافٍ كَثِيْرَةٍ وَالسَّيِّئَةُ بِمِثْلِهَا إِلَّا أَنْ يَّتَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوسعید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب بندہ اسلام لاوے اگر اس کا اسلام اچھا ہے اللہ تعالیٰ اس سے اس کے پہلے گناہ معاف کر دیتا ہے اور جو اس کے بعد ہے ایک نیکی کے بدلے دس نیکی لکھی جاتی ہے سات سو تک بلکہ اس سے بھی زیادہ تک اور برائی اس کی مانند لکھی جاتی ہے مگر یہ کہ اللہ اس سے تجاوز کرے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۳۶۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے نیکیاں اور برائیاں لکھیں جو

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ كَتَبَ الْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ فَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كَتَبَهَا اللّٰهُ لَهُ عِنْدَهُ حَسَنَةً كَامِلَةً فَإِنْ هَمَّ بِهَا فَعَمِلَهَا كَتَبَهَا اللّٰهُ لَهُ عِنْدَهُ عَشْرَ حَسَنَاتٍ إِلَى سَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ إِلَى أَضْعَافٍ كَثِيرَةٍ وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كَتَبَهَا اللّٰهُ لَهُ عِنْدَهُ حَسَنَةً كَامِلَةً فَإِنْ هُوَ هَمَّ بِهَا فَعَمِلَهَا كَتَبَهَا اللّٰهُ لَهُ سَيِّئَةً وَاحِدَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

شخص نیکی کا قصد کرے اور نیکی نہ کرے اللہ اپنے نزدیک ایک پوری نیکی لکھتا ہے اگر نیکی کا قصد کرے اور اس کو کرے اس کے بدلے اپنے پاس دس نیکیوں سے لے کر سات سو تک بلکہ اس سے بھی زیادہ تک لکھ دیتا ہے جس نے برائی کا قصد کیا اور برائی نہ کی اللہ اپنے پاس ایک پوری نیکی لکھ دیتا ہے اگر قصد کیا ایک برائی کا پھر اس کو کیا اللہ تعالیٰ اس کے بدلے ایک برائی لکھ دیتا ہے (روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۲۳۶۵/۱۱ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مَثَلَ الَّذِي يَعْمَلُ السَّيِّئَاتِ ثُمَّ يَعْمَلُ الْحَسَنَاتِ كَمَثَلِ رَجُلٍ كَانَتْ عَلَيْهِ دِرْعٌ ضَيِّقَةٌ قَدْ خَنَقَتْهُ ثُمَّ عَمِلَ حَسَنَةً فَانْفَكَّتْ حَلْقَةٌ ثُمَّ عَمِلَ أُخْرَى فَانْفَكَّتْ أُخْرَى حَتّٰى تَخْرُجَ إِلَى الْأَرْضِ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اس نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس شخص کا حال جو برائیاں کرتا ہو پھر نیکیاں کرے اس شخص کی مانند ہے کہ اس پر زرہ ہے تنگ حلقوں والی جس نے اس کا گلا گھونٹ رکھا ہے جب اس نے نیکی کی اس کا حلقہ کھل گیا۔ پھر عمل کیا دوسرا حلقہ کھل گیا یہاں تک کہ کھلی زمین کی طرف نکل پڑا۔ (روایت کیا اس کو شرح السنہ میں)

۲۳۶۶/۱۲ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُصُّ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَقُولُ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ قُلْتُ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ الثَّانِيَةَ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ فَقُلْتُ

ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ منبر پر نصیحت فرماتے تھے اور وہ یہ فرماتے تھے جو اللہ کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈر گیا اس کے لئے دو بہشتیں ہیں۔ میں نے کہا اگر اس نے زنا کیا اور چوری کی اے اللہ کے رسول آپ نے فرمایا دوسری بار اس شخص کے لئے جو اللہ کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرا دو بہشتیں ہیں۔ میں نے

besturdubooks.wordpress.com

الثَّانِيَةَ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ الثَّالِثَةَ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتَانِ فَقُلْتُ الثَّالِثَةَ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَإِنْ رَغِمَ أَنْفُ أَبِي الدَّرْدَاءِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

دوبارہ کہا اگرچہ زنا اور چوری کرے اے اللہ کے رسول؟ آپ نے تیسری بار فرمایا اس شخص کے لئے جو اپنے رب کے روبرو کھڑا ہونے سے ڈرا دو جنت ہیں میں نے تیسری بار کہا اگرچہ زنا اور چوری کرے اے اللہ کے رسول؟ آپ نے فرمایا اگرچہ ابوالدرداء کی ناک خاک آلود ہو۔ (روایت کیا اس کو احمد نے)

۲۳۶۷/۱۳ وَعَنْ عَامِرٍ الرَّامِ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَهٗ يَعْنِي عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ أَقْبَلَ رَجُلٌ عَلَيْهِ كِسَاءٌ وَفِي يَدِهٖ شَيْءٌ قَدِ الْتَفَّ عَلَيْهِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَرَرْتُ بِغَيْضَةِ شَجَرٍ فَسَمِعْتُ فِيْهَا أَصْوَاتَ فِرَاخِ طَائِرٍ فَأَخَذْتُهُنَّ فَوَضَعْتُهُنَّ فِي كِسَائِي فَجَاءَتْ أُمُّهُنَّ فَاسْتَدَارَتْ عَلٰى رَأْسِي فَكَشَفْتُ لَهَا عَنْهُنَّ فَوَقَعَتْ عَلَيْهِنَّ فَلَفَفْتُهُنَّ بِكِسَائِي فَهُنَّ أُولَاءِ مَعِي قَالَ ضَعْهُنَّ فَوَضَعْتُهُنَّ وَأَبَتْ أُمُّهُنَّ إِلَّا لُزُوْمَهُنَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَعْجَبُوْنَ لِرَحْمَةِ أُمِّ الْأَفْرَاخِ فِرَاخَهَا فَوَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ اللّٰهُ أَرْحَمُ بِعِبَادِهٖ مِنْ أُمِّ الْأَفْرَاخِ بِفِرَاخِهَا ارْجِعْ بِهِنَّ حَتّٰى تَضَعَهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَخَذْتَهُنَّ وَأُمُّهُنَّ مَعَهُنَّ فَرَجَعَ بِهِنَّ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

عامر رامی تیر انداز سے روایت ہے انہوں نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے اچانک ایک شخص آیا اس پر ایک کمبل تھی اور اس کے ہاتھ میں ایک چیز تھی اس پر کمبل لپٹی ہوئی تھی کہا اے اللہ کے رسول؟ میں بن کے درختوں میں سے گذرا تو میں نے جانوروں کے بچوں کی آواز سنی میں نے ان کو پکڑ لیا اور میں نے ان کو اپنی کمبل میں رکھ لیا بچوں کی ماں میرے سر پر پھرنے لگی میں نے بچوں پر سے کمبل کھول دی ان کی ماں بھی آکر ان میں بیٹھ گئی میں نے اس کو بھی لپیٹ لیا اور یہ سب میرے پاس ہیں آپ نے فرمایا ان کو رکھ دے میں نے ان کو رکھ دیا اور ان کی ماں نے چھوڑ دی ہر چیز سوائے چمٹنے کے ان کے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا ماں کے اپنے بچوں پر رحم کرنے سے تم تعجب کرتے ہو اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے اللہ تعالیٰ بہت زیادہ رحم کرنے والا ہے اپنے بندوں پر ماں کے رحم سے جو وہ اپنے بچوں پر کرتی ہے جان کو لے جا اور وہاں رکھ جہاں سے پکڑا تھا اور ان کی ماں ان کے ساتھ تھی وہ ان کو لے گیا۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۳۶۸/۱۴ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ غَزَوَاتِهٖ فَمَرَّ بِقَوْمٍ فَقَالَ مَنِ الْقَوْمُ قَالُوْا نَحْنُ الْمُسْلِمُوْنَ وَامْرَأَةٌ تَخْضِبُ بِقِدْرِهَا وَمَعَهَا ابْنٌ لَّهَا فَاِذَا ارْتَفَعَتْ وَهَجٌ تَحَتَّتْ بِهٖ فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ قَالَتْ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ اَلَيْسَ اللّٰهُ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ قَالَ بَلٰى قَالَتْ اَلَيْسَ اللّٰهُ اَرْحَمَ بِعِبَادِهٖ مِنَ الْاُمِّ بِوَلَدِهَا قَالَ بَلٰى قَالَتْ اِنَّ الْاُمَّ لَا تُلْقِيْ وَلَدَهَا فِي النَّارِ فَاَكَبَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِيْ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهٗ اِلَيْهَا فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُعَذِّبُ مِنْ عِبَادِهٖ اِلَّا الْمَارِدَ الْمُتَمَرِّدَ الَّذِيْ يَتَمَرَّدُ عَلَى اللّٰهِ وَاَبٰى اَنْ يَّقُوْلَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ بعض غزوات میں آپ چند لوگوں پر سے گذرے آپ نے فرمایا تم کون ہو انہوں نے عرض کی ہم مسلمان ہیں ایک عورت اپنی ہانڈی کے نیچے آگ جلاتی تھی اس کے ساتھ اس کا بیٹا تھا جب آگ کی لپٹ اٹھتی تو بچے کو دور کر لیتی پھر وہ عورت نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی۔ کہا آپ اللہ کے رسول ہیں آپ نے فرمایا ہاں۔ عورت نے کہا میرے ماں باپ آپ پر قربان۔ کیا اللہ بہت رحم کرنے والوں کا رحم کرنے والا نہیں ماں کا اپنے بچے پر رحم کرنے سے فرمایا ہاں۔ عورت نے کہا۔ ماں اپنے بچے کو آگ میں نہیں ڈالتی آپ نے اپنا سر مبارک جھکایا اس حال میں کہ آپ رو رہے تھے پھر سر مبارک اٹھایا۔ اس عورت کی طرف۔ فرمایا اللہ اپنے بندوں میں سے عذاب نہیں کرتا مگر اللہ تعالیٰ پر سرکشی کرنے والے کو جو لا الہ الا اللہ کا انکار کرے۔

(روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۲۳۶۹/۱۵ وَعَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْعَبْدَ لَيَلْتَمِسُ مَرْضَاةَ اللّٰهِ فَلَا يَزَالُ بِذٰلِكَ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِجِبْرَئِيْلَ اِنَّ فُلَانًا عَبْدِيْ يَلْتَمِسُ اَنْ يُّرْضِيَنِيْ اَلَا وَاِنَّ رَحْمَتِيْ عَلَيْهِ فَيَقُوْلُ جِبْرَئِيْلُ

ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا۔ بندہ اللہ کی مرضی تلاش کرتا ہے ہمیشہ تلاش کرتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ جبریل علیہ السلام کو فرماتا ہے میرا فلاں بندہ میری رضامندی تلاش کرتا ہے خبردار اس پر میری رحمت ہے۔ جبریل کہتا ہے خدا کی رحمت فلاں شخص پر ہے یہی کلمہ عرش کو اٹھانے والے کہتے ہیں

رَحِمَهُ اللّٰهُ عَلٰى فُلَانٍ وَّيَقُوْلُهَا حَمَلَةُ الْعَرْشِ وَيَقُوْلُهَا مَنْ حَوْلَهُمْ حَتّٰى يَقُوْلَهَا اَهْلُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ ثُمَّ تَهْبِطُ لَهٗ اِلَى الْاَرْضِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

اور وہ جو ان کے ارد گرد ہیں یہاں تک کہ اس بات کو ساتوں آسمانوں کے فرشتے کہتے ہیں پھر وہ رحمت زمین کی طرف اس شخص کے لیے نازل ہوتی ہے (روایت کیا اس کو احمد نے)

۲۳۷۰ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ وَّمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ قَالَ كُلُّهُمْ فِي الْجَنَّةِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ)

اسامہؓ بن زید سے روایت ہے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں کہ بعض ان میں سے ظالم ہیں اپنے نفسوں کے لئے اور بعض میانہ رو ہیں اور بعض نیکیوں میں سبقت لے جانے والے ہیں۔ فرمایا یہ سب بہشت میں ہیں۔ (روایت کیا اس کو بیہقی نے کتاب بعث والنشور میں۔

# بَابُ مَا يَقُوْلُ عِنْدَ الصَّبَاحِ وَالْمَسَاءِ وَالْمَنَامِ

# صبح اور شام اور سونے کے وقت کی دعاؤں کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۳۷۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَمْسٰى قَالَ اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَخَيْرِ مَا فِيْهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ

جد اللہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب شام کرتے فرماتے ہم شام میں داخل ہوئے اور اللہ کا ملک بھی شام میں داخل ہوا اللہ کے لئے تمام تعریفیں ہیں اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اس کی بادشاہی ہے اور اسی کے لئے تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اے اللہ میں اس رات کی بھلائی مانگتا ہوں اور جو اس میں ہے اس رات کی برائی سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور جو اس میں ہے اے اللہ تیری پناہ چاہتا ہوں کاہلی سے، بڑھاپے سے اور برے بڑھاپے کی برائی سے اور دنیا کے

besturdubooks.wordpress.com

التَّسَلِ وَالْهَرَمِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ وَفِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَإِذَا أَصْبَحَ قَالَ ذٰلِكَ أَيْضًا أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَفِي رِوَايَةٍ رَبِّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

فتنہ سے اور قبر کے عذاب سے اور جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صبح کرتے تو بھی فرماتے اصبحنا واصبح الملک للہ ایک روایت میں ہے اے رب تیرے ساتھ دوزخ والے عذاب سے پناہ مانگتا ہوں اور قبر کے عذاب سے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۷۲/۲ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ مِنَ اللَّيْلِ وَضَعَ يَدَهُ تَحْتَ خَدِّهِ ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيٰى وَإِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَمَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَنِ الْبَرَاءِ۔

حذیفہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو اپنے بستر پر تشریف لے جاتے تو اپنا داہنا ہاتھ دائیں رخسارہ کے نیچے رکھتے فرماتے اے اللہ تیرے نام سے مرتا ہوں اور زندہ ہوتا ہوں جب جاگتے فرماتے تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہم کو مرنے کے بعد پھر زندہ فرمایا اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے اور مسلم نے براء سے۔

۲۳۷۳/۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَوٰى أَحَدُكُمْ إِلٰى فِرَاشِهِ فَلْيَنْفُضْ فِرَاشَهُ بِدَاخِلَةِ إِزَارِهِ فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي مَا خَلَفَهُ عَلَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ بِاسْمِكَ رَبِّي وَضَعْتُ جَنْبِي وَبِكَ أَرْفَعُهُ إِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِي فَارْحَمْهَا وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ وَفِي رِوَايَةٍ ثُمَّ لِيَضْطَجِعْ عَلٰى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ ثُمَّ لِيَقُلْ بِاسْمِكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ فَلْيَنْفُضْهُ بِصَنِفَةِ ثَوْبِهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَإِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِي فَاغْفِرْ لَهَا۔

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ایک تمہارا اپنے بستر پر لیٹے تو اپنے بستر لنگی کے اندرونی کنارے سے جھاڑنا چاہیے کیونکہ اس کو معلوم نہیں کہ اس کے بعد اس کے بستر پر کیا چیز واقع ہوئی ہے۔ اور یہ دعا پڑھے اے میرے پروردگار تیرے نام سے میں نے اپنا پہلو رکھا اور تیرے نام سے ہی اٹھاؤں گا۔ اگر تو نے میری جان قبض کر لی تو اس پر رحم فرمانا اور اگر زندہ رہنے دیا تو اس کی حفاظت فرمانا جیسا تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت فرماتا ہے ایک روایت میں ہے کہ داہنی کروٹ لیٹے پھر یہ دعا پڑھے۔ باسمک الخ (متفق علیہ) ایک روایت میں ہے اپنے بستر کو تین بار جھاڑے اپنے کپڑے کے کنارے سے وان امسکت نفسی فاغفرلہا۔

۲۳۷۴ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَوَى إِلٰى فِرَاشِهٖ نَامَ عَلٰى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِيْ إِلَيْكَ وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ إِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ أَمْرِيْ إِلَيْكَ وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ إِلَيْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ أَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَهُنَّ ثُمَّ مَاتَ تَحْتَ لَيْلَتِهٖ مَاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ يَا فُلَانُ إِذَا أَوَيْتَ إِلٰى فِرَاشِكَ فَتَوَضَّأْ وُضُوْءَكَ لِلصَّلٰوةِ ثُمَّ اضْطَجِعْ عَلٰى شِقِّكَ الْأَيْمَنِ ثُمَّ قُلِ اللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِيْ إِلَيْكَ إِلٰى قَوْلِهٖ أَرْسَلْتَ وَقَالَ فَإِنْ مُتَّ مِنْ لَّيْلَتِكَ مُتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ وَإِنْ أَصْبَحْتَ أَصَبْتَ خَيْرًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

براء بن عازب رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بستر کی طرف آتے تو دائیں کروٹ لیٹتے فرماتے یا الٰہی میں نے اپنے نفس کو تیرے حکم کے مطیع کیا اور اپنے چہرہ کو تیری طرف متوجہ کیا اپنے سب کام آپ پر سونپ دیئے۔ اور میں نے تجھ پر اعتماد کیا شوق اور خوف سے تیری رحمت کے بغیر تیرے عذاب سے نجات نہیں جو تو نے کتاب نازل فرمائی۔ میں اس پر ایمان لایا اور تیرے نبی پر جس کو تو نے مبعوث فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے ان کلمات کو کہا اگر اسی رات اس کو موت آگئی تو یہ اسلام پر موت ہوگی ——— ایک روایت میں ہے براء رضؓ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو فرمایا اے فلانے جب تو بستر پر جگہ پکڑے تو نماز والا وضو کر۔ پھر اپنی داہنی کروٹ پر لیٹ پھر یہ دعا کہہ اللھم انی اسلمت نفسی ایک سے ارسلت تک آپ نے فرمایا اگر تو اس رات مر گیا تیری موت دین اسلام پر ہوگی اگر صبح کی بھلائی کو تو پہنچے گا (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۳۷۵ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَوَى إِلٰى فِرَاشِهٖ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَكَفَانَا وَآوَانَا فَكَمْ مِمَّنْ لَّا كَافِيَ لَهٗ وَلَا مُؤْوِيَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انس رضؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بستر کی طرف آتے تو فرماتے سب حمد اللہ کے لئے ہے جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور ہماری تمام مہمات کو دور فرمایا ہمیں جگہ دی بہت لوگ ایسے ہیں جن کی کوئی کفایت نہیں کرتا اور نہ ہی ان کو ٹھکانا دیتا ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

۲۳۷۶ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّ فَاطِمَةَ اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشْكُوْ اِلَيْهِ مَا تَلْقٰى فِيْ يَدِهَا مِنَ الرَّحٰى وَبَلَغَهَا اَنَّهٗ جَاءَهٗ رَقِيْقٌ فَلَمْ تُصَادِفْهُ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِعَائِشَةَ فَلَمَّا جَاءَ اَخْبَرَتْهُ عَائِشَةُ قَالَ فَجَاءَنَا وَقَدْ اَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا فَذَهَبْنَا نَقُوْمُ فَقَالَ عَلٰى مَكَانِكُمَا فَجَاءَ فَقَعَدَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهَا حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ قَدَمِهٖ عَلٰى بَطْنِيْ فَقَالَ اَلَا اَدُلُّكُمَا عَلٰى خَيْرٍ مِّمَّا سَاَلْتُمَا اِذَا اَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا فَسَبِّحَا ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَاحْمَدَا ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَكَبِّرَا اَرْبَعًا وَّثَلٰثِيْنَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمَا مِنْ خَادِمٍ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ رضؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مشقت کی شکایت کی خاطر آئیں جو چکی کی وجہ سے ہاتھوں کو پہنچی تھی حضرت فاطمہ رضؓ کو یہ خبر ملی کہ آپ کے پاس غلام آئے ہوئے ہیں حضرت فاطمہؓ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات نہ ہوئی یہ سارا قصہ حضرت عائشہ رضؓ کے سامنے پیش کر دیا جب آپؐ تشریف لائے تو حضرت عائشہ رضؓ نے اس قصے کی خبر دی حضرت علیؓ نے کہا آپ ہمارے پاس تشریف لائے ہم اپنے بچھونوں پر لیٹے ہوئے تھے ہم نے اٹھنے کا ارادہ کیا آپؐ نے فرمایا اسی حالت پر رہو آپ ہمارے درمیان بیٹھ گئے یہاں تک کہ میں نے پیٹ پر آپ کے قدم مبارک کی ٹھنڈک محسوس کی فرمایا کیا میں تم کو اس چیز سے بہتر نہ بتلاؤں جو تم نے مانگی ہے وہ یہ ہے جب تم اپنے بستر پر جاؤ تینتیس بار سبحان اللہ، تینتیس بار الحمد للہ چونتیس بار اللہ اکبر پڑھا کرو یہ وظیفہ خادم سے بہتر ہے (متفق علیہ)

۲۳۷۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَتْ فَاطِمَةُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهٗ خَادِمًا فَقَالَ اَلَا اَدُلُّكِ عَلٰى مَا هُوَ خَيْرٌ مِّنْ خَادِمٍ تُسَبِّحِيْنَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَتَحْمَدِيْنَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَتُكَبِّرِيْنَ اللّٰهَ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِيْنَ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَّعِنْدَ مَنَامِكِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا فاطمہ رضؓ حضرت کے پاس آئیں خادم طلب کرنے کے ارادہ سے آپؐ نے فرمایا میں تم کو خادم سے بہتر چیز نہ بتلاؤں سبحان اللہ تینتیس بار، الحمد للہ تینتیس بار، اللہ اکبر چونتیس بار پڑھ ہر نماز کے بعد اور سونے کے وقت (روایت کیا اس کو مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۳۷۸ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَصْبَحَ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کرتے فرماتے یا الٰہی ہم نے تیری قدرت

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ اللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا وَبِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوتُ وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ وَإِذَا أَمْسَى قَالَ اللّٰهُمَّ بِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ أَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوتُ وَإِلَيْكَ النُّشُورُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ)

۲۲۷۹/۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ أَبُوبَكْرٍ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مُرْنِي بِشَيْءٍ أَقُولُهُ إِذَا أَصْبَحْتُ وَإِذَا أَمْسَيْتُ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ قُلْهُ إِذَا أَصْبَحْتَ وَإِذَا أَمْسَيْتَ وَإِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

۲۲۸۰/۱۰ وَعَنْ أَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ يَقُولُ فِي صَبَاحِ كُلِّ يَوْمٍ وَمَسَاءِ كُلِّ لَيْلَةٍ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَيَضُرُّهُ شَيْءٌ فَكَانَ أَبَانٌ قَدْ أَصَابَهُ طَرَفُ فَالِجٍ فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ إِلَيْهِ فَقَالَ لَهُ أَبَانٌ مَا تَنْظُرُ إِلَيَّ

سے صبح کی ہم نے تیری قدرت کے ساتھ شام کی ہم تیرے نام کے ساتھ مرتے جیتے ہیں۔ تیری طرف لوٹنا ہے شام کے وقت فرماتے الٰہی ہم نے تیری قدرت سے شام کی اور صبح کی ہم تیرے نام کے ساتھ مرتے جیتے ہیں اور تیری طرف ہم سب کا اٹھ کر جانا ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے۔

اسی ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا حضرت ابوبکر رضؓ نے کہا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا آپ مجھ سے ایسی چیز کا حکم فرمائیں جو میں صبح اور شام کے وقت کیا کروں آپ نے فرمایا کہہ یا الٰہی ظاہر اور پوشیدہ کے جاننے والے زمین و آسمان کو پیدا کرنے والے ہر چیز کے پروردگار اور ہر چیز کے مالک میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تیرے ساتھ اپنے نفس کی برائی سے پناہ پکڑتا ہوں اور شیطان کی برائی سے اور اس کے شرک سے ان کلموں کو صبح و شام کہہ اور سوتے وقت کہہ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور دارمی نے)

ابان بن عثمان سے روایت ہے کہا میں نے اپنے باپ سے کہتے ہوئے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو بندہ ہر روز صبح و شام تین مرتبہ یہ کہے اس اللہ کے نام کے ساتھ میں نے صبح کی اور شام کی کہ جس کے نام سے زمین و آسمان کی کوئی چیز ضرر نہیں پہنچا سکتی وہ سننے والا جاننے والا ہے تو اس کو کوئی چیز ضرر نہیں پہنچا سکتی۔ ابان کو فالج کی بیماری پہنچی ایک شخص نے ابان کی طرف دیکھنا شروع کیا ابان نے کہا تو کیا دیکھتا ہے خبردار حدیث اسی طرح ہے جیسے کہ میں نے روایت کی تجھ کو لیکن یہ دعا میں اس دن نہ پڑھ سکا جس دن میں بیمار ہوا تاکہ اللہ تعالیٰ مجھ پر اپنی تقدیر کو نافذ فرمائے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے ابن ماجہ نے

besturdubooks.wordpress.com

أَمَّا إِنَّ الْحَدِيثَ كَمَا حَدَّثَتْكَ وَلَكِنِّي لَمْ أَقُلْهُ يَوْمَئِذٍ لِيُمْضِيَ اللّٰهُ عَلَيَّ قَدَرَهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَأَبُوْدَاوُدَ وَفِي رِوَايَتِهِ لَمْ تُصِبْهُ فُجَاءَةُ بَلَاءٍ حَتّٰى يُصْبِحَ وَمَنْ قَالَهَا حِيْنَ يُصْبِحُ لَمْ تُصِبْهُ فُجَاءَةُ بَلَاءٍ حَتّٰى يُمْسِيَ۔

اور ابوداؤد نے ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے جو شام کے وقت پڑھے اس کو اچانک مصیبت نہیں پہنچتی صبح تک اور جو صبح کو پڑھے اس کو شام تک کوئی مصیبت نہیں پہنچتی

۲۳۸۱/۱۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ إِذَا أَمْسٰى أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهَا وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ أَوِ الْكُفْرِ وَفِي رِوَايَةٍ مِنْ سُوْءِ الْكِبَرِ وَالْكِبْرِ رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ وَإِذَا أَصْبَحَ قَالَ ذٰلِكَ أَيْضًا أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَفِي رِوَايَتِهِ لَمْ يَذْكُرْ مِنْ سُوْءِ الْكُفْرِ

عبداللہ رضؓ سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم شام کے وقت فرماتے اللہ کے واسطے ہم نے اور ہمارے ملک نے شام کی۔ تمام تعریفیں خدا کے لئے ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے بادشاہت ہے اسی کے لئے تعریف ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے اے میرے پروردگار! تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں اس چیز کی جو اس رات میں واقع ہو اور اس کی بھلائی سے جو اس کے بعد واقع ہو۔ میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس رات میں واقع ہونے والے شر سے اور اس کی برائی سے جو کہ اس رات کے بعد واقع ہو یا الٰہی! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں، عبادت میں سستی سے اور بڑھاپے کی برائی سے یا کہا کفر کی برائی سے اور ایک روایت میں ہے بڑھاپے اور تکبر کی برائی سے میرے رب! میں آپ سے دوزخ اور قبر کے عذاب کے بارے میں پناہ مانگتا ہوں جب آپ صبح فرماتے یہی کلمے فرماتے اصبحنا واصبح الملک للہ۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے ترمذی کی روایت میں سوء الکفر کا لفظ مذکور نہیں

۲۳۸۲/۱۲ وَعَنْ بَعْضِ بَنَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهَا فَيَقُوْلُ قُوْلِي

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض بیٹیوں سے روایت ہے کہ آپ ان کو سکھلاتے فرماتے صبح کے وقت کہہ اللہ کے لئے ہی پاکی ہے اس کی تعریف کے ساتھ اللہ کی مدد کے بغیر

besturdubooks.wordpress.com

حِيْنَ تُصْبِحِيْنَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا فَاِنَّهٗ مَنْ قَالَهَا حِيْنَ يُصْبِحُ حُفِظَ حَتّٰى يُمْسِيَ وَمَنْ قَالَهَا حِيْنَ يُمْسِيْ حُفِظَ حَتّٰى يُصْبِحَ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی قوت نہیں جو اللہ چاہے وہی ہوتا ہے جو نہ چاہے نہیں ہوتا میں یقین رکھتا ہوں کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور اللہ اپنے علم سے ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے جو شخص یہ کلمات صبح کے وقت کہے شام تک محفوظ رہتا ہے اور جو شام کو کہے صبح تک محفوظ رہتا ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۳۸۳/۱۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ وَ لَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ عَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ اِلٰى قَوْلِهٖ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ اَدْرَكَ مَا فَاتَهٗ فِيْ يَوْمِهٖ ذٰلِكَ وَمَنْ قَالَهُنَّ حِيْنَ يُمْسِيْ اَدْرَكَ مَا فَاتَهٗ فِيْ لَيْلَتِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات کہے فسبحان اللہ حین تمسون وحین تصبحون ولہ الحمد فی السموٰت والارض وعشیا وحین تظہرون الی قولہ وکذالک تخرجون جس نے یہ آیتیں صبح کے وقت پڑھیں اس نے اس چیز کو پایا جو اس سے اس دن میں رہ گئی تھی اور جس نے شام کو یہ پڑھیں اس نے اس چیز کو پایا جو اس سے اس رات کو رہ گئی تھیں (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۳۸۴/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ عَيَّاشٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ كَانَ لَهٗ عِدْلَ رَقَبَةٍ مِّنْ وُّلْدِ اِسْمٰعِيْلَ وَكُتِبَ لَهٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَّحُطَّ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ وَّرُفِعَ لَهٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ وَّكَانَ فِيْ

ابو عیاش رضؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص صبح کے وقت یہ کہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہی ہے اور ہر قسم کی تعریف اسی کے لئے ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے اس کے لئے حضرت اسمٰعیل کی اولاد سے غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ہوتا ہے اس کے لئے دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور دس برائیاں دور کی جاتی ہیں اور دس درجے بلند کئے جاتے ہیں۔ اور شام تک اللہ کی پناہ

besturdubooks.wordpress.com

حِرْزٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ حَتّٰى يُمْسِيَ وَاِنْ قَالَهَا اِذَا اَمْسٰى كَانَ لَهٗ مِثْلُ ذٰلِكَ حَتّٰى يُصْبِحَ فَرَاٰى رَجُلٌ رَّسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا عَيَّاشٍ يُحَدِّثُ عَنْكَ بِكَذَا وَكَذَا قَالَ صَدَقَ اَبُوْ عَيَّاشٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

میں ہوتا ہے شیطان سے اور جس نے ان کلموں کو شام کے وقت کہا اس کے لئے وہی ہوتا ہے صبح تک ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا خواب میں کہا اے اللہ کے رسول! ابو عیاش رضی اللہ عنہ آپ سے ایسی ایسی حدیث نقل کرتا ہے آپ نے فرمایا ابو عیاش نے سچ کہا۔ (روایت کیا اس کو ابو داؤد نے اور ابن ماجہ نے)

۲۲۸۵/۱۵ وَعَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُسْلِمٍ التَّمِيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اَسَرَّ اِلَيْهِ فَقَالَ اِذَا انْصَرَفْتَ مِنْ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ فَقُلْ قَبْلَ اَنْ تُكَلِّمَ اَحَدًا اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ سَبْعَ مَرَّاتٍ فَاِنَّكَ اِذَا قُلْتَ ذٰلِكَ ثُمَّ مُتَّ فِيْ لَيْلَتِكَ كُتِبَ لَكَ جِوَارٌ مِّنْهَا وَاِذَا صَلَّيْتَ الصُّبْحَ فَقُلْ كَذٰلِكَ فَاِنَّكَ اِذَا مُتَّ فِيْ يَوْمِكَ كُتِبَ لَكَ جِوَارٌ مِّنْهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حارث بن مسلم تمیمی سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ نے آہستہ سے ان سے بات کہی کہ جب تو نماز مغرب سے فارغ ہو کلام کرنے سے پہلے یہ کہہ یا الٰہی مجھ کو آگ سے پناہ دے سات مرتبہ اگر تو یہ کہے گا اور تیری موت اسی رات آجائے گی تو آگ سے خلاصی پائے گا صبح کی نماز پڑھنے کے بعد اسی طرح سات مرتبہ کہے اگر تیری موت اسی دن واقع ہوگئی تو آگ سے خلاصی پا دے گا۔ (روایت کیا اس کو ابو داؤد نے)

۲۲۸۶/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمْ يَكُنْ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَعُ هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ حِيْنَ يُمْسِيْ وَحِيْنَ يُصْبِحُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِيْ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ يَّمِيْنِيْ وَعَنْ

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کلمات کو صبح اور شام کے وقت کبھی نہ چھوڑا تھا اے اللہ میں آپ سے دنیا اور آخرت میں عافیت چاہتا ہوں اے اللہ میں آپ سے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں دینی امور میں سلامتی اور اپنی دنیا کی اور اپنے اہل اور مال میں اے اللہ میرے عیب چھپا دے اور مجھے خوف کی اشیاء سے امن بخش اے اللہ مجھ کو آگے پیچھے اور داہنے اور بائیں طرف اور اوپر سے محفوظ فرما اور اس بات کی پناہ مانگتا ہوں تیری بڑائی کے ساتھ کہ میں اپنے نیچے سے

besturdubooks.wordpress.com

شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ وَأَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ يَعْنِي الْخَسْفَ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

ہلاک کیا جاؤں یعنی زمین میں دھنس جانے سے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۲۲۸۷/۱۷ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ اَللّٰهُمَّ أَصْبَحْنَا نُشْهِدُكَ وَنُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلٰئِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ إِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ مَا أَصَابَهٗ فِيْ يَوْمِهٖ ذٰلِكَ مِنْ ذَنْبٍ وَإِنْ قَالَهَا حِيْنَ يُمْسِيْ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ مَا أَصَابَهٗ فِيْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ مِنْ ذَنْبٍ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو صبح کے وقت یہ کلمات کہتا ہو اے اللہ ہم نے صبح اس حالت میں کی کہ آپ کو گواہ کرتے ہیں اور تیرے عرش کو اٹھانے والوں کو گواہ کرتے ہیں تیرے فرشتوں اور تیری تمام مخلوقات کو اس بات پر کہ تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے اور رسول ہیں۔ مگر اللہ اس کے وہ گناہ بخش دیتا ہے جو اس سے اس دن میں سرزد ہوئے اگر ان کلمات کو شام کے وقت کہے اللہ اس کے وہ گناہ بخشتا ہے جو رات کو سرزد ہوئے۔ (روایت کیا ہے ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے۔

۲۲۸۸/۱۸ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَقُوْلُ إِذَا أَمْسٰى وَإِذَا أَصْبَحَ ثَلٰثًا رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا إِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُرْضِيَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

ثوبان رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی ایسا مسلمان بندہ نہیں جو صبح و شام یہ تین بار کہے میں اللہ پر راضی ہوا رب ہونے کے لحاظ سے اور اسلام پر دین ہونے کی صورت میں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رسول ہونے کی خاطر۔ مگر اللہ پر ضروری ہوگا کہ قیامت کے دن اس کو راضی کرے (روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی نے)

۲۲۸۹/۱۹ وَعَنْ حُذَيْفَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَّنَامَ وَضَعَ يَدَهٗ تَحْتَ رَأْسِهٖ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَجْمَعُ عِبَادَكَ

حذیفہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سونے کا ارادہ فرماتے تو اپنا داہنا ہاتھ سر کے نیچے رکھتے پھر کہتے یا الٰہی! اس دن کے عذاب سے بچا جس دن تو بندوں کو جمع کرے گا۔ یا یہ لفظ فرمائے اس

besturdubooks.wordpress.com

اَوْ تَبْعَثُ عِبَادَكَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ عَنِ الْبَرَآءِ)

دن کہ تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور احمد نے براء سے)

۲۲۹۰/۲۰ وَعَنْ حَفْصَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّرْقُدَ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى تَحْتَ خَدِّهٖ ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سونے کا ارادہ فرماتے تو اپنا داہنا ہاتھ اپنے رخسار کے نیچے رکھتے فرماتے یا الٰہی تو اپنے اس دن کے عذاب سے بچا جب تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا تین بار (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۲۹۱/۲۱ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ عِنْدَ مَضْجَعِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ تَكْشِفُ الْمَغْرَمَ وَالْمَاْثَمَ اَللّٰهُمَّ لَا يُهْزَمُ جُنْدُكَ وَلَا يُخْلَفُ وَعْدُكَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سونے کے وقت فرماتے یا الٰہی میں تیرے بزرگ چہرہ کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں اور تیرے تمام کلمات کے ساتھ اس چیز کی برائی سے کہ تو پکڑنے والا ہے اس کی پیشانی کو اے اللہ تو قرض کو دور کرتا ہے اور گناہ کو اے اللہ تیرا لشکر شکست خوردہ نہیں ہو سکتا اور تیرا وعدہ خلاف نہیں ہوتا اور تیرے عذاب سے کسی دولتمند کو اس کی دولت مندی کام نہیں آسکتی تو پاک ہے تیری تعریف کے ساتھ تیری پاکی بیان کرتا ہوں (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۲۹۲/۲۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يَاْوِيْ اِلٰى فِرَاشِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ ذُنُوْبَهٗ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ اَوْ عَدَدَ رَمْلِ عَالِجٍ اَوْ عَدَدَ وَرَقِ الشَّجَرِ اَوْ عَدَدَ اَيَّامِ الدُّنْيَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے بستر پر جاتے وقت کہے اللہ سے بخشش چاہتا ہوں ایسا اللہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ ہے مخلوق کی خبرگیری کرنے والا ہے میں اس کی طرف توبہ کرتا ہوں یہ تین بار کہے اللہ اس کے گناہ بخش دیتا ہے اگرچہ گناہ دریا کی جھاگ کے برابر یا عالج جنگل کی ریت کے ذروں کے برابر ہوں یا درختوں کے پتوں کی تعداد کے برابر ہوں یا دنیا کے دنوں کی گنتی کے برابر ہوں (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے)

۲۲۹۳/۲۳ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ

شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ يَأْخُذُ مَضْجَعَهٗ يَقْرَأُ سُوْرَةً مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ اِلَّا وَكَّلَ اللّٰهُ بِهٖ مَلَكًا فَلَا يَقْرَبُهٗ شَيْءٌ يُؤْذِيْهِ حَتّٰى يَهُبَّ مَتٰى هَبَّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی مسلمان اپنی خواب گاہ پر سورت پڑھتے پڑھتے جگہ پکڑتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر ایک فرشتہ متعین کر دیتا ہے اس کے جاگتے وقت تک اس کو کوئی چیز تکلیف نہیں دے سکتی (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۲۹۴/۲۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَّتَانِ لَا يُحْصِيْهِمَا رَجُلٌ مُّسْلِمٌ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ اَلَا وَهُمَا يَسِيْرٌ وَّمَنْ يَّعْمَلُ بِهِمَا قَلِيْلٌ يُسَبِّحُ اللّٰهَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ عَشْرًا وَّيَحْمَدُهٗ عَشْرًا وَّيُكَبِّرُهٗ عَشْرًا قَالَ فَاَنَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُهَا بِيَدِهٖ قَالَ فَتِلْكَ خَمْسُوْنَ وَمِائَةٌ بِاللِّسَانِ وَاَلْفٌ وَخَمْسُمِائَةٍ فِي الْمِيْزَانِ وَاِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهٗ يُسَبِّحُهٗ وَيُكَبِّرُهٗ وَيَحْمَدُهٗ مِائَةٌ فَتِلْكَ مِائَةٌ بِاللِّسَانِ وَاَلْفٌ فِي الْمِيْزَانِ فَاَيُّكُمْ يَعْمَلُ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ اَلْفَيْنِ وَخَمْسَمِائَةِ سَيِّئَةٍ قَالُوْا وَكَيْفَ لَا نُحْصِيْهَا قَالَ يَاْتِيْ اَحَدَكُمُ الشَّيْطٰنُ وَهُوَ فِيْ صَلٰوتِهٖ فَيَقُوْلُ اذْكُرْ كَذَا اذْكُرْ كَذَا حَتّٰى يَنْفَتِلَ فَلَعَلَّهٗ اَنْ لَّا يَفْعَلَ وَيَاْتِيْهِ فِيْ مَضْجَعِهٖ فَلَا يَزَالُ يُنَوِّمُهٗ حَتّٰى يَنَامَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ

عبداللہ بن عمرو بن عاص سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو ایسی چیزیں ہیں جن کی حفاظت کرنے والا مسلمان بہشت میں داخل ہوگا خبردار وہ دونوں چیزیں آسان ہیں مگر ان پر عمل کرنے والے بہت کم ہیں ان میں سے ایک چیز یہ ہے ہر فرض نماز کے بعد دس بار سبحان اللہ پڑھے اور دس بار الحمد للہ پڑھے اور دس بار اللہ اکبر ابن عمر رضی نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ اپنے ہاتھ پر ان تسبیحات کو شمار کرتے آپ نے فرمایا زبان پر تو ڈیڑھ سو ہے مگر میزان میں ڈیڑھ ہزار ہے دوسری چیز یہ ہے کہ مسلمان جب بستر پر لیٹے تو اللہ کی تسبیح اور تکبیر اور تحمید پڑھے سو بار زبان پر تو سو بار ہیں مگر میزان میں ہزار ہیں تم میں کون اڑھائی ہزار گناہ کرتا ہے صحابہ رضی نے عرض کی ہم ان پر کیونکر حفاظت نہ کریں گے فرمایا ایک تمہارے کے پاس شیطان آتا ہے اور وہ نماز میں ہوتا ہے شیطان کہتا ہے فلاں فلاں چیز یاد کر یہاں تک کہ وہ نماز پڑھتا ہے شاید کہ وہ ان کلمات پر محافظت نہ کر سکے اور شیطان اس کی خواب گاہ پر آتا ہے تو وہ اس کو سلا دیتا ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور نسائی نے ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے آپ نے فرمایا دو خصلتیں ہیں کہ ان پر ہر مسلمان بندہ محافظت نہیں کرتا اور ابوداؤد کی روایت میں ان کے قول والف وخمس مائۃ فی المیزان کے بعد اس طرح ہے کہ چونتیس بار تکبیر کہے بستر پر لیٹتے وقت

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ خَصْلَتَانِ اَوْ خُلَّتَانِ لَا يُحَافِظُ عَلَيْهِمَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ وَّكَذَا فِيْ رِوَايَتِهٖ بَعْدَ قَوْلِهٖ وَاَلْفٌ وَّخَمْسُمِائَةٍ فِي الْمِيْزَانِ قَالَ وَ يُكَبِّرُ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِيْنَ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهٗ وَيَحْمَدُ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَيُسَبِّحُ ثَلٰثًا وَّ ثَلٰثِيْنَ وَفِيْ اَكْثَرِ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ۔

تحمید اور تسبیح کرے تنتیس بار، مصابیح کے اکثر نسخوں میں عبداللہ بن عمر سے روایت ہے

۲۲۹۵/۲۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَنَّامٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ فَقَدْ اَدّٰى شُكْرَ يَوْمِهٖ وَمَنْ قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ حِيْنَ يُمْسِيْ فَقَدْ اَدّٰى شُكْرَ لَيْلَتِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

عبداللہؓ بن غنام سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح کے وقت کہے یا الٰہی! جو نعمت مجھے یا تیری مخلوق میں سے کسی کو صبح کے وقت حاصل ہوتی ہے وہ تیرے اکیلے کی طرف سے ہے تیرا کوئی شریک نہیں تیرے لئے تعریف ہے اور شکر اور جو یہ دعا صبح کو پڑھے تو اس نے اس دن کا شکر ادا کیا اور اس کی مانند شام کو کہے تو اس نے رات کا شکریہ ادا کیا۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۲۹۶/۲۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا اٰوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَرَبَّ الْاَرْضِ وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى مُنْزِلَ التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَّاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَّاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَّاَنْتَ الْبَاطِنُ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ جب اپنے بستر پر لیٹتے تو فرماتے یا الٰہی آسمانوں اور زمین کے پروردگار اور ہر چیز کے پروردگار دانے اور گٹھلی کے پھاڑنے والے۔ تورات انجیل اور قرآن مجید کے اتارنے والے میں تیرے ساتھ ہر برائی والے سے پناہ پکڑتا ہوں کہ تو ہی اس کی پیشانی کے بال پکڑنے والا ہے تو سب سے پہلے ہے آپ سے پہلے کوئی چیز نہیں اور سب سے آخر میں ہے تیرے پیچھے کوئی چیز نہیں تو ظاہر ہے، تیرے اوپر کوئی چیز نہیں تو سب سے زیادہ پوشیدہ ہے تجھ سے بڑھ کر مخفی کوئی چیز نہیں۔ میرے قرض کو ادا فرما اور مجھے فقر سے غنی فرما (روایت

فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ اِقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ وَاَغْنِنِي مِنَ الْفَقْرِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ مَعَ اخْتِلَافٍ يَسِيْرٍ)

کیا اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے مسلم نے کچھ اختلاف سے روایت کی ہے)

۲۳۹۷/۲۷ وَعَنْ اَبِي الْاَزْهَرِ الْاَنْمَارِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهٗ مِنَ اللَّيْلِ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ وَضَعْتُ جَنْبِيْ لِلّٰهِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاخْسَأْ شَيْطَانِيْ وَفُكَّ رِهَانِيْ وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْاَعْلٰى - (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوالازہرؓ انماری سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی خواب گاہ پر رات کو تشریف رکھتے فرماتے میں اللہ کے نام سے سوتا ہوں میں نے اللہ کیلئے اپنی کروٹ رکھی یا الٰہی میرے گناہ بخش دے اور مجھ سے میرے شیطان کو دُور فرما اور میری گروی کو چھڑوا دے اور مجھ کو بلند مجلس میں سے کر دے (روایت کیا اس کو ابو داؤد نے)

۲۳۹۸/۲۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهٗ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَفَانِيْ وَاٰوَانِيْ وَاَطْعَمَنِيْ وَسَقَانِيْ وَالَّذِيْ مَنَّ عَلَيَّ فَاَفْضَلَ وَالَّذِيْ اَعْطَانِيْ فَاَجْزَلَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ اَللّٰهُمَّ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهٗ وَاِلٰهَ كُلِّ شَيْءٍ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ - (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنی خواب گاہ پر تشریف لے جاتے تو فرماتے تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جس نے مجھ کو کفایت کی اور مجھ کو جگہ دی اور مجھ کو کھلایا پلایا وہ خدا جس نے مجھ پر احسان فرمایا اور زیادہ دیا اور وہ خدا کہ جس نے مجھ کو بہت دیا ہر حال میں اللہ کے لئے شکر ہے ہر چیز کے پروردگار اور ہر چیز کے مالک اور معبود تیرے ساتھ میں آگ سے پناہ مانگتا ہوں۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۳۹۹/۲۹ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ شَكَى خَالِدُ ابْنُ الْوَلِيْدِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَنَامُ اللَّيْلَ مِنَ الْاَرَقِ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوَيْتَ اِلٰى فِرَاشِكَ فَقُلِ اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَمَا اَقَلَّتْ

بریدہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا خالد بن ولید نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بے خوابی کی شکایت کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو اپنے بستر پر جائے کہہ یا الٰہی ساتوں آسمانوں کے پروردگار اور جس پر وہ سایہ کئے ہوئے ہیں زمینوں کے پروردگار اور اس کے جسکو زمینیں اٹھائے ہوئے ہیں شیاطین کے رب اور جن کو انہوں نے گمراہ کیا ہے تو مجھ کو سب مخلوق کی برائی سے پناہ دے

وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا أَضْلَلْنَ كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِيْعًا أَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ أَحَدٌ مِّنْهُمْ أَوْ أَنْ يَّبْغِيَ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَّيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ وَحَكِيْمُ بْنُ ظُهَيْرٍ الرَّاوِيْ قَدْ تَرَكَ حَدِيْثَهُ بَعْضُ أَهْلِ الْحَدِيْثِ)

اور اس بات سے کہ مجھ پر کوئی زیادتی کرے ان میں سے یا کوئی ظلم کرے تیری پناہ غالب ہے تیری تعریف بزرگ ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں مگر صرف تو ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا اس کی سند قوی نہیں حکیم بن ظہیر کی حدیث کو جو اس حدیث کا راوی ہے بعض اہل حدیث نے چھوڑ دیا ہے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۳۰۰/۳۰ عَنْ أَبِيْ مَالِكٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَصْبَحَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ فَتْحَهُ وَنَصْرَهُ وَنُوْرَهُ وَبَرَكَتَهُ وَهُدَاهُ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ ثُمَّ إِذَا أَمْسٰى فَلْيَقُلْ مِثْلَ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

ابو مالک رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ایک تمہارا صبح کرے تو وہ کہے کہ ہم نے صبح کی اور ملک نے صبح کی اللہ عالموں کے پروردگار کے لئے یا الٰہی میں آپ سے اس دن کی بھلائی مانگتا ہوں اس کی فراخی اور اس کی مدد اور نور و برکت تیری پناہ مانگتا ہوں اس دن کی برائی سے اور جو اس دن کے پیچھے برائی ہے اس سے اسی طرح شام کو کہے۔ (روایت کیا اس کو ابو داؤد نے)

* * * * * *

۲۳۰۱/۳۱ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قُلْتُ لِأَبِيْ يَا أَبَتِ أَسْمَعُكَ تَقُوْلُ كُلَّ غَدَاةٍ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ تُكَرِّرُهَا ثَلٰثًا حِيْنَ تُصْبِحُ وَثَلٰثًا حِيْنَ تُمْسِيْ فَقَالَ يَا بُنَيَّ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ بِهِنَّ فَأَنَا أُحِبُّ أَنْ

عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے اپنے باپ کو کہا کہ آپ ہر روز کہتے ہو کہ اے اللہ مجھ کو عافیت دے میرے بدن میں اور میری شنوائی میں اے اللہ عافیت دے مجھ کو میری آنکھوں میں تیرے سوا کوئی معبود نہیں ان الفاظ کو صبح و شام تین بار پڑھتے ہو کہا اے میرے بیٹے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کلموں کے ساتھ دعا مانگتے سنا تھا تو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی پیروی کرنا بہت پسند ہے (روایت کیا اس کو ابو داؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

أَسْأَلُكَ بِسُنَّتِهِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

عبداللہ بن ابی اوفی سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کرتے فرماتے ہم نے صبح کی اور ملک نے صبح کی اللہ کے لئے تمام تعریف خدا کے لئے ہے ذات وصفات کی بزرگی خدا کے لئے ہے۔ مخلوقات اور حکم دن رات اور جو دن رات میں آرام پکڑتے ہیں سب اللہ ہی کے لئے ہیں یا الٰہی اس دن کا اول نیکی کا سبب بنا اس دن کے درمیان کو حاجتوں سے نجات کا سبب بنا اور آخر دن کو فلاح کا سبب بنا اے سب رحم کرنے والوں کے رحم کرنے والے (امام نووی رحمہ نے اس حدیث کو کتاب الاذکار میں ابن سنی کی روایت سے ذکر کیا ہے)

۲۳۰۲/۳۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أَوْفٰى قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَصْبَحَ قَالَ أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالْكِبْرِيَاءُ وَالْعَظَمَةُ لِلّٰهِ وَالْخَلْقُ وَالْأَمْرُ وَاللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَمَا سَكَنَ فِيْهِمَا لِلّٰهِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ أَوَّلَ هٰذَا النَّهَارِ صَلَاحًا وَّأَوْسَطَهُ نَجَاحًا وَّآخِرَهُ فَلَاحًا يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ذَكَرَهُ النَّوَوِيُّ فِيْ كِتَابِ الْأَذْكَارِ وَابْنُ السُّنِّيِّ۔

عبدالرحمٰن بن ابزٰی سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت فرماتے تھے کہ ہم نے دین اسلام پر صبح کی اور توحید کے کلمہ پر اور اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین پر اور اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام حنیف کے طریقے پر جو کہ مشرکوں میں سے نہیں تھے۔ (روایت کیا اس کو احمد نے اور روایت کیا اس کو دارمی نے)

۲۳۰۳/۳۳ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزٰى قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِذَا أَصْبَحَ أَصْبَحْنَا عَلٰى فِطْرَةِ الْإِسْلَامِ وَكَلِمَةِ الْإِخْلَاصِ وَعَلٰى دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى مِلَّةِ أَبِيْنَا إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ)

* * * * * * * *

# بَابُ الدَّعَوَاتِ فِي الْأَوْقَاتِ

# مختلف اوقات کی دعائیں

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۳۰۴/۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَّأْتِيَ أَهْلَهُ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ایک تمہارا اپنی بیوی سے صحبت کرنے کا ارادہ کرے تو کہے ہم اللہ کے نام سے مدد

besturdubooks.wordpress.com

اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا فَإِنَّهُ إِنْ يُقَدَّرْ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ فِي ذٰلِكَ لَمْ يَضُرَّهُ شَيْطَانٌ أَبَدًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

چاہتے ہیں۔ ہم کو شیطان سے دور رکھ اور جو تو ہم کو نصیب فرمائے اسکو شیطان سے دور رکھ اس حالت میں میاں بیوی سے جو بچہ پیدا ہوگا اس کو شیطان کبھی تکلیف نہیں دے سکتا۔ (متفق علیہ)

۲۳۰۵ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ عِنْدَ الْكَرْبِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی سے روایت ہے غم وفکر کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں جو بزرگ بُردبار ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو عرش عظیم کا رب ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو آسمان اور زمین کا اور عرش کریم کا رب ہے (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۳۰۶ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ قَالَ اسْتَبَّ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهُ جُلُوسٌ وَّأَحَدُهُمَا يَسُبُّ صَاحِبَهُ مُغْضَبًا قَدِ احْمَرَّ وَجْهُهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَّوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ مَا يَجِدُ أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ فَقَالُوا لِلرَّجُلِ أَلَا تَسْمَعُ مَا يَقُولُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنِّي لَسْتُ بِمَجْنُونٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سلیمان بن صرد سے روایت ہے کہا دو شخصوں نے آپس میں گالی دی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ہم آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے ان میں سے ایک نے دوسرے کو بہت بُرا کہا اور اس کا چہرہ غصہ کی وجہ سے سُرخ تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں اگر اس کو یہ کہے تو اس کا غصہ جاتا رہیگا وہ کلمہ یہ ہے کہ میں اللہ سے شیطان مردود سے پناہ مانگتا ہوں صحابہؓ نے اس شخص کو کہا کیا تو اس چیز کو نہیں سنتا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے کہا میں مجنون نہیں ہوں۔ (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۳۰۷ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعْتُمْ صِيَاحَ الدِّيَكَةِ فَاسْأَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهِ فَإِنَّهَا رَأَتْ مَلَكًا وَإِذَا سَمِعْتُمْ نَهِيقَ الْحِمَارِ فَتَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم مرغ کی آواز سنو تو تم اللہ سے اس کا فضل مانگو اس لئے کہ وہ فرشتے کو دیکھتا ہے اور جب تم گدھے کی آواز سنو تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ طلب کرو کیونکہ وہ شیطان کو دیکھتا ہے (بخاری

besturdubooks.wordpress.com

الرَّجِيْمِ فَإِنَّهُ رَأَى شَيْطَانًا۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور مسلم نے روایت کیا)

۲۳۰۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اسْتَوَى عَلٰى بَعِيْرِهٖ خَارِجًا إِلَى السَّفَرِ كَبَّرَ ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ لَنَا بُعْدَهٗ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْأَهْلِ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْأَهْلِ وَإِذَا رَجَعَ قَالَهُنَّ وَزَادَ فِيْهِنَّ آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابن عمر رضی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر میں جانے وقت اپنے اونٹ پر سوار ہوتے تو فرماتے اللہ اکبر تین بار پھر یہ آیت تلاوت کرتے وہ ذات پاک ہے جس نے اس سواری کو ہمارے مطیع کر دیا حالانکہ ہم اس پر غلبہ حاصل نہیں کر سکتے تھے اور ہم اپنے رب کی طرف ہی پھرنے والے ہیں اے اللہ ہم اپنے اس سفر میں نیکی اور تقوی مانگتے ہیں اور ایسا عمل جو آپ کو راضی کر دے اے اللہ ہم پر ہمارے سفر کو آسان فرما اور اس کی درازی کو لپیٹ دے اے اللہ تو سفر میں ساتھی ہے اور اہل میں رکھوالا ہے اے اللہ میں آپ سے اس سفر کی مشقت سے پناہ مانگتا ہوں اور بری حالت دیکھنے سے اپنے اہل و مال میں پھرنے کی برائی سے اور جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے واپس تشریف لاتے تو یہ فرماتے اور اس میں اتنا اضافہ فرماتے ہم پھرنے والے توبہ کرنے والے ہیں اپنے پروردگار کی عبادت کرنے والے اور اس کی تعریف کرنے والے ہیں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۰۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَافَرَ يَتَعَوَّذُ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ وَدَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِي الْأَهْلِ وَالْمَالِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبداللہ بن سرجس سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر فرماتے تو سفر کی محنت سے پناہ مانگتے پھرنے کی بری حالت سے زیادتی کے بعد نقصان سے اور مظلوم کی بد دعا سے اہل و مال کی بری حالت دیکھنے سے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۱۰ وَعَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ حَكِيْمٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

خولہ بنت حکیم سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا

besturdubooks.wordpress.com

سَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ نَزَلَ مَنْزِلًا فَقَالَ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ لَمْ يَضُرَّهُ شَيْءٌ حَتّٰى يَرْتَحِلَ مِنْ مَّنْزِلِهٖ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جو کوئی کسی مکان میں اترے اور کہے کہ میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اللہ کے پورے کلموں سے اس چیز کی برائی سے جو پیدا کی تو اس کو کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی جب تک وہ اس مکان سے کوچ کرے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۱۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا لَقِيْتُ مِنْ عَقْرَبٍ لَدَغَتْنِيْ الْبَارِحَةَ قَالَ اَمَا لَوْ قُلْتَ حِيْنَ اَمْسَيْتَ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ لَمْ تَضُرَّكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا کہا اے اللہ کے رسول! گذشتہ رات مجھ کو ایک بچھو ڈس گیا آپ نے فرمایا خبردار اگر تو کہتا شام کو کہ میں اللہ کے پورے کلموں سے پناہ مانگتا ہوں اس چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی تجھ کو ضرر نہ پہنچاتا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۱۲ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا كَانَ فِيْ سَفَرٍ وَاَسْحَرَ يَقُوْلُ سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَحُسْنِ بَلَآئِهٖ عَلَيْنَا رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَاَفْضِلْ عَلَيْنَا عَآئِذًا بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں ہوتے سحر کے وقت فرماتے میرا خدا کی تعریف کرنا سننے والے نے سنی اور میرا اقرار اس کی اچھی نصیحت کے بدلے میں جو ہم پر فرمائی اے ہمارے رب ہماری نگہبانی فرما اور ہم پر احسان کر یہ کلام ہم آگ سے پناہ چاہتے ہوئے کہتے ہیں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۱۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَفَلَ مِنْ غَزْوٍ اَوْ حَجٍّ اَوْ عُمْرَةٍ يُكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ مِّنَ الْاَرْضِ ثَلٰثَ تَكْبِيْرَاتٍ ثُمَّ يَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ آئِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَ

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جہاد یا حج یا عمرہ وغیرہ سے واپس تشریف لاتے تو ہر بلند جگہ پر تکبیر فرماتے تین تکبیریں پھر فرماتے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں بادشاہی اور تعریف اسی کے لئے خاص ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے ہم لوٹنے والے توبہ کرنے والے عبادت کرنے والے سجدہ کرنے والے ہیں اللہ کے لئے تعریف کرنے والے ہیں اللہ نے اپنا وعدہ سچ فرمایا اور اپنے بندے کی مدد فرمائی اور کفار کے لشکر کو اکیلے نے شکست

besturdubooks.wordpress.com

هَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

دی (بخاری اور مسلم نے روایت کی)

۲۳۱۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْاَحْزَابِ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ سَرِيْعَ الْحِسَابِ اَللّٰهُمَّ اهْزِمِ الْاَحْزَابَ اَللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہ بن ابی اوفیٰ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ احزاب کے دن مشرکوں پر بد دعا فرمائی فرمایا اے اللہ کتاب کے نازل کرنے والے جلدی حساب کرنے والے یا الٰہی کفار کے لشکر کو شکست فرما یا الٰہی ان کو شکست فرما اور ان کو ہلا دے (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۳۱۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِيْ فَقَرَّبْنَا اِلَيْهِ طَعَامًا وَّوَطْبَةً فَاَكَلَ مِنْهَا ثُمَّ اُتِيَ بِتَمْرٍ فَكَانَ يَاْكُلُهٗ وَيُلْقِي النَّوٰى بَيْنَ اِصْبَعَيْهِ وَيَجْمَعُ السَّبَّابَةَ وَالْوُسْطٰى وَفِيْ رِوَايَةٍ فَجَعَلَ يُلْقِي النَّوٰى عَلٰى ظَهْرِ اِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى ثُمَّ اُتِيَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَهٗ فَقَالَ اَبِيْ وَاَخَذَ بِلِجَامِ دَابَّتِهٖ اُدْعُ اللّٰهَ لَنَا فَقَالَ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبداللہ بن بسر سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میرے باپ کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بطور مہمان تشریف لائے ہم نے آپ کے پاس کھانا حاضر کیا اور مالیدہ آپ نے اس میں سے کھایا پھر آپ کے پاس خشک کھجور لائی گئی آپ اس سے کھاتے اور اسکی گٹھلی شہادت والی انگلی اور درمیانی انگلی کے درمیان رکھکر ڈالتے ایک روایت میں ہے آپ گٹھلی کو اپنی دونوں انگلیوں کی پیٹھ پر رکھکر ڈالتے پھر آپ کے پاس پانی لایا گیا اس کو پیا میرے باپ نے کہا اس حال میں کہ اس نے آپ کے جانور کے لگام پکڑی ہوئی تھی اللہ سے میرے لئے دعا مانگئے آپ نے فرمایا اے اللہ برکت فرما ان کی روزی میں جو تو نے ان کو دی ان کو بخش اور ان پر رحم فرما۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۳۱۶ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَاَى الْهِلَالَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

طلحہ بن عبید اللہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب چاند دیکھتے فرماتے اے اللہ امن کے ساتھ ہم پر چاند نکال اور ایمان اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ وہ میرا اور تیرا رب ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)

besturdubooks.wordpress.com

وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

۲۳۱۷/۱۴ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ رَّجُلٍ رَاٰى مُبْتَلًى فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا اِلَّا لَمْ يُصِبْهُ ذٰلِكَ الْبَلَاءُ كَائِنًا مَا كَانَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَمْرُ ابْنُ دِيْنَارٍ الرَّاوِيْ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ)

عمر بن الخطاب رضہ سے روایت ہے اور ابوہریرہ سے دونوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی شخص کسی بلا میں مبتلا شخص کو دیکھے تو کہے اس اللہ کے لئے تمام تعریف ہے جس نے مجھ کو اس بلا سے بچایا کہ جس میں تجھ کو گرفتار کیا اور مجھ کو بہتوں پر بزرگی دی بزرگی دینا تو اس کو وہ بلا نہیں پہنچتی جو بلا بھی ہو۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے ابن عمر سے روایت کیا ہے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے اور عمرو بن دینار قوی راوی نہیں۔

۲۳۱۸/۱۵ وَعَنْ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ دَخَلَ السُّوْقَ فَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ وَمَحَا عَنْهُ اَلْفَ اَلْفِ سَيِّئَةٍ وَّرَفَعَ لَهٗ اَلْفَ اَلْفِ دَرَجَةٍ وَّبَنٰى لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَّفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ مَنْ قَالَ فِيْ سُوْقٍ جَامِعٍ يُّبَاعُ فِيْهِ بَدَلَ مَنْ دَخَلَ السُّوْقَ۔

عمر رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بازار میں داخل ہوا اور کہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں وہی بادشاہ ہے تمام تعریف اسی کے لئے ہے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے وہ زندہ ہے اس کے لئے موت نہیں بھلائی اسی کے ہاتھ میں ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے تو اللہ اس کے لئے دس لاکھ نیکیاں لکھ دیتا ہے اور دس لاکھ برائیاں دور فرماتا ہے اور دس لاکھ درجے بلند کرتا ہے اور جنت میں گھر تیار کرتا ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے شرح السنہ میں دخل السوق کے بدلے جو شخص جامع بازار میں کہے جس میں خرید و فروخت کی جائے۔

۲۳۱۹/۱۶ وَعَنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا

معاذ بن جبل سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دعا مانگتے سنا۔ کہتا ہے

besturdubooks.wordpress.com

يَدْعُوا يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ فَقَالَ اَيُّ شَيْءٍ تَمَامُ النِّعْمَةِ قَالَ دَعْوَةٌ اَرْجُوْ بِهَا خَيْرًا فَقَالَ اِنَّ مِنْ تَمَامِ النِّعْمَةِ دُخُوْلَ الْجَنَّةِ وَالْفَوْزَ مِنَ النَّارِ وَسَمِعَ رَجُلًا يَقُوْلُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَقَالَ قَدِ اسْتُجِيْبَ لَكَ فَسَلْ وَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا وَّهُوَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الصَّبْرَ فَقَالَ سَاَلْتَ اللّٰهَ الْبَلَاءَ فَسَلْهُ الْعَافِيَةَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اے اللہ! میں تجھ سے پوری نعمت مانگتا ہوں فرمایا پوری نعمت کیا چیز ہے اس شخص نے کہا یہ دعا ہے کہ امید رکھتا ہوں میں بھلائی کی، فرمایا پوری نعمت بہشت میں داخل ہونا ہے اور دوزخ سے نجات پانا ہے آپ نے ایک شخص کو سنا کہ وہ کہتا ہے اے بزرگی اور بخشش کے مالک پھر فرمایا تحقیق قبول کی گئی تیری دعا سوال کر ایک شخص کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہتے سنا اے اللہ! میں تجھ سے صبر کا سوال کرتا ہوں فرمایا تو نے اللہ سے بلا کا سوال کیا اللہ سے عافیت کا سوال کر۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۳۳۰/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَلَسَ مَجْلِسًا فَكَثُرَ فِيْهِ لَغَطُهٗ فَقَالَ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْمَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ اِلَّا غُفِرَ لَهٗ مَا كَانَ فِيْ مَجْلِسِهٖ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعْوَاتِ الْكَبِيْرِ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی مجلس میں بیٹھے اور اس مجلس میں بے فائدہ باتیں زیادہ ہوں تو اٹھنے سے پہلے کہے اے اللہ تو پاک ہے اور ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں تیری تعریف کے ساتھ میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں میں آپ سے بخشش کا طالب ہوں توبہ کرتا ہوں تو اس مجلس کے گناہ کو بخش دیا جاتا ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور بیہقی نے دعوات کبیر میں)

۲۳۳۱/۱۸ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ اُتِيَ بِدَآبَّةٍ لِيَرْكَبَهَا فَلَمَّا وَضَعَ رِجْلَهٗ فِي الرِّكَابِ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ فَلَمَّا اسْتَوٰى عَلٰى ظَهْرِهَا قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ثُمَّ قَالَ سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ثُمَّ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ثَلٰثًا وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ثَلٰثًا سُبْحَانَكَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے پاس سواری کے لئے جانور حاضر کیا گیا اس کی رکاب پر پاؤں رکھتے فرمایا بسم اللہ جب اسکی پیٹھ پر چڑھ بیٹھے تو کہا الحمد للہ پھر کہا وہ ذات پاک ہے جس نے اس جانور کو ہمارے تابع کر دیا ہم اس کو تابع کرنے کی طاقت نہیں رکھتے تھے اور ہم اپنے رب کی طرف پھرنے والے ہیں پھر الحمد للہ اور اللہ اکبر تین تین بار کہا تو پاک ہے میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا تو میرے گناہ بخش تیرے سوا کوئی

besturdubooks.wordpress.com

إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ ثُمَّ ضَحِكَ فَقِيلَ مِنْ أَيِّ شَيْءٍ ضَحِكْتَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ كَمَا صَنَعْتُ ثُمَّ ضَحِكَ فَقُلْتُ مِنْ أَيِّ شَيْءٍ ضَحِكْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ إِنَّ رَبَّكَ لَيَعْجَبُ مِنْ عَبْدِهِ إِذَا قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي يَقُولُ يَعْلَمُ أَنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ غَيْرِي۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ)

گناہ نہیں بخش سکتا حضرت علی رضؓ ہنسے کہا گیا اے امیر المومنین آپ کیونکر ہنسے حضرت علی رضؓ نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے ایسا ہی کیا تھا جیسا کہ میں نے کیا پھر آپ ہنسے میں نے کہا آپ کو کس چیز نے ہنسایا فرمایا تیرا پروردگار راضی ہوتا ہے اپنے بندہ پر جب وہ کہتا ہے اے میرے رب میرے گناہ بخش۔ اللہ فرماتا ہے کہ یہ بندہ جانتا ہے کہ میرے سوا کوئی گناہ نہیں بخشتا۔ (روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابو داؤد نے)

۲۳۲۲/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وَدَّعَ رَجُلًا أَخَذَ بِيَدِهِ فَلَا يَدَعُهَا حَتَّى يَكُونَ الرَّجُلُ هُوَ يَدَعُ يَدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَقُولُ أَسْتَوْدِعُ اللَّهَ دِينَكَ وَأَمَانَتَكَ وَآخِرَ عَمَلِكَ وَفِي رِوَايَةٍ وَخَوَاتِيمَ عَمَلِكَ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِي رِوَايَتِهِمَا لَمْ يَذْكُرُوا آخِرَ عَمَلِكَ

ابن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کسی شخص کو رخصت فرماتے تو اس کا ہاتھ پکڑ لیتے اس کا ہاتھ نہ چھوڑتے یہاں تک کہ وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ کو چھوڑتا اور فرماتے کہ میں نے اللہ کو تیرا دین اور تیری امانت سونپی اور تیرا آخری عمل ایک روایت میں ہے خواتیم عملک (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابو داؤد نے اور ابن ماجہ نے ابو داؤد اور ابن ماجہ کی روایت میں لفظ آخر عملک کا ذکر نہیں کیا)

۲۳۲۳ وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ الْخَطْمِيِّ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَسْتَوْدِعَ الْجَيْشَ قَالَ أَسْتَوْدِعُ اللَّهَ دِينَكُمْ وَأَمَانَتَكُمْ وَخَوَاتِيمَ أَعْمَالِكُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

عبد اللہ خطمی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی لشکر کو رخصت فرماتے تو کہتے میں نے اللہ کو تمہارا دین اور تمہاری امانت اور تمہارا آخری عمل سونپا (روایت کیا اس کو ابو داؤد نے)

* * *

۲۳۲۴/۲۱ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک شخص نبی اکرم

besturdubooks.wordpress.com

إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ أُرِيْدُ سَفَرًا فَزَوِّدْنِيْ فَقَالَ زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى قَالَ زِدْنِيْ قَالَ وَغَفَرَ ذَنْبَكَ قَالَ زِدْنِيْ بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ قَالَ وَيَسَّرَ لَكَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كُنْتَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا کہا اے اللہ کے رسول! میں سفر کا ارادہ رکھتا ہوں میرے لئے دعا فرمائیں۔ فرمایا اللہ تجھ کو تقویٰ اور پرہیزگاری نصیب فرمائے اس نے کہا میرے لئے زیادہ دعا فرمائیں فرمایا اللہ تیرے گناہ بخشے اس نے کہا میرے لئے زیادہ دعا فرمائیں میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں فرمایا اللہ تیرے لئے تو جہاں ہو دین و دنیا کی بھلائی آسان کرے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۲۳۲۵/۲۲ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ أُرِيْدُ أَنْ أُسَافِرَ فَأَوْصِنِيْ قَالَ عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالتَّكْبِيْرِ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ فَلَمَّا وَلّٰى الرَّجُلُ قَالَ اَللّٰهُمَّ اطْوِ لَهُ الْبُعْدَ وَهَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے کہا اے اللہ کے رسول! میں سفر کا ارادہ رکھتا ہوں مجھے نصیحت فرمایئے فرمایا اللہ کا تقویٰ لازم پکڑ ہر بلند جگہ پر اللہ اکبر کہنا جب اس شخص نے پیٹھ پھیری آپ نے فرمایا۔ یا الٰہی! اس کے لئے سفر کی دوری لپیٹ دے اور سفر کو اس پر آسان کر دے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۳۲۶/۲۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَافَرَ فَأَقْبَلَ اللَّيْلُ قَالَ يَا أَرْضُ رَبِّيْ وَرَبُّكِ اللّٰهُ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّكِ وَشَرِّ مَا فِيْكِ وَشَرِّ مَا خُلِقَ فِيْكِ وَشَرِّ مَا يَدِبُّ عَلَيْكِ وَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ أَسَدٍ وَأَسْوَدَ وَمِنَ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الْبَلَدِ وَمِنْ شَرِّ وَالِدٍ وَمَا وَلَدَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر فرماتے رات کو کہتے اے زمین میرا اور تیرا پروردگار اللہ ہے میں تجھ سے تیرے اور جو تیرے اندر ہے اور جو تجھ میں پیدا کیا گیا ہے اس کے شر سے اور جو تجھ پر چلتے پھرتے ہیں ان کے شر سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں اور میں اللہ تعالیٰ سے شیر، سیاہ سانپ اور ہر طرح کے سانپ اور بچھو کے شر سے شہر کے رہنے والوں کے شر سے بچنے والے اور جو جنا گیا ہے اس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۳۲۷/۲۴ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا غَزَا قَالَ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ عَضُدِيْ وَنَصِيْرِيْ بِكَ أَحُوْلُ وَبِكَ أَصُوْلُ وَبِكَ أُقَاتِلُ۔

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت جنگ کرتے فرماتے اے اللہ! تو میرا بازو اور مددگار ہے تیری قوت کے ساتھ میں حیلہ اور حملہ کرتا ہوں اور تیری مدد کے ساتھ میں جنگ کرتا ہوں۔

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ)

(روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے)

۲۳۲۸/۲۵ وَعَنْ أَبِي مُوسَى أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا خَافَ قَوْمًا قَالَ اللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِي نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

ابوموسیٰ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کسی قوم سے اندیشہ کرتے یہ فرماتے اے اللہ! ہم تجھ کو ان کے مقابل کرتے ہیں اور ان کے شر سے تیرے ساتھ پناہ مانگتے ہیں (روایت کیا اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے)

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ)

۲۳۲۹/۲۶ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ أَنْ نَّزِلَّ أَوْ نَضِلَّ أَوْ نُظْلَمَ أَوْ نُظْلَمَ أَوْ نَجْهَلَ أَوْ يُجْهَلَ عَلَيْنَا۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَّفِيْ رِوَايَةٍ لِّأَبِيْ دَاوُدَ وَابْنِ مَاجَةَ قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ مَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَيْتِيْ قَطُّ إِلَّا رَفَعَ طَرْفَهٗ إِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ أَنْ أَضِلَّ أَوْ أُضَلَّ أَوْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ أَوْ أَجْهَلَ أَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ۔

ام سلمہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت اپنے گھر سے نکلتے فرماتے اللہ کے نام کے ساتھ نکلتا ہوں اللہ کے نام پر میں نے بھروسہ کیا اے اللہ! ہم تیری پناہ مانگتے ہیں کہ ہم پھسل جائیں یا گمراہ ہو جائیں یا ظلم کریں یا ہم پر ظلم کیا جائے یا ہم جہالت کریں یا ہم پر جہالت کی جائے (روایت کیا اس کو احمد، ترمذی اور نسائی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے ابوداؤد اور ابن ماجہ کی ایک روایت میں ہے ام سلمہ رضؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کبھی میرے گھر سے نہیں نکلے مگر اپنی نظر آسمان کی طرف بلند کرتے اور فرماتے اے اللہ میں تیرے ساتھ اس بات سے پناہ پکڑتا ہوں کہ میں گمراہ ہوں یا گمراہ کیا جاؤں یا ظلم کروں یا ظلم کیا جاؤں یا جہالت کروں یا مجھ پر جہالت کی جائے۔

۲۳۳۰/۲۷ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ رَجُلٌ مِّنْ بَيْتِهٖ فَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ يُقَالُ لَهٗ حِيْنَئِذٍ هُدِيْتَ وَكُفِيْتَ وَوُقِيْتَ فَيَتَنَحّٰى لَهُ الشَّيْطَانُ وَيَقُوْلُ شَيْطَانٌ

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کوئی آدمی اپنے گھر سے نکلے اور کہے اللہ کے نام کے ساتھ میں نکلا ہوں بھروسہ کیا میں نے اللہ پر اور نہیں ہے گناہوں سے پھرنے کی اور نیکی کرنے کی طاقت مگر اللہ کے ساتھ اس وقت اسے کہا جاتا ہے تو راہ راست دکھایا گیا اور کفایت کیا گیا اور محفوظ رہا۔ شیطان اس سے دور ہو جاتا ہے اس کو

besturdubooks.wordpress.com

اٰخَرُ كَيْفَ لَكَ بِرَجُلٍ قَدْ هُدِيَ وَكُفِيَ وَ وُقِيَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ اِلٰى قَوْلِهٖ لَهُ الشَّيْطَانُ۔)

دوسرا شیطان کہتا ہے تو اس آدمی پر کیسے تسلط حاصل کر سکتا ہے جسے ہدایت دی گئی کفایت کی گئی اور بچایا گیا۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور روایت کیا ترمذی نے الٰی قولہ لہ الشیطان تک)

۲۳۳۱/۲۸ وَعَنْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَلَجَ الرَّجُلُ بَيْتَهٗ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا ثُمَّ لِيُسَلِّمْ عَلٰى اَهْلِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابو مالک اشعری رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت آدمی اپنے گھر میں داخل ہو کہے اے اللہ میں تجھ سے داخل ہونے اور نکلنے کی بھلائی مانگتا ہوں اللہ کے نام کے ساتھ ہم داخل ہوئے اور اللہ پر جو ہمارا رب ہے ہم نے توکل کیا پھر اپنے اہل پر سلام کہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۳۳۲/۲۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَفَّا الْاِنْسَانَ اِذَا تَزَوَّجَ قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكُمَا وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کوئی آدمی نکاح کرتا اس کو دعا دیتے اور فرماتے اللہ تیرے لئے برکت کرے اور تم دونوں کو برکت کرے اور تمہارے درمیان بھلائی کو جمع کرے (روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

۲۳۳۳/۳۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا تَزَوَّجَ اَحَدُكُمُ امْرَاَةً اَوِ اشْتَرٰى خَادِمًا فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَاِذَا اشْتَرٰى بَعِيْرًا فَلْيَاْخُذْ بِذِرْوَةِ سَنَامِهٖ وَلْيَقُلْ مِثْلَ ذٰلِكَ وَفِيْ رِوَايَةٍ فِي الْمَرْاَةِ وَالْخَادِمِ ثُمَّ لِيَاْخُذْ بِنَاصِيَتِهَا وَلْيَدْعُ بِالْبَرَكَةِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن شعیبؒ عن ابیہ عن جدہ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں جس وقت تم میں سے کوئی کسی عورت سے شادی کرے یا خادم خریدے پس کہے اے اللہ میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں جس پر تو نے اس کو پیدا کیا ہے اور میں تیرے ساتھ اس کے شر سے اور اس چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جس پر تو نے اسے پیدا کیا ہے جب کوئی اونٹ خریدے اس کی کوہان کی بلندی کو پکڑے اور اسی طرح کہے ایک روایت میں ہے عورت اور خادم کے پیشانی کے بال پکڑے اور برکت کی دعا کرے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

besturdubooks.wordpress.com



۲۳۳۴/۳۱ وَعَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَعْوَاتُ الْمَکْرُوْبِ اَللّٰھُمَّ رَحْمَتَکَ اَرْجُوْ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ وَّ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوبکرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غمزدہ کی دعا یہ ہے اے اللہ تیری رحمت کی میں امید کرتا ہوں مجھ کو میرے نفس کی طرف ایک لمحہ بھی نہ سونپ اور میرے تمام کام درست فرما تیرے سوا کوئی معبود نہیں (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۳۳۵/۳۲ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَجُلٌ ھُمُوْمٌ لَزِمَتْنِیْ وَ دُیُوْنٌ یَّا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اَفَلَا اُعَلِّمُکَ کَلَامًا اِذَا قُلْتَہٗ اَذْھَبَ اللّٰہُ ھَمَّکَ وَقَضٰی عَنْکَ دَیْنَکَ قَالَ قُلْتُ بَلٰی قَالَ قُلْ اِذَآ اَصْبَحْتَ وَاِذَآ اَمْسَیْتَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَ الْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَ الْکَسَلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ قَالَ فَفَعَلْتُ ذٰلِکَ فَاَذْھَبَ اللّٰہُ ھَمِّیْ وَقَضٰی عَنِّیْ دَیْنِیْ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوسعید خدری رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا اے اللہ کے رسولؐ! میں غمزدہ ہوں ۔۔۔۔ مجھ پر قرض بہت ہو چکا ہے آپؐ نے فرمایا تجھ کو ایک کلام نہ سکھلاؤں جب تو اس کو کہے گا اللہ تعالیٰ تیرے فکر کو دور کر دے گا اور تجھ سے تیرا قرض دور کر دے گا میں نے کہا کیوں نہیں اے اللہ کے رسولؐ فرمایا جس وقت تو صبح اور شام کرے کہہ اے اللہ میں تیرے ساتھ فکر اور غم سے پناہ پکڑتا ہوں اور سستی اور عاجزی سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور بزدلی اور بخیلی سے تیری پناہ پکڑتا ہوں اور قرض کے غالب ہونے اور لوگوں کے غلبہ سے تیری پناہ مانگتا ہوں راوی نے کہا میں نے ایسا کیا اللہ نے میرے غم اور فکر کو دور کر دیا اور میرا قرض ادا کر دیا۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۳۳۶/۳۳ وَعَنْ عَلِیٍّ اَنَّہٗ جَآءَہٗ مُکَاتَبٌ فَقَالَ اِنِّیْ عَجَزْتُ عَنْ کِتَابَتِیْ فَاَعِنِّیْ قَالَ اَلَآ اُعَلِّمُکَ کَلِمَاتٍ عَلَّمَنِیْھِنَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ کَانَ عَلَیْکَ مِثْلُ جَبَلٍ کَبِیْرٍ دَیْنًا اَدَّاہُ اللّٰہُ عَنْکَ قُلِ اللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ان کے پاس ایک مکاتب آیا اس نے کہا میں اپنی کتابت سے تنگ آچکا ہوں میری مدد کریں انہوں نے کہا میں تجھ کو چند کلمات سکھلاتا ہوں جو مجھ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھلائے تھے اگر تجھ پر ایک بڑے پہاڑ جتنا قرض ہوگا اللہ تعالیٰ تجھ سے دور کر دے گا کہہ اے اللہ مجھ کو اپنے حلال کے ساتھ اپنے حرام سے کفایت کر اپنے فضل کے ساتھ مجھ کو اپنے سوا

besturdubooks.wordpress.com

سِوَاكَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيرِ وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ جَابِرٍ إِذَا سَمِعْتُمْ نُبَاحَ الْكِلَابِ فِي بَابِ تَغْطِيَةِ الْآنِيَةِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى)

سے سے بے پرواہ کر دے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور بیہقی نے دعوات کبیر میں۔ جابر رضہ کی حدیث جس کے الفاظ ہیں اذا سمعتم نباح الکلاب ہم باب تغطیۃ الاوانی میں انشاء اللہ ذکر کریں گے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۳۳۷/۳۴ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا جَلَسَ مَجْلِسًا أَوْ صَلّٰى تَكَلَّمَ بِكَلِمَاتٍ فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْكَلِمَاتِ فَقَالَ إِنْ تَكَلَّمَ بِخَيْرٍ كَانَ طَابَعًا عَلَيْهِنَّ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَإِنْ تَكَلَّمَ بِشَرٍّ كَانَ كَفَّارَةً لَهُ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کسی مجلس میں بیٹھتے یا نماز پڑھتے چند کلمات کہتے میں نے آپ سے پوچھا فرمایا اگر تو بھلائی کی بات کرے گا قیامت تک اس پر مہر ہوں گے اور اگر برا کلام کرے گا۔ اس کا کفارہ ہوگا وہ کلمات یہ ہیں۔ پاک ہے تو اے اللہ ساتھ اپنی تعریف کے نہیں کوئی معبود مگر تو ہی میں تجھ سے گناہوں کی بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں (روایت کیا اس کو نسائی نے)

۲۳۳۸/۳۵ وَعَنْ قَتَادَةَ بَلَغَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَأَى الْهِلَالَ قَالَ هِلَالُ خَيْرٍ وَرُشْدٍ هِلَالُ خَيْرٍ وَرُشْدٍ هِلَالُ خَيْرٍ وَرُشْدٍ آمَنْتُ بِالَّذِي خَلَقَكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ يَقُولُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي ذَهَبَ بِشَهْرِ كَذَا وَجَاءَ بِشَهْرِ كَذَا۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

قتادہ رضہ سے روایت ہے اس کو یہ روایت پہنچی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت نیا چاند دیکھتے فرماتے چاند ہدایت اور بھلائی کا ہے چاند ہدایت اور بھلائی کا ہے چاند ہدایت اور بھلائی کا ہے میں اس ذات پر ایمان لایا جس نے تجھ کو پیدا کیا تین مرتبہ فرماتے پھر فرماتے اس اللہ کے لئے تعریف ہے جو اس مہینے کو لے گیا اور یہ مہینہ لایا (روایت کیا اس کو ابو داؤد نے)

۲۳۳۹/۳۶ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَثُرَ هَمُّهُ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ إِنِّي عَبْدُكَ

ابن مسعود رضہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کا فکر بڑھ جائے وہ کہے اے اللہ میں تیرا بندہ ہوں۔ تیرے بندے کا بیٹا ہوں تیری لونڈی

besturdubooks.wordpress.com

وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ وَفِيْ قَبْضَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ اَسْاَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِيْ مَكْنُوْنِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَجَلَاءَ هَمِّيْ وَ غَمِّيْ مَا قَالَهَا عَبْدٌ قَطُّ اِلَّا اَذْهَبَ اللّٰهُ غَمَّهٗ وَاَبْدَلَهٗ بِهٖ فَرَجًا۔

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

کا بیٹا ہوں تیرے قبضہ میں ہوں اور میری پیشانی تیرے قبضے میں ہے۔ میرے حق میں تیرا حکم جاری ہے میرے امر میں تیری قضا عدل ہے۔ میں تجھ سے ہر اس نام کے ساتھ سوال کرتا ہوں جس کے ساتھ تو نے اپنی ذات کا نام رکھا یا اپنی کتاب میں اس کو اُتارا یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھلایا یا اپنے بندوں کو الہام کیا یا پردۂ غیب میں اس کو اختیار کیا یہ کہ تو قرآن کو میرے دل کی بہار اور میرے فکر کو دور کرنے والا بنا دے کوئی بندہ یہ نہیں کہتا مگر اللہ تعالےٰ اس کا غم دور کر دیتا ہے اور غم کے بدلہ میں آسانی کو بدل دیتا ہے۔ (روایت کیا اس کو رزین نے)

۲۳۴۰/۳۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا اِذَا صَعِدْنَا كَبَّرْنَا وَاِذَا نَزَلْنَا سَبَّحْنَا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

جابر رضہ سے روایت ہے جب ہم بلندی پر چڑھتے اللہ اکبر کہتے اور جب اترتے تو سبحان اللہ کہتے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۳۴۱/۳۸ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا كَرَبَهٗ اَمْرٌ يَقُوْلُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَلَيْسَ مَحْفُوْظٌ)

انس رضہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی امر غمگین کرنا فرماتے اے زندہ اے قائم رہنے والے تیری رحمت کے ساتھ میں فریاد رسی چاہتا ہوں۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے محفوظ نہیں ہے۔

۲۳۴۲/۳۹ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قُلْنَا يَوْمَ الْخَنْدَقِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ مِنْ شَيْءٍ نَقُوْلُهٗ فَقَدْ بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ قَالَ نَعَمْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا قَالَ فَضَرَبَ اللّٰهُ وُجُوْهَ اَعْدَآئِهٖ بِالرِّيْحِ وَهَزَمَ اللّٰهُ بِالرِّيْحِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابوسعید خدری رضہ سے روایت ہے کہ ہم نے خندق کے دن کہا اے اللہ کے رسول! کوئی دعا ہے جس کو ہم کہیں کیونکہ دل حلق کو پہنچ چکے ہیں۔ فرمایا ہاں وہ یہ ہے اے اللہ! ہمارے عیب ڈھانک اور ہمارے ڈر کو امن میں رکھ ابوسعید نے کہا اللہ تعالےٰ نے ہمارے دشمنوں کے منہ باد کے ساتھ مارے اور ہوا کے ساتھ اللہ تعالےٰ نے شکست دی (روایت کیا اس کو احمد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۲۳۴۳ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ السُّوقَ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوقِ وَخَيْرَ مَا فِيهَا وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أُصِيبَ فِيهَا صَفْقَةً خَاسِرَةً۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيرِ)

بریدہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بازار میں داخل ہوتے تو فرماتے اللہ کے نام کے ساتھ اے اللہ میں تجھ سے اس بازار کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور بھلائی اس چیز کی جو اس میں ہے اور تیرے ساتھ اس کے شر سے پناہ پکڑتا ہوں اور اس چیز کے شر سے جو اس میں ہے اے اللہ میں تیرے ساتھ اس بات سے پناہ مانگتا ہوں کہ اس میں نقصان کو پہنچوں (روایت کیا اس کو بیہقی نے دعوات کبیر میں)

# بَابُ الْاِسْتِعَاذَةِ

# پناہ مانگنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۳۴۴/۱ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ وَدَرَكِ الشَّقَاءِ وَسُوءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلا کی مشقت اور بدبختی کے پہنچنے بری تقدیر اور دشمنوں کے خوش ہونے سے تیری پناہ پکڑتا ہوں (روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے)

۲۳۴۵/۲ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ تیرے ساتھ میں غم، فکر، عاجزی، سستی، نامردی، بخل، قرض کے بوجھ اور آدمیوں کے غلبہ سے پناہ مانگتا ہوں (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۳۴۶/۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَأْثَمِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ میں تیرے ساتھ سستی بڑھاپے قرض اور گناہ سے پناہ پکڑتا ہوں اے اللہ میں آگ کے عذاب سے آگ کے فتنہ قبر کے فتنہ اور

بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ وَ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِيْ كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

قبر کے عذاب اور مال داری کے فتنہ کی برائی اور فقر کے فتنہ کی برائی اور مسیح دجال کے فتنہ کی برائی سے تیری پناہ میں آتا ہوں اے اللہ میرے گناہ برف اور اولے کے پانی سے دھو ڈال میرے دل کو پاک کر دے جس طرح سفید کپڑا میل سے پاک کیا جاتا ہے میرے اور میرے گناہوں کے درمیان دوری ڈال جس طرح تو نے مشرق اور مغرب کے درمیان دوری ڈالی ہے۔ (متفق علیہ)

۲۳۴۷ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَ الْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْهَرَمِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

زید بن ارقم رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ میں تیرے ساتھ عاجزی سستی بزدلی بخل بڑھاپے اور قبر کے عذاب سے پناہ پکڑتا ہوں اے اللہ میرے نفس کو اس کی پرہیزگاری دے اور اس کو پاک کر تو اس کا بہتر پاک کرنے والا ہے تو اس کا کارساز ہے اور مالک ہے اے اللہ تیرے ساتھ میں ایسے علم سے جو نفع نہ دے اور ایسے دل سے جو نہ ڈرے اور ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو اور ایسی دعا سے جو قبول نہ ہو پناہ مانگتا ہوں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۴۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عُمَرَ قَالَ كَانَ مِنْ دُعَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبداللہ بن عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک دعا یہ تھی اے اللہ میں تجھ سے نعمت کے زائل ہو جانے تیری عافیت کے جاتے رہنے اور تیرے عذاب کی ناگہانی اور تیرے ہر قسم کے غصوں سے پناہ مانگتا ہوں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۴۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَ مِنْ شَرِّ مَا لَمْ أَعْمَلْ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ میں تیرے ساتھ اس کام کی برائی سے پناہ پکڑتا ہوں جو میں نے کیا اور اس کام کی برائی سے جو میں نے نہیں کیا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۵۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَنْ تُضِلَّنِيْ أَنْتَ الْحَيُّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْجِنُّ وَالْإِنْسُ يَمُوْتُوْنَ - (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ تیرے لئے میں نے فرمانبرداری کی تیرے ساتھ میں ایمان لایا تجھ پر میں نے توکل کیا تیری طرف میں نے رجوع کیا تیری مدد کے ساتھ میں لڑا اے اللہ میں تیری عزت کی پناہ میں آتا ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں کہ مجھ کو گمراہ نہ کرنا تو زندہ ہے مرے گا نہیں جب کہ جن وانس مرجائیں گے۔ (روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۳۵۱ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْأَرْبَعِ مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دُعَاءٍ لَّا يُسْمَعُ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَّالنَّسَائِيُّ عَنْهُمَا)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ چار باتوں سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے علم سے جو نفع نہ دے ایسے دل سے جو نہ ڈرے ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو اور ایسی دعا سے جو قبول نہ ہو (روایت کیا اس کو احمد نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے ترمذی نے اس روایت کو عبداللہ بن عمرو رضؓ سے اور نسائی نے دونوں سے روایت کیا ہے)

۲۳۵۲ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنْ خَمْسٍ مِّنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَسُوْءِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ الصَّدْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عمر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پانچ چیزوں سے پناہ مانگتے تھے بزدلی بخل بری عمر سینے کے فتنے اور قبر کے عذاب سے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے)

besturdubooks.wordpress.com

۲۳۵۳/۱۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ! میں محتاجی کمی اور ذلت سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور تیرے ساتھ اس بات کی پناہ پکڑتا ہوں کہ میں ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی نے)

۲۳۵۴/۱۱ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ! میں تیرے ساتھ اختلاف، نفاق اور برے اخلاق سے پناہ مانگتا ہوں (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی نے)

۲۳۵۵/۱۲ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

اسی (ابوہریرہ رضؓ) سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے۔ اے اللہ! میں تیرے ساتھ بھوک سے پناہ پکڑتا ہوں کیونکہ وہ بری ہمخواب ہے اور تیرے ساتھ خیانت سے پناہ پکڑتا ہوں کیونکہ وہ اندر کی بری خصلت ہے (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے اور ابن ماجہ نے)

۲۳۵۶/۱۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَالْجُنُوْنِ وَمِنْ سَيِّئِ الْاَسْقَامِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

انس رضؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ! میں تیری برص، جذام اور دیوانگی اور بری بیماریوں سے پناہ مانگتا ہوں۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے)

۲۳۵۷/۱۴ وَعَنْ قُطْبَةَ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَاءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

قطبہ بن مالک رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ! میں تیری برے اخلاق برے اعمال اور بری خواہشات سے پناہ پکڑتا ہوں (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۳۵۸/۱۵ وَعَنْ شُتَيْرِ بْنِ شَكْلِ بْنِ حُمَيْدٍ

شُتیر بن شکل بن حمید اپنے باپ سے روایت کرتے

besturdubooks.wordpress.com

عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قُلْتُ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ عَلِّمْنِیْ تَعْوِیْذًا اَتَعَوَّذُ بِهٖ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَشَرِّ بَصَرِیْ وَشَرِّ لِسَانِیْ وَشَرِّ قَلْبِیْ وَشَرِّ مَنِیِّیْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ)

ہیں انہوں نے کہا۔ میں نے کہا اے اللہ کے رسول! مجھ کو تعویذ سکھلاؤ جس کے ساتھ میں پناہ پکڑوں فرمایا کہہ اے اللہ میں اپنے کان کی برائی سے تیری پناہ پکڑتا ہوں۔ اور اپنی آنکھ کی برائی سے اپنی زبان کی برائی سے اپنے دل کی برائی سے اور اپنی منی کی برائی سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ (روایت کیا ہے اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور نسائی نے

۲۳۵۹/۱۶ وَعَنْ اَبِی الْیَسَرِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یَدْعُوْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَدْمِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ التَّرَدِّیْ وَمِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ یَّتَخَبَّطَنِیَ الشَّیْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ سَبِیْلِكَ مُدْبِرًا وَّاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَزَادَ فِیْ رِوَایَةٍ اُخْرٰی وَالْغَمِّ)

ابوالیسرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے۔ اے اللہ! میں تیرے ساتھ مکان کے گرنے سے پناہ پکڑتا ہوں اور تیرے ساتھ بلند جگہ سے گرنے اور غرق ہونے سے پناہ پکڑتا ہوں۔ اور جلنے سے اور بڑھاپے سے اور اس بات سے کہ مرنے کے وقت مجھ کو شیطان حیران کرے اور اس بات سے پناہ پکڑتا ہوں کہ تیری راہ میں پشت دے کر مروں اور اس بات سے تیری پناہ پکڑتا ہوں کہ میں سانپ کے ڈسنے سے مروں (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور نسائی نے ایک دوسری روایت میں نسائی نے غم کا لفظ بھی زیادہ کیا ہے۔

۲۳۶۰/۱۷ وَعَنْ مُعَاذٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اسْتَعِیْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ طَمَعٍ یَّهْدِیْ اِلٰی طَبَعٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَیْهَقِیُّ فِی الدَّعْوَاتِ الْكَبِیْرِ)

معاذؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا اللہ تعالیٰ کی طمع سے پناہ پکڑو جو طبع کی طرف پہنچا دے (روایت کیا اس کو احمد نے اور بیہقی نے دعوات کبیر میں۔

۲۳۶۱/۱۸ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ اِلَی الْقَمَرِ فَقَالَ یَا عَائِشَةُ اسْتَعِیْذِیْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ هٰذَا فَاِنَّ هٰذَا هُوَ الْغَاسِقُ اِذَا وَقَبَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاند کی طرف دیکھا فرمایا اے عائشہؓ اس کے شر سے پناہ مانگ کیونکہ یہ جب غروب ہو جائے اندھیرا کرنے والا ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

besturdubooks.wordpress.com

۲۳۶۳/۱۹ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي يَا حُصَيْنُ كَمْ تَعْبُدُ الْيَوْمَ إِلٰهًا قَالَ أَبِي سَبْعَةً سِتًّا فِي الْأَرْضِ وَوَاحِدًا فِي السَّمَاءِ قَالَ فَأَيُّهُمْ تَعُدُّ لِرَغْبَتِكَ وَرَهْبَتِكَ قَالَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ قَالَ يَا حُصَيْنُ أَمَا إِنَّكَ لَوْ أَسْلَمْتَ عَلَّمْتُكَ كَلِمَتَيْنِ تَنْفَعَانِكَ قَالَ فَلَمَّا أَسْلَمَ حُصَيْنٌ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي الْكَلِمَتَيْنِ اللَّتَيْنِ وَعَدْتَنِي فَقَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِي رُشْدِي وَأَعِذْنِي مِنْ شَرِّ نَفْسِي۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عمران بن حصین سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے باپ سے کہا اے حصین تو کتنے معبودوں کی عبادت کرتا ہے اس نے کہا سات کی چھ زمین میں ہیں اور ایک آسمان میں فرمایا ان میں سے امید اور ڈر کے لئے تو کس کو شمار کرتا ہے اس نے کہا جو آسمانوں میں ہے فرمایا اے حصین اگر تو اسلام قبول کرلے میں تجھ کو دو ایسے کلمے بتلاؤں گا جو تجھ کو نفع دیں گے جب حصین نے اسلام قبول کر لیا کہا اے اللہ کے رسول مجھ کو وہ دو کلمے سکھلائیے جن کا آپ نے مجھ سے وعدہ کیا تھا فرمایا کہہ اے اللہ میرے دل میں ہدایت ڈال اور مجھ کو میرے نفس کے شر سے بچالے۔ (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے)

۲۳۶۳/۲۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا فَزِعَ أَحَدُكُمْ فِي النَّوْمِ فَلْيَقُلْ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ فَإِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهُ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو يُعَلِّمُهَا مَنْ بَلَغَ مِنْ وَلَدِهِ وَمَنْ لَمْ يَبْلُغْ مِنْهُمْ كَتَبَهَا فِي صَكٍّ ثُمَّ عَلَّقَهَا فِي عُنُقِهِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَهٰذَا لَفْظُهُ)

عمرو بن شعیبؒ عن ابیہ عن جدہٖ سے بیان کرتے ہیں انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی نیند میں ڈر جائے کہے میں اللہ کے پورے کلمات کے ساتھ اس کے غضب اور اس کی سزا اور اس کے بندوں کے شر سے پناہ پکڑتا ہوں اور شیطانوں کے وسوسوں سے اور یہ کہ وہ مجھ کو حاضر ہوں اس سے پناہ چاہتا ہوں شیطان اس کو ہرگز نقصان نہیں پہنچا سکیں گے عبداللہ بن عمرو یہ کلمات اپنے بیٹوں کو سکھلاتے تھے اور کاغذ میں لکھ کر نابالغ بچوں کے گلے میں ڈال دیتے تھے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ترمذی نے اور یہ اس کے لفظ ہیں)

۲۳۶۴/۲۱ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تین مرتبہ اللہ تعالیٰ سے

الْجَنَّةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ الْجَنَّةُ اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَمَنِ اسْتَجَارَ مِنَ النَّارِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ النَّارُ اَللّٰهُمَّ اَجِرْهُ مِنَ النَّارِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

جنت کا سوال کرے جنت کہتی ہے اے اللہ اس کو جنت میں داخل کر دے اور جو تین مرتبہ آگ سے پناہ مانگے آگ کہتی ہے اے اللہ اس کو آگ سے بچا (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور نسائی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۳۶۵/۲۲ عَنِ الْقَعْقَاعِ اَنَّ كَعْبَ الْاَحْبَارِ قَالَ لَوْلَا كَلِمَاتٌ اَقُوْلُهُنَّ لَجَعَلَتْنِيْ يَهُوْدُ حِمَارًا فَقِيْلَ لَهٗ مَا هُنَّ قَالَ اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ لَيْسَ شَيْءٌ اَعْظَمَ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَّبِاَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

قعقاع سے روایت ہے کعب احبارؒ کہتے ہیں اگر میں چند کلمات نہ کہوں تو یہود مجھ کو گدھا بنا ڈالیں ان سے کہا گیا وہ کلمات کیا ہیں کہا میں اللہ بڑے کے منہ سے جس سے بڑا کوئی نہیں اور اللہ کے پورے کلمات کے ساتھ جن سے کوئی نیک اور بدتجاوز نہیں کرتا اور اللہ کے اچھے ناموں کے ساتھ جن کو میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا ہوں اس چیز کی برائی سے پناہ پکڑتا ہوں جو اس نے پیدا کی اور پراگندہ کی اور برابر کی (روایت کیا اس کو مالک نے)

۲۳۶۶/۲۳ وَعَنْ مُسْلِمِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ كَانَ اَبِيْ يَقُوْلُ فِيْ دُبُرِ الصَّلٰوةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ فَكُنْتُ اَقُوْلُهُنَّ فَقَالَ اَيْ بُنَيَّ عَمَّنْ اَخَذْتَ هٰذَا فَقُلْتُ عَنْكَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُهُنَّ فِيْ دُبُرِ الصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ فِيْ دُبُرِ الصَّلٰوةِ وَرَوٰى اَحْمَدُ لَفْظَ الْحَدِيْثِ وَعِنْدَهٗ

مسلم بن ابی بکرہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میرا باپ نماز کے بعد یہ دعا پڑھا کرتا تھا اے اللہ میں تیرے ساتھ کفر فقر اور قبر کے عذاب سے پناہ مانگتا ہوں میں یہ کلمات پڑھا کرتا تھا میرے والد کہنے لگے اے بیٹے تو نے یہ کلمات کہاں سے سیکھے ہیں میں نے کہا آپ سے ہی کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ کلمات ہر نماز کے بعد کہا کرتے تھے۔ (روایت کیا اس کو نسائی نے اور ترمذی نے مگر اس نے دبر الصلوٰۃ کا لفظ بیان نہیں کیا احمد نے اس حدیث کے الفاظ روایت کئے ہیں اور اس کے لفظ ہیں فی دبر کل صلوٰۃ)

besturdubooks.wordpress.com

فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ۔

۲۳۶۷/۲۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْكُفْرِ وَالدَّيْنِ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَعْدِلُ الْكُفْرَ بِالدَّيْنِ قَالَ نَعَمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ قَالَ رَجُلٌ وَيُعْدَلَانِ قَالَ نَعَمْ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

ابوسعید رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے فرماتے تھے اے اللہ! میں تیری کفر اور قرضے سے پناہ مانگتا ہوں۔ ایک آدمی نے کہا کیا یہ دونوں برابر ہو گئے ہیں۔ فرمایا ہاں اور ایک روایت میں ہے فرمایا اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں کفر اور فقر سے ایک شخص نے کہا کیا یہ دونوں برابر ہیں۔ فرمایا ہاں۔ (روایت کیا اس کو نسائی نے)

* * * * *

# بَابُ جَامِعِ الدُّعَاءِ

# جامع دعاؤں کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۳۶۸/۱ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَدْعُوْ بِهٰذَا الدُّعَاءِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَاِسْرَافِيْ فِيْ اَمْرِيْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ وَخَطَئِيْ وَعَمْدِيْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوموسیٰ اشعری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ یہ دعا مانگا کرتے تھے اے اللہ میری خطا اور نادانی اور میرے کام میں زیادتی اور جو گناہ تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے معاف کر دے اے اللہ میرے قصد اور ہنسی سے گناہ کرنے دانستہ اور نادانستہ گناہ کرنے کو معاف کر دے اور یہ سب میرے پاس ہیں۔ اے اللہ! میرے وہ گناہ بخش دے جو میں نے پہلے کئے اور وہ جو میں نے ان کے بعد کئے اور جو میں نے چھپ کر کئے اور جو میں نے آشکارا کئے اور جو گناہ تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے تو آگے کرنے والا اور پیچھے ڈالنے والا اور تو ہر چیز پر قادر ہے۔ (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۳۶۹/۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ میرے

besturdubooks.wordpress.com

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

دین کو میرے لئے درست فرما جو میرے کام کا بچاؤ ہے اور میری دنیا میرے لئے درست فرما جس میں میری زندگانی ہے میری آخرت میرے لئے درست فرما جس میں میرا رجوع کرنا ہے میری زندگی کو ہر نیکی کے کام میں زیادتی کا سبب بنا دے اور میری موت کو میرے لئے ہر برائی سے آرام کا سبب بنا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۷۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ فرمایا کرتے تھے اے اللہ میں تجھ سے ہدایت تقویٰ نفس کو حرام سے باز رکھنے اور بے پروائی کا سوال کرتا ہوں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۷۱ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلِ اللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ وَاذْكُرْ بِالْهُدٰى هِدَايَتَكَ الطَّرِيْقَ وَبِالسَّدَادِ سَدَادَ السَّهْمِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت علیؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا یہ کلمات کہہ اے اللہ مجھ کو ہدایت دے اور مجھ کو سیدھا کر ہدایت طلب کرتے ہوئے سیدھے راستے کا تصور کر اور راستی طلب کرتے ہوئے تیر کی راستی کا تصور کر (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۷۲ وَعَنْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَجُلٌ اِذَا اَسْلَمَ عَلَّمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ ثُمَّ اَمَرَهٗ اَنْ يَّدْعُوَ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو مالک اشجعی اپنے باپ سے روایت بیان کرتے ہیں انہوں نے کہا جس وقت کوئی شخص مسلمان ہوتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کو نماز سکھلاتے اور اس کو حکم دیتے کہ ان کلمات کے ساتھ دعا کیا کرے اے اللہ مجھ کو بخش دے مجھ پر رحم فرما مجھ کو ہدایت دے اور عافیت سے رکھ اور مجھ کو رزق دے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۷۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ اَكْثَرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر دعا یہ تھی اے اللہ ہم کو دنیا میں نیکی دے اور آخرت میں نیکی دے اور ہم کو قبر کے عذاب سے بچا لے۔ (روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

## دوسری فصل

۲۳۷۴ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ يَقُوْلُ رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَامْكُرْ لِیْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَیَّ وَاهْدِنِیْ وَيَسِّرِ الْهُدٰى لِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَیَّ رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَكَ شَاكِرًا لَّكَ ذَاكِرًا لَّكَ رَاهِبًا لَّكَ مِطْوَاعًا لَّكَ مُخْبِتًا اِلَيْكَ اَوَّاهًا مُّنِيْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ وَاهْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِیْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دعا میں فرمایا کرتے تھے میرے پروردگار میری مدد کر مجھ پر مدد نہ کر اور مجھ کو فتح دے اور مجھ پر کسی کو فتح نہ دے میرے لئے مکر کر میرے خلاف مکر نہ کر مجھ کو ہدایت دے اور مجھ پر ہدایت آسان کر دے جس نے مجھ پر زیادتی کی ہے اس پر میری مدد فرما اے میرے رب مجھ کو تیرا شکر کرنے والا۔ تیرا ذکر کرنے والا تجھ سے ڈرنے والا تیرا فرمانبردار تیرے لئے عاجزی کرنے والا تیری طرف آہ کرنے والا۔ تیری طرف رجوع کرنے والا بنا دے اے میرے پروردگار میری توبہ قبول فرما میرے گناہ دھو ڈال میری دعا قبول فرما میری دلیل کو ثابت کر میری زبان کو سچا کر میرے دل کو ہدایت فرما۔ میرے سینہ کی سیاہی نکال دے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابوداؤد نے اور ابن ماجہ نے)

۲۳۷۵ وَعَنْ اَبِیْ بَكْرٍ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ ثُمَّ بَكٰى فَقَالَ سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فَاِنَّ اَحَدًا لَمْ يُعْطَ بَعْدَ الْيَقِيْنِ خَيْرًا مِّنَ الْعَافِيَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ اِسْنَادًا)

ابوبکر رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے پھر رو دیئے فرمایا اللہ سے بخشش عافیت کا سوال کرو۔ کیونکہ یقین کے بعد کسی کو عافیت سے بڑھ کر بہتر کوئی چیز نہیں دی گئی (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے ترمذی نے کہا یہ حدیث سند کے اعتبار سے حسن غریب ہے

۲۳۷۶ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ الدُّعَاءِ اَفْضَلُ قَالَ

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے کہا اے اللہ کے رسول کون سی دعاء افضل ہے فرمایا اپنے رب سے عافیت

besturdubooks.wordpress.com



سَلْ رَبَّكَ الْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ثُمَّ اَتَاهُ فِي الْيَوْمِ الثَّانِي فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الدُّعَاءِ اَفْضَلُ فَقَالَ لَهٗ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ اَتَاهُ فِي الْيَوْمِ الثَّالِثِ فَقَالَ لَهٗ مِثْلَ ذٰلِكَ قَالَ فَاِذَا اُعْطِيْتَ الْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَقَدْ اَفْلَحْتَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ اِسْنَادًا)

اور دنیا اور آخرت میں معافات کا سوال کر۔ پھر وہی شخص آپ کے پاس دوسرے دن آیا اور کہا اے اللہ کے رسولؐ کونسی دعاء افضل ہے آپؐ نے اسی طرح فرمایا پھر تیسرے دن آیا آپ نے اسی طرح فرمایا پھر آپ نے فرمایا جب تجھ کو دنیا اور آخرت میں معافات مل گئی تو کامیاب ہوا (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے۔ ترمذی نے کہا کہ سند کے لحاظ سے یہ حدیث حسن غریب ہے)

۲۳۷۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْخَطْمِيِّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ دُعَائِهٖ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يَّنْفَعُنِيْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ اَللّٰهُمَّ مَا رَزَقْتَنِيْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ اَللّٰهُمَّ مَا زَوَيْتَ عَنِّيْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عبداللہ بن یزید خطمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ اپنی دعاء میں فرمایا کرتے تھے اے اللہ مجھ کو اپنی محبت عطا فرما اور اس شخص کی محبت عطا فرما جس کی محبت مجھ کو تیرے ہاں نفع دے اے اللہ جو تو نے مجھ کو دیا ہے جس کو لینا دوست رکھتا ہوں اسکو میرے لئے قوت بنا اس میں جس کو تو دوست رکھتا ہے اے اللہ جو تو نے سمیٹ رکھا ہے اس چیز سے جس کو میں دوست رکھتا ہوں اس کو میرے لئے فراغت کا سبب بنا اس چیز میں جسکو تو دوست رکھتا ہے۔ (ترمذی)

۲۳۷۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَلَّمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْمُ مِنْ مَّجْلِسٍ حَتّٰى يَدْعُوَ بِهٰؤُلَاءِ الدَّعَوَاتِ لِاَصْحَابِهٖ اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مُصِيْبَاتِ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کم ہی کسی مجلس سے اٹھتے تھے یہاں تک کہ ان کلمات کے ساتھ اپنے صحابہ کے لئے دعا فرماتے اے اللہ ہمیں اپنی خشیت اس قدر نصیب فرما جس کے ساتھ تو ہمارے اور اپنی نافرمانی کے درمیان حائل ہو جائے اور اپنی طاعت اس قدر نصیب فرما کہ اس کے سبب تو ہم کو جنت میں پہنچا دے اور اس قدر یقین نصیب فرما جس کے ساتھ تو ہم پر دنیا کی مصیبتیں آسان کر دے اور ہم کو ہماری شنوائیوں اور بینائیوں اور ہماری

besturdubooks.wordpress.com

بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

قوت کے ساتھ بہرہ مند فرما جب تک تو ہم کو زندہ رکھے اور اس بہرہ مندی کو ہمارا وارث بنا ہمارا کینہ کشی اس پر گردان جس نے ہم پر ظلم کیا ہم کو اس شخص پر فتح دے جو ہم سے دشمنی رکھے ہمارے دین میں ہمارے مصیبت نہ گردان دنیا کو ہمارا بڑا اندیشہ نہ بنا اور نہ ہمارے علم کی نہایت بنا ہم پر اس شخص کو مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کرے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)

۲۳۷۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ وَزِدْنِيْ عِلْمًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَّاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ اَهْلِ النَّارِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ اِسْنَادًا)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ مجھ کو نفع دے جو تو نے مجھ کو سکھلایا اور مجھ کو سکھلا وہ علم جو مجھ کو نفع دے اور میرے علم کو زیادہ کر ہر حالت میں اللہ کی تعریف اور میں اللہ تعالےٰ کے ساتھ اہل نار کی حالت سے پناہ پکڑتا ہوں (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے ترمذی نے کہا یہ حدیث سند کے اعتبار سے حسن غریب ہے)

۲۳۸۰ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ سُمِعَ عِنْدَ وَجْهِهٖ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ فَاُنْزِلَ عَلَيْهِ يَوْمًا فَمَكَثْنَا سَاعَةً فَسُرِّيَ عَنْهُ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَارْضَ عَنَّا وَارْضَ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ اُنْزِلَ عَلَيَّ عَشْرُ اٰيَاتٍ مَّنْ

عمر بن الخطاب رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا جس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوتی آپ کے چہرہ کے پاس شہد کی مکھی جیسی آواز سنائی دیتی تھی ایک دن آپ پر وحی نازل ہوئی کچھ عرصہ ہم ٹھہرے رہے آپ سے وہ حالت دور کی گئی آپ نے اپنا منہ قبلہ کیطرف کیا اور اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور فرمایا اے اللہ ہمیں زیادہ کر اور کم نہ کر ہم کو بزرگ رکھ اور ذلیل نہ کر ہم کو عطا فرما اور محروم نہ رکھ ہم کو برگزیدہ کر اور ہم پر کسی کو برگزیدہ نہ کر ہم کو راضی کر اور ہم سے راضی رہ پھر فرمایا مجھ پر دس آیات نازل کی گئیں جو شخص ان پر عمل کرے گا جنت میں داخل ہوگا پھر پڑھا قد افلح المؤمنون دس آیتیں ختم کیں

besturdubooks.wordpress.com



اَقَامَهُنَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ ثُمَّ قَرَأَ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى خَتَمَ عَشْرَ اٰيَاتٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

(روایت کیا اس کو احمد نے اور ترمذی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۳۸۱/۱۴ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ اِنَّ رَجُلًا ضَرِيْرَ الْبَصَرِ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يُّعَافِيَنِيْ فَقَالَ اِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ وَاِنْ شِئْتَ صَبَرْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قَالَ فَادْعُهُ قَالَ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّتَوَضَّاَ فَيُحْسِنَ الْوُضُوْءَ وَيَدْعُوَ بِهٰذَا الدُّعَاءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ اِنِّيْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّيْ لِيَقْضِيَ لِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ)

عثمان بن حنیف سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ایک نابینا آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور کہا اللہ سے دعا کریں کہ مجھ کو عافیت دے فرمایا اگر تو چاہتا ہے میں دعا کرتا ہوں اگر تو چاہتا ہے تو صبر کرے وہ تیرے لئے بہتر ہے اس نے کہا دعا کیجئے کہا آپ نے اس کو اچھی طرح وضو کرنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ یہ دعا کرے اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف نبی محمدؐ کے وسیلہ کے ساتھ متوجہ ہوتا ہوں جو نبی رحمت ہیں اے نبی میں اپنے پروردگار کی طرف آپ کے وسیلہ سے متوجہ ہوتا ہوں تاکہ اللہ تعالیٰ میری یہ حاجت پوری کرے اے اللہ! میرے بارے میں ان کی یہ شفاعت قبول کرلے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۲۳۸۲/۱۵ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مِنْ دُعَاءِ دَاوٗدَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِيْ يُبَلِّغُنِيْ حُبَّكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَّفْسِيْ وَمَالِيْ وَاَهْلِيْ وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ قَالَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَكَرَ

ابوالدرداء رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ داؤد علیہ السلام کی دعا یہ تھی۔ اے اللہ میں تجھ سے تیری محبت کا سوال کرتا ہوں اور اس شخص کی محبت جو تجھ سے محبت رکھتا ہے اور اس عمل کی محبت جو مجھ کو تیری محبت تک پہنچا دے اے اللہ! اپنی محبت میری طرف میرے نفس اور میرے مال و اہل اور ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ محبوب بنا دے راوی نے کہا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت حضرت داؤد علیہ السلام کی باتیں بیان فرماتے فرمایا کرتے

besturdubooks.wordpress.com

دَاوٗدَ يُحَدِّثُ عَنْهُ يَقُوْلُ كَانَ اَعْبَدَ الْبَشَرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

کرتے کہ داؤدؑ بڑے عابد لوگوں میں سے تھے (روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)

۲۳۸۳ وَعَنْ عَطَآءِ بْنِ السَّآئِبِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ صَلّٰى بِنَا عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ صَلٰوةً فَاَوْجَزَ فِيْهَا فَقَالَ لَهٗ بَعْضُ الْقَوْمِ لَقَدْ خَفَّفْتَ وَاَوْجَزْتَ الصَّلٰوةَ فَقَالَ اَمَا عَلٰى ذٰلِكَ لَقَدْ دَعَوْتُ فِيْهَا بِدَعَوَاتٍ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَامَ تَبِعَهٗ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ هُوَ اَبِيْ غَيْرَ اَنَّهٗ كَنٰى عَنْ نَّفْسِهٖ فَسَاَلَهٗ عَنِ الدُّعَآءِ ثُمَّ جَآءَ فَاَخْبَرَ بِهِ الْقَوْمَ اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّيْ اَللّٰهُمَّ وَاَسْاَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَاَسْاَلُكَ كَلِمَةَ الْحَقِّ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ وَاَسْاَلُكَ الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى وَاَسْاَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَاَسْاَلُكَ قُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْاَلُكَ الرِّضَاءَ بَعْدَ الْقَضَآءِ وَاَسْاَلُكَ بَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَاَسْاَلُكَ لَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَآئِكَ فِيْ غَيْرِ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ

عطاء بن السائب اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا عمار بن یاسرؓ نے ہم کو ایک نماز پڑھائی اور اس میں اختصار سے کام لیا ایک آدمی نے کہا آپ نے بڑی ہلکی اور مختصر نماز پڑھائی ہے عمار نے کہا مجھ کو اس کا ڈر نہیں ہے میں نے اس میں کئی دعائیں مانگی ہیں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہیں جب وہ کھڑے ہوئے ایک آدمی ان کے پیچھے چلا اور وہ میرے والد تھے لیکن انہوں نے اپنے نفس سے کنایہ کیا ان سے وہ دعا پوچھی پھر لائے اور لوگوں کو وہ دعا بتلائی اے اللہ اپنے غیب جاننے اور مخلوق پر قدرت رکھنے کے وسیلہ سے مجھ کو اس وقت تک زندہ رکھ جب تک تو زندگی میرے لئے بہتر جانے اور مجھ کو مار جب تو مرنے کو میرے لئے بہتر جانے اے اللہ میں تجھ سے باطن اور ظاہر میں تیری خشیت کا سوال کرتا ہوں اور تجھ سے خوشی اور خفگی میں کلمہ حق مانگتا ہوں حالت فقر اور دولت میں میانہ روی کا سوال کرتا ہوں اور تجھ سے ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو اور آنکھوں کی ایسی ٹھنڈک مانگتا ہوں جو تمام نہ ہو اور رضا بعد القضاء مانگتا ہوں اور تجھ سے مرنے کے بعد زندگی کی ٹھنڈک مانگتا ہوں اور تجھ سے تیرے چہرہ کی طرف دیکھنے کی لذت مانگتا ہوں اور تیری ملاقات کی طرف شوق مانگتا ہوں ایسی سخت حالت کے غیر میں کہ ضرر پہنچائے اور نہ فتنہ میں جو گمراہ کرے اے اللہ ہم کو ایمان کی زینت کے ساتھ زینت بخش اور ہم کو راہ راست دکھانے والے اور راہ راست پر چلنے والے بنا (روایت کیا اس کو

besturdubooks.wordpress.com

الْاِیْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِیْنَ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِیُّ)

نسائی نے)

۲۳۸۴/۱۷ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یَقُوْلُ فِیْ دُبُرِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّرِزْقًا طَیِّبًا (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالْبَیْهَقِیُّ فِی الدَّعَوَاتِ الْكَبِیْرِ)

ام سلمہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے بعد فرمایا کرتے اے اللہ میں تجھ سے نفع دینے والا علم اور قبول کیا گیا عمل اور پاکیزہ رزق کا سوال کرتا ہوں (روایت کیا اس کو احمد نے اور ابن ماجہ نے اور بیہقی نے دعوات الکبیر میں)

۲۳۸۵/۱۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ دُعَآءٌ حَفِظْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا اَدَعُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ اَعْظُمُ شُكْرَكَ وَاُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ نُصْحَكَ وَاَحْفَظُ وَصِیَّتَكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا سے ایک یہ دعا بھی یاد کی ہے جس کو میں کبھی نہیں چھوڑوں گا اے اللہ مجھ کو بنا کہ میں تیرا بڑا شکر کروں اور بہت زیادہ ذکر کروں تیری نصیحت کی پیروی کروں تیری وصیت کو یاد رکھوں (روایت کیا اسکو ترمذی نے)

۲۳۸۶/۱۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ۔

عبداللہ بن عمرو رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے اے اللہ میں تجھ سے صحت حرام سے بچنے امانت حسن خلق اور تقدیر کے ساتھ راضی ہو جانے کا سوال کرتا ہوں۔

۲۳۸۷/۲۰ وَعَنْ اُمِّ مَعْبَدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِیْ مِنَ الرِّیَآءِ وَلِسَانِیْ مِنَ الْكَذِبِ وَعَیْنِیْ مِنَ الْخِیَانَةِ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ۔ (رَوَاهُمَا الْبَیْهَقِیُّ فِی الدَّعَوَاتِ الْكَبِیْرِ)

ام معبد رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے اے اللہ میرے دل کو نفاق سے پاکیزہ کر اور میرے عمل کو ریا سے میری زبان کو جھوٹ سے میری آنکھ کو خیانت سے پاکیزہ فرما بیشک تو آنکھوں کی خیانت اور دل کے بھیدوں کو جانتا ہے۔ (ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے دعوات الکبیر میں ذکر کیا ہے)

۲۳۸۸/۲۱ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَ رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَدْ خَفَتَ فَصَارَ مِثْلَ الْفَرْخِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ كُنْتَ تَدْعُوْ اللّٰهَ بِشَيْءٍ اَوْ تَسْاَلُهٗ اِيَّاهُ قَالَ نَعَمْ كُنْتُ اَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ مَا كُنْتَ مُعَاقِبِيْ بِهٖ فِي الْاٰخِرَةِ فَعَجِّلْهُ لِيْ فِي الدُّنْيَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبْحَانَ اللّٰهِ لَا تُطِيْقُهٗ وَلَا تَسْتَطِيْعُهٗ اَفَلَا قُلْتَ اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ قَالَ فَدَعَا اللّٰهَ بِهٖ فَشَفَاهُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مسلمان آدمی کی عیادت کی جو ضعیف ہو چکا تھا اور پرندے کے بچے کی طرح ہو گیا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تو نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی تھی یا کسی چیز کا سوال کیا تھا اس نے کہا ہاں میں کہا کرتا تھا اے اللہ اگر تو آخرت میں مجھ کو عذاب کرنے والا ہے تو دنیا میں ہی جلدی کر دے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سبحان اللہ تو اس کی طاقت اور استطاعت نہیں رکھتا تو نے اس طرح کیوں نہیں کہا اے اللہ مجھ کو دنیا میں نیکی دے اور آخرت میں بھی نیکی دے اور ہم کو آگ کے عذاب سے بچا راوی نے کہا اس نے اللہ سے ان کلمات کے ساتھ دعا کی اللہ نے اس کو شفا بخش دی۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۸۹/۲۲ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْبَغِيْ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ يُّذِلَّ نَفْسَهٗ قَالُوْا وَكَيْفَ يُذِلُّ نَفْسَهٗ قَالَ يَتَعَرَّضُ مِنَ الْبَلَاءِ لِمَا لَا يُطِيْقُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مؤمن کے لئے لائق نہیں ہے کہ اپنے نفس کو رسوا کرے صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا اپنے نفس کو کس طرح رسوا کرتا ہے فرمایا ایسی آفتوں میں پڑے جن کی طاقت نہیں رکھتا۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)

۲۳۹۰/۲۳ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيْرَتِيْ خَيْرًا مِّنْ عَلَانِيَتِيْ وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ صَالِحَةً اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِي النَّاسَ مِنَ الْاَهْلِ وَالْمَالِ وَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھلایا کہ اے اللہ میرے باطن کو میرے ظاہر سے بہتر گردان اور میرے ظاہر کو شائستہ بنا اے اللہ میں تجھ سے اس چیز کی بہتری مانگتا ہوں جو تو لوگوں کو اہل اور مال اور اولاد میں دیتا ہے جو نہ گمراہ ہوں نہ گمراہ کریں۔

besturdubooks.wordpress.com

الْوَلَدِ غَيْرِ الضَّالِّ وَالْمُضِلِّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

(روایت کیا اس کو ترمذی نے)

# كِتَابُ الْمَنَاسِكِ

# افعال حج کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۳۹۱/۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ قَدْ فُرِضَ عَلَيْكُمُ الْحَجُّ فَحُجُّوْا فَقَالَ رَجُلٌ اَكُلَّ عَامٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَسَكَتَ حَتّٰى قَالَهَا ثَلٰثًا فَقَالَ لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَمَا اسْتَطَعْتُمْ ثُمَّ قَالَ ذَرُوْنِيْ مَا تَرَكْتُكُمْ فَاِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِكَثْرَةِ سُؤَالِهِمْ وَاخْتِلَافِهِمْ عَلٰى اَنْبِيَائِهِمْ فَاِذَا اَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ فَاْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاِذَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ شَيْءٍ فَدَعُوْهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا کہ اے لوگو! تم پر حج فرض کیا گیا ہے پس تم حج کرو۔ ایک آدمی کہنے لگا اے اللہ کے رسول! کیا ہر سال فرض ہے آپ چپ رہے اس نے تین مرتبہ کہا آپ نے فرمایا اگر میں ہاں کہہ دیتا حج واجب ہو جاتا اور تم اسکی طاقت نہ رکھتے پھر فرمایا جب تک میں تم کو چھوڑوں تم مجھ کو چھوڑ دو پہلے لوگ اپنے نبیوں پر کثرت سے سوالات کرنے اور اختلاف کرنے کی وجہ سے ہلاک ہو گئے جس وقت میں تم کو کسی کام کا حکم دوں جس قدر تم کو طاقت ہو کرو اور جس وقت تم کو کسی بات سے روکوں رک جاؤ۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۹۲/۲ وَعَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ قَالَ اِيْمَانٌ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ قِيْلَ ثُمَّ مَاذَا قَالَ الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قِيْلَ ثُمَّ مَاذَا قَالَ حَجٌّ مَبْرُوْرٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کون سا عمل افضل ہے فرمایا اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ ایمان لانا کہا گیا پھر کونسا فرمایا اللہ کی راہ میں جہاد کرنا کہا گیا پھر کون سا فرمایا مقبول حج (متفق علیہ)

۲۳۹۳/۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَجَّ لِلّٰهِ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَيَوْمِ

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کے لئے حج کرے اور اپنی عورت سے صحبت کی باتیں نہ کرے اور گناہ کا کام نہ کرے

besturdubooks.wordpress.com

وَلَدَتْهُ أُمُّهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

وہ لوٹ آتا ہے اور گناہوں سے اس طرح پاک ہوتا ہے گویا اسکی ماں نے اسکو آج جنا ہے

۲۳۹۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا وَالْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک عمرہ دوسرے عمرے تک درمیانی گناہوں کا کفارہ ہے اور حج مبرور کا بدلہ جنت ہے (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۳۹۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ عُمْرَةً فِي رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان کے مہینہ میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہو جاتا ہے (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۳۹۶ وَعَنْهُ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَ رَكْبًا بِالرَّوْحَاءِ فَقَالَ مَنِ الْقَوْمُ قَالُوا الْمُسْلِمُوْنَ فَقَالُوْا مَنْ أَنْتَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَرَفَعَتْ إِلَيْهِ امْرَأَةٌ صَبِيًّا فَقَالَتْ أَلِهٰذَا حَجٌّ قَالَ نَعَمْ وَلَكِ أَجْرٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابن عباسؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روحاء میں ایک قافلہ سے ملے آپ نے فرمایا تم کون لوگ ہو انہوں نے کہا ہم مسلمان ہیں انہوں نے کہا آپ کون ہیں آپ نے فرمایا میں اللہ کا رسول ہوں ایک عورت نے ایک بچہ آپ کی طرف اٹھایا اور کہا کیا اس کے لئے حج ہے فرمایا ہاں اور اس کا ثواب تیرے لئے ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۳۹۷ وَعَنْهُ قَالَ إِنَّ امْرَأَةً مِنْ خَثْعَمَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ فَرِيْضَةَ اللّٰهِ عَلَى عِبَادِهِ فِي الْحَجِّ أَدْرَكَتْ أَبِي شَيْخًا كَبِيْرًا لَا يَثْبُتُ عَلَى الرَّاحِلَةِ أَفَأَحُجُّ عَنْهُ قَالَ نَعَمْ وَذٰلِكَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا قبیلہ خثعم کی ایک عورت نے کہا اے اللہ کے رسول اللہ کے حج نے جو فرض ہے اس کے بندوں پر میرے باپ کو پا لیا ہے جو بوڑھا ہے جو سواری پر بھی نہیں ٹھہر سکتا کیا میں اس کی طرف سے حج کر دوں فرمایا ہاں اور یہ واقعہ حجۃ الوداع کا ہے (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۳۹۸ وَعَنْهُ قَالَ أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ أُخْتِي نَذَرَتْ أَنْ تَحُجَّ وَإِنَّهَا مَاتَتْ فَقَالَ النَّبِيُّ

اسی (ابن عباسؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا میری بہن نے حج کی نذر مانی تھی اب وہ مر گئی ہے نبی اکرم

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ عَلَيْهَا دَيْنٌ أَكُنْتَ قَاضِيَهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاقْضِ دَيْنَ اللّٰهِ فَهُوَ أَحَقُّ بِالْقَضَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر اس پر قرض ہوتا کیا تو اس کو ادا کرتا اس نے کہا ہاں فرمایا اللہ کے قرض کو ادا کر وہ ادا کرنے کا زیادہ حقدار ہے (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۳۹۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ وَلَا تُسَافِرَنَّ امْرَأَةٌ إِلَّا وَمَعَهَا مَحْرَمٌ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اكْتُتِبْتُ فِي غَزْوَةِ كَذَا وَكَذَا وَخَرَجَتِ امْرَأَتِي حَاجَّةً قَالَ اذْهَبْ فَاحْجُجْ مَعَ امْرَأَتِكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابن عباس رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی آدمی کسی عورت کے ساتھ خلوت نہ کرے اور کوئی عورت سفر نہ کرے مگر اس کے ساتھ محرم ہو ایک آدمی نے کہا اے اللہ کے رسول میں فلاں فلاں جنگ میں لکھ دیا گیا ہوں اور میری بیوی حج کے لئے نکلی ہے آپ نے فرمایا جا اور اپنی بیوی کے ساتھ حج کر (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۴۰۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اسْتَأْذَنْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجِهَادِ فَقَالَ جِهَادُكُنَّ الْحَجُّ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جہاد کرنے کی اجازت طلب کی آپ نے فرمایا تمہارا جہاد حج ہے (متفق علیہ)

۲۴۰۱ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَافِرُ امْرَأَةٌ مَسِيْرَةَ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ إِلَّا وَمَعَهَا ذُوْ مَحْرَمٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی عورت ایک دن اور رات کی مسافت کا سفر نہ کرے مگر اس کے ساتھ محرم ہو۔ (متفق علیہ)

۲۴۰۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَقَّتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ فَهُنَّ لَهُنَّ وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِ أَهْلِهِنَّ لِمَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَمَنْ كَانَ دُوْنَهُنَّ فَمُهَلُّهُ مِنْ أَهْلِهِ وَكَذَاكَ وَ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھنے کے لئے جگہ مقرر فرمائی ہے اہل مدینہ کے لئے ذوالحلیفہ اہل شام کے لئے جحفہ اہل نجد کے لئے قرن منازل اہل یمن کے لئے یلملم یہ ان میں رہنے والے لوگوں کے لئے ہیں اور ان لوگوں کے لئے ہیں جو ان پر سے گذریں اور ان میں رہنے والے نہ ہوں اس شخص کے لئے جو حج اور عمرہ کا ارادہ کرے جو شخص ان کے اندر رہتا ہے اس کے لئے احرام باندھنے کی جگہ اس کا گھر ہے اور اسی طرح اور اسی طرح یہاں

besturdubooks.wordpress.com

كَذَالِكَ حَتّٰى اَهْلُ مَكَّةَ يُهِلُّوْنَ مِنْهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تک کہ اہل مکہ مکہ سے احرام باندھیں گے (بخاری اور مسلم نے روایت کیا)

۲۴۰۳ وَعَنْ جَابِرٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُهَلُّ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَالطَّرِيْقُ الْاٰخَرُ الْجُحْفَةُ وَمُهَلُّ اَهْلِ الْعِرَاقِ مِنْ ذَاتِ عِرْقٍ وَّمُهَلُّ اَهْلِ نَجْدٍ قَرْنٌ وَّمُهَلُّ اَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اہل مدینہ کے احرام باندھنے کی جگہ ذوالحلیفہ ہے اور دوسری راہ سے جحفہ ہے اہل عراق کے احرام باندھنے کی جگہ ذات عرق ہے اہل نجد کے احرام باندھنے کی جگہ قرن ہے اور اہل یمن کی یلملم ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۴۰۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَ عُمَرٍ كُلُّهُنَّ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ اِلَّا الَّتِيْ كَانَتْ مَعَ حَجَّتِهٖ عُمْرَةً مِّنَ الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ وَعُمْرَةً مِّنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ وَعُمْرَةً مِّنَ الْجِعِرَّانَةِ حَيْثُ قَسَمَ غَنَائِمَ حُنَيْنٍ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ وَعُمْرَةً مَّعَ حَجَّتِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار مرتبہ عمرہ کیا تمام عمرے ذوالقعدہ میں کئے مگر وہ عمرہ جو آپ نے حج کے ساتھ کیا ایک عمرہ حدیبیہ سے ذیقعدہ میں دوسرا عمرہ آئندہ سال ذیقعدہ میں ایک عمرہ جعرانہ سے جہاں حنین کی غنیمتیں تقسیم کیں ذوالقعدہ میں اور ایک عمرہ حج کے ساتھ۔ (روایت کیا اس کو بخاری اور مسلم نے)

۲۴۰۵ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ قَبْلَ اَنْ يَّحُجَّ مَرَّتَيْنِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

براء بن عازبؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کرنے سے پہلے دو مرتبہ ذوالقعدہ میں عمرہ کیا (روایت کیا اس کو بخاری نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۴۰۶ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَيْكُمُ الْحَجَّ فَقَامَ

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے تم پر حج فرض کیا ہے اقرع بن حابس کھڑا ہوا اس نے کہا اے اللہ

besturdubooks.wordpress.com

الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ فَقَالَ اَفِیْ كُلِّ عَامٍ يَّا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَوْ قُلْتُهَا نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَوْ وَجَبَتْ لَمْ تَعْمَلُوْا بِهَا وَلَمْ تَسْتَطِيْعُوْا وَالْحَجُّ مَرَّةٌ فَمَنْ زَادَ فَتَطَوُّعٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

کے رسول کیا ہر سال فرض ہے آپ نے فرمایا اگر میں ہاں کہہ دیتا فرض ہو جاتا اگر فرض ہو جاتا تم اس پر عمل نہیں کر سکتے تھے اور نہ تم کو اس بات کی طاقت تھی حج فرض ایک مرتبہ ہے جو زیادہ کرتا ہے وہ نفل ہے۔ (روایت کیا اس کو احمد نے نسائی نے اور دارمی نے)

۲۴۰۷/۱۷ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَّلَكَ زَادًا وَّرَاحِلَةً تُبَلِّغُهُ اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ وَلَمْ يَحُجَّ فَلَا عَلَيْهِ اَنْ يَّمُوْتَ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا وَّذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَقُوْلُ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَّفِيْ اِسْنَادِهٖ مَقَالٌ وَّهِلَالُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَجْهُوْلٌ وَّالْحَارِثُ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ)

حضرت علی رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص زادِ راہ اور سواری کا مالک ہے جو اس کو بیت اللہ تک پہنچا دے وہ حج نہ کرے اس پر کوئی فرق نہیں ہے یہ کہ وہ یہودی مرے یا عیسائی اور یہ اس لئے ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اللہ کے واسطے لوگوں پر حج فرض ہے جو شخص اس کی طرف راستہ کی طاقت رکھے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور اس کی سند میں گفتگو ہے ہلال بن عبداللہ مجہول ہے اور حارث حدیث میں ضعیف ہے)

۲۴۰۸/۱۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا صَرُوْرَةَ فِي الْاِسْلَامِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ صرورۃ (باوجود طاقت رکھنے کے حج نہ کرنا) اسلام میں نہیں ہے (روایت کیا اسکو ابوداؤد نے)

۲۴۰۹/۱۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَرَادَ الْحَجَّ فَلْيَتَعَجَّلْ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

اسی (ابن عباس رضؓ) سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص حج کرنے کا ارادہ کرے وہ جلدی کرے (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور دارمی نے)

۲۴۱۰/۲۰ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَابِعُوْا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَاِنَّهُمَا يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوْبَ كَمَا يَنْفِي الْكِيْرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ وَالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَ

ابن مسعود رضؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پے در پے حج اور عمرہ کرو اس لئے کہ یہ دونوں فقر اور گناہوں کو دور کرتے ہیں جس طرح بھٹی لوہے سونے اور چاندی کی میل دور کر دیتی ہے۔ حج مقبول کا ثواب جنت کے سوا نہیں ہے (روایت کیا اس کو

besturdubooks.wordpress.com

لَيْسَ لِلْحَجَّةِ الْمَبْرُوْرَةِ ثَوَابٌ إِلَّا الْجَنَّةُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ عُمَرَ إِلَى قَوْلِهِ خَبَثَ الْحَدِيْدِ)

ترمذی نے اور نسائی نے اور روایت کیا ہے احمد اور ابن ماجہ نے حضرت عمرؓ سے روایت کے الفاظ خبث الحدید تک)

۲۴۱۱/۲۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يُوْجِبُ الْحَجَّ قَالَ الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے کہا اے اللہ کے رسول حج کونسی چیز واجب کرتی ہے فرمایا زاد راہ اور سواری (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۴۱۲/۲۲ وَعَنْهُ قَالَ سَأَلَ رَجُلٌ رَّسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا الْحَاجُّ قَالَ الشَّعِثُ التَّفِلُ فَقَامَ آخَرُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيُّ الْحَجِّ أَفْضَلُ قَالَ الْعَجُّ وَالثَّجُّ فَقَامَ آخَرُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا السَّبِيْلُ قَالَ زَادٌ وَّرَاحِلَةٌ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ فِيْ سُنَنِهٖ إِلَّا أَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرِ الْفَصْلَ الْأَخِيْرَ)

اسی (ابن عمرؓ) سے روایت ہے کہا ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا حج کیا ہے فرمایا پراگندہ سر رکھنا بغیر خوشبو کے ایک دوسرا شخص کھڑا ہوا اس نے کہا اے اللہ کے رسولؐ کون سا حج افضل ہے فرمایا لبیک کہنے کے ساتھ آواز کا بلند کرنا اور خون کا بہانا ایک اور شخص کھڑا ہوا اس نے کہا اے اللہ کے رسولؐ سبیل سے کیا مراد ہے فرمایا زادِ راہ اور سواری (روایت کیا اسکو شرح السنہ میں اور روایت کیا ہے ابن ماجہ نے اپنی سنن میں مگر اس نے آخری فقرہ ذکر نہیں کیا)

۲۴۱۳/۲۳ وَعَنْ أَبِيْ رَزِيْنٍ الْعُقَيْلِيِّ أَنَّهٗ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ أَبِيْ شَيْخٌ كَبِيْرٌ لَّا يَسْتَطِيْعُ الْحَجَّ وَلَا الْعُمْرَةَ وَلَا الظَّعْنَ قَالَ حُجَّ عَنْ أَبِيْكَ وَاعْتَمِرْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

ابو رزینؓ عقیلی سے روایت ہے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے کہا اے اللہ کے رسولؐ میرا باپ بوڑھا ہو چکا ہے حج اور عمرہ کی طاقت نہیں رکھتا اور نہ ہی سوار ہونے کی طاقت رکھتا ہے فرمایا تو اپنے باپ کیطرف سے حج اور عمرہ کر (روایت کیا اس کو ترمذی ابوداؤد اور نسائی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے)

۲۴۱۴/۲۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو سنا وہ لبیک کہتے ہوئے

besturdubooks.wordpress.com

يَقُوْلُ لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ قَالَ مَنْ شُبْرُمَةُ قَالَ اَخٌ لِّيْ اَوْ قَرِيْبٌ لِّيْ قَالَ اَحَجَجْتَ عَنْ نَّفْسِكَ قَالَ لَا قَالَ حُجَّ عَنْ نَّفْسِكَ ثُمَّ حُجَّ عَنْ شُبْرُمَةَ۔

کہہ رہا ہے لبیک شبرمہ کی طرف سے آپ نے فرمایا شبرمہ کون ہے اس نے کہا میرا بھائی ہے یا کہا میرا ایک قریبی عزیز ہے آپ نے فرمایا تو نے اپنی طرف سے حج کر لیا ہے اس نے کہا نہیں آپ نے فرمایا اپنی طرف سے حج کرلے پھر شبرمہ کی طرف سے حج کرنا۔

(رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

(روایت کیا اسکو شافعی ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۲۴۱۵/۳۵ وَعَنْهُ قَالَ وَقَّتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَهْلِ الْمَشْرِقِ الْعَقِيْقَ۔

اسی (ابن عباسؓ) سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرق والوں کے لئے احرام باندھنے کی جگہ عقیق مقرر کیا (روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے)

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

۲۴۱۶/۳۶ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ لِاَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتَ عِرْقٍ۔

عائشہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھنے کی جگہ اہل عراق کیلئے ذات عرق مقرر کی (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور نسائی نے)

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

۲۴۱۷/۳۷ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَهَلَّ بِحَجَّةٍ اَوْ عُمْرَةٍ مِّنَ الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى اِلَى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ اَوْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ام سلمہؓ سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے جو شخص مسجد اقصیٰ سے لے کر مسجد حرام تک حج یا عمرہ کا احرام باندھے اس کے پہلے اور پچھلے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں یا آپ نے فرمایا اس کے لئے جنت واجب ہو جاتی ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۴۱۸/۳۸ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ اَهْلُ الْيَمَنِ يَحُجُّوْنَ فَلَا يَتَزَوَّدُوْنَ وَيَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ فَاِذَا قَدِمُوْا مَكَّةَ سَاَلُوا النَّاسَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا اہل یمن حج کے لئے آتے اپنے ساتھ زادِ راہ نہیں لاتے تھے اور کہتے ہم توکل کرنے والے ہیں جب مکہ آتے لوگوں سے مانگتے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ زادِ راہ لو اور بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

besturdubooks.wordpress.com

۲۴۱۹/۲۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَى النِّسَاءِ جِهَادٌ قَالَ نَعَمْ عَلَيْهِنَّ جِهَادٌ لَّا قِتَالَ فِيْهِ اَلْحَجُّ وَالْعُمْرَةُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

عائشہؓ سے روایت ہے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسول کیا عورتوں پر جہاد ہے فرمایا ہاں ان کا جہاد ایسا ہے جس میں لڑائی نہیں ہے وہ حج اور عمرہ ہے (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۲۴۲۰/۳۰ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ يَمْنَعْهُ مِنَ الْحَجِّ حَاجَةٌ ظَاهِرَةٌ اَوْ سُلْطَانٌ جَائِرٌ اَوْ مَرَضٌ حَابِسٌ فَمَاتَ وَلَمْ يَحُجَّ فَلْيَمُتْ اِنْ شَاءَ يَهُوْدِيًّا وَّاِنْ شَاءَ نَصْرَانِيًّا۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

ابوامامہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو حج سے کوئی ظاہری ضرورت یا ظالم بادشاہ یا روکنے والی بیماری نہ روکے پھر وہ حج نہ کرے اور مرجائے وہ چاہے یہودی مرے یا عیسائی۔

(روایت کیا اس کو دارمی نے)

۲۴۲۱/۳۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَلْحَاجُّ وَالْعُمَّارُ وَفْدُ اللّٰهِ اِنْ دَعَوْهُ اَجَابَهُمْ وَاِنِ اسْتَغْفَرُوْهُ غَفَرَ لَهُمْ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپؐ نے فرمایا حج اور عمرہ کرنے والے اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں اگر اس سے دعا کریں ان کی دعا قبول کرتا ہے اگر اس سے بخشش طلب کریں ان کو بخش دیتا ہے (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۲۴۲۲/۳۲ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَفْدُ اللّٰهِ ثَلٰثَةٌ اَلْغَازِیْ وَالْحَاجُّ وَالْمُعْتَمِرُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِیُّ وَالْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

اسی (ابوہریرہؓ سے) روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے اللہ کے مہمان تین ہیں جہاد کرنے والا حج کرنیوالا اور عمرہ کرنیوالا (روایت کیا اس کو نسائی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں)

۲۴۲۳/۳۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَقِيْتَ الْحَاجَّ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَصَافِحْهُ وَمُرْهُ اَنْ يَّسْتَغْفِرَ لَكَ قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَ بَيْتَهٗ فَاِنَّهٗ مَغْفُوْرٌ لَّهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تو کسی حاجی سے ملے اس کو سلام کہہ اور اس سے مصافحہ کر اور اس کو حکم دے کہ وہ تیرے لئے بخشش کی دعا کرے اس سے پہلے کہ وہ اپنے گھر میں داخل ہو اس لئے کہ اس کو بخش دیا گیا ہے (روایت کیا اس کو احمد نے)

۲۴۲۴/۳۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص حج کرنے یا عمرہ کرنے یا جہاد کرنے کے لئے نکلا

besturdubooks.wordpress.com

خَرَجَ حَاجًّا اَوْ مُعْتَمِرًا اَوْ غَازِيًا ثُمَّ مَاتَ فِيْ طَرِيْقِهٖ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ اَجْرَ الْغَازِيْ وَ الْحَاجِّ وَالْمُعْتَمِرِ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

پھر وہ اپنے راستہ میں فوت ہو گیا اللہ تعالیٰ اس کے لئے حج کرنے والے عمرہ کرنیوالے اور جہاد کرنے والے کا ثواب لکھ دیتا ہے۔
(روایت کیا اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

# بَابُ الْاِحْرَامِ وَالتَّلْبِيَةِ

# احرام باندھنے اور تلبیہ کہنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۴۲۵ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اُطَيِّبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاِحْرَامِهٖ قَبْلَ اَنْ يُّحْرِمَ وَلِحِلِّهٖ قَبْلَ اَنْ يَّطُوْفَ بِالْبَيْتِ بِطِيْبٍ فِيْهِ مِسْكٌ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى وَبِيْصِ الطِّيْبِ فِيْ مَفَارِقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عائشہؓ سے روایت ہے کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو احرام باندھنے سے پہلے خوشبو لگاتی اور جب آپ احرام کھولتے اس وقت طواف کرنے سے پہلے خوشبو لگاتی ایسی خوشبو کہ اس میں مشک ہوتا گویا کہ میں خوشبو کی چمک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مانگ میں دیکھ رہی ہوں جبکہ آپ محرم ہوتے۔
(متفق علیہ)

۲۴۲۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُهِلُّ مُلَبِّدًا يَّقُوْلُ لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَ النِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَا يَزِيْدُ عَلٰى هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا جو کہ تلبید کئے ہوئے لبیک پکار رہے تھے فرماتے حاضر ہوں میں اے اللہ میں تیری خدمت میں حاضر ہوں حاضر ہوں تیری خدمت میں تیرا کوئی شریک نہیں ہے تیری خدمت میں حاضر ہوں بیشک حمد اور نعمت تیرے لئے ہے اور بادشاہی تیری ہے تیرا کوئی شریک نہیں ان کلمات سے کوئی زائد کلمہ نہ کہتے۔
(متفق علیہ)

۲۴۲۷ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَدْخَلَ رِجْلَهٗ فِي الْغَرْزِ وَاسْتَوَتْ بِهٖ نَاقَتُهٗ قَائِمَةً اَهَلَّ مِنْ عِنْدِ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ۔

اسی (ابن عمرؓ) سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت اپنا پاؤں رکاب میں داخل کرتے اور آپ کو ان کی اونٹنی اٹھاتی مسجد ذی الحلیفہ کے پاس سے آپ لبیک پکارتے۔

besturdubooks.wordpress.com

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

(متفق علیہ)

۲۴۲۸ وَعَنْ أَبِي سَعِيدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَصْرُخُ بِالْحَجِّ صُرَاخًا۔

ابوسعید خدری سے روایت ہے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے ہم حج کے لئے چلاتے تھے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۴۲۹ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كُنْتُ رَدِيفَ أَبِي طَلْحَةَ وَإِنَّهُمْ لَيَصْرُخُونَ بِهِمَا جَمِيعًا الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انس سے روایت ہے کہا میں سواری پر ابوطلحہ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا صحابہ حج اور عمرہ دونوں کے لئے چلاتے تھے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۴۳۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ وَأَهَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ فَأَمَّا مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ فَحَلَّ وَأَمَّا مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ أَوْ جَمَعَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَلَمْ يَحِلُّوا حَتّٰى كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ۔

عائشہ سے روایت ہے کہا حجۃ الوداع کے سال ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے بعض ہم میں عمرہ کا احرام باندھنے والے تھے اور بعض حج اور عمرہ دونوں کا اور بعض نے صرف حج کا احرام باندھا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حج کا احرام باندھا تھا جس نے عمرہ کا احرام باندھا تھا وہ حلال ہوگئے جس نے حج کا احرام باندھا تھا یا حج اور عمرہ دونوں کا احرام باندھا تھا وہ حلال نہیں ہوئے یہاں تک کہ قربانی کا دن آگیا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

(متفق علیہ)

۲۴۳۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ تَمَتَّعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ بَدَأَ فَأَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ ثُمَّ أَهَلَّ بِالْحَجِّ۔

ابن عمر سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں عمرہ کا حج کی طرف فائدہ اٹھالیا آپ شروع ہوئے کہ آپ نے عمرہ کا احرام باندھا پھر حج کا احرام باندھا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

(متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۲۴۳۲ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ

زید بن ثابت سے روایت ہے اس نے رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَجَرَّدَ لِإِهْلَالِهِ وَاغْتَسَلَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے احرام باندھنے کے لئے کپڑے اتارے اور غسل کیا (روایت کیا اس کو ترمذی اور دارمی نے)

۲۴۳۳/۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّدَ رَأْسَهُ بِالْغَسْلِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطمی کے ساتھ اپنے بالوں کی تلبید کی (بال جمائے) (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۴۳۴/۱۰ وَعَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَانِيْ جِبْرِيْلُ فَأَمَرَنِيْ أَنْ آمُرَ أَصْحَابِيْ أَنْ يَّرْفَعُوْا أَصْوَاتَهُمْ بِالْإِهْلَالِ أَوِ التَّلْبِيَةِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

خلادؓ بن سائب اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس جبرئیلؑ آئے اور مجھ کو حکم دیا کہ میں اپنے صحابہ سے کہوں کہ وہ اہلال یعنی لبیک کہنے میں آواز بلند کریں (روایت کیا اس کو مالک ترمذی ابوداؤد نسائی ابن ماجہ اور دارمی نے)

۲۴۳۵/۱۱ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ يُّلَبِّيْ إِلَّا لَبَّى مَنْ عَنْ يَّمِيْنِهِ وَشِمَالِهِ مِنْ حَجَرٍ أَوْ شَجَرٍ أَوْ مَدَرٍ حَتّٰى تَنْقَطِعَ الْأَرْضُ مِنْ هٰهُنَا وَهٰهُنَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی مسلمان شخص ایسا نہیں جو لبیک پکارتا ہے مگر اس کی دائیں اور بائیں جانب ہر پتھر یا درخت یا ڈھیلے لبیک پکارتے ہیں یہاں تک کہ اس طرف اور اس طرف سے زمین ختم ہو جاتے (روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے)

۲۴۳۶/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكَعُ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ النَّاقَةُ قَائِمَةً عِنْدَ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ أَهَلَّ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ وَيَقُوْلُ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِيْ يَدَيْكَ لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَاءُ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُ لِمُسْلِمٍ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذوالحلیفہ میں دو رکعت پڑھتے پھر جب ذوالحلیفہ کی مسجد کے پاس ان کی اونٹنی ان کو لے کر سیدھی کھڑی ہو جاتی ان کلمات کے ساتھ لبیک پکارتے فرماتے حاضر ہوں میں اے اللہ تیری خدمت میں حاضر ہوں حاضر ہوں اور نیک بختی حاصل کرتا ہوں بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے تیری خدمت میں حاضر ہوں رغبت تیری طرف ہے اور عمل تیرے لئے ہے۔ (متفق علیہ) اس حدیث کے الفاظ مسلم کے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

۲۴۳۷ وَعَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا فَرَغَ مِنْ تَلْبِيَتِهِ سَأَلَ اللّٰهَ رِضْوَانَهُ وَالْجَنَّةَ وَاسْتَغْفَرَهُ بِرَحْمَتِهِ مِنَ النَّارِ۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ)

عمارؓ بن خزیمہ بن ثابت اپنے باپ سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتا ہے کہ جب آپ لبیک پکارنے سے فارغ ہوتے اللہ تعالیٰ سے اس کی رضامندی اور جنت کا سوال کرتے اس کی رحمت سے اس کی آگ سے معافی طلب کرتے۔ (روایت کیا اس کو شافعی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۴۳۸ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَرَادَ الْحَجَّ أَذَّنَ فِي النَّاسِ فَاجْتَمَعُوا فَلَمَّا أَتَى الْبَيْدَاءَ أَحْرَمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

جابرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت حج کرنے کا ارادہ کیا لوگوں میں اس کا اعلان کرا دیا لوگ جمع ہو گئے جب آپ بیداء میں آئے احرام باندھا۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۴۳۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الْمُشْرِكُونَ يَقُولُونَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ فَيَقُولُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْلَكُمْ قَدْ قَدْ إِلَّا شَرِيكًا هُوَ لَكَ تَمْلِكُهُ وَمَا مَلَكَ يَقُولُونَ هٰذَا وَهُمْ يَطُوفُونَ بِالْبَيْتِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا مشرک لبیک پکارتے وقت کہتے ہم تیری خدمت میں حاضر ہیں تیرا کوئی شریک نہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تم پر افسوس ہے بس اور بس یہیں رک جاؤ لیکن وہ کہتے البتہ وہ جو تیرا شریک ہے اسکا تو مالک ہے اور جس چیز کا وہ مالک ہے اسکا بھی تو مالک ہے بیت اللہ کا طواف کرتے وقت وہ لوگ اسطرح کہتے (روایت کیا اسکو مسلم نے)

# بَابُ قِصَّةِ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

# حجۃ الوداع کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۴۴۰ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَثَ بِالْمَدِينَةِ تِسْعَ سِنِينَ لَمْ يَحُجَّ ثُمَّ أَذَّنَ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ فِي الْعَاشِرَةِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجٌّ فَقَدِمَ الْمَدِينَةَ

جابرؓ بن عبداللہ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں نو سال ٹھہرے رہے آپ نے حج نہیں کیا پھر دسویں سال لوگوں میں حج کا اعلان کرا دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حج کرنے والے ہیں بہت سے لوگ مدینہ میں آ گئے ہم آپ کے ساتھ نکلے جب ہم ذوالحلیفہ پہنچے اسماء بنت عمیس

besturdubooks.wordpress.com

بَشَرٌ كَثِيرٌ فَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتّٰى إِذَا أَتَيْنَا ذَا الْحُلَيْفَةِ فَوَلَدَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِي بَكْرٍ فَأَرْسَلَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ أَصْنَعُ قَالَ اغْتَسِلِي وَاسْتَثْفِرِي بِثَوْبٍ وَّ أَحْرِمِي فَصَلّٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ ثُمَّ رَكِبَ الْقَصْوَاءَ حَتّٰى إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ نَاقَتُهُ عَلَى الْبَيْدَاءِ أَهَلَّ بِالتَّوْحِيدِ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ قَالَ جَابِرٌ لَسْنَا نَنْوِي إِلَّا الْحَجَّ لَسْنَا نَعْرِفُ الْعُمْرَةَ حَتّٰى إِذَا أَتَيْنَا الْبَيْتَ مَعَهُ اسْتَلَمَ الرُّكْنَ فَطَافَ سَبْعًا فَرَمَلَ ثَلَاثًا وَّمَشٰى أَرْبَعًا ثُمَّ تَقَدَّمَ إِلَى مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ فَقَرَأَ وَاتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ إِبْرٰهِيمَ مُصَلًّى فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ فَجَعَلَ الْمَقَامَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ وَ فِي رِوَايَةٍ أَنَّهُ قَرَأَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ وَّقُلْ يَا أَيُّهَا الْكٰفِرُونَ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى الرُّكْنِ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ خَرَجَ مِنَ الْبَابِ إِلَى الصَّفَا فَلَمَّا دَنَا مِنَ الصَّفَا قَرَأَ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ أَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهِ فَبَدَأَ بِالصَّفَا فَرَقِيَ عَلَيْهِ حَتّٰى رَأَى الْبَيْتَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَوَحَّدَ اللّٰهَ وَكَبَّرَهُ

کے ہاں محمد بن ابی بکر پیدا ہوا۔ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف پیغام بھیجا کہ میں کیا کروں آپ نے فرمایا تو غسل کرلے اور لنگوٹ باندھ کر احرام باندھ لے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں دو رکعت پڑھیں پھر آپ اپنی قصواء اونٹنی پر سوار ہوتے یہاں تک کہ جب آپ کی اونٹنی آپ کو لے کر بیداء میں کھڑی ہوئی لبیک کے ساتھ آواز بلند کی فرمایا تیری خدمت میں حاضر ہوں اے اللہ تیری خدمت میں حاضر ہوں تیری خدمت میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں تیری خدمت میں حاضر ہوں بے شک حمد اور نعمت تیرے لئے ہے اور ملک تیرا ہے تیرا کوئی شریک نہیں جابر نے کہا ہماری نیت صرف حج ادا کرنے کی تھی ہم عمرہ کو نہیں جانتے تھے جس وقت ہم آپ کے ساتھ بیت اللہ آئے آپ نے رکن کو بوسہ دیا تین بار جلد جلد چلے اور چار بار معمول کے مطابق طواف کیا پھر مقام ابراہیم کی طرف بڑھے یہ آیت تلاوت فرمائی کہ مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ پکڑو پھر مقام ابراہیم کو اپنے اور بیت اللہ کے درمیان کرکے دو رکعت پڑھی ایک روایت میں ہے آپ نے دو رکعت نماز پڑھی ایک رکعت میں قل ہو اللہ احد اور دوسری میں قل یا ایہا الکفرون پڑھی پھر رکن کی طرف واپس آئے بوسہ دیا اور دروازہ سے صفا کی جانب نکل گئے۔ جب صفا کے قریب پہنچے یہ آیت پڑھی اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ میں شروع کرتا ہوں جس سے اللہ تعالیٰ نے شروع کیا ہے آپ صفا سے شروع ہوئے اس پر چڑھ گئے یہاں تک کہ آپ نے بیت اللہ کو دیکھا قبلہ کی طرف منہ کیا اللہ تعالیٰ کی وحدانیت بیان کی اس کی بڑائی بیان کی اور فرمایا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا

besturdubooks.wordpress.com

وَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ ثُمَّ دَعَا بَيْنَ ذٰلِكَ قَالَ مِثْلَ هٰذَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ نَزَلَ وَمَشٰى اِلَى الْمَرْوَةِ حَتّٰى اِذَا انْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ بَطْنِ الْوَادِيْ ثُمَّ سَعٰى حَتّٰى اِذَا صَعِدَتَا مَشٰى حَتّٰى اَتَى الْمَرْوَةَ فَفَعَلَ عَلَى الْمَرْوَةِ كَمَا فَعَلَ عَلَى الصَّفَا حَتّٰى اِذَا كَانَ اٰخِرُ طَوَافِهٖ عَلَى الْمَرْوَةِ نَادٰى وَهُوَ عَلَى الْمَرْوَةِ وَالنَّاسُ تَحْتَهٗ فَقَالَ لَوْ اَنِّيْ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِيْ مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمْ اَسُقِ الْهَدْيَ وَجَعَلْتُهَا عُمْرَةً فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ لَيْسَ مَعَهٗ هَدْيٌ فَلْيَحِلَّ وَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ جُعْشُمٍ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلِعَامِنَا هٰذَا اَمْ لِاَبَدٍ فَشَبَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصَابِعَهٗ وَاحِدَةً فِي الْاُخْرٰى وَقَالَ دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ مَرَّتَيْنِ لَا بَلْ لِاَبَدِ اَبَدٍ قَدِمَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ بِبُدْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاذَا قُلْتَ حِيْنَ فَرَضْتَ الْحَجَّ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُهِلُّ بِمَا اَهَلَّ بِهٖ رَسُوْلُكَ قَالَ فَاِنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ فَلَا تَحِلَّ قَالَ فَكَانَ

کوئی شریک نہیں اس کے لئے ملک ہے اس کے لئے حمد ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس نے اپنا وعدہ پورا کر دیا ہے اپنے بندہ کی مدد کی کافروں کے گروہ کو تنہا شکست دی پھر اس کے درمیان دعا کی اس طرح آپؐ نے تین بار فرمایا پھر آپؐ اترے اور مروہ کی طرف چلے جب آپؐ کے قدم نشیب میں پہنچے پھر دوڑے یہاں تک کہ جب دونوں قدم چڑھنے لگے آہستہ چلے یہاں تک کہ آپؐ مروہ پر آئے مروہ پر بھی اسی طرح کیا جس طرح آپؐ نے صفا پر کیا تھا یہاں تک کہ جب آپؐ کا آخری چکر مروہ پر ہوا آپؐ نے پکارا جبکہ آپؐ مروہ پر تھے اور لوگ نیچے تھے فرمایا اگر میں پہلے جان لیتا جو مجھ کو بعد میں پتہ چلا ہے میں اپنے ساتھ ہدی نہ لاتا اور میں حج کو عمرہ بناتا تم میں سے جس کے پاس ہدی نہ ہو وہ حلال ہو جائے اور اس کو عمرہ بنا ڈالے سراقہ بن مالک بن جعشم کھڑا ہوا اس نے کہا اس سال کے لئے یہ حکم ہے یا ہمیشہ کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ میں ڈالیں اور فرمایا عمرہ حج میں داخل ہو چکا ہے دو مرتبہ اس طرح فرمایا نہیں بلکہ یہ حکم ہمیشہ ہمیشہ ہے اور حضرت علیؓ یمن سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اونٹ لے کر آئے آپؐ نے فرمایا جس وقت تم نے حج کو لازم کیا کیا کہا تھا اس نے کہا میں نے کہا تھا اے اللہ میں وہی احرام باندھتا ہوں جو تیرے رسولؐ نے احرام باندھا ہے آپؐ نے فرمایا میرے ساتھ ہدی ہے تو حلال نہ ہو کہا وہ سب اونٹ جو حضرت علیؓ یمن سے لائے اور جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھ لائے سو تھے کہا راوی نے سب لوگ حلال ہو گئے اور انہوں نے اپنے بال کتروا دیئے

جَمَاعَةُ الْهَدْيِ الَّذِيْ قَدِمَ بِهٖ عَلِيٌّ مِّنَ الْيَمَنِ وَالَّذِيْ اَتٰى بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةً قَالَ فَحَلَّ النَّاسُ كُلُّهُمْ وَقَصَّرُوْا اِلَّا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ كَانَ مَعَهٗ هَدْيٌ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ تَوَجَّهُوْا اِلٰى مِنًى فَاَهَلُّوْا بِالْحَجِّ وَرَكِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِهَا الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ وَالْفَجْرَ ثُمَّ مَكَثَ قَلِيْلًا حَتّٰى طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَاَمَرَ بِقُبَّةٍ مِّنْ شَعْرٍ تُضْرَبُ لَهٗ بِنَمِرَةَ فَسَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَشُكُّ قُرَيْشٌ اِلَّا اَنَّهٗ وَاقِفٌ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ كَمَا كَانَتْ قُرَيْشٌ تَصْنَعُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَاَجَازَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَتٰى عَرَفَةَ فَوَجَدَ الْقُبَّةَ قَدْ ضُرِبَتْ لَهٗ بِنَمِرَةَ فَنَزَلَ بِهَا حَتّٰى اِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ اَمَرَ بِالْقَصْوَاءِ فَرُحِلَتْ لَهٗ فَاَتٰى بَطْنَ الْوَادِيْ فَخَطَبَ النَّاسَ وَقَالَ اِنَّ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مِّنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ تَحْتَ قَدَمَيَّ مَوْضُوْعٌ وَدِمَاءُ الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعَةٌ

مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور وہ لوگ جن کے پاس ہدی تھیں جب ترویہ کا دن ہوا سب منیٰ کی طرف گئے اور صحابہؓ نے حج کا احرام باندھا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوتے اور منیٰ پہنچے وہاں آپ نے ظہر عصر مغرب عشاء اور صبح کی نماز پڑھائی پھر کچھ دیر ٹھہرے یہاں تک کہ سورج طلوع ہوا آپ نے نمرہ میں خیمہ لگانے کا حکم دیا جو بالوں کا بنا ہوا تھا وہ آپ کے لئے لگایا گیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چلے قریش کو اس میں شک نہیں تھا کہ آپ مشعر حرام کے پاس ٹھہریں گے جیسا کہ قریش جاہلیت میں کیا کرتے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم گذرے یہاں تک کہ آپ میدان عرفات میں پہنچ گئے نمرہ میں خیمہ لگا ہوا پایا۔ وہاں آپ اترے جب سورج ڈھل گیا آپ نے قصواء اونٹنی لانے کا حکم دیا اس پر زین ڈالی گئی آپ بطن وادی میں آئے اور لوگوں کو خطبہ دیا فرمایا تمہارے خون تمہارے مال تم پر حرام ہیں جس طرح اس دن کی حرمت ہے اس مہینہ کی حرمت ہے تمہارے اس شہر کی مانند خبردار جاہلیت کا ہر کام میرے قدموں کے نیچے رکھا گیا ہے۔ جاہلیت کے خون معاف کر دیئے گئے ہیں اور سب سے پہلا خون میں اپنا خون معاف کرتا ہوں جو کہ ابن ربیعہ بن حارث کا خون ہے جو کہ بنی سعد میں دودھ پیتا تھا اس کو ہذیل نے قتل کر ڈالا تھا اور جاہلیت کا سود موقوف ہے اور پہلا سود میں عباس بن عبدالمطلب کا موقوف کرتا ہوں وہ سب کا سب معاف کیا گیا ہے پس اللہ تعالیٰ سے عورتوں کے متعلق ڈرو تم نے اللہ تعالیٰ کی امان کے ساتھ ان کو لیا ہے اُن کی شرمگاہوں کو اللہ کے کلمہ کے ساتھ حلال کیا ہے تمہارا حق ان پر یہ ہے کہ وہ تمہارے بچھونوں پر ایسے شخص کو نہ آنے دیں جن کو تم بُرا سمجھتے ہو اگر وہ ایسا کریں ان کو بغیر

besturdubooks.wordpress.com

وَاِنَّ اَوَّلَ دَمٍ اَضَعُ مِنْ دِمَآءِنَا دَمُ
ابْنِ رَبِيْعَةَ بْنِ الْحَارِثِ وَكَانَ
مُسْتَرْضَعًا فِيْ بَنِيْ سَعْدٍ فَقَتَلَهُ هُذَيْلٌ
وَرِبَا الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعٌ وَّاَوَّلُ رِبًا
اَضَعُ مِنْ رِّبَانَا رِبَا عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ
الْمُطَّلِبِ فَاِنَّهٗ مَوْضُوْعٌ كُلُّهٗ فَاتَّقُوا
اللّٰهَ فِي النِّسَآءِ فَاِنَّكُمْ اَخَذْتُمُوْهُنَّ
بِاَمَانِ اللّٰهِ وَاسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوْجَهُنَّ
بِكَلِمَةِ اللّٰهِ وَلَكُمْ عَلَيْهِنَّ اَنْ لَّا
يُوْطِئْنَ فُرُشَكُمْ اَحَدًا تَكْرَهُوْنَهٗ
فَاِنْ فَعَلْنَ ذٰلِكَ فَاضْرِبُوْهُنَّ ضَرْبًا
غَيْرَ مُبَرِّحٍ وَّلَهُنَّ عَلَيْكُمْ رِزْقُهُنَّ
وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَقَدْ تَرَكْتُ
فِيْكُمْ مَّا لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَهٗ اِنِ اعْتَصَمْتُمْ
بِهٖ كِتَابُ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تُسْئَلُوْنَ عَنِّيْ
فَمَا اَنْتُمْ قَآئِلُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اَنَّكَ
قَدْ بَلَّغْتَ وَاَدَّيْتَ وَنَصَحْتَ فَقَالَ
بِاِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ يَرْفَعُهَا اِلَى السَّمَآءِ
وَيَنْكُتُهَا اِلَى النَّاسِ اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ
اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ اَذَّنَ
بِلَالٌ ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ
اَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا
شَيْئًا ثُمَّ رَكِبَ حَتّٰى اَتَى الْمَوْقِفَ
فَجَعَلَ بَطْنَ نَاقَتِهِ الْقَصْوَآءِ اِلَى
الصَّخَرَاتِ وَجَعَلَ حَبْلَ الْمُشَاةِ بَيْنَ
يَدَيْهِ وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَلَمْ يَزَلْ

سختی کے مارو اور ان کا حق تم پر ان کی روزی اور معروف طریقہ سے ان کا لباس ہے میں تم میں ایک ایسی چیز چھوڑ چلا ہوں کہ جب تک اس کو مضبوطی سے پکڑے رکھو گے گمراہ نہیں ہوگے وہ اللہ کی کتاب ہے تم سے میرے متعلق سوال کیا جائے گا تم کیا کہو گے صحابہؓ نے کہا ہم کہیں گے آپؐ نے رسالت پہنچا دی اور امانت ادا کر دی اور خیر خواہی کی آپؐ نے اپنی شہادت کی انگلی کے ساتھ اشارہ فرمایا اس کو آسمان کی طرف اٹھاتے تھے اور لوگوں کی طرف جھکاتے فرماتے اے اللہ گواہ رہ اے اللہ گواہ رہ تین مرتبہ فرمایا پھر بلالؓ نے اذان کہی پھر اقامت کہی آپؐ نے ظہر کی نماز پڑھائی اس نے پھر اقامت کہی آپؐ نے عصر کی نماز پڑھائی ان کے درمیان کچھ نفل وغیرہ نہیں پڑھے پھر آپؐ سوار ہوئے اور میدان عرفات میں آئے اپنی اونٹنی قصواء کا پیٹ پتھروں کی طرف کیا حبل مشاۃ کو اپنے سامنے کیا پھر قبلہ کی طرف منہ کیا سورج غروب ہونے تک آپؐ وہاں کھڑے رہے تھوڑی سی زردی جاتی رہی یہاں تک کہ سورج کی ٹکیہ غروب ہوگئی آپؐ نے اسامہ کو اپنے پیچھے سوار کیا اور واپس لائے یہاں تک کہ مزدلفہ آئے وہاں آپؐ نے مغرب اور عشاء کی نماز پڑھی ایک اذان اور دو تکبیروں کے ساتھ ان کے درمیان کوئی نفل نہیں پڑھے پھر آپؐ لیٹ رہے یہاں تک کہ فجر طلوع ہوئی آپؐ نے فجر کی نماز پڑھی جب صبح ظاہر ہوگئی اذان اور اقامت کے ساتھ پھر آپؐ قصواء اونٹنی پر سوار ہوئے یہاں تک کہ مشعر حرام آئے قبلہ کی طرف منہ کیا اللہ سے دعا مانگی اس کی بڑائی بیان کی لا الٰہ الا اللہ کہا اس کی وحدانیت بیان کی وہاں کھڑے رہے یہاں تک کہ روشنی پھیل گئی سورج طلوع ہونے سے پہلے آپؐ وہاں سے

وَاقِفًا حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَذَهَبَتِ الصُّفْرَةُ قَلِيلًا حَتّٰى غَابَ الْقُرْصُ وَأَرْدَفَ أُسَامَةَ وَدَفَعَ حَتّٰى أَتَى الْمُزْدَلِفَةَ فَصَلّٰى بِهَا الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِأَذَانٍ وَّإِقَامَتَيْنِ وَلَمْ يُسَبِّحْ بَيْنَهُمَا شَيْئًا ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ فَصَلّٰى الْفَجْرَ حِيْنَ تَبَيَّنَ لَهُ الصُّبْحُ بِأَذَانٍ وَّإِقَامَةٍ ثُمَّ رَكِبَ الْقَصْوَاءَ حَتّٰى أَتَى الْمَشْعَرَ الْحَرَامَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَدَعَاهُ وَكَبَّرَهُ وَهَلَّلَهُ وَوَحَّدَهُ فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا حَتّٰى أَسْفَرَ جِدًّا فَدَفَعَ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَأَرْدَفَ الْفَضْلَ بْنَ عَبَّاسٍ حَتّٰى أَتَى بَطْنَ مُحَسِّرٍ فَحَرَّكَ قَلِيلًا ثُمَّ سَلَكَ الطَّرِيْقَ الْوُسْطٰى الَّتِيْ تَخْرُجُ عَلَى الْجَمْرَةِ الْكُبْرٰى حَتّٰى أَتَى الْجَمْرَةَ الَّتِيْ عِنْدَ الشَّجَرَةِ فَرَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ مِّنْهَا مِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ رَمٰى مِنْ بَطْنِ الْوَادِيْ ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمَنْحَرِ فَنَحَرَ ثَلٰثًا وَّسِتِّيْنَ بَدَنَةً بِيَدِهٖ ثُمَّ أَعْطٰى عَلِيًّا فَنَحَرَ مَا غَبَرَ وَأَشْرَكَهُ فِيْ هَدْيِهٖ ثُمَّ أَمَرَ مِنْ كُلِّ بَدَنَةٍ بِبَضْعَةٍ فَجُعِلَتْ فِيْ قِدْرٍ فَطُبِخَتْ فَأَكَلَا مِنْ لَّحْمِهَا وَشَرِبَا مِنْ مَّرَقِهَا ثُمَّ رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَفَاضَ

آگئے پھر آپؐ نے فضل بن عباسؓ کو اپنے پیچھے سوار کیا آپؐ بطن محسر آئے اونٹنی کو تھوڑا سا دوڑایا پھر درمیانی راہ چلتے ہوئے جو کہ جمرہ کبریٰ کے پاس آنکلتا ہے اس جمرہ کے پاس آئے جو درخت کے پاس ہے وہاں خذف کی کنکریوں کی مانند سات کنکریاں ماریں ہر کنکری کے مارنے کے ساتھ اللہ اکبر کہتے تھے بطن وادی سے کنکریاں ماریں پھر آپؐ قربانی کرنے کی جگہ کی طرف پھرے تریسٹھ ۶۳ اونٹ آپؐ نے اپنے ہاتھ مبارک سے ذبح کئے پھر حضرت علیؓ کو دے دیئے باقی اونٹ اس نے ذبح کئے آپؐ نے علیؓ کو اپنی ہدی میں شریک کیا پھر ہر اونٹ کے گوشت سے ایک ایک ٹکڑا لینے کا حکم دیا ان کو ہنڈیا میں ڈال کر پکایا گیا دونوں نے گوشت کھایا اور شوربا پیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے اور خانہ کعبہ کی طرف چلے طواف کیا مکہ میں ظہر کی نماز پڑھی پھر بنو عبدالمطلب کے پاس آئے جو زمزم کا پانی پلاتے تھے فرمایا بنی عبدالمطلب کھینچو اگر اس بات کا خوف نہ ہو کہ تم پر لوگ غلبہ کریں گے میں بھی تمہارے ساتھ کھینچتا انہوں نے آپؐ کو ڈول پکڑا دیا آپؐ نے اس سے پانی پیا۔

besturdubooks.wordpress.com

إِلَى الْبَيْتِ فَصَلَّى بِمَكَّةَ الظُّهْرَ فَأَتَى عَلَى بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَسْقُونَ عَلَى زَمْزَمَ فَقَالَ انْزِعُوا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَلَوْلَا أَنْ يَغْلِبَكُمُ النَّاسُ عَلَى سِقَايَتِكُمْ لَنَزَعْتُ مَعَكُمْ فَنَاوَلُوهُ دَلْوًا فَشَرِبَ مِنْهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

(روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۴۴۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِحَجٍّ فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَلَمْ يُهْدِ فَلْيَحْلِلْ وَمَنْ أَحْرَمَ بِعُمْرَةٍ وَأَهْدَى فَلَا يَحِلُّ حَتَّى يَحِلَّ بِالْحَجِّ مَعَ الْعُمْرَةِ ثُمَّ لَا يَحِلُّ حَتَّى يَحِلَّ مِنْهُمَا وَفِي رِوَايَةٍ فَلَا يَحِلُّ حَتَّى يَحِلَّ بِنَحْرِ هَدْيِهِ وَمَنْ أَهَلَّ بِحَجٍّ فَلْيُتِمَّ حَجَّهُ قَالَتْ فَحِضْتُ وَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَلَمْ أَزَلْ حَائِضًا حَتَّى كَانَ يَوْمُ عَرَفَةَ وَلَمْ أُهْلِلْ إِلَّا بِعُمْرَةٍ فَأَمَرَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَنْقُضَ رَأْسِي وَأَمْتَشِطَ وَأُهِلَّ بِالْحَجِّ وَأَتْرُكَ الْعُمْرَةَ فَفَعَلْتُ حَتَّى قَضَيْتُ حَجَّتِي بَعَثَ مَعِي عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ أَبِي بَكْرٍ وَأَمَرَنِي أَنْ أَعْتَمِرَ مَكَانَ عُمْرَتِي مِنَ التَّنْعِيمِ قَالَتْ

عائشہؓ سے روایت ہے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع میں نکلے ہم میں سے بعض نے عمرہ کا احرام باندھا تھا بعض نے حج کا جب ہم مکہ آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے عمرہ کا احرام باندھا ہے اور ہدی نہیں لایا وہ حلال ہو جائے اور جس نے عمرہ کا احرام باندھا ہے اور ہدی لایا ہے وہ عمرہ کے ساتھ حج کا احرام بھی باندھ لے پھر حلال نہ ہو یہاں تک کہ دونوں سے حلال ہو ایک روایت میں ہے کہ وہ حلال نہ ہو یہاں تک کہ ہدی ذبح کرنے سے حلال ہو اور جس نے حج کا احرام باندھا ہے وہ اپنا حج پورا کرلے عائشہؓ نے کہا مجھے حیض آگیا میں نے ابھی بیت اللہ کا طواف نہیں کیا تھا اور نہ صفا مروہ کے درمیان دوڑی تھی میں حائضہ رہی یہاں تک کہ عرفہ کا دن آگیا میں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ اپنا سر کھولوں اور کنگھی کروں اور حج کا احرام باندھوں اور عمرہ چھوڑ دوں میں نے اسی طرح کیا یہاں تک کہ میں نے حج ادا کیا پھر آپؐ نے میرے ساتھ عبدالرحمان بن ابی بکر کو بھیجا اور مجھے حکم دیا کہ میں اپنے عمرہ کی جگہ تنعیم سے عمرہ کروں اس نے کہا کہ جن لوگوں نے

besturdubooks.wordpress.com

فَطَافَ الَّذِيْنَ كَانُوْا أَهَلُّوْا بِالْعُمْرَةِ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حَلُّوْا ثُمَّ طَافُوْا طَوَافًا بَعْدَ أَنْ رَجَعُوْا مِنْ مِنًى وَأَمَّا الَّذِيْنَ جَمَعُوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَإِنَّمَا طَافُوْا طَوَافًا وَّاحِدًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عمرہ کا احرام باندھا تھا انہوں نے بیت اللہ کا طواف کیا صفا مروہ کے درمیان دوڑے پھر حلال ہو گئے پھر انہوں نے منیٰ سے لوٹ کر طواف کیا اور جن لوگوں نے حج اور عمرہ کو جمع کیا تھا انہوں نے ایک ہی طواف کیا۔ (متفق علیہ)

۲۴۴۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ تَمَتَّعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَسَاقَ مَعَهُ الْهَدْيَ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَبَدَأَ فَأَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ ثُمَّ أَهَلَّ بِالْحَجِّ فَتَمَتَّعَ النَّاسُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَكَانَ مِنَ النَّاسِ مَنْ أَهْدَى وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ يُهْدِ فَلَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ قَالَ لِلنَّاسِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ أَهْدَى فَإِنَّهُ لَا يَحِلُّ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ حَتّٰى يَقْضِيَ حَجَّهُ وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ مِّنْكُمْ أَهْدَى فَلْيَطُفْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلْيُقَصِّرْ وَلْيَحْلِلْ ثُمَّ لِيُهِلَّ بِالْحَجِّ وَلْيُهْدِ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ هَدْيًا فَلْيَصُمْ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةً إِذَا رَجَعَ إِلٰى أَهْلِهِ فَطَافَ حِيْنَ قَدِمَ مَكَّةَ وَاسْتَلَمَ الرُّكْنَ أَوَّلَ شَيْءٍ ثُمَّ حَبَّ ثَلٰثَةَ

عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں عمرہ کے ساتھ حج کا فائدہ اٹھایا ذوالحلیفہ سے آپؐ نے ہدی کو ساتھ لیا شروع کیا احرام باندھا عمرہ کا پھر آپؐ نے حج کا احرام باندھا لوگوں نے بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تمتع کیا عمرہ کا حج کے ساتھ لوگوں میں کچھ اپنے ساتھ ہدی لائے تھے اور کچھ نہیں لائے تھے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ تشریف لائے فرمایا جو شخص اپنی ہدی ساتھ لایا ہے وہ کسی چیز سے حلال نہ ہو جو اس پر حرام ہو چکی ہے یہاں تک کہ اپنا حج پورا کرے اور جو ہدی نہیں لایا بیت اللہ کا طواف کرے صفا مروہ کے درمیان دوڑے اور حلال ہو جائے اور بال کتروا لے پھر حج کا احرام باندھے اور ہدی دے جو ہدی نہ پائے وہ تین روزے حج کے دنوں میں رکھے اور سات روزے رکھے جب گھر واپس لوٹ آئے جب آپؐ مکہ آئے بیت اللہ کا طواف کیا اور سب سے پہلے حجر اسود کو بوسہ دیا پھر تین مرتبہ طواف کرنے میں جلد جلد چلے اور چار بار اپنی چال پر چلے طواف کرنے کے بعد مقام ابراہیم کے پاس آپؐ نے دو رکعت پڑھیں پھر سلام پھیرا اور صفا پر آئے صفا اور مروہ کے

besturdubooks.wordpress.com

اَطْوَافٍ وَّمَشٰى اَرْبَعًا فَرَكَعَ حِيْنَ قَضٰى طَوَافَهٗ بِالْبَيْتِ عِنْدَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ فَانْصَرَفَ فَاَتَى الصَّفَا فَطَافَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعَةَ اَطْوَافٍ ثُمَّ لَمْ يَحِلَّ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ حَتّٰى قَضٰى حَجَّهٗ وَنَحَرَ هَدْيَهٗ يَوْمَ النَّحْرِ وَاَفَاضَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ حَلَّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ وَفَعَلَ مِثْلَ مَا فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَاقَ الْهَدْيَ مِنَ النَّاسِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

درمیان سات طواف کئے پھر جو چیز آپ پر حرام ہو چکی تھی اس سے حلال نہیں ہوئے حتیٰ کہ اپنے حج کو پورا کر لیا اور قربانی کے دن رہتی قربانی ذبح کر لی اور واپس آکر بیت اللہ کا طواف کر لیا تب ان چیزوں سے حلال ہوئے جو حرام ہو گئی تھیں اور جو شخص اپنے ساتھ ہدی لایا تھا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح کیا۔

(متفق علیہ)

۲۴۴۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهٖ عُمْرَةٌ اِسْتَمْتَعْنَا بِهَا فَمَنْ لَّمْ يَكُنْ عِنْدَهُ الْهَدْيُ فَلْيَحِلَّ الْحِلَّ كُلَّهٗ فَاِنَّ الْعُمْرَةَ قَدْ دَخَلَتْ فِي الْحَجِّ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَهٰذَا الْبَابُ خَالٍ عَنِ الْفَصْلِ الثَّانِيْ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ عمرہ ہے ہم نے اس کا فائدہ اٹھا لیا ہے جس شخص کے ساتھ ہدی نہ ہو وہ پوری طرح حلال ہو جائے کیونکہ قیامت تک اب عمرہ حج میں داخل ہو چکا ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے) اور یہ باب دوسری فصل سے خالی ہے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۴۴۴ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فِيْ نَاسٍ مَّعِيْ قَالَ اَهْلَلْنَا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ بِالْحَجِّ خَالِصًا وَّحْدَهٗ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ جَابِرٌ فَقَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صُبْحَ رَابِعَةٍ مَّضَتْ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ فَاَمَرَنَا

عطاءؓ سے روایت ہے کہا میں نے جابرؓ بن عبداللہ سے چند لوگوں میں سنا اس نے کہا کہ ہم نے یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ نے خالص حج کا احرام باندھا تھا عطاءؒ نے کہا کہ جابرؓ نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم چار ذی الحجہ کی صبح کو مکہ آئے ہم کو آپ نے حکم دیا کہ ہم حلال ہو جائیں عطاءؒ نے کہا کہ آپ نے فرمایا حلال

besturdubooks.wordpress.com

اَنْ نَّحِلَّ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ حِلُّوْا وَ
اَصِيْبُوا النِّسَاءَ قَالَ عَطَاءٌ وَّلَمْ
يَعْزِمْ عَلَيْهِمْ وَلٰكِنْ اَحَلَّهُنَّ لَهُمْ
فَقُلْنَا لَمَّا لَمْ يَكُنْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَرَفَةَ
اِلَّا خَمْسٌ اَمَرَنَا اَنْ نُّفْضِيَ اِلٰى
نِسَآئِنَا فَنَاْتِيَ عَرَفَةَ تَقْطُرُ مَذَاكِيْرُنَا
الْمَنِيَّ قَالَ يَقُوْلُ جَابِرٌ بِيَدِهٖ كَاَنِّيْٓ
اَنْظُرُ اِلٰى قَوْلِهٖ بِيَدِهٖ يُحَرِّكُهَا قَالَ
فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فِيْنَا فَقَالَ قَدْ عَلِمْتُمْ اَنِّيْ اَتْقٰكُمْ
لِلّٰهِ وَاَصْدَقُكُمْ وَاَبَرُّكُمْ وَلَوْلَا هَدْيِيْ
لَحَلَلْتُ كَمَا تَحِلُّوْنَ وَلَوِ اسْتَقْبَلْتُ
مِنْ اَمْرِيْ مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمْ اَسُقِ
الْهَدْيَ فَحِلُّوْا فَحَلَلْنَا وَسَمِعْنَا وَ
اَطَعْنَا قَالَ عَطَاءٌ قَالَ جَابِرٌ فَقَدِمَ
عَلِيٌّ مِّنْ سِعَايَتِهٖ فَقَالَ بِمَ اَهْلَلْتَ
قَالَ بِمَآ اَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَهْدِ وَامْكُثْ
حَرَامًا قَالَ وَاَهْدٰى لَهٗ عَلِيٌّ هَدْيًا
فَقَالَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلِعَامِنَا هٰذَآ اَمْ لِاَبَدٍ
قَالَ لِاَبَدٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۳۴۵ وَعَنْ عَآئِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ قَدِمَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
لِاَرْبَعٍ مَّضَيْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ اَوْ

ہو جاؤ اور عورتوں کو پہنچو عطاءؒ نے کہا آپ نے عورتوں کے ساتھ صحبت کرنا واجب نہیں کیا بلکہ ان کے لئے صحبت کرنا حلال کر دیا ہم نے کہا جبکہ ہمارے اور عرفات میں کھڑے ہونے کے درمیان صرف پانچ دن رہ گئے ہیں آپ ہمیں حکم دے رہے ہیں کہ ہم اپنی عورتوں سے صحبت کریں ہم عرفات میں آئیں تو ہماری آلتیں منی ٹپکاتی ہوں گی راوی نے کہا جابرؓ اپنے ہاتھ سے اشارہ بھی کرتے تھے اب بھی مجھے ان کا ہاتھ حرکت کرتے ہوئے نظر آتا ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہم میں کھڑے ہوئے آپ نے فرمایا تم جانتے ہو کہ میں تم سب سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا اور بہت سچا اور بہت نیک ہوں اگر میرے ساتھ ہدی نہ ہوتی تو میں حلال ہو جاتا جس طرح تم حلال ہوئے ہو اور اگر مجھے اس بات کا پہلے پتہ چل جاتا جس کا بعد میں چلا ہے میں اپنے ساتھ ہدی نہ لاتا تم حلال ہو جاؤ ہم حلال ہو گئے ہم نے سنا اور اطاعت کی عطاءؒ نے کہا جابرؓ نے کہا علیؓ اپنے کام سے آئے آپ نے فرمایا تو نے کس طرح احرام باندھا تھا اس نے کہا جسطرح کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے باندھا ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہدی کر اور احرام کی حالت میں ٹھہرا رہ راوی نے کہا علیؓ آپ کے لئے ہدی لائے سراقہ بن مالک بن جعشم نے کہا کیا اس سال کے لئے یہ حکم ہے یا ہمیشہ کے لئے آپ نے فرمایا ہمیشہ کے لئے (روایت کیا اسکو مسلم نے)

۲۳۴۵ عائشہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چار یا پانچ ذی الحجہ کو مکہ آئے آپ مجھ پر داخل ہوئے آپ ناراضگی کی حالت میں تھے میں نے کہا اے اللہ کے رسولؐ

besturdubooks.wordpress.com

خَمْسٍ فَدَخَلَ عَلَيَّ وَهُوَ غَضْبَانُ فَقُلْتُ مَنْ أَغْضَبَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ النَّارَ قَالَ أَوَمَا شَعَرْتِ أَنِّي أَمَرْتُ النَّاسَ بِأَمْرٍ فَإِذَا هُمْ يَتَرَدَّدُوْنَ وَلَوْ أَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْيَ مَعِيْ حَتّٰى أَشْتَرِيَهُ ثُمَّ أَحِلَّ كَمَا حَلُّوْا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

آپ کو کس نے غضبناک کر دیا ہے اللہ اس کو آگ میں داخل کرے آپ نے فرمایا تجھے پتہ نہیں چلا کہ میں نے لوگوں کو ایک حکم دیا ہے وہ اس میں تردد کرنے لگے ہیں اگر مجھ کو اس بات کا پہلے پتہ چل جاتا جس کا بعد میں چلا ہے میں اپنے ساتھ ہدی نہ لاتا یہاں تک کہ میں اس کو خرید تا پھر میں بھی حلال ہو جاتا جس طرح وہ حلال ہوئے ہیں۔

(روایت کیا اس کو مسلم نے)

# بَابُ دُخُوْلِ مَكَّةَ وَالطَّوَافِ

## مکہ میں داخل ہونے اور طواف کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۴۴۶/۱ عَنْ نَافِعٍ قَالَ إِنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ لَا يَقْدَمُ مَكَّةَ إِلَّا بَاتَ بِذِيْ طُوًى حَتّٰى يُصْبِحَ وَيَغْتَسِلَ وَيُصَلِّيَ فَيَدْخُلَ مَكَّةَ نَهَارًا وَإِذَا انْفَرَ مِنْهَا مَرَّ بِذِيْ طُوًى وَبَاتَ بِهَا حَتّٰى يُصْبِحَ وَيَذْكُرُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہا ابن عمر رضی اللہ عنہ جب بھی مکہ آتے ذی طویٰ میں رات گذارتے یہاں تک کہ صبح غسل کرتے نماز پڑھتے پھر مکہ میں دن کو آتے جب مکہ سے جاتے ذی طویٰ سے گذرتے اور وہاں رات بسر کرتے یہاں تک کہ صبح کرتے اور ذکر کرتے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس طرح کیا کرتے تھے۔

(متفق علیہ)

۲۴۴۷/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا جَاءَ إِلَى مَكَّةَ دَخَلَهَا مِنْ أَعْلَاهَا وَخَرَجَ مِنْ أَسْفَلِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت مکہ تشریف لاتے بلندی کی طرف سے داخل ہوتے اور نشیب کی طرف سے نکلتے۔

(متفق علیہ)

۲۴۴۸/۳ وَعَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَدِمَ حَجَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَتْنِيْ عَائِشَةُ أَنَّ أَوَّلَ شَيْءٍ

عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کیا عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھ کو خبر دی کہ سب سے پہلے جب آپ مکہ آئے آپ نے وضو کیا پھر بیت اللہ کا

besturdubooks.wordpress.com

بَدَءَ بِهٖ حِيْنَ قَدِمَ مَكَّةَ اَنَّهٗ تَوَضَّاَ ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ ثُمَّ حَجَّ اَبُوْبَكْرٍ فَكَانَ اَوَّلُ شَيْءٍ بَدَاَ بِهِ الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ عُثْمَانُ مِثْلَ ذٰلِكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

طواف کیا پھر عمرہ نہ ہوا پھر ابوبکرؓ نے حج کیا سب سے پہلے آکر انہوں نے طواف کیا پھر یہ عمرہ نہ ہوا پھر عمرؓ اور عثمانؓ نے بھی اسی طرح کیا۔

(متفق علیہ)

۲۴۴۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا طَافَ فِي الْحَجِّ اَوِ الْعُمْرَةِ اَوَّلَ مَا يَقْدَمُ سَعٰى ثَلٰثَةَ اَطْوَافٍ وَّمَشٰى اَرْبَعَةً ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ يَطُوْفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حج یا عمرہ کا پہلا طواف کرتے تین بار تیز چلتے اور چار بار اپنی چال چلتے پھر دو رکعت پڑھتے پھر صفا مروہ کے درمیان طواف کرتے۔

(متفق علیہ)

۲۴۵۰ وَعَنْهُ قَالَ رَمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحَجَرِ اِلَى الْحَجَرِ ثَلٰثًا وَّمَشٰى اَرْبَعًا وَّكَانَ يَسْعٰى بِبَطْنِ الْمَسِيْلِ اِذَا طَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابن عمرؓ) سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجرِ اسود سے لے کر حجرِ اسود تک تین اشواط میں جلدی چلتے اور چار میں اپنی چال پر چلتے آپؐ بطنِ مسیل میں دوڑتے جبکہ آپؐ صفا اور مروہ کے درمیان طواف کرتے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے۔)

۲۴۵۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ اَتَى الْحَجَرَ فَاسْتَلَمَهٗ ثُمَّ مَشٰى عَلٰى يَمِيْنِهٖ فَرَمَلَ ثَلٰثًا وَّمَشٰى اَرْبَعًا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب مکہ آتے حجرِ اسود کو بوسہ دیتے پھر دائیں جانب چلتے تین بار رمل کرتے اور چار بار اپنی چال پر چلتے۔

(روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۴۵۲ وَعَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ ابْنَ عُمَرَ عَنِ اسْتِلَامِ الْحَجَرِ فَقَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُهٗ وَيُقَبِّلُهٗ

زبیرؓ بن عربی سے روایت ہے کہا ایک آدمی نے ابن عمرؓ سے حجرِ اسود کو بوسہ دینے کے متعلق سوال کیا اس نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپؐ اس کو بوسہ دیتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

(رواہ البخاری)

(روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۴۵۳/۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمْ أَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُ مِنَ الْبَيْتِ إِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَّيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا کہ آپ بیت اللہ میں سے بوسہ دیتے ہوں مگر صرف دو رکنوں کو جو یمن کی جانب ہیں۔ (متفق علیہ)

۲۴۵۴/۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ طَافَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ عَلَى بَعِيرٍ يَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنٍ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اونٹ پر سوار ہو کر بیت اللہ کا طواف کیا چھڑی کے ساتھ حجر اسود کو بوسہ دیتے تھے۔ (متفق علیہ)

۲۴۵۵/۱۰ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ بِالْبَيْتِ عَلَى بَعِيرٍ كُلَّمَا أَتَى عَلَى الرُّكْنِ أَشَارَ إِلَيْهِ بِشَيْءٍ فِي يَدِهِ وَكَبَّرَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اسی (ابن عباسؓ) سے روایت ہے کہا بے شک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کا طواف اونٹ پر سوار ہو کر کیا جب آپ حجر اسود کے پاس آتے آپ کے ہاتھ میں ایک چیز تھی اسکے ساتھ اسکی طرف اشارہ کرتے اور تکبیر کہتے (بخاری نے اسکو روایت کیا)

۲۴۵۶/۱۱ وَعَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ وَيَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنٍ مَعَهُ وَيُقَبِّلُ الْمِحْجَنَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابو طفیلؓ سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ بیت اللہ کا طواف کر رہے ہیں حجر اسود کی طرف ایک خمدار لکڑی کے ساتھ اشارہ کرتے ہیں جو آپ کے ساتھ تھی پھر اس خمدار سرے والی لکڑی کو بوسہ دیتے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۴۵۷/۱۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْكُرُ إِلَّا الْحَجَّ فَلَمَّا كُنَّا بِسَرِفَ طَمِثْتُ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبْكِي فَقَالَ لَعَلَّكِ نُفِسْتِ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَإِنَّ ذٰلِكِ شَيْءٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَى بَنَاتِ آدَمَ فَافْعَلِي مَا يَفْعَلُ الْحَاجُّ غَيْرَ أَنْ لَا تَطُوفِي بِالْبَيْتِ حَتّٰى تَطْهُرِي (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عائشہؓ سے روایت ہے کہا ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے ہم نہیں ذکر کرتے تھے مگر حج کا ہی جب ہم سرف مقام پر پہنچے مجھے حیض آگیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے میں رو رہی تھی آپ نے فرمایا شاید کہ تو حائضہ ہو چکی ہے میں نے کہا ہاں فرمایا یہ ایک ایسی چیز ہے جو اللہ تعالیٰ نے آدم کی بیٹیوں پر لکھ دی ہے تو اسی طرح کر جس طرح حاجی کرتے ہیں لیکن بیت اللہ کا طواف نہ کر یہاں تک کہ تو پاک ہو جائے (متفق علیہ)

۲۴۵۸/۱۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَنِي

ابوہریرہؓ سے روایت ہے ابوبکرؓ نے اس حج میں

besturdubooks.wordpress.com

اَبُوْبَكْرٍ فِي الْحَجَّةِ الَّتِيْ اَمَّرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهَا قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ يَوْمَ النَّحْرِ فِيْ رَهْطٍ اَمَرَهُ اَنْ يُّؤَذِّنَ فِي النَّاسِ اَلَا لَا يَحُجَّنَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَّلَا يَطُوْفَنَّ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جس میں اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے امیر بنا کر بھیجا تھا اور یہ حجۃ الوداع کے ایک سال پہلے کا واقعہ ہے مجھے قربانی کے دن ایک جماعت میں بھیجا کہ اس بات کا اعلان کردوں کہ خبردار اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے اور کوئی ننگا خانہ کعبہ کا طواف نہ کرے۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۴۵۹/۱۴ عَنِ الْمُهَاجِرِ الْمَكِّيِّ قَالَ سُئِلَ جَابِرٌ عَنِ الرَّجُلِ يَرَى الْبَيْتَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فَقَالَ قَدْ حَجَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ نَكُنْ نَّفْعَلُهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

مہاجر مکی سے روایت ہے کہا جابر سے ایک شخص کے متعلق دریافت کیا گیا جو بیت اللہ کو دیکھ کر ہاتھ اٹھاتا ہے اس نے کہا ہم نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا ہم اس طرح نہیں کیا کرتے تھے (روایت کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد نے)

۲۴۶۰/۱۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ مَكَّةَ فَاَقْبَلَ اِلَى الْحَجَرِ فَاسْتَلَمَهٗ ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ اَتَى الصَّفَا فَعَلَاهُ حَتّٰى يَنْظُرَ اِلَى الْبَيْتِ فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَجَعَلَ يَذْكُرُ اللّٰهَ مَا شَاءَ وَيَدْعُوْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ تشریف لائے حجر اسود کے پاس پہنچے اس کو بوسہ دیا پھر بیت اللہ کا طواف کیا پھر صفا کی طرف آئے اس پر چڑھے یہاں تک کہ بیت اللہ کو دیکھا پھر اپنے دونوں ہاتھ بلند کئے جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا اس کا ذکر کرتے رہے اور دعا کرتے رہے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۴۶۱/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطَّوَافُ حَوْلَ الْبَيْتِ مِثْلُ الصَّلٰوةِ اِلَّا اَنَّكُمْ تَتَكَلَّمُوْنَ فِيْهِ فَمَنْ تَكَلَّمَ فِيْهِ فَلَا يَتَكَلَّمَنَّ اِلَّا بِخَيْرٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَذَكَرَ التِّرْمِذِيُّ جَمَاعَةً

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیت اللہ کے اردگرد طواف کرنا نماز کی طرح ہے مگر اس میں تم کلام کرسکتے ہو جو شخص کلام کرے پس چاہیئے کہ وہ کلام نہ کرے مگر نیکی کے ساتھ (روایت کیا اس کو ترمذی نسائی اور دارمی نے ترمذی نے ایک جماعت کا نام لیا ہے جو اس کو ابن عباس پر

besturdubooks.wordpress.com

وَقَفُوْهُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ)

موقوف کرتے ہیں)

۲۴۶۲/۱۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ الْحَجَرُ الْاَسْوَدُ مِنَ الْجَنَّةِ وَهُوَ اَشَدُّ بَيَاضًا مِّنَ اللَّبَنِ فَسَوَّدَتْهُ خَطَايَا بَنِيْ اٰدَمَ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

اسی (ابن عباسؓ) سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حجر اسود جنت سے اترا تھا اس وقت وہ دودھ سے زیادہ سفید تھا بنو آدم کے گناہوں نے اس کو سیاہ کر ڈالا ہے۔ (روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی نے اور اس نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے)

۲۴۶۳/۱۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَجَرِ وَاللّٰهِ لَيَبْعَثَنَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَهٗ عَيْنَانِ يُبْصِرُ بِهِمَا وَلِسَانٌ يَّنْطِقُ بِهٖ يَشْهَدُ عَلٰى مَنِ اسْتَلَمَهٗ بِحَقٍّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

اسی (ابن عباسؓ) سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حجر اسود کے متعلق فرمایا اللہ کی قسم قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو اٹھائے گا اس کی دو آنکھیں ہوں گی جو دیکھتی ہوں گی اور زبان ہوگی جس کے ساتھ بولے گا اس شخص کے متعلق گواہی دے گا جس نے اس کو حق کے ساتھ بوسہ دیا ہوگا (روایت کیا اس کو ترمذی ابن ماجہ اور دارمی نے)

۲۴۶۴/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الرُّكْنَ وَالْمَقَامَ يَاقُوْتَتَانِ مِنْ يَّاقُوْتِ الْجَنَّةِ طَمَسَ اللّٰهُ نُوْرَهُمَا وَلَوْ لَمْ يَطْمِسْ نُوْرَهُمَا لَاَضَاءَتَا مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے کہ حجر اسود اور مقام ابراہیم جنت کے یاقوت ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کے نور کو دور کر دیا ہے اگر ان کا نور دور نہ کرتا یہ مشرق و مغرب کے درمیان کو روشن کرتے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۴۶۵/۲۰ وَعَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُزَاحِمُ عَلَى الرُّكْنَيْنِ زِحَامًا مَا رَاَيْتُ اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُزَاحِمُ عَلَيْهِ قَالَ اِنْ اَفْعَلْ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ

عبیدؓ بن عمیر سے روایت ہے کہ ابن عمرؓ دونوں رکنوں کو ہاتھ لگانے میں لوگوں پر اس قدر غلبہ کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ میں سے میں نے کسی کو نہیں دیکھا کہ اس قدر غلبہ کرتے ہوں کہتے اگر میں ایسا کرتا ہوں تو میں نے سنا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان دونوں کو ہاتھ لگانا گناہوں کا کفارہ ہے اور میں نے آپؐ

مَسَحَهُمَا كَفَّارَةً لِّلْخَطَايَا وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ مَنْ طَافَ بِهٰذَا الْبَيْتِ أُسْبُوْعًا فَأَحْصَاهُ كَانَ كَعِتْقِ رَقَبَةٍ وَّسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ لَا يَضَعُ قَدَمًا وَّلَا يَرْفَعُ أُخْرٰى إِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً وَّكَتَبَ لَهُ بِهَا حَسَنَةً۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

سے سنا فرماتے تھے جو شخص بیت اللہ کا طواف کرے سات بار پھر اس کی حفاظت کرے اس کو غلام آزاد کرنے کی مانند ثواب ہوگا اور میں نے سنا آپ فرماتے تھے کوئی قدم انسان نہیں رکھتا اور نہ اٹھاتا ہے مگر اللہ تعالیٰ اس کا گناہ دور کرتا ہے اور اس کے لئے نیکی لکھتا ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۴۶۶/۲۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

عبداللہؓ بن سائب سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا دونوں رکنوں کے درمیان فرماتے تھے اے ہمارے پروردگار دے ہم کو دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور بچا ہم کو آگ کے عذاب سے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۴۶۷/۲۲ وَعَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ قَالَتْ أَخْبَرَتْنِي بِنْتُ أَبِي تُجْرَاةَ قَالَتْ دَخَلْتُ مَعَ نِسْوَةٍ مِّنْ قُرَيْشٍ دَارَ آلِ أَبِي حُسَيْنٍ نَنْظُرُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَسْعٰى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَرَأَيْتُهُ يَسْعٰى وَإِنَّ مِئْزَرَهُ لَيَدُوْرُ مِنْ شِدَّةِ السَّعْيِ وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ اسْعَوْا فَإِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَيْكُمُ السَّعْيَ۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوٰى أَحْمَدُ مَعَ اخْتِلَافٍ)

صفیہؓ بنت شیبہ سے روایت ہے کہا مجھ کو ابوتجرات کی بیٹی نے خبر دی کہا میں قریش کی کچھ عورتوں کے ساتھ ابی حسین کے گھر گئی ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھتی تھیں آپ صفا اور مروہ کے درمیان دوڑ رہے تھے میں نے آپ کو دوڑتے ہوئے دیکھا تیز دوڑنے کی وجہ سے آپ کا تہبند پھرتا تھا میں نے آپ سے سنا فرماتے تھے دوڑو تحقیق اللہ تعالیٰ نے تم پر سعی لکھ دی ہے (روایت کیا اس کو شرح السنہ میں اور روایت کیا احمد نے کچھ اختلاف کے ساتھ)

۲۴۶۸/۲۳ وَعَنْ قُدَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْعٰى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ عَلٰى بَعِيْرٍ لَا ضَرْبَ وَلَا طَرْدَ وَلَا إِلَيْكَ إِلَيْكَ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

قدامہؓ بن عبداللہ بن عمار سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ صفا اور مروہ کے درمیان سوار ہو کر سعی کرتے تھے نہ مارنا تھا نہ ہانکنا اور نہ یہ کہنا تھا کہ ایک طرف ہو جاؤ ایک طرف ہو جاؤ (روایت کیا اس کو شرح السنہ میں)

besturdubooks.wordpress.com

۲۴۶۹/۲۴ وَعَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ بِالْبَيْتِ مُضْطَبِعًا بِبُرْدٍ أَخْضَرَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

یعلیٰ بن امیہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کا طواف کیا جبکہ آپؐ سبز چادر کے ساتھ اضطباع (چادر داہنی بغل سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنے کو اضطباع کہتے ہیں) کئے ہوئے تھے۔

(روایت کیا اس کو ترمذی ابوداؤد ابن ماجہ اور دارمی نے)

۲۴۷۰/۲۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ اعْتَمَرُوا مِنَ الْجِعِرَّانَةِ فَرَمَلُوا بِالْبَيْتِ ثَلَاثًا وَجَعَلُوا أَرْدِيَتَهُمْ تَحْتَ آبَاطِهِمْ ثُمَّ قَذَفُوهَا عَلَى عَوَاتِقِهِمُ الْيُسْرَى۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے صحابہؓ نے جعرانہ سے عمرہ کیا تین بار بیت اللہ کا طواف کرتے وقت تیز چلے انہوں نے اپنی چادروں کو بغلوں سے نکال کر اپنے بائیں کندھے پر ڈالا ہوا تھا۔

(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۴۷۱/۲۶ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَا تَرَكْنَا اسْتِلَامَ هٰذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيِّ وَالْحَجَرِ فِي شِدَّةٍ وَّلَا رَخَاءٍ مُنْذُ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُهُمَا۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُمَا قَالَ نَافِعٌ رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يَسْتَلِمُ الْحَجَرَ بِيَدِهٖ ثُمَّ قَبَّلَ يَدَهٗ وَقَالَ مَا تَرَكْتُهُ مُنْذُ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهٗ

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا ہم نے رکن یمانی اور حجر اسود کو ہاتھ لگانا بھیڑ میں اور بھیڑ کے نہ ہونے کی صورت میں نہیں چھوڑا جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپؐ ان دونوں کو ہاتھ لگاتے تھے (متفق علیہ) دونوں کی ایک روایت میں ہے نافع نے کہا میں نے ابن عمرؓ کو دیکھا ہے کہ حجر اسود کو ہاتھ لگاتے ہیں پھر اس کو بوسہ دیتے ہیں اور کہا جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسطرح کرتے ہوئے دیکھا ہے میں نے اسکو نہیں چھوڑا

۲۴۷۲/۲۷ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ شَكَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّيْ أَشْتَكِيْ فَقَالَ طُوْفِيْ مِنْ وَّرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ فَطُفْتُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ إِلَى

ام سلمہؓ سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ میں بیمار ہوں آپؐ نے فرمایا تو لوگوں کے پیچھے سے سوار ہو کر طواف کرلے میں نے طواف کیا اور اس وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کی جانب نماز پڑھ رہے تھے اور اس میں والطور وکتاب

besturdubooks.wordpress.com

جَنْبِ الْبَيْتِ يَقْرَءُ بِالطُّوْرِ وَكِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

مسطور کی تلاوت فرما رہے تھے۔ (متفق علیہ)

۲۴۷۳/۲۸ وَعَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيْعَةَ قَالَ رَأَيْتُ عُمَرَ يُقَبِّلُ الْحَجَرَ وَيَقُوْلُ إِنِّيْ لَأَعْلَمُ أَنَّكَ حَجَرٌ مَّا تَنْفَعُ وَلَا تَضُرُّ وَلَوْلَا أَنِّيْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ مَا قَبَّلْتُكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عابس بن ربیعہ سے روایت ہے کہا میں نے حضرت عمرؓ کو دیکھا کہ حجر اسود کو بوسہ دیتے ہیں اور فرماتے ہیں میں جانتا ہوں کہ تو پتھر ہے نہ نفع پہنچا سکتا ہے نہ نقصان اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ دیکھا ہوتا کہ تجھ کو بوسہ دیتے ہیں کبھی تجھ کو بوسہ نہ دیتا۔ (متفق علیہ)

۲۴۷۴/۲۹ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وُكِّلَ بِهٖ سَبْعُوْنَ مَلَكًا يَعْنِي الرُّكْنَ الْيَمَانِيَّ فَمَنْ قَالَ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ قَالُوْا اٰمِيْنَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس یعنی رکن یمانی کے ساتھ ستر فرشتے مقرر کر دیئے گئے ہیں جو شخص کہے اے اللہ میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عفو اور عافیت کا سوال کرتا ہوں اے رب ہمارے دے تو ہم کو دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور بچا ہم کو آگ کے عذاب سے فرشتے اس پر آمین کہتے ہیں۔ (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

۲۴۷۵/۳۰ وَعَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا وَّلَا يَتَكَلَّمُ إِلَّا بِسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ مُحِيَتْ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ وَّكُتِبَ لَهٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَّرُفِعَ لَهٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ وَّمَنْ طَافَ فَتَكَلَّمَ وَهُوَ فِيْ تِلْكَ الْحَالِ خَاضَ فِي الرَّحْمَةِ بِرِجْلَيْهِ كَخَائِضِ الْمَاءِ بِرِجْلَيْهِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بیت اللہ کا طواف کرے اور اس کے درمیان کلام نہ کرے مگر سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ کہے اس سے دس برائیاں مٹا دی جاتی ہیں اور دس نیکیاں اس کے لئے لکھی جاتی ہیں اور دس درجات بلند کئے جاتے ہیں اور جو شخص طواف کرے اور کلام کرے وہ دریائے رحمت میں اپنے پاؤں کے ساتھ داخل ہوتا ہے۔ (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ الْوُقُوْفِ بِعَرَفَةَ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۲۴۷۶ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ بَكْرِ نِ الثَّقَفِیِّ اَنَّهٗ سَاَلَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَّهُمَا غَادِیَانِ مِنْ مِّنًی اِلٰی عَرَفَةَ كَیْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ فِیْ هٰذَا الْیَوْمِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَانَ یُهِلُّ مِنَّا الْمُهِلُّ فَلَا یُنْكَرُ عَلَیْهِ وَیُكَبِّرُ الْمُكَبِّرُ مِنَّا فَلَا یُنْكَرُ عَلَیْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

۲۴۷۷ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَحَرْتُ هٰهُنَا وَمِنًی كُلُّهَا مَنْحَرٌ فَانْحَرُوْا فِیْ رِحَالِكُمْ وَوَقَفْتُ هٰهُنَا وَعَرَفَةُ كُلُّهَا مَوْقِفٌ وَوَقَفْتُ هٰهُنَا وَجَمْعٌ كُلُّهَا مَوْقِفٌ

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۴۷۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ یَّوْمٍ اَكْثَرَ مِنْ اَنْ یُّعْتِقَ اللّٰهُ فِیْهِ عَبْدًا مِّنَ النَّارِ مِنْ یَّوْمِ عَرَفَةَ وَاِنَّهٗ لَیَدْنُوْ ثُمَّ یُبَاهِیْ بِهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ فَیَقُوْلُ مَا اَرَادَ هٰؤُلَآءِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

# عرفات میں ٹھہرنے کا بیان

## پہلی فصل

محمد رضی اللہ عنہ بن ابی بکر ثقفی سے روایت ہے کہا اس نے انس رضی اللہ عنہ بن مالک سے پوچھا جبکہ وہ دونوں صبح کے وقت منیٰ سے عرفات کی طرف جا رہے تھے اس دن تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کس طرح کیا کرتے تھے کہا ہم میں لبیک کہنے والا لبیک کہتا تھا اس کا انکار نہ کرتا تھا اور تکبیر کہنے والا تکبیر کہتا اس پر انکار نہ کیا جاتا تھا۔

(متفق علیہ)

جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہا بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اس جگہ قربانی ذبح کی ہے اور منیٰ تمام نحر کی جگہ ہے پس اپنے ڈیروں میں نحر کرو "عرفات میں" میں نے اس جگہ وقوف کیا ہے اور عرفات سب کا سب موقف ہے "مزدلفہ میں" میں نے اس جگہ وقوف کیا ہے اور مزدلفہ سب کا سب موقف ہے

(روایت کیا اس کو مسلم نے)

عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہا بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی دن ایسا نہیں جس دن اللہ تعالیٰ آگ سے بہت زیادہ بندوں کو آزاد کرتا ہو عرفات کے دن سے اور اللہ تعالیٰ بندوں کے قریب ہوتا ہے پھر فرشتوں کے روبرو ان پر فخر کرتا ہے اور فرماتا ہے یہ لوگ کیا ارادہ کرتے ہیں (روایت کیا اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّانِی

## دُوسری فصل

۲۴۷۹ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ عَنْ خَالٍ لَّهٗ يُقَالُ لَهٗ يَزِيْدُ بْنُ شَيْبَانَ قَالَ كُنَّا فِيْ مَوْقِفٍ لَّنَا بِعَرَفَةَ يُبَاعِدُهٗ عَمْرٌو مِّنَ مَّوْقِفِ الْاِمَامِ جِدًّا فَاَتَانَا ابْنُ مِرْبَعٍ الْاَنْصَارِيُّ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْكُمْ يَقُوْلُ لَكُمْ قِفُوْا عَلٰى مَشَاعِرِكُمْ فَاِنَّكُمْ عَلٰى اِرْثٍ مِّنْ اِرْثِ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن عبداللہ بن صفوان اپنے ماموں سے روایت بیان کرتے ہیں جس کا نام یزید بن شیبان تھا کہا ہم عرفات میں امام کے موقف سے کچھ دور کھڑے تھے ہمارے پاس ابن مربع انصاری آئے کہا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایلچی ہوں آپ فرماتے تھے تم اپنی عبادت کی جگہ پر ٹھہرو تم اپنے باپ حضرت ابراہیم کی میراث پر ہو۔

(روایت کیا اس کو ترمذی، ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے)

۲۴۸۰ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ عَرَفَةَ مَوْقِفٌ وَّكُلُّ مِنًى مَّنْحَرٌ وَّكُلُّ الْمُزْدَلِفَةِ مَوْقِفٌ وَّكُلُّ فِجَاجِ مَكَّةَ طَرِيْقٌ وَّمَنْحَرٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

جابرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عرفات کا پورا میدان موقف ہے منیٰ پورا منحر ہے۔ مزدلفہ سارا موقف ہے مکہ کی سب راہیں راہ اور منحر ہیں۔

(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور دارمی نے)

۲۴۸۱ وَعَنْ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ يَوْمَ عَرَفَةَ عَلٰى بَعِيْرٍ قَائِمًا فِي الرِّكَابَيْنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

خالدؓ بن ہوذہ سے روایت ہے کہا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا عرفات کے دن اونٹ پر رکابوں میں پاؤں ڈالے کھڑے ہو کر لوگوں کو خطبہ دے رہے ہیں۔

(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۴۸۲ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الدُّعَاءِ دُعَاءُ يَوْمِ

عمروؓ بن شعیب عن ابیہ عن جدہ سے روایت ہے بے شک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہترین دُعا عرفات کے دن کی ہے اور بہترین کلمات جو میں نے

besturdubooks.wordpress.com

عَرَفَةَ وَخَيْرُ مَا قُلْتُ أَنَا وَالنَّبِيُّونَ مِنْ قَبْلِي لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوٰى مَالِكٌ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ إِلٰى قَوْلِهِ لَا شَرِيكَ لَهُ۔

اور پہلے انبیاء نے کہے ہیں یہ ہیں نہیں کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں اس کے لئے ملک ہے اور اس کے لئے تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور مالک نے طلحہؓ بن عبیداللہ سے لاشریک لہ تک اس روایت کو ذکر کیا ہے)

۲۴۸۳/۸ وَعَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كُرَيْزٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا رُئِيَ الشَّيْطَانُ يَوْمًا هُوَ فِيهِ أَصْغَرُ وَلَا أَدْحَرُ وَلَا أَحْقَرُ وَلَا أَغْيَظُ مِنْهُ فِي يَوْمِ عَرَفَةَ وَمَا ذَاكَ إِلَّا لِمَا يَرٰى مِنْ تَنَزُّلِ الرَّحْمَةِ وَتَجَاوُزِ اللّٰهِ عَنِ الذُّنُوبِ الْعِظَامِ إِلَّا مَا رُئِيَ يَوْمَ بَدْرٍ فَإِنَّهُ قَدْ رَأٰى جِبْرَئِيلَ يَزَعُ الْمَلَائِكَةَ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا وَفِي شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِيحِ)

طلحہ بن عبیداللہ بن کریز سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان عرفات کے دن سے بڑھ کر کسی دن بہت ذلیل راندہ حقیر اور بہت غصہ میں نہیں دیکھا گیا اور نہیں ہے یہ مگر اس لئے کہ وہ رحمت کا نزول اور اللہ تعالیٰ کا بڑے بڑے گناہوں کو معاف کر دینا دیکھتا ہے مگر وہ جو بدر کے دن دیکھا گیا اس نے حضرت جبریلؑ کو دیکھا کہ وہ فرشتوں کی صفوں کو ترتیب دے رہے ہیں (روایت کیا اس کو مالک نے مرسل اور شرح السنہ میں مصابیح کے لفظوں کے ساتھ)

۲۴۸۴/۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ يَوْمُ عَرَفَةَ إِنَّ اللّٰهَ يَنْزِلُ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيُبَاهِي بِهِمُ الْمَلَائِكَةَ فَيَقُولُ انْظُرُوا إِلٰى عِبَادِي أَتَوْنِي شُعْثًا غُبْرًا ضَاجِّينَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ فَيَقُولُ الْمَلَائِكَةُ يَا رَبِّ فُلَانٌ كَانَ يُرْهِقُ وَفُلَانٌ وَفُلَانَةٌ قَالَ يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ غَفَرْتُ

جابرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب عرفہ کا دن ہوتا ہے اللہ تعالیٰ آسمان دنیا کی طرف اترتا ہے اور فرشتوں کے سامنے ان پر فخر کرتا ہے فرماتا ہے میرے بندوں کو دیکھو وہ میرے پاس پراگندہ بال گرد آلود ہر دور کی راہ سے چلاتے ہوئے آئے ہیں میں تم کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان کو بخش دیا ہے پھر فرشتے کہتے ہیں اے ہمارے رب فلاں شخص گناہ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اور فلاں مرد اور فلاں عورت گناہ کرتے ہیں اللہ

besturdubooks.wordpress.com

لَهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا مِنْ يَوْمٍ أَكْثَرَ عَتِيْقًا مِّنَ النَّارِ مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ۔
(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

عزّوجل فرماتے ہیں میں نے ان کو معاف کر دیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عرفہ کے دن جس کثرت سے لوگ آزاد کئے جاتے ہیں کسی دوسرے دن آزاد نہیں کئے جاتے (روایت کیا اس کو شرح السنہ میں)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۴۸۵ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ قُرَيْشٌ وَّمَنْ دَانَ دِيْنَهَا يَقِفُوْنَ بِالْمُزْدَلِفَةِ وَكَانُوْا يُسَمُّوْنَ الْحُمْسَ فَكَانَ سَائِرُ الْعَرَبِ يَقِفُوْنَ بِعَرَفَةَ فَلَمَّا جَاءَ الْإِسْلَامُ أَمَرَ اللّٰهُ نَبِيَّهٗ أَنْ يَّأْتِيَ عَرَفَاتٍ فَيَقِفَ بِهَا ثُمَّ يُفِيْضَ مِنْهَا فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ عَزَّ وَجَلَّ ثُمَّ أَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عائشہؓ سے روایت ہے قریش اور وہ لوگ جو دین میں ان کے تابع تھے مزدلفہ میں ٹھہر جاتے اور قریش نے اس کا نام حمس رکھا جاتا تھا دوسرے تمام عرب عرفہ میں جا کر ٹھہرتے جب اسلام آیا اللہ نے اپنے نبی کو حکم دیا کہ عرفات میں آئیں اور وہاں ٹھہریں پھر وہاں سے واپس لوٹیں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے پھر تم لوٹو جہاں سے لوگ لوٹتے ہیں۔

(متفق علیہ)

۲۴۸۶ وَعَنْ عَبَّاسِ بْنِ مِرْدَاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا لِأُمَّتِهٖ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ بِالْمَغْفِرَةِ فَأُجِيْبَ إِنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ مَا خَلَا الْمَظَالِمَ فَإِنِّيْ آخِذٌ لِّلْمَظْلُوْمِ مِنْهُ قَالَ أَيْ رَبِّ إِنْ شِئْتَ أَعْطَيْتَ الْمَظْلُوْمَ مِنَ الْجَنَّةِ وَغَفَرْتَ لِلظَّالِمِ فَلَمْ يُجَبْ عَشِيَّتَهٗ فَلَمَّا أَصْبَحَ بِالْمُزْدَلِفَةِ أَعَادَ الدُّعَاءَ فَأُجِيْبَ إِلٰى مَا سَأَلَ قَالَ فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ قَالَ تَبَسَّمَ فَقَالَ لَهٗ أَبُوْ بَكْرٍ وَّ

عباسؓ بن مرداس سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عرفہ کی شام کو اپنی امت کی بخشش کے لئے دعا کی آپ کی دعا قبول کر لی گئی فرمایا میں نے معاف کر دیا ہے سوائے بندوں کے حقوق کے میں ظالم سے مظلوم کا حق لوں گا حضرتؐ نے فرمایا اے پروردگار اگر تو چاہے مظلوم کو جنت دے دے اور ظالم کو معاف کر دے عرفہ کی شام کو یہ دعا قبول نہ کی گئی جب آپؐ نے مزدلفہ میں صبح کی آپؐ نے دوبارہ دعا کی آپؐ کی دعا قبول کر لی گئی کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مسکرائے ابوبکرؓ اور عمرؓ نے کہا ہمارے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں اس

besturdubooks.wordpress.com

عُمَرُ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ اِنَّ هٰذِهِ لَسَاعَةٌ مَا كُنْتَ تَضْحَكُ فِيْهَا فَمَا الَّذِیْ اَضْحَكَكَ اَضْحَكَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ قَالَ اِنَّ عَدُوَّ اللّٰهِ اِبْلِيْسَ لَمَّا عَلِمَ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدِ اسْتَجَابَ دُعَآئِیْ وَغَفَرَ لِاُمَّتِیْ اَخَذَ التُّرَابَ فَجَعَلَ يَحْثُوْهُ عَلٰی رَاْسِهٖ وَيَدْعُوْ بِالْوَيْلِ وَالثُّبُوْرِ فَاَضْحَكَنِیْ مَا رَاَيْتُ مِنْ جَزَعِهٖ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى الْبَيْهَقِیُّ فِیْ كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ نَحْوَهٗ۔

وقت آپ ہنس کیوں رہے ہیں اللہ تعالیٰ آپ کو ہنساتا رکھے فرمایا اللہ کے دشمن ابلیس کو جس وقت پتہ چلا کہ اللہ تعالیٰ نے میری دعا قبول کرلی ہے اور میری امت کو بخش دیا ہے اس نے مٹی پکڑ کر اپنے سر پر ڈالنا شروع کر دیا اور ویل اور ہلاکت پکارنا شروع کر دیا۔ اس کی اضطرابی دیکھ کر میں ہنس پڑا ہوں۔

روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے۔ بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں اس کا ذکر کیا ہے۔

# بَابُ الدَّفْعِ مِنْ عَرَفَةَ وَالْمُزْدَلِفَةِ

# عرفات اور مزدلفہ سے واپسی کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۴۸۷/۱ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سُئِلَ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِيْرُ فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ حِيْنَ دَفَعَ قَالَ كَانَ يَسِيْرُ الْعَنَقَ فَاِذَا وَجَدَ فَجْوَةً نَصَّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہشام بن عروہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہا اسامہؓ بن زید سے سوال کیا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت عرفات سے واپس آئے حجۃ الوداع میں کیسے چلتے فرمایا آپ جلد چلتے جہاں کشادہ جگہ آئی دوڑاتے۔ (متفق علیہ)

۲۴۸۸/۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ دَفَعَ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَرَفَةَ فَسَمِعَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَآءَهٗ زَجْرًا شَدِيْدًا وَّضَرْبًا لِّلْاِبِلِ فَاَشَارَ

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عرفات سے واپس لوٹا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پیچھے سخت ڈانٹنا اور اونٹوں کو مارنا سنا ان کی طرف اپنے کوڑے کے ساتھ اشارہ

besturdubooks.wordpress.com

بِسَوْطِهٖ إِلَيْهِمْ وَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ عَلَيْكُمْ بِالسَّكِينَةِ فَإِنَّ الْبِرَّ لَيْسَ بِالْإِيضَاعِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اور فرمایا اے لوگو آرام سے چلو اونٹوں کو تیز دوڑانا نیکی نہیں ہے۔

(روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۴۸۹ وَعَنْهُ أَنَّ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ كَانَ رِدْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَةَ إِلَى الْمُزْدَلِفَةِ ثُمَّ أَرْدَفَ الْفَضْلَ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ إِلَى مِنًى فَكِلَاهُمَا قَالَا لَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتّٰى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابن عباسؓ) سے روایت ہے کہا اسامہ بن زید عرفہ سے مزدلفہ تک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھے تھے پھر مزدلفہ سے منیٰ تک آپ نے فضلؓ کو اپنے پیچھے بٹھا لیا دونوں کا کہنا ہے کہ آپ جمرہ کو کنکر مارنے تک تلبیہ کہتے رہے۔

(متفق علیہ)

۲۴۹۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ جَمَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِجَمْعٍ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا بِإِقَامَةٍ وَلَمْ يُسَبِّحْ بَيْنَهُمَا وَلَا عَلَى إِثْرِ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نماز کو جمع کیا ہر ایک کے لئے الگ الگ اقامت کہی اور ان دونوں کے درمیان نفل نہیں پڑھے اور نہ ہی اُن کے بعد آپ نے نفل وغیرہ پڑھے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۴۹۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلٰوةً إِلَّا لِمِيقَاتِهَا إِلَّا صَلٰوتَيْنِ صَلٰوةَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِجَمْعٍ وَصَلَّى الْفَجْرَ يَوْمَئِذٍ قَبْلَ مِيقَاتِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہؓ بن مسعود سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی نہیں دیکھا کہ آپ نے وقت پر نماز نہ پڑھی ہو مگر دو نمازیں مغرب اور عشاء کی نماز مزدلفہ میں جمع کر کے پڑھی اور اس روز صبح کی نماز وقت سے کچھ پہلے پڑھ لی۔

(متفق علیہ)

۲۴۹۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَنَا مِمَّنْ قَدَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْمُزْدَلِفَةِ فِي ضَعَفَةِ أَهْلِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا میں ان میں تھا جن کو آپ نے اپنے گھر کے ضعیف لوگوں میں مزدلفہ کی رات آگے بھیج دیا۔

(متفق علیہ)

۲۴۹۳ وَعَنْهُ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ

اسی (ابن عباسؓ) سے روایت ہے وہ فضل

besturdubooks.wordpress.com

وَكَانَ رَدِيفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ فِي عَشِيَّةِ عَرَفَةَ وَغَدَاةِ جَمْعٍ لِلنَّاسِ حِينَ دَفَعُوا عَلَيْكُمْ بِالسَّكِينَةِ وَهُوَ كَافٌّ نَاقَتَهُ حَتَّى دَخَلَ مُحَسِّرًا وَهُوَ مِنْ مِنًى قَالَ عَلَيْكُمْ بِحَصَى الْخَذْفِ الَّذِي يُرْمَى بِهِ الْجَمْرَةُ وَقَالَ لَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى الْجَمْرَةَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا کہ آپؐ نے عرفہ کی شام اور مزدلفہ کی صبح لوگوں کے لئے فرمایا جبکہ وہ واپس لوٹ رہے تھے سکینت کو لازم پکڑو آپؐ اپنی اونٹنی کو روکے ہوئے تھے یہاں تک کہ آپؐ وادی محسر میں داخل ہوئے جو منیٰ کی ایک وادی ہے فرمایا کنکریاں مارنے کے لئے خذف کی کنکریاں اٹھاؤ جو جمرہ کو ماری جاتی ہیں اور کہا جمرہ کو مارنے تک آپؐ لبیک کہتے رہے۔

(روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۴۹۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ أَفَاضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَمْعٍ وَقَدْ عَلَيْهِ السَّكِينَةُ وَأَمَرَهُمْ بِالسَّكِينَةِ وَأَوْضَعَ فِي وَادِي مُحَسِّرٍ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَرْمُوا بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ وَقَالَ لَعَلِّي لَا أَرَاكُمْ بَعْدَ عَامِي هٰذَا لَمْ أَجِدْ هٰذَا الْحَدِيثَ فِي الصَّحِيحَيْنِ إِلَّا فِي جَامِعِ التِّرْمِذِيِّ مَعَ تَقْدِيمٍ وَتَأْخِيرٍ

جابرؓ سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت مزدلفہ واپس لوٹے آپؐ پر سکینت تھی اور لوگوں کو بھی تسکین کا حکم دیا وادی محسر میں آپؐ نے اونٹنی تیز دوڑائی اور ان کو حکم دیا کہ خذف کی کنکری کی مانند ماریں اور فرمایا شاید کہ میں اس کے بعد تم کو نہ دیکھ سکوں میں نے صحیحین میں اس حدیث کو نہیں پایا جامع ترمذی میں تقدیم و تاخیر کے ساتھ یہ حدیث موجود ہے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دُوسری فصل

۲۴۹۵ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ خَطَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ أَهْلَ الْجَاهِلِيَّةِ كَانُوا يَدْفَعُونَ مِنْ عَرَفَةَ حِينَ تَكُونُ الشَّمْسُ كَأَنَّهَا عَمَائِمُ الرِّجَالِ فِي وُجُوهِهِمْ قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ وَمِنَ الْمُزْدَلِفَةِ بَعْدَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ

محمدؒ بن قیس بن مخرمہ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور فرمایا جاہلیت میں لوگ عرفات سے اس وقت واپس لوٹتے تھے جب سورج اس طرح ہوتا جیسا کہ ان کے سروں پر پگڑیاں ہیں سورج کے غروب ہونے سے پہلے وہ واپس آ جاتے اور مزدلفہ سے سورج طلوع ہونے کے بعد آتے سورج ایسے معلوم ہوتا گویا ان کے چہروں میں پگڑیاں ہیں

besturdubooks.wordpress.com

حِيْنَ تَكُوْنُ كَاَنَّهَا عَمَائِمُ الرِّجَالِ فِيْ وُجُوْهِهِمْ وَاِنَّا لَاَنْدَفَعُ مِنْ عَرَفَةَ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ وَنَدْفَعُ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ هَدْيُنَا مُخَالِفٌ لِهَدْيِ عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَالشِّرْكِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَقَالَ خَطَبَنَا وَسَاقَهُ نَحْوَهٗ۔

ہم عرفات سے سورج غروب ہونے کے بعد واپس آئیں گے اور مزدلفہ سے سورج طلوع ہونے سے پہلے ہی لوٹ آئیں گے ہمارا طریقہ مشرکوں اور بت پرستوں کے طریقہ کے مخالف ہے۔
(روایت کیا اس کو بیہقی نے اور کہا خطبنا اور ایسی ہی باقی حدیث بیان کی)

۲۴۹۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْمُزْدَلِفَةِ اُغَيْلِمَةَ بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَلٰى حُمُرَاتٍ فَجَعَلَ يَلْطَحُ اَفْخَاذَنَا وَيَقُوْلُ اُبَيْنِيَّ لَا تَرْمُوا الْجَمْرَةَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا مزدلفہ کی رات ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبدالمطلب کی اولاد کے بہت سے لڑکوں کو گدھوں پر سوار منیٰ کی طرف آگے بھیج دیا آپ ہمارے زانوؤں پر مارتے تھے اور فرماتے اے بیٹو سورج نکلنے سے پہلے کنکریاں نہ مارنا۔
(روایت کیا اس کو ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے)

۲۴۹۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاُمِّ سَلَمَةَ لَيْلَةَ النَّحْرِ فَرَمَتِ الْجَمْرَةَ قَبْلَ الْفَجْرِ ثُمَّ مَضَتْ فَاَفَاضَتْ وَكَانَ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْيَوْمَ الَّذِيْ يَكُوْنُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عائشہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام سلمہ کو شب بانی کی رات بھیج دیا اس نے صبح سے پہلے جمرہ کو کنکر مارے پھر وہ گئی اور طواف کیا اور اس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تھے۔
(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۴۹۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ يُلَبِّي الْمُقِيْمُ اَوِ الْمُعْتَمِرُ حَتّٰى يَسْتَلِمَ الْحَجَرَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ وَرُوِيَ مَوْقُوْفًا عَلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا مقیم یا عمرہ کرنے والا حجر اسود کو بوسہ دینے تک لبیک کہے
(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور اس نے کہا یہ روایت ابن عباسؓ پر موقوف کی گئی ہے)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۲۴۹۹/۱۳ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عُرْوَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ الشَّرِيْدَ يَقُوْلُ اَفَضْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا مَسَّتْ قَدَمَاهُ الْاَرْضَ حَتّٰى اَتٰى جَمْعًا

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

۲۵۰۰/۱۴ وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ اَنَّ الْحَجَّاجَ بْنَ يُوْسُفَ عَامَ نَزَلَ بِابْنِ الزُّبَيْرِ سَاَلَ عَبْدَ اللّٰهِ كَيْفَ نَصْنَعُ فِي الْمَوْقِفِ يَوْمَ عَرَفَةَ فَقَالَ سَالِمٌ اِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ السُّنَّةَ فَهَجِّرْ بِالصَّلٰوةِ يَوْمَ عَرَفَةَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ صَدَقَ اِنَّهُمْ كَانُوْا يَجْمَعُوْنَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فِي السُّنَّةِ فَقُلْتُ لِسَالِمٍ اَفَعَلَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَالِمٌ وَّهَلْ يَتَّبِعُوْنَ ذٰلِكَ اِلَّا سُنَّتَهٗ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

## تیسری فصل

یعقوبؓ بن عاصم بن عروہ سے روایت ہے کہا اس نے شرید سے سُنا وہ کہتا تھا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عرفات سے واپس لوٹا آپ کے دونوں قدم زمین پر نہیں لگے یہاں تک کہ آپ مزدلفہ آئے۔

(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

ابن شہابؒ سے روایت ہے کہا مجھ کو سالم نے خبر دی جس سال حجاج نے ابن زبیر کو قتل کیا اس نے عبداللہ بن عمر سے پوچھا عرفات کے دن ہم کس طرح ٹھہریں سالم نے کہا اگر تو سنت کا ارادہ کرتا ہے عرفہ کے دن نماز جلد پڑھ لے عبداللہ ابن عمر نے کہا اس نے سچ کہا سنت طریقہ ادا کرنے کے لئے صحابہ ظہر اور عصر کو جمع کر لیتے تھے میں نے سالم سے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کرتے تھے سالم نے کہا اس بارہ میں صحابہ آپ کے طریقہ کی پیروی کرتے تھے۔

(روایت کیا اس کو بخاری نے)

# بَابُ رَمْيِ الْجِمَارِ

## مِنیٰ میں کنکریاں مارنے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۵۰۱/۱ عَنْ جَابِرٍ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ يَوْمَ النَّحْرِ وَيَقُوْلُ لِتَاْخُذُوْا مَنَاسِكَكُمْ فَاِنِّيْ

جابرؓ سے روایت ہے کہا قربانی کے دن میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ اونٹنی پر سوار کنکریاں مارتے تھے اور فرماتے تھے افعال حج

لَا أَدْرِي لَعَلِّي لَا أَحُجُّ بَعْدَ حَجَّتِي هٰذِهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سیکھ لو شاید کہ میں اس سال کے بعد حج نہ کروں۔ روایت کیا اس کو مسلم نے۔

۲۵۰۲ وَعَنْهُ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَى الْجَمْرَةَ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (جابرؓ) سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ خذف کی کنکریوں کی مانند جمرہ پر مارتے تھے۔ روایت کیا اس کو مسلم نے۔

۲۵۰۳ وَعَنْهُ قَالَ رَمَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَمْرَةَ يَوْمَ النَّحْرِ ضُحًى وَأَمَّا بَعْدَ ذٰلِكَ فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (جابرؓ) سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن چاشت کے وقت کنکر مارے جمرہ پر قربانی کے دن کے بعد سورج ڈھلنے کے بعد کنکر مارتے تھے۔ (متفق علیہ)

۲۵۰۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّهُ انْتَهَى إِلَى الْجَمْرَةِ الْكُبْرَى فَجَعَلَ الْبَيْتَ عَنْ يَسَارِهِ وَمِنًى عَنْ يَمِينِهِ وَرَمَى بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا رَمَى الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہؓ بن مسعود سے روایت ہے کہ وہ جمرۂ کبریٰ کے پاس آیا بیت اللہ اپنی بائیں جانب کیا اور منیٰ اپنی دائیں جانب پھر سات کنکریاں ماریں ہر کنکری مارتے وقت اللہ اکبر کہتے پھر فرمایا اس طرح اس ذات گرامی نے کنکر مارے تھے جس پر سورۂ بقرہ اتاری گئی۔ (متفق علیہ)

۲۵۰۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الِاسْتِجْمَارُ تَوٌّ وَرَمْيُ الْجِمَارِ تَوٌّ وَالسَّعْيُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ تَوٌّ وَالطَّوَافُ تَوٌّ وَإِذَا اسْتَجْمَرَ أَحَدُكُمْ فَلْيَسْتَجْمِرْ بِتَوٍّ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا استنجا کرنا طاق ہے کنکریاں مارنا طاق ہیں صفا مروہ کے درمیان دوڑنا طاق ہے۔ طواف طاق ہے جب تم میں سے کوئی استنجا کے لئے ڈھیلے لے طاق لے۔ روایت کیا اس کو مسلم نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۲۵۰۶ عَنْ قُدَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قدامہؓ بن عبداللہ بن عمار سے روایت ہے کہا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا قربانی کے دن اپنی

besturdubooks.wordpress.com

يَرْمِي الْجَمْرَةَ يَوْمَ النَّحْرِ عَلٰى نَاقَةٍ صَهْبَاءَ لَيْسَ ضَرْبٌ وَّلَا طَرْدٌ وَّلَيْسَ قِيْلَ اِلَيْكَ اِلَيْكَ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

صبہار اونٹنی پر سوار ہو کر کنکریاں مارتے تھے نہ اس جگہ مارنا تھا نہ ہانکنا نہ یہ کہا جاتا تھا ایک طرف ہو ایک طرف ہو۔ روایت کیا اس کو شافعی، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے۔

۲۵۰۷ وَعَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا جُعِلَ رَمْيُ الْجِمَارِ وَالسَّعْيُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِاِقَامَةِ ذِكْرِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

عائشہؓ سے روایت ہے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں آپ نے فرمایا جمروں کو مارنا اور صفا مروہ کے درمیان دوڑنا اللہ کا ذکر قائم کرنے کے لئے مشروع ہے۔

روایت کیا اس کو ترمذی اور دارمی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۵۰۸ وَعَنْهَا قَالَتْ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَبْنِيْ لَكَ بِنَاءً يُظِلُّكَ بِمِنًى قَالَ لَا مِنًى مُنَاخُ مَنْ سَبَقَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

اسی (عائشہؓ) سے روایت ہے کہا ہم نے کہا اے اللہ کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم ہم منیٰ میں آپ کے لئے کوئی عمارت نہ بنائیں کہ آپ کو سایہ کریں فرمایا نہیں منیٰ اس شخص کے لئے اونٹ بٹھانے کی جگہ ہے جو وہاں جلد پہنچ جائے۔ روایت کیا اس کو ترمذی ابن ماجہ دارمی نے۔

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۵۰۹ عَنْ نَافِعٍ قَالَ اِنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَقِفُ عِنْدَ الْجَمْرَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ وُقُوْفًا طَوِيْلًا يُكَبِّرُ اللّٰهَ وَيُسَبِّحُهٗ وَيَحْمَدُهٗ وَيَدْعُوا اللّٰهَ وَلَا يَقِفُ عِنْدَ جَمْرَةِ الْعَقَبَةِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

نافعؓ سے روایت ہے کہا ابن عمرؓ پہلے دو جمروں کے پاس لمبا عرصہ ٹھہرتے اور اللہ اکبر کہتے سبحان اللہ الحمد للہ کہتے اور دعا کرتے جمرہ عقبیٰ کے پاس نہ ٹھہرتے۔

روایت کیا اس کو مالک نے۔

besturdubooks.wordpress.com

# بَابُ الْهَدْيِ

## الْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۲۵۱۰/۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ ثُمَّ دَعَا بِنَاقَتِهٖ فَاَشْعَرَهَا فِيْ صَفْحَةِ سَنَامِهَا الْاَيْمَنِ وَسَلَتَ الدَّمَ عَنْهَا وَقَلَّدَهَا نَعْلَيْنِ ثُمَّ رَكِبَ رَاحِلَتَهٗ فَلَمَّا اسْتَوَتْ بِهٖ عَلَى الْبَيْدَاءِ اَهَلَّ بِالْحَجِّ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

## ہدی کا بیان

### پہلی فصل

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا ذوالحلیفہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز پڑھی پھر اپنی اونٹنی منگوائی اس کے دائیں کوہان کے کنارے پر زخم کیا اس کا خون پونچھ ڈالا دو جوتیوں کا ہار اس کے گلے میں ڈالا پھر اپنی اونٹنی پر سوار ہوئے جب وہ آپ کو بیداء میں اٹھا لائی آپ نے حج کی لبیک کہی۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)۔

۲۵۱۱/۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اَهْدَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّةً اِلَى الْبَيْتِ غَنَمًا فَقَلَّدَهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عائشہؓ سے روایت ہے کہا ایک مرتبہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کی طرف بکریاں بھیجیں ان کے گلے میں ہار ڈالا۔ (متفق علیہ)

۲۵۱۲/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ ذَبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَائِشَةَ بَقَرَةً يَوْمَ النَّحْرِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نحر کے دن حضرت عائشہؓ کے لئے گائے ذبح کی۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۵۱۳/۴ وَعَنْهُ قَالَ نَحَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِّسَآئِهٖ بَقَرَةً فِيْ حَجَّتِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (جابرؓ) سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیویوں کی طرف سے اپنے حج میں گائے ذبح کی۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۵۱۴/۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَتَلْتُ قَلَائِدَ بُدْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيَّ ثُمَّ قَلَّدَهَا وَاَشْعَرَهَا وَاَهْدَاهَا فَمَا حَرُمَ عَلَيْهِ شَيْءٌ كَانَ اُحِلَّ لَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عائشہؓ سے روایت ہے کہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کے لئے میں نے اپنے ہاتھ سے ہار بٹے پھر آپ نے ان کے گلوں میں ڈالے ان کو زخمی کیا اور ان کو ہدی بنا کر مکہ کی طرف بھیجا آپ پر کوئی چیز حرام نہ ہوئی جو آپ کے لئے حلال کی گئی تھی۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۲۵۱۵/۶ وَعَنْهَا قَالَتْ فَتَلْتُ قَلَائِدَهَا مِنْ عِهْنٍ كَانَ عِنْدِي ثُمَّ بَعَثَ بِهَا مَعَ أَبِي۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (عائشہؓ) سے روایت ہے کہا میں نے اونٹوں کے ہار رُوئی سے بٹے تھے پھر آپؐ نے میرے والد کے ساتھ ان کو بھیجا۔ (متفق علیہ)

۲۵۱۶/۷ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَجُلًا يَسُوقُ بَدَنَةً فَقَالَ ارْكَبْهَا فَقَالَ إِنَّهَا بَدَنَةٌ قَالَ ارْكَبْهَا فَقَالَ إِنَّهَا بَدَنَةٌ قَالَ ارْكَبْهَا وَيْلَكَ فِي الثَّانِيَةِ أَوِ الثَّالِثَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا وہ اُونٹ ہانکتا تھا آپؐ نے فرمایا اس پر سوار ہو جا اس نے کہا یہ ہدی ہے آپؐ نے فرمایا اس پر سوار ہو جا اس نے کہا یہ ہدی ہے دوسری یا تیسری مرتبہ آپؐ نے فرمایا سوار ہو جا تیرے لئے خرابی ہو۔ (متفق علیہ)

۲۵۱۷/۸ وَعَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ سُئِلَ عَنْ رُكُوبِ الْهَدْيِ فَقَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ارْكَبْهَا بِالْمَعْرُوفِ إِذَا أُلْجِئْتَ إِلَيْهَا حَتّٰى تَجِدَ ظَهْرًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوزبیرؓ سے روایت ہے کہا میں نے جابرؓ بن عبداللہ سے سوال کیا کہ ہدی پر سواری کی جا سکتی ہے اس نے کہا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپؐ فرماتے تھے جب تو اس کی طرف مجبُور ہو جائے اس پر سوار ہو جا یہاں تک کہ تجھ کو سواری مل جائے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۵۱۸/۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ عَشَرَ بَدَنَةً مَعَ رَجُلٍ وَّأَمَّرَهُ فِيهَا فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ أَصْنَعُ بِمَا أُبْدِعَ عَلَيَّ مِنْهَا قَالَ انْحَرْهَا ثُمَّ اصْبُغْ نَعْلَيْهَا فِي دَمِهَا ثُمَّ اجْعَلْهَا عَلٰى صَفْحَتِهَا وَلَا تَأْكُلْ مِنْهَا أَنْتَ وَلَا أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ رُفْقَتِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے ساتھ سولہ اونٹ بھیجے اور اُس کو اُن کا امیر مقرر کیا اس نے کہا اے اللہ کے رسُولؐ اگر اونٹ چل نہ سکے تو میں کیا کروں فرمایا اس کو ذبح کر دے اس کے خون میں اس کی جوتیاں رنگ کر اس کی کوہان کے کنارے پر رکھ دے اور تو اور تیرے ساتھیوں میں سے کوئی اُس سے نہ کھائے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۵۱۹/۱۰ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَحَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ

جابرؓ سے روایت ہے کہا ہم نے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حدیبیہ کے سال گائے سات کی

besturdubooks.wordpress.com

الْبَدَنَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

طرف سے اونٹ سات کی طرف سے ذبح کیا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۵۲۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ اَتٰى عَلٰى رَجُلٍ قَدْ اَنَاخَ بَدَنَتَهٗ يَنْحَرُهَا قَالَ ابْعَثْهَا قِيَامًا مُقَيَّدَةً سُنَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے وہ ایک آدمی کے پاس آیا جس نے اپنے اونٹ کو بٹھایا ہوا ہے اور اسے ذبح کرتا ہے کہا اس کو اٹھا اور پاؤں باندھ کر ذبح کر جو کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔ (متفق علیہ)

۲۵۲۱ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقُوْمَ عَلٰى بُدْنِهٖ وَاَنْ اَتَصَدَّقَ بِلَحْمِهَا وَجُلُوْدِهَا وَاَجِلَّتِهَا وَاَنْ لَّا اُعْطِيَ الْجَزَّارَ مِنْهَا قَالَ نَحْنُ نُعْطِيْهِ مِنْ عِنْدِنَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

علیؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو حکم دیا کہ میں آپ کے اونٹوں کی خبر گیری کروں اور ان کے گوشت اُن کی کھالیں اور ان کی جھولیں صدقہ کر دوں اور قصاب کو اُن سے کچھ نہ دوں اور فرمایا اس کو ہم اپنے پاس سے دیں گے۔ (متفق علیہ)

۲۵۲۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا لَا نَاْكُلُ مِنْ لُحُوْمِ بُدْنِنَا فَوْقَ ثَلٰثٍ فَرَخَّصَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُلُوْا وَتَزَوَّدُوْا فَاَكَلْنَا وَتَزَوَّدْنَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جابرؓ سے روایت ہے کہا ہم تین دن سے زائد اونٹوں کا گوشت نہیں کھاتے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم کو رخصت دی اور فرمایا کھاؤ اور توشہ کرو ہم نے کھایا اور توشہ کیا۔ (متفق علیہ)

## الْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۵۲۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْدٰى عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ هَدَايَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَلًا كَانَ لِاَبِيْ جَهْلٍ فِيْ رَاْسِهٖ بُرَةٌ مِّنْ فِضَّةٍ وَّفِيْ رِوَايَةٍ مِّنْ ذَهَبٍ يَّغِيْظُ بِذٰلِكَ الْمُشْرِكِيْنَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے سال ابوجہل کا اونٹ ہدایا میں بھیجا اس کی ناک میں چاندی کی نتھنی تھی ایک روایت میں ہے سونے کی تھی اس کے سبب مشرکوں کو غصہ میں ڈالتے تھے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

besturdubooks.wordpress.com

۲۵۲۴/۱۵ وَعَنْ نَّاجِيَةَ الْخُزَاعِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ اَصْنَعُ بِمَا عَطِبَ مِنَ الْبُدْنِ قَالَ انْحَرْهَا ثُمَّ اغْمِسْ نَعْلَهَا فِيْ دَمِهَا ثُمَّ خَلِّ بَيْنَ النَّاسِ وَبَيْنَهَا فَيَاْكُلُوْنَهَا۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ نَّاجِيَةَ الْاَسْلَمِيِّ)

ناجیہ خزاعی سے روایت ہے کہا میں نے کہا اے اللہ کے رسول اگر اونٹ ہلاکت کے قریب پہنچ جائیں میں کیا کروں فرمایا اس کو ذبح کر پھر اس کی جوتیاں اس کے خون میں ڈبو دے پھر لوگوں کے درمیان اُن کو چھوڑ دے وہ اس کو کھا لیں گے۔

(روایت کیا اس کو مالک اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کیا ابوداؤد اور دارمی نے ناجیہ اسلمی سے)

۲۵۲۵/۱۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَعْظَمَ الْاَيَّامِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمُ النَّحْرِ ثُمَّ يَوْمُ الْقَرِّ قَالَ ثَوْرٌ وَّهُوَ الْيَوْمُ الثَّانِيْ قَالَ وَقُرِّبَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَنَاتٌ خَمْسٌ اَوْ سِتٌّ فَطَفِقْنَ يَزْدَلِفْنَ اِلَيْهِ بِاَيَّتِهِنَّ يَبْدَاُ قَالَ فَلَمَّا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا قَالَ فَتَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ خَفِيَّةٍ لَّمْ اَفْهَمْهَا فَقُلْتُ مَا قَالَ قَالَ قَالَ مَنْ شَاءَ اقْتَطَعَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَذَكَرَ حَدِيْثَا ابْنِ عَبَّاسٍ وَّجَابِرٍ فِيْ بَابِ الْاُضْحِيَّةِ)

عبداللہؓ بن قرط نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا اللہ کے نزدیک سب سے بڑا دن قربانی کا دن ہے اس کے بعد قرّ کا دن ہے ثور نے کہا وہ قربانی کا دوسرا دن ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک پانچ یا چھ اونٹ کئے گئے وہ اونٹ آپ کے نزدیک ہوتے تھے کہ کس کو ان میں سے پہلے ذبح کریں راوی نے کہا جب ان کے پہلو زمین پر گرے آپؐ نے آہستہ سے ایک بات کہی جس کو میں سمجھ نہ سکا میں نے کہا آپؐ نے کیا فرمایا اس نے کہا آپؐ نے فرمایا جو چاہے کاٹ کر لے جائے۔

(روایت کیا اس کو ابوداؤدؒ نے ابن عباسؓ اور جابرؓ کی دو حدیثیں باب الاضحیہ میں ذکر کی جا چکی ہیں)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۵۲۶/۱۷ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ضَحّٰى مِنْكُمْ فَلَا يُصْبِحَنَّ بَعْدَ ثَالِثَةٍ وَّفِيْ بَيْتِهٖ مِنْهُ شَيْءٌ فَلَمَّا كَانَ الْعَامُ

سلمہؓ بن اکوع سے روایت ہے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جو شخص قربانی کرے تین دن کے بعد اس کے گھر میں اس میں سے کوئی چیز نہ ہو جب آئندہ سال ہوا صحابہؓ نے عرض کی اے اللہ کے رسول ہم

besturdubooks.wordpress.com

الْمُقْبِلُ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَفْعَلُ كَمَا فَعَلْنَا الْعَامَ الْمَاضِيَ قَالَ كُلُوْا وَ اَطْعِمُوْا وَادَّخِرُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ الْعَامَ كَانَ بِالنَّاسِ جَهْدٌ فَاَرَدْتُّ اَنْ تُعِيْنُوْا فِيْهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

گذشتہ سال کی طرح کریں فرمایا کھاؤ کھلاؤ اور ذخیرہ کرو اس لئے کہ گذشتہ سال لوگوں میں محنت اور مشقت تھی میں نے ارادہ کیا کہ تم ان کی اس میں مدد کرو۔

(متفق علیہ)

۲۵۳۷ وَعَنْ نُبَيْشَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّا كُنَّا نَهَيْنَاكُمْ عَنْ لُحُوْمِهَا اَنْ تَاْكُلُوْا فَوْقَ ثَلٰثٍ لِكَيْ تَسَعَكُمْ جَاءَ اللّٰهُ بِالسَّعَةِ فَكُلُوْا وَادَّخِرُوْا وَاتَّجِرُوْا اَلَا وَاِنَّ هٰذِهِ الْاَيَّامَ اَيَّامُ اَكْلٍ وَّ شُرْبٍ وَّذِكْرِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

نبیشہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم نے تم کو اس بات سے منع کیا تھا کہ تین دن کے بعد قربانی کا گوشت کھاؤ تاکہ تم میں وسعت ہو جائے۔ اب اللہ تعالےٰ وسعت لے آیا ہے کھاؤ اور ذخیرہ کرو اور ثواب طلب کرو یہ دن کھانے پینے اور اللہ کا ذکر کرنے کے ہیں۔

(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

# بَابُ الْحَلْقِ

# سر منڈانے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۵۳۸ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلَقَ رَاْسَهٗ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَاُنَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ وَقَصَّرَ بَعْضُهُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اور آپ کے صحابہؓ میں سے اکثر نے حجۃ الوداع میں اپنا سر منڈایا اور بعض صحابہؓ نے اپنے بال کٹوائے۔

(متفق علیہ)

۲۵۳۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ لِيْ مُعَاوِيَةُ اَنِّيْ قَصَّرْتُ مِنْ رَّاْسِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْمَرْوَةِ بِمِشْقَصٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا حضرت معاویہؓ نے مجھ سے کہا کہ مروہ کے پاس پیکان تیر کے ساتھ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بال کاٹے۔

(متفق علیہ)

۲۵۴۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں سر منڈانے والوں کے لئے

besturdubooks.wordpress.com

اَللّٰهُمَّ ارْحَمِ الْمُحَلِّقِيْنَ قَالُوْا وَالْمُقَصِّرِيْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اللّٰهُمَّ ارْحَمِ الْمُحَلِّقِيْنَ قَالُوْا وَالْمُقَصِّرِيْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَالْمُقَصِّرِيْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

دعا کی اور فرمایا اے اللہ سر منڈانے والوں پر رحم فرما۔ صحابہؓ نے کہا اور بال کٹوانے والوں کے لئے بھی دعا کیجئے فرمایا اے اللہ سر منڈانے والوں پر رحم فرما انہوں نے کہا بال کٹانے والوں کے لئے بھی دعا کیجئے فرمایا بال کٹانیوالوں پر بھی رحم فرما۔ (متفق علیہ)

۲۵۳۱ وَعَنْ يَحْيَى بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ جَدَّتِهٖ اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ دَعَا لِلْمُحَلِّقِيْنَ ثَلٰثًا وَّلِلْمُقَصِّرِيْنَ مَرَّةً وَّاحِدَةً۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

یحییٰ بن حصینؓ اپنی دادی سے روایت کرتے ہیں کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر منڈانے والوں کیلئے تین بار دعا کی اور بال کٹانے والوں کے لئے ایک بار دعا کی۔

روایت کیا اس کو مسلم نے۔

۲۵۳۲ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى مِنًى فَاَتَى الْجَمْرَةَ فَرَمَاهَا ثُمَّ اَتٰى مَنْزِلَهٗ بِمِنًى وَّنَحَرَ نُسُكَهٗ ثُمَّ دَعَا بِالْحَلَّاقِ وَنَاوَلَ الْحَالِقَ شِقَّهُ الْاَيْمَنَ فَحَلَقَهٗ ثُمَّ دَعَا اَبَا طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيَّ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ ثُمَّ نَاوَلَهُ الشِّقَّ الْاَيْسَرَ فَقَالَ اِحْلِقْ فَحَلَقَهٗ فَاَعْطَاهُ اَبَا طَلْحَةَ فَقَالَ اقْسِمْهُ بَيْنَ النَّاسِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انسؓ سے روایت ہے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم منیٰ آئے اور جمرہ کے پاس آئے اس پر کنکر مارے پھر منیٰ میں اپنے مکان میں آئے اپنی ہدی ذبح کیں۔ پھر سر مونڈنے والے کو بلایا، اپنے سر کا دایاں حصہ آگے کیا اس نے دائیں حصہ کو مونڈا پھر ابو طلحہ انصاری کو بلایا اس کو وہ بال دے دیئے پھر بایاں حصہ آگے کیا فرمایا اس کو مونڈ دو، اس نے بائیں حصہ کو مونڈا وہ بال بھی ابو طلحہ کو دے دیئے اور فرمایا اس کو لوگوں میں تقسیم کر دو۔

(متفق علیہ)

۲۵۳۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اُطَيِّبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ يُّحْرِمَ وَيَوْمَ النَّحْرِ قَبْلَ اَنْ يَّطُوْفَ بِالْبَيْتِ بِطِيْبٍ فِيْهِ مِسْكٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عائشہؓ سے روایت ہے کہا میں احرام باندھنے سے پہلے اور قربانی کے دن بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو لگایا کرتی تھی اس میں کستوری ہوتی۔

(متفق علیہ)

۲۵۳۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَاضَ يَوْمَ

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نحر کے دن طواف افاضہ کیا پھر واپس لوٹے اور منیٰ میں ظہر

besturdubooks.wordpress.com

يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ رَجَعَ فَصَلَّى الظُّهْرَ بِمِنًى (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کی نماز پڑھی۔
(روایت کیا اس کو مسلم نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

۲۵۳۵/۸ عَنْ عَلِيٍّ وَّعَائِشَةَ قَالَا نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَحْلِقَ الْمَرْاَةُ رَاْسَهَا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

## دُوسری فصل

علیؓ اور عائشہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے کہ عورت اپنا سر منڈائے۔
(روایت کیا اس کو ترمذی نے)

۲۵۳۶/۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى النِّسَاءِ الْحَلْقُ اِنَّمَا عَلَى النِّسَاءِ التَّقْصِيْرُ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ۔ وَهٰذَا الْبَابُ خَالٍ عَنِ الْفَصْلِ الثَّالِثِ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورتوں پر سر منڈانا لازم نہیں ہے عورتوں پر بالوں کا کٹانا ہے۔
(روایت کیا اس کو ابوداؤد اور دارمی نے) اور یہ باب تیسری فصل سے خالی ہے۔

# بَابُ

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۲۵۳۷/۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِمِنًى لِلنَّاسِ يَسْاَلُوْنَهٗ فَجَاءَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ لَمْ اَشْعُرْ فَحَلَقْتُ قَبْلَ اَنْ اَذْبَحَ فَقَالَ اذْبَحْ وَلَا حَرَجَ فَجَاءَ اٰخَرُ فَقَالَ لَمْ اَشْعُرْ فَنَحَرْتُ قَبْلَ اَنْ اَرْمِيَ فَقَالَ ارْمِ وَلَا حَرَجَ فَمَا سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَيْءٍ قُدِّمَ وَلَا اُخِّرَ اِلَّا قَالَ افْعَلْ وَلَا حَرَجَ مُتَّفَقٌ

# باب

## پہلی فصل

عبداللہؓ بن عمرو بن عاص سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع میں لوگوں کے لئے منیٰ میں کھڑے ہوئے لوگ آپؐ سے سوال کرتے تھے ایک آدمی آیا اس نے کہا مجھے پتہ نہ چل سکا میں نے ذبح کرنے سے پہلے سر منڈا لیا ہے آپؐ نے فرمایا ذبح کر کوئی حرج نہیں ہے ایک دوسرا آدمی آیا اس نے کہا میں نہ جان سکا میں نے کنکریاں مارنے سے پہلے قربانی کر لی ہے آپؐ نے فرمایا اب کنکریاں مار اور کوئی گناہ نہیں ہے اس روز آپؐ سے کسی چیز کے متعلق سوال نہیں کیا گیا جو پہلے کر لینی یا بعد میں آپؐ فرماتے کرلے اور کوئی حرج نہیں ہے (متفق علیہ) مسلم کی ایک روایت

besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ أَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ قَالَ ارْمِ وَلَا حَرَجَ وَأَتَاهُ آخَرُ فَقَالَ أَفَضْتُ إِلَى الْبَيْتِ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ قَالَ ارْمِ وَلَا حَرَجَ۔

میں ہے ایک آدمی آیا اس نے کہا میں نے کنکر مارنے سے پہلے سر منڈا لیا ہے آپؐ نے فرمایا اب کنکر مار لے اور کوئی حرج نہیں ہے ایک دوسرا آدمی آیا اس نے کہا کنکر مارنے سے پہلے میں نے طواف افاضہ کر لیا ہے فرمایا اب کنکر مار لے اور کوئی حرج نہیں۔

۲۵۳۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْئَلُ يَوْمَ النَّحْرِ بِمِنًى فَيَقُوْلُ لَا حَرَجَ فَسَأَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ رَمَيْتُ بَعْدَ مَا أَمْسَيْتُ فَقَالَ لَا حَرَجَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم قربانی کے دن منیٰ میں سوال کئے جاتے آپؐ فرماتے کوئی گناہ نہیں ہے ایک آدمی نے کہا میں نے شام ہونے کے بعد کنکر مارے ہیں آپؐ نے فرمایا کوئی گناہ نہیں ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۵۳۹ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ أَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ أَفَضْتُ قَبْلَ أَنْ أَحْلِقَ قَالَ احْلِقْ أَوْ قَصِّرْ وَلَا حَرَجَ وَجَاءَ آخَرُ فَقَالَ ذَبَحْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ قَالَ ارْمِ وَلَا حَرَجَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

علیؓ سے روایت ہے کہا ایک آدمی آیا اس نے کہا اے اللہ کے رسولؐ میں نے سر منڈانے سے پہلے طواف افاضہ کر لیا ہے فرمایا سر منڈا لے یا بال کٹوا لے اور کوئی گناہ نہیں ایک دوسرا آدمی آیا اس نے کہا میں نے کنکریاں مارنے سے پہلے قربانی ذبح کر لی ہے فرمایا کنکر مار کوئی گناہ نہیں ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۵۴۰ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجًّا فَكَانَ النَّاسُ يَأْتُوْنَهُ فَمِنْ قَائِلٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَعَيْتُ قَبْلَ أَنْ أَطُوْفَ أَوْ أَخَّرْتُ شَيْئًا أَوْ قَدَّمْتُ شَيْئًا فَكَانَ يَقُوْلُ لَا حَرَجَ إِلَّا عَلٰى رَجُلٍ اقْتَرَضَ عِرْضَ مُسْلِمٍ وَّهُوَ

اسامہؓ بن شریک سے روایت ہے کہا میں حج کرنے کے لئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلا لوگ آپؐ کے پاس آتے کوئی آکر کہتا اے اللہ کے رسولؐ میں نے طواف سے پہلے سعی کر لی ہے یا میں نے کوئی چیز پہلے کر لی ہے یا بعد میں کر لی ہے آپؐ فرماتے کوئی گناہ نہیں ہے لیکن جس شخص نے مسلمان آدمی کی آبروریزی کی اس نے گناہ کیا

besturdubooks.wordpress.com

ظَالِمٌ فَذَالِكَ الَّذِي حَرَجَ وَهَلَكَ۔
(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

اور وہ ہلاک ہوگیا۔
(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

# بَابُ خُطْبَةِ يَوْمِ النَّحْرِ وَرَمْيِ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ وَالتَّوْدِيعِ

# نحر کے دن خطبہ دینے ایام تشریق میں کنکریاں پھینکنے اور طواف وداع کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۵۴۱/۱ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ خَطَبَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ قَالَ إِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ثَلٰثٌ مُتَوَالِيَاتٌ ذُو الْقَعْدَةِ وَذُو الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِي بَيْنَ جُمَادٰى وَشَعْبَانَ وَقَالَ أَيُّ شَهْرٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ فَقَالَ أَلَيْسَ ذَا الْحِجَّةِ قُلْنَا بَلٰى قَالَ أَيُّ بَلَدٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ قَالَ أَلَيْسَ الْبَلْدَةَ قُلْنَا بَلٰى قَالَ فَأَيُّ يَوْمٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ قَالَ أَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ قُلْنَا بَلٰى قَالَ فَإِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَ

ابوبکرہؓ سے روایت ہے کہا قربانی کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو خطبہ دیا فرمایا زمانہ اس حالت کی طرف گھوم چکا ہے جس روز اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا تھا سال بارہ مہینوں کا ہے ان میں چار مہینے حرمت والے ہیں تین پے در پے ہیں ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم چوتھا مہینہ مضر کا وہ رجب ہے جو جمادی اور شعبان کے درمیان ہے آپؐ نے فرمایا یہ کون سا مہینہ ہے ہم نے کہا اللہ اور اس کا رسولؐ خوب جانتا ہے آپؐ خاموش ہوگئے ہم نے خیال کیا شاید آپؐ کوئی اور نام لیں گے آپؐ نے فرمایا یہ ذوالحجہ نہیں ہے ہم نے کہا کیوں نہیں آپؐ نے فرمایا یہ کون سا شہر ہے ہم نے کہا اللہ اور اس کا رسولؐ خوب جانتا ہے آپؐ نے سکوت فرمایا یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا آپؐ اس کے نام کے علاوہ کوئی اور نام لیں گے آپؐ نے فرمایا کیا یہ بلدہ (مکہ) نہیں ہے ہم نے کہا کیوں نہیں آپؐ نے فرمایا یہ کون سا دن ہے ہم نے کہا اللہ اور اس کا رسولؐ خوب جانتا ہے آپؐ نے سکوت فرمایا ہم نے خیال کیا کہ شاید آپؐ اس کا کوئی اور نام لیں گے آپؐ نے فرمایا یہ نحر کا

besturdubooks.wordpress.com

أَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِي بَلَدِكُمْ هٰذَا فِي شَهْرِكُمْ هٰذَا وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْأَلُكُمْ عَنْ أَعْمَالِكُمْ أَلَا فَلَا تَرْجِعُوا بَعْدِي ضُلَّالًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ قَالُوا نَعَمْ قَالَ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ أَوْعَى مِنْ سَامِعٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

دن نہیں ہے ہم نے کہا کیوں نہیں فرمایا تمہارے خون تمہارے مال تمہاری عزتیں ایک دوسرے پر حرام ہیں جس طرح اس دن کی حرمت ہے اس شہر کی حرمت ہے اس مہینہ کی حرمت ہے تم اپنے رب کو ملوگے وہ تم سے تمہارے اعمال پوچھے گا خبردار میرے بعد گمراہ ہو کر ایک دوسرے کی گردنیں نہ کاٹنا۔ آگاہ رہو کیا میں نے پہنچا دیا صحابہؓ نے کہا ہاں فرمایا اے اللہ گواہ رہ حاضر غائب کو پہنچا دے بعض پہنچائے گئے سننے والے سے زیادہ یاد رکھتے ہیں۔ (متفق علیہ)

۲۵۴۲ وَعَنْ وَبَرَةَ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ مَتَى أَرْمِي الْجِمَارَ قَالَ إِذَا رَمَى إِمَامُكَ فَارْمِهِ فَأَعَدْتُ عَلَيْهِ الْمَسْأَلَةَ فَقَالَ كُنَّا نَتَحَيَّنُ فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ رَمَيْنَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

وبرہؓ سے روایت ہے کہا میں نے ابن عمرؓ سے سوال کیا میں جمروں کو کس وقت کنکر ماروں اس نے کہا جب تیرا امام مارے تو بھی مار میں نے اس سے دوبارہ یہی سوال کیا اس نے کہا ہم انتظار کرتے تھے جس وقت سورج ڈھلتا ہم کنکر مارتے۔ روایت کیا اس کو بخاری نے۔

۲۵۴۳ وَعَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ يَرْمِي جَمْرَةَ الدُّنْيَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ عَلَى إِثْرِ كُلِّ حَصَاةٍ ثُمَّ يَتَقَدَّمُ حَتّٰى يُسْهِلَ فَيَقُومُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ طَوِيلًا يَدْعُو وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ ثُمَّ يَرْمِي الْوُسْطٰى بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمٰى بِحَصَاةٍ ثُمَّ يَأْخُذُ ذَاتَ الشِّمَالِ فَيُسْهِلُ وَيَقُومُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ ثُمَّ يَدْعُو وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ وَيَقُومُ طَوِيلًا ثُمَّ يَرْمِي جَمْرَةَ ذَاتِ الْعَقَبَةِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِي بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ عِنْدَ كُلِّ حَصَاةٍ وَلَا يَقِفُ عِنْدَهَا ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيَقُولُ هٰكَذَا

سالمؒ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہا ابن عمرؓ نزدیک والے جمرہ کو سات کنکریاں مارتے ہر کنکری مارتے وقت اللہ اکبر کہتے پھر آگے بڑھتے یہاں تک کہ نرم زمین پر آجاتے قبلہ کی طرف منہ کرتے اور دیر تک کھڑے رہتے اپنے ہاتھ اٹھاتے دعا کرتے پھر درمیانی جمرہ کو سات کنکر مارتے جب کنکری مارتے اللہ اکبر کہتے پھر بائیں جانب چلتے اور نرم زمین میں پہنچ کر قبلہ کی طرف منہ کرکے پھر دعا کرتے اور ہاتھ اٹھاتے دیر تک کھڑے رہتے پھر بطن وادی سے جمرۃ ذات عقبہ کو سات کنکریاں مارتے ہر کنکری مارتے وقت اللہ اکبر کہتے اور اس کے پاس نہ ٹھہرتے پھر واپس آتے اور کہتے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے۔ آپ اس طرح کرتے تھے۔

besturdubooks.wordpress.com

رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

(روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۵۴۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اسْتَأْذَنَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّبِيْتَ بِمَكَّةَ لَيَالِيَ مِنًى مِّنْ اَجْلِ سِقَايَتِهٖ فَاَذِنَ لَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا عباسؓ بن عبدالمطلب نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے منیٰ کی راتوں میں مکہ قیام کرنے کی اجازت طلب کی کیونکہ سقایت (زمزم پلانا) ان کے ذمہ تھی آپ نے ان کو اجازت دے دی۔

(متفق علیہ)

۲۵۴۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ اِلَى السِّقَايَةِ فَاسْتَسْقٰى فَقَالَ الْعَبَّاسُ يَا فَضْلُ اذْهَبْ اِلٰى اُمِّكَ فَاْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَرَابٍ مِنْ عِنْدِهَا فَقَالَ اسْقِنِيْ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُمْ يَجْعَلُوْنَ اَيْدِيَهُمْ فِيْهِ قَالَ اسْقِنِيْ فَشَرِبَ مِنْهُ ثُمَّ اَتٰى زَمْزَمَ وَهُمْ يَسْقُوْنَ وَيَعْمَلُوْنَ فِيْهَا فَقَالَ اعْمَلُوْا فَاِنَّكُمْ عَلٰى عَمَلٍ صَالِحٍ ثُمَّ قَالَ لَوْلَا اَنْ تُغْلَبُوْا لَنَزَلْتُ حَتّٰى اَضَعَ الْحَبْلَ عَلٰى هٰذِهٖ وَاَشَارَ اِلٰى عَاتِقِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سبیل زمزم کے پاس آئے اور پانی مانگا عباسؓ نے کہا فضل جاؤ اپنی ماں کے پاس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پانی لاؤ آپ نے فرمایا مجھے پانی پلاؤ اس نے کہا اے اللہ کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم لوگ اپنے ہاتھ وغیرہ اس میں ڈال دیتے ہیں آپ نے فرمایا مجھ کو پانی پلاؤ آپ نے اس سے پانی پیا پھر زمزم کنوئیں کے پاس آئے دیکھا کہ لوگ پانی پلا رہے ہیں اور اس میں محنت کر رہے ہیں آپ نے فرمایا کام کئے جاؤ تم نیک کام کر رہے ہو پھر فرمایا اگر اس بات کا خوف نہ ہوتا کہ تم پر غلبہ کیا جائے گا میں اترتا اور اس پر رسی رکھتا یہ کہہ کر آپ نے کندھے کی طرف اشارہ کیا (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۵۴۶ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ ثُمَّ رَقَدَ رَقْدَةً بِالْمُحَصَّبِ ثُمَّ رَكِبَ اِلَى الْبَيْتِ فَطَافَ بِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انسؓ سے روایت ہے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نماز پڑھی پھر کچھ تھوڑا سا محصب میں سوئے پھر بیت اللہ کی طرف سوار ہوئے اور طواف کیا۔

(روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۵۴۷ وَعَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ

عبدالعزیزؒ بن رفیع سے روایت ہے کہا میں نے

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قُلْتُ أَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ عَقَلْتَهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ قَالَ بِمِنًى قَالَ فَأَيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ يَوْمَ النَّفْرِ قَالَ بِالْأَبْطَحِ ثُمَّ قَالَ افْعَلْ كَمَا يَفْعَلُ أُمَرَاؤُكَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انسؓ بن مالک سے پوچھا مجھے ایک ایسی بات بتلاؤ جو آپ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یاد رکھی ہو کہ آپؐ نے ترویہ کے دن ظہر کی نماز کہاں پڑھی تھی اُس نے کہا منیٰ میں میں نے کہا نفر کے دن عصر کی نماز آپ نے کہاں پڑھی تھی اُس نے کہا ابطح میں پھر کہا جس طرح تیرے امیر کریں اسی طرح تو کر۔ (متفق علیہ)

۲۵۴۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ نُزُولُ الْأَبْطَحِ لَيْسَ بِسُنَّةٍ إِنَّمَا نَزَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَنَّهُ كَانَ أَسْمَحَ لِخُرُوجِهِ إِذَا خَرَجَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عائشہؓ سے روایت ہے کہا ابطح میں اترنا آپ کی سنت نہیں ہے بلکہ آپؐ اس لئے وہاں اترے تھے کہ جس وقت آپؐ نکلیں آپؐ کے نکلنے کے لئے یہ بات بہت آسان تھی۔ (متفق علیہ)

۲۵۴۹ وَعَنْهَا قَالَتْ أَحْرَمْتُ مِنَ التَّنْعِيمِ بِعُمْرَةٍ فَدَخَلْتُ فَقَضَيْتُ عُمْرَتِي وَانْتَظَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْأَبْطَحِ حَتّٰى فَرَغْتُ فَأَمَرَ النَّاسَ بِالرَّحِيلِ فَخَرَجَ فَمَرَّ بِالْبَيْتِ فَطَافَ بِهِ قَبْلَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الْمَدِينَةِ هٰذَا الْحَدِيثُ مَا وَجَدْتُهُ بِرِوَايَةِ الشَّيْخَيْنِ بَلْ بِرِوَايَةِ أَبِي دَاوُدَ مَعَ اخْتِلَافٍ يَسِيرٍ فِي آخِرِهِ۔

اسی (عائشہؓ) سے روایت ہے کہا میں نے تنعیم سے عمرہ کا احرام باندھا میں مکہ میں داخل ہوئی میں نے عمرہ ادا کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ابطح میں میرا انتظار کر رہے تھے میں جس وقت فارغ ہوئی آپؐ نے لوگوں کو کوچ کرنے کا حکم دیا آپؐ نکلے اور صبح کی نماز سے پہلے بیت اللہ کا طواف کیا پھر مدینہ کی طرف نکلے (اس حدیث کو میں نے شیخین کی روایت سے نہیں پایا بلکہ ابو داؤد کی روایت میں معمولی اختلاف کے ساتھ یہ روایت موجود ہے)

۲۵۵۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّاسُ يَنْصَرِفُونَ فِي كُلِّ وَجْهٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْفِرَنَّ أَحَدٌ حَتّٰى يَكُونَ آخِرُ عَهْدِهِ

ابن عباسؓ سے روایت ہے لوگ حج سے فارغ ہو کر ہر طرف چل پڑتے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص نہ نکلے یہاں تک کہ اس کا آخر وقت خانہ کعبہ کے ساتھ ہو مگر آپؐ نے حیض والی عورت سے تخفیف کر

besturdubooks.wordpress.com

بِالْبَيْتِ إِلَّا أَنَّهُ خُفِّفَ عَنِ الْحَائِضِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

دی اور اس کو بغیر طواف کے رخصت ہو جانے کی اجازت دی۔ (متفق علیہ)

۲۵۵۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ حَاضَتْ صَفِيَّةُ لَيْلَةَ النَّفْرِ فَقَالَتْ مَا أُرَانِي إِلَّا حَابِسَتَكُمْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقْرَى حَلْقَى أَطَافَتْ يَوْمَ النَّحْرِ قِيلَ نَعَمْ قَالَ فَانْفِرِي۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عائشہؓ سے روایت ہے کہا نفر کی رات حضرت صفیہ حائضہ ہوگئیں اور کہنے لگیں میرا خیال ہے کہ میں تم کو جانے سے روکنے والی ہوں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ اس کو ہلاک اور زخمی کرے کیا اس نے قربانی کے دن طواف کر لیا تھا کہا گیا ہاں فرمایا پس چل۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دوسری فصل

۲۵۵۲ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْأَحْوَصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ أَيُّ يَوْمٍ هٰذَا قَالُوا يَوْمُ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ قَالَ فَإِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ بَيْنَكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِي بَلَدِكُمْ هٰذَا أَلَا لَا يَجْنِي جَانٍ عَلَى نَفْسِهِ أَلَا لَا يَجْنِي جَانٍ عَلَى وَلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ عَلَى وَالِدِهِ أَلَا وَإِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ أَيِسَ أَنْ يُعْبَدَ فِي بَلَدِكُمْ هٰذَا وَلٰكِنْ سَتَكُونُ لَهُ طَاعَةٌ فِيمَا تَحْتَقِرُونَ مِنْ أَعْمَالِكُمْ فَسَيَرْضٰى بِهِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهُ)

عمروؓ بن احوص سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ حجۃ الوداع میں فرما رہے تھے یہ کون سا دن ہے صحابہؓ نے کہا حج اکبر کا دن ہے آپ نے فرمایا تمہارے خون تمہارے اموال اور تمہاری آبروئیں ایک دوسرے پر حرام ہیں جس طرح اس دن کی حرمت ہے اس شہر کی حرمت ہے خبردار کوئی شخص اپنی جان پر ظلم نہ کرے باپ اپنے بیٹے پر ظلم نہ کرے بیٹا اپنے والد پر ظلم نہ کرے خبردار شیطان اس بات سے ناامید ہو چکا ہے کہ تمہارے اس شہر میں کبھی اس کی عبادت کی جائے گی لیکن ایسے عملوں میں اس کی اطاعت ہو گی جن کو تم حقیر سمجھتے ہو وہ اسی پر راضی ہو جائے گا (روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے اور ترمذی نے اور اس نے اس کو صحیح کہا ہے)

۲۵۵۳ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ عَمْرٍو الْمُزَنِيِّ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ بِمِنًى حِينَ ارْتَفَعَ

رافعؓ بن عمر مزنی سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو منیٰ میں دیکھا آپ اپنی سرخ خچر پر سوار ہو کر چاشت کے وقت لوگوں کو خطبہ دے

الضُّحٰی عَلٰی بَغْلَةٍ شَهْبَاءَ وَعَلِیٌّ یُعَبِّرُ عَنْهُ وَالنَّاسُ بَیْنَ قَائِمٍ وَّ قَاعِدٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

رہے ہیں حضرت علیؓ آپ کی طرف سے تعبیر کر رہے ہیں۔ بعض لوگ کھڑے تھے اور بعض بیٹھے ہوئے تھے (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۵۵۴ وَعَنْ عَائِشَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَخَّرَ طَوَافَ الزِّیَارَةِ یَوْمَ النَّحْرِ اِلَی اللَّیْلِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

عائشہؓ اور ابن عباسؓ سے روایت ہے بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نحر کے دن طواف زیارت کو رات تک مؤخر کیا (روایت کیا اس کو ترمذی ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۲۵۵۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمْ یَرْمُلْ فِی السَّبْعِ الَّذِیْ اَفَاضَ فِیْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے طواف زیارت کے سات چکروں میں رمل نہیں کیا۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۲۵۵۶ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَمٰی اَحَدُکُمْ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ فَقَدْ حَلَّ لَهٗ کُلُّ شَیْءٍ اِلَّا النِّسَاءَ۔ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَقَالَ اِسْنَادُهٗ ضَعِیْفٌ وَّفِیْ رِوَایَةِ اَحْمَدَ وَالنَّسَائِیِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا رَمَی الْجَمْرَةَ فَقَدْ حَلَّ لَهٗ کُلُّ شَیْءٍ اِلَّا النِّسَاءَ)

عائشہؓ سے روایت ہے کہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت تم میں سے کوئی جمرہ عقبیٰ کو کنکر مار لے اس پر عورتوں کے سوا ہر چیز حلال ہو گئی (روایت کیا اس کو شرح السنہ میں اور کہا اس کی سند ضعیف ہے) احمد اور نسائی کی ایک روایت میں ابن عباسؓ سے ہے آپ نے فرمایا جب جمرہ کو کنکریاں مار لے عورتوں کے سوا سب چیزیں اس کیلئے حلال ہو گئیں۔

۲۵۵۷ وَعَنْهَا قَالَتْ اَفَاضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اٰخِرِ یَوْمِهٖ حِیْنَ صَلَّی الظُّهْرَ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰی مِنًی فَمَکَثَ بِهَا لَیَالِیَ اَیَّامِ التَّشْرِیْقِ یَرْمِی الْجَمْرَةَ اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ کُلَّ جَمْرَةٍ بِسَبْعِ حَصَیَاتٍ یُکَبِّرُ مَعَ کُلِّ حَصَاةٍ وَّیَقِفُ عِنْدَ الْاُوْلٰی وَالثَّانِیَةِ فَیُطِیْلُ

اسی (عائشہؓ) سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نحر کے آخری دن جس وقت ظہر کی نماز پڑھی طواف زیارت کیا پھر آپ منیٰ واپس آ گئے وہاں ایام تشریق کی راتیں ٹھہرے جب سورج ڈھلتا جمرہ کو کنکریاں مارتے ہر جمرہ کو سات کنکریاں مارتے ہر کنکری مارتے وقت اللہ اکبر کہتے پہلے اور دوسرے جمرہ کے پاس ٹھہرتے اور لمبا قیام کرتے اور نہایت زاری کرتے

besturdubooks.wordpress.com



الْقِيَامَ وَيَتَضَرَّعُ وَيَرْمِي الثَّالِثَةَ فَلَا يَقِفُ عِنْدَهَا۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

تیسرے جمرہ کو کنکریاں مار کر اس کے پاس نہ ٹھہرتے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۵۵۸/۱۸ وَعَنْ أَبِي الْبَدَّاحِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرِعَاءِ الْإِبِلِ فِي الْبَيْتُوْتَةِ أَنْ يَرْمُوْا يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ يَجْمَعُوْا رَمْيَ يَوْمَيْنِ بَعْدَ يَوْمِ النَّحْرِ فَيَرْمُوْهُ فِي أَحَدِهِمَا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ)

ابوبداح بن عاصم بن عدی اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں رات بسر نہ کرنے کی اونٹوں کے چرواہوں کو اجازت دی ہے کہ وہ نحر کے دن کنکریاں مار لیں پھر نحر کے دن کے بعد دو دنوں کی کنکریاں ایک دن مار لیں (روایت کیا اس کو مالک ترمذی اور نسائی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث صحیح ہے)

# بَابُ مَا يَجْتَنِبُهُ الْمُحْرِمُ

# ممنوعاتِ احرام کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۵۵۹/۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ فَقَالَ لَا تَلْبَسُوا الْقَمِيْصَ وَلَا الْعَمَائِمَ وَلَا السَّرَاوِيْلَاتِ وَلَا الْبَرَانِسَ وَلَا الْخِفَافَ إِلَّا أَحَدٌ لَا يَجِدُ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ وَلَا تَلْبَسُوْا مِنَ الثِّيَابِ شَيْئًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ وَلَا وَرْسٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ الْبُخَارِيُّ فِي رِوَايَةٍ وَلَا تَنْتَقِبُ الْمَرْأَةُ الْمُحْرِمَةُ وَلَا تَلْبَسُ الْقُفَّازَيْنِ)

عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہا ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا محرم کون سے کپڑے پہنے فرمایا قمیض نہ پہنو پگڑیاں نہ باندھو نہ ہی شلواریں پہنو برانیاں نہ اوڑھو اور نہ ہی موزے پہنو مگر جس شخص کے پاس جوتی نہ ہو وہ موزے پہن لے اور ٹخنوں کے نیچے سے ان کو کاٹ ڈالے وہ کپڑے بھی نہ پہنو جن کو زعفران اور ورس لگی ہوئی ہو۔ (متفق علیہ) بخاری نے زیادہ کیا ہے کہ احرام والی عورت نقاب نہ اوڑھے اور نہ دستانے پہنے۔

۲۵۶۰/۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا میں نے رسول

besturdubooks.wordpress.com

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ وَهُوَ يَقُوْلُ اِذَا لَمْ يَجِدِ الْمُحْرِمُ نَعْلَيْنِ لَبِسَ خُفَّيْنِ وَاِذَا لَمْ يَجِدْ اِزَارًا لَبِسَ سَرَاوِيْلَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے جبکہ آپ خطبہ دے رہے تھے جب محرم جوتی نہ پائے موزے پہن لے اور جب تہبند نہ پائے پاجامہ پہن لے۔ (متفق علیہ)

۲۵۶۱ وَعَنْ يَعْلَى ابْنِ اُمَيَّةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِعِرَّانَةِ اِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ اَعْرَابِيٌّ عَلَيْهِ جُبَّةٌ وَّهُوَ مُتَضَمِّخٌ بِالْخَلُوْقِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَحْرَمْتُ بِالْعُمْرَةِ وَهٰذِهٖ عَلَيَّ فَقَالَ اَمَّا الطِّيْبُ الَّذِيْ بِكَ فَاغْسِلْهُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَّاَمَّا الْجُبَّةُ فَانْزِعْهَا ثُمَّ اصْنَعْ فِيْ عُمْرَتِكَ كَمَا تَصْنَعُ فِيْ حَجِّكَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

یعلیٰ بن امیہؓ سے روایت ہے کہا ہم جعرانہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے آپ کے پاس ایک اعرابی آیا اس نے کرتا پہنا ہوا تھا اور خلوق سے لتھڑا ہوا تھا اس نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں نے عمرہ کا احرام باندھا ہے اور یہ مجھ پر ہے آپ نے فرمایا تجھ پر جو خوشبو ہے اس کو تین مرتبہ دھو ڈال اور کرتا اتار دے پھر جس طرح تو حج میں کرتا ہے اسی طرح عمرہ میں کر۔ (متفق علیہ)

۲۵۶۲ وَعَنْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُنْكَحُ وَلَا يَخْطُبُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عثمانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا محرم نہ خود نکاح کرے نہ کسی دوسرے کا کرے نہ منگنی کرے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۵۶۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت میمونہؓ سے شادی کی جبکہ آپ محرم تھے۔ (متفق علیہ)

۲۵۶۴ وَعَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ ابْنِ اُخْتِ مَيْمُوْنَةَ عَنْ مَّيْمُوْنَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا وَهُوَ حَلَالٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ قَالَ الشَّيْخُ الْاِمَامُ مُحْيِي السُّنَّةِ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَالْاَكْثَرُوْنَ عَلٰى اَنَّهٗ تَزَوَّجَهَا حَلَالًا وَّظَهَرَ اَمْرُ تَزْوِيْجِهَا وَهُوَ مُحْرِمٌ ثُمَّ بَنٰى بِهَا وَهُوَ

یزیدؓ بن اصم جو میمونہؓ کا بھانجہ ہے میمونہؓ سے روایت کرتا ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے شادی کی جبکہ وہ حلال تھے (روایت کیا اس کو مسلم نے) شیخ امام محی السنہ رحمہ اللہ نے کہا اکثر علماء کا کہنا ہے کہ آپ نے جب میمونہؓ سے شادی کی آپ حلال تھے لیکن شادی کا معاملہ اس وقت ظاہر ہوا جبکہ آپ محرم تھے پھر اس سے ہم بستر ہوئے جبکہ آپ

besturdubooks.wordpress.com

حَلَالٌ بِسَرِفَ فِي طَرِيقِ مَكَّةَ۔

بغیر احرام کے تھے کہ کے راستہ میں سرف مقام پر۔ (متفق علیہ)

۲۵۶۵ وَعَنْ أَبِي أَيُّوبَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْسِلُ رَأْسَهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابو ایوبؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم احرام کی حالت میں اپنے سر کو دھو لیتے تھے۔ (متفق علیہ)

۲۵۶۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ احْتَجَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام کی حالت میں سینگی لگوائی (متفق علیہ)

۲۵۶۷ وَعَنْ عُثْمَانَ حَدَّثَتْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّجُلِ إِذَا اشْتَكَى عَيْنَيْهِ وَهُوَ مُحْرِمٌ ضَمَّدَهُمَا بِالصَّبِرِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عثمانؓ سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا جب آدمی کی آنکھیں دکھیں اور وہ محرم ہو ان کو ایلوے کے ساتھ لیپ کریں۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۵۶۸ وَعَنْ أُمِّ الْحُصَيْنِ قَالَتْ رَأَيْتُ أُسَامَةَ وَبِلَالًا وَأَحَدُهُمَا آخِذٌ بِخِطَامِ نَاقَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْآخَرُ رَافِعٌ ثَوْبَهُ يَسْتُرُهُ مِنَ الْحَرِّ حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ام الحصینؓ سے روایت ہے کہا میں نے اسامہ اور بلال کو دیکھا ان میں سے ایک نے رسول اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کی نکیل پکڑی ہوتی ہے اور دوسرے نے کپڑا اٹھایا ہوا ہے گرمی سے بچنے کی خاطر آپؐ پر سایہ کیا ہوا ہے یہاں تک کہ آپؐ نے جمرہ عقبہ کو کنکریاں ماریں۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۵۶۹ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهِ وَهُوَ بِالْحُدَيْبِيَةِ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ مَكَّةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ وَهُوَ يُوقِدُ تَحْتَ قِدْرٍ وَالْقُمَّلُ تَنَاثَرُ عَلَى وَجْهِهِ فَقَالَ أَتُؤْذِيكَ هَوَامُّكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاحْلِقْ رَأْسَكَ وَأَطْعِمْ فَرَقًا بَيْنَ سِتَّةِ مَسَاكِينَ وَالْفَرَقُ ثَلَاثَةُ آصُعٍ أَوْ صُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ أَوِ انْسُكْ نَسِيكَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کعبؓ بن عجرہ سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُس کے پاس سے گذرے جبکہ وہ حدیبیہ میں تھا مکہ میں داخل ہونے سے پہلے وہ محرم تھا اور ہنڈیا کے نیچے آگ جلا رہا تھا اور جوئیں اس کے چہرہ پر گر رہی تھیں آپؐ نے فرمایا تیری جوئیں تجھ کو ایذائیں دے رہی ہیں اس نے کہا ہاں فرمایا اپنا سر منڈا لے اور چھ مسکینوں کو ایک فرق کھانا کھلا فرق ایک پیمانہ ہے جو تین صاع کا ہے یا تین روزے رکھ لے یا ایک جانور ذبح کر۔ (متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

## اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۲۵۷۱/۱۲ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَنْهَی النِّسَآءَ فِیْ اِحْرَامِهِنَّ عَنِ الْقُفَّازَیْنِ وَالنِّقَابِ وَمَا مَسَّ الْوَرْسُ وَالزَّعْفَرَانُ مِنَ الثِّیَابِ وَلْتَلْبَسْ بَعْدَ ذٰلِكَ مَا اَحَبَّتْ مِنْ اَلْوَانِ الثِّیَابِ مُعَصْفَرًا اَوْ خَزًّا اَوْ حُلِیًّا اَوْ سَرَاوِیْلَ اَوْ قَمِیْصًا اَوْ خُفًّا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

۲۵۷۱/۱۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ الرُّكْبَانُ یَمُرُّوْنَ بِنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُحْرِمَاتٌ فَاِذَا جَازُوْا بِنَا سَدَلَتْ اِحْدٰنَا جِلْبَابَهَا مِنْ رَّاْسِهَا عَلٰی وَجْهِهَا فَاِذَا جَاوَزُوْنَا كَشَفْنَاهُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَلِابْنِ مَاجَةَ مَعْنَاهُ)

۲۵۷۲/۱۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یَدَّهِنُ بِالزَّیْتِ وَهُوَ مُحْرِمٌ غَیْرِ الْمُقَتَّتِ یَعْنِیْ غَیْرَ الْمُطَیَّبِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۲۵۷۳/۱۵ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ وَجَدَ الْقَرَّ فَقَالَ اَلْقِ عَلَیَّ ثَوْبًا یَا نَافِعُ فَاَلْقَیْتُ عَلَیْهِ بُرْنُسًا فَقَالَ تُلْقِیْ عَلَیَّ هٰذَا وَقَدْ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

## دوسری فصل

ابن عمرؓ سے روایت ہے اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ احرام کی حالت میں عورتوں کو دستانے پہننے اور نقاب ڈالنے سے منع کرتے تھے اور ایسے کپڑے پہننے سے منع کرتے تھے جن کو زعفران اور ورس لگی ہو اس کے بعد جس رنگ کے چاہے کپڑے پہن لے کسنبے رنگ کے یا خز ہو یا زیور یا پاجامہ یا قمیض یا موزے۔

روایت کیا اس کو ابوداؤد نے۔

عائشہؓ سے روایت ہے کہا قافلے ہمارے پاس سے گذرتے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ احرام باندھے ہوتیں جب قافلے ہمارے پاس سے گذرتے ہم میں سے ہر ایک اپنی چادر اپنے سر سے چہرہ پر ڈال لیتی جب وہ گذر جاتے ہم اپنے چہرے کھول دیتیں۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے اور ابن ماجہ کے لئے ہے اس کا معنیٰ۔

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم تیل لگایا کرتے تھے اور آپ محرم ہوتے اس میں خوشبو نہ ہوتی تھی۔

روایت کیا اس کو ترمذی نے۔

## تیسری فصل

نافعؓ سے روایت ہے کہا ابن عمرؓ کو ایک مرتبہ سردی لگی مجھے کہا مجھ پر کپڑا ڈالو میں نے ان پر بارانی ڈال دی فرمایا تو مجھ پر یہ ڈال رہا ہے جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ محرم اس کو نہ پہنے۔

besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّلْبَسَهُ الْمُحْرِمُ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۵۷۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكِ بْنِ بُحَيْنَةَ قَالَ اِحْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ بِلَحْيِ جَمَلٍ مِّنْ طَرِيْقِ مَكَّةَ فِيْ وَسَطِ رَاْسِهٖ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عبداللہؓ بن مالک بن بحینہ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مکہ کے راستہ میں لحی جمل مکان میں اپنے سر کے درمیان سینگی لگوائی اور آپ محرم تھے۔

(متفق علیہ)

۲۵۷۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اِحْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ عَلٰى ظَهْرِ الْقَدَمِ مِنْ وَّجَعٍ كَانَ بِهٖ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

انسؓ سے روایت ہے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پشت قدم پر تکلیف کی وجہ سے سینگی لگوائی آپ محرم تھے۔

(روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۵۷۶ وَعَنْ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ تَزَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ حَلَالٌ وَّبَنٰى بِهَا وَهُوَ حَلَالٌ وَّكُنْتُ اَنَا الرَّسُوْلَ بَيْنَهُمَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ)

ابورافعؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میمونہؓ سے شادی کی آپ حلال تھے اور اس سے ہمبستر ہوئے آپ حلال تھے میں ان کے درمیان قاصد تھا (روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے)

## بَابُ الْمُحْرِمِ يَجْتَنِبُ الصَّيْدَ

## محرم کو شکار کرنے کی ممانعت کا بیان

### اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

### پہلی فصل

۲۵۷۷ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ اَنَّهٗ اَهْدٰى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِمَارًا وَّحْشِيًّا وَّهُوَ بِالْاَبْوَاءِ اَوْ بِوَدَّانَ فَرَدَّهٗ عَلَيْهِ فَلَمَّا رَاٰى مَا فِيْ وَجْهِهٖ قَالَ اِنَّا لَمْ نَرُدَّهٗ عَلَيْكَ اِلَّا اَنَّا حُرُمٌ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صعبؓ بن جثامہ سے روایت ہے اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گورخر بطور ہدیہ کے پیش کیا آپ اس وقت ابواء یا ودّان میں تھے آپ نے اس کو واپس لوٹا دیا جب اس کے چہرہ پر ناراضگی کے آثار دیکھے فرمایا ہم نے اس لئے لوٹا دیا ہے کہ ہم محرم ہیں۔

(متفق علیہ)

besturdubooks.wordpress.com

۲۵۷۸ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّہٗ خَرَجَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَتَخَلَّفَ مَعَ بَعْضِ اَصْحَابِہٖ وَھُمْ مُحْرِمُوْنَ وَ ھُوَ غَیْرُ مُحْرِمٍ فَرَاَوْا حِمَارًا وَّحْشِیًّا قَبْلَ اَنْ یَّرَاہُ فَلَمَّا رَاَوْہُ تَرَکُوْہُ حَتّٰی رَاٰہُ اَبُوْ قَتَادَۃَ فَرَکِبَ فَرَسًا لَّہٗ فَسَاَلَھُمْ اَنْ یُّنَاوِلُوْہُ سَوْطَہٗ فَاَبَوْا فَنَاوَلَہٗ فَحَمَلَ عَلَیْہِ فَعَقَرَہٗ ثُمَّ اَکَلَ فَاَکَلُوْا فَنَدِمُوْا فَلَمَّا اَدْرَکُوْا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَاَلُوْہُ قَالَ ھَلْ مَعَکُمْ مِّنْہُ شَیْءٌ قَالُوْا مَعَنَا رِجْلُہٗ فَاَخَذَھَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَکَلَھَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَّھُمَا فَلَمَّا اَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَمِنْکُمْ اَحَدٌ اَمَرَہٗ اَنْ یَّحْمِلَ عَلَیْھَا اَوْ اَشَارَ اِلَیْھَا قَالُوْا لَا قَالَ فَکُلُوْا مَا بَقِیَ مِنْ لَحْمِھَا۔

ابو قتادہؓ سے روایت ہے کہا وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلا پس وہ اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ پیچھے رہ گیا وہ محرم تھے اور ابو قتادہ غیر محرم تھا انہوں نے ایک گورخر دیکھا اس سے پہلے کہ وہ اُسے دیکھے جب انہوں نے اُسے دیکھا اس کو چھوڑا یہاں تک کہ ابو قتادہ نے اس کو دیکھ لیا وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہوا ان سے کہا مجھے کوڑا پکڑاؤ انہوں نے انکار کر دیا اس نے خود کوڑا پکڑا اس پر حملہ کر دیا اس کو زخمی کر دیا پھر اس نے کھایا اور اس کے ساتھیوں نے بھی کھایا پھر وہ اس پر نادم ہوئے جب وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ملے آپ سے انہوں نے پوچھا آپ نے فرمایا تمہارے پاس اس سے کچھ ہے انہوں نے کہا اس کا پاؤں ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسے پکڑا اور اس کو کھایا (متفق علیہ) ان دونوں کی ایک روایت میں ہے جب وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے آپ نے فرمایا تم میں سے کسی نے اس پر حملہ کرنے کا حکم کیا تھا یا کسی نے اس کی طرف اشارہ کیا تھا انہوں نے کہا نہیں آپ نے فرمایا اس کا باقی گوشت کھاؤ۔

۲۵۷۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسٌ لَّا جُنَاحَ عَلٰی مَنْ قَتَلَھُنَّ فِی الْحَرَمِ وَالْاِحْرَامِ الْفَارَۃُ وَالْغُرَابُ وَالْحِدَاَۃُ وَالْعَقْرَبُ وَالْکَلْبُ الْعَقُوْرُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ابن عمرؓ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں پانچ جانور ہیں ان کو احرام اور حرم میں جو مار ڈالے اس پر کوئی گناہ نہیں ہے وہ یہ ہیں چوہا۔ کوّا۔ چیل۔ بچھو اور باؤلا کتا۔ (متفق علیہ)

۲۵۸۰ وَعَنْ عَائِشَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسٌ فَوَاسِقُ یُقْتَلْنَ فِی الْحِلِّ وَالْحَرَمِ الْحَیَّۃُ وَ

عائشہؓ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں آپ نے فرمایا پانچ موذی جانور ہیں ان کو حل و حرم میں مارا جائے سانپ البتہ کوّا

besturdubooks.wordpress.com



الْغُرَابُ الْاَبْقَعُ وَالْفَارَةُ وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ وَالْحُدَيَّا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

چوہا۔ باؤلا کتا اور چیل۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۵۸۱ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَحْمُ الصَّيْدِ لَكُمْ فِي الْاِحْرَامِ حَلَالٌ مَّا لَمْ تَصِيْدُوْهُ اَوْ يُصَادَ لَكُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

جابرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا احرام میں شکار کا گوشت تمہارے لئے حلال ہے جب تک کہ تم اس کو شکار نہ کر دیا تمہارے لئے شکار نہ کیا جائے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد، ترمذی اور نسائی نے)

۲۵۸۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجَرَادُ مِنْ صَيْدِ الْبَحْرِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

ابوہریرہؓ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا ٹڈی دریا کا شکار ہے (روایت کیا اس کو ابوداؤد اور ترمذی نے)

۲۵۸۳ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ السَّبُعَ الْعَادِيَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابوسعیدؓ خدری سے روایت ہے وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں محرم حملہ کرنے والے درندے کو قتل کر سکتا ہے۔ (روایت کیا اس کو ترمذی، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے)

۲۵۸۴ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَمَّارٍ قَالَ سَاَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الضَّبُعِ اَصَيْدٌ هِيَ فَقَالَ نَعَمْ فَقُلْتُ اَيُؤْكَلُ فَقَالَ نَعَمْ فَقُلْتُ سَمِعْتَهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالشَّافِعِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

عبدالرحمٰنؓ بن ابی عمارؓ سے روایت ہے کہا میں نے جابر بن عبداللہ سے بجو کے متعلق دریافت کیا کہ کیا وہ شکار ہے اس نے کہا ہاں میں نے کہا کیا اس کو کھایا جائے اس نے کہا ہاں میں نے کہا تو نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے اس نے کہا ہاں۔ (روایت کیا اس کو ترمذی، نسائی اور شافعی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے)

۲۵۸۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّبُعِ

جابرؓ سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بجو کے متعلق دریافت کیا فرمایا وہ

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ هُوَ صَيْدٌ وَّيَجْعَلُ فِيْهِ كَبْشًا إِذَا أَصَابَهُ الْمُحْرِمُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

شکار ہے اور محرم اگر اس کو مار ڈالے اس میں مینڈھا دیوے۔

(روایت کیا اس کو ابوداؤد، ابن ماجہ اور دارمی نے)

۲۵۸۶ وَعَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ جَزِيٍّ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَكْلِ الضَّبُعِ قَالَ أَوَيَأْكُلُ الضَّبُعَ أَحَدٌ وَّسَأَلْتُهُ عَنْ أَكْلِ الذِّئْبِ قَالَ أَوَيَأْكُلُ الذِّئْبَ أَحَدٌ فِيْهِ خَيْرٌ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ)

خزیمہؓ بن جزی سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بجو کے کھانے کے متعلق دریافت کیا آپ نے فرمایا بجو کو بھی کوئی کھاتا ہے اور میں نے آپ سے بھیڑیئے کے کھانے کے متعلق دریافت کیا آپ نے فرمایا بھیڑیئے کو کوئی کھاتا ہے جس میں بھلائی ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور اس نے کہا اس کی سند قوی نہیں ہے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۵۸۷ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ قَالَ كُنَّا مَعَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَنَحْنُ حُرُمٌ فَأُهْدِيَ لَهُ طَيْرٌ وَّطَلْحَةُ رَاقِدٌ فَمِنَّا مَنْ أَكَلَ وَمِنَّا مَنْ تَوَرَّعَ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ طَلْحَةُ وَافَقَ مَنْ أَكَلَهُ قَالَ فَأَكَلْنَاهُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عبدالرحمٰنؓ بن عثمان تیمی سے روایت ہے اس نے کہا ہم طلحہ بن عبیداللہ کے ساتھ تھے اور ہم نے احرام باندھا ہوا تھا ایک پرندہ جانور کا اس کے لئے تحفہ بھیجا گیا طلحہ سوئے ہوئے تھے ہم میں سے بعض نے کھا لیا اور بعض نے پرہیز کیا جب طلحہ بیدار ہوئے انہوں نے اس کی موافقت کی جس نے کھایا تھا اور کہا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھایا ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

# بَابُ الْإِحْصَارِ وَفَوْتِ الْحَجِّ

# محرم کے روکے جانے اور حج کے فوت ہونے کا بیان

## اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۵۸۸ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدْ أُحْصِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَلَقَ

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو روک دیا گیا آپ نے اپنا سر منڈوایا اپنی عورتوں

besturdubooks.wordpress.com



رَأْسَهٗ وَجَامَعَ نِسَاءَهٗ وَنَحَرَ هَدْيَهٗ حَتّٰى اعْتَمَرَ عَامًا قَابِلًا۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سے صحبت کی اپنی ہدی کو ذبح کر دیا یہاں تک کہ آئندہ سال آپؐ نے عمرہ ادا کیا۔
(روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۵۸۹/۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ دُوْنَ الْبَيْتِ فَنَحَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدَايَاهُ فَحَلَقَ وَقَصَّرَ أَصْحَابُهٗ
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہا ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے قریش کے کافر بیت اللہ کے درے حائل ہو گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قربانی کے جانور ذبح کر دیئے سر منڈوایا اور آپؐ کے صحابہؓ نے بال کٹوائے۔
(روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۵۹۰/۳ وَعَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحَرَ قَبْلَ أَنْ يَّحْلِقَ وَأَمَرَ أَصْحَابَهٗ بِذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

مسورؓ بن مخرمہ سے روایت ہے کہا بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر منڈوانے سے پہلے قربانی کا جانور ذبح کیا اور صحابہ کو اس بات کا حکم دیا۔
(روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۵۹۱/۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهٗ قَالَ أَلَيْسَ حَسْبُكُمْ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ حُبِسَ أَحَدُكُمْ عَنِ الْحَجِّ طَافَ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حَلَّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى يَحُجَّ عَامًا قَابِلًا فَيُهْدِيَ أَوْ يَصُوْمَ إِنْ لَّمْ يَجِدْ هَدْيًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا تم کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت کافی نہیں ہے اگر تم میں سے کوئی حج سے روک دیا جائے بیت اللہ کا طواف کرے صفا مروہ کے درمیان سعی کرے پھر ہر چیز سے حلال ہو جائے یہاں تک کہ آئندہ سال حج کرے اور ہدی دے یا ہدی نہ پائے تو روزے رکھے
(روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۵۹۲/۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى ضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ فَقَالَ لَهَا لَعَلَّكِ أَرَدْتِّ الْحَجَّ قَالَتْ وَاللّٰهِ مَا أَجِدُنِيْ إِلَّا وَجِعَةً فَقَالَ لَهَا حُجِّيْ وَاشْتَرِطِيْ وَقُوْلِيْ اَللّٰهُمَّ مَحِلِّيْ حَيْثُ حَبَسْتَنِيْ۔

عائشہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضباعہؓ بنت زبیر پر داخل ہوئے اس کے لئے فرمایا شاید کہ تو نے حج کا ارادہ کیا ہے وہ کہنے لگی اللہ کی قسم میں اپنے آپ کو بیمار پاتی ہوں آپؐ نے فرمایا تو حج کر اور شرط لگا لے کہ اے اللہ جہاں تو مجھ کو روک لے گا میں وہیں احرام

besturdubooks.wordpress.com

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کھول دوں گی۔ (متفق علیہ)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دُوسری فصل

۲۵۹۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ اَصْحَابَهٗ اَنْ يُّبَدِّلُوا الْهَدْيَ الَّذِيْ نَحَرُوْا عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ عُمْرَةِ الْقَضَاءِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباسؓ سے روایت ہے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہؓ کو حکم دیا کہ عمرہ قضا میں اپنی قربانی کے جانور بدل لیں جو انہوں نے حدیبیہ کے سال ذبح کئے تھے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۵۹۴ وَعَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كُسِرَ اَوْ عَرِجَ فَقَدْ حَلَّ وَعَلَيْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَزَادَ اَبُوْدَاوٗدَ فِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى اَوْ مَرِضَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَفِي الْمَصَابِيْحِ ضَعِيْفٌ)

حجاج بن عمرو انصاری سے روایت ہے کہا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کی ہڈی ٹوٹ جائے یا لنگڑا ہو جائے وہ حلال ہو جائے اور آئندہ سال اس پر حج ہے (روایت کیا اس کو ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے ابوداؤد نے ایک روایت میں زیادہ بیان کیا یا بیمار پڑ جائے ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن ہے اور مصابیح میں ہے کہ ضعیف ہے)

۲۵۹۵ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمُرَ الدِّيْلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْحَجُّ عَرَفَةٌ مَنْ اَدْرَكَ عَرَفَةَ لَيْلَةَ الْجَمْعِ قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ فَقَدْ اَدْرَكَ الْحَجَّ اَيَّامُ مِنًى ثَلٰثَةٌ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ

عبدالرحمٰن بن یعمر دیلی سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا فرماتے تھے حج عرفہ ہے جس نے عرفات کو مزدلفہ کی رات طلوع فجر سے پہلے پالیا اس نے حج پالیا منیٰ کے ایام تین ہیں جو دو دنوں میں جلدی کرے اس پر کوئی گناہ نہیں اور جو تاخیر کرے اس پر کوئی گناہ نہیں۔ (روایت کیا اس کو ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے ترمذی نے کہا یہ حدیث

besturdubooks.wordpress.com

هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

حسن صحیح ہے)

# بَابُ حَرَمِ مَكَّةَ حَرَسَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى

# حرم مکہ کے بیان میں اللہ اسکی حفاظت فرمائے

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۵۹۶ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ لَا هِجْرَةَ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَّنِيَّةٌ وَاِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا وَقَالَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ اِنَّ هٰذَا الْبَلَدَ حَرَّمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَاِنَّهٗ لَمْ يَحِلَّ الْقِتَالُ فِيْهِ لِاَحَدٍ قَبْلِيْ وَلَمْ يَحِلَّ لِيْ اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ فَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا يُعْضَدُ شَوْكُهٗ وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهٗ وَلَا يَلْتَقِطُ لُقَطَتَهٗ اِلَّا مَنْ عَرَّفَهَا وَلَا يُخْتَلٰى خَلَاهَا فَقَالَ الْعَبَّاسُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا الْاِذْخِرَ فَاِنَّهٗ لِقَيْنِهِمْ وَلِبُيُوْتِهِمْ فَقَالَ اِلَّا الْاِذْخِرَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. وَفِيْ رِوَايَةٍ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ لَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا وَلَا يَلْتَقِطُ سَاقِطَتَهَا اِلَّا مُنْشِدٌ.

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن فرمایا اب ہجرت نہیں ہے لیکن جہاد اور نیت ہے جبوقت تم کو جہاد کے لئے بلایا جائے نکلو اور فتح مکہ کے دن فرمایا یہ ایسا شہر ہے اللہ تعالیٰ نے اسکو حرام کیا ہے جس روز سے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا قیامت کے دن تک وہ اللہ تعالیٰ کے حرام کرنے کی وجہ سے حرام ہے مجھ سے پہلے کسی شخص کے لئے اس میں لڑنا جائز نہیں تھا میرے لئے بھی دن کی ایک ساعت میں لڑنا حلال کیا گیا پس وہ اللہ تعالےٰ کے حرام کرنے کی وجہ سے قیامت کے دن تک حرام ہے اس کا خاردار درخت نہ کاٹا جائے اس کے شکار کو نہ بھگایا جائے اس کی گری ہوئی چیز نہ اٹھائی جائے مگر جو تعریف کرے اس کی گھاس نہ کاٹی جائے عباسؓ نے کہا اے اللہ کے رسولؐ مگر اذخر گھاس کی اجازت دیجئے وہ ہمارے لوہاروں اور گھروں کے لئے ہے آپ نے فرمایا مگر اذخر گھاس کی اجازت ہے متفق علیہ ابوہریرہؓ کی ایک روایت میں ہے اس کا درخت نہ کاٹا جائے اس کی گری ہوئی چیز نہ اٹھائی جائے مگر مشہور کرنے والے کے لئے۔

۲۵۹۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَحِلُّ لِاَحَدِكُمْ اَنْ يَّحْمِلَ بِمَكَّةَ السِّلَاحَ

جابرؓ سے روایت ہے کہا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے تم میں سے کسی شخص کے لئے جائز نہیں ہے کہ مکہ میں ہتھیار لے کر چلے۔

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

(روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۵۹۸ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَعَلٰى رَاْسِهِ الْمِغْفَرُ فَلَمَّا نَزَعَهُ جَآءَ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ ابْنَ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ اقْتُلُوْهُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انسؓ سے روایت ہے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے جس دن آپ نے اُسے فتح کیا آپ نے خود پہنا ہوا تھا جب آپ نے اس کو اتار دیا ایک آدمی آپ کے پاس آیا اور اس نے کہا ابن خطل کعبہ کے پردوں سے چمٹا ہوا ہے آپ نے فرمایا اس کو قتل کر دے۔ (متفق علیہ)

۲۵۹۹ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَآءُ بِغَيْرِ اِحْرَامٍ

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جابرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن مکہ میں داخل ہوئے آپ نے سیاہ پگڑی باندھی ہوئی تھی اور آپ بغیر احرام کے تھے۔ روایت کیا اس کو مسلم نے۔

۲۶۰۰ وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُوْ جَيْشٌ الْكَعْبَةَ فَاِذَا كَانُوْا بِبَيْدَآءَ مِنَ الْاَرْضِ يُخْسَفُ بِاَوَّلِهِمْ وَاٰخِرِهِمْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يُخْسَفُ بِاَوَّلِهِمْ وَاٰخِرِهِمْ وَفِيْهِمْ اَسْوَاقُهُمْ وَمَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ قَالَ يُخْسَفُ بِاَوَّلِهِمْ وَاٰخِرِهِمْ ثُمَّ يُبْعَثُوْنَ عَلٰى نِيَّاتِهِمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عائشہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک لشکر کعبہ پر چڑھائی کرے گا جب وہ زمین کے ایک میدان میں ہوں گے ان کو دھنسا دیا جائے گا اگلے پچھلے سب لوگوں کو میں نے کہا اے اللہ کے رسول اگلے پچھلے سب کے ساتھ وہ کیسے دھنسا دیا جائے گا جبکہ ان کے ساتھ ان کے بازاری ہوں گے اور ایسے لوگ بھی ہوں گے جو اُن میں سے نہیں ہیں فرمایا اول آخر کو دھنسا دیا جائے گا پھر اپنی اپنی نیت پر ان کو اٹھایا جائے گا۔ (متفق علیہ)

۲۶۰۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُوالسُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کعبہ کو دو چھوٹی چھوٹی پنڈلیوں والا شخص جو حبشہ سے ہوگا خراب کرے گا۔ (متفق علیہ)

۲۶۰۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَاَنِّيْ بِهٖ

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا گویا کہ میں ایک

besturdubooks.wordpress.com

أَسْوَدَ أَفْحَجَ يَقْلَعُهَا حَجَرًا حَجَرًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سیاہ رنگ کے پھٹے شخص کو دیکھ رہا ہوں جو کعبہ کے ایک ایک پتھر کو اکھاڑ رہا ہے (روایت کیا اس کو بخاری نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِي

## دُوسری فصل

۲۶۰۳/۳ عَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ احْتِكَارُ الطَّعَامِ فِي الْحَرَمِ إِلْحَادٌ فِيهِ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

یعلیٰ بن امیہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حرم میں غلہ کا بند کرنا الحاد اور کج روی ہے۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۶۰۴/۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَكَّةَ مَا أَطْيَبَكِ مِنْ بَلَدٍ وَأَحَبَّكِ إِلَيَّ وَلَوْلَا أَنَّ قَوْمِي أَخْرَجُونِي مِنْكِ مَا سَكَنْتُ غَيْرَكِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ غَرِيبٌ إِسْنَادًا)

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے مخاطب ہو کر فرمایا تو کس قدر عمدہ شہر ہے اور میری طرف کس قدر محبوب ہے اگر میری قوم مجھے تجھ سے نہ نکالتی تیرے سوا میں کسی اور جگہ سکونت اختیار نہ کرتا (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور اس نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اس کی سند ضعیف ہے)

۲۶۰۵/۱۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ حَمْرَاءَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا عَلَى الْحَزْوَرَةِ فَقَالَ وَاللّٰهِ إِنَّكِ لَخَيْرُ أَرْضِ اللّٰهِ وَأَحَبُّ أَرْضِ اللّٰهِ إِلَى اللّٰهِ وَلَوْلَا أَنِّي أُخْرِجْتُ مِنْكِ مَا خَرَجْتُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

عبداللہؓ بن عدی بن حمراء سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ حزورۃ پر کھڑے ہیں اور فرماتے ہیں اے مکہ اللہ کی قسم تو اللہ تعالیٰ کی بہترین زمین ہے اور اللہ کی زمین میں سے اللہ کی طرف زیادہ محبوب ہے اگر مجھ کو تجھ سے نکال نہ دیا جاتا میں نہ نکلتا۔ (روایت کیا اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۶۰۶/۱۱ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْعَدَوِيِّ أَنَّهُ قَالَ لِعَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ وَهُوَ يَبْعَثُ الْبُعُوثَ إِلَى مَكَّةَ ائْذَنْ لِي أَيُّهَا

ابوشریحؓ عدوی سے روایت ہے اس نے عمرو بن سعید سے کہا جبکہ وہ اپنے لشکر مکہ کی طرف روانہ کر رہا تھا اے امیر مجھے اجازت دیں کہ میں آپ کو ایک حدیث

الْاَمِيْرُ اُحَدِّثُكَ قَوْلًا قَامَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغَدَ مِنْ يَّوْمِ الْفَتْحِ سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِيْ وَاَبْصَرَتْهُ عَيْنَايَ حِيْنَ تَكَلَّمَ بِهٖ حَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ مَكَّةَ حَرَّمَهَا اللّٰهُ وَلَمْ يُحَرِّمْهَا النَّاسُ فَلَا يَحِلُّ لِاِمْرِئٍ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يَّسْفِكَ بِهَا دَمًا وَّلَا يَعْضِدَ بِهَا شَجَرَةً فَاِنْ اَحَدٌ تَرَخَّصَ بِقِتَالِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا فَقُوْلُوْا لَهٗ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَذِنَ لِرَسُوْلِهٖ وَلَمْ يَاْذَنْ لَّكُمْ وَاِنَّمَا اَذِنَ لِيْ فِيْهَا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ وَّقَدْ عَادَتْ حُرْمَتُهَا الْيَوْمَ كَحُرْمَتِهَا بِالْاَمْسِ وَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَقِيْلَ لِاَبِيْ شُرَيْحٍ مَّا قَالَ لَكَ عَمْرٌو قَالَ قَالَ اَنَا اَعْلَمُ بِذٰلِكَ مِنْكَ يَا اَبَا شُرَيْحٍ اِنَّ الْحَرَمَ لَا يُعِيْذُ عَاصِيًا وَّلَا فَارًّا بِدَمٍ وَّلَا فَارًّا بِخَرْبَةٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي الْبُخَارِيِّ الْخَرْبَةُ الْخِيَانَةُ۔

بیان کرتا ہوں فتح مکہ کے دوسرے روز نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور یہ بات کہی میرے کانوں نے اس کو سنا اور دل نے یاد رکھا اور میری آنکھوں نے دیکھا جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو فرمایا اللہ کی تعریف کی ثناء کہی پھر فرمایا اللہ تعالیٰ نے مکہ کو حرام کیا ہے لوگوں نے اس کو حرام نہیں کیا کسی شخص کے لئے جائز نہیں جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے کہ یہاں خون بہائے نہ یہاں کا درخت کاٹے اگر کوئی شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لڑنے کی وجہ سے اس بات کی رخصت پکڑے اس کو کہو اللہ نے اپنے رسولؐ کو اس کی اجازت دی تھی تمہارے لئے اجازت نہیں ہے مجھ کو بھی دن کی ایک ساعت میں اجازت دی گئی آج اس کی حرمت اسی طرح ہے جس طرح کل تھی حاضر غائب کو پہنچا دے ابو شریح سے کہا گیا پھر عمرو نے تجھے کیا جواب دیا اس نے کہا عمرو نے کہا مجھے اس بات کا تجھ سے زیادہ علم ہے اے ابو شریح لیکن حرم کسی مجرم کسی خون کے ساتھ بھاگے ہوئے اور نہ تقصیر کے ساتھ بھاگنے والے کو پناہ نہیں دیتا۔ (متفق علیہ) بخاری میں ہے خَرْبَۃ کا معنی خیانت ہے۔

۲۶۰۷/۱۲ وَعَنْ عَيَّاشِ بْنِ اَبِيْ رَبِيْعَةَ الْمَخْزُوْمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ هٰذِهِ الْاُمَّةُ بِخَيْرٍ مَّا عَظَّمُوْا هٰذِهِ الْحُرْمَةَ حَقَّ تَعْظِيْمِهَا فَاِذَا ضَيَّعُوْا ذٰلِكَ هَلَكُوْا

عیاش رضی اللہ عنہ بن ابی ربیعہ مخزومی سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ امت اس وقت تک بھلائی پر رہے گی جب تک کہ اس حرمت کی تعظیم کریں گے جس طرح اس کا حق ہے جب اس کو ضائع کر دیں گے ہلاک ہو جائیں گے۔

besturdubooks.wordpress.com

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

(روایت کیا اس کو ابن ماجہ نے)

# بَابُ حَرَمِ الْمَدِيْنَةِ حَرَسَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى

# حرم مدینہ کے بیان میں اللہ اسکی حفاظت فرمائے

## اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

## پہلی فصل

۲۶۰۸ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ مَا كَتَبْنَا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الْقُرْاٰنَ وَمَا فِيْ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَدِيْنَةُ حَرَامٌ مَّا بَيْنَ عَيْرٍ اِلٰى ثَوْرٍ فَمَنْ اَحْدَثَ فِيْهَا حَدَثًا اَوْ اٰوٰى مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ ذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَاحِدَةٌ يَّسْعٰى بِهَا اَدْنَاهُمْ فَمَنْ اَخْفَرَ مُسْلِمًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ وَّمَنْ وَّالٰى قَوْمًا بِغَيْرِ اِذْنِ مَوَالِيْهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُمَا مَنِ ادَّعٰى اِلٰى غَيْرِ اَبِيْهِ اَوْ تَوَلّٰى غَيْرَ مَوَالِيْهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ۔

علیؓ سے روایت ہے کہا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ نہیں لکھا مگر قرآن پاک اور چند ایک مسائل جو اس صحیفہ میں ہیں کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مدینہ عیر سے ثور تک حرام ہے جو شخص اس میں بدعت پیدا کرے یا بدعتی کو جگہ دے اس پر اللہ کی لعنت ہے فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہے اس سے فرض اور نفل کچھ قبول نہ کئے جائیں گے۔ مسلمانوں کا عہد ایک سا ہے جسے ایک ادنےٰ مسلمان طے کر سکتا ہے جو شخص کسی مسلمان کے عہد کو توڑے گا اس پر اللہ تعالیٰ کی فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے اس کا کوئی فرض و نفل قبول نہ ہوگا جو شخص اپنے مالکوں کے علاوہ کسی سے موالات کرلے اس پر اللہ فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے اس سے فرض اور نفل عبادت قبول نہ کی جائے گی (متفق علیہ) بخاری مسلم کی ایک روایت میں ہے جس نے اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف دعوے کیا یا اپنے مالکوں کے علاوہ کسی اور سے موالات کی اس پر اللہ تعالےٰ کی لعنت ہے سب فرشتوں کی اور سب لوگوں کی اس سے فرض اور نفل عبادت قبول نہ کی جائے گی۔

besturdubooks.wordpress.com

۲۶۱۰ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ اُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِيْنَةِ اَنْ يُّقْطَعَ عِضَاهُهَا اَوْ يُقْتَلَ صَيْدُهَا وَقَالَ الْمَدِيْنَةُ خَيْرٌ لَّهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ لَا يَدَعُهَا اَحَدٌ رَّغْبَةً عَنْهَا اِلَّا اَبْدَلَ اللّٰهُ فِيْهَا مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنْهُ وَلَا يَثْبُتُ اَحَدٌ عَلٰى لَاْوَائِهَا وَجُهْدِهَا اِلَّا كُنْتُ لَهٗ شَفِيْعًا اَوْ شَهِيْدًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سعدؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیان کو میں حرام کرتا ہوں اس کا خاردار درخت نہ کاٹا جائے اس کے شکار کو قتل نہ کیا جائے اور فرمایا مدینہ ان کے لئے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوں جو کوئی ایک اس سے بے رغبتی کرتے ہوئے اس کو چھوڑ دے گا اللہ تعالیٰ اس میں ایسے شخص کو بدل دے گا جو اس سے بہتر ہوگا اس کی سختی اور مشقت پر کوئی صبر نہیں کرے گا مگر میں اس کا سفارشی اور قیامت کے دن اس کا گواہ ہوں گا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۶۱۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَصْبِرُ عَلٰى لَاْوَاءِ الْمَدِيْنَةِ وَشِدَّتِهَا اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِيْ اِلَّا كُنْتُ لَهٗ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت میں سے کوئی مدینہ کی مشقتوں اور سختیوں پر صبر نہیں کرے گا مگر قیامت کے دن میں اس کا سفارشی ہوں گا (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۶۱۲ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّاسُ اِذَا رَاَوْا اَوَّلَ الثَّمَرَةِ جَآءُوْا بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا اَخَذَهٗ قَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا اَللّٰهُمَّ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ عَبْدُكَ وَخَلِيْلُكَ وَنَبِيُّكَ وَاِنِّيْ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ وَاِنَّهٗ دَعَاكَ لِمَكَّةَ وَاَنَا اَدْعُوْكَ لِلْمَدِيْنَةِ بِمِثْلِ مَا دَعَاكَ لِمَكَّةَ وَمِثْلِهٖ مَعَهٗ ثُمَّ قَالَ يَدْعُوْ اَصْغَرَ وَلِيْدٍ لَّهٗ فَيُعْطِيْهِ ذٰلِكَ الثَّمَرَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے کہا لوگ جس وقت نیا پھل دیکھتے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لاتے جب آپ اسے پکڑتے فرماتے اے اللہ ہمارے پھلوں میں برکت ڈال ہمارے شہر میں ہمارے لئے برکت ڈال ہمارے صاع اور مد میں ہمیں برکت دے اے اللہ ابراہیمؑ تیرا بندہ اور تیرا خلیل اور تیرا نبی تھا میں تیرا بندہ اور نبی ہوں اس نے تجھ سے مکہ کیلئے دعا کی تھی میں مدینہ کیلئے دعا کرتا ہوں جس طرح اس نے مکہ کے لئے دعا کی تھی اور اس کے ساتھ اس کی مثل اور پھر اپنے اہل بیت کے کسی چھوٹے بچے کو بلاتے اور وہ پھل اس کو دے دیتے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

besturdubooks.wordpress.com

۲۶۱۲ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اِبْرَاھِیْمَ حَرَّمَ مَکَّۃَ فَجَعَلَھَا حَرَامًا وَاِنِّیْ حَرَّمْتُ الْمَدِیْنَۃَ حَرَامًا مَّا بَیْنَ مَازِمَیْھَا اَنْ لَّا یُھْرَاقَ فِیْھَا دَمٌ وَّلَا یُحْمَلَ فِیْھَا سِلَاحٌ لِّقِتَالٍ وَّلَا تُخْبَطَ فِیْھَا شَجَرَۃٌ اِلَّا لِعَلَفٍ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ابو سعیدؓ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا ابراہیمؑ نے مکہ کو حرام کیا تھا میں مدینہ کو حرام کرتا ہوں اس کے دونوں کناروں کے درمیان کو اس میں خون نہ بہایا جائے نہ اس میں قتال کے لئے ہتھیار اٹھایا جائے نہ اس کے درختوں کے پتے جھاڑے جائیں مگر جانوروں کے کھانے کے لئے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۶۱۳ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ سَعْدًا رَکِبَ اِلٰی قَصْرِہٖ بِالْعَقِیْقِ فَوَجَدَ عَبْدًا یَّقْطَعُ شَجَرًا اَوْ یَخْبِطُہٗ فَسَلَبَہٗ فَلَمَّا رَجَعَ سَعْدٌ جَآءَہٗ اَھْلُ الْعَبْدِ فَکَلَّمُوْہُ اَنْ یَّرُدَّ عَلٰی غُلَامِھِمْ اَوْ عَلَیْھِمْ مَّا اَخَذَ مِنْ غُلَامِھِمْ فَقَالَ مَعَاذَ اللّٰہِ اَنْ اَرُدَّ شَیْئًا نَفَّلَنِیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبٰی اَنْ یَّرُدَّ عَلَیْھِمْ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

عامرؓ بن سعد سے روایت ہے کہا سعد سوار ہو کر عقیق میں اپنے محل کی طرف گئے ایک غلام کو دیکھا وہ درخت کاٹ رہا ہے یا پتے جھاڑ رہا ہے سعد نے اس کے کپڑے وغیرہ چھین لئے جب سعد واپس آیا غلام کے مالک اس کے پاس آئے اور کہا انہیں یا اُن کے غلام کو وہ دے دیا جائے جو اس سے لیا گیا ہے وہ کہنے لگا اللہ کی پناہ کہ میں کوئی چیز واپس کر دوں جو مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دلوائی ہے اور ان پر کوئی چیز لوٹانے سے انکار کر دیا۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۶۱۴ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَۃَ وُعِکَ اَبُوْبَکْرٍ وَّبِلَالٌ فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُہٗ فَقَالَ اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا الْمَدِیْنَۃَ کَحُبِّنَا مَکَّۃَ اَوْ اَشَدَّ وَصَحِّحْھَا وَبَارِکْ لَنَا فِیْ صَاعِھَا وَمُدِّھَا وَانْقُلْ حُمَّاھَا فَاجْعَلْھَا بِالْجُحْفَۃِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

عائشہؓ سے روایت ہے کہا جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے ابوبکرؓ اور بلالؓ کو بخار ہو گیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور آپ کو خبر دی آپ نے فرمایا اے اللہ مدینہ ہماری طرف محبوب بنا دے جیسے ہم کو مکہ محبوب ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ اس کی آب و ہوا درست کر دے ہمارے لئے اس کے صاع اور مد میں برکت ڈال دے اس کے بخار کو جحفہ کی طرف نکال دے۔ (متفق علیہ)

۲۶۱۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ فِیْ رُؤْیَا

عبداللہؓ بن عمر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب

besturdubooks.wordpress.com

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَدِيْنَةِ رَأَيْتُ امْرَأَةً سَوْدَاءَ ثَائِرَةَ الرَّأْسِ خَرَجَتْ مِنَ الْمَدِيْنَةِ حَتّٰى نَزَلَتْ مَهْيَعَةَ فَتَأَوَّلْتُهَا أَنَّ وَبَاءَ الْمَدِيْنَةِ نُقِلَ إِلٰى مَهْيَعَةَ وَهِيَ الْجُحْفَةُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

کے متعلق روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے دیکھا ایک سیاہ عورت پراگندہ سر والی مدینہ سے نکلی ہے مہیعہ میں اتری ہے میں نے اس کی تاویل کی کہ مدینہ کی وبا مہیعہ جحفہ منتقل ہو گئی ہے۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۶۱۶/۹ وَعَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يُفْتَحُ الْيَمَنُ فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّوْنَ فَيَتَحَمَّلُوْنَ بِأَهْلِيْهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ وَالْمَدِيْنَةُ خَيْرٌ لَّهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ وَيُفْتَحُ الشَّامُ فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّوْنَ فَيَتَحَمَّلُوْنَ بِأَهْلِيْهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ وَالْمَدِيْنَةُ خَيْرٌ لَّهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ وَيُفْتَحُ الْعِرَاقُ فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّوْنَ فَيَتَحَمَّلُوْنَ بِأَهْلِيْهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ وَالْمَدِيْنَةُ خَيْرٌ لَّهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سفیانؓ بن ابی زہیر سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے یمن فتح ہوگا ایک قوم آئے گی اپنے اہل و عیال اور تابعداروں کو لے کر مدینہ سے نکل جائے گی اور مدینہ ان کے لئے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوں شام فتح ہوگا ایک قوم آئے گی وہ اپنے اہل وعیال اور تابعداروں کو لے کر کوچ کر جائیں گے اور مدینہ ان کے لئے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوں عراق فتح ہوگا ایک قوم آئے گی اپنے اہل وعیال اور اپنے تابعداروں کو لے کر کوچ کر جائیں گے اور مدینہ بہتر ہے ان کے لئے اگر وہ جانتے ہوں۔ (متفق علیہ)

۲۶۱۷/۱۰ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ بِقَرْيَةٍ تَأْكُلُ الْقُرٰى يَقُوْلُوْنَ يَثْرِبُ وَهِيَ الْمَدِيْنَةُ تَنْفِي النَّاسَ كَمَا يَنْفِي الْكِيْرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے ایک ایسی بستی کی طرف ہجرت کرنے کا حکم دیا گیا ہے جو سب بستیوں کو کھا جائے گی لوگ اس کو یثرب کہتے ہیں اور وہ مدینہ ہے برے لوگوں کو اس طرح دور کر دیتی ہے جس طرح بھٹی لوہے کی میل کو دور کر دیتی ہے (متفق علیہ)

۲۶۱۸/۱۱ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

جابرؓ بن سمرہ سے روایت ہے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے اللہ

besturdubooks.wordpress.com

سَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى سَمَّى لِلْمَدِيْنَةِ طَابَةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تعالیٰ نے مدینہ کا نام طابہ رکھا ہے (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۶۱۹/۱۳ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ اَعْرَابِيًّا بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَصَابَ الْاَعْرَابِيَّ وَعْكٌ بِالْمَدِيْنَةِ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اَقِلْنِيْ بَيْعَتِيْ فَاَبٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ جَاءَهٗ فَقَالَ اَقِلْنِيْ بَيْعَتِيْ فَاَبٰى ثُمَّ جَاءَهٗ فَقَالَ اَقِلْنِيْ بَيْعَتِيْ فَاَبٰى فَخَرَجَ الْاَعْرَابِيُّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْمَدِيْنَةُ كَالْكِيْرِ تَنْفِيْ خَبَثَهَا وَتَنْصَعُ طِيْبَهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جابرؓ بن عبداللہ سے روایت ہے کہا ایک اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی مدینہ میں اس کو بخار ہو گیا وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا اے محمدؐ میری بیعت واپس کر دو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے انکار کر دیا پھر آیا اور کہا مجھ کو میری بیعت واپس کر دو آپ نے انکار کر دیا پھر آیا اور کہا میری بیعت واپس کر دو آپ نے انکار کر دیا وہ اعرابی بغیر اجازت نکل گیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مدینہ بھٹی کی طرح ہے اپنی میل دور کر دیتا ہے اور اچھے کو خالص کر دیتا ہے۔ (متفق علیہ)

۲۶۲۰/۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَنْفِيَ الْمَدِيْنَةُ شِرَارَهَا كَمَا يَنْفِي الْكِيْرُ خُبْثَ الْحَدِيْدِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت قائم نہ ہو گی یہاں تک کہ مدینہ اپنے بروں کو نکال دے گا جس طرح بھٹی لوہے کی میل کو دور کر دیتی ہے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

۲۶۲۱/۱۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَنْقَابِ الْمَدِيْنَةِ مَلَائِكَةٌ لَا يَدْخُلُهَا الطَّاعُوْنُ وَلَا الدَّجَّالُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (ابوہریرہؓ) سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مدینہ کے راستوں پر فرشتوں کا پہرہ ہے اس میں طاعون اور دجال داخل نہ ہو گا۔ (متفق علیہ)

۲۶۲۲/۱۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنْ بَلَدٍ اِلَّا سَيَطَاُهُ الدَّجَّالُ اِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةَ

انسؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شہر نہیں مگر دجال اس کو پامال کرے گا مگر مکہ اور مدینہ کہ اس کا کوئی

لَيْسَ نَقْبٌ مِّنْ اَنْقَابِهَا اِلَّا عَلَيْهِ الْمَلٰٓئِكَةُ صَافِّيْنَ يَحْرُسُوْنَهَا فَيَنْزِلُ السَّبَخَةَ فَتَرْجُفُ الْمَدِيْنَةُ بِاَهْلِهَا ثَلٰثَ رَجَفَاتٍ فَيَخْرُجُ اِلَيْهِ كُلُّ كَافِرٍ وَّمُنَافِقٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

راستہ نہیں مگر اس پر صف باندھے فرشتے ہیں جو اس کی نگہبانی کرتے ہیں وہ شور والی زمین میں اترے گا مدینہ اپنے رہنے والوں کے ساتھ ہلے گا تین مرتبہ ہر کافر اور منافق اس سے نکل جائے گا۔ (متفق علیہ)

۲۶۲۳/۱۶ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَكِيْدُ اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ اَحَدٌ اِلَّا انْمَاعَ كَمَا يَنْمَاعُ الْمِلْحُ فِي الْمَآءِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سعدؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مدینہ والوں کے ساتھ کوئی مکر نہیں کرے گا مگر گھل جائے گا جس طرح نمک پانی میں گھل جاتا ہے۔ (متفق علیہ)

۲۶۲۴/۱۷ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَنَظَرَ اِلٰى جُدُرَاتِ الْمَدِيْنَةِ اَوْضَعَ رَاحِلَتَهٗ وَاِنْ كَانَ عَلٰى دَآبَّةٍ حَرَّكَهَا مِنْ حُبِّهَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انسؓ سے روایت ہے کہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب سفر سے واپس تشریف لاتے مدینہ کی دیواروں کی طرف دیکھتے اپنی سواری کو تیز دوڑاتے اگر کسی دابہ پر ہوتے اس کو حرکت دیتے مدینہ کی محبت کی وجہ سے۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۶۲۵/۱۸ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَعَ لَهٗ اُحُدٌ فَقَالَ هٰذَا جَبَلٌ يُّحِبُّنَا وَنُحِبُّهٗ اَللّٰهُمَّ اِنَّ اِبْرَاهِيْمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَاِنِّيْ اُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسی (انسؓ) سے روایت ہے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اُحد کا پہاڑ ظاہر ہوا فرمایا یہ پہاڑ ہے جو ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں اے اللہ بے شک ابراہیمؑ نے مکہ کو حرام کیا تھا میں مدینہ کو حرام کرتا ہوں۔ (متفق علیہ)

۲۶۲۶/۱۹ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحُدٌ جَبَلٌ يُّحِبُّنَا وَنُحِبُّهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سہلؓ بن سعد سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُحد پہاڑ ہے وہ ہم سے محبت کرتا ہے ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔ (بخاری)

## اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

## دوسری فصل

۲۶۲۷/۲۰ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ رَاَيْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَخَذَ

سلیمانؓ بن ابی عبداللہ سے روایت ہے کہا میں نے سعد بن ابی وقاص کو دیکھا اس نے ایک

besturdubooks.wordpress.com



رَجُلًا يَّصِيْدُ فِيْ حَرَمِ الْمَدِيْنَةِ الَّذِيْ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَبَهٗ ثِيَابَهٗ فَجَآءَ مَوَالِيْهِ فَكَلَّمُوْهُ فِيْهِ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ هٰذَا الْحَرَمَ وَقَالَ مَنْ اَخَذَ اَحَدًا يَّصِيْدُ فِيْهِ فَلْيَسْلُبْهُ فَلَا اَرُدُّ عَلَيْكُمْ طُعْمَةً اَطْعَمَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنْ اِنْ شِئْتُمْ دَفَعْتُ اِلَيْكُمْ ثَمَنَهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

آدمی کو پکڑ لیا جو حرم مدینہ میں شکار کر رہا ہے جس کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حرام کیا ہے اس سے اس کے کپڑے چھین لئے اس کے مالک آئے اور اس کے متعلق اس سے کلام کی سعد نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حرام قرار دیا ہے اور فرمایا ہے جو کسی کو پکڑے اس میں شکار کر رہا ہو اس سے اس کے کپڑے وغیرہ چھین لے میں تم پر وہ بخشش نہ کروں گا جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو دلوائی ہے لیکن اگر تم چاہتے ہو میں تم کو اس کی قیمت دے دیتا ہوں (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۶۳۸/۲۱ وَعَنْ صَالِحٍ مَّوْلٰى لِسَعْدٍ اَنَّ سَعْدًا وَّجَدَ عَبِيْدًا مِّنْ عَبِيْدِ الْمَدِيْنَةِ يَقْطَعُوْنَ مِنْ شَجَرِ الْمَدِيْنَةِ فَاَخَذَ مَتَاعَهُمْ وَقَالَ يَعْنِيْ لِمَوَالِيْهِمْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى اَنْ يُّقْطَعَ مِنْ شَجَرِ الْمَدِيْنَةِ شَيْءٌ وَّقَالَ مَنْ قَطَعَ مِنْهُ شَيْئًا فَلِمَنْ اَخَذَهٗ سَلَبُهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

صالح مولیٰ سعد سے روایت ہے کہا سعد نے چند غلام دیکھے جو مدینہ کے غلاموں میں سے تھے مدینہ کا درخت کاٹ رہے ہیں اس نے ان کا سامان چھین لیا اور ان کے مالکوں سے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ منع کرتے تھے کہ مدینہ کے درخت کاٹے جائیں اور آپ نے فرمایا اس سے جو کوئی کاٹے جو اس کو پکڑ لے اس کے لئے اس کا سامان ہوگا۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے)

۲۶۳۹/۲۲ وَعَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ صَيْدَ وَجٍّ وَّعِضَاهَهٗ حَرَمٌ مُّحَرَّمٌ لِلّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ مُحْيِي السُّنَّةِ وَجٌّ ذَكَرُوْا اَنَّهَا مِنْ نَّاحِيَةِ الطَّآئِفِ وَقَالَ الْخَطَّابِيُّ اَنَّهٗ بَدَلَ اَنَّهَا)

زبیرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وج کا شکار اس کے خاردار درخت حرام ہیں اور اللہ تعالیٰ کے لئے حرام کئے گئے ہیں۔ (روایت کیا اس کو ابوداؤد نے) محی السنہ نے کہا علماء نے ذکر کیا ہے وج طائف کی طرف ایک جگہ ہے۔ خطابی نے اپنی روایت میں انہا کی بجائے انہ کہا ہے۔

۲۶۴۰/۲۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَطَاعَ

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اس بات کی طاقت رکھ سکے کہ وہ مدینہ

besturdubooks.wordpress.com

اَنْ يَّمُوْتَ بِالْمَدِيْنَةِ فَلْيَمُتْ بِهَا فَاِنِّيْ اَشْفَعُ لِمَنْ يَّمُوْتُ بِهَا (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ اِسْنَادًا)

میں مرے پس چاہیئے کہ وہ مدینہ میں مرے اس میں مرنے والوں کے لئے میں سفارش کروں گا (روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی نے اور اس نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اس کی سند غریب ہے)

۲۶۳۱/۲۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْرَبُ قَرْيَةٍ مِّنْ قُرَى الْاِسْلَامِ خَرَابًا الْمَدِيْنَةُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلامی بستیوں میں سب سے آخر میں جو بستی ویران ہوگی وہ مدینہ ہے (روایت کیا اس کو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے)

۲۶۳۲/۲۵ وَعَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اَوْحٰى اِلَيَّ اَيَّ هٰؤُلَاءِ الثَّلٰثَةِ نَزَلْتَ فَهِيَ دَارُ هِجْرَتِكَ الْمَدِيْنَةَ اَوِ الْبَحْرَيْنِ اَوْ قِنَّسْرِيْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

جریرؓ بن عبداللہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی کی ہے کہ ان تین جگہوں میں سے جہاں بھی اترے گا وہ تیرے لئے دار ہجرت ہے مدینہ، بحرین اور قنسرین (روایت کیا اس کو ترمذی نے)

## اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

## تیسری فصل

۲۶۳۳/۲۶ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ رُعْبُ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ لَهَا يَوْمَئِذٍ سَبْعَةُ اَبْوَابٍ عَلٰى كُلِّ بَابٍ مَلَكَانِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابوبکرہؓ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا مدینہ میں مسیح دجّال کا رعب داخل نہ ہوسکے گا اس روز اس کے سات دروازے ہوں گے ہر دروازہ پر دو فرشتے مقرر ہوں گے۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

۲۶۳۴/۲۷ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ بِالْمَدِيْنَةِ ضِعْفَيْ مَا جَعَلْتَ بِمَكَّةَ مِنَ الْبَرَكَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انسؓ سے روایت ہے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں فرمایا اے اللہ مکّہ میں جس قدر تو نے برکت ڈالی ہے مدینہ میں اس سے دگنی برکت کر۔ (متفق علیہ)

۲۶۳۵/۲۸ وَعَنْ رَّجُلٍ مِّنْ اٰلِ الْخَطَّابِ

آلِ خطابؓ کے ایک آدمی سے روایت ہے وہ

besturdubooks.wordpress.com

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ زَارَنِيْ مُتَعَمِّدًا كَانَ فِيْ جِوَارِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ سَكَنَ الْمَدِيْنَةَ وَصَبَرَ عَلٰى بَلَآئِهَا كُنْتُ لَهٗ شَهِيْدًا وَّشَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ مَّاتَ فِيْ اَحَدِ الْحَرَمَيْنِ بَعَثَهُ اللّٰهُ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتا ہے فرمایا جو شخص قصداً میری زیارت کرتا ہے قیامت کے دن میری ہمسائگی میں ہوگا جو مدینہ میں رہا اس کی تکلیفوں پر صبر کیا میں قیامت کے دن اس کا گواہ اور سفارشی ہوں گا جو دونوں حرموں میں سے کسی ایک میں فوت ہوا اللہ تعالیٰ اس کو امن والوں سے اٹھائے گا۔

۲۶۳۶/۲۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ مَرْفُوْعًا مَّنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِيْ بَعْدَ مَوْتِيْ كَانَ كَمَنْ زَارَنِيْ فِيْ حَيَاتِيْ۔

ابن عمرؓ سے روایت ہے فرمایا جس نے حج کیا میرے مرنے کے بعد میری قبر کی زیارت کی وہ ایسے ہے جیسے اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی۔

(رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

(روایت کیا ان دونوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں)

۲۶۳۷/۳۰ وَعَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ جَالِسًا وَّقَبْرٌ يُحْفَرُ بِالْمَدِيْنَةِ فَاطَّلَعَ رَجُلٌ فِي الْقَبْرِ فَقَالَ بِئْسَ مَضْجَعُ الْمُؤْمِنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِئْسَ مَا قُلْتَ قَالَ الرَّجُلُ اِنِّيْ لَمْ اُرِدْ هٰذَا اِنَّمَا اَرَدْتُّ الْقَتْلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا مِثْلَ الْقَتْلِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا عَلَى الْاَرْضِ بُقْعَةٌ اَحَبَّ اِلَيَّ اَنْ يَّكُوْنَ قَبْرِيْ بِهَا مِنْهَا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا)

یحییٰؒ بن سعید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے مدینہ میں ایک قبر کھودی جا رہی تھی ایک آدمی نے قبر میں جھانکا اور کہا مومن کی خواب گاہ بُری ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو نے بہت بُری بات کہی ہے اس آدمی نے نے کہا میرا یہ مطلب نہیں ہے میں نے اللہ کے راستہ میں قتل مراد لیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی راہ میں قتل ہونے کی مثال نہیں ہے مدینہ سے بڑھ کر میری طرف زمین کا کوئی ٹکڑا محبوب نہیں ہے کہ میری قبر اس میں ہو تین مرتبہ آپؐ نے یہ کلمات فرمائے۔ (روایت کیا اس کو مالک نے مرسل طور پر)

۲۶۳۸/۳۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِوَادِ الْعَقِيْقِ

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہا عمرؓ بن خطاب نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپؐ وادی عقیق میں تھے آپؐ نے فرمایا ایک آنے

besturdubooks.wordpress.com

يَقُوْلُ اَتَانِيْ اللَّيْلَةَ اٰتٍ مِّنْ رَّبِّيْ فَقَالَ صَلِّ فِيْ هٰذَا الْوَادِ الْمُبَارَكِ وَ قُلْ عُمْرَةٌ فِيْ حَجَّةٍ وَّفِيْ رِوَايَةٍ وَّقُلْ عُمْرَةٌ وَّحَجَّةٌ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

والا فرشتہ میرے رب کی طرف سے رات کو آیا ہے اس نے کہا اس مبارک وادی میں نماز پڑھ اور کہہ عمرہ حج میں ہے ایک روایت میں ہے کہ عمرہ اور حج۔ (روایت کیا اس کو بخاری نے)

تَمَّ الْجُزْءُ الْاَوَّلُ

بِعَوْنِهٖ سُبْحَانَهٗ

وَتَعَالٰی

پہلی جلد ختم ہوئی

# تصدیق صحت

مشکوٰۃ شریف مترجم اردو مطبوعہ تاج کمپنی کا عربی متن معہ اردو ترجمہ میں نے اوّل تا آخر دیکھا۔

الحمد للہ ترجمہ مطابق متن ہے۔ اور کتابت کی بھی کوئی غلطی نہیں ہے۔

فضل خالق عفا اللہ عنہ

فاضل جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی

و مصحح تاج کمپنی لمیٹڈ کراچی پاکستان